# مصباح اللغات

مکمل عربی اردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کا بہترین مجموعہ


مرتبہ


ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

استاذ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ



مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

www.kitabosunnat.com




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com




# مصباح اللغات

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

# مصباح اللغات

## مکمل عربی اردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کا بہترین مجموعہ

مرتبہ

ابو الفضل مولانا عبد الحفیظ بلیاوی

استاذ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com




جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر _____ ابوبکر قدوسی

اشاعت _____ جولائی 1999ء

مطبع _____ موٹروے پریس

MAKTABA QUDDUSIA
REHMAN MARKET GHAZNI STREET URDU BAZAR
LAHORE - PAKISTAN. Ph: 7351124 - 7230585
Fax: 92 - 42 - 7230585 Email: qadusia@brain.net.pk

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

**اَمَّا بَعْدُ!** تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کی طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو' ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا' لیکن اپنی کم مائیگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثناء میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی ' پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انہوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دُشوار کام ہے اُس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کر سکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہرحال مادری زبان نہیں ہے جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہرکیف اس احساس کے ساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے تاج العروس' جمھرۃ اللغۃ' اقرب الموارد' قاموس کتاب الافعال لابن قوطیہ' تاج اللغات' مفرداتِ امام راغب ' مجمع البحار' نھایہ ابن اثیر' منتھی الارب المنجد' صراح یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مُراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامن عفو سے چھپائیں اور ہو سکے تو مجھے اطلاع کر دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے' چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لیے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے مصباح اللغات تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دُشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہارِ تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کر چکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مدظلہ' نے دست گیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کر لیا' ایسے نازک اور امتحانی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اس کی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا' اس لیے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے' دہلی کے ۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرولباغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہو گیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا' تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہو گی اگر صدیق مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی وارد حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن ندوی صاحب کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے مؤخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہنچایا خُدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی غفرلہ


دارالعلوم ندوۃ العلماء ۔ بادشاہ باغ لکھنؤ

۱۰/ شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۸/ مئی ۱۹۵۰ء



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# مصباح اللغات کے رموز و اشارات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فا | سے مُراد اسم فاعل | مص | سے مُراد مصدر | (س) | سے مُراد باب سمع یسمع |
| مف | سے مُراد اسم مفعول | (ض) | سے مُراد باب ضرب یضرب | (ک) | سے مُراد باب کرم یکرم |
| ج | سے مُراد جمع | (ن) | سے مُراد باب نصر ینصر | (ح) | سے مُراد باب حسب یحسب |
| جج | سے مُراد جمع الجمع | (ف) | سے مُراد باب فتح یفتح | | |

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

## بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں :

(۱) تعدیہ : لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر : صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض : مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان : کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا : کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ : کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک : دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب : کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ : کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ : ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب : ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول : کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل : کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط : کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخیر : فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل : فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج : کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف : ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل : ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف : ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

**فائدہ۔** تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان : کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

**فائدہ۔** حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیرورت : کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب : کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت : صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب : ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(۲۶) قصر : اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج : فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت : کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ : کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت : ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت : کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ : کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ : ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک : دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

## باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء : جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق - مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ : جیسے اَعْرَقَ - عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر : جیسے اَشْرَكَ النَّعْلَ - اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ : جیسے اخرج - نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض : جیسے أَبَعْتُ الحمار - میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) صیرورت : جیسے اَحْصَدَ الزرعُ - کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت : جیسے اَلامَ الْفَرع - سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب : جیسے اَشْكَيْتُهُ - میں نے اس کی شکایت دُور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت : جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ - گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)

(۱۰) مبالغہ : جیسے اَتْمَرَ النخلُ - کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ : جیسے اَكْفَرْتُهُ - میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان : جیسے اَبْخَلْتُهُ - میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت : مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلته یعنی فسخته (۳۱)

## باب تفعیل

(۱) ابتداء : جیسے كَلَّمَ - اس نے کلام کیا (مجرد کلم - زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ : جیسے جلل الفرس - اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ : جیسے خَيَّمَ - وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل : جیسے نَصَّرَ - اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط : جیسے ذَهَّبَ - اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر : جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ - اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ : جیسے فَرَّحَنِيْ - اُس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) سلب : جیسے قَرَّدَ الْإِبِلَ - اُس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت : جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ - درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر : جیسے هَلَّلَ - اُس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ : جیسے جَوَّلَ - وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ : جیسے فَسَّقَنِيْ - اُس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

## باب مفاعلہ

(۱) اشتراک : جیسے قَاتَلَ زَيْدٌ عمرًا - زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد : جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔

موافقت اَفْعَلَ : جیسے بَاعَدْتُهُ بمعنی اَبْعَدْتُهُ

موافقت فَعَّلَ : جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

## باب تفعل

(۱) ابتداء : جیسے تَكَلَّمَ - اس نے کلام کیا (۵)

(۲) اتخاذ : جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ - اُس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)

(۳) تجنب : جیسے تَاثَّمَ - اُس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول : جیسے تَنَصَّرَ - وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل : جیسے تَخَتَّمَ اُس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج : جیسے تَجَرَّعَ - اُس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(۷) تکلف : جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔(۲۰)
(۸) صیرورت : جیسے تموَّل = وہ مالدار ہو گیا(۲۴)
(۹) مطاوعت فعل : جیسے علمته فَتَعَلَّمَ۔ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء : جیسے تَبَارَكَ اللّٰهُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اُونٹ کا بیٹھنا) (۵)
(۲) تشارک : جیسے تشاتما۔ دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔(۳۴)
(۳) تخیل : جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)
(۴) مطاوعت فاعل : جیسے بَاعَدْتُهُ فَتَبَاعَدَ۔ میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء : جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ)(۵)
(۲) لزوم و علاج : جیسے اِنْكَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت فعل : جیسے كَسَرْتُه فَانْكَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ : جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)
فائدہ = باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ : جیسے اِحْتَجَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۶)
(۲) تخییر : جیسے اِكْتَالَ الشَّعِيْرَ = اُس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف : جیسے اكتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)
(۴) مطاوعت فعل : جیسے غممته فاغتمَّ۔ میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)
(۵) طلب : جیسے اِكْتَدَّ فُلَانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)
(۶) موافقت فعل : جیسے اجتذب بمعنی جذب
موافقت تفاعل : جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ(۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب : جیسے استطعمته۔ میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت : جیسے استرقع الثوب۔ کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)
(۳) وجدان : جیسے استكرمته۔ میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔(۴)
(۴) حسبان : جیسے اِسْتَحْسَنْتُهُ۔ میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)
(۵) تحول : جیسے اِسْتَحْجَرَ الطين = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ : جیسے استوطن القریٰ۔ اس نے دیہاتوں کو وطن بنا لیا (۶)
(۷) تکلف : جیسے اِسْتَجْرَأَ۔ اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)
(۸) قصر : جیسے اِسْتَرْجَعَ۔ اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت افعل : جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ۔ میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد : جیسے قَرَّ واِسْتَقَرَّ(۳۱)
موافقت افعل : جیسے اَجَاب واِسْتَجَابَ(۳۱)
(۱۱) ابتداء : جیسے اِسْتَعَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ۔ رات بہت تاریک ہو گئی(۲۹)
فائدہ۔ اکثر یہ باب الوان و عیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ ابیضَّ اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِيْعَال

(۱) مبالغہ : جیسے اِخْدَوْدَبَ۔ بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)
(۲) موافقت مجرد : جیسے اِخْلَوْلَى التَّمْرُ بمعنی حَلَا(۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ : جیسے اِجْلَوَّذَ۔ وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِحْمَارَّ۔ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)
یہ باب الوان و عیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت : جیسے دَحْرَجْتُه فَتَدَحْرَجَ۔ میں نے اسے لڑھکا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دیا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

## مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم' مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زماں' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً :

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ' تجارۃ' حیاکۃ۔

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے غَلَیَان' جَولَان' خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل' ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نِئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمْرَۃ' رِزْقَۃ' خُضْرۃ۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً :

(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَۃ اور فَعَالَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَۃ' نَبَاهَۃ' فَصَاحَۃ۔

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ۔

(۳) فعل لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصْر۔

## غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفْعِلَۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ' قَدَّمَ تقدمۃ۔ اگر معتل اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنْبِئَۃ وقَطَّا توطِئَۃ' هَنَّأَ تهنئۃ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّٰی تحلیہ' زکی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا۔

فَاعَل کا مصدر فعال و مفاعَلَۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَۃً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَۃً کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرَۃً' یَامَنَ مُیَامَنَۃً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَۃً وَ یَوامًا شاذ ہے۔

اَفعَل کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَامًا اور اگر عین کلمہ میں حرفِ علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اماۃ' اماتۃ' اغاث اغاثۃ' اشار اشارۃ۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرفِ علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَاَنَّی' تَانِیًا' تعاضی تَعَاضِیًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَل کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا۔ انطلق اِنْطِلَاقًا' اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃً وَدِحْرَاجًا۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ إِفْعَنْلَلَ کا إِفْعِنْلاً إِفْعَلَّلَ کا إِفْعِلاَّل ہے جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ إِقْشَعَرَّ إِقْشِعْرَارًا۔

فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا

## مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر' مضرب' مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیئٌ' مَرْجِعٌ' مَسِیْرٌ' مَصِیْرٌ' مَشِیْبٌ' مَرْفَقٌ' مَقِیْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ' مَوْعِدٌ' مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر' مصطبر' مزدحم۔

## اسم مرۃ واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرَبَةً' جَلَسْتُ جَلْسَةً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اَلْتَفَتُّ الْتِفَاتَةً' انطلقتُ انْطِلاَقَةً۔ اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة' قاتلته مقاتلة' لا غیر وما التفت الیه الا التفاتة وَاجِبَةً اجابة فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد ومشی مِشْیَةَ الْمُخْتَالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسُنَ الانطلاقة' قبیح المعاشرة

## ظرفِ مکان و ظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَحٌ' مَسْمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجْزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْکِنٌ' مَنْسِكٌ' مَنْبِتٌ' مَسْقِطٌ۔

مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوْعِد' مَوْجِل' مَطْوِی' مرمی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مَدْخَلٌ۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ۔ جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة۔ جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة۔ جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

## اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاحٌ۔ مِفْعَلَةٌ جیسے مِکْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مِنْخُلٌ' مُدهُن' مکحلة' مدق' مُسْعُط' مَنَارَةٌ' مُشْطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوْم' سِکِّیْن' فاس وغیرہ۔

## اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقَبَّلٌ۔ مُکَرَّمٌ۔ مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ۔ اَفْلَحَ سے مَالِحٌ۔ اَیْفَعَ سے یَافِعٌ۔ اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّهٗ سے مَحْبُوْبٌ۔ اَجَنَّهٗ سے مَجْنُوْنٌ۔ حَمَّهٗ سے مَحْمُوْمٌ۔ اَزْکَمَهٗ سے مَزْکُوْمٌ۔ اَسَلَّهٗ سے مَسْلُوْلٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

## صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' کَرِیْمٌ' لَیِّنٌ' سَهل' صَعْبٌ' لقیان' غضبان' کسول' عطشی' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعرج' ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقیم

## اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آ سکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً۔ اشد استخراجًا۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد' حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَاكَ" میں اَخْصَرُ' اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "هابا لبادية انوا منه" میں انواء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرتِ استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

## اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں:

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ۔ نَصَّار۔ فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ وَفهامة۔ فعِیل جیسے صِدِّیق و سکِّیر۔ مفعیل جیسے مِسْکِیْنَ وَ مِعْطِیْر۔ مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام۔ فعلة جیسے ضحکة وضُجَعَةٌ۔ فَعَلٌ جیسے شَرَهٌ' وَحَذِرٌ۔ فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ' وَعَظِیْمٌ۔ فَعُوْلٌ جیسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



كَذُوْبٌ۔ وَدُوْدٌ۔ فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ ۔ فَعْلٌ جیسے غُفْلٌ۔ فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ۔ مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ۔ فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ۔ مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ' اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مھوان اھان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ۔ اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعَ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقَ۔ اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

## تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامہ' فَهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر' امراۃ نصیرۃ"۔ "جاء نصیر ونصیرہ"۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے "زید قتیل"۔ وانت المرأۃ جریحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب وحبیبة۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیٰی البتول' مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول وبتولۃ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ھذا رسول وتلک رسولة۔ وجاء رسل و رسولة۔

## مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة' الف مقصورہ جیسے عذریٰ' فضلیٰ' کُبریٰ' عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطٰی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اُخت' اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لیے کہ صدغ' مرفق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دُشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں :

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروىٰ' است' اصبع' افعیٰ' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جھنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحیٰ' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم' قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع۔

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' ہیف' حرور' سموم' صرصر' کبباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیھا وکذلک سائر اسمائھا الا الاعصار فانه مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں : ابط' ابہام' ازار' بلد' جراد' حال' ہانوت' خمر' درع' ذلو' روح' زقاق' سبیل' سریٰ' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' صحیٰ' طرس' طریق' عجز' عضد'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فہر' قدر' قفا' قمیص' کبد انسان' مسک' ملح' منجنیق' موسیٰ' نفس' وراء'
انہی کے ساتھ حروفِ تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

## تثنیٰ

تثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو تثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نونِ مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" ۔ رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو تثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب' ذواتا بعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامِ رامیان' داعِ داعیان ۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان۔ فتیٰ سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قھقرآن' خوزلان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قھقھریان' خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضرا سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو' اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواوان ۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لا لا سے لالاءان۔ قُرّاء سے قُرّاءان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں' ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان ۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابوٌ تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان' حموان' غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنۃ' ابن' اسم ہیں سنتان' ابنان' اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض' اجمع' جمعا' کل' اور عریب' دَیار' اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

## جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم' جمع مؤنث سالم۔

### جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین ومررت بِمُسلِمینِ"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اس محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحۃ باجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واونون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا' بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اضافت کریں گے مثلاً ذو مدعی کرب' ذوہ مطلب۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکور و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علاّمة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِّیُّوْنَ' اھلوُن' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سنون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات' مسلمة سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات' شجرة سے شجرات' امراة' شاة' قلة' أمَةٌ' مِلَّةٌ' شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات' مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حمی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سُرادقات' شملات' امہات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' قناصل' بطارکة' کراولة۔

تنبیہ :۔ اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلٌ اور فَعلَةٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرة تمرات۔ رَحْمَةٌ رَحَمَاتٌ۔

اور اگر فِعْلٌ یا فُعْلٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَةٌ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' حُجْرَةٌ سے حُجَرَات' حُجْرات' حُجُرات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَةٌ سے جَوزَات' بیعة سے بیعات

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیة سے رَمَیات اور رُقوة سے رُقَوات' رُقُوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہو گا۔ جیسے ضمَّة سے ضمَّات۔ عزَّة سے عزات۔

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسرہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْثٌ سے بُعُثٌ۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں : جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلة وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں :

اَفعَال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالٌ۔ اَفْعُل جیسے نہر سے انہر۔ اَفْعِلَةٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَةٌ۔ فِعْلَةٌ سے فعلة جیسے فتی سے فتیة۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع انانیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مُراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قناديل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایها الشُّيُوخُ لاَ تَكُوْنُوا كالفِتيَةِ۔ احفَظُوا اَنْفُسَكُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

## جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَةٌ کی جمع جیسے غُلْبَةٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُرَّة کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَةٌ کی جمع جیسے قِطعَةٌ کی جمع قِطَعٌ۔ لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلية کی جمع حلی۔ لحية کی جمع ۔لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' حندس کی جمع حنادس' اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارِج' اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعِل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف' رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) الفَاعِل الفعل (بتثلیث العین) کی جمع افَاعِل اِصبع کی جمع لحسے اصابع اُنملة کی جمع اَنامِل' اجدل کی جمع اجادل۔

(۷) الفاعيل الفعول اور الفعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اساليب اجوزة کی جمع اراجيز۔

(۸) فعاليل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطيس۔ عصفور کی جمع عصافير۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفعَلَة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مكنسة کی جمع مكانس۔

(۱۰) مفاعيل مَفاعيل اور مَفعِيل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتيح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

## اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رہط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو مجمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقہ ہے' ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروم۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوس۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام' رفقہ کی جمع رفق' نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع ارواح۔

### صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

### صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو' جیسے صادق صادقة' عالم' عالمة' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ سکران سے سکریٰ' ظمآن سے ظمیٰ لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں: البان' حبلان' خمصان' سخنان' صه جان' ضه جان' قشه ان'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مَصَّان' موتان' ندمان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانة' غضبان سے غضبی اور غضبانة۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء' اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لیے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کُرمٰی۔ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حُلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) فَعَّالَةٌ جیسے رَجُلٌ فَهَّامَةٌ' اِمْرَأَةٌ فَهَّامَةٌ۔

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ' امراةٌ مِفْضَالٌ اور مِقْدَامَة شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیل جیسے رجل مِعْطِیرٌ' امراةٌ مِعْطِیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِفْشَمٌ' اِمْرَأَةٌ مِفْشَمٌ۔

(۵) فُعْلَةٌ اور فُعَلَةٌ جیسے رجل ضُحْكَةٌ امراة ضحكة اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحكة۔ بہت ہنسنے والا۔ ہمزة۔ بہت عیب لگانے والا هُزَأَةٌ۔ بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غُلَامٌ قتیل' امراة قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوة شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمة سعیدة' عاقبة حمیدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراة عقیم' یُحیی العِظَام وهی رَمِیمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق' مرضع' حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فهِیَ مُرضِعَةٌ۔

## صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زُرْق' اَعرج کی عُرْج' اعمٰی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غِید' بِیض' هِیف' اِغید' اِبیض' ابیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاریٰ و حیاریٰ سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَةٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاة' رماة' غزاة کہ اصل ان کی دُعَوَةٌ رُمَیَةٌ غزیة ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' درد یا تَشَتُّتْ کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحی' صریع کی جمع صرعیٰ' شتیت کی جمع شتی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ — یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکیٰ۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ' فَعَلَةٌ' فُعَّل' فَوَاعِلُ' فُعَلاءُ اور اِفْعِلاء۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَة ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کتبة' ظالم کی جمع ظَلَمَةٌ۔

فَعَلَةٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سائقة' باعة' حائكة'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



صاغة کہ اصل میں صوغة' بیعة' حیکة' صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدٌ ساجِد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اُناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر' عَاقِر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر' کُبر۔ صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع الافاضلون

## نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخِذِیٌّ اور مَلِكٌ میں مَلِكِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو اصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ۔ فتی سے فَتَوِیٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمِیٌّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیٌّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لیے ہو خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبْلَّی اور ذِفْرِیٌّ کہا جائے گا اور واو سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِیٌّ۔ دُنْیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌّ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوِی۔ بیضاء سے بیضاوِی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قَاضِیٌّ۔ ماضٍ سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌّ' ماضَوِیٌّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلیٌّ' معتدی سے معتدیٌّ۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِیٌّ سے غَنَوِیٌّ۔ عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلة کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلة میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیْلِیٌّ۔ قصی سے قُصَوِیٌّ۔ قُلَیْلَةٌ سے قُلَیْلِیٌّ۔ اُمَیْمَةُ سے اُمَیْمِیٌّ۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوة سے قَلَنْسِیٌّ اور ترقوة سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیَوِیٌّ۔

اور اگر دوسری یاء واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واوٌ ہو جاوے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی وبنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنة کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واوٌ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌ۔ دمیٌ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویٌ اور بنویٌ کہنا جائز ہے اور ابنیٌ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنة سے سنوی' لغة سے لغوی اور زِنَةٌ سے وَزْنِیٌّ اور صِلَةٌ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی۔ عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے اباطیل و صنادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکة سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔ اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی' عبد الاشہل سے اشہلی' ابوبکر سے بکری عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین إبل سے عینی' إبلی وادی آش سی وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطیٌ' ذرحیًا سے ذریٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



## حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کے تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الف کبیر | اُلَائِیّ | حروراء | حَرُوْرِیّ | رَوحاء | رَوْحانیّ |
| اُمَیّہ | اُمَوِیّ | حرمین | حِرْمِیّ | رے | رَازِیّ |
| بادیَہ | بَدَوِیّ | حضرموت | حَضْرَمِیّ | رباب | رُبِیّ |
| بحرین | بِحرَانِیّ | خُزینة | خُزَینِیّ | سہل | سہلِیّ |
| بھراء | بَھْرَانِیّ | دَھر | دُھرِیّ | سلیقة | سَلِیقِیّ |
| تھامة | تھامِیّ یا تھَام | دَیر | دَیرَانِیّ | سلیمة الازد | سُلَیمِیّ |
| تیم اللات | تیمَلِیّ | داریًا | دَارَانِیّ | سُلَیمُ | سُلَمِیّ |
| ثقیف | ثَقَفِیّ | رب | رَبَّانِیّ | شام | شامِ |
| جمة عظیمة | جَمَّانی | رقبة عظیمة | رقبانِیّ | شعر کثیر | شعرانِیّ |
| جلیمة | جلمِیّ | رامھرمز | رامِیّ | صدر کبیر | صدرانِیّ |
| جلولاء | جَلْوَلِیّ | ردینه | رُدِیْنِیّ | صنعاء | صنعانِیّ |
| بنی الحبلی | حُبَلِیّ | روح | رُوحَانِیّ | طبیعة | طبیعِیّ |
| طیّی | طَائِیّ | فُقیم کنانه | فُقَیمِیّ | مرو الشاھجھانی | مَروَزِیّ |
| عمیرة کلب | عُمَیْرِیّ | فراھید | فُرھُودِیّ | امرؤالقیس | مَرْقِسِیّ |
| بنی عبیدہ | عَبَدِیّ | قویم | قُوَمِیّ | ھجر | ھَاجِرِیّ |
| عبد شمس | عَبشَمِیّ | قریش | قُرَشِیّ | ھُذَیْلٌ | ھُذَلِیّ |
| عبدالدار | عَبْدَرِیّ | کنت | کُنِیتِیّ | انباط | نُبَاطِیّ یا نباطِ |
| عبد قیس | عَبقَسِیّ | لحیة عظیمة | لُحیانِیّ | ناصرہ | نَصْرَانِیّ |
| عبداللّٰہ | عبدلِیّ | مُلیح خزاعة | مُلَحِیّ | یمن | یَمَانِ |

## تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب۔ عبد سے عُبَید۔ رُجَل سے رجیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعْفَر سے جُعَیْفَر۔ سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیلٌ کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِسٌ مضراب سے مُضَیْرِبٌ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائد تان ہو تو علامت ثانیت یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہو گا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرة کی تصغیر ثُمَیرَ' بشریٰ کی بشیری۔ سمرا کی سمیراء۔ سکران۔ سکیرَان۔ غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر لانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة۔ شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہو گا ظاہر نہیں کریں گے' مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیست نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسة کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اگر کلمہ میں حرفِ علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نییب ہوگی۔ اس لیے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واو' یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیَّ' دلو سے دُلَیَّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہو گی۔ اُبَیّ' اُخَیّ' ذُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی' تصغیر بُنَی ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وزینۃ وُعَیدَۃٌ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃٌ بُنَیَّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہو گی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جئے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہو گی کہ غُلَام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واو نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہو گی اور اگر مذکر لا یعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہو گی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبید اللہ ہو گی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معدیکرب۔ حضر موت کی تصغیر حضیر موت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکبِ اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ :

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔ ابحر' بحرکی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی' اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ دُرَیع۔ حریب۔ لعیل۔ عریس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونے چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد :

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف مُتَّصِل ہو جیسے باجمل' لافضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لیے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' وائذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس ہونس بِئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل ائذن" اور "ھذا الذی اؤ تمنت علیہ" اور ہمزہ متوسط متحرکہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ وکسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رءال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ کو اور یا دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بَقَاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائہ بقائہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے اخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ' شیئ فَیْ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے ھَیُؤَ' لَکَأَ' ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشاۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئۃٌ' لُؤلُؤۃٌ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے: خطیئۃ بَرِیئۃ قراءۃ' صلاءۃ' مُروءۃ' سُوءۃ۔

ابدال کے قواعد:

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائے گا۔ جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضوروب اور قَاتَلَ سے قُوتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ۔ ایسر۔ مُؤسِرٌ۔

اسی طرح اگر واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے مِوزان سے میزان۔ موعاد سے میعاد۔

واو یا یاء متحرک ہوں' اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں' جیسے قال' باع' بابٌ' نابٌ۔

لیکن اس قاعدے کے لیے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واو یاء فاکلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائدہ سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو۔ اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واو' یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واو کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں' جیسے طی' میّت مری کہ اصل میں طوی' میوت۔ مرموی تھے۔

واو یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء۔

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعالل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز۔ قلادہ سے قلائد' صحیفۃ سے صحائف۔

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واو یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں' جیسے اتقی' اتّسر۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں' جیسے ادّان' اذدکر' ازدان کہ اصل میں ادتان' ادتکر' ازتان تھے۔ اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اِذّکر اور اذّکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد ضاد' طاء' ظاء۔ واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں' جیسے اصطَبَرَ' اضطرب' اطّرد' اظطلم۔ اظطلم جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کرنا دونوں جائز ہے۔ اِظّلَمَ اور اِظّلَم دونوں کہہ سکتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

# عربی خطوط کے نمونے

خط ثلث

عاتب اخاك بالاحسان اليه وارددشره بالانعام عليه

خط نسخ

زيادة العقل على اللسان نعمة وفضيلة وزيادة اللسان على العقل بلية ورذيلة

خط فارسی

من سامح الايام طابت حياته وقلت احزانه ونعم باله

خط ریحان

استقلال الارادة والاكباب على العلوم والمعارف هما عاملان قويان في ترقي النشء يضمنان له النجاح

خط رقعہ

لاشئ امن من الحرية ولا سعادة اكبر من القيام بالواجب

خط دیوانی جلی

احترم الضعيف اذ يكون خزانة العدل والاشراف الاثمن القوي اذ يكون خزانة الظلم

خط دیوانی

مرتبه برأي فضل ومرتبه استعداد بذوي الفطرت سريع الارشاد

خط کوفی

فضل العاقل على الجاهل
كفضل النجم على السها

فضل العاقل على الجاهل كفضل النجم على السها (راقم خلیق ٹونکی)


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


# اشکالِ ہندسیہ


خط منحرف



خط مستقیم



خط منکسر


اضلاعِ مثلث


خطوط متوازیہ



زاویہ حادّہ



مثلثات



زاویہ قائمہ


مثلث متساوی الساقین


مثلث متساوی الاضلاع


منصف الزاویہ



زاویہ منفرجہ




مثلث قائم الزاویہ
۳-۲ وتر مثلث


اوپر: ہر دو زاویہ قائمہ
نیچے: حادّہ اور منفرجہ


زاویۂ (منجار)



۱-۷-۵ و ۵-۸-۳ = زاویۂ متناظرہ
۱-۷-۵ و ۵-۸-۴ = زاویۂ خارجۂ متبادلہ
۶-۷-۵ و ۵-۸-۴ = " داخلۂ متبادلہ
۱-۷-۶ و ۳-۸-۵ = " " متجانبہ
۱-۷-۵ و ۳-۸-۶ = " خارجہ متجانبہ




۳-۴ = قاعدۂ مثلث
۱-۲ = عمود مستقیم


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

# اشکالِ ہندسیہ





متوازی الاضلاع





شبہ المنحرف

۱-۲ و ۳-۴ = قاعدے

۱-۵ = بلندی




مُعَیَّن





۱- مرکزی نقطہ

۲-۴-۳ = قوس ۲-۳ = وترقوس





زاویہ ۲-۱-۳ = مرکزی زاویہ




۱-۲ = خطِ مُماس

۳-۴ = قاطعِ دائرہ





دائرہ


۱ = مرکزِ دائرہ

۲-۳-۵-۴ = محیطِ دائرہ


۳-۴ = قُطرِ محیط، ۱-۲ = نصفِ قطر





مُربّع





(مستطیل)





۲-۳ = قطرِ مستطیل




مخمس




مُسدّس





مُسبّع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.kitabosunnat.com

# اشکال ہندسیہ





شکل اہلیلجی

۱-۲ = محور اکبر ۳-۴ = محور اصغر




دائرۂ اہلیلجی بنانے کا طریقہ







شکل وخط حلزونی




ستون (عمود)




مخروط



شکل ہرمی




شکل بیضوی





خط افقی ۱-۲ =

خط عمودی ۳-۴ =




۲-۱-۳ = مرکزی زاویہ

مستوی ۲-۳ قطعہ دائرہ





مستوی ۱-۲-۳ = قطاع




نقشہ دنیا

۱ = قطب شمالی ۲ قطب جنوبی

۳-۴ = خط استوا




کرہ


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


# اشکالِ ھندسیہ




ہلال




مثلثِ مشور



مکعّب



فاؤن (آلۂ معمار)



ہدف (وسط میں)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ا

اَلْاَلِفُ۔ الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرفِ لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ' قَامَ' بَاعَ۔ مُتَحَرِّکَہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرَأْتَ؟ اَمَاقَرَأْتَ؟ اَلَمْ نَقْرَأْ؟ اَفِی الْبَیْتِ اَخُوْکَ؟

(۲) نداء قریب: جیسے اَزَیْدُ اَقْبِلْ (ای زیداً)

(۳) تسویہ: جیسے لَآ اُبَالِی اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ۔ حرفِ ندا ہے بعید کے لیے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب۔ اگست (رومی مہینے کا نام)

اَبَّ (ن) اَبًّا و اَبَابًا و اَبَابَۃً و اِبَابَۃً۔ اِلَیْہِ: مشتاق ہونا۔

اَبَّ (ض ن) اَبِیْبًا و اُبًّا و اَبَابًا و اَبَابَۃً آمادہ و تیار ہونا۔ و اَبَّ اَبَّۃً: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا۔

یدہ اِلَی السَّیْفِ: سونتنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

اَبَّبَ۔ چیخنا۔ چلانا۔

تَاَبَّبَ۔ بِہٖ: تعجب کرنا اور خوش ہونا۔ اِنْتَبَّ۔ تیار ہونا۔ مشتاق ہونا۔

اَلْاَبُّ۔ چراگاہ۔ تر یا خشک چارہ ج اُبُوْبٌ۔

اَلْاُبَابُ۔ پانی۔ چمکتا ہوئی ریت۔ سراب۔

اَلْاُبَابُ۔ بڑا سیلاب۔ موج دریا۔

اَبَاْبَاْہُ۔ بِالسَّھْمِ: تیر سے مارنا۔

اَبَتَ (ن ض) و اَبِتَ (س) اَبْتًا و اُبُوْتًا النَّھَارُ: سخت گرم ہوا۔ صفت اَبْتٌ و اَبِتٌ و آبِتٌ۔

تَاَبَّتَ۔ الجمرُ: بھڑکنا۔

اَبَتَۃُ۔ الْغَضَبِ: غصہ کی تیزی۔

اَبَتَہٗ و اَبَتَّ (ض) اَبْتًا۔ عَلَیْہِ: بادشاہ کے سامنے بُرا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

اَبِتَ (س) اَبَتًا۔ اونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور مدہوش سا ہونا۔

اَلْاَبِتُ۔ نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا۔

اَبْجَدُ۔ حروفِ تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں: ابجد' ھوز' حطی' کلمن' سعفص' قرشت' ثخذ' ضظغ' حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لیے مستعمل ہیں۔ ان حرفوں کی ترتیب اکائی' دہائی' سینکڑہ' ہزار پر ہے۔

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا۔ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

الشَّاعِرُ: غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا۔ الْحَیَوَانُ: جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا۔ جنگلی ہونا ـــــ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔

اَبَّدَہٗ۔ ہمیشہ رکھنا۔ ہمیشہ کرنا۔

تَاَبَّدَ۔ ابدی ہونا' جنگلی ہونا ـــــ الْمَکَانُ: مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ۔ زمانہ جمع آباد و اُبود۔ ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا' کہا جاتا ہے "لَآ آتِیہ اَبَدَ الْاَبِدِیْن وَالْآبِدِیْنَ وَاَبَدَ الْاٰبِدِ وَاَبَدَ الْآبَادِ وَاَبَدَ الدَّھْرِ الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

اَبَدًا۔ ظرفِ زمان ہے۔ مستقبل میں نفی و اثبات کی تاکید کے لیے آتا ہے جیسے "لَا اَفْعَلُہٗ اَبَدًا" میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا۔ "اَفْعَلُہٗ اَبَدًا" میں اس کو ہمیشہ کروں گا۔

اَلْاُبْدَۃُ۔ وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی' عجیب و نادر چیز۔ ج اُبَدٌ و اَوَابِد۔

اَلْاَوَابِدُ: وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ اَوَابِدُ الشِّعْرِ: بے مثال شعر: اَوَابِدُ الْکَلَامِ: نادر کلام۔

اَلْاِبْدُ و الْاَبْدُ۔ مِنْ اَمَۃٍ اَوْ اَتَانٍ: ہر سال جننے والی باندی یا گدھی۔

اَلْاَبْدِیُّ۔ جس کی انتہا نہ ہو۔

اَلْاَبَدِیَّۃُ۔ دوام جس کے لیے انتہا نہ ہو۔ آخرت۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا و اِبَارًا۔ اَلْعَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا ـــــ ہٗ: غیبت کرنا' خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ اَلزَّرْعَ: اصلاح کرنا اور گابھا دینا

اِبْتَبَرَ۔ اَلْبِئْرَ: کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَۃُ۔ سوئی' ٹُنک' چغلی' اِبْرَۃُ الْقَرْنِ: سینگ کا سرا۔ ج اِبَرٌ و اِبَارٌ۔ اِبْرَاتٌ۔

اَلْمِبْرُ و الْمِبْرَۃُ۔ سوئی دان ـــــ اَلْمِبْرَۃُ: چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

اَلْاَبَّارُ۔ سوئی بنانے والا۔ پیو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

اَلْاِبْرِیُّ۔ سوئی بیچنے والا۔

اَلْمَاْبُوْرُ۔ متہم۔

اَلْمِبْرَۃُ۔ چغلی' فساد انگیزی۔ ج مَآبِرُ۔

اَلْمُؤَبِّرُ۔ کھیت والا۔

اَلْاِبْرِیْزُ و الْاِبْرِیْزِیُّ۔ مِنَ الذَّھَبِ: خالص سونا۔

اَلْاِبْرِیْسَمُ و الْاِبْرِیْسَمُ۔ ریشم۔

اَلْاَبْرَشِیَّۃُ: پیشہ کا مذہبی حلقہ انتظام۔

اَلْاِبْرِیْقُ۔ لوٹا۔ ج اَبَارِیْقُ۔ چھاگل (معرب)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَبَزَ-(ض) اَبْزًا و ابْوَزًا-اَلظَّبْيُ: اُچھلنا-کودنا-صفت اَبِزٌ و اَبَازٌ و اَبُوْزٌ ـــــ بِصَاحِبِهٖ اَبْزًا: ظلم کرنا-

اَلْاِبْزِيْمُ و الْاِبْزَامُ-بکسر-ج اَبَازِيْمُ-

اَبْسَهُ (ض) اَبْسًا-ملامت کرنا-ڈرانا-ـــــ بِهٖ: نافرمان بنانا-فلاناً: قید کرنا-بدسلوکی سے پیش آنا-حقیر و ذلیل سمجھنا-

اَبْسَه-قید کرنا-بدسلوکی سے پیش آنا' شرم دلانا

اَلْاَبْس-قحط-خشک سالی-سخت جگہ-نرکھوا-

اَلْاِبْس-اصل بد-سخت جگہ-

اِمْرَأَةٌ اَبَّاسٌ: بدخو عورت-

اَبَّشَهُ (ن) اِبْشًا و اَبْشَةً-جمع کرنا

تَاَبَّشَ: اَلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا-

اَلْاَبَاشَةُ: مِنَ النَّاسِ: مخلوط جماعت-

اَلْاَبِشُ-کسی کے صحن اور دروازہ کو کھانے پینے کی چیزوں سے سجانے والا-

رَجُلٌ اَبَّاشٌ-کمانے والا مرد-

اَبِصَ (س) اَبَصًا-خوش ہونا-صفت اَبِص آبِصُ و اَبُوصٌ-

اَبَصَ (ن) اَبْصًا-اَلْبَعِيْرَ: اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا-

قَابَصَ الْبَعِيْرَ: اباض نامی رسّی سے باندھنا (دیکھئے الْاِباضُ) اَلْبَعِيْرُ: اباض نامی رسّی سے بندھا ہوا ہونا-

اَلْاَبْضُ-ج آباض-و اَلْمَأْبِضُ ج مآبِض: زانو کا اندرونی حصّہ-بند دست-

اَلْاَباضُ-اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسّی-

تَاَبَّطَ الشَّيْءَ: بغل میں لینا-

اِسْتَاْبَطَ الرَّجُلُ: اُوپر سے تنگ اور اندر سے چوڑا گڑھا کھودنا-

اَلْاِبْط-بغل (مذکر و مؤنث) ج آباط-اِبْطُ الْجَبَلِ: دامن کوہ-

اَلْاِبَاطُ-بغل میں لی ہوئی چیز-

اَبَقَ (س) و اَبَقَ (ن ض) اِبَاقًا و اَبَقًا-اَلْعَبْدُ: بھاگنا-صفت اَبِقٌ ج اُبَّقٌ و اُبَّاقٌ-

تَاَبَّقَ-چھپنا-اَلشَّيْءَ: انکار کرنا-اوپرا سمجھنا-

اَلْاِبَّقُ-بھنگ-بھنگ کا چھلکا-کتاں-

اَبِلَ (س) اَبَلًا و اَبَلَ (ن) اَبَالَةً-اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا-صفت اَبِل و آبِل ج اُبَّال-

اَبَلَ (ن) اَبَالَةً-راہب بننا-

اَبَّلَ-بہت اونٹوں کا مالک ہونا ـــــ

اَلْاِبِلَ: چھانٹ کر جمع کرنا-

تَاَبَّلَ-اَلْاِبِلَ: چھانٹ کر جمع کرنا-

اَلْاِبِلُ و الْاِبْل-اونٹ (مفرد کے لیے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال-

اَلْاُبُلَّةُ-قبیلہ-کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي اُبُلَّتِهٖ" وہ اپنے قبیلہ میں آیا-

اَلْاَبِيْلُ: ج آبال و اُبُل و الْاَبَايِيْلِيُّ و الْاَبَيْلِيُّ-راہب-

اَلْاِبَالَةُ-جماعت-مال کا بہترین انتظام-حسن سیاست ـــــ و الْاِبِيْلَةُ و الْاِبَالَةُ-گھاس یا لکڑی کا گٹھا-کہا جاتا ہے "ضِغْثٌ عَلٰى اِبَّالَةٍ" یعنی مصیبت بالائے مصیبت

اَلْاَبَابِيْل-فرقے-ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں طَيْرٌ اَبَابِيْل: غول کے غول پرندے-

اَلْمَابَلَةُ-بہت اونٹوں والی زمین-

اِبْلِيْس-شیطان کا علم جنس ج ابالِس و ابالسة-

اَبَنَه (ن ض) اَبْنًا-بِشَيْءٍ: عیب لگانا-تہمت رکھنا ـــــ الدَّمُ فِي الْجُرْحِ: کالا ہو جانا-

اَبَّنَهٗ-عیب لگانا-شرم دلانا-مردہ کے اوصاف و محاسن شمار کرنا ـــــ و تَاَبَّنَهٗ: پیچھے پڑنا-انتظار کرنا-

اِبَّانُ الشَّيْءِ: کسی چیز کی ابتداء-کسی چیز کا وقت-

اَلْاُبْنَةُ-عیب' کینہ' لکڑی کی گانٹھ ج اُبَنٌ اِبَانَةٌ-

اَلرَّجُلِ: سارے ساتھی-

اَلْاِبْن-بیٹا-

اَلْاَبِن-خشک کھانا-

اَلْاَبْنُوْس و الْاَبْنُوْس-ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی-

اَبَهٗ (ف) اَبْهًا-لَهٗ: تاڑ جانا-لَا يُؤْبَهُ لَهٗ: اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی-

اَبَّهَهٗ: خبردار کرنا-سمجھانا-

تَاَبَّهَ-عَلَيْهِ: تکبر کرنا-بڑا بننا-عَنْ كَذَا: اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا-

اَلْاَبَّهَةُ و الْاُبْهَةُ-بڑائی-غرور-نخوت-

اَبَا (ن) اِبَاوَةً و اُبُوَّةً و اُبُوًّا-باپ ہونا-اَلْيَتِيْمَ: پرورش کرنا-کہا جاتا ہے-"ابوته و امه": میں اُس کے لیے ماں باپ بن گیا-

اَبَّى-فُلَانًا: کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اُوپر اپنے باپ کو ندا کرتا ہوں-

تَاَبَّى-فُلَانًا: باپ بنانا-

اَلْاَبُ-باپ-وہ شخص جو کسی چیز کے لیے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو' اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو سے اور حالتِ نصبی میں الف سے اور حالتِ جری میں یا سے آتا ہے-تم کہتے ہو-"جَاءَ اَبُوْكَ' رَاَيْتُ اَبَاكَ وَمَرَرْتُ بِاَبِيْكَ" اور منادی کی صورت میں يَا اَبِيْ اور يَا اَبَتِ ج آباء و اَبُوْن-

اَبُوْ اَيَاس: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے طشتی وغیرہ-

اَبُوْ اَيُّوْب: اُونٹ-اَبُوْ الْاَبْزَد: گدھ-اَبُو الْاَسْوَد: چیتا-اَبُو الْاَصْبَغ: گدھ-اَبُو الْاَضْيَاف: میزبان-اَبُو بَرِيص: چھپکلی-اَبُو الْبَشَر: کنیت سیدنا آدم عليه السلام-ابو لقیف: سرکہ-اَبُو جَامِع: دسترخوان-اَبُو حُجَادَه: ٹڈی-اَبُو جَحَار: بجو-اَبُو جعران: گبریلا-ابو جَمِيل: ترکاری-اَبُو حَبِيب: بھنا ہوا بکری کا بچہ-اَبُو حُذَيج: لقلق-اَبُو حَذِر: گرگٹ-اَبُو الْحُصَيْن: لومڑی-ابو خالد: کتا-اَبُو خصيب: گوشت-اَبُو دَغفاء: بیوقوف-ابو رزين: ایک قسم کا حلوا-ابو رعلة: بھیڑیا-ابو زَاجِر: کوّا-اَبُو زُهْرَة: گیدڑ-اَبُو سُلَيمان: مرغ-ابو السرو: بجو-اَبُو عُذْرِ المرأة: شوہر-ابو عِسْلَة: بھیڑیا-ابو الْعَفَاء: گدھا-اَبُو عَقبة: سور-اَبُو الْعَلَاء: فالودہ-اَبُو عَمْرَه: افلاس' بھوک-اَبُو عَوْف: ٹڈی-اَبُو عَوْن: نمک-اَبُو غَزْوَان: بلی-اَبُو قِتْره: کنیت ابلیس اَبُو قَرْه: گرگٹ-اَبُو كَلَاة: زنبور-اَبُو لَاحِق: باز-اَبُو لُبَد: شیر-اَبُو مَالِك: بھوک' بڑھاپا' گدھ-اَبُو مثوىٰ: میزبان-اَبُو مِدْفَة: بھیڑیا-اَبُو مُرَّة: شیطان-اَبُو مَزْيَم: قاضی کا پیادہ-اَبُو

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْمِنْهَال: گدھ-اَبُو مَشْغُول: نرچیونٹی-اَبُو مَرِیْنا: مچھلی-اَبُو مُعَاوِیَہ: چیتا-اَبُو المنذِرْ: مرغ-اَبُو نَعِیْم: روئی-اَبُو الوَثَاب: عقاب اور بقول بعض ازی ہرن-اَبُو هُبَیْرَة: نر مینڈک-اَبُو الهَیْجَر: نر بجو-اَبُو یَحْیٰی: مَلَک الموت-اَبُو الیَقْظَان: مرغ-کہا جاتا ہے "لَا اَبَ لَكَ وَلَا اِبَاكَ وَلَا اَبَكَ" یہ جملے خبریہ ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں-مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور "بِاَبِی اَنْتَ" کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے اُوپر فدا ہو-

اَبِیَ (ف ض) اِبَاءً وَاِبَاءَةً وَتَاَبَّی-الشَّیْءَ: ناپسند کرنا-انکار کرنا-صفت اَبٍ ج آبون و اُبَاة وَاُبَاةٌ-

اَبِیَ عَلَیْهِ وَتَاَبّٰی: باز رہنا-خوددار ہونا-

اَبَاهُ اِبْبَاءً-الشَّیْءَ: خوددار بنانا-

الاَبِیّ-نفرت کرنے والا-رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا-

رَجُلٌ اَبَاءٌ-خوددار مرد-

تَاَبَّبَ وَاِئْتَبَّ: بے آستین والی قمیص پہننا-

الاِئْب: بے آستین والی قمیص-ج اَئوبٌ وَاَئْبٌ و اِئاب و آئاب-واِئَبُ الشَّعِیْرِ: جَو کا چھلکا-

اَئَابِک-امیر' سردار-اِس لفظ کا اطلاق اولاد سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا-

الاِئَاد: دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسّی-ج آئِدَہ واُئُد-

الاُتْرُجّ والاُتْرُنْج-لیموں-لیموں کا درخت-

اَتَلَ (ض) اَتْلًا و اَتَلَانًا و اَتَلًا-غصّہ کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا ـــــ مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا-

اَتَمَّ (ن) اَتْمًا-دو چیزوں کو جمع کرنا-بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا-تاخیر کرنا-

المَأْتَم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ-عموماً اس کا استعمال اس مجمع کے لیے ہوتا ہے جو اظہارِ غم کے لیے ہو-ج مآتِم-

الاَتَان: گدھی-ج اُتُن واُتُن و آتُن و اِسْتَاتِن-گدھی خریدنا-اور "كَانَ حِمَارًا فَاسْتَاتَنَ" کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب عزت تھا' ذلیل ہوگیا-

الاَتُون: حمام کا آتشدان-چونا بنانے کی بھٹی-ج اُتُنٌ و اَتَاتِین-

اَثَا (ن) اَثْوًا و اِثَاءً-الشَّجَرُ: پھل ظاہر ہونا-بہت پھل دار ہونا ـــــ بِهٖ وَ عَلَیْهِ: پھل خوری کرنا-

اَثْوَتُهٗ اِثَاوَةً: رشوت دینا-

اِثَاءُ الْاَرْضِ: زمین کی پیداوار-

الاَثَاوَةُ: خراج-رشوت-ج اَثَاوِیُ-

اَثٰی (ض) اِثْیًا و اَثْیًا و اِثَانَةً و مَاثَاةً-آنا-المَكَانَ: حاضر ہونا-الشَّیْءَ: کرنا ـــــ عَلَی الشَّیْءِ: پورا کرنا-نافذ کرنا-الرَّجُلَ: مرد کے پاس سے گزرنا ـــــ عَلَیْهِ الدهرُ: ہلاک کرنا-

اَثَّی تَاثِیَةً وَتَاثِیًا-الماءَ: پانی پینے کے لئے راستہ نکال دینا-

آثَاهُ مُوَاثَاةً وَعَلَی الشَّیْءِ: موافقت کرنا-

اَثّٰی اِثَاءً-فُلَانًا الشَّیْءَ: دینا-اِلَیْهِ الشَّیْءَ: بھیجنا ـــــ الرَّجُلَ: بدلہ دینا-

تَاَتّٰی-الاَمْرُ: تیار ہونا آسان ہونا ـــــ لِلْاَمْرِ: نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا

ـــــ مَعْرُوفه: درپے ہونا-

اِسْتَاثَی-الرَّجُلَ: آنے کی درخواست کرنا-سُست سمجھنا-

اَلْاَثِیّ والاَثَاوِیّ-اجنبی-مسافر-سیل-

اَثِیّ واَثَاوِیّ: اچانک آنے والا سیلاب-

المَاثِی والمَاثَاةُ: جہت-سمت-کہا جاتا ہے "اَتَی الْاَمْرُ مِن مَاثَاتِهٖ اَو مَاثَاتِهٖ" اس نے معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا-

اثّ (س ن ض) اَثًّا و اُثُوثًا و اَثَاثَةً-النَّبَاتُ والشَّعْرُ: گنجان ہونا-صفت (اَثٌّ وَاَثِیْث) ج اثاث-

اَثَّثَ-الفِرَاشَ: بچھانا-

تَاَثَّثَ-مال پانا-

الاَثَاثُ-سامان خانہ-سامان-

اَثَرَ (ن ض) اَثْرًا و اَثَارَةً و اُثْرَةً-الحَدِیْثَ: نقل کرنا-صفت مفعول (مَاثُوْرٌ) ـــــ ةٌ: اکرام و تعظیم کرنا-

اَثَّرَ (س) اَثَّرَ-یُفَعَّلُ كَذَا: کرنے لگا-لِلْاَمْرِ: پورے انہماک سے مشغول ہونا-عَلَیْهِ: پکا ارادہ کرنا ـــــ عَلَیْهِمْ: اپنے لیے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا-

اَثَّرَ فِیْهِ: اثر کرنا-

آثَرَهُ اِیْثَارًا: اکرام کرنا-چننا-فضیلت دینا-اَثَرَ كَذَا بِكَذَا: پیچھے لگانا-

تَاَثَّرَ وَانْتَثَرَ-فُلَانًا: لغزش قدم کی پیروی کرنا ـــــ مِنْهُ وَبِهٖ: اثر قبول کرنا-تم کہتے ہو "مَا تَاَثَّرَ اِلَیَّ اَثَرًا" اس نے میرے ساتھ کچھ بھی احسان نہیں کیا-

اِسْتَاثَرَ-بِالشَّیْءِ عَلَی الْغَیْرِ: اپنے لیے مخصوص کرلینا-

ـــــ اَللّٰهُ بِهٖ: وفات دینا-

الاَثَر: نشان-حدیث-سُنّت-مدت-ج آثار و اُثُوْر-عِلْمُ الْآثَارِ: پرانی یادگار چیزوں کا علم-کہا جاتا ہے "خَرَجَ فِی (اَثَرِ) وَفِی (اَثَرِ)" وہ اس کے بعد نکلا "وَعَلَی الْاَثَرِ" یعنی فوراً-

الاَثَرِیّ-ماہر آثارِ قدیمہ-

اَلْاَثَر والاُثُر-زخم کا نشان-آثار و اُثُور-

اَلْاَثَر-تلوار کا جوہر-ج اُثُور-

اَلْاَثَرَة-ج اُثَر و اَثَارَة-بقیہ علم-خاندانی و موروثی شرافت-

اَلْاَثَرَة-پسندیدگی-ترجیح-خود غرضی-

الاَثِیْر-تلوار کا جوہر-معزز-ج اُثَرَاء-فَرَسٌ-اَثِیْرٌ: گھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا-

الاَثِیْر: قدماء کے نزدیک بمعنی نواں-آسمان-اور علماء طبیعات کی اصطلاح میں ایتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے تموج سے گرمی بڑھتی اور آواز دور تک جاتی ہے-

حَدِیْثٌ مَاثُوْرٌ: وہ بات جو قرناً بعد قرن نقل ہوتی چلی آئے-اور اسی سے ہے "اَلسَّیْفُ الْمَاثُوْرُ" خاندانی تلوار-

المَاثَرَة' اَلْمَاثُرَة: عمدہ فعل-خاندانی و موروثی عزت-ج مَاثِر-

اَثَفَ (ن) اَثْفًا-پیچھے جانا' طلب کرنا-

اَثَّفَ تَاثِیْفًا-القدر: پائے پر رکھنا-

تَاَثَّفَ-الرَّجُلُ الْمَكَانَ: جم کے رہنا....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْقَوْمُ الْاَمْرَ عَلَيْهِ : اکٹھا ہونا۔
اَلْاُثْفِيَّةُ۔ دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔ ج۔ اَثَافِيُّ۔ ثَالِثَةُ۔ الْاَثَافِيُّ : پہاڑ کے ایک حصہ کو جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِالثَّالِثَةِ الْاَثَافِيِّ" اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔
اَثَلَ (ن) اُثُوْلاً وَ اُثُلَ (ک) اَثَالَةً۔ جڑ پکڑنا۔ صفت اَثِيْلٌ وَمُؤَثَّلٌ۔
اَثَّلَ۔ الْمَالَ : زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھہرانا۔ اَلْمَرْءَ تعظیم کرنا ـــــ الْمَجْدُ : مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔
تَاَثَّلَ۔ جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا ـــــ الْمَالَ : کما کر بڑھانا۔ اَلْبَيْتَ : کھودنا۔
اَلْاُثَلُ۔ جھاؤ کا درخت واحد اَثْلَةٌ ج اَثْلَاثٌ وَ اَثَالٌ وَ اُثُوْلٌ۔ کہا جاتا ہے "نحتَ اَثْلَتَه" اس نے اسے عیب لگایا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔
اَلْاَثْلَةُ وَالْاَثْلَةُ۔ گھریلو سامان۔ اصل سامان۔
اَلْاُثْلَةُ وَالْاَثَالُ وَالْاُثَالُ : موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔
اَثِمَ (س) اِثْمًا وَاَثَمًا وَاَثَامًا وَمَاثَمًا : گناہ کرنا۔ صفت۔ اَثِيْم ج اُثَمَاءُ وَاَثِمٌ ج اُثَمَةٌ۔
اَثَّمَ (ن ض) اَثْمًا۔ اللّٰهُ فُلَانًا كَذَا : گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔
اَثَّمَهُ : گناہ کی طرف منسوب کرنا۔
اَثْمَهُ : مبتلائے گناہ کرنا۔
تَاَثَّمَ : گناہ سے بچنا۔
اَلْاِثْمُ۔ ج آثام وَالْمَاْثَمَةُ وَ الْمَاثِمُ۔ ناجائز فعل۔ گناہ۔ جرم۔
اَلْاَثْمُ : بھیڑیا۔ جوا۔ شراب (آخری معنی کا ابوبکر نے انکار کیا ہے)
اَثَا (ن) اَثْوًا وَاِثَاوَةً وَاُثِيًّا (ض) اَثْيًا وَاِثَايَةً۔ پیٹ چقل خوری کرنا۔
تَاَثَّوْا وَ تَاَثَوْا : بادشاہ کے پاس مقدمہ لے جانا۔
اَلْمَاْثِيَةُ وَالْمَاْثَاةُ : چغل خوری۔
اَجَّ (ن) اَجِيْجًا : بھڑکنا۔ صفت۔ اَجَّاجٌ وَ اَجُوْجٌ۔ اَجُوْجًا۔ اَلْمَاءُ : کھاری ہونا۔
اَجَّجَ۔ اَلنَّارَ : بھڑکانا ـــــ عَلَى الْعَدُوِّ : دشمن پر حملہ کرنا۔
آجَّ۔ اَلْمَاءُ : کھاری ہونا۔
تَاَجَّجَ وَتَآجَّ وَانْتَجَّ : بھڑکنا۔ اِنْتَجَّ الْحَرُّ۔ تیز گرم ہونا۔
اَلْاَجَاجُ : بہت کھاری پانی۔
اَلْاَجَّةُ : گرمی کی شدت ج اِجاج ـــــ وَالْاَجِيْجُ : شور۔ چلنے کی آہٹ۔
اَجَدَهٗ وَاَجَدَّهٗ وَاَجَّدَهٗ : قوی کرنا۔ مضبوط کرنا ـــــ نَاقَةٌ اَجُدٌّ : مضبوط اونٹنی۔
اَلْاِجَادُ : جھوٹا طوق۔
اَلْمُؤَجَّد : مضبوط کیا ہوا۔ بِنَاءٌ مُؤَجَّد : مضبوط عمارت۔ ثَوْبٌ مُؤَجَّدُ النَّسِيْجِ : مضبوط بنا ہوا کپڑا۔
اَجَرَ (ض ن) اَجْرًا وَاِجَارَةً وَآجَرَ اِيْجَارًا الرَّجُلَ عَلٰى كَذَا : بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔
اَجَرَ (ن ض) اَجْرًا وَآجَارًا وَ اُجُوْرًا۔ اَلْعَظْمُ : جڑ جانا ـــــ اَلْعَظْمَ : جوڑنا۔
اَجَّرَ۔ اَلطِّيْنَ : پکانا۔
آجَرَ مُوَاجَرَةً۔ اَلرَّجُلَ : مزدور رکھنا۔
ـــــ اِيْجَارًا۔ اَلدَّاءُ فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ : کرایہ پر دینا۔ صفت کا صیغہ مُؤْجِرٌ بِكَسْرِ الْجِيْمِ ہے مُؤَاجِر نہیں۔
اِسْتَاْجَرَ : صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔ عَلَيْهِ بِكَذَا : اُجرت پر مزدور رہونا۔
اِسْتَاْجَرَ۔ اَلدَّارَ : کرایہ پر لینا ـــــ اَلرَّجُلَ : مزدور رکھنا۔
اَلْاَجْرُ۔ ثواب۔ ج اُجُوْرٌ وَ آجَار۔
اَلْاَجُرَّةُ : اینٹ۔ ج اَلْآجُرِّ۔
اَلْاُجْرَةُ۔ ج اُجَرٌ وَالْاِجَارَةُ : کرایہ۔ مزدوری۔
اَلْاَجِيْرُ : مزدور۔ نوکر۔ ج اُجَرَاءُ۔
اِجَّاصٌ : آلو بخارا۔ زرد آلو۔
اَجَلَ (ن) اَجْلاً۔ عَلَيْهِ شَرًّا : کسی کے خلاف شر اٹھانا۔
اَجِلَ (س) اَجَلاً۔ پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت اَجِل وَاَجِيْلٌ۔
اَجَّلَ۔ اَلشَّيْءَ : مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔
ـــــ اَلرَّجُلَ : درد گردن کا علاج کرنا۔
تَاَجَّلَ : پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔
اِسْتَاْجَلَ : مدت معین کرانا۔
اَجَلْ : ہاں۔
اَلْاَجَل : مدت۔ وقت۔ موت۔ ج آجال۔
اَلْاَجْل : سبب۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَجْلِكَ فَعَلْتُ هٰذَا" تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔
اَلْاِجْل : گردن کا درد۔ اَلْاِجْل : بیل گایوں کا گلہ۔ ج آجَالٌ۔
اَلْآجِلُ وَالْآجِلَةُ : دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔
اَجَمَ (ض) اَجْمًا : اَجِيْمًا وَ تَاجَّمَ۔ اَلتَّهَارُ : سخت گرم ہونا۔ تَاجَّمَ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا۔ تَاجَّمَ الْاَسَدُ : جھاڑی میں داخل ہونا۔
اَلْاَجَمَةُ : گنجان درخت۔ جھاڑی۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج اَجَم وَ اُجُم وَ اَجمات و جج آجام۔
اَلْاُجُم۔ قلعہ۔ ج آجَام۔
اَجَنَ (ن ض) اَجْنًا وَ اُجُوْنًا وَ اَجِنَ (س) اَجَنًا۔ اَلْمَاءُ : رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت۔ آجن وَ اَجِنٌ۔
اَجَنَ (ن) اَجْنًا۔ اَلثَّوْبَ : کپڑے کو دھونے کے لیے کوٹنا۔
اَلْاِجَّانَةُ : کپڑے دھونے کا ٹب ـــــ ج اَجَاجِيْن۔ تھالہ۔
اَلْمِسْجَنَةُ وَالْمِسْجَنُ : دھوبی کی موگری۔ ج مَآجِنُ۔
اَحَّ (ن) اَحًّا : ٹھانسنا۔
اَلْاُحَاحُ : پیاس۔ وَالْاُحِيْحَةُ : غصہ۔
اَحَدَ وَحَّدَ۔ اَلْمُتَعَدِّدَ : ایک کر دینا۔ اَلْعَدَدَ : ایک بڑھا دینا۔
اِتَّحَدَ : بہ۔ کٹھا ہونا۔ متفق ہونا۔ وَانْتَحَدَ : اکیلا ہونا۔
اِسْتَاحَدَ : اکیلا ہونا۔
اَلْاَحَد۔ ایک، اکیلا، یکتا۔ مؤنث اِحْدٰی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَحَدُ الْاَحَدِيْنِ" فلاں بے مثل ہے۔ اِحْدَى الْاَحَد : بڑا عجیب معاملہ۔
اُحَادُ۔ ایک ایک۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُا اُحَادَ وَ اُحَادَ اُحَادَ" یعنی وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْأَحَد :اتوار کادن-یک شنبہ-ج آحاد-
اُحُد : مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً کے قریب ایک پہاڑ کا نام-
اَلْأُحْدِيَّةُ :یکتائی-
اَحِنَ(س)اَحْنًا-پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا-
آحَنَ مُؤَاحَنَةً الرَّجُلَ : کسی سے دشمنی رکھنا-
اَلْإِحْنَةُ :کینہ ج احن-
اَلْأَجِيْجَةُ-دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا-
اَلْأُحْبُوْطُ والْأُخْطُبُوْط- جگنو کی قسم کا ایک کیڑا-
اَخَذَ(ن)اَخْذًا و تَأْخاذًا-لینا-ہ وَبِہٖ :پکڑنا-ہٗ بِذَنْبِہٖ : سزا دینا- مواخذہ کرنا- عَلٰی يَدِہٖ : کرنے سے روک دینا- مِنْ شَارِبِہٖ :چھانٹنا- کرنا- عَنْہُ : نقل کرنا- سیکھنا- علی نَفْسِہٖ : نگرانی کرنا- فِيْہِ الْخَمْرُ :اثر کرنا- يَفْعَلُ :کرنے لگنا- فِي كَذَا : شروع کرنا- اِخْذَہٗ و بِاخْذِہٖ : طریقہ اختیار کرنا- کسی کے اخلاق کو اپنانا-
اَخَّذَہٗ :جادو کرنا-
آخَذَہٗ مُؤَاخَذَةً :ملامت کرنا- عتاب کرنا- ہٗ عَلٰی ذَنْبِہٖ و بِذَنْبِہٖ :سزا دینا-
اِتَّخَذَ :کر دینا- بنا دینا- عاجز ہونا-
اِتَّخَذَہٗ وَتَخِذَہٗ (س) تَخْذًا- صدیقًا : دوست بنا لینا-
اِسْتَاخَذَ :درد کی وجہ سے سر جھکانا-
اَلْأُخُذ :آشوبِ چشم-
اَلْأُخْذَة :افسوں' منتر' درندوں کے شکار کے لیے گڑھا-
اَلْآخِذَة- بے حسی یا اعضاء کی پیوست-
اَلْإِخَاذَةُ- پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج اِخَاذَات و اِخَاذ ـــــ اِخاذ کی جمع اُخُذ و اُخَذ-
اَلْأَخِيْذ :قیدی- ج اُخْذٰی-
اَلْأَخِيْذَة :لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال' غصب کیا ہوا مال-
اَلْمَأْخَذُ :راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَآخِذ- اَلْمَآخِذ : پھندے' جال-

اَخَّرَ تَاخِيْرًا-ہٗ عَنْہُ :پیچھے کرنا-
تَاَخَّرَ وَاسْتَاخَرَ- پیچھے رہنا-
اَلْآخَر : غیر- ج آخَرُوْن مؤنث اُخْرٰی و اُخْرَاة ج اُخَر و اُخْرِيَات- بطور کنایہ بولتے ہیں "اَبْعَدَ اللّٰہُ الْآخَرَ" یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے-
اَلْأُخُر :پچھلا حصہ- کہا جاتا ہے "شَقَّ الثَّوْبَ اُخُرًا وَمِنْ اُخُر" اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا-
اَلْأُخَرَة : دیری- کہا جاتا ہے "جاء اَخَرة و بِاَخَرَة" وہ آخر میں آیا-
اَلْآخِر :پچھلا- ج- آخرون مؤنث اُخرٰی ج اُخْرِيَات- کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہ آخر الدھر و اُخرى اللَّيَالِيْ" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا-
اُخْرِيَاتُ الْجُنَيْنَة :باغ کا آخری حصہ-
اَلْآخِرَة و الْأُخْرٰى- دار البقا اور نسبت کے لیے اُخْرَوِيٌّ-
اَلْمُؤْخِر و الْمُؤْخِرَةُ ج مآخر و الْآخِرَة- مِنَ الْعَيْنِ : کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ-
مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ و مُؤَخَّرَتُہ و آخِرَتُہ- کجاوہ کا پچھلا حصہ-
اَلْمِنْخَارُ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا درخت جس کا پھل جاڑے کے آخیر تک باقی رہے- ج مَآخِير-
مُؤَخِّرُ-الشَّيْءِ :چیز کا پچھلا حصہ ـــــ
اَخَا(ن)اُخُوَّةً-ۃٌ :بھائی یا دوست بننا-
اَخِيَّ-لِلدَّابَةِ :اخیہ بنانا (دیکھئے لفظ آخیہ)
اَخِي اِخاءً و مُؤَاخَاةً و اِخَاوَةً-ۃٌ : بھائی یا دوست بننا-
تَاَخِّي-ۃٌ : بھائی بنانا- یا بھائی کہہ کے پکارنا-
تَوَخِّي :قصد کرنا-
تَآخَيَا :باہم بھائی بھائی ہونا-
اَلْأَخُ و الْآخُ و الْأَخُو و الْأَخُوُ :بھائی- ساتھی- دوست- تثنیہ- اَخَوان ج اِخْوَةٌ و اُخْوَة و اِخْوَان و اُخْوَانٌ و اُخْوُن و آخاء- اور بقول بعض الاِخوان اس اَخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور الْاِخْوَةُ اس اَخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے- اور نسبت کے لیے اَخَوِيٌّ و اَخِيٌّ-
اَلْأُخْت :بہن- ج اَخَوَاتٌ-
اَلْأَخِيَّةُ و الْآخِيَّة : رسّی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں- ج اَوَاخِيّ و اَخَايَا و اَوَاخٍ- کہا جاتا ہے شَدَّ اللّٰہُ بَيْنَكُمَا اَوَاخِيَ الْإِخَاءِ" اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے-
اَخِيُون :ناگ پھنی-
اَدَّ(ض ن) اَدًّا-ۃُ الْوَيْلُ : مصیبت کا اچانک آنا- اَلْأَمْرُ :بھاری اور دشوار ہونا-
ـــــ الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ :سفر کرنا-
تَاَدَّدَ- اَلْأَمْرُ: سخت و ہولناک ہونا- صفت اَدِيْد-
اَلْأَدِيْدُ :شور-
اَلْأَدُّ وَالْإِدَّة- سخت و دشوار کام- مصیبت ج اِدَادٌ و اِدَدٌ-
اَدُبَ (ک) اَدْبًا : زیرک و دانش مند ہونا- صاحب ادب ہونا- صفت اَدِيب ج اُدَبَاءُ-
اَدَّب (ض) اَدْبًا و آدَبَ اِيْدَابًا- دعوت کا کھانا تیار کرنا- اَدَبَہٗ و آدَبَہٗ دعوت میں بلانا- کہا جاتا ہے "اَدَبَهُمْ عَلَى الْأَمْرِ" اس نے ان سب لوگوں کو کام پر جمع کر دیا-
اَدَّبَ :مہذب بنانا- شائستہ بنانا- ادب سکھلانا- جرم پر سزا دینا-
تَاَدَّبَ- مہذب و شائستہ بننا- ادب سیکھنا- عَنْ فُلَانٍ : کسی کے اخلاق پر اُٹھنا- بِہٖ :اقتدا کرنا-
اِسْتَادَبَ- ادب سیکھنا-
اَلْأَدَبُ- اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو- زیرکی- خوش طبعی- ج آداب نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم و معارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر- کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آدابِ مجلس- آدابِ درس وغیرہ' علم ادب- وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے-
اَلْأُدْبَةُ و الْمَأْدُبَة و الْمَادُبَةُ : کھانا جو دعوت کے لیے تیار کیا جائے- ج مَآدِب-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَدِرَ (س) اَدَرًا۔ الرَّجُلُ : آماس خصیہ والا ہونا۔ صفت آدِرٌ۔

الْاُدْرَة والْاَدَرَة۔ آماس خصیہ۔

الْاُدَاف۔ آلہ تناسل۔ کان۔

اَدِلَ (ض) اَدْلًا۔ الجُرْحُ : کھرنڈ اُترنا۔ اللَّبَنَ : بلونا۔ البَابَ۔ : بند کرنا۔ (اقرب)

الْاِدْل۔ گردن کا درد۔ گاڑھا کھٹا دودھ۔

اَدَمَ (ض) اَدْمًا۔ الخُبْزَ : سالن لگانا۔ صفت مفعولی مَادُوْمٌ۔ اَدِیْمٌ۔

——— وآدَمَ اِیْدَامًا۔ بَیْنَ مُتَخَاصِمَیْنِ : صلح کرنا۔ اُلفت واتفاق پیدا کرنا۔

اَدَمَ (ن) اَدْمًا۔ اَھْلَہٗ : اپنے لوگوں کے لیے نمونہ بننا۔

اَدِمَ (س) اَدَمًا وادُمَ (ک) اُدْمَۃً۔ گندم گوں ہونا۔

اِئْتَدَمَ۔ سالن سے روٹی کھانا۔

الْاِدَام۔ ہر موافق ومناسب چیز۔ سالن۔ ج آدَام واُدُم۔

الْاُدْم۔ ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جاسکے۔

الْاُدْمَۃ والْاَدَم۔ چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِدَامُ قَوْمِہٖ واَدَمُ بَنِیْ اَبِیْہِ واَدَمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔

آدَم۔ سیدنا ابُو البشر آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم گرامی۔ افراد جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج اَوَادِم۔ نسبت کے لیے آدَمِیّ۔

الْاَدَم۔ گندم گوں۔ مؤنث اَدْماء ج اُدْم۔

الْاَدَّام۔ چمڑے کی تجارت کرنے والا۔

الْاَدِیْم۔ پکایا ہوا چمڑا۔ اَدِیْمُ النَّھَارِ : دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے : "ظَلَّ اَدِیْمَ النَّھَارِ صَائِمًا" وہ پورے دن روزہ سے رہا۔ اَدِیْمُ الضُّحٰی : چاشت کی ابتداء اَدِیْمُ اللَّیْلِ : رات کی تاریکی۔ والاَدِیْمُ مِنَ السَّمَاءِ اَوِ الْاَرْضِ آسمان یا زمین کا ظاہری حصہ۔ ج اَدَم واُدُم واُدْمَۃ واُدَامٌ۔

الْاُدْمَۃ۔ قرابت۔ وسیلہ۔ گندم گونی۔

اَدَا (ن) اُدُوًّا۔ الثَّمَرُ : پکنا ——— اللَّبَنُ : گاڑھا ہونا ——— اَدْوًا۔ اللَّبَنَ : بلونا۔ الرَّجُلَ : دھوکا وفریب دینا۔

تَادَّی وَتَآدَی۔ آلہ بنانا۔ تیاری کرنا۔ زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لیے اسباب مہیا کرنا۔

الْاَدَاۃ۔ آلہ۔ ج اَدَوَات۔

الْاِدَاوۃ۔ چمڑہ کا چھوٹا برتن۔ ج اَدَاوٰی۔

اَدّٰی (ض) اَدْیًا واَدَّی تَادِیَۃً۔ الشَّیْءَ : پہنچانا۔ ادا کرنا۔

آدَی اِیْدَاءً۔ تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ عَلَیْہِ : مدد کرنا۔

تَادَّی۔ لَہٗ مِنْ حَقِّہٖ : ادا کرنا۔ اِلَیْہِ الْخَبَرُ : پہنچنا۔

اِسْتَادٰی۔ فُلَانًا الْمَالَ : لینا۔ عَلَیْہِ : مدد چاہنا۔

الْاَدَاء۔ ادائیگی۔ پہنچانا۔

اِذْ۔ زمانہ ماضی کے لیے ظرف ہے اور اس کے بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی جملہ کو حذف کردیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے "مَتٰی جَاءَکُمُ الْمَوْتُ فَحِیْنَئِذٍ تَعْلَمُوْنَ" یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِیْءُ تَعْلَمُوْنَ۔ اور کبھی مفاجاۃ کے لیے آتا ہے جیسے "بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ" اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "ضَرَبْتُ اِبْنِیْ اِذْ سَاءَ" میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا۔ زمانہ مستقبل کے لیے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اِذَا اجْتَھَدْتَ نَجَحْتَ" جب تم کوشش کروگے تو کامیاب ہوگے۔ اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذَارُ وَاٰذَار۔ ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

الْاَذْرِیُوْن۔ سورج مکھی۔

اِذْمَا۔ حرف شرط ہے بمعنی ان۔ اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْمَا تَقُمْ اَقُمْ۔

اِذَنْ واِذًا۔ حرف جواب وجزا ہے۔ مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "اَزُوْرُکَ غَدًا" تو اس کے جواب میں تم کہوگے "اِذَنْ اُکْرِمَکَ"

اَذِنَ (س) اَذَنًا۔ اِلَیْہِ وَلَہٗ : کان لگانا۔ سننا۔ کہا جاتا ہے "حَدَّثْتُہٗ فَاَذِنَ لِیْ اَحْسَنَ الْاَذَنِ" میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

——— اِذْنًا واَذِیْنًا۔ لَہٗ فِی الشَّیْءِ : اجازت دینا۔ مباح کرنا ——— اِذْنًا واَذْنًا واَذَانًا واَذَانَۃً بِالشَّیْءِ : جاننا۔

اَذَنَہٗ (ن) اَذْنًا۔ کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

اُذِنَ۔ کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ اِیْذَانًا۔ فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ : جتلانا۔ آگاہ کرنا ——— الرَّجُلُ : کان پر مارنا ——— العَشْبُ : خشک ہونے لگنا ———

واَذَّنَ تَاذِیْنًا۔ بِالصَّلَاۃِ : اذان دینا۔

اَذَّنَ الْوَلَدَ : کان گرم کرنا۔

تَاَذَّنَ۔ قسم کھانا ——— لِاَمْرٍ : آگاہ کرنا۔ جتلانا۔ بِالشَّرِّ : ڈرانا۔ الْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ : امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

اِسْتَاذَنَہٗ : اجازت طلب کرنا۔ عَلَیْہِ : اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

الْاِذْن۔ اجازت علم' کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ بِاِذْنِیْ" اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا۔

الْاُذُن والْاُذْن : کان (مؤنث) ج آذَانٌ تصغیر اُذَیْنَۃ۔ آذَانُ الْفَارِ ——— الجَدْیِ و الْاَرْنَبِ و ——— الْفِیْلِ : مختلف حیوانات کے کان اُذُنُ الْکُوْزِ : ٹونٹی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْاٰذَانِ" فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے "ھِیَ اُذُنٌ ھُمَا اُذُنٌ ھُمْ اُذُنٌ" اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَاشِرًا اُذُنَیْہِ" وہ لالچ کرتا ہوا آیا و جَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْہِ" وہ غافل ہو کر آیا۔

الْاُذْنَہ : خواہش۔

الْاُذَان : خبردار کرنا۔

الْاَذُنُ والْاَذَانِیُّ : بڑے کان والا۔

الْاَذِیْن والْمُؤَذِّنُ۔ اذان دینے والا۔

الْاَذِیْنُ : سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

الْمِئْذَنَۃ : اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مآذِن۔

اَذِیَ (س) اَذًی واَذَاۃً : تکلیف پانا۔ صفت آذٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَذَی اِیْذَاءً۔ اَلرَّجُلَ : تکلیف پہنچانا۔
تَاَذّٰی۔ تکلیف اُٹھانا۔
اَلْاَذٰی وَالْاَذِیَّۃ وَالْاَذَاۃ۔ تکلیف، رنجش
اَلْاَذِیّ۔ تکلیف زدہ۔
اَلْاَذِیّ۔ سخت تکلیف پہنچانے والا۔ سخت تکلیف پانے والا۔
اَلْاَذِیّ : موج دریا۔ ج اَوَاذِیّ۔
اَرِبَ (س) اَرَبًا۔ ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ اَرِیبٌ۔ مؤنث اَرِیْبَۃٌ۔ اَرِبَ بِالشَّیْءِ : مشاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا ـــــ اِلَیْہِ : محتاج ہونا۔
اَلرَّجُلُ : کسی کے اعضا کا گر جانا عَلَیْہِ : قوی ہونا۔
اَرَبَ (ض) اَرْبًا۔ اَلْعُقْدَ : مضبوط گرہ لگانا
اَلرَّجُلَ : عضو پر مارنا۔
اَرُبَ (ک) اَرَابَۃً وَاِرْبًا۔ عقل مند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ وَاَرِبٌ۔
اَرَّبَ۔ اَلشَّیْءَ : مضبوط کرنا ـــــ اَلشَّاۃَ : ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔
اَرَّبَہٗ مُوَارَبَۃً۔ فریب دینا، دھوکا دینا۔ اَرَّبَ اِیْرَابًا۔ عَلَیْھِمْ : کامیاب ہونا۔
تَاَرَّبَ : بتکلف زیرک بننا ـــــ اَلْاَمْرُ : دشوار ہونا۔
اِسْتَاْرَبَ : مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا۔ قرض لینا۔
اَلْاَرَب : حاجت، ضرورت، انتہاء۔ ج اَرَابٌ۔
اَلْاِرْب : عضو۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ الذَّبِیْحَۃَ اِرْبًا اِرْبًا" یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا۔ ضرورت۔ ج اَرَابٌ۔
ـــــ وَالْاِرْبَۃ۔ چالاکی۔ حیلہ۔
اَلْاَرْب : انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔
اَلْاُرْب۔ چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔
اَلْاُرْبَۃ۔ گرہ۔ کتے کے گلے کا پٹہ ج اُرَب۔
اَلْاُرْبِیَّۃ : ران کی جڑ۔
اَلْاُرْبِیَان۔ جھینگا مچھلی۔
اَلْمَارَب وَالْمَارِبَۃ بتثلیث راء مَارِبَۃٌ : حاجت ج مَآرِبُ۔
اَلْاُرْثَۃ : گرگٹ کے سر کے بال۔
اِرْث : دیکھئے مادہ ورث۔
اَرَّثَ : بھڑکانا۔ بَیْنَھُمْ : فساد کی آگ بھڑکانا۔
تَاَرَّثَتِ : النَّارُ : بھڑکنا۔
اَلْاُرْثَۃُ وَالْاِرَاثُ : ایندھن۔
اَلْاِرَاثُ وَالْاِرَانَۃُ وَالْاِرِیْثُ : آگ۔
اَرِجَ (س) اَرَجًا وَاَرِیْجًا وَتَاَرَّجَ : خوشبو دینا، مہکنا۔ صفت اَرِجٌ۔ اَرِجَ النَّاسُ : رونے میں آواز بلند کرنا۔
اَرَجَ (ض) اَرْجًا۔ اَلْحَقَّ بِالْبَاطِلِ : حق میں باطل کی آمیزش کرنا۔
اَرَّجَ۔ اَلْقَوْمُ وَبَیْنَھُمْ : اُکسانا، ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت اَرَّاجٌ ـــــ اَلنَّارَ : روشن کرنا۔
اَلْاَرَّاجُ : بڑا جھوٹا۔
اَلْمُؤَرَّجُ : شیر۔
اَلْاُرْجُوَان : ایک پھولدار درخت کا نام۔ سرخ رنگ۔ سرخ رنگ کے کپڑے۔
اَرَّخَ تَارِیْخًا وَاَرَّخَ مُوَارَّخَۃً۔ اَلْکِتَابَ : تاریخ نکالنا۔
اَلتَّارِیْخ : وقت کا بیان کرنا۔ تَارِیْخُ الشَّیْءِ : کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت۔ ج تَوَارِیْخ۔
عِلْمُ التَّارِیْخ۔ ایسا علم جس میں حوادث وواقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔
اَلْاَرْخ : بیل۔ ج اُرُوْخ۔
اَلْاَرَخ۔ نیل گائے۔ واحد اَرْخَۃٌ۔ ج اَرَاخٌ وَاِرَاخٌ۔
اَلْاُرْخِیَّۃ : پہاڑی بکری کا بچہ۔
اَلْاِرْدَبُّ : ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس (۲۴) صاع غلہ آتا ہے۔
اَرَّ (ن) اَرًّا۔ اَلدَّابَّۃَ : جانور کو ہانکنا۔ دھتکارنا۔ دور کرنا اَلْمَرْاَۃَ : عورت سے جماع کرنا ـــــ اَلنَّارَ : آگ سلگانا۔ اَلسُّلْحَ : پائخانہ کرنا۔
اَرَّ (ف) اَرِیْرًا۔ اَلْمَاجِنُ : جوئے میں غلبہ کے وقت ارے رے رے کہنا۔
اَلْاِرَّۃ : آگ۔
اَرَزَ (ن ض ف) اَرْزًا وَاُرُوْزًا : سمٹنا سکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَارِزُ اِلٰی وَطَنِہٖ" فلاں ہر پھر کے اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے۔ اَللَّیْلُ : ٹھنڈی ہونا۔ صفت اَرِیْزٌ و آرِز و آرُوز۔ اور کہتے ہیں "بِتْنَا لَیْلَۃً آرِزَۃً یَا رُزَمَنْ فِیْھَا لِشِدَّۃِ بَرْدِھَا" ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گذاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑا جا رہا تھا۔ "وَاَرْزَتْ اَصَابِعُہٗ مِنَ الْبَرْدِ" اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑ گئیں "وَشَجَرَۃٌ آرِزَۃٌ" وہ درخت جو جڑ پکڑے۔
اَرِیْزُ الْقَوْمِ : قوم کا سردار۔
اَلْاُرْز۔ صنوبر کا درخت۔
اَلْاَرْزُ وَالْاُرْزُ وَالْاُرْزُّ وَالْاَرُزُّ۔ چاول۔ دھان۔
اَلْاَرُوْز۔ بخیل
اَرَسَ (ض) اَرْسًا وَاَرَّسَ۔ کاشتکار ہونا۔
اَلْاَرِیْس۔ کاشتکار۔ ج اَرِیْسُوْن۔
اَلْاِرِیْس۔ کاشتکار، بڑا کاشتکار ج اَرَارِسَۃٌ وَاَرَارِیْسُ وَاَرَارِس۔
اَلْاِرْس۔ پاکیزہ نسب۔
اَرَشَ (ن) اَرْشًا۔ ہٗ : بھڑکانا۔ دیت دینا۔
اَرَّشَ۔ بَیْنَھُمْ : فساد ڈالنا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف اُکسانا۔ اَلْحَرْبَ اَوِ النَّارَ : بھڑکانا۔
اَلْاَرْش۔ دیت۔ رشوت۔ ج اُرُوْش۔
اَرَضَ (ن) اَرْضًا وَاَرَضَ (ک) اَرَاضَۃً۔ اَلْمَکَانُ : سرسبز اور خوش منظر ہونا۔ صفت اَرِیْضٌ۔
اَرِضَتْ (س) اَرَضًا وَاُرِضَتِ۔ اَلْخَشَبَۃُ : دیمک خوردہ ہونا۔
اَرَّضَ۔ اَلْکَلَامَ وَغَیْرَہٗ۔ آراستہ کرنا۔ تیار کرنا۔
تَاَرَّضَ۔ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔ زمین میں جم کے رہنا ـــــ لِکَذَا : بوریے ہونا۔
اِسْتَاْرَضَ۔ اَلسَّحَابُ : زمین سے قریب فضا میں پھیل جانا۔
اَلْاَرْض۔ زمین۔ ج اَرَضُوْنَ و اُرُوض و اراضٍ و آراضٍ۔ زکام۔ جوڑی بخار۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا ابْنُ اَرْضٍ" ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا "اَرْضُ النَّعْلِ" جوتہ کی تلی۔
اَلْاَرَضَۃ۔ ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ دیمک۔ ج اَرَض۔
المَأرُوض۔ دیمک کھائی ہوئی لکڑی۔
الأَرضِیُّ ضَوکِیٌّ۔ زمین پر پھیلنے والا ایک خار دار پودا۔
الأَرطٰی۔ ایک درخت جس کا پھل عناب کی مانند سرخ ہوتا ہے۔
الأُرغُنُ وَ الأُرغَنُون۔ آرگن۔ ایک قسم کا باجہ
اَرَّفَ تَاریفًا: حد بندی کرنا۔ الحَبلَ: گرہ لگانا۔
أُرِفَ۔ عَلَی الأَرضِ: محدود کیا جانا۔
الأُرفَة۔ دو زمینوں کے درمیان حد فاصل علامت گرہ ج اُرَف۔
الأُرفِی۔ زمین کی پیائش کرنے والا۔ خالص دودھ۔ کہا جاتا ہے "ھو مَوارِفِی" یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد کے متصل ہے۔
اَرِقَ (س) اَرَقًا وَ اِرَقًا۔ رات میں نیند نہ آنا۔ صفت اَرِقٌ وَ آرِقٌ وَ اَرِقٌ وَ اُرُقٌ۔ آخر کا کلمہ اُس شخص کے لیے ہے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔
اَرَّقَهٗ تَارِیقًا وَ اَرَّقَهٗ اِیرَاقًا۔ بیدار رکھنا۔
اَلیَرَقَانُ وَالأُرقَانُ وَالإِرقَانُ وَالإِرقَان وَالأَرقَان وَالأَرَاق۔ یرقان۔ بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کھیت کو بھی ہو جاتا ہے۔
اَرَکَ (ن ض) اُرُوکًا۔ الجَمَلُ: بیلو کے پتے کھانا۔
اَرِکَ (س) اَرَکًا وَ اُرِکَ۔ الجَمَلُ: بیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔ اَرَکَ و اَرِکَ الجُرحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔
الأَرَاک۔ درخت بیلو۔ واحد اَرَاکَةٌ ج أُرُک و ارائک۔
الأَرِیکَة۔ آراستہ و مزین تخت۔ ج اَرَائِک وَ اَرِیک۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیمُ المَارُوكِ" وہ کریم الاصل ہے۔ اَرِیکَة: زخم کا اچھا ہونا۔
الأُرلَة۔ وہ چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹتے ہیں۔
اَرَمَّ (ض) اَرمًا۔ مَاعَلَی المَائِدَةِ: سب کچھ چٹ کر جانا ـــــ الأَرضَ: زمین میں جڑ و شاخ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ صفت مفعولی اَرمَاء۔ وَ مَارُومَة ـــــ الشَیءَ: جڑ سے ختم کر دینا ـــــ الرَّجُلَ: نرم مزاج بنانا۔ اَلحَبلَ: مضبوط بٹنا۔
الأُرَّم۔ داڑھیں۔ کہا جاتا ہے۔ یَحرُقُ عَلَیهِ الأُرَّمَ۔ وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیستا ہے۔ پتھر۔ انگلیوں کے کنارے۔ کنکریاں۔
اَلإِرَم وَالأَرِم۔ میدان میں رہنمائی کے لیے نصب کیے ہوئے پتھر۔ کہا جاتا ہے "مَابِهَا اِرَم اَو اَرِم" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام و اُرُوم۔
اَلأَرُومَة وَالأُرُومَة وَالأَرُوم۔ درخت کی جڑ۔ ج اُرُوم اور حسب کے لیے استعارہ استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "نَفَّشَ ذَاتَ اکرُومَة من اطیب اُرُومة" یعنی کریم النفس و کریم الاصل۔
اَلأُرمَة۔ نشانِ راہ۔ ج اُرَم۔
اَرِنَ (س) اَرَنًا وَ اَرِینًا وَ اِرَانًا۔ البَعِیرُ: نشاط میں آنا۔ صفت اَرِنٌ وَ اُرُنٌ۔
اَرَنَهٗ (ن) اَرنًا۔ دانت سے کاٹنا۔
آرَنَهٗ مُوَارَنَةً وَ اِرَانًا۔ مفاخرت کرنا۔
اَلإِرَانُ۔ تابوت۔ ج اُرُن۔ اَلإِرَان: تلوار۔
اَلإِرَان وَالمِرَّان۔ وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ ج مَآرِین۔
شَاةٌ اِرَانٌ۔ جنگلی بیل۔
اَلأُرنَة۔ ترپیر۔ اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لیے ڈالتے ہیں۔
اَلأُرزِین وَالأُرَانِی وَالأُرزِی۔ ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنا دیتا ہے۔
اَلأُرُونُ۔ زہر اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا۔
اَلأُرُوِیَّة وَالإِرُوِیَّة۔ پہاڑی بکرا (مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے)۔ ج اَرَاوِیّ وَ اَرَاوٍ وَ اَرْوِیّ۔
اَرِیَ (ض) اَرْیًا۔ اَلنَّحلُ: شہد بنانا۔
اَرِیَ (س) اَرًا۔ صَدرُهٗ عَلَیَّ: غضبناک ہونا۔
اَرَّی۔ اَلدَّابَةَ: جانور کے لیے تھان بنانا۔
ـــــ النَّارَ: سلگانا۔ بھڑکانا۔
تَأَرَّی۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا ـــــ عَنهُ: پیچھے رہ جانا۔
الأَرِی۔ شہد، کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔
الأَرِیَّة۔ جانور کا تھان۔
اَلإِرَّة۔ کوہان کی چربی۔
أَزَّتْ (ن ض) اَزًّا وَ اَزَازًا وَ اَزِیزًا۔ القِدرُ: جوش مارنا۔ سنسنانا ـــــ القِدرَ وَبِهَا: جوش دینے کے لیے آگ جلانا۔ اَزَّ عَلَی کَذَا: بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔ الشَیءَ: جمع کرنا۔
تَأَزَّزَ۔ اَلمَجلِسُ: اہل مجلس کا مضطرب ہونا۔
اسم الآلۃ ہے۔
اَلأَزُّ۔ پھوڑے وغیرہ کا درد۔
اَلأَزِیزُ۔ بادل گرج۔ دیگ کی سنسناہٹ۔ سردی۔
اَزَبَ (ض ن) اَزْبًا۔ اَلمَاءُ: جاری ہونا۔
اَلإِزَبُ۔ لئیم۔ پست قد۔ چالاک۔
اَلأَرَبُ وَالأَزِیب۔ لمبا۔
اَلمِئزَابُ۔ پرنالہ۔ بدرو۔ پانی بہنے کی جگہ۔ نابدان۔ ج مَآزِیب۔
الأَزبَة۔ شدت و قحط۔
اَزِجَ (ض) اَزْجًا۔ فِی مَشیِهٖ: تیز چلنا۔
اَزَحَ (س) اَزْحًا۔ اَلعُشبُ: گھاس کا طویل ہونا۔
اَزَحَ (ن) اَزْحًا۔ عَنِّی: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔
اَزَّجَ۔ اَلبَیتَ: لمبا بنانا۔
اَلأَزَج۔ لمبا مکان۔ ج آزُجٌ وَ آزَاجٌ وَ اَزَجَة۔
اَلأَزِج۔ ناز و انداز سے چلنے والا۔
فَرَسٌ اَزُوجٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
اَزَحَ (ض) اُزُوحًا وَ تَأزِیحًا۔ دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔ صفت اَزُوح۔ اَزَحَتْ قَدَمُهٗ: پھسلنا۔
اَلأَزدَرَخت وَالأَزَادَرخت۔ ایک درخت کا نام ہے۔
اَلأَزَاذ۔ ایک قسم کی کھجور۔
اَزَرَ (ض) اَزْرًا۔ بِالشَیءِ: احاطہ کرنا۔ اَلنَّبَاتُ: گھنا جانا۔
وَ اَزَّرَ۔ فُلَانًا: قوی کرنا۔ اَزَّرَهٗ: ڈھانپنا۔
آزَرَهٗ مُوَازَرَةً۔ مدد دینا۔ غم خواری کرنا۔
تَأَزَّرَ وَاتَّزَرَ وَائتَزَرَ۔ ازار پہننا۔ تہ بند باندھنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْاَزْر- قوت- پیٹھ' کہا جاتا ہے "شَدَّ بِهٖ اَزْرَهٗ" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی اور اسی سے قرآن میں ہے "اُشْدُدْ بِهٖ اَزْرِیْ" یعنی اس کے ذریعہ مجھے قوت دے-

اِلْاِزْر- جز- تہبند-

اَلْاَزْر- تہ بند باندھنے کی جگہ-

اَلْاِزْرَة- تہ بند باندھنے کی ہیئت- کہا جاتا ہے "لِكُلِّ قَوْمٍ اِزْرَةٌ یَا تَزِرُوْنَهَا" یعنی ہر ملک و ہر رسے-

اَلْاِزَار- ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے- چادر- پاکدامنی- تہبند- پشتہ دیوار- ج آزِرَة و اُزُر-

اَلْاِزَارَة- تہبند-

اَلْمِئْزَر وَالْمِئْزَرَة- تہبند- ج مآزر- کہا جاتا ہے "شَدَّدَ لِلْاَمْرِ مِئْزَرَه" جب کہ مستعدی ظاہر کرے- "نَصْرٌ مُؤَزَّرٌ" پوری مدد-

اَزَفَ (س) اَزْفًا و اُزُوْفًا- قریب ہونا-

اَلرَّجُلُ :جلدی کرنا- اَلْجُرْحُ :زخم بھر جانا-

اَزَّفَهٗ اِیْزَافًا- جلدی کرانا-

تَاَزَّفَ- اَلرَّجُلُ :پست قد ہونا- بد خلق ہونا-

تَاَزَّفَ- قریب قریب قدم رکھنا ـــــ اَلْقَوْمُ :بعض کا بعض سے قریب ہونا-

اَلْاَزَف- تنگی و بدحالی اور اسی سے ہے- "فِیْ عَیْشِهٖ اَزَفٌ" اس کی زندگی تنگ ہے-

اَلْآزِفَة- قیامت کا دن-

اَلْاَزَفِی- تیز قدی و چستی "یَمْشِی الْاَزَفٰی" وہ تیز چلتا ہے-

اَلْمَازِفَة- پاخانہ- ج مَآزِف-

اَلْمَزَاوَة وَالْمُتَازِفَة- چھوٹا توشہ دان-

مَكَانٌ مُتَازِفٌ- تنگ جگہ- رَجُلٌ مُتَازِفٌ : پست قدمرد-

اَلْمُتَازِف- تنگ دل و بدخو مرد-

اَزِقَ (ن ض) اَزْقًا و آزِق (س) اَزَقًا و تَاَزَّقَ- تنگ ہونا-

اَلْمَازِق- تنگ جگہ- میدان جنگ- ج مَآزِق-

اَزَلَ (ض) اَزْلًا و تَاَزَّلَ- تنگی و سختی میں پڑنا- صفت اَزِلٌ- اَزَلَهٗ :روکنا- باز رکھنا-

اَلْاَزْل- بلا و مصیبت- جھوٹ-

اَلْاَزَل- ہمیشگی- وہ زمانہ جس کے لیے ابتدا نہ ہو-

الْاَزَلِیّ- قدیمی- وہ ذات جس کے وجود کی ابتداء نہ ہو-

اَلْمَازِل- تنگ جگہ-

اَزَمَهٗ (ض) اَزْمًا و اُزُوْمًا- دانت سے کاٹنا-

اَلْحَبْلَ : رسی کو مضبوط بٹنا ـــــ اَلدَّهْرُ عَلَیْهِ : سخت ہونا- بِصَاحِبِهٖ :ہمیشہ ساتھ ساتھ رہنا- عَنِ الشَّیْءِ : رکنا- عَلَیْهِ ـــــ : محافظت کرنا- اَلْبَابَ :دروازہ بند کرنا-

تَاَزَّمَ- اَلْقَوْمُ : تنگی اور قحط سالی لاحق ہونا- زمانہ کی سختی سے دوچار مند ہونا-

اَلْآزِمُ وَالْآزِمَة وَالْاَزُوْم- کچلی- نوکدار دانت ج اُزُم و اَوَازِم و اُزُم- اَلْآزِم :پرہیز کرنے والا-

اَلْاَزْم- پرہیز- کہتے ہیں "اَصْلُ كُلِّ دَوَاءٍ اَلْاَزْمُ" ہر دوا کی جڑ پرہیز ہے- اَلْاَزْم :قوت-

اَلْاَزْمَة وَالْآزِمَة- سختی و تنگی- قحط- ج اِزَم وَاَزْم و اَزَمَات وَ اَوَازِم- اَلْاَزْمَة : دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا-

اَلْمَازِم- تنگ جگہ- میدانِ جنگ ج مَآزِم-

اَلْآزُوْمَة- سخت قحط کا سال-

آزَى مُوَازَاةً- اَلرَّجُلَ : ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا-

تَآزَى تَآزِیًا- اَلْقَوْمُ :باہم قریب ہونا-

تَاَزَّى- عَنْهُ :مڑنا-

اِزَاءٌ- مقابل- سامنے- کہا جاتا ہے "جَلَسَ اِزَاءَهٗ وَ بِاِزَائِهٖ" وہ اس کے مقابل بیٹھا- اِزَاءُ الْاَمْرِ : کام کا منتظم- اور کہا جاتا ہے "هُمْ اِزَاؤُهُمْ" وہ لوگ ان کے مماثل ہیں-

اَسَّ (ن) اَسًّا- اَلدَّارَ :بنیاد رکھنا-

ـــــ بَیْنَ النَّاسِ :فساد پھیلانا-

اَسَّسَ :اَلْبَیْتَ :بنیاد رکھنا-

اَلْاَسّ وَالْاِسّ وَالْاُسّ- ج اَسَاس

وَالْاَسَاس وَالْاُسّ وَالْاُسّ ج اُسُس و آسَاس : بنیاد- کسی چیز کی ابتداء- اَلْاَسّ : چولھے میں تھوڑی راکھ-

اَلْاَسَّاس :چغل خور-

اَلْاِسْب :زانو کے بال- اندامِ نہانی کے بال- دُبر کے بال- ج آسَاب-

اِسْبَانَاخ و اِسْفَانَاخ- پالک-

اِسْبِیْدَاج و اِسْفِیْدَاج- سفیدہ کاشغری-

اَلْاِسْت : جڑ- بنیاد- سرین-

اَلْاُسْتَاذ : معلم- مدبر- عالم- ج اَسَاتِذَة و اَسَاتِیْذ- اور تاجروں کی اصطلاح میں حسابات کا جنرل رجسٹر-

اَلْاِسْتَار :فِی الْعَدَدِ :چار ـــــ فِی الْوَزْنِ : ساڑھے چار مثقال- ج اَسَاتِیر- (جدید)

اَلْاِسْتَبْرَق :موٹا ریشمی کپڑا- ریشم اور سونے کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا-

اَسَدَ (ض) اَسْدًا وَاَسَّدَا و اَسَدَ اِیْسَادًا- اَلْكَلْبَ بِالصَّیْدِ : آکسانا- برانگیختہ کرنا- اَسَدَ بَیْنَ الْقَوْمِ :فساد انگیزی کرنا-

اَسِدَ (س) اَسَدًا- شیر کو دیکھ کر دہشت کھانا- اخلاق میں شیر کی طرح ہونا ـــــ عَلَیْهِ : جرأت کرنا-

تَاَسَّدَ و اِسْتَاسَدَ- شیر کی مانند ہونا-

ـــــ عَلَیْهِ :جرأت کرنا- وَاِسْتَاسَدَ النَّبْتُ : انتہائی لمبا ہونا-

اَلْاَسَدُ- شیر- نر و مادہ دونوں کے لیے مستعمل ہے- کہا جاتا ہے- "هُوَ الْاَسَدُ- هِیَ الْاَسَدُ" ج اُسُد و اُسُوْدٌ و اُسْد و آسُد و آسَاد- جنگل کے شیر- اور شیرنی کو لَبُوْءَة کہتے ہیں-

دَاءُ الْاَسَدِ :کوڑھ-

اَلْمَاسَدَة- شیر کے رہنے کی جگہ- یا وہ جگہ جہاں شیر بہت ہوں- ج مَآسِد-

اَلْاُسَادَة :تکیہ-

اَسَرَهٗ (ض) اَسْرًا و اِسَارَةً : تسمہ سے باندھنا-

اَسَرَهٗ اَسْرًا و اِسَارًا و اِسْتَاسَرَهٗ :قید کرنا-

تَاَسَّرَ :عَلَیْهِ ـــــ دیر لگانا-

اِسْتَاسَرَ- قیدی بننے کے لیے اپنے آپ کو حوالہ کرنا-

اَلْاَسْر- مہ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَكَ بِاَسْرِهٖ" یہ کل تمہارے لیے ہے-

اَلْاِسَار : تسمہ' بایاں-

اَلْاُسْر- پیشاب کا رکنا-

اَلْاُسْرَة- خاندان- مضبوط زرہ- ج اُسَر-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْاَسِیْر : قیدی- ج اُسْرٰی واُسَرَاء واُسَارٰی واَسَارٰی-
اَلْاَسَر-شیشہ-
اَلْاُسْرُب والْاَسْرُوْب والْاُسْرُب-سیسہ-
اَلْاِسْطَبْل :اصطبل-ج اسْطَبْلَات-
اَلْاَسْطُرْلَاب :ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں-
اَلْاَسْطَقِس وَالْاِسْطَقِس-اصل وعنصر مادہ- ج اسطقسات- : قدماء فلاسفہ کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں-
اَلْاُسْطُوْرَة-قصہ-کہانی-ج اَسَاطِیر-
اَلْاُسْطُوْل-جنگی جہازوں کا بیڑہ-ج اَسَاطِیل-
اَلْاُسْطُوَانَة :ستون-کھمبا-جانور کی ٹانگ-ج اَسَاطِیْن- کہا جاتا ہے "هُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانے کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں-
اَسِفَ (س) اَسَفًا- عَلَیْهِ : غمگین ہونا- افسوس کرنا-صفت آسِفٌ-
آسَفَهُ اِیْسَافًا :غضبناک کرنا-غمگین کرنا-
تَاَسَّفَ- افسوس کرنا- تَاَسَّفَتْ یَدُهُ : پھٹ جانا- کہتے ہیں "یَا اَسَفٰی وَیَا اَسَفَا عَلٰی کَذَا" مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے-
اَلْاَسُوْف : جلدی غمگین ہونے والا- نرم دل-
اَلْاَسِیْف :غمگین-وہ شخص جو موٹا نہ ہو تا ہو- ج اُسَفَاءُ مؤنث اَسِیْفَةٌ- اَلْاَسِیْفُ : قیدی- حدیث میں ہے "لَا تَقْتُلُوا عَسِیْفًا وَلَا اَسِیْفًا" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو-
اَرْضٌ اَسِیْفَةٌ وَاُسَافَةٌ : وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو-
اَلْاَسَافَة :افسوس-زمین کی نرمی-
اَلْاَسِیْفَة :باندی-
اَلْاِسْفَنْج :اسفنج-واحد اِسْفَنْجَة-
اَلْاِسْفَنْد :سفید رائی-اسپند-
اَلْاِسْقَنْقُوْز وَالسَّقَنْقُوْر :ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور گرکٹ سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے-
اَلْاِسْکَلَة : بحر روم کی ہر بندر گاہ- ج اَسَاکِل-

اَسَلَ (ک) اَسَالَةً واَسِلَ (س) اَسَلًا- نرم' ہموار' لمبا وملائم ہونا- صفت اَسِیْل مؤنث اَسِیْلَةٌ-
اَسَّلَ-اَلرُّمْحَ : تیز کرنا-انی کی مانند بنانا-
تَاَسَّلَ-هٗ :اخلاق وعادات میں مشابہ ہونا- کما جاتا ہے "هُوَ عَلٰی آسَالِ مِنْ اَبِیْهِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے-آسال کا مفرد نہیں آتا-
اَلْاَسَل- پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات' واحد اَسَلَةٌ- تیزی اور ہر تیز اور پتلی تلوار اور چھری-
اَلْاَسَلَةُ :زبان کی نوک-ذراع کا باریک حصہ-
اَلْاِسْم :دیکھئے مادہ س م و-
اُسَامَة :شیر کا علم جنس-
اَسَنَ (ن ض) اَسْنًا واُسُوْنًا واَسِنَ (س) اَسَنًا وتَاَسَّنَ- المَاءُ : متغیر ہونا- بدبودار ہونا- صفت اٰسِن- تَاَسَّنَ وُدُّهٗ :بدل جانا- تَاَسَّنَ اَبَاهُ : باپ کے اخلاق اختیار کرنا-
اَسِنَ (س) اَسَنًا- اَلرَّجُلُ : سڑے ہوئے پانی والے کنوئیں میں داخل ہونے سے بیہوش ہونا یا سر چکرانا-صفت اٰسِن-
اَلْاُسُن :چربی کا بقیہ-جو آسان-الاسان : آثارِ قدیمہ- آسَانُ الثِّیَابِ : کپڑے کے بوسیدہ اور پھٹے ہوئے حصے-
اَلْاِسْن :رسی کی لڑی-ج اُسُوْنٌ-
اَسَا (ن) اَسْوًا واَسًا-اَلْجُرْحَ :علاج کرنا-
_____ اَلرَّجُلَ : تسلی دینا-صفت مفعولی اَسِیٌّ-
وماسَوَّ _____ بَیْنَهُمْ : صلح کرانا-هٗ بِفُلَانٍ : کسی کو کسی کے لیے نمونہ قرار دینا-
اَسَّی تَاسِیَةً-اَلرَّجُلَ :علاج کرنا- تسلی دینا-مدد کرنا-
اَسٰی مُوَاسَاةً-اَلرَّجُلَ فِی مَالِهٖ :مالی ہمدردی کرنا- آسَیْتُهٗ بِنَفْسِی :اپنے برابر سمجھنا-
تَاَسّٰی :صبر کرنا- تسلی پانا _____ وائْتَسٰی بِهٖ : اقتداء کرنا-پیروی کرنا-
تَآسٰی-اَلْقَوْمُ :ایک دوسرے کو تسلی دینا-
اَلْاُسْوَة والْاِسْوَةُ :اقتداء- نمونہ- وہ چیز جس سے تسلی حاصل ہو-ج اُسًی واِسًی-
اَلْاِسَاءَة :دوا-ج آسِیَةٌ-
اَلْاَسُوُّ-دوا-
اَلْآسِی : معالج- طبیب- ج اُسَاة واِساء مؤنث آسِیَةٌ ج آسِیَات واَوَاسٍ-
اَلْاُسْوَان :غمگین-
اَلتَّاسَاء : تسلی دینا-
اَلْاُسَا :صبر-
اَسِیَ (ض) اَسْیًا-لَهٗ مِنَ الشَّیْءِ : کسی کے لیے باقی چھوڑنا-
اَسِیَ (س) اَسًی : غمگین ہونا- صفت آسٍ و اَسْیَان :ج اَسْیَانُوْن- مؤنث آسِیَةٌ : اَسْیَانَة ج اَسْیَانَاتٌ و آسِیَات واَسَایَا-
اَلْاَسِیَة :ستون ج اَوَاسٍ کہا جاتا ہے "مُلْكٌ ثَابِتُ الْاَوَاسِی" مضبوط سلطنت-
اَلْاَشُّ :سوکھی روٹی-
اَشِبَ (س) اَشَبًا وتَاَشَّبَ-اَلشَّجَرُ : گنجان ہونا- گتھ جانا-صفت اَشِبٌ-
اَشَّبَهٗ (ن ض) اَشْبًا-ملامت کرنا- عیب گیری کرنا _____ اَلْقَوْمُ : مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا-
اَشَّبَ-اَلشَّجَرَ : گنجان کرنا _____ اَلْقَوْمَ : اکسانا-
تَاَشَّبَ وانْتَشَبَ-اَلْقَوْمُ :مل جل جانا-
اَلْاَشْب :درختوں کا اس طرح گنجان ہونا کہ جس سے گزرنا دشوار ہو-
اَلْاُشَابَة- لوگوں کا مخلوط گروہ- کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو-نَسَبٌ مَاشُوْبٌ-
هُوَ تَشِبٌ- مخلوط غیر خالص نسب-
اَشِحَ (س) اَشَحًا : غضبناک ہونا- صفت اَشْحَان مؤنث اَشْحٰی (صاحب تاج العروس کا بیان ہے کہ اس کی اصلی جگہ باب الواو ہے اس لیے کہ ہمزہ اس میں اصلی نہیں)
اَشِرَ (س) اَشَرًا : تکبر کرنا-اکڑنا- صفت اَشِرٌ واَشِرٌ واَشْرَان- ج اَشْرُوْنَ واُشْرُوْنَ و اَشَارٰی واُشَارٰی-
اَشَرَ (ض) اَشْرًا- اَلْخَشَبَة : چیرنا _____ وَاَشَّرَ-اَلْاَسْنَانَ :کناروں کو تیز کرنا-
اُشْر واُشَر- اَلْمِنْشَارِ : آرے کے دندانے واحد اُشْرَة-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْاَشِر۔ ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ٹڈی کے دم کے سرے پر کی گرہ۔ ج اَوَاشِر۔
اَلْمِئْشَارُ۔ آرہ۔ ج مَآشِیْرُ و مَوَاشِیْرُ۔
اَلْاَشْفٰی۔ ستالی۔ ج اَشَافِیُ اَشَافِیَ۔
اَلْاِشْقِیْل۔ ایک قسم کی نباتات۔
اَلْاُشْنَۃ۔ ایک قسم کی نباتاتی چیز جو درختوں پر پھیلتی ہے۔
اَلْاُشْنَانُ وَالْاِشْنَان۔ ایک قسم کی نباتات جس کو ہاتھ دھونے میں استعمال کرتے تھے۔
اَصَّ۔ الشَّیْءَ۔ توڑنا۔ نرم کرنا۔
اَصَّصَ۔ الشَّیْءَ۔ مضبوط کرنا۔
تَاَصَّصُوا وَانْتَصُّوا۔ جمع ہونا اور بھیڑ کرنا۔
اَلْاَصِیْص۔ شکستہ برتن۔ گملہ۔ پیشاب کرنے کا برتن۔ مضبوط عمارت۔ کپکپی۔
اَلْاُصَیْصَۃ۔ قریب قریب کے گھر۔
اَصَدَّ وَاَصَدَ۔ الْبَابَ۔ بند کرنا۔ وَاَصَدَۃٌ۔ چھوٹی قمیص پہنانا۔
اَلْاُصْدَۃ۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔ ج اُصُدٌ وَاِصَادٌ۔
اَلْاِصْدَۃ۔ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج اِصَد۔
اَلْاَصِیْد۔ صحن خانہ۔
اَلْاَصِیْدَۃ۔ باڑہ۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔
اَلْاِصَاد وَالْاِصْدَۃ۔ طبق۔ اَلْاِصَادُ۔ چوکھٹ۔ پہاڑوں کے درمیان گڑھا۔ جس میں پانی جمع ہو۔
اَلْمُؤَصَّد۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔
اَصَرَ (ض) اَصْرًا۔ الشَّیْءَ۔ توڑنا۔ اَلْخَیْمَۃَ۔ خیمہ کے لئے میخ بنانا ـــــ فُلَانًا عَلَیْہِ۔ متوجہ کرانا۔ مہربان بنانا۔
آصَرَہُمُ اَصَرَۃٌ۔ پڑوسی ہونا۔
تَآصَرُوا۔ باہم پڑوسی ہونا۔
اِنْتَصَرَ۔ اَلْقَوْمُ۔ کثیر التعداد ہونا ـــــ النَّبْتُ۔ لمبی اور گنجان ہونا۔
اَلْاَصْرُ وَالْاِصْرُ وَالْاُصْرُ۔ عہد۔ پیمان۔ بوجھ۔ گناہ۔ ج آصَار۔ کان کا سوراخ۔
اَلْاَصَار۔ ج اُصُرٌ وَالْاَیْصَر۔ ج ایاصر۔
اَلْاِصَارَۃ۔ خیمہ کی رسیوں کی کھونٹا۔
اَلْاَصِرَۃ۔ تعلق۔ رشتہ داری۔ ج اَوَاصِر۔
اِصْطَبْل۔ اصطبل۔
اَلْاِصْطَفْلِیْن۔ گاجر۔ واحد اِصْطَفْلِیْنَۃ۔
اَلْاِصْطَکْمَۃ۔ راکھ میں پکی ہوئی روٹی۔
اَلْاُصْطُوَانَۃ۔ ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَصَاطِیْنُ وَاَصَاطِیْنَۃ۔
الاصف۔ ایک قسم کا درخت۔
اَصُلَ (ک) اَصَالَۃً۔ جڑ والا ہونا۔ جڑ پکڑنا۔ شریف الاصل ہونا ـــــ رَأْیُہٗ۔ عمدہ ہونا۔ صفت اَصِیْلٌ۔
اَصِلَ (س) اَصَلاً۔ اَلْمَاءُ۔ کیچڑ کی وجہ سے متغیر ہونا ـــــ اللَّحْمُ۔ بودار ہونا۔
اَصِلَ فُلَانٌ یَفْعَلُ کَذَا۔ بمعنی طَفِقَ یعنی فلاں ایسا کرنے لگا۔
اَصَّلَہٗ۔ جڑ والا بنانا۔ اصل بیان کرنا۔ شرافت بیان کرنا۔
آصَلَ اِیْصَالاً۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ شام کے وقت آنا۔ اسی سے ہے "اٰتَیْنَاھُوْ صِیْلِیْنَ" ہم شام کے وقت آئے۔
تَاَصَّلَ۔ جڑ والا ہونا۔
اِسْتَاْصَلَ۔ الشَّیْءَ۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَاْصَلَتِ الشَّجَرَۃُ۔ جڑ پکڑنا۔
اَلْاَصْل۔ جڑ۔ وہ چیز جو فرع کے مقابل ہو۔ والد۔ مصدر و منبع۔ "مَافَعَلْتُہٗ اَصْلاً" میں نے اس کام کو یقیناً نہیں کیا۔ ج اَصُوْلٌ وَالْاُصُوْلُ۔ وہ قوانین جن پر کسی علم یا فن کی بنیاد ہوتی ہے۔
اَلْاَصِیْل۔ عصر و مغرب کے درمیان کا وقت ج اَصَائِل و اَصَائِلُ وَاَصْلٌ وَاُصْلَان۔
وَالْاَصِیْل۔ بغیر وکیل کے خود لین دین کرنے والا۔
اَلْاَصِیْلَۃ۔ جڑ والی۔ "جَاؤُوْا بِاَصِیْلَتِھِمْ" وہ سب کے سب آئے۔
اَلْاَصْلَۃ۔ ایک قسم کا چھوٹا یا بڑا سانپ۔ ج اَصَل۔
اَصَّ (ن ض) اَصًّا۔ ہٗ اِلَیْہِ۔ مجبور کرنا۔ مضطر کرنا۔
فُلَانًا۔ تھکانا۔
اِنْتَصَّ۔ اِلَیْہِ۔ پناہ لینا۔ مضطر ہونا۔
اَلْاِصِّ۔ جڑ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمُ الْاِصِّ" فلاں شریف الاصل ہے۔
اَلْاِصْاص۔ پناہ لینے کی جگہ۔ جلن، سوزش۔
اَلْاُصَاۃ۔ تالاب۔ جوہڑ۔ ج اَصًی وَاُصَیَات۔
اَلْاُصَاءَۃ۔ خربوزہ کی فالیز۔ بید کا جنگل۔
اَصِمَ (س) اَصَمًا۔ عَلَیْہِ۔ غضبناک ہونا۔ بہ۔ تکلیف پہنچانے لگنا۔
اَلْاَصَم۔ کینہ۔ حسد۔ غصہ۔ ج اَصَمات۔
اَطَّ۔ (ض) اَطِیْطًا۔ آواز نکالنا۔ چرچرانا ـــــ الْاِبِلُ۔ بلبلانا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ اَہْلُ اَطِیْطٍ وَ صَہِیْلٍ" وہ اونٹ اور گھوڑے والے ہیں۔
اَطَرَہٗ (ض ن) اَطْرًا وَاَطَّرَہٗ۔ موڑنا۔
اِنْاَطَّر۔ مڑنا۔
تَاَطَّر۔ دوہرانا۔
اَلْاَطْر۔ کمان کا خم۔
اَلْاَطِیْر۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِاَطِیْرِ غَیْرِہٖ" اس نے اس کو دوسرے کے جرم میں پکڑ لیا۔
اَلْاِطَار۔ چوکھٹا۔ گھیرا۔ ہر احاطہ کرنے والی چیز ج اُطُر۔
اَلْاِطْل وَالْاِطِل۔ ج اَطَال۔ اَلْاَیْطَل ج اَیَاطِل۔ پہلو۔ کوکھ۔
اَطَّمَ۔ اَلْاِطَّام۔ قلعوں کو بلند کرنا۔
تَاَطَّمَ۔ اَلسَّیْلُ۔ سیلاب کا بلند ہونا ـــــ النَّارُ۔ آگ سے لپٹ اٹھنا ـــــ عَلَیْہِ۔ بڑا بننا۔ غضبناک ہونا۔
اَلْاُطُم۔ قلعہ۔ ج اَطَامٌ۔
اَلْاُطُوْم۔ سمندری کچھوا۔ ایک قسم کی موٹی کھال کی مچھلی۔ زرافہ۔ گائے۔
اَلْاَطِیْمَۃ۔ آگ جلانے کی جگہ۔ چولہا۔ ج اَطَائِم۔
اَفَّ (ن ض) اَفًّا وَتَاَفَّفَ وَاَفَّفَ۔ غم اور بے قراری کی وجہ سے اُف اُف کہنا۔
اَلْاَفَف۔ بے قراری۔ وقت۔
اَلْاُفّ۔ ناخن کا تراشہ۔ کان کا میل۔
اُفٍّ۔ اسم فعل بمعنی الضجر والکرہ (میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ناپسند کرتا ہوں میں بے قرار ہوں)
الافّاف :بہت اُف اُف کرنے والا۔
اليَافُوْف : تیتر کا بچہ۔ کڑوا کھانا۔ تیز رفتار۔ ج يَافِيْف :اليَافُوْفَة :پروانہ۔
اَفَخَه : تالو پر مارنا۔
اليَافُوْخ : تالو۔ بچے کے سر کا وہ نرم حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔ ج يَآفِيخ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ يَافُوْخَ اللَّيْلِ" رات کے اوّل حصہ میں چلا "وَرَكِبَ يَافُوْخَ فُلَانٍ" وہ اس پر غالب اور فائق ہو گیا۔
اَفِدَ(س)اَفَدًا۔ جلدی کرنا۔ صفت آفِد ـــــ
وِاسْتَافَدَ :التَّرَحُّلُ :کوچ قریب ہونا۔
الْاَفَد :مدت۔ غایت۔
الْاَفَدَة۔ دیر۔ تاخیر۔
اَفَرَ (ض) افْرًا و اُفُوْرًا : خدمت کرنے میں چستی دکھلانا ـــــ القَوْمَ :دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
اَفِرَ (س) اَفَرًا۔ البَعِيْرُ :لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
اَلْاُفْرَة :جماعت۔ بلا۔ سختی۔
اَلْمِئْفَر :خادم۔ خدمت میں تیز لڑکا۔
اَلْاِفْرِنْجُ و الْاِفْرَنْجَةُ : فرنگی۔ رومیوں اور ترکوں کے علاوہ یورپین۔
اَفَزَ(ض)افْزًا۔ کودنا۔ اُچھلنا۔
اَلْاُفْسَنْتِين :ایک قسم کی دوا کا نام۔
اَفَقَ (ض)اَفْقًا۔ آفاق میں جانا ـــــ الجِلْدَ : دباغت دینا۔ صفت مفعول اُفِيْقٌ۔ ج آفِقَةٌ وَ اَفَقٌ۔
اَفِقَ (س) اَفَقًا : کرم اور علم میں انتہا تک پہنچنا صفت اَفِق و اَفِيْق۔
اَفَقَ الطَّرِيْق :راستہ کا درمیانی حصہ۔
اَلْاُفُقُ وَ اَلْاُفْق : کنارہ آسمان۔ ہواؤں کے چلنے کی جگہ۔ ج آفَاقٌ۔
اَلْاُفِيْقَةُ : دباغت دی ہوئی کھال۔ سخت مصیبت۔
اَلْاَفَّاق۔ کمانے کے لیے آفاق میں پھرنے والا۔
اَلْاَفَقَة و اَلْآفِقَة۔ پہلو۔ کوکھ۔
اَلْاِفِيْق :چمڑے کا بڑا ڈول۔
اَفَكَ (ض) اَفْكًا و اُفُوْكًا و اِفْكًا (س) اَفْكًا و اِفْكًا : جھوٹ بولنا۔ صفت اَفِيْک ج اُفَكَاء و الفوک۔ ج اُفُک و افاک ج افَّاکون و اَفَكَه اَفْكًا عَنْ رَايِه :رائے سے پھیر دینا۔
اُفُک۔ اَلْمَكَانُ : بے بارش والی ہونا۔ اُفِكَ الرَّجُلُ :ضعیف العقل ہونا۔
اِنْتَفَكَ۔ اَلْبَلَدُ بِاَهْلِهٖ : اُلٹ جانا ـــــ الْاَرْضَ :خشک سالی سے جل جانا۔
اَلْاِفْک و الافکَةُ و الْاَفِيْكَةُ : جھوٹ۔ گناہ' اَفِيْكَه کی جمع اَفَائِكُ۔
اَلْاَفِيْک و المَافُوْک : خیر سے محروم' عاجز رائے والا۔
اَلْآفِكَة۔ من السِّنِيْن :خشک سال ج اَوَافِک۔
اَلْمُؤْتَفِكَات : ہوائیں جو مختلف سمت سے چلیں۔ وہ بستیاں جن کو اللہ تعالیٰ نے اُلٹ کر تباہ کر دیا۔
اَفَلَ (ض ن) و اَفِلَ (س) اَفْلًا : اَلْقَمَرُ :غائب ہونا۔ غروب ہونا۔ صفت آفِلٌ۔ ج اُفَّلٌ و اُفُوْل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَعْبُه سَافِلٌ وَنَجْمُهٗ اَفِلٌ" یعنی وہ بد نصیب اور برگشتہ قسمت ہے۔
اَفَلَ (ض ن) اُفُوْلًا و اَفِلَ (س) اَفَلًا۔ اَلرَّجُلُ : شاداں ہونا ـــــ المُرْضِعُ : دودھ کا ختم ہو جانا۔
اَفَّلَهٗ: تعظیم کرنا۔
تَافَّلَ : تکبر کرنا۔
اَلْاَفِيْل :اونٹ کا بچہ۔ ج اِفَال و افائل۔ مؤنث افیلة۔
اَفَنَ (ض) اَفْنًا۔ النَّاقَةَ :بے وقت دوہنا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا :ضعیف العقل بنا دینا۔
اَفِنَ (س) اَفَنًا و اَفِنَ : ضعیف العقل ہونا۔ صفت اَفِنٌ و مَافُوْنٌ۔
تَافَّنَ : تکلفاً کسی عادت کو اختیار کرنا۔ گھٹیا۔
ـــــ اواخر الامور :انجام کی فکر کرنا۔
اَلْاِفَّان۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي اِفَّانِ ذٰلِكَ" وہ اس کے دوران میں آیا۔
اَلْاَفْيُون :افیم۔
اَلْاَفَاقِيَا۔ دوا کا نام۔
اَلْاُفَّة :نصف وطل کا وزن۔
اَلْاُفْحُوَان و القُحْوَان۔ بابونہ۔ واحد اُقْحُوَانه و قُحْوَانه۔ ج اقاحِيّ و اقاحٍ۔ اَقَاحِي الْاَمْرِ : امر کا آغاز۔
اَلْاَقْط و الْاِقط و الْاُقْط و الْاَقَط و الْاَقِط و الْاُقُط۔ اِقِط۔ پنیر۔
اَلْاِقِطَات۔ پنیر کا ٹکڑا۔
اَلْاُقْشَا و الْاُقْنُوس۔ ایک قسم کی خوبصورت پتوں والی گھاس۔
اَكَدَّ و وَكَّدَ۔ العهد و السَّرَاجَ : مضبوط کرنا۔ مضبوط باندھنا۔ الشَّيْءَ :ثابت کرنا۔
تَاكَّدَ و تَوَكَّدَ۔ مضبوط ہونا۔ ثابت ہونا۔
اَلْاَكِيْد :مضبوط' موثق۔ ثابت۔
اَلْاَكَائِد و التَّاكِيْد :وہ تسمہ جس سے زین کے اگلے حصہ کو باندھیں۔
اَكَرَ (ن) اَكْرًا و تَاكَّرَ۔ الْاَرْضَ : جوتنا اور کاشت کرنا۔
اَلْاَكَّار :کاشتکار۔ ج اَكَرَة و اَكَّارون۔
اَلْاَكْرَةُ۔ گیند۔ گڑھا۔ ج اَكَر۔
اَكَفَّ و آكَفَ اِيْكَافًا۔ الحِمَارَ : گدھے پر پالان باندھنا ـــــ الْاُكَاف :پالان بنانا۔
اَلْاُكَاف :پالان۔ ج اُكُف و آكِفَة۔
اَلْاِكَاف :پالان بنانے والا۔ پالان بیچنے والا۔
اَكَلَّ (ن) اَكْلًا وَ مَاكَلًا۔ الطَّعَامَ : کھانا ـــــ الشَّيْءَ :فنا کرنا۔
اَكْلَهٗ(ن) اِكْلًا و اُكَالًا و اَكَالًا۔ رَاسَهٗ : سر کھجلانا۔
اَكِلَ (س) اَكَلًا و تَاكَّلَ۔ السِنُّ او العُوْدُ : دانت یا لکڑی کا کھوکھلا ہو کر گر جانا۔
اَكَّلَهٗ و اَكَلَهٗ اِيْكَالًا۔ الشَّيْءَ :کچھ کھلانا۔
آكَلَهٗ مُوَاكَلَةً :ساتھ کھانا۔ کھلانا۔
اِنْتَكَلَ۔ بعض کا بعض کو کھانا۔ مِنَ الْغَضَبِ : غصہ سے جل اُٹھنا۔ غصہ سے تمتما جانا۔
اِنْتَكَلَتِ النَّارُ :آگ کا سخت لپٹ والی ہونا۔
اِسْتَاكَلَهٗ۔ الشَّيْءَ : کھانا تیار کرنے کو کہنا "فُلَانٌ يَسْتَاكِلُ الضُّعَفَاءَ" : فلاں غریبوں کا مال کھا رہا ہے۔
اَلْاُكُل و الْاُكُل : پھل۔ خوراک۔ کشادہ رزق۔
اَلْاُكْلَة :لقمہ۔ غیبت۔
اَلْاُكْلَة :اکل کا اسم مرۃ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْاِكْلَة :خارش-کھانے کی ہیئت-غیبت-
اَلْاَكِلَة :خارش-
اَلْاَكِلَة :وہ بیماری جو عضو کو سڑا دے-
اَلْاَكَال :کھانا-اسی سے ہے "مَاذُقْتُ اِكَالاً" میں نے کچھ نہیں چکھا-
اَلْاَكَال :خارش-
اَلْاَكَال وَالْاَكِيل وَالْاَكُول وَالْاُكْلَة :بہت کھانے والا-
اَلْاُكُولَة :بکری جو کھانے کے لیے موٹی کی جائے-
اَلْاُكُولَة وَالْاَكِيل :بکری جو بھیڑیے وغیرہ کے شکار کے لیے کھڑی کی جائے-
اَلْمَاكَل :خوراک-ج مَاكِلٌ-
اَلْمَاكُلَة :خوراک-جو چیز کھائی جائے-
اَلْمِئْكَلَة :چھوٹا پیالہ-
اَلْمِئْكَال :چمچہ-ج-مآکیل-
اَلْمَاكُوْل :خوراک-جو چیز کھائی جائے-ج مآکیل-
اِسْتَاكَمَ :اَلْمَوْضِعُ :ٹیلہ بن جانا-
اَلْاُكَمَة :ٹیلہ- چھوٹی پہاڑی- ج اُكَمٌ واُكَمَاتٌ ج اُكَام واُكُم واُكَام-
اَلْمَاكَمُ والمَاكَمَةُ-سرین کا گوشت-
اَلْمَاكُوْمُ :غمگین-
اَلْاُكْنَة :آشیانہ-گھونسلا-
اَلْاِكَاءُ :مشک وغیرہ کا سربند-
اَكَى (ض) اَكْياً :دستاویز لینا-
اَلْ- حرف تعریف ہے کبھی عہدی ہوتا ہے جیسے "اِشْتَرَيْتُ عَبْدًا ثُمَّ بِعْتُ الْعَبْدَ" میں نے غلام کو خریدا اور پھر اسی غلام کو بیچ دیا- اور کبھی جنسی جیسے "خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيفًا" انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے- اور کبھی اسم موصول ہوتا ہے- جب کہ اسم فاعل واسم مفعول پر داخل ہو جیسے "جَاءَنِي الضَّارِبُ وَالْمَضْرُوْبُ" اور صفت مُشبہ پر جو داخل ہوتا ہے اس میں صحیح مذہب یہ ہے کہ وہ حرف تعریف ہے-
اَلَّ (ن) اَلّاً :نیزے سے مارنا-دھتکارنا-
____ الرَّجُلُ : دوڑنا ____ اللَّوْنُ : رنگ صاف ہونا-چمکنا-

اَلَّ (ض) اَلّاً وَاَلَلاً وَاَلِيلاً-المَرِيْضُ :کراہنا-
____ الرَّجُلُ فِي دُعَائِهِ :گڑگڑانا-
اَلَلَت (س) اَلَلاً-الْاَسْنَانُ :دانتوں کا خراب ہونا-
اَلَلَّ-الشَّيْءَ :کسی چیز کو نوک دار بنانا-
اَلْاِلُّ :عہد-پڑوسی-عمدہ اصل-عداوت وکینہ-
اَلْاُلُّ :پسلا-
اَلْاَلُّ :نالہ وزاری-
اَلْاَلَّة :چھوٹا نیزہ-جنگ کا سارا سامان-
اَلْاِلَّة :نالہ وزاری کرنے کی ہیئت- قرابت ج اِلَلٌ-
اَلْاُلَة :مویشی جس کی چراگاہ دور ہو-ج اُلَل-
اَلْاَلِيلَة :مویشی جس کی چراہ گاہ دور ہو-
فَرَسٌ مِئَلٌّ :تیز رفتار گھوڑا-
اَلَا-ایک لفظ ہے جو کلام کے شروع میں مخاطب کو متوجہ کرنے کے لیے اور مابعد کی چیزوں پر زور دینے کے لیے مستعمل ہے جیسے "اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ" خبردار رہو یقیناً یہی بیوقوف ہیں- حرف تنبیہ جیسے "اَلَا يَا صَاحِ قُمْ" خبردار اے ساتھی کھڑا ہو جا- حرف عرض جیسے "اَلَا تَنْزِلُ بِنَا" یعنی براہ کرم ہمارے پاس آیئے- حرف تخصیص جیسے "اَلَا تَتُوبَ وَتَرْتَدِعَ عَنْ غَيِّكَ" تمہیں توبہ کر لینی چاہئے اور اپنی شرارت سے باز آجانا چاہئے-
اَلَّا-حرف تخصیص جیسے "اَلَّا تُكْرِمُ اَبَوَيْكَ" تو تم کو اپنے والدین کی عزت کرنی چاہئے-
اِلَّا- حرف استثناء :جیسے "جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَيْدًا" زید کے علاوہ سب لوگ آئے اور کبھی صفت کے لیے غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "لِي رِجَالٌ اِلَّا رِجَالُكَ" میرے آدمی تمہارے آدمیوں کے علاوہ ہیں-اور کبھی نفی کے بعد حصر کے لیے آتا ہے جیسے "مَاضَرَبَ اِلَّا زَيْدٌ" یعنی زید ہی نے مارا-
اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا وتَالَبَ- جمع ہونا- اَلَبَتِ السَّمَاءُ :مینہ برسنا-
اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا والَّبَ- جمع کرنا- اَلَّبَ بَيْنَهُمْ :فساد انگیزی کرنا-
اَلْاِلْب- کسی شخص کی عداوت پر اکٹھا ہونے والی قوم کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ اِلْبٌ وَاحِدٌ" وہ سب میری عداوت پر ایک ہیں- انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان کا فاصلہ-
اَلْاَلَب- بکری کے بچے کی کھال- زہر- بخار کی شدت- گرمی کی شدت- پیاس- پھوڑے کے اچھے ہونے کی ابتداء-
اَلْاَلَبَةُ- بھوک-
اَلْاَلُوْب :سرد ہوا جو خاک کو اڑائے-رَجُلٌ اَلُوْبٌ :ڈول کو جلدی نکالنے والا مرد-
المُئْلِب :تیز رفتار-
اَلَت (ض) اَلْتًا واَلَتَ اِيْلَاتًا-اَلرَّجُلُ حَقَّهُ : حق میں سے گھٹانا-اَلَتَ الشَّيْءُ :گھٹنا-(لازم و متعدی اَلَتَه يَئِيْتُهُ :قسم دلانا-اَلرَّجُلَ : کسی کو اس کے ارادے سے باز رکھنا-
اَلْاُلْتَة :تھوڑا عطیہ-گزرے ہوئے واقعہ پر جھوٹی قسم-
اَلَّذِيْ : اسم موصول- تثنیہ' اَلَّذَانِ- ج اَلَّذُوْنَ- تصغیر اللُّذَيَّا واللَّذَيَّان واللُّذَيُّون مؤنث اَلَّتِي- ج اَللَّوَاتِي واللَّاتِ واللَّاتِي تثنیہ اللَّتَانِ واللَّتَانِ- تصغیر اللُّتَيَّا واللُّتَيَّا-
اَلَزَّهُ بِهِ (ض) اَلْزًا :لازم ہونا-چمٹ جانا-
اَلِزَّ (س) اَلَزًا :بے قرار ہونا-
اَلَسَتَهُ (ض) اَلسًا :خیانت کرنا-دھوکا دینا-
اَلِسَ :دیوانہ ہونا-صفت مَالُوْسٌ-
اَلَسَهُ مُوَالَسَةً :غدر کرنا-خیانت کرنا-
اَلْاَلْس :دیوانگی-خیانت-
اَلْاَلَاس :دیوانگی-
اَلْمَالُوْس :دیوانہ-خلل دماغ والا-
اَلْاَوْلَع :دیوانگی-
اَلْمَالُوْع :دیوانہ-
اَلِفَهُ (س) اَلْفًا-مانوس ہونا-مُحبت کرنا-صفت اِلْف ج اُلَاف وَاَلِيْف ج الالف و آلف ج اُلَّاف اور اسم اَلْفَة- اَلِفَ المَكَانَ وَآلَفَهُ اِيْلَافًا :کسی جگہ سے مانوس ہونا-
اَلَّفَهُ (ن ض) اَلْفًا-ایک ہزار دینار دینا-
اَلْفَة اِلْفًا ومُؤَالَفَةً- باہم اُنس و مُحبت کے ساتھ رہنا واَلَّفَه المَكَانَ اِيْلَافًا : کسی جگہ سے کسی کو مانوس بنا دینا-اَلَّفَهُمْ :ہزار بنانا-اَلْفُو : ہزار ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلَّفَ اِلْكِتَابَ : مسائل کو جمع کرنا ـــــ الشَّیْءَ :ایک کو دوسرے سے ملانا بَیْنَهُمْ :محبت ڈالنا- محبت واقع کرنا ـــــ اَلْفًا :پورے ہزار کرنا-

تَاَلَّفَ- اکٹھا ہونا- تَاَلَّفَ الشَّیْءَ : اجزاء کا مرتب طور سے اکٹھا ہونا-

تَاَلَّفَهٗ :اوپری دل سے محبت کرنا-

اِئْتَلَفُوْا وَ تَآلَفُوْا- اکٹھا ہونا-

اِسْتَاْلَفَ :دوست وساتھی ڈھونڈھنا-

اَلْاِلْف والْاُلْفَة :دوستی-

اَلْاَلْف :ہزار- ج اُلُوف واٰلَاف-

اَلْاَلِف : حروف تہجی کا پہلا حرف- ہر چیز میں کا ایک مرد جس کی بیوی نہ ہو- بازو کے اندرونی حصہ کی ایک رگ کا نام-

اَوَالِف : الطَّیْر : گھروں میں رہنے والے پرندے-

اَلْاَلِفِیَّة :الف کی طرف نسبت- اور اصطلاحاً اس قصیدہ کو کہتے ہیں جس میں کسی فن کے قواعد بیان کئے گئے ہوں- جس کے اشعار کی تعداد ہزار ہو اور ان میں مشہور تر "الفیہ ابن مالک" ہے-

اَلْاِیْلَاف :عہد- پروانہ راہداری-

التَّالِیْف :مصدر- کتاب-

اَلْاَلُوف :بہت محبت کرنے والا- ج اُلُف-

اَلْمَاْلَف :مرغوب ومانوس چیز- ج مَاٰلِف-

اَلْمُؤَلِّف :مصنف- ہزار کا مالک-

اَلَقَ (ض) اَلْقًا وَ تَالَقَ وَاِئْتَلَقَ- البَرقُ : بجلی چمکنا- کوندنا-

اَلَقَ :اَلرَّجُلُ :جھوٹ بولنا-

اُلِقَ اَلْقًا : دیوانہ ہونا- صفت مِئْلَق وَ مَمَالُوقٌ-

اَلْاِلْق- بھیڑیا- ج اِلَق- بدخلق- اَلْاِلْقَةُ :بندریا-

اَلْاُلُوْق :دیوانگی- جنون-

اَلْاِلَاق :بغیر پارش کے بجلی-

اَلْاَلَّاق :جھوٹا-

اَلْمَاْلُوْق :دیوانہ-

اَلْمِئْلَق :بے وقوف-

اَلَكَ (ض) اَلْكًا واُلُوْكَةً واُلُوْكًا و مَالُكًا- واَلَكَ اَلْاُكَةَ : پیغام پہنچانا- اَلْفَرَسُ اللِّجَامَ : گھوڑے کا لگام کو چبانا-

اِسْتَالَكَ :اَلْوُكَتَهٗ : کسی کا پیغام لے جانا-

اَلْمَلَكُ- وَالْمَلَاک : فرشتہ - ج مَلَائِكَ وَمَلَائِكَة-

اَلْاُلُوْک والْاُلُوْكَةُ والمَالُكُ والمَالَكَةُ : پیغام- ج اَلْاُلُک وَمَالِک-

اَلْمَالُوْكُ :دیوانہ-

اَلِمَ (س) اَلَمًا- دکھی ہونا- صفت اَلِم-

اَلَمَ تَالِیْمًا واَلَمَهٗ اِیْلَامًا- دکھ دینا-

تَاَلَّمَ- دکھی ہونا-

اَلْاَلَم- دکھ- ج آلام-

اَلْاَلِیْم- وردناک-

اَلْاِلْمَاص- ہیرا-

اَلَهَ (ف) اَلْوَهَة واَلْاَهَة واُلُوْهِیَّةً- پرستش کرنا- بندگی کرنا-

اَلِهَ (س) اَلَهًا- متحیر ہونا- کہا جاتا ہے "اَلِهْتُ عَلَیْهِ" میں نے اس پر بہت زیادہ جزع فزع کیا-

اَلَّهَهٗ :غلام بنانا- خدا کا مرتبہ دینا- پرستش کرنا-

تَاَلَّهَ- معبود بن جانا- باخدا ہونا-

اِسْتَاْلَهَ- معبود سے مشابہ ہونا-

اَلْاِلٰه- معبود- ج آلِهَة-

اَللّٰهُ :ذات واجب الوجود کا نام- اَللّٰهُمَّ :اے اللہ-

اَلْاُلُوْهَة واَلْاَلَاهَة واَلْاِلٰهِیَّةُ واَلْاُلُوْهِیَّةُ واَلْاُلَاهِیَّةُ- معبودیت-

اَلْاِلَاهَة- بڑا سانپ- نیا چاند-

اَلْاِلَاهَة واَلْاَلَاهَة- آفتاب-

عِلْمُ اَلْاِلٰهِیَات- وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات سے بحث کی جائے-

اَلَا (ن) اَلْوًا واُلُوًّا واُلِیًّا واَلِیَّةً واِئْتَلٰی اِیْلَاءً- فِی الْاَمْرِ : کوتاہی کرنا- سستی دکھلانا- کہا جاتا ہے "لَمْ یَاْلُ جُهْدًا" اس نے اپنی کوشش میں ذرا بھی کوتاہی نہیں کی-

آلٰی اِیْلَاءً وَتَالّٰی واِئْتَلٰی- قسم کھانا-

اَلْاُلْوٰ- عطیہ- بکری کی مینگنی-

اَلْاُلُوّ- واَلْاُلُوّة واَلْاُلُوّة واَلْاِلِیَّة : اگر کی لکڑی ج اَلَاوِیه-

اَلْاُلْوَة واَلْاُلْوَة واَلْاَلِیَّة- قسم- اَلِیَّة کی جمع اَلَایَا-

اَلْاُلِیّ- بہت قسمیں کھانے والا-

اَلْمِئْلَاة- وہ کپڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنے والی عورت اپنے ہاتھ میں لے کر ہلاتی جاتی ہے- ج مَآلٍ-

آلِی (س) اَلْیًا- الکبش :مینڈھے کا بڑی چکی والا ہونا- صفت اَلْیَان و آلِی- مؤنث اَلْیَاء و اَلْیَانَة- ج اُلًی-

اَلْاَلْیَة- دنبہ کی چکی- مثنی اَلْیَان بغیر تاء کے- ج اَلْاٰیا و اَلْیَات-

اَلْاِلَی واَلْاُلَی واَلْاَلَی- نعمت ج آلَاء-

اَلْاَلَاء واَلْاَلْی- ایک قسم کا درخت جو ہمیشہ سبز رہتا ہے اور اس کا پھل کڑوا ہوتا ہے- واحد اَلْاَلَاءَة-

اَلْاَلَای- فوج کا دستہ ج الایات - ترکی کلمہ ہے- اس کے لیے عربی "فیلق" ہے-

اِلٰی- حرف جر ہے- معانی ذیل میں مستعمل ہے انتہاء زمانہ کے لیے جیسے "دَرَسْ اِلَی الْمَسَاءِ" اس نے شام تک پڑھا- انتہاء مکان کے لیے جیسے "سَارَ اِلَی الْبَیْتِ" وہ گھر تک چلا- بمعنی عند جیسے "كَلَامُهٗ اَشْهٰی اِلَیَّ مِنَ الرَّحِیْقِ" اس کی گفتگو میرے نزدیک شراب سے زیادہ مرغوب ہے- بمعنی لام جیسے "اَلْاَمْرُ اِلَیْكَ" معاملہ تیرے اختیار میں ہے- بمعنی مع جیسے "ضُمَّ هٰذَا اِلٰی ذَاكَ" اس کو اس کے ساتھ ملالو-

اِلَیْكَ- اسم فعل بمعنی دور رہو- ہٹو جیسے "اِلَیْكَ عَنِّی" یعنی تو مجھ سے دور ہو جا- اور بمعنی خذ جیسے "اِلَیْكَ الْكِتَابَ" یعنی کتاب کو لے لو-

اُلٰی- اُوْلٰی کی جگہ استعمال ہوتا ہے جیسے "اَلْعَرَبُ الْاُلٰی" قدماء عرب- اُوْلٰی اسم اشارہ جمع قریب کے لیے ہے-

اَمْ- حرف عطف ہمزہ استفہام کے بعد تسویہ اور برابری کے مفہوم کے لیے آتا ہے- جیسے "اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ-" اور کبھی بل کے معنی میں آتا ہے- جیسے هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْر اَمْ تَسْتَوِی الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ-"

اَمَّ (ن) اَمًّا واَمَّمَ وتَاَمَّمَ واْتَمَّ : قصد کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَأَمَّهُ :چندیا پر مارنا-دماغ پر صدمہ پہنچانا-
_____ إِمَامَةً وَاَمًا وَإِمَامًا- اَلْقَوْمُ وَبِالْقَوْمِ : امام بننا-
اَمَّتِ اُمُوْمَةً-ماں ہونا-
تَاَمَّمَ-اَلْمَرْاَةُ : ماں بنانا-
اِئْتَمَّ- به :اقتدا کرنا _____ واِسْتَاْمَّ-ه :امام بنانا-اِسْتِئَامُّ الْمَرْاَةِ :ماں بنانا-
اَلْاُمُّ : ماں - کسی چیز کی اصل ج اُمَّهات واُمَّات اور بقول بعض اُمَّهات انسان کے لیے' اور اُمَّات بہائم کے لئے- اُمُّ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِيْنَ : کن کھجورا- اُمُّ اَوْرَاصٍ : تختی- جنگلی چوہا- اَمُّ الْبَيْضِ :شتر مرغ-اُمُّ التَّنَائِفِ :ڈور کا جنگل-اُمُّ تَوْلَبٍ :گدھی-اُمُّ جَابِرٍ :ہریسہ-اُمُّ جُنْدُبٍ : ظلم وبے انصافی-اُمُّ الْجَوَافِ :ڈول-ڈھال-اُمُّ جَعْفَرٍ : بجو- اُمُّ جَعْوَانَ : گدھ- اُمُّ الْجَيْشِ : جھنڈا-اُمُّ حُبَابٍ :دُنیا-اُمُّ حَبِيْبٍ :گرگٹ-اُمُّ حَرْبٍ : جھنڈا-اُمُّ حَفْصَةَ : مرغی-اُمُّ حِلْسٍ : گدھی- اُمُّ الْخَبَائِثِ : شراب- اُمُّ حُنَافٍ : تختی-اُمُّ حُنَّوْرٍ : بجو-اُمُّ دَرْزَنٍ :دنیا-اُمُّ دَرْيَنٍ : قحط زدہ سرزمین-اُمُّ وَرْزَةَ : دنیا-اُمُّ دفر و اُمُّ دَفَارٍ : دنیا- اُمُّ الدِّمَاغِ : دماغ کی جھلی- اُمُّ الرَّاسِ :دماغ یا دماغ کی جھلی-اُمُّ راشد :چوہا-اُمُّ الزُّرَيْقِ : تختی وبلا- اُمُّ الزُّمْحِ : جھنڈی- اُمُّ سِمْحَةَ : کبرا- اُمُّ سُوَيْدٍ : دُبر- اُمُّ صَبَّارٍ و اُمُّ صُبُورٍ :بلا وسخت لڑائی-اُمُّ الصِّبْيَانِ :ایک قسم کی بیماری جو بچوں کو لاحق ہوتی ہے اور جس سے بچے بے ہوش ہو جاتے ہیں-اُمُّ طَبَقٍ : تختی وبلا- سانپ- اُمُّ الطَّرِيْقِ : شارع عام- اُمُّ الطَّعَامِ : معدہ- گیہوں اُمُّ عَامِرٍ :بجو-اُمُّ عَرِيْطٍ : بچھو-اُمُّ عَزْمٍ :دبر-اُمُّ فَزُوَةَ :بھیڑ-اُمُّ الْفَرْجِ :ایک قسم کا کھانا جو گوشت چاول شکر سے تیار کرتے ہیں اور بقول بعض ایک قسم کی روٹی جس میں پرند اور بکری کا گوشت بھر کر تنور میں پکاتے ہیں- اُمُّ الْقُرٰى : مکہ معظمہ-اُمُّ الْقُرْآنِ :سورۃ فاتحہ-اُمُّ قَشْمٍ : تختی- جنگ- موت- بجو- مکڑی- اُمُّ الْقَوْمِ : سردارِ قوم اُمُّ الْكِتَابِ : لوحِ محفوظ- سورۃ فاتحہ یا کل قرآن پاک- اُمُّ كَلْبٍ : ایک پہاڑی درخت کا نام-اُمُّ كَلْبَةَ :بخار-اُمُّ مازن : چیونٹی- اُمُّ الْمَثْوٰى : بیوی- اُمُّ مِلْدَمٍ : بخار- اُمُّ النجوم : کہکشاں-اُمُّ الولید : مرغی-اُمُّ هُبَيْرَه : مینڈکی- لَاۤ اُمَّ لَكَ : کلمہ ذم ہے اور کبھی مدح واستحسان کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں-
اَلْاَمَام : آگے- وَاَمَامَكَ : کلمہ تحذیر ہے- بمعنی بچو-
اَلْاِمَام :(مذکر و مؤنث دونوں کے لیے) پیش امام -جس کی اقتداء کی جائے- پیشوا-ڈوری جس سے معمار عمارت کی سیدھ قائم کرتے ہیں- نمونہ- واضح راستہ- سبق جتنا ہر روز لڑکے پڑھیں- قرآن- خلیفہ-امیر لشکر- مصلح اور منتظم-
اَلْاِمَامَة-خلافت وپیشوائی-
اَلْاُمَّة :جماعت-لوگوں کا گروہ' طریقہ-وقت-قد وقامت-
اَلْاُمِّی :ان پڑھ-
اَلْاُمِّيَّةُ واَلْاُمُوْمَة :ماں ہونا-مادریت-
اَلْاُمَيْمُ واَلْمَامُوْم-جس کی گدی پر مارا گیا ہو-
اَلْاُمَيْمَةُ-لفظ اُمّ کی تصغیر-ہتھوڑا-ج اَمَائِم-
اَلْاَمِيْمَة :پتھر جس سے سر کچلا جائے-
اَمَا- حرف تنبیہ ہے اس کے بعد اکثر قسم آتی ہے جیسے اَمَا وَاللّٰهِ : حرف عرض جیسے "اَمَا تَنْزِلُ بِنَا"-
اَمَّا- حرفِ شرط و تاکید جیسے "اَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ" جو لوگ ایمان لائے وہ اس کے حق ہونے پر یقین رکھتے ہیں- حرفِ تفصیل جیسے "اَمَّا زَيْدٌ فَذَهَبَ" اس کے جواب میں فاء کا آنا ضروری ہے-
اِمَّا- حرفِ تفصیل ہے جیسے اِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوْرًا" ہم نے انسان کو راستہ دکھلا دیا اس کے بعد وہ شکر گزار بندہ بنے یا ناشکرا بنکر جیئے- اور اس کے مواقع استعمال میں سے موضع شک وابہام واباحت وتخییر ہے جیسے "جَاءَ اِمَّا زَيْدٌ وَاِمَّا عَمْرٌو" یعنی یا زید آیا یا عمرو- جبکہ یہ معلوم نہ ہو کہ ان دونوں میں سے کون آیا- اور جیسے تَعَلَّمِ اِمَا الْفِقْهَ وَاِمَّا اللُّغَةَ یعنی یا فقہ یا لغت سیکھو-
اَمَتَهُ (ض) اَمْتًا وَاَمَتَه :اندازہ کرنا-قصد کرنا-
اَلْاَمْت- کمزوری- بلند جگہ - شک- خالی ہونا-
تشیب وفراز-ج اَمَات واُمُوْت-
اَمِجَ (س) اَمَجًا-گرم ہونا-پیاسا ہونا-(ض) اَمْجًا-تیز چلنا-
صَيْفٌ اَمِجٌ :سخت گرمی-
اَمَحَ (ض) اَمْحًا نًا-اَلْجُرْحُ :رد کرنا-
اَمِدَ (س) اَمَدًا-عَلَيْهِ :غضبناک ہونا-
اَمَّدَ- مدت بیان کرنا _____ اَلسِّقَاءَ :ایک قطرہ نہ چھوڑنا-
اَلْاَمَد- غایت' آخری حد- غصہ- ج آماد- کہا جاتا ہے "طَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ" ان کے اُوپر مدت طویل ہو گئی-
اَلْاَمِدُ واَلْآمِدَة- بھری ہوئی کشتی-
اَمَرَهُ (ن) اَمْرًا وَاَمِرَةً وَاِمَارًا- حکم دینا- صفت اَمِر اور صفت مفعولی مَامُوْر- کہا جاتا ہے "اَمَرَهُ الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ وَاَمَرَهُ اَنْ يَّفْعَلَ وَبِاَنْ يَّفْعَلَ" اس نے اس کو کسی کام کے کرنے یا بنانے کا حکم دیا-
اَمِرَ (س) اَمْرًا وَاَمَرَ (ک) اِمْرَةً وَاِمَارَةً :امیر وحاکم ہونا _____ عَلَيْهِ :والی ہونا-
اَمِرَ (س) اَمَرًا وَاَمَرَةَ الشَّيْءِ : بہت ہونا- اَلرَّجُلُ :بہت مویشی کا مالک ہونا- صفت آمر-
اَمَّرَهُ-امیر وحاکم بنانا-
آمَرَهُمْ اَمْرَةً-فِي اَمْرٍ :مشورہ کرنا-
آمَرَهُ اِيْمَارًا-حکم دینا _____ هُ اللّٰهُ :مال یا نسل بڑھانا-
تَاَمَّرَ واِئْتَمَرَ واِسْتَاْمَرَهُ-مشورہ کرنا-تَاَمَّرَ عَلَيْهِ :تسلط ہونا-زبردستی کرنا-اِئْتَمَرَ الْاَمْرَ وَبِهِ :فرماں برداری کرنا-
اِئْتَمَرُوْا وَتَآمَرُوْا-باہم مشورہ کرنا-اِئْتَمَرُوْا بِفُلَانٍ : کسی کے قتل کی سازش کرنا-
اَلْاَمْر-ج اَوَامِر : حکم- فرمان-ج- اُمور- کام- واقعہ- چیز جیسے "لَا مْرٍ مَا كَانَ كَذَا" کسی چیز کی وجہ سے ایسا ہوا-"اُولُو الْاَمْرِ :اسلامی حکومت کے حکام وعلماء-
اَلْاَمْرَة-امر کا اسم مرۃ-
اَلْاِمْرَة-امر کا اسم نوع- حکومت- ولایت-
اَلْاَمَرَة- بیابان میں پتھر کا چھوٹا نشان- چھوٹا ٹیلہ-ج اَمَرٌ-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْاَمَارَة۔علامت۔ج اَمَارَات۔
الْاِمْر۔عجیب۔خلافِ شرع وخلافِ عقل سلیم بات۔
الْاِمَّر و الْاِمَّرَة۔کمزور رائے والا۔کہا جاتا ہے "مَالَهٗ اِمَّرٌ ولا اِمَّرَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الْاَمَّار۔بہت حکم دینے والا۔برائی پر اُکسانے والا۔مؤنث :اَمَّارَة۔
التَّامُوْر۔برتن۔دل۔بادشاہ کا وزیر۔
التَّامُوْرَة۔راہب کا صومعہ۔شیر کا کچھار۔
التَّامُرِیُّ و التَّامُوْرِیُّ و التُّوْمَرِیُّ۔انسان۔
الْاَمِیر۔حکم دینے والا۔والی قوم۔شریف آدمی۔اس کلمہ کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو شریف الاصل ہو اگرچہ صاحب امر نہ ہو۔پڑوسی۔وہ شخص جس سے مشورہ کیا جائے۔
اَمِیْرُ الْبَحْرِ :بحری کمانڈر۔
اَمِیْر اَلَای :فوج کے ایک دستہ کا افسر یا بحری بیڑے کا کپتان۔ج اُمَرَاء۔
اَلْمَالُ الْاَمِیْرِیُّ۔شاہی ٹیکس۔
اَلْمُؤْتَمَر۔کانفرنس۔
اَلْمُؤْتَمِر۔فا :خود رائے۔ایامِ عجوز کا آخری دن۔
الْمِئْمَر۔مشورہ۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدٌ مِنَ الْمِئْمَرِ قَرِیْبٌ مِنَ الْمِئْبَرِ" وہ مشورہ سے بعید اور چغلی سے قریب ہے۔
اَمْسِ۔مبنی علی الکسر :کل گذشتہ۔
اَلْاَمْس۔(اعرابی حالت میں) گذشتہ ایام میں سے کوئی دن۔ج آمس و اُموس و آماس۔نسبت کے لئے اِمْسِیّ خلافِ قیاس۔
الْاَمِض و الْاَمِیْض :وہ گوشت جس کو باریک کر کے کچا کھاتے ہیں۔اور کبھی ذرا آگ دکھلا لیتے ہیں۔
اَمِضَ (س) اَمَضًا۔الرَّجُلُ :کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا اور کسی کی ناراضی کو خاطر میں نہ لانا۔ملائی الضمیر کے خلاف بے باکانہ بولنا۔
الْاِمَّعَ و الْاِمَّعَة :ہر ایک کی رائے کی پیروی کرنے والا۔لوگوں کے ساتھ بغیر بلائے ہوئے دعوت میں شریک ہونے والا۔ج اِمَّعُوْنَ۔اور اِمَّع کی اصل وَانِیٌّ مَعَكَ ہے۔اِمَّعة کی تا تانیث کی نہیں مبالغہ کے لئے ہے۔
تَامَّعَ و اِسْتَامَّعَ :ہر ایک کی رائے کا تابع بننا۔
اَمَقُ۔العَیْنِ :ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ ج آماق۔
اَمَّلَهٗ(ن) اَمْلًا و اَمَّلَهٗ تَامِیْلًا :اُمید کرنا۔
تَاَمَّلَ۔الْاَمْرَ وَفِیْهِ :غور کرنا۔دیر تک سوچنا۔
الْاَمَل و الْاُمْل۔اُمید ج آمال۔
الْاِمْلَة :اُمید۔
الْاُمَلَة۔وہ لوگ جن کی مدد کی اُمید رکھی جائے واحد آمِل۔
الْمَاْمَل :اُمید۔جس کی اُمید رکھی جائے۔
الْمُؤَمَّل۔گھوڑدوڑ میں آٹھویں نمبر کا گھوڑا۔
اَمُنَ (ک) اَمَانَةً۔امین ہونا۔امانت دار ہونا۔معتمد علیہ ہونا۔صفت امین۔ج اُمناء۔
اَمَنَ (ض) اَمْنًا۔اعتماد کرنا۔بھروسہ کرنا۔مائل ہونا۔صفت آمن۔
اَمِنَ (س) اَمْنًا و اَمَانًا و اَمَانَةً :مطمئن ہونا۔صفت آمِن و اَمِین و آمِن۔
_____ الْاَسَدَ وَمِنْهُ :محفوظ رہنا۔
اَمَّنَ۔آمین کہنا _____ هُ :امن واطمینان میں کرنا۔
اَمَّنَ و ائْتَمَنَ۔فُلَانًا عَلٰی كَذَا :کسی کو کسی چیز کا امین بنانا۔اِئْتَمَنَهٗ :امین سمجھنا۔
آمَنَهٗ اِیْمَانًا۔امن دینا _____ بِهٖ :تصدیق کرنا۔اعتماد و بھروسہ کرنا _____ لَهٗ :تابعدار و مطیع ہونا۔
اِسْتَامَنَهٗ :امن طلب کرنا۔امین سمجھنا _____ عَلٰی كَذَا۔امین بنانا۔
الْاَمَنَة۔اطمینان۔دل کا سکون۔امانت۔ہر ایک پر بھروسہ کرنے والا۔
الْاُمَنَة۔معتمد علیہ۔
الْاُمْنِیَّة :آرزو ج اَمَانِیّ و اَمَانٍ۔
الْاَمَانَة :امانت۔ودیعت۔ج اُمانات فریضۂ خداوندی۔
الْاِیْمَان :مان لینا۔تصدیق کرنا۔
الْاَمُوْن :سواری جس کے ٹھوکر کھانے کا خوف نہ ہو۔ج اُمُن۔
الْاَمِیْن :امانت دار۔وہ شخص جس کے پاس امانت رکھی جائے۔ج اُمناء۔
الْبَلَدُ الامین۔مکہ معظمہ۔
الْاُمَّان :امانت دار۔معتمد علیہ۔کاشتکار۔وہ شخص جو لکھنا نہ جانتا ہو۔
آمین و اَمِیْن :اسم فعل بمعنی قبول کر۔
الْمُؤْمِن :مان لینے والا۔تصدیق کرنے والا نیز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔
الْمَامُوْن :معتمد علیہ۔
الْمَامَن۔امن و بے خوفی کی جگہ۔
اَمِهَ (س) اَمْهًا و اَمَهًا۔الشَّیْءَ :بھولنا۔
اَمَهَ (ن) اَمْهًا۔اِلَیْه فِی الْاَمْرِ :عہد و پیمان کرنا۔
تَاَمَّهَ۔الْمَرْاَةُ :ماں بننا۔
الْاَمِیْهَة۔بکری کی چیچک یا پھنسیاں جو بکری کو ہوتی ہیں۔
اَمَا (ن) و اَمِیَ (س) و اَمُیَ (ض) اَمْوًا۔اَمَتِ الْجَارِیَةُ :باندی ہونا۔
اَمَتَ (ن) اُمُوْتَةً۔السِّنَّوْرُ :میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمَّیٰ۔الْجَارِیَةَ :باندی بنانا۔
تَامَّیٰ و اِسْتَامَیٰ۔الْجَارِیَةَ :باندی بنانا۔
الْاَمَة :ارنڈی۔انڈی۔ج اِماء و اموات و آمٌ۔نسبت کے لیے اُمَوِیٌّ۔تصغیر اُمَیَّة۔
اُمَیَّة :قریش کا ایک قبیلہ۔نسبت کے لیے اُمَوِیٌّ اور بسا اوقات اَمَوِیٌّ بھی کہتے ہیں۔
اَنْ (ا) حرفِ مصدری ہے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے جیسے "اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ" یہ کہ تم روزہ رکھو تمہارے لیے بہتر ہے۔
(۲) مخففہ ہے اَنَّ مشددہ سے اور افعال یقین یا ان کے مشابہ کے بعد آتا ہے جیسے "عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰی" اللہ نے جان لیا کہ تم میں سے بیمار ہوں گے۔ "حَسِبُوْا اَنْ لَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ" لوگوں نے گمان کر لیا کہ آزمائش نہیں ہوگی۔
(۳) مفسرہ بمعنی اَیْ جیسے "فَاَوْحَیْنَا اِلَیْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ" پس وحی بھیجی ہم نے طرف اس کی یہ کہ بنا کشتی کو۔
(۴) زائدہ تاکید کے لیے جیسے "لَمَّا اَنْ جَاءَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



**اَلْبَشِيْرُ** "جب آیا خوشخبری لانے والا۔

**اِنْ**۔ حرفِ شرط ہے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اِن تضرِبْ تُضْرَبْ" اگر تو مارے گا مارا جائے گا۔

حرفِ نفی ہے۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور بعضوں کے نزدیک لَیْسَ کا عمل کرتا ہے جیسے "اِنْ احدٌ خیراً مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بالعَافِیَةِ" یعنی عافیت کے بغیر کوئی کسی سے بہتر نہیں۔

اور کبھی جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "اِنْ اَدْرِیْ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ" میں نہیں جانتا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا بعید۔

☆ مخففہ ہے اَنَّ مشقلہ سے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے جیسے "مااِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ"

**اِنَّ**۔ حرفِ تاکید ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسے "اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ"

حرفِ جواب ہے جیسے کوئی کہے "لَعَنَ اللّٰهُ نَاقَةً حَمَلَتْنِیْ اِلَیْکَ" یعنی اللہ اس اونٹنی پر لعنت کرے جو مجھ کو تیرے پاس لائی ہے۔ اس کے جواب میں کہا جائے "اِنَّ وَرَاکِبَهَا" یعنی ہاں اور اس کے سوار پر بھی۔

**اَنَّ**۔ حرفِ تاکید ہے جو خبر کو رفع اور اسم کو نصب دیتا ہے اور جملہ کو بتاویل مفرد کر دیتا ہے جیسے "بَلَغَنِیْ اَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ" مجھ کو زید کے قیام کی خبر پہنچی۔

**اَنَّ** (ض) اَنِیْنًا و اَنًّا و اَنَّانًا و تَاَنَّانًا: کراہنا۔ آہ آہ کرنا۔

**اَنَّهُ و تَاَنَّهُ**: منانا۔

**اَلْاَنَّانُ و الْاَنَّانُ و الْاَنَّةُ**: بہت کراہنے والا۔

**اَلْاَنَّةُ و الْاَنَانَةُ**: کراہنا (حاصل مصدر)

**اَنَا**۔ میں (واحد متکلم کی ضمیر مرفوع منفصل)

**اَلْاَنَانَتُ**: ناناکہنا۔

**اَلْاَنَانِیَّةُ**: ڈینگ خود غرضی۔ اِدّعاء۔

**اَنَّبَهُ**: جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔

**اَلْاَنَبُ**: بیگن۔

**اَلْمُؤْنِبُ**: وہ شخص جس کو کھانے کی خواہش نہ ہو۔

**اَلْاَنَابُ**: مشک یا ایک قسم کا عطر۔

**اَلْاِنْبِیْقُ**: عرق کشید کرنے کا آلہ۔ ج انابیق (جدید)

**اَنْتَ و انتِ**۔ تو (واحد حاضر مذکر و مؤنث کی ضمیر مرفوع منفصل) ج انتُم و انتُنَّ۔

**اَنَتَ** (ض) اَنِیْتًا۔ اَلْمَرِیْضُ: بیمار کا کراہنا۔ آہ آہ کرنا ـــــ فُلَانًا: حسد کرنا ـــــ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا۔

**اَنُثَ** (ک) اَنَثًا۔ اَلْحَدِیْدُ: لوہے کا کچا ہونا۔ نرم ہونا۔ مخنث ہونا۔ صفت (اَنِیث) مکَانٌ اَنِیْثٌ: جس زمین میں گھاس وغیرہ جلدی اُگے۔ سَیْفٌ اَنِیْثٌ: کند تلوار۔

**اَنَّثَهُ**: مؤنث بنانا۔ مؤنث سمجھنا۔ مخنث بنانا

**اَنَّثَ لَهُ**: نرم ہونا۔ نرمی برتنا۔

**اَنَّثَتْ اِنَاثًا**۔ اَلْمَرْاَةُ: مادہ جننا۔ صفت (مؤنث)

**تَاَنَّثَ**: مادہ ہونا ـــــ لَهُ: نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

**اَلْاُنْثٰی**: مادہ ـــــ ج اِنَاث و اَنَاثٰی و ج اُنُث

**اَلْمُؤَنَّثُ**: مادہ۔ ہیجڑا۔

**اَلْمِئْنَاثُ**: وہ عورت جس کی عادت لڑکیاں جننے کی ہو۔ مرد کے لیے بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اس لیے کہ مفعال کا وزن دونوں کے لیے یکساں ہے اور اس کے مقابلہ میں مِذکَار ہے ـــــ یعنی وہ عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو۔

**اَلْاَنَاثُ**: چھوٹے چھوٹے ستارے۔

**اَلْاَنْجَرُ**: جہاز کا لنگر۔

**اَلْاِنْجِیْلُ**: وہ آسمانی کتاب جو عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج اناجیل۔ (کلمہ یونانی ہے جس کے معنی بشارت کے ہیں)

**اَنَحَ** (ض) اَنْحًا و اَنِیْحًا و اُنُوْحًا: کانکھنا

**اَلْاَنِحُ و الْاَنُحُ و الْاَنُوْحُ**۔ سوال کرنے پر بخل کی وجہ سے کانکھنے والا۔

**اَلْاَنِحَةُ**: پست قد عورت۔

**اَنِسَ** (س) و اَنَسَ (ک) اَنَسًا و اَنَسَةً و اُنْسًا (ض) اَنْسًا۔ مانوس ہونا ـــــ بِهٖ و اِلَیْهِ: محبت کرنا۔ سکونِ قلب پانا۔

**اَنَّسَهُ**: مانوس کرنا۔ **اَنَسَ الشَّیْءَ**: دیکھنا اور جاننا۔

**اَنَسَهُ یُوْاَنِسُهُ مُؤَانَسَةً**: لطف و مہربانی کرنا۔ محبت کرنا۔ تسلی دینا۔

**اَنَّسَهُ یُؤَنِّسُهُ اِیْنَاسًا**۔ مانوس کرنا۔ آنس الصَّوْتَ: سننا ـــــ الشَّیْءَ: دیکھنا۔ اور اسی سے ہے "آنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا" موسیٰ علیہ السلام نے طور کی جانب آگ کو دیکھا۔

**تَاَنَّسَ**: انسان ہونا۔ مانوس ہونا۔ **اَلسَّبُع**: دور سے شکار کی آہٹ معلوم کر لینا ـــــ بِهٖ: مانوس ہونا۔

**اِسْتَاْنَسَ**: وحشت کا دور ہونا ـــــ بِهٖ وَ اِلَیْهِ: مانوس ہونا ـــــ لَهٗ: کان لگانا۔ دیکھنا۔

**اَلْاَنَسُ**: وہ شخص جس سے تم انس حاصل کرو۔ بڑی جماعت ج اَناس۔

**اَلْاِنْسُ**: آدمی۔ واحد (اِنْسِیٌّ و اَنْسِیٌّ) ج اُناس و اَنَاسِیُّ۔ اِنْسُکَ و اِبْنُ اِنْسِکَ وَ اِبْنُ اِنْسِکَ: تمہارا دوست اور حلیف۔

**اَلْاَنْسُ و الْاُنْسَةُ**: اُنسیت۔

**اَلْاَنِسَةُ**: پاکیزہ طبیعت والی لڑکی۔ ج اَوَانِسُ۔

**اَلْاِنْسَانُ**: آدمی۔ جنس بشری کے افراد پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ اور مولدین کے اشعار میں انسانۃ بھی آیا ہے غیر مزروعہ زمین۔ **اِنْسَانُ الْعَیْنِ**: آنکھ کی پتلی ج اناسِیُّ و اَنَاسِیَةٌ و آناس۔ پہاڑ کا سایہ۔

**اَلْاَنَسَانِیَّةُ**: انسان کی خصوصیات۔ اکثر اس کا استعمال اخلاق محمودہ کے لیے ہوتا ہے۔

**اَلْاَنُوْسُ**: بہت اُنس کرنے والا ـــــ مِنَ الْکِلَابِ: نہ کاٹنے والا کتا۔ ج اُنُس۔

**اَلْاَنِیْسُ**: انس کرنے والا۔ وہ شخص جس سے انس حاصل ہو کہا جاتا ہے۔ "مَا بِالدَّارِ مِنْ اَنِیْسٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں ـــــ **اَلْاَنِیْسُ**: ایک آبی پرندہ جس کی آواز گائے کی آواز سے مشابہ ہے۔ مرغ۔

**اَلْاَنِیْسَةُ و الْمَانُوْسَةُ**: آگ۔

**اَلْمُؤْنِسُ**: انس دینے والا۔ پنج شنبہ کے دن کا نام۔ اَبُوْمُؤْنِسٍ: شمع۔

**اَلْمُؤْنِسَاتُ**: ہتھیار۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْاَنِیْسُوْن-انیسون(ایک دوا کا نام)

اَنَصَ(ض)اَنِیْصًا-اللَّحْمُ : خراب ہونا-گڑ جانا-

اَنَصَ(ن)اَنِیْصًا-خوف کی وجہ سے آنتوں کا حرکت کرنا-

اَنْصَ اِیْنَاصًا-اللَّحْمَ :نیم بریاں کرنا-

اَنِفَ(س)اَنَفًا-مِنَ الْعَارِ :خوددار ہونا-ناپسند کرنا-صفت(اَنُوفٌ)اور اسم(الْاَنَفَة)

_____ الْبَعِیْرُ :ناک میں درد ہونا-صفت(اَنِف)

اَنَفَه(ن ض)اَنْفًا :ناک پر مارنا-

اِئْتَنَفَ واِسْتَاْنَفَ-الشَّیْءَ :از سرنو کرنا-اور اسی سے ہے "اِسْتَاْنَفَ الدَّعْوٰی" یعنی اس نے اپیل کی-

اَلْاَنْف :ناک-اَنْفُ الْجَبَل :پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ-"اَنْفُ کُلِّ شَیْءٍ" ہر چیز کی ابتدا-کہا جاتا ہے "مَاتَ حَتْفَ اَنْفِه" ہوا اپنی طبعی موت مرا-

رَغِمَ اَنْفُهٗ :وہ ذلیل ہوا-حَمِیَ اَنْفُهٗ :وہ غالب و زبردست ہوا-ج آنَاف وانُوف وآنُف-

اَنِفًا:ابھی-کہا جاتا ہے "ذَکَرْتُه اَنِفًا" میں نے اس کو ابھی یاد کیا- یہ ہمیشہ بربنائے ظرفیت منصوب ہوتا ہے-

اَنِفَة الشَّبَاب : آغاز جوانی - کہا جاتا ہے "مَضَتْ اَنِفَةُ الشَّبَابِ" جوانی کی مستی ختم ہو گئی-

اَلْاُنُف :مِنَ الرِّیَاضِ : وہ سرسبز وشاداب حصہ زمین جس کو کسی جانور نے چرا نہ ہو-کَاْسٌ-

اُنُف :وہ پیالہ جس سے کسی نے پیا نہ ہو-

اَلْاَنِیْف : نرم لوہا- تمام زمینوں سے پہلے پیداوار اگانے والا پہاڑ-

رَجُلٌ اَنَافِیٌّ-بڑی ناک والا مرد-

اَلْمُسْتَانَف-مِنَ الْاَمْرِ :وہ کام جس کو ابھی کسی نے نہ کیا ہو-

اَنِقَ(س)اَنَقًا :خوش ہونا-الشَّیْءَ :پسند کرنا _____ بِهٖ :پسند کرنا اور ماسوا پر ترجیح دینا _____ الشَّیْءُ : خوبصورت و تعجب انگیز ہونا- صفت اَنِقٌ واَنِیْقٌ ومُؤْنِقٌ-کہا جاتا ہے "رَوْضَةٌ اَنِیْقٌ و اَنِیْقَةٌ" خوبصورت باغ-

اَنَّقَهٗ : تعجب میں ڈالنا-

اَنَّقَهٗ اِیْنَاقًا وتَاْنِیْقًا : تعجب میں ڈالنا-تَاْنِیْقًا مصدر خلافِ قیاس ہے-

تَاَنَّقَ :نفاست پسند ہونا _____ فِی الْکَلَامِ اَوِ الْعَمَلِ :اچھی طرح کرنا _____ الْمَکَانَ :پسند آنے کی وجہ سے جدا نہ ہونا-

اَلْاَنَاقَة والْاِنَاقَة :حسن پسندیدہ-

اَلْاَنُوق :عقاب "هُوَ اَعَزُّ مِنْ بَیْضِ الْاَنُوْقِ" وہ عقاب کے انڈے سے زیادہ کمیاب ہے-بطور مثل کے اس چیز کے لیے بولتے ہیں جس کا حصول محال ہو-

اَنَكَ(ن)اَنْکًا-الشَّیْءُ :بڑا اور موٹا ہونا-

اَلْاَنَك :سیسہ-ایک ٹکڑے کو انکہ کہتے ہیں-

اَلْاَنْکَلِیْس :مارماہی-

اَلْاَنَام واَلْاُنَام واَلْاَنِیْم :مخلوق-انیم کا استعمال صرف اشعار میں ہوتا ہے-

اَنٰی(ض)اَنْیًا واِنًی واَنَاءً واُنِیًّا وتَانِیَة :قریب ہونا-آنا _____ النَّبَاتُ :پک جانا-

اَنَّی یَانِی واَنَیَ(س)اَنْیًا واِنًی :دیر کرنا-پیچھے رہنا-صفت اَنِیٌّ

اَنَّی اِیْنَاءً-فُلَانًا :دیر کرانا-پیچھے ڈالنا-

تَاَنَّی واِسْتَاْنَی-فِی الْاَمْرِ وبِهٖ :اچھی طرح غور فکر کرنا _____ الرَّجُلَ :مہلت دینا-

اَلْاَنَاة :وقار-بردباری-انتظار و مہلت-

اَلْاَنَاء والْاَنِی والْاِنَی :وقت کا آپہنچنا-پختگی-

اَلْاَنَی :بردباری-نرمی-پورا دن یا اس کا ایک جزو-ج آناء واُنِیّ کہا جاتا ہے "آنَاءَ اللَّیْلِ واَطْرَافَ النَّهَارِ" یعنی رات اور دن-

رَجُلٌ اٰنٍ :بردبار اور سنجیدہ مرد-

اَلْاَنَاءُ :برتن-ج آنِیَةٌ وجج اَوَانٍ-

اَنّٰی-(ا) ظرفِ مکان ہے اور دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے جیسے "اَنّٰی تَجْلِسْ اَجْلِسْ" جہاں تو بیٹھے گا میں بیٹھوں گا-

(۲) بمعنی کہاں سے جیسے "اَنّٰی لَکَ هٰذَا" یعنی تمہیں یہ کہاں سے حاصل ہوا؟

(۳) ظرف زمان بمعنی کب جیسے "اَنّٰی جِئْتَ" تم کب آئے؟

(۴) استفہامیہ بمعنی کیف جیسے "اَنّٰی یُحْیِی هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا" اللہ اس بستی کو کیونکر زندہ کرے گا اور اسی سے ہے "فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ"

اَفْ واُفِّ واُفٍّ وآفٍ واُفٍّ وآفٍّ وآهَا-آہ آہ-

اَهَّ(ن)اَهًّا واَهَّةً واِهَّةً واُهَّةً وتَاَهَّهٗ-آہ آہ کرنا-

اَهَّبَ وتَاَهَّبَ-لِلْاَمْرِ : تیار و آمادہ ہونا-

اَلْاُهْبَة :سامان- کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلسَّفَرِ اُهْبَةً" اس نے سامان سفر لیا-

اَلْاِهَاب :کھال-کچی کھال-ج اُهُب واَهَب وآبِبة-

اَلْاَهَرَة :گھریلو سامان-اچھی حالت-ہیئت-ج اَهَر واَهَرات-

اَهَلَ(ن ض)اَهْلًا واُهُوْلًا-اَلرَّجُلُ :شادی شدہ ہونا _____ اِمْرَاَةً : نکاح کرنا- صفت مفعولی(مَاهُوْلَة)

اَهِلَ(س)اَهْلًا-بِهٖ :انس حاصل کرنا-

اُهِلَ- اَلْمَکَانُ اَوِ الْبَلَدُ : آباد ہونا- صفت آہِل وماهُوْل-

اَهْلَهٗ اِیْهَالًا- شادی کر دینا( _____ واَهَّلَهٗ)

لِلْاَمْرِ : لائق بنانا یا سمجھنا- اَهَّلَ بِهٖ : کسی سے اَهْلًا وسَهْلًا کہنا-

تَاَهَّلَ واِتَّهَّلَ : شادی شدہ ہونا- تَاَهَّلَ لِلْاَمْرِ :لائق ہونا-

اِسْتَاهَلَ الشَّیْءَ : کسی چیز کا اہل ہونا-

_____ الرَّجُلُ :لائق سمجھنا- اِسْتَاهَلَ : پکھلی ہوئی چربی لینا یا کھانا-

اَهْلًا وسَهْلًا- خوش آمدید- تقدیر عبارت کی یوں ہے "صَادَفْتَ اَهْلًا لَا غُرَبَاءَ وَوَطِئْتَ سَهْلًا لَا وَعْرًا" تو نے اپنے لوگوں کو پایا اجنبیوں کو نہیں اور نرم زمین میں آیا سخت میں نہیں-

اَلْاَهْل :کنبہ-رشتہ دار-ج اَهْلُوْنَ وَاَهَالٍ وآہال واہلات وآہَلَات- اَهْلُ الرَّجُل : بیوی- اَهْلُ الْاَمْرِ : حکام- اَهْلُ الْمَذْهَب : متبعین مذہب- اَهْلُ الْوَبَر :بدو- اَهْلُ الْمَدَرِ وَالْحَضَرِ :عرب کے شہری-

اَلْاَهْلِیَّة :قابلیت-

اَلْاَهِلِ وَالْاَهْلِی-پالتو جانور وغیرہ-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْاَهِلُ :بال بچوں والا۔
اَلْاِهَالَة :پگھلی ہوئی چربی۔ ہر وہ روغن جس کو بطور سالن کے استعمال کیا جائے۔
اَلْمَاهُوْل :آباد مکان۔
اَوْ۔ حرفِ عطف میں سے ہے اور اس کے مواقع استعمال حسب ذیل ہیں۔
(۱) شک جیسے "لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ" ہم ایک دن یا دن کے کچھ حصہ میں ٹھہرے۔
(۲) ابہام جیسے "نَحْنُ اَوْ اَنْتُمْ عَلَى الْحَقِّ" ہم یا تم حق پر ہیں۔
(۳) اباحت جیسے "جَالِسِ الْحَسَنَ اَوِ ابْنَ سِيْرِيْنَ" حسن کے پاس بیٹھو یا ابن سیرین کے پاس۔
(۴) تخییر جیسے "سِرْ رَاكِبًا اَوْ مَاشِيًا" سوار چلو یا پیدل چلو۔
(۵) تقسیم جیسے اَلْكَلِمَةُ اِسْمٌ اَوْ فِعْلٌ اَوْ حَرْفٌ (کلمہ یا اسم ہے یا فعل یا حرف) کبھی الیٰ کے معنی میں آتا ہے جیسے "لَاَلْزِمَنَّكَ اَوْ تُقْضِيَنِيْ حَقِّيْ" میں تمہارے ساتھ لازم رہوں گا یہاں تک کہ تم میرا حق پورا کردو اور کبھی اِلَّا کے معنی میں آتا ہے جیسے "لَاَقْتُلَنَّ الْعَدُوَّ اَوْ يَخْضَعَ" میں دشمن کو یقیناً قتل کروں گا مگر یہ کہ وہ تابع ہو جائے۔
اَبَ(ن) اَوْبًا وَمَآبًا۔ مِنَ السَّفَرِ :لوٹنا۔ واپس ہونا۔ صفت (آئب) ج اَوْب وَاُيَّاب وَاُوَّاب ـــــ الْمَاءَ : رات میں کسی چشمہ پر اُترنا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غائب ہونا۔ غروب ہونا ـــــ اِلَى اللّٰهِ :توبہ کرنا۔
اَبَهُ(ن) اَوْبًا :قصد کرنا۔ اَبَ اِلَيْهِ : کسی کے پاس رات کے وقت جانا۔
اَوِبَ(س) اَوْبًا۔ غضبناک ہونا۔
اَوَّبَ وَاَيَّبَ۔ عَنْهُ :لوٹنا۔ اَوَّبَ الْاَوِيْم :بیچ میں سے گول کاٹنا۔
اَوَّبَ وَآوَبَ مُؤَاوَبَةً۔ الْقَوْمُ : سارے دن چلنا اور رات میں قیام کرنا۔
تَاَوَّبَ وَتَاَيَّبَ وَانْتَابَ :لوٹنا ـــــ الْمَاءَ :رات میں کسی چشمہ پر اُترنا۔
اَلْاَوْب وَالْاَوْبَة وَالْاِيَاب :واپسی وَالْاَوْب : قصد۔ عادت۔ راستہ۔ جہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وْا مِنْ كُلِّ اَوْبٍ" وہ لوگ ہر جہت سے آئے۔ "وَكُنْتُ عَلَى صَوْبِ فُلَانٍ وَاَوْبِهٖ" میں فلاں کی روش اور طریقے پر تھا۔ اَلْاَوْبَة :جانور کی ٹانگ۔ ج اَوْبات۔
اَلْاَوَّاب :توبہ کرنے والا۔ ج اَوَّابُوْن۔
اَلْمَآب :لوٹنے کی جگہ۔ ج مَآوِب۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةُ مَآوِبَ" ان دونوں کے درمیان تین منزل کا فاصلہ ہے۔
اَلْاَوِيَّة :وہ پانی جس کو دوپہر کے وقت پئیں۔
اَلْاَوْج :بلندی۔ فن موسیقی کا ایک سُر۔
اَلْاَوْح :انڈے کی سفیدی۔
آدَهُ (ن) اَوْدًا وَاُوُوْدًا۔ اَلْاَمْرُ : گرانبار کرنا۔ تھکا دینا ـــــ الْحِمْلُ : بوجھل کرنا صفت (آئد) اور صفت مفعولی (مَوْود)۔ (اَوْدًا) الْفِيْلُ : لوٹنا۔ الْعِشْيُ : مائل ہونا ( ـــــ اَوْدًا وَاوَدَ) ـــــ الْعُوْدَ :جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔
اَوِدَ(س) اَوَدًا وَتَاوَّدَ۔ ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔ صفت (اَوِد) مؤنث (اَوْداء) وَتَاوَدَهُ الْاَمْرُ : شاق گزرنا۔ گراں ہونا۔
اِئْتَادَ انْئِيَادًا : مڑنا۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔
اَلْاَوَد :مشقت۔ ٹیڑھاپن۔
اَلْاَوْدَة :بوجھ۔
اَلْمَآوِد : مصیبتیں۔
اَلْاُوَار :گرمی۔ پیاس۔ دھواں۔ ج اُوُر۔
اَلْاَوَرَة :چولہا۔ آگ جلانے کی جگہ۔
اَلْاَوْزَة :بط۔ مرغابی۔ ج اَوَز۔
اَلْمَاْوَزَة :وہ جگہ جہاں مطین زیادہ ہوں۔
آسَ يَؤُوْسُ اَوْسًا وَاِيَاسًا :دینا۔ بدلہ دینا۔
اِسْتَآسَهُ : عطیہ مانگنا۔ مدد طلب کرنا۔ ساتھ رہنے کو کہنا۔
اَلْآس۔ عطیہ۔ بھیڑیا۔
اَلْآس :ایک درخت کا نام ہے جو ریحان کے نام سے مشہور ہے۔ واحد آسَة ہے۔
اَلْاَس :چولہے کی بقیہ راکھ۔ شمد۔ چھتہ میں باقی ماندہ شہد۔ قبر۔
اُوَيْس :بھیڑیا۔
اَفَهُ(ن) اَوْفًا۔ نقصان پہنچانا۔ فاسد کرنا "آفت اَوْفًا وَاَفَةً وَاُوُوْفًا اَلْبِلَادُ : آفت زدہ ہونا۔
اَلْاَفَةُ :آفت۔ مصیبت۔ ہر وہ عارضہ جو کسی چیز کو فاسد کردے۔ ج آفات۔
آقَ (ن) اَوْقًا۔ عَلَيْهِ : اُوپر سے جھانکنا۔ جھکنا۔ مبتلائے مصیبت کرنا۔ نحوست لانا۔
اَوَّقَهُ : کسی پر مشقت ڈالنا۔ کھانا کم کرنا۔
تَاَوَّقَ :رُکنا۔
اَلْاُوْق : بوجھ۔ نحوست۔ بدبختی۔ کہا جاتا ہے "اَلْقٰى عَلَيَّ اَوْقَهٗ" اس نے اپنا بوجھ مجھ پر ڈال دیا۔ "وَبِهٖ اَوْق" وہ منحوس ہے۔
اَلْاَوْقَة :جماعت۔ اس سے ہے "جَاءَ الْقَوْمُ بِاَوْقِتِهِمْ" قوم پوری کی پوری آئی۔
اَلْاُوْقَة :گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ج اُوْقات و اُوَق۔
اَلْاُوْقِيَّة :نصف رطل کا چھٹا حصہ۔ ج اَوَاقٍ و اَوَاقِي۔ اَلْاَوَاقِي :ڈھرکی۔
اَلْمَوْوق : منحوس : اَلْمُوَوِّق۔ کھانے میں دیر کرنے والا۔
اَلْاُوْقِيَانُوْس :بحر اٹلانٹک۔ بحر محیط۔
اَلْاَوْكَة :غصہ۔ بدی۔
اَلْاُوكْسِيْجِن : آکسیجن
اَلْاَلُ : سراب۔ یا وہ سرابی کیفیت جو چلچلاتی دھوپ میں زوال سے پہلے محسوس ہوتی ہے۔ اَلُ الرَّجُل : اہل وعیال۔ اس کا استعمال صرف اشراف ہی میں ہوتا ہے خواہ شرافت دینی ہو یا دنیوی جیسے آلُ النَّبِي وَآلُ فِرْعَوْنَ" اور آل الحجام و آل الْاِسْكَافِ۔ نہیں کہا جاتا۔
آلُ الْجَبَل :پہاڑ کے اطراف۔
اَلْاَلَة : اوزار۔ ج آل وآلات۔ اَلْاَلَة الْحَدْبَاء : تابوت۔ اَلْاَلَةُ الْخِيَاطَةِ : سینے کی مشین۔ اَلْاَلَةُ الْكِتَابَةِ : ٹائپ رائٹر۔ اَلْاَلَة : حالت شدت۔ چوب خیمہ۔
اَلْاَلَاتِي :سازندہ۔ اوزار کے کارخانہ کا منتظم۔
اَلْاَوَّل۔ پہلا۔ ج اَوَائِل وَاَوَالٍ وَاَوَّلُوْن مؤنث اُوْلٰى۔ ج اُوَل وَاُولِيات۔ اَوَّل جب صفت واقع ہوتا ہے تو غیر منصرف ہوتا ہے جیسے "لَقِيْتُهٗ عَامًا اَوَّلَ" اور اس کے ماسوا صورتوں میں منصرف ہوتا ہے۔ جیسے مَا رَاَيْتُهٗ اَوَّلًا وَلَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آخِرًا" اور کہا جاتا ہے :لَقِيتُهُ أَوَّلَ ذِي يَدَيْنِ" یعنی صبح کو سب سے پہلے میں اس سے ملا۔ اور بولتے ہیں :"اَعْمَلُ كَذَا أَوَّلَ ذِي يَدَيْنِ "یعنی یہ کام میں سب سے پہلے کروں گا۔

آلَ (ن) أَوْلاً و مَآلاً۔ إِلَيْهِ :لوٹنا۔( ـــــ إِيَالاً واولاً) الرعية :انتظام کرنا۔( ـــــ أَوْلاً وإيالاً وإِيَالَةً عَلَى الْقَوم :حاکم ہونا۔

أَوَّلَهُ : إِلَيْه : واپس کرنا ( ـــــ وتَأَوَّلَ الكَلَامَ۔ تفسیر کرنا۔ وَتَأَوَّلَ فِيهِ الْخَيْرَ : خیر وصلاح محسوس کرنا۔

إِئْتَالَ :المالَ :انتظام کرنا۔

المَآلُ :لوٹنے کی جگہ۔ نتیجہ۔ مَآلُ الْكَلَام : مفاد۔

الْإِيَالَة : حکومت۔ سیاست۔ صوبہ۔ ج ایالات۔

أُولَاءِ و أُولَى۔ جمع قریب کے لیے اسم اشارہ ہیں مذکر و مؤنث دونوں کے لیے۔ اور اولاء پر ھا تنبیہ داخل ہوتا ہے اور ھٰؤُلَاءِ کہا جاتا ہے' اور آخر میں ک خطاب بھی لاحق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے أُولٰئِكَ اور أُولَاءِ و أُولَى الَّذِينَ کے معنی میں بھی مستعمل ہیں۔

أُولُو :ذو کی جمع۔ مؤنث أُولَات۔ اس کی واحد ذات ہے۔ تم کہتے ہو جَاءَنِي أُولُو الْعِلْمِ و أُولَاتُ الْفَضْلِ"

آمَ (ن) أَوْمًا : سخت پیاسا ہونا۔ (آمَ (ک) أَوْمًا وأَيَامًا وإِيَامًا) النحلَ وعَلَيْهَا :شہد نکالنے کے لیے چھتہ کے نیچے دھواں کرنا۔

أَوَّمَهُ :پیاسا کرنا۔

الْأُوَام :پیاس۔ دورانِ سر ( ـــــ والایام) دھواں۔ ج أُيُم۔

آنَ (ن) أَوْنًا۔ علَى نَفْسِهِ :نرمی کرنا۔

أَوَّنَ (ن) وتَأَوَّنَ : الرَّجُلُ : سنجیدہ و پُروقار ہونا۔

الْأَوْنُ :نرمی۔ آرام۔ سکون۔ وقار کے ساتھ چلنا۔

الْآن والْأَوَان۔ وقت۔ ج آوِنَةٌ۔

الْآن :ابھی۔

الْإِيوَان : محل۔ ج ایوانات و أَوَاوِين۔

الْأَوَان :کچھوے (اس کے لیے واحد نہیں)

آهَ (ن) أَوْهًا و أَوَّهَ و تَأَوَّهَ :دردمند ہونا۔ آہ آہ کرنا۔

الْأَوَّاه :بہت آہیں کرنے والا۔

الْآهَة۔ آہ۔ کراہ۔ کھسرہ۔

أَوَى (ض) أَوِيًّا و إِوَاءً۔ الْبَيْتَ و إِلَى الْبَيْتِ : ٹھکانا لینا۔ پناہ دینا۔ اُترنا۔ (و آوَى و أَوَّى) هُ الْبَيْتَ وَإِلَى الْبَيْتِ :ٹھکانا دینا۔ پناہ دینا۔ اُتارنا۔

أَوِيَ (ض) أَوَيَةً و إِيَّةً و مَأْوِيَةً و مَأْوَاةً۔ لهُ : رحم کھانا۔ نرم دل ہونا۔ ترس کھانا۔

تَآوَى و تَآوَّى۔ الطُّيُورُ :اکٹھا ہونا۔

اِئْتَوَى و اِتَّوَى :پناہ لینا ـــــ لَهُ :ترس کھانا۔

المَأْوَى و المَأْوَاة :ٹھکانا۔ جائے پناہ۔

اِبْنُ آوَى :گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابو ذُهْرَه کہتے ہیں۔ ج بنات آوَى۔

الْآيَةُ: علامت ـــــ مِنَ الْكِتَاب : آیت الْآيَة :عبرت۔ آئی و آیات۔

آيَةُ الرَّجُلِ :وجود۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ بِآيَتِهِمْ" قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔

أَيْ۔ حرفِ نداء ہے جیسے "أَيْ زَيْدُ" حرفِ تفسیر جیسے "رَأَيْتُ غَضَنْفَرًا أَيْ أَسَدًا"

إِيْ :ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے "إِيْ وَاللّٰهِ"

أَيُّ :اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔

(۱) شرط کے لیے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے "أَيًّا تَضْرِبْ أَضْرِبْ" جس کو تو مارے گا میں ماروں گا۔

(۲) استفہام کے لیے جیسے "أَيُّكُمْ أَتَى" تم میں سے کون آیا؟

(۳) اسم موصول جیسے "سَلِّمْ عَلَى أَيِّهِمْ أَفْضَلُ" ان میں سے جو افضل ہے اس کو سلام کر۔

(۴) کمال کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے "زَيْدٌ رَجُلٌ أَيُّ رَجُلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے۔ اور کبھی موصوف بالاتم منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے يَا أَيُّهَا الرَّجُلُ۔

إِيَّا :وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "إِيَّاكَ أَعْنِي"

أَيَا۔ بعید کے لیے حرفِ ندا ہے اور کبھی ہمزہ کو سے بدل کر ھیا بولتے ہیں۔

آدَ يَئِيدُ أَيْدًا و آدًا۔ مضبوط و سخت ہونا۔

أَيَّدَهُ تَأْيِيدًا و آيَدَهُ مُؤَايَدَةً :قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَيِّدٌ و مُؤْيِدٌ) صفت مفعول مُؤَيَّد و مؤيد (تَأَيَّدَ) :قوی ہونا۔

الْأَدُ و الْأَيْدُ : قوت۔

الْإِيَاد : ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لیے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ فضاء آسمانی۔ مضبوط پہاڑ۔

إِيَادُ الْجَيْشِ :فوج کا دایاں و بایاں بازو۔

الْأَيِّد :قوی۔

المُؤَيَّد : بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مَآوِدُ مُؤَايِد۔

گ أَيَّار :ماہ مئی (رومی مہینے کا نام)

أَيِسَ (س) إِيَاسًا۔ مِنْه : ناامید ہونا۔ صفت (آيِس)

أَيَّسَهُ و آيَسَهُ إِيئَاسًا :ناامید کر دینا۔

الْآيِسَة : پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔

آضَ يَئِيضُ أَيْضًا :لوٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلَهُ أَيْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔ ایضاً پر نصب مصدریت یا حالیت کی بنا پر ہے۔ ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "آضَ سَوَادُ شَعْرِهِ بَيَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔

الْأَيْقُونَةُ : مجسمہ' اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ النَّصْمَةُ ہے۔

أَيِكَ (س) أَيْكًا و امْتَأْيَكَ۔ الشَّجَرُ : گنجان ہونا۔

الْأَيْكُ :گنجان درخت۔ واحد (أَيْكَة)

الْأَيِكُ :پھل دار۔

إِيْل۔ عبرانی میں اللہ تعالیٰ کا نام۔ معنی قوی' قدیر۔

الْأَيَل والْأَيِّل والْأَيْل۔ بارہ سنگھا ج أَيَائِل۔

أَيْلُول :ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)

آمَ يَئِيمُ أَيْمَةً و أُيُومًا و أَيْمًا۔ الرَّجُلُ مِنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



زَوْجَتِهٖ اَوِ الْمَرْاَۃُ مِنْ زَوْجِھَا :رانڈ دیوہ ہونا۔
صفت مذکر و مؤنث (اَیِّم) ج اَیَائِم و اَیَامٰی وَاَیِّمُوْن وَاَیِّمَات۔
اَیَّمَہ :رانڈ بیوہ کرنا۔
تَاَیَّمَ :عرصہ تک بے نکاح کے رہنا۔
الْاَیْم :سانپ۔نر اژدہا۔ج ایوم۔
اَیْمُ اللّٰہ :اللہ کی قسم۔
الْاَیْمَۃ: عیب و نقص۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ (ھَایْمَۃٌ) مَیْتَمَۃٌ" لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے'

آنَ یَئِیْنُ اَیْنًا :وقت آنا۔کہا جاتا ہے "آنَ لَکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔
الْاَیْنَ : تھکن۔ماندگی۔
الْاٰن والْاٰوَان۔اداوان دیکھو۔
اَیَّانَ :اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اَیَّانَ تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جب تم مارو گے میں ماروں گا۔اسم استفہام جیسے "اَیَّانَ تَرْجِعْ" تو کب واپس ہو گا؟ اور رمضی کے معنی میں بھی آتا ہے بمعنی کب۔
اَیْنَ :اسم ظرف ہے بمعنی کہاں ـــــ جیسے "اَیْنَ یُوْسُفُ" یوسف کہاں ہے؟ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ ما اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے "اَیْنَ اَوْ اَیْنَمَا تَقِفْ اَقِفْ" تو جہاں کھڑا ہو گا میں کھڑا ہوں گا۔
اِیْہ :کچھ اور کہو۔یا کرو۔یا سناؤ۔
اَیَا و اَیَاءٌ و اَیَاۃٌ و اِیَاۃٌ۔الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی۔اور ایسا ہی نباتات کی رونق کے معنی میں بھی آتا ہے۔و الاِیَاۃ: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ب

ب۔ حروفِ جر میں سے ہے۔ معانی ذیل کے لیے مستعمل ہے۔

(۱) اِلْصَاق : جیسے "اَمْسَکْتُ بِالْغُلَامِ" میں نے غلام کو پکڑ لیا۔

(۲) اِسْتِعَانَہ : جیسے "کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ" میں نے قلم سے لکھا۔

(۳) مُصَاحبت : "اِذْهَبْ بِسَلَامٍ" سلامتی کے ساتھ جاؤ۔

(۴) ظَرْفِیَّت : جیسے "سَارَ بِاللَّیْلِ" وہ رات میں چلا۔

(۵) بَدَلْ : جیسے "بَاعَ الْکُفْرَ بِالْاِیْمَانِ" اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا۔

(۶) تَعْدِیَہ : جیسے "ذَهَبْتُ بِهٖ اِلَی الْبَیْتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا۔

(۷) قَسَمْ : جیسے "بِاللّٰهِ" اللہ کی قسم۔

(۸) سببیت : "لَقِیْتُ بِزَیْدٍ الْاَهْوَالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا۔

(۹) تاکید۔ اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں۔

کَانَ منفی کی خبر میں جیسے "وَمَا کَانَ بِمُنْکَرٍ" یہ منکر نہیں۔ لیس کی خبر میں جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ بِقَائِمٍ" زید کھڑا نہیں ہے۔ مَا مشابہ بلیس کی خبر میں جیسے "مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ" اللہ غافل نہیں ہے۔

اور افعل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اَکْرِمْ بِهٖ اَحْسِنْ بِهٖ" اور نفس وعین کے تاکید لانے میں جیسے "جَاءَ الْوَزِیْرُ بِنَفْسِهٖ" وزیر خود آیا۔

اور کفٰی کے فاعل پر جیسے "کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا"

اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا اَنْ یُّحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ" اور مبتدا پر سامی حیثیت سے جیسے "بِحَسْبِکَ دِرْهَمٌ" بجائے "حَسْبُکَ دِرْهَمٌ" کے۔

اور اِذا فجائیہ کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا بِزَیْدٍ فِی الطَّرِیْقِ"۔

اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "فَمَا رَجَعَتْ بِخَائِبَۃٍ رَکَّابٌ"۔

اور کبھی عن وعلٰی وَاِلٰی کے معنی میں آتا ہے۔

اَلْبَابَا : بوپ ج بَابَوَات نسبت کے لیے (بابویؔ)

تَبَلَّدَ : سُست وکند خاطر ہونا۔ کند ذہنی ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا ـــــ اَلرَّجُلُ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا ـــــ اَلصُّبْحُ : روشن ہونا۔

ـــــ اَلْقَوْمُ : غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

اَلْمَبْلُود : متحیر۔

اَلْبَلْدَۃ و اَلْبَلَد۔ ج بِلَاد و بُلْدَان : ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ اَلْبَلَد : قبر۔ و اَلْبَلْدَۃ : سینہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وَاسِعُ الْبَلْدَۃ" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر۔ ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بِلَدَتَہٗ عَلٰی بَلْدَتِہٖ" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔

اَلْبُلْدَان۔ بصرہ و کوفہ۔

اَلْبِلُّور وَ اَلْبِلَّور۔ ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید و شفاف جوہر۔

تَبَلَّوَ وَ تَبَلْوَر۔ بلور کے مشابہ ہونا۔

اَلْاِبْلِیْز وَ طِیْنُ الْاِبْلِیْز : مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہالا کر چھوڑ جاتا ہے۔

اَبْلَسَ : بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا ـــــ مِنْ رَحْمَۃِ اللّٰہِ : مایوس ہونا ـــــ فِیْ اَمْرِہٖ : متحیر ہونا۔ صفت (اَبْلَس و مُبْلِس)

ـــــ فُلَانٌ : غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔

اَبْلَسَہٗ : متحیر کر دینا۔

اَلْبَلَس : بے خیر آدمی۔

اَلْبَلَاس : ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس۔

اَلْبَلَاس : ٹاٹ بیچنے والا۔

مَا ذُقْتُ عَلُوْسًا وَلَا بَلُوْسًا۔ یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اِبْلِیْس : شیطان کا علم جنس۔ ج اَبَالِیْس وَ اَبَالِسَۃ۔

بُلِسَ : مکروہ چہرہ والا ہونا۔ مبتلائے برسام ہونا۔

بَلْسَمَ و تَبَلْسَمَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔ و بَلْسَم : مکروہ چہرہ والا بنا دینا۔

اَلْبَلْسَم : گوند کی قسم کا ایک مادہ ہے۔ جس کا زخم پر لیپ لگایا جاتا ہے۔

اَلْبَلْسَام : برسام (ایک بیماری کا نام)

اَلْبُلْسُن : مسور۔ مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔

اَلْبَلَسَان : ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے تتلی کے مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

اَلْبَلْشُوْن۔ بگلا۔

بَلَّصَ۔ فُلَانًا مِنْ مَالِہٖ : لے لینا۔

بَالَصَہٗ۔ کسی پر کود پڑنا۔ حملہ کر بیٹھنا۔

تَبَلَّصَ۔ اَلشَّیْءَ : پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔ تَبَلَّصَتِ الْغَنَمُ : کم دودھ والی ہونا۔

اَلْبَلْصُوْص : ایک قسم کا پرندہ۔ ج بَلَّنْصٰی۔

بَلَطَ (ن) بَلْطًا و بَلَّطَ و اَبْلَطَ۔ اَلدَّارَ : پتھروں کا فرش لگانا۔ "و بَلَّطَ الرَّجُلُ" چلنے میں تھکنا۔ بَلَّطَ اُذُنَہٗ : گوشمالی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا ھَفَا صَبِیُّکَ فَبَلِّطْ لَہٗ" جب تمہارا بچہ بہکے تو اس کی گوشمالی کرو۔

اَبْلَطَ۔ اَللِّصُّ الرَّجُلَ : سب کچھ چرا لینا۔ (

ـــــ و اُبْلِطَ) محتاج و فقیر ہونا۔

بَالَطَ و تَبَالَطَ۔ اَلْقَوْمُ : تلوار سے لڑنا۔ وَبَالَطَہٗ : چھوڑ کر بھاگ جانا۔ بَالَطَ فِیْ اُمُوْرِہٖ : مبالغہ کرنا ـــــ اَلسَّابِحُ : تیراکی میں کوشش کرنا۔

اَلْبَلَاط : ہموار زمین۔ پتھر کے چوکے جو فرش لگانے کے کام میں آتے ہیں اور اسی سے بَلَاطُ الْمَلِک ہے بمعنی محل شاہی اور مجازاً بمعنی مجلس شاہی۔

اَلْبُلَّط۔ لشکر سے بھاگنے والے۔

اَلْبَلُّوْط : ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ بلوط کا پھل۔

بَلُّوْطُ الْاَرْضِ : ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔

بَلُّوْطُ الْمَلِک : اخروٹ' شاہ بلوط : ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط' پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔

اَلْبُلْطِیّ : ایک قسم کی مچھلی۔

بَلْطَحَ : اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا۔

ـــــ اَلشَّیْءَ : چوڑا کرنا۔

تَبَلْطَحَ : چوڑا ہونا۔

بَلِغَ (ف) بَلْغًا و اِبْتَلَغَ۔ اَلشَّیْءَ : نگلنا۔

بَلَّغَہٗ و اَبْلَغَہٗ : نگلوانا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَہٗ رِیْقَہٗ" اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مدت کی مہلت دی۔ (بَلَّغَ و تَبَلَّغَ) :

اَلشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔

وَتَبَلَّغَہٗ : گھونٹ لینا۔

اَلْبُلْغَۃ : چکی کا سوراخ۔ ج بُلَغ۔

اَلْبَلْغَۃ : بہت کھانے والا مرد۔

اَلْبَلُوْع : بہت نگلنے والا۔

اَلْمَبْلَع : حلق۔

اَلْمِبْلَع : بہت کھانے والا۔

اَلْبَالُوْعَۃ و اَلْبَلُّوْعَۃ و اَلْبَلُّوْعَۃ ج بَوَالِیْع و بَلَالِیْع : موری۔ بدرو۔

بَلْغَمَ : اَللُّقْمَۃَ : نگلنا۔

اَلْبُلْغُم و اَلْبُلْغُوم : حلق۔ ج بَلَاعِم۔

اَلْبَلْغَم : بہت کھانے والا۔ تیز نگلنے والا۔

بَلَغَہٗ (ن) بُلُوْغًا : پہنچنا ـــــ اَلْغُلَامُ : بالغ ہونا۔ صفت (بالغ) مؤنث (بَالِغَۃٌ و بالِغ) ـــــ اَلْعِلَّۃ : تیز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنِّی کَلَامُکَ" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ۔ اَلرَّجُلُ : مبتلائے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَۃً : بلیغ ہونا۔ صفت (بَلِیْغ) ج بُلَغَاء۔

بَلَّغَہٗ و اَبْلَغَہٗ۔ اِلَیْہِ : پہنچانا۔ بَلَّغَ عَنْہُ الرِّسَالَۃَ اِلَی الْقَوْمِ : پیغام رسانی کرنا۔ بَلَّغَ الْفَارِسُ : تیز دوڑنے کے لیے لگام کو بڑھانا۔

بَالَغَ۔ فِی الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ۔ بِالشَّیْءِ : اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

ـــــ بِہِ الْعِلَّۃُ : تیز ہونا۔

تَبَالَغَ۔ فِیْہِ الْمَرَضُ : سخت ہونا اور انتہا کو پہنچنا

ـــــ اَلرَّجُلُ فِی الْکَلَامِ : بتکلف بلاغت سے کام لینا ـــــ اَلدَّبَّاغُ فِی الْجِلْدِ : دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



البُلْغ والبَلْغ :بلیغ- خوش بیان- انتہا کو پہنچنے والا- کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْمَقُ بِلْغٍ" وہ انتہائی بیوقوف ہے- ایسا ہی "هِيَ حَمْقَاءُ بُلْغَةٌ" اور کہا جاتا ہے "اَمْرُ اللّٰهِ بَلْغٌ" اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے- "وَجَيْشٌ بَلْغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر-

رَجُلٌ (بِلْغٌ بِلْغٌ) خبیث مرد-

البَلْغَة- انتہائی بیوقوفی-

البُلْغَة والبَلاَغ والتَّبَلُّغ :گزارہ کی مقدار-

البَلاَغ :پیغام ـــــ کسی چیز تک پہنچنا- کفایت- کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے- ج بَلاغات- البَلاغات : چغل خوریاں-

البَالِغ- سن بلوغ کو پہنچنے والا- کہا جاتا ہے "غُلاَمٌ بَالِغٌ وجَارِيَةٌ بَالِغٌ وَبَالِغَةٌ- وَاَمْرٌ بَالِغٌ" نافذ حکم-

البَالغاء :جانور کے پائے-

البَلاغِي والبُلاَغِي- مانی الضمیر کو فصیح و بلیغ عبارت میں ادا کرنے والا-

الْاَبْلَغ : ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہنچا دیا گیا ہو-

المَبْلَغ :روپے پیسے کی مقدار- کسی چیز کی حد وانتہا- ج مَبالِغ-

التَّبْلِيغ والتَّبْلِغة : چھوٹی رسّی جس کو بڑی رسّی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہنچ جائے-

البَلْغَم- قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام-

بَلَقَ (ن) بُلُوقًا : جلدی کرنا ( ـــــ وَاَبْلَقَ) البَابَ :چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا-

بَلَقَ الجَارِيَةَ :بکارت زائل کرنا-

بَلَقَ (س) وَبَلُقَ (ک) بَلَقًا وَ اَبْلَقَ وَ اِبْلَقَّ وَاِبْلاَقًّ وَاِبْلَوْلَقَّ- سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا- صفت (اَبْلَق) مؤنث بَلْقَاء- ج بُلْق-

بَلِقَ (س) بَلَقًا- متحیر ہونا- ششدر رہ جانا-

اِبْتَلَقَ :البَابُ :بالکل کھلنا-

اِبْتَلَقَ :چمکنا-

البَلَق : سنگ مرمر- بڑا خیمہ- بالوں کا خیمہ ( ـــــ والبُلْقَة) سیاہی وسفیدی-

الْاَبْلَقُ الفَرْد : سموأل بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا- کہا جاتا ہے "طلب الابلق العقوق" یعنی اُس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا- اس لیے کہ ابلق نر کوا اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں-

البَلْوَق والبَلُوْقَة :جنگل- زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اُگے- ج بَلاَلِيق-

البَالُوْقَة : موری- بدرو (بالوعہ میں ایک لغت ہے)

المُبَلَّق :سیاہ سفید داغوں والا-

بَلْقَعَ :المَكَانُ : خالی ہونا- صفت (بَلْقَع) کہا جاتا ہے "دَارٌ بَلْقَع" خالی مکان-

البَلْقَع والبَلْقَعَة- خالی زمین- ج بَلاَقِع (البلقع والمرأة البَلْقَعَة) ہر خیر سے خالی عورت-

البَلْقَعِيّ :صاف- کہا جاتا ہے "سهم او سنان بلقعي" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ-

بَلَّمَ :الرَّجُلَ :برائی بیان کرنا-

اُبْلِمَتْ : شَفَتُهُ : سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا- صفت (اَبْلَم) البَلْمَة :ہونٹ کی سوجن-

البَلَم :ایک قسم کی چھوٹی مچھلی-

البَلْمَاء :پورے چاند کی رات-

بَلِهَ (س) بَلَهًا و بَلاَهَةً ضعیف العقل ہونا- کمزور رائے والا ہونا- صفت (اَبْلَه) مؤنث بَلْهَاء ج بُلْه-

اَبْلَهَ-الرَّجُلَ :بیوقوف پانا-

تَبَلَّهَ :بیوقوف ہونا- حجت میں عاجز ہونا-

ـــــ الطَّرِيقَ : بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا- گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا-

بَالَهَهُ :فریب دینا-

تَبَالَهَ :بتکلف بیوقوف بننا-

بَلْهَ :چھوڑ دے (اسم فعل ہے)

بُلْهِنِيَة :العَيْشِ :زندگی کی فراخی و آسودگی-

بَلْهَسَ- تیز چلنا-

بَلْهَصَ- خوف سے بھاگنا-

بَلاَ (ن) بَلْوًا و بَلاَءً- الرَّجُلَ : آزمانا- تجربہ کرنا- امتحان لینا-

بَلِيَ (س) بِلًى و بَلاَءً- الثَّوبُ :بوسیدہ ہونا- صفت (بالٍ وبَلِيٌّ)

بَلِّى تَبْلِيَة وَاَبْلَى اِبْلاَءً- الثَّوْبَ : بوسیدہ کرنا-

بَالَى مُبَالاَةً و بِلاَءً و بَالَةً و بَالاً- الاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ :پرواکرنا-

بَالاَهُ :مقابلہ پر فخر کرنا- ایک دوسرے کو گھٹانا-

اَبْلَى- فُلاَنًا عُذْرَه : کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا- ملامت زائل کرنے کیلئے عذر بیان کرنا ـــــ فِي الْحَرْبِ بَلاَءً حَسَنًا :میدان جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا-

ـــــ هُ يَمِينًا : قابل اطمینان قسم کھانا-

تَبَالاَهُ :آزمائش کرنا-

اِبْتَلَى- قسم کھلانا ـــــ هُ :آزمائش کرنا-

ـــــ الشَّيَ :پہچاننا-

اِسْتَبْلَى- هُ :آزمائش کرنا-

اِبْلَوْلَى- العُشْبُ :دراز ہونا-

اَلْبَلْوَى و البَلْوَة و البِلْيَة و البَلِيَّة مصیبت- آزمائش- ج بَلاَيَا-

البَلاَء- غم جو جسم کو گھلا دے- آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے-

البِلْو و البِلْي :پرانا' بوسیدہ- کہا جاتا ہے "هُوَ بِلْوُ اَسْفَارٍ وَبِلْيُهَا" وہ سفر اور تجربہ میں پرانا ہوا ہے- یعنی بڑا تجربہ کار ہے "وَبِلْوُ شَرٍّ وَبِلْيَةُ" وہ شر میں مبتلا ہے اور اس پر غالب ہے- ج اَبْلاء-

البَلِيَّةُ- وہ اُونٹنی جس کو اس کے مالک کی قبر پر زمانہ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مرجاتی تھی-

المُبَلِّيَات : میت کے تابوت کے اِردگرد نوحہ کرنے والی عورتیں-

بَلَى : حرفِ تصدیق ہے- بمعنی ہاں- اکثر استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے- اور ایجاب کیلئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے مثبت ہو یا منفی- جیسے "اَقَامَ زَيْدٌ" کیا زید کھڑا ہوا- اس کے جواب میں "بَلَى" کا مطلب ہے کہ ہاں کھڑا ہوا- "اَمَا قَامَ زَيْدٌ" کیا زید نہیں کھڑا ہوا- اُس کے جواب میں "بَلَى" کا مطلب یہ ہے کہ ہاں کھڑا ہوا-

البَمّ- مِنَ العُود :بربط کا موٹا تار- بربط کی موٹی آواز- ج بُمُوم (جدید)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بَنَّ (ض) بَنًّا و اَبَنَّ۔ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔
اَبَنَّتِ السَّحَابَةُ : کئی روز تک برسنا۔
بَنَّنَ : الشَّاةَ : بکری کو موٹا کرنے کیلئے باندھنا۔
تَبَنَّنَ : جلدی نہ کرنا۔
الْبَنَان : پورے۔ انگلیوں کے اطراف۔ انگلیاں۔
الْبَنَانَة۔ البنان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر کا پورا۔ ج بَنَانَات۔
الْبَنَانَة : سرسبز باغ۔
اَلْبُنّ۔ ایک درخت کا دانہ ہے جس سے قہوہ بنایا جاتا ہے۔
مَكَانٌ بِنٌّ : بدبودار جگہ۔ البِنُّ : چربی۔ فربہی۔
الْبَنَّة : خواہ اچھی ہو یا بُری۔
الْبَيْنُ : موٹا۔ دور اندیش، عاقل۔
بَنَّتَ۔ عَنْه : خبر دریافت کرنا ـــــ هُ بِكَذَا : خاموش کر دینا۔
بَنَجَ (ن) بَنْجًا۔ اصل کی طرف لوٹنا۔
بَنَّجَهُ : بھنگ پلا کر سلا دینا۔
الْبَنْج : بھنگ۔
الْبِنْج : اصل۔ جڑ۔
الْبَنْجَكِشْت : لونگ۔ (جدید)
الْبَنْجَرَة۔ توپ کا دہانہ ج بَنَاجِر (جدید)
الْبَنْد : بڑا جھنڈا۔ جمیل۔ کتاب کی فصل یا قطعہ۔ قید۔ حیلہ۔ ج بُنُود۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَثِيرُ الْبُنُود" فلاں بہت حیلوں والا ہے۔ (جدید)
الْبَنْدَر۔ بندرگاہ۔ سمندر کے کنارے کا شہر۔ شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنَادِر (جدید)
(اَلشَّاه بَنْدَر) سوداگروں کا رئیس۔
بَنْدَقَ۔ اِلَيْهِ : تیز نظر ڈالنا۔
الْبُنْدُق۔ بندوق کی گولی۔ ایک درخت کا نام۔ واحد بُنْدُقَة۔ بندق درخت کا پھل۔
الْبُنْدُقِيَّة۔ بارود۔ اٹلی کے ایک شہر کا نام۔
بَنَسَ (س) بَنْسًا وَاَبْنَسَ۔ بُرائی سے گریز کرنا۔
بَنَّسَ : عَنْه : پیچھے ہٹنا۔
الْبِنْصِر۔ چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی انگلی۔ ج بَنَاصِر (مؤنث) بِخِنْصِرٌ۔
الْبَنَفْسَج : بنفشہ (الْبَنَفْش)

بَنَقَ (ن) بَنْقًا و اَبْنَقَ و بَنَّقَ۔ اِلَيْهِ : پہنچنا۔ بَنَّقَ الْكَلَامَ : جمع کرنا۔ درست کرنا۔
ـــــ الْكَذِبَ : گھڑنا ـــــ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ـــــ الشَّيْءَ : کسی چیز کا قلادہ ڈالنا
ـــــ ظَهْرَهُ بِالسَّوْطِ : زخمی کرنا ـــــ الْقَمِيصَ : گریبان لگانا۔
الْبَيْنَقُ و الْبَيْنَقَةُ : گریبان۔
طَرِيقٌ (مُبَنَّق) کشادہ راستہ۔
الْبُنْقُوس۔ خربوزہ کا شگوفہ۔ ج بَنَاقِيس۔
بَنْكَتِ الْجَارِيَتَانِ : قبیلہ سے باہر ہو کر دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی خبر بتانا۔
تَبَنَّكَ۔ بِالْمَكَانِ وَفِيهِ : اقامت کرنا۔
ـــــ فِي عِزِّهِ : جائز ہونا۔
الْبَنْك : جڑ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَى بُنْكٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا حصہ گزر گیا۔
الْبَنْك : بینک۔ ج بُنُوك (اس کی عربی مصرف ہے۔)
الْبَنَام : پورا (بنان کے نون کو میم سے بدل لیا گیا ہے۔)
بَنَى (ض) بَنْيًا و بِنَاءً و بُنْيَانًا و بِنْيَةً و بِنَايَةً۔ الْبَيْتَ : تعمیر کرنا ـــــ الْاَرْضَ : آباد کرنا۔ مکانات بنانا ـــــ عَلَى اَهْلِهِ و بِهَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا ـــــ الرَّجُلُ : بہتر سلوک کرنا ـــــ الطَّعَامُ بَدَنَه : موٹا کرنا
ـــــ الْكَلِمَةَ : مبنی بنانا ـــــ عَلَى كَلَامِهِ : کسی کے کلام کی نقل کرنا۔
بَنَّاهُ تَبْنِيَةً۔ بنانا۔ تشدید کثرت کیلئے ہے۔
اَبْنَاهُ۔ عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔ مکان بنوانا۔
بَانَاهُ۔ تعمیر میں مقابلہ کرنا۔
تَبَنَّى۔ هُ : بیٹا بنانا ـــــ الرَّجُلُ : بنے ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے "اِذَا جَلَسَتْ تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے۔
اِبْتَنَى۔ بَيْتًا : بنانا ـــــ الرَّجُلُ : بیٹوں والا ہونا ـــــ الرَّجُلَ : احسان و سلوک کرنا۔
ـــــ عَلَى اَهْلِهِ وَبِهَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔

اِسْتَبْنَى۔ الْمَنْزِلَ : گرا کر بنانا ـــــ الرَّجُلُ : ولمن لانا۔
الْبِنَاء : عمارت۔ ج اَبْنِيَة و جج اَبْنِيَات۔ اور کہا جاتا ہے "بِنَاءً عَلَيْهِ" نصب کے ساتھ اس وجہ سے کہ مفعول لہ ہے۔
الْبِنَايَة : مد۔ شرف۔
الْبِنْيَة وَالْبِنْيَة۔ عمارت۔ ج بُنًى و بِنًى وَالْبِنْيَة : ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَحِيحُ الْبِنْيَةِ" فلاں صحیح الفطرت ہے
بِنْيَةُ الْكَلِمَة : صیغہ اور مادہ۔
الْبُنْيَان۔ مد۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے "كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔
الْبَانِي : فاعل ج بُنَاة۔ مؤنث بَانِيَةٌ ج بَوَانِي۔
الْبَوَانِي۔ سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے "بَنَى الْبَيْتَ عَلَى بَوَانِيه" اس نے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔
الْبَنَّاء : معمار۔ ج بَنَّاؤُون۔
الْاِبْن : بیٹا۔ ج بَنُون و اَبْنَاء۔ تصغیر بُنَيّ اور نسبت کیلئے اِبْنِيّ اور بنويّ (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کر کے) مؤنث ابنة۔ اِبْنُ السَّبِيل : مسافر۔ اِبْنُ جَلَا : مشہور آدمی۔ اِبْنُ لَيْلَهَا : بڑے کام والا۔ اِبْنُ ذَكَاء : صبح اِبْنُ الطَّوْد : آواز باز گشت۔ "هُوَ اِبْنُ يَوْمِهِ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "هُوَ اِبْنُ بَطْنِهِ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔
الْاِبْنَم۔ بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔
الْبِنْت : ج بَنَات۔ بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بِنْتِي و بنويّ۔ بِنْتُ الشَّفَة ـــــ كلمہ ـــــ الْاَرْض : کنکری ـــــ الْيَمَن : قہوہ ـــــ الْعِنَب : آنسو ـــــ الْعُنْقُود اَوِ الْكَرْم : شراب۔ بَنَاتُ الدَّهْر : وَبَنَاتُ طَبَق : حشرات۔ بَنَاتُ اللَّيْل وَ بَنَاتُ الصَّدْر : افکار۔ بَنَاتُ اَحْدَر : جنگلی گدھے۔ بَنَاتُ الْمِغَالِ : عورتیں۔ بَنَاتُ الْاَرْضِ : چھوٹی چھوٹی نہریاں۔
بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرَى : سات ستارے جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔ اور اسی کے مانند بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰی ہیں۔

البَيِّنَة : عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (البَيِّنَةُ الْخَضْرَاء) آسمان۔

بُنَيَّاتُ الطَّرِيْقِ : چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں۔ اور اسی سے ہے "دَعْ بُنَيَّاتِ الطَّرِيْقِ" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور مکروفریب کو چھوڑ دو۔

المَبَانِي۔ شرافتیں۔ حُرُوْفُ الْمَبَانِي : حروفِ تہجی۔

البُنُوَّةُ۔ فرزندی۔

بَهَا (ف) وَبَهِيَ (س) و بَهُوَ (ک) بَهَاْ وَبَهَاءً وبُهُوْءً۔ بِهٖ : مانوس ہونا ـــــ لَهٗ : سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَهَاتُ لَهٗ وَمَابَاهَتْ لَهٗ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔

بَهَا (ف) بَهْاً وَاَبْهَاَ۔ البَيْتَ : سامان سے خالی کرنا۔

اِبْتَهَا۔ بِهٖ : مانوس ہونا۔

بَهِتَ (س) و بَهُتَ (ک) و بُهِتَ بَهْتًا وَبَهَتًا۔ ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہو کر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔)

بَهَتَهٗ (ف) بَهْتًا۔ اچانک پکڑنا (ـــــ ہ بَهْتًا و بَهْتَانًا) تہمت لگانا۔ صفت (بَهَّات) و (بُهُوت) ج بُهُت۔

بَهَّتَهٗ وَبَاهَتَهٗ۔ جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔

بَاهَتَ الرَّجُلَ : بہتان لگانا۔

البَهِيتَة : حیرانی (ـــــ و البُهْت و البُهتان) جھوٹ، تہمت۔

البَهُوْت : جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بُهُت۔

البُهْت و البُهْتَان : جھوٹ۔

البُهْتُر : پست قد۔ ج بَهَاتِير۔

البَهْتَرَة : جھوٹ۔

البُهْنَة : جنگلی گائے۔

بَهَثَ (ف) بَهْثًا۔ اِلَيْهِ : کشادہ روئی سے پیش آنا۔

بَهَجَهٗ (ف) بَهْجًا و اَبْهَجَهٗ۔ خوش کرنا۔

بَهِجَ (س) بَهَجًا۔ بِهٖ : خوش ہونا۔ صفت (بَهِجٌ وبَهِيْجٌ)

بَهُجَ (ک) بَهَاجَةً وَبَهَجَانًا : خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بَهِيْج) و صفت مؤنث (مِبْهَاج)

بَهَّجَهٗ۔ خوبصورت بنانا۔

بَاهَجَهٗ۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا۔

اَبْهَجَ وتَبَاهَجَ۔ الْمَكَانُ : سرسبز ہونا۔

اِبْتَهَجَ وتَبَهَّجَ وتَبَاهَجَ واسْتَبْهَجَ بِهٖ : خوش ہونا۔ تَبَهَّجَ : خوبصورت ہونا۔

البَهْجَة : خوبصورتی۔ تروتازگی۔ خوشی یا ظہورِ خوشی۔

البَهِيج۔ خوش۔

البَوَاهِد : بلائیں۔ سختیاں۔

البَهْدَلُ : بچو کا بچہ۔ البَهْدَلَة : پستان کی جڑ۔

بَهَرَهٗ (ف) بَهْرًا : غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا ـــــ فُلَانًا : بہتان لگانا ـــــ الحمل فُلَانًا : بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔

ـــــ الرَّجُلُ : ہمسروں سے فائق ہونا (ـــــ الْقَمَرُ :) ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (ـــــ بَهْرًا و بُهُوْرًا) الشَّمْسُ : روشن ہونا۔

بُهِرَ و ابْتُهِرَ۔ سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بَهِيْر و مَبْهُوْر) و ابْتَهَرَ : پوری کوشش کرنا۔

بَاهَرَهٗ مُبَاهَرَةً و بِهَارًا۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

اَبْهَرَ۔ عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔

اِبْتَهَرَ۔ پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا ـــــ ہ : واقعی عیب لگانا ـــــ السَّيْفُ : تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔

اِبْهَارَّ۔ اللَّيْلُ اَوِ النَّهَارُ : آدھا ہونا ـــــ عَلَيْنَا اللَّيْلُ : رات کا دراز ہونا (ـــــ وَاسْتَبْهَرَ) اللَّيْلُ : رات کا بہت تاریک ہونا۔

تَبَهَّرَ۔ الْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا ـــــ السَّحَابَةُ : بادل کا چمکنا۔

البُهْر : تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بُهْرٌ لَهٗ" : اس کیلئے ہلاکت ہو۔ لَيْلَةُ الْبُهْر : مہینے کی ساتویں، آٹھویں، نویں رات۔

البُهْرَة : مِنَ الْمَكَانِ وَالزَّمَانِ : وسط۔ درمیان۔

البَهَار : خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عَيْنُ الْبَقَر" (گاؤ چشم) بھی کہتے ہیں۔

البُهَار۔ بت۔ ابابیل۔ دھنی ہوئی روئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔

البَهِيرَة۔ موٹے سرینوں والی شریف عورت۔ ج بَهَائِر۔

الْاَبْهَر : پٹھ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَدِيْدُ الْاَبْهَر" فلاں مضبوط پٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ۔ و (الابھران) دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریان جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "مَازَالَ يَرْاجِعُهُ الْاَلَمُ حَتّٰى قَطَعَ اَبْهَرَهٗ" اس کو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہاں تک کہ اُسے ہلاک کر دیا۔

البَهْوَر : شیر۔

الْاَبَاهِر : پرندوں کے پر جو خوانی اور کلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے پروں کو قَوَادِم کہتے ہیں پھر اس کے بعد والوں کو مناکب اس کے بعد والوں کو اَبَاهِر اور بالکل اخیر والوں کو کُلًی کہتے ہیں۔

بَهْرَجَ۔ الدِّمَاءَ : رائیگاں کرنا ـــــ الْمَكَانَ : جگہ کو رفاہِ عام کیلئے کر دینا ـــــ بِهِمُ الدَّلِيْلُ : رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔

تَبَهْرَجَ۔ تکبر کرنا ـــــ الْمَرْاَةُ : آراستہ ہونا۔

ـــــ الْمَكَانُ : رفاہ عام کیلئے ہونا۔

البَهْرَج : باطل۔ ردی۔ کہا جاتا ہے "لُؤْلُؤٌ بَهْرَجٌ" ردی موتی۔ کھوٹا درہم۔ مکان۔ بَهْرَجٌ : رفاہِ عام، جگہ۔

تَبَهْرُس : تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔

بَهْرَمَ بَهْرَمَةً۔ شَعْرَهٗ : مہندی کا خضاب لگانا۔

تَبَهْرَمَ : مہندی لگانے سے سرخ ہونا۔

البَهْرَمَة : مص۔ برہمنوں کی عبادت۔

البَهْرَم : مہندی۔

بَهَزَهٗ (ف) بَهْزًا و اَبْهَزَهٗ۔ سختی سے دھکیلنا۔ غلبہ کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْبَهْزُ : سختی سے بہت دھکیلنے والا۔
بَهَسَ (ف) بَهْسًا۔ عَلَيْهِ : دلیری کرنا۔
بَهَشَ اِلَيْهِ (ف) بَهْشًا۔ خوشی سے متوجہ ہونا۔ مشتاق ہونا ـــــ بِيَدِهٖ اِلَيْهِ : لینے کیلئے ہاتھ بڑھانا ـــــ لِلْبُكَاءِ : رونے کیلئے آمادہ و تیار ہونا ـــــ عَنْهُ : کھود کرید کرنا۔
بَهَشَ وَتَبَهَّشَ۔ اَلْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔
اَلْبُهْشُ : تر گوکل (گوکل ایک دوا کا نام ہے)
رَجُلٌ بُهْشٌ : ہشاش بشاش مرد۔
بَهِصَ (س) بَهَصًا : پیاسا ہونا۔
اَلْبَهَصُ : پیاس۔
بَهْصَلَ وَتَبَهْصَلَ : کپڑے اتار کر جوئے کی بازی پر لگانا۔ بَهْصَلَ الْقَوْمُ مِنْ مَالِهِمْ : علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔
اَلْبُهْصُمُ : بہت سخت۔
بَهَظَهٗ (ف) بَهْظًا وَاَبْهَظَهٗ۔ اَلْحَمْلُ اَوِ الْاَمْرُ : بوجھل کرنا۔ باعث مشقت ہونا۔ اَبْهَظَ حَوْضَهٗ : بھر دینا۔
اَلْبَاهِظَة : مؤنث۔ باعث مشقت و تکلیف۔ مصیبت۔
اَلْمَبْهُوْظ : طاقت سے زیادہ تکلیف دیا ہوا۔
اَلْقِرْنُ الْمَبْهُوظ : مغلوب۔
بَهَغَ (ف) بَهْغًا۔ اَلرَّجُلُ : سونا۔ صفت (بَاهِغ)
اَلْبَهَق : برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ۔
بَهَقُ الْحَجَرِ : پتھر پر اگی ہوئی ایک قسم کی گھاس جو کائی کی مانند ہوتی ہے۔
بَهْكَتْ بَهْكَنَةً۔ فِي الْعَمَلِ : جلدی کرنا۔
اَلْبَهْكَلُ : نازک اندام پُر گوشت جوان۔ مؤنث بَهْكَلَة۔ شَبَابٌ بَهْكَلٌ : نئی جوانی۔
اَلْبَهْكَن : نازک اندام پُر گوشت جوان۔ مؤنث۔ بَهْكَنَة۔ ج بهاكِن۔ شَبَابٌ بَهْكَن : نئی تر و تازہ جوانی۔
بَهْلَهٗ (ف) بَهْلًا۔ اَللّٰهُ : لعنت کرنا۔
ـــــ وَاَبْهَلَهٗ : چھوڑنا۔ (ـــــ وَاسْتَبْهَلَ) اَلْوَالِيْ رَعِيَّتَهٗ : بلا روک ٹوک چھوڑ دینا۔
بَهَلَتِ۔ اَلنَّاقَةُ : اونٹنی کے تھن سے بندش کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔
اِبْتَهَلَ۔ اِلَى اللّٰهِ : گڑگڑا کر دعا کرنا۔
بَاهَلَ۔ بَعْضُهُمْ بَعْضًا : ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
تَبَهْلَلُوْا وَتَبَاهَلُوْا : باہم لعنت کرنا۔
اِبْتَهَلَا۔ ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
اَلْبَهْلَمُ وَالْبُهْلَة۔ لعنت۔
اَلْبَاهِل۔ بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے ہتھیار۔ نَاقَةٌ بَاهِلٌ : وہ اونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُهُل و بُهَّل۔ مؤنث بَاهِلَة۔ اَلْبَاهِلَة : بیوہ عورت۔
اَلْبُهْلُوْل : بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَهَالِيْل۔
اَلْبَهْلَوَان۔ مداری۔ رسی پر چلنے والا۔
بَهْلَقَ بَهْلَقَةً۔ تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ رو برو گفتگو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
تَبَهْلَقَ : جھوٹ بولنا۔
اَلْبَهَالِيْق۔ جھوٹی باتیں۔
اَلْبَهْلَق۔ سختی و بلا۔
بَهَمَ۔ بِالْمَكَانِ : مستقل اقامت کرنا۔
ـــــ اَلْبَهْمَ : ماں سے علیحدہ کر کے چرانا۔
اَبْهَمَ۔ اَلْبَابَ : بند کرنا ـــــ اَلْمَكَانُ : بھیڑ گھاس والی ہونا۔ (ـــــ وَتَبَهَّمَ وَاسْتَبْهَمَ) اَلْاَمْرُ عَلَيْهِ : مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ اُسْتُبْهِمَ عَلَيْهِ : شور مچا دینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔
اَلْبَهْمُ وَالْبَهَمُ وَالْبُهَام : گائے، بھیڑ، بکری کے بچے۔ واحد (اَلْبَهْمَة وَالْبَهَمَة)
اَلْبُهْمَة : دلیر جس پر کوئی قابو نہ پا سکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُهَم۔ اَلْبُهَم : مشکل اُمور۔
اَلْبُهْمَى : جو کی مانند ایک قسم کی نباتات۔
اَلْبَهِيْم : کالا۔ فَرَسٌ بَهِيْم : ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لَيْلٌ بُهَيْمٌ : پوری تاریک رات۔ ج بُهْم وَبُهُم۔
اَلْبَهِيْمَة۔ چارپایہ۔ ج بَهَائِم۔ اَلْبَهِيْمَة : ہر وہ جس میں قوتِ گویائی نہ ہو۔
اَلْاَبْهَم : گونگا۔ ج بُهْم : خاموش۔
اَلْاِبْهَام : مذ۔ انگوٹھا (مؤنث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج اَبَاهِيْم وَاَبَاهِيْم۔
اَلْمُبْهَمُ۔ مفم۔ اَمْرٌ مُبْهَمٌ : غیر معروف معاملہ كَلَامٌ مُبْهَمٌ : غیر معروف کلام۔ طَرِيْقٌ مُبْهَمٌ : غیر واضح راستہ۔ حَائِطٌ مُبْهَمٌ : دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔
بَهِنَ (س) بَهَنًا : بہت خوش ہونا۔
اَلْبَهَانَة : اچھی طبیعت کی عورت جو گفتگو وغیرہ میں نرم ہو۔ ج بَهَانَات۔
اَلْبَيْهَن : نسترن۔
تَبَهْنَسَ : ناز سے چلنا۔
اَلْبَهْنَس : شیر۔
بَهَا (ن) وَبَهِيَ (س) وَبَهُوَ (ک) بَهَاءً حسین و خوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا۔ صفت (بَهِيٌّ) مؤنث بَهِيَّة۔ بَهَاهُ : خوبصورتی میں غالب ہونا۔
بَهِيَ (س) بَهًى۔ اَلْبَيْتُ : ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَهَّى۔ اَلْبَيْتَ : کشادہ کرنا۔
بَاهَاهُ۔ فِي الْحُسْنِ : حسن و خوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔
اَبْهَى ـــــ خوبصورت چہرہ والا ہونا ـــــ اَلْاِنَاءَ : خالی کرنا۔ اَلْحَيْلَ : جنگ کے لیے کام نہ لینا۔
اِبْتَهَى۔ بِهٖ : فخر کرنا۔
تَبَاهَوْا : باہم فخر کرنا۔
اَلْبَهْو۔ مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔ ملاقات کا کمرہ ج اَبْهَاء وَبُهُوّ وَبُهِيّ۔
بَاءَ يَبُوْءُ بَوْءً ا۔ اِلَيْهِ : لوٹنا۔ بَاءَهٗ وَبَاءَ بِهٖ : لوٹانا ـــــ بِالْحَقِّ اَوْ بِالذَّنْبِ : اقرار کرنا ـــــ فُلَانٌ بِفُلَانٍ بَوَاءً : بدلے میں قتل کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "دَمٌ بَوَاءُ دَمٍ" خون خون کے برابر۔ بوء بِهٖ : یعنی ان لوگوں میں سے ہو جو جن کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہلل کا قول بجیر کیلئے ہے۔ "بُؤْ بِشِسْعِ نَعْلِ كُلَيْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے تسمے کے برابر ہو جا۔
بَوَّأَ۔ اَلْمَكَانَ : اُترنا۔ نازل ہونا ـــــ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرُّمْحُ نَحْوَهٗ : کسی کی طرف سیدھا کرنا- بَوَّأَهٗ وبَوَّأَ لَهٗ مَنْزِلاً : کسی کیلئے تیار کرنا-
اَبَاءَ- مِنْهُ : بھاگنا ـــــ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا- الشَّيَ و بِالشَّيْءِ اِلَيْهِ و عَلَيْهِ : لوٹانا ـــــ وَ مَنْزِلاً وَ فِي الْمَنْزِلِ : اتارنا ـــــ القَاتِلِ بِالْقَتِيْلِ : مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا-
تَبَوَّأَ- الْمَكَانَ وَبِهٖ : اقامت کرنا-
تَبَاوَأَ- الشَّيْئَانِ : مساوی ہونا-
البَاءَة و البَهْئَة و المَبْوَأ و المَبَاءَة- منزل- والبَهْئَة : حالت- کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ حَسَنُ الْبَهْئَةِ" وہ اچھی حالت والا ہے- حَاجَةٌ (مُبَهْئَةٌ) شدید حاجت-
بَابَ (ن) بَوْبًا- لَهٗ : دربان ہونا-
بَوَّبَ- الْكِتَابَ : ابواب میں تقسیم کرنا-
تَبَوَّبَ- الرَّجُلُ : دربان بنانا-
البَابُ : دروازہ ـــــ مِنَ الكِتَاب : کتاب کا باب- ج اَبْوَاب و بِيَبَان-
البَابَة : فِي الْحِسَابِ وَالحُدُوْدِ : غایت' انتہا- شرط- قسم- عادت- کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ مِنْ بَابَتِكَ" یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لیے مناسب ہے' ج بَابَات- بَابَاتُ الْكِتَاب : سطریں-
البَوَّابُ : دربان- ج بَوَّابُوْن-
البَوَّابَة : دربانی- دربانی کی اُجرت-
البَوْت : ایک پہاڑی گھاس کا نام-
البَوْتَقَة و البُوْدَقَة- کٹھالی-
بَاتَ (ن) بَوْتًا و اَبَاتَ و اِبْتَاتَ- الشَّيَ وَعَنِ الشَّيْءِ : کھود کر پد کرنا- بَاتَ الْمَكَانَ : کھود کر مٹی ملانا- بَاتَ التُّرَابَ : متفرق کرنا- بَاتَ الرَّمَادَ : بکھیرنا-
اِسْتَبَاتَ- التُّرَابَ : مٹی نکالنا- کہا جاتا ہے "تَرَكَ دَارَهُمْ حُوْتٌ" (بُوْتٌ) یعنی ان کے گھروں میں بل چلا دیا اور ویران کر دیا-
بَاجَ (ن) بَوْجًا- الشَّرُّ فُلَانًا وَ عَلَيْهِ : نازل ہونا- پہنچنا- آپڑنا ـــــ اَلْبَرْقُ : چمکنا- ـــــ البَعِيْرُ : تھکنا-
اِنْبَاجَ وَتَبَوَّجَ : اَلْبَرْقُ : زور سے چمکنا-
اِنْبَاجَت : عَلَيْهِمُ الدَّوَاهِي : مصیبتوں کا آ پڑنا-
البَاج : دیکھئے لفظ باج-
البَاجَة : اختلاط-
البَائِج : ران کی ایک رگ کا نام- ج بوالج-
البَائِجَة : مصیبت- ج بَوَائِج- البَائِجَة : کشادہ ریگستان-
بَاحَ (ن) بَوْحًا و بُؤُوحًا و بُوُوحَةً- الشَّيْءُ : ظاہر ہونا- مشہور ہونا ـــــ اِلَيْهِ بِالسِّرِ : ظاہر کرنا-
اَبَاحَ- السِّرَّ : ظاہر کرنا ـــــ ضِمْنًا : جائز کرنا' مباح کرنا-
اِسْتَبَاحَ- الشَّيْءَ : جائز و مباح ٹھہرانا یا سمجھنا- کسی چیز پر اقدام کرنا- اَلْقَوْمُ : تباہ و برباد کرنا-
اَلْبَاحِيُّ : ممنوعات کو کرنے اور ماموروں کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا-
البَاحَة : پانی یا اس کا بڑا حصہ- بہت سے کھجور کے درخت- صحن- بَاحَةُ الطَّرِيْقِ : وسط راستہ-
البَوَاح- کھلم کھلا- کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ بَوَاحًا" اس نے اس کو کھلم کھلا کیا-
بُوْحَک : کلمہ ترحم ہے مانند وَيْحَكَ کے-
البَوُّوح : دل کی بات ظاہر کرنے والا-
البَوْحَى- پچھاڑا ہوا- کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ بُوْحَى-"
بُوْح : آفتاب کے لیے علم ہے-
البَبَّاحَة : مچھلی کا جال-
المُبِيْح : جائز ٹھہرانے والا- شیر-
المُبَاح : جائز- روا-
بَاخَ (ن) بَوْخًا- تھکنا- کہا جاتا ہے "عَدَا حَتّٰى بَاخَ" وہ دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا ـــــ الْحَرُّ وَالغَضَبُ وَالنَّارُ : ٹھنڈا پڑنا- دھیما ہونا- بجھنا ( ـــــ بُؤُوخًا) اَللَّحْمُ : بگڑنا- خراب ہونا-
اَبَاخَ- النَّارَ : بجھانا- اور اسی سے ہے "اَبِخْ عَنْكَ الظَّهِيْرَةَ" ٹھہرو یہاں تک کہ دوپہر کی گرمی کم ہو جائے-
بَادَ (ن) بَوَادًا : ظاہر ہونا-
البَوْد : کنواں-
بَادَ يَبُوْدُ بَوْدًا- محتاج ہونا- فروتنی کرنا- لوگوں پر ظلم کرنا-
بَارَ (ن) بَوْرًا و بَوَارًا- ہلاک ہونا ـــــ السُّوْقُ اَو السِّلْعَةُ : کساد بازاری ہونا ـــــ العَمَلُ : باطل ہونا ـــــ الْاَرْضُ : غیر مزروعہ ہونا ـــــ وابْتَارَ) الرَّجُلَ : تجربہ کرنا- آزمائش کرنا-
بَوَّرَ- الْاَرْضَ : زمین کو بغیر کھیتی کے چھوڑ دینا-
اَبَارَهٗ- ہلاک کرنا-
تَبَوَّرَ- نَفْسَه : اپنے آپ پر ہلاکت کی وجہ سے نوحہ کرنا-
البَائِر : غیر مزروعہ زمین- ج بُوْر- کہا جاتا ہے "حَائِرٌ بَائِرٌ" یعنی کسی رہنما کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ کسی چیز کی طرف توجہ کرتا ہے-
البُوْر : تباہ و ہلاک ہونے والا- بے خیر- کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ بُوْرٌ وَ قَوْمٌ بُوْرٌ" ہلاک ہونے والی عورت یا قوم (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے یکساں) اَلْبُوْرُ مِنَ الْاَرْضِ : غیر مزروعہ زمین-
البَوْر : غیر مزروعہ خراب زمین- آزمائش ہلاکی- کساد بازاری-
البَوَار : ہلاکت- کساد بازاری- دَارُ البَوَار : دوزخ-
البُوْرَق : بورک- سہاگا- سوڈا-
البُوْرِيُّ : ایک قسم کی دریائی مچھلی- ج بَوَارِيُّ-
البُوْرِيَّة و البُوْرِيَاء- چٹائی-
البَوَّارِيُّ : چٹائی بیچنے والا-
البَاز : باز- ایک قسم کا شکاری پرندہ- ج بِيْزَان و اَبْوَاز-
البَوْز و البُوْزَة : دودھ شکر کی جمائی ہوئی برف-
بَاسَهٗ (ن) بَوْسًا : بوسہ لینا-
البُوْسِيْر- بواسیر-
البُوْسَطَة : ڈاک خانہ (جدید)
بَاشَ (ن) بَوْشًا و بَوَشَ و تَبَوَّشَ- اَلْقَوْمُ : مل جل کر شور مچانا-
البُوْش و البَوَش- لوگوں کی ملی جلی جماعت- کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ هَوْشًا بَوْشًا" اس نے ان لوگوں کو ملا جلا چھوڑا- اَوْبَاش اسی کی جمع مقلوب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہے۔
البُوْشِيُّ والبَوْشِيُّ۔ محتاج جس کے بہت بال بچے ہوں۔
بَاصَهُ (ن) بَوْصًا: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا ـــــ مِنْهُ: بھاگ کر چھپنا ـــــ فِي الْأَمْرِ: اصرار کرنا۔
بَوَّصَ: میدان میں آگے بڑھنا ـــــ الشَّيْءُ: صاف رنگ والا ہونا۔
اِنْبَاصَ: منقبض ہونا۔
البَوْص۔ ڈوری (ـــــ البُوْص) رنگ۔ صورت، شکل۔ چوڑا۔ ریشم یا کتان۔ ج اَبْوَاص
اَلْبُوْصِيُّ: ایک قسم کی کشتی۔
طَرِيْقٌ (باقِصٌ) دور کا راستہ۔
بَاضَ (ن) بَوْضًا۔ جمائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا ـــــ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
بَاظَ (ن) بَوْظًا: دولت مندی کے بعد محتاجی یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔
البَوْظَه: کھٹالی۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقشہ۔ ج بُوَط۔
بَاظَ (ن) بَوْظًا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
بَاعَ (ن) بَوْعًا: عطیہ دینے کے لیے ہاتھ بڑھانا ـــــ الفَرَسُ: دور دور قدم ڈالنا۔
(ـــــ وتَبَوَّعَ) الْحَبْلَ: باع سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باع باعَ و تَبَوَّعَ لِلْمَسَاعِي: باع پھیلانا۔
اِنْبَاعَ۔ الْعِرْقُ: بہنا ـــــ الحَيَّةُ: اُچھلنے کے لیے لمبا ہونا۔ الشُّجَاعُ مِنَ الصَّفِّ: بہادر کا صف سے نکلنا ـــــ الرَّجُلُ إِلَيْهِ: کشادہ روئی سے بڑھنا۔ اِنْبَاعَ لَهُ فِي بِضَاعَة: بیچنے میں سہولت برتنا۔
البَاع: دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار، کہا جاتا ہے "طَوِيْلُ الْبَاعِ وَرَحْبُ الْبَاعِ" یعنی فیاض۔ "وَقَصِيْرُ الْبَاعِ وَضِيْقُ الْبَاعِ" یعنی بخیل عاجز۔ ج اَبْوَاع وَبَاعَات وبِيْعَان۔
البَوْع: مد دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار۔ اور اسی سے مثل ہے "لَا يَعْرِفُ كُوْعَهُ مِنْ بُوْعِهِ" وہ کوع اور بوع کو نہیں پہچانتا۔ پوری جہالت کیلئے ضرب المثل ہے۔
بَاعَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔
البَيِّع: دُور دُور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَيِّعٌ" دُور دُور قدم رکھنے والا گھوڑا۔
بَوْعَاءُ الطِّيْبِ: خوشبو کی مہک۔
بَاغَهُ (ن) بَوْغًا: غلبہ کرنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَعَالِمٌ لَا تُبَاغُ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔
تَبَوَّغَ۔ الدَّمُ بِهِ: جوش مارنا ـــــ فُلَانٌ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔
البَوْغَاء: خاک۔ غبار۔ بُوْغَاءُ الطِّيْبِ۔ خوشبو کی مہک۔
بَاقَ (ن) بَوْقًا و بُؤُوْقًا: لڑائی جھگڑا برپا کرنا ـــــ القَوْمَ: بیوقائی کرنا۔ چوری کرنا۔ بَاقَتِ البَائِقَةُ القَوْمَ: مصیبت پہنچنا۔ بَاقَ القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھے ہو کر قتل کرنا۔ بَاقَتِ السَّفِيْنَةُ: ڈوبنا۔
بَاقَ الشَّيْءُ: غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔
بَوَّقَ۔ فِي البُوْق: بگل بجانا۔
تَبَوَّقَ۔ جھوٹ بولنا ـــــ الوَبَاءُ فِي الْمَاشِيَة: جانوروں میں وبا پھیلنا۔
اِنْبَاقَ۔ عَلَيْهِمُ الشَّرُّ: برائی و مصیبت پہنچنا ـــــ بِهِ: ظلم کرنا۔
البُوْق۔ بگل۔ ترہی۔ نرسنگھا۔ ج اَبْوَاق وبِيْقَان و بُوْقَات۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالبُوْقِ وَنَفَخَ فِي البُوْقِ" اس نے ڈنکے کی چوٹ اعلان کیا۔ نیز اس معنی میں آتا ہے کہ بیہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔
البُوْقَة: بارش کی سخت بوچھار۔ ج بُوَق۔
البَاقَة گلدستہ۔ ساگ پات کا مٹھا ج بَاقَاتٌ۔
البَائِق۔ مِنَ الْمَتَاعِ: بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "مَتَاعٌ بَائِقٌ" بے قیمت سامان۔
البَائِقَة۔ مصیبت۔ شر و فساد۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ بَائِقَةَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اٹھا دیا ج بَوَائِق۔
البَوَّاق۔ بگل بجانے والا۔
المُبَوِّق۔ کلام باطل۔
البُوْقِيْصَاء: ایک قسم کے درخت کا نام۔
بَاكَهُ (ن) بَوْكًا۔ الْمَتَاعَ: بیچنا یا خریدنا ـــــ الْأَمْرُ: مخلوط ہونا ـــــ الْقَوْمُ رَأْيَهُم: رائے میں گڑبڑی ہو جانے کی وجہ سے کوئی راستہ نہ پانا۔
الرَّجُلُ: مزاحم ہونا۔
اِنْبَاكَ۔ عَلَيْهِ الْأَمْرُ: گڑبڑ ہو جانا۔
بَالَ (ن) بَوْلًا و مَبَالًا۔ پیشاب کرنا۔
بَوَّلَهُ وَبَالَهُ: پیشاب کرانا۔
البَال: دل۔ کہا جاتا ہے "مَا خَطَرَ الْأَمْرُ بِبَالِي" یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔ حال و شان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَخِيُّ البَالِ" فلاں آسودہ حال ہے۔ خیال۔ کہا جاتا ہے "تَكَاسِيفُ الْبَالِ" جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ بَالِي" یعنی یہ ان چیزوں میں سے نہیں جن کی میں پرواہ کرتا ہوں۔ "وَاَمْرٌ ذُوْ بَال" یعنی ایسا کام جو قابل اہتمام ہو۔ "وَمَا بَالُكَ" یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔
البَال: سمندر کی مچھلیوں میں سے ایک مچھلی۔ ویل مچھلی۔
البَالَة۔ شیشی۔ خوشبو کی ڈبیہ۔
البَوْل: پیشاب۔ البول: لڑکا۔ عدد کثیر ـــــ بَوْلُ الْعَجُوْز: شراب۔
البَوْلَة: لڑکی۔
البُوَال: ایک بیماری جس میں پیشاب کثرت سے آتا ہے۔
البَوَّلَة: بہت پیشاب کرنے والا۔
المُبْوِلَة: وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو۔
المِبْوَلَة: پیشاب کرنے کا برتن۔
البُوْلِيْصَة اَوِ البُوْلِصَة: رسید۔ ہنڈی۔ ج بَوَالِص۔
البُوْلِيْس: پولیس۔ اس کی عربی شُرْطِي اور جِلْوَاز ہے۔
البُوْهُوْمَة: اُلو۔ ج اَبْوَام (دونوں لفظ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہیں)
بَانَهُ (ن) بَوْنًا۔ فضل و زیادتی میں غالب ہونا۔
البَوْن و البَوْن: دُوری۔ فصل۔ دو چیزوں کے درمیان فرق۔
البَوْنَة۔ چھوٹی بچی۔
البَان: ایک قسم کا درخت جس کے پتے بید کے پتے کی طرح ہوتے ہیں اور اس کے پھل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سے خوشبودار تیل نکلتا ہے اور بوجہ طویل ہونے کے اس سے قد کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

البَوَان والبُوَان : خیمہ کھڑا کرنے کا ستون ج اَبْوَنَہ و بُوْن و بُوَن۔

بَاہ (ف ن) بَوْھًا۔ لِلشَّیْءِ : سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابِھْتُ وما بُھْتُ الْاَمْرَ" میں نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔

بَاھَۃُ الدَّارِ : گھر کا صحن۔

البُوْہ : اُلّو یا اُلو کی مانند ایک پرندہ۔

البُوْھَۃ : البُوْہ کا مؤنث۔ بیوقوف مرد۔ دوات میں ڈالنے کے لیے دھنکی ہوئی خشک اون۔ اور اگر دوات میں ڈال دیں تو اس کو "لِیْقَۃ" کہتے ہیں۔

البَوَّۃ۔ اُونٹنی کا بچہ۔ اونٹنی وغیرہ کے مُردہ بچہ کی کھال جس میں گھاس وغیرہ بھر کر اس کی ماں کے سامنے کر دیتے ہیں تاکہ دودھ دوہنے میں آسانی ہو۔

بَوَیٰ یَبْوِیْ بَیًّا : دوسرے کے فعل کی نقل کرنا۔

البَوَیٰ : تقلید۔ نقالی۔ آرزو۔ طبیعت۔ الم۔

البَیْب : نابدان۔ حوض کی نالی۔

البَیَّاب : سقہ جو لوگوں کو پانی پلاتا پھرے۔

بَاتَ (ض س) بَیْتًا و بَیَاتًا و بَیْتُوْتَۃً و مَبِیْتًا و مَبَاتًا۔ فِی الْمَکَانِ۔ شب باشی کرنا ـــــ فُلَانًا وَبِہٖ وَعِنْدَہٗ : کسی کے پاس رات میں آنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یَفْعَلُ کَذَا" جبکہ کسی کام کو رات میں کرے جیسا کہ جب دن میں کرے تو کہا جاتا ہے "ظَلَّ یَفْعَلُہٗ کَذَا۔"

بَاتَ یَبِیْتُ بَیْتًا۔ الرَّجُلُ : نکاح کرنا ـــــ الرَّجُلَ : نکاح کرانا۔

بَیَّتَ۔ الشَّیْءَ : رات میں کرنا ـــــ العَدُوَّ : شب خون ڈالنا ـــــ البَیْتَ : گھر بنانا ـــــ رَایَہٗ : رات میں سوچ بچار کرنا۔

بُیِّتَ : الشَّیْءُ : اندازہ کیا جانا۔

اَبَاتَہٗ۔ شب باشی کرانا۔ کہتے ہیں۔ اَبَاتَہُ اللّٰہُ اَحْسَنَ اَبِیْتَۃٍ : بمعنی اَبَاتَہ۔

اِسْتَبَاتَ : رات کی خوراک مہیا کرنا۔

البَیْت۔ ج بُیُوْت و اَبْیَات و ج بُیُوتات و اَبَابِیْت۔ اور بقول بعض بُیُوتات اور اَبَابِیْت اشراف کیلئے مختص ہیں۔ تصغیر بُیَیْت : گھر، مکان، شرافت۔ بَیْتُ الرَّجُلِ : اہل و عیال بَیْتُ الشِّعْرِ : وہ منظوم کلام جو دو مصرعوں پر شامل ہو۔ بَیْتُ الْقَصِیْدَۃِ : قصیدہ کے بہترین اشعار یا وہ شعر جو شاعر کی غرض کو متضمن ہو۔

بَیْتُ الْمَقْدِسِ اَوِ الْبَیْتُ الْمُقَدَّسُ : ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ بَیْتُ الْمَالِ : حکومت اسلامی کا خزانہ۔ بَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ : مکڑی کا جالا۔ الْبَیْتُ الْعَتِیْقِ اَوِ الْبَیْتُ الْحَرَامِ : کعبہ معظمہ۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ جَارِی بَیْتَ بَیْتَ" وہ میرا پڑوسی ہے جس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔

البَیَات : شب خون ڈالنا۔

البِیْت و البِیْتَۃ : رات کی خوراک۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ بِیْتٌ لَیْلَۃٍ" اس کے پاس ایک رات کی خوراک ہے۔

البَائِت وَالْبُیُوْت۔ باسی۔ ہر وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو اور وہ ٹھنڈی ہو چکی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَسْقِنِی مِنْ بُیُوْتِ السِّقَاءِ" یعنی مجھ کو اس دودھ میں سے پلاؤ جو رات کو دوہا گیا ہو اور مشکیزہ میں رکھا گیا ہو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا ہو۔

البُیُوْت : ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحب معاملہ رات سوچ بچار میں گزارے۔ سِنٌّ بُیُوْتَۃٌ : مضبوط دانت۔

المَبِیْت : رہنے کی جگہ۔ شب باشی کی جگہ۔

المُبَیَّتَۃ۔ مِنَ النِّسَاءِ : گھر اور شوہر والی عورت۔

المُسْتَبِیْت : فقیر۔

بَیَّحَ تَبْیِیْحًا۔ بِہٖ : چپکے سے بھید بتلانا۔ ـــــ اللَّحْمَ : کاٹنا اور تقسیم کرنا۔

البِیَاح و البَیَّاح۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

البَیَّاحَۃ : مچھلی کا جال۔

البَیْحَان۔ راز ظاہر کرنے والا۔

بَادَ یَبِیْدُ بَیْدًا و بَیَادًا و بُیُوْدًا و بَیْدُوْدَۃً۔ ہلاک ہونا۔ بَادَتِ الشَّمْسُ بُیُوْدًا : غروب ہونا۔

اَبَادَہٗ : ہلاک کرنا۔

بَیْدَ : بمعنی غیر۔ اس کی ہمیشہ اضافت اس جملہ کی طرف ہوتی ہے جس پر اَنَّ داخل ہوتا ہے جیسے "فُلَانٌ کَثِیْرُ الْمَالِ بَیْدَ اَنَّہٗ بَخِیْلٌ" بمعنی غَیْرَ اَنَّہٗ بَخِیْلٌ۔

البَیْدَاء : بیابان۔ ج بِیْدٌ و بَیْدَاوَات۔

البَیَادَۃ : فرج کے پیادے۔ واحد (بَیَّادِی)

البَیْدَانَۃ : گدھی۔ جنگلی گدھی۔

بَیْدَرَ : الْحِنْطَۃَ : ڈھیر لگانا۔

البَیْدَر : کھلیان۔ خرمن۔

البَیْدَق : ایک شکاری پرندہ۔

البَیْدَق : سفر کا رہنما۔ پیدل چلنے والا۔ اور اسی سے بیدق الشطرنج ہے۔ یعنی شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں ج بَیَادِق۔

البَیْرَق : جھنڈا۔ ج بَیَارِق۔ و (البَیْرَقْدار) جھنڈا بردار۔

البَیْزَار : باز رکھنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَیَازِرَۃ۔

البَیْدَرَۃ : کاشتکاری۔ باز کی رکھوالی۔

بَیَّضَ۔ اللّٰہُ وَجْھَہٗ : خوبصورت بنانا۔

اَبَاضَ : الشَّجَرَۃَ : جڑ بیٹھنے دینا۔

البِیْض : ایک قسم کی زہریلی گھاس۔

البِیْض : تھالہ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔ ج اَبْیَاض۔

البَیْض و البِیْض۔ تنگی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِی حَیْصٍ بَیْصٍ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔

بَاضَ (ض) بَیْضًا۔ الطَّائِرُ : انڈے دینا۔ صفت مذکر (بَائِض) مؤنث بَائِضٌ۔ ج بَوَائِض۔ اور اسم مبالغہ (بَیُوْض) ج بُیُض و بِیَض ـــــ بَاضَ الْحَرُّ : گرمی سخت ہونا ـــــ فُلَانًا : سفیدی میں غالب ہونا ـــــ السَّحَابُ : بارش ہونا ـــــ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔

بَیَّضَہٗ۔ سفید کرنا۔ اور اسی سے "تَبْیِیْضُ الْکِتَابَت" ہے۔ بمعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا اور "تَبْیِیْضُ الْاٰنِیَۃ" بمعنی قلعی کرنا۔ اور کہتے ہیں "بَیَّضَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔

اَبَاضَتِ : المَرْاَۃُ : سفید بچے جننا۔

بَانَضَہٗ : سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔

اِبْیَاض۔ خود پہننا ـــــ الْقَوْمُ : فنا کر دینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قوم کے میدان میں داخل ہونا۔
اِبْیَضَّ وابْیَاضَّ۔سفید ہونا۔
البَیَاض : سفیدی۔ دودھ۔ بَیَاضُ الْعَیْن : آنکھ کی سفیدی۔ بَیَاضُ الْبَیْضَة : انڈے کی سفیدی۔ بَیَاضُ الْجِلْدِ : بے بال چمڑا۔ بَیَاضُ الْوَجْهِ : شہرت و نیک نامی۔ بَیَاضُ النَّهَار : دن کی روشنی ـــــ الْیَوم : تمام دن ـــــ الْاَرْض : عمارت سے خالی زمین ـــــ الْبَطْنِ : گوبر کی چربی۔ اور کہتے ہیں فُلَانٌ یَلْبَسُ السَّوَادَ وَالْبَیَاضَ : وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے۔ اور کبھی سواد کو فساد کے لیے اور بیاض کو صلاح کے لیے مثال قرار دیتے ہیں۔
البَیْضَة : البیض کا واحد۔ انڈا۔ ج بیضات اور بِیَض کی جمع بُیُوض ہے۔ خصیہ۔ خود۔ بَیْضَةُ الْقَوْمِ : چوپال۔ بَیْضَةُ الْبَلَد : شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ گمنام نسب والا۔ بَیْضَةُ الدِّیک۔ مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن الحصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے اس کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے' جیسے اُردو میں بھینس کا انڈا)
ـــــ الحَرّ : گرمی کی شدت ـــــ الخِدْر : لڑکی۔
ـــــ العُقر : آخری اولاد۔
الْاَبْیَض : مؤنث بَیْضاء۔ ج بِیض : سفید۔ تلوار۔ المَوْتُ الْاَبْیَض : ناگہانی موت۔ وَالْخَیْطُ الْاَبْیَض : کنایہ ہے سفیدۂ صبح سے۔ اَلْیَدُ الْبَیْضَاء : نعمت و احسان۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ فِی بَیْضَاءِ الْقَیْظ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا و کَلَّمْتُهٗ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ بَیْضَاءَ وَلَا سَوْدَاءَ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔ اللَّیَالِی الْبِیض : چاندنی راتیں۔ قمری مہینے کی تیرہویں' چودہویں' پندرہویں راتیں۔ وَاَیَّامُ الْبِیض : انہی راتوں کے دن۔ الْاَبْیَضَان : دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَا رَاَیْتُهٗ مُنْذُ ابْیَضَّان" میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور هٰذَا ابْیَضُ مِنْ ذَاکَ شاذ ہے۔ قیاس اَشَدُّ بَیَاضًا ہے۔ البَیْضَاء : چاندی۔ گیہوں۔

البَیَّاضَة : بہت انڈوں والی۔
البَیْضَان۔ مِنَ النَّاسِ : سفید فام لوگ۔
بَاظَ (ض) بَیْظًا : لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
البَیْظ : چیونٹی کے انڈے۔
بَاعَ (ض) بَیْعًا و مَبِیْعًا۔ فُلَانًا کِتَابًا اَوْ مِنْ فُلَانٍ کِتَابًا۔ بیچنا۔ خریدنا۔ صفت (بائع) جمع باعة۔ صفت مفعول (مَبِیْعٌ)
بَایَعَهٗ مُبَایَعَةً : باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَایَعُوْهُ بِالْخِلَافَةِ وَ بُوْیِعَ لَهٗ بِالْخِلَافَةِ" لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔
اَبَاعَ : الشَّیْءَ : بیچنے کے لیے پیش کرنا۔
تَبَایَعَا : باہم خرید و فروخت کرنا۔
اِبْتَاعَ : الشَّیْءَ : خریدنا۔
اِنْبَاعَ : الشَّیْءُ : رائج ہونا۔
البَیْع : فروختگی۔ خرید۔
البَیْعَة : عہد و پیمان۔
البِیْعَة : کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ ج بِیَع وَبِیَعَات وبِیْعَات۔
البِیَاعَة : سامان فروختنی۔ ج بَیَاعَات۔
البَیِّع و البَیَّاع۔ بیچنے والا۔ خریدار۔
بَاعَ یَبِیْعُ بَیْعًا وَتَبَیَّعَ۔ الدَّمُ : جوش میں آنا۔
البِیْقَة : ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔
بَیِقَ۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا ـــــ فِیْ مَالِهٖ : جلدی سے تباہ و برباد کر دینا ـــــ الدَّارَ : اُترنا۔
الْاَبْیَقِر : بے خیر و بے فیض آدمی۔
البَیْکار۔ پرکار۔
البَیْلَسَان و البَلَسَان : ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
البِیْمَارِسْتَان و المَارِسْتَان : شفا خانہ۔ اس کیلئے عربی لفظ "مُسْتَشْفًی" ہے۔
بَانَ (ض) بَیْنًا و بُیُوْنًا و بَیْنُوْنَةً عَنْهُ : جدا ہونا۔
بَانَ (ض) بَیَانًا و تَبْیَانًا و تِبْیَانًا : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (بَیِّن و بَائِن) ج اَبْیِنَاء و بُیَنَاء وَاَبْیَان۔
اَبَانَ۔ الشَّیْءَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا ـــــ الشَّیْءُ : ظاہر ہونا' واضح ہونا۔ صفت (مُبِیْن) کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَاَبَانَ رَاْسَهٗ مِنْ جَسَدِهٖ" اس نے اس کو مارا اور اس کے سر کو دھڑ سے جدا کر دیا۔
بَیَّنَ الشَّیْءُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔
ـــــ الشَّجَرُ : پتے نکلنا ـــــ الشَّیْءَ : واضح کرنا۔
ـــــ البِنْتَ : نکاح کر دینا۔
بَایَنَهٗ۔ چھوڑ کر جدا ہونا۔
تَبَیَّنَ۔ الشَّیْءُ : واضح ہونا ـــــ الشَّیْءَ : واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔
تَبَایَنَا : ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ ایک دوسرے سے دُور ہونا۔ تَبَایَنَ الشَّیْئَان : باہم متفاوت ہونا۔
اِسْتَبَانَ۔ الشَّیْءُ : واضح ہونا ـــــ الشَّیْءَ : کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔
بَیْن۔ درمیان (ظرف ہے)
بَیْنَ بَیْنَ (دونوں کلمے مبنی بر فتحہ ہیں) بمعنی درمیانہ۔ متوسط۔ اور کہا جاتا ہے "بَیْنَا اَوْبَیْنَمَا نَحْنُ نَضْرِبُ۔"
البَیْن : جدائی۔ وصل۔ کہا جاتا ہے "تقطع بَیْنَهُمَا" یعنی ان کے میل ملاپ میں فصل واقع ہو گیا۔
ذَاتُ البَیْن : نسب۔ رشتہ داری۔ دوستی۔ عداوت۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "مَسْعًی فِیْ اِصْلَاحِ ذَاتِ بَیْنِهِم" یعنی ان کے اصلاحِ حال میں کوشش کی۔
البِیْن : گوشہ۔ دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ۔ حد نظر تک کی زمین کا ٹکڑا۔ ج بُیُون لفظ بین کے معنی ترکی زبان میں ہزار کے ہیں۔ بین باشی کے معنی ہزار کا سردار۔
البَیَان : مص۔ فصیح گفتگو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔
البَائِنَة۔ البَائِن کا مؤنث۔ دلہن کا جہیز (مولدۃ)
البَائِنَة : گہرا کنواں۔
البَیِّنَة : البَیِّن کا مؤنث۔ دلیل و حجت ج بَیِّنَات۔
بَاهَ یَبَاهُ بَیْهًا۔ لَهٗ : مطیع ہونا' واقف ہونا' جاننا۔
بَیْكَ اللّٰهُ۔ بمعنی بَوَّاكَ اللّٰهُ۔ خدا تم کو مالک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بنائے' تمہارے رتبہ کو بلند کرے۔ اور کہا جاتا ہے "هَیَّ بن بَیَّ" یا "هیَّان' بَیَّان" یعنی وہ

مجہول النسب ہے' نہ وہ معلوم ہے نہ اس کا باپ' "وَلَسْتُ اَدْرِیْ اَیُّ هَیَّ بن بَیَّ هُو" میں

نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ت

التَاء : حروفِ مبانی کا تیسرا حرف (مؤنث) ج تاءات : نسبت کے لیے ثانی و ثانِیَ وثَنِیَ : کہا جاتا ہے "قَصِیْدَۃٌ ثَانِیَۃٌ و ثانِیَۃٌ وثَنِیَۃٌ" :اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے۔ فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے قُمْتُ وقُمْتَ وقُمْتِ وقُمتُما وقمتم وقُمْتُنَّ :اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قَائِمَۃٌ وذَھَبَتْ' اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لیے جیسے شَجَرَۃٌ۔

اور کبھی مبالغہ کے لیے جیسے فَھَّامَۃٌ۔ علاَّمَۃ۔ اور کبھی یہ حرف جر ہوتا ہے اور قسم کے لیے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے۔ جیسے تَاللّٰہِ۔

اور کبھی کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے تَرَبِّی۔

اور کبھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لیے جیسے مھَالِبَۃ۔

اور کبھی حرفِ محذوف کے بدلہ میں جیسے زَنَادِقَہ زندیق کی جمع۔

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تَقَاتَلَ وَاقْتَتَلَ

اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء۔

اور کبھی اول کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے عِظَۃٌ۔

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شَفَۃٌ۔

تا۔ مؤنث مفرد کے لیے اسم اشارہ ہے۔ اس کا تثنیٰ تَانِ۔ ج اُوْلَاءِ اور اس پر "ھاء تنبیہ" بھی داخل ہوتا ہے جیسے ھاتَانِ وھٰؤُلَاءِ۔

خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں۔ جیسے تاک و تلک و تیک و تِلک (تلک میں تاء کا فتحہ لغت رویہ ہے) تثنیٰ کے لیے تانک و تانِک اور جمع کے لیے اولئک و أولاکَ و اولالکَ : اور تلک کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں ھاء تنبیہ بھی داخل ہے۔

التَابُوْت : لکڑی کا صندوق۔ اور اسی سے تابوت میت ہے۔ کشتی۔ ج تَوَابِیت۔

تَاتَأَ تَاتَأَةً و تَاتَاءً : بولتے ہوئی تتلانا۔ صفت تَاتاء ـــــ الطِفْلُ : چلنا ـــــ المحَارِبُ : لڑائی میں اظہارِ شجاعت کے لیے اکڑتے ہوئے چلنا۔

تَأَرَهُ (ف) تَأْرًا : جھڑکنا۔

تَأَرَ اِتْأَرًا : دیکھنا۔ ٹکٹکی لگانا ـــــ بِالْعَصَاء : لاٹھی سے مارنا۔

التَّأرَة : ایک مرتبہ۔ ہمزہ کا ترک کثرت استعمال کی وجہ سے ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلْتُ تَأرَةً ھٰذَا وَتَارَةً ذَاكَ" وَ "تَارَةً بَعْدَ تَارَةٍ" ج تَارَات وتِیر وتِیَر

تَأَزَ (ف) تَأْزًا۔ الجُرْحُ : زخم کا بھر جانا۔ مندمل ہونا ـــــ القَومُ فِی الْحَرْبِ : لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

تَئِقَ (س) تَأقًا۔ الْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا۔ الرَّجُلُ : غصہ سے بھر جانا۔ صفت (تَئِق ومِتْآق)

اَتْأَقَ۔ الْاِنَاء : برتن بھرنا۔

التَأقَة : غصہ کی تیزی۔ اور برائی کی طرف تیز ندی۔

اَتْأَمَت۔ المَرْأَةُ : جڑواں جننا۔ صفت (مُتْئِم) اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (مِتْئَام) کہتے ہیں۔ ج مَتَائِیم۔

تَاءَ م۔ اَتَاءَهُ : جڑواں پیدا ہونا۔ صفت (تَئِم وتُؤم وتَئِیم) الثَّوبَ : تانا بانا دونوں میں دو سوتی بننا۔ صفت مفعولی (مِتْأم)

التَؤام : جڑواں۔ ج تَوَائِم وتُؤام۔ مؤنث تَؤَامَة : کہا جاتا ہے "ھٰذَا تَؤَامُ ھٰذَا وَھٰذِهِ تَؤَامَةُ ھٰذِهِ" اور جب دونوں جمع ہوں تو ان کو تَؤَامَانِ و تَؤَام کہتے ہیں جیسے زَوجَانِ وَزَوج۔

التوأم : جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔

تَوَائِمُ النُجُومِ اَوِ اللُؤلُؤ : ستارے یا موتی جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

تَبَّ (ن) تَبًّا۔ الشَّیءَ : کاٹنا ـــــ فُلَانًا : ہلاک کرنا۔

تَبَّا و تَبَبًا و تَبَابًا و تَبِیبًا : ہلاک کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لَهُ" یعنی اللہ اس کے لیے خسران وہلاکت لازم کرے۔ "وتَبَّتْ یَدَاہ" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تَبَّبَ۔ فُلَانًا : کسی سے تبالک کہنا۔ ہلاک کرنا۔

اَتَبَّهُ : کمزور و ضعیف کرنا۔

اِسْتَتَبَّ۔ الْاَمْرُ : درست ہونا۔ درست طریقے سے جاری رہنا۔ الرَّجُلُ : کمزور و عاجز ہونا ـــــ الطَرِیْقُ : چلتا ہوا ہونا۔

التَبَاب : کمی۔ نقصان۔ ہلاکت۔

التِبَّة : سخت حالت۔

التَّاب : بوڑھا اور کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "كُنْتُ شَابًا فَصِرْتُ تَابًّا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہو گیا۔ ج اَتْبَاب۔

تَبْتَبَ۔ الرَّجُلُ : بوڑھا ہونا۔

تَبِرَ (س) تَبَرًا : ہلاک ہونا۔

تَبَّرَهُ (ض) تَبْرًا۔ ہلاک کرنا۔ توڑنا۔

اَتْبَرَ۔ عَنِ الْاَمْرِ : پیچھے ہٹنا' باز رہنا۔

تَبَّرَهُ : ہلاک کرنا۔

التَابُوْر : فوجی جماعت۔ ج تَوَابِیر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



التَّبار :ہلاکت۔
التِّبر :سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ڈھیلا۔واحد تِبرۃ۔
التِّبریَۃ : سرکی بھوسی (عبریۃ میں ایک لغت ہے)
المَتْبُور :ہلاکت شدہ۔ناقص۔
تَبِعَهٗ (س) تَبْعًا و تَبَاعًا و تَبَاعَةً و اِتْبَعَهٗ : پیچھے چلنا۔ ساتھ چلنا۔ فرمانبردار ہونا۔ صفت (تَبِع) واحد اور جمع دونوں کے لیے آتا ہے۔ج اَتْبَاع و (تَابِع) ج تَبِع و تَبَعة و تَوَابِع و تُبَّاع۔
التَّابِعُ نوکر۔ خادم۔ جن۔ تَبِع وَاتَّبَعَ الشَّیْءَ: پیروی کرنا۔نشانِ قدم پر چلنا۔
تَتَبَّعَهٗ :پیروی کرنا۔تَتَبَّعَ بِهٖ كَذَا :لاحق کرنا
تَابَعَ بَيْنَ الْأَعْمَالِ : لگاتار کرنا۔ ـــــ الْحَدِيْثَ :اچھی طرح بیان کرنا ـــــ الْعَمَلَ : محکم کرنا۔ مضبوط کرنا ـــــ فُلَانًا عَلَى الْأَمْرِ : موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَابَعَنِي بِمَالَهٗ عِنْدِي" یعنی اس کا جو کچھ میرے پاس تھا اس کا اس نے مجھ سے مطالبہ کیا۔
اَتْبَعَهٗ : پیروی کرنا۔ لاحق ہونا۔ اَتْبَعَهٗ كَذَا : لاحق کرنا۔
تَتَبَّعَ۔ الْأَمْرَ : دیر تک تلاش و جستجو کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَبَّعْتُ اَحْوَالَهٗ" میں اس کے احوال کو ٹٹولتا رہا۔
تَتَابَعَ۔ الْأَخْبَارُ : ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
اِسْتَتْبَعَهٗ : پیچھے چلنے کو کہنا۔
التَّبِع : تابع۔ عاشق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ تَبِع الكرم" وہ فیاضی کا عاشق ہے۔
التَّبِع :بہت تابعداری کرنے والا۔
التَّبِعة ج تَبِعَات و (التَّبَاعَة) ج تَبَاعَات : تاوان۔ ڈانڈ۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الْفِعْلِ تَبِعَةٌ" یعنی اس فعل سے ضرر لاحق ہونے والا ہے۔
تُبَّع :یمن کے بادشاہوں کا لقب۔ج التبابعة
التُّبَّع :سایہ۔شہد کی بڑی مکھی ج تَبَابِيْع۔
التَّبِيْع :مددگار۔پیروی کرنے والا۔ج تِبَاع و تَبَائِع۔
التَّابِعَة : تابع کا مؤنث۔نوکرانی۔خادمہ۔جنیہ۔
التَّابعي : تابع اور تابعہ کی جانب نسبت۔ وہ شخص جس نے بحالتِ ایمان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کی ہو اور حالتِ ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔
التَّبَاع : تابع کا مصدر۔اور کبھی صفت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے "شهد ناهن ايام تباعًا"
الاتباع : مہ کسی ایسے کلمہ کا لانا جو ماقبل کے کلمہ کے ہم وزن ہو۔ جیسے کثیر ہثیر۔ خبیث نبیث۔
التِّبْغ : تمباکو۔
تَبَلَهٗ (ن) تَبْلًا و اَتْبَلَهٗ۔الحُبُّ اَوِ الدَّهْرُ :بیمار کر دینا۔ عقل کو ضائع کر دینا۔ صفت مفعولی (مَتْبول و تَبِيْل) ہے۔
تَبَّلَ و تابَلَ و تَوْبَلَ۔الطعامَ :مسالہ ڈالنا۔
التَّبْل : مہ۔ کینہ۔ دشمنی۔ کہا جاتا ہے "بينهما تَبْل" ان دونوں کے درمیان عداوت ہے ج اَتْبَال و تُبول۔
التابَل و التابِل و التَّأبَل :مسالہ۔
التَّبَّال :مسالہ والا۔مسالہ بیچنے والا۔
التُّوبَال۔مِنَ النُّحاسِ وَالحَدِيْدِ :ذرات جو کوٹنے میں گریں۔
تَبَنَ (ض) تَبْنًا۔الدَّابَةَ :بھوسہ کا چارہ دینا۔
تَبِنَ (س) تَبَنًا و تَبَانَةً : سمجھ دار وذکی ہونا۔ صفت (تَبِن)
تَبَّنَ : بھوسے کے ذخیرہ میں بھوسہ رکھنا۔
الرَّجُلُ :باریک بین ہونا۔
اِتَّبَنَ :جانگھیا پہننا۔لنگوٹ باندھنا۔
التِّبْن :بھوسہ' واحد (تِبْنَة) ج اَتْبان و تُبون : بڑا پیالہ۔
التِّبْنِيّ :بھوسہ کے رنگ کا۔
التَّبَّان :بھوسہ بیچنے والا۔
التُّبَّان :لنگوٹ۔جانگھیا۔نیکر۔
تَبَا (ض) تَبْوًا :غزوہ کرنا اور مال غنیمت حاصل کرنا۔
التَّتَر : قوم تاتار۔ واحد (تَتَرِی) کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ (تَتْرٰى وَتَتْرٰى)" لوگ پے در پے آئے اس کی اصل وَتْرٰی ہے۔
التَّتن : تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے اس کے معنی دھوئیں کے ہیں)۔
تَجَرَ (ن) تَجْرًا و تِجَارَةً و تَاجَرَ و اَتْجَرَ و اِتَّجَرَ :سوداگری کرنا۔
التِّجَارَة :سوداگری۔ سرمایہ۔
التَّاجِر : سوداگر۔ عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے۔ج تِجار و تُجَّار و تُجر۔ اور کہا جاتا ہے "بِضَاعَة تاجرة" رائج سامان۔ج تَوَاجِر۔
المَتْجَر :سوداگری۔ سرمایہ۔ اور اسی سے ہے "وَصَنَعْتُهٗ فِي مَتْجَرِ الْحَمْدِ رَابِحَة"
المَتْجَرَة : منڈی۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَتْجَرَة" تجارتی ملک۔
تَحْتَ : نیچے۔ اس لفظ کے لیے اضافت لازم ہے اور جب اضافت سے علیحدہ کرتے ہیں تو معنی برعکس کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں "جَاءَ مِن تَحْتُ" ج تحوت۔
التُّحُوت : کمینے۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
التَّحْتَانِي : تحت کی جانب منسوب۔ نیچے کی چیز۔
تَحْتَحَهٗ۔مِنْ مَكَانِه :حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَتَحْتَحُ مِن مَكَانِهٖ" فلاں جگہ سے حرکت نہیں کرتا۔
التَّحْتَحَة :حرکت۔ تحمہ کی حرکت کی آواز۔
اَتْحَفَهٗ۔الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ و (اَتْحَفَهٗ) بِهٖ :ہدیہ کرنا۔ تحفہ دینا۔
التُّحْفَة و الطُّحْفَة :ہدیہ۔ نفیس قیمتی چیز۔ ہر وہ چیز جو کسی کے سامنے لطف و مہربانی کے طور پر پیش کی جائے۔ج تُحَف۔
تَحَمَ (ن) تَحْمًا۔الثَّوبَ :نقش و نگار کرنا۔
اِتْحَمَّ اِتْحِمَامًا :سخت سیاہ ہونا۔
اَلتَّاحِم :جولاہہ۔
الْأَتْحَم :سخت سیاہ۔
التَّاجِي :باغبان۔
تَخَّ (ن) تُخُوخَةً۔العَجِيْنُ :گندھے ہوئے آٹے کا ترش ہونا ـــــ (تَخَا) العَجِيْنُ او الطِّيْنُ : گندھے آٹے یا مٹی کو نرم ہونے کے لیے پانی بڑھانا۔
اَتَخَّ۔العَجِيْنَ :کھٹا کرنا۔ نرم ہونے کے لیے زیادہ پانی ڈالنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



التَّعُّ: کھٹا خمیر۔ تل کا عصارہ۔

التَّخْت۔ : تخت۔ تَخْتُ الْمَلِک : تخت شاہی۔ تَخْتُ الْمَمْلَكَةِ : دار السلطنت۔ جامہ دان۔ ج تُخُوت۔

التَّخْتَخَة : لکنت۔ ہکلاپن۔

التَّخْتَاخ و التَّخْتَانی : ہکلا۔

تَخِذَهُ(س)تَخْذًا : لینا۔

تَخَمَهُ(ض)تَخْمًا : حد مقرر کرنا۔

تَخِمَ(س)تَخَمًا و اتَّخَمَ : بدہضمی ہونا۔

اَتْخَمَهُ الطَّعَامُ : مبتلائے بدہضمی کرنا۔

تَاخَمَ : مُلْكِي مُلْكَكَ : سرحدیں متصل ہونا۔

التُّخُم و التَّخم : سرحد۔ ج تُخُوم۔

التَّدْرُج و التَّذَرُّج : ایک خوبصورت پرندہ جس کی دُم لمبی ہوتی ہے۔ ج تَدَارِج۔

تَرَّ(ن ض) تَرًّا و تُرُوْرًا۔ الْعَظْمُ : کٹ کر گرنا ــــ عَنْ قَوْمِهِ : الگ ہونا۔ دُور ہونا۔ ( ــــ تَرَارَةً)الرَّجُلُ : موٹا اور ڈھیلا ہونا۔ صفت (تارٌّ)

اَتَرَّهُ : دور کرنا۔ اَتَرَّيَدَهُ : ہاتھ کاٹ دینا۔

التُّرُّ : اصل۔ جڑ۔ معمار کی ڈوری۔

التُّرَيُّ : مِنَ الْاَيْدِي : کٹا ہوا ہاتھ۔

تَرِبَ (س) تَرَبًا۔ الْمَكَانُ : بہت مٹی والا ہونا ــــ الشَّيْءُ : مٹی لگ جانا۔

تَرِبَ(س)تَرَبًا و مَتْرَبًا۔ الرَّجُلُ : محتاج ہونا۔ صفت(تَرِيْبٌ و تَرُوْبٌ)ج تِرَاب۔ اور اسی سے ہے "تَرِبَ بَعْدَ اَنْ اَتْرَبَ" وہ مالدار ہونے کے بعد محتاج ہو گیا۔

تَرَّبَ و اَتْرَبَ : مالدار ہونا۔ کم مال والا ہونا۔

تَرَّبَ و اَتْرَبَ الشَّيْءَ : خاک ڈالنا۔

تَارَبَهُ : ہمعصر ہونا۔ دوست ہونا۔

تَتَرَّبَ مٹی ہونا۔ : خاک آلود ہونا۔

التُّرَاب : مٹی۔ ج اَتْرِبہ و تُرْبان۔

التِّرَاب : بکری کا دوست۔

التِّرْب : ہم عمر۔ اکثر اس کا استعمال عورتوں کے لیے ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هذه تِرب فلانة" یہ عورت فلانی کی ہم عمر ہے۔

التَّرْبَاء : مٹی۔ زمین۔ کہتے ہیں "بَيْنَهُمَا مَا بَيْنَ الْجَرْبَاءِ وَ التَّرْبَاء" ان دونوں کے درمیان آسمان زمین جیسا فرق ہے۔

التُّرْبَة : مٹی۔ قبرستان۔ ج تُرُب۔ تُرْبَة الْاِنْسَانِ : انسان کی قبر۔

التَّرِب : فقیر۔ "رِيْحٌ تَرِبَة" خاک اُڑانے والی ہوا۔ "لَحْمٌ تَرِبٌ" : خاک آلود گوشت۔ "مَكَانٌ تَرِبٌ" بہت مٹی والی جگہ۔

التَّرِبَة۔ ج تَرِب : ایک قسم کی گھاس ــــ ج تَرِبات : انگلیوں کے کنارے۔ سرانگشت۔

التَّرِيْبَة : سینہ کی ہڈی۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ تَرِيْبَةُ الْبَعِيْر : اونٹ کے نحر کرنے کی جگہ۔ ج تَرَائِب۔

المَتْرَبَة : فقر و فاقہ۔ کہا جاتا ہے "مِسْكِيْنٌ ذُوْمَتْرَبَةٍ" یعنی خاک آلود مسکین۔

تَرْتَرَ تَرْتَرَةً : جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا۔ گفتگو میں نرم ہونا۔ بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا ــــ الشَّيْءَ : خوب ہلانا۔

تَتَرْتَرَ : ہل جانا۔

التَّرَاتِر : سختیاں۔

تَرِجَ (س) تَرَجًا : الرَّجُلُ دشوار پانا' مشکل و شتبہ پانا۔

تَرِجَ(ن) تَرْجًا : چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

التَّرِيْج : مضبوط پٹھوں والا۔ مؤنث تَرِيْجَة : اور کہا جاتا ہے "رِيْحٌ تَرِيْجَة" تیز ہوا۔

تَرْجَمَ۔ الْكَلَامَ : ترجمہ کرنا۔ صفت(تَرْجُمَان و تُرْجُمَان) ج تَرَاجِمَة وَ تَرَاجِم۔ الرَّجُلُ : عادات و اخلاق و بیان کرنا۔ عَنْهُ : کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرْجَمَه بِالتُّرْكِيَةِ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔

تُرْجِمَ۔ الْكَلَامُ : شتبہ ہونا۔

التَّرْجَمَة : ترجمہ۔ سوانح عمری۔ ج تَرَاجِم وَ تَرْجَمَةُ الْكِتَاب : کتاب کا دیباچہ۔

تَرِحَ(ف) تَرْحًا و تَتَرَّحَ : غمگین کرنا۔

تَرَّحَهُ و اَتْرَحَهُ : غمگین کرنا۔

التَّرِح : غم۔ محتاجی۔ فقیری۔ ج اَتْرَاح۔

التَّرِح : کم خیر والا۔ بہت غم والا۔

المِتْرَاح : مِنَ النُّوقِ : اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔ ج مَتَارِيْح۔

تَرَزَ (ض) و تَرِزَ (س) تَرْزًا و تَرَزًا و تُرُوْزًا۔ الشَّيْءُ : خشک ہونا۔ مضبوط ہونا۔ سخت ہونا ــــ الْمَاءُ : پانی کا جم جانا۔

تَرَزَهُ(ض)تَرْزًا : پچھاڑنا۔

اَتْرَزَ۔ الشَّيْءَ : سخت کرنا۔ خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْجَرْيُ يُتْرِزُ لَحْمَ الدَّابَّةِ" دوڑ جانور کے گوشت کو سخت کر دیتی ہے۔

التَّارِز : سخت و قوی۔ اور اسی سے ہے "اِنَّ عَجِيْنَكُم لَتَارِزٌ" تمہارا خمیر سخت ہے۔ خشک چیز جس میں روح نہ ہو۔ مردہ۔

التُّرَاز : اچانک موت۔

تَرَّسَهُ : ڈھال پہنانا یا دینا۔ ( ــــ تَتَرَّس) : ڈھال لگانا یا ڈھال سے اپنے آپ کو چھپانا صفت (تَارِس) کہا جاتا ہے "لَا يَسْتَوِي الرَّاجِلُ وَ الْفَارِسُ وَ الْاَكْشَفُ وَ التَّارِسُ" پیدل اور سوار اور بے ڈھال والا اور ڈھال والا برابر نہیں۔

اَتْرَسَ الْبَابَ : دروازہ بند کرنا۔

اِتَّرَسَ۔ بِالتُّرْسِ اَوْ غَيْرِهِ : ڈھال وغیرہ سے اپنی حفاظت کرنا۔

التُّرْس : ڈھال۔ ج اَتْرَاس و تِرَاس و تُرُوْس و تِرْسَة۔ تُرْسُ الشَّمْسِ : آفتاب کی ٹکیا۔ کہا جاتا ہے "غَابَ تُرْسُ الشَّمْسِ"

المِتْرَاس و المِتْرَسَة۔ ج مَتَارِس و (المِتْرَاس) ج مَتَارِيْس : دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔ دیوار وغیرہ جس کے پیچھے چھپ کر دشمن سے بچیں۔

التَّرَّاس : ڈھال بنانے والا۔ ڈھال والا۔

التِّرَاسَة : ڈھال سازی۔

التَّرْسَانَة و التَّرْسْخَانَة : اسلحہ خانہ۔ جہاز سازی کا کارخانہ۔

تَرِشَ (س) تَرَشًا : بد خلق ہونا۔ صفت (تَرِش)

تَرَّصَ (ک) تَرَاصَةً۔ الشَّيْءَ : سیدھا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ صفت (تریص)

تَرَّصَ و اَتْرَصَ۔ المِيزَانَ : سیدھا کرنا۔ صفت مفعولی (تَرِيص و مُتْرَص) : کہا جاتا ہے "اَتْرِصْ مِيْزَانَكَ فَاِنَّه شَائِل" اپنی ترازو درست کرو اس لیے کہ وہ اُٹھی ہوئی ہے۔

المُتْرَصَاتِ : سیدھے کیے ہوئے نیزے۔

تَرِعَ (ع) تَرَعًا : برائی کی طرف سبقت کرنا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



صفت(تَرِع و تَرِیع) ـــــ الکُوزُ وَالحَوضُ : بھرجانا۔صفت(تَرَعٌ)

تَرَعَهٗ (ف) تَرْعًا۔ عَنِ الْاَمْرِ : کسی کام سے پھیرنا۔باز رکھنا۔

تَرَّعَ۔البَابَ :دروازہ بند کرنا۔

اَتْرَعَ :اِلْاِنَاءَ :برتن بھرنا۔

تَتَرَّعَ۔ اِلَیْہِ بِالشَّرِّ : کسی کو جلدی سے برائی پہنچانا۔

اِتَّرَعَ۔اِلْاِنَاءُ :برتن کا بھرجانا۔

التُّرعَة : دروازہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ تُرْعَة الدَّار" اس نے گھر کا دروازہ کھولا۔باغ کی طرف جانے والی نالی۔ سیڑھی کا پایہ۔ منبر کے درجے۔ حوض کا دہانہ۔ دو دریاؤں یا دو سمندروں کے درمیان گہری نہر۔ج تُرَع

التَّرَّاع : دربان ( ـــــ والْاَتْرَع) مِنَ السَّیْلِ :وہ سیلاب جو وادی کو بھروے۔

التِّرْغَلَّة :جنگلی کبوتر۔

تَرِفَ (س) تَرَفًا و تَتَرَّفَ : خوشحال ہونا۔ آسائش سے زندگی بسر کرنا۔ صفت (تَرِفٌ وتَرِیْفٌ)

تَرَّفَهٗ وَاَتْرَفَهٗ۔اَلْمَالُ : سرکش بنادینا۔ خراب کر دینا۔ اَتْرَفَ الرَّجُلُ : سرکشی وبغاوت پر اصرار کرنا۔

اِسْتَتْرَفَ : سرکشی کرنا۔ تکبر کرنا۔

التُّرْفَة : نعمت و آسائش۔ خوش ذائقہ کھانا۔ پیدائشی طور پر اُوپر کے ہونٹ کے درمیان میں اُبھار۔

الْاَتْرَف :وہ شخص جس کے اُوپر کے ہونٹ میں پیدائشی کچھ اُبھرا ہوا ہو۔

المُتْرَف والمُتَتَرِّف :ظالم۔ خوش حال نعمت میں پلا ہوا۔وہ شخص جو بطور خود جو چاہے کرے اور کوئی روکنے والا نہ ہو۔

التَّرْقُوَة : ہنسلی کی ہڈی۔ ج "التَرَاقِي و التَرَائِق" کہا جاتا ہے "تَرْقَاه تَرْقَاةً" یعنی اس نے اس کی ہنسلی کی ہڈی پر مارا۔"وبَلَغَتْ رُوْحُه التَرَاقِي" وہ قریب الموت ہوا۔

تَرَكَهٗ(ض)تَرْكًا وتِرْكَانًا وَاتَّرَكَهٗ :چھوڑنا۔

تَارَكَه مُتَارَكَةً وتِرَاكًا : چھوڑنا ـــــ

التَّرْجُلُ :مصالحت کرنا۔

تَتَارَكُوْا۔الْاَمْرُ بَیْنَهُمْ :چھوڑنا۔

التَّرِكَة والتَّرِیْكَة :شتر مرغ کا چھوڑا ہوا انڈا۔ انڈے کا خول جس میں سے بچہ نکل چکا ہو۔خود۔وہ عورت جس سے کوئی شادی نہ کرے۔

التِّرْكَة والتَّرِكَة : چھوڑی ہوئی چیز اور اسی سے "تَرِكَةُ المَیِّت"

التَّرِیْک : چھوڑا ہوا ـــــ مِنَ الکَرْم اَوِ النَّخْل :خوشہ یا گچھا۔ جس میں سے کھا کر تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو۔

التَّرَّاک :بہت چھوڑنے والا۔

تَرْمَسَ :جنگ سے غائب رہنا۔

تَرْمَسَتِ الدَّابَّةُ : جانور کے جبڑے کے اندرونی حصہ میں ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا۔

التُّرْمُس :ایک قسم کا غلّہ جو کڑوا ہوتا ہے اور چند دن پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے۔

التُّرْمُسَة :سرنگ۔ تہ خانہ۔

التراميس :چاندی کے مہرے۔

التُّرَامِس :گدھا۔

التُّرُنْج :لیمو۔لیمو کا درخت۔

تَرِهَ(س)تَرَهًا :باطل چیزوں میں پھنسنا۔

التُّرَهَة : باطل۔ مصیبت۔ ج تُرَهات

التُّرَّهات :چھوٹے راستے۔

التُّرَّهُ :باطل۔ج تَرَارِیْه۔

تَرَّی(ض)تَرْیًا۔فِی الْاَمْرِ :دیر کرنا۔

التِریَاق : دوا جو دافع زہر ہو (والتریاقة) : شراب۔

تَسِعَ(ف ض)تَسْعًا۔القومَ :نواں ہونا۔اپنے کو ملا کر نواں بنادینا۔ قوم کے مال کا نواں حصہ لینا ـــــ المالَ :نواں حصہ لینا۔

اَتْسَعَ۔ اَلْقَوْمُ ہونا۔ التِسْعَة : نو(۹)۔ مؤنث۔ تِسْعٌ کہا جاتا ہے تِسْعَةُ رِجَال وتِسْعُ نِسَاءٍ وَتِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلاً وتِسْعَ عشرةَ اِمْرَأَةً۔ج تِسْعَات۔

التُّسْع والتَّسِیْع : نواں حصہ۔ تِسْع : کی جمع اتْسَاع۔

التَّاسِع :نواں۔

تِسْعُوْن :نوے(۹۰)

التُّسَع : مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں راتیں۔

تُسَاع : نونو : کہا جاتا ہے "جاء القومُ تُسَاع" قوم کے لوگ۔نونو آئے (یہ غیر منصرف ہے)

التُّسَاعِیَ :نووالا۔

التَّاسُوْعَاء : مہینہ کا نواں دن حبل (مَتْسُوْعٌ) :نوڑی کی بٹی ہوئی رسّی۔

تِشْرِیْنُ الاول :ماہ اکتوبر (ترکی مہینے کا نام)

تِشْرِیْنُ الثانی : ماہ نومبر۔ ج تَشَارِیْن : تشارین کو فصل خریف پر دلالت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

تَعَّ(ن)تَعَّةً وتَعًّا :ڈھیلا ہونا۔قے کرنا۔

تَعِبَ (س) تَعَبًا : مشقت میں پڑنا۔ تھکنا۔ صفت(تَعِبٌ)

اَتْعَبَهٗ : تھکانا : اَتْعَبَ الاناءَ : بھرنا : القومُ تھکے ہوئے جانوروں والے ہونا۔

التَّعَب :مشقت۔ تھکن۔ج اَتْعَاب۔

المَتْعَب والمَتْعَبَة : تھکن۔ تھکانا۔ تھکن کی جگہ۔ باعث تھکن۔ کہا جاتا ہے "استخراج المعمیٰ مَتْعَبة لِلخَواطِر" معمہ کا حل کرنا طبیعت کی تھکن کا باعث ہوتا ہے۔ج مَتَاعِب۔

تَعْتَعَهٗ : جھنجوڑنا۔ حرکت دینا۔ تَعْتَعَ فی الکلام :ہکلانا۔

التَعَاتِع :خوفناک جھوٹی خبریں۔

تَعَسَ (ف) وتَعِسَ (س) تَعْسًا وتَعَسًا : ہلاک ہونا۔ پھسلنا اور منہ کے گل گرنا۔ صفت (تَعِسٌ و تاعِسٌ وتَعْیِسٌ)

تَعَسَهٗ واَتْعَسَهٗ۔ اللّٰه :بدنصیب بنانا۔ ہلاک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعْسًالهٗ" یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے۔

التَعْس :مصہلاکت۔بدی۔ تنزل۔

التَعْسَة :سختی سے گرنا۔

المَتْعَسَة :سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ مَتْعَسَةٌ مَتْعَسَةٌ" یہ معاملہ باعث نحوست وہلاکت ہے۔

تَعِصَ (س) تَعَصًا :زیادہ چلنے سے پٹھوں میں درد ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلتُّعَل :حلق کی سوزش۔
تَغِبَ(س)تَغَبًا :ہلاک ہونا۔
اَتْغَبَهٗ :ہلاک کرنا۔
التَّغَب : ہلاکت۔ میل کچیل۔ بھوک۔ عیب وفساد۔
التَّغَب والتَّغْبَة : گناہ۔ قبیح۔ کہا جاتا ہے "مَالِفِيْهِ تَغْبَة" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس کی وجہ سے اس کی شہادت رد کی جائے۔
تَغْتَغَ الْكَلَامَ :واضح طریقہ سے نہ بولنا۔
___ الضِّحْكَ :ہنسی کو چھپانا۔
التَّغْتَغَة :زیور کی جھنکار کی نقل۔ ہنسنے کی آواز کی نقل۔ زبان کی ثقاہت۔
تَغَرَتْ (ف) تَغْرًا وتُغُوْرًا۔ السَّحَابَةُ :پانی بہہ پڑنا۔ تَغَرَ العِرْق : کثرت سے خون جاری ہونا۔
تَغْرَانًا۔ الْقِدْرُ :جوش مارنا۔ ابلنا۔ جُرْحٌ (تَغَّارٌ) کثرت سے خون بہانے والا زخم۔
تَفَّفَهٗ : کسی سے تھو تھو کرنا۔
التُّفُّ :ناخن کا میل۔ ج تِفَفَة۔
التِّفَّان :وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُكَ بِتِفَّانِهٖ وَعَلٰى تِفَّانِهٖ" میں مناسب وقت میں تمہارے پاس آیا۔
التُّفَّة :حقیر وذلیل عورت۔
التَّفَفَة : ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو چمڑے کو خراب کردیتا ہے۔
تَفِهَ(س)تَفَأً :سخت غضبناک ہونا۔
تَفِيْهَتُهٗ وتَفِيَّتُهٗ۔ الشَّيْءَ :وقت۔
تَفِثَ (س) تَفَثًا : میل کچیل غالب ہونا۔ صفت (تَفِث)۔ کہا جاتا ہے "قَضٰى تَفَثَهٗ" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَتِ الدِّمَاءُ مَكَانَهٗ :آلودہ کرنا۔
التُّفَّاح :سیب۔ سیب کا درخت۔ واحد تُفَّاحَة ج تَفَافِيْح۔
التُّفَّاحَتَانِ :دونوں ران کے سرے۔
المَتْفَحَة :سیب کی پیداوار کی جگہ۔
اتْفَرَ۔ الشَّجَرُ :کونپلیں نکلنا ___ الرَّجُلُ : ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔
الرَّجُلُ (النَّافِر والنَّفِر والنَّفُران) : میلا۔ گندا۔
التِّفِرَة والتُّفْرَة والثُّفْرَة : اُوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَفِرَةُ الشَّجَرِ :کونپل۔ والتَّفِرَة :درخت کے نیچے اُگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانور چر نہ سکے۔
التَّفَارِيْج : چوتڑے کے پائے کے فاصلے انگلیوں کے درمیان کی کشادگی' واحد تفراج۔
التُّفْرُوْق :غلاف خرما۔
تَفَلَ(ن ض)تَفْلًا :تھوکنا۔
تَفِلَ(س)تَفَلًا۔ الرَّجُلُ :تیل وخوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِل) مؤنث (تَفِلة ومِتْفال)۔
اَتْفَلَهٗ :بدبودار کردینا۔
المِتْفَلَة :پیک دان۔ ج مَتَافِل۔
التَّتْفُل والتِّتْفَل والتُّتْفُل : لومڑی۔ مؤنث تَتْفُلَةٌ۔
التَّفْن : میل۔
تَفِهَ(س)تَفَهًا وتُفُوهًا۔ الشَّيْءُ : کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفِهَ عَطَاءُ فُلَانٍ" فلاں کی داد و دہش کم ہے۔ ( ___ تَفَاهَةً) الطَّعَامُ : بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِه وَتَافِه) ( ___ تُفُوْهًا) الرَّجُلُ :کم عقل ہونا۔ صفت (تَافِه)
اَتْفَهَ۔ الشَّيْءَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَعْطَيْتَ فَاَتْفَهْتَ" تم نے دیا اور کم دیا۔
التِّفْدَة والتِّفْدَة :دھنیا۔ زیرہ۔ روی۔ مسالہ۔
التَّفِر والتَّفِرَة : مسالہ۔ التَّفِرة : دھینا۔ زیرہ روی۔
تَفِعَ(س)تَفَعًا :بھوکا ہونا۔
التِّفِع :بھوک۔
جُوْعٌ (تِفِع) : سخت بھوک۔
اَتْفَنَ۔ الْاَمْرِ :مضبوطی سے کرنا۔
تَفَّنَ۔ الارض : پیداوار زیادہ ہونے کے لیے سینچنا۔
التِّفِن : طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الْفَصَاحَةُ مِنْ تِفِنِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ گارا جو خشک ہو کر پھٹ جائے۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی رَجُلٌ (تِفِن وتَفِن) کام کا اچھی طرح کرنے والا۔ کام میں ماہر۔ ج اَتْفَان۔
التِّفِنَة :حوض کا بقیہ گدلا پانی۔
تَقِيَ :(دیکھئے مادہ وق ی)
تَكَّهٗ(ن)تَكًّا :روند کر کچل دینا۔ تَكَّهَ النَّبِيْذُ : مدہوش کردینا۔
تَكَّ(ن)تُكُوْكًا۔ الرَّجُلُ :لاغر ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (تاک) ج تاكُّون و تَكَكَةٌ و تُكَّاك وتُكَك۔
اِسْتَنَكَّ۔ التِّكَّة :پائجامہ میں ازار بند ڈالنا۔
التِّكَّة :ازار بند۔ ج تِكَك۔
المِتَكّ :پائجامہ میں ازار بند ڈالنے کی سلائی۔
التِّكِّي :ازار بند بیچنے والا یا بننے والا۔
تَكَأَ :(دیکھئے مادہ وک أ)
تَكْتَكَهٗ تَكْتَكَةً : روند کر کچل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کردینا ___ السَّاعَة : ٹک ٹک کرنا۔
تَكِلَ :(دیکھئے مادہ وک ل) -
تَلَّهٗ(ن)تَلًّا :پچھاڑنا ___ الشَّيْءَ اِلَيْهِ :دفع کرنا۔ الْحَبْلَ فِي الْبِئْرِ : کنوئیں میں رسی لٹکانا۔ الشَّيْءَ فِي يَدِهٖ : رکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَّه (بِتِلَّة) سُوْءٍ" اس نے اسے بُرے فعل کی تہمت لگائی۔ اليه :عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
اَتَلَّ۔ الدَّابَّةَ : باندھنا۔ کھینچنا ___ المَتَاعَ : پکانا۔
التَّلَال والتَّلَالَة : گہرائی۔
التَّلّ۔ مِنَ الْاَرْضِ : چھوٹا ٹیلہ۔ ج تِلَال و تُلُوْل۔ واحد تَلَّة۔
التِّلَّة :حالت۔ ( ___ والتَّلَّة) :لیٹنے کی حالت۔ گرنے کی حالت۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فِي خُلُقِهٖ تَلَّة" اس کی عادت میں کاہلی ہے۔
التَّلِيْل ج اَتِلَّه وتُلُلٌ وتَلَالِيل :گردن ___ ج تَلَّى :پچھاڑا ہوا۔
المِتَلّ :وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ مِتَلّ" سیدھا اور سخت نیزہ قوی ومضبوط آدمی یا اونٹ۔
التُّلَّى :ذبح کی ہوئی بکری۔
اِتْلَأَبَّ اِتْلِئْبَابًا۔ الْاَمْرُ : درست ہونا ___ الْحِمَارُ : سر وسینہ اُٹھانا۔ کہا جاتا ہے قِيَاسٌ مُتْلَئِبٌّ" یعنی قیاس مطرد "طَرِيْقٌ مُتْلَئِبٌّ"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سیدھا الصباراستہ۔

التَلَب : نقصان۔ کہا جاتا ہے "تَبَّالَهُ وَتَلْبًا" یعنی اللہ اس کے لیے نقصان وہلاکت کو لازم کرے۔

المَتَالِب :ہلاکت کی جگہیں۔

التَالب :پہاڑی بکرا۔مؤنث تَالِبَة۔

التَوْلَب :گدھے کا بچہ۔ج تَوَالِب۔

أُمُّ تَوْلَب :گدھی۔

التَلَج :عقاب کا چوزہ۔

تَلَدَ(ض ن)تُلُوْدًا۔المَالُ كَالابل وَالغَنم : خاندان میں پرانے زمانے سے مال کا ہونا۔صفت (تالِدٌ وتَلْدٌ وتُلْدٌ وتَلَدٌ وتِلَادٌ وتِلِيْدٌ)اور اس کے خلاف طارِفٌ وَطَرِيْفٌ ہے۔( ـــــ ن وَ تَلِدٌ)(س)فِي القَوْمِ وبالمَكَانِ :اقامت کرنا۔ کہتے ہیں "تِلِدَ فُلَانٌ عِنْدَنَا" یعنی فلاں کے ماں باپ ہمارے ہی یہاں پیدا ہوئے۔

اَتْلَدَ۔ الرَّجُلُ : موروثی مال والا ہوا۔ مال حاصل کرنا۔

تَلَّدَ :مال جمع کرنا۔

التُلْد :عقاب کا چوزہ۔

التِلِسْكُوْب : دُوربین (جدید) اس کے لیے عربی مرقب ہے۔

التِلِيْسْت :خصیہ۔

تَلَّصَهُ تَتْلِيْصًا :نرم وہموار کرنا۔

تَلَعَ (ف) تَلْعًا وتُلُوْعًا۔النَّهَارُ :دن چڑھنا۔ الضُّحَى :چاشت کا وقت ہونا۔

ـــــ الرَّجُلُ أَوِ الظَّبْيُ :سر باہر نکالنا۔

تَلِعَ (س) تَلَعًا۔الإِنَاءُ :بھر جانا۔( ـــــ تَلَعًا وتَلَاعَةً)عُنُقَهُ :گردن لمبی ہونا ـــــ الرَّجُلُ : لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (أَتْلَعُ وتَلِيْعٌ)

أَتْلَعَ وتَتَالَعَ وتَتَلَّعَ۔فِي مَشْيَتِهِ :چلنے میں گردن لمبی کرنا۔

التَلِع :اردگرد بہت دیکھنے والا۔إِنَاءٌ تَلِعٌ :بھرا ہوا برتن۔

التَلْعَة :بلند زمین۔پست زمین۔ج تَلَعَات وتِلَاع وتَلَع۔

المُتْلِع :خوبصورت عورت۔

التَلِعة :کشتی کا بادبان۔ج تَلِعات۔

تَلَفَ(س)تَلَفًا :ہلاک ہونا۔برباد ہونا۔

أَتْلَفَهُ :ہلاک کرنا۔برباد کرنا۔فنا کرنا۔

التَلِيْفَة :ہلاک ہونے والی چیز۔

المِتْلَاف والتَلَّاف :بہت تلف کرنے والا۔

المَتْلَف والمَتْلَفَة :ہلاکت کی جگہ۔ہلاکت کا سبب۔چٹیل میدان۔

تِلْكَ :مؤنث بعید کے لیے اسم اشارہ۔

التَلَم : زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لیک ج أَتْلَام۔

التِلْم : سبز خط لڑکا۔کاشتکار۔سنار۔سنار کی لمبی دھونکنی۔ج تلام۔

التَلْمُوْد :یہودیوں کے احکام کی کتاب

"تَلْمَذَ وتَتَلْمَذَ لِفُلَانٍ" شاگرد ہونا۔تَلْمَذَ وتَتَلْمَذَ الوَلَد :شاگرد بنانا۔

التِلْمِيْذ :شاگرد۔ج تَلَامِيذ وتَلَامِذه۔

التُلُنَّة والتُلُوْنَة :حاجت۔

تَلَان :ابھی۔

تَلِهَ(س)تَلَهًا :حیران ہونا ـــــ الشَّيْءُ : تلف ہونا۔ تَلِهَهُ وَتَلِهَ عَنْهُ : بھولنا۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ تَالِهُ العَقْلِ ومُتْلُوْه العَقْل" مرد عقل۔ زائل شدہ۔

أَتْلَهَ۔الشَّيْءَ :برباد کرنا۔تباہ کرنا۔

تَلَا(ن)تُلُوًّا۔هُ : پیچھے چلنا ـــــ عنه :چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَلَا بَعْدَ قَوْمِهِ" اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔

( ـــــ تِلَاوَةً)الكِتَاب :پڑھنا۔

تَلِيَ(س)تَلَى۔مِنَ الشَّهْرِ يَوْمٌ :ایک دن باقی رہنا۔

أَتْلَاه : آگے بڑھنا۔ پیچھے کرنا۔ أَتْلَاه فلانا : پیچھے چلانا۔ أَتْلَاه عَلَى فُلَانٍ :حوالہ کرنا۔ تم کہتے ہوا "أَتْلَيْتُ فُلَانًا ذِمَّةً" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کر دیا۔ "أَتْلَيْتُ حَقِّي عِنْدَه" یعنی میں نے اس کے پاس اپنے حق میں سے کچھ باقی نہ رکھا۔

تَلَاه تَتْلِيَةً :پیچھے چلنا۔تَلَى الرَّجُلُ :نذر پوری کرنا۔آخری سانس میں ہونا۔

تَتَلَّى۔ ہ : پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَلَّيْتُ حَقِّي" میں اپنے حق کے پیچھے ہوا۔یہاں تک، کہ پورا وصول کر لیا ـــــ الرَّجُلُ :بہت مال جمع کرنا ـــــ حَقَّه عِنْدَهُ :کچھ چھوڑ دینا۔

تَتَالَتِ :الأُمُوْرُ أَوِ الخَيْلُ :ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْخَيْلُ تَتَالِيًا" یعنی پے در پے آئے۔

تَالَاهُ :موافقت کرنا۔تابعداری کرنا۔

اِسْتَتْلَاه۔الشَّيْءَ :پیچھے کرنے کو کہنا۔

ـــــ ہ :انتظار کرنا۔

التَالِي :پیچھے چلنے والا۔میدان گھوڑ دوڑ کا چوتھا گھوڑا۔ج تَالِيَات۔

التَالِيَه :التَّالِي کا مؤنث۔ج التَوَالِي۔

التَوالِي : سرین۔ توالي الخيل : گھوڑے کے پچھلے حصے۔یعنی دم اور ٹانگ۔

التَلَاء :ذمہ۔

التِلْو :وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے چلے۔ج أَتْلَاء۔ :مؤنث تِلْوة۔

التَلَوَّ :ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔

التَلِيّ : بہت مال والا۔ بہت قسمیں۔ کھانے والا۔

التُلَاوَة والتَلِيَّة :بقیہ جیسے تَلَاوَةَ الدَّيْن" یعنی قرض کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ تِلِيَّةَ الشَّبَاب" جوانی کا بقیہ جاتا رہا۔اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ بَقِيَة الْكِرام وَ تَلِيَّةُ الاحرار" فلاں بزرگوں کا اور شرفاء کا بقیہ ہے۔

المُتَالِي : تالع۔گویے کے سُر میں سُر ملانے والا۔

التَلَوِّيُ :ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔

تَمَّ(ض)تَمًّا وتِمًّا وتَمَامًا وتِمَامًا وتُمَامًا وتَمَامَةً وتِمَامَةً : پورا ہونا ـــــ بِالشَّيْءِ وَ عَلَيْهِ :پورا کرنا ـــــ عَلَى أَمْرِهِ :جاری ونافذ کرنا ـــــ إِلَى موضع كذا : پہنچانا۔ عَنْهُ الْعَيْنَ : تعویذ لگا کر نظر بد دور کرنا۔

تَمَّمَهُ وَاتَمَّهُ :پورا کرنا۔مدت تک پہنچا دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَّمَ عَلَى الجَرِيح" یعنی اس نے زخمی کو مار ڈالا۔ تَمَّمَ المَوْلُوْدَ : تعویذ لٹکانا۔ أَتَمَ عَلَى المَحَلِّ :ارادہ کرنا اور جانا۔ أَتَمَتِ الحُبْلَى : ولادت کا زمانہ قریب ہونا ـــــ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القَمَرُ :بدر کامل ہونا۔
تَمَامٌ۔الْقَوْ :سب کا آنا۔
اِسْتَتَمَّ۔الشَّیْءَ: پورا کرنا ـــــ الشَّیْءَ :پورا کرنے کو کہنا۔
التَّمُّ :بط کی ایک قسم جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔
التِمّ :کلمۂ ا۔البَدْرُ التِمّ :ماہِ کامل۔
التَمام بتثلیث التاء والاغلب الفتح : کمال۔ وہ چیز جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔ اور اسی معنی میں (تَمَّ وتِمَّ وتُمَّ وتِمامة وتَمامَة) :ہے۔ چاند کے پورا ہونے کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "بدرٌ تَمامٍ وبدرٌ تمامٌ" "لَیْلَةُ التَّمام" جاڑے کی لمبی رات۔
التُمامَة :بقیہ۔
التَتِمَّة :جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔
التَمِیم :مضبوط۔ پورے قد و قامت والا۔
التَمِیمَة :تعویذ۔ج تَمائِم و تَمِیمات :اور "اِماطَةُ التَمائِم" کنایہ ہے بڑے ہونے سے۔
تَمْتَمَ تَمْتَمَةً۔فی الکلام : جلدی جلدی بولنا اور واضح نہ کرنا۔ صفت (تمتام) مؤنث تَمْتَامَة۔
تَمَرَهُ(ن)تَمْرًا وتَمَّرَه :کھجور کھلانا۔
ـــــ اللَّحْمَ :چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا اور خشک کرنا۔
اَتْمَرَ وتَمَّرَ۔الرُطَبُ :خشک کھجور ہونا۔
ـــــ النَخْلَةُ :پھل دار ہونا۔اَتْمَرَ القومُ :بہت کھجوروں والا ہوا۔
تَتَمَّرَ۔اللَّحْمُ :خشک ہونا۔
التَمْر :خرما۔واحد تمرة۔ج تَمَرات وتُمُور وتُمران۔التمرة :چابک کے سرے کی گرہ۔
التَّمرَ الهِنْدِی :املی۔
التَمَّار :خرما فروش۔
التامِر :بہت کھجور والا۔کھجور والا۔
المَتْمُوْرُ :کھجور کا توشہ دیا ہوا۔
التَمَرِیّ :کھجوروں کا شائق۔
التَّامُرِی والتَامُوْرِی :انسان۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ تَامُوْرٌ او تُوْمُور" گھر میں کوئی نہیں یا کچھ نہیں۔

تَمُوْزو تَمُّوْز :ترکی مہینہ۔مطابق ماہ جولائی۔
التِمْسَاح :گھڑیال۔ج تَمَاسِیح۔
تَمِه (س) تَمَهًا وتَمَاهَةً۔الطَعَامُ :بُو یا مزہ خراب ہونا۔صفت (تَمِه)
تَانَّ۔بَیْنَهُمَا :مقابلہ کرنا۔اندازہ کرنا۔
اَتَنَّ۔الْمَرَضُ الصَّبِیَّ : بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعولی (تِنّ)۔الرَّجُلُ :دور ہونا۔
التِنّ :مخنث۔مثل۔ہمسر۔ج اَتْنَان۔
التِنِّیْنُ : مچھلی۔اژدھا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ج تَنَّاتین۔
تَنَا (ف) تُنُوءً ا۔ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔ صفت (تانی) ج تُنَّاء۔
التَنْبَک والتُنْبَاک :تمباکو۔
التِنْبَل والتِنْبَال والتُنْبُول والتِنْبَالة :پست قد۔کند ذہن۔سست ج تَنَابِیْل و تَنَابِلَة۔
التَنْبُلُ والتَانْبُوْل :پان۔
التَنْجَرة :ہانڈی۔دیگ (جدید)
تَنَخَ (ن) تُنُوخًا وتَنَخَ وتَتَنَّخَ۔بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔
تَنِخَ (س) تَنَخًا :بدہضمی ہونا۔
اَتْنَخَهُ :بتلاء بدہضمی کرنا۔
التُنُّوب : صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تُنُّوبَة۔
التَنُّور :تنور۔ج تَنَانِیر۔
التَنَّار :تنور بنانے والا۔
التَنَضُّبُ :(دیکھئے مادہ نضب)
التَنُّوفَةُ والتَنُّوفِیَة :بے پانی کا جنگل ج تَنَانِیف۔
التَنَک :ٹین (جدید)
التَنَکَجِی :ٹین بنانے والا۔(جدید)
تَهْتَه :لغویات میں مشغول ہونا۔
التُهَاتِه :لغویات 'باطل باتیں۔
تَهِمَ (س) تَهَمًا۔اللَّحْمُ : خراب ہونا۔ صفت (تَهِم)
اَتْهَمَ وتَاهَمَ وتَتَهَّمَ : سرزمین۔تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔
التَهَمَة :بدبو۔
تِهَامَة :تکہ معظمہ۔ ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کے لیے تهامی و تهام۔ ج تَهَامِیُّون

وتَامُوْن۔
اِتْهَمَ وتُهْمَة :(دیکھئے مادہ وہم)
تَهِنَ (س) تَهَنا :صفت (تهِن)
تَهَا (ن) تَهْوًا :غافل ہونا۔
التِهْوَاء : رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَی تِهْوَاء مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔
التَوُّ : اکیلا۔ ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی۔ ج اَتْوَاء :کہا جاتا ہے "جَاءَ تَوًّا" وہ قصد کر کے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکتی۔
تَابَ (ن) تَوْبًا و تَوْبَةً و تَابَةً و مَتَابًا و تَثْوِبَةً۔ اِلَی اللّٰهِ :گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم و پشیمان ہونا۔ صفت (تائب) ـــــ اللّٰهُ عَلَیْهِ : بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت (تَوَّاب)
اِسْتَتَابَهُ :توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔
التُوْت :توت کا درخت۔توت کا پھل۔
اَلتُّوتِیَا :یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔
تَاجَ (ن) تَوْجًا :تاج پہننا۔
تَوَّجَهُ :تاج پہنانا۔
تَتَوَّجَ :تاج پہننا۔
التَائِج :تاج والا۔
التَاج :شاہی ٹوپی۔ج تِیْجَان۔ تَاجُ الْجَبَّارِ : ستارے۔ تَاجُ الْعُمُوْدِ : ستون کے بالائی حصہ کے نقش و نگار۔
تَاحَ یَتُوحُ تَوْحًا۔لَهُ الشَّیْءُ :تیار ہونا۔
تَاخَتْ (ن) تَوْخًا و تَوْخًا۔ الْإِصْبَعُ فِی الْجِسْمِ الْوَارِمِ اَوِ الرِّخْوِ :انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔
التُوْذَرِی والتُوْذَرِی :ایک دوا کا نام
تَارَ (ن) تَوْرًا۔الماءُ :جاری ہونا۔
اَتَارَهُ اِتَارَة :بار بار لوٹانا۔
التَوْر :چھوٹا برتن۔ قاصد۔
التَارَة :(دیکھئے تار)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



التَّوْرَاة والتَّوْرِيَة : آسمانی کتاب جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی- ج تَوْرَات وَ تَوْرِيَات-

تَازَ(ن)تَوْزًا-الشَّيُّ : سخت ہونا-

التَّوْس : طبیعت-اصل-کہا جاتا ہے-"هُوَ مِنْ تُوْسِ صِدْقٍ"

تَاعَ (ن ض) تَوْعًا : روٹی کے ٹکڑے سے سالن یا گھی اُٹھانا-

التَّيُوع : ہر ایک پودہ جس کو کاٹنے پر دودھ نکلے-

تَافَ(ن)تَوْفًا-البَصَرُ : نگاہ کا چندھیا جانا-

التَّافَةُ والتَّوْفَةُ والتُّوْفَة : عیب- کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ تَوْفَة" اس میں کوئی عیب نہیں-گناہ-

تَاقَ (ن) تَوْقًا وتُوْقًا وتَوْقَانًا وتَوَقَانًا وتِيَاقَةً-هُ وَإِلَيْهِ : شائق ہونا-إِلَى الْغَايَةِ : جلدی کرنا- صفت (تَائِق وتوأق)-عينهُ بِالدُّمُوعِ : بہنا-تَاقَ مِنْه : دُور نا ـــــ بنفسه : جان دینا-

تَتَوَّقَ- الى الشَّيْءِ : آرزو مند ہونا- شائق ہونا-

تَالَ يَتُول تَوْلاً : جادو کرنا-جادو کا علاج کرنا-

التُّولَة والتَّوْلَة : مصیبت ج تولات-

التُّوْلَة والتِّوَلَة : جادو وغیرہ-

التُّوْمَة : موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ- بالی-

شتر مرغ کا انڈا-ج تُوْم وتُوَم- : تُوم کو عوام ثوم (لہسن) کے بجائے استعمال کرتے ہیں-

المُتَوَّم :بالا پہنا ہوا-کان میں بالی پہننے والا-

تَتَاوَنَ وتَتَاءَنَ- الصَّيْدَ : کبھی دائیں کبھی بائیں سے حملہ کرنا-

التُّوْنُ-الحَمَّام :حمام کی بھٹی-

تَاهَ(ن)تَوْهًا :ہلاک ہونا-ضائع ہونا-راستہ گم کرنا-فاسد العقل ہونا-

التَّوْه والتَّوْه : ہلاکت- فلاةٌ تَوْهٌ : گمراہ کر دینے والا بیابان-ج اَتْوَاه وج اَتَاوِيْه-

تَوَّهَهُ وَاتَاهَهُ :ہلاک کرنا-

تَوِيَ (س) تَوَىً- المالُ : برباد ہونا- ہلاک ہونا- صفت (تو و تاو) کہا جاتا ہے "لَا تَوِيَ عَلَيْهِ" اسے کوئی نقصان نہیں-

اَتْوَاهُ اِتْوَاءً-اللّٰهُ :ہلاک کرنا-

المَتْوَاة :باعث ہلاکت-باعث نقصان کہتے ہیں "الشُّحُّ مَتْوَاة" بخل باعث نقصان ہے-ج مَتَاوٍ ومَتْوِيَات-

التِّيَاتْرُو : تھیٹر- اس کی عربی مُمَثَّل ہے اور مولدین کے نزدیک مَسْرَح-

تَاحَ(ض)تَيْحًا-لَه :مقدر ہونا-تیار ہونا ـــــ فِي مَشْيِهِ :جھکنا-

اَتَاحَهُ إِتَاحَةً : تیار کرنا-مقدر کرنا- کہا جاتا ہے "اَتَاحَ اللّٰهُ لَهُ الشَّرَّ" اللہ نے اس کے لیے شر کو مقدر کر دیا-

المُتَاح والمِتْيَاح :امر مقدر-فیصل شدہ-

التَّيَّاح والتِّيْحَان والتَّيْحَان والتَّيْحَان والمِتْيَح : لایعنی اُمور میں مشغول ہونے والا- اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ تِيح" ہمیشہ بلا میں مبتلا رہنے والا مرد-

تَاخَهُ(ض)تَيْخًا : کھجور کی چھڑی سے مارنا-

المِتْيَخَة : کھجور کی چھڑی-

التَّيْد :نری کہا جاتا ہے "تَيَّدَكَ زَيْدًا" زید سے نری کر-

تَارَ(س)تَيْرًا-البَحْرُ :جوش میں آنا-

التَّيَّار : جوش مارنے والے سمندر کی لہر- مغرور- کہا جاتا ہے "قَطَعَ عِرْقًا تَيَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا-و"فَرَسٌ تَيَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا-

التِّيْر : تکبر وغرور-

تَارَةً :(دیکھئے تَأْرَ)

تَازَهُ(ض)تَيْزًا وتَايَزَهُ :غلبہ کرنا- کہا جاتا ہے "تَازَ السَّهْمُ فِي الرَّمِيَّةِ" شکار میں تیر نے حرکت کی-

التَّيَّاز :پست قد سخت جوڑوں والا-

تَاسَ يَتِيْسُ-الجَدْيُ :بکرا بن جانا-

تَيَّسَ-فَرَسَه :سدھانا ـــ هُ عَنْ كَذَا : باز رکھنا-

تَايَسَ :مدافعت کرنا-

تَتَايَسَ- المَاءُ : موجوں کا ٹکرانا- (او اِسْتَيْئِسَ)الغز :بکری کی طرح ہو جانا-

التَّيْس : بکرا- جنگلی بکرا- نر ہرن- ج تُيُوس واتياس وتِيْسَة- لِحْيَةُ التيس : ایک قسم کی نباتات-

التَّيْسِيَّة والتَّيْهُوسِيَّة : بکرے جیسی طبیعت- کہتے ہیں-فِي فُلَانٍ تَيْسِيَّة وتُيُوسِيَّة

التَّيَّاس :بکری والا-

الأَتْيَس :بکری جیسا-

تَاعَ (ض) تَيْعًا و تَيَعًا و تَيَعَانًا- القَيْءُ : نکلنا ـــــ المَاءُ :بہنا اور زمین پر پھیلنا-

ـــــ اليه : جلدی کرنا اور مشتاق ہونا- ( ـــــ تَيْعًا) الطَّرِيْقَ :طے کرنا ـــــ السَّمْنَ : روٹی کے ٹکڑے سے گھی اُٹھانا-

اَتَاعَ- مَا اَكَلَهُ : اُلٹی کر دینا ـــــ الشَّيْءَ: لوٹانا-

تَتَيَّعَ -إِلَى الشَّرِّ وَ(تَتَايَعَ)فِي الشَّرِّ :برائی کی طرف سبقت کرنا-صفت(تَيِّع وتَيْعَان)

ـــــ الرِّيحُ بِالوَرَقِ : اُڑا لے جانا- تَتَيَّع فِي الامر : اصرار کرنا- کہا جاتا ہے "إِنَّهُ يَتَتَايَعُ فِي الْأُمُورِ" وہ اپنے آپ کو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے-

تَاكَ (ض) تُيُوْكًا : بیوقوف ہونا- صفت (تائک)أَحْمَقٌ تَائِكٌ :بہت بیوقوف-

اتَاكَ-الشَّعْرَ :اُکھیڑنا-

تِيْك : مؤنث کے لیے اسم اشارہ- اس کی تصغیر(تَيَّاك) ہے اور اس پر هاء تنبیہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے(ہاتیک)

تَامَهُ(ض)تَيْمًا و تَيْمَةً-الحبُّ :غلام بنا دینا- ذلیل کر دینا-

التيم-مد- عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی- غلام کہا جاتا ہے "هُوَ تَيْمُ اللّٰهِ" وہ اللہ کا بندہ ہے-

التِّيْمَة والتِّئِمَة :بکری جو گھر میں چارہ دے کر دودھ کی جائے- بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے-

التَّيْمَاء :بیابان-نام ایک مقام کا-

التِّيْن : انجیر-انجیر کا درخت-واحد(تينة)

المَتَانَة : وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت ہوئے ہوں- کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَتَانَةٌ" بہت انجیر والی سرزمین-

التَّيَّان :انجیر بیچنے والا-انجیر خشک کرنے والا-

تَاهَ (ض) تَيْهًا- : تکبر کرنا ـــــ (تَيْهًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| وتَيهَانًا) سرگشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت (تَيَّاه وتَيْهَان) | مغرور۔ | اَرْض تَيْهاء ومَتْيَهَة ومَيْهَة ومَتْيَهُ وَتِيْهُ : راستہ بھٹکانے والی سرزمین۔ |
| تَيَّهَ واَتَاهَ۔ه : گمراہ کرنا۔ضائع کرنا۔ | التِيْه : ڈینگ۔غرور۔گمراہی۔چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے۔ ج اَتْياه واَتَاوِيْه واتاوِهَةٌ۔ | |
| التَائِه والتَيْهان والتَيَّاه والتَيِّهان : متکبر۔ | | |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ث

ثَبَبَ (س) ثَأْبًا و ثُبَبًا و تَثَأْبَبَ : جمائی لینا۔ صفت (مَثْؤُوب) و تَثَائُب الْأَخْبَازَ : جستجو کرنا۔ الثَّأْب و الثُّؤْبَاء و التَّثَائُب : جمائی۔

ثَأْثَأَ : پیاسا رکھنا۔ سیراب کرنا ـــــ النارَ : آگ بجھانا ـــــ الغضبَ : غصّہ ٹھنڈا کرنا ـــــ هُ عَنِ الْأَمْرِ : کسی کام سے روکنا۔

ثَأْجَ (ف) ثَاجًا۔ الْغَنَمُ : ممیانا۔ الثُّؤَاج : بھیڑ بکری کی آواز۔

ثَئِدَ (س) ثَأْدًا۔ الثَّبْتُ : ثواب ہونا۔ ـــــ الرَّجُلُ اَوِ الْمَكَانُ : ٹھنڈا ہونا۔ صفت (ثئِد و ثَئِيد)

الثَّأْد و الثَّأَد : نمناک مٹی۔ تری۔ سردی۔ بُرا کام۔ نرم و سرسبز نباتات۔

الثَّأْدَة : موٹی عورت۔

الثَّأْدَاء : لوتھڑی۔ "مَا اَنَا ابْنُ ثَأْدَاء" میں عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔

الثَّآدَة : موٹاپا۔

ثَأَرَ (ف) ثَأْرًا۔ الْقَتِيْلَ وَ بِالْقَتِيْلِ : خون کا مطالبہ کرنا۔ قاتل کو قتل کرنا۔ صفت (ثَائِر) کہا جاتا ہے "ثَارَهُ بِكَذَا" یعنی اس نے فلاں کے ذریعہ خون کا بدلہ لیا "وَ ثُئِرَ زَيْدٌ" زید سے خون کا بدلہ لیا گیا۔

اَثْأَرَ و اِثْأَرَ۔ مِنْهُ : خون کا بدلہ لینا۔

اِسْتَثْأَرَ : خون کا بدلہ لینے کے لیے فریاد کرنا۔

الثَّأْر و الثُّؤْرَة : خون کا بدلہ۔ جرم کا بدلہ۔ ج اَثْآر و آثَار و ثَائِر : کہا جاتا ہے "هُوَ ثَأْرُكَ" وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے۔ "وِيَا ثَارَاتِ فُلَان" اے فلاں کے قاتلو! "و الثَّارُ الْمُبِيْم" خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام سے سو رہے۔

ثَئَطَ (ف) ثَأْطًا۔ اللَّحْمُ : خراب ہونا۔ بگڑنا۔ ثُئِطَ۔ الرَّجُلُ : زکام ہونا صفت (مَثْؤُوط) الثُّؤَاط : زکام۔

الثَّاطَة : بدبودار کیچڑ۔ اور اسی سے مثل ہے "ثَاطَةٌ مَدَّت بِمَاء" اس وقت بولتے ہیں جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری خرابی ہو جائے۔ جیسے اُردو میں "مفلسی میں آٹا گیلا" ج۔ ثَأْط۔

الثَّاطَاء : بیوقوف عورت۔

ثَؤْلِلَ و تَثَالَل۔ جَسَدُه : مسے والا ہونا۔

الثُّؤْلُول : مسہ۔ پستان کا سرا۔ بھٹی ج ثَآلِيل۔

ثَأَى (ف) ثَأْيًا و اَثْأَى۔ الشَّيْءَ : چیرنا۔ پھاڑنا۔ کمزور کرنا۔ فاسد کرنا۔ و اَثَأَ فِي الْقَوْمِ کشت وخون کرنا۔

ثَئِيَ (س) ثَأَى۔ الشيءُ : چھد جانا۔

الثَّأْيُ : زخم کے نشان۔

الثَّأْي۔ مہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْأَبُ الثَّأْيَ" فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے۔

ثَبَّ (ن) ثَبَابًا : جم کر بیٹھنا۔ وقار سے بیٹھنا ـــــ الْأَمْرُ : پورا کرنا۔

ثَبُتَ (ک) ثَبَاتَةً وَ ثُبُوتَةً : بہادر ہونا۔ صاحب عزم ہونا۔

ثَبَتَ (ن) ثَبَاتًا و ثُبُوْتًا۔ فِي الْمَكَانِ : ٹھہرنا۔ قیام کرنا ـــــ علی الامر : مداومت کرنا۔ صفت (ثابتٌ و ثَبِيتٌ و ثَبْتٌ) ـــــ الامرُ عندہ : ثابت ہونا۔ موکد ہونا۔

ثَبَّتَهُ و اَثْبَتَهُ : ثابت کرنا ـــــ الحق : دلائل سے موکد کرنا۔ نام درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فَاَثْبَتَ فِيْهِ الرُّمْحَ" اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسا دیا۔

اَثْبَتَ و ثَابَتَ۔ الامرَ : پوری طرح سے پہچاننا۔

اِسْتَثْبَتَ و تَثَبَّتَ۔ فِي الْأَمْرِ و الرَّأْي : جلدی نہ کرنا۔ سہولت سے کام لینا۔ مشورہ کرنا۔ اور حقیقت کی جستجو کرنا۔

الثَّبَت : ثابت ہونا۔ حجت۔ دلیل۔ کہا جاتا ہے "لَا اَحْكُمُ اِلَّا بِثَبَتٍ" میں بغیر حجت و برہان کے فیصلہ نہیں کرتا۔

الثِّبَات : برقع کے بند۔ کجاوہ باندھنے کے تسمے۔

الثَّبَات : ایسی بیماری جو حرکت سے عاجز کر دینے والی ہو۔ بہادر شہسوار جس کا حملہ بھرپور ہو۔

الْإِثْبَات : ایجاب۔ نفی کی ضد۔

الْأَثْبَات : قوم کے معتبر لوگ۔ مفرد ثَبْتٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ثَبْتٌ مِنَ الْأَثْبَاتِ" یہ مجاز ہے جیسے کہ "فُلَانٌ حُجَّة" جبکہ روایت میں ثقہ ہو۔

الثَّوَابِت مِنَ النُّجُوْم : سیاروں کے علاوہ ستارے۔ واحد ثَابِتَة۔

الْمُثْبَت : مقعد۔ تسموں سے بندھا ہوا۔ مَرِيْضٌ مُثْبَت : زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے سے جدا نہ ہونے والا۔

ثَبَجَ (ن) ثَبْجًا وَ ثَبَّجَ۔ الْكَلَامَ : ٹھیک طریقے سے گفتگو نہ کرنا ـــــ الْخَطَّ : تحریر میں غیر معروف طریقہ استعمال کرنا۔

ثَبَجَ (ض) ثَبْجًا وَ ثُبُوْجًا : پاؤں کی انگلیوں پر بیٹھنا۔

ثَبَّجَ و تَثَبَّجَ الرَّاعِي بِالْعَصَا : لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا۔

اِثْبَأَجَّ۔ السَّقَاءُ : بھر جانا ـــــ الرَّجُلُ : موٹا اور ڈھیلا ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الثَّبَج : کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ "اَلثَّبَجُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ" درمیانی حصہ - بڑا حصہ - بلند حصہ - ج "اَثْبَاج وَثُبُوج" کہا جاتا ہے - "یَرْکَبُونَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ" وہ لوگ اس سمندر کے بڑے حصے پر سوار رہ گئے - "وَسِمَتِ الْحُمُرُ اَثْبَاجَ الْاَکْمَامِ" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں پر چڑھ گئے -

الْاَثْبَج : چوڑی پیٹھ والا - کبڑا -

رَجُلٌ مُثَبَّج : لمبا چوڑا مرد -

الْمُثَبَّجَة : آلو -

ثَبَرَهٗ (ن) ثَبْرًا : لعنت کرنا - دھتکارنا - محروم کرنا - ہلاک کرنا ـــــ عَنْ کَذَا : روکنا ہٹانا - (ـــــ ثُبُوْرًا) ہلاک ہونا -

ثَبِرَ (س) ثَبَرًا - الْقَرْحَةُ : پھٹنا اور بہنا -

ثَابَرَ ثِبَارًا وَمُثَابَرَةً - عَلَى الْاَمْرِ : مداومت کرنا - پختگی کرنا -

ثَبَّرَ - فُلَانًا بِالشَّیْءِ : کسی کو کسی چیز پر روک دینا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا : ہلاک کرنا -

تَثَابَرُوْا : ایک دوسرے پر حملہ کرنا -

الثَّبْرَة : نرم زمین - زمین یا پہاڑ کا گڑھا -

الْمَثْبِر : بوچڑ خانہ - عورت یا اونٹنی کے جننے کی جگہ -

الْمُثَبَّر : روکا ہوا - محروم -

الثُّبْرَة : کھلیان میں صاف کیے ہوئے غلّہ کا ڈھیر -

ثَبَطَهٗ (ن) ثَبْطًا وَثَبَطَهٗ - عَنِ الْاَمْرِ : روکنا باز رکھنا ـــــ عَلَى الْاَمْرِ : کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا -

اَثْبَطَهُ - الْمَرَضُ : بیماری کا جدا نہ ہونا -

تَثَبَّطَ - عَنِ الْاَمْرِ : دیر لگانا - رکنا -

الثَّبِط : کمزور - بیوقوف - ج اَثْبَاط وَثِبَاط - مؤنث ثَبِطَة -

ثَبِقَ (ض) ثَبَقًا وَثَبَاقًا - النَّهْرُ : پانی کی زیادتی سے تیز بہنا ـــــ الْعَیْنُ : جلدی آنسو بہانا -

الثُّبُل وَالثَّبَل : برتن کی تلی کا باقی ماندہ

ثَبَّنَ (ض) ثَبْنًا وَثِبَانًا - الثَّوْبَ : کنارہ موڑ کر سینا - (ـــــ وَتَثَبَّنَ) الشَّیْءَ : پھانٹ میں لینا - پاجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا -

الثُّبَنَة - ج ثُبَن وَ (الثِّبَان) ج ثُبُن : پھانٹ -

الثَّبِیْن : چادر کا کنارہ جبکہ اس کو موڑ لیں -

الْمِثْبَنَة : تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے - ج مَثَابِن -

ثَبَى (ض) ثَبْیًا - الشَّیْءَ : جمع کرنا -

ثَبَّى - الشَّیْءَ : جمع کرنا - تعظیم کرنا - درست کرنا - پورا کرنا - کہا جاتا ہے "ثَبَّى اللّٰهُ لَهُ النِّعَمَ" اللہ تعالیٰ نے اسے نعمتوں کے انبار دیئے ـــــ عَلَى الْاَمْرِ : ہمیشہ رہنا ـــــ عَلٰى فُلَانٍ : کسی کے خلاف مدد طلب کرنا -

الثُّبَة : حوض کا درمیان - جماعت - شہسواروں کی جماعت - ج ثُبَات وَثُبُون -

الْاُثْبِیَّة : بڑی جماعت - ج اَثَابِیّ -

الثَّبِیّ : لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا -

ثَبِنَ (س) ثَبَنًا - اللَّحْمُ : بدبودار ہونا - اللَّثَةُ ڈھیلا ہونا - صفت ثَبِنَة -

ثَجَّ (ن) ثُجُوْجًا - الْمَاءُ : بہنا (ـــــ ثَجًّا) الْمَاءَ : بہانا -

اِنْثَجَّ - الْمَاءُ : بہنا -

الثَّجَّة : باغ جس میں حوض ہو - ج ثَجَّات

مَطَرٌ (ثَجَّاجٌ) : بہت برسنے والی بارش - عَیْنٌ (ثَجُوْجٌ) : بہت پانی والا چشمہ -

الثَّجِیْج : زبردست سیلاب - الثَّجِیْجَة : دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے -

الْمِثَجّ : زبان آور خطیب -

ثَجْثَجَ - الْمَاءَ : بہانا - تَثَجْثَجَ : بہنا -

ثَجَرَ (ن) ثَجْرًا - التَّمْرَ : کھجور کو بسر کی کھل کے ساتھ ملانا -

ثَجَّرَهٗ : کشادہ کرنا - چوڑا کرنا -

الثُّجْرَة : درمیان - وسط - کہا جاتا ہے "اَقَامُوْا فِیْ ثُجْرَةِ الْوَادِیْ" انہوں نے وادی کے درمیان اقامت کی - ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا اردگرد - ج ثُجَر : کہا جاتا ہے "طَعَنُوْهُمْ فِی الثُّغَرِ وَالثُّجَرِ"

الثَّجْر وَالثَّجِر وَالْاَثْجَر - مِنَ الْوَرِق وَنَحْوِه : موٹا اور چوڑا -

ثَجِلَ (س) ثَجَلًا : بڑے پیٹ والا ہونا صفت (اَلثَّجَل) مؤنث ثَجْلَاء ج ثُجْل - کہا جاتا ہے "مَزَادَةٌ ثَجْلَاءُ" کشادہ توشہ دان -

ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا وَاَثْجَمَتْ - السَّمَاءُ : جلدی سے برسنا - ثَجَمَهُ عَنْهُ : جلدی سے باز رکھنا -

ثَجَا (ن) ثَجْوًا : خاموش رہنا -

اَثْجَاهُ : خاموش کرنا -

ثَخُنَ (ک) ثِخْنًا وَثَخَانَةً وَثُخُوْنَةً : موٹا ہونا - سخت ہونا - صفت (ثَخِیْنٌ) ج ثُخَنَاء -

اَثْخَنَ - فِی الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا ـــــ فِی الْعَدْوِ : خونریزی میں مبالغہ کرنا ـــــ فِی الْاَرْضِ : سخت خونریزی کرنا - اَثْخَنَتْهُ الْجِرَاحُ : سُست وکمزور کرنا -

اِثَّخَنَ : سُست وکمزور ہونا -

اِسْتَثْخَنَ - مِنْهُ الْمَرَضُ اَوِ النَّوْمُ : غالب آنا -

ثَدَغَ (ف) ثَدْغًا - رَاْسَهٗ : کچلنا - پھوڑنا -

اِنْثَدَغَ : کچلا جانا -

ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا - الْمَطَرُ : بارش ہونا ـــــ السَّحَابُ : برسانا - صفت ثَادِق -

الثَّدَقِم : بیوقوف -

اِنْثَدَقَ - النَّاسُ عَلَیْهِ : حملہ کرنا -

ثَدَمَ - الْاَبْرِیْقَ : چھنانگنا -

الثَّدَم : گفتگو اور حجت میں عاجز - بیوقوف سُست - مؤنث ثَدْمَة -

الثِّدَام : چھننا -

ثَدِنَ (س) ثَدَنًا - اللَّحْمُ : بدبودار ہونا - (ـــــ وَثَدَّنَ) الرَّجُلُ : پُر گوشت اور بھاری ہونا صفت (ثَدِن وَمُثَدَّن)

اَثْدَنَ - الشَّیْءَ : چھوٹا کرنا -

ثَدَاهُ (ف) ثَدْوًا : تر کرنا -

ثَدِیَ (س) ثَدًى : تر ہونا -

الثَّدْی وَالثَّدَی : پستان (مذکر و مؤنث) ج ثُدِیٌّ وَثِدِیٌّ وَاَثْدٍ -

الثَّدْیَاء : بڑی پستان والی عورت -

ثَرَّ (ن ض) ثَرًّا وَثُرُوْرًا وَثَرُوْرَةً وَثَرَارَةً - الشَّیْءُ : کشادہ ہونا ـــــ السَّحَابَةُ اَوِ الْعَیْنُ : بہت پانی والا ہونا - صفت مؤنث (ثَرَّة وَثَرُوْر) صفت مذکر (ثَرّ) ج ثِرَار - کہا جاتا ہے - "مَطَرٌ ثَرّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "وَفَرَسٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ثَرّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "شَاۃٌ ثَرَّۃٌ" کشادہ سوراخ۔ پستان۔ اور زیادہ دودھ والی بکری۔

ثَرَّہٗ(ن) ثَرًّا : متفرق کرنا ـــــ السَّحَابَۃُ مَاءَ ھَا :برسانا۔

ثَرَّ۔ الْمَکَانِ :ترکرنا۔

الثَّرُّ :بہت بولنے والا۔

الثَّارَّۃ :بہت بولنے والی۔

الثَّرَارۃ۔مِنَ الْعُیُوْنِ :بہت پانی والا چشمہ۔

ثَرَبَہ(ض) ثَرْبًا وثَرَّبہ وثَرَّبَ عَلَیْہِ وأَثْرَبَہٗ : ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔ "أَثْرَبَ الْکَبْشُ" زیادہ پردے کی چربی والا ہونا۔ صفت (أَثْرَب) :مؤنث ثَرْبَاء۔

الثَّرْب :پردے کی چربی۔ج ثُرُوْب و أَثْرُب۔ ج أَثَارِب۔

المُثَرِّب :گڑبڑی کرنے والا فسادانگیز۔

الثَّرْبَات :اُنگلیاں۔

ثَرْثَرَ ثَرْثَرَۃً - الشَّیْءَ : بکھیرنا۔ متفرق کرنا ـــــ الْکَلَامَ : واہی تباہی بک بک کرنا۔ صفت (ثَرْثَار)

ثَرَدَ(ن) ثَرْدًا وأَثْرَدَ وثَرَّدَ۔الْخُبْزَ :روٹی توڑ کر شوربے میں تر کرنا۔ صفت مفعولی (ثَرِیْد ومُثَرَّد) ثرید تیار کرنا ثَرَدَ الثوبَ : کپڑا رنگ میں بھگونا۔

ثُرْدٌ وثُرْدَۃ۔مِنَ الْمَعْرِکَۃِ :میدانِ جنگ سے زخمی اُٹھالیا جانا۔

الثَّرْد :ہلکی بارش۔

الثَّرَد :ہونٹوں کی پھٹن۔

الْأَثْرَد :پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔

الثَّرِیْد والثَّرِیْدَۃ : شوربے میں تر کی ہوئی روٹی۔ج ثرائد وثُرُود۔

أَرْضٌ (مَثْرُوْدَۃٌ ومُثَرَّدَۃٌ) زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

الثَّرْط : سریش۔

ثَرِعَ(س) ثَرَعًا۔الرَّجُلُ : طفیلی ہونا۔

الثُّرْعُلَۃ :مرغ کی گردن کے پر۔

الثُّرْغُل :بادہ لومڑی۔

الثُّرْغُوْل :ایک قسم کی گھاس۔

ثَرَمَہٗ(ض) ثَرْمًا وأَثْرَمَہٗ : جڑ سے دانت توڑنا۔

ثَرِمَ(س) ثَرْمًا وانْثَرَمَ :ٹوٹے ہوئے دانت والا ہونا۔صفت أَثْرَم۔مؤنث ثَرْمَاء ج ثرم۔

الثَّرْمَان :ایک درخت ہے اُشنان کی مانند جس کی اُونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔

الْأَثْرَمَان :شب وروز۔زمانہ وموت۔

ثَرَا(ن) ثَرَاءً وثَرِیَ(س) ثَرًی۔الرَّجُلُ :بہت مال والا ہونا۔ ثراۃ :مالداری میں بڑھ جانا۔ ثَرَا اللّٰہُ الْقَوْمَ :زیادہ کرنا۔

أَثْرَی الْثَّرَاءُ :بہت مال والا ہونا۔صفت (ثَرِیٌّ وَمُثْرٍ والثَّرِیٰ) مؤنث ثَرْوَاء۔

الثَّرَاء والثَّرْوَۃ :مال یا قوم کی کثرت۔

الثُّرَیَّا :مالدار عورت (ثَرْوَاء کی تصغیر) ستاروں کے مجموعے کا نام۔ جھاڑ۔

الثَّرْوَان :بہت مال والا۔

ثَرِیَ (س) ثَرًی وأَثْرَی۔ التَّرَابُ : خشک ہونے کے بعد تر و نرم ہونا۔صفت (ثَرِیٌّ وأَثْرَی) مؤنث ثَرِیَّۃ وثَرْیاء۔ أَثْرَبِ الْأَرْضُ : زمین کا نمناک ہونا۔

ثَرَّیٰ۔ۃُ :ترکرنا ـــــ المکانَ :چھڑکنا۔

الثَّرٰی :ثری۔( ـــــ والثراء) نمناک مٹی۔ خیرج أَثْرَاء۔ کہا جاتا ہے "بِیْسَ الثَّرٰی بَیْنَھُم" یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد دشمن ہوگئے۔و"فُلَانٌ قَرِیْبُ الثَّرٰی" یعنی فلاں خیر سے قریب ہے۔

الثَّرِیُّ والثَّرِیُ۔مِنَ الْمَالِ :بہت مال۔رِمَاحٌ ثَرِیَۃ :بہت تیزے۔

الثِّرْیَاطَۃ :کیچڑ۔

ثَطَّ(ن) ثَطًّا۔الصَّبِیُّ :پاخانہ کرنا۔(ض ن) الرَّجُلُ ثَطًّا وثَطَاطَۃً وسُطُوْطَۃً : باریک ابرو والا ہونا۔

رَجُلٌ (ثَطٌّ) کوچ۔ داڑھی اور ابرو میں کم بال والا۔رَجُلٌ (ثَطُّ الْحَاجِبَیْنِ) باریک ابرو والا مرد (حاجبین کا ذکر ضروری ہے) ج أَثْطَاط ثُطٌّ' ثُطَّان ثِطَاط' ثِطَطَۃ۔ عَلٰی ھٰذَا الْقِیَاسِ" "اِمْرَأَۃٌ ثَطَّۃُ الْحَاجِبَیْنِ وثَطَّاءُ الْحَاجِبَیْنِ۔

الثَّطَّاء :عورت جس کے پیڑو پر بال نہ ہوں۔

ثَطَأَ(ف) ثَطْأً :روندنا۔

ثَطِئَ(س) ثَطَأً۔الرَّجُلُ :بیوقوف ہونا۔

ثَطَعَ(ف) ثَطْعًا الشیءُ :ظاہر ہونا۔

ثَطَعَ۔الرَّجُلُ :زکام زدہ ہونا۔

الثَّطَاع :زکام۔

الثَّطَاعِی :زکام زدہ۔

الثَّطَف :کھانے پینے میں فراخی۔

ثَعَّ(ض) ثَعًا :کھایا ہوا قے کردینا۔

اِنْثَعَّ الْأَجِکلُ مِنْ فمہٖ والدَّمُ مِنْ أَنْفِہٖ أَوْجُرْحِہٖ :قے ہونا۔نکلنا۔بہنا۔

ثَعَبَ(ف) ثَعْبًا۔الماءَ :جاری کرنا۔عَلَیْھِمُ الْغَارَۃ :لوٹ ڈالنا۔

اِنْثَعَبَ۔الْمَاءُ :نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا۔

الثَّعَب :وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ج ثُعْبَان۔ مَاءٌ أَوْدَمٌ ثَعْبٌ وثَعَبٌ وأُثْعُوْبٌ :بہتا ہوا پانی یا خون۔

الثُّعُوْب :پیپ۔

الثُّعْبَۃ والثعبة :خبیث قسم کا گرگٹ۔

المَثْعَب :نالی یا پرنالہ۔

الثُّعْبَان :نر سانپ۔اژدہا۔ج ثَعَابِین۔

ثَعِطَ(س) ثَعَطًا۔اللَّحْمُ أَوِ الْمَاءُ :بدبودار ہونا ـــــ الشَّفَۃُ :سوجنا اور پھٹنا۔

الثَّعْطَۃُ :گندہ انڈا۔

ثَعِلَتْ (س) ثَعَلًا۔اَصْنَانُہ :ایک دوسرے کے اُوپر دانتوں والا ہوا۔صفت (أَثْعَل) مؤنث ثعلاء ج ثُعْل۔

أَثْعَلَ۔الْأَمْرِ :دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے ـــــ الضُّیُوفُ :بہت ہونا۔

الثَّعْل۔اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن میں باکھ کی زیادتی۔ج ثُعُول۔

الثَّعَل :ایک قسم کا کیڑا جو مشک میں بدبو ہونے پر پیدا ہو جاتا ہے۔

الثُّعْلُول :غضبناک۔

ثُعَالَۃ :مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)

أَرْضٌ (مَثْعَلَۃٌ) :بہت لومڑیوں والی زمین

ثَعْلَبَ وتَثَعْلَبَ :لومڑی کی طرح مکر و فریب کرنا۔

الثَّعْلَبُ :لومڑی۔جس کے متعلق مشہور ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کہ اس کے بال ہر سال گر جاتے ہیں اور اسی سے ہے "دار الثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثَعْلَبَة اور نر کو ثُعلُبان کہتے ہیں۔ اور ثَعْلَبٌ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے۔ ج ثَعَالِب وَ ثِعَال۔

الثَعْلَبَة :دم کی ہڈی۔ سرین۔

عِنبُ الثَعْلَب :کوے۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ (مُثْعَلِبٌ) وَ اَرْضٌ (مُثْعَلِبَةٌ) بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔

+۲ ثَغَبَ (ض) ثَغْبًا۔ الجمدُ :پگھلنا۔ الدَّمُ : بہنا۔

تَثَغَّبَتْ۔ لثَتهُ بِالدَّمِ : مسوڑھے سے خون بہنا۔

الثَغْب۔ ج ثِغاب و اَثْغَاب و (الثَغْبُ) ج ثِغْبَان و ثُغْبان :پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں دھوپ نہ پہونچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو۔

ثَغْثَغَ ثَغْثَغَةً۔ کَلَامَه :گفتگو میں خلط ملط کرنا۔ صفت (ثَغْثَغ و ثَغْثَاغ) : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُثَغْثِغُ فِی کَلَامِه" فلاں گفتگو میں گڑبڑی کرتا ہے۔

ثَغَرَ (ف) ثَغْرًا۔ الاناءَ : سوراخ کرنا یا توڑنا ـــــ صِنَّه :اکھیڑنا ـــــ الثُلْمَةَ :بند کرنا ـــــ الجِدَار : گرا دینا ـــــ الرَّجُلَ : دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے "ثَغَرَهُمْ وَثَغَرَ عَلَیْهِم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کر دیا۔

ثُغِرَ وَاثْغَرَ۔ مُنه کھلا جانا ـــــ الصبیُّ : دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

اِثْغَرَّ وَاثْغَرَّ۔ الصَبِیُّ :دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

الثَغْر :اگلے دانت۔ مُنه۔ سرحد۔ پہاڑیا وادی کی کشادگی۔ ج ثغور۔ : کہا جاتا ہے۔ "اَمْسَوا ثُغُورًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

الثُغْرَة : رخنہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ آسان راستہ۔ اور اسی سے ہے "هُوَ یَخْتَرِقُ ثُغَرَ المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔

الثُغُوْر :ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ۔

المَثْغَر :منفذ۔

الثِغْرِب :زرد دانت۔

اَثْغَمَ۔ الوادی : درخت ثغامہ والی ہونا ـــــ الراسُ : سفید ہونا ـــــ الرَّجُلَ : غضب ناک بنانا۔ جتلاء بد ہضمی کرنا۔

ثَاغَمَه :بوسہ دینا۔

الثَغِم :کاٹنے والا کتا۔

الثَغَام : ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت واحد ثغامة۔

الثَاغِم :سفید۔

ثَغَتْ (ن) ثُغَاءً۔ الشَّاةُ : ممیانا۔ کہا جاتا ہے "مَالَه ثَاغِیَةٌ وَلَا رَاغِیَةٌ" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ "وَمَا بِالدَّار ثَاغٍ وَلَا رَاغ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اَثْغَى اِثْغَاءً۔ الشَّاةَ : ممیانے پر اُکسانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُه فما اثغی ولا اَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔

الثَغْیَة : بھوک۔ اور قبیلہ کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ الْحَیَّ ثَغْیَةٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلاء ہے۔

ثَفَأَ (ف) ثَفْأً۔ القدرَ :جوش ٹھنڈا کرنا۔

الثُفَّاء :رائی۔ واحد (ثُفَّاءَة)

ثَفَّد۔ الدرعَ :زرہ کو لباس کے نیچے پہننا۔

الثَفَافِید : اُوپر تلے سفید بادل ( ـــــ و المَثَافِید) کپڑوں کے آستر۔ واحد مِثْفَد۔

اَثْفَرَ وَثَفَّر۔ الحمارَ :پیچھے سے ہانکنا۔

اِسْتَثْفَرَ - الکلب بذنبه : دُم دبانا۔ المُصَارِع بِثَوبِهِ :لنگوٹ کسنا۔

الثَفْر وَالثِفَر : زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ ج اَثفار۔

ثَفَلَ (ن) ثَفْلًا وَ ثُفُولًا۔ الرُّحَى : چکی کے نیچے چمڑہ بچھانا ـــــ الشَیءَ :یکبارگی بکھیر دینا۔

اَثْفَلَ۔ الْخَمْرُ : تھرنا ـــــ الشَّرَابُ : پھٹ والا ہونا۔

ثَافَلَهُ :ہم نشینی کرنا۔

تَثَفَّلَ : مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَثَفَّلَهُ عِزُّ سُوْءٍ" اس کو بد اصلی نے مجد و بزرگی سے کوتاہ بنا دیا ـــــ استهُ :بیٹھنا۔

الثَفَال :سست رفتار اونٹ وغیرہ۔

الثِفَال :چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ ( ـــــ والثُفَال) :چکی کا نچلا پاٹ۔

الثُفْل وَالثَافِل : تلچھٹ۔ الثَافِل :گوبر

الثَفِل : تلچھٹ کھانے والا۔

ثَفَنَتْ (ض) ثَفْنًا۔ الثَاقَةَ گھٹنے سے مارنا۔

ثَفَنَه :رفع کرنا۔ مارنا۔ ثَفِنَ الشَیءُ :لازم ہونا۔

ثَفِنَتْ (س) ثَفَنًا۔ یَدُه : کام کرنے سے سخت ہونا۔ اَثْفَنَ الْعَمَلُ یَدَهُ : سخت کر دینا۔

ثَافَنَهُ :ہم زانو ہو کر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ لگے رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کر لینا ـــــ عَلَى کَذَا : مدد کرنا۔

الثَفِنَة۔ مِنَ البَعِیر : اُونٹ کا وہ حصہ جو بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہو گیا ہو کہا جاتا ہے "خَوَى البَعِیرُ عَلَى ثَفِنَاتِه" یعنی اُونٹ بیٹھ گیا۔ مِنَ الانسان : زانو ـــــ مِنَ الخَیْلِ : گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ۔ ج ثِفنات السَّفِنَة :لوگوں کی جماعت۔

ثَفَا (ن) ثَفْوًا۔ ہ : تابع ہونا ـــــ پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

اَثْفَى۔ الرَّجُلُ : تین عورتوں سے نکاح کرنا ( ـــــ وَثَفَّى) القِدرَ :ہانڈی کو چولھے کے پایہ پر رکھنا۔

المُثَفَّى : وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو دفن کر چکا ہو۔

المُثَفَّاة :وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر مر چکے ہوں۔

ثَقَبَ (ن) ثَقْبًا۔ الشَیءَ :سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ ( ـــــ ثُقُوْبًا) النارُ : روشن ہونا ـــــ النَّجْمُ : چمکنا ـــــ الطَّائِرُ : اونچا اڑنا ـــــ النَّاقَةُ :بہت دودھ والی ہونا ـــــ رَایهُ :نافذ ہونا ـــــ الرَّائِحَةُ :پھیلنا۔

ثَقُبَ (ک) ثَقَابَةً : سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا۔ صفت (ثَقِیب) مؤنث ثَقِیبَةٌ۔

ثَقَّبَ وَتَثَقَّبَ۔ الشَیءَ :سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ ثَقَّبَه الشَّیبُ وَثَقَّبَ فِیهِ الشَّیبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔ (ثَقَبَ وَاثْقَبَ) النَّارَ :روشن کرنا (تَثَقَّبَ وانْثَقَبَ) :سوراخ ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الثَّقِيبُ :سوراخ-ج اَثْقُب وثُقُوب-
الثُّقْبَة :چھوٹا سوراخ-ج ثُقَب وثُقُب
الثِّقَاب والثُّقُوب- چھپٹی- چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور جس کو عوام شَحْط یا نِفْط کہتے ہیں-
الثَّاقِب- رَایٌ ثَاقِبٌ :عمدہ رائے- "عقلٌ ثاقبٌ" عقل کامل- حَسَبٌ ثَاقِبٌ : مشہور حسب کہا جاتا ہے نحن اَثْقَبُ النَّاسِ اَحْسَابًا" ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے مشہور ہیں-
الْاَثْقُوب :امور میں بہت زیادہ دخل دینے والا-
المِثْقَب :برما- سوراخ کرنے کا اوزار- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِثْقَبٌ" یعنی سمجھ دار تجربہ کار عمدہ رائے والا-
المِثْقَب والمَثْقَب : بڑا راستہ - سخت و دشوار راستہ - کہا جاتا ہے "هُوَ ظَلَّاعُ المَثَاقِب" یعنی وہ بہادر ہے-
المُثَقَّب :سوراخ کیا ہوا-
ثَقِفَ (س) وثَقُفَ (ک) ثَقْفًا وثَقَفًا وثَقَافَةً : زیرک وسبک وچالاک ہونا- صفت (ثَقْفٌ وثَقُفٌ وثَقِفٌ وثَقِيفٌ)
ثَقِفَه (س) ثَقْفًا : کامیاب ہونا- فتح مند ہونا- پالینا- (ـــــ ثَقْفًا وثَقَافَةً وثُقُوفَةً) الكلامَ : جلدی سے سمجھ لینا-
ثَقَفَه(ن) ثَقْفًا :دانائی میں غالب ہونا-
ـــــ بالرمح :نیزہ مارنا-
ثَقَّفَ- الرُّمْحَ :سیدھا کرنا ـــــ الولدَ : مہذب بنانا- تعلیم دینا-
ثَاقَفَهُ :ہتھیاروں سے باہم کھیلنا- دانائی میں غالب ہونے کی کوشش کرنا- جھگڑا کرنا- کہا جاتا ہے "ثَاقَفْتُه فَثَقَفْتُه" یعنی میں نے اس پر غالب آنے کی کوشش کی اور غالب ہو گیا-
تَثَاقَفَا : باہم جھگڑا کرنا- دانائی میں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا-
الثِّقَاف : جھگڑا- نیزوں کے سیدھا کرنے کا اوزار-
اِمْرَأَةٌ (ثَقَاف) :ذکی وذہین عورت-

الثَّقِيف :بہت زیرک وچالاک- خَلٌّ ثَقِيفٌ : بہت کھٹا سرکہ-
المُثَقَّف :شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ-
ثَقُل (ک) ثِقْلًا وثِقَالَةً : بھاری ہونا- صفت (ثَقِيل وثُقَال وثَقَال) ج ثُقَلَاء وثِقَال وثُقُل
ـــــ السمعُ : کچھ بھرا ہونا ـــــ القولُ : سننا ناگوار ہونا ـــــ المَرْأَةُ :حمل ظاہر ہونا-
ثَقَلَهُ (ن) ثَقْلًا : وزن معلوم کرنے کے لیے ہاتھ میں اٹھانا-
ثَقُلَ (ک) ثَقَلًا- المَرِيضُ : سخت بیمار ہونا-
ثَقَّلَهُ :بوجھل کرنا ـــــ الحَزْفَ : تشدید دینا ـــــ عَلَيْهِ :بھاری بوجھ لادنا ـــــ هُ المَرَضُ : سخت ہونا- "اَثْقَلَتِ المَرْأَةُ" حمل کا بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا-
تَثَاقَلَ :بتکلف ثقل ظاہر کرنا ـــــ عَنْهُ :دیر لگانا ـــــ القومُ :باوجود مدد طلب کیے جانے کے مدد کے لیے نہ اٹھنا-
اِتَّاقَلَ-اِلَى الدُّنْيَا :مائل ہونا-
اِسْتَثْقَلَ- الشَّيْءُ : بوجھل ہونا ـــــ الشَّيْءَ : بوجھل پانا ـــــ بِفُلَانٍ : بوجھ کو محسوس کرنا-
الثَّاقِل :بوجھل- مرضٌ ثَاقِل : سخت مرض- دِينَارٌ ثَاقِل : پورا دینار- ج ثَوَاقِل : کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ ثَاقِلًا" یعنی اس کو مرض نے بوجھل کر دیا-
الثِّقَل :مسافر کا سامان اور اس کے نوکر چاکر- کہا جاتا ہے "اَعْطِهِ ثِقْلَه" اس کو اس کے برابر دیدو ج اَثْقَال- والْاَثْقَال- زمین کے خزانے اور دفینے- مُردے- قرآنِ مجید میں ہے ﴿ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ﴾ اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی-
الثِّقْل :گرانباری-
الثَّقْلَة والثِّقْلَة والثَّقَلَة والثِّقَلَة والثَّقِلَة : کل سازو سامان- کہا جاتا ہے "وَارْتَحَلُوْا بِثَقْلَتِهِمْ" وہ لوگ مع اپنے پورے سازو سامان کے چلے گئے- الثَّقْلَة : پیٹ میں خوراک کی گرانی- اونگھ- کہا جاتا ہے "وَجَدتُ ثَقْلَةً فِي جَسَدِي" میں نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی-

المِثْقَال :تولنے کے اوزان- مِثْقَالُ الشَّيْءِ : چیز کا وزن یا چیز کی ترازو- ج مَثَاقِيل اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے اور کبھی کم اور کبھی زیادہ-
ثَكِلَ (س) ثَكْلًا وثَكَلًا- اِبْنَهُ : گم کرنا- صفت (ثَاكِل وثَكْلَان) : مؤنث ثاكل وثاكِلة وثكلى ج ثَوَاكِل وثكالى-
اَثْكَلَ- الْاُمَّ وَلَدُهَا واَثْكَلَ الْوَلَدُ اُمَّه : بچے سے ماں کو گم کرا دینا- اور ماں کے سامنے بچے کا مر جانا-
الثَّكُول والمِثْكَال : بچے کو بہت گم کرنے والی عورت- جمع مَثَاكِيل" : کہا جاتا ہے "نِسَاءُ الغُزَاةِ مَثَاكِيل" غازیوں کی عورتیں بچے کو گم کرنے والی ہیں-
المُثْكَلَة : سبب گمشدگی فرزند- کہا جاتا ہے زُمْحُه لِلْوَالِدَاتِ مُثْكَلَةٌ" اس کا نیزہ ماؤں کے لیے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے-
ثَكَمَ (ن) ثَكْمًا- الْاَمْرَ والطريقَ : کسی امر یا کسی راستے کیلئے لازم ہونا- الْاَثَارَ : پیروی کرنا ـــــ له الْاَمْرَ :واضح طریقہ سے بیان کرنا-
وثَكِمَ (س) ثَكَمًا- بِالمَكَان : اقامت کرنا- ثَكِمُ- الطَّرِيقِ وَثُكْمَتُهُ :راستہ کا درمیان
الثُّكْنَة : کبوتروں کی ڈار- فوجوں کا مرکز- لوگوں کی جماعت- چوپایوں کا گلہ- گردن بند جمع ثُكَن- کہا جاتا ہے "حَمَامٌ ثُكَن" یعنی اکٹھے کبوتر-
ثَلَّ (ن) ثَلًّا- البِئْرَ : کنوئیں سے مٹی نکالنا ـــــ الوِعَاءَ : برتن سے سب کچھ نکال لینا( ـــــ ثَلًّا ثَلَلًا) القومَ : ہلاک کرنا ـــــ البَيْتَ : گرا دینا- ڈھا دینا- کہا جاتا ہے "ثَلَّ اللّٰهُ عَرْشَهُم" یعنی اللہ نے ان کے ملک کو برباد کر دیا- وثَلَّ عرشهم اُن کی عزت ضائع ہو گئی ـــــ التُّرَابَ :گرانا- ڈالنا ـــــ ثَلِ ذِئْبٌ حَافِرٍ :لید کرنا-
اَثَلَّ اِثْلَالًا :مرمت کرنے کا حکم دینا- الرَّجُلُ : بہت بھیڑوں والا ہونا- فَمُه : بے دانت والا ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَثَلَّلَ۔البیتُ : آہستہ آہستہ گرنا۔
اِنْثَلَّ : ڈھے جانا۔گر جانا۔
الثَّلَلُ : ہلاکت۔دانتوں کا گرنا۔
الثِّلَّة : ہلاکت۔ج ثِلَل۔
الثِّلَّة : بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے "کِسَاء جَیِّد الثِّلَّة" عمدہ اُون کا کمبل۔ کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ ج ثِلَل و ثلال : اُون، بال اور اُونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُّلَّة : لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الثُّلَّة و الثُّلَّة" فلاں بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں فرق نہیں کرتا۔
الثِّلَّة : نیستی وہلاکی۔جمع ثِلَل۔
المَثَلَّة : بیابان میں سائبان۔
ثَلَبَه (ض) ثَلْبًا : عیب لگانا۔ملامت کرنا۔غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا ـــــ الشَّیْءَ : رخنہ ڈالنا۔
ثَلَبَ۔ الرَّجُلُ : بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا گر جانا۔
ثَلِبَ (س) ثَلَبًا۔الشیءُ : رخنہ دار ہونا۔
ـــــ الجِلْدُ : سکڑنا۔
الثِّلْب : بوڑھا اُونٹ جس کے دانت گر گئے ہوں۔ ج ثَلِبَة و اَثْلَاب۔
و الثَّلِب : عیب دار۔ ذلیل۔ رُمْحٌ ثَلِب : رخنہ دار نیزہ۔
الْاِثْلَب و الْاَثْلَب : مٹی یا پتھر کا چورہ۔ ج اَثَالِب۔
المِثْلَب : وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے کی ہو۔
المَثْلَبَة : عیب۔ گالی۔ کہا جاتا ہے "مَاعَرَفْتُ فِیْهِ مَثْلَبَةً" میں اس کے اندر کوئی عیب نہیں جانتا۔ ج مثالب۔ مَثَالِبُ الْاَمْرِ : کسی امر کے عیوب۔
ثَلَثَ (ن) ثَلْثًا۔الشیءَ : تہائی لینا۔
ـــــ القومَ : تہائی مال لے لینا۔ تیسرا ہونا۔
ثَلَّثَ۔ الاِثْنَیْن : اپنے کو ملا کر تین کر دینا
ـــــ الشیءَ : مثلث بنانا ـــــ
الشَّرَابَ : تہائی باقی رہنے تک پکانا ـــــ
الشیءَ : تین مرتبہ کرنا۔

اَثْلَثَ۔ القومُ : تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً "کَانُوْا تِسْعَةً وَّعِشْرِیْنَ فَاَثْلَثُوْا" وہ لوگ اُنتیس تھے تیس ہو گئے۔
الثَّلَاثَة : تین۔ مؤنث ثَلَاث۔
ذُو الثَّلَاثِ : تین لڑ والی رسی۔ اور تم کہتے ہو "لَعَلَّه ثَلَاثًا" اس نے اس کو تین مرتبہ کیا۔
الثِّلْث : اُونٹنی کا تیسرا بچہ۔ کہا جاتا ہے "سَقَی زَرْعَه الثِّلْث" اس نے اپنے کھیت کو تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُّلُث و الثُّلْث : تہائی۔ ج اَثْلَاث۔ اور اسی معنی میں (الثلیث) ہے۔
اِسْتَحْصَدَ۔ القومُ :جتھا بٹنا ـــــ الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب آنا ـــــ الحبلُ :مضبوط بٹی ہوئی ہونا ـــــ الرجلُ :غضبناک ہونا۔
الحَصَّاد۔ کھیت کاٹنے والا۔
الحِصَاد والحَصَاد۔ مہ۔ کھیت کاٹنے کا وقت۔
الحَصَاد : کٹی ہوئی کھیتی۔ حَصَادُ الشجرة : درخت کا پھل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذُوا حَصَادَ الشجر" اُنہوں نے درخت کا پھل لیا۔ حَصَادُ البُقول الهَرِيَّة : دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں۔
الحَصَد والحَصِيدُ والحَصِيدَة : کھیت کا کٹا ہوا حصہ۔ الحَصِيدَة : کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو دانتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے۔ کھیتی۔ ج حَصَائد۔ و حَصَائدُ الأَلْسِنَة : جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں۔
الأَحْصَد۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو مگر کھڑا ہوا۔ مؤنث حَصْدَاء و دِرعٌ حَصْدَاءُ :تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ۔ شَجَرَةٌ حَصْدَاءُ :بہت پتوں والا درخت۔
المِحْصَد۔ دانتی۔
حَصَرَهُ(ن ض) حَصْرًا۔ تنگی ڈالنا۔ گھیرنا ـــــ الشَّیءَ :پورا لے لینا ـــــ القومُ :بفلان : تنگی ڈالنا ـــــ البَعِيرَ : اُونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔
حُصِرَ۔ قبض ہونا۔
حَصِرَ(س) حَصَرًا۔ بخل کرنا۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا ـــــ بالسِّر :چھپانا ـــــ الرجلُ : تنگ دل ہونا ـــــ عن الشی : شرم کر کے چھوڑ دینا۔ صفت (حَصِر و حَصُور و حَصِير)
حَاصَرُوا حِصَارًا و مُحَاصَرَةً۔ العدوَّ : محاصرہ کرنا۔ گھیراؤ ڈال کر امداد کو روک دینا۔
اَحْصَرَهُ۔ عن السفر : روکنا ـــــ ه المرضُ او البولُ : مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔
اُحْصِرَ۔ قبض ہو جانا۔
اِنْحَصَرَ۔ تنگ ہونا۔
اِحْتَصَرَ۔ البَعِيرَ :گدیلا باندھنا۔
اَلْحِصَار۔ گدیلا جو اُونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ محاصرہ کی جگہ۔
الحُصْر والحُصُر۔ قبض۔
الحَصِير۔ بوریا۔ چٹائی۔ آدمیوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "دَابَة عَرِيضُ الحَصِيرين" چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ مونڈھے سے کمر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید۔ قید خانہ۔ قیدی۔ راستہ۔ لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل بادشاہ۔ اور اسی سے ہے۔ "اَقَرَّ حَصِيرُ الحَصِيرِ فی حَصِيرِ الحَصِير" یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج حُصُر و اَحْصِرة۔
اَلْحَصِيرَة۔ بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تک کا گوشت۔ ج حَصَائر۔
المِحْصَرة۔ للجمل :گدیلا۔
المُحْتَصِر۔ شیر۔
الحَصِيرِيُّ۔ چٹائی بیچنے والا۔
الحَصُور۔ تنگ دل، بخیل۔ خوفزدہ۔ کسی کام سے رکنے والا۔ راز کا پوشیدہ رکھنے والا۔ باوجود طاقت کے عورتوں کی طرف رغبت نہ رکھنے والا۔
الحَصْرَبَة۔ تنگی، بخل۔
حَصْرَمَ۔ القوسَ : مضبوطی سے تانت کسنا۔
ـــــ الحبلَ :مضبوط بٹنا ـــــ القربةَ :بھرنا ـــــ القلمَ :تراشنا۔
تَحَصْرَمَ۔ بخیل و تنگ دل ہونا۔
الحِصْرِم۔ کچا سبز انگور۔ کچا پھل واحد (الحِصْرِمة) سخت بخیل۔ پست قد۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
الحِصْرِم :کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔
حَصُفَ(ک) حَصَافَةً۔ عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا۔ صفت (حَصِيف و حَصِيف)
حَصِفَ(س) حَصَفًا۔ خشک خارش والا ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حَصَفَهٗ(ن)حَصْفًا-دُور کرنا-
اَحْصَفَ- تیز دوڑنا- صفت (مُحْصِف و مِحْصِف ومِحْصَاف)اَحْصَفَهٗ :دور کرنا-
الامرَ :مضبوطی سے کرنا ـــــ النَّسِیْجَ :گف بُننا ـــــ الحَبْلَ : مضبوط بُننا :الحرُّ فُلانًا : خشک خارش میں مبتلا کردینا-
اِسْتَحْصَفَ-الشَّیْءُ :مضبوط ہونا-
ـــــ القومُ :اکٹھا ہونا ـــــ الدھر علیه : سخت ہونا ـــــ الحبلَ :مضبوط بُننا-
الحَصِیْف- ہرے عیب مضبوط چیز-
الحَصَف- خشک خارش-
حَصَلَ(ن)حُصُولاً ومَحْصُوْلاً-
الشَّیْءُ :حاصل ہونا- ثابت ہونا- باقی رہنا- کہا جاتا ہے "حَصَلَ عَلَیْه مِنْ حَقِّی کَذَا" اس کے اُوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا ـــــ لَهٗ کَذَا : واقع ہونا ـــــ عندَه کَذَا : پایا جانا ـــــ علی الشَّیْءِ : جمع کرنا اور مالک ہونا ـــــ لی علیک کَذَا : ثابت ہونا- واجب ہونا-
حَصِلَتْ(س)حَصَلاً-الدابةُ :جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا-
حَصَّلَ-الشَّیْءَ او العِلمَ :حاصل کرنا-
ـــــ الکلامَ : نتیجہ اور مفاد کی جانب پھیر دینا-
ـــــ الدَّیْنَ :جمع کرنا-
تَحَصَّلَ-الشَّیْءُ :اکٹھا ہونا- ثابت ہونا-
ـــــ مِنَ المَسْئَلَةِ کَذَا : کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا-
الحَاصِل- فا- کان سے نکالی ہوئی خالص چاندی ـــــ مِن کل شیٔ :بقیہ ـــــ عند المُحاسِبِیْن :حاصل ضرب- مخزن(مولّدۃ) اور اسی سے ہے "حَاصِلُ عَیْنِ الماءِ" پانی کی ٹینکی-ج حَوَاصِل-
الحَصَل والحُصَالَة- کھلیان میں غلہ اُٹھانے کے بعد جو کوڑا کرکٹ باقی رہ جائے-
الحَصِیْل- حاصل کیا ہوا مال- ایک قسم کی نباتات-
الحَصِیْلَة- تحصیل کا اسم- حاصل کردہ بقیہ-

ج حَصَائِل- کہا جاتا ہے "ما حَصِیْلَتُکَ وما حَصَائِلُکَ" تمہارا حاصل کردہ کیا ہے-
المَحْصُوْل- حاصل- کہا جاتا ہے "هذا مَحْصُوْلُ کَلَامِهٖ" یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے "وما لِفُلَانٍ مَحْصُوْلٌ ولَا مَعْقُوْلٌ" یعنی فلاں کے لئے رائے و تمیز نہیں ہے-
المِحْصَل- چھلنی-
الحَنْصَل- بیگن-
الحِصْلِب والحِصْلِم- مٹی-
حَصَمَ (ض) حَصْمًا- گوز کرنا (بقول بعض گھوڑوں کے لئے مخصوص ہے)
اِنْحَصَمَ-العودُ :ٹوٹنا-
اَلحَصِیْم- چھوٹی کنکریاں-
الحُصَام- گوز-
الحَصَّام والحَصُوْم- گوز کرنے والا-
الحَصْمَاء- گوز کرنے والی گدھی-
المِحْصَمَة- لوہے کا ہتھوڑا-
حَصُنَ (ک) حَصَانَةً- مضبوط و استوار ہونا- صفت(حَصِیْن)
حَصُنَتْ حُصْنًا وحِصْنًا وحَصَانَةً المرأةُ : پاکدامن ہونا- صفت (حَصَان) ج حُصُن و حَصَانات و(حَاصِنٌ وحَاصِنَة)ج حَوَاصِن و حَاصِنَات-و(حَصْنَاء)
حَصَنَهٗ(ن ض)حَصْنًا- مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا-
حَصَّنَ واَحْصَنَ-المکانَ :مضبوط بنانا-
اَحْصَنَ : المرأةَ : شادی کرنا- اَحْصَنَتِ المرأةُ :شادہ شدہ ہونا- پاک دامن ہونا- صفت (مُحْصَنة) بفتح الصاد- اَحْصَنَ الرَّجلُ : شادی شدہ ہونا- صفت(مُحْصَن)
تَحَصَّنَ- اپنے لئے قلعہ بنانا- تَحَصَّنَتِ المرأةُ : عفیفہ و پاکدامن ہونا ـــــ الفرسُ : اصیل ہونا-
الحِصْن- محفوظ و بلند جگہ- قلعہ- ہتھیار ج حُصُوْن-و اَحْصَان و حِصَنَة-
الحَاصِن و الحَاصِنَة- پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں- ج حَوَاصِن و حَاصِنَات-
الحَوَاصِن :حاملہ عورتیں-

الحَصَان- موتی-
الحِصَان- اصیل گھوڑا- ہر نر گھوڑا- ج اَحْصِنَة وحُصُن-
الحَصِیْن- مِنَ الاماکن : مضبوط- کہا جاتا ہے "دِرْعٌ حَصِیْنٌ" مضبوط زرہ- و "حِصْنٌ حَصِیْنٌ" مضبوط قلعہ-
اَبُو الحُصَیْن- مُصَغرًا :لومڑی-
المِحْصَن- زنبیل- تالا- محل-
حَصَا(ن)حَصْوًا-ه :روکنا- منع کرنا-
الحَصْوا- پیٹ کا درد-
حَصِیَ (ض) حَصْیًا- الرجلَ : کنکری سے مارنا-
حُصِیَ- مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا- صفت(مَحْصِیّ)
حَصِیَتِ(س) حصًا- الارض :بہت کنکری والی ہونا- صفت(مُحْصَاة)
حَصَّاهُ تَحْصِیَةً-بچانا-
اَحْصٰی-الشیءَ- شمار کرنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا الأمْرُ لا اُحْصِیْه" یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا-
تَحَصّٰی-بچنا-
الحَصٰی- کنکری- واحد (حَصَاة) ج حَصَیَات و حُصِیّ و حِصِیّ و طُرُق الحَصٰی : کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل- والحَصَاة :عدد- عقل و رائے- کہا جاتا ہے "فلانٌ ثابتُ الحَصَاةِ" فلاں عاقل ہے-
الحَصِیُّ- بڑا عقلمند-
اَرْضٌ (حَصِیَّةٌ) بہت کنکریوں والی زمین- نہر- (حَصَوِیٌّ) بہت کنکری والی ندی-
حَضَّهٗ(ن)حَضًّا و حَضَّضَهٗ-علی الامر : اُکسانا- برانگیختہ کرنا-
تَحَاضَّ- القومُ : ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا-
اِحْتَضَّ- نفسَه : اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا-
الحَضَض- چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "ما عِنْدَه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حَضَضٌ ولا بَضَضٌ "اس کے پاس کچھ نہیں۔
الحَضُّ والحِضِّیْضٰی والحُضِّیْضٰی حَضٌّ کا اسم مصدر۔
الحُضَیَّ۔ دامن کوہ کا پتھر۔
الحَضِیْض۔ دامن کوہ۔ ج اَحِضَّة و حضض۔ پست زمین۔ اور علم ہیئت کی اصطلاح میں اُس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے۔
الحُضَض والحُضْضُ۔ رسوت۔
الحَضِیْضَة۔ شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو۔ "اَخْرَجْتُ اِلَیْهِ حَضِیْضَتِی و بَضِیْضَتِی" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کردی۔
الحَضْوٰضی۔ ڈوری۔ آگ۔
اَحْمَرُ حُضِّی۔ بہت گہرا سرخ۔
حَضَأَ (ف) حَضْأً۔ النارَ: جلانا۔ حَضَأَت النارُ: جلنا۔
اِحْتَضَأَت۔ النارُ: جلنا۔
المِحْضَأ۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔
اَبْیَضُ (حَضِیَ) بہت سفید۔
حَضَبَ (ض) حَضْبًا و اَحْضَبَ النارَ: ایندھن ڈالنا۔
تَحَضَّبَ۔ دشوار گزار قریب کا راستہ اختیار کرنا۔
الحَضْب والحِضْب۔ سانپ۔
الحِضْب والحُضْب۔ کمان کی آواز۔ دامن کوہ۔ ج اَحْضَاب۔
الحَضْب والحَضْب۔ لکڑی۔ ایندھن۔
المِحْضَب۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔ گوشت بھوننے کی کڑھائی۔
حَضَجَ (ن) حَضْجًا۔ النارَ: جلانا۔
____ الشَّیْءَ فی المَاء: ڈبانا ____ بفلانٍ: پچھاڑنا
____ به الارضَ: پٹک دینا۔
حَضَّجَ۔ الکلامَ: کوتاہی کرنا۔
اِنْحَضَجَ۔ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔
الحُضَاج۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ نکلا ہوا ہو۔
الحِضَاج۔ بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگادی گئی ہو۔

المِحْضَج والمِحْضَاج۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔ المِحْضَاج: کپڑا دھونے کی موگری۔
اِمرأة مِحْضَاج۔ کشادہ پیٹ والی عورت۔
الحِضْجِج۔ اُونٹوں کے حوض میں باقی ماندہ گدلا پانی۔
الحِضْجَر۔ لاغر سرین اور بڑے شکم والا۔ بڑی مشک۔ ج حَضَاجِر۔ حَضَاجِر: بجو کا علم جنس ہے۔
حَضَرَ (ن) حُضُوْرًا و حَضَارَةً۔ موجود ہونا۔ ____ حَضَارَةً: شہر میں مقیم ہونا۔
حَضِرَ (س) و حَضَر (ن) حُضُوْرًا المَجْلِسَ: حاضر ہونا ____ عن المکان: منتقل ہونا۔ حَضَرَه الامرُ: دل میں گزرنا ____ ه الموتُ: موت کا وقت آنا ____ الیه: آنا۔ کہا جاتا ہے۔ "حَضَرتُ الامر بخیر" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا۔ "و حَضَرَت الصلٰوة" نماز کا وقت آگیا۔
حُضِرَ۔ موت واقع ہونا۔ صفت (مَحْضُوْرٌ)
حَضَرَهٗ و حَضَّرَهٗ و اَحْضَرَهٗ۔ حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحْضَرَهُ الشیءَ" اس کے پاس چیز کو لایا۔
اَحْضَرَ الفرسُ: تیز دوڑنا۔
حَاضَرَهٗ مُحَاضَرَةً و حِضَارًا۔ ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ جوابِ سمجھ میں آئے دینا۔
حَاضَرَ الجَوَاب: حاضر جواب ہونا۔
تَحَضَّر و اِحْتَضَرَ۔ حاضر ہونا۔ تَحَضَّر و اِحْتَفَرَ الرجلَ: حاضر کرنا۔ اِحْتَضَرَ الفرسُ: دوڑنا۔ تَحَضَّرَ البَدْوِیُّ: شہری جیسا بننا۔
تَحَضَّرَهُ الهَمُّ: غم لاحق ہونا۔
اُحْتُضِرَ۔ قریب المرگ ہونا۔
اِسْتَحْضَرَ۔ الشَّیْءَ: حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو کہنا ____ الفرس: دوڑانا۔
الحَضَر والحَضَارَة والحَاضِرَة۔ شہر اور مقامات مسکونہ۔ یہ البَدْو والبَدَاوة والبَادِیة کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "هذا مِنْ کلامِ الحَاضِرَةِ ولَمْ ارَ البَوادِی لَفَظُوْا بِهٖ ولَا عَرَفُوه" یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ اُنہوں نے اِس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اِسے جانتے ہیں۔

الحَضَارَة والحِضَارَة۔ شہر کی اقامت۔
الحَضَر والحَضَرة۔ موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔
حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الحضرة العالیه تامر بکذا۔ جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں اور کہا جاتا ہے "کلمته بحضرة فلان" میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی۔
الحُضْر۔ تیز دوڑ۔ احضر الفرسُ کا اسم ہے۔
الحَضِر والحَضُر۔ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کر کے حاضر ہونے والا۔
الحَضُر: حاضر جواب۔ الحَضِر: وہ شخص جو سفر کا ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔
الحُضْرَة والحِضْرَة والحَضْرَة۔ پہلو' نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ الحَضْرَة" جبکہ بھلائی کے ساتھ حاضر ہو "و جَمَعَ الحَضْرَة" یعنی وہ عمارت بنانا چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ کرلیا ہے۔
الحَضَار۔ سفید۔
الحَضَرِیُّ شہری۔
الحَاضِر۔ فا۔ شہر کا رہنے والا۔ ج حُضَّر و حُضُوْر و حَضَرة۔ الحاضِر: بڑا قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے "حاج" حاجیوں کے لئے کہا جاتا ہے۔)
الحَاضِرَة۔ حاضر کا مونث۔ ہاتھی کا کان ج حَوَاضِر۔
الحَضِیْرَة۔ لوگوں کی جماعت۔ فوج کا ہراول۔ زخم کا مواد۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ج حَضَائِر و حَضِیْر۔
المَحْضَر۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ دستاویز ج مَحَاضِر۔ المَحْضَر: حاضر ہونے والے لوگ۔ کہا جاتا ہے "فلان حسن المَحْضَر" جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ "وکان ذلک بمحضر مِن فلان" فلاں کی موجودگی میں یہ ہوا۔
المَحْضُوْر۔ مم۔ لبنٌ مَحْضُوْزٌ: بہت آفت والا دودھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المِحْضَار والمِحْضِيْر- مِنَ الخيل وغيرها: تیز دوڑنے والا-ج مَحَاضِيْر-
المُحْتَضِر- شہری- شہر میں آنے والا-
المُحْتَضَر- قریب المرگ- کہتے ہیں "اللبن مُحْتَضَر فَعَطِّ اناءَ ک" دودھ کے لئے بہت آفت ہے اس لئے اپنے برتن کو چھپالو-
حَضْرَبَ- الحبلَ او الوترَ: باندھنا یا مضبوط بٹنا-
المُحَضْرب- بھرا ہوا-
حَضْرَمَ- في الكلام: اعرابی غلطی کرنا-
_____ الشَّيءَ: ملانا _____ لِحَاءَ الشجرِ: چھال اُتارنا-
_____ القوسَ: کمان کو مضبوط کسنا-
الحَضْرَمِيَّة: گفتگو میں لکنت-
حضرموت کی جانب منسوب-
المُحَضْرم- بمعنی المُخَضْرَم (دیکھئے لفظ المخضرم)
الحِضْف- سانپ-
حَضِلَت (س) حَضَلاً- النخلةُ: درخت خرما کے ڈنٹھل کے جڑ کا خراب ہونا-
حَضَنَ (ن) حَضْنًا و حِضَانَةً و اِحْتَضَنَ الصبيَّ: گود میں لینا- پرورش کرنا- سینہ سے لگانا- خَضَنَه عن كَذَا: علیحدہ کرنا- دُور کرنا-
حَضَنَ (ن) حَضْنًا و حضَانَةً و حضَانًا و حُضُونًا و اِحْتَضَن- الطيرُ بَيْضَهُ و على بَيْضِهِ: انڈے سینا-
حَضُنَتْ (ک) حِضَانًا- المرأةُ او الشَّاةُ او النَّاقَةُ: ایک چھوٹے اور ایک بڑے پستان یا تھن والی ہونا- صفت (حَضُوْن)
اَحْضَنَ- الرجل و بالرجل: حقارت کرنا
اَحْضَنَ بِحَقِّه: حق مار لینا-
الحِضْن- گود- اتنی مقدار جو گود میں آسکے- کہا جاتا ہے "اَعْطَاه حِضْنًا مِنَ التمر" اس نے اسے گود بھر کر کھجوریں دیں- کسی چیز کا کنارہ- پہاڑ کی جڑ- کہا جاتا ہے "عَشَّشَ الطَّائِرُ في حِضْنِ الجَبَل" پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا- ج اَحْضَان و حُضُون- الحِضْن والحُضْن: بچو کا بھٹ-

الحُضْنَة- حَضَنَ الطائر کا اسم مصدر-
الحَاضِنَة- بچہ کو پرورش کرنے والی دایہ- ج حَوَاضِن- کہا جاتا ہے "حَمَامَةٌ حَاضِنٌ و حَمَامٌ حَوَاضِن"
الحِضَانَة- دایہ گری- پرورش-
الحِضَان- وہ شخص جس کا ایک خصیہ دوسرے سے بڑا ہو-
المِحْضَنَة- پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن-
المُحْتَضَن- گود-
حَضَا (ن) حَضْوًا- النارَ: کریلنی سے ہلانا-
المِحْضَأُ والمِحْضَاءُ- آگ ہلانے کی کریلنی-
المِحْضَى- مٹی کی بنی ہوئی انگیٹھی-
حَطَّ (ن) حَطًّا- اُترنا- نازل ہونا-
( _____ حَطًّا و حُطُوْطًا) السعرُ: سستا ہونا
(حَطَّ (ن) حَطَاطًا) البعير: ایک جانب لنگیل کو دبانا ( _____ وَاحَطَّ) الوجهُ: مہاسا نکلنا (حَطَّ (ن) حَطًّا و اِحْتَطَّ اِحْتِطَاطًا) الشَّيءَ: چھوڑنا- رکھنا _____ الحِمْلَ: جانور کی پیٹھ سے اُتارنا- کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَه" اس نے اقامت کی
_____ الجلدَ: پالش کرنا- لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا-
اِنْحَطَّ- اُترنا _____ النَّاقَةُ في سَيْرِها: تیز دوڑنا _____ السعرُ: سستا ہونا- کہا جاتا ہے "الأَسْعَارُ حَاطَّةٌ و مُنْحَطَّة" بھاؤ سستا ہے-
اِسْتَحَطَّ- نیچے اُترنے کو کہنا- کہا جاتا ہے "اِسْتَحَطَّ فُلَانًا وِزْرَهُ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا _____ مِنَ الثمن شيئًا: کچھ گھٹانے کو کہنا-
الحِطَّة و الحِطِّيطى- اِسْتَحَطَّهُ وِزْرَه کا اسم ہے-
الحَطِيط- چھوٹا-
الحَطِيطَة- قیمت کی کمی-
الحُطَيْطَة- کھانسی-
الحَطَاط- مہاسہ- دودھ کے جھاگ- واحد (حَطَاطَة)
الحُطَاط- بدبو-
الحُطُط- نرم و نازک اجسام-

الحِطَّان- بکرا-
الحَطُوط- اصیل تیز رفتار اونٹنی-
الحَطُّ- نرم و چکنی پیٹھ والا-
المَحَطُّ و المَحَطَّة- اُترنے کی جگہ- ٹھہرنے کی جگہ- ج مَحَاطّ و مَحَطَّات- المَحَطَّة: ریلوے اسٹیشن- (جدید)
المِحَطُّ و المِحَطَّة- لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو-
المَحْطُوط- من ادیم محطوط: پالش کیا ہوا چمڑہ- سَيْفٌ مَحْطُوط- تیز کی ہوئی تلوار-
حَطَأَ (ف) حَطْأً- الارضَ بِه: پچھاڑنا-
_____ بِه عن كَذَا: دفع کرنا- ہٹانا- جھکانا-
_____ بِالشَّيءِ: پھینکنا-
الحُطَيْئَة- بدصورت پست قد مرد-
الحِطَاء- برتن کا بقیہ پانی- کہا جاتا ہے "حطاء من تمر" پیٹھ پر اُٹھانے کے لائق کھجوریں-
الحَطِيءُ- مِنَ الناس: ذلیل آدمی- کہا جاتا ہے "هو حَطِيءٌ بَطِيءٌ" وہ ذلیل ہے- بطیء کا لفظ تابع ہے-
حَطَبَ (ض) حَطْبًا و اَحْطَبَ و اَحْتَطَبَ لکڑی چننا- صفت (حَاطِبٌ) کہا جاتا ہے "هو حَاطِبُ لَيْل" وہ گفتگو میں رطب و یابس ملانے والا ہے-
حَطَبَة- لکڑی لانا-
حَطَبٌ و اَحْطَبٌ- المكانُ: بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا- صفت (حَطِيْب) مؤنث (حَطِيْبَة)
حَطَبَ- بِه و عليه: چغلی کھانا- تہمت لگانا- کہا جاتا ہے "حَطَبَ في حبله" اس نے اس کی مدد و اعانت کی- "و حَطَبَ عَلَيْه بِخَيْر" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا-
اَحْطَبَ و اِمْتَحْطَبَ- الكرمُ: انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا-
الحَطَب- ایندھن ج اَحْطَاب- ایک ٹکڑے کو حَطَبَة کہتے ہیں-
الحَطِب- مؤنث حَطِبَة و (الأَحْطَب) مؤنث حَطْبَاء- ج حُطْب: بہت دبلا-
الحَطَّاب- لکڑی چننے والا- لکڑہارا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَطُوْبَة- لکڑی کا گٹھا-
الحَطَّابَة- الحطّاب کا مونث- لکڑی چننے والی-
المِحْطَب- اٰلہ-
حَطْحَطَ- الشَّیْءُ : اُترنا ـــــ الرجلُ : جلدی کرنا-
حَطَرَ(ن)حَطْرًا- الجاریةَ : جماع کرنا
ـــــ القوسَ : تانت چڑھانا-
حُطِرَ بہٖ : زمین پر گر پڑنا-
سیف(حَاطُوْرَةٌ) شمشیر براں-
الحِطْل- بھیڑیا- ج اَحْطَال-
حَطَمَهٗ(ض)حَطْمًا و حَطَّمَهٗ توڑنا-
حَطِمَ(س)حَطَمًا- بڑی عمر والا ہونا-
تَحَطَّمَ و اِنْحَطَمَ- ٹوٹنا- کہا جاتا ہے "تَحَطَّمَ الرَّجلُ غیظًا" وہ غصّہ سے چور ہوگیا- "و اِنْحَطَمَ النَّاسُ علیہ" لوگوں نے اس پر بھیڑ کی-
الحُطَم- بے رحم چرواہا( ـــــ والحُطَم) بہت کھانے- سب کچھ چٹ کر جانے والا-
الحِطْمَة و الحُطَامَة و الحُطَام- سوکھی چیز کے ٹکڑے- حُطَامُ الدنیا : دنیاوی ساز و سامان-
حُطَامُ البَیْض : انڈے کا چھلکا-
الحُطَام و الحُطُوْم و المِحْطَم- شیر- کہا جاتا ہے "رِیحٌ حُطُوْم" بہت تیز ہوا-
الحَاطُوْم- ہضم کرنے والی دوا ( ـــــ والحُطَامَة و الحُطَمَة) تخت سال-
الحُطَمَة- تیز آگ- دوزخ- بہت اونٹ و بکریاں-
الحَطِیْم- کعبہ کے کنارے کی دیوار- وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقامِ ابراہیم کے درمیان ہے-
الحُطَمِیَّات- زرہیں جو ایک شخص حُطَمة نامی کی جانب منسوب ہیں- اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں- اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں-
حَظَّ (س) حَظًّا و حُظًّا و اَحَظَّ- نصیب والا ہونا- صفت(حَظِیٌّ و حَظِیْظٌ و محظوظ)
الحَظُّ- حصّہ- بہرہ- نصیب- حصّہ خیر و فضل- کبھی حصّہ شر کیلئے بھی بولا جاتا ہے- دولت مندی و نیک بختی- ج حُظُوظ و حِظَاظ و اُحُظّ-
حَظَبَ (ن) حُظُوْبًا و حَظِبَ (س) حَظَبًا- الرجلُ : موٹا ہونا- پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا- صفت(حَظِب)مؤنث حَظِبَة
الحُظُبُّ- بڑے پیٹ والا پست قد سخت اُجڈ- بخیل- تنگ خو-
حَظَرَهٗ (ض) حَظْرًا الشَّیْءَ و حَظَرَ علیہ الشَّیْءَ منع کرنا- روکنا ـــــ الشَّیْءَ : محفوظ کرنا- (اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا ـــــ) المواشی : باڑہ میں بند کرنا- ( ـــــ واحْتَظَرَ) اپنے لیے باڑہ بنانا- اِحْتَظَرَ بہٖ : بچنا-
اَحْظَرَ- دوسرے کے لیے باڑہ بنانا-
حَظَّرَ- بمعنی حَظَرَ- تشدید مبالغہ کیلئے ہے-
الحَظِر- درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں- ترکانٹا- کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الحَظِر الرطب" یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں- "و اوقَدَ فی الحَظِر الرطب" اس نے چغل خوری کی- "وجَاءَ بالحَظِر الرَّطْب" وہ بہت مال لایا یا بہت جھوٹ بولا-
الحَظِیْرَة ج حَظَائِر و (الحَظَار و الحِظَار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور دوسرے کے درمیان میں حائل ہو- باڑہ- "وانَّهٗ لَنَکِدُ الحَظِیْرَة" وہ بخیل و بے فیض ہے- حَظِیْرَةُ القُدس : جنت-
المَحْظُوْر- روکا ہوا- حرام- ناجائز- کہا جاتا ہے "الضَّرُوْرَاتُ تُبِیْحُ المَحْظُوْرَات"-
حَظْرَب- القومُ : سختی سے تانت چڑھانا
ـــــ الحبلَ : مضبوط بٹنا ـــــ السقاءَ : بھرنا-
تَحَظْرَب- بھر جانا-
حَظَلَ (ن ض) حَظْلًا و حَظْلَانًا و حَظَلَانًا- علیہ : حرکت اور تصرف سے روکنا- (حَظَلَانًا) المشی : ٹھہر ٹھہر کر چلنا اور کہا جاتا ہے "ھو یَحْظُلُ حَظَلَانًا" وہ غضبناک کی چال چلتا ہے-
حَظِلَ (س) حَظَلًا- البعیرُ : بہت اندراین کھانا- صفت حَظِل- جمع حظالی-
اَحْظَل- المکانُ : بہت اندراین والی جگہ ہونا-
الحَظِل و الحَظَّال و الحَظُوْل- بخل کی وجہ سے اپنے اہل و عیال پر تنگی کرنے والا-
حَظَا(ن)حَظْوًا- آہستہ چلنا-
حَظِیَ (س) حُظْوَةً و حِظْوَةً و حِظَةً بالرزق : حصّہ پانا- ( ـــــ و اِحْتَظَی) رتبہ والا ہونا- نصیب والا ہونا-
اَحْظَاهُ- صاحب رتبہ بنانا- اَحْظَاهُ بالمال : مال کا حصّہ دینا- اَحْظَاهُ علی فلان : فضیلت دینا-
الحَظْو- سم- حصّہ-
الحَظِی- صاحب رتبہ-
الحَظُوْة- چھوٹا تیر- درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی سخت نہ ہوئی ہو- ج حِظَاءٌ و حَظَوَات-
الحِظَة- حصّہ- مرتبہ- ج حِظَظٌ و حِظَاء-
الحُظْوة و الحِظْوة- سم- مرتبہ-
الحَظِیُّ- وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں-
الحَظِیَّة- الحَظِیّ کا مؤنث- امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی- ج حظایا-
الحُظَیَّا- آہستہ چال- کہا جاتا ہے "مشی الحُظَیَّا" وہ آہستہ چال چلا-
الحُظَیَّة- بے پھل کا چھوٹا تیر-
الحَظَی- جوں- واحد(حَظَاة)
الحِظْی- حصّہ- ج اَحْظٍ و ج اَحَاظٍ-
حَفَّ (ن) حَفًّا و حِفَافًا- الشَّیْءَ : چھلکا اُتارنا
ـــــ اللحیةَ : مونڈنا یا کترنا-
الوجهَ : بال دور کرنا-
حَفَّ (ن) حَفًّا- القومُ الرجلَ وبہٖ و حولَہ : گھیرنا- حَفَّهٗ بکذا : احاطہ کر لینا- حَفَتهُ الحاجةُ : ضرورت لاحق ہونا-
حَفَّتْ (ض) حَفِیْفًا- الشجرةُ او الحیَّةُ : سرسراہٹ ہونا- حَفَّتِ الارضُ حُفُوْفًا- خشک ہونا ـــــ سمعہ : بہرا ہونا ـــــ اللحیةُ : پراگندہ ہونا- حَفَّ الرجلُ : تیز نظر یدلگانے والا ہونا-
اَحَفَّ اِحْفَافًا- راسہ : مدت تک تیل نہ لگانا
ـــــ الرجلَ : بُرائی سے یاد کرنا-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حَفَّفَ- القومُ حولَه و حَفَّفُوْهُ : احاطہ کرنا- گھیرنا ـــــ الرجلُ : مبتلائے مصیبت و کم مال والا ہونا ـــــ ہُ بکذا : احاطہ کرنا-

اِحْتَفَّ- القومُ بِہٖ : احاطہ کرنا-

اَلْتَبَتَ : کاٹنا ـــــ الشَّیَ : چھلکا اُتارنا- کہا جاتا ہے "اِحْتَفَّ جمیع مَافی القِدْرِ" اس نے ہانڈی میں کا سب کچھ کھالیا-

اِسْتَحَفَّ- المالَ : سارا لے لینا-

الحَافُّ- فا- تیز نظر یدلگانے والا- سَوِیق حَافٌّ : خشک ستو- خبزٌ حافٌّ : سوکھی روٹی- بغیر سالن کے روٹی- کہا جاتا ہے "مالہ حَافٌّ و لا رافٌّ" اس کے لیے کوئی نہیں جو اس کے امور کی دیکھ بھال کرے اور اس کی خدمت کرے-

الحِفَاف- مہ- جانب- نشان قدم- کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی حَفَافِہٖ" وہ اس کے نشانِ قدم پر آیا- گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال- ج اَحِفَّة- کہا جاتا ہے "کَانَ الطَّعَامُ حِفَافَ ما اَکَلُوْا" کھانا اتنا ہی تھا جتنا انہوں نے کھایا-

الحَفُّ- مہ- (ـــــ والحِفُّ) گوشہ- نشانِ قدم- کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی حَفِّہٖ او عَلٰی حِفِّہٖ) وہ اس کے نشان قدم پر آیا- "وفلان حَفٌّ عَلٰی نَفْسِہٖ"

الحَفَف : مال کی کمی- کہا جاتا ہے "طعام حَفَفٌ" تھوڑا کھانا- و مَعِیشَۃٌ حَفَفٌ" تنگ زندگی-

الحَفُّ : رانچھ' دھڑکی-

الحُفَافَة- گرے ہوئے بال وغیرہ- بھوسہ کا بقیہ-

الحَفَّان- شترمرغ کے چوزے- واحد (حَفَّانَة) نوکر چاکر- بھرا ہوا برتن- کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ حَفَّانٌ" بھرا ہوا برتن- و حَفَّانُ النعام : شترمرغ کے پر-

الحَفَّة- پوری فیاضی- بنتے وقت کپڑا لپیٹنے کی لکڑی- اُونٹ کی مقدار خوراک- الحَفَّة : گڑھے کے کنارے کی زمین (مولدہ)

المِحَفَّة- عورتوں کی پالکی- تخت رواں- اسٹریچر-

المَحْفُوْف- مہ- محتاج-

الحَفِیْف- سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ-

حَفَاہُ (ف) حَفْاً- پچھاڑنا-

الحَفَا- ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لیے استعمال کرتے تھے- واحد حِفَاۃ-

حَفَتَہٗ (ن) حَفْتًا- ہلاک کرنا- گردن توڑ دینا-

حَفَتَ الشَّیَ : کوٹنا-

الحِفْث والحِفِث- ج اَحْفَاث- و (الحُفَاث) ج حَفَائِث : ایک قسم کا بڑا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا (الحِفْث الحَفِث- الحَفِثة) آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں-

حَفْحَف- الرجل : تنگ روزی والا ہونا الشَّیَ : پرندے کے اُڑنے یا تیر کے پھینکنے یا آگ کی بھڑک میں آواز ہونا-

حَفَدَ (ض) حَفْدًا و حُفُوْدًا و حَفْدَانًا واِحْتَفَدَ- فی العمل : جلدی کرنا- و حَفَدَۃً : خدمت کرنا-

اَحْفَدَ- الظلیمُ : تیز دوڑنا- دوڑنے پر برانگیختہ کرنا-

الحَفِیْد- پوتا- ج حُفَدَاء-

الحَافِد- خادم- تابع- مددگار- پوتا- ج حَفَدَۃ و حَفَدَۃ- الحَفَدَۃ : نقش و نگار کرنے والا-

المَحْفِد- اصل- کوہان کی جڑ- کپڑے کا نقش و نگار- ج مَحَافِد (ـــــ والمِحْفَد) جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن- المِحْفَد : پیمانہ کرنے کا پیالہ- کپڑے کا کنارہ-

المَحْفُوْد- محزوم-

المُحْتَفِد- من السیوف : جلدی کاٹنے والی تلوار-

حَفَرَ (ض) حَفْرًا و اِحْتَفَرَ : گڑھا کھودنا حَفَرَ الطَّرِیْقَ : چل کر نشان ڈالنا- حَفَرَ الشَّیَ : تہ تک معلوم کرنا ـــــ العَنَزَ : ذلیل کرنا-

حَفِرَ (ض) حَفْرًا و حَفِرَ (س) حَفَرًا و حُفِرَ- زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا-

اَحْفَرَ- الصبیُّ : دودھ کے دانت گرانا- ـــــ ہ بِثَوْا : کھونے میں بدو دینا-

حَافَرَ- الیَرْبُوْعُ : جنگلی چوہے کا اپنے ڈھوروں نے والوں پر سوراخ کو ملتبس کر دینا اور اسی سے مثل ہے "فُلَانٌ اَذْوَغُ مِن یَرْبُوْعٍ مُحَافِرٍ"

تحفَّر- السیلُ : گڑھے ڈالنا-

اِسْتَحْفَرَ- النهرُ : کھودنے کا وقت قریب پہنچنا-

الحَفْر و الحَفَر- کشادہ کنواں- دانتوں کی زردی- الحَفَر : مٹی جو کھودی ہوئی جگہ سے نکالی جائے- ج اَحْفَار و ج اَحَافِر-

الحُفْرَۃ ج حُفَر و (الحَفِیْرَۃ) ج حَفَائِر و (الحَفِیْر) گڑھا- قبر-

الحَافِر- فا- جانور کا کھر- ج حَوَافِر- اور "النَّقْدُ عِنْدَ الحَافِرِ" کا مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی جانور کو خرید و تو بغیر دام ادا کیے ہوئے وہاں سے جدا مت ہو-

الحَافِرَۃ- الحافر کا مؤنث- کھودی ہوئی زمین- ابتدائی حالت- کہا جاتا ہے "اَلْآنَ قَدْ تَعَسَّفَ وقَدْ کَانَ نَجِیْبًا فی الحَافِرَۃِ" اب وہ راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتدا میں شریف تھا- کسی چیز کی طرف لوٹنا- اور اسی سے ہے "رَجَعَ علی حَافِرَتِہٖ او فی حَافِرَتِہٖ" یعنی وہ اسی راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا یا ایک کام میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہو گیا اور پھر دوبارہ اسی میں مبتلا ہو گیا- "رجَعَ فی حَافِرَتِہٖ" یعنی بوڑھا ہو گیا- "والتقی القَوْمُ فَاقْتَتَلُوْا عِنْدَ الحَافِرَۃِ" یعنی قوم نے بُڑھیر ہوتے ہی جنگ کی-

الحِفْرِیَّ- ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے-

الحَفَّار- کھودنے والا- عموماً گور کن کیلئے مستعمل ہے-

المِحْفَر و المِحْفَرَۃ و المِحْفَار- کدال-

المَحْفُوْر- مہ- زرد دانتوں والا-

حَفَزَہٗ (ض) حَفْزًا- پیچھے سے دھکا دینا- کہا جاتا ہے "حَفَزَ اللیلُ النهارَ" یعنی رات نے دن کو ہٹایا- و "حَفَزوا عَلَیْنَا الخَیْلَ والرِّکَابَ" انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو جمع کر دیا ـــــ ہُ : بالرمح : نیزہ مارنا ـــــ ہ عن کَذَا : دور کرانا اور جلدی کرانا ـــــ المرأۃَ : جماع کرنا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حَافَزَهٗ۔ زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا۔
تَحَفَّزَ و اِحْتَفَزَ۔ زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا۔ کودنے کیلئے آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔"اِحْتَفَزَ فی مَشْیِہٖ" اس نے چلنے میں کوشش کی۔
الحَفْزُ۔ مد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ بینی و بَیْنَکَ حَفْزًا" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔
الحَفُوْزُ۔ مِنَ القِسِیِّ تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔
حَفَسَ (ض) حَفْسًا۔ کھانا۔
تَحَیْفَسَ۔ بستر پر تململانا۔
الحِیْفَس و الحَیْفَس۔ مونث جس سے کسی چیز کی اُمید نہ ہو۔ بے وجہ غصّہ اور راضی ہونے والا۔ الحَیْفَس: غضبناک۔
حَفَشَهٗ (ض) حَفْشًا۔ چھلکا اُتارنا۔
حَفَشَ السیلُ الوادی: بھر دینا۔ المَطر الارضَ: روئیدگی ظاہر کرنا ـــــ فلانًا: دھکا دینا۔
ـــــ السیلُ: ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا۔
ـــــ القومُ علیه: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامر: کوشش کرنا ـــــ الفرسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔
حَفِشَ (س) حَفَشًا۔ السحابةُ: یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔
حَفَّشَ و تَحَفَّشَ۔ الرجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔
الحَافِشَة۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج حَافِشَات و حَوَافِش۔
الحِفْش۔ ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحْفَاش و حِفَاش۔
اَحْفَاش البَیْت: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحْفَاش الارض: سیسی۔ جنگلی چوہا۔ گوہ وغیرہ۔ الحفش: اندام نہانی۔
حَفَصَ (ض) حَفْصًا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
ـــــ الشَّیْءَ من یدہ: ڈال دینا۔ گرا دینا۔
الحُفَاصَة۔ جمع کی ہوئی چیز۔
الحَفَص۔ مد۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحْفَاص و حُفُوص۔

الحَفَص۔ پیر وغیرہ کی سُستی۔
المِحْفَصَة۔ چمڑے کا تھیلا۔
الحُفَصَة۔ بجو۔ (الحُفَصَة و اُمُّ حُفَصَة) ایک قسم کا گدھ۔ (اُمُّ حفصة) مرغی۔
حَفَّضَ (ن) حَفْضًا۔ العودَ: موڑنا (ـــــ و حَفَضَ) الشَّیْءَ: ہاتھ سے گرانا ـــــ الارضَ: خشک کرنا ـــــ القومَ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا ـــــ اللّٰهُ عنه: تخفیف کرنا۔
الحَفَضُ۔ گھر کا سامان جو بار کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا۔ اُونٹ۔ بورا جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "انه لَحَفَضُ عِلْم" وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حَفَضُ سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے۔"یَعْمَ حَفَضُ العِلم هذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے۔ ج اَحْفَاض و حِفَاض۔
حَفِظَ (س) حِفْظًا۔ الشَّیْءَ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب و خستہ ہونے سے بچانا۔
ـــــ الکتابَ: زبانی یاد کرنا ـــــ السرَّ: چھپانا۔
ـــــ المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
حَفَّظَهٗ۔ الکتابَ: یاد کرانا۔
حَافَظَهٗ حِفَاظًا و مُحَافَظَةً۔ علی الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا ـــــ عنه: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "انه لَذُوْ حِفَاظٍ و ذُو مَحَافَظَةٍ" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔
اَحْفَظَهٗ۔ غصّہ دلانا۔
اِحْتَفَظَ۔ غضبناک ہونا ـــــ به: یاد کرنا۔
ـــــ الشَّیْءَ و بِهٖ لنفسه: اپنے لیے خاص کرنا۔
تَحَفَّظَ۔ عنه و منه: بچنا ـــــ به الکتابَ: تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
اِسْتَحْفَظَهٗ۔ مالًا او سِرًّا: محفوظ رکھنے کو کہنا۔
الحِفْظ۔ مد۔ یاد۔ ہوشیاری۔
الحَفِیْظَة۔ نگہبانی۔ تعویذ۔ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حَفَائِظ۔ اهل الحفائظ: محارم کی نگہبانی کرنے والے۔
الحَفِیْظَة و الحِفْظَة۔ قابل حفاظت چیز کے لیے غضب و حمیت۔
الحَافِظ۔ فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطریق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافِظُ العَیْنِ" مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفَّاظ و حَفَظَة و حَافِظُوْنَ۔
الحَافِظ و الحَفِیْظ۔ من الملائکة: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحفیظ: محفوظ۔ نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الحَافِظَة۔ الحافظ کا مؤنث۔ یادداشت کی قوت۔
المُحْفِظَة۔ غصّہ دلانے والا معاملہ۔ ج مُحْفِظَات۔ المُحْفِظات۔ مصیبتیں۔
حَفَلَ (ض) حَفْلًا و حُفُوْلًا و حَفِیْلًا الماءُ: کثرت سے جمع ہونا ـــــ القومُ: اکٹھا ہونا ـــــ الدمعُ: بہت ہونا ـــــ الوادی بالسیل: لبالب بھرنا ـــــ السماءُ: بہت برسانا ـــــ الشَّیْءَ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَفَلَهٗ و مَا حَفَلَ بِهٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
حَفَّلَهٗ۔ اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا ـــــ الشَّیْءَ: صیقل کرنا ـــــ الناقة: تھن میں دودھ جمع ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔
تَحَفَّلَ۔ اللبنُ: اکٹھا ہونا ـــــ فلانٌ: آراستہ ہونا ـــــ المَجْلِس: مجلس کا بھر جانا۔
اِحْتَفَلَ۔ القومُ: جمع ہونا ـــــ المَجْلِس بالناس: بھرنا ـــــ الوادی بالسَّیْل: لبالب بھرنا ـــــ الطریقُ: واضح ہونا ـــــ الشَّیْءُ: روشن ہونا ـــــ بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا ـــــ فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفَلَ بِهٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
الحَافِل۔ فا۔ ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔ وَادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جَمْعٌ حَافِلٌ: بڑی جماعت۔ نَاقَةٌ او شَاةٌ حَافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ و حَوَافِلُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَافِلَة۔ الحَافِلِ کا مؤنث۔ دَارٌ حَافِلَةٌ ہرا بھرا گھر۔ سُوْقٌ حافلة۔ بھرا ہوا بازار۔

الحَفْل۔ مذ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "عندہ حَفْلٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ جمع حَفْل: بڑی جماعت۔

الحَفِيْل۔ بہت۔ جیسے جمع "حَفِيْلٌ" بہت جماعت "مَكَانٌ حَفِيْلٌ" بھری ہوئی جگہ "رَجُلٌ حَفِيْلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا۔

الحَفُوْل۔ خوبصورت عورت۔ ج حفائل۔

الحُفَال۔ بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت دودھ۔ ردی کھجور۔

الحُفَالَة۔ ہر گھٹیا چیز۔ فرومایہ لوگ۔

حُفالة الطعام۔ کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے۔ حُفَالَةُ اللَّبَن: جھاگ۔

الحَفْلَة۔ اسم المرّة۔ اور کہا جاتا ہے "احذ للامر حَفْلته" اس نے معاملہ میں کوشش کی۔ وَجَاءُوا بِحَفْلَتِهِم و بِحَفِيْلَتِهِم "وہ سب کے سب آئے"۔

الحَفْلِي۔ عام دعوت۔

المَحْفِل۔ مجلس۔ ج مَحَافِل (و المحتفل) جمع ہونے کی جگہ۔ مُحْتَفَلُ الأَمْرِ: معاملہ کا بڑا حصہ۔

حَفْلَجَ حَفْلَجَةً۔ چلنے میں بدن ہلانا۔

الحُفالِج۔ وہ شخص جو چلنے میں پاؤں کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور رکھے۔

الحَفَلَّج۔ چھوٹا اونٹ۔ جمع حَفَالِج۔

الحَفَلَّج: بمعنی حُفالج۔

الحِفْلِيج۔ پست قد۔

الحَفَلَّق۔ کمزور۔ بیوقوف۔

حَفَنَ (ن) حَفْنًا۔ الشَّيْءَ: لپ بھر لینا ــــ لهُ: لپ بھر دینا۔

اِحْتَفَنَ۔ الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا۔ الشَّيْءَ لنفسه: لینا ــــ من الشَّيْءِ: بہت لینا ــــ الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا۔

الحَفْنَة والحُفْنَة۔ لپ بھر۔ والحُفْنَةُ: گڑھا۔ ج حُفَن۔

الحَفَنَّج۔ پست قد۔

الحَفَنْدَد۔ مالک مال جو مال کا بہتر منتظم ہو۔

الحِفْنِس۔ بے حیا عبد زبان عورت۔

حَفَا (ن) حفوًا۔ فلانا: دینا۔ حَفَاه من الشَّيْءِ: روکنا۔ منع کرنا۔ حَفَاهُ اللّٰهُ بِهِ: عزت دینا۔ حَفَا النَّوقُ: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا ــــ شَارِبَه: خوب اچھی طرح مونڈنا۔

حَفِيَ (س) حَفًا۔ زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت (حفٍ و حَافٍ) ج حُفَاة ــــ الفرسُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا (ــــ حِفَاوَة و حَفَاوَة و حِفَاية و تَحْفَاية و اِحتفى) بِهِ: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ حفِيَ عنه: حالت بہت پوچھنا۔

حَافَاه مُحَافَاة۔ گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا۔

اَحْفَى اِحْفَاءً۔ گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا ــــ السُّؤَالَ: بار بار دہرانا ــــ ہ: اصرار کرنا۔ خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا ــــ اِلَيْهِ فِي الوَصِيَّة: مبالغہ کرنا ــــ بِهِ: عیب لگانا ــــ شَارِبَه: کترنے میں مبالغہ کرنا۔

تَحَفَّى۔ فِي الشَّيْءِ: کوشش کرنا ــــ لهُ: بہت اکرام کرنا۔

تَحَافَيَا۔ الى السُّلطَان: فیصلہ کیلئے جانا۔

اِحْتَفَى۔ ننگے پاؤں چلنا۔ جوتا اتارنا ــــ البَقلَ: چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے اکھیڑنا ــــ القومَ المرعى: چراگاہ میں کچھ نہ چھوڑنا۔

اِسْتَحْفَى۔ ہ عن كَذَا: کسی شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا۔

الحَفَاء۔ کھر یا پاؤں کی گھسائی۔

الحَفَايَة والحُفُوَة والحِفْيَة۔ بمعنی الحَفَاء۔

الحَفِيُّ۔ کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم رکھنے والا۔ عزت و اکرام و اظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا۔ کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا۔ ج حُفَواء۔

حَقَّ (ن) حَقًّا۔ حق میں غالب ہونا۔ حق الامرَ: ثابت کرنا ــــ الخبرَ: حقیقت پر مطلع ہونا ــــ العقدةَ: باندھنا ــــ الرجلَ: وسط سر یا موڈھے کے گڑھے پر مارنا ــــ الطريق: وسط راستہ چلنا۔

حَقَّ (ض) حَقًّا۔ علیه ان يفعل كَذَا: واجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَقَّ لَكَ ان تفعل كذا۔ و حَقَقْتَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو۔

حَقَّ (ن ض) حَقًّا و حَقَّةً۔ الامرُ: ثابت و واجب ہونا ــــ الحاجة: سخت پیش آنا۔

حَقَّ (س) حَقَقًا۔ الفرسُ: دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا۔ صفت (اَحَقُّ)

حَقَّقَهُ۔ تاکید کرنا۔ واجب کرنا۔ حقق القول او الظّن: تصدیق کرنا۔

حَاقَّهُ مُحَاقَّةً و حِقَاقًا۔ فی الامر: جھگڑا کرنا۔ اپنے حق دار ہونے کا دعوی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَهُ كَذَا و كذا لا يُحَاقُّه فيه اَحَدٌ" یعنی اس کیلئے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا۔

اَحَقَّ۔ حق کہنا۔ اَحَقَّه: حق میں غالب آنا۔ اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا۔ کہا جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَيْه القَضَاء" یعنی قضا کو اس کے ذمہ واجب کیا۔ احق الرمية: تیر اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا۔

تَحَقَّقَ۔ الخبرُ: ثابت ہونا ــــ الرجلُ الامر: یقین کرنا۔

تَحَاقَّا۔ باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے جانا۔

اِنْحَقَّ۔ الرباطُ: بندھ جانا۔

اِحْتَقَّ۔ الفرسُ: دبلا ہونا۔ اِحْتَقَّت الطَّعْنَة بِهِ: فوراً مار ڈالنا۔ احتقّ القومُ: ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے۔

ــــ الناقةُ: موٹی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَقَّهُ إلى كذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی۔

اِسْتَحَقَّهُ۔ ضروری و واجب ٹھہرانا۔ الدينُ: ادائیگی کا وقت قریب آنا۔

الناقةُ: موٹی ہونا ــــ الرجلُ: مستحق سزا ہونا۔

الحَقُّ۔ مذ۔ سچائی۔ راستی یقین۔ انصاف۔ ثابت شدہ حصہ۔ مال اور ملک۔ ہوشیاری۔ فیصل شدہ معاملہ۔ موت۔ ج حقوق اور کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"هو حق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "ولحقّ لآتينك" بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًا لا آتيك" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار: گھر کے منافع۔

الحَقَّة۔ مث۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے اس وجہ سے کہ حصہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "هذه حَقّتي" یہ میرا خاص حصہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ على حِقّةِ ذٰلِكَ الْأَمْرِ" میں اس امر کی حقیقت پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔

الحُقّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔ ٹکڑی کا جلا۔ حُقّ الطيب: خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقاق۔

الحُقّة۔ چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج حُقّ وحُقَق وحِقاق۔

الحِقّ۔ من الابل: چوتھے سال والا اونٹ نر ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لیے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہو گیا۔ اونٹنی جس کے دانت بڈھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔

الحِقّة۔ حق وواجب۔

الحَقِيق۔ لائق سزاوار کہا جاتا ہے۔ "هو حَقِيقٌ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ "هو حقيق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ والحَقِيقُ على الشَّيْءِ: حریص۔ لالچی۔ ج أَحِقّاء۔

الحَقِيقَة۔ وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا جاتا ہے "هو حَامِي الحَقِيقَة" وهو مِنْ حُمَاةِ الحَقَائِق" یعنی وہ اس چیز کی حمایت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔

حق۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو۔ حَقِيقَةُ الشَّيْءِ: چیز کا متنی اور اصل۔ ج حقائق۔

الحَاقّ۔ فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سَقَطَ عَلَى حَاقِّ ذَابِهِ" اس کے وسط سر پر گرا۔ "وجِئْتُه فِي حَاقِّ الشِّتَاء" میں اس کے پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و "رَكِبَ حَاقَّ الطَّرِيق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شُجَاع حَاقّ الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل ہے۔ و "أَخَذَنِي حَاقّ الجُوع" مجھے خالص بھوک لگی۔

الحَاقّة۔ الحاق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الرَّجُل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ و "هو شجاعٌ حَاقَّةُ الشُّجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الأَحَقّ۔ اسم تفضیل۔ "هو أَحَقُّ مِنْ فُلَان" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے "زيد احق بماله" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق۔ مث۔ کلام مُحَقَّق: منظم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق۔ مث۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هو محقوق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "هو محقوق ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِي۔ حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا وأَحْقَبَ۔ المطرُ: رکنا ـــــ العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ـــــ المعدنُ: ختم ہونا ـــــ نائلُ فلانٍ: کم اور منقطع ہونا ـــــ الامرُ: خراب ہونا۔ أَحْقَبَهُ: پیچھے سوار کرنا۔

إِحْتَقَبَ۔ الاثم: مرتکب گناہ ہونا۔

زيدًا على دابّته پیچھے سوار کرنا ( ـــــ واسْتَحْقَبَ) الشيءَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقُب۔ ج حِقاب و (الحُقْب) ج احقاب وأَحْقُب: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب۔ اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحُقْبَة۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب وحُقُوب۔

الحُقْبَة۔ ہوا۔

الحِقَاب۔ عورت کیلئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ج حُقُب۔

الحَقِيبَة۔ وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کیلئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب۔

الحَاقِب۔ وہ شخص جو پائخانہ روکے ہوئے ہو۔

الأَحْقَب۔ گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء۔

المُحْقَب۔ لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا وحَقْدًا وحَقِيدَةً وحَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحَقَّدَ۔ عليه: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة۔ حَقِدَ المطرُ: رکنا ـــــ المَعْدِنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ـــــ الدالةُ: چربی سے بھر جانا۔

أَحْقَدَهُ۔ کینہ ور بنانا ـــــ القومُ: ـــــ کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

إِحْقَدَّ۔ المطرُ: رکنا ـــــ على فلانٍ: کینہ رکھنا۔

الحِقْد۔ ج أَحْقَاد و حُقُود و (الحَقِيدَة) ج حَقَائِد: کینہ۔

الحَقُود۔ بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حَقِيرَةً۔ ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشَّيْءُ والرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا و حَقُرَ (ک) حَقَارَةً۔ ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير و حَقِيرٌ و حَقِيرٌ)

حَقَّرَهُ۔ ذلیل کرنا۔

أَحْقَرَهُ و إِحْتَقَرَهُ و اسْتَحْقَرَهُ۔ چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُه" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارَة والحُقَارَة و المَحْقَرَة۔ ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر مَحْقَرَة لك" یہ امر تمہارے لیے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات۔ چھوٹے چھوٹے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَقْطَة۔ پست قد یا سبک جسم والی عورت۔
الحَیْقُط و الحَیْقُطَان۔ تیتر۔ اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَیْقَطَانَة۔

حقَفَ (ن) حُقُوْفًا۔ الظبیُ : ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں سڑکر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا ـــــ الشَّیْءُ : ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِفٌ)
اِحْقَوْقَفَ۔ لمبا و ٹیڑھا ہونا۔
الحَقِفُ۔ دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحْقَاف و حُقُوْف و حِقَاف و حَقَفَة و ج حقائف۔
المِحْقَف۔ وہ شخص جو نہ کھائے نہ پیئے۔
حَقِلَ (س) حَقَلًا و حَقْلَةً۔ البَعِیرُ او الفرسُ : مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔
حَاقَلَهٗ مُحَاقَلَةً۔ کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔
اَحْقَلَت۔ الارضُ : قابل زراعت ہونا۔
اَحْقَلَ الزرعُ : پتے پھوٹنا ـــــ الرجلُ فی الرکوب : سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔
الحَقْل۔ عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول۔ واحد۔ حَقْلَة۔
الحِقْل۔ ہودج۔ ( ـــــ والحَقْلة) گھوڑے یا اُونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔
الحُقْلَة۔ مغلثة۔ الحساء : دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔ الحَقْلَة : بالفتح۔ حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔
الحِقْلَة : بالکسر : پیالہ بھر سے کم۔
الحَاقِل۔ فا۔ کاشتکار۔
المَحْقَلة۔ کھیتی ج مَحَاقِل۔
الحَقِیْلَة و الحُقَّال۔ ردی کھجور۔
الحَاقُوْل۔ ایک قسم کی سبز رنگ کی لمبی مچھلی۔
الحَیْقَل۔ بے خبر آدمی۔
الحِقْلِد۔ بدخو۔
الحَقَم۔ کبوتر یا کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔
الحَقِیْمَان۔ کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔
حَقَنَه (ن ض) حَقْنًا۔ روک لینا۔ اور اسی سے ہے "حَقَنَ بَوْلَه" اس نے پیشاب کو روک لیا۔
ـــــ دمَه : گرانے سے بچانا ـــــ ماءَ وجهه : آبرو کی حفاظت کرنا ـــــ اللبنَ : مکھن نکالنے کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا ـــــ المریض : حقنہ سے علاج کرنا۔
اَحْقَنَ۔ مزیدار ہونے کے لیے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔
اِحْتَقَنَ۔ المریض : پیشاب رکنا۔ حقنه : استعمال کرنا ـــــ الدمُ : بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔
الحُقْنَة۔ ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لیے چڑھائی جائے۔ ج حقن۔
الحَقْنَة۔ پیٹ کا درد۔ ج اَحْقَان۔
الحَاقِن۔ فا۔ پیشاب روکنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لا رَأیَ لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس لیے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل مضطر کے لیے بولتے ہیں۔
الحَاقِنَة۔ الحاقِن کا مؤنث۔ معدہ (اس معنی میں صفت غالبہ ہے اس وجہ سے کہ وہ کھانے کو روکتا ہے) فسل کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لَأَحْقَنَنَّ حَوَاقِنَكَ بِذَوَافِنِكَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِیْن۔ روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبَنَ الحَقِیْنَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حقنی۔
المِحْقَن و المِحْقَنَة۔ حقنہ کی پچکاری
المِحْقَن : وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے۔
المِحْقَان۔ پیشاب روکنے والا۔ عوام المِحْقَن اور المِحْقان کو پانی کی ٹینکی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاهُ (ن) حَقْوًا۔ کو کھ پر مارنا۔
حُقِیَ۔ درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوٌ و مَحْقِیٌ)
تَحَقَّی۔ درد کمر والا ہونا۔
الحَقْو۔ کوکھ۔ ازار۔ پیالو کا کنارہ۔ ج حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقَاء و حُقِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "لَاذَ بِحَقْوِیْهِ" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحِقَاء و الحَقْوة۔ ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَكَّ (ن) حَكًّا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ او علیهِ رگڑنا۔ گھسنا ـــــ الشَّیْءَ : چھلکا اُتارنا۔
( ـــــ واَحَكَّ واِحتكَّ) الكلام فی صدره : دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما حَكَّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اُتری۔
حَكَّهٗ وَاَحَكَّه اِحْكَاكًا وَاِحْتَكَّهٗ وَاِسْتَحَكَّهٗ۔ راسَه : کھجلانا۔ واِحتک بالشَّیْءِ : کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حَاكَّهٗ مُحَاكَّةً و حِكَاكًا۔ الرجلَ : برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَحَكَّكَ۔ بِهٖ : درپے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تحككتِ العقربُ بالحيّة" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تَحَاكَّا۔ ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔
الحِكُّ۔ شک ( ـــــ والحِكَاك) خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِكٌّ او حِكَاكُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُكُّ۔ جہاز رانوں کا قطب نما (مولدة)
الحَكَّاكات۔ دو سے۔ واحد (حَكَّاكة)
الحَكَكُ۔ رخام کی مانند سفید پتھر۔ موٹے دھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔
الحِكْكَة۔ نرم پتھروں والی زمین۔
الحُكَّک۔ برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حاكٌّ)
الحِكَّة۔ حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔ حكة الانف : ایک قسم کی سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔
شک۔
الحَاكَة۔ دانت۔ کہا جاتا ہے "ما بَقِیَ فی فِیْهِ حَاكَةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحُكَاك- سوڈا- ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے-
الحُكَاكة- وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے-
الحَكِيكَة : پہیلی- ج حَكِيكَات-
الأَحْكَاك- ہم کفو لوگ- کہا جاتا ہے "لَسْت مِنْ أَحْكَاكِهِ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں-
الأَحَكُّ- دانتوں سے خالی منہ والا- ترشا ہوا کھر-
الحَكَّاك- بہت رگڑنے والا- امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا-
المِحَكّ- کسوٹی-
المُحَكَّك- مذ- الجِذْلُ المُحَكَّك : خارشتی اونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ- کہا جاتا ہے "انا جُذَيلُها المُحَكَّك وعُذَيقُها المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے-
حَكَأَ(ف)حَكْأً وأَحْكَأَ وإحْتَكَأَ- العقدة : باندھنا- إحْتَكَأَتِ العقدةُ : سخت ہونا- کہا جاتا ہے "إحْتَكَأَ الشَّيءُ في صدري" میرے دل میں جاگزیں ہوگیا- پس مجھے شک نہیں-
الحُكَأَة والحُكَاءَة- بڑا گرگٹ-
حَكَدَ(ض)حَكْدًا- الی اصلہ : رجوع کرنا-
أَحْكَدَ وحَاكَدَ- إلَيْهِ : واپس ہونا اور بھروسہ کرنا-
حَكَرَهُ (ض) حَكْرًا- گھٹانا- ظلم کرنا- بری معاشرت اختیار کرنا- زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا-
حَكِرَ (س) حَكَرًا- اصرار کرنا- صفت (حَكِر) ـــــ بالامر : خود سر ہونا-
حَاكَرَهُ مُحَاكَرَةً- جھگڑا کرنا-
تَحَكَّرَ وإحْتَكَرَ- الشَّيءَ : مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا- وتحكَّرَ عليه : افسوس کرنا-
الحَكْر- مذ- (والحُكْر) تھوڑا پانی یا کھانا- چھوٹا پیالہ-

الحَكَر والحُكَر- گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز- تھوڑا کھانا یا دودھ-
الحُكْرَةُ- قلہ کی بندش-
الحَاكُورَة- پائیں باغ- (عامیہ)
حَكَشَ (ض) حَكْشًا- الرجلَ : سمٹنا-
ـــــ الشَّيءَ : جمع کرنا ـــــ الرجلَ : ظلم کرنا-
الحَكِيص- وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں-
حَكَفَ (ض) حُكُوفًا- الرجلُ : کام میں سست ہونا-
حَكَلَ (ن) حَكْلاً وأَحْكَلَ و إحْتَكَلَ- الامرُ علیہ : دشوار و مشتبہ ہونا-
تَحَكَّلَ- جہالت سے اصرار کرنا-
الحُكْل- وہ جس کی آواز سنائی نہ دے- کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ كَلَامَ الحُكْل" اس نے غیر معلوم گفتگو کی-
الحَكَل- في الفرس : گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن-
الحُكْلَة- کلام میں لکنت- کہا جاتا ہے "في لِسَانِهِ حُكْلَةٌ" اس کی زبان میں لکنت ہے- جہالت کی وجہ سے اصرار-
حَكَمَ (ن) حَكْمًا- لوٹنا- واپس ہونا- کہا جاتا ہے "احكمه فحكم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہوگیا ـــــ الفرسَ : گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حكمه) ـــــ ه عن كذا : منع کرنا- باز رکھنا-
حَكُمَ (ک) حِكْمةً- دانا ہونا-
حَكَّمَهُ- حاکم بنانا- حكمه في الامر : فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا ـــــ عن كذا : لوٹانا اور منع کرنا-
حَاكَمَهُ- جھگڑا کرنا- حَاكَمَه الى الْحَاكِم : جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا-
أَحْكَمَ- الشَّيءَ : مضبوطی سے کرنا- أَحْكَمَتْهُ التجاربُ : دانا و عقلمند بنا دینا- أَحْكَمَ السَّفِيهَ : کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا بُرے انجام کو جتا دینا ـــــ ه عن الامر : روکنا' منع کرنا ـــــ الفرسَ : گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا- (دیکھئے الحكمه)

تَحَكَّمَ- في الامر : بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا- حکم جاری کرنا- خواہش کے مطابق تصرف کرنا-
إحْتَكَمَ- في الامر : شے منظور کرنا ـــــ الناسُ الى الحاكم : مقدمہ لے جانا ـــــ على فلان : ارادہ کے موافق طلب کرنا ـــــ في الشَّيءِ : خواہش کے مطابق تصرف کرنا ـــــ الامرُ : مضبوط ہونا-
تَحَاكَمُوْا- الى الحاكم : مقدمہ لے جانا-
إسْتَحْكَمَ- الامرُ : مضبوط ہونا ـــــ عليه الكلامُ : مشتبہ ہونا-
الحُكْم- مذ- فیصلہ- ج- أَحْكام-
الحَكَم- حکم جاری کرنے والا- حاکم- فیصلہ کرنے والا- سریانی (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ حَكَمٌ- عمر رسیدہ مرد-
الحِكْمَة- انصاف- علم- بردباری- فلسفہ- حق کے موافق گفتگو- کام کی درستی- ج حِكَم-
الحَكَمَة- لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو ـــــ من الانسان : چہرے کا سامنے کا حصہ- قدر و منزلت-
الحُكُوْمَة- مذ- گورنمنٹ-
الحَاكِم- قاضی- حکم نافذ کرنے والا- ج حُكَّام و حَاكِمُوْن-
الحَكِيم- دانا' عالم- ج حُكَمَاء- مؤنث حَكِيمَة- قصيدة حكيمة : دانائی آمیز قصیدہ- الحكيم : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے-
الأُحْكُوْمَة- تحكم في الامر کا اسم-
المَحْكَمَة- کچہری- ج مَحَاكِم-
المُحَكَّم- مذ- آزمودہ (ـــــ و المُحَكِّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا-
حَكَى (ض) حِكَايَةً- عنه الكلامَ : نقل کرنا ـــــ الخبرَ : بیان کرنا ـــــ فلانًا : مشابہ ہونا ـــــ الشَّيءَ : مشابہ بنانا- حكى عليه : چغل خوری کرنا ـــــ العقيدةَ : باندھنا-
أَحْكَى إحْكَاءً- العقدةَ : باندھنا-
حَاكَى مُحَاكَاةً- ه : مشابہ ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِحْتَكَى اِحْتِكَاءً۔ الامرُ: مضبوط ہونا۔
الحَكِيّ۔ چغل خور۔ (مذکر و مؤنث)
حَلَّ (ن) حَلاًّ۔ العقدةَ۔ کھولنا۔
اِنْحَلَّتِ۔ العقدةُ: کھل جانا۔
حَلَّ (ن ض) حُلُوْلاً۔ علیه امرُ اللّٰه: واجب ہونا۔
حَلَّ (ن ض) حَلاًّ و حَلَلاً و حُلُوْلاً المکان وبالمکان: نازل ہونا ـــــ بِهٖ فی المکان: اُتارنا۔
حَلَّ (ض) حَلاًّ۔ الشَّیءُ: حلال ہونا۔
ـــــ الدینُ: ادائیگی کا وقت پہنچنا۔
الیمینُ: قسم پوری ہونا ـــــ الرجلُ: احرام سے نکلنا۔
حُلَّ۔ الجامدُ: پگھلایا جانا ـــــ المکانُ: آباد ہونا۔
حَلَّ (س) حَلَلاً۔ پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت (اَحَلُّ) ج حُلٌّ۔
حَلَّلَ تَحْلِيْلاً و تَحِلَّةً و تَحِلاًّ۔ الشَّیءَ: حلال ٹھہرانا ـــــ الیَمِینَ: کفارہ ادا کرنا۔
حَلَّلَهٗ بالمکان: اُتارنا۔
اَحَلَّ اِحْلالاً۔ عہد و میثاق سے آزاد ہونا
ـــــ المُحْرِمُ: احرام سے نکل جانا۔ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا ـــــ بِنَفْسِه: مستحق سزا ہونا۔ اَحَلَّهٗ بالمکان او المکانَ: اُتارنا ـــــ الشَّیءَ: حلال کرنا ـــــ علیه الامرَ: واجب کرنا ـــــ الناقةُ علی ولدها: دودھ جاری ہونا۔
اِنْحَلَّ۔ کھل جانا۔
تَحَلَّلَ۔ فی یمینه: شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے واللّٰه لا فعلن ذلک ان شاء اللّٰه' یا الا ان یکون کذا ـــــ من یمینه: کفارہ ادا کر کے آزاد ہو جانا۔ تَحَلَّلَهٗ: حلال کروینے کو چاہنا۔
اِحْتَلَّ۔ المکان وبالمکان: اُترنا۔ اور ایسا ہی کہا جاتا ہے۔ اِحْتَلَّ القومَ وبالقومِ: وہ قوم کے پاس اُترا۔
اِسْتَحَلَّ۔ الشَّیءَ: حلال سمجھنا یا حلال کر لینا۔ اِسْتَحَلَّهُ الشَّیءَ: حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔

الحَالُّ۔ فا۔ ج حُلَّل و حُلُوْل و حُلاَّل۔ و (الحَلاَّل) حَالٌّ کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ حَلاَّلٌ لِلْعُقَدِ کافٍ لِلْمُهِمَّات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے۔
الحَلُّ۔ تل کا تیل۔
الحِلُّ۔ مہ۔ حلال۔ مکہ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اُترنے والا۔ جیسے "مازلتُ حِلاًّ بهذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں۔
والاشهرُ الحِلُّ: اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔
الحِلُّ: نشانہ۔ جس پر تیراندازی کی جائے۔ قسم سے بری ہونا۔
الحِلُّ والحُلُّ۔ احرام سے نکلنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "فعله فی حِلِّه و حُرْمِه" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔
الحَلَّة۔ حلول کا اسم مرہ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ (ہ ـــــ والحِلَّة) اترنے کی جگہ۔ مجلس۔ جمع ہونے کی جگہ ـــــ من الشَّیءِ: جہت و جانب۔ ج حِلَل و حِلاَل۔ اور کہا جاتا ہے "فیه حَلَّةٌ اَوْ حِلَّة" اس میں کمزوری ہے۔ الحِلَّة: اُترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حیٌّ حَلاَل" اُترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔
الحُلَّة۔ نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحاربُ حُلَّتَه وبَزَّتَه" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل و حِلاَل۔
الحَلاَّلَة۔ چرخہ (مولدۃ)
الحَلال۔ ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا۔ والسِحر الحَلاَل: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے۔ الحلو الحلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔
الحِلاَل۔ ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔
الحَلِيْل۔ حلال۔ شوہر (ـــــ والحَلِيْلَة) بیوی۔ الحلیل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا۔ ج اَحِلاَّء مؤنث حَلِيْل و حَلِيْلَة ج حَلاَئِل۔
الاَحَلُّ۔ ٹانگوں میں کمزوری والا۔ مؤنث حَلاَّء ج حُلُّ۔

الاِحْلاَل۔ افعال ج سے فراغت۔
الاِحْلِيْل۔ پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج اَحَالِيل۔
التَّحِلَّة۔ قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء
التَّحْلِيْل۔ بمعنی الاحلیل۔
المَحَلُّ۔ اُترنا۔ اُترنے کی جگہ۔ ج مَحَالُّ۔
مِحَلُّ۔ الدَّیْن: ادائیگی قرض کا وقت۔
المُحِلُّ۔ فا۔ رجل مُحِلٌّ: حرم کی پردہ دری کرنے والا۔
المَحَلَّة۔ اُترنے کی جگہ (المُحِلَّتان) ہانڈی و چکی (المُحِلات) ہانڈی و چکی و ڈول۔ مشک و پیالہ و چھری۔ کلہاڑی۔ اس لیے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہوں گی وہ ہر جگہ اُتر سکتا ہے۔
المُحَلْحَل۔ مہ۔ ماءٌ مُحَلَّل: اونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلَّلٌ: وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اُتریں۔ روضة او مکان مِحلال: باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اُتریں۔
حلاه (ف) حَلاً۔ بالسیف: تلوار سے مارنا ـــــ ه بالسوط: کوڑے سے مارنا ـــــ بِهٖ الارضَ: پچھاڑ دینا۔ حَلاَ ةُ الشَّیءَ: دینا۔ حَلا الجلدَ: کھال اُتارنا (حَلاه و اَحْلاه) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلالَةً حَلْوءً ا: کسی کے لیے سُرمہ یا انجن رگڑنا۔
حَلِيَ (س) حَلا۔ الادیمُ: کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِيَتِ الشفةُ: ہونٹ پر چھالہ پڑ جانا۔
حَلاَهُ تَحْلِيْئًا و تَحْلِئَةً۔ عن الماء: دھتکارنا۔ پانی پر اُترنے سے روکنا ـــــ ه الشَّیءَ: دینا۔
الحُلْوء و الحُلاَءَة۔ سرمہ۔ چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔
الحَلا و التِحْلِيئ و التِحْلِئَة۔ چمڑے کے بال۔ یا چمڑے کا میل و سیاہی۔ التحلی: چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحَلاَء: بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَالِقة۔ بہت زہریلا سانپ۔
التِحلِّقة۔ مذ۔ بو جہل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحلِّقة" بو جہل مرد۔
المِحلا والمِحلاة۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔
حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا و حَلَبًا و حِلابًا الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اشطرَهٗ" اس نے زمانے کے اُمورِ خیر و شر کو آزمایا (اشطر اُونٹنی کے تھن کے ہاتھ کو کہتے ہیں) و "حَلَبْتَ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔
"وَمَالَه حلبٌ ولا جَلَبٌ" اس کیلئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔
حَلَبْتُ واَحْلَبْتُ۔ الرجلَ: دوسرے کے لیے دوہنا۔ حَلَبْتُهٗ واَحْلَبْتُهٗ ناقتي: دوہنے کے لیے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا و حُلُوْبًا واَحْلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔
حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشعرُ: کالا ہونا۔
حَالَبه۔ ساتھ مل کر دوہنا (___ واَحْلَبَه) مدد کرنا۔
تَحَلَّبَ وإِنْحَلَبَ۔ العرق او الدمعُ: بہنا ___ عينُه: آنسو بہانا ___ فمه: تھوک ٹپکانا۔
إِحْتَلَبَ وإِسْتَحْلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ إِحْتَلَبَ الناقةَ: دوہنا۔ إِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لیے جمع ہونا۔
الحَلَب۔ مذ۔ (___ والحَلِيب) دوہا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الكَرْم و حَلَبُ العَصِير: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِيبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقةٌ (حَلُبى) رَكُبى او (حَلُبَانَة) رَكُبَانَة" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔
الحَلْبة۔ ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يركض في كلِّ حَلْبةٍ من حَلَبَاتِ المَجْد" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبة: گھوڑے جو دوڑانے کے لیے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبات و حَلائب۔
الحَلْبَتان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں۔)
الحُلْبة۔ بیتھی۔ (بچہ کی خوراک۔
الحُلْبة۔ (بچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔
الحَالِب۔ فا۔ ج حَلَبه۔
الحَالبة۔ تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البئر: کنوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَيْن: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔
الحَالِبَان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔
الحَلَاب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔
الحَلَّاب۔ بہت دوہنے والا۔ "يَوْمٌ حَلَّاب" نمناک دن۔
الحُلُوْب والحَلُوْبَة۔ من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دودھی ہوگی۔ ج حُلُب و حَلَائِب۔
الحَلَائِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔
الحَلْبُوب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔
الحِلْبَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔
الحُلْب والحُلْبَان والحِلْبَاب والحُلْبُوْب۔ مختلف نباتات کے نام۔
شاة (حُلَابَة و تُحْلُبَة و بِحِلْبَة و تُحْلِبَة و بِحَلْبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔
المِحْلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب۔
المَحْلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔
المُحْلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوہتا ہے اور نر کو بیچنے کے لیے لے جاتا ہے۔ المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔
الحِلْبِد۔ چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حلبدة۔
الحَلْبَس۔ بہادر۔
الحَبَلْبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔
الحِلْبِيس۔ شیر۔
حَلَثَ (ض) حَلْثًا۔ الواشَ: مونڈنا۔
___ الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا ___ الدِّبْغَ: ادا کرنا۔
___ ظهرَ الخَيْل: چمٹ کے رہنا۔ بسِلْحِه: پاخانہ کرنا۔
الحُلَاثَة۔ اُون کا اُکھیڑتے وقت گرا ہوا۔
الأَحْلَث۔ وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔
الحَلِيث۔ ج اُولہ پالا۔
الحَلِيث و الحِلِّيث۔ ہینگ۔
الحِلِّيث۔ ہینگ۔
حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا۔ الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ___ في المشي: آہستہ آہستہ چلنا' دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ___ القومُ لَيْلَتَهُمْ: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القوم يَحْلِجُوْنَ لَيْلَتهم" قوم ساری رات چلتی رہی۔
حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلاج) اور صفت مفعولی (حَلِيج و مَحْلُوْج)
___ الحَبْلَ: بٹنا ___ الرجلَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
تَحَلَّج۔ الحَلُوْج: بادل کا چمکنا ___ في صدره: کھٹکنا۔
إِحْتَلَج۔ حقَّه: لینا۔
الحَلْجَة و الحَلْجة۔ مسافت۔
الحِلَاجَة۔ دھننے کا پیشہ۔
الحَلُوْج۔ چمکنے والا بادل۔
الحُلُج۔ بہت کھانے والے۔
الحَلِيجَة۔ دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔ ج حُلُج۔
المِحْلَج والحلاج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحَالِيج و مَحَالِج۔ المَحْلَج: کلوی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جس پر چرخی گھومتی ہے۔
المِحْلَج والمِحْلَجَة : وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔
حَلْحَلَ۔ الشَّئَ : حرکت دینا۔ ہٹانا ـــــ القومَ : قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔
تَحَلْحَلَ۔ عن مکانه : حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔
الحُلاحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل (انہی معانی میں مُحَلحَل و مُلَحْلَح بھی ہیں۔)
حَلَزَ(ن) حَلْزًا۔ الجلدَ او العُوْدَ : چھیلنا۔
تَحَلَّزَ۔ الشَّئَ : باقی رہنا ـــــ القلب : درد مند ہونا ـــــ للامر : تیار ہونا ـــــ بالمکان : اقامت کرنا۔
اِحْتَلَزَ۔ منه حقه : لینا۔
الحِلِّز۔ بخیل۔ بد خلق۔ پست قد۔ الو۔ ایک قسم کا کیڑا۔ واحد (حلزۃ)
الحَلَزُوْن۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔
الحَلَزُوْنَة۔ فی عرف الحدادین والنجارین : لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل أو خط (حَلَزُونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔
حَلَسَ (ض) حَلْسًا۔ البعیرَ : ٹاٹ سے ڈھانپنا ـــــ الرجلُ بالشَّئ : بہت حریص ہونا ـــــ السماءُ : لگاتار نرم برسنا۔
حَلِسَ (س) حَلَسًا و تَحْلَسَ۔ بالمکان : کسی جگہ میں جم کے رہنا ـــــ لِلْاَمرِ : کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منه بشئ و ما تحلَّس شیئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
اَحْلَسَ۔ الرجلُ : مفلس ہونا ـــــ فلانا فی البیع : نقصان پہنچانا ـــــ ه : عہد و میثاق کرنا۔ اَحْلَسَتِ السماءُ : لگاتار ہلکی بارش ہونا ـــــ الارض : سرسبز ہونا۔ اَحْلَسَه الخوفَ : خوف لازم کرنا۔
حَالَسَهٗ۔ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ : ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اَحْلَسَ۔ سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (اِحْلَس) مؤنث (حَلْسَاء)
اِسْتَحْلَسَت۔ الارضُ : سرسبز ہونا۔
ـــــ النبتُ : زمین کو ڈھانپ لینا ـــــ اللیلُ : سخت تاریک ہونا ـــــ الخوفُ فلانًا : خوف کا لازم رہنا۔
الحِلْس و الحَلَس ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحْلاس و حُلُوْس و حِلَسَة۔ اَحْلاسُ الخیل : گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بیته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابل مذمت ہے۔ "وھو حِلْسٌ من اَحْلاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے (اور یہ قابل مدح ہے) و "کونوا اَحْلاس بُیُوتِکُم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو و "ھذا لَیس مِن اَحْلاس فلان" یہ فلان کا کفو نہیں ہے۔ و "رَفَضْتُ کَذَا و نَقَضْتُ احْلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس : عمدہ و بیان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُم حِلْس : گدھی۔
الحُلْس۔ مہ۔ عمدہ و بیان۔
الحَلِس۔ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔
الحَلُوْس۔ حریص۔ لالچی۔
ارض (مُحْلِسَة) وہ زمین جس میں گھاس بہت اگی ہوئی ہو۔
الحِلْسَمُّ۔ لالچی۔ حریص۔
حَلَفَ (ن) حَلْفًا۔ قسم کھانا ـــــ فی الامر : اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔
حَلِفَ (س) حَلَفًا و اِحْتَلَفَ۔ علیه : غضبناک ہونا ـــــ منه : زچ ہونا۔
اَحْلَفَ۔ بمعنی حَلَفَ ـــــ ه : غضبناک کرنا ـــــ بالمکان : اقامت ـــــ فی الیمین : کوشش کرنا۔
حَلَفَ (ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حِلْفًا و مَحْلُوْفًا و مَحْلُوْفَةً و مَحْلُوْفَاء۔ باللّٰه : قسم کھانا۔
اَحْلَفَهٗ و حَلَّفَهٗ و اِسْتَحْلَفَهٗ۔ قسم کھلانا۔
حَالَفَهٗ مُحَالَفَةً۔ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حِلْفًا : غم کا لازم ہونا۔
تَحَالَفُوْا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔
الحَلْف و الحِلف و الاُحْلُوْفَة۔ قسم۔
الحِلْف۔ مہ۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحْلاف۔ کہا جاتا ہے "فلان حَلِیف کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔
الحَلْفَاء۔ ایک بوٹی نوکیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی پینے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حَلْفَة و حَلْفَاء۔
الحَلْفَاء۔ بہت قیمتی والی لونڈی۔ ج حُلُف و حُلُف۔
ارض (حَلِفَة و مَحْلِفَة) حلفاء گھاس والی زمین۔
الحُلَافِیُّ۔ وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اُگے۔
الحَلَّاف و الحَلَّافَة۔ بہت قسمیں کھانے والا۔
الحَلِیف۔ عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیفُ الجُوْد" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِیفُ اللِّسَانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے ج حُلَفَاء۔
المُحْلِف۔ شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لیے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا غُلَامٌ مُحْلِف" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔
الحِلْفِس۔ بہت گوشت والی بکری۔
الحُلْفُق۔ جنگلہ۔
حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تَحْلَاقًا۔ الراعی : مونڈنا۔
حَلَقَ (ن) حَلْقًا۔ الرجلَ : حلق پر مارنا ـــــ الحوضَ : بھرنا ـــــ الشَّئَ : چھیلنا۔ السُّنَّةُ القَوْمَ : مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَالِقی) ـــــ القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا : ایک دوسرے کو قتل کرنا۔
حَلِقَ (س) حَلَقًا۔ حلق کے درد والا ہونا۔
حَلَّقَ۔ الراعی : مونڈنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) ـــــ الطائرُ : اڑنے میں چکر لگانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ القمرُ : ہالہ پڑنا ـــــ الشَّيءَ : حلقہ کی مانند بنانا۔
ـــــ الاناءُ من الشراب : بھرنا۔
الحوضُ : خشک ہونا ـــــ عَيْنُ الحيوان : دھنس جانا ـــــ النجمُ : بلند ہونا ـــــ ضرعُ النَّاقة : دودھ کا خشک ہو جانا۔
اَحْلَقَ۔ الاناءَ او الحوضَ : بھرنا۔
تَحَلَّقَ۔ القومُ : حلقہ بنا کر بیٹھنا ـــــ القمرُ : ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ۔ الرأسَ : مونڈنا۔
الحَلْق۔ مذ۔ گلا۔ ج اَحْلاق و حُلُوق و حُلْق۔ حُلُوق۔ الارض : نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِي حُلُوقِ الطَّرِيقِ" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔ الحَلْقُ۔ بدبختی۔
الحَلْقَة۔ ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسّی۔ ج حَلَق و حَلَقَات۔ و حلقة القوم : قوم کا دائرہ ـــــ کہا جاتا ہے "سَأَلَهُ فِي حَلْقَتِهِ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض : حوض کا بھرنا۔
حَلِقَةُ۔ البابِ او القوم : دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلْق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت موتی۔
الحَلِق۔ بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ : بے بال کا سر۔
الحَلّاق و حَلّاق۔ بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة : موت۔
الحِلّاق۔ گلا۔
الحُلّاق و الحَوْلَق۔ گلے کا درد۔
الحَلّاق۔ نائی، حجام۔
الحُلّاقة۔ موٹے ہوئے بال۔
الحِلّاقة۔ نائی کا پیشہ۔
الحَالِق۔ فا۔ ج حَلَقَة ـــــ من الجبال : بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء من حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا و "هَوَى من حَالِق" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔ "ضرع حَالِق"۔ بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق و حَوَالِق۔

الحَالِقَة۔ الحالق کا مؤنث۔ موت۔ بُرا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔
الحَالُوق۔ موت۔
الحَالُوقة۔ من السيوف او الرجال : تیز۔
الحَوْلَق و الحَيْلَق۔ بلا مصیبت۔
الحَوْلَقَة۔ "لاحول ولا قوة إلا بالله" کہنا۔
الحَلِيق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِيق ولِحيَة حَلِيق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ ج حَلْقى۔
المِحْلَق۔ اُسترہ۔ سخت کمبل۔
الحِلْقِد۔ بدخو۔
حَلْقَمَه۔ گلا کاٹنا۔
الحَلْقُوم۔ گلا۔ ج حَلَاقِيم۔
حَلِكَ (س) حُلُوكَةً و حَلَكًا و حُلُوكًا و اِحْلَوْلَكَ و اِسْتَحْلَكَ۔ سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِک و حَلِک)
الحَلَک و الحُلْكَة۔ سخت سیاہی۔
الحَلْكَةُ و الحَلْكَاءُ و الحُلْكَاءُ و الحَلَكَاء و الحُلَكَاءُ و الحُلَكِيُّ۔
الحُلْكُوك و الحُلَكْلِك۔ سخت سیاہ۔
الحَلْكَم۔ سیاہ۔
الحَلْكَمة۔ سیاہی۔
حَلِمَ (ن) حُلْمًا و حُلُمًا۔ فی نومه : خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَهُ و حَلَمَ بِهِ" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبيُّ (و اِحْتَلَمَ) بالغ ہونا۔ (ـــــ حُلْمًا) الجلدَ : کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْمًا۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حلیم) ج حُلَمَاء و اَحْلَام۔ مؤنث حَلِيمة۔
حَلِمَ (س) حَلَمًا۔ الجلدُ : خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم و حَلِيم)
اَحْلَمَتِ۔ المرأةُ : حلیم و بردبار بچے جننا۔
حَلَّمَهُ تَحْلِيمًا و حِلَّامًا۔ بردبار بنانا۔ حَلَّمَ الجلدَ : کیڑے نکالنا ـــــ القِرْبة : بھرنا۔
تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا ـــــ الحِلْم : بردباری سے کام لینا ـــــ الرجلُ : موٹا ہونا۔ تَحَلَّمت القربةُ : پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔

اِحْتَلَمَ و اِخْتَلَمَ۔ فی نومه : خواب دیکھنا۔
الحِلْم۔ صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَإِنَّ سَفَاهَ الشيخ لا حِلمَ بَعْدَهُ" عقل۔ ج اَحْلام و حُلُوم۔ کہا جاتا ہے "فَأَمْرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهٰذَا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلْم۔ مذ۔ خواب۔ ج اَحْلَام۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذه اَحْلَام نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمة۔ سرپستاں۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ ج حَلَم۔
الحَلِيم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹا لی کی چربی۔
الحُلَّام۔ بکری کا بچہ۔
الحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر۔ یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہو جائے۔
الحَيْلَم۔ چھوٹے جانور۔
التَّحْلِمَة۔ بہت کیڑے والا۔ ج تَحَالِم۔
الأَحْلام۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)
حَلَا (ن) و حَلَوَ (ک) و حَلِيَ (س) حَلَاوَةً و حُلْوَانًا۔ میٹھا ہونا ـــــ الفاكهةُ : پکنا ہونا
حَلَاَلَهُ الشَّيءُ : لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے۔ حَلِيَ فی عيني و بعيني" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلَا منه بخير : خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلَاهُ (ن) و حَلْوَاهُ و حُلْوَانًا۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا۔ و حلاه كذا او بكذا : دینا۔ کہا جاتا ہے "حلاه حلوانه" اس نے اسے بدلہ دیا۔
( ـــــ و حَلِيَ) الشَّيءَ (تَحْلِيَة) میٹھا بنانا۔ (حالی مُحَالَاةً الرجلَ : خوش طبعی کرنا۔
اَحْلَاهُ اِحْلَاءً۔ میٹھا یا مٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما يُمِرُّ ولا يُحْلِي" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ بُرا۔
تَحَلَّت۔ المرأةُ : زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلّى فلانٌ بِمَا لَيْسَ فِيهِ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اندر نہیں ہیں۔
تَحَلّٰی وَاِحْلَوْلٰی وَاسْتَحْلٰی۔ الشَّیْءَ : میٹھا پانا۔ وَاِحْلَوْلَی الشَّیْءُ : میٹھا ہونا۔
تَحَالٰی۔ حلاوت ظاہر کرنا۔
الْحُلْو۔ میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔
الْحُلْوَان۔ دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر بدلہ۔
الْحَلَاءَۃ وَالْحَلَاوَۃ وَالْحَلَاوَاء وَالْحُلَاوٰی۔ مِنَ القُفَاء۔ گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلَاوٰی۔
الْحَلْوَاء وَالْحَلْوٰی۔ حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلَاوٰی۔
الْحَلْوَانِی۔ حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔
الْحَلُوُّ۔ مِنَ الرِّجال : دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔
الْحَلِیُّ۔ لذیذ اور میٹھا۔ نَاقَۃٌ حَلِیَّۃ :
حَلّٰی (ض) حَلْیًا۔ المرأۃَ : عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔
حَلِیَتْ (س) حَلْیًا۔ المرأۃُ : زیور پہننا۔ صفت (حالٍ و حَالِیَۃ) ج حَوَالٍ۔ کہا جاتا ہے "شجرۃ حالیۃ" پتے والا پھل دار درخت۔
حلِیَ منہ بخیر : خیر و منفعت پہنچانا۔
حَلّٰی تَحْلِیَۃً۔ المرأۃَ : زیور پہنانا یا زیور بنانا۔
وحَلّٰی الشَّیْءَ : آراستہ کرنا۔
تَحَلّٰی۔ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔
الْحَلْی۔ پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔
الْحَلْیُ۔ ج حُلِیٌّ و حِلِیٌّ و (الحِلْیَۃ) ج حِلًی و حُلًی (خلافِ قیاس) زیور۔ حِلْیَۃ الانسان : انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھائی دے۔
الْحَلِیُّ۔ خنک۔
حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنوُّر : گرم کرنا۔
الشحمۃَ : پگھلانا ـــــ الماءَ : گرم کرنا
ـــــ الأرنحالَ : جلدی کرانا۔ حَمَّ اللّٰہ لہ کَذَا : مقدر کرنا ـــــ الامرُ فلانًا : غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّہ" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔
حُمَّ۔ الامرُ : فیصلہ کیا جانا ـــــ الشَّیْءَ : قریب ہونا ـــــ الرجلُ : بخار زدہ ہونا ـــــ لہ کَذَا : مقدر کیا جانا۔
حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا ـــــ الماءُ : گرم ہونا۔
حَمَّمَ۔ الغلامُ : سبزہ آغاز ہونا ـــــ الرأسُ : مونڈنے کے بعد بال نکلنا ـــــ المکانُ : روئیدگی ظاہر ہونا ـــــ الشَّیْءَ : کالا کرنا ـــــ الماءَ : گرم کرنا ـــــ الرجلَ : کوئلے سے منہ کالا کرنا۔
ـــــ المرأۃَ : طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔
أَحَمَّہٗ۔ اللّٰہُ : بخار میں مبتلا کرنا۔ أَحَمَّ الشَّیْءُ : قریب ہونا ـــــ المکانُ : بہت بخار والی جگہ ہونا ـــــ الماءَ : گرم کرنا ـــــ اللّٰہُ لہ کَذَا : مقدر کرنا ـــــ الشَّیْءَ : کالا کرنا ـــــ الامرُ فلانا : غم میں ڈالنا۔
تَحَمَّمَ۔ کالا ہونا۔
اِحْتَمَّ۔ غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ـــــ العینُ : بغیر درد کے بیدار رہنا۔
اسْتَحَمَّ۔ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔
الْحَمّ۔ سم۔ حَمُّ الظَّہِیْرَۃِ : دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ حَمٌّ عن ذٰلک او منہ" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشَّیْءِ و (حُمَّتُہ) چیز کا بڑا حصہ۔
الْحُمّٰی۔ بخار۔ ج حُمَّیَات۔
الْحُمَّۃ۔ گرم پانی کا چشمہ۔
الْحُمَّۃ۔ سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدور و فیصلی شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّۃ الفِرَاق" کہا جاتا ہے "عجلت بِنَادِیْکُمْ حُمَّۃُ الفِرَاقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم و حِمام۔
الْحُمَم۔ حُمَّۃ کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَۃ)
الْحِمَّۃ۔ موت۔ پسینہ۔
الْحَمَام۔ کبوتر۔ واحد (حَمَامَۃ) اور کہا گیا ہے کہ حمامۃ کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لیے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمَائِم و حَمَامَات
حَمَامُ الزَّاجِل او الزَّجَّال : پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔
سَاقُ الحمام و رِعْیُ الحمام : دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمَام : انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحَمام : ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔
الْحِمَام۔ موت۔
الْحُمَام۔ جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔
الْحُمَامٰی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی۔
الْحَمَّام۔ غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمَّامَات۔
الْحَمَّامِی۔ حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔
الْحَامَّۃ۔ اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اُونٹ۔
الْحَمِیْم۔ قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج أَحِمَّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمَائِم۔ الحَمِیْم : گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "ھو حَمِیْمٌ بالحَاجَۃِ" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔
الْحَمِیْمَۃ۔ حمیم کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اُونٹ۔ ج حَمَائِم۔
الْأَحَمّ۔ بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمٌّ۔
الْمِحَمّ۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔
الْمُحِمّ۔ قریب۔
الْمُحَامّ۔ ثابت۔
الْمَحْمُوم۔ بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل بہ القَضَاءُ المَحْمُوْمُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔
الْمُسْتَحَمّ۔ غسل کرنے کی جگہ۔
الیَحْمُوْم۔ کالا۔ دھواں۔
حَمَأَ (ف) حَمْأً۔ البئر : کنوئیں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کیچڑ نکالنا

حَمِيَ (س) حَمْأً وحَمَأً. الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔ صفت۔ حَمِئٌ۔

أَحْمَأَ. البئرَ: کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔

الحَمْءُ والحَمَأُ۔ والحمو والحما بلاهمزة: عورت کا خسر۔ شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔ جیٹھ۔ خسر۔

الحَمَأُ والحُمَأَة۔ کیچڑ۔

حَمَتَهُ (ض) حَمْتًا۔ اللّٰہ علیه:

حَمِتَ (س) حَمَتًا۔ الجوزُ وغیرہ: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔

حَمُتَ (ک) حُمُوْتَةً۔ الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

تَحَمَّتَ۔ اللونُ او الطَّعْمُ: رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔

الحَمْت۔ مہ۔ یَوْمٌ حَمْتٌ: سخت گرم دن۔

تمر (حَمْت و حامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔

الحَمِيْت۔ مِنَ اللون او الطعم: خالص و صاف رنگ یا مزہ۔ کہا جاتا ہے "تمر حمیت و عَسَلٌ حَمِيْت" اچھے رنگ والی کھجور۔ خالص شہد۔ غضبٌ حَمِيْتٌ: سخت غصہ۔

الحَمِيْت: بال دار مشک جس میں گھی، شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں۔ بعضوں نے کہا کہ حَمِيت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں۔

حَمَّحَت۔ العینُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔

حَمَّحَ الْوَجْهَ: چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا۔

حَمَّحَ إِلَيْه: تیز نظر سے دیکھنا ـــــ عینه: گھور کر دیکھنا۔

الحَمُّوْج۔ ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔

حَمْحَم و تَحَمْحَمَ۔ البرذونُ او الفرسُ: ہنہنانا۔ تَحَمْحَمَ: کلاہونا۔

الحَمَاحِم۔ چوڑے پتے کا پودینہ۔ واحد (حَمَاحِمَة)

الحِمْحِم والحُمْحُم۔ ایک قسم کا پرندہ گاؤ زبان۔ واحد (حِمْحِمَة و حُمْحُمَة)

حَمِدَهُ (س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و مَحْمِدًا و مَحْمَدَةً و مَحْمِدَةً۔ فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ـــــ ہ علی امر: بدلہ دینا ـــــ الشَّیْءَ: قابل تعریف پانا۔ اور کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ إِلَيْكَ اللّٰه" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی۔

حَمَّدَ۔ اللّٰهَ: بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔

أَحْمَدَ۔ قابل تعریف کام کرنا ـــــ الشَّیْءُ: قابل تعریف ہونا ـــــ الشَّیْءَ: قابل تعریف پانا ـــــ ہ: فعل پر راضی ہونا۔ تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔

تَحَمَّدَ۔ بِالشَّیْءِ علی فلان: احسان جتانا۔ اور کہا جاتا ہے "يَتَحَمَّدُ النَّاسَ بِفَضْلِهٖ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔

اِسْتَحْمَدَ۔ اللّٰه الی خلقه۔ مخلوق کو انعام و احسان کرکے اپنی حمد کی جانب بلانا۔

اَلْحَمْدُ۔ مہ۔ تعریف۔ تعریف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "رجل حَمْدٌ وامْرَأَةٌ حَمْدَةٌ" تعریف کیا ہوا مرد تعریف کی ہوئی عورت۔

حَمادِ۔ لہ: بمعنی حمدًا لهٗ۔

الحَمَاد۔ غایت۔ انتہائی کوشش۔ کہا جاتا ہے "حُمَادَكَ أَوْ حُمَادَاكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَمَّادُ و الحُمَدَة۔ بہت تعریف کرنے والا۔

المَحْمَدَة۔ قابل تعریف کام۔ ج مَحَامِد۔

المُحَمَّد۔ بہت عمدہ خصلتوں والا۔

نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی۔

الحَمِيْد والحَمُوْد۔ تعریف کرنے والا۔ تعریف کیا ہوا۔ مؤنث حَمِيْدَة۔

الحُمَدَة۔ بہت تعریف کرنے والا۔

حَمَدَةُ النار: آگ کے شعلہ کی آواز۔

حَمْدَلَ۔ الحمد للہ کہنا۔

الحُمَاذِيُّ۔ گرمی کی تختی۔

حَمِرَ (س) حَمَرًا۔ الفرسُ: بدہضمی والا ہونا یا بدبودار منہ والا ہونا۔ صفت (حَمِرٌ) ـــــ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

حَمَّرَ۔ الجلدَ: بری دباغت دینا۔ الشَّیْءَ: سرخ رنگنا ـــــ ہ: کسی کو اے گدھے کہنا۔

أَحْمَرَ۔ سرخ بچہ والا ہونا ـــــ الدابةُ: چارہ دینا یہاں تک کہ مضبد بودار ہو جائے۔

اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا۔ سرخ ہونا۔

اِحْمَارًّ اِحْمِيْرَارًا۔ بتدریج بہت سرخ ہونا۔

اِحْمَرَّ۔ ماعلی الجلد: کھرچا جانا۔

الحُمَر۔ ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر کہتے ہیں (ـــــ والحُمَّر) ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرَة و حُمَّرَة)

الحُمْرَة۔ سرخ رنگ۔ ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں۔ حَشِيْشَةُ الحُمْرَة: ایک قسم کا زہریلا پودہ۔

الحِمَار۔ گدھا۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ اہلی اور جنگلی۔ اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش و حمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں۔ ج حَمِيْر وأَحْمِرَة وحُمُر وحُمُور وحُمُرات۔ مؤنث حِمَارَة ج حَمَائِر۔ حِمَارة القدم: پشت قدم۔ أُذُن الحِمار وقِفَّاء الحمار: دو پودوں کے نام۔ حِمَارُ الزَّرْدِ: ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔

الحَمَارَّة۔ گرمی کی شدت۔ ج حمارٌّ۔

الحَمَّارَة۔ گدھے والے۔ واحد حمَّار۔ جیسے جَمَّال و بَغَّال۔ دوغلا گھوڑا۔

الأَحْمَر۔ جس کا رنگ سرخ ہو۔ ج أَحَامِر۔ سرخ رنگ سے رنگا ہوا۔ ج حُمْر و حُمْران۔ سونا۔ زعفران۔ گوشت۔ شراب۔ کہتے ہیں۔ "نحن مِنْ أهلِ الأَسْوَدين لامِنْ أهل الأَحْمَرين" ہم کھجور اور پانی والے ہیں۔ گوشت اور شراب والے نہیں۔ الموت الاحمر: قتل۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے۔

الحَمْرَاء۔ الاحمر کا مؤنث۔ سخت سال۔ گرمی کی شدت۔ الحمراء أو القلعة الحمراء: غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے۔

الحَمْرَاء: تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحَمَائِر بھی کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الأَحْمَرِيُّ۔ سخت سرخ۔
الحِمِّر۔ گرمی کی سخت شدت۔ بڑا آدمی۔
غَيْثٌ حَمِر : تیز بارش۔
الحُمَّرة۔ ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَر۔ کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس۔ ج مَحَامِر۔ المِحْمَر : دوغلا گھوڑا۔
اليَحْمُوْر۔ سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ اور بقول بعض گورخر۔
الحَمْرَدَة۔ حوض کی تہ کی کیچڑ۔
الحُمَارِس۔ سخت۔ شیر۔ دلاور۔
الحِمَرْزَة۔ اُون۔
حَمَزَ (ض) حَمْزًا۔ الحروفُ اللسانَ : چرپراہٹ ڈالنا ـــــ الشفرة : تیز کرنا۔
حَمُزَ (ک) حَمَازَةً۔ سخت ہونا۔
الشرابُ : چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحَامِز۔ فا۔ حامز الفؤاد : تیز فہم، عقلمند۔
الحَمِيْز۔ سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
اَلْحَمْزَة۔ شیر۔
حَمَسَهُ (ض ن) حَمْسًا۔ غضبناک کرنا ـــــ اللحمَ : بھوننا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا۔ دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِش) حَمِسَ الوغى : گھمسان کی جنگ ہونا ـــــ الامرُ : سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حَمَسَ (ض) حَمْسًا۔ دلیر ہونا۔
حَمَّسَهُ و اَحْمَسَهُ۔ جوش دلانا۔ غضبناک کرنا ـــــ الدواءَ ونحوه : نیم گرم ہونا۔
تَحَمَّسَ۔ جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔
اِحْتَمَسَ۔ جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القِرنانِ : باہم جنگ کرنا۔
تَحَامَسَ۔ القومُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحَماس۔ سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحَمَاسَة۔ معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الأَحْمَس۔ دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْسَا۔ ج حُمس و أَحَامِس۔ مَسَنَةٌ حَمْسَاء : سخت سال۔ سِتُّون أَحَامِس۔

حُمْش : بہت سے سخت سال۔ الحُمْس : سخت جگہیں۔
الحَمِيْس۔ دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمِيْسَة۔ بھونا ہوا۔
الحَمْس۔ آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔
الحُمْسَة۔ عزت۔
الحَمْسَة۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمَس۔
حَمَشَهُ۔ (ن) حَمْشًا۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشَّيَّ : جمع کرنا ـــــ القومَ : غصہ سے چلانا۔
حَمَشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوْشَةً۔ الساقُ : باریک ہونا۔
حَمَشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ و اِحْتَمَشَ و اِسْتَحْمَشَ۔ غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمَشًا و حَمْشًا۔ الرَّجُلُ : باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ و احْمَشُ) ج حِماش و حُمْش۔ کہا جاتا ہے۔ "رجالٌ حِماشُ السُّوق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "وسُوْقٌ حِماس" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَهُ۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔
حَمَّشَ الشَّيَّ : جمع کرنا ـــــ الشحمَ : پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
اَحْمَشَهُ۔ غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ : ایندھن ڈال کر بھڑکانا ـــــ القِدرَ : ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ـــــ الحربَ : تیز کرنا۔
الحَمِيْش۔ پگھلائی ہوئی چربی۔
حَمَصَ۔ (ن) حَمْصًا و حُمُوْصًا۔ الجرحُ : زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حميص)
الورمُ : ورم کا ختم ہونا ـــــ الارجوحة : جھولے کا ٹھہر جانا ـــــ الدابة : پیٹ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ۔ الحَبَّ : بھوننا۔
تَحَمَّصَ۔ الرجلُ : سمٹنا ـــــ اللحمُ : خشک ہونا۔
اِنْحَمَصَ۔ الوَرمُ : کم ہونا ـــــ منه : سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص و الحِمِّص۔ چنا۔ واحد (حِمَّصة و حِمِّصة)
الحَمِيْض۔ بھونا ہوا۔
الحَمِيْصَة و المَحْمُوْصَة۔ چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيْصَة کی جمع حَمَائِص۔
المِحْمَصَة۔ غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ن) حَمْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوْضَةً۔ کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا۔ عنه : ناپسند کرنا ـــــ به : خواہش کرنا۔ (ـــــ و اَحْمَضَ و حَمَّضَ) الجملُ : نمکین و کڑوے پودے چرنا۔
حَمَّضَ و اَحْمَضَ الابلَ : نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمِّضْ لَقَاحَكَ القِرْبى" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی۔
حَمَّضَ و اَحْمَضَ الشَّيَّ : کھٹا کرنا ـــــ الشَّيَّ عنه : پھیر دینا۔ اَحْمَضَ المكانُ : بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا۔ صفت (مُحْمِض)
تَحَمَّضَ۔ الرجلُ : ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔
الحَامِض۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هو حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے۔ "و حَامِض الرئتين" کڑوے سانس والا۔
الحَامِضَة۔ الحامض کا مؤنث۔ کسی چیز کی خواہش۔ کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔
الحَمْض۔ کڑوا و نمکین پودہ۔ واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض۔
الحَمْضَة۔ کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "فؤاد حمض، و نفس حَمْضة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا نفس۔
الحُمَّاض۔ ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَّيْضَه بھی کہتے ہیں۔ واحد (حُمَّاضَة) ترنج۔ حُمَّاض الكبّاد : ترنج کا اندرونی حصہ۔
الإِحْمَاض۔ مہ۔ دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔ سنجیدگی سے مذاق کی طرف منتقل ہونا۔
الحَمِيْضَة۔ ج حُمَض و المَحْمَض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



والمُحْمِض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔
المُسْتَحْمِض۔ مِنَ اللبن: دیر میں جمنے والا دودھ۔
حَمَطَهٗ(ض) حَمْطًا۔ چھلکا اُتارنا۔
حَمَّطَ۔ الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔
____ الشَّیءَ: چھوٹا کرنا ____ الرجلَ: ہلکا مارنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اِذا ضَرَبْتَ فلاً تُحَمِّط" جب مارو تو ہلکا مارو۔
الحَمَاطَة۔ گلے کی سوزش۔ انجیر کے مشابہ ایک درخت اور بقول بعض گولر۔ دل کا نقطہ۔ دل کا خون۔ ج حَمَاطٌ و حَمَائِط۔
حَمْطَرَ۔ القِربةَ: بھرنا ____ القوسَ: چلہ کھینچنا۔
حَمَظَهٗ(ن) حَمْظًا۔ نچوڑنا۔
حَمْظَلَ۔ اندرائن چننا۔
الحَمْظَل۔ اندرائن۔
حَمِقَ(س) و حَمُقَ(ک) حُمْقًا و حُمُقًا و حَمَاقَةً۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (اَحمق) مؤنث حَمْقَاء۔ ج حُمْق و حُمُق و حَمْقٰی و حِمَاق و حَمَاقٰی و حُمَاقِی۔ (ک حماقة) السوقُ: مندا پڑنا۔
حَمَّقَهٗ۔ بیوقوف کہنا۔
اَحْمَقَه۔ بیوقوف پانا۔ اَحْمَقَتِ المرأة: بیوقوف بچے جننا۔ صفت (مُحْمِق و مُحْمِقَة)
حَامَقَه۔ بیوقوفی میں مدد دینا۔
تَحَامَقَ و تَحَمَّقَ۔ بتکلف بیوقوف بننا۔
اِنْحَمَقَ۔ بیوقوف ہونا ____ السوقُ: مندا پڑنا ____ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَحْمَقَ۔ بیوقوف ہونا ____ ہ: بیوقوف سمجھنا۔
الحُمْق۔ مہ۔ کم عقلی۔ بیوقوفی۔ شراب۔ نَوْمَةُ الحُمْق۔ ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِق۔ بیوقوف۔ کم داڑھی والا۔
الحُمَاق والحَمَاق والحَمِیق والحُمَیْقی والحُمَیْقاء۔ ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ ہوتی ہے۔
البَقْلَة الحَمْقَاء و بَقْلَةُ الحَمْقَاء۔ خرفہ کا ساگ۔
الحَمُوْقَة والحُمَیْقَة والأُحْمُوْقَة۔ بہت بیوقوفی والا۔
المُحْمِقَات۔ وہ راتیں جن میں اوّل سے آخر تک چاندنی رہے۔
المِحْمَاق۔ وہ عورت جس کو بیوقوف بچے جننے کی عادت ہو۔
المَحْمُوْق۔ حماق بیماری والا۔
تَحَمْقَس۔ خبیث و پلید ہونا۔
الحَمَافِیس۔ سختیاں۔ بلائیں۔
حَمِكَ (س) حَمَكًا۔ فی الدلالة: رہنمائی میں چلتے رہنا۔
الحَمَک۔ چھوٹی و روی چیزیں۔ معمولی لوگ۔ بچے۔ واحد (حَمْکَة)
حَمَلَ (ض) حَمْلًا و حُمُلًا۔ الشَّیءَ علی ظهرہٖ: اُٹھانا ____ الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا ____ علٰی نفسہٖ فی السَّیر: چلنے میں مشقت اٹھانا۔ حَمَلَهٗ عَلَی الأَمْرِ: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔ حمل عنه: بردبار ہونا ____ الشَّیءَ علی الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر لگانا ____ المرأةُ: حاملہ ہونا ____ الشجرةُ: پھل دار ہونا ____ القرآنَ: یاد کرنا ____ العلمَ: روایت کرنا۔ نقل کرنا۔ (____ حملةً) فی الحرب علیهم: حملہ کرنا (____ حَمَالة) بِهٖ: ضامن ہونا۔
حَمَلَهٗ و اَحْمَلَهٗ۔ الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانے میں مدد کرنا۔
حَمَّلَهٗ تَحْمِیلًا و حِمَّالًا۔ الشَّیءَ: اُٹھوانا۔
تَحَمَّلَهٗ تَحَمُّلًا و تِحِمَّالًا۔ اُٹھانا ____ الامرَ: برداشت کرنا ____ القومُ: کوچ کرنا ____ الرجلُ: بیمار بننا۔
تَحَامَلَ۔ فی الامر و بالامر: باوجود مشقت کے اپنے ذمہ لینا ____ علٰی فلان: ظلم کرنا۔ طاقت سے زیادہ کام کو کہنا ____ عنه: اعراض کرنا۔
اَلَیْه: متوجہ ہونا ____ الشیخ فی مَشْیِهٖ: چلنے میں گرانبار ہونا ____ علی نفسہٖ: باوجود مشقت کے برداشت کرنا۔
اِنْحَمَلَ۔ علیه: اُکسایا جانا۔
اِحْتَمَلَ۔ الشَّیءَ: اُٹھانا ____ الامرَ: کسی امر کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا ____ ماکانَ مِنْه: چشم پوشی کرنا ____ معاف کرنا ____ الصَّنِیْعَة: شکر ادا کرنا۔
اُحْتُمِلَ۔ غضبناک ہونا ____ لونُهٗ: رنگ بدلنا۔
اِسْتَحْمَلَ۔ اُٹھانے کی طاقت رکھنا۔
____ فلانًا: اُٹھانے کو کہنا۔
الحَمْل۔ مہ۔ پیٹ کا بچہ۔ پھل۔ ج حِمَال و اَحْمَال و حُمُوْل۔
الحِمْل۔ بوجھ۔ ج اَحْمَال و حُمُوْلَة۔
الحِمْل: ہودج یا ہودہ والے اُونٹ۔ ج حُمُول۔
الحَمَل۔ بکری کا بچہ۔ ج حُمْلان و اَحْمال۔ بہت پانی والا بادل۔ آسمان کے برجوں میں سے ایک برج۔ لسان الحَمَل: بارتنگ (ایک دوا کا نام)
الحَمْلَة۔ مہ۔ ایک مرتبہ کا بوجھ۔ لڑائی کا حملہ۔
الحُمْلَة والحِمْلَة۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
الحَامِل۔ فا۔ ج حَمَلَة۔ حَمَلَةُ القرآن: قرآن کے یاد کرنے والے۔ قرآن کی روایت کرنے والے۔ مؤنث حَامِلَةٌ۔ اِمْرَأةٌ حامِلٌ و حَامِلَةٌ: پیٹ والی عورت۔ ج حَوَامِل۔
الحَامِلة: انگور وغیرہ اٹھانے کی ٹوکری۔
الحَوَامِل: قدم ہاتھ اور قدم کے پٹھے۔
الحَمَال۔ دیت۔ تاوان۔ ج حُمُل۔
الحَمَالة۔ ضمانت۔ دیت۔ تاوان۔
الحِمَالة والحَمِیْلَة۔ ج حَمَائِل و (المِحْمَل) ج مَحَامِل: تلوار کا پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِیْلَة عَلَیْنَا" وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔
الحِمَالَة: مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال۔ قلی مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ عوام اس کو عتّال کہتے ہیں۔ الحمّال: جزدان۔ فصیح لفظ القِمْطر ہے۔
الحَمُوْل۔ صابر۔ بردبار۔ حَمُوْلُ البَحْر: دریائی نباتات۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَمُوْلَة- بار برداری کا جانور- ج حَمُوْلات
الحُمْلاَن- بار برداری کا جانور جو کسی کو ہبہ کیا جائے- مزدور کی اُجرت-
الحَمِیْل- اُٹھایا ہوا- اجنبی- ضامن- پیٹ کا بچہ- تسمہ- سیلاب کا کوڑا کرکٹ- اُٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے- منہ بولا بیٹا-
الحَامُوْلَة- تیز بارش کے وقت نالے میں اُچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوَامِیْل-
المَحْمِل- وہ چیز جس میں کوئی چیز اُٹھائی جائے- ہودہ- ج مَحَامِل-
المَحْمُوْل- مف- المَحْمُول والموضوع عندالمنطقیین: اصطلاحِ علمِ منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ مسند و مسند الیہ کے ہیں- جیسے زَیْدٌ کَرِیْمٌ میں زید موضوع ہے اور کریم محمول-
حَمْلَجَ- الحبلَ- مضبوط بٹنا-
الحِمْلاج والحُمْلُوْج- ساروں کی دھونکنی- گائے کا سینگ- ج حَمَالِیْج-
حَمْلَقَ- آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا-
حُمْلاَقُ العَیْن و حِمْلاَقُهَا و حُمْلُوْقُهَا- پپوٹوں کا اندرونی حصہ- ج حَمَالِیْق-
الحَمْن والحَمْنَان- چھوٹی چیچڑیاں- واحد- حَمْنَة و حَمْنَانَة- اصمعی نے کہا کہ چیچڑی جب بہت ہی چھوٹی ہو تو اس کو قُمقامہ کہتے ہیں- پھر حَمْنَان پھر قُراد پھر حَلَمة پھر عِلٌّ و طِلح-
ارض (مَحْمَنَة و مُحْمِنَة) کثرت سے چھوٹی چیچڑیوں والی زمین-
الحَمْو والحَمَاء والحَمُو والحَمْءُ- خسر- خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار- یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے- تثنیہ حموان و حمآن ج- احماء-
حماة- الرجل: خوش دامن- حماة المرأة: ساس- ج حَمَوات- الحَمَاة: پنڈلی کا عضلہ-
حَمْوَة- الشمس: آفتاب کی گرمی-
حُمُوَّة- الالم: درد کی شدت و تیزی-
حَمَی (ض) حَمْیًا و حِمْیَةً و حِمَایَةً و مُحْمِیَةً الشَّیَ مِنَ الناس: روکنا- بچانا- (_____ حِمْیَةً) المریضَ مایَضُرُّهُ وعمایَضُرُّهُ: پرہیز کرانا-
حَمِیَ (س) حَمِیَّةً و مُحْمِیَّةً مِنَ الشَّیْ: کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا-
حَمِیَ (س) حَمْیًا و حُمِیًّا و حُمُوًّا- النارُ: تیز گرم ہونا _____ علیه: غضبناک ہونا-
حَامَی مُحَامَاةً و حِمَاءً- عنه: حمایت کرنا- مدافعت کرنا- علی الضیف: اچھی طرح میزبانی کرنا-
اَحْمَی إحْمَاءً- المکانَ: حمی بنانا _____ الحَدِیدَ: بہت گرم کرنا-
تَحَمَّی واحْتَمَی- المریضُ: رکنا' پرہیز کرنا- احتمی منه: بچنا-
تَحَامَی- ہ: بچنا- پرہیز کرنا-
اِحْمَوْمَی اِحْمِیْمَاءً- کالا ہونا-
الحِمٰی- چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو- ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے-
حَمِیَ- الشمس: آفتاب کی گرمی-
الحِمَاء- بچائی ہوئی چیز- کہا جاتا ہے "هو حِمَاءٌ لَکَ" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے-
الحِمْیَة- بچائی ہوئی چیز- پرہیز- کہا جاتا ہے "المِعْدَة بیت الدَّاءِ والحِمْیَة رأس الدَّواء" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے-
الحَمِیَّة- نفرت- مروّت- نخوت-
الحُمّٰی- بخار- ج حُمَّیَات-
الحُمَیَّا- غصّہ کا ابتدائی جوش- کہا جاتا ہے "لا تکلمه فی حُمَیَّا غَضَبِه" اس سے غصّہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو- شراب کی تیزی- شراب- مِن کل شی: شدت و تیزی- کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِیْدُ الحُمَیَّا" وہ بہت خوددار ہے-
الحُمَة- زہر- ڈنک- ج حُمَات و حُمًی-
حُمَةُ البرد: سردی کی شدت-
الحَامِی- فا- شیر- کتا- ج حُمَاة و حَامِیَة- نر اونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اُس کے بال کترتے تھے-
الحَمِیُّ- وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے- ہر محفوظ کی ہوئی چیز- مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو-
الحَامِیَة- الحامی کا مؤنث- حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لیے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو- ج الحَوَامِی-
الحَامِیَة: پایہ دیگدان- پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا جائے-
حَنَّ (ض) حَنِیْنًا- خوشی یا غم سے آواز نکالنا _____ القوسُ: کمان سے آواز نکلنا _____ إلَیْه: مشتاق ہونا (_____ حَنَّة و حَنَانًا) علیه: مہربان ہونا- صفت (حَنُوْن)
حَنَّهُ (ن) حَنًّا- پھیرنا- باز رکھنا- تم کہتے ہو "حُنَّ عنی شرَّک" مجھ سے اپنے شر کو روک لو-
حَنَّنَ- الشجرُ: شگوفہ دار ہونا-
اَحَنَّ- القوسَ: کمان سے آواز نکالنا _____ الرجلُ: غلطی کرنا-
تَحَنَّنَ- علیه: رحم کرنا-
تَحَانَّ واسْتَحَنَّ- إلَیْه: مشتاق ہونا- اِسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا: طرب کو بڑھا دینا-
الحَانّ- فا- بہت خوش ہونے والا- کہا جاتا ہے "مالَهُ حَانَّة ولا آنَّة" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری-
التَحَنان- رحمت و مہربانی-
الجِنُّ- جنوں کا ایک گروہ-
الحَنان- روزی- برکت- دل کی نرمی- کہا جاتا ہے "حنانیک و حنانک یا ربِّ" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں- "و حَنَانُ اللّٰه" اللہ کی پناہ-
الحَنَّان- مہربان- رحیم- اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک- کسی چیز کا مشتاق- مبهم حَنَّان: آواز نکالنے والی کمان- طَرِیْقٌ حَنَّان: واضح راستہ-
الحِنَّان- مہندی-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حَنَأَ (ف) حَنْأً۔ المکانُ : سرسبز ہونا۔ صفت (حَانِئ) اور حَانِئ کا کلمہ اَخْضَر کے لیے بطور تاکید کے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اَخْضَر حَانِئ جیسے اَسْوَد حَالِک۔ اَصْفَر فَاقِع۔ اَبْیَض نَاصِع۔ اَحْمَر قَانِئ۔

حَنَّأَہ تَحْنِیْئًا و تَحْنِئَۃً۔ مہندی سے رنگنا۔

تَحَنَّأَ۔ بالحناء : مہندی سے رنگا جانا۔

الحِنَّاء۔ مہندی۔ واحد حِنَّاء ۃ۔ ج حُنَّان۔

ابو الحِنَّاء۔ ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ۔

حَنِبَ (س) حَنَبًا و حَنَّبَ و تَحَنَّبَ الشیخ : کبڑا ہونا۔ حَنِبَہ الکِبْر : جھکا دیا۔ تَحَنَّبَ عَلَیْہ : مہربان ہونا۔

حَنْبَرَ حَنْبَرَۃً۔ البردُ : سخت ہونا۔

الحَنْبَر۔ پست قد۔

حَنْبَلَ۔ لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔

تَحَنْبَلَ۔ سر جھکانا۔

الحُنْبُل۔ لوبیا۔

الحُنَابل۔ مِنَ الاوتار : مضبوط اور موٹی تانت۔

الحَنْبَل۔ موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔

الحِنْبَال۔ فربہ پُر گوشت۔ بہت بولنے والا۔

الحِنْبَالَۃ۔ سمندر۔ بہت بولنے والا۔

الحَانُوْت۔ دکان۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ (مذکر و مؤنث) ج حَوَانِیْت۔ نسبت کے لیے (حَانِیّ و حَانَوِیّ)

الحَنْتَم۔ سبز رنگ کی ٹھلیا کہ جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔

حَنِثَ (س) حِنْثًا۔ باطل کی طرف مائل ہونا ـــــ فی یمینہ : قسم توڑنا۔

اَحْنَثَہ۔ قسم تڑوانا۔

تَحَنَّثَ۔ گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا۔ بتوں سے علیحدہ ہونا اور ران کی پرستش چھوڑنا۔ مِن کَذَا : توبہ کرنا۔

الحِنْث۔ ـــ گناہ۔ ج اَحْنَاث۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغُلَامُ الحِنْث" لڑکا بالغ ہو گیا۔

المَحَانِث۔ گناہ کے مواقع۔

حَنَجَہٗ (ض) حَنْجًا۔ جھکانا ـــــ الحبلَ : مضبوط بٹنا۔ لَحَنْجَتْ حَاجَۃٌ : پیش آنا۔

اَحْنَجَ۔ الشَّیْءَ : جھکانا ـــــ الخبرَ : پوشیدہ کرنا ـــــ الکلامَ : رُخ پھیر دینا ـــــ الشَّیْءُ : جھکنا ـــــ الرجلُ : تیز چلتے ہوئے پیچھے کی طرف نظر ڈالنا۔

اِحْتَنَجَ۔ الشَّیْءَ : جھکنا۔

حَنْجَرَتِ۔ العینُ : اندر کو دھنسنا۔ حَنجرۃ : ذبح کرنا۔

الحَنْجَرَۃ و الحُنْجُوْر۔ نرخرہ۔

حَنْحَنَ۔ علیہ : خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں حَنْحَنَ البُنْدق او الجَوْز و نحوھما : جبکہ گری خراب ہو جائے۔ فصیح لفظ حَمِت ہے۔

حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ۔ اللیلُ : تاریک ہونا۔

الحِنْدِس۔ سخت تاریک رات۔ تاریکی۔ ج حَنَادِس۔ الحَنَادِس : مہینے کی بائیسویں' تیئسویں' چوبیسویں راتیں۔

الحِنْدَقُوْق و الحَنْدَقُوْق و الحَنْدَقُوقی و الحِنْدَقُوقی۔ ایک قسم کی نباتات کا نام۔ لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔

الحَنْدَل۔ پست قد۔

حَنَذَ (ض) حَنْذًا و تَحْنَاذًا۔ اللحمَ : بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِیْذ)

( ـــــ حَنْذًا و تَحْنَاذًا) الفرسَ : پسینہ لانے کے لیے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنُوذ و حَنِیْذ)

حَنَذَتْہُ الشمسُ : جھلس دینا۔

اَحْنَذَ۔ شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم ملانا ـــــ اللحمَ : پکانا۔

اِسْتَحْنَذَ۔ دھوپ میں لیٹ کر پسینہ لانا۔

الحُنْذَۃ۔ سخت گرمی۔

حَنَاذِ۔ بروزن قطام : آفتاب۔

الحَنِیْذ۔ بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی۔ سرد ھونے کی خوشبودار چیز۔

الحِنْذِیْذ۔ بہت پسینہ والا۔

المُحَنْذِی۔ بہت گالی دینے والا۔

حَنَرَ (ض) حَنْرًا۔ الحَنِیْرَۃ۔ محراب بنانا' طاق میں خمار رکھنا۔

الحَنِیْرَۃ۔ طاق میں خمار جگہ۔ کمان' دھنے کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خمار ہو۔ ج حَنِیْر و حَنَائِر۔

حَنِسَ (س) حَنَسًا۔ دلیری سے وسط معرکہ میں ڈٹے رہنا۔

الحُنُس۔ پرہیزگار لوگ۔

حَنَشَہ (ض) حَنْشًا۔ ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ غضبناک کرنا ـــــ الصیدَ : شکار کرنا۔

حَنَشَتِ الحَیَّۃُ فلانًا : ڈسنا۔

اَحْنَشَہٗ۔ شکار کرنا۔ عن الامر : جلدی کرانا۔

الحَنَش۔ سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرگٹ۔ چھپکلی وغیرہ ج اَحْنَاش و حُنْشان۔

حَنَصَ (ن) حَنَصًا۔ الرجل : کمزور ہونا۔

الحِنْصَاء۔ باریک ہڈیوں اور بڑے پیٹ والا۔

الحِنْصَال و الحِنْصَالَۃ۔ بڑے پیٹ والا۔

الحِنْصِج۔ سست آدمی کہ جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے۔

الحَنْصَل۔ چھوٹا تالاب۔

الحَنْصَلَۃ۔ بڑی چٹان میں جمع شدہ پانی۔ بڑی چٹان میں گڑھا۔

حَنَطَ (ن) حُنُوْطًا و اَحْنَطَ۔ الزرعُ : کٹائی کے قابل ہونا ـــــ الشجرُ : پھل پکنا۔

حَنَّطَ (ض) حَنْطًا۔ الجلدُ : سرخ ہونا۔ صفت (حَانِط)

حَنَّطَ و اَحْنَطَ۔ المیتَ : مردہ پر حنوط ملنا۔

تَحَنَّطَ۔ حنوط استعمال کرنا۔

اِسْتَحْنَطَ۔ جان دینے کے لیے دلیری کرنا۔

الحَانِط۔ فا۔ بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا۔ پکے ہوئے پھلوں والا درخت۔ اَحْمَر حَانِط : بہت سرخ۔

الحِنْطَۃ۔ گیہوں۔ ج حِنَط۔

الحِنْطِیُّ۔ بہت گیہوں کھانے والا۔ پھولا ہوا۔

الاَحْنَط۔ بڑی اور گھنی داڑھی والا۔

الحِنَاطَۃ۔ گندم فروشی۔ مردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔

الحَنَّاط۔ مُردوں پر حنوط لگانے والا ـــــ (و الحَنَاطِیّ) گیہوں بیچنے والا۔

الحِنَاط و الحُنُوط۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔

الحِنْطِی۔ وہ شخص جس کی خوراک گیہوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہو۔
الحِنطیٔ۔پست قد۔
الحِنظأ والحِنظأوۃ۔بڑے پیٹ والا۔پست قد۔
الحَنظَرِیرۃ۔بادل۔
الحُنظُباء والحُنظَباء۔نرٹڈی۔نرگہریلا۔
الحُنظُوب۔بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔
الحِنظاب۔پست قد بدخو۔
الحَنظَل۔اندرائن جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔
حَنظَلَتِ۔الشجرۃُ:کڑوے پھل والا ہونا۔
حَنَفَ۔(ض) حَنَفًا۔جھکنا ـــــ رجلہ: پاؤں ٹیڑھا کردینا۔
حَنِفَ (س) حَنَفًا و حَنَفَ (ک) حَنَافَۃً: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔صفت (اَحنَف)
حَنَّفَہٗ۔ٹیڑھے پاؤں والا کردینا۔
تَحَنَّفَ۔حنیفی ہونا۔حنفی ہونا۔کہا جاتا ہے "شَافِعِی تَحَنَّفَ" شافعی حنفی ہوگیا ـــــ الیہ:مائل ہونا۔
الحَنفَاء ٹیڑھا پاؤں۔کمان۔اُسترا۔گرگٹ۔کچوا۔
الحَنِیف۔سیدھا۔اسلام کے احکام پر چلنے والا۔سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے دین کا متبع۔موحد۔کلیات میں ہے کہ قرآنِ پاک میں جہاں کہیں لفظ ﴿حنیف﴾ کے ساتھ ﴿مسلم﴾ ہے وہاں حاجی مُراد ہے جیسے ﴿ولٰکِن کان حَنِیفا مسلمًا﴾ اور جہاں بغیر لفظ ﴿مسلم﴾ کے تنہا ﴿حنیف﴾ ہے وہاں ﴿مسلم﴾ مراد ہے جیسے ﴿حَنِیفًا لِلّٰہِ﴾ ج حُنَفاء۔ادیانِ باطلہ کو چھوڑ کر دینِ حق کو اختیار کرنے والا۔
الحَنِیفی۔امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کا تابع۔ج اَحناف و حَنَفِیَّۃ۔
الحَنِیفِیَّۃ۔فی الاسلام والدین:اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔
الحِنفِس۔بے حیا بدزبان عورت۔
الحِنفِش والحِنفِیش۔ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ج حَنَافِش و حَنَافِیش۔
الحنفِص۔دُبلا پتلا۔
حَنِقَ (س) حَنَقًا۔منہ و علیہ:سخت غضبناک ہونا۔صفت (حَنِق و حَنِیق) ج حُنُق اہل حُنُق و محانِیق:موٹے اُونٹ۔
اَحنَقَہٗ۔غضبناک بنانا۔اَحنَقَ الدابۃَ:دبلا کرنا۔
اَحنَقَ الرجلُ:سخت کینہ رکھنا۔
اِحتَنَقَ۔موٹا ہونا۔
الحَنَق والحَنِق۔سخت غصہ۔
الحَنقَط۔ایک قسم کا پرندیا تیتر۔
حَنَكَ (ن ض) حَنكًا۔الشَّیءَ:سمجھنا۔(ـــــ واِحتَنَكَ۔الفرسَ۔گھوڑے کے مُنہ میں رسّی لگانا۔)
حَنَكَ و حَنَّكَ۔چبا کر نرم بنانا۔
حَنَكَ (ن ض) حَنكا و حَنَكا و حَنَّكَ واَحنَكَ واِحتَنَكَ۔الدهرُ الرجلَ:تجربہ کار بنا دینا۔صفت (حَنِیک) ج حُنک۔ حَنَّكَ الصبیَّ:مہذب بنانا۔
تَحَنَّكَ۔پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے سے لاکر باندھنا۔
اِحتَنَكَ۔الجرادُ الارضَ:کھا کر صاف کر دینا۔اِحتَنَكَہٗ:غالب ہونا۔
اِستَحنَكَ۔کم خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہونا۔
الحَانِک۔فا۔اَسوَدُ حَانِک:سخت سیاہ۔
الحُنک والحِنک والحُنکَۃ۔تجربہ۔
الحَنَک۔تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَكُ الغُراب:کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔کہا جاتا ہے "اَسوَدُ مِن حَنَک الغُرابِ" کوے کی چونچ سے کالا۔ج اَحنَاک۔الحَنَک:وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں۔چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔واحد (حَنَکَۃ)
الحُنک۔عقل مند تجربہ کار مرد۔مؤنث حُنکۃ۔
الحِنَّاک۔ج حُنُک و (المِحنَک)
المُحَنِّک۔تجربہ کار۔
حَنكَلَ۔فی الشَّیءِ:گرانباری سے چلنا۔آہستہ چلنا۔
الحَنكَلِیس۔ایک قسم کی مچھلی۔فصیح عربی الجَرِیثُ ہے۔
حَنَا (ن) حَنوًا و حَنًی (ض) حِنایَۃً۔الشَّیءَ:موڑنا۔حَنَا الحَنِیَّۃَ ای القوسَ:کمان بنانا۔
حَنَا (ن) حُنُوًّا و اَحنٰی۔علیہ:مائل ہونا۔
حَنَی تَحنِیَۃً۔الشَّیءَ:موڑنا۔
تَحَنَّی۔ٹیڑھا ہونا ـــــ علیہ:مہربانی کرنا۔
اِنحَنٰی۔ٹیڑھا ہونا۔مڑنا۔
الحَانِیَۃ۔ج الحَوَانِی و (الحَانَاۃ والحَانُوت) دُکان۔مالک دُکان۔ الحَانِیَۃ:بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے مڑی ہوئی ہو۔
الحَانُوی والحَانِی سب سے لمبی پسلی۔
الحَانِیَۃ۔شراب۔الحانی کا مؤنث۔شراب بیچنے والے۔
الحِنو والحَنو۔بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ہر ٹیڑھی لکڑی۔حِنو الشیء:چیز کا پہلو۔وحِنوُ السَّرج:زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج اَحنَاء و حُنِیّ و حِنِیّ و اَحنَاءُ الأمُور:تشابہاتِ اُمور۔
الحَنِیَّۃ۔کمان ـــــ مِنَ البناء:کمان کی مانند خم دار۔ج حَنَایا و حَنِیّ۔
الاَحنٰی۔کبڑا۔مؤنث حَنواء۔کہا جاتا ہے "فلان احنی الناس ضلوعًا علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے۔
المَحنِیَۃ والمَحنُوَۃ والمَحنَاۃ۔ج محانٍ:وادی کا موڑ۔
المُنحَنٰی۔وادی کا موڑ۔
حَابَ (ن) حَوبًا و حُوبًا و حُوبَۃً و حَابًا و حِیابَۃً۔بکذا:گنہگار ہونا۔
اَحوَبَ اِحوَابًا۔گناہ کی طرف مائل ہونا۔
تَحَوَّبَ۔گناہ سے بچنا ـــــ منہ:دردمند ہونا ـــــ فی دُعائہ۔گڑگڑا کر دُعا کرنا۔
اِستَحوَبَ۔دردمند ہونا۔
الحَوب والحُوب۔غم وحشت (الحَوب والحُوب و الحُوبَۃ و الحاب و الحَابَۃ) گناہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَوْبَة :ماں باپ-بہن بیٹی-
**الحَوْبَة والحِوْبَة والحُوْبَة**-ماں کی جانب سے قرابت-کہا جاتا ہے"لی فیھم حَوْبَة" میری ان سے ننھیالی رشتہ داری ہے-حاجت-حالت-کہا جاتا ہے "باتَ بَحُوْبَةِ سُوْءٍ" اس نے بری حالت میں رات گزاری-الحَوْبَة :ماں کی مامتا-بیوی-باندی-
الحُوْبَة-کمزور مرد-کہا جاتا ہے "اِنَّما فُلانٌ حُوْبَةٌ" فلاں شخص کمزور ہے' نہ اس سے خیر کی اُمید ہے نہ شر کا خوف-و "اِنَّ لِیْ حُوْبَةً اَعُوْلُھَا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں-
الاَحْوَب-گنہگار-مؤنث حَوْباء-
الحَوْبَاء-نفس-ج حَوْباءَ ات-
المُتَحَوِّب والمُحَوَّبُ-وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے-
حَاتَ(ن)حَوْتًا حَوْتَانًا-الطیر او الوحش علی الشَّیْءِ :منڈلانا-
حَاوَتَهٗ-مکر و فریب سے کام لینا-دھوکا دینا ـــــــ ہ عن کَذَا :مدافعت کرنا-
الحُوْت-مچھلی-عموماً بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے-ج حِیْتَان و اَحْوَات و حِوَتَة آسمان کے ایک برج کا نام-
الحَوْتَاء-موٹی کمر والی عورت-
اَحَاتَ اِحَاتَةً-الارض :زمین کھود کر اُلٹنا پلٹنا ـــــــ الشَّیْءَ :نکالنا-کہا جاتا ہے "ترکھم (حَوْتَ بَوْتَ او حِیْتَ بِیْتَ اَوْحَاتَ بَاتَ او حَوْتًا بَوْتًا" یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا-
الحَوْتَاء-جگر اور اس کے آس پاس کے حصے-موٹی عورت-
الحَوْتُ-جگر کی رگ-
حَاجَ(ن)حَوْجًا-محتاج ہونا-
حَوَّجَ-بِهٖ عن الشَّیْءِ :کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا-
اَحْوَجَ-اِلَیْهِ :محتاج ہونا ـــــــ ہ :محتاج بنانا-
تَحَوَّجَ-حاجت طلب کرنا-کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ یتحوَّج" فلاں حاجت طلب کرنے کے لیے نکلا-
اِحْتَاجَ-اِلَیْهِ :محتاج ہونا-
الحَاج-ایک قسم کا کانٹا-ایک قسم کا ترش پودہ-
الحَوْج-مہ-سلامتی-کہا جاتا ہے "حَوْجًا لک"یعنی تمہارے لیے سلامتی ہو-
الحُوْج-نقرو فاقہ-
الحَوْجَاء-حاجت' ضرورت-اور اسی سے ہے-ماکان فی نفسہٖ حَوْجَاء ولاَ لَوْجَاء وبالتصغیر حُوَیْجَاء وَلاَ لُوَیْجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں-"و کلمتُهٗ فَمَارَدَّ حَوْجَاءَ وَلاَ لَوْجَاء" میں نے اُس سے گفتگو کی اُس نے اچھا یا بُرا کوئی جواب نہیں دیا-
الحَاجَة-ضرورت-سوال-ج حَاج و حوج و حَاجَات و حَوَائِج-اخیری جمع حَائِجَه کی تقدیر پر ہے-مبالغہ کی غرض سے حاجَةُ حَائِجَة کہا جاتا ہے-
المَحَاوِیج-محتاج لوگ-
حَادَ(ن)حَوْدًا-عنه :ہٹ جانا-
حَاوَدَتْه-الحُمّٰی :بخار کا بار بار آنا-کہا جاتا ہے "هُو یحاوِدُنَا بالزِیَارَة" وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لیے بار بار آتا ہے-
حَاذَهٗ(ن)حَوْذًا-حفاظت کرنا-
علی الشَّیْءِ :نگہبانی کرنا ( ـــــــ واَحْوَذَ الدابةَ :تیز ہانکنا-اَحْوَذَ ثوبَه :کپڑے سیٹنا-اَحْوَذَ السَّیْرَ :تیز چلنا-اَحْوَذَ الشَّاعِرُ قصیدةً :عمدہ قصیدہ کہنا-
اِسْتَحْوَذَ-علیه :غالب ہونا-
الحَاذ-ایک قسم کا درخت-واحد (الحاذة) ج آحاذ-پیٹھ-کہا جاتا ہے "هو خَفِیْفُ الحَاذ" وہ تھوڑے مال والا ہے-
الحِوَاذ-دُوری-جدائی-
الحُوْذَان-ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے-
الاَحْوَذِیُّ-ماہر-ہر کام میں چست و پھرتیلا-
الحُوْذِیُّ-کوچوان-گاڑی بان-عوام العزبحی کہتے ہیں-
حَارَ(ن)حَوْرًا و حَوْرًا و مَحَارًا و مَحَارَةً-لوٹنا-متحیر ہونا ( ـــــــ حَورا)الثوب دھونا-سفید کرنا-حَارَ الشَّیْءُ :منہ اپڑنا-کہا جاتا ہے "حَارَ بَعْدَ ماکَارَ" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا-(نعوذ باللّٰه منَ الحَوْرِ بَعْدَ الکَوْرِ" ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں-
حَوِرَت (س) حَوَرًا-العینُ :سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید و سیاہ ہونا-صفت(حَوْرَاء)
حَوَّرَ-القرصَ :بیلن سے بیلنا ـــــــ الثوبَ :سفید کرنا ـــــــ ہ اللّٰهُ :محروم کرنا-
حَاوَرَهٗ مُحَاوَرَةً و حِوَارًا و حَوَارًا-گفتگو کرنا-جواب دینا-اَحَارَ اِحَارَةً-الجَوابَ :جواب دینا-اور اسی سے ہے "لم یُحِر جَوَابًا" اس نے جواب نہیں دیا-اور کہا جاتا ہے "طَحَنَتِ الطاحنةُ فَمَا اَحَارَتْ شیئًا" چکی پیسنے والی نے چکی پیسا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا-
اَحَارَتِ النَّاقَةُ :بچہ والی ہونا-احَارَ البعیرَ :ذبح کرنا-
تَحَاوَرَ-القومُ :ایک دوسرے سے گفتگو کرنا-ایک دوسرے کو جواب دینا-
اِحْوَرَّ اِحْوِرَارًا-سفید ہونا-اِحْوَرَّتِ العَیْنُ :بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا-
اِسْتَحَارَهٗ-گفتگو کرنا-
الحُوْر-ہلاکت-کمی-کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ فِیْ حُوْرٍ وبُوْرٍ" یعنی وہ نہ تو کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں-
الحَوْر-گہرائی-کہا جاتا ہے "بَعِیْدُ الحَوْر" یعنی عقلمند-و مَا اَصَبْتُ حَوْرًا میں نے کچھ نہیں پایا-
الحَوْر-مہ-سفید پتلے چمڑے-سرخ رنگا ہوا چمڑہ-گائے-ایک مشہور درخت جس کے گوند سے کرمایا تیار ہوتا ہے-ج اَحْوَار-
الحُوار و الحِوَار-اُونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو-ج اَحْوِرَة و حِیْزَان-
الحَارَة-گول چوک-محلہ-کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا فِی حَارَةِ بَنِیْ فلانٍ" ہم لوگ بنو فلان کے محلہ میں اُترے-
الحَائِر-فا-لاغر-دُبلا پتلا-
الحَائِرَة-الحَائِر کا مؤنث-کہا جاتا ہے "ما هُو الا حَائِرَةٌ مِن الحَوَائِر" یعنی اس کے اندر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کوئی خیر و برکت نہیں۔
الأَحْوَرِيُّ۔ سپید۔ نازک۔
الحُوَّارِي۔ میدہ۔ کھرا مٹی۔ ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے۔
الحَوَارِيُّ۔ نصیحت کرنے والا۔ خیر خواہ۔ دعوبی۔ رشتہ دار۔ مددگار۔ اور بقول بعض انبیاء (علیہم السلام) کے مددگار اور اسی سے ہے (الحَوَارِيُّون) سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے انصار و اعوان۔
الحَوَارِيَّة۔ الحَوَارِئ کا مؤنث۔ شہری عورت ج حَوَارِيَّات۔
المِحْوَر۔ وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ المحور في الهندسة: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے۔
المِحْوَر۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھوے۔ ج مَحَاوِر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَتْ مَحَاوِرُه" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا۔
المَحَارَة۔ واپسی۔ کمی۔ لوٹنے کی جگہ۔ اُونٹ کا کھر۔ تالو۔ ہر وہ ہڈی جو سیپی کی مانند ہو۔ محارة الاذن: کان کا کڑھا۔
المَحْوَرَة والمَحْوَرَة۔ جواب۔ خُفّ (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سرخ چمڑے کا ہو۔
حَازَ (ن) حَوْزًا و حِيَازَةً و إِحْتَازَ إِحْتِيَازًا۔ الشَّيْءَ: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔
الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حَازَ حَوْزًا) الرجلُ: نرم چلنا۔
حَوَّزَ تَحْوِيزًا۔ الابلَ: پانی کی طرف لیلة الحوز میں اُونٹوں کو ہانکنا (دیکھئے لیلة الحوز)
حَاوَزَهُ مُحَاوَزَةً۔ باہم زندگی بسر کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ایک دوسرے کو دھتکارنا۔
تَحَوَّزَ۔ علیحدہ ہونا ـــــ الحيةُ: کنڈلی مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْهِ فَمَا تَحَوَّزَ لَهُ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لیے علیحدہ نہیں ہوا۔
تَحَاوَزَ۔ الفريقانِ: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔
إِنْحَازَ إِنْحِيَازًا۔ عنه: ہٹ جانا ـــــ إليه: مائل ہونا ـــــ القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا۔ شکست کھانا۔
الحَوْزَةُ: گوشہ، کنارہ، طبیعت۔ حَوْزَةُ المملكةِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ۔
الحَوْز۔ وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں۔ ليلةُ الحوز: پانی کی طرف اُونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔
الحَوْزِي۔ اُونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اترنے والا۔ کالا۔
الحَيِّز والحَيْز۔ جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا في حيز التواتُر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔
الحَوْزَاء۔ لڑائی۔
الحُوَيْزَاء۔ ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔
الأَحْوَزِي۔ ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ ہنرکار گزار۔
الحَوَّاز۔ الحائز کا مبالغہ۔ اور اسی سے ہے "الاثم حَوَّازُ القُلُوب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدم خیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے۔
الحُوَّاز۔ بڑے بڑے گبرلے۔
حَاسَ (ن) حَوْسًا۔ القومَ: میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا ـــــ الذِّئْبُ الغَنَمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا۔ حاسَتِ المرأةُ ذَيْلَهَا: دامن کھینچتے ہوئے چلنا ـــــ الجَزَّارُ الإهابَ: قصائی کا کھال کو اُتارنا۔
حَوِسَ (ن) حَوَسًا۔ دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (أَحْوَس)
تَحَوَّسَ۔ دلیری دکھلانا ـــــ في الكلام: گفتگو کیلئے تیار ہونا ـــــ للشيء: دردمند ہونا۔
إِسْتَحْوَسَ إِسْتِحْوَاسًا۔ ڈکنا۔ دیر کرنا۔
الأَحْوَس۔ دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کر لے۔ بھیڑیا۔ ج حُوْس۔
الحَوُوس۔ لوگوں کو بہت قتل کرنے والا۔ بہادر۔
الحُوَاسَة۔ غنیمت۔ حاجت (ـــــ والحُوَيْسَاء) قرابت۔ رشتہ داری۔

حَاشَ (ن) حَوْشًا۔ الابلَ: جمع کر کے ہانکنا (وَاحَاشَ) إِحَاشَةً وَأَحْوَشَ إِحْوَاشًا و إِسْتَحْوَشَ إِسْتِحْوَاشًا) الصيدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ وَأَحْوَشَ وَاحَاشَ عليه الصَّيْدَ و أَحْوَشَهُ إِيَّاهُ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔
حَوْشَةُ: بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجل: ڈیلری دکھانا، تیاری کرنا۔
حَاوَشَهُ على الامر: آکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَوَّشَ۔ عنه: علیحدہ ہونا ـــــ منه: شرم کرنا ـــــ المرأةُ من زوجها: بیوہ ہونا۔
إِنْحَاشَ۔ اکٹھا ہونا ـــــ عنه: بھاگنا۔ بدکنا ـــــ له الصيدُ: شکار کا خود آنا۔
تَحَاوَشُوا۔ عَلَيْه: اپنے درمیان میں کر لینا۔
إِحْتَوَشَ۔ القومُ الصيدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ إِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ وعليه: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کر لینا۔
الحَوْش۔ باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔
الحَوَاشَة۔ باعث شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔
الحَائِش۔ فا۔ حَائِشُ الشجر: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوْش) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد۔
الحُوْشِيُّ۔ مِنَ الكلام: نادر و غریب کلام رجلٌ حُوشِيٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لَيْلٌ حُوشِي: تاریک رات۔
حَاصَ (ن) حَوْصًا۔ و حِيَاصَةً۔ الثوبَ: دُور دُور سینا۔ حَوْلَهُ منذلانا ـــــ بينهما: تنگ کرنا۔
حَوِصَ (س) حَوَصًا تنگ گوشہ چشم والا ہونا۔ صفت (أَحْوَص) مؤنث حَوْصَاء ج حُوْص و أَحَاوِص۔
حَاوَصَهُ: چپکے سے گوشہ چشم سے دیکھنا۔
إِحْتَاصَ إِحْتِيَاصًا۔ في امره: احتیاط کرنا۔
الحَوْص۔ مہ۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لَا ظَعَنٌ فِي حَوْصِكَ" جو تم نے سیا ہے اُس کو میں اُدھیڑوں گا اور جس کو تم نے درست کیا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اُس کو پکاڑ دوں گا۔" و ما طعنت فی حوصہ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ و "دخل فی حوص الناس" وہ لوگوں کے باطن اُمور میں داخل ہوا۔

الحِیاصۃ۔ جانور کا تنگ۔

الحِواص۔ لکڑی کی سوئی۔

الحَوص۔ چھوٹی آنکھیں۔

حَوْصَلَ۔ الطائر: پوٹا بھرنا ـــــ الحِنطۃ: اکٹھا کرنا۔

الحَوْصَل والحَوْصَلَۃ والحَوْصَلَّۃ و الحَوْصَلاء۔ پرندہ کا پوٹا۔

حَاضَ (ن) حَوْضًا۔ حوض بنانا ـــــ الماءَ: جمع کرنا۔

حَوَّضَ۔ حوض بنانا ـــــ حولَ الامر: گھومنا' چکر لگانا۔

اِحْتَاضَ و تَحَوَّضَ۔ حوض بنانا۔

اِسْتَحْوَضَ۔ الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوْض۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج اَحْوَاض و حِیَاض و حِیْضان۔ حَوْضُ الأُذُن: کان کا گڑھا۔

المُحَوَّض۔ درخت کے ارد گرد پانی کا گڑھا تھالا۔

حَاطَہٗ (ن) حَوْطًا و حِیْطَۃً و حِیَاطَۃً۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا ـــــ بِہٖ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

السَّاحَۃَ: گرداگرد دیوار بنانا ـــــ الحائطَ: دیوار بنانا ـــــ حَوْلَ الامر: گھومنا۔ چکر لگانا۔

حَاوَطَہٗ۔ کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

اَحَاطَ و اِحْتَاطَ۔ بِہٖ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَاطَ بِہٖ علمًا" اس نے پورے طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحْتَاطَ الرَّجُلُ: ہوش و حواس سے کام کرنا۔ اِحْتَاطَ علی الشَّیءِ: محافظت کرنا۔ اِحْتَاطَ لِنَفْسِہٖ: بھروسہ کے ساتھ لینا۔

تَحَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فلانٌ یَتَحَوَّطُ اَخَاہُ حِیْطَۃً حَسَنَۃً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔

اِسْتَحَاطَ۔ فِی اَمْرِہٖ او تِجَارَتِہٖ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔

الحَوْطَۃ والحِیْطَۃ والحَیْطَۃ۔ احتاط کا اسم۔ الحِیْطۃ: باکدامن شریف عورت۔

الحَوْط۔ مہ۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ و سفید دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔

الحِوَط۔ وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔

الأَحْوَط۔ بہت احتیاط کرنے والا۔ قابل اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ احتیاط سے ماخوذ ہے۔)

الحَائِط۔ فا۔ دیوار۔ باغ۔ ج حِیْطَان و حِیَاط۔

الحَوَّاط۔ حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔

حُوَّاطُ الأَمْرِ: کسی کام کا مدار۔

الحُوَاطَۃ۔ غلّہ کی حفاظت کے لیے بنی ہوئی جگہ۔

المَحَاط۔ وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔

المُحِیْط۔ فا۔ وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ البَحر المُحِیط: بحر اوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔

حَافَ (ن) حَوْفًا و حَوَّفَ۔ الشَّیءَ: کنارہ پر کرنا۔ حَوَّفَ المَکَانَ:

تَحَوَّفَ۔ الشَّیءَ: کناروں سے کم کرنا۔ کنارہ کو پکڑنا۔

الحَوْف۔ مہ۔ ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جس کو بچے پہنتے ہیں۔ جانب۔ کنارہ۔ گوشہ۔

الحَافَان۔ زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔

الحَافَۃ۔ جانب۔ کنارہ۔ شدت۔ حاجت۔ ج حَافَات و حِیف۔ حافَتَا الوادی و نحوہ: وادی کے دونوں کنارے۔

حَاقَ (ن) حَوْقًا۔ البیتَ: جھاڑو دینا ـــــ الشَّیءَ: رگڑ کر چمکانا ـــــ بِہٖ: احاطہ کرنا۔

حَوَّقَ۔ علیہ: گڑبڑ گفتگو کرنا۔

الحَوَق و الحَوَقۃ۔ بڑی جماعت۔

الحُوق۔ گھیرا۔ چوکھٹا۔

الحُوَاقَۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ سامان۔

المِحْوَقَۃ۔ جھاڑو۔ ج مَحَاوِق۔

حَوْقَلَ حَوْقَلَۃً و حِیقَالاً۔ چلنے سے تھکنا۔ کمزور بڑھاپا ہونا ـــــ الشیخُ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم کہنا۔

الحَوْقَل۔ عُمر رسیدہ بڑھا۔

الحَوْقَلَۃ۔ مہ۔ لمبی گردن کی شیشی۔

حَاكَ (ن) حَوْكًا و حِیَاکًا و حِیَاکَۃً الثوبَ: بُنا۔ صفت (حَائِک) ج حَاکَۃ و حَوَکَۃ۔ مؤنث حَائِکَۃ و حَائِک۔ ج حَائِکَات و حَوَائِک۔ کہا جاتا ہے "حَاکَ الشاعرُ القَصِیْدَۃ" شاعر نے قصیدہ بنایا۔ "و حَاکَ الشَّیءُ فی صَدری" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔

مَا (اَحَاکَ) سیفُہٗ: نہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہ فَمَا اَحَاکَ فِیْہِ سَیْفُہٗ" اس نے اُسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔ (یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

الحَوْک۔ جنگلی تلسی۔ کہا جاتا ہے "ھذا علی حوک ھذا" یہ ہیئت و شکل و عمر میں اس کی مانند ہے۔

المحَاکَۃ۔ کارگہ۔ کھڈی۔

المَحْوَکَۃ۔ لڑائی۔ جنگ۔

حَالَ (ن) حَوْلاً و حُؤُولاً۔ الشَّیءُ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا ـــــ الحولُ: گزرنا اور پورا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حالتِ الدَّارُ و حِیْل بِھَا" گھر پر بہت سے سال گزرے ـــــ علیہ الحَولُ: پورا سال گزرنا۔ القومُ: کج ہونا ـــــ العھدُ: پلٹ جانا ـــــ الی مکان آخر: منتقل ہونا ـــــ فی ظَھْرِ الدَّابۃ۔ جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا ـــــ الشخصُ: متحرک ہونا۔ (ـــــ حیلۃً و مَحَالاً) حیلہ کرنا۔

(ـــــ حُؤُولاً و حِیَالاً) الانثی: حاملہ نہ ہونا ـــــ النخلۃُ: نائہ سے پھلدار ہونا۔ (ـــــ حَوْلا و حُؤُولاً و حَیْلُولَۃً) درمیان میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حائل ہونا۔
حَوَلْتُ(س) حَوْلاً عَیْنَهٗ: بھینگی ہونا۔
حَوَّلَهٗ تَحْوِیْلاً۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ زائل کرنا۔ حَوَّلَهٗ اِلَیْهِ: پلٹ دینا۔
حَوَّلَ الرَّجُلُ: منتقل ہونا۔ حَوَّلَ الارضَ: ایک سال کے بعد سے کاشت کرنا ـــــ الشَّیْءَ: محل بنانا( ـــــ واَحَالَ)العینَ: بھینگا کرنا۔
حَاوَلَهٗ مُحَاوَلَةً وحِوَالاً۔ حیلہ سے طلب کرنا ـــــ لہ البصرَ: تیز کرنا ـــــ الشَّیْءَ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔
اَحَالَ۔ اللّٰہ الحول: پورا کرنا ـــــ بالمکان: ایک سال قیام کرنا ـــــ الرَّجُلُ: محال بات کہنا ـــــ الشَّیْءُ: چند سال گزرنا۔
اَحَالَ الغَرِیْمَ بِدَیْنِهٖ عَلٰی آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔ صفت فاعلی (مُحِیْل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال علیه) مال کو (مُحَالٌ بہٖ) اور اس فعل کو (الحوالة) کہتے ہیں۔ اَحَالَ عَیْنَهٗ: بھینگی کردینا۔
اَحَالَ عَلَیْهِ المَاءَ مِنَ الدَّلْوِ: انڈیلنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَالَ عَلَیْهِ بالسَّوْطِ یَضْرِبُهٗ" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا۔ اَحَالَ فی ظَهْرِ الدابَّةِ: کود کر سوار ہونا۔ اَحَالَ الامرَ علٰی فلانٍ۔ کسی پر کسی کام کو منحصر کردینا۔
اَحْوَلُ۔ الصبیُّ: یک سالہ ہونا اور کہا جاتا ہے "ما اَحْوَلَهٗ وما اَحْیَلَه" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔ "وهُوَ اَحْوَلُ مِنْكَ واَحْیَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔
تَحَوَّلَ۔ عنه: پھر جانا ـــــ الرَّجُلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ـــــ فی الامر: حیلہ و مکر سے کام کرنا۔
اِحْتَالَ اِحْتِیَالاً۔ حیلہ کرنا ـــــ الشَّیْءُ: ایک سال کا ہونا ـــــ عَلَیْه بالدَّیْنِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔
اِحْتَوَلَه۔ القومُ: گھیر لینا۔
اِحْوَلَّتْ۔ عینُهٗ: بھینگی ہونا۔
اِحْوَالَّتِ۔ الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار اگنا۔
اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً۔ ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا ـــــ القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا ـــــ فلانٌ الشَّیْءَ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔
الحَال۔ کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر و مؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حالُ مَتنِ الفرسِ: گھوڑے کی پشت کا درمیان۔ ج اَحْوَال واَحْوِلَة۔
حَالَةٌ۔ الشیء: کیفیت۔ حالت۔ ج حالات۔ حَالاتُ الدَّهْرِ: زمانہ کی گردشیں۔
الحَوْل۔ سہ۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لَاحَوْلَ ولَا قوةَ اِلَّا باللّٰه" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیئت سے۔ ہوشیاری۔ دوربینی۔ سال۔ ج حُوْل واَحْوَال۔
الحَوْلِیُّ۔ یک سالہ بچہ۔ ج حَوْلِیَّات۔ اور اسی سے ہے "حَوْلِیات زُهَیْر" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم و ترتیب اور تہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔
الحِوَل۔ ہوشیاری۔ دوربینی۔ قدرت' تصرف زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لَاحِوَلَ عَنْه"
الحَوَل۔ بھینگا پن۔
حَوْلٌ وحَوْلِی وحَوَال وحَوَالِی۔ الشَّیْءُ او الشَّخْص: گرداگرد۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ حَوْلَه و حَوْلَیْه وحَوَالَه وحَوَالَیْه"
الحَوَال والحَوَلان والحُوْلان۔ تغیر و انقلاب۔
الحَوَالِیّ والحَوْل والحَوْلِیّ۔ حیلہ ساز۔ بہت سخت حیلہ گر۔
الحِوَال۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔
حِیَالُ۔ الشیء: مقابل۔ سامنے اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ کلٌ علٰی حِیَالِهٖ" ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا۔
الحِیْلَة والحَوْلَة۔ ہوشیاری۔ دوربینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل وحِوَل۔
الحُوْلَة۔ تعجب۔ امر منکر۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوْلَة" یعنی بہت حیلہ گر مرد۔
"وهٰذا مِنْ حُوْلَةِ الدَّهْرِ" یہ عجائبات زمانہ سے ہے۔
الحِوَل۔ بھینگا۔ بہت حیلہ گر۔
الحَوِیْل۔ گواہ۔ ضامن۔
الاَحْوَل۔ بھینگا۔ مؤنث حَوْلاء۔ ج حُوْلٌ۔
الحَائِل۔ فا۔ رنگ بدلا ہوا۔ یکسالہ۔ ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِمْرأة حَائِلٌ و نَخْلَة حَائِل" ج حُوْل و حُوَّل و حِیَال و حَوَائِل
الحَائِلَة۔ الحائل کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "ما فیهِ حَائِلَة" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔
المُحَال۔ مشکل۔ باطل۔ ٹیڑھا۔ غیر ممکن۔
المُحْوِل۔ یک سالہ بچہ۔
المُحِیْل۔ مِنَ النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔
المَحَالَة۔ ہوشیاری۔ تصرف کی قدرت۔ رہٹ۔ پیٹھ کا درمیان۔ ج مَحَال و مَحَاوِل۔ کہا جاتا ہے "لا مَحَالَةَ مِنَ الاَمْرِ" ضروری۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ المَحَالَة: رہٹ۔ بڑی چرخی۔
المِحْوَال۔ بہت محال باتیں کہنے والا۔
المُسْتَحِیْل۔ بیہودہ و لغو بات۔ بھرا ہوا۔ المُسْتَحِیْلَة والمُسْتَحالة مِنَ القِسِیِّ: ٹیڑھی کمان ـــــ مِنَ الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین۔
حَامَ(ن) حَوْمًا و حَوَمَانًا۔ علی الشَّیْءِ و حولَه: منڈلانا ـــــ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت (حَائِم) ج حُوَّم۔ مؤنث حَائِمَة۔ ج حَوَائِم و حُوَّم ( ـــــ حَوْمًا و حِیَامًا و حُوُوْمًا) حَوْلَ غَرَضِهٖ وعلیه: طلب کرنا۔
حَوَّمَ۔ فی الامر: کام میں لگا رہا۔
الحَوْم۔ اونٹوں کا بڑا گلہ۔
الحُوْم۔ شراب جو سر کو چکرا دے۔
حَوْمَة۔ القتالِ او البحر او الرملِ وغیر ذلک۔ بڑا حصہ۔ حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔
الحُوْمَة۔ بلور۔
حَوْمَلَ حَوْمَلَةً۔ پانی اُٹھانا۔
الحَوْمَل۔ صاف سیلاب۔ کالا بادل۔
تَحَوَّنَ۔ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔
حَوِیَ(س) حَوًی و اَحْوَوِی اِحْوِوَاءً و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِحْوَاوَیٰ اِحْوِیْوَاءً- سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا- صفت (اَحْوٰی) مؤنث حَوْاءُ ج حُوٌّ-

حَوَیٰ (ض) حَوَایَةً و حَیًّا- الشَّیْءَ : جمع کرنا- حَوَّاهُ تَحْوِیَةً- قبضہ کرنا-

تَحَوَّیٰ- سمٹنا- گول ہونا- الحَیَّةُ- کنڈلی مارنا- الشَّیْءَ- قبضہ کرنا-

اِحْتَوَیٰ اِحْتِوَاءً- الشَّیْءَ وعلیہ : جمع کرنا-

الحَاوِی- فا- سانپ کا منتر کرنے والا- مؤنث حَاوِیَةٌ ج حَاوِیَاتٌ و حَوَاوٍ-

الحَاوِیَاء- سمٹی ہوئی آنتیں ج حَاوِیَاءَات و حَوَاوٍ-

الحَوَاء و الحَوَاة- آواز-

الحَوِیُّ- استحقاق کے بعد مالک ہونے والا چھوٹا حوض-

الحِوَاء- قریب قریب گھروں کا مجموعہ- ج اَحْوِیَة-

الحَوِیَّة- الحوی کا مؤنث- سمٹی ہوئی آنتیں- چھوٹا حوض- کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اونٹوں کے کوہان کے اردگرد رکھتے ہیں- ج- حَوَایَا- اور اسی سے مثل ہے "اَلْمَنَایَا عَلَی الْحَوَایَا" اس شخص کیلئے جو موت کو خود ہی تلاش کرے-

الحَوَّاء- سانپوں کا جمع کرنے والا-

حَیْثُ- ظرفِ مکان- مبنی بر ضمہ- اور کہا جاتا ہے مِن هٰذِهِ (الحَیْثِیَّةِ) یعنی اس اعتبار سے- اور کبھی حیثُ زمان کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے-

حَاجَ (ض) حَیْجًا- محتاج ہونا-

اَحَاجَ و اَحْیَجَ- المکانُ : کانٹے اُگانا-

الحَاج- کانٹا- ایک قسم کا ترش پودہ-

حَادَ (ض) حَیْدًا و حَیَدَانًا و مَحِیْدًا و حَیْدَةً و حُیُوْدًا و حَیْدُوْدَةً- عَنِ الطَّرِیْقِ : الگ ہونا- ہٹ جانا-

حَیَّدَهٗ- گرہ پر کر دینا- حَیَّدَ السَّیْرَ : تسمہ میں گرہ لگانا-

حَایَدَ مُحَایَدَةً و حِیَادًا- علیحدہ ہونا-

الحَیْد- چیز کا اُبھرا ہوا حصہ- پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ- پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ- ج حُیُوْد و حِیَدة و اَحْیَاد (ـــــ و الحِیْد) مثل و نظیر-

الحَیْدَة- پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ-

الحَیْدَیٰ- متکبر کی چال-

الحَیْدَان- کنکری جو جانور کے چلنے سے اُڑے-

المَحِیْد- حاد کا اسم ظرف-

حَارَ (س) حَیْرًا و حَیْرَةً و حَیْرَانًا و حَیَرًا الماءُ : پانی کا اس طرح آتا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے- الرَّجُلُ : چکا چوند ہونا- راستہ گم کرنا- فی امرہ : حیران ہونا- صفت (حَیران) مؤنث حَیریٰ ج حَیَارٰی و حُیَارٰی-

حَیَّرَهٗ- حیرانی میں ڈالنا-

تَحَیَّرَ- الماءُ : بمعنی حَارَ الماءُ-

ـــــ المکانُ بالماء : بھر جانا ( ـــــ و اِسْتَحَارَ) حیرانی میں پڑنا- اِسْتَحَارَ المکانَ وبالمکانِ : چند دن کے لیے اُترنا ـــــ السحابُ : کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا-

الحَیْر- حِمٰی- باغ-

الحَیْر و الحِیَر- بمعنی اہل و مال- کہا جاتا ہے "لَآ آتِیْهِ حَیْرَ دَهْرٍ" میں اُس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا-

الحَارَة- محلہ-

الحَائِر- فا- پانی جمع ہونے کی جگہ- بلند کناروں والی نشیبی جگہ- ج حَوْزَان و حِیْزَان-

المَحَارَة- سیپی- ج مَحَارٍ- پانی جمع ہونے کی جگہ- المَحَارَتَان : سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں-

المِحْیَار- بمعنی حیران-

المُتَحَیِّرات- کواکب- سیارہ- واحد (متحیرہ)

المُسْتَحِیْر- فا- وہ راستہ جو جنگل کے عرض میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے- بھاری بادل جس کے لیے ہوا نہ ہو جو کہیں لے جائے-

حَازَ (ض) حَیْزًا- الابلَ : ہانکنا-

تَحَیَّزَ- الشیءُ : کسی ایک ہی جگہ میں محصر ہونا ـــــ الحَیَّةُ : کنڈلی مارنا-

الحَیِّز- دیکھئے مادہ ح و ز-

حَاصَ (ض) حَیْصًا- الشَّیْءَ : ہلانا

الحَبْلَ : بٹنا ( ـــــ و حَیِّص) الحَیْص : جیس بیس بنانا- کہا جاتا ہے "جِیْسَ حَیْصُهُم" ان کی ہلاکت قریب ہوئی-

الحَیْص- مہ- ایک قسم کا کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے- کچا کام- ردی کام-

المَحْیُوْص- وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں-

حَاشَهٗ (ض) حَیْشًا- گھبراہٹ میں ڈالنا-

حَاشَ هِنْهُ ـــــ الرَّجُلُ : جلدی کرنا-

الوادی : دور از ہونا-

تَحَیَّشَ- گھبرانا-

الحَیْشَان- بہت گھبرانے والا-

حَاصَ (ض) حَیْصًا و حِیْصَةً و حُیُوْصًا و مَحِیْصًا و حَیَصَانًا و اِنْحَاصَ و تَحَایَصَ عن کَذَا : الگ ہونا- ہٹ جانا کہتے ہیں- "مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سَلِمَ" جو برائی سے الگ رہا محفوظ رہا- وَقَعَ فِی حَیْصَ بَیْصَ اَوْ فِی حِیْصَ بِیْصَ" وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں-

حَالَصَهٗ- قریب دینا اور غلبہ کرنا-

الاَحْیَص- وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو-

دَابَّةٌ (حَیْوص) بدکنے والا جانور-

المَحِیْص- علیحدہ ہونے کی جگہ- بھاگنے کی جگہ-

الحَیْصَاء و المِحْیَاص- وہ عورت جس کی اندام نہانی تنگ ہو-

حَاضَتْ (ض) حَیْضًا و مَحِیْضًا و مَحَاضًا و تَحَیَّضَتْ- المرأةُ : ماہواری خون جاری ہونا- صفت (حائِض و حَائِضَة) ج حُیَّض و حَوَائِض-

حَیَّضَ- الماءَ : پانی بہانا-

الحِیَاض- حیض کا خون-

الحِیْضَة و المَحِیْضَة- حیض کا چیتھڑا-

حَیْعَلَ- المؤذنُ : حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہنا-

حَافَ (ض) حَیْفًا- علیه : ظلم کرنا- صفت (حَائِف) ج حُیَّف و حُیُف و حَافَة-

تَحَیَّفَ- الشَّیْءَ : کم کرنا- اطراف سے گھٹانا-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الحَائِف۔ فا۔ حَائِفُ الجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔
الحِيْفَةُ۔ گوشہ۔ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے۔ شکار کے واسطے بنایا ہوا جانور۔ ج حِيَف۔
الأَحْيَف۔ مِنَ الأَمْكِنَة: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو۔ مؤنث حَيْفَاء۔
حَاقَ (ض) حَيْقًا و حُيُوْقًا و حَيَقَانًا و أَحَاقَ إِحَاقَةً۔ بِهٖ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ حَاقَ بِهِمُ الأَمْرُ: لازم ہونا۔ واجب ہونا ـــــ بِهِمُ العَذَابُ: نازل ہونا ـــــ فِيْهِ السَّيْفُ: اثر کرنا۔ نشان ڈالنا۔ أَحَاقَ الشَّيْءَ بِكَذَا: گھیرا کرنا۔
حَايَقَهٗ مُحَايَقَةً۔ حسد کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بغض رکھنا۔
إِحْتَاقَ۔ عَلَى الشَّيْءِ: احتیاط کرنا۔
الحَيْق۔ بُرے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو۔
الحَيْقَل۔ بے فیض آدمی۔
حَاكَ (ض) حَيْكًا و حَيَكَانًا۔ متکبرانہ چال چلنا۔ صفت (حَائِك و حَيَّاك) مؤنث حَيَّاكَةٌ و حَيْكَانَةٌ و حَيْكَى ( ـــــ وأَحَاكَ) السَّيْفُ: کاٹنا السیف او الکلام فِيْهِ: اثر کرنا۔
إِحْتَاكَ إِحْتِيَاكًا۔ بِثَوْبِهٖ: لپٹنا۔ مِشْيَةٌ (حِيْكَى) متکبرانہ چال۔
حَالَ (ض) حُيُولًا۔ الشَّيْءُ: بدلنا الماءُ: وادی میں جمع ہونا۔
الحَيْل۔ قوۃ۔ وادی میں جمع شدہ پانی۔ ج أَحْيَال و حُيُول۔
الأَحْيَل و الأَحْوَل۔ بہت حیلہ کرنے والا۔
الحِيْلَة۔ ہوشیاری۔ دوربینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِيَل۔
الحَيْلَة۔ بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔ حیلہ گری۔
الحِيْلَان۔ غلہ گاہنے کا اوزار۔

حَانَ (ض) حَيْنًا و حَيْنُوْنَةً۔ الشَّيْءُ: وقت قریب ہونا ـــــ فلان: ہلاک ہونا۔ رنج و تکلیف میں پڑنا۔ توفیق سے محروم ہونا۔ حَانَ لَهٗ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا: وقت قریب آنا۔ السُّنْبُلُ: خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا۔
حَيَّنَهٗ۔ وقت و میعاد مقرر کرنا ـــــ اللّٰهُ فلانا: ہدایت کے لیے توفیق نہ دینا۔
حَايَنَهٗ۔ وقت معین کیلئے معاملہ کرنا۔
أَحْيَنَ إِحْيَانًا۔ الرَّجُلُ او الشَّيْءُ: وقت آنا ـــــ بالمكان: کچھ وقت کے لیے قیام کرنا۔
أَحَانَهٗ۔ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
تَحَيَّنَ۔ مِنْهُ غَفْلَةً: انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَحَيَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق و ہدایت سے محروم رہنا۔
إِسْتَحْيَنَ۔ وقت مناسب کی آرزو رکھنا۔
الحَان و الحَانَة۔ شراب فروشی کی دکان۔
الحَيْن۔ ہلاکت۔ رنج و محنت۔
الحِيْن۔ وقت۔ ج أَحْيَان۔ ج أَحايين۔
الحِيْنَة و المِحْيَان۔ وقت۔
الحَائِن۔ فا۔ بے وقوف۔
الحَائِنَة۔ مصیبت۔ ج حَوَائِن۔
حَيِيَ (س) حَيَاةً۔ زندہ رہنا۔ اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے۔ کہا جاتا ہے حَيَّ يَحَيَّ ( ـــــ حَيَاءً) منه: منقبض ہونا۔
الطَّرِيْقُ: ظاہر ہونا۔
حَيَّاه و تَحِيَّةً۔ حَيَّاكَ اللّٰهُ کہنا (یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا۔ حَيَّاهُ اللّٰهُ: باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمُرِهٖ" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔
حَايَا مَحَايَاةً۔ الصَّبِيَّ: غذا دینا ـــــ زيدًا: شرم دلانا ـــــ النَّارَ: بھڑکانا۔
أَحْيَاهُ۔ زندہ کرنا ـــــ النَّارَ: پھونک کر سلگانا ـــــ الأرضَ: سرسبز بنانا۔
الرَّائِدُ الأرضَ: گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا ـــــ اللَّيلَ: بیدار رہنا۔ (أَحْيَاه و اسْتَحْيَاه) زندہ چھوڑنا۔
اِسْتَحْيَا و اسْتَحْيَى۔ مِنْهُ: شرم کرنا۔
اِسْتَحْيَاهُ و اسْتَحْيَا مِنْهُ: منقبض ہونا۔ باز رہنا۔
حَيَّ و حَيَّ هَلَا و حَيَّهَل۔ اسم فعل بمعنی اَقْبِل و عَجِّل۔ کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة" یعنی نماز کے لیے آؤ۔ (حَيَّ هَلْ) بفلان: فلاں کو بلاؤ۔
الحَيَا و الحَيَاء۔ بارش۔ تروتازگی۔ نباتات۔
الحَيَا۔ شرم و حیا۔ کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا۔ بارش و تروتازگی۔ توبہ۔
الحَيَاة۔ زندگی۔
الحَيّ۔ زندہ۔ نسبت کے لیے (حَيَوِيّ) مؤنث حَيَّة۔ أَرْضٌ حَيَّة: سرسبز زمین۔ کہا جاتا ہے "لَا يَعْرِفُ الحَيَّ مِنَ اللَّيِّ" یعنی وہ بیوقوف ہے۔ الحَيّ: محلہ۔ عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ۔ ج أَحْيَاء۔
الحَيَّة۔ سانپ (مذکر و مؤنث) ج حَيَّات و حَيَوَات۔
الحَيَّوْت۔ نر سانپ۔
الحَيِيّ و الحَيِي۔ شرم ولانا۔
الحَيَوَان۔ جاندار۔ ج حَيَوَانات۔
المُسْتَحِيَّة۔ چھوئی موئی۔
المَحْيَا۔ وہ موقع جہاں شرم کی جائے۔ ج مَحَايَا۔ زندگی۔
المُحَيَّا۔ چہرہ۔
ارض (مَحْيَاة) بہت سانپوں والی زمین۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَبَّ (ن) خَبًّا۔ النباتُ : بلند ہونا۔ بڑھنا
ـــــ الرَّجُلُ :اپنی چیز کو روکنا۔ بخل کی وجہ سے بے نشان ہونے کیلئے پست زمین میں اُتر آنا (ـــــ خَبًّا و خَبِیبًا و اِخْتَبَّ) الفرسُ فی عَدْوِہٖ : گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر۔ (ـــــ خِبًّا و خَبَبًا) البَحْرُ :جوش مارنا۔
خَبَّ (س) خَبًّا و خِبًّا۔ مکار ہونا۔
خَبَّبَہٗ۔ دھوکا دینا۔ خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَّبَ عَلٰی فلانٍ صَدِیْقَہ" اُس نے فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا۔ خَبَّبَ لَحْمُہ : گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔
اَخَبَّ۔ الفرسَ :گھوڑے کو خَبَب چال چلانا (دیکھئے مصدر خَبَب)
الخَبُّ۔ مہ - دغا باز- فریبی- فساد- ریت کی دھاری- نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے درمیان ہو- ج خُبُوب۔ کہتے ہیں "اَصَابَتْھُم الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہوگئیں اور موجوں میں اضطراب ہوگیا۔
الخُبُّ۔ پست زمین- درخت کی چھال- ج خُبُوب و اَخْبَاب۔
الخَبَّۃ۔ مُثلثۃ الخاء : ریت یا بدلی کی دھاری- پٹی کی طرح دھجی۔ الخَبَّۃ :پانی کے جمع ہونے کی جگہ- وادی کا درمیانی حصہ- گوشت کا پارچہ-
ثوبٌ (خَبَبٌ و خَبَائِب و اَخْبَاب) پھٹے پرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت میں جمع لانا جائز ہے)
الخَبِیب۔ زمین میں لسباشگاف۔
الخَبِیبَۃ۔ ریت یا بدلی کی دھاری- گوشت کا پارچہ- وادی کا درمیانی حصہ- ج خَبَائِب۔
المَخَبَّۃ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔
خَبَأَ (ف) خَبْأً و خَبَأً۔ الشَّیْءَ :چھپانا- پوشیدہ کرنا-
خَابَأَہ۔ کسی سے چیستاں و پہیلی کہنا۔
اِخْتَبَأَ۔ منہ : چھپنا ـــــ الشَّیْءَ : چھپانا- کہا جاتا ہے "اِخْتَبَأَ لَہٗ خَبِیْأً" اس نے اس سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت کیا۔
اَلْخَبْءُ و الخَبِیْءُ۔ پوشیدہ- خَبْءُ الارض : نباتات- خَبْءُ السماء : بارش- کہتے ہیں "اَخْرَجَ خَبْءُ السَّمَاءِ خَبْءَ الارضِ" بارش نے نباتات کو اُگایا۔
الخِبَاء۔ اُون یا بالوں کا خیمہ- ج اَخْبِیَۃ۔
الخَبِیْئَۃ۔ پوشیدہ رکھی ہوئی چیز- ج خَبَایَا۔
الخَابِیَۃ و الخَایِیَۃ۔ مٹکا- ج الخَوَابِی و الخَوَابِی۔ بِنْتُ الخَابِیَۃ : شراب۔
الخُبَأَۃ۔ بہت پوشیدہ رہنے والی عورت۔
المَخْبَأ۔ چھپنے کی جگہ- ج مخابئ۔
خَبِثَ (ض) خَبَثًا۔ ذِکْرُہٗ : پوشیدہ ہونا- مخفی ہونا-
اَخْبَثَ۔ القومُ : کشادہ و پست زمین میں آنا
ـــــ الی اللّٰہ :عاجزی و فروتنی کرنا۔
الخَبْث۔ کشادہ و پست زمین- ج اَخْبَاث و خُبُوث۔
الخَبْثَۃ و الخِبْثَۃ۔ تواضع- عاجزی- فروتنی-
الخَبِیث۔ حقیر و فرومایہ و خبیث- کہا جاتا ہے "ھو خَبِیْثُ النفس" وہ شکستہ دل ہے-
خَبِثَ (ن) خُبْثًا و خَبَاثَۃً و خَبَالَۃً پلید و ناپاک ہونا- صفت (خَبِیْث) ج خُبُثٌ و خُبَثًا و اَخْبَاث و خَبَثَۃ- خَبُثَتْ نَفْسُہ : جی متلانا
ـــــ بالمرأۃ :زنا کرنا-
خَبُثَ (ک) خُبْثًا۔ روی ہونا- مکار ہونا- (ـــــ و اَخْبَثَ) بُرے لوگوں کے ساتھ رہنا-
و اَخْبَثَہ : بُرائی سکھلانا- خراب کرنا- بُرائی کی طرف منسوب کرنا-
خَبَّثَہٗ۔ خبیث بنانا ـــــ الطعامَ : کھانے کو ناگوار کردینا-
تَخَابَثَ۔ بُرائی ظاہر کرنا اور اس پر عمل کرنا-
تَخَبَّثَ۔ بتکلف شرارت کرنا-
اِسْتَخْبَثَ۔ بُرائی کرنا- شرارت کرنا ـــــ ہ :بُرا پانا-
الخَبَث۔ مِنَ الحدید و نحوہ۔ لوہے کا میل سونے یا لوہے کا کھوٹ- بے فائدہ چیز-
خَبَاثِ۔ بروزن قَطَامِ۔ خبیثۃ سے معدول ہے اور صرف ندا کی صورت میں عورت کو گالی دینے کے لیے آتا ہے جیسے "یا خَبَاثِ" اے بدکار عورت-
خُبَثُ۔ خبیث' سے معدول ہے اور یہ بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے کے لیے آتا ہے۔ جیسے "یا خُبَثُ" یعنی اے بدکار مرد-
الخَبِیْث۔ ناپاک- گھٹیا- ناپسندیدہ چیز- ہر حرام چیز- ہر خراب چیز- ج خُبُث و خُبَثاء و اَخْبَاث و خَبِیْثَۃ۔ مؤنث خَبِیْثَۃ- ج خَبِیْثَات و خَبَائِث۔
الخَبَائِث۔ بُرے افعال- وہ چیزیں جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے نہیں تھے۔ جیسے سانپ و کبریلا وغیرہ-
الاَخْبَثَانِ۔ پیشاب' پاخانہ-
الخِبِّیث۔ بڑا بدکار- بڑا شریر-
الخِبِّیثَی۔ بُرائی- پلیدی-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خبر

المَخْبَثَة- سبب فساد- کہا جاتا ہے : الکفر مَخْبَثَةٌ لِنَفْسِ المُنْعِم "ناشکری منعم کی طبیعت کے لیے باعث فساد ہے۔

خَبَجَهٗ (ن) خَبْجًا- بالعصاء : لاٹھی سے مارنا ـــــ الرَجُلُ :گوز کرنا۔

الخَبِج و الخَبَاجَاء :بیوقوف۔

الخَبَج و الخُبَاج :گوز۔

خَبْخَبَ- الرَجُلُ : ڈھیلے پیٹ والا ہونا ـــــ ہ :بیوفائی کرنا۔

تَخَبْخَبَ- الشئُ المضْطَرِبُ :ڈھیلا ہونا ـــــ بَدَنُه :موٹاپے کے بعد دبلا ہونا۔

الحرُّ :گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔

الخُبْدُع- مینڈک۔

خَبَرَ(ن) خُبْرًا و خِبْرَةً- الشَّئَ : آزمانا- تجربہ سے جاننا۔

خَبَرَ (ن) خُبْرًا- الارضَ : کھیتی کیلئے جوتنا ـــــ الطعامَ :مرغن کرنا۔

خَبُرَ (ک) و خَبَرَ (ف) خُبْرًا و خِبْرًا و خُبْرَةً و خِبْرَةً و مَخْبُرَةً و مَخْبَرَةً- الشَّئَ و بِهٖ : حقیقت حال سے واقف ہونا۔

خَبَّرَهٗ و اَخْبَرَهٗ- الشَّئَ و بِالشَّئِ : آگاہ کرنا- خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْبَرَهٗ خُبُوْرَهٗ" یعنی اُس نے اطلاع دی ہر اُس چیز کی جو اس کے پاس تھی۔

خَابَرَهٗ- بٹائی پر کھیت جوتنا- پروا کرنا۔ بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

تَخَابَرَ- ایک دوسرے کو خبر دینا۔

تَخَبَّرَ- الامرَ : حقیقت حال سے واقف ہونا۔

تَخَبَّرَهٗ و اِسْتَخْبَرَهٗ- خبر دریافت کرنا۔ تَخَبَّرَ القومُ : بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔

اِخْتَبَرَ- الشَّئَ : آزمانا- حقیقت حال سے واقف ہونا ـــــ لِاَهْلِهٖ :اپنے گھر والوں کے لیے کھانا لینا۔

الخَبْر- بڑا توشہ دان- زیادہ دودھ والی اُونٹنی- کھیتی- پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ- بیری یا اراک کا درخت اور اس کے اردگرد کی گھاس-

واحد (خَبْرَة) ج خُبُوْر-

الخِبْر- مہ- بڑا توشہ دان- زیادہ دودھ والی اُونٹنی-

الخُبْر- مہ- علم- تجربہ- آزمائش- کہا جاتا ہے "صَدَّقَ الخبرَ الخُبْرِ" آزمائش نے خبر کی تصدیق کر دی- رَجُل خُبْرٌ و خَبِرٌ : خبر کا جاننے والا-

الخَبَر- خبر ج اَخْبَار و اَخَابِيْر-

الاَخْبَارِي- تاریخ کی تدوین کرنے والا مؤرخ-

الخَبْرَاء- بڑا توشہ دان- بیری کے درختوں کو اگانے والی زمین- ج خَبَارَىٰ و خِبَارٍ و خَبْرَاوَات-

الخُبْرَة- مہ- بکری جس کو لوگ مختلف قیمت دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کرلیں اور ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے- زیادہ ثرید- خوراک وغیرہ جو اہل و عیال کیلئے خریدی جائے- کہا جاتا ہے "اِجْتَمَعُوْا اعلٰى خُبْرَتِهٖ" وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہو گئے- سالن

الخِبَار- نرم زمین- جڑیں- واحد (خِبَارَة)

الخَبِيْر- واقف- آگاہ- دانا- کسان- ج خُبَرَاء

کھیتی- اُونٹ کے بال- گرے ہوئے بال- واحد (خَبِيْرَة) ج خبائر- الخَبِيْر : اُونٹ کے مُنہ کی جھاگ-

الخَبُور- شیر-

الخَابُوْر- ایک درخت کا نام- راس العین اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام-

المَخْبَر و المَخْبَرَة و المَخْبُرَة- آگاہی جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو-

الخَيْبَرِيُّ- کالا سانپ-

الخَبَر جَلْ- کلنگ-

خَبَزَ (ض) خَبْزًا- الخُبْزَ : روٹی پکانا- القومَ : روٹی کھلانا- کہا جاتا ہے "خَبَزْتُهُمْ و تَمَرْتُهُم" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی-

خَبَزَهٗ و تَخَبَّزَهٗ- مارنا- کہا جاتا ہے- "خَبَطَنِيْ بِرِجْلِهٖ و خَبَزَنِي" اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا-

اِنْخَبَزَ- المكانُ :پست ہونا-

اِخْتَبَزَ- الخُبْزَ : روٹی پکانا-

الخُبْز- روٹی- خُبْز الغُراب : ایک قسم کی نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیاں نکلتی ہیں-

الخَبَز- پست جگہ-

الخَابِز- فا- روٹی والا-

الخَبِيْز- پکی ہوئی روٹی- ثرید-

الخِبَازَة- نانبائی کا پیشہ-

الخَبَّاز- نانبائی-

الخُبَّازَى و الخُبَّاز و الخَبِيْزَة و الخَبَّازَة- خُبازی (ایک دوا کا نام)

خَبَسَ (ن) خَبْسًا و اِخْتَبَسَ و تَخَبَّسَ- الشَّئَ - لے لینا- غنیمت حاصل کرنا- کہا جاتا ہے "خَبَسَ فلانًا حَقَّه" فلاں نے اس کے حق کو مار لیا- اِخْتَبَسَ مالَه :جاتا رہنا-

الخَابِس و الخَبَّاس و المُخْتَبِس- شیر-

الخَبُوْس- شیر- ظلم کرنے والا-

الخُبَاسَة- وہ چیز جو ظلماً لی جائے-

( ـــــ و الخُبَاسَاء) غنیمت-

خَبَشَ (ن) خَبْشًا و تَخَبَّشَ- الاشیاءَ من هٰهُنَا و هٰهُنَا :اِدھر اُدھر سے جمع کرنا-

الخَبَّاش- کمائی کرنے والا-

خُبَاشَاتٌ- العَيْش : زندگی بسر کرنے کی چیزیں جیسے کھانا کپڑا وغیرہ- خُبَاشَاتُ النَّاسِ : مختلف قوموں کی جماعت-

خَبَصَ (ض) خَبْصًا- الشَئَ بِالشَّئِ :ملانا ( ـــــ خَبَّصَ و تَخَبَّصَ و اِخْتَبَصَ) کھجور اور گھی کا حلوا بنانا- اِخْتَبَصَ الرَجُلُ : اپنے لیے کھجور اور گھی کا حلوا بنانا- کھجور گھی کا حلوا کھانا-

الخَبِيْص و الخَبِيْصَة- کھجور اور گھی کا حلوا-

المِخْبَصَة- کڑھائی میں حلوے کو اُلٹنے پلٹنے کا چمچہ-

خَبَطَهٗ (ض) خَبْطًا- زور سے مارنا-

الشَّئَ : سخت روندنا ـــــ اللَيلَ : ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا- کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" وہ رتوندی والی اُونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے- یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے "و ما اَدْرِي اَنّٰى خَابِطٌ لَيْلٍ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کون ہے۔

ـــــ الشَّیْطَانُ زَیْدًا : دیوانہ کردینا ـــــ ہ بخیر : بغیر جان پہچان کے دینا۔ البَعِیْرَ : مُنہ کی چوڑائی میں لمبا داغ لگانا ـــــ الشجرۃَ : پتے جھاڑنا۔

خُبِطَ زکام ہونا۔ صفت (مخبوط)

تَخَبَّطَهٗ - زور سے مارنا ـــــ الشیطانُ زیداً : دیوانہ کردینا ـــــ البلاءُ : فتنہ وفساد و لوٹ مار واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیءَ : روندنا۔

اِخْتَبَطَهٗ - زور سے مارنا ـــــ زَیْدًا : بغیر کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِخْتَبَطَتِ البلاءُ : فتنہ و فساد واقع ہونا۔

الخَبَط - درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر گرائے جائیں۔

الخَبْطَة - زکام - تالاب یا برتن کا بقیہ پانی - مشک میں بقیہ دودھ - حقیر چیز، دیوانگی - ج خِبَطٌ و خُبَطٌ۔ کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ خَبْطَةٌ مِنَ الجَمَال" اس کے اوپر جمال و خوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔

الخِبْطَة - ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "کانَ ذٰلک بعد خَبْطَةٍ مِنَ اللَّیْلِ" یہ رات کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَةُ مِنَ المَاء : پانی کا گھونٹ - ج خِبَط۔

الخَبَاط - غبار۔

الخِبَاط - چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ - ج خُبُط۔

الخُبَاط - دیوانگی۔

الخَبُوْط و الخَبِیْط و الاَخْبَط - مِن الخَیْل : زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔

الخَبِیْط - حوض جس کو اُونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو - دہی جس میں تازہ دودھ ڈال کر ملا جلا دیا گیا۔

المِخْبَط و المِخْبَطَة و المِخْبَاط - پتے جھاڑنے کا ڈنڈا - دھوبی کی موگری۔

خَبَعَ (ف) خَبْعًا - فی المکان : داخل ہونا ـــــ الشَّیْءَ : چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جاریَة خُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔ ( ـــــ خُبُوْعًا) الصبیُّ : روتے روتے سانس رکنا۔

خَبَقَ (ض) خَبْقًا - گوز کرنا ـــــ ہ : اپنے سے حقیر جاننا۔

تَخَبَّقَ - الشیءُ : بلند ہونا۔

الخَبَقَّی - بہت کودنے والا مرد - تیز رفتار گھوڑا۔

خَبَلَهٗ (ن) خَبْلاً و خَبَّلَهٗ - خراب کرنا - بگاڑنا ـــــ ہ الحزنُ : عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَه" محبت نے اس کے دل کو تباہ کر دیا ـــــ یدَه : لنجا کرنا ـــــ ہ عن کذا : روکنا - منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن فِعْلِ اَبِیْهِ" اس نے اپنے باپ کے رویہ سے کوتاہی کی۔

خَبِلَ (س) خَبَلاً و خَبَالاً - جنون لاحق ہونا۔ صفت (خَبِلٌ و اَخْبَلُ) خَبِلَتِ الیَدُ : لنجا ہونا۔

اَخْبَلَهٗ - ناقۃً : عاریت پر دینا۔

اِخْتَبَلَهٗ - عقل کو خراب کرنا۔ اِخْتَبَلَتِ الدَّابَّةُ : جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔

تَخَبَّلَتِ الیدُ : لنجا ہونا۔

اِسْتَخْبَلَهٗ - الابلَ - عاریت پر مانگنا۔

الخَبْل - مہ - قرض - منگنی - فتنہ ( ـــــ والخِبْل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول۔

الخَبْل - ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دَهْرٌ (خَبِیْلٌ) بگڑا ہوا زمانہ۔

الخَبَال - فساد - نقصان - ہلاکت - زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبَالٌ عَلٰی اهلِهٖ" وہ اپنے لوگوں کے لیے بوجھ ہے۔

الخَبَابِل - فساری - شیطان - جن۔ کہا جاتا ہے۔ "مَسَّهُ الخَابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔

الخَابِلان : رات دن۔

المُخَبِّل - فامُخَبِّل - بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔

المُخَبَّل - دیوانہ - تھڑدلا - وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔

خَبَنَ (ض) خَبْنًا و خِبَانًا - الثوبَ : موڑ کر سینا ـــــ الشاعِرُ : شعر میں خَبْن واقع کرنا (دیکھئے الخَبْن) ( ـــــ و اَخْبَنَ) الطَّعَامَ : کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

اِخْتَبَنَ - الشَّیْءَ : کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

الخُبْنَة - کپڑے کی تہ - خوراک جو دامن کی تہ میں لے جائے - ج خُبَن۔

الخَبْن - فی العروض : علمِ عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُن۔ رجلٌ (خُبُنٌّ) مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔

خَبَا (ن) خَبْوًا و خُبُوًّا - خبت النارُ او الحِدَّةُ : بجھنا - دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَهُبُه" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔

اَخْبَی - النارَ : آگ بجھانا۔

خَبَی - الشَّیْءَ : چھپانا۔

اَخْبَی و خَبَّی و تَخَبَّی و اِسْتَخْبَی - الخباءَ : خیمہ لگانا۔ اِسْتُخْبِیَ الخباءَ : خیمہ میں داخل ہونا۔

الخِبَاء - اُون یا اُونٹ کے بالوں کا خیمہ - بالی میں جو یا گیہوں کا چھلکا - کلی کا غلاف ج اَخْبِیَة۔

خَتَّ (ن) ختًّا - السِنانُ الیه : برچھا یا نیزہ مارنا۔

اَخَتَّه - حصّہ کم کرنا۔ اَخَتَّ الرَّجُلُ : باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔

الخَتَت - بدن کی سستی۔

الخَتِیْت - گھٹیا، ناقص۔

خَتَاهُ (ف) خَتْأً - عن کذا : روکنا - منع کرنا۔

اِخْتَتَأَ - خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا ـــــ مِنْ فُلَانٍ : شرم، ریاضت کی وجہ سے چھپنا ـــــ لهٗ : فریب دینا ـــــ الشَّیْءَ : اُچک لینا۔

مفازۃ (مُخْتَتَنَةٌ) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔

خَتَرَه (ض) خَتْرًا - بُری طرح سے بیوفائی کرنا۔ صفت (خَاتِرٌ و خَتَّارٌ و خَتِیْرٌ و خَتُوْرٌ و خَتِیْرٌ) ـــــ (ن ض) خَتْرًا و خُتُوْرًا - نفسُهٗ : جی بگڑنا۔

خَتِرَ (س) خَتَرًا - زہریا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔

تَخَتَّرَ - سست و ڈھیلا ہونا - مرض وغیرہ کی وجہ سے سست ہونا۔

خَتَّرَهٗ - الشرابُ : بے حس کر دینا۔

خَتْرَبَهٗ - کانٹا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

خَتْرَشَهٗ - الجَرادُ : ٹڈیوں کے کھانے کی آواز۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَثْرَفَهُ۔خَثْرَفَةً :مارنا اور کاٹنا۔
خَثْرَمَ خَثْرَمَةً۔عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔
خَتَعَ(ف)خَتْعًا وخُتُوْعًا۔الدلیلُ بالقوم : اندھیرے میں راہبری کرنا ـــــ علی القوم : اچانک آجانا۔( ـــــ وانْخَتَعَ) فی الارض : دُور تک نکل جانا۔
الخَوْتَع والخَتِع والخُتَع۔ماہر راہبر۔
الخَوْتَع : خرگوش کا بچہ۔الخُتَع :بجو۔الخُتَعَة : مادہ چیتا۔
الخِتَاع۔چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے بچوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔
خَتْعَرَ خَتْعَرَةً۔نیست و نابود ہونا۔
الخَتْعَثُوْد۔بدخو عورت۔تپتی ہوئی ریت۔ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم نہ رہے اور نیست و نابود ہو جائے۔تر مرے (یعنی وہ جو سخت گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُڑتا ہوا معلوم ہوتا ہے) بے وفا۔دنیا۔بھیڑیا۔بھوت۔ سختی۔شیطان۔شیر۔مصیبت۔دور کی مسافت۔ ایک قسم کا کیڑا جو پانی پر ہر وقت اِدھر اُدھر پھرتا رہتا ہے۔
خَتَلَهُ (ن ض) خَتْلاً و خَتَلاناً و خَاتَلَهُ مُخَاتَلَةً۔ فریب دینا۔ کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصیادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو۔صفت (خَاتِل و خُتُول)
تَخَاتَلُوا۔باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِخْتَتَلَ۔لِاَسْرارِ الْقَوْمِ :چوری سے سننا۔
اِخْتَتَلَ الرجلَ :فریب دینا۔
الخِتل۔چھپنے کی جگہ۔خرگوش کا سوراخ۔
الخَوْتَل۔خوش طبع دانا مرد۔
الخَتَّال۔بڑا فریبی۔مؤنث خَتَّالَة۔
خَتَلَعَ۔الرَّجُلُ خَتْلَعَةً : دیہات کی طرف نکلنا۔
خَتْلَمَ۔الشَّیْءَ :خفیہ طریقہ سے لینا۔
خَتَمَ(ض)خَتْمًا و خِتَامًا۔الشَیءَ وعلیه : مہر لگانا ـــــ العملَ : ختم کرنا ـــــ الکتابَ : پوری پڑھ لینا ـــــ الاناءَ : مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَیْكَ بَابَهُ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا ـــــ اللّٰهُ لَهُ بالخیر : اچھا انجام کرنا ـــــ علی قلبه : بے سمجھ کر دینا ـــــ الزَّرْعَ وعلیه : پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔
خَتَّمَ۔اچھی طرح ختم کرنا۔خَتَّمَهُ : انگوٹھی پہنانا۔
اَخْتَمَ۔خاتمہ پر پہنچنا۔
تَخَتَّمَ۔الخاتمُ به : انگوٹھی پہننا۔کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بالعَقِیْقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی ـــــ بامرِهٖ : چھپانا ـــــ عنه : غفلت برتنا اور چپ رہنا۔عمامہ باندھنا۔کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمَامَتِهٖ" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔
اِخْتَتَمَهُ۔پورا کرنا۔
اَلْخَتْم۔مہر۔شہد۔
الخَاتَام۔انگوٹھی۔مہر۔ج۔خَوَاتِیم۔
الخَاتَم والخَاتِم۔ ج خَوَاتِم و خُتُم : انگوٹھی۔ مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔
الخَاتِمَة۔الخَاتِم کا مؤنث۔انجام۔نتیجہ ج خَوَاتِم و خَاتِمَات۔
الخَتَم۔انگوٹھی۔
الخِتَام۔مُہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مُہر لگائی جائے۔ج خُتُم۔
المُخَتَّم۔مِنَ الخیل : گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔
خَتَنَ(ن ض)خَتْنًا۔الشَّیْءَ :کاٹنا۔
ـــــ الصبیَّ :ختنہ کرنا۔صفت مفعولی۔(خَتِیْنٌ و مَخْتُوْنٌ) عَامٌ مَخْتُوْنٌ : خشک سال۔ و خَتَنَ الرجلَ :فریب دینا۔
خَتَنَهُ(ن) خُتُوْنًا و خُتُوْنَةً و خَاتَنَهُ۔داماد بنانا۔
خاتَنَ الرجُلَ :فریب دینا۔
اِخْتَتَنَ۔الصبیُّ :ختنہ شدہ ہونا۔
الخِتَان و الخِتَانَة۔ختنہ۔ الختانة : ختنہ کرنے کا پیشہ۔
الخَتَن۔عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد۔ج اَخْتَان۔
الخَتْنَة۔الختن کا مؤنث۔ساس۔
الخَاتُوْن۔ بیگم۔ معزز عورت کا لقب۔ ج خَوَاتِیْن (کلمہ عجمی ہے)
خَتَا یَخْتُوْ خَتْوًا۔غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔خَتَاه :روکنا۔
اَخْتَی۔المتاعَ :ایک ایک کر کے بیچنا۔
اِخْتَثَی اِخْتِثَاءً۔مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
خَثَّثَ۔الشَّیْءَ :جمع کرنا اور درست کرنا۔
اِخْثَثَّ۔شرم کرنا۔
الخُثُّ۔سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔یا خشک شدہ کائی۔
الخَثَّة و الخُثَّة۔ آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔
خَثَرَ (ن) خَثْرًا و خُثُوْرًا و خَثَرانًا و خَثِر (س) خَثَرًا و خَثُر (ک) و تَخَثَّرَ اللبنُ : گاڑھا ہونا۔دہی بننا۔صفت (خَاثِر)
خَثِرَت (ض) خَثْرًا۔ نفسُ الرجل : جی متلانا۔ مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَیْقَظَ فلانٌ خَاثِرَ النَّفْسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا۔
خَثِرَ (س) خَثَرًا۔شرم کرنا۔
خَثَّرَ و اَخْثَرَ۔اللبنَ :گاڑھا کرنا۔
اَخْثَرَ الزبدَ :مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا۔اور امثلہ عرب میں سے ہے "ما یدری اَیَخْثِرام یَذِیْبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔
الخَاثِرَة۔جماعت۔
الخُثَار۔دسترخوان کا باقی ماندہ۔
الخُثَارَة۔چیز کا باقی ماندہ حصہ۔دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے۔کہا جاتا ہے "ذَهَبَ صَفْوُهٗ وَ بَقِیَتْ خُثَارَتُه" اس کا خالص حصہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔
تَخَثْعَمَ۔خون سے آلودہ ہونا۔
الخَثْعَمُ والمُخَثْعَم۔شیر۔
الخَثْعَمَة۔جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔
الخَثْلَة و الخَثَلَة۔مِنَ البطن : پیڑو۔کہا جاتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہے "طَعَنَه فی خَثْلَة بَطْنِه" اس نے اس کے پیٹ پر نیزہ مارا۔ ج خَثْلات و خَثَلات۔ الخَثْلة۔ موٹی عورت۔

خَثِمَ (س) خَثَما۔ موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (خَثِم واَخْثَم) خَثِمَتْ اَخْلافُ النَّاقَة: اُونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔

خَثَمَ (ن) خَثْمًا۔ اَنْفَه: کچل دینا۔

خَثَّمَ۔ الشَّیءَ: چوڑا کرنا۔

الخُثْمَة۔ ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔

خَثَی (ض) خَثْیًا۔ البقر: گوبر کرنا۔

الخِثْی۔ گوبر۔

خَجَّ (ن) خَجًّا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا ـــــ الحَطَبَ: پھاڑنا۔ چیرنا ـــــ برجله: پاؤں سے خاک اُڑانا ـــــ بِسَلْجِه: پاشنہ کرنا۔ ساعُده: گٹھا ہوا ہونا ـــــ المرأة: جماع کرنا۔

اِخْتَجَّ۔ الجملُ: بیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا۔

ریح (خُجُوْج) تیز ہوا۔

خَجَأَ (ف) خَجَأً۔ الرَّجُلُ: چھپ کے گھر میں داخل ہونا ـــــ اللَّیْلُ: ـــــ ہ: مارنا۔ المرأة: جماع کرنا۔

خَجِیَ (س) خَجَأً۔ شرم کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

اَخْجَأَه۔ سوال میں اصرار کرنا۔

تَخَاجَأَ۔ دیر لگانا۔

الخُجَأَة۔ موٹا و سست۔ بیوقوف۔

الخَجَر۔ کھانسی کی بدبو۔

الخَجِرّ۔ بہت کھانے والا۔ بزدل۔

الخَاجِر۔ دامن پھاڑ میں پانی بہنے کی آواز۔

الخَجْف و الخَجِیف۔ اوچھا پن۔

خَجِلَ (س) خَجَلًا۔ شرم سے سرگشتہ و بے خود ہونا۔ صفت (خَجِل و خَجْلان) ـــــ الثوبُ: کپڑے کے نیچے کا حصہ پھٹنا اور کشادہ ہونا۔

ـــــ النَّباتُ: بہت اور گنجان ہونا۔ صفت (خَجِل) ـــــ البعیرُ بالحَمْل: بوجھل ہونا ـــــ بأمرِه: مشتبہ ہونا ـــــ مِن کَذا: زچ ہونا ـــــ فی طلب الرزق: ـــــ سست ہونا۔

خَجَّلَهٗ وَاَخْجَلَهٗ۔ شرمندہ کرنا۔ وَاَخْجَلَ النَّباتُ: لمبا و گنجان ہونا۔

الخَجِل۔ مذ۔ شرم۔

خَجِیَ (ض) خَجْیًا۔ الغرابَ برِجْلِه: پاؤں سے خاک اُڑانا۔

خَجِیَ (س) خَجًا۔ شرم کرنا۔

خَدَّ (ن) خَدًّا۔ فیه الضربُ: بدھی پڑنا ـــــ الارضَ: کھودنا۔

خَدَّدَ تَخْدِیْدًا۔ لَحْمُه: ڈھلا ہو کر جھری پڑنا ـــــ لَحْمَه: ڈھلا کرنا۔

خَادَّهٗ مُخَادَّةً۔ کام میں مزاحم ہونا۔

تَخَادَّا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

تَخَدَّدَ۔ لحمُه: لاغری سے جھری دار ہونا ـــــ القومُ: فرقے فرقے ہونا۔

الخَدُّ۔ چھوٹی ندی۔ طریقہ۔ لمبا گڑھا۔ لوگوں کی جماعت۔ ج اَخِدَّة و خِدَاد و خِدَّان۔ الخِدُّ مِنَ الوجه: رخسارہ۔ ج خُدُوْد۔

الخُدَّة۔ لمبا گڑھا۔ ج خُدَد۔

الأُخْدُوْد۔ لمبا گڑھا۔ ج۔ اَخَادِیْد۔ الاَخادِیْد: کوڑے کے مارنے کے نشانات۔ اور اسی سے ہے اَخَادِیْد الاَرْشِیَة فی البِئْر: کنوئیں میں رسّی کھینچنے کے نشانات۔

المِخَدَّة: چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں۔ سرہانہ۔ مل کا پھار۔

المِخَدَّان۔ دونوں کچلیاں۔

خَدَبَ (ن) خَدْبًا۔ جھوٹ بولنا ـــــ ہ بالسَّیف: تلوار سے مارنا۔

ـــــ ہ الحَیَّةُ: ڈسنا۔

تَخَدَّبَ۔ درمیانی چال چلنا۔

الخَدَب۔ لمبائی۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِه خَدَب" اس کی زبان میں اوچھا پن اور حماقت ہے۔

الخَدِب و الأَخْدَب۔ بیوقوف۔ لمبا۔ جلد باز۔

سیفٌ خَدِبٌ: تلوار قاطع۔

طَعْنَةٌ اَوْ حَزْبَةٌ خَدِبَةٌ وَخَدْبَاءُ: سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار۔

الخُدْبَة۔ لمبائی۔

الخَدَّاب۔ بڑا جھوٹا۔ دِرْعٌ (خَدْبَاءُ) کشادہ زرہ۔ الخَدْبَاء: ہردہ جانور جو کٹ کھنا ہو۔

خَدَجَتْ (ن ض) خِدَاجًا و اَخْدَجَتْ الدابةُ: ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (خادِج و مُخْدِجٌ) و صفت مفعولی خَدِیْج و خَدُوْجٌ و مُخْدَج) اور خَدُوْج کی جمع خُدُوج و خِدَاج و خَدَائِج۔ اَخْدَجَ الشیءُ: گھٹنا ـــــ صلوٰۃ نماز میں کچھ کمی کر دینا۔

خَدَّجَتِ النَّاقَةُ: ناتمام بچہ گرانا۔

الخِدَاج۔ نقصان۔

خَدِرَ (س) خَدَرًا۔ العضوُ: سُن ہونا ـــــ العینُ: خارش یا تنکا پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا ـــــ الحَرُّ او البَرْدُ: سخت ہونا ـــــ النهارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا۔

خَدَرَ (ن) خَدْرًا۔ متحیر ہونا ـــــ الظبیُ: ریوڑ سے پیچھے رہ جانا ـــــ الأَسَدُ فی عرینه: ماند میں رہنا ـــــ بالمکان: اقامت کرنا ـــــ وخَدَّرَ واَخْدَرَ) النبتَ: پردہ میں رکھنا خَدَّرَ وَاَخْدَرَ العُضْوَ: سُن و بے حس کر دینا۔ اَخْدَرَ بالمکان: اقامت کرنا ـــــ مع اهله: اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا ـــــ الاسدُ: جھاڑی میں رہنا ـــــ الاسدَ عرینُه: کچھار کا شیر کو چھپا لینا۔

تَخَدَّرَ وَاخْتَدَرَ۔ چھپنا۔

الخَادِر۔ سست کاہل۔ حیران۔

الخِدْر۔ پردہ جو لڑکی کے لیے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے۔ لڑکی کیلئے مکان کا مخصوص حصہ۔ شیر کی جھاڑی۔ رات کی تاریکی ج اَخْدَار و خُدُوْر۔ ج اَخَادِیْر۔

الخَدَر۔ عضو کی بے حسی۔ کاہلی، سستی۔ تاریکی۔ اندھیری جگہ۔

الخَدِر۔ بے حس عضو والا۔ لَیْلٌ خَدِرٌ: تاریک رات۔ مکانٌ خَدِرٌ: پوشیدہ اندھیری جگہ۔ نهارٌ خَدِرٌ: نمناک دن۔

الخِدْلر۔ شیر کی جھاڑی۔

الخُدْرَة۔ سخت تاریکی۔

الاَخْدَر و الخُدَارِیُّ۔ تاریک رات

الخُدَارِیُّ: کالا بادل۔

الخُدَارِیَّة۔ عقاب۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الأَخْدَر والخُدْرِيّ والأَخْدَرِيُّ. ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
هَوْدَجٌ (مَخْدُوْر) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخَدْزَنى۔ مکڑی۔
الخَدْزَق۔ نر مکڑی۔ اور بقول بعض بڑی مکڑی۔ ج خَدَارِن۔
خَدَشَهٗ (ض) خَدْشًا و خَدَّشَهٗ۔ خراش لگانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ عیب لگانا۔
الخَدْش۔ مہ۔ خراش۔ ج خُدُوْش و خِدَاش و اخْدَاش۔
الخَدُوش۔ بہت خراش لگانے والا۔ پسو۔ مکھی۔
المُخَادِش و المُخَدِّش۔ بلی۔
المُخَدَّش۔ انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔
خَدَعَه (ف) خِدْعًا و خَدْعًا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا ـــــ الضَّبُّ فی حُجرہ: داخل ہونا ـــــ المطرُ: کم ہونا ـــــ الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ داد و دہش سے رُکنا ـــــ السوق: بازار کا ماند پڑنا۔ رائج ہونا (ضد) ـــــ الامورُ: مختلف ہو جانا ـــــ الشمسُ: غائب ہونا ـــــ الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔
ـــــ الشیءُ: خراب ہونا ـــــ الثوبَ: موڑنا۔
ـــــ الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا۔
اَخْدَعَه۔ دغا بازی پر اُکسانا ـــــ الشَّیءَ: چھپانا پوشیدہ کرنا۔
خَادَعَهٗ مُخَادَعَةً و خِدَاعًا و اِخْتَدَعَهٗ و تَخَدَّعَهٗ۔ دھوکا دینا۔ خَادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا۔ تَخَدَّعَ لَهٗ: بتکلف مدد کرنا۔
تَخَادَعَ۔ فریب خوردہ ظاہر کرنا ـــــ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِنْخَدَعَ۔ فریب خوردہ ہونا۔ دھوکے پر راضی ہونا ـــــ بِهٖ: دھوکا کھا جانا ـــــ السوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔
الخَدِیْعَة۔ ج خَدَائِع و (الخُدْعَة والخِدَاع) فریب۔ دھوکا۔ مکر و حیلہ۔
الخُدْعَة۔ لوگوں کو دھوکا دینے والا۔

الخُدْعَة و الخُدَّاع و الخَیْدَع۔ بہت دھوکا دینے والا۔ سَنَةٌ خُدَّاعَة: کم پیداوار والا سال۔
الخَادِع۔ فا۔ طَرِیقٌ خَادِعٌ۔ راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ دینار خَادِعٌ: کھوٹا دینا۔
الخَادِعَة۔ مؤنث۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ۔ مکان کے اندر کوٹھری۔
الأَخْدَع۔ اسم تفضیل۔ الأَخْدَعَان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لَأُقِیْمَنَّ اَخْدَاعَیْكَ" میں تمہارے تکبر کو دور کر دوں گا۔ و "فلانٌ شَدِیْدُ الأَخْدَعِ" فلاں بڑا گردن کش ہے۔ ج اَخَادِع۔
الخَیْدَع۔ وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو۔ چمکتی ہوئی ریت۔ فریب دینے والا بھیڑیا۔
الخَدُوْع۔ بہت فریب دینے والا۔
طَرِیقٌ خَدُوْعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ ج خُدُعٌ۔
المِخْدَع و المُخْدَع و المَخْدَع۔ کوٹھری جو بڑے کمرہ کے اندر ہو۔ ج مَخَادِع۔
المُخَدَّع۔ تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔
الخَدْعُوْنَة۔ کدو کا ٹکڑا۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا۔ تیز چلنا۔
خَدَفَتِ السَّمَاءُ بالثلج: برف گرانا (ـــــ و اِخْتَدَفَ) الشَّیءَ: اُچک لینا۔
الخَدْف۔ مہ۔ کشتی کا چوار۔
الخَدَافِر۔ پرانے کپڑے۔
خَدْفَلَ: پرانا کرتا پہننا۔
الخَدَافِل۔ پرانے کپڑے (اس کا واحد نہیں)
خَدِلَتْ (س) خَدَلًا و خَدَالَةً و خُدُوْلَةً۔ الساقُ: پر گوشت ہونا۔
سَاقٌ خَدْلَة: پر گوشت پنڈلی۔
خَدَمَه (ض ن) خِدْمَةً و خَدَمَةً۔ خدمت کرنا۔ صفت (خادم) ج خُدَّام و خَدَم۔ مؤنث خادِمہ و خادِمَة۔
اَخْدَمَهٗ۔ خادم دینا۔
خَدَّمَ۔ الرَّجُلُ امرأتَهٗ: پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَهٗ۔ خدمت لینا۔ خادم بنانا۔

اِخْتَدَمَ۔ اپنی خدمت کرنا ـــــ ہ: خادم مانگنا۔ خادم بنانا۔
اِسْتَخْدَمَهٗ۔ خادم بنانا ـــــ الرجلَ: خادم مانگنا۔
الخَدَمَة۔ وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔
الخَدَمَة۔ پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهُم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کر دے۔
(ـــــ و الخِدَمَة) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اُونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے۔ ج خَدَم و خِدَام و خَدَمات۔
الخَادِمِیَّة۔ نوکری۔
المَخْدُومِیَّة۔ آقائی۔
الخَدَّام۔ نوکر۔
الخَدِیْم۔ نوکر۔ غلام۔
الأَخْدَم۔ گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اُوپر گول سا ہو۔ مؤنث خَدْمَاء۔
الخدماء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔
المَخْدُوْم۔ خم آقا۔ مولیٰ۔ کِتَابٌ مَخْدُوْم: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں۔
المُخَدَّم و المُخَدَّمَة۔ پازیب پہننے کی جگہ۔ تسمہ۔ عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا رھاگا۔ قوم مُخَدَّمُوْن: بہت نوکر چاکر والے لوگ۔
خَادَنَهٗ مُخَادَنَةً۔ دوستی کرنا۔ ساتھی بننا۔
الخِدْن۔ دوست۔ یار، ساتھی (مذکر و مؤنث) ج اَخْدَان۔
الخَدِیْن۔ دوست، یار، ساتھی۔
الخُدَنَة۔ لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔
خَدَى۔ (ض) خَدْیًا و خَدَیَانًا۔ الفرسُ ام البعیرُ: تیز دوڑنا۔
اَخْدَى اِخْدَاءً۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
الخَدَا۔ کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے۔ واحد (خَدَاة)
الخُدَیْوِیُّ۔ عزیز مصر کا لقب۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ۔ وزیر۔ سردار۔
خَذَا و خَذِیَ (س) خَذْأً و خُذُوءً او خَذَاءً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وإستَخذَأَ لَهُ : فروتنی کرنا۔ تابعدار ہونا۔
أَخذَاه۔ ذلیل کرنا۔ تابع بنانا۔
الخَذَأ۔ نفس کی کمزوری۔
خَذَّ(ن) خَذِيذًا۔ الجَرحُ : پیپ بہنا۔
الخُذَرَة۔ پھرکی۔
خَذرَف۔ جلدی چلنا ـــــ هُ بالسيف : جسم کے اطراف کاٹنا ـــــ الاناءَ : بھرنا۔
تَجَذرَفَتْه۔ النوىٰ : پھینک دینا۔ تَخَذرَفَ الثوبُ : پھٹنا۔
الخُذرُوف۔ تیز چلنے والا۔ پھرکی۔
اس کو خَرَّازَہ بھی کہتے ہیں۔ اُونٹوں کا گلہ۔ اُونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔ "تَرَكَتِ السيوفُ رأسَه خَذَارِيفَ" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔ رجلٌ (مُتَخَذرَف) اچھے اخلاق والا مرد۔
خَذَعَ (ف) خَذعًا وخَذَّعَ۔ اللحمَ او القرعَ : بغیر جدا کیے ہوئے قاشیں تراشنا۔
تَخَذَّعَ۔ کٹنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔
الخَذعَة۔ زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔
الخَذِيعَة۔ ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔
المِخذَعَة۔ چھری۔
الخَيذَع۔ عیب۔
خَذعَبَ و خَذعَلَ۔ البِطِّيخَ و نحوه : پھانکیں کرنا۔
الخُذعُوبَة والخُذعُولَة۔ پھانک۔ قاش۔
خَذَفَ (ض) خَذفًا۔ بالحصاة ونحوها : انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔
تَخاذَفَت۔ عيناه بالدموع : جلدی آنسو بہانا۔
الخَذَّافَة۔ ذبر۔
المِخذَفَة۔ گوپھن۔ غلیل۔
الخَذُوف۔ مِنَ الدَّوابِّ : تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اُڑائے' جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اُٹھائے۔ ج خُذُف۔
الخَذَفان۔ تیز رفتاری۔
خَذَقَ (ن ض) خَذقًا۔ الدابةَ : تیز چلنے کیلئے چھبونا ـــــ البازی : بیٹ کرنا۔
الخَذق۔ گوبر۔ لید۔
خَذَلَ (ن) خَذلًا و خِذلانًا و خِذلًا۔ فلانًا او عنه : مدد چھوڑنا۔ صفت (خاذِل) ج خُذَّال۔ صفت مفعولی (مَخذُول) ج مَخاذِيل۔ خَذلتِ الظَّبيةُ : ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا۔ صفت (خاذِل و خُذُول)
(خَذَّلَ عنه أصحابَه : مدد چھوڑنے پر اُکسانا۔
ـــــ ه : پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔
خاذَلَه مُخاذَلَةً۔ مدد چھوڑنا۔
تَخاذَلَ۔ القومُ : باہم مدد چھوڑنا۔ رِجلاهُ : ٹانگوں کا کمزور ہونا۔
الخَذَّال۔ زیادہ مدد چھوڑنے والا۔
الخُذَلَة۔ وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے۔
الخَذُول۔ بہت مدد چھوڑنے والا۔
رجلٌ خَذُولُ الرجل : وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو۔
خَذَمَ (ض) خَذمًا و خَذَّمَ۔ الشَّيءَ : جلدی سے کاٹنا۔
خَذِمَ (س) خَذَمًا۔ نشہ میں ہونا۔ صفت (خَذِيم) کٹنا۔
خَذِمَ (س) خَذَمًا۔ تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
أَخذَمَ۔ ذلت کا اقرار کرنا ـــــ ه الشرابُ : مست کر دینا۔
تَخَذَّمَ۔ الشَّيءُ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الشَّيءَ : تکلف سے کاٹنا۔
إختَذَمَ۔ قاطع ہونا ـــــ الشَّيءَ : کاٹنا۔
الخُذُوم ج خُذُم و (الخَذِم والمِخذَم والمُخَذَّم) ـــــ مِنَ السيوف : کاٹنے والی تلوار۔
الخُذَامَة۔ چیز کا ٹکڑا۔
المِخذَم۔ کاٹنے کا اوزار۔
خَذَا (ن) خَذوًا و خَذِيَ (س) خَذَيً ڈھیلا ہونا ـــــ لحمُه : گھٹا ہونا ـــــ الاذنُ : لٹکتا ہوا ہونا۔
إستَخذَى۔ تابعدار ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔
الأَخذَى۔ ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خَذواء) لٹکے ہوئے کان۔
خَرَّ (ن ض) خَريرًا۔ الماءُ او الريحُ : پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خَرَّار) النائمُ : خراٹے لینا۔
خَرَّ (ن ض) خَرًّا و خُرُورًا۔ اُوپر سے نیچے گرنا خَرَّ لِلّٰهِ ساجدًا۔ سجدہ میں گر پڑنا ـــــ لِوَجهِهِ گرنا ـــــ الرَّجُلُ : مرنا ـــــ عليه : غیر معلوم جگہ سے اچانک آپڑنا۔
أَخَرَّهُ إخرَارًا۔ گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ بالسَّيفِ فَأَخَرَّه" اس نے اسے تلوار مار کر گرا دیا۔
إنخَرَّ۔ ڈھیلا ہونا۔
الخُرّ۔ کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خُرَرَة
(ـــــ والخُرِّيُّ) چکی کا سوراخ۔
الخَرُور۔ بلی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں۔
الخَرِير۔ مد۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج أَخِرَّة۔
الخَرَّار۔ بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث خَرَّارَة۔ الخَرَّارَة : پھرکی۔
خَرِئَ (س) خَرْأً و خِرَاءَةً و خَرَاءَةً و خُرُوءً ا۔ پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرِئَتْ بَيْنَهُم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی۔
الخُرء۔ ج خُرُوء و (الخِراء) پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔
المَخرَاةُ والمَخرَأَةُ والمِخرَأَةُ۔ پاخانہ کی جگہ۔ ج مَخارِي۔
خَرِبَ (س) خَرَبًا و خَرَابًا۔ البيتُ : اُجاڑ ہونا۔ صفت (خَرِب) مؤنث خَرِبَة۔ (ـــــ خَرَبًا) الرَّجُلُ : پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (أَخرَب) مؤنث خَرباء۔ ج خُرب۔
خَرَبَهُ (ض) خَربًا۔ ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَرُبَ (ض) خِرَابَةً و خَرَابَةً و خَرْبًا و خُرُوْبًا۔ چور ہونا۔ صفت (خَارِب) ج خُرَّاب۔
خَرَّبَ۔ البَيْتَ : ویران کرنا۔ ڈھانا ـــــ المزادةَ : سوراخ کرنا۔
اَخْرَبَ۔ البيتَ : غیر آباد کرنا ـــــ المكانُ : خالی ہونا۔
تَخَرَّبَ۔ الدُّوْدَةُ الشجرةَ : سوراخ کرنا۔
اِسْتَخْرَبَ۔ الرَّجُلُ : مصیبت سے شکستہ دل ہونا ـــــ اِلَيْه : مشتاق ہونا ـــــ السَّقَاءُ : سوراخ دار ہونا۔
الخَرِب۔ ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هو خَرِبُ العِظَامِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الاَمَانَةِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رجلٌ (خِرِبَّان) بزدل مرد۔
الخَرْب و الخُرَّابَة و الخُرْبَة۔ سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُرُب و اَخْرِبَة و خُرُوْب۔
الخُرْب و الخَرْبَة و الخُرْبَة۔ چمڑے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔
الخَرْبَة۔ چھلنی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "هو صَاحِبُ خَرْبَة" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحى اللّٰه ادناذا الى كل خَرْبَة" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَاَيْنَا مِنْ فلانٍ خَرْبَةً فى دِيْنِه" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خَرَبات۔
الخِرْبَة و الخَرِبَة۔ ویران جگہ۔ ج خَرِبات و خِرَب و خَرِب و خَرَائِب الخِرْبَة : چور کی بیت۔
الخَرَاب۔ ویران۔ ج اَخْرِبَة و خِرَاب۔
خُرَّابَة و خُرَّابَة۔ الاِبْرَة : سوئی کا ناکہ۔
الخُرُّوْب و الخِرْنُوْب۔ ایک درخت کا نام واحد خُرُّوْبَة و خُرْنُوْبَة۔
التَّخَارِيْب۔ بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد تُخْرُوْب ہے (صحیح نخاریب بالنون ہے)
الخُرْبِد۔ کھٹا جما ہوا دودھ۔
الخِرْبِز۔ خربوزہ۔
ارض (خَرْبَسِيْس) سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "هو ما يَمْلِكُ خَرْبَسِيْسًا" وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔
خَرْبَشَ خَرْبَشَةُ الكتابَ او العملَ بگاڑنا۔
خَرَابِيْشُ۔ الخِطّ : تحریر جو بگاڑی گئی ہو۔
خَرْبَصَ۔ الاشياءَ۔ الگ الگ کرنا ـــــ المالَ : لے کر چمپت ہو جانا۔
الخَرْبَصَة۔ جوان و پر گوشت عورت۔
خَرْبَقَ۔ چلنے میں جلدی کرنا ـــــ الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ العملَ بگاڑنا۔
الثوبَ : پھاڑنا ـــــ النبتُ : ایک دوسرے سے متصل ہونا۔
الخَرْبَق۔ ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہے اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔
اِخْرَنْبَقَ۔ سر جھکانا۔ زمین سے چمٹنا۔
خَرِتَ (ن) خَرَتًا۔ الاُذُنَ : سوراخ کرنا ـــــ الارضَ : راستوں سے واقف ہونا۔
خَرِتَ (س) خَرَتًا۔ ہوشیار راہبر ہونا۔
الخَرْت و الخُرْت۔ سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْيَقُ مِن خَرْتِ الاِبْرَة" و "اِجْعَل العُوْدَ فى خَرْتِ الفَاسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْرَات و خُرُوْت ذئبٌ خُرْت : تیز بھیڑیا۔
الخِرِّيْت۔ ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَرَارِيْت و خَرَارِت۔
المَخْرُوْت۔ واضح راستہ۔
المَخْرُوْت۔ ضم۔ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔
الخَرْقَاء۔ بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔
الخِرْقَاء۔ سرخ چیونٹی۔
الخُرْقِيّ۔ ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْقِيّ الكلام : بے فائدہ گفتگو۔
الخَرْمَة۔ جوتے کی نوک۔
خَرَجَ (ض) خُرُوْجًا و مَخْرَجًا۔ مِن موضعِه : نکلنا ـــــ فى العِلم : فائق ہونا ـــــ بِه : نکالنا ـــــ عليه : جنگ کیلئے نکلنا ـــــ الرَّعِيَّةُ على المَلِكِ : سرکشی و بغاوت کرنا ـــــ الى فلانٍ مِن دَيْنِه : ادا کرنا۔
خَرَّجَهُ۔ مِنَ المكان : نکالنا ـــــ الارضَ : خراج مقرر کرنا ـــــ المسئلةَ : مسئلہ کی توجیہ کرنا۔
الولدَ فى الاَدَبِ : مہذب و تجربہ کار بنانا ـــــ العملَ : ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کروانا۔ الغلامُ اللوحَ : کچھ لکھنا اور کچھ چھوڑ دینا ـــــ الرَّاعِيَةُ المرتعَ : چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
اَخْرَجَ۔ الشَّيْءَ : نکالنا ـــــ الرجلَ : خراج ادا کرنا ـــــ الرَّاعِيَةُ المرتعَ : کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
خَارَجَ۔ السَّيِّدُ عَبْدَه : ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔
تَخَارَجَ۔ الشُّرَكَاءُ : آپس میں تقسیم کرنا۔
تَخَرَّجَ۔ الوَلَدُ فى الاَدَبِ : تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتَخَرِّج۔
اِخْتَرَجَ۔ الشَّيْءَ : نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا ـــــ فلانًا : نکلنے کو کہنا۔
اِخْرَنَّجَ و اِخْرَاجَّ۔ الحيوانُ : سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخْرَج) مؤنث خَرْجَاء۔
اِسْتَخْرَجَ۔ الشَّيْءَ : استنباط کرنا ـــــ ه : نکلوانا ـــــ المسئلةَ : حل کرنا ـــــ اُسْتُخْرِجَتِ الارضُ : کھیتی کے قابل ہونا۔
الخَرْج۔ خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خِرَاج' میں فرق ہے۔ خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خرج۔ اوّل اوّل گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخْرَاج۔
الخَرْجَة۔ خروج کا اسم مرۃ۔ جھروکا۔
الخُرْج۔ خرجی۔ ج خُرُوْجَة۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخُرَاج- مشلثة الخاء : زمین کا محصول- جزیہ- ج اَخْرَاج و اَخْرِجَة و ج آخَارِیج-

الخُرَاج- پھوڑا پھنسی- واحد (خُرَاجَة) ج خُرَاجَات-

خَرَّاج ولَّاج و خُرُجَة وُلُجَة) بہت نکلنے والا- بہت داخل ہونے والا- بڑا ہوشیار- حیلہ گر-

الخَارِج- ہر چیز کا ظاہر- نکلنے والا-

الخَارِجَة- الخارج کا مؤنث - ج خَارِجَات و خَوَارِج- الخَوَارِج : باغی لوگ- جماعت سے نکلے ہوئے لوگ-

الخَارِجِیّ- بیرونی- وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو ولیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں- بادشاہ کا باغی- جماعت کا مخالف- مذہب خوارج کا معتقد-

الخَارِجِیَّة- الخارجی کا مؤنث- وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں-

المُخَرَّج و الخِرِّیج و المُتَخَرِّج- تربیت یافتہ-

الخُرُوج- مد- یوم الخروج- عید کا دن- قیامت کا دن-

المَخْرَج- مد- نکلنے کی جگہ پائخانہ کا مقام- ج مَخَارِج- والمَخرج عند القُراء والصرفیین : منہ سے حروف نکلنے کی جگہ-

المُخْرَج- مضم نکلنے کی جگہ-

خَرْخَرَ- النَّائِمُ : خراٹے لینا ـــــ النمرُ او السِّنَوَّرُ : آواز کرنا-

تَخَرْخَرَ- بطنُهٗ : بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا-

الخَرْخَر- پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز-

الخَرْخَار- کثرت سے بہتا ہوا پانی-

خَرِدَت (س) خَرَدًا و تخَرَّدَت- الجَارِیةُ : باکرہ ہونا- دوشیزہ ہونا-

خرِدَ و اَخْرَدَ- الرَّجُلُ : زیادہ خاموش رہنے والا ہونا- کم گفتگو ہونا- ذلت کی وجہ سے شرم کرنا-

اَخْرَدَ الی اللَّهْوِ : مائل ہونا-

الخَرِید و الخَرِیدَة و الخَرُود- باکرہ دوشیزہ- شرمیلی- زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی- ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد- صوتٌ خَرِیدٌ : نرم آواز جس میں شرم و حیا کی آمیزش ہو- لؤلؤةٌ خرِیدٌ : نا سنتہ موتی-

الخَرِیدَة- نا سنتہ موتی- ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد-

الخُرْدَة- معمولی اسباب تجارت-

الخُرْدَجِی- خردہ بیچنے والا- معمولی تاجر- بساطی-

الخَرْدَاذی- شراب-

خَرْدَقَ- العمل : بگاڑنا- کلمہ عامیہ ہے- فصیح خَرْبَقَ ہے-

الخُرْدُق- چرواہ خَرَادِق (دخیل)

خَرْدَلَ- الطعامَ : اچھا حصہ کھانا ـــــ اللحمَ : چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا-

الخَرَادِل- گوشت کے ٹکڑے-

لحمٌ (خَرَادِیلُ) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت-

الخَرْدَل- رائی- واحد (خردَلة)

خَرَزَ (ن ض) خَرْزًا- الجلدَ : سئالی سے سینا-

خَرِزَ (س) خَرَزًا- کمزوری کے بعد مضبوط کرنا-

الخَرَز- پوتھ جس کو لڑی میں پرو لیا جائے- شیشہ کے چھدے ہوئے دانے' پتھر کے نگ واحد (خَرْزة) خَرْزَةُ الظهر : ریڑھ کی ہڈی کے منکے- خَرَزات الملک : شاہی تاج کے جواہر-

الخُرْزَة- سوراخ اور اس کا دھاگا- ج- خُرز-

الخِرَازَة- موچی کا پیشہ-

الخَرَّاز- موچی-

طائر (مُخَرَّز) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں-

المِخْرَز- سئالی- ج مَخَارِز-

خَرِسَ (س) خَرَسًا- گونگا ہونا- خَرْسًا : منکے سے پینا-

اَخْرَسَهُ اللّٰهُ : گونگا کرنا- اَخْرَسَتِ الارضُ واِسْتَخْرَسَت : ناقابل زراعت ہونا-

خَرَّسَ- علی النفساء : زچہ کو اس کی خوراک کھلانا-

تَخَارَسَ- گونگا بننا-

تَخَرَّسَت- النفساءُ : زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا- اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِی یا نفس لا مُخَرَّسَة لكِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں-

الخُرْس و الخِرَاس- بچہ کی پیدائش کا کھانا-

الخُرْسَة و التَّخْرِسَة- زچہ کا کھانا- اچھوانی-

الخَرْس و الخِرْس- منکا- ج خُرُوس

الخِرس : ناقابل زراعت زمین-

الخَرَّاس- منکا بنانے والا یا بیچنے والا-

الخَرُوس- زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے-

الأَخْرَس- گونگا- ج خُرْس و خَرْسَان و اَخَارِس مؤنث خرساء- لَبَن اَخْرس : جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے- "ولَّانی عُرْضًا اَخْرَسَ اَمْرَس" یعنی اُس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی-

الخَرْسَاء- مصیبت- بغیر گرج و چمک کے بادل- وجعل (خَرس) رات کو نہ سونے والا مرد-

خَرِشَهُ (ض) خَرْشًا و خَرَّشَهُ و خَارَشَهُ مُخَارَشَةً و خِرَاشًا و اِخْتَرَشَهُ- خراش لگانا ـــــ ه الذبابُ : کاٹنا- خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ : ٹہنی کو ٹہنے سے کھینچنا-

خَارَشَ الكلبُ : برانگیختہ کرنا- خَرَش و اِخْتَرَشَ لِعَیَالِهٖ : بال بچوں کے لئے کمائی کرنا-

اِخْتَرَشَتِ الجِرَاءُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا- خَارَشه الشَّیَّ و اِخْتَرَش منه الشَّیَّ : زبردستی لے لینا-

تَخَارَشَت- الکلابُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا-

الخَرَش- مکھی- واحد (خَرْشَة) گھر کا روی سامان- ج خُرُوش-

الخُرَاشَة- براوہ-

الخِرْشَاء- سانپ کی کینچلی- انڈے کا چھلکا- غبار- خِرْشَاء العَسَلِ : موم- شہد کہ جس میں مُردہ مکھیاں پڑی ہوں- ج خَرَاشِیّ-

المِخْرَش و المِخْرَاش- مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا- عوام اس کو بَعْكُوزَة کہتے ہیں-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَرْشَبَ- العملَ :کام کو اچھی طرح نہ کرنا-
الخَرْشَفَة- پہاڑ کی چھوٹی چوٹی- ج خَرْشَع و خَرَاشِع-
الخَرْشَفَة- گفتگو کی گڑبڑی- حرکت-
_____ (والخِرشاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو-
الخَرْشُوف- ایک قسم کی نباتات-
الخَرْشُوم- وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک- بڑا پہاڑ- ج خَرَاشِیم-
خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا- جھوٹ بولنا- فی الامر :اٹکل سے کہنا- قیاس کرنا- اندازہ کرنا- کہا جاتا ہے "خَرَصَ النخلَة" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا-
خَرَصَ (ن) خِرَاصَةً- الشَّیْءَ :درست کرنا-
خَرِصَ (س) خَرَصًا- بھوک و سردی والا ہونا- صفت (خَرِصٌ و خَارِص)
تَخَرَّصَ و اِخْتَرَصَ- تہمت لگانا- جھوٹ بولنا- توشہ دان میں رکھنا-
الخَرْص- اندازہ- تم کہتے ہو "کم خرص ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے- توشہ دان- چھوٹا نیزہ- بھالا- مٹکا- ٹوکری-
الخِرْص والخُرْص- ج خِرْصَان و خُرْصَان- سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ _____ ج خِراص و اَخْراص :درخت خرما کی شاخ-
الخُرْص و الخُرْص و الخُرَص- شہد نکالنے کی لکڑی- ج اخراص-
الخُرْصَة- حصہ- زچہ کا کھانا-
الخَرِیص- ٹھنڈا پانی- درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی- نہر کی ایک جانب-
الخَرَّاص- جھوٹا-
المِخْرَص- نیزہ- ج مَخَارِص-
خَرَطَ (ن ض) خَرْطًا- الوَرَقَ :ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا _____ العنقودَ :انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا _____ الشجرةَ : کھینچ کر پتے جھاڑنا _____ العُوْدَ : خراد سے ہموار کرنا _____ الحَدِیدَ : عمود کی مانند لمبا کرنا- الجَوَاهِرَ : تھیلے میں جمع کرنا _____ البَازِیَ : شکار پر چھوڑنا _____ الرجلَ :فی الامر : کسی کام میں لگانا _____ الرَّجُلُ :جھوٹ بولنا _____ الدَّلْوَ فی البئر :لٹکانا _____ الابلَ فی الرعی : چرنے کے لئے چھوڑنا _____ جَارِیَتَهُ : جماع کرنا _____ بِاسْتِهِ : گوز کرنا _____ عبدَه علی النَّاس :ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا-
خَرَطَهُ (ن) و خَرَّطَهُ- الدواءُ :اسہال لانا-
خَرِطَت (س) خَرَطًا و اَخْرَطَت- الشاةُ او النَّاقَةُ :بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا
_____ خَرِطَ بالطَّعَام :پھندا لگنا-
تَخَرَّطَ- فی الامور :دلیری و خودسری کرنا-
اِنْخَرَطَ- الجسمُ : لاغر ہونا- اِنْخَرَطَت الخَرْزَةُ فی السِّلک : پرویا جانا- اِنْخَرَطَ فی المَکَان :جلدی سے داخل ہونا _____ مِن :نکلنا
_____ الصقر :شکار پر ٹوٹ پڑنا-
بطنُ الانسان :پیٹ چلنا- کہا جاتا ہے- "اِنْخَرَطَ عَلَیْنَا بِالقبیح" وہ ہمارے اوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا-
اِخْتَرَطَ- السیفَ : سونتنا _____ العنقودَ : انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا-
اِسْتَخْرَطَ- فی البکاء : پھوٹ پھوٹ کے رونا-
الخَرَّاط- خراد کا کام کرنے والا- بڑا جھوٹا-
الخَرَط- سارے جسم کی کمزوری- جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے-
الخَرُوط- منہ زور جانور- ج خُرُط- بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا-
الخِرَاطَة- خراد کے کام کا پیشہ-
الخُرَاطَة- برادہ-
الخَرِیطَة- تھیلا- ملک کا نقشہ- اٹلس- خَرِیطَه کو خَارِطَه بھی کہتے ہیں اور عربی مُصَوَّر یا مُخَطَّط ہے-
المُخْرِط- وہ بکری یا اونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو- ج مَخَارِیط-
المِخْرَطَة- خراد کرنے کا اوزار- ج مَخَارِط-
المَخْرُوط- منہ- کم داڑھی والا- لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو _____ عند اهل المَسَاحَة : گاؤدُم- گاجر کی شکل کا

بئر مخروطة :تنگ منہ کا کنواں-
الخِرْطِیط- منقش پروں والا پروانہ- ج خَرَاطِیط-
الخَرْطَل- ایک قسم کا غلہ-
الخُرْطُوم و الخُزْطُم- سونڈ- جلدی نشہ لانے والی شراب- انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے- خراطیم القوم :سردار ان قوم-
خَرْطَمَه- سونڈ پر مارنا-
اِخْرَنْطَمَ- ناک بلند کرنا- غضبناک ہونا- تکبر کرنا-
الخِرْطِمان- لمبا-
الخِرْطِمَانِي- لمبی ناک والا-
الخُرَاطِین- کینچوا-
خَرَعَه (ف) خَرْعًا- پھاڑنا-
خَرِعَ (س) خَرَعًا- الشَّیْءُ :ٹوٹنا-
وانْخَرَعَ و تَخَرَّعَ - الرَّجُلُ : سست ہونا- ناقص رائے ہونا- کمزور جسم ہونا- انخرعت القناة :پھٹنا- ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
خَرُعَ (ک) خَرَاعَةً و خُرْعًا و خُرُوعًا- ڈھیلے جوڑوں والا ہونا- صفت خَرِعٌ و خَرِیعٌ-
خَرَّعَ- الشوبَ : عصفر (کسم) سے رنگنا-
اِخْتَرَعَ- الشَّیْءَ : پھاڑنا- پیدا کرنا- ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے-
_____ فلانا :خیانت کرنا- دھوکا دینا-
_____ الدابةَ :دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا-
الخَرَاعَة- سہ- بے باکی-
الخِرُوع- ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹر آئل تیار ہوتا ہے _____ ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے- واحد خِرْوَعَة-
الخُرَاع- اونٹنی کی دیوانگی- اونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی-
الخُرُوع و الخَرِیع و الخِرْوَع- مِنَ النساء : نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت- ج خَرَائِع و خُرُوع- عَیْشٌ خَرُوع-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آسودہ زندگی۔ رجلٌ خَرِیْع : کمزور مرد۔ نَاقَۃٌ خَرِیْع و مَخْرُوْعَۃ : اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔

الخَرْعَبُ والخُرْعُوْب والخُرْعُوْبۃ۔ یک سالہ درخت کی نرم و نازک شاخ۔ جوان خوبصورت نازک عورت یا سفید نازک اندام پر گوشت عورت۔ الخَرْعَب : لمبا پڑ گوشت مرد۔ الخَرْعُوْب : لمبی۔ بڑی۔ زیادہ دودھ دینے والی اُونٹنی۔

خَرِفَ (س) وخَرُفَ (ک) خَرَفًا۔ بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفَۃ)۔

خَرَفَ (ن) خَرْفًا و خِرَافًا و خَرَافًا و مَخْرَفًا۔ الثمرَ : چننا۔

خُرِفَتِ۔ الارضُ : موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخْرُوْفَۃ) ـــــ النَّبَاتُ : موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اُگنا۔

خَرَّفَہ۔ خَرَف (فسادِ عقل) کی جانب نسبت کرنا۔

خَارَفَہٗ مُخَارَفَۃً و خِرَافًا۔ موسم خریف میں معاملہ کرنا۔

اَخْرَفَہٗ۔ بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخْرَفَتِ الشَاۃُ : موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخْرَف الرجلُ : موسم خریف میں داخل ہونا ـــــ الثمرَ : پھل توڑنے کا وقت آپہنچا۔

اِخْتَرَفَ۔ الثمرَ : چننا ـــــ فی مکان : موسم خریف میں اقامت کرنا۔

الخَرَاف والخِرَاف۔ پھلوں کے چننے کا زمانہ۔

الخَرَّافَۃ : بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔

الخَرُوف۔ بکری کا بچہ۔ ج خِرْفَان و اَخْرِفَۃ و خِرْفَان۔

الخَرُوْفَۃ۔ بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔

المُخْرَفَۃ۔ چنا ہوا میوہ۔

الخَرِیْف۔ موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے (خَرِیْفِیٌّ و خَرْفِیٌّ و خَرَفِیٌّ۔ چنی ہوئی کھجور۔

الخَرِیْفَۃ۔ درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔

الخُرَافَۃ۔ باطل بات۔ ج خُرَافَات۔ چنا ہوا پھل۔

المَخْرَف۔ چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔

المَخْرَفَۃ۔ درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مخارِف۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔

المُخَارِف مِن الرجال : محروم۔

خَرْفَجَہٗ۔ بہت لینا۔

الخُرْفُج والخُرَافِج والخِرْفَاج و الخِرْفِیْج۔ فراخی زندگی۔ الخِرْفِیج : تر و تازہ و نرم۔

الخُرَفِج۔ موٹا۔

خَرْفَشَ۔ الشَّیْءَ : ملانا۔ خلط ملط کرنا۔

خَرَقَ (ن ض) خَرْقًا۔ الثوبَ : پھاڑنا ـــــ فلانًا بالرمح : نیزہ مارنا ـــــ الکذبَ : جھوٹ گھڑنا ـــــ المفازۃَ : طے کر کے انتہا تک پہنچنا ـــــ العادۃَ : عادت کے خلاف کرنا ـــــ البناء و فی البناء : روشندان کھولنا ـــــ الریحُ : تیز چلنا ـــــ الرَجُلُ : جھوٹ بولنا۔

خَرِقَ (ن) خَرَقًا۔ فی البیت : لگاتار قیام کرنا۔

خَرِقَ (س) خَرَقًا۔ خوف یا شرم سے وحشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق) ـــــ فی البیت : لگاتار قیام کرنا ـــــ الغزالُ او الطائر : اُڑنے سے عاجز ہونا۔

خَرِقَ (س) خَرَقًا (ک) خَرَاقَۃً۔ بیوقوف ہونا۔ اور عورا کام کرنا۔ صفت (اَخْرَق) مؤنث خَرْقاء۔

خَرَّقَہٗ۔ پھاڑنا۔ خَرَّقَ الرَجُلُ : بہت جھوٹ بولنا۔

اَخْرَقَہٗ۔ وحشت زدہ کرنا۔

تَخَرَّقَ وانْخَرَقَ وانْخَرْوَقَ۔ مطاوعہ تَخَرَّقَ الکذب : جھوٹ گھڑنا۔ تَخَرَّقَ فی الکَرَم : بے حد فیاضی کرنا۔ تَخَرَّقَت وانْخَرَقَتِ الریحُ : تیز چلنا۔

اِخْتَرَقَ۔ الارضَ : زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا ـــــ القومَ : قوم کے درمیان سے چلنا ـــــ الکذبَ : جھوٹ گھڑنا۔

الخَرْق۔ مہ۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق۔

الخِرْق۔ ج اَخْراق و خُرَّاق و خُرُوْق و (الخِرِّیق) فیاض۔ سخی۔

الخُرَق والخَرَق والخُرْقَۃ۔ رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ سختی۔ نومَۃُ الخُرْق : چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومَۃ الخُرق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے۔

الخِرْقَۃ۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق۔ چیتھڑا۔ دھجی۔

الخَارِق۔ فا۔ وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خَوَارِق۔

الخَرِیْق والخُرُوْق۔ ٹھنڈی تیز ہوا۔

الخَرِیق : نرم ہوا۔ ج خُرُق : وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الخَرْقَاء۔ اَخْرَق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔

المَخْرَق۔ بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخَارِق۔ مَخَارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے منہ، ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔

المَخْرَقَۃ۔ جھوٹ۔

المِخْرَاق۔ خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخَارِیق۔ المَخَارِیق : وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔

المُخْرِق : تیز رفتار۔

المُخْتَرَق۔ گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرِیَاح : ہوا کے چلنے کی جگہ۔ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاوِیُ المُخْتَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

الخُرَّق۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ ج خَرَارِق۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَرَمَهٗ(ن) خَرْمًا۔ شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔
خرم الخَرْزَةَ۔ توڑنا ـــــ ہ :ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا ـــــ الاِبْرَةَ : ناکہ توڑدینا ـــــ عن الطریق : ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْہ الخَوَارِمُ" یعنی وہ مرگیا۔ و "ماخَرَمْتُ مِنْہُ شیئًا" : میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔
خَرِمَ (س) خَرَمًا۔ نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخْرَم)
خَرُمَ(ک) خَرَامَةً۔ شوخ وبیباک ہونا۔ صفت (خَرَامٍ وخَرِیْم)
خَرَّمَ۔ الخَرْزَةَ :سوراخ کرنا۔
تَخَرَّمَ۔ ٹوٹنا۔
تَخَرَّمَہٗ واِخْتَرَمَہٗ۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اِخْتَرَمَہ المرضُ :لاغر کرنا۔ تَخَرَّمَتْہ و اِخْتَرَمَتْہ المَنِیَّةُ :اس کو موت نے لے لیا۔
اُخْتُرِمَ۔ عنّا : مرنا۔
اِنْخَرَمَ۔ انفُہ : نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذٰلِکَ القَرْن" یہ زمانہ ختم ہوگیا۔
الخَرْم۔ مہ۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم۔
الخُرْمَان۔ جھوٹ۔
الخَرِمَة۔ ناک میں چھدنے کی جگہ۔
الخَرْمَاء۔ چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء : بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔
الخَوْرَمَة۔ انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔
الأَخْرَم۔ مونڈھے کا کنارہ۔ شاہ روم کا لقب۔
الأَخْرَمَان : اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔
المَخْرِم۔ پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخَارِم۔ مخارمُ اللیل : رات کے ابتدائی حصے۔
الخِرِمِس۔ اندھیری رات۔
خَرْمَشَ۔ الکتابَ :مٹانا۔ بگاڑنا۔
اِخْرَمَّصَ۔ خاموش ہونا۔
تَخَرْمَلَ۔ الثوبُ :پارہ پارہ ہونا۔
الخِرْمِل۔ بیوقوف عورت۔ جوان عورت۔ بڑھیا۔ لوگوں کا گروہ۔
الخَرَامِل۔ پرانے کپڑے۔
الخِرِنْوص۔ سور کا بچہ۔
خَرْنَقَهٗ۔ بالسیف : تلوار سے مارنا۔
الخِرْیف۔ روئی۔ بہت دودھ والی اُونٹنی۔
الخُرَانِف۔ لمبا۔
الخِرْیق۔ جوان خرگوش۔ ج خَرَائِق۔
الخَوَرْنَق۔ بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ نعمان اکبر ابن امرأ القیس کے محل کا نام جو عراق میں تھا۔ ایک نباتات۔
خَزَّ(ن) خَزًّا۔ الحائطَ : دیوار پر کانٹے رکھنا ـــــ خَزَّ النَّمرُ یَخْزَز : کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خَازٌّ) ( ـــــ واِخْتَزَّہ) بالرمح : نیزہ مارنا ـــــ کہا جاتا ہے "خَزَّہٗ واِخْتَزَّہٗ بِبَصَرِہ :اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔
الخَزّ۔ ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوز۔
الخُزَز۔ نر خرگوش۔ ج خَزَّان واَخِزَّة۔
الخَزِیز۔ بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)
الخَزَّاز۔ ریشم فروش۔
المَخَزَّة۔ خرگوشوں کی جگہ۔
خَزِبَ(س) خَزَبًا و تَخَزَّبَ۔ الجلدُ :بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِب)
ـــــ الشاةُ : سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (خَزِبَة و خَزْبَاء)
الخَیْزَب و الخَیْزَبَان۔ نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَیْزَبَة و خَیْزَبَانَة) کہتے ہیں۔
الخَیْزَبَان : شترمرغ کا نر بچہ۔
الخُزَیْبَة۔ سونے کی کان۔
الخِزْبَاز و الخَازِبَاز۔ مبنی علی الکَسْرَة : ایک قسم کی کھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
خَزِرَ (ن) خَزَرًا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خَازِر)
خَزِرَتْ(س) خَزَرًا۔ عینُہ :تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْزَر) مؤنث خَزْرَاء ج خُزْرٌ۔ خَزِرَ الرَّجُلُ :بھاگنا۔
خَزَّرَ۔ الشَّیْءَ :تنگ کرنا۔
تَخَازَرَ۔ نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔
الخَزَر۔ آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْر الخَزَر" یعنی بحر کیسپین۔
الخُزَرَة و الخُزَرَة۔ پیٹھ کا درد۔
الخُزْرَة۔ بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔
الخَیْزُرَان۔ بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔ واحد (خَیْزُرَانَة) ج خَیَازِر۔
الخَیْزُر۔ نرکل۔
الخَوْزَرِیّ و الخَیْزَرِیّ۔ ایک قسم کی چال ناز وانداز کے ساتھ۔
خَزْرَبَهٗ و خَزْرَبَهٗ۔ بیہودہ بکنا۔
الخَزْرَج۔ ٹھنڈی ہوا۔ جنوبی ہوا۔ شیر۔
خَزْرَفَ۔ فی مشیتہ :ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
الخَزْرَنَق۔ کنکری۔
الخُزَازِیق۔ کپڑا یا سفید کپڑے۔
خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ۔ الشَّیْءَ : کاٹنا ـــــ عن القوم : پیچھے رہ جانا۔ خَزَعَ مِنْہ شیئًا :لینا۔ تَخَزَّعُوا الشَّیْءَ :باہم تقسیم کرنا۔
خَزَّعَ۔ الشَّیْءَ : کاٹنا ـــــ الشَّیْءَ بینھم : تقسیم کرنا۔
اِنْخَزَعَ۔ الحبلُ :نصف سے کٹ جانا۔
ـــــ الرَّجُلُ :بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
اِخْتَزَعَهٗ۔ لینا ـــــ ہ عن القوم :جدا کرلینا۔
الخُزَاع۔ موت۔
الخَزْعَة۔ ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔
الخِزْعَة۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الخُزَاعَة۔ ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔
الخَوْزَع۔ بڑھیا۔
الخَوْزَعَة۔ ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔
الخَوْزُوع۔ وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اُڑا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لے۔
الخَزَعْبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِيل۔ خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔
الخُزَعْبَلَة۔ خوش طبعی و مذاق۔
خَزْعَلَ۔ فی مشیہ: لنگڑانا ـــــ الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔
الخَزْعَل۔ بجو۔
الخُزْعَالَة۔ خوش طبعی و کھیل کود۔
خَزَفَ (ض) خَزْفًا۔ فی مشیہ: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا ـــــ الثوبَ: پھاڑنا ـــــ الشَّیْءَ: چیرنا۔
الخَزَف۔ واحد (خزفة) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔
الخَزَّاف والخَزَفِيّ۔ مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔
خَزَقَهٗ (ض) خَزْقًا۔ آہستہ نیزہ مارنا۔
خَزَقَهٗ بالسهم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرَ: بیٹ کرنا ـــــ الشَّیْءَ فی الارض: گاڑنا۔
تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ۔ چھدنا۔
اِنْخَزَقَ۔ السیفُ: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔
الخَازِق۔ فا۔ نیزے کا پھل۔
الخَازُوق۔ تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِيق۔ مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَق" بنایا ہے۔
المِخْزَقَة۔ چھوٹا نیزہ۔
الخَيْزَقَة۔ ایک ترکاری کا نام۔
خَزِقَ (س) خَزَقًا۔ اصرار کرنا۔
خَزِلَ (س) خَزَلًا۔ شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل ومَخْزُوْل)
خَزَلَ (ض) خَزْلًا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا ـــــ ہ عن حاجتہٖ: روکنا۔
تَخَزَّلَ۔ کٹنا۔ بوجھل چلنا ـــــ السَّحَابُ: اِنْخَزَلَ۔ گرانباری سے چلنا ـــــ فی کَلَامِهٖ: رک جانا ـــــ عن الجواب: لاپروائی کرنا ـــــ مِنَ الْمَكَان: علیحدہ ہونا۔
اِنْخَزَلَ۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔

ـــــ ہ: عیب لگانا ـــــ برایہ: علیحدہ رائے رکھنا ـــــ ہ عن قَوْمِهٖ: علیحدہ کرنا ـــــ الوَدِيْعَةَ: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔
الخُزْلَة۔ شکستگی پشت۔
الخُزَلَة۔ مراد سے روکنے والا۔
الخَوْزَلَى والخَيْزَلَى۔ ایک قسم کی چال جس میں ناز و انداز ہو۔
خَزَمَ (ض) خَزْمًا۔ اللآلی: پرونا۔
(ـــــ وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَلَ فی اَنْفِهِ الخِزَامَة" فلان کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع و مسخر کرلیا۔
خَازَمَهٗ مُخَازَمَةً۔ الطریقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔
تَخَزَّمَ۔ الشولُ فی رجلہ: چبھنا۔
تَخَازَمَ۔ الجیشانِ: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الخَزَم۔ ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔
الخُزَامَى والخَزَام۔ ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔
الخِزَامَة۔ باریک چمڑا جس سے دو قسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائِم۔
الخَزُوْمَة۔ گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ غمروالی گائے۔
الأَخْزَمُ۔ نر سانپ۔
المَخْزَم۔ پہاڑی راستہ۔ ج مَخَازِم۔ شراک (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔
خَزَنَ (س) خَزْنًا واخْتَزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا ـــــ السرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔
خَزْنٌ (ن) خَزْنًا و خُزُوْنًا و خَزِن (س) خَزَنًا و خُزُن (ک) خَزَانَةً۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِيْنٌ)
اَخْزَنَ۔ مہتاجی کے بعد مال دار ہونا۔
اِسْتَخْزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔ اِسْتَخْزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔

الخِزَانَة والخَزِيْنَة۔ ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ ج خَزَائِن۔ الخِزَانَة: خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن۔ فا۔ ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الأمِيْر: خزانچی۔ ج خَزَنَة و خُزَّان۔ الخازن: زبان۔
الخَزْنَة و الخَزِيْنَة۔ خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخَزَّان۔ زبان۔
المَخْزَن۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن۔ مَخَازِنُ الطریق۔ مقصود کی طرف قریب ترین راستہ۔
خَزَاہ (ن) خَزْوًا۔ غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔ خَزَ الدَّابَةَ: سدھانا۔
خَزِيَ (س) خِزْيًا و خَزًى۔ ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خَزِيَهٗ و خَزِيَ مِنْهُ خَزَايَةً و خَزِيٌّ: شرم کرنا۔ صفت (خَزٍِ) مؤنث خَزِيَةٌ و (خَزْيان) مؤنث خَزْيا ج خَزَايا۔
خَزِيَ (ض) خَزْيًا۔ ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔
خَازَاهُ مُخَازَاةً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔
اَخْزَاہ اِخْزَاءً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اَخْزَاهُ اللّٰهُ مَا اَشْعَرَه" جیسے کہ کہتے ہیں "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشْجَعَهٗ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔
اِسْتَخْزَیٰ۔ شرم محسوس کرنا۔
الخِزْی۔ ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔
الخِزْيَة و الخَزْيَة۔ بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔
المَخْزَاة۔ باعث رسوائی و شرمندگی۔
خَسَّ (س) خَسَاسَةً و خُسُوْسَةً و خِسَّةً۔ رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خَسِيْس) ج خِسَاس و اَخِسَّة۔
خَسَّ (ن) اخَسًّا و خَسَّسَ۔ نَصِيْبَهٗ: حصہ کم کرنا۔
اَخَسَّ۔ گھٹیا کام کرنا ـــــ ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ اَخَسَّ حَظَّهٗ: حصہ کم کرنا۔
تَخَاسُّوا۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو آپس میں لینا دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِسْتَخَسَّهٗ- رذیل پانا- حقارت کرنا-
الْخَسُّ- خس- خَسُّ الْحِمَارِ و خَسُّ الْبَقِّ :وہ جنگلی گھاس کے نام-
الْخِسَاس- ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں-
الْخُسَاسَة- تھوڑا مال-
الْخَسِيْسَة- الْخَسِيْس کا مؤنث - ج خَسَائِس و خَسَائِسُ الْاُمُوْر : حقیر باتیں-
شَيْءٌ (خُسَاسٌ و مَخْسُوْس) معمولی گھٹیا چیز-
الْخُسَّان- ستارے جو غائب نہ ہوں- جیسے بنات النعش-
خَسَأَ (ف) خَسْأً- الْكَلْبَ : دھتکارنا- ( ـــــ خَسْأً و خُسُوْءً ا) الْبَصَرُ :چندھیا جانا- نگاہ کا تھک جانا ( ـــــ وخَسِيَ (س) خَسْأً وَ اِنْخَسَأَ)الْكَلْبُ :دُور ہونا-دھتکارا جانا-
خَاسَا مُخَاسَأَةً و تَخَاسَأَ و تَخَاسَؤُا- الْقَوْمُ : آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا-
الْخَسِيُّ- گھٹیا اُون وغیرہ-
الْخَاسِيُ- فا ـــــ مِنَ الْخَنَازِيْر وَالْكِلَاب : دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیے جائیں-
الْخَسِيْج- خیمہ- اُون کا بنا ہوا کمبل-
خَسِرَ (س) خَسْرًا وخُسْرًا وخُسْرًا وخَسَارًا وخَسَارَةً وخُسْرَانًا- نقصان اُٹھانا- گمراہ ہونا- ہلاک ہونا- صفت (خَاسِرٌ وخَسِيْرٌ و خَيْسَرِيٌ)
خَسَرَ (ض) خَسْرًا وخُسْرَانًا-
الْمِيْزَانَ : کم کرنا- گھٹانا ـــــ الْمَالَ :ضائع کرنا-
خَسَّرَهٗ وَاَخْسَرَهٗ- نقصان کرانا- گمراہ کرنا- ہلاک کرنا- اَخْسَرَ الرَّجُلُ : نقصان میں پڑنا- اَخْسَرَ الْمِيْزَانَ :گھٹانا- کم کرنا-
الْخَاسِر- فا- كَرَةٌ خَاسِرَةٌ :غیر مفید حملہ-
الْخَيْسَر و الْخَيْسَرِيُّ- وہ شخص جو نقصان میں ہو- ج خَنَاسِرَة-
خُسِعَ خَسْعًا- عنه كذا : کسی سے کسی چیز کو دُور کیا جانا-
خَاسِعُ الْقَوْمِ و خَسِيْعَتُهُمْ- قوم کا خسیس ترین فرد-

خَسَفَ (ض) خُسُوْفًا- الْمَكَانُ :دھنس جانا ـــــ الْقَمَرُ : گہن لگنا ـــــ الْعَيْنُ : آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا ـــــ السَّقْفُ : گرنا ـــــ الشَّيْءُ : کم ہونا ـــــ الرَّجُلُ :ذلیل ہونا- خَسَفَ فِي الْاَرْضِ و خُسِفَ بِهٖ : زمین میں دھنسنا ( ـــــ خَسْفًا) الشَّيْءَ : کاٹنا ـــــ الْعَيْنَ : پھوڑنا ـــــ اللّٰهُ الْاَرْضَ : مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا- اللّٰهُ الْاَرْضَ بِفُلَانٍ :زمین میں دھنسا دینا- ـــــ الْبِئْرَ : پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے ـــــ فلانًا : ذلیل کرنا- ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا- خَسَفَ الشَّيْءَ فَخَسَفَ هُوَ : پھاڑنا اور پھٹنا- (لازمی و متعدی)
اَخْسَفَتْ وانْخَسَفَتْ- عَيْنُهٗ : اندھی ہونا ـــــ الْاَرْضُ :مع ساری چیزوں کے دھنس جانا ـــــ الْبِئْرُ :گر جانا-
الْخَسْف- مہ - عیب- ذلت- کہا جاتا ہے "سَامَهٗ خَسْفًا وخُسْفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی-
الْخَسْف :کنوئیں کا سوت-
الْخَاسِف- فا- دھنسی ہوئی آنکھ- ڈبلا- بیماری کی وجہ سے لاغر- بھوکا- ج- خُسُف-
الْخَسْف و الْخُسْف اخروٹ واحد (خَسْفَة) کہا جاتا ہے "بَاتُوْا عَلَى الْخَسْف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری- و "شَرِبْنَا عَلَى الْخَسْفِ" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا-
الْخَسِيْف- ج اَخْسِفَة و خُسُف و (الْخُسُوف) ج خُسُف- مِنَ الْاٰبَار :کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو- و الْخَسِيْفُ مِنَ الْعُيُوْن : دھنسی ہوئی آنکھ مِنَ النُّوْق : بہت دودھ والی اُونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے- مِنَ السَّحَابِ : بہت پانی کو لے کر اُٹھنے والا بادل-
الْاَخَاسِف و الْاَخَاسِيْف- نرم زمینیں-
الْخَيْسَفُوْج و الْخَيْسَفُوْجَة- پتوار-
الْخَيْسَفُوْج :ہنولہ- پرانی لکڑی-
خَسَقَ (ض) خَسْقًا و خُسُوْقًا- السِّهَامُ : اچھی طرح نافذ نہ ہونا-
الْخَسَّاق- بڑا جھوٹا- کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ خَسَقَاتٍ فِي الْبَيْعِ" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا ہے- کبھی فسخ کرتا ہے-
خَسَلَهٗ(ن) خَسْلًا- رذیل کرنا- دُور کرنا-
الْخِسَالَة و الْخُسَالَة- ہر چیز کا ردی حصہ-
الْخَسِيْل- فرومایہ- رذیل- ج خِسَال و خَسَائِل-
الْخُسَّل و الْخُسَّال- کمینے و کمزور لوگ-
الْمُخَسَّل و الْمَخْسُوْل- رذیل- حقیر-
خَاسَى مُخَاسَاةً و اَخْسَى اِخْسَاءً خَسْيٰ تَخْسِيَةً ـــــ ہ :اخروٹ سے باہم طاق وجفت کھیلنا-
الْخَسَا- طاق- ج الْاَخَاسِي (خلاف قیاس) کہا جاتا ہے "خَسَا اَوْ زَكَّا" یعنی طاق یا جفت-
الْخَسِيّ- اُون کا کپڑا یا خیمہ-
خَشَّ (ن) خَشًّا- فيه : داخل ہونا ـــــ السَّحَابُ : تھوڑی بارش برسنا ـــــ زَيْدًا : نیزہ مارنا ـــــ الْبَعِيْر :اُونٹ کی خشاش ڈالنا- (دیکھئے لفظ "خشاش")
اِنْخَشَّ- فيه :داخل ہونا ـــــ بَيْنَ الْقَوْمِ : گھل مل جانا-
الْخُشَّ- مہ- تھوڑی بارش- شگاف- کھردری چیز- پیادے-
الْخُش- ٹیلہ-
الْخَاش- فا- الْخَشُّ کا واحد بمعنی پیادہ-
الْخِشَاش- کیڑے مکوڑے- پہاڑی سانپ- ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں- واحد (خِشَاشَةٌ) غضب- کہا جاتا ہے "حَرَّكَ خِشَاشَهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا-
خِشَاشًا الشَّيْءَ : چیز کے دونوں کنارے- ج اَخِشَّة-
الْخُشَاش- ردی- گھٹیا- بہادر-
الْخَشَّاء- گارے اور کنکر والی زمین- ج خَشَّاوَات و خَشَاشِيّ-
الْخُشَّاء- کان کے پیچھے اُبھری ہوئی ہڈی-
الْمِخَشَّ- دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے- دلیر گھوڑا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخَشَش والخُشَيش- ہرن کا بچہ جو چلنے لگے۔

خَشَبَ (ض) خَشْبًا- الشَّيءَ بِالشَّيءِ : ملانا ـــــ الشَّيءَ : چھاٹنا- صاف کرنا ـــــ السَّيفَ : صیقل کرنا ( ـــــ واِخْتَشَبَ) الشِّعْرَ : آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا- اِخْتَشَبَ السَّيفَ : تلوار کو لکڑی جیسا بنانا- خَشَّبَ- الشَّيءَ : موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا-

تَخَشَّبَ- چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا- السَّيفَ : تلوار کو لکڑی جیسا بنانا- اِخْشَوْشَبَ- لکڑی کی مانند سخت ہونا- فِي عَيْشِهِ : مشقت پر صبر کرنا-

الخَشَب- موٹی لکڑی- ج خَشَب و خُشُب و خُشْبَان-

الخَشِب و الأَخْشَب- موٹا کھردرا- عَيْشٌ خَشِبٌ : ناپسندیدہ زندگی-

الخَشَّاب- لکڑی بیچنے والا- ج خَشَّابَة

الخَشْبَاء- سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو-

الخَشِيب- مِنَ السُّيُوفِ : تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو- صیقل کی ہوئی تلوار- ردی- گھٹیا- صاف کی ہوئی چیز ـــــ مِنَ القِسِيِّ : تراشی ہوئی کمان- ج خشب و خَشَائِب-

المَخْشُوب- مخلوط نسب والا- وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو- وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو-

المِخْشَاب- موٹا- پست قد-

الخَشْبَل- سخت ٹیلہ-

الخَشْتَق- کتاں- ریشم- چوبغلہ-

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ- السِّلاَحُ او الحُلِيُّ : جھنکار ہونا ـــــ فلانٌ بَيْنَ الشَّجَرِ و بَيْنَ القَوْمِ : داخل ہو کر غائب ہو جانا-

الخَشْخَاش- پوست کا پودہ- واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا- دسترخوان پر ردی چیز چھوڑنا ـــــ الشَّيءَ : کسی چیز سے اس کے ردی حصہ کو دور کرنا-

خَشِرَ (س) خَشَرًا- بزدلی سے بھاگنا- حریص ہونا-

الخُشَارَة و الخُشَارَة- ہر چیز کا ردی حصہ- دستر خوان کا بچا کھچا- جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو- رذیل لوگ-

خَاشِرَة- الناس : رذیل لوگ- واحد (الخَاشِر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً- ادھورا کام کرنا-

خَشْرَمَتِ- الضَّبُعُ : کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا-

الخَشْرَم- شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت- شہد کی مکھیوں کی ملکہ- شہد کی مکھیوں کا چھتہ- نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں- ج خَشَارِمَة-

الخُشَارِم- موٹی آواز- بڑی ناک-

خَشَعَ (ف) خُشُوعًا- له : فروتنی کرنا- عاجزی کا اظہار کرنا- صفت (خَاشِعٌ) ج خشّع و خَشَعَة و خَاشِعُون ـــــ بِبَصَرِهِ : پست کرنا ـــــ بَصَرُهُ : نگاہ کا پست ہونا ـــــ الصوتُ : آواز کا پست ہونا ـــــ الشمسُ : ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ الوَرَقُ : پتے مرجھانا ـــــ الارضُ : بارش نہ ہونے سے خشک ہونا- اِخْشَعَهُ- کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا-

تَخَشَّعَ- فروتنی کرنا- ( ـــــ و تَخَاشَعَ) فروتنی دکھانا-

اِخْتَشَعَ- کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا-

الخَاشِع- فا- مَكَانٌ خَاشِعٌ : وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے- بَلْدَةٌ خَاشِعَةٌ : وہ شہر جس میں اترنے کی کوئی جگہ نہ ہو- جِدَارٌ خَاشِعٌ : دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو-

الخِشْعَة- بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو-

الخُشْعَة- پست ٹیلہ- ج خُشَع-

خَشَفَ (ن ض) خُشُوفًا و خَشْفًا- ملک میں جانا اور غائب ہو جانا- رات میں چلنا- الماءُ : جمنا ـــــ البردُ : تیز ہونا ( ـــــ و اِنْخَشَفَ) فِي الشَّيءِ : داخل ہونا-

خَشَفَ (ض) خَشَافَةً- بالقَوْمِ : ساتھ چلنا اور راہبری کرنا ( ـــــ خَشْفًا و خَشَفَةً) ـــــ الجَلِيدُ : برف پر چلنے سے آواز نکلنا ـــــ فِي السَّيْرِ : تیز چلنا-

خَشِفَ (س) خَشَفًا- البعيرُ : پورے بدن پر خارش والا ہونا- صفت (أَخْشَف) مؤنث خَشْفَاء- ج خُشْف-

خَشَّفَ- راستہ بتلانا-

خَاشَفَ- الى الشَّرِّ : برائی کی طرف سبقت کرنا- کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فِي ذِمَّتِهِ" اس نے بد عہدی کرنے میں جلدی کی-

خَاشِفَ السَّهْمُ : سنسناہٹ سنائی دینا-

اَخْشَفَتِ- الظَّبْيَةُ : بچہ والی ہونا-

الخَاشِف- فا- سَيْفٌ خَاشِفٌ : تیز تلوار- مَاءٌ (خَاشِفٌ و خَشْفٌ) جما ہوا پانی-

الخَشْف- بتثلیث الخاء : ہرن کا نوزائیدہ بچہ- ج خِشْفَةٌ ( ـــــ والخُشَف) سبز رنگ کی مکھی- واحد (خُشَفَة)

الخَشْف والخَشْفَة والخِشْفَة- آواز- حرکت- آہٹ- الخَشْف : ذلت- الخِشْف والخُشْف : گھٹیا قسم کا اون-

الخَشَف والخَشِيف- سخت برف- نرم یخ-

الخَشُوف- معاملات میں دخل دینے والا ـــــ مِنَ الرِّجَال- رات کے وقت چلنے میں دلیر- تیز ـــــ مِنَ السُّيُوف : تیز تلوار-

الخُشَّاف- چمگادڑ-

المَخْشَف- وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو-

المِخْشَف- راہبر- معاملات میں دخل دینے والا- رات کے وقت چلنے میں دلیر- تیز-

خَشَلَهُ- (ن) خَشْلاً و خَشَلَهُ- حقیر بنانا- خَشَلَ الشَّرَابَ : صاف کرنا-

خَشِلَ (س) خَشَلاً- الثوبُ : بوسیدہ ہونا- تَخَشَّلَ- ذلیل ہونا- سر جھکانا- ردی چیز لانا-

الخَشْل و الخَشَل- ردی- الخَشْل : ہر جوندار چیز- خالی کیا ہوا انڈا- واحد (خَشْلَة) کہا جاتا ہے- رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ و خَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد-

خَشَمَهُ (ض) خَشْمًا- ناک کی جڑ توڑنا-

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خُشُومًا- چوڑی ناک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



والا ہونا ـــــ الانف : بدبودار ہونا۔
خَشِمَ (س) خَشَمًا و خَشِمَ وَاَخْشَمَ و تَخَشَّمَ۔ اللحمُ : بدبودار ہونا۔ خَشَّمَه الشَّرابُ : ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کردینا۔
الأَخْشَم۔ چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنْفٌ اَخْشَم : بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْمَاء ج خُشْم۔
الخَيْشُوم۔ ناک کی جڑ۔ ج خَيَاشِيم۔ الخَيَاشِيم : ناک کے اندر کی رگیں۔ خَيَاشِيم الجبال : پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشْرَفْتُ خَيَاشِيمَ الجِبَال۔"
الخُشَام۔ شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔
رَجُلٌ (مَخْشُومٌ) مست مرد۔
خَشُن (ک) خُشْنَةً و خَشَانَةً و خُشُوْنَةً و مَخْشَنَةً۔ سخت و کھردرا ہونا ـــــ صفت (خَشِن) ج خِشَان۔
خَشَّنَهٗ۔ سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّنَ صَدْرَهٗ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔
خَاشَنَهٗ۔ سختی کا برتاؤ کرنا۔
تَخَشَّن۔ سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔
تَخَاشَنَ۔ بتکلف سختی برتنا۔
اِسْتَخْشَنَ۔ الشَّيْءَ : کھردرا پانا۔
اِخْشَوْشَن۔ سخت کھردرا ہونا۔ عَلَيْهِ صَدْرُهٗ : غضبناک ہونا۔
الخَشِين۔ سخت طبیعت والا۔
الأَخْشَن۔ سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاء ج خشن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَخْشَن" بُرے حل والا۔ و "هُوَ اَخْشَنُ الجَانِبِ" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "كِينَةٌ خَشْنَاء" بہت ہتھیار والی فوج۔
خَشِيَهٗ (س) خَشْيًا و خِشْيَةً و خَشَاةً و خَشْيَانًا و مَخْشِيَةً و مَخْشَاةً۔ ڈرنا۔ خَشَّاهُ تَخْشِيَةً و خَشَّاءً۔ ڈرانا۔ خَشَّاهُ فُلَانًا : کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِي و الخَاشِي و الخَشْيَان و الخَشِيُّ۔ ڈرنے والا۔ مؤنث خَاشِيَةٌ و خَشِيَةٌ و خَشْيَانَةٌ و خَشْيَا۔ ج خَشَايَا۔ الخَشِي و الخَشِيُّ مِنَ النَّبَاتِ : خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا المَكَانُ اَخْشَى مِنْ ذَاكَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔
الخَشْيَةُ۔ خوف۔ ڈر۔ کلیات میں ہے کہ خشیۃ میں خوف سے زیادہ مبالغہ ہے' اس وجہ سے کہ خَشْيَة "شَجَرَةٌ خَاشِيَةٌ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں سوکھا درخت اور خوف "نَاقَةٌ خَوْفَاء" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں بیمار اونٹنی اور ظاہر ہے کہ سوکھے درخت میں درخت کا بالکل خاتمہ ہو جاتا ہے بخلاف بیمار اونٹنی کے کہ اس میں اونٹنی کا خاتمہ نہیں ہوتا' نقصان ہوتا ہے اور خوف کے معنی نقصان ہی کے ہیں۔ اور خوف خائف کی کمزوری کی وجہ سے ہو جاتا ہے بخلاف خشیۃ کے کہ جس سے ڈرا جائے اس کی عظمت کی وجہ سے ہوتا ہے۔
خَصَّ (ن) خَصًّا و خُصُوْصًا و خُصُوصَةً و خُصُوصِيَةً و تَخِصَّةً و خِصِّيَةً و خِصِّيصَى و خِصِّيصَاء۔ فلانًا ب الشَّيْءِ : خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّهٗ بِالْوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی ( ـــــ خُصُوْصًا) الشَّيْءُ : خاص ہونا ـــــ الشَّيْءَ لِنَفْسِهٖ : اپنے لئے چھانٹ لینا۔
خَصَّ (س) خَصَاصَةً و خَصَاصًا و خَصَاصَاءً۔ محتاج ہونا۔
خَصَّصَ۔ الشَّيْءَ : خاص کرنا ـــــ ه بِالشَّيْءِ : کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا ـــــ الغلامُ : لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بتیسی گھمانا۔
اِخْتَصَّ۔ محتاج ہونا ـــــ بِالشَّيْءِ : خاص ہونا ـــــ ه بِالشَّيْءِ : خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اَللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کرلیتا ہے۔
تَخَصَّصَ۔ بِالشَّيْءِ : خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرَّجُلُ : خاص لوگوں میں سے ہونا۔
اِسْتَخَصَّ۔ الشَّيْءَ : مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔
الخُصُّ۔ بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج اَخْصَاص و خصُوص و خِصَاص۔ شہد (خِصٌّ) ناقص میٹھا۔
الخَاصُّ۔ فا۔ عام کی ضد۔ یکتا۔
الخَاصَّة۔ عَامَّة کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لیے خاص کرلو۔ خَاصَّةُ المَلِك : بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خَاصَّةُ النَّبَاتِ : نباتات کی قوت و اثر۔ ج خَوَاصّ ( ـــــ والخَوَاصُّ والخُصَّان والخِصَّان) مِنَ القوم : برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنما يَفْعَلُ هٰذَا خِصَّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔
الخَاصِّيَّة۔ خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خَاصِّيَّات و خَصَائِص۔
الأَخَصُّ۔ افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي اَطْبَائِهٖ اَخَصُّ مِنْ هٰذَيْن"
الخُصَاصَة۔ انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصَاص۔
الخَصُوص و الخُصُوص۔ علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ و خُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ يَّصْقُلَ الخَاطِرَ وَيُنَشِّطَ الفَاتِرَ كَفَائِلَةِ الهَوَاجِرِ و خُصُوصًا فِي شَهْرَيْ نَاجِرَ۔
الخَصَاص۔ سم۔ دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَ القَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الغَيْم" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہوگیا۔ وَلَمَحْتُهٗ مِنْ خَصَاصِ البَاب" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فُلَانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کردی۔
خُوَيْصَّة۔ الانسانِ : وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔
خَصَبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصْبًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المكانُ : سرسبز ہونا- زرخیز ہونا- صفت (خَصِب وخَصِيب ومُخْصِب ومِخْصَاب)

اَخْصَبَ- المكانُ : سرسبز ہونا ـــــ اللّٰهُ المكانَ : سرسبز کرنا ـــــ الشاةُ : سرسبزی میں پہنچنا ـــــ القومُ : سرسبزی پانا- کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز شاداب ہے-

الخَصْب- شگوفہ خرما- بہت پھل دار درخت خرما- واحد (خَصْبَة)

الخِصْب- سبز گھاس کی کثرت- فراخی زندگانی- ج اَخْصَاب- کہا جاتا ہے "بَلَد خَصِبٌ واَخْصَاب" (جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْض خَصِبَةٌ واَرْضُوْنَ خِصْبٌ واَرْضٌ خِصَبَةٌ وخَصْبَة"

الخُصْب- جانب- ایک قسم کا پہاڑی سفید سانپ-

الخِصَاب- بہت پھل دار درخت خرما- واحد (خِصَابة)

(رجل خَصِيب) بہت فیض والا مرد-

خَصِرَ (س) خَصَرًا- اليومُ : ٹھنڈا ہونا- ـــــ الرَّجُلُ : ٹھنڈک کی وجہ سے اطرافِ اعضاء میں تکلیف پہنچنا-

اَخْصَرَ- القَرُّ اَنَامِلَه : سردی کا اُنگلیوں کو ٹھنڈا کردینا-

خَاصَرَهُ مُخَاصَرَةً- ہاتھ پکڑ کر چلنا- کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا-

اِخْتَصَرَ- اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا- الكلامَ : مختصر کرنا ـــــ الطَّرِيْقَ : قریب کا راستہ چلنا- فی الشَّئ : زائد چیزیں حذف کرنا ـــــ الرَّجُلُ : ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا- بِالعَصَا : ٹیک لگانا-

تَخَاصَرَ- اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا ـــــ القومُ : ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا-

تَخَصَّرَ- اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا- بالمِخْصَرَة- لاٹھی کو ہاتھ میں لینا-

الخَصْر- کمر- خَصْر القَدَم : تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے- ج خُصُوْر-

الخَصَر- سردی-

الخَصِر- ٹھنڈا-

الخِصَار- ازار-

الخَاصِرَة- من الانسان : پہلو- ج خَوَاصِر- پہلو کا درد-

المِخْصَرَة- ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی' چھڑی وغیرہ- عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے- ج مَخَاصِر- مَخَاصِرُ الطَّرِيْق : اقرب ترین راستہ-

المُخَصَّر- باریک کمر والا- کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَيْن" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا-

رِجْلٌ (مَخْصُوْرٌ) کمر یا پہلو میں درد والا-

اَخْصَرُ- مختصر- اِخْتَصَرَ کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے-

خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ- النعلَ : جوتا سینا- جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا- الشَّئَ علی الشَّئ : چپکانا- کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْصِفُوْنَ اَقْدَامَ القَوْمِ بِاَقْدَامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں-

خُصِف- بہ پیچھے کیا جانا- لاحق کیا جانا-

خَصَّفَ- بدخلق ہونا- جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا- کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّيْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کردیئے-

الخَصْف- مہ- جوتا-

الخَصَف- سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ-

الخَصَفَة- کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری- موٹا کپڑا- ج خَصَف وخِصَاف-

الخُصَف والخُصَفَة- چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے-

الخُصْفَة- جوتے وغیرہ کا سوراخ-

الخَصَّاف- بڑا جھوٹا- موچی-

الخَصِيْف- راکھ- سلا ہوا جوتہ- تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے- (ـــــ والاَخْصَف) سفید و سیاہ- سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری- الاَخْصَف : شتر مرغ- مؤنث خَصْفاء-

المِخْصَف- لمثالی- ج مَخَاصِف- شاة (مَخْصُوْفَة) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری-

خَصَلَ (ن) خَصْلاً- الشَّئَ : کاٹنا- جدا کرنا- (خَصَلَ (ن) خَصْلاً و خِصَالاً) القومَ : فائق ہونا- مرتبہ میں بڑھ جانا-

خَصَّلَهُ- ٹکڑے کرنا ـــــ الشَّجَرَ : چھانٹنا-

خَاصَلَهُ خِصَالاً و مُخَاصَلَةً- تیر اندازی میں شرط لگانا-

اَخْصَلَ- الرَّامِي : نشانہ پر ٹھیک لگانا-

تَخَاصَلَ- القومُ : تیر اندازی میں باہم شرط لگانا-

الخَصْل- مہ- تیر کا نشانہ پر لگنا- شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو- جس پر جوا کھیلا جائے- کہا جاتا ہے- "اَحْرَزَ خَصْلَه واَصَابَ خَصْلَه" یعنی وہ غالب رہا- ج خُصُوْل-

الخَصْلَة- عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا- ج خِصَال (والخُصْلَة) گچھا- کانٹے دار لکڑی- تر لکڑی کا کنارہ- ج خُصَل- الخُصَل : لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ- الخُصْلَة- بالوں کا گچھا گوشت کا عضو-

الخَصِيْلَة- بالوں کا گچھا- گوشت جس میں پٹھا بھی ہو- ج خَصِيْل و خَصَائِل- کہا جاتا ہے "اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُه واِضْطَرَبَتْ خَصَائِلُه" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھرتھرانے لگا-

المِخْصَل- شمشیر بُراں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)

المِخْصَال- دارنتی-

خَصَمَهُ (ض) خَصْمًا- جھگڑے میں غالب آنا-

خَاصَمَهُ خِصَامًا و مُخَاصَمَةً- جھگڑا کرنا- اسم (الخُصُوْمَة) ہے-

اَخْصَمَهُ- جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا-

تَخَاصَمَ واِخْتَصَمَ- القومُ : ایک دوسرے سے جھگڑنا-

الخَصْم- مہ- مدمقابل- مخالف- جھگڑا کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



والا- تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے- کہا جاتا ہے "هُمَا وَهُمْ وَهِيَ خَصْمِيْ" ج خُصُوْم وخِصَام واَخْصَام"

الخُصْم- جانب- گوشہ- ج اَخْصَام و خُصُوْم-

الخَصِيْم- جھگڑالو- ج اَخْصَام وخُصَمَاء و خُصَمَان-

الخَصِم- ج اَخْصَام و خَصِمُوْن و (الخَصُوْم) جھگڑالو- مخالف- مدمقابل-

الخَصِيْن- کلھاڑی- ج خُصُن واخْصُن (مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے)

خَصَى (ض) خِصَاءً-ه : خصی کرنا-

الخَصِي- فوطوں میں درد والا-

الخَصِيُّ- وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں- آخِتہ- ج خِصْيَةٌ وخِصْيَان-

الخُصْيَة- فوطہ- ج خُصْي- خُصْيَةُ البَحْرِ و خُصَى الثَّعْلَبِ وخُصْيَةُ الدِّيْكِ وخُصْيَةُ الكَلْبِ : مختلف نباتات کے نام-

خَضَّضَ- الجَارِيَةَ : سفید مہرے پہنا کر سنوارنا-

خَاضَّهُ مُخَاضَّةً- بیع بالعوض کرنا-

الخَضَض- سفید مہرے- رنگ برنگ کے کھانے- بیہودہ گفتگو- کہا جاتا ہے "منطق خضض"

الخَضَاض- کم حیثیت زیور- روشنائی- قیدی کی بیڑی- کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا- رجلٌ خَضَاض وخَضَاضَةٌ : بیوقوف مرد- مکان (خَضِيْض) پانی سے تر جگہ-

خَضَبَ (ض) خَضْبًا وخَضَّبَ- الشَّيْءَ : رنگین کرنا-

خَضَبَ (ض) وخَضِبَ (س) خُضُوْبًا وخُضِبَ واَخْضَبَ الشجرُ والمكانُ : سرسبز ہونا-

تَخَضَّبَ واخْتَضَبَ- بالحِنَاء : رنگین ہونا- صفت (خَضِيْب) ج خُضُب و (مَخْضُوْب ومُخَضَّب)

اِخْضَوْضَبَ اِخْضِيْضَابًا- الشجرُ : سرسبز ہونا-

الخَاضِب شتر مرغ جس کے پنج پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں-

الخَضْب- سم- درخت کی سبزی-

بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی- ج خُضُوْب-

الخِضَاب- رنگ- رنگ کرنے کی چیز-

الخُضَبَة- بہت خضاب لگانے والی عورت-

الخَضُوْب- بارش کے بعد نئی لگی ہوئی سبزی-

الخَضِيْب- رنگا ہوا- کہا جاتا ہے "كَفٌّ خَضِيْبٌ وامْرَاَةٌ خَضِيْبٌ" رنگی ہوئی ہتھیلی- خضاب لگائی ہوئی عورت- ج خُضُب- الكَفُّ الخَضِيْب : ایک ستارے کا نام-

المِخْضَب- کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن- لگن-

خَضْخَضَ خَضْخَضَةً- الماءَ و نحوه : ہلانا-

تَخَضْخَضَ- ہلنا-

الخُضَاخِض- مِنَ الاَمَاكِن : جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں- بڑے پیٹ والا موٹا مرد (والخُضْخُض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا-

خَضَدَ (ض) خَضْدًا- العودَ : بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا- موڑنا ـــــ الشجرَ : کانٹے کاٹنا ـــــ الرَّجُلُ : لکڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا-

خَضَّدَهُ- کاٹنا-

تَخَضَّدَ وانْخَضَدَ- العودُ : ٹوٹنا- اِنْخَضَدَتِ الثمارُ : پھلوں کا پارہ پارہ ہونا-

الخَضَد- کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی- پھلوں کی پژمردگی- نباتات کی کمزوری-

خَضَدَ البَدَن : کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا- خَضَدَ السَّفَر : تکانِ سفر ( ـــــ والخَضَاد) اعضاء کا درد-

الخَضِد والمَخْضُوْد- اُٹھنے سے عاجز' کمزور- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخْضُوْدٌ" ذلیل سے عاجز مرد-

الاَخْضَد والمُتَخَضِّد- دوہرا ہونے والا-

المِخْضَد- بہت کھانے والا-

خَضِرَ (س) خَضَرًا- سبز ہونا ـــــ الزَّرْعُ : سرسبز وشاداب ہونا-

خَضَّرَ (ن) خَضْرًا- النخلَ : کاٹنا-

اَخْضَرَ- الرَّبِيْعُ النباتَ : سرسبز وشاداب کرنا-

خَضَّرَ- الشيءَ : سبز کرنا-

خَاضَرَهُ مُخَاضَرَةً- درخت کے اُوپر ہی کچا پھل بیچ دینا-

اِخْضَرَّ واِخْضَوْضَرَ- سبز ہونا- واِخْضَرَّ الليلُ : سیاہ ہونا-

اِخْتَضَرَ- الفاكهةَ : وقت سے پہلے کچا کھانا ـــــ العشبَ : سبز رہتے ہوئے کاٹنا ـــــ الجَارِيَةَ : بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا-

أُخْتُضِرَ : جوان مرنا-

الخِضْر والخَضِر- اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیدنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی- اور اس کی کچھ تفصیل سورۃ کہف میں ہے-

الخَضِر- سبز- ٹہنی- کھیتی- سبز ترکاری- سبزہ زار-

الخَضَار- نئی سبزی- زیادہ پانی ملا ہوا دودھ-

الخَضِيْر- سبز- سبز ترکاری-

الخُضْرَة- سبز رنگ- ترکاری- نرمی و تازگی- کہا جاتا ہے- "غُصْنٌ فِيْهِ خُضْرَةٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو- ج خُضْر وخُضُر و "خُضْرَة الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرَةُ فِي الْوَانِ الاَبِلِ والخَيْل : ٹیلا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو ـــــ فِي الْوَانِ النَّاسِ : گندم گونی-

الخَضَّار- سبزی فروش-

الخُضَارَة- سبز ترکاریاں- خَضَارَة : سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے-

الخُضَارِيُّ والخُضَرِيُّ- ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں- ج خَضَارِيٌّ-

الخَضْرَاء- اَخْضَر کا مؤنث- القُبَّة الخَضْرَاء : آسمان- وخَضْرَاءُ القَوْم : قوم کا بڑا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حصہ۔ ج خَضْرَاوَات۔ الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔
الأَخْضَران۔ گھاس و درخت۔
الأَخَاضِر۔ سونا۔ گوشت و شراب۔
الأُخَيْضِر۔ مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المَخْضَرَة۔ سبزہ زار۔
خَضْرَب خَضْرَبَةً۔ الماءُ: لہریں۔ ماءٌ (خُضَارِب۔ لہریلے والا پانی)
المُخَضْرِب۔ فصیح و بلیغ مرد۔
الخِضْرِيج۔ ککڑی، خربوزہ وغیرہ کی فالیز۔
الخُضَارِع والمُتَخَضْرِع۔ بخیل جو تکلف سے سخاوت کرے۔
خَضْرَمَ۔ الأُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم۔ بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِم" بہت فیاض مرد۔ (ـــــ والخَضَارِم) ج۔ خِضْرِمُوْن وخَضَارِم وخَضَارِمَة:
الخُضْرُم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی، گوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم۔ غیر مخنون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ مُخَضْرَمُ الدَّوْلَتَيْن: وہ شاعر جو بنو اُمیہ اور بنو عباس دونوں کی حکومتوں میں رہا ہو۔ نَاقَةٌ مُخَضْرَمَة: اُونٹنی جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو "مَاءٌ مُخْضَرَم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا و خَضْعًا و خُضْعَانًا۔ عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سر گندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضُع
ـــــ لَهُ: تابع و فرمانبردار ہونا ـــــ النجمُ: مائل بغروب ہونا ـــــ الرجلَ: ساکن کر دینا۔
خَضِع (س) خَضَعًا۔ الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء۔
خَضْعَعَهُ۔ عاجز کرنا ـــــ اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَخْضَعَ۔ عاجز ہونا ـــــ ہ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَنِيْ اَلَيْكَ الحَاجَةُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔
الكِبْرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَهُ۔ نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ واِخْضَوْضَعَ۔ بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَع۔ عاجز ہونا ـــــ الصَّقْرُ: ٹوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا ـــــ فی سَيْرِهٖ: تیز چلنا۔
الخَضَع۔ سہ۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الأَخْضَع۔ ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَة۔ ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع۔
الخَضَعَة والخَضْعَة۔ تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِيْعَة۔ آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَيْضَعَة۔ لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَيْضَع۔ مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَف (ض) خَضَافًا و خَضْفًا۔ گوز کرنا۔ صفت (خَضِيْف و خَضُوْف و خَضَّاف)
الخَضَف۔ چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔
الأَخْضَف۔ سانپ۔
المُخْضِفَة۔ شراب۔
خَضِلَ (س) خَضَلًا و اَخْضَلَ واِخْضَلَّ و اِخْضَوْضَلَ۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِل و خَاضِل) کہا جاتا ہے "عَيْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شَوَّاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر تازہ۔
خَضَّلَ و اَخْضَلَ۔ الشيءَ: تر کرنا۔
اِخْضَالَّ و اِخْضَأَلَّ۔ تر ہونا۔
ـــــ الشجرُ: بہت گھنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخَضَل والخَضْل۔ صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضْلَة)
الخُضْلَة۔ تروتازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔
الخَضِيْلَة۔ سرسبز و شاداب باغ۔
المُخْضَل والمُخْضَلُّ۔ آسودہ زندگی والا۔
الخَضْلَاف۔ گوگل کا درخت۔
خَضَمَ (ض) و خَضِمَ (س) خَضْمًا۔ الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔
اَخْضَمَ۔ لَهُ فی العَطَاء: زیادہ دینا۔
الخِضَمُّ۔ بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَيْفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔
الخُضَام والخِضَامَة۔ وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔
الخَضِيْمَة۔ سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔
الخُضْمَة۔ درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔
المُخْضَم والمُخَضَّم۔ آسودہ زندگی والا۔
خَطَّ (ن) خَطًّا۔ بالقَلَمِ: لکھنا۔
الخِطَّةُ لنَفْسِهٖ: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔
ـــــ الشَّيْءَ: قلم وغیرہ سے لکھنا ـــــ عَلَى الشيءِ: نشان لگانا۔ علامت لگانا ـــــ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ـــــ عذارهُ: رخسار پر بال نکلنا۔
القبرَ: کھودنا ـــــ الرِّيَاحُ الرملَ: دھاری ڈالنا ـــــ فی الأَرْضِ: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَازَاهُ فَمَا خَطَّ غُبَارَهٗ" اس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فلانٌ يُخَطُّ فِي الأَرْضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خَطَّ الطعامَ وفِي الطعَام: تھوڑا کھانا ـــــ فِي نَوْمِهٖ: خراٹے لینا۔
خَطْخَطَ۔ لکیریں کھینچنا ـــــ الخَطُوْطَ: نقش کرنا ـــــ البِلَادَ: حدود مقرر کرنا۔
اِخْتَطَّ۔ الوجهُ او غیرهُ: دھاری دار ہونا ـــــ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ـــــ الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا ـــــ خُطَّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخَاطُّ۔ فا۔ جادوگر۔

الخَطُّ۔ تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خَطُّ الاِسْتِوَاء: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطُوط۔ وخُطُوْطُ الکَفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطُّ والخَطُّ۔ راستہ۔ سڑک۔ محلہ۔

الخِطُّ والخِطَّة۔ وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لیے خاص کر لے۔ ج خِطَط۔

الخُطَّة۔ کام۔ کہا جاتا ہے "تِلْكَ خُطَّةٌ لَيْسَتْ مِنْ بَالِي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفی رَاْسِهٖ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ يَبْنِي خُطَطَ المَكَارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطَّی۔ نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطِّيَّة

الخَطُوْط۔ زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔

الخَطَّاط۔ بہت لکھنے والا۔

المِخَطّ۔ کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔

المُخَطَّط۔ دھاری دار۔ خوبصورت۔

خَطِئَ (س) خَطَأً۔ غلطی کرنا ـــــ فی دِيْنِهٖ: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (ـــــ خِطْأً وخِطَاْةً) گناہ کرنا۔ صفت (خَاطِئ) ج خَطَأَةٌ۔ مؤنث خَاطِئَةٌ ج خَوَاطِئ۔

خَطَأَتْ (ف) خَطْأً۔ القِدْرُ بِزَبَدِهَا: جھاگ پھینکنا۔

خَطَّأَهٗ تَخْطِيْئًا وتَخْطِئَةً۔ غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخْطَأَ اِخْطَاءً وخَاطِئَةً۔ غلطی کرنا ـــــ الطَّرِيْقَ: چوک جانا ـــــ الرَّجُلُ: غلطی میں ڈالنا ـــــ الرَّامِي الغَرَضَ: نشانہ پر نہ لگنا ـــــ فی عَمَلِهٖ: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تَخَطَّأَ وتَخَطَّاطَ۔ غلطی کرنا۔ تَخَطَّأَ وتَخَاطَاهُ: غلطی میں ڈالنا ـــــ السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَ لَهٗ فِي المَسْئَلَةِ وبِهَا: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔

الخِطْء۔ گناہ۔

الخَطْء والخَطَأ والخَطَاء۔ گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطَّاء۔ بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخَطِيْئَة۔ گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَايا وخَطِيْئَات۔

خَطَبَ (ن) خُطْبَةً وخُطْبًا وخَطَابَةً۔ وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ القَوْمَ وفی القَوْمِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطَابَةً۔ واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْبًا وخِطْبَةً وخِطِّيْبَى الفَتَاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الفَتَاةَ عَلٰى فُلَانٍ" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ (س) خَطَبًا۔ الشَّيْءُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَهٗ خِطَابًا ومُخَاطَبَةً وتَخَاطُبًا۔ باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاطَبَهٗ فِيْ فُلَانٍ" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَبَ۔ الصَّيْدُ فُلَانًا: قریب ہونا ـــــ الحِنْطَلُ: رنگین ہونا ـــــ الحِنْطَلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِخْتَطَبَ۔ الفَتَاةَ: منگنی کرنا ـــــ القَوْمُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا عَلَى المِنْبَرِ: خطبہ دینا۔

الخَطْب۔ مہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج خُطُوْب۔

الخِطَاب۔ گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَاب: فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمدللہ کے بعد اَمَّا بَعْدُ کہنا۔

الخُطْبَة۔ تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَةُ الكِتَاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَة: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطِّيب۔ منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِطِّيْبُهَا وهِيَ خِطِّيْبَةُ" ج۔ اَخْطَاب۔

الخِطْبَة۔ مہ۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب۔ منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطَّابَة۔ بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخَطَّاب کا مؤنث۔

الخَطِيْب۔ منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِيْبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء۔

الخِطِّيْب۔ عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّيْبُوْن۔

الخِطِّيْبَى۔ عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخْطَب۔ شکرا۔ مِنَ الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا انڈراین۔ الاَخْطَب: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَكْتَبُ اور شعْرٌ سے اَشْعَر۔ کہا جاتا ہے "كَانَ اَخْطَبَ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا وخَطِيْرًا۔ فِيْ مَشْيِهٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا ـــــ بِسَيْفِهٖ او وُجْهِهٖ: فخر و غرور سے ہلانا ـــــ بِيَدِهٖ: چلتے میں آگے پیچھے کرنا (ـــــ خَطْرًا او خَطَرَانًا او خَطِيْرًا) الجَمَلُ بِذَنَبِهٖ: بار بار اُٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ (ن ض) خُطُوْرًا۔ الاَمْرُ لَهٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِث: پیش آنا۔ خَطَرَ الاَمْرُ بِبَالِهٖ وعَلٰى وفِي بَالِهٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُوْرَةً۔ عالی مرتبہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہونا۔ صفت (خَطِیرٌ) ج خُطُرٌ۔
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً بِنَفْسِہٖ : خطرہ میں ڈالنا ـــــ ہ علٰی کَذَا : شرط لگانا۔
اَخْطَرَ۔ الشَّیْءَ فی او علٰی او بِبَالِہٖ : یاد دلانا ـــــ ہ : بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا ـــــ المالَ : مال کو شرط پر رکھنا ـــــ المَرِیْضُ : خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)
تَخَطَّرَ۔ پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَانِیْ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔
تَخَاطَرَ۔ القومُ عَلَی الشَّیْءِ : شرط لگانا۔
الخَطَر۔ غلہ کا ایک بڑا پیمانہ ( ـــــ والخَطْر) اونٹ کے سر پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔
الخِطْر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار۔
الخَطَر۔ قریب ہلاکت ج اَخْطَار۔ کہا جاتا ہے "رَکِبُوْا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِیْ ظِلِّ عِیْشٍ خَطِیْرٍ مَالَہٗ خَطَر۔ شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار۔ ج خُطُوْر۔
الخَطْرَة۔ ایک بار۔ تم کہتے ہو "مَا لَقِیْتُہٗ اِلَّا خَطْرَةً" میں اس سے ایک بار ملا۔
الخَاطِر۔ فا۔ آمر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال او و کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِیْ خَاطِرِیْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلَانٌ سَرِیْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جَاشَ الشِّعْرُ فِیْ خَاطِرِیْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر۔
الخَطَّار۔ الخاطِر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر
الخَطَّارَة۔ اونٹوں کا باڑہ۔
الخِطْر۔ عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَہٗ خَطِیْرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔
المَخَاطِر۔ خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)
الخُطْرُب و الخُطَارِب۔ افترا پرداز۔ جھوٹا۔
خَطْرَف و تَخَطْرَف۔ چلنے میں جلدی کرنا۔
صفت (خِطْرِیْف و خُطْرُف) خَطْرَفَہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا۔
خَطِفَ (س) خَطَفًا۔ الشَّیْءَ : اُچک لینا ـــــ البَرْقُ البَصَرَ : چندھا کر دینا ـــــ السمعَ : چوری سے سننا۔
خَطِف (س) و خَطَف (ض) خَطَفَانًا۔ تیز چلنا۔ صفت (خَطِیْف و خَیْطَف)
خَطَّف۔ اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)
اَخْطَفَہٗ۔ خطا کرنا ـــــ ہ المرضُ : بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا ـــــ الرجلُ : کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تَخَطَّفَ و اِخْتَطَفَ۔ الشَّیْءَ : چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخُطْف و الخُطُف۔ لاغری اور پہلوؤں کا ڈبلا پن۔
الخَطْفَة۔ جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اُتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخَاطِف۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف۔
اَخْطَفُ۔ الحَشَی : ڈبلا۔
الخَاطُوْف۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخَطَّاف۔ الخاطِف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔ الخَطَّاف : آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِیْف و خَطَاطِیْف السِبَاع : درندوں کے چنگل۔
الخَطَفَی و الخَیْطَفَی۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی الخَطَفَی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخَطِیْفَة۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خَطِل (س) خَطَلًا و اَخْطَلَ۔ فی کَلَامِہٖ : بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فی مَنْطِقِہٖ اَوْ رَأْیِہٖ : غلطی کرنا۔ جیسے "اِصَالَةُ الرَّای صَانَتْنِی مِنَ الخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تَخَطَّلَ۔ فِی المَشْیِ : ناز انداز سے چلنا۔
الخَاطِل۔ باطل۔
الخَطَل۔ مہ۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت روی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔
"اَرَیٰ فِی مَشْیَتِہٖ خَطَلًا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔
الخَطِل۔ بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف۔ سَہْمٌ خَطِل : نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اَخْطَال اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ اليَدَیْنِ" سخت ہاتھوں والا مرد و "رُمْحٌ خَطِل" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخَطِل : تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "اَحْوَصُ فِی الْھَیْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خَطِلٌ بالمعروف : داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاَخْطَل۔ لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلَاء ج خُطْل۔
الخَیْطَل۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خَطَمَہٗ (ض) خَطْمًا و خَطَّمَہٗ۔ بالخِطَام : نکیل لگانا۔ خَطَمَہٗ بِالْکَلَامِ : خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ : ناک پر مارنا۔ ( ـــــ خَطْمًا و خِطَامًا) القَوْسَ بِالْوَتَرِ : کمان پر تانت چڑھانا۔
اِخْتَطَمَ۔ الخِطَامَ : نکیل لگانا۔
المَخْطِم و المِخْطَم۔ ناک۔
الخَطْم۔ مہ۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ ـــــ مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ اَمْرٌ عَظِیْمٌ : بہادر کی چوٹی۔
الخِطَام۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خُطُم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخَاطِم- فا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ خَاطِمُ اَمْرِ بَنِیْ فُلَانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الخَطَّام- اسم مبالغہ- مِسْكٌ خَطَّامٌ: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الاَخْطَم- لمبی ناک والا- کالا- مؤنث خَطْماء- ج خُطْم۔

الخِطْمِیُّ- ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے- واحد (خِطْمِیَّة)

خَطَا (ن) خَطْوًا- قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔

خَطَّا واَخْطَی- الرجلَ: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا- خُطِیَ عَنْهُ الشَّیْءُ: زائل کیا جانا۔

تَخَطَّی تَخَطِّیًا واِخْتَطَی اِخْتِطَاءً- ہ اِلٰی کَذَا: پھاندنا- تجاوز کرنا- آگے بڑھ جانا۔

الخُطْوَة- چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ- عوام اسے فشخہ کہتے ہیں- مسافت- کہا جاتا ہے- قَرَّبَ اللّٰهُ عَلَیْكَ الخُطْوَةَ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں- ج خُطًی وخُطُوَات وخُطَوَات وخُطْوَات۔

الخَطْوَة- بمعنی خُطْوَة- خطا کا اسم مرۃ ـــــ فِی المَسَاحَةِ: چھ قدم۔

الخَطِیَّة- گناہ۔

خَطِئَ یَخْطَؤُ خَطْئًا- لَحْمُه: گٹھا ہونا۔

اَخْطَی- الرَّجُلُ: موٹا ہونا- اَخْطَاه: موٹا کرنا۔

الخَطِی- گٹھے بدن والا- کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ خَطِیَّةٌ بَطِیَّةٌ" گٹھیلی بدن کی عورت۔

الخَیْعَل- بھیڑیا- چھلاوہ- بغیر آستینوں کی قمیص- کہا جاتا ہے "خَیْعَلَهُ" یعنی اس نے اس کو بغیر آستینوں کی قمیص پہنائی- اور (تَخَیْعَلَ) اس نے بغیر آستینوں کی قمیص پہنی۔

خَفَّ (ض) خَفًّا وخِفَّةً وخَفَّةً- ہلکا ہونا- خفیف العقل ہونا- کم مال والا ہونا۔

ـــــ المطرُ: کم ہونا (ـــــ خَفًّا وخِفَّةً وخُفُوفًا) اِلَی العَدُوِّ: جلدی کرنا ـــــ القومُ: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔

خَفَّفَ- الشَّیْءَ: ہلکا کرنا ـــــ الحرفَ: مشدد نہ کرنا ـــــ الثوبَ: باریک بنانا۔

اَخَفَّ- کم سامان والا ہونا- سبک حال ہونا ـــــ الرجلَ: جہالت پر اکسانا- عیب لگانا۔

تَخَفَّفَ- چرمی موزہ پہننا- جلدی کرنا۔

تَخَافَّ- ہلکا پھلکا ہونا۔

اِسْتَخَفَّهُ- ہلکا سمجھنا- جاہل سمجھنا- حق وصواب سے ہٹانا ـــــ ہ الغناءُ: طرب ونشاط میں ڈالنا ـــــ ہ الطَّرَبُ: ـــــ

اِسْتَخَفَّ بِهٖ: حقیر جاننا۔

اَلْخِفُّ- ہلکا- تھوڑی جماعت- کہا جاتا ہے "خرجَ فِیْ خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔

الخُفُّ- للبَعِیْرِ والنَّعَامِ: اُونٹ اور شترمرغ کی ٹاپ- چرمی موزہ- ج اَخْفَاف وخِفَاف- کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَاحِكٌ" پھٹا ہوا موزہ- الخُفُّ: قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے- سخت زمین۔

الخِفَّة- ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)

الخَفِیْف- ہلکا- پھرتیلا- کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے و "خَفِیْفُ القَلْبِ" ذکی و "خَفِیْفُ العَقْلِ" بیوقوف و "خَفِیْفُ الظَّهْرِ" کم اولاد والا و "خَفِیْفُ الیَدِ" پھرتیلا و "خَفِیْفُ العَارِضَیْنِ" داڑھی میں کم بال والا- ج اَخِفَّاء وخِفَاف واَخْفَاف- الخَفِیْفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الخُفَاف- ذکی تیز فہم۔

الخَفَّاف- چرمی موزوں کا بیچنے والا۔

الخَفُّوف- بجو۔

خَفَأَ (ف) خَفْأً- الشَّیْءَ: اکھیڑ کر زمین پر پٹکنا ـــــ البیتَ: ڈھا کر گرا دینا ـــــ القِرْبَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔

خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا- الصوتُ: پست ہونا- صفت (خَافِتٌ وخَفِیْتٌ)- (ـــــ خُفَاتًا)- اچانک مرنا- (ـــــ و خَفْتًا وخَافَت وتَخَافَت- بِكَلَامِهٖ وبِصَوْتِهٖ: پوشیدہ رکھنا- پست کرنا- آہستہ کرنا ـــــ بالقِرَاءَةِ: آہستہ پڑھنا- خَافَتَهٗ: پست گفتگو کرنا- تَخَافَت: بتکلف ضعف وسکون ظاہر کرنا۔

الخُفْت- ایک قسم کی نباتات۔

الخَفْتَان- چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)

الخَافِتُ- بے پانی کا بادل- زرع خافت: کمزور پودہ جو ابھی لہلہانہ ہوا ہو۔

الخَفْقَل والخُفَافِل- کم عقل- ضعیف البدن- ج خفافل۔

خَفِجَ (س) خَفَجًا- البعیرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا۔

الخَفِیْج- کمزور- سُست۔

الاَخْفَج- خفج کی بیماری والا- ٹیڑھے پاؤں والا- عمود اخفج: ٹیڑھا ستون۔

الخَفَج- ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔

خَفْخَفَ خَفْخَفَةً- الخِنْزِیْرُ او الضَّبُعُ: آواز کرنا ـــــ الرَّجُلُ قَمِیْصَهُ الجَدِیْدَ اَوِ القِرْطَاسَ: حرکت دینے سے آواز نکالنا۔

الخَفْخَاف- وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔

خَفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدَانًا وخَفِدَ (س) خَفَدًا- تیز چلنا۔

الخُفْدُو والخُفْدُوْد- چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دو سر اپرندہ۔

الخَفِیْدَد- تیز چلنے والا- شترمرغ- ج خَفَادِد وخَفَادِیْد وخَفِیْدَدَات۔

خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَرًا- ہ وبِهٖ وعَلَیْهِ: پناہ دینا- حفاظت کرنا- امن دینا ـــــ ہ: پناہ دینے کی اُجرت لینا- خَفَرَ بِالعَهْدِ: وفا کرنا- عہد پورا کرنا- (ـــــ خَفْرًا وخُفُوْرًا) فلانًا: عہد توڑنا- بیوفائی کرنا۔

خَفِرَت (س) خَفْرًا وخَفَارَةً الجَارِیَةُ: بہت شرمیلی ہونا- صفت (خَفِرٌ وخَفِرَةٌ ومِخْفَار)

خَفَّرَه- امن دینا- حفاظت کرنا- شرمندہ کرنا- کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔

تَخَفَّرَ- بِهٖ: پناہ دینا- پناہ لینا- رہبر بننے کو کہنا- تَخَفَّرَتِ الجَارِیَةُ: بہت شرمیلی ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخَفَارَة- (بتثليث الخاء) رہبری- عہد- الخُفَارَة :راہبر کی اُجرت-
الخُفْرَة- خفارۃ کے معنی میں اسم ہے- کہا جاتا ہے "هو في خفرة الله" وہ اللہ کے ذمہ ہے "هَذَا خُفْرَتِي" یہ میرا راہبر ہے-
الخَفِير- پناہ دیا ہوا- پناہ دینے والا- حمایت و حفاظت کرنے والا- ج خُفَرَاء-
الخُفَرَة- پناہ دینے والا-
خَفَسَهُ(ن)خَفْسًا- ٹھوکا کرنا-
خَفَسَ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ :تھوڑا کھانا یا پینا-
البناءَ :عمارت ڈھانا-
خَفَسَ (ض)خَفْسًا و اَخْفَسَ- بہت بدزبانی کرنا-
اِنْخَفَسَ-الماءُ :پانی کا حقیر ہونا-
تَخَفَّسَ-الرَّجُلُ :لیٹنا-
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی شراب-
خَفَشَ (ن) خَفْشًا- بِهِ : پھینکنا ـــــ البناءَ :ڈھانا-
خَفِشَ (س) خَفَشًا- کمزور ہونا- پیدائشی کمزور نظر والا ہونا- تنگ آنکھ والا ہونا- رتوندوالا ہونا- صفت (خَفِشٌ و اَخْفَشُ)
خَفَّشَ-البدنُ :بدن کا کمزور ہونا-
ـــــ البناءَ : عمارت ڈھانا ـــــ الرجلَ : پچھاڑ کر پٹخ دینا ـــــ بالأرض : زمین سے چمٹنا-
الخُفَّاش- چمگادڑ- ج خَفَافِيش-
خَفَضَهُ(ض)خَفْضًا- پست کرنا- الصوتَ : آہستہ کہنا ـــــ الكلمةَ : زیر دینا- خَفَضَ الصَّوْتُ : آہستہ ہونا ـــــ بالمكان : اقامت کرنا ـــــ الرَّجُلُ : مرنا ـــــ الابلُ :آہستہ چلنا ـــــ الجَارِيَةَ :ختنہ کرنا-
خَفُضَ (ک) خَفَاضَةً- العيشُ : آسودہ و خوشحال ہونا- صفت (خَفِيضٌ و خَفُضٌ و خَافِضٌ و مخفوضٌ)
خَفَضَ-الشَّيءَ : آسان کرنا- نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِضْ عَلَيْكَ" یعنی اپنے اُوپر نرمی کرو-

تَخَفَّضَ-الامرُ : آسان ہونا-
اِنْخَفَضَ- بلندی کے بعد پست ہونا ـــــ الصوتُ :پست ہونا-
اِخْتَفَضَ-السعرُ :بھاؤ گرنا-
الخَافِض- فا- اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے- اور کہا جاتا ہے "هُوَ خَافِضُ الطَّيْرِ وَخَافِضُ الجَنَاحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے- مؤنث خَافِضَةٌ- الخَافِضَة : لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی-
الخَفْض- مد ( ـــــ و الخَفِيضَة) آسودگی- فراخی کی زندگی- کہا جاتا ہے "هُوَ فِي خَفْضٍ مِنَ العَيْشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے-
خَفَعَ (ف) خَفْعًا- بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا- خَفَعَهُ بالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا- (خَفْعًا و خَفْعَانًا)السترُ :ہلنا-
اَخْفَعَهُ-الجُوْعُ :چکرا کر گرا دینا-
اِنْخَفَعَ-بیہوشی کے قریب ہونا-
المَخْفُوع- دیوانہ-
خَفَقَهُ(ن ض)خَفْقًا- بالسَّيْفِ : آہستہ تلوار سے مارنا ـــــ النَّعْلُ : جوتے سے آواز نکلنا ( ـــــ خَفْقًا و خُفُوْقًا و خَفَقَانًا)الفؤادُ :دھڑکنا ـــــ الرَّايَةُ : پھڑپھڑانا ـــــ البَرْقُ : کوندنا ( ـــــ خُفُوْقًا) النجمُ : غروب ہونا ـــــ الليلُ : اکثر حصہ گزر جانا ـــــ الطائرُ : اُڑنا ـــــ الرَّجُلُ في البِلَادِ : سفر کرنا ـــــ المكان :خالی ہونا-
اَخْفَقَ- مضطرب ہونا- حاجت میں ناکام رہنا- محروم ہونا ـــــ القومُ : قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا ـــــ بِرَاسِهِ : اونگھ سے سر ہلانا ـــــ بِثَوْبِهِ :کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا ـــــ النجمُ :غروب ہونا ـــــ الطائرُ :بازو پھڑپھڑانا ـــــ ه :پچھاڑنا-
اِخْتَفَقَ- العَلَمُ او السرابُ : جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا-
الخَفْقَة- خَفَقَ کا اسم مرۃ-
الخِفْقَة- کوئی چیز جس سے مارا جائے- جیسے تسمہ وغیرہ-
الخَفق و الخَفِقَة و الخُفَق و الخُفَقَة پتلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَة اور خُفَقَة) میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے-) ج خِفَاق و خَفِقَات و خفقات-
الخَافِق- فا- مكانٌ خافِقٌ :انیس سے خالی جگہ- رَجُلٌ خَافِقُ العَيْنِ : دھنسی ہوئی آنکھ والا-
الخَفَّاق- اسم مبالغہ- خَفَّاقُ القَدَم :وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو-
الخَفَّاقَة- ذ ر- اِمْرَأَةٌ خَفَّاقَةُ الحَشَا :پتلی کمر والی عورت-
الخَافِقَان- پورب و پچھم-
الخَوَافِق و الخَافِقَات- خافقہ کی جمع- جھنڈے- خَوَافِقُ السَّمَاءِ :ہوا چلنے کی چاروں سمتیں-
الخَيْفَق- مصیبت- بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی- وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو-
المَخْفَق- ہموار زمین جس میں سراب حرکت کرتا ہوا ہو-
المِخْفَق- چوڑی تلوار-
المِخْفَقَة- کوڑا جس سے مارا جائے- اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا-
مَخَافِق-النجم :ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں-
المَخْفُوق- مغ- پاگل- دیوانہ-
الخَافِل- بھاگنے والا-
الخَفَن- پیٹ کا ڈھیلا ہونا-
الخَيْفَان- ٹڈی- واحد (خيفانة)
الخَفَّان- شتر مرغ کے چوزے-
الخُفَّان- ایک قسم کا نرم پتھر- یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفة" ہے-
خَفَا (ن) خَفْوًا و خُفُوًّا- البرقُ : چمکنا ـــــ الشيءُ :ظاہر ہونا-
خَفِيَ (ض) خَفْيًا و خُفِيًّا- الشَّيءَ :ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "خُفِيَ المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا- چھپانا- پوشیدہ کرنا- (ضد)
خَفِيَ (س) خَفَاءً و خُفْيَةً و خِفْيَةً- پوشیدہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہونا۔صفت(خَافٍ و خفیّ)
خفّی و اَخفٰی۔ الشَّیْءَ : پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْفِ عَنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔
وَاخْفَی الرجُلُ : چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخفی الشَّیْءَ : سرپوش بنانا۔
تَخَفّٰی و اِسْتَخْفٰی۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
اِخْتَفٰی۔ الشَّیْءَ : ظاہر کرنا۔ نکالنا ـــــ مِنْ فُلَان : چھپنا ـــــ البِئْرَ : کھودنا۔
الخَفَاء۔ مد۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاءُ" یعنی معاملہ واضح ہوگیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپالے۔ پوشیدہ چیز۔ ج اَخْفِیَۃٌ۔ اَخْفِیَۃُ الکَرٰی : آنکھیں۔ اَخْفِیَۃُ الزَّھْرَۃِ : کلی کے غلاف۔
الخَفِیُّ۔ لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجُلٌ خَفِیُّ البَطْنِ" پتلے ہوئے پیٹ کا مرد۔
الخَافِی و الخَافِیَاء۔ جن۔
الخَافِیَۃ۔ الخافی کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوَافٍ۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَافِیَۃٌ" جنوں کی سرزمین۔
الخَوَافِیُ۔ پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر۔ اور امثال عرب سے ہے "لَیْسَ القَوَادِمُ کالخَوَافِیْ" سیخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔
الخَفِیَۃ۔ الخَفِیُّ کا مؤنث۔ گنجان۔ جھاڑی۔ کنواں جس میں پانی ہو۔ ج خفایا و خفیّات کہا جاتا ہے۔ "بِہٖ خَفِیَّۃٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔
المُخْتَفِی۔ فا۔ کفن چور۔
خَقَّقَتْ (ض) خَقًّا و خَقْقًا و خَقِیْقًا۔ القِدْرُ : جوش سے سنسنانا۔ خَقَّ السَّیْلُ فِی الاَرْضِ : گہرا گڑھا کردینا (ـــــ و اَخَقَّتْ)
البَکَرَۃُ : چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا۔
الخَقُّ۔ ج اَخْقَاق و خُقُوق و (الاُخْقُوق و الاُخْقِیق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔
خَاقَان۔ ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَوَاقِیْن۔ کہا جاتا ہے (خَقَّنَہُ) القَوْمُ عَلٰی انفُسِہِمْ : لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا۔
خَلَّ (ن ض) خَلًّا و خُلُوْلًا۔ لَحْمُہٗ : ڈبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا (ن خَلًّا) الشَّیْءَ : سوراخ کرنا۔
ـــــ الفَصِیلَ : زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا ـــــ فِی دُعَائِہٖ : خاص کرنا۔
خَلَّ۔ اِلَیْہِ : محتاج و فقیر ہونا۔
خَلَّلَ۔ العَصِیْرَ : کھٹا ہونا۔ سرکہ بننا ـــــ العَصِیْرَ : سرکہ بنانا ـــــ الاَسْنَانَ : خلال کرنا۔ خَلَّلَ فِی دُعَائِہٖ : خاص کرنا۔
خَالَّہٗ مُخَالَّۃً و خِلَالًا و خَلَالًا۔ دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔
اَخَلَّ۔ محتاج ہونا ـــــ بالشَّیْءِ : کوتاہی کرنا۔ چھوڑ دینا ـــــ الوالِی بالثُّغُوْرِ : لشکر کم کردینا ـــــ بِمَرْکَزِہٖ : مرکز کو چھوڑ دینا ـــــ بِقَوْمِہٖ : غائب ہو جانا ـــــ بالرَّجُلِ : پورا حق نہ دینا۔ بالاَمْرِ : بُرے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخَلَّہُ اللّٰہُ : محتاج کر دینا۔ اُخِلَّ بِالرجُلِ : محتاج ہونا۔
تَخَلَّلَ۔ القومَ : قوم میں مل جانا ـــــ ہ بالرُّمْحِ : پیاپے نیزے مارنا ـــــ الشَّیْءُ فیہ : نفوذ کرنا ـــــ المطَرُ : مخصوص جگہ میں برسنا ـــــ الرَّجُلُ : خلال کرنا۔
اِخْتَلَّ۔ الامرُ : کمزور و فاسد ہونا ـــــ عَقْلُہٗ : خراب ہونا ـــــ اِلَیْہ : محتاج ہونا ـــــ العَصِیْرُ : سرکہ بننا ـــــ لَحْمُہٗ : لاغری کی وجہ سے کم ہونا ـــــ الرَّجُلُ : اپنے لیے سرکہ بنانا۔
تَخَالُّوْا تَخَالًّا۔ باہم دوستی کرنا۔
الخَلُّ۔ مد۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی پھٹن۔ ج اَخُلٌّ و خِلَال۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ خَلٌّ وَلَا خَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "وَلَسْتُ مِنْ ھٰذَا الاَمْرِ فِیْ خَلٍّ وَلَا خَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمُّ الخَلِّ : شراب۔
الخِلُّ و الخُلُّ۔ دوست۔ مؤنث خَلٌّ و خَلَّۃٌ۔ ج اَخْلَال۔
الخِلَل۔ سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلَال۔
الخِلَل۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ واحد (خِلَلَۃ) کہا جاتا ہے "ھو خِلَل القَوْمِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔
الخَلَّۃ۔ عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ، تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلَال و خَلَل۔ الخَلَّۃ : ہلکی پھلکی عورت۔
الخُلَّۃ۔ گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج خُلَل۔ دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوبہ۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "ھُوَ وَھِیَ وھُنَّ خُلَّتِی"
الخِلَّۃ۔ دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ ج خِلَل و خِلَال۔
الخِلَال۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگادی جاتی ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلَّۃ (ـــــ و الخِلَالَۃ) دانت صاف کرنے کا تنکا۔
الخِلَال و الخُلَالَۃ۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ و خِلَالُ الدِّیَارِ : شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے ھو خِلَالُھُم : وہ ان کے درمیان ہے۔
الخَلَالَۃ و الخِلَالَۃ و الخُلَالَۃ۔ سچی دوستی۔
الخَلِیْل۔ خالص دوست۔ ج اَخِلَّاء و خُلَّان۔ لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خَلِیْلَۃ۔ ج خلیلات و خلائل۔ شئ خلیلٌ : چھدی ہوئی چیز۔
الخَلَّال۔ سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا۔
الاَخَلُّ۔ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔ رجلٌ (مِخَلٌّ) محتاج مرد۔
خَلَا (ف) خُلُوْءً۔ ا۔ جگہ سے نہ ٹلنا۔ خَلَات الناقۃُ : اڑ جانا۔
خَالَا مُخَالَاۃً۔ القومُ : ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔
خَلَبَہٗ (ن ض) خَلْبًا۔ بِظُفْرِہٖ : خراش لگانا، زخمی کرنا ـــــ السَّبُعُ الفَرِیْسَۃَ : چنگل سے پکڑنا ـــــ الفَتٰی : جوان کے دل کو چھین لینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔
خَلَبَہ (ن) خَلْبًا و خِلَابًا و خِلَابَۃً و خَالَبَہ مُخَالَبَۃً و خَلَّبَہ و اخْتَلَبَہٗ : نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خَالِبٌ و خَلُوبٌ و خِلَّابٌ و خَلْبُوت) مؤنث خَالِبَۃٌ و خَلِبَۃٌ و خَلُوْبٌ و خَلَّابَۃٌ و خَلْبُوْت۔
خَلِبَت (س) خَلَبًا۔ المرأۃ : بیوقوف ہونا۔ صفت خَلْباء۔
اَخْلَبَ۔ الماءُ : کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)
اِسْتَخْلَبَہٗ۔ بِطُفْرِہٖ : خراش لگانا۔
الخِلْب۔ جگر کے اُوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخْلَاب ( ـــــ والمِخْلَب) چنگل۔ ج مَخَالِب۔ المِخْلَب : وار نتی۔
الخُلْب و الخُلُب۔ کھجور۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسّی۔
الخُلَّب۔ بے بارش کا بادل۔ والبَرقُ الخُلَّب و بَرْقُ الخُلَّب : بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنَّما اَنْتَ کَبَرقِ خُلَّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔
الخِلِّیبی فریب۔
المُخَلَّب۔ مِنَ الثِّیاب : بہت نقش و نگار والا کپڑا۔
الخُلْبُوب۔ فریبی۔
خَلْبَسَہ۔ او خَلْبَسَ قلبہ : فریفتہ کرنا۔
الخُلَابِس۔ نرم بات۔
الخُلَابِس و الخَلَابِس و الخَلَابِیْس : باطل و جھوٹی باتیں۔ الخَلَابِیْس : کمینے و فرومایہ لوگ۔
الخَلْبُوْس۔ چقماق۔
خَلْبَص۔ بھاگنا۔
الخَلْبُوْص۔ چڑیا کا ہم رنگ اس سے چھوٹا ایک پرندہ۔
خَلَجَہ (ن ض) خَلْجًا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ـــــ ہ بِعَیْنِہٖ : آنکھ سے اشارہ کرنا ـــــ الشَّیْءَ : حرکت دینا ـــــ ہ بالسَّیْف : تلوار سے مارنا ـــــ الولدَ : دودھ چھڑانا ـــــ ہ الامرُ : مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْہُ اُمُوْرُ الدُّنیا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔
خَلَجَت (ن ض) خَلْجًا و خُلُوْجًا و خَلَجَانًا۔ العین : پھڑکنا۔
خَلِج (س) خَلَجًا۔ چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا ـــــ الشَّیْءُ : بگڑنا۔ خراب ہونا۔
خَالَج۔ قلبہ امرٌ : کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔
اَخْلَجَ۔ حَاجِبَیْہِ : مٹکانا۔
تَخَلَّجَ۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا' جھکنا ـــــ الشَّیْءَ : کھینچنا۔
تَخَالَجَتْہ۔ الھُمُوْمُ : کہا جاتا ہے "تخالج فی صدری شی" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔
اِخْتَلَجَ۔ جھڑجانا ـــــ العینُ : پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا ـــــ الشیٔ فی صدرہ : خلجان ہونا ـــــ الشَّیْءَ : کھینچ کر نکالنا ـــــ الولدَ : دودھ چھڑانا۔
اُخْتُلِجَ۔ من بینھم : مرنا۔
الخَالِج۔ فا۔ موت۔
الخُلْج۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخْلَج۔ رسّی۔
الخَلِیْج۔ من البحر : کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسّی۔ ج خُلجان و خُلُج۔ خَلِیْجًا النھر : دریا کے دونوں جانب۔
الخِلَاج۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر۔
الخَلُوْج۔ اُونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اُونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔
الاِخْلِیْج۔ ایک قسم کی گھاس ـــــ مِنَ الخَیْل : تیز رفتار گھوڑا۔
خَلْخَل۔ العظمَ : گوشت چھڑا کر صاف کرنا ـــــ المرأۃَ : بازیب پہنانا۔
تَخَلْخَل۔ الشَّیْءُ : کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا ـــــ من مکانہٖ : جگہ سے ہلنا ـــــ المرأۃ : بازیب پہننا ـــــ الثوبُ : بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال۔ ج خَلَاخِیْل و (الخَلْخَل والخُلْخُل) ج خَلَاخِل۔ بازیب۔ ثوب (خَلْخَالٌ و خَلْخُل) باریک کپڑا۔
المُخَلْخَل۔ پنڈلی بازیب پہننے کی جگہ۔ عسکر (مُتَخَلْخِل) بکھری ہوئی فوج۔
خَلَدَ (ن) خُلُوْدًا۔ ہمیشہ رہنا۔ ( ـــــ خَلْدًا و خُلُوْدًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِد و مُخْلَد و مُخْلِد و مُخَلَّد)
ـــــ الی المَکَان و بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا ـــــ الی الارض : چمٹنا۔
خَلَّدَ و اَخْلَدَ۔ الی المکان و بِالمَکَانِ : اقامت کرنا ـــــ ہ : ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخْلَدَ بِصَاحِبِہٖ : ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ اِلَیْہِ : مائل ہونا۔ جھکنا۔
الخُلْد۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد : چھچھوندر۔
مَنَاجِذُ الخُلْد : کنگن۔ بالی۔ ج خِلْدَۃ۔
الخَلْد۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلْدَۃ۔ بالی۔ کنگن۔
الخَالِد۔ فا۔ اَبُوْ خَالِد : کتا۔
الجَزَائِرُ الخَالِدَات۔ جزائر کناری۔
الخَوَالِد۔ دیگ دان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔
الخُلَّر۔ ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ (ض) خَلْسًا و خِلِّیْسَی۔ الشَّیْءَ : فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخْلَسَ۔ النبتُ : سبز اور خشک ملا جلا ہونا ـــــ الرأسُ : بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلْسٌ و خَلِیْسٌ و مُخْلِس اَخْلَسَتِ الارضُ : کچھ ہریالی ہونا۔
خَالَسَہٗ مُخَالَسَۃً۔ جلدی کرنا۔
تَخَالَسَ۔ القوم الشَّیْءَ : ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَخَالَسَانِ اَنْفُسَھُمَا" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِخْتَلَسَ۔ الشَّیْءَ : فریب سے جھپٹا مار لینا ـــــ القارِئُ الحَرْکَۃَ : پڑھنا۔ اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرفِ علت پیدا ہو جائے۔

الخُلْسَة۔ جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت۔ اور اسی سے ہے "الخُلْسَةُ سَرِيعَةُ الفوتِ بَطِيئَةُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔

الخَلِيس و الخَلَّاس۔ چوکنا، بہادر۔

الخَلِيسَة۔ درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔

الخِلَاسِيُّ۔ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔

خَلَص (ن) خُلُوصًا و خَلَاصًا۔ خالص ہونا ـــــ مِنَ الهلاک : نجات پانا۔ محفوظ رہنا ـــــ الماءُ مِنَ الكَدِرِ : صاف ہونا ـــــ الى المكانِ و بالمكانِ : پہنچنا ـــــ مِنَ القَوْمِ : جدا ہونا۔

خَلِص (س) خَلَصًا۔ اللحمُ : گوشت میں ہڈی کا چور ا ہونا۔

خَلَّصَه۔ من كذا : نجات دینا۔ خَلَّصَ الشَّيْءَ صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرَّجُلُ : مشکل سے دینا۔

خَالَصَه مُخَالَصَة۔ في العشرة او المَوَدَّة : خلوص برتنا۔ خَالَصَهُ الودَّ : خالص دوستی کرنا۔

تَخَالَصَا۔ باہم خالص دوستی کرنا۔

اَخْلَصَ۔ الشَّيْءَ : خلاصہ لینا۔ چن لینا۔

ـــــ ه اللّٰهُ : عیوب سے خالی کرنا ـــــ الطاعة وفي الطَّاعَةِ : بے نام و نمود کے کرنا ـــــ له الحبَّ او القول : کھوٹ سے خالی کرنا۔

تَخَلَّصَ۔ منه : نجات پانا۔ جدا ہونا ـــــ من كذا الى كذا : منتقل ہونا۔

اِسْتَخْلَصَه۔ چن لینا ـــــ الشيءَ منه : اپنے لیے حاصل کرنا۔

الخَلَاص۔ مص ( ـــــ و الخِلَاص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔ (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلَاصَة و الخِلَاصَة۔ خالص گھی۔ پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلَاصَةُ الْكَلَامِ"

الإخْلَاص و الإخْلَاصَة۔ کھوٹ جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "كَلِمَةُ الإخْلَاصِ" لا اِلٰه الا اللّٰه

الخَلْص۔ ہر سفید چیز۔

الخِلْص۔ ج خُلَصَاء و (الخُلْصَان) یا ریا خالص دوست۔ خُلْصان مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خُلْصَانِيْ و هُمْ خُلْصَانِي"

الخَالِص۔ فا۔ بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخَالِصَة۔ خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَالِصَتِي" وہ میرا دوست ہے و "هٰذا الشَّيْءُ خَالِصَةٌ لَكَ" یہ چیز تمہارے لیے مخصوص ہے۔

الخُلُوص۔ رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی

المُخَلِّص۔ فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خَلَّطَ۔ الشَّيْءَ بالشيءِ : ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِيْضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ في الكَلَامِ" اس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ في الشَّيْءِ : خراب وفاسد کرنا۔

اَخْلَطَ۔ الفرسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَه مُخَالَطَةً و خِلَاطًا۔ ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا ـــــ الدَّاءُ فُلَانًا : بیماری لاحق ہونا۔

خُوْلِطَ۔ في عَقْلِهِ : مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ۔ ملنا ـــــ الظَّلَامُ : تاریکی کا چھا جانا ـــــ الرَّجُلُ : خراب عقل والا ہونا۔

ـــــ الفرسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوْا۔ باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلْط۔ مص۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط۔ ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِلْطٌ بَيِّنُ الخَلَاطَةِ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخْلَاط۔ حرامی۔ اور کہا جاتا ہے "رجل خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الأَخْلَاط۔ ملی جلی قسمیں۔ اَخْلَاطُ الجَسَدِ في عُرْفِ الأَقْدَمِيْنَ۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔

و اَخْلَاطُ القَوْمِ : قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط۔ بیوقوف۔

الخُلْطَة۔ شرکت۔

الخِلَاط۔ آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلَاطَة۔ عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِيْط۔ ج خُلُط و خُلَطَاء : خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِيْطُ الرَّجُلِ : میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِيْطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَيْطَى و الخُلَيْطَى۔ معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے و "قَعُوْا في خُلَيْطَى" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلَاط و المِخْلَط۔ بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا۔ الشَّيْءَ : اُتارنا ـــــ كَتِفَه او وَرِكَه : عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ـــــ القائدَ : معزول کر دینا ـــــ الدابةَ : بندش سے آزاد کر دینا ـــــ العِذارَ : اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) ـــــ عَلَيْه ثَوْبًا : خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَّجَرُ : پتے جھڑنا، نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا۔ ابنه : عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خِلِّيْع) زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔

ـــــ اِمْرَأته : مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خالِعٌ) اسم (الخُلْعَة)

خُلِعَ۔ المَيِّتُ : کفن جدا کیا جانا۔

خَلَعَ (ک) خَلَاعَةً۔ خواہشاتِ نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَالَعَ مُخَالَعَةً۔ اَلرَّجُلُ زَوْجَتَه اَو المَرَاَةُ زَوْجَهَا :مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔
خَالَعَ الرجلَ :جوا کھیلنا۔
خَلَعَهٗ۔ جدا جدا۔ خالص کرنا۔
اَخْلَعَ۔ السنبل : خوشہ میں دانے بیٹھنا ـــــ الشجرُ :نئے پتے نکلنا۔
تَخَلَّعَ۔ فی المَشْیِ :چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا ـــــ فی الشراب : منہمک ہونا ـــــ القومُ :چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔
تَخَالَعَ۔ الزَّوْج والزَّوْجَةُ : مال پر جدائی اختیار کرنا ـــــ القومُ :باہم عہد توڑنا۔
اِنْخَلَعَ۔ ہٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔
اِخْتَلَعَ۔ الشئ :نکال لینا۔ کھینچ لینا۔
اِخْتَلَعُوا الرجُلَ : مال لے لینا۔ اِخْتَلَعَتِ المرأةُ مِنْ زَوْجِهَا : مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)
الخِلْعَة۔ کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں۔ اُتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔
الخُلْعَة۔ عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فیه خُلْعَة" اس میں کمزوری ہے۔
الخُلاَع۔ ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔
الخَلِیع۔ بے حیائی کا کام کر کے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوئے باز۔ ج خُلَعَاء۔ بھیڑیا۔ بھوت۔ ثوبٌ خَلِیعٌ بوسیدہ کپڑا۔
الخَلِیعَة۔ بے حیائی۔ الخلیع کا مؤنث۔ من مانی عورت۔
الخَوْلَع۔ بیوقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (ـــــ والخَیْلَع) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخَیْلع : بے آستینوں کی قمیص۔ رَجُلٌ خَیْلَع :کمزور مرد۔
المُخَلَّع۔ مفـ ـــــ من الرجال : کمزور سُست۔ اکھڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو۔
الخَلْعاء والخَلْعَل۔ بجو۔
خَلَفَه (ن) خِلاَفَةً و خَلِّیفی۔ جانشین ہونا ـــــ رَبُّه فِی قَوْمِهٖ :جانشین بنانا۔ الرجلَ : قائم مقام ہونا ( ـــــ خَلْفًا و خِلْفَةً) الفَاکِهةُ بَعضُهَا بَعْضًا :ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا ـــــ خَلاَفَةً و خُلُوْفًا) الغلامُ : بیوقوف ہونا۔ صفت (خَالِف خالِفَة) ـــــ عن خُلُقِ اَبِیْهِ : باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا ( ـــــ خُلُوْفًا و خُلُوْفَةً) فم الصَّائم : مُنہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلْفًا) الرجلُ لِاَهْلِه : اپنے گھر والوں کے لیے پانی لانا ـــــ البیتَ :پچھلے حصہ میں ستون لگانا ـــــ اَبَاه : باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰهُ لَكَ و عَلَیْكَ" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں ـــــ الثوبَ : مرمت کرنا ـــــ عَنْ اَصْحَابِه : پیچھے رہ جانا ـــــ فلانًا :پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "خَلَفَ لَهٗ بالسَّیْفِ" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری۔ و "خَلَفَ لَهٗ بِخَیْرٍ او شَرٍّ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔
خَلِفَ (س) خَلَفًا۔ بائیں ہتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ خَلِفَتِ النَّاقَةُ : حاملہ ہونا۔ صفت (خَلِفَة)
خَلَّفَ۔ الشئَ :پیچھے چھوڑنا۔ مؤخر کرنا ـــــ ہ :جانشین بنانا۔
خَالَفَهٗ خِلاَفًا و مُخَالِفَةً۔ ناموافقت کرنا۔
خَالَفَ عَنْ كَذَا : پیچھے رہنا ـــــ بَیْنَ رِجْلَیْه : آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خَالَفنی عَنْ كَذَا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو۔ اور "خَالَفنی اِلٰی كَذَا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔
اَخْلَفَ۔ بُو کا بدلنا یا خراب ہونا ـــــ الثوبَ : مرمت کرنا ـــــ لِاَهْلِه :اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا ـــــ وَعْدَهٗ وبِوَعْدِه : پورا نہ کرنا ـــــ ہ : وعدہ خلاف پانا ـــــ الغَیْثُ : اُمید کے بعد نہ برسنا ـــــ الشجرةُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا ـــــ الطَّائرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا ـــــ الغلامُ : قریب البلوغ ہونا ـــــ لنفسه :ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا ـــــ ہ : پیچھے ڈالنا ـــــ الدَّوَاءُ فلانًا : کمزور کرنا ـــــ اللّٰهُ علیه :ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔
تَخَلَّفَ۔ عنهم : پیچھے رہنا ـــــ القومَ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
تَخَالَفُوْا و اِخْتَلَفُوْا۔ اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔ اِخْتَلَفَه : جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ و اِخْتَلَفَ اِلَی المکان :بار بار جانا۔
اِسْتَخْلَفَهٗ۔ اپنا جانشین بنانا ـــــ فلانًا من فلان : قائم مقام کرنا۔ اِسْتَخْلَفتِ الارضُ : گرمی کی گھاس کو اُگانا۔ اِسْتَخْلَفَ الرَّجُلُ لِاَهْلِه : اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔
الخَلْف۔ ہ۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هٰؤُلاءِ خَلْفُ سُوْءٍ" اُن لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سَكَتَ اَلْفًا و نَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلاڑی کی دھار' بڑا کلاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے۔ بمعنی پیچھے وبعد ازاں۔
الخُلْف۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف مفروض خلیف کی جمع۔ قِیَاسُ الخُلْفِ : منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔
الخِلْف۔ مختلف۔ اُونٹنی کے تھن کا سرا۔ موسم بہار کی گھاس۔ ج اَخْلاَف و خِلْفَة
الخِلْفَان : دو مختلف صفات والے۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ وَلَدَان خِلْفَان" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے۔ اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَیْنِ" اُونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے۔ ذَاتُ الخِلْفَیْنِ" کلاڑا جس کے دو سرے ہوں۔ ج ذَوَاتُ الخِلْفَیْنِ۔
الخَلَف۔ ولد یا ولد صالح۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "فی هٰؤُلاءِ القَوْمِ خَلَفٌ مِمَّنْ مَضٰی" یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ اللّٰهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔نسل۔اولاد۔کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامٌ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔و "هُوَ خَلَفٌ صدق عن اَبِيْهِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف۔فا۔بیوقوف۔وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔نَبِيْذٌ خَالِفٌ : بگڑی ہوئی شراب۔الخَالِف : گوشت جس میں کچھ بُو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخَالِفة۔الخالف کا مؤنث۔گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔مکان کے پچھلے حصّہ کا ستون۔رَجُلٌ خَالِفَةٌ : بیوقوف۔جھگڑالو۔بہت اختلاف کرنے والا۔کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ خَالِفَةٍ هُوَ وَاَيُّ الخالِف هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف۔عورتیں۔وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلاَف۔ناموافقت۔بید کی ایک قسم۔آستین۔المَسَائِلُ الخِلاَفِيَة : مختلف فیہ مسائل۔

الخِلافة۔امارت۔قائم مقامی۔امامت۔

الخَلْفَة۔مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ج خُلَف۔

الخِلْفَة۔آنا جانا۔مخالفہ۔مختلف۔کپڑے کا پیوند۔گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔باقی ماندہ چیز۔کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آجارہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔و "قَوْمٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔و "فِي البِئْرِ خِلْفَةٌ مِنَ الْمَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة۔مخالفت۔بیوقوفی۔عیب۔کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلِيْف۔دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔وعدہ خلاف کرنے والا۔ج خُلْف و خُلُف و خَلَف۔

الخَلِيْف : وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکالے۔

الخَلِيْفَة۔جانشین۔قائم مقام۔بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔یہ مذکر ہے۔کہا جاتا ہے "هٰذَا خَلِيْفَةُ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ اُخْرٰى" ج خلفاء و خَلَائِف۔پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَةُ خُلَفَاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔تم کہو گے "ثَلَاثَةُ اَوْ ثَلَاث خَلَائِف"

الاَخْلَف۔بائیں ہتھا۔بھینگا۔کم عقل۔سیلاب۔نر سانپ۔

الْمِخْلَاف۔بہت وعدہ خلاف۔ج مَخَالِيْف۔

المِخْلَاف : پروا۔اور اسی سے مَخَالِيْف اليمن ہے۔

المَخْلَفَة۔بید اگنے کی جگہ۔راستہ۔مرحلہ۔منزل۔

خَلَقَهٗ (ن) خَلْقًا و خَلْقَةً۔پیدا کرنا۔عدم سے وجود میں لانا ـــــ الكذبَ : جھوٹ گھڑنا ـــــ الأَدِيْمَ : کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ـــــ الشيءَ : ہموار کرنا۔چکنا کرنا۔ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلَقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَةً و خَلَاقَةً۔چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً و خَلَقًا۔الثوبُ : بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشيءُ لَهٗ۔لائق ہونا۔سزاوار ہونا۔خَلُقَ الغُلامُ : اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَهٗ۔خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ـــــ العودَ : ہموار کرنا ـــــ القِدْحَ : نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخَالَقَةً۔خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَخْلَقَ۔الثوبُ : بوسیدہ ہونا ـــــ الشبابُ : جوانی کا ختم ہونا ـــــ الثَّوْبَ : بوسیدہ کرنا ـــــ ہ الثوبَ : بوسیدہ کپڑا پہنانا۔کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَهٗ دِيْبَاجَتَيْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ۔خلوق سے خوشبودار ہونا۔

ـــــ بِغَيْرِ خُلُقِهٖ : بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔اور اسی سے ہے "لَيْسَ التخلُّقُ بِالاَخْلَاقِ كَالخُلُقِ" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

( ـــــ واخْتَلَقَ) الكذبَ : جھوٹ گھڑنا۔افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ۔الثوبُ : بوسیدہ ہونا ـــــ الرسمُ : زمین کے برابر ہو جانا ـــــ متنُ الفَرسِ : چکنی ہونا ـــــ الدَّاءُ : ویران ہونا۔اور عسٰی کے معنی میں اُمید کے لیے بھی مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے اِخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ اَنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق۔مہ۔فطرت۔لوگ۔ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة۔فطرت۔ہیئت۔ج خِلَق۔

الخُلْق و الخُلُق۔طبعی خصلت۔طبیعت، مروّت۔عادت۔ج اَخْلَاق۔علم الاخلاق : حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق۔مہ۔بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثوبٌ خَلَقٌ وجُبَّة خَلَقٌ" ج اَخْلَاق و خُلْقَان اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ اَخْلَاقٌ وثِيَابٌ اَخْلَاقٌ"

الخَلِق۔بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلَاق۔بھلائی کا وافر حصّہ۔

الخُلَاق۔چکنا۔

الخِلَاق و الخُلُوْق۔ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الخَلِيْق۔لائق مناسب۔کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِيْقٌ بِهٖ" وہ اس کے لائق ہے۔کامل و معتدل اخلاق والا۔ج خُلُق و خُلَقَاء۔

الخَلِيْقَة۔طبیعت۔مخلوق۔کنواں جو کھودا جارہا ہو۔ج خَلَائِق۔

الاَخْلَق۔زیادہ لائق۔چکنا۔فقیر۔مؤنث خَلْقَاء۔

المُخْتَلِق۔کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق۔اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔کہا جاتا ہے "هو (مَخْلَقَة) بِذالك و لِذَلك" وہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے لائق ہے۔
الخِلْقِين۔ بڑا دیک۔ ج خَلاقِين۔
خَلَمَهُ تَخْلِيمًا وإخْتَلَمَهُ۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔
خَالَمَهُ مُخَالَمَةً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِمٌ)
الخِلْم۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج اَخْلام و خُلَمَاء۔
الخَالِم۔ ہموار۔
ابل (خِلْمَة) چرنے والے اونٹ۔
خَلا (ن) خُلُوًّا و خَلاءً۔ الاناءُ: خالی ہونا ـــــ المكانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا ـــــ الرَجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا ـــــ عَلَى الشيءِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا ـــــ عَلَى فلان: اعتماد کرنا ـــــ بِهِ: فریب کرنا ـــــ الشيءَ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه لخَمْسٍ خَلَوْنَ مِن الشَهرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا ـــــ عَنِ الأمْرِ و مِنْهُ: بیزار ہونا۔ عَنِ الشيءِ: بھیجنا ـــــ بالشَيءِ: منفرد ہونا۔
خَلا (ن) خَلْوَةً و خُلُوًّا و خَلاءً۔ بِهِ وَمَعَهُ وإلَيْهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلا الرَجُلُ بنَفْسِهِ" منفرد ہونا ـــــ للأمْرِ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ـــــ بالمَكانِ: لازم رہنا ـــــ بَالُه: مطمئن ہونا ـــــ الحُزْنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَال) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "إفْعَل كَذَا و خَلاكَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔
خَلَّى تَخْلِيَةً۔ الامرَ و عَنْه: چھوڑنا ـــــ مَكَانَهُ: مرنا ـــــ سَبِيلَهُ: چھوڑنا' آزاد کرنا ـــــ بَيْنَ المُشْتَرِي والمَبِيعِ: سپرد کرنا ـــــ بينهما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔
خَالاهُ مُخَالاةً۔ چھوڑ دینا۔
اَخْلى إخْلاءً۔ المكان: خالی کرنا یا پانا ـــــ المكانُ: خالی ہونا ـــــ هو بِهِ و مَعَهُ: تنہائی میں ملنا ـــــ فُلانًا مَعَهُ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا ـــــ عَنْهُ: چھوڑنا۔
تَخَلّى۔ تنہائی میں رہنا ـــــ مِنْه و عَنْهُ: چھوڑنا ـــــ لَهُ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ـــــ خَلِيَّةً: اپنے لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔
إخْتَلى: تنہائی میں رہنا۔
إسْتَخْلى۔ ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا ـــــ بالمَلِكِ: تنہائی میں ملنا ـــــ المكانُ: خالی ہونا۔
الخَلاء۔ مد۔ خالی مکان۔ پائخانہ۔ مكان خَلاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "باتَ في البَلَدِ الخَلاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاءُكَ أقْلى لحَيائِكَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے۔ "و أنَا مِنْه خَلاء" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے۔
الخِلْو۔ خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخْلاء اور کبھی مؤنث کے لیے خلوۃ استعمال کرتے ہیں۔
خَلا و مَا خَلا۔ إلاَّ کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ أتْبَاعُ الأمِيرِ خَلا او مَا خَلا زَيْدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خلا زيدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔
الخَلْوَة۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوات۔
الخَلِيَّة۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلايَا۔
الخَلِيّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "أنَا خَلِيٌّ مِنْهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج أخْلِيَاء و خَلِيُّون۔
الخِلِّي: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
الخَالِي۔ فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج أخْلاء۔
خَلى (ض) خَلْيًا۔ النباتَ: کاٹنا۔
المَاشِيَةَ: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا۔
ـــــ الفرسَ: منہ میں لگام دینا ـــــ اللِجَامَ مِنَ الفَرسِ: اُتارنا ـــــ الشعيرَ في المَخْلاةِ: توبرا میں جو ڈالنا ـــــ القدرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا ـــــ ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔
خَالى مُخَالاةً۔ ہ: پچھاڑنا۔ فریب دینا۔
اَخْلى۔ المكانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا ـــــ الدَابَّةَ: گھاس کا چارہ دینا۔
إخْتَلى۔ العشبَ: کاٹنا۔
إنْخَلى۔ الخَلى: کٹنا۔
إخْلَوْلى إخْلِيلاءً الرَجُلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔
الخَلى۔ ترگھاس۔ ج اخْلاء واحد (خَلاءَة)
المِخْلى۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔
المِخْلاة۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔
المُخْتَلي۔ شیر۔
خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البِئْرَ: جھاڑو دینا ـــــ البِئرَ: کنواں صاف کرنا ـــــ الناقةَ: دوہنا ـــــ فلانا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَخِمُّ بِثَابَ فُلانٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا و خُمُوْمًا و اَخَمُّ) اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ و خَمٌّ و مُخِمٌّ) ـــــ اللبنُ: بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا يَخِمُّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خُمَّ۔ الدجاجُ: دڑبہ میں بند کیا جانا۔
تَخَمَّمَ۔ مَا عَلى الخُوانِ: دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔
إخْتَمَّ۔ البيتَ: جھاڑو دینا ـــــ الشيءَ: کاٹنا۔
الخُمَامَة۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
الخُمُّ۔ ڈربہ۔ ج خِمَمَة۔
الخِمّ۔ خالی باغ۔
الخِمّان۔ مثلثة الخاء: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔
المِخَمَّة۔ جھاڑو۔
الخَمِيم۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ سُست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔
الخَمِيت۔ موٹا۔
خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ سے سُست ہونا ـــــ اللحمُ: بدبودار ہونا ـــــ دِينُهُ او خُلُقُهُ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا ـــــ فلانا: برائی سے ذکر کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خَمْخَمَ۔ گنگنانا۔
الخُمْخُم۔ ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمْخِم۔ ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خَمَدَت (ن) و خَمِدَت (س) خَمْدًا و خُمُوْدًا۔ النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا ـــــ الحُمّیٰ: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔
المَرِیْض: بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
اَخْمَدَ۔ الرَجُلُ: بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا ـــــ اَنْفَاسَه: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا ـــــ النارَ ـــــ لپٹ کو بجھانا۔
الخُمُوْد۔ آگ بجھنے کے لیے دبانے کی جگہ۔
خَمَرَه (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا ـــــ الشهادةَ: پوشیدہ کرنا ـــــ الرجلَ: شراب پلانا ـــــ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ـــــ فُلانًا: شرم کرنا۔
خَمِر (س) خَمَرًا۔ عَنْه: پوشیدہ ہونا' چھپنا ـــــ عَنْه الخبرُ: پوشیدہ رہنا ـــــ الشیءَ: سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خَمَّرَ۔ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ـــــ وَجْهَهٗ: ڈھانپ لینا ـــــ بَیْتَه: گھر میں جمے رہنا ـــــ
خَامَرَ مُخَامَرَةً۔ بیع میں دھوکا دینا۔
ـــــ القلبَ: داخل ہونا ـــــ الشَیءُ الآخر: باہم ملنا ـــــ ه الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا ـــــ بَیْتَهٗ: گھر میں جمے رہنا ـــــ به: چھپنا۔
اَخْمَرَ۔ چھپنا ـــــ له: کینہ رکھنا ـــــ الشیءَ: چھپانا ـــــ غافل کرنا ـــــ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ـــــ الامرَ: پوشیدہ کرنا ـــــ الاَرْضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا ـــــ ه الشیءَ: تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتِ و اِخْتَمَرَت۔ المرأةُ: اوڑھنی ڈالنا۔ و اِخْتَمَرَ العَجِیْنُ: خمیر ہو جانا۔ اِخْتَمَر العَصِیْرُ: شراب بن جانا۔
الخَمْر و الخَمْرة۔ انگوری شراب۔ ہر نشیلی چیز۔
الخِمْر۔ کتیہ۔
الخَمَر۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوَارَیٰ الصَیْدُ عَنِّیْ فِی خَمَرِ الوَادِی" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔ رجُلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَار۔ شراب کی وجہ سے درد سر (ـــــ والخُمَار و الخَمْرة) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَار۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخْمِرَة و خُمُر و خُمْر۔ کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمَارَک؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الخَمِیْر و الخَمِیْرَة۔ خمیر۔ الخَمِیْر: خمیری روٹی۔
الخُمْرَة۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف دہ دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمْرَةُ اللَبَن: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (ـــــ و الخُمْرة و الخِمْرة) بُو جو تمہیں پہنچے۔
الخَمْرِیُّ۔ مِن الالوان: سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمَّار۔ شراب فروش و (الخَمَّارَة) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیْر و المُسْتَخْمِر۔ بہت شراب پینے والا۔
المَخْمُوْر۔ شراب کی وجہ سے مست۔
اَلیَخْمُوْر۔ سمندری گھونگا۔
خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا۔ القومَ: پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
المالَ: پانچواں حصہ لینا ـــــ الحَبْلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ۔ الشیءَ: پانچ رکن والا بنانا۔ اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
اَخْمَسَ۔ القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمْس و الخُمُس۔ پانچواں حصہ۔ ج اَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُمَاس و مَخْمَس۔ پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جَاءُوْا خُمَاسَ و مَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِیُّ۔ پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ خُمَاسِیَةٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخُمْسَة۔ پانچ۔ مونث کے لیے خمس۔
خَمْسُوْن۔ پچاس۔
الخَمِیْس۔ و یَوْمُ الخَمِیْس: جمعرات۔ ج اَخْمِسَة و اَخْمِسَاء۔ الخَمِیْس: لشکر۔ اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ زُمح (خَمِیْسٌ و مَخْمُوْسٌ) پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا و خُمُوْشًا۔ الوجهَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَه۔ زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش۔ مہ۔ خراش۔ ج خُمُوش۔
اَلْخَامِشَةُ: چھوٹی نالی۔ ج خَوَامِش۔
الخُمَاشَة۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ' کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَمُوْش۔ مچھر۔
خَمِصَ (ن) خَمَصًا و خُمُوْصًا و اِنْخَمَصَ۔ الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمِصَهٗ خَمَصًا و خُمُوْصًا و مَخْمَصَةً الجوعُ: دُبلے پیٹ والا کر دینا (ـــــ و خَمِصَ (س) خَمَصًا و خَمُصَ (ک) خَمصًا و خُمُوصًا و مَخْمَصَةً) البَطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔
تَخَامَصَ۔ اللیلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا ـــــ عَنْه: یکسو ہونا۔
الخَمْصَة۔ بھوک۔
خَمَطَ (ن) خَمْطًا و خُمُوْطًا و خَمِطَ (س) خَمَطًا۔ الخمرُ او اللبنُ: اچھی بُو کا ہونا۔ بُو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط و خَمْط) خَمِطَ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرجُلُ : تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خَمَطَ (ض) خَمْطًا) اللحمَ : بھوننا۔ صفت مفعول خَمِیْط

خَمَطَ (ن ض) خَمْطًا۔ اللبَنَ : دودھ کو برتن میں ڈالنا۔

تَخَمَّطَ۔ تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا ـــــ

البحرُ : موج مارنا ـــــ الفَحْل : بڑبڑانا۔

الخَمْط۔ مہ۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت کا تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو کا پھل۔ ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔

الخَمَطَة و الخَمْطَة۔ مِنَ اللَّبَنِ : دودھ کی بُو۔

الخَمِیْط۔ بکری کا بچہ کھال اُتار کر بھونا ہوا اور اگر بال اُتار کر بھونیں تو اس کو سَمِیْط کہتے ہیں۔

الخَمَّاط۔ بھوننے والا۔

خَمِعَتْ (ف) خَمَعًا و خُمُوْعًا و خَمَعَانًا۔ الضَبُعُ : لنگڑاتے ہوئے چلنا۔

الخَامِعَة۔ بجو۔ ج خَوَامِع۔

الخُمَاع۔ لنگڑاہٹ۔

الخَمَع۔ بھیڑیا۔ چور۔ ج اَخْمَاع۔

الخَیْمَعُ و الخَمُوْع۔ بدکار عورت۔

خَمَلَ (ن) خُمُوْلاً۔ ذِکْرُہٗ اَوْ صَوْتُہٗ : پوشیدہ و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلاً) البُسْرَ : نرم ہونے کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَمَلَہُ اللّٰہُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے۔

خُمِل۔ جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔

اَخْمَلَہٗ۔ گمنام و بے قدر کرنا۔ اَخْمَلَتِ الارضُ : بہت گنجان درختوں والی ہونا۔

اَخْمَلَ القَطِیْفَة : روئیں دار بنانا۔

اِخْتَمَلتِ۔ المَاشِیَةُ : جانوروں کا اچھی گھاس والی زمین میں چرنا۔

الخَامِل۔ فا ـــــ مِنَ الرِّجَال : گمنام و بے قدر۔ ج خَمَل۔

الخَمْل۔ کپڑے کا رُواں۔ ( ـــــ و الخُمَالَة و الخَمِیْلَة) شترمرغ کے پر۔

الخَمْلَة۔ چادر۔ روئیں دار کپڑا۔

الخَمْلَة۔ راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج خَمِلات۔

الخُمَال۔ جوڑوں کا درد ( ـــــ و الخُمَالِیُّ و الخِمْلُ و الخُمْل) خالص دوست۔

الخَمِیْل۔ روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔ گہرا بادل۔ واحد خَمِیْلَة۔

الخَمِیْلَة۔ چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت درختوں والی پست زمین۔ ج خَمَائِل۔

المُخْمَل۔ روئیں دار کپڑا۔

خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا و خَمَّنَ۔ الشیءَ : تخمینہ کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔

الخَامِن۔ گمنام و بے قدر۔

الخَمَن۔ بدبو۔

الخَمَّان۔ کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ خَمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں۔

الخَمَّانَة۔ کمزور نیزہ کا چھڑ۔

خَنَّ (ض) خَنِیْنًا۔ ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا۔ صفت (اَخَنُّ)

خَنَّ (ن) خَنًّا۔ المالَ : لینا۔

القومَ : قوم کے حریم میں داخل ہونا۔

اَخَنَّہٗ۔ عقل چھین لینا۔ صفت (مَخْنُوْن) قیاس کے مطابق (مُخَنٌّ) ہونا چاہیے۔

اِسْتَخَنَّتْ۔ البِئْرُ : بدبودار ہونا۔

الخِن۔ خالی کشتی۔

الخُنَّة۔ گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔

الخَنَان۔ آسودگی۔ آرام۔

الخُنَان و الخِنَان۔ اُونٹوں کا زکام۔ ناک کی ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔

المِخَنُّ۔ لمبا مرد۔

المَخَنَّة۔ گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ ناک۔ گھر کا درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلان مَخَنَّةٌ لِفُلَانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے۔

خَنَأَ (ف) خَنَأً۔ الجذعَ۔ کاٹنا۔

خَنِبَ (س) خَنَبًا۔ زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔ ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔

اَخْنَبَ و اِخْتَنَبَ۔ ہلاک ہونا۔ اخْنَبَ۔ ہلاک کرنا۔ کمزور کرنا۔

تَخَنَّبَ۔ تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا۔

الخَنَب۔ ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے۔

الخِنْب۔ زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا اُنگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ ج اَخْنَاب۔

الخَنَاب۔ لمبا۔ بیوقوف۔

الخَنَابَة۔ بُرا نشان۔ برائی۔

الخَنَابَة و الخِنَّابَة۔ تکبر۔ غرور۔

الخِنَّابَتَان و الخُنَّابَتَان۔ ناک کے نتھنے۔

خَنِثَ (س) خَنَثًا۔ الرَجُلُ : ہیجڑا ہونا۔ صفت (خَنِث)

خَنَثَہٗ (ض) خَنْثًا۔ ٹھٹھا کرنا ـــــ السقاءَ : مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا۔

خَنَّثَہٗ۔ موڑنا۔ نرم کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔

اَخْنَثَ۔ دوہرا ہونا۔ لچکنا۔

تَخَنَّثَ و اِنْخَنَثَ۔ ہیجڑا ہونا۔

خَنَاثِ۔ مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "یا خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی۔

خِنَاثُ۔ الثوبِ و اَخْنَاثُہٗ : کپڑے کی تہیں' کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلٰی خِنَاثِہٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خِنْث)

الخُنْث۔ لچک۔

الخُنْثَى۔ ہیجڑا۔ ج خناثی و خِنَاث۔

المِخْنَاث۔ وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِخْنَاث و اِمْرَأَةٌ مِخْنَاث۔ ج مَخَانِیْث۔

المُخَنَّث۔ ہیجڑا۔ وہ شخص جس میں لچک ہو۔

الخَنْجَر و الخِنْجر۔ بڑی چھڑی۔ ج خَنَاجِر۔

خَنْخَنَ خَنْخَنَةً۔ ناک میں بولنا ـــــ فی کَلَامِہٖ : گنگنانا۔

الخُنْدُب۔ بدخلق۔

الخَنْدَرِیْس۔ پرانی شراب۔

الخُنْدُع۔ خسیس۔ لئیم۔

الخندق۔ کھائی۔ ج خَنَادِق و (خَنْدَق خَنْدَقَةٌ) کھائی کھودنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَخَنْذَذَ۔ بے شرم دلیر ہونا۔
الخِنْذِیذ۔ لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بگولہ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خَنَاذِیذ۔
الخِنْذِیَان۔ بدزبان۔
الخُنْذُع۔ خسیس۔ لئیم۔
خَنِزَ (س) خَنَزًا و خُنُوزًا۔ اللحمُ : بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِز و خَنَز)
الخُنْزُوَان و الخُنْزُوانَة۔ تکبر۔ غرور۔
الخَنْزُوان۔ بندر۔ نر سور۔
الخِنْزِیر۔ سور۔ ج خَنَازِیر۔ الخَنَازِیر : کٹھ مالا۔ خِنْزِیر البَحْر : مچھلی کی ایک قسم۔ خِنْزِیرُ الهِندِ : خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنْزِیرَةُ البِئْر : کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسّی لپیٹتے ہیں۔
الخَنْزَرَة۔ موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔
خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا و خُنُوْسًا و خِنَاسًا۔ عَنْه : پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطَّرِیقُ عَنَّا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔
بَیْنَ اَصْحَابِه : چھپنا۔
خَنَسَهٗ (ن ض) خَنْسًا۔ پیچھے کرنا ـــــ اِبْهَامَه : سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَارَ بِاَرْبَعٍ و خَنَسَ اِبْهَامَه" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ـــــ القولَ : بُری بات کہنا ـــــ الشیءَ عَنْه : چھپانا ـــــ فُلَانًا وِبِه : غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خَانِسٌ۔ ج خُنَّس۔
خَنِسَ (س) خَنَسًا۔ ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اُٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْنَس) مؤنث خَنْسَاء ج خُنْس اسم الخَنَس۔
اَخْنَسَهٗ۔ عَنْهُ : روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عَنْه بَعْضَ حَقِّه" میں نے اس کے کچھ حصہ کو روک لیا ـــــ اَوْعَارَ الطَّرِیقِ : دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔
تَخَنَّسَ۔ بِه : غائب کر دینا۔
اِنْخَنَسَ۔ عَنْه : پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔
الخُنُس۔ ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔
الخُنَّس۔ ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔
الخَنْسَاء۔ نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔
الاَخْنَس و الخِنَّوْس۔ شیر۔ الاَخْنَس : چیچڑی۔
الخَنَّاس۔ شیطان۔
الخِنَّیْس۔ فریبی۔ حیلہ گر۔
الخَنْسِر۔ لئیم۔ کمینہ۔
الخَنْسَر و الخَنْسَرِی۔ وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خَنَاسِرَة۔
الخَنَاسِیْر۔ مصیبتیں۔
الخِنْشَار۔ ایک قسم کی نباتات۔
الخِنَّوْص۔ مؤنث الخِنَّوْصة : سور کا بچہ۔ ج خَنَانِیص۔
الخِنْصِر و الخِنْصَر۔ چھنگلیا۔ ج خَنَاصِر۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا اَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَیْهِ الخَنَاصِر" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔
خَنَطَه (ض) خَنْطًا۔ رنج و غم پہنچانا۔
خَنْطَتْ۔ تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔
الخِنْطِیر۔ بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔
الخَنْطَل۔ بلی۔ مصیبت۔ قطار، ٹڈی دل۔
خَنَعَ (ف) خُنُوْعًا۔ له و اِلَیْه : انکساری و فروتنی کرنا ـــــ الی اللّٰه : بغیر عمل کے گزر کرانا ـــــ بِفُلَان : بیوفائی کرنا ـــــ الی الاَمْرِ الشَّیْءُ : مائل ہونا۔
خَنَّعَهٗ۔ کلہاڑی سے کاٹنا۔
اِخْتَعَنْهُ۔ الحَاجةُ لَهٗ و اِلَیْه : ذلیل و پست کر دینا۔
الخَنَع۔ ذلت۔
الخَنْعَة۔ عار۔ تہمت۔
الخَانِع و الخَنُوْع۔ متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خَنَعَة و خُنُع۔
الخِنْعَابَة۔ کمینہ۔
شَعْر (خَنْعَبٌ) لمبا بال۔
الخُنْعَبَة۔ چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
الخَنْعَس۔ بجو۔
خَنَفَ (ض) خَنَفًا۔ البَعِیْر : دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خَنُوف) ج خُنُف۔ ( ـــــ خُنُوفًا) غضبناک ہونا ـــــ الرَّجُلُ بِاَنْفِه : تکبر کرنا۔ صفت (خَانِف) ـــــ المرأةُ : سینہ پر دوہتڑ مارنا۔
خَنِفَ (س) خَنَفًا۔ صَدْرُهٗ او ظَهْرُهٗ : ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اَخْنَف) ج خُنْف۔
الخُنْف۔ نشانات۔
خَنْفَس۔ عن القوم : نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔
الخُنْفُس و الخِنْفِس و الخُنْفَس و الخُنْفَسَاء و الخُنْفَسَاءَة۔ گبریلا۔ ج خَنَافِس۔ و الخُنَافِس۔ شیر۔
خَنَقَه (ن) خَنْقًا و خَنِقًا و خَنَقَهٗ تَخْنِیْقًا۔ گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خَنَقَتْهُ البَعِیْرَةُ" یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ الاِنَاءَ : بھرنا۔
خَنَّقَ السَّرَابُ الجَبَلَ۔ پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَّقَ زَیْدٌ الاَرْبَعِیْنَ : قریب قریب ہونا۔
اِخْتَنَقَ۔ گلا گھٹنا۔
اِنْخَنَقَ۔ اپنا گلا گھونٹنا۔
الخَنِق و الخَنِیْق۔ گلا گھونٹا ہوا۔
الخُنَاق۔ ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔
الخُنَاقِیَّة۔ پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔
الخِنَاق۔ رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِخِنَاقِه" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔
الخَانِق۔ فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خَانِقُ الذِّئْبِ و خَانِقُ النَّمِرِ و خَانِقُ الکَلْبِ : گھاسوں کے نام۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخَنَّاق- جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو-
المِخْنَقَة- گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے- ج مَخَانِق و مَخَانِيْق-
المُخَنَّق- مفـ- گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن- کہا جاتا ہے "غُلَامٌ مُخَنَّقُ الخَصْرِ" پتلی کمر کا لڑکا-
المُخْتَنَق- تنگ جگہ-
المُخْتَنِق- گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو-
خَنَا (ن) خَنْوًا و خَنِيً (س) خَنًى و اَخْنٰى- عَلَيْهِ فِي الْكَلَامِ : بدزبانی کرنا ـــــ اَخْنَى الجَرَادُ : بہت انڈے دینا ـــــ المَرْعٰى : بہت گھاس والی ہونا- اَخْنَى عَلَيْهِ الدَّهْرُ : طویل ہونا- ہلاک کرنا- ظلم کرنا- بیوفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اَخْنٰى بِهٖ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی-
الخَنٰى- بدزبانی- خَنٰى الدَّهْر : مصیبتیں- واحد (خَنَاة)
خَابَ (ن) خَوْبًا- محتاج ہونا-
الخَوْبَة- بھوک- بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو-
خَاتَ (ن) خَوْتًا و خَوْتَانًا- الرجلُ- عمر رسیدہ ہونا- عہد توڑنا- خلاف وعدگی کرنا ـــــ المالَ : کم کرنا ( ـــــ وانْخَاتَ و اخْتَاتَ) البَازِي عَلَى الصَّيْدِ : ٹوٹ پڑنا-
خَاتَ (ن) خَوَاتًا- العقابُ : عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا-
تَخَوَّتَ و اِخْتَاتَ- المالَ : کم کرنا ـــــ الشيءَ : اُچک لینا ـــــ حَدِيثَ القَوْمِ : سن کر یاد رکھنا ـــــ الشَّاةَ : فریب دے کر چرانا- کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْتَانُوْنَ اللَّيْلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں-
الخَوَّات- دلیر مرد-
خَوِثَ (س) خَوَثًا- البطنُ : ڈھیلا ہونا- کھانے سے بھرا ہوا ہونا- صفت (اَخْوَث) مؤنث (خَوْثَاء)
اَخَاخَ اِخَاخَةً- العشبُ : پوشیدہ ہونا- کم ہونا-

الخَوْخ- شفتالو- واحد (خَوْخَة)
الخَوْخَه- روشن دان- پھاٹک میں چھوٹا دروازہ-
الخَوْخَاء والخَوْخَاة والخَوْخَاءَة- بیوقوف-
خَوَّدَ- الرَّجُلُ : تیز چلنا ـــــ مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا : کچھ حاصل کرنا-
تَخَوَّدَ- الغُصْنُ : جھکنا-
الخَوَد- نازک بدن- جوان عورت- ج خَوْدَات و خُوُود-
خَاوَذَهٗ مُخَاوَذَةً- الى الشيءِ : ایک کا دوسرے کے بعد آنا- کہا جاتا ہے "خَاوَذُوْنَا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جا رہے تھے-
خَاوَذَهٗ : بار بار زیارت کیلئے آنا- خَاوَذَتْه الحُمَّىٰ : غیر متعین وقت پر آنا- خَاوَذَ عَنْهُ : علیحدہ ہونا-
تَخَاوَزَ- القَوْمُ : باہم عہد و پیمان کرنا-
تَخَوَّذَ- نگہبانی کرنا- تم کہتے ہو "تخوذنا بالزيارة" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی-
الخُوْذَة- خود- ج خُوَذ-
خُوْذَانُ- النَّاسِ : لوگوں کے خادم-
خِوَاذُ- الحُمّٰى : غیر معین وقت میں بخار آنا-
خَارَ (ن) خُوَارًا- البقرةُ : آواز کرنا-
( ـــــ خُؤُوْرًا و خَوِرَ (س) خَوَرًا) ست و کمزور ہونا- ٹوٹنا ـــــ قوةُ المريض : کم ہونا-
خَوَرَ- کمزور ہونا- ڈھیلا ہونا ـــــ الأَرْضُ : کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا ـــــ الرجلَ : کمزوری کی طرف نسبت کرنا-
اَخَارَه- مائل کرنا- موڑنا- پھیرنا- تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الإِبِلَ اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا-
تَخَاوَرَت- الثِّيرَان : بیلوں کا باہم آواز نکالنا-
اِسْتَخَارَهٗ- مہربانی چاہنا ـــــ المَنْزِلَ : صاف کرنا-
الخَوْر- مـ- دو بلندیوں کے درمیان پست زمین-
الخُوَار- مـ- گائے کی آواز- بکریوں' ہرنوں اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے-

الخَوَّار- بزدل- کمزور- سست- فَرَسٌ خَوَّارُ العِنَانِ : تابعدار تیز رفتار گھوڑا- الخَوَّار مِنَ الزِّنَادِ : چقماق-
الخُوْرِي- کاہن- ج خَوَارِنَة (دَخِيْل)
الخُوْرُس- گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)
خَازَه (ن) خَوْزًا- دشمنی کرنا-
خَاسَت (ن) خَوْسًا- الجِيْفَةُ : بدبودار ہونا ـــــ البِضَاعَةُ : مندا ہونا ـــــ خَاسَ العَهْدَ و بِالعَهْدِ : بدعہدی کرنا ـــــ بِالوَعْدِ : خلاف وعدہ کرنا ـــــ بِفُلَانٍ : بیوفائی کرنا-
خَوَّسَ- الشيءَ : کم کرنا- گھٹانا ـــــ الابِلَ : ایک ایک کر کے پانی پر بھیجنا-
خَاشَهٗ (ن) خَوْشًا- بالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ـــــ الشيءَ : لینا ـــــ الرَّجُلُ : ہجوم میں داخل ہونا-
خَوَّشَ و تَخَوَّشَ- الشيءَ : کم کرنا- گھٹانا- و تَخَوَّشَ الرَّجُل : موٹاپے کے بعد لاغر ہونا-
الخَوْش- پہلو-
الخَوْشَان- ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے- واحد (خَوْشَانَةٌ)
المُتَخَوِّش و المُتَخَاوِش- جھری دار دبلے پیٹ والا-
خَوِصَ يَخْوَص خَوَصًا- دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا- صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصَاء ج خُوْص ـــــ الشَّاةُ : تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا-
خَوَّصَ- پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ـــــ التَّاجَ : سونے کے پتروں سے مزین کرنا ـــــ ه الشَّيْبُ : بڑھاپا شروع ہونا- کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو-
خَاوَصَ و تَخَاوَصَ- آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا ـــــ النجومُ : مائل بغروب ہونا-
خَاوَصَهٗ مُخَاوَصَةً و خَاوَصَهُ البيعَ : بیچنے میں مقابلہ کرنا-
اَخْوَص- النخلُ : پتے والا ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَخَوَّصَ-الشیٔ : تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا ـــــ العَطِیَّۃَ : تھوڑا تھوڑا کر کے لینا-
الخَوَّاص- کھجور کے پتوں کا پنکھے والا- اور اس کے عمل کو (الخِیَاصَۃ) کہتے ہیں-
الخُوْص- کھجور کے پتے- واحد (خُوْصَۃ)
الخَوْصَاء- گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے- کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِی الظَّهِیْرَۃِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے-
خَاضَ (ن) خَوْضًا و خِیَاضًا- المَاءَ : داخل ہونا- گھسنا ـــــ الشرابَ : ملانا ـــــ الغَمَرَاتِ : سختیوں میں کود پڑنا ـــــ فِی الحَدِیْث : مشغول ہونا ـــــ الجَوَادُ فِی المَیْدَانِ : کلیلیں کرنا- بِالْفَرَسِ : پانی پر لے جانا ـــــ بالسَّیْفِ : زخم میں تلوار ہلانا- کہا جاتا ہے "إِنَّهٗ یَخُوْضُ المَنَایَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے- وَهُوَ یَخُوْضُ اللَّیْلَ وہ رات کو ہولناکیوں کی پروا نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے-
خَوَّضَ- المَاءَ : داخل ہونا- گھسنا-
خَاوَضَ مُخَاوَضَۃً و اَخَاضَ
اِخَاضَۃُ الفرسَ : پانی میں داخل کرنا-
اَخَاضُوا المَاءَ : جانوروں کو پانی میں ڈال دینا-
تَخَوَّضَ- بتکلف گھسنا-
اِخْتَاضَ- المَاءَ : داخل ہونا- گھسنا-
تَخَاوَضَ- القومُ فی الحَدِیْثِ : باہم مشغول ہونا-
الخَوْضَۃ- خاص کا اسم مرۃ- موتی-
الخَوَّاض- بہت گھسنے والا-
المَخَاضَۃ- پانی میں گھسنے کی جگہ- ج مَخَاوِض و مَخَاض و مَخَاضَات-
تَخَوَّطَهٗ- وقتاً فوقتاً آنا-
الخُوْط- نرم ٹہنی یا ہری شاخ- ج خِیْطَان-
خَوَّعَ تَخْوِیْعًا- منه : کم کرنا- گھٹانا ـــــ فُلَانًا بالضرب : توڑ دینا- کمزور کر دینا ـــــ السَّیلُ الوادیَ : وادی کے دونوں پہلوؤں کو ڈھا دینا ـــــ دَیْنَه : ادا کرنا-
تَخَوَّعَ- الشَّیْ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا- کھنکھار کر تھوکنا-

الخَوْع- وادی کا موڑ- ج اَخْوَاع-
خَافَ (س) خَوْفًا و خَیْفًا و مُخَافَۃً و خِیْفَۃً و تَخَوَّفَ- گھبرانا- احتیاط کرنا- ڈرنا- کہا جاتا ہے "خَافَهٗ و خَافَ مِنْهُ و خَافَ عَلَیْهِ"
صفت (خَائِف) ج خُوَّف و خُیَّف و خِیَّف و خَائِفُون- و تَخَوَّفَ الحقَّ : حق کو مار لینا- و تَخَوَّفَ الشیٔ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا- تَخَوَّفَ عَلَیْهِ شَیْئًا : خوف کھانا-
خَوَّفَه- ڈرانا ـــــ الطریقَ : ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں-
اَخَافَهٗ اِخَافَۃً- ڈرانا- اَخَافَ الطَّرِیْقُ : گھبراہٹ میں ڈالنا-
خَاوَفَهٗ- ڈرنے میں مقابلہ کرنا- کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُه فَخُفْتُه اَخُوْفُه" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا-
الخَوَّاف- شور-
الخَاف- بہت ڈرنے والا-
الخَافَۃ- چمڑے کا وہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے- جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے-
الخِیْفَۃ- ڈرنے والے کی حالت- ج خِیَف-
المَخُوْف- خوفناک- کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مَخُوْفٌ" خوفناک راستہ-
خَوِقَ (س) خَوَقًا و اِنْخَاقَ و تَخَوَّقَ- کشادہ ہونا- صفت (اَخْوَق) مؤنث خَوْقَاء ج خُوْق-
اَخَاقَ اِخَاقَۃً- ملک میں جانا-
خَوَّقَهٗ- کشادہ کرنا-
تَخَوَّقَ- عَنْه : دور ہونا-
الخَوْق- بالی کا حلقہ-
الخَوَق- کشادگی- خارش-
الاَخْوَق- خارش والا- کانا-
مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ-
خَالَ یَخُوْلُ خَوْلًا و خِیَالًا- المَوَاشِیَ : نگہبانی کرنا ـــــ فلانٌ عَلٰی اَهْلِهٖ : تدبیر امور کرنا- انتظام کے لیے کافی ہونا-
خَالَ یَخَالُ خَوْلًا- تمائی کے بعد غلاموں والا ہونا-
خَوَّلَهٗ- الشیٔ : عطا کرنا- بخشش کرنا یا مالک بنانا-

اَخْوَلَ و اُخْوِلَ- ماموں والا ہونا-
اَخَالَ- فیه خَالًا مِنَ الخَیْرِ و اَخَالَهٗ : فراست سے بھلائی معلوم کرنا-
تَخَوَّلَ فِیْهِ خَالًا مِنَ الخَیْرِ و تَخَیَّلَ-
تَخَوُّلًا و تَخَیُّلًا- بھلائی معلوم کرنا- تَخَوَّلَ خَالًا : ماموں بنانا ـــــ فلانًا : نگہبانی کرنا-
اِسْتَخْوَلَهُمْ- خادم بنانا- اِسْتَخْوَلَ و اِسْتَخَالَ فِیْهِمْ : ماموں بنانا-
الخَوَل- خولی کی جمع- غلام- لونڈیاں- لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے- اور کبھی واحد کے لیے (خائل) بولتے ہیں-
الخَال- ماموں- ج اَخْوَال و اَخْوِلَۃ و خُؤُوْل و خُوَّل و خُؤُولَۃ-
الخَالَۃ- ماں کی بہن- موسیٰ- ج خَالَات- تم کہتے ہو- "هُمَا اَبْنَاء خالة" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں- الخال : خیر کا نشان- فوج کا جھنڈا- چیز کا مالک- تم کہتے ہو "انا خال هذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں-
الخَوْلِیّ- مال کا بہتر منتظم- ج خَوَل-
الخائِل- فا- الخول کا واحد- کہا جاتا ہے "هو خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں-
الخَوْلَۃ- ہرنی-
الاَخْوَل- وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں- رجُلٌ (مُخْوِلٌ و مُخْوَّلٌ و مُخَال) شریف ماموں والا-
خَامَتْ (ن) خَوَمَانًا- الاَرْضُ : ناموافق آب و ہوا والی ہونا-
اَخَامَ اِخَامَۃً- الفرسُ : تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا-
الخَام- روئی کا کپڑا- ج اَخْوَام- اَرْضٌ (خَامَۃ) ناموافق آب و ہوا والی زمین-
خَانَهٗ (ن) خَوْنًا و خِیَانَۃً و مُخَانَۃً و خَانَۃً- فی کذا : امانت میں خیانت کرنا- خَانَهٗ سَیْفُه : اُچٹ جانا- خَانَتْهُ الدَّهْرُ : آسودگی کو سختی سے بدل دینا- خَانَتْهُ رِجْلَاہ : چلنے پر قادر نہ ہونا- خَانَ الدلوَ الرِشاءُ : ٹوٹ جانا- العهدَ : توڑ دینا- کہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جاتا ہے "خَانَهُ العَهْدَ أَوِ الأَمَانَةَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان و خَانَة و خَوَنَة (ـــ خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔

خَوَّنَهُ: خیانت کی نسبت کرنا۔

خَوَّنَهُ وخَوَّنَ مِنْهُ وتَخَوَّنَهُ۔ تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَهُ وتَخَوَّنَهُ۔ نگہبانی کرنا۔ اور اسی سے ہے "كَانَتِ الحُمَّى تَتَخَوَّنُهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔

اِخْتَانَهُ: خیانت کرنا ـــ المَالَ: چرانا۔

اِسْتَخَانَهُ: خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔

الخَان: دکان۔ سرائے۔ ج خَانَات۔ (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔

الخَائِنَة: الخَائِن کا مؤنث۔ الخَائِنَة: بہت خیانت کرنے والا۔ "تا" مبالغہ کے لیے ہے۔ جیسے رَاوِيَة بہت روایت کرنے والا۔

الخُوَان و الخِوَان: دسترخوان۔ عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں۔ ج اَخْوِنَة و خُوُن۔

الخَوُّون و الخَوَّان: بہت خیانت کرنے والا۔

الخَوَّانَة: بہت خیانت کرنے والا۔ "تا" مبالغہ کے لیے ہے۔ دیر۔

خَوَتِ الدَّارُ تَخْوُخَوًّا: گر جانا ـــ النجومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا۔

الخَوُّ: بھوک۔ کشادہ وادی (ـــ والخَوُّ) شہد۔

الخُوَّة: کشادہ زمین۔

خَوَى (ض) خَوَاءً: البَيْتُ: گرنا۔ خالی ہونا ـــ رَاسُه: کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا (ـــ خَوِيَ وخَوَاءً) بھوکا ہونا ـــ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا (ـــ خَيًّا) النجومُ: بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا (ـــ خَوِيَ وخَوَايَةً) الشيءَ: اُچک لینا۔

خَوِيَ (س) خَيًّا وخُوِيًّا وخَوَايَةً۔ المكان: خالی ہونا۔

خَوْيَ تَخْوِيَةً۔ البَعِيرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اُونچا رکھنا ـــ الطائرُ: اُڑنے میں بازو لٹکانا۔

اَخْوَى إِخْوَاءً۔ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا ـــ النجومُ: بے بارش کے ہونا ـــ الرجلُ: بھوکا ہونا ـــ مَا عِنْدَهُ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا (ـــ وخَوَّت) المَاشِيَةُ۔ بہت مونا ہونا۔

اِخْتَوَى اِخْتِوَاءً۔ بے عقل ہونا ـــ البلدَ: عبور کرنا ـــ ما عِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا ـــ الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔

الأَخْوَى۔ عقل و ہوش رفتہ۔ مؤنث خَيَّا وخَوْيَاء۔

الخَوَى والخَوَاء۔ کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَوَاءُ الفَرَس: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔

الخَوِيُّ۔ خالی پیٹ والا۔

الخَوِيُّ۔ نرم و پست زمین۔

خَابَ (ض) خَيْبَةً وتَخْيِيبًا۔ محروم ہونا۔ ناامید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْيُه" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔

خَيَّبَهُ وأَخَابَهُ۔ محروم کرنا۔

قَدْحٌ (خَيَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔

المَخْيَبَة۔ باعث محرومی۔

خَاتَ (ض) خَيْتًا وخُيُوْتًا۔ آواز کرنا۔

خَارَ (ض) خَيْرًا۔ صاحب خیر ہونا۔

اللّٰهُ لَكَ فِي الأَمْرِ: بہتری کرنا۔

خَارَ (ض) خِيْرَةً وخِيَرَةً وخِيَرًا و خَيَّرَ۔ الشيءَ عَلَى غَيْرِهِ: فضیلت دینا۔ خَارَهُ: انتخاب کرنا اور اسی سے ہے "اَللّٰهُمَّ خِرْلِي" اے اللہ میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔

خَيَّرَهُ وخايَرَهُ۔ فِي الأَمْرَيْنِ الأَمْرَيْنِ۔ پسند کرنے کے لیے اختیار دینا۔ و خَايَرَهُ فِي العِلْمِ فَخَارَهُ: علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔

تَخَيَّرَهُ واخْتَارَهُ۔ چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَةً۔ طلب خیر کرنا۔

اللّٰهَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔

الخَيْر۔ ج خُيُور: بھلائی، نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا مال ـــ ج اَخْيَار وخِيَار: بہت نیکی والا۔ اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخْيَرُ) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَيْرَةُ) ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَةُ خَيْرَةُ النَّاسِ وخَيْرُهُم"

الخِيْر۔ شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ بیئت۔

الخَيِّرَة۔ بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَيِّرَات۔

الخِيَرَة والخِيَرَة۔ مِنَ الشَّيْءِ او القَوْمِ: افضل۔

الخِيَار۔ پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالخِيَارِ" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِيَارُ الشَّيْءِ: چیز میں کا افضل۔ الخِيَار: ککڑی۔ واحد (خِيَارَة) خِيَارُ شَنْبَر۔ الملّاس۔

الخَيْرِيُّ۔ ایک قسم کی پھولوں والی نباتات۔

الخَيْرِيَّة۔ عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔

الخَيِّر۔ فیاض۔ مؤنث خَيِّرَة۔

الأَخْيَر۔ زیادہ اچھا۔ مؤنث خَيْرَى وخُوْرَى ج اَخَايِر۔

الخَيْرَى والخُوْرَى والخُوْرَى والخِيْرِيُّ۔ بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے رجل خيرى۔ الخ۔ یعنی بہت خیر والا۔

المُخْتَار: مفعـ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالمُخْتَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔

خَاسَ (ض) خَيْسًا۔ اللَّحْم: بدبودار ہونا ـــ البَيْع: سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا ـــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا ـــ الرَّجُلَ او الدابَّةَ: مطیع کرنا۔

خَاسَ (ض) خَيْسًا وخَيَسَانًا۔ بالعهد: بدعہدی کرنا ـــ بِالْوَعْدِ: خلاف وعدگی کرنا۔

خَيَّسَهُ۔ سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَيَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔

الخَيْس۔ غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔

الخِيْس۔ گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی۔ ج اَخْيَاس۔ دودھ۔

الخَيْسَة۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِيَس

المُخَيَّس۔ والمُخَيِّس۔ جانور کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سدھانے کی جگہ۔قید خانہ۔
خَاشَ(ض)خَیْشًا۔ماافی الوعاء :نکالنا۔
الخَیْش۔ کتاں کا کھردرا کپڑا۔ ج خُیُوْش واَخْیَاش۔واحد(خَیْشَۃ) کمینہ آدمی۔
الخَیَّاش۔کتاں کا کھردرا کپڑا بیچنے والا۔
خَاصَ (ض) خَیْصًا۔ کم ہونا۔ صفت (خَائِص)
خَیِصَ (س) خَیَصًا۔ ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَص) مؤنث (خَیْصَاء)
الخَیْص۔ تھوڑی چیز۔کہا جاتا ہے "بِلْتُ مِنْهُ خَیْصًا خَائِصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز حاصل کی۔
الخَیْصٰی۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فی المَرْعٰی خَیْصٰی مِنَ العُشْبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔
الخَیْصَان۔تھوڑا مال۔
خَاطَ (ض) خَیْطًا۔ الثوبَ : سینا۔ صفت فاعلی (خَائِط و خَاطٌ و خَیَّاط) اور صفت مفعولی (مَخِیْط و مَخْیُوْط) ـــــ الحَیَّةُ : زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "هٰذا مَخِیْطُ الحَیَّة" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔ خَاطَ اِلَیْهِ خَیْطَةً :ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
خَیَّطَ۔الشَّیْبُ فِی رَاْسِهٖ :بڑھاپا شروع ہونا۔
تَخَیَّطَ۔رَاْسُهٗ بِالشَّیْبِ :بڑھاپا شروع ہونا۔
اِخْتَاطَ واِخْتَطٰی۔ اِلَیْهِ : ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
الخَیْط۔مہ۔ دھاگہ۔ ج خُیُوْط و خُیُوْطَة و اَخْیَاط ـــــ مِنَ النَّعَامِ :شترمرغ کا ریوڑ۔
مِنَ الجَرَادِ :ٹڈیوں کا دل۔ ج خَیْطَان۔
الخَیْطُ الْاَبْیَضُ : صبح کی سفیدی۔ الخَیْطُ الْاَسْوَدُ : رات کی سیاہی۔ الخَیْطُ مِنَ الرَّقَبَةِ : حرام مغز۔ کہا جاتا ہے "جَاحَشَ عَنْ خَیْطِ رَقَبَتِهٖ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔
خَیْطُ بَاطِلٍ : ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔
الخِیْط والخَیْطٰی۔ مِنَ النَّعَامِ او الجَرَادِ : شترمرغ کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دل۔
الخِیَاطَة۔درزی کا پیشہ۔
الخَیَّاط۔درزی۔
الخِیَاط والمِخْیَطُ۔سوئی۔
خَیِفَ (س) خَیَفًا۔ ایک نیلگوں اور ایک سرگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَف) مؤنث خَیْفَاء ج خِیْف۔
خَیَّفَ۔عَنِ القِتَالِ :روگردانی کرنا۔
ـــــ القومُ : کسی جگہ میں اُترنا۔ خَیَّفَتِ المرأةُ بِاَوْلَادِهَا :اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا۔
تَخَیَّفَ۔الوانًا : مختلف رنگوں والا ہونا۔
الخَیْف۔دامن کوہ میں ہریلند و پست زمین۔پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔
الخَیْفَة۔ چھری۔شیر کی جھاڑی۔
الخَیْفَاء۔ کشادہ تھنوں والی۔ ج خَیْفَاوَات و خِیَف۔
الاَخْیَاف۔ مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "هم اِخْوَةُ اَخْیَاف اَوْبَنُوْ اَخْیَاف" یعنی ان کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں۔
الخَیْفَان۔لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔واحد(خَیْفَانَة)
خَالَ یَخَالُ خَیْلًا وخِیْلًا وخَالًا وخَیْلَةً وخِیْلَةً وخَیَلَانًا وخَیْلُوْلَةً ومَخِیْلَةً ومَخَالَةً۔ الشیءَ : خیال کرنا۔ گمان کرنا اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَال واَخَال اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔
خَیَّلَ تَخْیِیْلًا وتَخَیُّلًا۔علیه : تہمت لگانا و (خَیَّلَ تَخْیِیْلًا) السحابُ : گرجنا' چمکنا اور برسنے کے لیے تیار ہونا ـــــ فِیْهِ الخَیْرَ : معلوم کرنا ـــــ عَنِ القَوْمِ :کمزور و بزدل ہونا۔
خُیِّلَ۔اِلَیْهِ ولَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔
خَایَلَهٗ۔فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
خَایَلَتِ السَّحَابَةُ :بارش کی اُمید دلانا۔
اَخْیَلَتِ۔السماءُ :برسنے کیلئے تیار ہونا۔
ـــــ النَّاقَةُ :تھنوں میں دودھ والی ہونا۔
(ـــــ واَخَالَ)القومُ :ایسے بادل کو دیکھنا جس کے متعلق خیال ہو کہ برسے گا۔(اَخْیَل واِخْتَالَ) المَکَانُ بِالنَّبَاتِ : ہرا بھرا ہونا۔ اَخَالَ عَلَیْهِ الشیءُ :وشوار و مشتبہ ہونا۔
تَخَیَّلَتِ۔ السَّحَابَةُ : بارش کی علامتیں معلوم ہونا ـــــ الرَّجُلُ : تکبر کرنا ـــــ لَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے ـــــ فیه الخیرَ : معلوم کرنا ـــــ ہ : فراست سے معلوم کرنا ـــــ علیه :پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا۔
تَخَایُل تَخَایُلًا واِخْتِیَالًا۔ تکبر کرنا اور اَکڑ کر چلنا۔
اِسْتَخَالَ۔السحابَةَ :برستا ہوا خیال کرنا۔
الخَال۔مہ۔ بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ۔ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی و فیاض آدمی۔ مغرور۔ گمان و توہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن۔ بدن کا تل۔ ج خِیْلَان۔
الخَالَة۔مغرور عورت۔
الخَیْل۔مہ۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُیُوْل و اَخْیَال۔اور مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اتی بِخَیْلِه ورَجْلِه" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔
الخِیْل۔پتنگ۔
الخَیْلَان۔ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے۔
الخَیَال۔ گمان وہم۔ ج اَخْیِلَة (ـــــ و الخَیَالَة) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے۔ انسانی شکل۔ ڈراوا۔یعنی وہ چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔
الخَائِل۔مغرور۔ج خَالَة۔
المُخَیَّلَة والخِیَالِیَّة۔قوتِ خیالیہ۔
الاَخْیَل۔مؤنث خَیْلَاء۔ج خِیْل و اَخَائِل۔
و(المَخِیْل والمَخْیُوْل)بدن میں تل والا۔
الاَخْیَل :ایک منحوس پرندہ کا نام۔
الاُخَائِل۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اُخَائِلٌ"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الخِیال- شہسوار- گھوڑے والا- ج خَیَّالَة-
الخُیَلاء- والخِیَلاء والخَیْلَة- تکبر و غرور-
السحابة (المُخِیْلَة والمَخِیْلَة والمُخَیِّلَة والمُخْتَالَة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو-
المُخِیْل: خیر سے ڈرانے والا- کَلَامٌ مُخِیْلٌ: دشوار کلام-
المَخَایِل- مِنَ السُحُب: بارش سے ڈرانے والے بادل- اور اسی سے ہے "ظَهَرَتْ فِیْهِ مَخَایِلُ النَجَابَةِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں-
اَرْضٌ (مُتَخَیِّلَةٌ وَمُتَخَایِلَةٌ)
خَامَ یَخِیْمُ خَیْمًا و خَیَمَانًا وخُیُوْمًا وخُیُوْمَةً وخِیَامًا وخَیْمُوْمَةً- اقامت کرنا ـــــ عنه: بزدل ہونا- روگردانی کرنا ـــــ القومُ فِی القِتَالِ: جنگ میں کامیاب نہ ہونا ـــــ رِجلَه: پاؤں اُٹھانا-
خَیَّمَ- خیمہ لگانا- خیمہ میں اقامت کرنا ـــــ بالمکان: اقامت کرنا- خَیَّمَتِ الکِزْمَةُ: خیمہ کی مانند ہونا- خَیَّمَتِ البَقر: اپنے تھان پر کھڑے رہنا ـــــ اَلرِیحَ فِی الثَوْب: کپڑے میں خوشبو کو بسانا-
اَخَامَ اِخَامَةً وَاَخْیَمَ اِخْیَامًا- الخیمةَ نصب کرنا ـــــ الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا-
تَخَیَّمَ- المَکَانَ وبِالْمَکَان وفِیْه: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا- تَخَیَّمَتِ الرِیْحُ الضَبَةَ بالثَوْبِ وفِیْهِ: بھڑک اُٹھنا-
الخِیْم- طبیعت- خصلت- تلوار کا جوہر-
الخَام- ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو- پتھر جو تراشا نہ گیا ہو- چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو- کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو- روئی کا بنایا ہوا- ج اَخْوَام-
الخَامِ: مولی-
الخَامَة: تر و تازہ گھاس- ج خَام و خامات-
الخَیْمَة: ذیرہ- ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور ٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو- ج خِیَم و خِیَام و خَیْسات و خَیْم- الخِیَام: ہودے-
لخَیَّام- خیمہ میں رہنے والا ـــــ
الخَیْمی خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا-
لمَخْیَم- وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دَأَبَ(ف)دَأْباً ودَأَبًا ودُؤُوْبًا-فی العَمَلِ : لگاتار جانفشانی سے کرنا- صفت (دَائِبٌ ودَؤُوبٌ) - (دَأْبًا ودَأَبًا) الدابةَ : تیز ہانکنا ـــــــ ہ :دھتکارنا-

اَدْأَبَهٗ اِدْآبًا- تھکانا- لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا-

الدَّأْبُ والدَّأَب-مع-عادت-حالت-

الدَّائِبَان-رات دن-

الدَّائِب-تھکاندہ-

دَأَثَ (ف) دَأْثًا- بوجھل ہونا ـــــــ الثوبُ : میلا ہونا ـــــــ الثوبَ : میلا کرنا ـــــــ الطَّعَامَ :کھانا-

الدِّئْث-سخت کمینہ-

الدَّأْثَاء-باندی-لونڈی-ج دآث اِبْنُ دَأْثَاء : بیوقوف-

دَأْدَأَ دَأْدَأَةً ودِئْدَاءً- تیز دوڑنا ـــــــ فِیْ اَثَرِہٖ : کھوج لگانے کیلئے پیچھے جانا ـــــــ الشئَ : ڈھانپنا- حرکت دینا- ٹھہرانا ـــــــ القومُ :باہم ہجوم کرنا-

تَدَأْدَأَ- ہلنا- ٹھہرنا ـــــــ فِی مَشْیِہٖ : لڑکھڑانا-

ـــــــ عَنْ فَرَسِہٖ :گرنا-

الدَّأْدَأُ والدَّأْدَاء والدَّأْدَأَةُ والدَّأْدَاءُ ةُ-مِنَ اللَّیَالِیْ :سخت تاریک رات-ج الدآدیٔ-

الدُّؤْدُؤ- مہینے کا آخر- بقول بعض پچیسویں' چھبیسویں' ستائیسویں رات- اور بقول بعض اٹھائیسویں' اُنتیسویں رات-ج دَادِیٔ- الدَّارَ صِیْنِیْ-دار چینی-

دَئِصَ (س) دَأْصًا- اترانا ـــــــ البَعِیْرُ : موٹاپے پر گوشت ہونا-

الدَّأص-موٹاپا-

دَأَظَ (ف) دَأْظًا- الإِنَاءَ : بھرنا ـــــــ الرجُلَ :باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا- غصہ دلانا- گلا گھوٹنا ـــــــ القَرْحَةَ : دبا کر نچوڑنا-

دَأَظَ(ف)دَأَظًا-موٹا ہونا-

دَأَلَ (ف) دَأْلًا ودَأَلًا ودَأَلَی- سُست چلنا- ( ـــــــ لہ دَأْلًا ودَأَلَانًا) فریب دینا-

دَاءَ لَهٗ مُدَاءَ لَهٗ- دھوکا دینا- تیز چلنے میں مقابلہ کرنا-

دُؤَالَة-لومڑی کے لئے علم جنس ہے-

الدَّأْل والدِّئل والدُّؤُل والدَّأْلَان- گیدڑ- بھیڑیا-نیولے کی مانند ایک جانور-

الدُّوْلُوْل- مصیبت- ج دَآلِیْل- کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فِی دُوْلُوْل" لوگ مصیبت میں پڑ گئے-

دَأَمَ(ف)دَأْمًا-الحَائِطَ :سہارا دینا ـــــــ الرجلَ :کود کر سوار ہونا-

تَدَأَّمَهٗ- الماءَ : ڈھانپ لینا- تَدَأَّمَتِ السَّمَاء :لگاتار برسنا-

تَدَاءَ مَتْ- عَلَیْہِ الهُمُوْمُ والأُمُوْرُ : ہجوم کرنا-

الدَّأم-مع-ہر وہ چیز جو تمہیں چھپالے-

الدَّأمَاء-سمندر-

دأی یَدْأُوْ ویَدْأَی دَأْواً ودَأْیًا- الذِئبُ للصَّیْد :دھوکے سے شکار کرنا-

الدَّأْی- سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ- ج دَأَیَات-

(اِبْنُ دَایَة) کوّا-

الدَّایَة-دائی جنائی-ج دَایَات-

دَبَّ(ض)دَبًّا ودَبِیْبًا- رینگنا-ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا- کہتے ہیں "هُوَ اَکْذَبُ مِنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ـــــــ السُّقْمُ فِی الجِسْمِ او البَلٰی فِی الثوبِ : بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا' اثر کرنا ـــــــ الجِدْوَلُ : نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دَبت عَقَارِبُهٗ" اس نے تفرقہ اندازی کیلئے چغل خوری کی-دَبَّ الشَّیْخُ :آہستہ چلنا-

اَدَبَّ- الصَّبِیَّ :ہاتھ پیروں پر چلانا ـــــــ اِلٰی اَرْضِہٖ جَدْوَلًا : نہر جاری کرنا- کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلَادَ" اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا- و "هُوَ یُدِبُّ عَلَیْنَا عَقَارِبَهٗ و یُحْرِشُ عَلَیْنَا اَقَارِبَہ" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے-

الدُّبُّ- ریچھ-ج اَدْبَاب وَدِبَبَة-مؤنث دُبَّة- الدُّبُّ الاَکْبَرُ والدُّبُّ الاَصْغَرُ :بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ- کہا جاتا ہے "رَکِبَ دُبَّ فُلَانٍ او دُبَّةَ فُلَانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کرلیا-

الدَّبَّة- تیل وغیرہ کا برتن-بط کی شکل کا شیشہ کا برتن- بہت رتیلی جگہ- ج دِبَاب- منہ کا زواں- ج دَبٌّ- کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِی الدَّارِ دُبِّیَّ اَوْدِبِّیَّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں- اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے-

الدَّبَب-رُواں-بال کی کثرت- گائے کا نومولود بچھڑا-

الدَّبَّاب- تیز رینگنے والا- ناتوانی سے آہستہ چلنے والا-مؤنث دَبَّابَة-

الدَّبَّابَة- ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج دَبَّابات۔ الدَّبَّابَة: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الدَّبِب۔ مذ۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدَّبُوب والدَّيْبُوب۔ موذی۔ چغل خور۔ گہرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَّابَّة۔ الدابُّ کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔ سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دَوَابُّ۔ تصغیر (الدُّوَيْبَّة)

الدَّبَّاء۔ کدو۔ واحد (دَبَّاءَة)

الدَّبَّان۔ زُرداں۔ بالوں کی کثرت۔

الأَدَبُّ۔ بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔ مؤنث دَبَّاء۔ بہت بالوں والا اُونٹ۔

المَدَبُّ۔ جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَّيْلِ" سیلاب بننے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ النَّمْلِ" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

أَرْضٌ (مَدَبَّة) بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأَهُ (ف) دَبْأً۔ لاٹھی سے مارنا ـــــ الشيءُ: ساکن ہونا۔

دَبَّأَه۔ وَدَبَّأَ عَلَيْهِ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

دَبَجَه (ن) دَبْجًا و دَبَّجَهُ۔ نقش کرنا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا ـــــ الطِّلْسَانَ: ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِّيبَاج۔ ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِيج و دَبَابِيج۔ واحد (دِيبَاجَة) و (الدِّيبَاجَة) چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَصُوْنُ دِيبَاجَتَهُ" فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلَانٌ يَبْذُلُ دِيبَاجَتَه" فلاں اپنی آبروریزی کرتا ہے۔ "دِيبَاجَةُ الكِتَابِ" کتاب کا دیباچہ۔ الدِّيبَاجَتَانِ۔ دونوں رخسارے۔ دِيبَاجَةُ الْوَجْهِ: چہرہ کی رونق۔

الدِّيبَاجُ: جوان اونٹنی۔

الدَّبَّاج۔ ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج۔ ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل۔ ایک بدشکل آبی پرندہ۔ الو۔

دَبَّجَ۔ سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔

فِي بَيْتِهِ: گھر میں جمے رہنا۔

دَبَّخَ۔ بمعنی دَبَّجَ۔

دَبْدَبَ دَبْدَبَةً۔ الحَافِرُ عَلَى الأَرْضِ: ٹاپ سے آواز نکالنا۔

الدَّبْدَابُ۔ ڈھول۔ طبل۔ ج دَبَادِيب۔

دَبَرَ (ن) دَبْرًا و دُبُوْرًا۔ النهارُ أو الصَّيْفُ: گزر جانا۔ ختم ہونا ـــــ الرَّجُلُ: مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا ـــــ الرِّيحُ: پچھوائی رُخ پر ہو جانا۔ (ـــــ دَبْرًا) السَّهْمُ الهَدَفَ: نشانہ سے ہٹ جانا ـــــ الكِتَابَ: نقل کرانا ـــــ بِالشَّيْءِ: لے جانا ـــــ ہ: پیچھے آنا ـــــ الحَدِيثَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ۔ پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِرَ (س) دَبَرًا۔ البَعِيرُ: کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)

دَبَّرَ۔ الامرَ: غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا ـــــ الحَدِيثَ: دوسرے سے روایت کرنا ـــــ عَلَى هَلَاكِهِ: کسی کی ہلاکت کیلئے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دَابَرَ مُدَابَرَةً وِدِبَارًا۔ مرنا ـــــ ہ: دشمنی کرنا۔

أَدْبَرَ۔ البعيرُ: زخمی پیٹھ والا ہونا۔ أَدْبَرَهُ القَتَبُ: پیٹھ زخمی کرنا ـــــ فلانٌ: مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ـــــ عَنْهُ: پیٹھ پھیرنا ـــــ ہ: پیچھے کرنا۔ أَدْبَرَتِ الدُّنْيَا: اقبال کا ختم ہونا۔ الامرُ: ختم ہونا ـــــ الرَّجُلُ: بدھ کے دن سفر کرنا۔

تَدَبَّرَ۔ الامرَ: انجام سوچنا۔

تَدَابَرَ۔ القومُ: باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَهُ: پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا ـــــ الأَمْرَ: غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَّبْر۔ مذ۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرَة) ج أَدْبُر و دُبُوْر۔ بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ كَلَامِي دَبْرَ أُذُنَيْهِ" اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِّبْر۔ بمعنی الدَّبْر۔ بہت مال۔ واحد ہے مفرد اور جمع دونوں کیلئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْرٌ واموالٌ دِبْرٌ"

الدُّبْر والدُّبُر۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: پچھلا حصہ۔ ج أَدْبَار۔ دُبُرُ الصَّلٰوة: نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ دُبُرًا لِشَهْرِ وفِي دُبُرِهِ و عَلَى دُبُرِهِ وأَدْبَارَ الشهرِ وفِي أَدْبَارِهِ" وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُرُ البَيْتِ: گھر کا گوشہ۔

الدَّبْرَة۔ انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبَار۔

الدَّبِر۔ زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِّبْرَة۔ جت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الامْرِ قِبْلَة ولا دِبْرَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

الدَّبَرَة۔ جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر و أَدْبَار۔

الدَّبَار۔ ہلاکت۔

الدِّبَار۔ کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدُّبُر۔ پچھوائی ہوا۔

الدَّبِير۔ مِنَ الرِّجْلِ: پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَلَا يَعْرِفُ قَبِيلَه مِنْ دَبِيرِهِ" وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی، جہالت کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِيلَهُ مِنْ دَبِيرِهِ" اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز کر لی۔

الدَّبُّور۔ شکل وصورت۔ ج دَبَابِير۔

الدَّبُّورَة۔ پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح لفظ "الصَّاقُوْر" ہے۔

الدَّبَران۔ چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔

الدَّابِر۔ فا۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔ جیسے "أَمْسُ الدَّابِر" گزشتہ کل۔ اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَأَيْتُهُ بِعَيْنِيْ" بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الكِنَانَةِ غَيْرُ الدَّابِرِ" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہ رہا۔ اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُمْ" اللہ ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



یَ جڑ کو کاٹ دے۔
الدَّابِرَة۔ الدَّابر کا مؤنث۔ شکست۔ بدفالی۔
نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔ دَابِرَةُ الطَّیْر : پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوَابر۔
الدَّبَرِیُّ۔ نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے۔
الدَّبَرِیُّ۔ وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا۔ "شُرُّ الرَّای الدَّبَرِیُّ" یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔
و "جَاءَ دَبَرِیًّا" وہ آخر میں آیا۔
المُدَابِر۔ ناکامیاب تیر والا۔
المُقَابَل و المُدَابَر۔ نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔
المَدْبُور۔ زخمی۔ بہت مال والا۔
دَبَّسَ۔ الشیءَ : چھپانا ـــــ الشیءُ : چھپنا ـــــ العِنَبُ : میٹھا ہونا ـــــ العَصِیْرَ : گاڑھا ہو جانا ـــــ الرجُلُ العَصِیْرَ : پکا کر گاڑھا کرنا۔
اَدْبَسَت۔ الاَرْضُ : اگھوا نکلنا۔
اِدْبَسَّ اِدْبِسَاسًا۔ الفرسُ : سرخ سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْبَس)
الدَّبْس۔ ہر کالی چیز۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ دَبْسٌ" بہت مال۔
الدِّبْس۔ پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔
الدَّبَّاس۔ شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
الدِّبس۔ شہد۔ کھجور کا شیرہ۔
الدُّبْسَة۔ سیاہی ملی ہوئی سرخی۔
الدَّبُّوس و الدُّبُّوس۔ آہنی گرز۔ ج دَبابیس۔
دَبَشَ (ن) دَبْشًا۔ الشیءَ : چھلکا اُتارنا ـــــ الطَّعَامَ : کھانا۔
الدَّبَش۔ گھر کا سامان۔ روی سامان۔ مَکَانٌ (مَدْبُوْش) وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو ٹڈیوں نے کھالیا ہو۔
سَیْل (دُبَاشٌ) ہر چیز کو بہا لے جانے والا سیلاب۔
دَبَغَ (ف ن ض) دَبْغًا و دِبَاغًا و دِبَاغَةً۔ الجلدَ : کھال کو پکانا۔
اِنْدَبَغَ۔ کھال کا نرم ہونا اور اس سے رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔
الدِّبْغ و الدِّبْغَة و الدِّبَاغ و الدِّبَاغَة۔ چمڑا پکانے کا مسالہ۔
جِلْدٌ (دَبِیْغ) پکائی ہوئی کھال۔
الدِّبَاغَة۔ چمڑے کی پکائی کا پیشہ۔
الدَّبَّاغ۔ چمڑے کو پکانے والا۔
المَدْبَغَة و المَدْبُغَة۔ چمڑا پکانے کی جگہ۔ چمڑے جو پکانے کے لئے مسالہ میں ڈالے گئے ہوں۔
دَبَقَ (ض) دَبْقًا۔ الصَّائدُ الطَّیْرَ : لاسہ سے شکار کرنا۔
دَبِقَ (س) دَبَقًا۔ بِہٖ : چمٹنا۔
دَبَّقَهٗ۔ لاسہ سے شکار کرنا۔
اَدْبَقَهٗ۔ چپکانا۔
تَدَبَّقَ۔ الطَّیْر : لاسہ سے شکار ہو جانا ـــــ الشیءُ : لیس دار ہونا۔
الدِّبْق و الدَّابُوْق و الدَّبُوْقَاء۔ پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔
دَبَلَ (ن) دَبْلاً و دُبُوْلاً۔ الارضَ : کھاد ڈالنا ـــــ الشیءَ : درست کرنا۔
دَبَلَه (ن ض) دَبْلاً۔ بالعَصَا : لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَلَتْه الدَّبُوْلُ" اس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔
( ـــــ و دَبَّلَ) اللُّقْمَةَ : بڑا لقمہ لینا ـــــ الشیءَ : اُنگلیوں سے جمع کرنا۔
دَبِلَ (س) دَبَلاً۔ موٹا ہونا۔
الدَّبَل۔ مہ۔ پلیگ۔ مصیبت۔ اولاد کی موت۔ تالا۔ ج دُبُول۔
الدُّبْلَة۔ بڑا لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ ج دُبَل و دُبَل۔
الدَّبْلَةُ و الدُّبَیْلَة۔ مصیبت۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کا پھوڑا۔
الدُّبَال۔ کھاد۔
الدَّبُوْل۔ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔ ہلاکت و مصیبت۔
الدَّوْبَل۔ نر سور۔ چھوٹے قد کا گدھا۔
دُبِیَتْ۔ الاَرْضُ : چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِیَّة و مَدْبُوْءَة)
اَدْبَتِ۔ الاَرْضُ : بکثرت چھوٹی ٹڈیوں والی ہونا۔
الدَّبَی۔ چھوٹی ٹڈی۔ چیونٹی۔ واحد (دَبَاة)
دثَّ (ن) دثًّا۔ الصَّیَّادُ بِہٖ : کسی چیز سے شکار کرنا۔ دَثَّه۔ تکلیف دہ مار مارنا۔ ہنڈا دینا۔ پتھراؤ کرنا۔
دَثَتْ (ض) دَثًّا۔ السَّمَاءُ : ہلکی بارش ہونا۔
الدَّثُّ و الدَّثَّة و الدِّثَاث۔ ہلکی بارش۔
الدُّثَّة۔ معمولی زکام۔
الدَّثُوْث۔ ہٹ جانے والا۔
الدُّثَّاث۔ گوپھن سے پرندوں کا شکار کرنے والے۔ واحد (دَاثٌّ)
دَثَرَ (ن) دُثُوْرًا۔ الرسمُ : مٹنے لگنا۔ صفت (دَاثِر) ج دَوَاثِر ـــــ السَّیْفُ : زنگ آلود ہونا ـــــ الشَّجَرُ : پتے نکلنا ـــــ الثَّوْبُ : میلا ہونا ـــــ الرجُلُ : بڑھاپے کے آثار نمایاں ہونا۔
دَثَّرَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ چادر سے ڈھانپنا۔
ـــــ الطائِرُ : گھونسلہ بنانا۔
تَدَثَّرَ و اِدَّثَرَ۔ بالثَّوْب : اوڑھنا۔ صفت (مُتَدَثِّر) و (مُدَّثِّر) اس کی اصل مُتَدَثِّر ہے تا کو دال میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ و تَدَثَّرَ فرسه : کود کر سوار ہونا۔
اِنْدَثَرَ۔ مٹنا۔ ناپید ہونا۔
اِدَّثَرَ۔ بہت مال جمع کرنا۔
تَدَاثَرَ۔ الرَّسْمُ : مٹنے لگنا۔
الدَّاثِر۔ فاہلاک ہونے والا۔
الدَّثْر۔ بہت۔ مالٌ دَثْرٌ۔ بہت مال، کہا جاتا ہے "مَالٌ دَثْرٌ و مَالاَنِ دَثْرٌ و اَمْوَالٌ دَثْرٌ" اور کبھی دُثُوْر جمع بولتے ہیں۔ رجُلٌ دَثْر : غافل۔ مَرْدھُوْ (دِثْر) مَال : وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
الدَّثَر۔ میل کچیل۔ اور کہا جاتا ہے عَسْکَرٌ دَثْرٌ۔ بہت فوج۔
الدِّثَار۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے اوپر کا گرم کپڑا۔ سونے والا جس کپڑے کو اوڑھ کر لیٹے۔
الدَّثُوْر و الدِّثَارِیُّ۔ کاہل۔ سست۔ گمنام۔ بہت سونے والا۔
الاَدْثَر۔ غافل۔
دَثَطَ (ن) دَثْطًا۔ القَرحَةَ : نشتر لگا کر مواد بہانا۔
دَثَعَ (ف) دَثْعًا۔ سخت رونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الدَّفْع- نرم زمین-
دَفَقَ(ن)دَفْقًا- الماءَ :گرانا-
الدَّفِیْمَة- چوہا-
دَفَّنَ تَدْفِیْنًا- الطَّائرُ : درخت میں گھونسلہ بنانا- پھدکنا-
الدَّفِیْنَة- دفینہ-
الدَّفَنَة- تھوڑا پانی-
دَجَّ(ض)دَجِیْجًا و دَجَجَانًا- القومُ : آہستہ چلنا ـــــ البیتُ : چھت ٹپکنا- ( ـــــ دجًّا)البیتَ :لٹکانا-
دَجَّجَهٗ- ہتھیار بند کرنا- دَجَّجَتِ السَّمَاءُ : ابر آلود ہونا-
تَدَجَّجَ- ہتھیار بند ہونا- اور کہا جاتا ہے "تَدَجَّجَ فِیْ شِکَّتِهٖ" وہ پوری طرح ہتھیار بند ہوگیا-
الدَّاجُّ- فا- (مثل لفظ الحَاجُّ کے مفرد و جمع ہے)خادم اور بوجھ اُٹھانے والوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے- اس لئے کہ وہ آہستہ چلتے ہیں- ج دَاجُّوْن و دَاجَّة-
الدُّجَّة- سخت تاریکی-
الدجاج- (بتثلیث الدال و الفتح اعلٰی) مرغی- مرغ (پالتو و جنگلی) الدَجاجُ الهِنْدِی : ایک بڑا پرندہ ہے جس کو ملک شام میں دجاج حبش اور مصر میں دجاج رومی کہتے ہیں-
واحد (دَجَاجَة) ج دُجج- الدَجَاجة : دھاگے کی انٹی- عیال-
الدُّجُج- سخت تاریکی- سیاہ پہاڑ-
الدَجُوْجِی و الدَیْجُوْج- تاریک رات- ج دَیَاجِیْج-
الدَّجَاجِی- مرغیوں کا بیچنے والا- اَسْوَدُ دُجاجِی : سخت سیاہ-
المُدَجَّج و المُدَجِّج- پوری طرح سے ہتھیار بند "دَجَّجَتِ السَّمَاء" سے ماخوذ ہے اور تشبیہًا سبھی پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے-
الدَجَجَان- ماں کے پیچھے پیچھے پھرنے والا شیر خوار بچہ- مؤنث دَجَجَانَة-
الدَجُوْب- غلہ کی بوری جس کو عورتیں سفر میں ساتھ رکھتی ہیں-

دَجْدَجَ و تَدَجْدَجَ- اللَّیْلُ : تاریک ہونا-
دَجِرَ (س) دَجَرًا- حیران ہونا- مدہوش ہونا- صفت (دَجِر و دَجْرَان) ج دَجْرٰی و دَجَارٰی-
دَاجَرَ مُدَاجَرَةً- بھاگنا-
الدِجْرَان- تھونی- وہ لکڑی جو بیل چڑھانے کے لئے لگائی جائے- واحد (دِجْرَانَةٌ)
الدُّجْر- ایک وہ چیز جس میں سوراخ دار لوہا لگا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے بونے کے وقت غلہ گراتے ہیں-
الدُّجْر- بتثلیث الدال والکسر افصح و الدُجْر- لوبیا-
الدَیْجُوْر- تاریکی- خاکستری رنگ کی سیاہی مائل مٹی- ج دَیَاجِیْر و دَیَاجِر-
دَجَلَ (ن) دَجْلًا- جھوٹ بولنا ( ـــــ و دَجَّلَ) البَعِیْر : اونٹ پر قطران ملنا ـــــ بالمَکَان : ٹھہرنا- مقیم ہونا- و (دَجَّلَ) الشیءَ : ڈھانپنا ـــــ الإنَاءَ : سونے کے پانی سے ملمع کرنا ـــــ الأرْضَ : گوبر ڈالنا-
الدَجَّال- گوبر-
الدَجَّال- بڑا جھوٹا- نام ایک شخص کا جو آخر زمانہ میں ظاہر ہوگا- ج دَجَّالُوْن و دَجَاجِلَة-
الدَّجَّال : سونے کا پانی-
الدَجَّالَة- ساتھیوں کا بڑا گروہ جو زمین پر چھا جائے-
الدُجَیْل و الدُجَالَة- قطران (دیکھئے لفظ القطران)
دِجْلَة- عراق کا مشہور دریا- لفظ کے لحاظ سے مؤنث ہے اور نہر کی تاویل سے مذکر اور کبھی اس پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے- کہا جاتا ہے "الدِجْلَة"
دَجَمَ(ن)دَجْمًا- اللَّیْلُ : تاریک ہونا-
دَجِمَ(س)و دُجِمَ دَجْمًا- غمگین ہونا-
الدَجْم- مِنَ الشیءِ : قسم-
الدُجَم- عشق کے بے تابیاں- کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ دُجَم العِشْق" اس کو عشق کی بے تابیوں نے گھیر لیا-
الدَجْمَة- تاریکی ج دُجَم-
الدُجْمَة- کلمہ- کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ دُجْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا-
الدِجْمَة- یار دوست- ج دِجَم-
غَدِیْرٌ (دَیْجَمٌ) لمبرس مارنے والا تالاب-
دَجَنَ (ن) دَجْنًا و دُجُوْنًا- الیَوْمُ : بادل و بارش والا ہونا ـــــ اللَّیْلُ : سیاہ ہونا- صفت (اَدْجَن) مؤنث (دَجْنَاء) ج دُجْن-
دَجَنَ (ن) دُجُوْنًا- بالمَکَانِ : اقامت کرنا-
الحَمَامُ و غَیْرُهٗ : پالتو ہونا- صفت (دَاجِن) مؤنث (دَاجِنٌ و دَاجِنَةٌ) ج دَوَاجِن- کہا جاتا ہے "دَجَنُوْا فِی لُؤْمِهِم" کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا-
اَدْجَن- القَوْمُ : بارش میں داخل ہونا-
ـــــ السَمَاءُ : لگاتار برسنا ـــــ المَطَرُ او الحُمَّیٰ : ہمیشہ رہنا ـــــ اللَّیْلُ : تاریک ہونا-
دَاجَنَهٗ مُدَاجَنَةً- نمائشی رواداری برتنا-
اِدْجَوْجَنَ- الیَوْمُ : بارش والا ہونا-
الدَجْنُ- مد- بہت بارش- گھٹا ٹوپ بادل ج دُجُن و دِجَان و دُجُون و اَدْجَان- کہا جاتا ہے "یَوْمُ دَجْنٍ و یَوْمٌ دَجْنٌ" بہت بارش کا دن- عَلٰی هٰذا القیاس- لَیْلَةٌ دَجْن و لَیْلَةٌ دَجْنٌ-
الدُجْنَة- تاریکی- ج دُجَن و دُجُنَات-
والدُجْنَة فی اَلْوَانِ الابِل- بدترین سیاہی-
الدُجْنَة و الدَجِنَّة و الدِجْنَّة- تاریکی- بہت بارش والا گھٹا ٹوپ بادل- ج دُجُنات- کہا جاتا ہے "یَوْم دُجُنَّةٍ و یوم دُجُنَّةٌ" بہت بارش کا دن و عَلٰی هٰذا القِیَاس "لَیْلَةٌ دُجُنَّة و لَیْلَةٌ دُجُنَّةٌ" تاریک رات-
الاَدْجَن- تاریک-
لَیْلَةٌ (مِدْجَان) تاریک رات-
الدَاجِنَة و المُدْجِنَة- مِنَ السَّحَابِ : بہت بارش والا بادل-
دَجَا (ن) دَجْوًا و دُجُوًّا- اللَّیْلُ : تاریک ہونا- صفت (دَاجٍ) مؤنث دَاجِیَة-
الثوبُ : کشادہ ہونا-
دَاجٰی مُدَاجَاةً ـــــ ه : نمائشی رواداری برتنا-
اَدْجٰی اِدْجَاءً و تَدْجِیَةً و اِدْجَوْجٰی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِدْجِيْجَاءً- اللَّيْلُ : تاریک ہونا- اَدْجَى الْبَيْتَ : پردہ لٹکانا-

الدُّجَة- قمیص کا بٹن- تین انگلیاں مع لقمہ کے-ج دُجات و دُجَى-

الدُّجَيَة- تاریکی یا بادل کی تاریکی- شکاری کے گھات کی جگہ-ج دُجَى-

الدَّاجِي- فا ـــــ مِنَ الْعَيْش : آسودگی نعمةٌ دَاجِيَةٌ : کامل نعمت-

لَيْلٌ (دَجِيٌّ) تاریک رات-

الدَّيَاجِي- تاریکیاں-

دَجَّ (ن) دَجًّا- الشيءَ فی الارض : چھپانا ـــــ الطَّعَامُ بَطْنَه : شکم سیری سے لٹک آنا- ـــــ الرَّجُلَ : گدی پکڑ کر دھکیلنا ـــــ البَيْتَ فی الثَّرَىٰ : کشادہ کرنا-

اِنْدَجَّ اِنْدِجَاجًا- بَطْنُه : کشادہ ہونا-

الدَّجْدَج والدَّجْدَجَة والدَّجْدَاح والدَّجْدَاجَة والدُّجَادِح والدُّجَيْدِحَة- پستہ قد-

دَجَبَ (ف) دَجْبًا- دفع کرنا ( ـــــ دَجْبًا ودُجَابًا) الجاريةَ : جماع کرنا-

الدُّجْبَة- بکریوں کا گلہ-

دَجَجَهُ (ف) دَجْجًا- زمین پر گھسیٹنا-

دَجَّجَ الجَارِيَةَ : جماع کرنا-

دَجَرَه (ف) دَجْرًا و دُجُوْرًا و مَدْجَرَةً- دھتکارنا- دور کرنا- دفع کرنا- صفت فاعلی (دَاجِرٌو دَجُوْر) و صفت مفعول (مَدْجُوْر)

دَجْرَجَه- لڑھکانا-

تَدَجْرَجَ- لڑھکنا-

الدُّجْرُوْجَة- گیریلا کی گولی جس کو لڑھکا کر لے جاتا ہے-ج دجاریج-

الدَّجْر- سخت و مضبوط-

دَجَسَ (ف) دَجْسًا- بَيْنَ القَوْمِ : فساد ڈالنا ـــــ الشيءَ : بھرنا ـــــ بِرِجْلِه : کریدنا ـــــ الجزاز : کھال اُتارنے کیلئے کھال میں ہاتھ داخل کرنا- الثوبَ فِی الْوِعَاء : کپڑے کو برتن میں داخل کرنا ـــــ بِالشَّرِّ : خفیہ طریقہ سے شرانگیزی کرنا-

( ـــــ واَدْجَسَ) السُّنْبُل : دانوں سے بھرا ہونا-

دَجِسَتْ (س) دَجَسًا- اِصْبَعُه : انگلی کا سوجنا- صفت (مَدْجُوْس) اور انگلی کو مَدْجُوْسَة کہتے ہیں-

الدِّجَاس- مِنَ الْبُيُوْتِ : آدمیوں سے بھرا ہوا گھر-

الدَّجَّاس والدُّجَّاس- ایک زرد رنگ کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے- ج دَجَّاسَات ودَجَاجِيس-

الدَّاجِس والدَّاجُوْس- انگلی کے کنارے پر ورم-

الدَّيْجَس- ہر چیز کی کثیر مقدار-

دَجَصَ (ف) دَجْصًا- المَذْبُوْحُ بِرِجْلِه : ایڑیاں رگڑنا ـــــ الرَّجُلُ : جلدی کرنا-

دَجَضَ (ف) دَجْضًا و دُجُوْضًا- الحُجَّةَ : باطل کرنا- دَجَضَتِ الحُجَّةُ : باطل ہونا ـــــ الشمسُ : ڈھلنا-

دَجَظَ (ف) دَجْظًا- ذبوح کی طرح پاؤں پٹکنا ـــــ رِجْلُه : پھسلنا ـــــ المطرُ التِلاعَ : پھسلن کی جگہ بنا دینا ـــــ عَنِ الأَمْرِ : تفتیش کرنا-

اَدْجَصَ- الرِجلَ : پھسلانا ـــــ الحُجَّةَ : باطل کرنا-

اِنْدَجَصَ- البُزْهَانُ : باطل ہونا-

الدَّجَض والدَّحَض- مِنَ الْأَمْكِنَةِ : پھسلن کی جگہ-ج دِحَاض-

المَدْجَضَة- پھسلانے والی جگہ-

دَجَقَهُ (ف) دَجْقًا واَدْجَقَهُ- دور کرنا- دھتکارنا-

اِنْدَجَقَ- اپنی جگہ سے نکل پڑنا-

الدَّاجِق- فا- بیوقوف- غضبناک-

الدَّجِيْق- دور- دور ہونے کی جگہ-

دَجِيْقُ القَوم : قوم کا دھتکارا ہوا-

مُنْدَجِق- البَطْنِ : کشادہ پیٹ والا-

دَجْقَبَه- پیچھے سے تیز ہانکنا-

دَجَلَ (ف) دَجْلًا- بھاگ کر چھپنا- دور ہونا ـــــ البِئْرَ : کنوئیں کے ایک جانب میں کھودنا- ( ـــــ واَدْجَلَ) فی الدَّجْل : کھوہ میں داخل ہونا-

دَجِلَ (س) دَجَلًا- ڈھیلے پیٹ والا ہونا- صفت (دَجِل)

دَاجَلَهُ مُدَاجَلَةً- دھوکا دینا- فریب کرنا-

الدَّجْل والدُّجْل- کھوہ- گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہو-ج دِجَال واَدْجَال واَدْجُل ودُجُوْل ودُجْلَان-

الدَّجْلَة- کنواں-

الدَّجِل- فریبی' دغاباز- موٹا پست قد- ڈھیلے پیٹ والا-

الدِّجَال- امتناع-

البئر (الدَّجُول والدَّجْلَاء) اوپر سے تنگ نیچے سے چوڑا کنواں-

الدَّاجُوْل- وہ لکڑی جو ہرن کے شکار کرنے کیلئے کھڑی کی جائے- ج دَوَاجِيل- اور اس طریقہ سے شکار کرنے والے کو (الدَّجَّال) کہتے ہیں-

دَجْلَطَ- اول قول بکنا-

دَجْلَمَهُ دَجْلَمَةً- پہاڑ سے گرا دینا یا کنوئیں میں دھکیل دینا-

دَجَمَهُ (ف) دَجْمًا- زور سے دھکا دینا- دَجَمَ المرأةَ : جماع کرنا-

الدِّجْم- جڑ-

الدَّاجُوْم- لومڑی کا جال-

دَجْمَرَ- القِرْبَةَ : مشک بھرنا-

دَجْمَسَ- اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا-

الدَّجْمَس والدُّجْمَس- سیاہ- بہت سخت تاریک- کہا جاتا ہے "لَيْلٌ دَجْمَس" بہت تاریک رات-ج دَجَامِس-

الدُّجَامِس- بہت زیادہ گندم گوں موٹا آدمی- بہادر-

الدُّجْمُوْق- بڑے ڈیل ڈول کا بڑے پیٹ والا-

دَجْمَلَ- بِهِ : زمین پر لڑھکانا-

دَجِن (س) دَجَنًا- پست قد موٹا بڑے پیٹ والا ہونا-

الدِّجْنَةُ- بلند زمین-

دَجَا يَدْجُو ويَدْجِي دَجْوًا- البَطْنُ : بڑا ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اور نیچے کو لٹکنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَحَا الْمَطَرُ الْحَصٰی عَنْ وَجْهِ الْاَرْضِ" بارش کنکریوں کو بہالے گئی۔

اِدْحَوَیٰ اِدْحِوَاءً۔ پھیلنا۔

دَحٰی یَدْحُی دَحْیًا۔ الشیٔ: پھیلانا۔

تَدَحّٰی تَدَحِّیًا۔ الشیٔ: پھیلنا۔

اِنْدَحٰی۔ البطنُ: کشادہ ہونا۔

الدَّحِیَّة۔ بندریا۔

الدِّحْیَة۔ فوج کا سردار۔ ج دِحَاء۔

الْاَدْحِیُّ والْاِدْحِیُّ والْاُدْحُوَّة والْاُدْحِیَّة۔ ریت میں شترمرغ کے انڈے دینے کی جگہ۔

الدَّخُّ والدُّخُّ۔ دھواں۔

دَخْدَخَ۔ الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا ـــــ عَنْهُ الشیٔ: روکنا۔

تَدَخْدَخَ۔ الرجلُ: دلگیر ہونا۔

دَخْدَرَ۔ القُرْطَ: سونے کا ملمع کرنا۔

دَخَرَ (ف) ودَخِرَ (س) دَخْرًا ودُخُورًا۔ ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔

اَدْخَرَهٗ۔ ذلیل کرنا۔

الدِّخْرِص۔ دانا۔ عقل مند۔ ماہر۔

الدِّخْرِیص۔ کرتے کی کلی۔

دَخَسَ (ف) دَخْسًا۔ الشیٔ فِی الرِّمَاد: چھپا دینا۔ دَخَسَ فِیْهِ: داخل ہونا۔

دَخِسَ (س) دَخَسًا۔ الحَافِرُ: درم والا ہونا۔ صفت (دَخِس)

الدَّخْس۔ جوان ریچھ۔ موٹا گٹھے بدن والا۔

الدَّخَس۔ جانور کے کھر کا ورم۔

الدُّخَس۔ ایک بحری جانور کا نام ہے جس کو سوس کہتے ہیں۔

عَدَدٌ دِخَاس: بہت۔ دِرْعٌ دِخَاسٌ: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔

الدَّخِیس۔ آپس میں اُلجھی ہوئی گھاس۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَخِیسُ اللَّحْمِ" وہ پُرگوشت ہے۔

کَلَا (دَیْخَشٌ) بہت اور اُلجھی ہوئی گھاس۔

الدَّوَاخِس والدُّخَّس۔ دیگ دان کے پائے۔

دَخِشَ (س) دَخَشًا۔ پُرگوشت ہونا۔

دَخِصَ (ف) دُخُوْصًا۔ الجَارِیَةُ: چربی والی ہونا۔ صفت (دُخُوْص)

دَخَصَ (ف) دَخْصًا۔ الصَّبِیُّ او السَّبُعُ: پائخانہ کرنا۔

دَخَلَ (ن) دُخُوْلًا ومَدْخَلًا۔ الدَّارَ: اندر آنا۔ داخل ہونا ـــــ بِهٖ: اندر لانا۔ داخل کرنا ـــــ عَلَیْهِ: زیارت کرنا۔ ملاقات کرنا۔

دُخِلَ۔ فی عَقْلِهٖ او جَسَدِهٖ و (دَخِلَ (س) دَخَلًا) عقل یا جسم میں خرابی لاحق ہونا۔ صفت (مَدْخُوْل) عَلَیْهِ ـــــ امرُ فُلَانٍ: باطنی طور پر فاسد ہونا۔ (دَخَّلَهٗ) داخل کرنا۔

دَاخَلَهٗ مُدَاخَلَةً۔ العُجْبُ: خود پسندی آنا۔

دَاخَلَهٗ فِی اُمُوْرِهٖ: دراندازی کرنا۔ دخل دینا۔

اَدْخَلَهٗ اِدْخَالًا ومُدْخَلًا۔ داخل کرنا۔

تَدَخَّلَ۔ داخل ہونا ـــــ الشیٔ: آہستہ آہستہ داخل ہونا۔

تَدَاخَلَه۔ گھل مل جانا ـــــ الشیٔ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَدَاخَلَتِ الْاُمُوْرُ: مشتبہ و ملتبس ہونا۔

اِدَّخَلَ واِنْدَخَلَ۔ داخل ہونا۔

الدَّخَل۔ مہ۔ آمدنی۔ مرض۔ عیب۔ تہمت۔

دَخِلَ الرَّجُلُ: نیت۔ مذہب۔ راز۔

الدَّخَل۔ عقلی یا جسمانی خرابی۔ مکر۔ خاندانی عیب۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو کسی کی جانب منسوب کرتے ہوں اور فی الحقیقت ان میں سے نہ ہوں۔

دَخْلَةُ الرَّجُلِ ودِخْلَتُه ودُخْلَتُهٗ: نیت۔ مذہب۔ راز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَفِیْفُ الدَّخْلَة" وہ پاک نیت ہے۔ الدِّخْلَة: راز۔ اسی سے ہے "فَرَشْتُهٗ دِخْلَةَ اَمْرِی" میں نے اُس کے سامنے اپنا راز ظاہر کر دیا۔ الدِّخْلَة: مختلف رنگوں کو ملا کر ایک رنگ بنانا۔

الدُّخَّل۔ بڑے ڈیل اور گٹھے بدن والا۔ درخت کے جڑ کی گھاس۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج دخاخیل

(دُخَّل الرَّجُل ودُخَّیْلاہ ودُخَیْلاہ) نیت راز۔

الدَّاخِل۔ فا۔ اندر آنے والا۔ اندرونی۔

الدَّاخِلَة۔ مؤنث۔ دَاخِلَةُ الارض: زمین کا نشیبی حصہ ـــــ الاِزَارِ: ازار (تہ بند) کی اندرونی سطح ـــــ الانسانِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔ ج دَوَاخِل۔

الدِّخَال۔ گھوڑے کا ایال۔ جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔

الدَّخِیل۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔ ج دُخَلَاء۔ عجمی کلمہ جو عربی زبان میں داخل ہو گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "دَاءٌ دَخِیلٌ" اندرونی بیماری "هُوَ دَخِیلُ فلان" وہ فلاں کے ہر کام میں رازدار ہے۔ و دَخِیلُ الرَّجُل: نیت۔ مذہب۔ راز۔

الدَّخِیلَة۔ مِنَ الشیٔ: چیز کا اندرونی حصہ۔

دَخِیلَةُ الْمَرءِ: نیت۔ اندرونی خیال۔

المَدْخَل۔ داخل ہونا۔ داخل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الْمَدْخِلِ فِی اُمُوْرِهٖ" وہ اپنے اُمور کا بہترین منتظم ہے۔

المُدْخَل۔ مفع۔ لئیم۔ کمینہ۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔

المَدْخُوْل۔ وہ شخص جس کی عقل میں فتور ہو۔ لاغر۔ عیب دار۔ نَخْلَةٌ مَدْخُوْلَةٌ: درخت خرما جس کے اندر کا حصہ کھوکھلا ہو گیا ہو۔ رَجُلٌ (مُتَدَاخِلٌ) موٹا گٹھے ہوئے بدن کا مرد۔

الدُّخُلُل والدِّخْلَل۔ راز دار۔ دُخْلُلُ الرَّجُلِ: نیت۔ راز۔ اُمور میں مداخلت کرنے والا۔

الدِّخْلِل۔ چربی جو گوشت میں پیوست ہو۔

دَخَمَهٗ (ف) دَخْمًا۔ سختی سے ہٹانا۔ دَخَمَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

دَخْمَسَه دَخْمَسَةً۔ دھو کا دینا۔

دَخِنَ (س) دَخَنًا۔ الطَّعَامُ واللَّحْم وغیرھما: دھوئیں کی بو دینا۔ صفت (دَخِن) ـــــ النَّارُ: دھواں اُٹھنا ـــــ خُلُقُه: بداخلاق ہونا ( ـــــ ودَخُنَ (ک) دُخْنَةً) دھوئیں کے رنگ کا ہونا۔ صفت (اَدْخَن) مؤنث دَخْنَاء۔

دَخَنَتْ (ن ض) دَخْنًا ودُخُونًا ودَخَّنَتْ واَدْخَنَتْ واِدَّخَنَتْ۔ النارُ: دھواں اُٹھنا۔

اِدَّخَنَ الزَّرْعُ۔ دانوں کا سخت ہونا۔

دَخَّنَ۔ الشیٔ: دھونی دینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَدَخَّنَ۔ دھوئیں کی بُو دینا۔
الدُّخن۔ کنگنی۔ چینا۔ باجرا۔
الدَّخَن۔ مہ۔ دھواں۔ کینہ۔ فساد۔ عقلی فتور۔ دین کی کمزوری۔ حسب کا عیب۔ کہا جاتا ہے "لَسْتُ اُصَالِحُہ عَلٰی دَخَنٍ" میں اس سے مکر وفساد کی صورت میں صلح نہیں کروں گا۔
الدُّخنۃ۔ دھندلا۔ خوشبو جس سے مکانوں کو دھونی دیتے ہیں۔ اَبُودُخنۃ: ایک قسم کا پرندہ۔
الدُّخان والدُّخّان۔ دھواں ج اَدْخِنَۃ ودَوَاخِن ودَوَاخِیْن۔ مولدین تمباکو وسگریٹ کو کہتے ہیں۔
الدَّاخِنَۃ۔ روشن دان جس سے دھواں نکلے۔ ج دَوَاخِن۔
الدِّخَان۔ وہ چیز جس پر دھواں چھا جائے۔ مؤنث دَخْنَانَۃ۔
اَلْمَدْخَنُ۔ دھوئیں کی جگہ۔
المِدْخَنَۃ۔ عود سوز۔ انگیٹھی۔ ج مَدَاخِن۔
المَدْخَنَۃ۔ دھواں نکلنے کی چمنی۔
الدَّخِی۔ تاریکی۔
لَیْلَۃٌ (دَخْیَاءُ) تاریک رات۔
الدَّدُ کھیل کود۔ اس کا لام کلمہ مثل "غد" کے واؤ محذوف ہے اور کبھی واؤ کو الف سے بدل کر (الدَدَا) کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنَا فِیْ دَدٍ وَلَا الدَّدُ مِنِّیْ" نہ تو میں کھیل کود میں ہوں اور نہ یہ میرا کام ہے۔ الدَّد: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَی دَدٌّ مِنَ الدَّھْرِ" زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔
الدَّدَن۔ کھیل کود۔
الدَّدَان۔ بے نفع آدمی۔ کند تلوار۔ بہت کاٹنے والی تلوار (ضد) الدَّیْدَن والدَّیْدَان عادت۔
الدَّیْدَب والدَّیْدُبَان۔ نگہبان۔ ہراول۔ راہبر۔ جنگلی گدھا۔
الدَّیْدَبُوْن۔ کھیل کود۔
دَرَّ (ن ض) دَرًّا۔ الحَلِیْبُ: دودھ زیادہ ہونا ـــــ الدُّنْیَا عَلٰی اَھْلِھَا: پیداوار زیادہ ہونا۔ ـــــ النَّاقَۃُ بِلَبَنِھَا: بہت دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "دَرَّتْ حُلُوْبَتُہٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔ النَّبَاتُ: گتھ جانا۔ (ـــــ دَرًّا ودُرُوْرًا) العَرَقُ: بہنا ـــــ السَّمَاءُ بِالمَطَرِ: برسنا ـــــ السِّرَاجُ: روشن ہونا ـــــ السُّوْقُ: بازار کا چل پڑنا۔ ـــــ العَرُوْقُ: خون سے بھرنا۔
دَرَّ (س ض) دَرًّا۔ وَجْھُہٗ: بیماری کے بعد نکھر آنا۔
دَرَّ (ض) دَرِیْرًا۔ الفرسُ: تیز دوڑنا۔
اَدَرَّ۔ المِغْزَلَ: مضبوط بٹنا ـــــ الشَّیْءَ: حرکت دینا ـــــ عَلَیْہِ الضَّرْبَ: لگاتار مارنا۔ ـــــ الرِّیْحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَدَرَّ اللّٰہُ لک اَخْلَافَ الرِّزْقِ" اللہ تعالیٰ تمہارے لئے رزق زیادہ کریں ـــــ النَّاقَۃُ: بہت دودھ والی ہونا۔
اِسْتَدَرَّ۔ اللَّبَنُ: زیادہ۔ اِسْتَدَرَّہٗ: بہانا ـــــ الرِّیْحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔
الدَّر۔ مہ۔ دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ خون اور کہا جاتا ہے "لِلّٰہِ دَرُّہٗ" اس کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے۔ و "لَا دَرَّ دَرُّہٗ" خدا کرے کہ وہ خوش حال نہ ہو۔
الدُّر۔ بڑے موتی۔ واحد (دُرَّۃٌ) ج دُرُوْر ودُرَّات۔
الدَّار۔ فا۔ دو دھاری اونٹنی۔ ج دُرُوْرٌ و دُرَّرٌ ودُرَّازٌ۔
الدِّرَّۃ۔ دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ دودھ کا بہنا۔ خون۔ کوڑا۔ ج دِرَر۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ عَلٰی دِرَتِہٖ" وہ اپنے ارادہ پر ڈٹا رہا کوئی چیز اس کے لئے مانع نہیں۔
دَرَزٌ۔ الطَّرِیْقِ: راستہ کا درمیان۔ دَرَزُ الرِّیْحِ: ہوا چلنے کی سمت۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا عَلٰی دَرَزٍ وَاحِدٍ" ان دونوں کا قصد ایک ہے۔
الدَّرَّازَۃ تکلہ۔
الکوکَبُ (الدِّرِّیُّ) بتثلیث الدال: روشن ستارہ۔ فرسٌ دَرِّی: تیز رفتار گھوڑا۔ دُرِّی السَّیْفِ: تلوار کی چمک۔
اِلدَّرُوْر۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ حَرْبٌ دَرُوْرٌ: خونریز جنگ۔
الدَّرِیْر۔ مہ۔ روشن چراغ۔ تیز رفتار جانور۔
النَّدِرَّۃ۔ دودھ کی کثرت۔
المِدْرَار۔ بہت برسنے والا۔ کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ مِدْرَارٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔ "عَیْنٌ مِدْرَارٌ" بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
دَرَأَہٗ (ف) دَرْأً ودَرْأَۃً۔ زور سے دھکا دینا ـــــ الشَّیْءَ: بچھانا ـــــ السَّیْلُ عَلَیْہِ: تیزی کے ساتھ آنا۔ کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا" وہ ہمارے اوپر اچانک آ گیا۔ (ـــــ دُرُوْءًا) البَدْرُ: چمکنا ـــــ النَّارُ: روشن ہونا۔
دَارَأَہٗ مُدَارَأَۃً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ نرمی برتنا۔ مہربانی کرنا۔ فریب دینا۔
تَدَرَّأَ تَدَرُّءًا۔ الصائدُ: فریب دینے کے لئے چھپنا۔ و تَدَرَّأَ عَلَیْہِ: درازدستی کرنا۔
اِدْرَأَ۔ الصَّیْدَ وَلِلصَّیْدِ: گھات لگانے کی جگہ بنانا۔
تَدَارَأَ تَدَارُءًا۔ القَوْمُ: جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔
اِنْدَرَأَ۔ السَّیْلُ: تیزی کے ساتھ آنا۔ الطَّرِیْقُ: پھیل جانا ـــــ فُلَانٌ عَلَیْنَا: اچانک آ جانا۔
الدَّرْء۔ مہ۔ نیزے کی چھڑ وغیرہ کی کجی۔ مخالفت۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُ دَرْءَہٗ" میں نے اس کی کجی کو درست کر دیا۔ و "جَاءَ السَّیْلُ دَرْءًا" یعنی سیلاب تیزی سے اچانک طور پر آ گیا۔
الدُّرِّیُّ والدِّرِّیُّ۔ روشن ستارہ۔
الدَّرَارِی۔ مجہول الاسم بڑے ستارے۔
الدَّرِیْئَۃ۔ نشانہ ٹھیک کرنے کا گول دائرہ۔ شکار کو دھوکہ دینے کیلئے گھات لگانے کی جگہ۔
اَلدُّدْرُأَۃُ والدُّدْرُأُ۔ ایسا شخص جو صاحب قوت وشوکت ہو اور دشمن کو ہٹانے والا ہو۔
المِدْرَأ۔ ہٹانے کا ذریعہ۔
دَرِبَ (س) دَرَبًا و دُرْبَۃً۔ ماہر کاریگر ہونا ـــــ بِالشَّیْءِ: عادی ہونا۔ شوقین ہونا۔ صفت (دَرِبٌ و دَارِبٌ) مؤنث دَرِبَۃ و دَارِبَۃ ـــــ
دَرَّبَہٗ بِالشَّیْءِ وفِیْہِ وعَلَیْہِ: عادی بنانا۔
تَدَرَّبَ۔ عادی بننا۔ دَرَّبَ الجُنْدِیُّ: شکست کے وقت مستقل رہنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَدْرَبَ۔ بگل بجانا ـــــ القَوْمُ :دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
الدَرْب۔ گلی کا کشادہ دروازہ۔ پھاٹک۔ راستہ۔ ج دُرُوْب ودِرَاب۔
الدُرْبَة۔ مہ۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "فِی العَفْوِ دُرْبَة" معاف کرنا بہت بڑا کام ہے۔
الدَرُوْب والدَرَبُوْت۔ مِنَ الجَمَالِ والنُوْقِ :سدھایا ہوا۔
الدُرَّابَة۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت ودلیری۔
المُدَرَّب۔ مفہ۔ تجربہ کار۔ سرد وگرم چشیدہ۔
ـــــ مِنَ الابِل :سدھایا ہوا گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔ المُدَرَّب :شیر۔
تَدَرْبَأَ۔ الشیُٔ :لڑھکنا۔
دَرْبَجَ دَرْبَجَةً۔ سختی کے بعد نرم ہونا۔
الدُرَابِج۔ ناز سے چلنے والا۔
دَرْبَجَ۔ خوف سے بھاگنا۔ پیٹھ جھکانا۔
تَدَرْبَسَ تَدَرْبُسًا۔ آگے بڑھنا۔
الدِرْبَاس۔ شیر۔ باگل کتا۔
دَرْبَصَ دَرْبَصَةً۔ خوف سے خاموش رہنا۔
دَرْبَلَ دَرْبَلَةً۔ ڈھول بجانا۔
الدِرْبَان والدَرْبَان۔ دروازہ کا محافظ۔ ج دَرَابِنَة۔ فارسی کلمہ ہے۔
الدَرْبَزِیْن والدَرَابَزِیْن والدَرَابَزُوْن۔ جنگلے یا کٹھرے کا سلسلہ۔
دَرَجَ (ن ض) دُرُوْجًا ودَرْجَانًا۔ الشَیْخُ او الصَبِیُ :چلنا ـــــ الرَجُلُ :سیڑھی پر چڑھنا ـــــ القَوْمُ : ختم ہو جانا۔ مرجانا۔ کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مِنْ دُبٍّ وَدَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ـــــ الرَجُلُ : بے اولاد مرنا۔ البِنَاءَ : اوپر تلے منزلیں بنانا۔ ( ـــــ دَرْجًا ودَرَّجَ واَدْرَجَ) الثَوْب اَو الكِتَابَ :لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ ودَرَّجَ البِنَاءَ : سیڑھی بنانا۔ دَرَّجَه اِلَى كَذَا : آہستہ آہستہ قریب کرنا۔ دَرَّجَهُ الاَمْرُ : تنگ دل کرنا۔ اَدْرَجَ الشیُٔ فِی الشیُٔ :داخل کرنا۔
دَرِجَ (س) دَرْجًا۔ اپنے راستہ پر چلنا۔ مراتب میں ترقی کرنا۔ کلام یا دین میں راہ راست پر قائم رہنا۔
تَدَرَّجَ۔ اِلَى كَذَا : آہستہ آہستہ آگے بڑھنا۔
اِنْدَرَجَ۔ القومُ : ختم ہو جانا ـــــ فِی كَذَا : داخل ہونا۔
اِسْتَدْرَجَهُ :الى كَذَا : قریب کرنا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا۔ زمین پر چلانا۔ فریب دینا۔
الدَرْج۔ مہ۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَنْفَذْتُه فِی دَرْجِ الكِتَابِ" میں نے اس کو اپنے خط کے ساتھ بھیج دیا ـــــ فی القِرَاءَة۔ روانی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَهُمْ دَرْجُ يَدِكَ" وہ تمہاری مٹھی میں ہے۔
الدُرْج۔ چھوٹا تھیلا یا کنڈیا جس میں عورتیں خوشبو اور اپنا سامان رکھتی ہیں۔ ج اَدْرَاج و دِرَجَة۔
الدَرَج۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ راستہ۔ دو آدمیوں کے درمیان صلح کا سفیر۔ ج اَدْرَاج و دِرَاج۔ کہا جاتا ہے "رَجَعْتُ اَدْرَاجِی" میں اسی راستہ لوٹ گیا جس سے آیا تھا۔ و "ذَهَبَ دَمُهُ دَرَجَ اَوْاَدْرَاجَ الرِيَاحِ" اس کا خون رائیگاں اور قصاص نہیں لیا گیا۔ "وَخَلِّهِ دَرَجَ الضَبِّ" اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔
الدَرَجَة۔ ج دَرَج : سیڑھی۔ دَرَجُ السُلَّم : سیڑھی کا پایہ ـــــ ج دَرَجَات :مرتبہ۔ بڑے یا چھوٹے دائرہ کے ۳۶۰ اجزاء میں سے ایک جز۔
الدَارِج۔ فا۔ تُرَابٌ دَارِجٌ : ہر جگہ پھیلنے والا غبار۔ کہا جاتا ہے "صَبِیٌ دَارِجٌ" پاؤں پاؤں چلنے لگنے والا بچہ۔ قَبِيْلَةٌ دَارِجَةٌ" تباہ و برباد ہونے والا قبیلہ۔
الدَارِجَة۔ جانور کی ٹانگ ج دَوَارِج۔
الدَرُوْج۔ مِنَ الرِيَاح :تیز چلنے والی ہوا۔
الدُرَّج۔ بڑے بڑے دشوار عاجز کرنے والے اُمور۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الدُرَّج" وہ بہت دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
الدَرَّاج۔ بہت پھرنے والا۔ چٹل خور۔ سیسی۔
الدَرَّاجَة۔ سائیکل۔
الدَرَّاجَة۔ محاصرہ کرنے کا ایک آلہ۔ بمعنی دَبَّابَة (دیکھئے الدَبَّابَة)
الدُرَّاج۔ تیتر۔ مؤنث مذکر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج دَرَارِیج۔ واحد دُرَّاجَة ہے اس میں "تا" وحدت کی ہے تانیث کی نہیں۔ نر کو حَيْقُطَان بھی کہتے ہیں۔
المَدْرَج۔ راستہ۔ مسلک۔ اور اسی سے ہے "اِمْشِ فِی مَدْرَجِ الحَقِّ" حق کے راستہ پر چلو۔ مَدْرَجُ النَمْلِ :چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْفَى مِنْ مَدْرَجِ النَمْلِ" وہ چیونٹیوں کے راستہ سے زیادہ پوشیدہ ہے۔
المَدْرَج :لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج۔
المُدْرَج و المُدْرَجَة۔ لپٹی ہوئی کتاب یا خط۔ ج مَدَارِج۔
المَدْرَجَة۔ ج مَدَارِج : افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ مَدْرَجَةٌ لهذا" یہ اس امر کے لئے ذریعہ ہے۔ راستہ۔ راستہ کا بڑا حصہ۔ کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے یا لپیٹی جائے۔ مَدَارِجُ الاَكْمَةِ : ٹیلہ کے درمیان کے راستے۔ اَرْضٌ مَدْرَجَةٌ :بہت تیتر والی زمین۔
الدُرْجُم۔ غلہ کی ایک قسم جو بیلوں کو کھلاتے ہیں۔
دَرْجَلَ دَرْجَلَةً۔ القوسَ : کمان پر چمڑے کا تسمہ لگانا۔
الدَرْجَلَة۔ چمڑے کا تسمہ۔
دَرَحَهُ (ف) دَرْحًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
دَرِحَ (س) دَرَحًا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر مؤنث (دَرِح)
الدِرْحَابَة۔ پست قد۔
دَرِدَ (س) دَرَدًا۔ غضبناک ہونا۔ صفت (دَرِد) بے دانتوں کا ہونا۔ صفت (اَدْرَد) مؤنث دَرْدَاء۔ ج دُرْدٌ۔
اَدْرَدَهُ۔ دانتوں کا گرانا۔
الدُرْدِیُّ۔ تلچھٹ۔
دَرْدَبَ۔ الرجُلُ : خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا۔
اِمْرَأَةٌ (دَرْدَبٌ) رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت۔
الدَرْدَبِیْس۔ مصیبت۔ بڈھا۔ بہت بڑھیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



محبت کا منتر۔
الدِرْدِح۔ حریص۔ بہت بڑھا۔ ج دَرَادِح۔
الدِرْدِحَة : وہ عورت جس کا طول عرض برابر ہو۔
دَرْدَرَ۔ الشَّیْخُ او الصَّبِیُّ البُسْرَةَ : منہ میں پھیلانا۔
الدَرْدَار۔ ڈھول کی آواز۔ ایک بڑا درخت جس کے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں۔
الدُرْدُر بچے کے دانت نکلنے کی جگہ۔ ج دَرَادِر۔
الدُرْدُور۔ بھنور۔
الدَرْدَق۔ بچہ۔ شراب کا پیمانہ۔ ج دَرَادِق۔
الدَرْدَاق۔ چھوٹی دکان۔ کوٹی ہوئی ہموار زمین۔
الدِردِم۔ رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت۔
دَرِزَ (س) دَرَزًا۔ دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا۔
دَرَزَ (ن) دَرْزًا۔ الثوبَ : کپڑا باریک سینا ـــــ الخَیَّاطُ الدُرْوَزَ : درزی کا سیون کو باریک سینا۔
الدَرْز۔ مف۔ دنیا کی نعمتیں اور لذتیں۔ دو کپڑوں کے درمیان کا سیون۔ ج دُرُوْز۔ بَنَاتُ الدُرُوْز : جوں اور اس کے انڈے۔
الدَرْزِیُّ۔ سلائی کا پیشہ کرنے والا۔ ابو محمد عبداللہ الدرزی۔ جن کی جانب ایک قوم منسوب ہے جو لبنان اور حوران میں پائی جاتی ہے۔ ج دَرَزَة اور دُرُوز بھی کہتے ہیں۔ واحد دَرْزِیٌّ۔ اور عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں۔
(اَوْلَادُ دَرْزَة) جولاہے۔ درزی : نیچے درجہ کے لوگ۔ اُمُّ دَرْزَة : دنیا کی کنیت۔
دَرَسَ (ن) دُرُوْسًا۔ الرسمُ : مٹنا۔ صفت (دَارِس) ج دَوَارِس ـــــ الشیُٔ : نشان مٹنا۔ (ـــــ دَرْسًا) الرسمَ : نقش مٹانا ـــــ الثوبَ : کپڑا بوسیدہ ہونا ـــــ الثوبَ : بوسیدہ کرنا ـــــ النَاقَةَ : سدھانا (ـــــ دَرْسًا و دِرَاسَة) لِکِتَاب اَو العِلْم) : پڑھنا۔ متوجہ ہو کے یاد کرنا۔ دَرَسَ الجَارِیَة : جماع کرنا۔ (ـــــ دَرْسًا و دِرَاسَةً) الحِنْطَةَ : گیہوں کو گاہنا۔ (دَرَسَتِ المَرْأَةُ درسًا و دُرُوْسًا) حائضہ ہونا۔
دَرَّسَهٗ وَاَدْرَسَهٗ۔ الکِتَابَ : پڑھانا۔ دَرَّسَ البَعِیْرَ : سدھانا۔
دَارَسَه مُدَارَسَةً وِدِرَاسًا۔ باہم پڑھنا۔ ـــــ الذُنُوْبَ : ارتکاب کرنا۔
تَدَارَسَ۔ الطَلَبَةُ الکِتَابَ : باہم پڑھنا اور کہا جاتا ہے "تَدَارَسَ الکِتَابَ وادَّارَسَهٗ" اس نے کتاب پڑھی۔
اِنْدَرَسَ۔ الرَسْمُ : مٹنا ـــــ الخَبَرُ : ناپید ہونا۔
الدَرْس۔ مف۔ سبق۔ مخفی راستہ۔ ج دُرُوْس۔
الدِرْس والدَرْس والدِرِیْس۔ پرانا کپڑا' اونٹ کی دم۔ ج اَدْرَاس وِدِرْسَان۔ اَبُوْ اَدْرَاس : کنیت فرج۔ اَبُوْ اِدْرِیْس : کنیت ذکر۔
الدُرْسَة۔ ریاضت۔ ورزش۔
الدَارِس۔ حائضہ عورت۔
الدَرَّاس۔ بہت پڑھنے والا۔
المَدْرَسَة۔ طلبہ کے تعلیم حاصل کرنے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذه مَدْرَسَةُ النَعَم" یہ چوپائے کا راستہ ہے۔
المِدْرَس۔ پڑھنے کی کتاب۔ پڑھنے کی جگہ۔
المِدْرَاس۔ توراۃ پڑھنے کی جگہ۔
المَدْرُوْس۔ مف۔ پرانا کپڑا۔ طَرِیْقٌ مَدْرُوْسٌ : چلتا ہوا راستہ۔ فِرَاشٌ مَدْرُوْسٌ : بچھا ہوا بچھونا۔ مجنون۔ پاگل۔
الدِرْیَاس والدِرْوَاس۔ شیر۔ الدِرْوَاس : بڑے سر کا کتا۔ دلیر مرد۔
دَرِصَت (س) دَرَصًا۔ النَاقَةُ : بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا۔ صفت (دَرْصَاء)
الدَرْص والدِرْص۔ چوہا' بلی' خرگوش' سیسی وغیرہ کا بچہ۔ ج اَدْرَاص و دِرْصَة و دِرْصَان و دُرُوْص و اَدْرُص۔
الدَرِص والدَرُوْص۔ تیز رفتار اونٹنی۔
اُمُّ اَدْرَاص۔ جنگلی چوہا۔ بلا۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فی اُمِّ اَدْرَاص" وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے۔
اَبُو اَدْرَاص۔ بیوقوف۔
دَرِعَ (س) دَرَعًا۔ الفَرَسُ وغَیْرُهٗ : سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا۔ صفت (اَدْرَع) مؤنث دَرْعَاء ج دُرْع۔
دَرَعَ (ف) دَرْعًا۔ الشَاةَ : بکری کے سر کی جانب سے کھال اُتارنا ـــــ الرَقْبَةَ اَو الیَدَ : گردن یا ہاتھ کا جوڑ اُکھاڑنا۔
دُرِعَ۔ الزَرْعُ : کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا ـــــ الماءُ : پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔
دَرَّعَهٗ۔ زرہ پہنانا ـــــ المرأَةَ : قمیص پہنانا ـــــ ه : گلا گھونٹنا ـــــ الشیٔ : ظاہر کرنا ـــــ الرَّجُلُ : چلنے میں آگے بڑھنا۔
اَدْرَعَ۔ الشهرُ : آدھے سے زیادہ گزرنا (و تَدَرَّعَ و اِدَّرَعَ) زرہ پہننا۔ اَدْرَعَ واِدَّرَعَ اللَیْلُ : رات کی تاریکی میں داخل ہونا۔ اَدْرَعَ : کسی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا۔ اَدْرَعَ المَاءُ : پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔
اِنْدَرَعَ۔ فی السَیْر : آگے بڑھنا۔ اِنْدَرَعَ یَفْعَلُ کَذَا : وہ ایسا کرنے لگا ـــــ العَظْمُ : ہڈی کا گوشت سے جدا ہونا ـــــ البَطْنُ : پیٹ بھرنا۔ القَمَرُ مِنَ السَحَابِ : چاند کا بادل سے نکلنا۔
الدِرْع۔ زرہ۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں۔ ج دُرُوْع۔ واَدْرُع ودَرَاع۔ تصغیر دُرَیْع۔ دِرْع المَرْأَة : عورت کی قمیص یا وہ قمیص جس کو وہ گھر میں پہنتی ہے۔ (مذکر) ج اَدْرَاع۔ اور درع اس چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جس کو چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے۔
الدَرِع۔ مِنَ العُشْب : تازہ گھاس۔
الدُرْع والدُرَع۔ قمری مہینے کی سولہویں' سترہویں' اٹھارہویں راتیں۔ اس لئے کہ ان راتوں کی ابتداء میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی رہتی ہے۔
الدَارِع۔ فا۔ زرہ پہننے والا۔
الدُرْعَة۔ درخت خرما کی چھال کی مانند۔ ایک چیز جس کو درخت خرما کے اردگرد لگا دیا جاتا ہے۔ ج۔ دُرَع۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الدِّرْعَاء- مؤنث اَدْرَع ـــــ مِنَ اللَّيَالِيْ : وہ رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے- ج دُرْع-

الدِّرْعِيَّة- زرہ کو چھونے والا نیزہ- ج دَرَاعِيُّ-

الدِّرَاعَةُ- ج دَرَارِيْع و (المِدْرَعة) ج مَدَارِع : جبہ- کوٹ- والمِدْرَعة عِنْد اليهود : احبار یہود کے پہننے کا کتان کا ایک کپڑا-

مَاءٌ (مُدْرِع و مُدَرَّع) پانی جس کے قریب قریب کی چراگاہ چر لی گئی ہو- رَوْضَةٌ مُدْرِعَة : باغ جس کے ارد گرد کو کھا لیا گیا ہو-

المُدَرَّع- مفعم- ایک قسم کا جانور-

المُدَرَّعَة- فولاد سے ڈھکا ہوا جنگی جہاز-

الدِّرْعَوْس- اچھی عادت والا-

اِدْرَعَشَّ- الرَّجُلُ مِنْ مَرَضِهٖ : درست ہونا-

اِدْرَعَفَّ- الرجُلُ فی القِتَالِ : صف سے نکل کر آگے بڑھنا-

الدِّرْعِم- نالائق' بدزبان-

الدَّرَف- پناہ- سایہ- جانب-

الدَّرْفَة- عِنْدَ العَامَّةِ : دروازہ کا پٹ- فصیح لفظ (الصَّفق) ہے-

الدِّرَفس- بڑے جسم کا اونٹ- موٹا مرد- بڑا نشان- ریشمی کپڑا-

دَرْفَقَ وادْرَنْفَقَ- فی سیرہ : تیز چلنا-

دَرَقَ (ن) دَرْقًا- فی المَشْيِ : تیز چلنا-

دَرَّقَهٗ- نرم کرنا-

الدَّرْق- مہ- سخت خواہ کوئی چیز ہو-

الدَّرْقَاء- بادل-

الدَّرْقَة- چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں لکڑی اور پٹھانہ ہو- ج دَرَق-

الدَّرَّاق- ایک میوہ دار درخت- ایک قسم کا میوہ- واحد دَرَّاقَة- شراب- (الدَّرَّاق والدِّرْيَاق والدِّرْيَاقَة) تریاق-

الدَّرَّاقِن- زرد آلو- شفتالو-

الدَّوْرَق- بغیر ٹونٹی کے دو دستوں والا لوٹا- ج دَوَارِق (معرب) الدَّوْرَق : عابد زاہد لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی- اور اسی کی نسبت سے پہننے والے "الدَّوْرَقِيُّون" کہلاتے ہیں-

دَرْقَعَ- سختی سے تیز بھاگنا-

الدَّرْقِع- پانی لانے والا اونٹ-

الدُّرْقُوع- بزدل-

المُدَرْقِع والمُدَرْنَقِع- لوگوں سے کھانا چاہنے والا اور ان کو گالی دینے والا-

دَرْقَلَ دَرْقَلَةً- الرجُلُ : تیز گزرنا- ناچنا- ناز سے چلنا-

الدِّرْقَل- ایک قسم کا ریشمی کپڑا-

الدَّرْقَم- بیکار- وجال کا نام-

دَرَّكَ- المَطَرُ : پے در پے برسنا-

اَدْرَكَ- الشَّيُّ : اپنے وقت پر پہنچنا ـــــ الثمرُ : پھل کا پکنا ـــــ الوَلَدُ : لڑکے کا بالغ ہونا ـــــ الشيءَ : لاحق ہونا ـــــ المَسْأَلَة : سیکھنا ـــــ بِثَأْرِه : خون کا بدلہ لینا ـــــ الشيءَ بِبَصَرِهٖ : دیکھنا-

دَارَكَهٗ مُدَارَكَةً ودِرَاكًا- لاحق ہونا-

ـــــ الشيءَ : ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا-

ـــــ الطَّعْن : پیاپے نیزہ مارنا-

تَدَارَكَ- القَوْمُ : آخر کا اول سے آملنا اور اس میں اِدَّارَک بولا جاتا ہے ـــــ الخَطَأَ بالصَّوابِ : غلطی کی اصلاح کرنا- غلطی کے بعد درست کرنا ـــــ مَافَاتَ : تلافی کرنا' درست کرنا- کہا جاتا ہے "تَدَارَكَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهٖ" یعنی اللہ کی رحمت اس کو لاحق ہو- و "تَدَارَكَ القَوْمُ" اس نے قوم کی تلافی کی-

اِدَّرَكَهٗ- ملنا- لاحق ہونا-

اِسْتَدْرَكَ- الشَّيءَ بِالشَّيءِ : کسی چیز سے کسی چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا- کہا جاتا ہے "اِسْتَدْرَكَ النَّجَاةَ بِالْفِرَارِ" اس نے بھاگ کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا ـــــ مَافَات : تلافی کرنا ـــــ الخَطَأَ بالصَّوَابِ : غلطی کی اصلاح کرنا ـــــ عَلَيْهِ القَوْلَ : غلطی نکالنا-

الدَّرَك والدَّرْك- لاحق ہونا- حصول حاجت- کسی چیز کی انتہائی گہرائی- کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغَوَّاصُ دَرَكَ البَحْرِ" غوطہ خور سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہنچ گیا- اور کہا جاتا ہے "لَزِمَ دَرَكَ الطَّرِيْدَةِ" بھگائے ہوئے جانور کو پالینے والا گھوڑا- تاوان- اور اسی سے ہے "مَالَحِقَكَ مِنْ دَرَكٍ فَعَلَيَّ خَلَاصُهٗ" جو تاوان تمہارے اوپر ہو گا اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہے-

الدَّرَكَة- درجہ- لیکن درکہ اور درجہ میں فرق ہے- درکہ اترنے کی حالت میں اور درجہ چڑھنے کی حالت میں- ج دَرَكَات- کہا جاتا ہے- "الجَنَّةُ دَرَجَاتٌ والنَّارُ دَرَكَاتٌ"

الاِدْرَاكُ- مہ- قوت مدرکہ-

دَرَاكِ- اسم فعل بمعنی اُدْرِک-

الدِّرَاكُ- متصل- کہا جاتا ہے "سَيْرٌ دِرَاكٌ" متصل سیر-

الدَّرَّاكُ- مرغوب چیز کو پالینے والا-

الدَّرِيْكَة- بھگائی ہوئی-

الاِسْتِدْرَاك- مہ- کلام سابق سے جو وہم پیدا ہوا اس کو دور کرنا-

رَجُلٌ مُدْرِكَةٌ- تیز ادراک کرنے والا- تاء مبالغہ کے لیے ہے-

مَدَارِكُ- الشَّرْعِ : وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو-

المُدْرِكَات والمَدَارِك- حواس-

المُتَدَارِك- علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام-

الدَّرْبَكَة- اختلاط- بھیڑ- انبوہ-

الدَّرَابُكَّة- ایک قسم کا باجہ (مولدہ)

دَرِمَ (س) دَرَمًا- العَظْمُ : گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا- صفت (دَرِم ودَارِم و دَرِيْم واَدْرَم) ـــــ السَّاقُ : ہموار ہونا-

الأَسْنَانُ : گرنا' گرنے کے قریب ہونا-

البَعِيْر : بے دانتوں والا ہونا-

دَرَّمَ (ض) دَرْمًا و دَرَمًا و دَرَمَانًا و دَرَامَةً- المُتَمَهِّد والأَرْنَب و نحوهُمَا : چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا- اور ایسا ہی "دَرَمَ الشيخُ والصَّبِيُّ" بھی بولا جاتا ہے-

دَرَّمَ- اَظْفَارَه : ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا-

اَدْرَم- الصَّبِيُّ : دودھ کے دانت بدلنا- صفت (اَدْرَم) مؤنث دُرْمَاء- الدَّرْمَاء : خرگوش- سرخ پیٹوں والی ایک گھاس-

دَارَمَ مُدَارَمَةً- گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا-

الدَّرِمَة- درم کا مؤنث- خرگوش-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دِرْعٌ دَرِمَةٌ :چکدار یا نرم زرہ۔
الدَرَّام و الدَرَّامَة۔ سیہی۔ خرگوش۔ الدَرَّام : پست قد۔ بد رفتار۔ مؤنث دَرَّامَة۔
الدَرِیم۔ پُرگوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔
دِرْعٌ (مُدَرَّمَة) چمک دار نرم زرہ
المِدرَام۔ میل کچیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مَدَارِیم۔
دَرْمَسَ۔ خاموش رہنا ـــــ الشیء :چھپانا۔
دَرْمَصَ دَرْمَصَةً۔ خاکساری کرنا۔ ذلت کرنا۔
الدَرْمَق و الدَرمَک۔ سفید آٹا۔ میدہ۔
دَرْمَكَ۔ دوڑنا ـــــ البِنَاءَ :دوار و چکدار بنانا۔
الدَرْمَک۔ نرم مٹی۔
الدُرْمُوک۔ غالیچہ۔
دَرِنَ دَرَنًا۔ الثوبُ :میلا ہونا۔
صفت (دَرِن و مِدْرَان) مؤنث دَرِنَة و مِدْرَان۔
اَدْرَنَ۔ الثوبَ : میلا کرنا ـــــ الثوبُ : میلا ہونا۔ اَدْرَنَتِ الماشِیَةُ :باسی خشک گھاس چرنا۔
الدَرَن۔ میل کچیل۔ ج اَدْرَان۔ اُمُّ دَرَن :دنیا۔
الدَرَان۔ لومڑی۔
الدَرِین۔ پرانی خشک گھاس جس کو جانور نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔ اُمُّ دَرِین :قحط زدہ زمین۔
الدِرْنَاس۔ شیر۔
الدَرْنوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اُونٹ۔
الدُرْنُوک و الدِرْنِیک غالیچہ۔ قالین۔ ج دَرَانِیک۔
دَرَهُ (ف) دَرْهًا۔ عَلَیْهِم :ناگاہ آنا ـــــ لهم و عَنْهُمْ :مدافعت کرنا۔ دَرَه عَلَی کَذَا : زیادہ کرنا۔
دَارِهَاتُ الدهر :زمانے کے حوادث۔
الدُرْدَرَةُ۔ دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دُرْدُرَه" وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے۔
المِدْرَه۔ سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر۔ ج مَدَارِه۔
دِرْهَمَتِ الخَبَّازِی : درہم کی مانند گول پتیوں والی ہونا۔
اِدْرَهَمَّ۔ بڑی عمر والا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا۔ صفت (مُدْرَهِمٌّ) البَصَرُ : نگاہ کا مدھم ہونا۔
الدِرْهَم و الدِرْهِم و الدِرْهَام۔ چاندی کا سکہ۔ ج دَرَاهِم (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مطلقاً نقود پر ہوتا ہے۔
المُدَرْهَم۔ بہت دراہم والا۔
الدَرْوِیش۔ راہب۔ عابد۔ زاہد۔ لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔
دَرَیٰ (ض) دَرْیًا و دِرْیًا و دَرْیَةً و دِرْیَةً و دَرَیَانًا و دِرْیَانًا و دُرِیًّا و دِرَایَةً۔ الشَیءَ و بِالشَیءِ : حیلہ سے جانا۔ (آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے۔)
دَرَیٰ (ض) دَرْیًا و تَدَرَّیٰ و اِدَّرَیٰ۔ الصَیْدَ : دھوکا دینا۔ دَرَیَ الرَاس :مِدْرَیٰ سے سر کو کھجلانا (دیکھئے مِدْرَیٰ)
دَارَی مُدَارَاةً ـــــ ه :باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا۔
اَدْرَیٰ۔ الرجُلَ بِکَذَا :جتلانا۔ آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرَاک وما یُدْرِیک" یعنی تم نہیں جانتے۔
المِدْرَیٰ و المِدْرَاة و المَدْرِیَة۔ کنگھی۔ باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں۔ ج مَدَارٍ و مَدَارَیٰ۔
دَرَّزَهُ (ن) دَرْزًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
دَسَّ (ن) دَسًّا و دِسِّیسَی۔ الشَیءَ تَحْتَ التُرَابِ و فِیهِ :دھنسانا۔ چھپانا۔ گاڑنا۔ دَسَّ عَلَیْهِ : حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔
دَسَّسَ تَدْسِیسًا۔ دھنسانا۔ چھپانا۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے اور بجائے دسّس کے دسّیٰ کہا جاتا ہے جیسے بجائے تَظَنَّنَ کے تَظَنَّیَ۔
تَدَسَّسَ۔ بِهِ اِلَی اَعْدَائِهِ : حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔
اِنْدَسَّ۔ دھنسنا۔ دفن ہونا۔
الدَسِیسَة۔ خفیہ سازش و عداوت۔
الدَسَّاس و الدَسَّاسَة۔ سرخ رنگ کا زہریلا سانپ جو مٹی میں چھپا رہتا ہے۔ الدَسَّاسَة : سانپ کی چھتری۔ اور امثال سے ہے "العِرْق دَسَّاس" یعنی باپ کی عادتیں بیٹوں تک پہنچتی ہیں۔
الدَاسُوس۔ جاسوس۔
الدَسِیس۔ وہ شخص جس کو خبر لانے کیلئے بھیجا جائے۔ وہ چیز جو مٹی میں دبا دی جائے۔ گرم راکھ میں بھونی ہوئی چیز۔ ج دُسُس : الدُسُس : ریا کار لوگ۔
المِدَسّ۔ زخم کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔
الدَسْت۔ حیلہ و فریب۔ مکان کا صدر حصہ۔ مجلس۔ تکیہ۔ کاغذ۔ لباس۔ بیابان۔ ج (دُسُوت) اور شطرنج کے کھیلنے میں بولتے ہیں "الدَسْتُ لِیْ" یعنی میں غالب رہا۔ و "الدَسْتُ عَلَیَّ" میں مغلوب ہو گیا۔ اور عوام دست کا کلمہ دیگ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
الدَسْتَجَة۔ دستہ۔ مٹھا۔ شیشہ کا بڑا برتن۔ ج دَسَاتِج۔
الدُسْتُور۔ مجموعہ قوانین۔ اجازت۔ وزیر۔ وہ کتاب جس میں آئین و قوانین ضبط کئے جائیں۔ وہ رجسٹر جس میں فوجیوں کے نام اور ان کے وظائف لکھے جائیں۔ ج دَسَاتِیر۔
الدَسْتَان۔ فی اصطِلَاحِ اَصْحَابِ المَوسِیقِی۔ بربط کا تار۔ ج دساتین۔
اِنْدَسَعَ۔ منہ کے بل گرنا۔
المُدْسِع۔ مکڑی کی مانند ایک کیڑے کا نام۔
دَسَرَهُ (ن) دَسْرًا۔ نیزہ مارنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
ـــــ السَفِینَة :رسّی سے کشتی کے تختوں کو جوڑنا۔
ـــــ الدِسَارَ فِی الشَیءِ : زور سے گھسانا
ـــــ الشَیءَ :میخ لگانا ـــــ الجَارِیَة :جماع کرنا۔
الدِسَار۔ کھجور کے ریشہ کی مانند ایک چیز جس سے کشتی کے تختوں کو جوڑتے ہیں۔ میخ ج دُسُر و دُسُر۔
الدَسْرَاء۔ کشتی۔ ج دُسْرٌ۔
الدَوْسَر۔ گیہوں میں کا ایک تلخ قسم کا دانہ۔ شیر۔ موٹا اُونٹ۔ و دَوْسَر :نعمان بن منذر شاہ عراق کی ایک فوج کا نام۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الدَّوْسَر والدَّوْسَرِیُّ والدُّوَاسِرِیُّ والدَّوْسَرَانِیُّ۔موٹا۔مضبوط۔

دَسَعَ (ف) دَسْعًا۔ منہ بھر کے قے کرنا ـــــ بِقَیْئِہٖ : قے کرنا ـــــ الْاِنَاءَ : بھرنا ـــــ

الدِّعْقُ : رگ کا گوشت میں چھپنا ـــــ الرجُلُ :بہت دینا ـــــ الشَّیَّ :ہٹانا' دفع کرنا ـــــ البَعِیْرُ جِرَّتَہ :جگالی کرنا۔

الدَّسِیْعَۃ۔ بہت بخشش۔ طبیعت۔ بڑا پیالہ۔ وسیع دسترخوان۔ قوت۔ ج دَسَائِع۔

بَعِیْرٌ (دَیْسَم) بہت جگالی کرنے والا اونٹ۔

المَدْسَع۔حلق کی نالی۔

دَسِقَ (س) دَسَقًا۔الحَوْضُ :پُر ہونا۔لبالب ہونا۔

اَدْسَقَ۔الْاِنَاءَ :بھرنا۔

الدَّیْسَق۔ بھرا ہوا حوض۔ چاندی کا خوانچہ۔ صاف چاندی کا زیور۔ لمبا راستہ۔ بڑھا مرد۔ خوبصورتی۔نور۔سفیدی۔ سراب کی سفیدی اور اس کی چمک۔

الدَّوْسَک۔شیر۔

الدَّسْکَرَۃ۔ بڑا گاؤں۔ گرجا ـــــ ہموار زمین۔ایسا مکان جس میں شراب اور کھیل کود کی چیزیں ہوں۔ محل کی مانند عمارت جس کے اردگرد مکانات ہوں اور ان میں شاطر لوگ جمع ہوتے ہوں۔ج دَسَاکِرُ۔

دَسَمَ (ن ض) دَسْمًا۔القَارُوْرَۃُ :ڈاٹ لگانا ـــــ البَابَ : بند کرنا ـــــ الجرْحَ : زخم میں بتی رکھنا ـــــ المَطَرُ الْاَرْضَ :کچھ کچھ تر کرنا ـــــ البَعِیْرَ : قطران وغیرہ ملنا (دیکھئے قطران) ـــــ الاَثَرَ : مٹنا ـــــ المرأۃَ : جماع کرنا۔

دَسِمَ (س) دَسَمًا و دُسُوْمَۃً۔چربی والا ہونا۔ صفت (دَسِم واَدْسَم) مؤنث (دَسِیْمَۃ و دَسْمَاء) ج دُسْم و دُسُم (دَسِم وتَدَسَّم) الشیُٔ : میلا ہونا۔میلا ہونا۔و تَدَسَّمَ الرَجُلُ : چکناہٹ کی چیز کھانا۔

دَسَّمَ۔ الشیَٔ : چربی ڈالنا۔ کالا کرنا ـــــ المَطَرُ الْاَرْضَ :تر کرنا۔

اَدْسَمَ۔القَارُوْرَۃَ :ڈاٹ لگانا ـــــ

الدَّسْم۔کنارہ۔ کسی چیز کی انتہا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰی دَسْمِ الْاَمْرِ" میں کام کے خاتمہ پر ہوں۔

الدَسَم۔گوشت یا چربی کی چکنائی۔چربی کا میل۔

الدُّسْمَۃ۔ خاکستری (ـــــ والْدِسَام) ڈاٹ۔ کاگ۔ کہا جاتا ہے "مَاھُوَ اِلَّا دُسْمَۃ" یعنی اس میں نفع نہیں۔

الدَیْسَم۔ ریچھ یا اس کا بچہ۔لومڑی یا اس کا بچہ۔ گھاس۔ تاریکی۔ سیاہی۔ کام کا ساتھی۔ مہربان۔

الدیْسَمَۃ۔ذرہ۔

دَسَایَدْسُوْدَسْوًا و دَسَی یَدْسَی دَسْیًا۔ کم ہونا ـــــ الرجُلُ :پوشیدہ ہونا۔

دَسّیٰ۔ الرَجُلَ : بگاڑنا۔ گمراہ کرنا ـــــ نَفْسَہ :گمنام کرنا۔

دَشَّ (ن) دَشًّا۔ دشیشہ (ایک قسم کا کھانا) تیار کرنا ـــــ الحَبَّ :قلہ کو کچلنا۔

الدَشِیْش۔ گیہوں کی مانند ایک قلہ جس کو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے۔

الدَشِیْشَۃ۔ایک قسم کا کھانا جس کا جزء اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے۔

الدَوْشَق۔ بڑا مکان۔موٹا اونٹ۔

الدَوشَک۔ تکیہ۔

دَشَنَ (ن) دَشْنًا۔الشَیَٔ :دینا۔

دَشَّنَ۔الفَوْبَ :پہلی مرتبہ پہننا۔

المَعْبَدَ : برکت دینے کے لیے سب سے پہلی مرتبہ نماز پڑھنا۔

تَدَشَّنَ۔الشَیَٔ۔لینا۔

الدَاشِن۔ فا۔ الدَاشِن مِنَ الثِیَاب :نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو ـــــ مِنَ الدُوَر : نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو۔

دَشَا (ن) دَشْوًا۔لڑائی میں گھس پڑنا۔

دَصَّ (ن) دَصًّا۔ رعایت آداب کے ساتھ خدمت کرنا۔

دَصْدَصَ۔ آٹا گرنے کیلئے چھلنی میں ہاتھ مارنا۔

دَصَقَ (ن) دَصْقًا۔الزُجَاجَ :توڑنا۔

دَضَّ (ن) دَضًّا۔ رعایت آداب کے ساتھ خدمت کرنا۔

دَظَّہٗ۔دھتکارنا۔

دَعَّہٗ (ن) دَعًّا۔ سختی سے دھتکارنا۔دھکے دینا۔

اَدَعَّ۔ الرَجُلُ : چھوٹے چھوٹے بال بچے والا ہونا۔

الدَعَاع۔چھوٹے چھوٹے بال بچے۔

الدُعَاع۔ کھجور کے متفرق درخت۔ایک جنگلی درخت کے دانے۔ پروں والی سیاہ چیونٹیاں۔ واحد دُعَاعَۃ۔

دَعَبَہٗ (ف) دَعْبًا و دَعَابَۃً۔ دفع کرنا۔ مزاح کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ ( ـــــ دَعْبًا) المرأۃَ : جماع کرنا۔

دَاعَبَہٗ مُدَاعَبَۃً۔ کھیل کود کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ ہنسی مذاق کرنا۔

تَدَاعَبَ۔القَوْمُ :باہم ہنسی مذاق کرنا۔

تَدَعَّبَ۔عَلَیْہِ :ناز کرنا۔

الدَعِب والدَاعِب۔ کھیل کود ہنسی مذاق کرنے والا۔

الدَعَّاب والدَعَّابَۃ۔ بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔ دَعَّابَۃ میں "تا" مبالغہ کی ہے' تانیث کی نہیں۔

الدُعَابَۃ۔ ہنسی مذاق۔سیاہ چیونٹی۔بیوقوفی۔

الاَدْعَب۔ بیوقوف۔ مؤنث دَعْبَاء۔ ج دُعْب۔

الدُعْبُب۔ بہت کھیلنے والا۔ اچھا گانے والا۔ نازک بدن نوجوان۔

الدُعْبُوْب۔سیاہ چیونٹی۔ایک قسم کا سیاہ دانہ جو کھایا جاتا ہے۔ راستہ جس پر آمد و رفت زیادہ ہو۔ پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ شادمان۔ مخنث۔ بیوقوف۔لمبا گھوڑا۔لَیْلَۃٌ دُعْبُوْب :بڑی رات یا بہت کالی رات۔

الدَعْبُوْث والدُعْبُوْس۔بیوقوف۔کم عقل۔

الدِعْبِل۔ مینڈک کے انڈے ( ـــــ والدِعْبَلَۃ) مضبوط اونٹنی۔

دَعَتَ (ف) دَعْتًا۔ سختی سے ہٹانا۔دھکے دینا۔

دَعَثَ (ف) دَعْثًا۔پاؤں یا ہاتھ وغیرہ سے مٹی باریک کرنا۔ دَعَثَ بِہِ الْاَرْضَ : ـــــ پٹک دینا۔

دُعِثَ۔ روتے کھڑے ہونا۔ سستی لاحق ہونا۔

اَدْعَثَ۔فِی الشَرِّ :برائی میں مبالغہ کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ الشيءَ :باقی رکھنا-چوری کرنا-
اِنْدَعَثَ-الشيءَ :روندا جانا-
تَدَعَّثَتْ-صُدُوْرُهُمْ :کینہ رکھنا-
الدَّعْث-مہ-مرض کی ابتداء-
الدِّعْث- کینہ- پانی کا بقیہ- ج اَدْعَاث ودِعَاث-
دَعْثَرَ- الحَوْضَ : ڈھانا ـــــ الارضَ : روندنا-
الدَّعْثَر-بیوقوف-
الدُّعْثُوْر- مِنَ الحَوْض : حوض جس کے چاروں طرف شکستہ ہوگیا ہو-گڑھا ـــــ مِنَ النَّعَم :بہت چوپائے-
دَعِجَت (س) دَعَجًا-العينُ : آنکھ کا بہت سیاہ اور بڑی ہونا-
اَدْعَج- بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا- مؤنث دَعْجَاءُ- ج دُعْج- الدَّعْجَاء : قمری مہینہ کی اٹھائیسویں رات- اُنتیسویں کو مسرار اور تیسویں کو فلتہ کہتے ہیں-جنون-
الدُّعْجَة- آنکھ کی سیاہی-مع وسعت کے-لَيْل اَدْعَج- تاریک رات-
المَدْعُوْج- مجنون-پاگل-
دَعْدَعَ دَعْدَعَةً ودَعْدَاعًا- آہستہ آہستہ دوڑنا ـــــ الجَفْنَة :بھرنا ـــــ المِكْيَالَ : زیادہ سمانے کے لیے ہلانا-
تَدَعْدَعَ-بڈھے کی طرح چلنا ـــــ الشيءُ : بھرنا-
دَعْدَعَ ودَعْدَعًا- کلمہ ہے جو گرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے-اس کے معنی ہیں کھڑے ہو جاؤ-
الدَّعْدَاع-مہ-پست قد-
دَعِرَ (س) دَعَرًا- العودُ :دھواں دینا اور نہ سلگنا-بوسیدہ ہونا-صفت(دَعِر) ـــــ الزَّندُ : آگ نہ دینا-صفت(اَدْعَر)
دَعَرَ (ف) ودَعِرَ (س) دَعَارَةً- الرَّجُلُ : بدکار ہونا-
تَدَعَّرَ-وجهُه :چہرہ کا بری طرح سے داغ دار ہونا ـــــ الرَّجُلُ : شریر ہونا-خبیث ہونا-
الدَّعَر والدَّعَرَة والدَّعَارَة والدِّعَارَة- برائی-فسق-فساد-
الدَّعَارَة والدَّعَارَة-بدخلقی-
الدَّاعِر- فا- شریر- خبیث- ج دُعَّار مؤنث- دَاعِرَة- الدَّائِرة : درخت خرما جو گابھا نہ دیا جا سکے-ج مَدَاعِيْر-
الدُّعْر- لکڑی کھانے والا کیڑا- واحد (دُعْرَة) رَجُلٌ (دُعَرٌ ودُعَرَةٌ) ساتھیوں کے ساتھ خیانت کرنے والا-
الدَّعْرَبَة-سختی-
الدِّعْرِم-بدصورت-پست قد-
دَعَزَ (ف) دَعْزًا- ہٹانا- دفع کرنا ـــــ الجَارِيَةَ :جماع کرنا-
دَعَسَ(ف)دَعْسًا-الشيءَ :روندنا-
ـــــ الوِعَاءَ :بھرنا ـــــ فُلانًا :دفع کرنا-
( ـــــ ودَعَّسَه)بالرُّمْحِ :نیزہ مارنا ـــــ المَرْأَةَ :ذلیل ورسوا کرنا-
دَاعَسَه مُدَاعَسَةً-باہم نیزہ بازی کرنا-
الدَّعْس- مہ - نشان- طَرِيْقٌ دَعْسٌ : بہت نشانوں والا راستہ-
المَدْعَس-امید کی جگہ-
المِدْعَس والمِدْعَاس- بہت آمدورفت کا راستہ- نیزہ- ج مَدَاعِس و مَدَاعِيس-
المِدْعَس- :نیزہ مارنے والا-
دَعْصَهُ (ف) دَعْصًا واَدْعَصَهُ- قتل کرنا-
دعَصَهُ بالرُّمْحِ :نیزہ مارنا-
دَاعَصَه-عزت میں مقابلہ کرنا-
تَدَعَّصَ-اللحمُ :گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا-
الدِّعْص-ج دِعَصَة واَدْعَاص و(الدِّعْصَة ج دِعْص) :ریت کا تودہ-
المَدَاعِص-نیزے-
الدَّعْصَاءُ : نرم زمین جہاں بنسبت دوسری جگہوں کے گرمی زیادہ ہو-
دَعَظَ(ف)دَعْظًا-المرأةَ :جماع کرنا-
دَعَقَ (ف) دَعْقًا- الطريقَ : بہت روندنا- صفت مفعولی(دَعِق ودَعِق ومَدْعُوْق)
الدَّعَارَة :چاروں طرف لوٹ ڈالنا ـــــ المَاءَ : جاری کرنا ـــــ الرَّجُلَ :فوراً مار ڈالنا ـــــ واَدْعَقَ) الخَيْلَ : ایڑ لگانا ـــــ عَلَيْهِمْ الخَيْل : کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کیلئے گھوڑوں کو لے آنا-
دَعِقَ (س) دَعَقًا-الطَّرِيْقُ :بہت آمدورفت والا ہونا-
الدَّعْقَة-حملہ وہجوم-
الدُّعْقَة-اُونٹوں کا گلہ-بارش کی بوچھاڑ-
المَدْعَق-پانی بہنے کی جگہ-
خيل (مَدَاعِيق) لڑائی میں لوگوں کو کچلنے والے گھوڑے-
دَعَكَ (ف) دَعْكًا- الثوبَ : ملائم بنانا ـــــ الخصمَ : نرم کرنا ـــــ الجِلْدَ :ملنا ـــــ الشيءَ فِي التُّرَابِ : مٹی میں لوٹانا- کہا جاتا ہے "دَعَكَهُ بِالْقَوْلِ" اس نے اس کو سخت و سست کہہ کر تکلیف پہنچائی-
دَعِكَ (س) دَعَكًا- بیوقوف ہونا- صفت (دَاعِك ودَاعِكَةٌ) مؤنث (دَاعِكَة) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَحْمَقُ دَاعِكَة" فلاں بیوقوف ہے-
دَاعَكَهُ مُدَاعَكَةً- سخت جھگڑا کرنا- ٹال مٹول کرنا-
تَدَاعَكَ- القومُ : باہم سخت جھگڑنا- تداعكوا في الحرب : لڑائی میں باہم زور آزمائی کرنا-
الدَّعِك- سخت جھگڑالو-
الدُّعَك- گنام- کمزور- ایک قسم کا پرندہ-
الدُّعْكَة- راستہ کا بڑا حصہ-
المِدْعَك والمُدَاعِك- سخت دشمن-
دَعَلَهُ(ض)دَعْلًا- دھوکا دینا-
دَاعَلَه-باہم فریب دینا-
الدَّاعِل- فا- بھاگنے والا-
دَعْلَجَ دَعْلَجَةً- اللَّيْلُ : تاریک ہونا ـــــ الشيءُ : کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا ـــــ الرَّجُلَ :بار بار آنا جانا ـــــ الشيءَ :لڑھکانا-
الدَّعْلَج- بھری ہوئی گون- باہم لپٹی ہوئی نباتات- خوبصورت نازک بدن جوان- تاریکی- بھیڑیا- گدھا- اونٹنی جو ہانکنے سے نہ چلے- آنے جانے والے کا نشان قدم-
دَعَمَ (ف) دَعْمًا- الشيءَ : سہارا دینا- ٹیک لگانا ـــــ ہ :مدد دینا- قوی کرنا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِدَّعَمَ- ٹیک لینا-
تَدَاعَمَ-الْاَمْرُ فُلَانًا :ہجوم ہونا ـــــ
الدِعمَة- ج دِعَم و (الدِعَام) ج دُعُم و (الدِعَامَة ج دَعَائِم) :ستون-کھمبا-لکڑی کاستون جو چھپر کیلئے کھڑا کیا جائے- الدِعْمَتَان و الدِعَامَتَان : چرخی کے دونوں طرف کے ڈنڈے دِعَامَة القوم :رئیس قوم-
الدُعْمِیُّ- بڑھئی- کوئی چیز جس میں مضبوط سہارا لگا ہوا ہو- راستہ کا بڑا حصہ-
فَرَسٌ (اَدْعَم و دُعْمِیٌّ) سینہ میں سفیدی والا گھوڑا-
المُدَعَّم- جائے پناہ-
دَعْمَصَ- الْمَاءَ :بہت سیاہ کیڑوں والا ہونا-
الدُعْمُوص- پانی کا سیاہ کیڑا جو تالابوں میں پانی کم ہو جانے پر ظاہر ہوتے ہیں اور عوام اس کو (البُلْعُط) کہتے ہیں- ج دَعَامِص و دَعَامِیص-
دَعَنَ (ف) دَعَانَةً- شوخ و بیباک ہونا-
الدِعَنُّ- شوخ و بیباک- ج دِعَنَّة-
الدَعَن- بدخو- بدغذا-
الدَعْن- کھجور کے پتے جن کو رسی سے بن کر اس پر کھجور پھیلاتے ہیں-
دَعَا (ن) دُعَاءً و دَعْوَیٰ ـــــ ہ :پکارنا- رغبت کرنا- مدد طلب کرنا ـــــ ہ اِلَی الْاَمْر : کسی کام کی طرف لے جانا ـــــ بِہٖ : حاضر ہونے کو کہنا- دَعَاہُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ :نام رکھنا-
ـــــ المَیِّتَ : بین کرنا ( ـــــ ہ : دَعْوَةٌ و مَدْعَاةٌ) دعوت کھانے کیلئے بلانا ( ـــــ دُعَاءً) لَہٗ : دعا کرنا ـــــ عَلَیْہِ : بددعا کرنا ـــــ اِلَیْہِ : کسی چیز کی طرف بلانا-
دَاعَاہُ مُدَاعَاةً- جھگڑا کرنا- باہم پہیلی کہنا ـــــ الحَائِط :گرانا-
اَدْعَاہُ اِدْعَاءً- غیر باپ کی طرف منسوب کرنا-
تَدَعَّتِ تَدَعِّیًا- النَائِحَةُ : نوحہ کرنے میں آواز کو بلند کرنا-
تَدَاعَی- العَدُوُّ :متوجہ ہونا ـــــ القَوْمُ : ایک دوسرے کو بلانا- تَدَاعَوْا الشَیْءَ : دعوی کرنا- تداعتِ الحِیْطَانُ :شکستہ و ویران ہونا-

ـــــ القَوْمُ عَلَیْہِ :دشمنی میں متفق ہونا-
اِنْدَعَی اِنْدِعَاءً- لِدَعْوَتِہٖ :جواب دینا-
اِدَّعَی- الشَیْءَ :حق یا باطل کا دعوی کرنا-
ـــــ بِہٖ : اپنی طرف نسبت کرنا ـــــ عَلَیْہِ : مقدمہ کرنا ـــــ اِلٰی غَیْرِ اَبِیْہِ :باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہونا ـــــ الشَیْءَ : تمنا کرنا ـــــ اِدَّعَی فِی الحَرْبِ : حریف کے سامنے اپنا نام و نسب پیش کرنا-
اِسْتَدْعَاہُ اِسْتِدْعَاءً- پکارنا ـــــ الشَیْءَ : طلب کرنا-
الدُعَاء- دعا کا مصدر- ج اَدْعِیَة-
الدَعْوَة- پکار- قسم- اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنِّی دَعْوَةُ الرَجُل" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے- اور یہ مانند (ھُوَ مِنِّی رَمْیَةُ السَھْمِ و مَزْجَرُ الکَلْبِ) کے ہے کہ اس کا بھی مطلب یہی ہے- "وَلَھُمُ الدَعْوَةُ عَلٰی غَیْرِھِم" دعا میں ان سے ابتداء ہے- وَکُنَّا فِیْ دَعْوَةِ فُلَانٍ ہم فلاں کی مہمانی میں تھے-
( ـــــ و الدَعَاوَة الدِعَاوَة) اِدَّعَاء کے اسم ہیں-
الدَعْوَیٰ- مہ- مقدمہ- دعویٰ- ن الدَعَاوی و الدَعَاوَی-
الدَعَّاء- بہت دعا کرنے والا-
الدَعَّاءَة- انگشت شہادت-
الاُدْعِیَة و الاُدْعُوَّة- چیتاں پہیلی-
الدَعِیُّ- لے پالک- وہ شخص جس کے نسب میں شبہ ہو- غیر باپ یا غیر قوم کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنے والا- ج اَدْعِیَاء-
الدَاعِی- فا- لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا- ج دُعَاة- مؤنث دَاعِیَة ج دَاعِیَات و دَوَاعٍ ( ـــــ وَالدَاعِیَة) سبب- ج الدَوَاعِی- دَاعِی اللَبَن :دودھ کا وہ حصہ جو تھن میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ آسانی سے دوہا جا سکے- وَدَوَاعِی الصَدْر : فکر و غم- وَدَوَاعِی الدَھْر :زمانہ کی گردشیں-
المَدْعَاة- کھانے کی دعوت- سبب-
دَغَتَ (ف) دَغْتًا- گلا گھونٹ کر مار ڈالنا-
الدَغْفَر- بیوقوف-

دَغْدَغَ دَغْدَغَةً- فُلَانًا بِکَلِمَةٍ : طعن و تشنیع کرنا-
الدَغْدَغَة- پھسپھسی گفتگو کرنا- چھپانا- استہزاء کرنا- گدگدی کرنا- عوام گدگدی کے لیے "زَکْزَکَ و الزَکْزَکَة" بولتے ہیں-
المُدَغْدَغ- حسب و نسب میں عیب دار-
دَغَرَهُ (ف) دَغْرًا- دفع کرنا- ہٹانا- دَغَرت المَرْاَة حَلَقَ الصَبِیِّ : انگلی سے دبانا ـــــ الاُمُّ اِبْنَهَا : آسودگی سے کم دودھ پلانا- وَغَرَ الشَیْءَ فِی الشَیْءِ :ملانا ـــــ ہ : بھینچ کر مار ڈالنا ـــــ فِی البَیْتِ : داخل ہونا- عَلَیْہِ : اچانک آنا-
دَغِرَ (س) دَغَرًا- الرَجُلُ :بدخلق و کمینہ ہونا- صفت (دَاغِر)
دَغِرَ (س) دَغْرًا و دُغُرًا- عَلَیْھِم :لوگوں پر اچانک پہنچ جانا-
اِنْدَغَرَ- بھینچ جانا ـــــ عَلَیْہِ :اچانک آنا-
الدَاغِر- ذلیل- حقیر- خبیث- مفسد-
الدَغَرَة- کسی چیز کو اُچک کر لے لینا-
المَدْغَرَة- گھمسان کی جنگ-
دَغَشَ (ف) دَغْشًا و اَدْغَشَ- تاریکی میں داخل ہونا- دَغَشَ عَلَیْھِم :اچانک آنا-
دَاغَشَهُ- بھیڑ کرنا ـــــ حَوْلَ المَاءِ :پیاس کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا ـــــ المَاءَ : جلدی پینا ـــــ فِی الشَیْءِ : کسی چیز کو حرص کی وجہ سے کسی سے مکر سے طلب کرنا ـــــ ظُلْمَةَ اللَیْلِ :رات کی تاریکی میں بغیر کسی سستی کے چل پڑنا-
تَدَاغَشَ- القَوْمُ و (دَغْوَشُوْا) آپس میں گتھ جانا-
الدَغَش و الدُغْشَة و الدَغْشَة- تاریکی-
دَغِصَ (س) دَغْصًا- خوراک یا غصہ سے بھرنا-
دَاغَصَ مُدَاغَصَةً- فِی العَمَلِ :جلدی کرانا-
اَدْغَصَهُ- غصہ سے بھر دینا- اَدْغَصَهُ المَوْتُ :فوراً موت کا آنا-
الدَاغِصَة- گھٹنے کی چپنی- عوام اس کو صَابُوْنَةُ الرُکْبَةِ کہتے ہیں- گٹھا ہوا گوشت- رقیق پانی- ج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دَوَاغِص۔
الدَّغْصَان۔ غضبناک۔
دَغَفَ (ف) دَغْفًا۔ الشَّیْءَ : سختی سے پکڑنا۔
دغْفَهُمُ الحَرُّ : گرمی کا زیادہ ہونا۔
اَبُوْالدَّغْفَاء۔ بیوقوف۔
الدَّغْفَر۔ موٹا شیر۔
الدَّغْفَصَة۔ موٹائی۔ گوشت کی زیادتی۔
دَغْفَقَ دَغْفَقَةً۔ المَاءَ : بہت گرانا ـــــ المطرُ : سخت برسنا۔ عیش (دَغْفَق) آسودہ زندگی۔
الدَّغْفَل۔ ہاتھی یا بھیڑیئے کا بچہ۔ بہت سے پر۔
عَیْشٌ دَغْفَلِیٌّ : آسودہ زندگی۔ عَامٌ دَغْفَلِیٌّ : سرسبز سال۔ فراخی کا سال۔
دَغَلَ (ف) دَغْلًا۔ فِیْهِ : متہم کی طرح داخل ہونا۔
اَدْغَلَ۔ الرَّجُلُ : درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا ـــــ الاَرْضُ : گنجان درختوں والی ہونا ـــــ بِه : خیانت کر کے اچانک مار ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ـــــ الشَّیْءَ : تباہ کن چیز ملا دینا۔
الدَّغل۔ ج اَدْغَال ودِغَال و (الدغِیلَة) درختوں کا جھنڈ۔ فساد و تباہی۔ خوف و ہلاکت کی جگہ۔
مکان (دَغِل) گنجان درختوں والی جگہ۔ پوشیدہ۔
الدَّاغِلَة۔ باطنی کینہ۔ کسی کے عیوب و خیانت تلاش کرنے والے لوگ۔
الدَّغَاوِل۔ مصیبتیں (جمع ہے بغیر واحد کے)
المَدْغَلُ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ ج مَدَاغِل۔
دَغْمَهُمْ ودَغِمَهم (ف س) دَغْمًا ودَغَمَانًا۔ الحَرُّ او البَرْدُ : گرمی یا سردی کا پڑنا ـــــ دَغَمَ اَنْفَه : توڑنا۔ دَغَمَ الاِنَاء : ڈھانپنا۔
اَدْغَمَ۔ اَللّٰهُ فُلَانًا : سیاہ رو کرنا۔ ذلیل کرنا۔
اَدْغَمَهُمُ الحَرُّ او البَرْدُ۔ گرمی یا سردی کا پڑنا۔
ـــــ الفَرَسَ اللِّجَامَ : لگام لگانا۔ اَدْغَمَهُ الشَّیْءُ : غمگین کرنا۔ اَدْغَمَ الرَّجُلُ : لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا۔ ( ـــــ وادَّغَمَ) الشَّیْءَ فی الشَّیْءِ : ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔ اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے۔
اِدْغَامًا۔ الفَرَسُ (اِدْغِیمَامًا) بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْغَم)
الدَّغَم و الدَّغْمَة۔ گھوڑے کا رنگ جس کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو۔
الاَدْغَم۔ کالی ناک والا۔ ناک میں بولنے والا۔ ج دُغْم۔
الدُّغَام۔ حلق کا درد۔
دَغْمَرَهُ دَغْمَرَةً۔ عیب لگانا۔ الشَّیْءَ : ملانا۔ الرَّجُلُ : بد خلق ہونا۔
الدَّغْمَرِیُّ والدُّغْمُرِیُّ۔ برے بھلے ملے جلے اخلاق والا۔ رَجُلٌ (دُغْمُوْرٌ) مردِ بد خو۔
الدَّغَامِر۔ قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ۔
المُدَغْمَر۔ پوشیدہ۔
دَغْمَشَ۔ فی المشْیِ : تیز چلنا۔
الدُّغْمُوز۔ بد خو۔
دَغَنَ (ن) دُغُوْنًا۔ اَلْیَوْمُ : بادل والا ہونا۔
الدُّغُنَّة۔ گھٹا ٹوپ بادل۔
الدَّغْنَاس۔ ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا کے مشابہ ہوتا ہے۔
الدَّغْوَة والدَّغْیَة۔ بُری عادت۔ ج دَغْوَات ودَغْیَات۔
دَفَّ (ض) دَفًّا ودَفِیْفًا۔ آہستہ چلنا۔ لَهُ الاَمْرُ : تیار ہونا۔ ممکن ہونا ـــــ الطَّائِرُ : پر پھڑپھڑانا۔
دَفَّ (ض) دَفًّا۔ الشَّیْءَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔
دَفَّفَ ودَافَّ۔ جلدی کرنا۔ دَفَّفَ الجَرِیْحَ ودَافَّهُ ودَافَّ عَلَیْه : پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا۔ ودَفَّفَ الرَّجُلُ : دف بجانا۔
اَدَفَّ اِدْفَافًا۔ الطَّائِرُ : پر پھڑپھڑانا۔ اَدَفَّتْ عَلَیْهِ الاُمُوْرُ : پے در پے آنا۔
( ـــــ وتَدَافَّ) القَوْمُ : ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَدَفَّ۔ الطَّائِرُ : زمین کے قریب اُڑنا ـــــ الاَمْرُ : درست ہونا۔ پورا ہو جانا۔
ـــــ الرَّجُلُ بِالْمُوْسَی : اُسترے سے مونڈنا۔
الدَّفُّ۔ مہ۔ ہر چیز کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِذَاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے۔
( ـــــ الدُّفُّ) ایک قسم کے باجہ کا نام۔ ج دُفُوف۔
الدَّفَّة۔ ہر چیز کا پہلو۔ دَفَّتَا الطَّبَل : ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے۔ پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے۔ اس کے لیے فصیح لفظ السُّکَّان ہے)
الدَّافَّة۔ دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج۔ لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے۔
الدَّفَّاف۔ دف بجانے والا۔ دف بنانے والا۔ اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ دفاف مالک دف کو مُدَفِّف بنانے والے کو اور مُدَفِّف بجانے والے کو کہتے ہیں۔
الدَّفُوف۔ مِنَ الطَّیْرِ : کسی چیز پر ٹوٹ پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ۔
دَفِئَ یَدْفَأُ دَفْأً ودُفُوْءً او دَفُؤَ یَدْفُؤُ دَفَاءَةً مِنَ البَرْدِ : گرم ہونا۔ گرمی محسوس کرنا۔
دَفَّأَهُ۔ گرم کرنا۔
اَدْفَأَهُ۔ گرم کپڑا پہنانا۔ بہت دینا۔ گرم کرنا ـــــ الجَرِیْحُ : فوراً مار ڈالنا ـــــ القَوْمُ : جمع کرنا۔
تَدَفَّأَ وادَّفَأَ واسْتَدْفَأَ۔ گرم کپڑا پہننا۔ گرم ہونا۔
الدِّفْأُ۔ سخت گرمی۔ ج اَدْفَاء۔ اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو۔
علیه دِفأُ الحَائِط : دیوار کی اوٹ۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ فِی دِفْءِ الحَائِط" وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا۔ گرم کپڑے۔ گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ تم کہتے ہو "مَا عَلَیْهِ دِفْءٌ" اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔
الدَّفَأ۔ مہ۔ کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا۔
الدِّفَاء۔ گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ (کپڑا وغیرہ)
الدَّفِئ الدَّفِیُّ۔ گرمی حاصل کرنے والا۔ گرم کپڑے پہننے والا۔ مؤنث دَفِئَةٌ ودَفِیْئَةٌ۔ الدَّفِئَةُ مِنَ الاَرَاضِی : گرم زمین۔
الدَّفَائِئ۔ بہار کی آخری بارش۔
الدَّفْآن۔ گرمی حاصل کرنے والا۔ مؤنث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دَفَأَ۔
الْاَدْفَأ۔ وہ شخص جس کا کندھا سینہ کی طرف جھکا ہوا ہو۔ مؤنث دفاء۔ الْاَدْفَاء : مرد خیمہ نشین۔
اَرْضٌ (مِدْفَاة) گرم زمین۔
اِبِلٌ (مُدْفِئَةٌ و مُدْفَاةٌ و مُدَفِّئَةٌ و مُدَفَّاةٌ) بہت اُون اور چربی والا اونٹ۔
الدَّفْتَر۔ رجسٹر۔ کاپی۔ ج دَفَاتِر۔
دَفْدَفَ۔ جلدی کرنا ـــــ الطَّائِرُ : زمین سے قریب اُڑنا ـــــ الدُّفْدُف : جلدی جلدی وف بجانا۔
دَفَرَهٗ (ن) دَفْرًا۔ سینہ میں مار کر ہٹانا۔
دَفِرَ (س) دَفَرًا و دَفْرًا۔ ذلیل ہونا۔
اللَّحْمُ : کیڑے پڑنا ـــــ الشَّيْءُ : بدبودار ہونا۔ صفت (دَفِر وَاَدْفَر) مؤنث۔ دَفِرَة و دَفْرَاءُ۔ کَتِيْبَةٌ دَفْرَاء : لشکر جس سے لوہے کے زنگ کی بُو آئے۔
اَدْفَرَ۔ الرَّجُلُ : تیز گندہ بغل ہونا۔
الدَّفَر۔ مصـ بدبو۔
دَفَارِ۔ مَبْنِيٌ عَلَى الْكَسْرِ بروزن قَطَامِ : دنیا۔ لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لیے گالی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ اور اکثر نداء کے موقع پر آتا ہے)
اُمُّ دَفَارِ و اُمُّ دَفَر۔ دنیا۔ مصیبت۔
اِدْفَسَّ اِدْفِسَاسًا۔ الرَّجُلُ : بغیر بیماری کے چہرہ کا کالا پڑنا۔
دَفَضَ (ض) دَفْضًا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
دَفْطَسَ۔ الرَّجُلُ : اپنا مال ضائع کرنا۔
دَفَعَهٗ (ف) دَفْعًا و دَفَاعًا و مَدْفَعًا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ دَفَعَهٗ فِي كَذَا : داخل کرنا۔
ـــــ اِلَيْهِ الشَّيْءَ : ادا کرنا ـــــ الْقَوْلَ : دلیل سے باطل کرنا ـــــ ہ اِلٰى كَذَا : مجبور کرنا ـــــ عَنْهُ الْاَذٰى : بچانا۔ محفوظ کرنا ـــــ عَنِ الْمَوْضِعِ : کوچ کرنا۔ چھوڑنا ـــــ اِلَيْهِ : پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ يَدْفَعُ اِلٰى مَكَانِ كَذَا" راستہ جو فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔
دُفِعَ۔ اِلَى الْمَكَان : پہنچنا۔
دَافَعَهٗ مُدَافَعَةً و دِفَاعًا۔ مزاحمت کرنا ـــــ عَنْهُ : حمایت کرنا۔ مدد کرنا ـــــ عَنْهُ الْاَذٰى : ہٹانا' دور کرنا۔ دَافَعَهٗ عَنْ حَقِّهٖ : ٹال مٹول کرنا۔
تَدَفَّعَ۔ السَّيْلُ : زور سے بہنا۔
اِنْدَفَعَ۔ السَّيْلُ : زور سے بہنا ـــــ الْفَرَسُ فِي سَيْرِهٖ : تیز دوڑنا ـــــ الرَّجُلُ فِي الْحَدِيْث : بات چیت میں مشغول ہونا۔ اِنْدَفَعَ يَقُوْلُ : کہنے لگنا۔ اِنْدَفَعَ الرَّجُلُ : ہٹنا۔
تَدَافَعَ۔ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو ہٹانا۔ تَدَافَعُوا الشَّيْءَ : ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَيْفٌ يَتَدَافَعُهُ الْحَيُّ" مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں۔
اِسْتَدْفَعَ۔ اللّٰهَ الشَّرَّ : شر کو ہٹانے کی دعا کرنا۔
الدَّفْعَة۔ دَفَعَ کا اسم مرۃ۔
الدُّفْعَة۔ بوچھار۔ برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَع و دُفُعَات۔
الدَّوَافِع۔ نشیب زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے۔
الدَّفُوْع۔ بہت ہٹانے والا ـــــ مِنَ الدَّوَابِ : لات مارنے والا۔
الدَّفَّاع۔ بہت دفع کرنے والا۔
الدُّفَّاع۔ موج یا سیلاب کا زور۔ بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي دُفَّاعٍ مِنَ النَّاسِ" وہ بہت لوگوں میں آیا۔
المِدْفَع۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدَافِع۔
المِدْفَع۔ ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج مَدَافِع۔
المِدْفَع۔ بہت دفع کرنے والا۔
المُدَفَّع۔ ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔
دَفَقَ (ض ن) دَفْقًا۔ الْمَاءُ : زور سے گرانا ـــــ اللّٰهُ رُوْحَه : موت دینا ـــــ الْكَوْزَ : گرا کر خالی کر دینا۔
دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوْقًا۔ الْمَاءُ : گرنا ـــــ اَلنَّهْرُ : بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے۔)
دَفَّقَ۔ دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "دَفَّقَتْ كَفَّاهُ الْعَطَاءَ" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔
اَدْفَقَ۔ الْكَوْزَ : گرا کر خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اِسْتَدْفَقَ۔ الْمَاءُ : گرنا ـــــ الدَّابَّةُ : تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَدَفَّقُ فِي الْبَاطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے۔
اِنْدَفَقَ و اِسْتَدْفَقَ۔ الْمَاءُ : گرنا۔
الدُّفْقَة۔ ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا دُفْقَةً" وہ سب یکبارگی آ گئے۔
سَيْلٌ دُفَاق۔ بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔
الْاَدْفَق۔ ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر۔ سَيْرٌ اَدْفَق : تیز چال۔ مؤنث دَفْقَاءُ۔
الدِّفِقَّى۔ تیز حال۔ کہا جاتا ہے "مَشٰى الدِّفِقَّى : وہ تیز چال چلا۔ (ـــــ و الدِّفِقَّة۔ تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا۔
الدِّفْل۔ قطران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کثیر۔
الدِّفْلٰى۔ کثیر۔ ایک جماعت کے نزدیک الف الحاق کا ہے اس لیے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لیے تنوین نہیں آتی۔
دَفَنَ (ض) دَفْنًا۔ الْمَيِّتَ : گاڑنا۔ دفن کرنا ـــــ الْحَدِيْثَ : چھپانا ـــــ الْاَبِلَ : تیز دوڑانا ـــــ الْاَبِلُ : تیز دوڑنا۔
تَدَفَّنَ و اِنْدَفَنَ۔ چھپنا ـــــ الْاِبِلُ : تیز دوڑنا۔
اِدَّفَنَ۔ الْعَبْدُ : آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُوْن) ـــــ الشَّيْءَ : چھپانا۔
تَدَافَنَ۔ الْقَوْمُ : باہم چھپانا۔
دَافِنُ۔ الْاَمْر : کسی معاملہ کا اندرونی حصہ۔
الدَّفْن۔ مصـ دفن کیا ہوا۔ ج اَدْفَان۔ مدفون زمین۔ ج دُفُن۔ رَجُلٌ دَفْن : گمنام و بے قدر مرد۔
دَاءٌ دِفْنٌ و دَفِنٌ : پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔
الدَّفِيْنَة۔ گاڑا ہوا۔ گاڑا ہوا خزانہ۔ ج دَفَائِن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُثِيْرُ الدَّفَائِنَ" فلاں بڑا عالم ہے۔
الدَّفِين۔ دفن کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ ج دُفُن و دُفَنَاء و اَدْفَان۔ حوض۔ رَكِيَّة دَفِيْنٌ : دفن شدہ کنواں۔ اِمْرَأَةٌ دَفِين : پوشیدہ عورت۔ ج دَفْنٰى۔ دَاءٌ دَفِين : پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَفِيْنُ الْمُرُوْءَةِ اودَفْنُ الْمَرُوءَةِ" وہ بے مروّت ہے۔

الدِفَان۔ مِنَ الرِّكَايَا۔ مٹی سے پٹا ہوا کنواں ج دُفُن۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ دِفَان" پوشیدہ پانی۔

الدَّفَافِيْن۔ کشتی کے تختے۔ واحد (دفّان)

المَدْفِنُ۔ گاڑنے کی جگہ۔

الدِفِيس و الدِفْنَاس۔ کمینہ و بیوقوف۔ بخیل۔

مِنَ النِّسَاء: بیوقوف۔ بھاری جسم کی عورت۔

الدَّافِه۔ مسافر۔

دَفَا (ن) دَفْوًا و دَافَى مُدَافَاة و اَدْفَى إِدْفَاءً۔ الجَرِيْحَ: فوراً مار ڈالنا۔ وَاَدْفَى الظبيُ: لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدَافَاة۔ تلافی کرنا۔

الدَّفَاء۔ خمیدگی۔

الأَدْفَى۔ خمیدہ۔ مؤنث دَفْوَاءُ۔ طَائِرٌ اَدْفَى: لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ نَاقَةٌ دَفْوَاءُ: لمبی گردن والی اونٹنی۔ شَجَرَةٌ دَفْوَاءُ: بڑا درخت۔ عُقَابٌ دَفْوَاءُ: ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ (ض) دِقَّة۔ باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دقیق و دشوار ہونا۔

دَقَّ (ن) دَقًّا۔ الشَّيَ: توڑنا ـــــ البَابَ: کھٹکھٹانا ـــــ الشَّيَ: ظاہر کرنا ـــــ الشَّيَ عَلَى الشَّيْءِ او بِالشَّيْءِ: کوٹنا۔

دَقَّقَ۔ الشَّيَ: بہت باریک کرنا۔ آٹا کرنا ـــــ فِي الحِسَابِ و غَيْرِهِ: باریک بینی سے کام لینا۔

اِدْقَقَّهُ اِدْقَاقًا۔ باریک کرنا ـــــ الرَّجُلَ: بکری دینا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُه فَمَا اَدَقَّنِي وَلَا اَجَلَّنِي" میں اُس کے پاس آیا تو اُس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ۔ اَدَقَ الرَّجُلَ: بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَقْتُهُ مُدَاقَّةً۔ الحِسَابَ فِي الحِسَاب: غور سے جانچ کرنا۔

اِنْدَقَّ اِنْدِقَاقًا۔ باریک ہونا۔ اِنْدَقَّت عُنُقُهُ: ٹوٹنا۔

تَدَاقَّ۔ الرَّجُلَانِ: باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ اِسْتِدْقَاقًا۔ پتلا و باریک ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِسْتَدَقَّ الهِلَالُ" ہلال باریک ہے۔

الدِقُّ۔ باریک گھوڑا۔ اور اسی سے ہے "اَخَذْتُ دِقَّه وجِلَّه" میں نے قلیل و کثیر سب لے لیا۔ حُمِّيَ الدِقِّ: وق کا بخار۔

الدَّقَّة۔ دَق کا اسم مرۃ۔

الدِقَّة۔ کوٹنے کی ہیئت۔ خست۔ چھوٹائی۔ باریکی اور اسی سے ہے "دِقَّةُ المَعَانِي" معانی کی باریکی۔

الدُّقَّة۔ باریک خاکے۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔ خوبصورتی۔

الدُّقَاق۔ چورہ۔ آٹا (ـــــ والدُّقَاقَة) باریک خاک جس کو ہوا اُڑائے۔ دُقَاقُ العِيْدَانِ و دِقَاقُهَا: چھیٹی۔

الدَّقِيْق۔ باریک۔ آٹا۔ مشکل معاملہ۔ تھوڑا۔ ج اَدِقَّةٌ و اَدِقَّاء۔ مؤنث دَقِيْقَةٌ۔

الدَّقِيْقَة۔ دقیق کا مؤنث۔ منٹ۔ درجہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج دَقَائِق۔ الدَّقِيْقَة: بکریاں۔ کہتے ہیں "كَمْ دَقِيْقَتُكَ" تمہاری بکریاں کتنی ہیں؟

الدَّقَّاق۔ بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔

الدَّقَّاقَة۔ کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقُّ و المُدُقُّ۔ ج مَدَاق و (المِدَقَّة) کوٹنے کا اوزار۔

المُدَقَّقَة۔ قیمہ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت۔

المَدْقُوق ض۔ دق کے بخار والا۔

مُسْتَدَقُّ السَّاعِدِ۔ کلائی کا پتلا حصہ۔

مُسْتَدَقُّ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقْدَقَ۔ النَّاسُ: شور مچانا۔

الدَّوَابُّ: سم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِرَ (س) دَقَرًا۔ شکم سیر ہونا ـــــ المَكَانُ: سبزہ زار ہونا ـــــ النَّبَاتُ: زیادہ ہونا۔

ـــــ الرَّجُلُ: شکم پُری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَّقْرُ و الدَّقْرَة و الدَّقِيْرَةُ و الدَّقَرِيُّ۔ سرسبز و خوبصورت باغ۔

اَرْضٌ (دَقْرَاءُ) سرسبز و نمناک زمین۔

الدُّقْرَان۔ لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جائے۔ واحد دُقْرَانَة۔

الدَّوْقَرَة۔ بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِقْرَار۔ جا گھسیا۔ ج دَقَارِيْر۔

الدِقْرَارَة۔ چغلی۔ بُری عادت۔ جھگڑا۔ ج دَقَارِيْر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَّقَارِيْر" وہ قبیح قسم کی جھوٹی چیزیں لایا۔ جا گھسیا۔ پاسنجامہ۔ رجُلٌ دقْرَارة: چغل خور۔ پست قد۔

الدَّقَارِيْس۔ لومڑیاں۔

دَقَسَ (ن) دَقْسًا و دُقُوْسًا۔ فِي الْبِلَادِ: گھس جانا ـــــ الوَتَدُ فِي الْأَرْضِ: گڑ جانا ـــــ البِئْرَ: بھر دینا۔

المِدَقْس۔ ریشم۔

الدَّقْشَة۔ ایک چھوٹا سا جانور ہے۔

دَقِعَ (س) دَقَعًا۔ تھوڑے سے گزارہ پر راضی ہونا۔ ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔

اَدْقَعَهُ۔ محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْقَعَ بِهِ و اِلَيْهِ فِي الشَّتْمِ و نَحْوِهِ: گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدْقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔

الدَّاقِع۔ فا۔ رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔

الأَدْقَع۔ مٹی۔ جُوْعٌ اَدْقَعُ: سخت بھوک۔

الدَّقَاع و الدُّقَاع و الدِقْعِم۔ مٹی (دقعم میں میم زائد ہے)

الدَّقْعَاء۔ مٹی۔ بنجر زمین۔

کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ القَوْمَ" (صَقْعَى دقْعَى) میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔

الدَّيْقُوْع۔ سخت بھوک۔

الدَّوْقَعَة۔ فقیری۔ ذلت۔

المُدْقِع۔ زمین پر پٹک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ ذبلا۔ جُوْعٌ مُدْقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔

المِدْقَاع۔ لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج۔ مَدَاقِيْع۔

دَقَلَهُ (ن) دَقْلًا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا (ـــــ دُقُوْلًا) غائب ہونا ـــــ فِيْهِ: داخل ہونا۔

اَدْقَلَ۔ النَّخْلُ: ردی کھجور والا ہونا۔

ـــــ الرَّجُلُ: کمزور بچہ والا ہونا ـــــ الشَّاةُ: دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدْقِل۔

الدَّقَل۔ ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وَاَنْتَ تَنْثُرُ كَلَامَكَ نَثْرَ الدَّقَلِ" میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔

الدَّقْل۔ جسم کی ناتوانی۔

الدَّقَلَة و الدِّقْلَة و الدِّقِيلَة۔ ڈیلی پتلی بکری۔ ج دقال و دقائل۔

دَقَمَهُ (ن) دَقْمًا۔ اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا ـــــ الرِّيحُ عَلَيْهِ: ہوا کا آنا۔

دَقِمَ (س) دَقَمًا۔ اگلے دانتوں کا گرنا۔ صفت دَقِمٌ و اَدْقَم۔

اَدْقَمَ۔ فاہ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔

الدَّقْم۔ سخت غم۔

الدَّقَمَة۔ منہ کا اگلا حصّہ۔

الدَّقَم۔ نقصان۔

الدَّقَمْس۔ ریشم۔

دَقَنَ (ن) دَقْنًا۔ فی لحیَی الرَّجُل: ٹھوڈی پر مکا مارنا۔ دَقَنَه: منع کرنا۔ یاز رکھنا۔ محروم کرنا۔

دَكَّ (ن) دَكًّا۔ الحَائِطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا ـــــ الأَرْضَ: ہموار کرنا ـــــ التُّرَابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا ـــــ البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا ـــــ التُّرَابَ عَلَى المَيِّتِ: میت پر مٹی ڈالنا ـــــ ہ: دھکا دینا ـــــ الدَّابَةَ فِي السَّيْرِ: جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے "دَكَّتِ الحُمَّى الرَّجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔

دُكَّ۔ مریض ہونا۔

دَكَّكَ۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

اِنْدَكَّ۔ ہموار ہونا ـــــ الرَّجُلُ: ریت کا تہ ہونا ـــــ السِّنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔

تَدَاكَّ۔ عَلَيْهِ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الدَّكُّ۔ مص۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ۔ ج۔ دُكُوك۔

الدُّكُّ۔ ج دِكَكَة و (الدِّكَّاء) ج دِكَّاءَات۔ نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔ الدَّكَّاءُ: پست کوہان کی اونٹنی۔

الدِّكَّة۔ ازاربند۔ صحیح لفظ التِّكَّة ہے۔

الدَّكَّة۔ ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لیے چبوترہ۔ ج دِكَاك۔

الدُّكَّان۔ دکان۔ چبوترہ۔ ج دَكَاكِين۔

الدَّكَّاك۔ بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔

الأَدَكُّ۔ چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اونٹ۔ اور اس سے اسم (الدَّكَكُ) ہے۔ ج دُكٌّ و دُكُك مؤنث دَكَّاء۔ يَوْمٌ أَوْ شَهْر أَوْ حَوْل (دَكِيكٌ) پورا دن یا مہینہ یا سال۔

المِدَكُّ۔ مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا مرد۔ ہموار کرنے کا اوزار۔

أَمَةٌ (مِدَكَّة) کام کرنے میں قوی باندی۔

دَكْدَكَ۔ الحُفْرَةَ: گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔

تَدَكْدَكَتْ۔ الجِبَالُ: گرنا۔

الدَّكْدَك و الدِّكْدِك۔ ج دَكَادِك و (الدَّكْدَاك) ج دَكَادِيك: سخت زمین۔

دَكَسَ (ن) دَكْسًا۔ الشَّيْءُ: بھرنا۔

دَكِسَ (س) وَكَسًا۔ الشَّيْءُ: تہ تہ ہونا۔

اَدْكَسُ۔ المَكَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔

الدَّكِيسَة۔ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔

الدَّاكِس۔ فا۔ چھینک وغیرہ سے بدفالی۔

الدَّاكِس مِنَ الظِّبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

الدُّكَاس۔ اُونگھ۔

الدَّوْكَس۔ شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں۔

دَكَلَ (ن ض) دَكْلًا۔ الطِّينَ: لیپنے کے لیے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا ـــــ الشَّيْءَ: روندنا۔

دَكَّلَ۔ الدَّابَةَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَكَّلَ۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ـــــ عَلَيْهِ: ناز کرنا ـــــ عَنْه: دیر کرنا۔

الدَّكَلَة۔ پتلا گارا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

الأَدْكَل۔ سیاہی مائل۔

الدَّكِيل۔ روندا ہوا۔

الدَّكَالِي۔ شیطان کا نام۔ ایک لغت ضم دال بھی ہے۔

دَكَمَ (ن) دَكْمًا۔ الشَّيْءَ: بعض کو بعض پر کوٹنا ـــــ ہ فِي صَدْرِه: سینہ پر مار کر ہٹانا ـــــ فاہ أَوْ أَنْفَه: منہ یا ناک توڑنا ـــــ المرأَةَ: جماع کرنا۔

دَكْمَهُ۔ فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا ـــــ ہ فِي رَأْسِهِ: سر میں سینگ سے مارنا۔

تَدَاكَمَ۔ القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

الدُّكْمَة۔ سیاہی مائل رنگ۔

دَكَنَ (ن) دَكْنًا و دَكَنًا۔ المَتَاعَ: تہ بتہ رکھنا۔ دَكَّنَ الدُّكَّانَ: دُکان لگانا۔

دَكِنَ (س) دَكَنًا۔ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (أَدْكَن) مؤنث دَكْنَاء۔ ج دُكْنٌ۔

ـــــ الثَّوْبُ: میلا و گرد آلود ہونا۔

الدُّكْنَة۔ سیاہی مائل رنگ۔

الدُّكَّان۔ دکان کا چبوترہ۔ ج دَكَاكِين (کلمہ فارسیہ ہے)

الدُّكَّانِي۔ دکان والا۔

دَلَّهُ (ن) دَلَالَةً و دُلُولَةً و دِلِّيلَى۔ إِلَى الشَّيْءِ و عَلَيْهِ: راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔ ا ـــــ (ض) دَلًّا و دَلَالًا و دَلَّ (س) دَلَلًا: ناز و نخرہ کرنا ـــــ المَرْأَةُ عَلَى زَوْجِهَا: بناوٹی مخالفت کرنا ـــــ الرَّجُلُ: فخر کرنا۔ اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ إِدْلَالًا۔ عَلَيْهِ: محبت پر بھروسہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَامَلَّ" اُس نے محبت پر بھروسہ کیا اور طول کر دیا۔ دلیری کرنا ـــــ عَلَى أَقْرَانِهِ: اُوپر سے دبا لینا ـــــ البَازِي عَلَى صَيْدِهِ: اُوپر سے جھپٹا مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُدِلُّ بِهِ" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے "اَدَلَّ بِالطَّرِيقِ": پہچاننا۔

تَدَلَّلَ۔ عَلَيْهِ: گستاخی و جرأت کرنا ـــــ المرأَةُ عَلَى زَوْجِهَا: بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ۔ راستہ پانا ـــــ الماءُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ۔ عَلَيْهِ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔ اِسْتَدَلَّ بِكَذَا عَلَى الأَمْرِ: دلیل کرنا۔

الدَّالَّة۔ دالٌّ کا مؤنث۔ ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيْهِ دَالَّة" اس کو اس کے اُوپر ناز ہے۔

الدَّلُّ۔ مص۔ سکون و اطمینان کی حالت۔ اچھی سیرت۔

الدَّلَال۔ مص۔ ناز و نخرہ۔

الدَّالُولَاء۔ ناز۔

الدِّلَالَة۔ دلالی کا پیشہ۔ دلال یا رہبر کی اُجرت۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الدَّلَّال- خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی-

الدَّلِیل- ج اَدِلَّة وَاَدِلَّاء و (الدَّلَالَة) ج دَلَائِل : ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے- حجت ودلیل- الدَّلِیْل : رہنما- مرشد-

الدَّلَّة- احسان- ناز و نخرہ کرنا-

الاَدَلُّ- احسان جتانے والا-

الدُّلّی والدَّلِیْلَة- واضح راستہ-

المُدِلُّ- فا- اپنے اُوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا- المُدِلُّ بِالشَّجَاعَةِ : دلیر-

الدُّلْب- چنار کا درخت- واحد (دُلْبَة)

الدُّلْبَة- سیاہی-

الدَّالِبُ- چنگاری جو بجھی نہ ہو-

الدَّولاَب والدُّوْلاَب- رہٹ- چرخی پر گھومنے والی چیز- ج دَوَالِیْب- (دخیل)

المَدْلَبَة- بہت چنار کے درختوں والی زمین-

الدَّلْبُوْث- ایک قسم کی گھاس کا نام-

دَلَثَ (ض) دَلْثًا- قریب قریب قدم رکھنا-

تَدَلَّثَ- اِلَیْهِ : کسی کے پاس گھس پڑنا-

اِنْدَلَثَ- الرَّجُلُ : خود سر ہونا-

اِدَّلَثَ- الشَّیْءُ : ڈھانکنا-

الدِّلاَث- تیز رفتار- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دِلاَثٌ وَنَاقَةٌ دِلاَث- ج دُلُثٌ وَدُلُثٌ"

دَلَجَ (ض) دُلُوْجًا- کنوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالنا- صفت (دَالِج) ج دُلَّج-

اَدْلَجَ اِدْلاَجًا وَادَّلَجَ اِدِّلاَجًا- القَوْمُ : پوری رات یا آخری حصہ میں چلنا- اسم (الدَّلْجَة والدُّلْجَة)

الدَّلَج والدَّلَجَان والدَّلْجَة- رات کے آخری حصہ کا وقت-

الدَّوْلَج- تہ خانہ (_____ والمَدْلَجَة) وحشی جانوروں کا بھٹ-

المِدْلَجَة- لکڑی یا چمڑے کا بڑا برتن جس میں دودھ لے جایا جائے- دُول-

المَدْلَج والمَدْلَجَة- حوض اور کنوئیں کے درمیان کا راستہ-

المِدْلاَج- آخری رات میں چلنے کا عادی-

المُدْلِج وابو مُدْلِج- سیی-

دَلَحَ (ف) دُلُوْحًا- بوجھ کی وجہ سے آہستہ چلنا-

تَدَالَحَ- الرَّجُلاَن الشَّیْءَ بَیْنَهُمَا : کسی چیز کو لکڑی پر اُٹھانا-

الدَّالِح- ج دُلَّح ودَوَالِح و (الدَّلُوْح) ج دُلُح : بہت پانی والا بادل-

فَرَسٌ (دَلَحٌ) سوار کو نہ تھکانے والا گھوڑا- بہت پسینہ والا گھوڑا-

دَلِحَ (س) دَلَحًا- موٹا ہونا _____ الإِنَاءُ : بھر کر بہہ پڑنا-

الدَّالِح- موٹا- کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ دَالِحٌ وَاِبِلٌ دُلَّحٌ ودَوَالِح-

الدَّلُوْح- موٹا- ج دُلُح-

دَلْدَلَ دَلْدَلَةً- اَعْضَائَه اَوْرَاسَه : چلنے میں ہلانا-

تَدَلْدَلَ- فِی مَشْیِهٖ : لڑکھڑانا _____ الشَّیْءُ : لٹکتے ہوئے ہلنا-

الدُّلْدُل والدُّلْدُوْل- سیی- الدُّلْدُل : بڑا معاملہ-

الدَّلْدَال- اضطراب- قَوْمٌ دَلْدَال : لڑکھڑاتی ہوئی چلنے والی قوم-

دَلَسَ- البَائِعُ : سامان کے عیب کو چھپانا _____ المُحَدِّث : محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کا نام نہ لینا بلکہ اس سے اُوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو-

دَالَسَه مُدَالَسَةً- فریب دینا- ظلم کرنا- کہا جاتا ہے "هُوَلاَ یُدَالِسُ ولاَ یُوَانِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت-

اَدْلَسَ- المَکَانُ : موسم گرما کے آخر میں یا چر لینے کے بعد سرسبز ہونا-

تَدَلَّسَ- الرَّجُلُ : چھپنا _____ الطَّعَامَ : تھوڑا تھوڑا لینا _____ الدَّابَّةُ : چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو چٹ کر جانا-

اِنْدَلَسَ- الشَّیْءُ : پوشیدہ ہونا-

الدَّلَس- فریب' دھوکا-

الدَّلَس- نباتات جو موسم گرما کے اخیر میں یا چر لینے کے بعد سبز ہو جائے- ج اَدْلاَس (_____ والدُّلْسَة) تاریکی-

دَلَصَ (ن) دَلِیْصًا- چمکنا- نرم ہونا- صفت (دَلِصٌ ج دِلاَصٌ و دَلَائِص ج دُلُص-

دَلِصَت (س) دَلاَصَةً- النَّاقَة : بوڑھی اور گرے ہوئے دانت والی ہونا-

دَلَّصَ- الشَّیْءَ : چمکدار کرنا- کہا جاتا ہے "دَلَّصَ السَّیْلُ الحَجَر" سیلاب نے پتھر کو چمکدار بنا دیا _____ الدَّرْعَ : ملائم کر دینا _____ الجبین : بال اُکھیڑنا-

اِنْدَلَصَ- الشَّیْءُ مِنْ یَدِهٖ : پھسل کر گرنا-

_____ الشَّیْءُ من الشَّیْءِ : نکلنا-

الدَّلِص والدَّلِصَة- ہموار زمین-

الدِّلاَص- نرم و چمکدار- کہا جاتا ہے "دِرْع دِلاَص" نرم و چمکدار زرہ-

الدَّلاَّص- نرم' چکنا' چمکدار-

دَلَطَه (ض) دَلْطًا- سینہ میں مار کر ہٹانا- دَلَطَ فِی سَیْرِهٖ : تیز گزرنا-

دَالَطَه- مدافعت کرنا-

اِنْدَلَطَ- المَاءُ : زور سے بہنے لگنا-

دَلَعَ (ف) دَلْعًا و اَدْلَعَ لِسَانَه : زبان نکالنا-

دَلَعَ (ف ن) دَلْعًا و دُلُوْعًا و اِنْدَلَعَ و اِدَّلَعَ- لِسَانُه : زبان کا منہ سے باہر نکلنا- اِنْدَلَعَ البَطْنُ : پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا _____ السَّیْفُ : تلوار کا میان سے باہر نکلنا-

الدَّلِیْع والدَّلُوْع- کشادہ راستہ- نرم راستہ- ج دَلَائِع- والدَّلُوْع مِنَ النُّوْق : اُونٹوں سے آگے رہنے والی اُونٹنی-

الدَّلاَّع والدَّوْلَعَة- سمندری سیپی کی ایک قسم-

المُدَلَّع- ناز و نعمت میں پرورش یافتہ- اسم (الدَّلاَعَة) اور یہ مولدین کے نزدیک ہے-

الدَّلْعَس والدِّلِعس والدِّلَعْوَس والدِّلْعَاس والدُّلاَعِس- مِنَ الجِمَالِ : سدھا ہوا اُونٹ-

الدِّلْعَان- چپکنے والی مٹی- (لغت عامیہ ہے)

دَلَفَ (ض) دَلْفًا ودَلَفًا ودُلُوْفًا و دَلِیْفًا و دَلَفَانًا- بیڑی پڑے ہوئے کی طرح آہستہ آہستہ چلنا _____ النَّاقَةُ بِحَمْلِهَا : اونٹنی کا بوجھ لے کر اُٹھنا _____ الجَیْشُ : لشکر کا آگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بڑھنا۔صفت(دَالِف)ج دُلَّف ودُلْف۔
اَدْلَفَ۔لَهُ القَوْلَ : سختی سے گفتگو کرنا ـــــ ہ الکِبَرُ : آہستہ چلانا۔
تَدَلَّفَ۔اِلَيْهِ : چلنا اور نزدیک ہونا۔
اِنْدَلَفَ۔علیہ : گرنا۔
الدَّالِف۔تیرجو نشانہ کے قریب گرے اور پھر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔
الدِّلْف۔بہادر۔
الدَّلُوْف۔تیز اُڑنے والا گدھ۔موٹا اونٹ۔بہت پھلدار درخت خرما۔ج دُلف۔
الدُّلْفِين۔ایک قسم کا تھن والا سمندری جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکل کی ہوتی ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ ڈوبنے والے کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر بچاتی ہے۔معرب ہے۔عربی میں اس کا مرادف الدُّخس ہے۔
طَرِيْقٌ (دَلْفَق ودِلْفَاق) روشن و نمایاں راستہ۔
دَلَقَ(ن)دَلْقًا واَدْلَقَ۔السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ : تلوار کو میان سے سونتنا۔دَلَقَ البَابَ :دروازہ کو زور سے کھولنا ـــــ عَلَيْهِمُ الغَارَةَ :لوٹ ڈالنا ـــــ البَعِيْرُ شِقْشِقَتَهٗ : اُونٹ کا جھاگ نکالنا۔( ـــــ دَلْقًا ودُلُوْقًا۔السَّيْفُ) : تلوار کا میان سے نکل پڑنا ـــــ الخَيْلُ :گھوڑوں کا پے در پے نکلنا۔صفت (دُلَّق) واحد (دَالِق ودَلُوْق)
اِنْدَلَقَ۔الشَّيْءُ :اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔
ـــــ الخَيْلُ :گھوڑوں کا بہت تیزی کے ساتھ نکل پڑنا ـــــ السَّيْفُ : تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔
تَدَلَّقَ۔السَّيْلُ عَلَيْهِ : بہت تیزی کے ساتھ سیلاب کا بہہ پڑنا۔
اِسْتَدْلَقَ۔السَّيْفَ :میان سے نکالنا۔
الدَّلَق۔ایک جانور کا نام ہے جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد ہوتا ہے پیٹ اور گردن میں کچھ سفیدی ہوتی ہے۔سَيْفٌ(دَلِق و دَالِق ودَلُوْق) میان سے آسانی سے نکلنے والی تلوار۔غَارَةٌ دَلُوْق : سخت لوٹ۔نَاقَةٌ دَلُوْق : بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی۔ج دُلُق۔
الدِّلْقِمُ بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی (میم زائد ہے۔)
دَلَكَ (ن) دَلْكًا۔الشَّيْءَ : رگڑنا۔ملائم کرنا ـــــ ہ الدَّهْرُ : تجربہ کار بنانا ـــــ وجْهَه بالطِّيْبِ : خوشبو لگانا ـــــ الرَّجُلَ حَقَّه : ظلم کرنا ـــــ غَرِيْمَه : قرض خواہ کو ٹالنا ( ـــــ دُلُوْكًا)الشَّمْسُ :ڈوبنے کے قریب ہونا۔صفت (دَالِک)
دَالَّكَ مُدَالَكَةً۔الغَرِيْمَ : قرض خواہ کو ٹالنا۔
تَدَلَّكَ۔نہانے کے وقت بدن ملنا۔بِالطِّيْبِ : خوشبو لگانا۔
الدَّلْک۔نرمی۔کہا جاتا ہے "فِي رُكْبَتِهٖ دَلْكٌ" اس کے زانو میں نرمی ہے۔غروبِ آفتاب کا وقت۔
الدَّلُوْک۔لگانے کی خوشبو یا دوا وغیرہ۔
الدَّلِيْک۔وہ شخص جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔ج دُلُكٌ۔ خاک جس کو ہوا اُڑا دے۔ایک قسم کی نباتات۔
الدُّوْلُوْک۔بڑا معاملہ۔ج ذَالِيْک۔
المِدْلَكُ والمِدْلَكَة۔ملنے کا کاوزار۔
المَدْلُوْک۔نغہ۔البَعِيْرُ المَدْلُوْک : نرم گھٹنے والا اونٹ۔وہ شخص جو سفر کی وجہ سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔
المُدَالِک۔وہ شخص جو اپنے آپ کو گھٹیا باتوں سے بلند نہ رکھے۔
دَلِمَ(س)دَلَمًا واِدْلَامًّا اِدْلِيْمَامًا۔چمکدار سیاہ ہونا۔صفت (اَدْلَم) مؤنث دَلْمَاء۔دَلِمَتِ الشَّفَةُ :ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اور لٹکنا۔
اِدْلَامَّ اللَّيْلُ : رات کا بہت تاریک ہونا۔
اَدْلَمَ شَفَتَهٗ : ہونٹ کا ڈھیلا کرنا۔
الدَّلَم۔ہاتھی۔
الدَّلَام۔سیاہی۔سیاہ۔کہا جاتا ہے "شَيٌّ دَلَام" کالی چیز۔
الدَّلْمَاء۔قمری مہینہ کی تیسوی رات۔
الأَدْلَمُ مِنَ الأَلْوَان :کالا۔کالا سانپ۔لمبا کالا۔
الدَّيْلَم۔کرووں کی ایک جماعت کا نام۔مصیبت۔حوض کے پاس چیونٹیوں اور چیچڑوں کے جمع ہونے کی جگہ۔لشکر۔نر تیتر۔قطا پرندہ کی ایک قسم۔جماعت۔دشمن۔
الدُّلَمِث والدُّلَامِث۔تیز رفتار۔
دَلْمَزَ دَلْمَزَةً۔بڑا لقمہ لینا۔
تَدَلْمَزَ۔عَلَى الأَمْرِ :ارادہ کرنا۔
الدِّلَمْز۔بہت مضبوط۔
الدُّلَامِز۔شیطان۔قوی وزور بیں مرد۔
اِدْلَمَسَّ اِدْلِمْسَاسًا۔اللَّيْلُ : سخت تاریک ہونا۔
الدُّلَمِس والدُّلَامِس۔سخت تاریکی۔مصیبت۔
الدِّلْمِس۔مصیبت۔
تَدَلْمَصَ۔رَاسُهٗ : سر کا گنجا ہونا۔
الدُّلَمِص والدُّلَامِص۔چمکدار۔راس دُلَمِص :گنجا سر۔
الدِّلْمِظ۔بوڑھی اونٹنی۔
طَرِيْق(دَلَّع) نرم راستہ۔ج دَلَائِع۔
دَلِهَ(س)دَلَهًا ودَلْهًا ودُلُوْهًا وتَدَلَّهَ۔غم و عشق وغیرہ سے سرگشتہ ہونا۔حیران ہونا۔
دَلَهَ(ف)دَلْهًا۔عَنْه : تسلی پانا۔
دَلَّهَه۔حیران کرنا۔مدہوش کرنا۔
الدَّالِهُ والدَّالِهَة۔غم و عشق وغیرہ کی وجہ سے سرگشتہ و دیوانہ۔کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ (دَلْهًا)"اس کا خون رائیگاں گیا۔
المُدَلَّه۔عشق وغیرہ کی وجہ سے بے خود دل رفتہ۔
دَلْهَثَ۔الرَّجُلُ :جلد آگے بڑھنا۔
الدَّلْهَث والدَّلَاهِث والدِّلْهَاث۔پیش قدمی کرنے والا۔دلیر۔شیر۔
اِدْلَهَمَّ۔اللَّيْلُ :رات کا سخت تاریک ہونا۔
ـــــ الظَّلَامُ : گھٹا ٹوپ اندھیر ہونا ـــــ الرَّجُلُ :بوڑھا ہونا۔
الدَّلْهَم۔تاریک۔بھیڑیا۔نر سنگ خوار پرندہ۔عشق کی وجہ سے عقل رفتہ و مدہوش۔
الدِّلْهَام والدَّلْهَمَس۔دلیر۔بہادر مرد۔شیر۔
الدَّلْهَمَس :بہت تاریک رات۔
اِدْلَهَنَّ اِدْلِهْنَانًا۔بوڑھا ہونا۔
دَلَا(ن)دَلْوًا ودَلًى۔الدَّلو :ڈول کنوئیں میں لٹکانا۔نکالنے کے لیے کھینچنا۔حَاجَتَه : حاجت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



طلب کرنا۔ دَلَاہ : نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَوْتُ بِفُلَانٍ اِلَیْكَ" میں نے تیرے پاس فلاں کو سفارشی بنایا۔ و "دَلَاَّہُ بِغُرُوْرٍ" اس نے اس کو دھوکے میں ڈالا۔ دَلَوْتُ بِالدَّلْوِ : ڈول سے پانی کھینچا۔ دَلَاَّہ بِالْحَبْلِ مِنَ السَّطْحِ : اس نے اس کو رسّی کے ذریعہ چھت سے لٹکایا۔

دَالَاہُ۔ نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔

اَدْلٰی اِدْلَاءً۔ کنوئیں میں ڈول لٹکانا۔

____ فِیْہِ : کسی کے بارے میں بُری بات کہنا۔

____ بِقَرَابَتِہٖ : قرابت سے وسیلہ پکڑنا۔

بِحُجَّتِہٖ : دلیل بیان کرنا ____ اِلَیْہِ بِمَالٍ : دینا۔ اَدْلٰی اِلٰی فُلَانٍ : کسی کے پاس جھگڑتے جانا۔

تَدَلّٰی۔ اَلثَّمَرُ مِنَ الشَّجَرِ : پھل کا لٹکنا

____ مِنَ الْخَیْلِ : گھوڑے سے اُترنا۔

اِدْلَوْلٰی اِدْلِیْلَاءً۔ جلدی کرنا۔

اَلدَّلْو۔ مذ۔ ڈول (مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) ج دِلَاء و اَدْلٍ و دُلًی و دِلًی و دَلِیّ کہا جاتا ہے "اَلْقِ دَلْوَكَ فِی الدِّلَاءِ" یعنی تم بھی کوشش کرو۔ اَلدَّلْوُ : ایک برج آسمانی کا نام۔ اُونٹ کا داغ۔ مصیبت۔

اَلدَّالَاۃ۔ ڈولچی ج دَلًی و دَلَوَات۔

اَلدَّالِی۔ فا۔ ج دُلَاۃ۔ سیاہ انگور۔

اَلدَّالِیَۃ۔ رہٹ۔ زمین جس کو ڈول یا رہٹ سے سینچا جائے۔ انگور کی بیل۔ ج دَوَالٍ (یہ مولد ہیں)

دَلِیَ (س) دَلًی۔ متحیر ہونا۔

تَدَلّٰی بِہٖ : قریب ہونا ____ لَہٗ فروتنی کرنا۔

دَمَّ (ن) دَمًّا۔ اَلشَّیْءَ بِالصِّبْغِ او الْقِیْرِ اونحوِھِمَا : کسی چیز پر ملنا ____ اَلْاَرْضَ : ہموار کرنا ____ اَلْبَیْرَ بُوْغُ جُحْرِہٖ : جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے پاٹ کر برابر کرنا ____ اَلرَّجُلَ : پوری طرح سے عذاب دینا۔ مارنا یا سر کچلنا ____ اَلْقَوْمَ۔ تیز مار کر ہلاک کرنا

____ اَلرَّجُلُ : تیز چلنا۔

دَمَّ (ن ض س) دَمَامَۃً۔ حقیر و بدصورت ہونا۔ صفت (دَمِیْم) ج دِمَام مؤنث دَمِیْمَۃ و دَمِیْمَۃٌ ج دَمَائِم و دِمَام۔

دَمَّمَ۔ اَلشَّیْءَ : کسی چیز پر طلاء کرنا۔

اَدَمَّ۔ اَلرَّجُلُ : بُری بات کرنا یا بدصورت بچہ والا ہونا۔

اَلدَّمُّ و اَلدِّمَم و اَلدِّمَام۔ ہر وہ چیز جو بطور طلاء کے استعمال کی جائے۔

اَلدَّمُّ۔ بمعنی خون۔

اَلدِّمَّۃ۔ چیونٹی۔ جوں۔ مینگنی۔ بکریوں کا باڑہ۔ یلی۔ حقیر و پست قدر مرد۔

اَلدُّمَّۃ۔ روشن۔ طریقہ۔ گڑیا۔ ج دُمَم۔

اَلدَّیْمُوْم و اَلدَّیْمُوْمَۃ۔ وسیع بیابان۔ ج دَمَایِیْم۔ اَلدَّیْمُوْمَۃ۔ بمعنی دوام و ہمیشگی۔

اَلْمِدَمَّۃ۔ ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔

اَلْمَدْمُوْم۔ خون کی مانند سرخ۔ بہت موٹا۔ چربی دار۔

دَمُثَ۔ (ک) دَمَاثَۃً۔ نرم اخلاق ہونا۔

دَمِثَ (س) دَمَثًا۔ اَلْمَکَانُ وَغَیْرُہٗ : نرم ہونا۔

دَمَّثَ۔ اَلْمَضْجَعَ : نرم بنانا ____ اَلْمَکَانَ : نرم کرنا ____ لَہُ الْحَدِیْثَ : ذکر کرنا۔

اَلدَّمْث و اَلدَّمَث و اَلدَّمِث و اَلدَّمِیْث۔ نرم ریتلی جگہ۔ ج دِماث و اَدْمَاث۔ اور اسی سے ہے "رَجُلٌ دَمِثُ الْاَخْلَاقِ" نرم اخلاق والا مرد۔

اَرْضٌ (دَمْثَاء) نرم زمین۔

اَلدُّمُوْثَۃ۔ نرم خوئی۔

اَلدَّمَائِث۔ نرم چیزیں۔ واحد (دَمِیْثَۃ)

اَلْاُدْمُوْث۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔

دَمَجَ (ن) دُمُوْجًا و اِنْدَمَجَ و اِدَّمَجَ۔ فی الشَّیْءِ : مضبوط گڑ جانا۔ دَمَجَ الْاَمْرُ : درست ہونا۔

دَمَّجَہٗ۔ فِی الشَّیْءِ : داخل کرنا۔ گاڑنا۔

دَامَجَہٗ دِمَاجًا۔ عَلَیْھِمْ : موافقت کرنا۔

اَدْمَجَ۔ اَلشَّیْءَ فِی الثَّوْبِ : کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا ____ اَلْحَبْلَ : رسّی کو اچھی طرح بٹنا۔

____ اَلْکَلَامَ : بہتر ترتیب دینا ____ اَلْفَرَسَ : دُبلا کرنا۔

تَدَامَجَ۔ اَلْقَوْمُ عَلَیْہِ : باہم مدد کرنا۔ اکٹھا جمع ہونا۔

تَدَمَّجَ۔ فِی ثِیَابِہٖ : کپڑوں میں لپٹنا۔

اَلدَّامِج۔ فا۔ تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَیْلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔

اَلدِّمْجُ۔ دوست۔ نظیر۔

اَلدَّمْجَۃ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی تِلْكَ الدَّمْجَۃِ" اس طریقہ پر۔

اَلدُّمَاج و اَلدِّمَاج۔ بہت مضبوط۔ سیدھا۔

اَلْمُدْمَج۔ مذ۔ تیر کی چھڑ۔

اَلْمِدْمَاجَۃ۔ پگڑی۔

دَمَّحَ تَدْمِیْحًا۔ سر جھکانا۔

اَلدَّمَاحِس۔ شیر۔

دَمْحَقَ۔ اَلثَّوْبَ : کپڑے پر مارہ لگانا۔

اَلدَّمْحَق۔ باسی دودھ۔

اَلدُّمْحُق۔ ناس کی ڈیا۔

اَلدُّمْحُوْق۔ بڑے پیٹ والا۔

دَمْحَلَہٗ دَمْحَلَۃً۔ لڑھکانا۔

دَمَخَ (ف) دَمْخًا۔ بلند ہونا ____ رَاْسَہٗ : سر توڑنا۔ چلانا۔ لَیْلٌ (دَامِخ) معتدل رات۔

دَمْخَقَ۔ فِی مَشْیِہٖ : گرانبار ہو کر چلنا۔

دَمْدَمَ دَمْدَمَۃً۔ عَلَیْہِ : غضبناک ہو کر گفتگو کرنا ____ اَللّٰہُ عَلَیْھِمْ : ہلاک کرنا ____ اَلشَّیْءَ : کسی چیز کو زمین سے چپکا دینا۔

اَلدِّمْدِم۔ خشک گھاس۔

اَلدُّمَادِم۔ مِنَ الْاَرْضِ : نرم ٹیلے۔

دَمَرَ (ن) دُمُوْرًا و دَمَارًا و دِمَارَۃً۔ ہلاک ہونا

____ دُمُوْرًا) عَلَیْھِمْ : بغیر اجازت کے آنا یا برے ارادہ سے اچانک آنا۔

دَامِرَ۔ اَللَّیْلَ : جاگتے رہنا۔

دَمَّرَھُمْ وَدَمَّرَ عَلَیْھِمْ۔ ہلاک کرنا۔

تَدْمُر۔ ملک شام کے ایک بڑے شہر کا نام۔ ایک قلعہ کا نام۔

اَلتَّدْمُرِیّ۔ کمینہ۔ جنگلی چوہا جس کے ناخن ٹوٹ گئے ہوں اور گوشت سخت ہو۔ کہا جاتا ہے "مَافِی الدَّارِ تَدْمُرِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

دَمَسَ (ن ض) دَمْسًا و دُمُوْسًا۔ اَلظَّلَامُ او اَللَّیْلُ : سخت سیاہ ہونا۔ صفت (دَامِس) ____ اَلْمَوْضِعَ : مٹنا۔

دَمَسَہٗ (ن) دَمْسًا و دَمَّسَہٗ۔ ڈھانپنا۔ دفن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کرنا۔چھپانا۔
دَمَسَ عَلَيْهِ السِرَّ اوالخَبَرَ : پوشیدہ کرنا ـــــ بَيْنَهُم۔اصلاح کرنا۔
دَمِسَتْ(س)دَمَسًا۔يَدُهُ:گندگی سے آلودہ ہونا۔
دَامَسَ مُدَامَسَةً۔الشَّيَ : چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
اَدْمَسَ۔اللَّيْلُ : تاریک ہونا ـــــ الشَّيَ : پوشیدہ کرنا۔
تَدَمَّسَ۔آلودہ ہونا۔لتھڑنا۔
اِنْدَمَسَ۔تہ خانہ میں داخل ہونا۔
الدَّمْس۔مہ ۔ صورت جو دور سے دکھائی دے۔کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ دَمْسًا" میں نے صورت دیکھی۔
الدُّمْس۔مِنَ الاُمُور :بڑے بڑے اُمور۔کہا جاتا ہے "جَاءَ نَابِأُمُوْرٍ دُمْسٍ" وہ ہمارے پاس بڑے بڑے اُمور لایا۔
الدَّمَس و الدَّمِيْس۔ ہر وہ چیز جو ڈھک دی جائے۔
الدِمَاس۔ ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے۔
الدَّامُوْس۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج دَوَامِيْس۔
الدَّيْمَاس و الدِّيْمَاس۔تہ خانہ۔غسل خانہ۔قبر۔ج دَيَامِيْس و دَمَامِيْس۔
لَيْلٌ(أُدْمُوْسٌ) تاریک رات۔
الدَّيَامِيْس۔گہری جگہیں جہاں روشنی نہ پہنچے۔
الدُّمُسْتُق۔ رومیوں کے کمانڈر کا لقب۔ ج دَمَاسِق۔
دَمْشَقَ۔الاَمرَ :جلدی سے پورا کرنا ـــــ الشَّيَ :آراستہ کرنا۔
تَدَمْشَقَ۔دمشق میں آنا۔
دَمْشَقُ۔ اليَدَيْنِ : دونوں ہاتھوں سے جلدی کام کرنے والا۔
دِمَشْق و دِمِشْق۔ شام کا دارالخلافہ۔ نسبت کے لیے دِمَشْقِيّ۔ج دَمَاشِقَة۔
المُدَمْشَق۔نیم پختہ بھنا ہوا گوشت۔
دَمَصَ (ن)دَمْصًا۔فِي الشَّيْ : جلدی کرنا۔
دَمَصَتِ الكَلْبَةُ بِجِرْوِهَا۔ناتمام بچہ گرادینا۔
دَمِصَ (س) دَمَصًا۔ سرمیں کم بال والا ہونا۔ پچھلے حصہ میں باریک اور اگلے حصہ میں موٹی ابروؤں والا ہونا۔ صفت (اَدْمَص) مؤنث دَمْصَاء ج دُمْص۔
دَمَعَت (ف) دَمْعًا وَدَمِعَت۔ (س) دَمَعًا وَدَمَعَانًا وَدُمُوْعًا۔ العَيْنُ : آنسو بہنا۔ دَمِعَ الإِنَاءُ :بھرجانا۔
اَدْمَعَ۔الإِنَاءَ :لبالب بھردینا۔
اِسْتَدْمَعَ۔آنسو بہانا۔
الدَّمْع۔آنسو۔واحد(دَمْعَة)ج دُمُوْع و اَدْمُع۔
دَمْعَةُ الكَرْم :شراب۔
اِمْرَأَةٌ۔ (دَمِعَة و دَمِيْع) جلدی رونے والی۔ بہت آنسوؤں والی عورت۔ج دَمْعٰى و دَمَائِع۔
وَرَجُلٌ دَمِيْع : جلدی رونے والا۔ بہت آنسوؤں والا مرد۔ج دُمَعَاء و دَمْعٰى۔
الدَّامِع۔فا۔ مَكَانٌ دَامِعٌ۔ نمناک جگہ۔شَجَّةٌ دَامِعَةٌ :خون بہانے والا زخم۔
الدَّمَّاع۔پانی جو درخت کے کاٹنے سے نکلے۔ آنکھ کا پانی جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے نکلے۔
الدَّمَّاع و الدَّمُوْع۔بہت آنسو والا۔
الدُّمَّاع : نمناک جگہ۔يَوْمٌ دَمَّاع :خفیف بارش کا دن۔
قَدَحٌ(دَمْعَان)لبالب بھرا ہوا پیالہ۔
المِدْمَع۔آنسو بہنے کی جگہ۔ج مَدَامِع۔
الدِمَاع۔رخسارہ پر آنسو کا نشان۔
دَمَغَه (ف ن) دَمْغًا۔ دماغ تک زخمی کرنا۔ صفت مفعول(دَمِيْغٌ و مَدْمُوْغ)
ـــــہ الشَّمْسُ :دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
ـــــہ : مغلوب کرنا ـــــ الحَقُّ البَاطِلَ : نیست ونابود کرنا۔باطل کرنا۔ناپید کرنا۔
دَمَّغَ۔الأَطْعِمَةَ بِالدَّسِمِ :چربی ڈالنا۔
اَدْمَغَه۔إِلٰى كَذَا : محتاج بنانا۔ حاجت مند بنانا۔
اَدْمَغَ الطَّعَامَ : نگلنا ـــــ الشَّيَ :داخل کرنا۔
شَجَّةٌ(دَامِغَة)دماغ تک پہنچنے والا زخم۔
الدِمَاغ۔ سر کا بھیجا۔ج اَدْمِغَة۔اُمُّ الدِماغ : دماغ کے اوپر کی باریک جھلی۔
دَمَقَ(ن)دُمُوْقًا۔عَلَيْهِ :بغیر اجازت کے داخل ہونا۔
دَمَقَ(ن ض)دَمْقًا۔الشَّيَ :چرانا۔
فَاهُ : دانت توڑنا۔ ( ـــــ ودَمَّقَ واَدْمَقَ) الشَّيَ فِي الشَّيْ :داخل کرنا۔
اِنْدَمَقَ۔عَلَيْه :بغیر اجازت کے داخل ہونا۔ نکلنا۔
الدَّمَق۔برف کے ساتھ سخت ہوا۔
الدَّامِق۔ فا۔ ( ـــــ والدَّمُوْق) مِنَ الرِجَال : خراب آدمی جس سے کوئی نفع نہ ہو۔
الدَّمِيْق۔دوسرے میں داخل کیا ہوا۔
المُنْدَمَق۔داخل ہونے کی جگہ۔
الدِمْقَس و الدِمْقَاس۔ سفید ریشم۔ دیبا۔ ثَوْبٌ(مُدَمْقَس) ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔
دَمَكَ (ن)دُمُوْكًا۔الاَرْنَبُ : خرگوش کا تیز دوڑنا ـــــ الشَّيُ :چکدار و نرم ہونا۔( ـــــ دَمْكًا)الشَّيَ :پیسنا ـــــ الرَّشَاءَ :رسّی بٹنا۔
الدَّامِكَة۔مصیبت۔ج دَوَامِك۔
الدَّمُوْك۔ تیز گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَحَيَ دَمُوْك" تیز پیسنے والی چکی۔ج دُمُك۔
المِدْمَكُ۔بیلن۔
المِدْماك۔ کچی اینٹوں یا پتھروں کا ردا۔ ج مَدَامِيْك۔
الدَّمَكْمَك۔ بہت مضبوط۔ رَحَيَ دَمَكْمَك : تیز پیسنے والی چکی۔
دَمَلَ (ن) دَمْلاً۔ الدَّمَّلَ : پھوڑا اچھا کرنا۔ (دَمَلَ و دَوْمَلَ بَيْنَهُم :اصلاح کرنا۔
دَمِلَ (س) دَمَلاً واِدَّمَلَ واِنْدَمَلَ۔ الجُرْحُ :زخم اچھا ہونا۔
دَامَلَهٗ۔نرمی سے سلوک کرنا۔
تَدَمَّلَ۔المَكَانُ :کھادپڑنا۔
تَدَامَلَ۔القومُ :باہم صلح کرنا۔
الدَّمْل۔ مہ ۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَه بِالدَّمْل" اِس نے اُس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا۔
الدَّمَل و الدُّمَّل۔ پھوڑا۔ واحد (دُمَّلَة) ج دَمَامِل و دَمَامِيْل۔
الدَّمَال۔ کوڑا کرکٹ جس کو سمندر پھینک دے۔ سیاہ بدبودار پرانی کھجور۔ مینگنی مٹی وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جس کو جانور روند دیں۔ کھاد۔ کہا جاتا ہے۔ "ھٰذا دَمَالُ ذَاكَ" یہ اس کا مصلح ہے۔

الدَّمَّال۔ زمین میں کھاد ڈالنے والا۔

دَمْلَجَ دَمْلَجَةً وَدِمْلاَجًا۔ الشَّيَ : کسی چیز کو اچھے طریقے سے ڈھالنا۔

الدُّمْلُج و الدِمْلَج۔ ج دَمَالِج و (الدُّمْلُوج) ج دَمَالِيج : بازو بند۔ پہنچی۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى عَلَيْهِ دَمَالِيجَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔ الدَّمَالِيج : سخت زمینیں۔

المُدَمْلَج۔ ہموار راستہ۔

دَمْلَحَه۔ لڑھکانا۔

دَمْلَقَه۔ چکنا و ہموار کرنا۔

حَجَرٌ (دَمْلَق و دَمْلِقٌ و دُمَالِق) چکنا پتھر۔

دَمْلَكَ۔ الشَّيَ : چکنا کرنا۔

تَدَمْلَكَ۔ چکنا ہونا ـــــ الثَّدْيُ : گول ہونا اور ابھرنا۔

الدُّمْلُوك۔ گول چکنا پتھر۔

دَمَنَ (ن) دَمْنًا۔ الأَرْضَ : کھاد ڈالنا۔

دَمِنَ (س) دَمَنًا۔ التَّخْلُ : سیاہ و بدبودار ہونا ـــــ عَلَيْهِ : کینہ رکھنا۔

دَمَّنَ۔ البَعِيْرُ المَكَانَ : اُونٹ کا مینگنی کرنا ـــــ بَابَ فُلَانٍ : کسی کے دروازہ پر پڑا رہنا ـــــ فُلَانًا : اجازت دینا۔

أَدْمَنَ۔ الشَّيَ : ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُدْمِنُ خمر" ہمیشہ شراب پینے والا مرد۔

تَدَمَّنَ۔ المَكَانُ او المَاءُ : جگہ یا پانی کا مینگنیوں سے پلید ہونا۔

الدَّمْن۔ مہ۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی و سیاہی۔

الدِمْن و الدَمَان۔ گوبر۔ کھاد۔ راکھ۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دِمْنُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔

الدِمْنَة۔ گھر کے نشانات۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ ج دِمَن و دِمْن۔ و "خَضْرَاءُ الدِمَن و خُضْرَةُ الدِمَن" کوڑے کی سبزی اور یہ دونوں مثال ہیں ان چیزوں کے لیے جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ الدِمْنَة : پرانا کینہ۔ کہا جاتا ہے "فِي قَلْبِهِ دِمْنَة" اس کے دل میں پرانا کینہ ہے۔

دَمِهَ (س) دَمَهًا۔ الرَّمْلُ : ریت کا سخت گرم ہونا۔

دَمَهَتْه۔ الشَّمْسُ : دھوپ لگنا اور جلانا۔

دَمِيَ (س) دَمًى و دُمِيًّا۔ الجُرْحُ : خون رینا۔ صفت (دَمٍ)

دَمَّى تَدْمِيَةً وَاَدْمَى إِدْمَاءً۔ الجُرْحَ : زخم سے خون نکالنا۔ اَدْمَى الرَّجُلَ : خون بہانا۔ دَمَّى لِفُلَانٍ : راستہ آسان کرنا۔ قریب کرنا۔

اِسْتَدْمَى۔ مِنْ غَرِيْمِهٖ : قرض دار سے نرمی سے قرض وصول کرنا ـــــ الرَّجُلُ : ناک سے خون بہتے وقت سر جھکانا ـــــ الذَّبِيْحَ : خون لینا۔

الدَامِي۔ فا۔ جس کا خون بہہ رہا ہو۔

وَدَامِي الشَّفَة : فقیر یا مانگنے کا حریص۔

الدَامِيَة۔ الدامی کا مؤنث۔ زخم یا مار جس سے خون بہے۔

الدَمُ۔ خون۔ اس کی اصل دَمِيٌ یا بقول بعض دَمْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور کبھی میم سے بدل لیتے ہیں اور دَمٌّ مشدد بولتے ہیں۔ مثنی دَمَان و دَمَيَان و دَمَوَان۔ ج دِمَاء و دُمِيٌّ۔ تصغیر دُمَيٌّ۔ اور نسبت کے لیے (الدَمِيُّ و الدَمَوِي) دَمُ الأَخَوَيْن : ایک دوا کا نام۔ الدَم : بلی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْدَمٍ" خون کا مطالبہ کرنے والا مرد۔

الدَمَة۔ خون کا ٹکڑا۔

الدُمْيَة۔ پتلی جو خون کی مانند سرخ و منقوش ہو۔ بت۔ ج دُمًى۔

الدَمْيَاء۔ خیر و برکت۔

المُدَمَّى۔ بہت سرخ گھوڑا وغیرہ۔ خون لگا ہوا تیر۔

دَنَّ (ن) دَنًّا و دَنَّنَ۔ الذُبَابُ : بھنبھنانا ـــــ دَنِيْنًا) الرَّجُلُ : گنگنانا۔ اس طرح بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔

دَنَّ (س) دَنَنًا۔ پیٹھ میں جھکاؤ ہونا۔

صفت (اَدَنُّ) مؤنث (دَنَّاء) ج دُنٌّ۔

بیت اَدَنٌّ : پست مکان۔

اَدَنَّ۔ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔

الدَنُّ۔ بڑا مٹکا جو بغیر زمین کھودے ہوئے نہ رکے۔ ج دِنَان۔

الدَنِّيَّة۔ لمبی ٹوپی۔

الدِنَّة۔ چیونٹی کی مانند ایک کیڑا۔

دَنَأَ (ف) و دَنُؤَ (ک) دُنُوْءَةً و دَنَاءَةً۔ خسیس ہونا۔ کمینہ و ذلیل ہونا۔ صفت (دَنِيٌّ) ج اَدْنَاء و دُنَاء۔

دَنِيَ (س) دَنَأً۔ الرَّجُلُ : کمزور ہونا۔ صفت (اَدْنَأُ) مؤنث (دَنْأَى)

اَدْنَأَ۔ اونٹی سواری پر سوار ہونا۔

دَنَّأَه۔ کمینہ بنانا۔

تَدَنَّأَه۔ کمینگی پر اُکسانا۔

الدَنِيْئَة : کمینگی، عیب۔

الدِنَّب و الدِنَّبَة و الدِنَّابَة۔ پست قد۔

الدَنْبَج۔ بد خلق۔

دَنَجَ (ن) دِنَاجًا۔ الأَمْرَ : کسی کام کو مضبوطی سے کرنا۔

الدُنْج۔ عقل مند لوگ۔

دَنَحَ (ف) دُنُوْحًا و دَنَّحَ۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔

الدِنْح۔ نصرانیوں کی ایک عید۔

الدِنْحَبَة۔ خیانت۔

دَنَخَ (ف) دَنَخَانًا۔ گراں بار ہو کر چلنا۔

دَنَّخَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ گھر میں رہنا۔

المُدَنِّخ۔ فحش بکنے والا۔ وہ شخص جس کے سر میں کہیں بلندی اور کہیں پستی ہو۔

دَنْدَنَ دَنْدَنَةً۔ الذُبَابُ : بھنبھنانا ـــــ الرَّجُلُ : گنگنانا ـــــ حَوْلَ المَاءِ : چکر لگانا۔ گھومنا۔

الدِنْدِن۔ گنگناہٹ۔ پرانا ہونے کی وجہ سے سیاہ شدہ پودا۔

دَنَّرَ الدِيْنَار تَدْنِيْرًا۔ دینار بنانا۔ دَنَّرَ الوَجْهُ : دینار کی طرح روشن و چمکدار ہونا۔

دُنَيِّر۔ بہت دینار والا ہونا۔

الدِيْنَار۔ سونے کا ایک پرانا سکہ۔ ج دَنَانِيْر۔

دَنِسَ (س) دَنَسًا و دَنَاسَةً۔ عِرْضُهٗ أَوْ ثَوْبُه أَوْ خُلُقُه : عیب دار ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(دَنِس) ج اَدْنَاس و مَدَانِس۔
دَنَّسَهٗ۔ میلا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَنَّسَهٗ سُوْءُ خُلُقِهٖ" اس کی بد خلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔
تَدَنَّس۔ میلا ہونا۔
الدَّنَس۔ مد۔ میل کچیل۔ ج اَدْنَاس۔
المَدَانِس۔ عیوب۔ گندی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَصَوَّنُ مِنَ الْاَدْنَاسِ وَالْمَدَانِس" وہ عیوب سے بچتا ہے۔
دَنَعَ (ف) دُنُوْعًا و دَنَاعَةً۔ کینہ ور بے خبر ہونا۔ صفت (دَانِع و دَنِع و دَنِيْع و دَنِيْعَة)
دَنِعَ۔ ذلیل ہونا۔ کینہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
اَدْنَعَ۔ صلحاء کے طریقہ کی پیروی کرنا۔
رَجُلٌ (دَنَعَةٌ) بے خیر و بے فیض آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ دَنَعِ النَّاسِ" وہ کمینے لوگوں میں سے ہے۔
دَنِفَ (س) دَنَفًا۔ المَرِيْضُ: بیماری کا بڑھ جانا اور قریب المرگ ہونا۔
الشمسُ: آفتاب کا زرد ہونا اور ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ ہ المَرَضُ: بیماری کا تیز ہو جانا۔ الشیءَ: قریب کرنا۔
الدَّنَف۔ مد۔ مرض دائمی۔ ہمیشہ کا بیمار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دَنَفٌ و امْرَأَةٌ دَنَف وَهُمْ دَنَف" اور کہا جاتا ہے۔ "كَادَتِ الشَّمْسُ تَكُوْن دَنَفًا" آفتاب ڈوبنے کے قریب ہے۔
الدَنِف۔ مرض لازم والا۔ ج اَدْنَاف مؤنث دَنِفَةٌ ج دَنِفَات۔
الدِّنْفِس۔ بیوقوف عورت۔
الدُّنَافِس۔ بدخو۔
دَنْفَشَ۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
الدِّنْفِصَة۔ ریلی عورت۔
دَنَقَ (ن ض) دُنُوْقًا۔ باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ صفت (دَنِيْق) ج دُنُق۔
دَنَّقَ۔ الوَجعُ: غم یا مرض سے کمزور ہونا ـــــ لِلْمَوْتِ: قریب المرگ ہونا ـــــ العَيْنُ: آنکھ کا اندر دھنس جانا ـــــ الشَّیءَ: پوری طرح سے لینا ـــــ الشمسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ الرَّجُلُ: مرنا ـــــ اِلَيْهِ النَّظَرَ: لگاتار دیکھنا۔
الدَّنْقَة۔ گیہوں میں ایک قسم کا دانہ جس کو اکرایا منسا کہتے ہیں۔
الدَّانِق۔ فا۔ بیوقوف۔ چور (ـــــ والدَّانِق) درہم کے چھٹے حصہ کا ایک سکہ۔ ج دَوَانِق و دَوَانِيق (کلمۂ فارسیہ)
الدَّنْقَر۔ شورہ۔
دَنْقَسَ۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔ بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔
دَنْكَسَ۔ فِيْ بَيْتِهٖ: گھر میں چھپ کے بیٹھنا اور لوگوں کی ضروریات کے لیے نہ نکلنا۔
دَنَايَدْنُوْ دُنُوًّا و دَنَاوَةً۔ لِلشَّیءِ و مِنْهُ و اِلَيْهِ: کسی چیز کے قریب ہونا۔ صفت (دَانٍ) ج دُنَاة۔
دَنِيَ يَدْنَى دَنًا و دَنَايَةً۔ گھٹیا ہونا۔ ردی ہونا۔ صفت (دَنِيٌّ۔ ج اَدْنِيَاء)
دَنَّاهُ تَدْنِيَةً۔ قریب کرنا۔ دَنَّى فِي الْاُمُوْرِ: ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے پڑنا۔
دَانَى مُدَانَاةً۔ القَيْدَ: بیڑی کو تنگ کرنا ـــــ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ: قریب قریب کرنا۔
ـــــ الْاَمْرُ: نزدیک ہونا۔
اَدْنَى اِدْنَاء۔ تنگ زندگی بسر کرنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کے قریب کرنا۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
تَدَنَّى۔ تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْدٌ يَتَدَنَّى خَيْرٌ مِنْ قَرِيْبٍ يَتَبَعَّدُ" دور کا آدمی جو تھوڑا تھوڑا قریب ہو اس قریب سے بہتر ہے جو دور رہو۔
تَدَانَى تَدَانِيًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَدَانَتْ اِبِلُهٗ: کم ہونا۔
اِدَّنَى۔ قریب ہونا۔
اِسْتَدْنَاه۔ قریب ہونے کو کہنا۔
الدَّنَاوَة۔ مد۔ قرابت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا دَنَاوَةٌ" ان دونوں کے درمیان قرابت و رشتہ داری ہے۔
الاَدْنَى۔ دَنِيٌّ کا اسم تفضیل۔ ج اَدَانٍ و اَدْنَوْنَ۔ مؤنث دُنْيَا۔ ج دُنَيَ۔ اَلْاَدْنَوْنَ: نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگ۔
الدُّنْيَا۔ موجودہ زندگی۔ ج دُنًى۔ نسبت کے لیے (دُنْيَوِيٌّ و دُنْيَاوِيٌّ و دُنْيِيٌّ) اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ دُنْيَا دَانِيَة" وہ آسودہ زندگی میں ہے جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے۔ وهُوَ ابْنُ عَمِّ دِنِّي و دِنْيَا و دِنْيَا و دِنْيَةٍ" وہ چچا کا بیٹا ہے جو نسب میں لاحق ہے۔
المُدَنَّى۔ مم۔ مِنَ الرِّجَال: کمزور۔
نَاقَةٌ (مُدْنٍ و مُدْنِيَة) وضع حمل کے قریب والی اونٹنی۔
الدَّهَب۔ شکست خوردہ لشکر۔
دَهْبَل دَهْبَلَةً۔ بڑے بڑے لقمے کھانا تاکہ کھانے میں دوسروں سے بازی لے جائے۔
دَهْثَهٗ (ف) دَهْثًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الدَّهْثَم۔ قوی شیر۔ نرم عادت والا۔ نرم زمین۔
دَهْدَقَ دَهْدَقَةً۔ اللَّحْمَ: مع ہڈی کے کاٹنا۔
دَهْدَقَتِ الْبَضْعَةُ: جوش کے وقت ہانڈی میں اوپر نیچے ہونا۔
الدَّهْدَاق۔ دیگ کا جوش۔
دَهْدَمَ۔ البِنَاءَ: ڈھانا۔
تَدَهْدَمَ۔ ویران ہونا۔ منہدم ہونا۔
الدَّهْدَمُوْز۔ بہت کھانے والا۔
الدَّهْدَن۔ مخلوق۔ لوگ۔
الدُّهْدُن۔ جھوٹ۔ باطل۔
دَهْدَهَ و دَهْدَى۔ الحَجَرَ: لڑھکانا۔
تَدَهْدَهَ و تَدَهْدَى۔ لڑھکنا۔
الدُّهْدُوْه و الدُّهْدُوْة و الدُّهْدِيَّة۔ گبریلا کی گولی۔
الدَّهْدَأُو الدَّهْدَاءُ۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الدَّهْدَاءِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔
دَهَرَ (ف) دَهْرًا۔ القَوْمَ و بِالْقَوْمِ اَمْرٌ مَكْرُوْهٌ: قوم پر امر ناپسندیدہ واقع ہونا۔
الدَّهْر۔ زمانہ طویل۔ لمبی مدت۔ دَهْرُ الْاِنْسَانِ: انسان کے زندگی گزارنے کا زمانہ۔ دہر عصر کا مرادف ہے۔ مصیبت۔ غایت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاكَ بَدْهْرِي" یہ میری عادت نہیں "و مَا دَهْرِيْ بِكَذَا" یہ میری غایت و انتہا نہیں۔ غلبہ۔ ج اَدْهُر و دُهُوْر۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيْهِ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الدَّهْرِيَّۃُ۔ بددین جو عالم کے قدیم وغیر مخلوق ہونے کا قائل ہو۔
الدَّهْرِيَّۃ۔ ایک فرقہ جو عالم کے قدیم ہونے کا قائل تھا۔
الدُّهْرِيُّ۔ وہ شخص جس کی عمر طویل ہو اور جس پر ایک زمانہ گزر چکا ہو۔
دَهْر (دَاهِر و دَهِير) سخت وطویل زمانہ۔
الدِّهَار و المُدَاهَرَۃ۔ غیر معین مدت کے لیے معاملہ کرنا۔
الدَّهَارِيْر۔ زمانہ گزشتہ کی ابتداء (اس کے لیے واحد نہیں) مصیبتیں۔ زمانہ کے حوادث۔ کہا جاتا ہے "دُهُوْرٌ دَهَارِيْر" طویل زمانے و "كَانَ ذٰلِكَ فِي دَهْرِ الدَّهَارِيْر" یہ زمانہ قدیم میں تھا۔
قَوْمٌ (مَدْهُوْرُوْن) آفت رسیدہ لوگ۔
دَهِسَ (س) دَهْسًا۔ المَكَانُ: نرم ہونا کہ جس میں نہ صرف ریت ہی ہو نہ صرف مٹی۔
صفت (اَدْهَس) مؤنث دَهْسَاء ج دُهْس۔
الأَدْهَس: سرخ مائل بسیاہی۔ الدَّهْسَاء: بڑے سرین والی عورت۔
اَدْهَسَ۔ القَوْمُ: نرم زمین میں چلنا۔
الدَّهْس: نباتات کہ ابھی سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ نرم زمین کہ جس میں نہ صرف ریت ہو نہ صرف مٹی۔ زمین کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی نہ ہو۔ ج اَدْهَاس۔
دَهَاسَۃ۔ الخُلُق: نرم خوئی۔
الدَّهُوْس۔ شیر (اَلدَّهَاس) نرم خو۔
دَهْسَمَ۔ الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔
دَهِشَ (س) دَهْشًا و دُهِشَ۔ متحیر ہونا۔
صفت (دَهِش و مَدْهُوش و دَهْشَان)
دَهَّشَهٗ و اَدْهَشَهٗ۔ مدہوش کرنا۔
الدَّهْشَم۔ بہت دریا لو۔ فیاض۔ سخی۔ سمندر۔
دَهْفَدَهْفًا۔ مضبوط پکڑنا۔
دَهْفَشَ دَهْفَشَۃ۔ عشق بازی کرنا۔ فریب دینا۔ مرد کا عورت سے بات چیت کرنا۔
دَهَقَ (ف) دَهْقًا۔ الكَاسَ: پیالہ بھرنا۔
____ المَاءَ: پانی کو تیزی سے گرانا ____ الشَّيْءَ: توڑنا۔ کاٹنا ____ ہ: مارنا۔
اَدْهَقَ۔ الكَاسَ: پیالہ بھرنا ____ ہ: جلدی کرانا۔
اِدَّهَقَتِ۔ الحِجَارَۃُ: مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ جانا۔
الدَّهَق۔ شکنجہ۔
الدِّهَاق۔ مِنَ الكُئُوس: بھرا ہوا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "كَاسٌ دِهَاق" چھلکتا ہوا پیالہ۔ و "مَاءٌ دِهَاق" بہت پانی۔
الدُّهْقُوع۔ سخت بھوک۔
دَهْقَنَ۔ القَوْمُ فُلَانًا: قوم کا کسی کو چودھری بنانا۔
تَدَهْقَنَ۔ چودھری بننا۔
الدَّهْقَنَۃ۔ چودھراہٹ۔
الدُّهْقَان و الدِّهْقَان۔ چودھری ج دَهَاقِنَۃ و دَهَاقِيْن۔ الدِّهْقَان۔ سوداگر۔
دَهَكَ (ف) دَهْكًا۔ الشَّيْءَ: پیسنا۔ توڑنا ____ الأَرْضَ: روندنا ____ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
الدَّهْكَك۔ پست قد۔
تَدَهْكَرَ۔ لڑھکنا ____ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ قابض ہونا۔ تَدَهْكَرَتِ المَرْأَۃُ: تھتھلانا۔
دَهْكَلَ دَهْكَلَۃً۔ الأَرْضَ: روندنا۔
الدَّهْكَل۔ سختی وبلا۔
تَدَهْكَمَ۔ بن بلائے آنا ____ عَلَيْنَا: سرکشی کرنا۔
الدَّهْكَم۔ بہت بوڑھا۔
الدَّهْل۔ وقت موجود۔ تھوڑی مقدار۔
الدَّاهِل۔ سرگشتہ وحیران۔
الدَّهْلَب۔ وہ شخص جس کی صحبت کو لوگ ناپسند کریں۔
الدِّهْلَاث۔ شیر۔
الدِّهْلِيْز۔ ڈیوڑھی۔ لمبا تنگ راستہ۔ ج دَهَالِيْز۔ اَبْنَاءُ الدَّهَالِيْز: وہ بچے جو راستہ سے اٹھائے جائیں۔
دَهَمَهٗ (ف) و دَهِمَهٗ (س) دَهْمًا۔ الأَمْرُ: اچانک آپڑنا۔
دَهَمَتِ۔ النَّارُ القِدْرَ: آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔
اِدْهَمَّهٗ۔ غمگین کرنا۔
اِدْهَمَّ و اِدْهَامَّ اِدْهِيْمَامًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا۔
الدَّهْم۔ بڑی تعداد۔ ج دُهُوْم۔
الأَدْهَم۔ سیاہ۔ نئے نشانات۔ پرانے نشانات۔
مؤنث دَهْمَاء ج دُهْم۔ الأَدْهَم: بیڑی۔ ج اَدَاهِم۔
الدُّهْم۔ تمری مہینے کی آخری راتیں۔ مخلوق۔ کہا جاتا ہے "اَيُّ الدُّهْمِ هُوَ" وہ اللہ کی کونسی مخلوق ہے۔
الدُّهْمَۃ۔ سیاہی۔
الدَّهْمَاء۔ الادھم کا مؤنث۔ ہانڈی۔ لوگوں کی جماعت۔ تمری مہینہ کی انتیس راتیں۔ ایک چوڑی قسم کی گھاس جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔ حَدِيْقَۃٌ (دَهْمَاء و مُدْهَامَّۃٌ) سرسبز باغ جس کی سرسبزی مائل بسیاہی ہو۔
الدَّهِيْم و الدُّهَيْمَاء و اُمُّ الدُّهَيْم۔ مصیبت۔
الدُّهَيْم: بیوقوف۔
الدَّهْمَثَۃ۔ نرم زمین۔
الدَّهْمُوْث۔ جواں مرد۔
دَهْمَجَ۔ الشَّيْخُ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ____ الخَبَرَ: اپنی طرف سے زیادہ کرنا۔
الدَّهْمَج الدُّهَامِج۔ بڑے ڈیل ڈول کی چیز۔ دو کوہان کا اونٹ۔
دَهْمَسَ دَهْمَسَۃً۔ سرگوشی کرنا۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔
صَنْعَۃٌ (دِهْمَاص) مضبوط صنعت۔
دَهْمَقَهٗ دَهْمَقَۃً۔ توڑنا۔ کاٹنا ____ الوَتَرَ: نرم کرنا ____ الطَّعَامَ: اچھی طرح پکانا ____ الكَلَامَ: آراستہ کرنا۔
الدَّهْمَن۔ شاہانِ فارس کا لقب۔ ج دَهَامِنَۃ۔
دَهَنَ (ن) دَهْنًا و دُهْنَۃً۔ الرَّاسَ: سر پر تیل ملنا ____ الشَّيْءَ: تر کرنا۔ تیل لگانا۔ (دَهَنَهٗ دَهْنًا و دَاهَنَهٗ مُدَاهَنَۃً و اَدْهَنَهٗ) فریب دینا۔ باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔ وَاَدْهَنَ عَلَيْهِ: رحم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْهَنْتَ اِلَّا عَلٰى نَفْسِكَ" تم نے صرف اپنے نفس پر رحم کیا۔
دَهَنَتِ (ف ن ض) دِهَانًا و دَهَانَۃً النَّاقَۃُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دَهَنَ-الشَّیْءَ :تیل لگانا-تر کرنا-
تَدَهَّنَ وَادَّهَنَ-تیل لگانا-
اَلدُّهْنُ-سہ-اتنی بارش جو زمین کو تر کردے-
الدُّهْن-دَهَنَ الشیءَ بمعنی تر کرنا کا اسم-
دُهْنُ الشَّیْءِ : کسی چیز کا تیل- ج اَدْهَان ودِهَان-
الدُّهْنَة-تھوڑا تیل- کہا جاتا ہے "هُوَ طَیِّبُ الدُّهْنَة" وہ اچھی خوشبو والا ہے-
الدَّهْنَاء-بیابان- سرخ رنگ کی ایک گھاس جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں-
الدَّهَّان-تیل لگانے والا- تیل بیچنے والا-
الدِّهَان-سرخ چمڑا- وہ روغن جس کو دیوار وغیرہ پر لگایا جائے- پھسلن کی جگہ-
الدَّهِیْن-کم دودھ والی اونٹنی- تیل لگا ہوا- کمزور-
المُدْهُن-پانی کے جمع ہونے کی جگہ- تیل کی شیشی-ج مَدَاهِن-
دَهْوَرَ-الشَّیْءَ :گڑھے میں پھینکنا- کہا جاتا ہے "دَهْوَرَ الْكَلَامَ" وہ کلام کو ایک دوسرے کے پیچھے لایا- و "دَهْوَرَ اللقم" اس نے لقمہ کو گول کیا اور نگل گیا- دَهْوَرَ الحَائِطَ :اس نے دیوار وغیرہ گرادی-
تَدَهْوَرَ- گڑھے میں گرنا- تَدَهْوَرَ اللَّيْلُ : گزر جانا-
دَهَى (ف) دَهْيًا و دَهِيَ- فُلَانًا : چالاکی کی طرف نسبت کرنا- عیب لگانا- مرتبہ گھٹانا- آفت و بلا پہنچانا-
دَهِيَ (س) دَهْيًا و دَهَاءً وَّ دَهَاءَةً- چالاک ہونا- چالاکی سے کام کرنا- صفت (دَاهٍ) ج دُهَاة و (دَهٍ) ج دَاهُوْن-
دَاهِيَة-ج دَوَاهٍ اس میں تاء مبالغہ کی ہے- تم کہتے ہو "رَجُلٌ دَاهِيَةٌ وَامْرَأَةٌ دَاهِيَةٌ" چالاک مرد چالاک عورت-
تَدَهْيَ-چالاک ہونا-
تَدَاهَى-بہ تکلف چالاک بننا-
الدَّهَاء-زیرکی- ہوشیاری- مکر و حیلہ-
الدَّاهِيَة-بری بات- مصیبت- بڑا معاملہ- ج دَوَاهٍ- دَاهِيَةٌ دَهْيَاء : سخت مصیبت- و دَوَاهِي الدَّهْر :زمانہ کے حوادث-
الدَّهِيُّ- عقلمند- تیز فہم ج اَدْهِيَاء و دُهَوَاء-
الدَّوْ-جنگل-
دَاءَ يَدَاءُ دَاءً وَدَوْءًا وَاَدْوَأَ اِدْوَاءً وَاِدَاءً وَاِدَاءَةً- بیمار ہونا- صفت (داءٍ ومُدِيٌّ) وَاَدْوَأَهُ :مرض لاحق ہونا-
الدَّاءُ-بیماری-ج اَدْوَاء-دَاءُ الذِّئْب :بھوک- دَاءُ الثَّعْلَب :ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں اور اس کو الحاصۃ بھی کہتے ہیں اور اگر کھال بھی گرنے لگے تو اس کو "دَاءُ الحَيَّةِ" کہتے ہیں- دَاءُ الفِيْل فیل پا کی بیماری- کہتے ہیں "بِهٖ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں- و "فُلَانٌ مَيِّتُ الدَّاء" یعنی فلاں شخص ایسا ہے کہ اگر کوئی شخص اس سے بدسلوکی کرے تو وہ اس سے کینہ نہیں رکھتا-
الدَّيِّي-بیمار-
دَابَ(ن)دَوْبًا-کوشش کرنا- مشقت اٹھانا-
الدَّوْبَل-سوریا نر سور یا سور کا بچہ- گدھے کا بچہ- سیاہی سفیدی ملا ہوا بھیڑیا- لومڑی-ج دَوَابِل-
دَاثَ(ن)دَوْثًا-توڑنا- شکست دینا-
دَاجَ(ن)دَوْجًا-خدمت کرنا-
الدَّاجَة-لشکر کے خدام- چھوٹی چھوٹی حاجتیں- کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ حَاجَةً وَلَا دَاجَةً" میں نے چھوٹی بڑی کوئی حاجت نہیں چھوڑی- اور یا "داجة" اس قول میں حاجت کا تابع ہے-
الدَّوَاج والدَّوَّاج-لحاف-
دَاحَ(ن)دَوْحًا-البَطْنُ :پیٹ کا پھولنا اور نکلنا
_____ الشَّجَرَةُ : بڑا ہونا- صفت (دَائِحَةٌ) ج دَوَائِح-
دَوَّحَ-المَالَ :بکھیرنا _____ البَطْنُ :پیٹ کا پھولنا اور نکلنا-
تَدَوَّحَ وَانْدَاحَ- البطنُ : پیٹ کا پھولنا اور نکلنا- اِنْدَاحَ الشَّيْءُ : کسی چیز کا وسعت کے ساتھ پھیلنا-
الدَّوْحَة- بڑا پھیلا ہوا درخت- بڑا سائبان- ج دَوْح-ج اَدْوَاح- الدَّوْح :بڑا مکان-
الدَّاح- بچوں کا منقش کھلونا- ریشم کا بٹا ہوا کنگن-
الدَّاحَة-دنیا-
الدَّوَّاح-بہت بلند-
دَاخَ (ن) دَوْخًا- ذلیل ہونا- فروتنی کرنا
_____ البِلَادَ :غالب ہونا-
دَوَّخَ- البِلَادَ : و (دَيَّخَهَا)- شہروں میں چکر لگانا)- غالب ہونا _____ الرَّجُلَ : کسی کو ذلیل کرنا _____ الوَجَعُ رَاسَه : درد کا سر کو چکرا دینا-
اَدَاخَهُ اِدَاخَةً- ذلیل کرنا-
الدَّوْخَة- سر کا چکر (کلمہ عامیہ ہے فصیح دُوَار وهُدَام ہے)
لَيْلٌ (دَائِخ) تاریک رات-
الدَّوْخَلَة والدَّوْخَلَّة- کھجور کے پتوں کی زنبیل-
دَادَيَدَادَدْوَدًا وَدَوَّدَ وَدَيْدَوَ اَدَادَ اِدَادَةً الطَّعَامُ :کھانے میں کیڑا پڑنا- صفت (مَدُوْد)
الدُّوْدَة- کیڑا ج دُوْدٌ وَدِيْدَان-
دُوْدَةُ القَزِّ :ریشم کا کیڑا-
الدُّوَاد- چھوٹے کیڑے- تیز رو مرد-
الدُّوَيْد- دود کی تصغیر (چھوٹا کیڑا)
الدَّوْدَاة- جھولا- ج الدَّوَادِي-
الدِّيْدَاء- تیز دوڑ-
الدُّوَادَار و الدُّوَيْدَار- کاتب- منشی- (جدید)
دَارَ (ن) دَوْرًا وَدَوَرَانًا- گھومنا- چکر کھانا
_____ الدَّهْرُ :اُلٹنا پلٹنا _____ بالشَّيْءِ وعَلَيْهِ وحَوْلَه :گرد گھومنا-
دِيْرَ-بِهٖ :چکرانا- سر کا چکر لاحق ہونا-
دَوَّرَهُ- گول بنانا _____ ه وبِهٖ :گھمانا-
دَاوَرَهُ مُدَاوَرَةً وَدِوَارًا- کسی کے ساتھ گھومنا
_____ عَلَى الْاَمْرِ : کسی کام کو انجام دینا _____ الْاُمُوْرَ :کام کو انجام دینے کے لیے غور کرنا-
اَدَارَ اِدَارَةً- الشَّيْءَ : گھومنا _____ ه وبِهٖ : گھمانا _____ الشَّيْءَ :لینا _____ الْاَمْرَ :احاطہ کرنا-
_____ ه عَلَيْهِ :لازم کرنے کا ارادہ کرنا-
_____ ه عَنْ حَقِّهٖ : حق کو چھوڑ دینے کی خواہش کرنا-
اَدِيْرَ-بِهٖ :چکرانا- سر کا چکر لاحق ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَدَوَّرَ- گول ہونا-
تَدْيِيْرَ- اَلبُقْعَةَ : کسی جگہ کو مکان بنانا-
اِسْتَدَارَ اِسْتِدَارَةً- گھومنا ـــــ الشَّيْءُ : گول ہونا ـــــ الشَّيْءَ وبِهٖ : گھمانا- کہا جاتا ہے "اِسْتَدَارَ بِمَافِيْ قَلْبِيْ" جو کچھ میرے دل میں تھا اس نے اسے معلوم کرلیا-
الدَّار- گھر- مکان- رہنے کی جگہ- ج دُوْرٌ وديَارٌ اَدْؤُرٌ واَدْوُرٌ واَدْوِرَةٌ وِدِيَارَةٌ واَدْوَارٌ ودُوْرَات وِدِيَارَات ودُوْرَان وِدِيْرَان (کلمہ مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں-) الدَّار : شہر- قبیلہ- کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِدَارِ بَنِيْ فُلَانٍ" یعنی ہم بنو فلاں کے قبیلہ سے گزرے- سال یا زمانہ- دَارُالقَرَار : جنت- الدَّارَان : دنیا و آخرت- دَارُالحَرْبِ : وہ مقام جہاں غیر الٰہی قانون رائج ہو-
الدَّارَة- اُترنے کی جگہ- قبیلہ- پہاڑوں کے درمیان وسیع زمین- حلقہ- چاند کا ہالہ- ج دَارَات ودُوْر-
( ـــــ وَالدِّيْرَة والتَّدْوِرَة) مِنَ الرَّمْلِ : گول ریتلی جگہ- وَدَارَات العَرَب : عرب کے شہروں کے مشہور مقامات جو ایک سو دس سے زائد ہیں-
الدَّارِيُّ- عطر فروش (دارین کی جانب منسوب ہے جو بحرین میں ایک بندرگاہ ہے اور جہاں ہندوستان سے مشک آتی تھی- ملاح جو چوار کا نگہبان ہو- چوپائے و مویشی والا- کہا جاتا ہے "مَا فِي المَكَانِ (دَارِيٌّ اَوْدُوْرِيٌّ اودَيَّارٌ اودَيُّوْر) یعنی کوئی نہیں- الدُّوْرِي : ایک قسم کی چڑیا-
الدَّارِيَّة- ہمیشہ گھر میں رہنے والا (تا مبالغہ کے لیے ہے-)
الدَّوْر- مہ- حرکت- گھوم- چکر- ج اَدْوَار دَفْعَة عِنْدَ الاَطِبَّاء : بخار کی باری- عِنْدَ المَوْسِيْقِيِّيْن : دو یا زائد شعروں کا قطعہ-
عِلْمُ الاَدْوَارِ : فن موسیقی-
الدَّوْرَة- دَارَ کا اسم مرة-
الدُّوَار والدَّوَار- سر کا چکر-
الدَّوَّار والدَّوَّارِي- بہت پھرنے والا- کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ دَوَّار ودَوَّارِي بِالإِنْسَان" زمانہ انسان کے ساتھ اُلٹنے پلٹنے والا ہے- یعنی طرح طرح کے حوادث سے دوچار کرتا ہے-
دَوَّارُ الشَّمْس : سورج مکھی-
الدُّوَّار- ریت کا گول تودہ- منزل-
الدَّوَّارَة- پرکار- اوپر کے ہونٹ کا گڑھا-
الدَّوَّارَة والدُّوَّارَة- مِنَ الرَّاس : سر کا گول حصہ- دَوَّارَة البَطْن : بکری کا اوجھ-
الدَّائِرَة- جو کسی چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہو- حلقہ- انسان کے پیشانی کے پاس کی بھنوری- گھوڑے کے بدن کی بھنوری- شکست- مصیبت ـــــ عِنْدَ المُهَنْدِسِيْن : سطح مستوی جس کو ایک گول خط احاطہ کئے ہوئے ہو اور اس گول خط کا نام محیط ہے-
مَرْكَزُ الدَّائِرَة : دائرہ کے بیچ کا نقطہ- قُطْرُ الدَّائِرَة : وہ خط مستقیم جو مرکز سے گزرتا ہوا دائرہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کردے- ج دَوَائِر- کہا جاتا ہے "دَارَت عَلَيْهِم الدَّوَائِر" یعنی ان پر مصائب پڑے-
الدَّيْر- راہبوں کے رہنے کی جگہ- ج اَدْيِرَة ودُيُوْرَة واَدْيَار-
الدَّيْرَانِي والدَّيَّار- دیر والا یا دیر کا رہنے والا-
الإِدَارَة- ادار کا اسم مصدر-
مَدَارُ الشَّيْءِ : جس پر کوئی چیز چکر کھائے ـــــ الأَمْر : کسی کام کا دار ومدار-
المُدَارَة- ڈول کی ایک قسم-
المُدِيْر- منیجر- منتظم- گورنر-
دَوْزَنَ- القَانُون ونَحْوَهٗ : ستار، سارنگی وغیرہ کے تار کسنا- کلمہ فارسیہ اس کا مرادف عربی میں بَضَّ وبَظَّ ہے-
دَاسَ (ن) دَوْسًا ودِيَاسًا ودِيَاسَةً الشَّيْءَ : پاؤں سے ملنا ـــــ فُلَانًا : کسی کو ذلیل کرنا ـــــ السَّيْفَ : تلوار کو صیقل کرنا-
( ـــــ واَدَاس) الزَّرْعَ : گاہنا-
دَاوَسَ- القَوْمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي القِتَال : جنگ میں ایک دوسرے کو پاؤں سے روندنا-
اِنْدَاسَ- پاؤں سے روندا جانا-
الدِّيْمَسَة- گھنا جنگل- ج دِيْمَس ودِيَمَس-
الدَّوَاسَة والدَّوْسَة- جماعت-
الدَّوَّاس- بہادر- شیر-
الدَّوَّاسَة- ناک-
المَدَاس- جوتہ-
المِدْوَس والمِدْوَاس- کھائی کرنے کا اوزار- صیقل کرنے کا آلہ- ج مَدَاوِس و مَدَاوِيْس-
المَدَاسَة- غلّہ کو گاہنے کی جگہ-
المَدَّاسَة- ناک-
الدَّوْسَك- شیر-
دَوِشَت (س) دَوَشًا- عَيْنُه : بیماری سے آنکھ خراب ہونا- صفت (اَدْوَش) مؤنث دوشاء ج دُوش-
الدَّوْشَق- درمیانی یا بڑا مکان-
الدَّوص- پانی جس میں لوہار گرم لوہے کو ٹھنڈا کرتے ہیں-
الدَّوْطِيْرَة- کشتی کا پچھلا حصہ اور اس کا چوار-
دَاعَ- (ن) دَوْعًا- الرَّجُلُ : اُچھلتے ہوئے دوڑنا-
الدُّوْع- انگلی کے برابر سرخ مچھلی- واحد دُوعَة- ج دُوْع-
دَاغ (ن) دَوْغًا- القَوْمُ : سب کو مرض لاحق ہونا ـــــ الطَّعَامُ : سستا ہونا-
دَاغَه الحَرُّ : گرمی کا کسی چیز کو بگاڑ دینا- خراب کرنا-
الدَّوْغَة- بیوقوفی- سردی-
دَافَ (ن) دَوْفًا واَدَافَ- الدَّوَاءَ ونَحْوَهٗ : ملانا- تلوط کرنا- پانی میں گھلانا اور گاڑھا ہونے کے لیے حرکت دینا- صفت (مَدُوف ومَدْوُوْف ودَائِف)
الدَّوْفَان- کابوس-
الدَّوْفَص- پیاز-
دَاقَ يَدُوق دَوْقًا ودُؤُوْقًا ودُؤُوْقَة ودَوَالَة- دیلا ہونا- بیوقوف ہونا- صفت (دَائِق) ـــــ الطَّعَامُ : چکھنا-
اَدَاقَ- القَوْمُ بِه : احاطہ کرنا-
اِنْدَاقَ اِنْدِيَاقًا- بَطْنُه : پیٹ کا پھولنا-
الدَّوقَة والدَّوْقَانِيَة- فساد- تباہی- بیوقوفی-
الدُّوْق- بیوقوفی-
الدَّوْقَعَة- فقیری وذلت-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دَالَكَ (ن) دَوْكًا و مَدَاكًا۔ القَوْمُ : مضطرب ہونا۔ جنگ میں پڑنا۔ بیمار ہونا ـــــ الشئَ : کوٹنا۔ رگڑنا۔ پیسنا ـــــ المَرْأَةَ : جماع کرنا ـــــ الطِّيْبَ : سونگھنا۔

تَدَاوَكَ۔ القَوْمُ : لڑائی جھگڑے میں باہم تنگ ہونا۔

الدُّوْكَةُ والدَّوْكَةُ۔ جھگڑا۔ بڑائی۔

المِدْوَكُ والمِدَاكُ۔ خوشبو پیسنے کا پتھر یا وہ پتھر جس پر خوشبو پیسی جائے۔

دَالَ (ن) دَوْلَةً۔ الزمانُ : ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پلٹنا۔ کہا جاتا ہے "دَالَتْ لَهُ الدَّوْلَةُ" دولت اس کیلئے اُلٹ پلٹ گئی ـــــ الرَّجُلُ فِيْ مَشْيِهٖ : باوجود چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے کے تیز چلنا ـــــ بَطْنُهٗ : پیٹ کا لٹکنا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا ( ـــــ دَالَ الدَّوْلُ ) مشہور ہونا۔

دَاوَلَ مُدَاوَلَةً۔ اَللّٰهُ الْاَيَّامَ بَيْنَ النَّاسِ : اللہ تعالیٰ کا زمانے کو لوگوں کے درمیان اُلٹتا پلٹتا کہ کبھی ایک جماعت کے لیے ہو کبھی دوسری کے لیے ـــــ المَاشِيْ بَيْنَ قَدَمَيْهِ : کبھی ایک قدم پر کھڑا ہونا اور کبھی دوسرے پر۔

اَدَالَ إِدَالَةً۔ الشئَ : باری باری ایک کے بعد دوسرے کو دینا ـــــ اللّٰهُ بَنِيْ فُلَانٍ مِنْ عَدُوِّهِمْ : غلبہ دلانا۔ فتح مند کرانا ـــــ اَللّٰهُ زَيْدًا مِنْ عَمْرٍو : حکومت منتقل کرنا۔

تَدَاوَلَتْهُ۔ الْاَيْدِيْ : ہاتھوں ہاتھ لینا۔ باری باری لینا۔ اور اسی سے محاورہ ہے۔ "تَدَاوَلُوْا الشَّيْئَ بَيْنَهُمْ" انہوں نے چیز کو باری باری لیا۔

اِنْدَالَ۔ بَطْنُهٗ : لٹک کر زمین تک پہنچنا۔

ـــــ مَافِيْ بَطْنِهٖ : خارج ہونا ـــــ الشَّيْئُ : لٹکنا۔

ـــــ القَوْمُ : ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔

اِسْتَدَالَ۔ الْاَيَّامَ : زمانہ کو اپنے موافق کر لینا۔

الدَّوْلَةُ۔ مہ۔ ( ـــــ وَالدُّوْلَةُ ) ایسی چیز جو کبھی کسی کے لیے اور کبھی کسی کیلئے ہو اسی وجہ سے مال اور غلبہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ و الدَّوْلَةُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَةِ : بادشاہ و وزراء۔ حکومت۔ گورنمنٹ۔ ریاست۔ ج دُوَلٌ و دُوَلٌ۔ اور کہا جاتا ہے "كَانَتْ لَنَا عَلَيْهِمُ الدَّوْلَةُ" ہم کو ان پر غلبہ حاصل ہوا۔ "وَالدَّهْرُ دُوَلٌ" زمانہ کو قرار نہیں ایک حالت پر نہیں رہتا۔

الدَّالَّةُ۔ شہرت۔ ج دَالَّاتٌ۔

الدُّوَلَةُ۔ مصیبت۔ ج دُوَلَاتٌ۔

الإِدَالَةُ۔ غلبہ۔ کہا جاتا ہے "دَوَالَيْكَ" یعنی یکے بعد دیگرے۔ مطلب یہ ہے کہ اے فلاں کام کو یکے بعد دیگرے کر۔ اور اس سے مُراد تاکید ہوتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ دَوَالَيْكَ" ہم نے اُس کو باری باری کیا۔

الدَّوْلَجُ۔ تہ خانہ۔ وحشی جانوروں کا بھٹ۔

الدَّوْلِبِيُّ۔ ذریعہ۔

الدَّوْلَعُ۔ کشادہ و نرم راستہ۔

الدَّوْلَعَةُ۔ گھونگا۔

دَامَ يَدُوْمُ وَيَدَامُ دَوْمًا وَدَوَامًا وَدَيْمُوْمَةً۔ ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔

ـــــ الشَّيْئُ : ٹھہرنا۔ گھومنا ـــــ الدَّلْوُ : بھر جانا "دِمْتَ تَدُوْمُ" یعنی ماضی مکسور العین اور مضارع مضموم العین نادر ہے۔ "مَادَامَ" افعالِ ناقصہ میں سے ہے جیسے "لَا يَجْرِي الْإِصْلَاحُ مَادَامَ فُلَانٌ حَاكِمًا" یعنی اس وقت تک اصلاح نہیں ہو سکتی جب تک فلاں شخص حاکم ہے ( ـــــ دَيْمًا ) السَّمَاءُ : لگاتار برسنا۔

دِيْمَ بِهٖ وَأُدِيْمَ بِهٖ : سر چکرانا۔

دَوَّمَتْ تَدْوِيْمًا۔ الشَّمْسُ : وسط آسمان میں گھومنا ـــــ الخَمْرُ شَارِبَهَا : سر چکرا دینا ـــــ عَيْنُهٗ : حلقہ میں پھرنا ـــــ الشَّيْئَ : تر کرنا ـــــ العِمَامَةَ : سر کے گرد لپیٹنا ـــــ اَلطَّائِرُ : فضا میں چکر لگانا ـــــ الزَّعْفَرَانَ فِي المَاءِ : رگڑ کر گھسنا ـــــ القِدْرَ : ٹھنڈے پانی کا چھینٹا دے کر جوش ٹھنڈا کرنا ـــــ بِالدُّوَّامَةِ : لٹو سے کھیلنا ( ـــــ وَدَيَّمَتْ ) السَّمَاءُ : لگاتار برسنا۔

دَاوَمَ۔ عَلَى الْاَمْرِ : ہمیشگی کرنا ـــــ الشَّيْئَ : ہمیشہ سے کرنا۔ ہمیشگی طلب کرنا۔

اَدَامَ إِدَامَةً۔ الشَّيْئَ : ہمیشہ کرنا ـــــ الْاَمْرَ : ہمیشگی کرنا۔ اَدَامَتِ السَّمَاءُ : لگاتار برسنا۔ الدَّلْوَ : بھرنا ـــــ القِدْرَ : ٹھنڈے پانی کا چھینٹا دے کر جوش ٹھنڈا کرنا۔

تَدَوَّمَ۔ انتظار کرنا۔

اِسْتَدَامَ اِسْتِدَامَةً۔ الشَّيْئَ : ہمیشہ سے کرنا۔ ہمیشگی طلب کرنا ـــــ الطَّائِرُ : فضا میں چکر لگانا ـــــ غَرِيْمَهٗ : نرمی کرنا۔

الدَّائِم۔ فا۔ مَاءٌ دَائِمٌ : ٹھہرا ہوا پانی۔

الدَّامَاءُ۔ سمندر۔

الدَّوْم۔ مہ۔ ہمیشہ۔ کھجور کی مانند ایک درخت۔ بڑے بڑے درخت۔

الدُّوَام۔ سرکا چکر۔

الدَّوْمَان۔ پرندے کا منڈلانا۔

الدِّيْمَةُ۔ لگاتار بارش جس میں چمک و گرج نہ ہو۔ ج دِيَم و دُيُوْم۔ کہا جاتا ہے "مَطَرَتْهُمُ السَّمَاءُ بِدِيْمَةٍ وَبِدِيَمٍ" آسمان نے ان پر لگاتار بارش کی۔

الدُّوَّامَةُ۔ لٹو۔ ج دَوَّام۔

الدَّيُّوْم۔ ہمیشہ۔

المُدَام و المُدَامَةُ۔ شراب۔

المُدام : لگاتار بارش۔

المُدِيْم۔ جس کی ناک سے خون جاری ہو۔

المَدِيْم۔ وہ جگہ جہاں لگاتار بارش ہو۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَدِيْمٌ وَاَرْضٌ مَدِيْمَةٌ" لگاتار بارش والی جگہ یا زمین۔

المِدْوَم و المِدْوَام۔ ڈوئی۔ کفگیر۔

الدَّوْمَص۔ لوہے کا خود۔

دَوْمَلَ دَوْمَلَةً۔ بَيْنَ الْقَوْمِ : اصلاح کرنا۔

دَانَ يَدُوْنُ دَوْنًا۔ گھٹیا ہونا۔ کمزور ہونا۔

دَوَّنَ۔ الدِّيْوَانَ : ترتیب دینا ـــــ ہ : رجسٹر میں نام لکھنا۔

اُدِيْنَ۔ گھٹیا ہونا۔ کمزور ہونا۔

تَدَوَّنَ۔ پورے طریقہ سے مستعفی ہونا۔

دُوْنَ۔ نیچے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دُوْنَهٗ" وہ اس سے مرتبہ میں کم ہے۔ آگے۔ کہا جاتا ہے "مَشَى دُوْنَهٗ" وہ اس کے آگے چلا۔ و بمعنی غیر۔ کہا جاتا ہے۔ "مِنْ دُوْنِ اَنْ يَفْعَلَ" بغیر کرنے کے۔ الدُّوْن۔ گھٹیا۔ حقیر کم مرتبہ جیسے "شَيْئٌ دُوْنٌ" گھٹیا چیز۔ اور کبھی شریف کے معنی میں آتا ہے۔ اور کہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جاتا ہے۔ "حَالَ الْقَوْمُ دُوْنَ فُلَانٍ" یعنی قوم فلاں کے اور اس کے مطلوب کے درمیان حائل ہوگئی۔

دُوْنَكَ۔ اسم فعل بمعنی خذ یعنی لو۔ کہا جاتا ہے "دُوْنَكَ زَيْدًا" یعنی زید کو پکڑو۔

الدِّيْوَان والدَّيْوَان۔ مجموعہ کتب۔ اشعار و قصائد کا مجموعہ۔ رجسٹر جس میں وظیفہ خواروں یا فوجیوں کے نام درج ہوں۔ ج دَوَاوِيْن و دَيَاوِيْن۔ کچہری۔ کونسل۔

دُوَيْن۔ دون کی تصغیر۔

دَاهَ(ن) دَوْهًا۔ متحیر ہونا۔

تَدَوَّه۔ الشَّيْءُ: متغیر ہونا ـــــ الْأَمْرُ: مشغول ہونا۔ کسی کام میں گھس پڑنا۔

دَوَّى۔ جنگل میں چلنا۔

الدَّوُّ والدَّوِيَّة۔ جنگل۔

دَوِيَ (س) دَوًى۔ بیمار ہونا ـــــ صَدْرُه: کینہ رکھنا۔

دَوَى (ض) دَوِيًّا۔ گنگناہٹ سنائی دینا۔

دَوَّى تَدْوِيَةً۔ اللَّبَنُ: دودھ پر باریک جھلی سی جمنا ـــــ السَّحَابُ: گرجنا ـــــ الصَّوْتُ: گنگناہٹ سنائی دینا۔

دَاوَى مُدَاوَاةً۔ المَرِيْض: بیمار کا علاج کرنا۔

اَدْوَى إِدْوَاءً۔ مریض کے ساتھ رہنا۔ ـــــ ہ: بیمار ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُدْوِي ويُدَاوِي" فلاں بیمار ڈالتا ہے اور علاج کرتا ہے۔

تَدَاوَى۔ خود اپنا علاج کرنا۔

الدَّوِيّ۔ مد۔ بیمار۔ بیوقوف۔ اپنی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دَوِيٌّ وَرِجَالٌ دَوِيُّوْنَ ونِسَاءٌ دَوِيَّاتٌ" مذکر و مؤنث واحد جمع سب کیلئے لفظ واحد ہی ہے اس لیے کہ اصل میں یہ مصدر ہے۔

الدَّوَاة۔ دوات۔ ج دَوِيٌّ ودُوِيٌّ ودَوِيَات۔ انگور خربزہ وغیرہ کا چھلکا۔

الدُّوَيَّة والدِّوَيَّة۔ پپڑی باریک جھلی سی جو دودھ وغیرہ پر ہو جائے۔ الدَّوَيَّة: دانتوں کی زردی۔

الدَّوِي۔ مریض۔ خراب پیٹ والا۔ بیوقوف۔ اپنی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا۔

الدَّوِيُّ۔ آواز۔ ہوا میں سنسناہٹ۔ مکھی کی بھنبھناہٹ۔ پرندہ کی پھڑپھڑاہٹ۔ اور بعضوں کے نزدیک بادل کے گرج کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے "مَافِي الدَّارِ دَوِيٌّ ودُوِيٌّ ودَوَوِيٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

مَكَانٌ دَوِيٌّ: صحت کے لیے ناموافق۔

الدَّيْدُوْذ۔ دوسوتی کپڑا۔ ج دَيَابِيْذ دَيَابُوْذ۔

دَاثَ يَدِيْثُ دَيْثًا۔ نرم و آسان ہونا۔

دَيَّثَهُ۔ نرم کرنا۔ دَيَّثَه الدَّهْرُ: خَبَّه کار بنانا۔

طَرِيْقٌ مُدَيَّثٌ۔ پامال راستہ۔

دَاجَ يَدِيْجُ دَيْجًا ودَيْجَانًا۔ تھوڑا چلنا۔

الدَّيْجَان۔ نڈی دل۔

دَاخَ (ض) دَيْخًا۔ نرم ہونا۔

دَيَّخَه۔ نرم کرنا۔

الدَّيْخ۔ خوشہ خرما۔ ج دِيْخَة۔

الدَّيْدَن والدَّيْدَان۔ عادت۔

الدَّيْر۔ راہبوں اور نونوں کے رہنے کی جگہ۔ ج اَدْيِرَة وادْيَار ودُيُوْرَة۔ اور نسبت کے لیے خلافِ قیاس (دَيْرَانِي)

الدَّيَّار۔ دیر والا۔ گھر میں رہنے والا۔

الدَّيْزَج۔ گھوڑا جس کے سر سے لے کر دم تک سیاہ لکیر ہو۔

الدَّيْس۔ پستان۔

الدَّيْسَع۔ مضبوط اونٹنی۔

الدَّيْسَق۔ چاندی کا خوان۔ دور کا راستہ۔ چاندی کا صاف زیور۔

الدَّيْسَم۔ لومڑی۔ لومڑی یا بھیڑیئے کا بچہ جو کتیا سے ہو۔ ریچھ یا ریچھ کا بچہ۔ بھڑ کا بچہ۔ تاریکی۔ سیاہی۔

الدَّيْسَمَة۔ چیونٹی۔

الدَّيْش۔ مرغ۔

دَاصَ يَدِيْصُ دَيَصَانًا۔ ٹیڑھا ہونا ـــــ عَنِ الطَّرِيْق: ہٹ جانا۔ دَاصَتِ الغُدَّة بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ: غدود کا رانے سے اِدھر اُدھر ہونا۔

دَاصَ (ض) دَيْصًا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ کمینہ ہونا ـــــ عَنِ الطَّرِيْق: ہٹ جانا۔ کترا جانا۔

اِنْدَاصَ۔ ہاتھ سے پھسل جانا۔

بِالشَّرِّ عَلَى فُلَانٍ: اچانک لانا۔

الدَّائِص۔ فا۔ چور۔ ج دَاصَة۔ کسی چیز کے گرد چکر لگانے والا۔

الدَّيَّاص۔ مضبوط پٹھے والا۔

المَدَاص۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔

دَاقَهُ يَدِيْقُهُ دَيْقًا۔ اکھیڑنے کیلئے ٹیڑھا کرنا۔

الدِّيْك۔ مرغ۔ ج دُيُوْك واَدْيَاك ودِيَكَة۔ بَيْضَةُ الدِّيْك: اس چیز کیلئے مثال کے طور پر بولتے ہیں جو صرف ایک ہی بار ہو۔ الدِّيْك: بڑا مہربان۔ موسم بہار۔

اَرْض (مَدَاكَةٌ ومُدَاكَةٌ ومَدِيكَةٌ) بہت مرغوں والی زمین۔

دَيْكَس۔ الرَّجُلُ فِي بَيْتِهٖ: لوگوں کی ضرورت کے لیے باہر نہ نکلنا۔

دَانَهُ يَدِيْنُهُ دَيْنًا۔ قرض دینا۔ صفت فاعلی (دَائِن) و صفت مفعولی (مَدْيُوْن)

ـــــ الرَّجُلُ: قرض لینا۔ صفت (دَائِن) ـــــ فُلَانًا: بدلہ دینا۔

دَانَهُ (ض) دِيْنًا۔ مالک ہونا۔ غلام بنانا۔ ناپسندیدہ بات پر اُکسانا۔ ذلیل کرنا۔ حکم دینا۔ خدمت کرنا۔ بھلائی کرنا۔ دَانَ الرَّجُلُ: عزیز ہونا۔ ذلیل ہونا۔ فرماں برداری کرنا۔ نافرمانی کرنا۔

دَانَ (ض) دِيْنًا ودِيَانَةً وتَدَيَّنَ۔ بالملة الاسلامیه: دین اختیار کرنا۔

دَيَّنَهُ۔ اپنے دین کے تابع بنانا۔ دَيَّنَهُ الشَّيْءَ: مالک بنانا۔

دَايَنَهُ مُدَايَنَةً۔ فیصلہ کیلئے لے جانا۔ قرض کا معاملہ کرنا۔

اَدَانَ إِدَانَةً۔ قرض لینا ـــــ ہ: قرض دینا۔

تَدَيَّنَ۔ قرض لینا۔

تَدَايَنَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے قرض لینا۔ قرض سے خرید و فروخت کرنا۔

اِدَّانَ إِدِّيَانًا واِسْتَدَانَ اِسْتِدَانَةً۔ قرض لینا۔

اِدَّانَ الشَّيْءَ: اُدھار خریدنا۔

الدَّيْن۔ قرض۔ کہا جاتا ہے "قَضَى دَيْنَه" یعنی وہ مرگیا۔ ج دُيُوْن واَدْيُن۔

الدِّيْن۔ مد۔ حساب۔ اسی سے ہے "يَوْمُ الدِّيْن" ملکیت۔ قدرت۔ حکم۔ مذہب۔ ملت۔ حالت۔ عادت۔ سیرت۔ تدبیر۔ نافرمانی۔ گناہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مجبوری- پرہیزگاری- فرمانبرداری- بدلہ- قہر و غلبہ- ذلت- ج اَدْیَان- کہا جاتا ہے- "قومٌ دِیْنٌ" فرمانبرداری کرنے والے لوگ-

الدِیَانَۃ- دینداری- تمام وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے تحت میں آئیں- ملت و مذہب- ج دِیَانَات-

الدَیِّن- دیندار- دین کو مضبوطی سے پکڑنے والا-

الدِیْنَۃ- قرض- کہا جاتا ہے "بِعْتُہ بِدِیْنَۃ" میں نے اس کے ہاتھ اُدھار بیچا- فرمانبرداری- عادت-

الدَیْنُوْنَۃ- قضا- حساب-

الدَیَّان- قاضی- غلبہ والا- حاکم- حساب لینے والا- بدلہ دینے والا-

المَدِیْن- غلام- بدلہ دیا ہوا- وہ شخص جس سے حساب لیا گیا ہو- مؤنث مَدِیْنَۃ- کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَدِیْن و مَدِیْنَۃ" فلاں کیلئے لونڈی غلام ہے-


المُدَان- قرض دار-

(المِدْیَان) بہت قرض لینے یا دینے والا- (مذکر و مؤنث) ج مَدَایِیْن-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com





ذَا۔ یہ۔اسم اشارہ ہے قریب کیلئے۔ تثنیہ حالتِ رفعی میں ذَانِ۔اور حالتِ نصبی و جری میں ذَیْنِ۔ ج اُوْلَاءِ۔اور شاذ طریقہ سے ذَیَّا استعمال کرتے ہیں۔ اور اس پر ھاء تنبیہ داخل کر کے ھٰذا بولتے ہیں اور جب مَنْ یا مَا استفہامیہ کے بعد ذَا واقع ہو تو اَلَّذِیْ کے معنی میں ہوتا ہے۔ جیسے "مَاذَا فَعَلْتُ وَمَنْ ذَافِی الدَّارِ" کیا ہے جو تم نے کیا۔کون ہے جو گھر میں ہے۔اور مَا کے ساتھ اسم استفہام ہوتا ہے۔ جیسے "لِمَاذَا تَرَکْتَنَا" تو نے ہم کو کیوں چھوڑ دیا ہے؟

ذَاكَ۔اسم اشارہ متوسط کیلئے اور ھَاء تنبیہ کے ساتھ ھَذَاكَ۔ اور تصغیر کی صورت میں ذَیَّاكَ اور تثنیہ حالتِ رفعی میں ذَانِكَ اور حالتِ نصبی و جری ذَیْنِكَ اور جمع اُولٰئِكَ۔

ذَالِكَ۔اسم اشارہ بعید کیلئے۔ تثنیہ ذَانِكَ۔ج اُولٰئِكَ اور تصغیر ذَیَّالِكَ۔

ذَأَبَ (ف) ذَأْبًا۔ الشَّیْءَ : جمع کرنا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور کو ہانکنا ـــــ ہ : خوف دلانا۔ دھتکارنا۔ مذمت کرنا ـــــ الْغُلَامَ : لڑکے کی زلفیں بنانا۔ ذَأَبَتْهُ الرِّیْحُ : ہر جانب سے آنا ـــــ الرَّجُلُ : سخت آواز نکالنا۔ تیز چلنا۔

ذُئِبَ۔ بھیڑیئے سے گھبرانا۔ بکریوں میں بھیڑیئے کا پڑنا۔

ذَئِبَ (س) ذَأَبًا و ذُؤُوْبًا (ک) ذَآبَةً۔ مکاری و خباثت میں بھیڑیئے جیسا ہونا۔ بھیڑیئے سے ڈرنا۔

اَذْأَبَ۔ بھیڑیئے سے گھبرانا ـــــ الْاَرْضُ : بھیڑیوں والی ہونا ( ـــــ ذَأَّبَ) الْغُلَامَ : لڑکے کی زلفیں بنانا۔ ذَأَبَهُ : گھبرا دینا۔

تَذَأَّبَ۔ خباثت میں بھیڑیئے جیسا ہونا ـــــ الشَّیْءَ : کسی چیز کو باری سے لینا۔

تَذَأَّبَتْ و تَذَاءَ بَتِ الرِّیْحُ عَلَیْهِ : کبھی اِدھر سے کبھی اُدھر سے آنا۔ تَذَأَّبَتْهُ و تَذَاءَ بَتْهُ الرِّیْحُ : ہر جانب سے چلنا ـــــ ہ الْجِنُّ : گھبرا دینا۔

تَذَأَّبَ و تَذَاءَ بَ لِلنَّاقَةِ : اونٹنی کو دوسری کے بچہ پر مہربان بنانے کیلئے بھیڑیئے جیسا بن کر چمچمانا۔

اِسْتَذْأَبَ اِسْتِذْأَبًا۔ بھیڑیئے جیسا ہونا۔

الذَّأْب۔ سہ۔ فحش۔

الذِّئْب۔ بھیڑیا۔ ج ذِئَاب و اَذْؤُبٌ ذُؤْبَان۔ دَاءُ الذِّئْبِ : بھوک۔ ذُؤْبَانُ الْعَرَبِ : عرب کے چور و فقراء۔

الذِّئْبَة۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک بیماری جو جانوروں کے گلے میں ہوتی ہے۔ کجاوہ یا زمین کے دونوں پہلوؤں کے درمیان کی کشادگی۔

الذِّئْبَان۔ اونٹ کی گردن اور ہونٹ کے بال۔ اُون جو تراش لینے کے بعد باقی رہ جائے۔

الذُّؤَابَة۔ پیشانی کے بال۔ تلوار کا علاقہ۔ ذُؤَابَةُ كُلِّ شَیْءٍ : چوٹی۔ اور اسی سے ہے "هُوَ ذُؤَابَةُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کی ناک ہے۔ و "عَلَوْتُ ذُؤَابَةَ الْجَبَلِ" میں پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا۔ ذُؤَابَةُ الرَّحْلِ : کجاوہ کے آخر میں لٹکتی ہوئی کھال۔ ذُؤَابَةُ النَّعْلِ : جوتے کا تسمہ ج ذَوَائِب۔ اور دھمکی کے وقت بولتے ہیں "لَاَ فْتِلَنَّ فِیْ ذُؤَابَتِكَ"

اَرْضٌ (مَذْأَبَة) بہت بھیڑیوں والی سرزمین۔

ذَأَّتَهٗ (ف) ذَأْتًا۔ سخت گالی دینا۔

ذَأَجَ (ف) و ذَاجَ (س) ذَأْجًا۔ الْمَاءَ : سخت گھونٹ لینا۔ تھوڑا تھوڑا پینا۔ (ضد) ذَأَجَ : ذبح کرنا۔ پھاڑنا۔

اِنْذَأَجَتِ۔ الْقِرْبَة : مشک کا پھٹنا۔ اَحْمَر (ذُوْج) سخت سرخ۔

ذَاذَأَ ذَأْذَأَةً۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ ہاتھ لٹکائے ہوئے چلنا۔

ذَئِرَ (س) ذَأَرًا۔ غضبناک ہونا ـــــ عَنْهُ : ڈرنا۔ گھبرانا۔ ناک چڑھانا۔ صفت (ذَائِرٌ و ذَائِر) ـــــ بِالشَّیْءِ : کسی چیز کا عادی ہونا۔ ( ـــــ وذَاءَ رَ) عَلَیْهِ : دلیری کرنا۔

ذَیَّرَت و ذَائَرَتْ مُذَاءَ رَةً۔ اَلْمَرْأَةُ عَلٰی بَعْلِهَا : عورت کا شوہر کی نافرمانی کرنا۔ صفت (ذَائِر و ذَیِّرٌ و ذَیْرَ و مُذَائِر)

اَذْأَرَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ جرأت دلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا ـــــ ہ اِلٰی كَذَا : مجبور کرنا ـــــ ہ بِصَاحِبِهٖ : ورغلانا۔

الذِّئَار۔ مٹی ملا ہوا گوبر جس کو اونٹنی کے تھن پر مل دیتے ہیں تاکہ بچہ دودھ نہ پیئے۔

ذَاطَهٗ (ف) ذَأْطًا۔ ذبح کرنا۔ سخت گالی گھونٹنا کہ زبان باہر نکل پڑے ـــــ الْاِنَاءَ : برتن بھرنا ـــــ الْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا۔

ذَأَفَ (ف) ذَأْفًا۔ مرنا۔

ذَأَفَ عَلَی الْاَسِیْرِ و ذَأَفَهٗ (ف) ذَأْفًا و ذَأْفًا و اَذْأَفَهٗ۔ فوراً مار ڈالنا۔

اِنْذَأَفَ۔ دل کا کٹ جانا اور مر جانا۔ مَوْتٌ (ذُؤَاف) ناگہانی موت۔ سَمٌّ ذُؤَافٌ : زہر قاتل۔

الذَّأْفَان۔ موت ( ـــــ والذِّئْفَان و الذُّؤْفَان و الذَّیْفَان و الذَّیَفَان) زہر قاتل۔

ذَأَلَ (ف) ذَأْلًا و ذَأَلَانًا۔ آہستہ ناز سے چلنا۔

تَذَاءَ لَ۔ حقیر بننا۔ چھوٹا بننا۔

ذُؤَالَة۔ بھیڑیئے کا علم جنس۔ ج ذُؤْلَانٌ و ذِئْلَان۔

الذَّالَان و الذُّؤْلَان۔ بھیڑیا۔ گیدڑ۔ المِذْأَل۔ بلکا چھلکا تیر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ذَأَمَه- (ف) ذَأْمًا- عیب لگانا- رسوا کرنا- حقارت کرنا- دھتکارنا-
اَذْأَمَه اِذْآمًا- عَلٰی کَذَا : مجبور کرنا-
الذَّأْم و الذَّام- عیب اور امثال عرب میں سے ہے "قَدْ لَا تَعْدَمُ الْحَسْنَاءُ ذَامًا" یعنی کبھی خوبصورت عورت میں بھی عیب ہوتا ہے- اور کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ ذَامَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا-
ذَبَّ (ن) ذَبًّا- عَنْهُ : دفع کرنا- حمایت کرنا-
ذَبَّ (ض) ذَبًّا و ذَبَبًا و ذُبُوْبًا- گرمی یا پیاس سے خشک ہونا ـــــ جِسْمُهٗ : بلاغر ہونا-
ـــــ النَّبْتُ : پژمردہ ہونا- مرجھانا-
ذُبَّ- البَعِيْرُ او الرَّجُلُ : مجنون ہونا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کے نتھنے میں مکھی داخل ہونا- صفت (مَذْبُوْبٌ)
ذَبَّبَ تَذْبِيْبًا- بہت دفع کرنا ـــــ شَفَتَهٗ : ہونٹ کا پیاس وغیرہ سے خشک ہونا ـــــ النَّهَارُ : تھوڑا باقی رہنا-
اَذَبَّ- المَكَانُ : بہت مکھیوں والی ہونا- صفت (مَذْبُوْب و مُذِبٌّ)
الذَّبُّ- مہ- بہت حرکت کرنے والا- جنگلی بیل-
الاَذَب- لمبا- جنگلی بیل- اُونٹ کی کچلی-
الذُّبَاب- مکھی- ج اَذِبَّة و ذِبَّان ذُبٌّ- بھڑ اور شہد کی مکھی اور مچھر پر بھی اطلاق ہوتا ہے- واحد (ذُبَابَة) ذُبَابُ السَّيْفِ : تلوار کی دھار- ذُبَابُ العَيْن : آنکھ کی پتلی- کہا جاتا ہے "هُوَ اَعَزُّ مِنْ ذُبَابِ العَيْنِ" وہ آنکھ کی پتلی سے زیادہ عزیز ہے- الذُّبَاب : جنون- طاعون- بدبختی- دائمی برائی-
الذُّبَابَة- ذُبَاب کا واحد- ذُبَابَةُ الشَّیْءِ : چیز کا بقیہ- عَطَشٌ (مُذَبِّبٌ) سخت پیاس-
الذَّبَّاب و المِذَبُّ- اپنی قوم کی بہت حمایت کرنے والا-
الذُّبَّان- پیاس سے مرجھایا ہوا-
المِذَبَّة- مُور چھل- چوری- ج مِذَبَّات و مَذَابُّ- اور اسی سے ہے "اَذْنَابُهَا مَذَابُّهَا" یعنی جانوروں کی دُم ان کیلئے مور چھل ہے-
اَرْضٌ ذَبُوْبَةٌ و مَذْبُوْبَةٌ- بہت مکھیوں والی زمین- رَاكِبٌ (مُذَبِّبٌ) تماجلد باز سوار-
ذَبَحَهٗ (ف) ذَبْحًا و ذَبَاحًا- پھاڑنا- گلا کاٹنا- ذبح کرنا- گلا گھونٹنا ـــــ الدِّنَّ : مٹکے میں سوراخ کرنا-
ذَبَّحَ- القَوْمَ : ذبح کرنے میں مبالغہ کرنا-
اِذَّبَّحَ- مذبوح بنانا-
تَذَابَحُوْا- ایک دوسرے کو ذبح کرنا-
الذِّبْح- جو ذبح کیا جائے- مقتول-
الذِّبَح و الذُّبَح- ایک قسم کی سانپ کی چھتری-
الذَّابِح- فا- داغ کرنے کا ایک آلہ جس سے گردن کے عرض میں داغ لگاتے ہیں-
الذُّبَاح و الذُّبَّاح و الذِّبَاح و الذُّبْحَة و الذِّبْحَة و الذُّبَحَة و الذِّبَحَة و الذِّبْحَة- حلق کا درد-
الذَّبِيْح- ذبح کیا ہوا- قربانی کے لائق جانور- اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب-
الذَّبِيْحَة- ذبح کا مؤنث- جو عنقریب ذبح کیا جائے- ج ذَبَائِح-
المِذْبَح- ذبح کرنے کا اوزار-
المَذْبَح- ذبح کرنے کی جگہ- ج مَذَابِح- مَذَابِحُ الكَنَائِس : گرجا کی قربان گاہ-
ذَبْذَبَ- الشَّیْءُ المُعَلَّقُ فِی الهَوَاءِ : لٹکی ہوئی چیز کا حرکت کرنا ـــــ الرَّجُلُ- حیران و متردد ہونا- ذَبْذَبَهٗ : متردد و حیران چھوڑنا- ذَبْذَبَ اَهْلَه : حمایت کرنا ـــــ الخَلْقَ : تکلیف پہنچانا
ـــــ الشَّیْءَ : حرکت دینا- ہلانا-
تَذَبْذَبَ- ہلنا- حرکت کرنا-
الذَّبْذَبَة- مص زبان- ہوا میں حرکت کرنے والی چیز- وہ چیز جو ہودج پر زینت کے لیے لٹکائی جائے- ج ذَبَاذِب-
الذَّبَاذِب- کپڑے کے چھوڑ- کپڑے کے نچلے حصے-
المُذَبْذَب- متردد- متحیر- پس وپیش کرنے والا-
ذَبَرَ (ن ض) ذَبْرًا- الكِتَابَ : لکھنا- نقطے لگانا- بغیر زکے ہوئے تیز پڑھنا-
الذَّبْر- مہ- کتاب ج ذِبَار-
المِذْبَر- قلم-
ذَبَلَ و ذَبُلَ (ن ک) ذُبُوْلًا و ذَبْلًا- النَّبَاتُ : نباتات کا پژمردہ ہونا- مرجھانا-
ـــــ الفرسُ : گھوڑے کا دبلا ہونا ـــــ لِسَانُه او شَفَتُهٗ : زبان یا ہونٹ کا خشک ہونا- کہا جاتا ہے "ذَبَلَتْه ذُبُوْلٌ" اسے مصیبت لاحق ہوئی-
اَذْبَلَ- النَّبَاتَ : پژمردہ کرنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو دبلا کرنا-
تَذَبَّلَ- فِی المَشْیِ : ناز و انداز سے چلنا-
تَذَبَّلَتِ المرأةُ : لاغر بدن ہوتے ہوئے مردوں کی چال چلنا-
الذَّبَل- مہ- کچوے کی پیٹھ کی ہڈی- آغازِ جوانی-
الذِّبْل- پسر گمشدگی-
الذَّبْلَة- مینگنی- مرجھا دینے والی گرم ہوا-
الذُّبْلَة- پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہونا-
الذَّابِل- فا- باریک- دبلا- ج ذُبَّل و ذُبُل-
الذَّابِلَة- الذَّابِل کا مؤنث- عَيْنٌ ذَابِلَة : چشم تیمار- ج ذَوَابِل- الذَّوَابِل : رماح کی صفت ہے- کہتے ہیں "الرِّمَاحُ الذَّوَابِل" یعنی باریک تیزے- صفت کو موصوف کے قائم مقام کر کے نفس رماح پر بھی اطلاق کرتے ہیں-
الذُّبَالَة و الذُّبَالَة- بتی- ج ذُبَال-
ذَجَّ (ن) ذَجًّا- سفر سے واپس آنا-
ـــــ الماءَ : پینا-
ذَجَلَهٗ (ن) ذَجْلًا- ظلم کرنا- صفت (ذَاجِل)
ذَحَّهٗ ـــــ ذَحًّا- تھپڑ مارنا ـــــ الحَطَبَ : لکڑی چیرنا- پھاڑنا ـــــ الفِلْفِلَ : مرچ کوٹنا ـــــ الحَارِيَة : جماع کرنا-
ذَحَجَهٗ (ف) ذَحْجًا- چھیلنا- حرکت دینا-
ذَحَجَتْهُ الرِّيحُ : ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ـــــ المرأةُ بِوَلَدِهَا : جننا-
ذَحْذَحَ- قریب قریب قدم رکھ کر تیز چلنا
ـــــ الرِّيحُ التُّرَابَ : خاک اُڑانا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الذَّحْل- خون کا بدلہ- دشمنی- کینہ- ج ذُحُول وَاَذْحَال- تم کہتے ہو "لِیْ عِنْدَھُمْ ـــــ ذُحُوْل" مجھے ان سے کینہ ہے-

ذَحٰی (ض) ذَحْیًا- الصُّوْفَ : اُون کو کوٹنا ـــــ الرِیحُ القَوْمَ : کھلی ہوا لگنا-

المَذْحَاۃ- بغیر درختوں والی زمین- ج مَذَاحٍ-

ذَخَرَ (ف) ذَخْرًا- الشَّیْءَ : وقت ضرورت کے لیے چھپا رکھنا-

اِدَّخَرَ وادَّخَرَ- بمعنی ذَخَرَ-

الذُّخْر- ذَخَر کا اسم جس کو ذخیرہ بنا کر رکھا جائے- ج اَذْخَار-

الذَّاخِر- فا- موٹا-

الذَّخِیْرَۃ- وقت ضرورت کے لیے جو چیز چھپا کر رکھی جائے- ج ذَخَائِر- اسی سے ہے ذَخَائِرُ الحَرْبِ اور کہتے ہیں "اَعْمَالُ المُؤْمِنِیْنَ ذَخَائِرُ عِنْدَ اللّٰہِ" مومنین کے اعمال اللہ کے ہاں ذخیرہ ہیں-

الاِذْخِر- سبز گھاس- ایک قسم کی خوشبو دار گھاس- واحد اِذْخِرَۃ ج اَذَاخِر-

المَذْخَر- ذخیرہ رکھنے کی جگہ- ج مَذَاخِر-

المَذَاخِر- جوف- رگیں- انتڑیاں- پیٹ کے نچلے حصے-

ذَرْ- چھوڑ دے-

ذَرَّ (ن) ذَرًّا- المِلْحَ : نمک چھڑکنا-

الحَبَّ فِی الْاَرْضِ : دانہ بونا ـــــ الاَرْضُ النَّبَاتَ- اُگانا ( ـــــ ذَرًّا و ذُرُوْرًا) القرنُ او النباتُ : اُگنا ـــــ الشمسُ : آفتاب طلوع ہونا ـــــ اللحمُ : گوشت سکڑنا-

ذَرَّ (س ن) ذَرًّا و ذُرُوْرًا- الرجُلُ : سر کے اگلے حصہ کا سفید ہونا-

الذَّرُّ- چھوٹی چیونٹی- ذرات- واحد (ذَرَّۃ) نسل-

الذَّرُوْر- آنکھ یا زخم میں چھڑکنے کی دوا- عطر- ج اَذِرَّۃ-

الذَّرِیْرَۃ- ایک قسم کی خوشبو-

الذَّرِّی- تلوار کی آب و جوہر-

ذُرِّیَّۃ- الرجُل : (بتثلیث الذال) اولاد و نسل- ج ذراری و ذُرِیَّات-

الذِّرَار- غضب و غصہ- غصہ کی وجہ سے روگردانی-

الذُّرَارَۃ- وہ اوغیرہ جو چھڑکنے سے گرے-

المِذَرَّۃ- چھڑکنے کا آلہ- غلہ وغیرہ بکھیرنے کا سامان-

ذَرَأَ (ف) ذَرْأً- اَللّٰہُ الخَلْقَ : پیدا کرنا-

ـــــ الشیءَ : زیادہ کرنا ـــــ الاَرْضَ : بونا-

( ـــــ وَذَرِیَ (س) ذَرَأً) شَعْرُہٗ : سفید ہونا-

ـــــ فُلَانٌ : سفید بال والا ہونا- صفت (اَذْرَأُ) مؤنث ذَرْعَاء-

اَذْرَأَ اِذْرَاءً- غضبناک کرنا- ڈرانا ـــــ ہ بالشیءِ : حریص بنانا ـــــ ہ اِلٰی کَذَا : مجبور کرنا

ـــــ الدَّمْعَ : بہانا ـــــ النَّاقَۃُ : تھن میں دودھ اُتارنا- صفت (مُذْرِیَۃ)

الذَّرْء- تھوڑی چیز- کہا جاتا ہے "یَکْفِیْنِیْ ذَرْءٌ مِنْ خَیْرٍ" مجھے تو تھوڑی سی نیکی کافی ہے- و "ھُمْ ذَرْأُ النَّارِ" وہ لوگ آگ کیلئے پیدا کیے گئے ہیں-

الذُّرْأَۃ- بڑھاپے کی ابتدائی سفیدی جو کنپٹیوں میں ظاہر ہوتی ہے-

الذَّرِیُّ- بکھیرا ہوا- زَرْعٌ ذَرِیٌّ : کھیت جس میں ابھی بیج ڈالا گیا ہو-

ذَرِبَ (س) ذَرَبًا و ذَرَابَۃً و ذُرُوْبَۃَ السَّیْفُ : تلوار کا تیز ہونا- صفت (ذَرِبٌ) ج ذُرْبٌ ـــــ الجُرْحُ : زخم کا خراب ہونا ـــــ الرَّجُلُ : عجز کے بعد فصیح ہونا ـــــ المِعْدَۃُ : بگڑنا- درست ہونا- (ضد)

ذَرَبَ (ن) ذَرْبًا و ذَرَّبَ و اَذْرَبَ- السَّیْفَ : تلوار تیز کرنا- اَذْرَبَ الرَّجُلُ : تنگ گزارے والا ہونا-

الذَّرَب- مہ- زبان کی تیزی- ناقابل علاج بیماری- زنگ- مورچہ- ج اَذْرَاب-

الذِّرْب- جگر کی ایک بیماری- گردن کا غدود-

رَجُلٌ ذِرْبٌ : تیز زبان مرد-

الذَّرِب- موچی کی رانپی- ذَرِبُ اللِّسَان : تیز زبان- ج ذُرُب- لِسَانٌ ذَرِبٌ : زبان فصیح- فحش گو زبان-

الذِّرْبَۃ- غدود- تیز زبان عورت- ج ذِرَب-

الذَّرَاب- زہر-

الذَّرَبِی- عیب-

الذَّرَبِیَّۃ- معیبت-

الاَذْرَبِی- خلافِ قیاس- آذربائیجان کی جانب نسبت-

المِذْرَبُ- ڈبان-

ذَرَحَ (ف) ذَرْحًا و ذَرَّحَ- الشَّیْءَ فِی الرِیْحِ : ہوا میں اُڑانا ـــــ الطَّعَامَ : ذراح نامی کیڑا ڈالنا- و ذَرَّحَ اللَّبَنَ : دودھ میں پانی ملانا- الزَّعْفَرَانَ فِی الْمَاءِ : پانی میں تھوڑا سا زعفران ڈالنا-

الذَّرَّاح والذُّرُوْح والذِّرِّیْح والذُّرَاح والذَّرُوْح والذَّرَّاح والذَّرِیْحَۃ والذُّرْحُوْح والذُّرْنُوْح- ایک قسم کا اُڑنے والا زہردار کیڑا- مفرد کا استعمال کم ہے جمع ہی استعمال ہوتا ہے- تصغیر ذُرَیْرِح آتی ہے-

الذَّرَاح- پانی ملا ہوا دودھ-

الذَّرِیْحَۃ- پشتہ- ٹیلہ- ج ذَرِیْح-

لَبَنٌ اَوْ عَسَلٌ (مُذَرَّحٌ) زیادہ پانی والا دودھ یا شہد-

ذَرْذَرَ- المِلْحَ او الحَبَّ : چھڑکنا- بکھیرنا- بونا-

الذَّرْذَار- باتونی- بکواس کرنے والا-

ذَرَعَ (ف) ذَرْعًا- الثَّوبَ : ذراع سے ناپنا ـــــ ہ : کسی کے پیچھے سے ذراع سے گلا گھونٹنا (دیکھئے ذراع) ذرعہ القیءُ : غالب ہونا اور خود بخود آنا-

ذَرَعَ (ف) ذَرْعًا و ذَرِعَ (س) ذَرَعًا- عِنْدَ الرَّجُلِ و اِلَیْہِ : سفارش کرنا- ذَرِعَتْ رِجْلَاہ : چلنے سے عاجز ہونا-

ذَرِعَ (ک) ذَرَاعَۃً- الفَرَسُ : گھوڑے کا کشادہ قدم ہونا- صفت (ذَرِیْع)

ذَرَّعَ- الرَّجلَ : کسی کے پیچھے ہو کر ذراع سے گلا گھونٹنا ـــــ بالشَّیْءِ : اقرار کرنا ـــــ فِی السِّبَاحَۃِ : تیرنے میں بازو پھیلانا ـــــ فِی المَشْیِ : چلنے میں بازو ہلانا ـــــ الرَّجُلُ : ڈرانے یا خوش خبری دینے کے لیے بازوؤں کو بلند کرنا- کہا جاتا ہے "ذَرَّعَ لِیْ شَیْئًا مِنْ خَبَرِہٖ" اس نے مجھے کچھ خبر دی- و "ذَرَّعَہ بَیْنَنَا" اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نے اس کو ہمارے درمیان وسیلہ بنایا۔
ذَارَعَہٗ۔ باہم مل جانا۔ الرَّجُلَ : ناپ کر بیچنا۔ صَاحِبَہٗ فَذَرَعَہ : قدم بڑھانے میں مقابلہ کرنا اور غالب رہنا۔
اَذْرَعَ۔ الشَّیْءَ : ہاتھ سے قبضہ کرنا ـــــ ذِرَاعَیْہِ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّۃِ : نکالنا ـــــ فِی الْکَلَامِ : بہت گفتگو کرنا۔
تَذَرَّعَ۔ فِی الْکَلَامِ : بہت گفتگو کرنا ـــــ الشَّیْءَ : ہاتھ سے ناپنا ـــــ الابلُ الْمَاءَ : بازوؤں تک پانی میں اُترنا۔ بِذَرِیْعَۃٍ : وسیلہ بنانا ـــــ الشَّیْءَ : ہاتھ ہاتھ بھر کا پھٹنا۔
اِنْذَرَعَ۔ ناگاہ پہنچنا۔ کشادہ چلنا۔
تَذَارَعَتِ۔ الابلُ الْمَفَازَۃَ۔ طے کرنا۔
اِسْتَذْرَعَ۔ بالشَّیْءِ : چھپنا اور وسیلہ بنانا۔
الذَّرْع۔ مہ۔ ہاتھ کا پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "اَبْطَرْتُ فُلَانًا ذَرْعَہ" میں نے اس کو طاقت سے زیادہ تکلیف دی۔ و "اَبْطَرَانِیْ ذَرْعِیْ" یعنی میرے بدن کو دبلا کر دیا اور میری معاش کو منقطع کر دیا۔ و صِفْتُ بِالْاَمْرِ ذَرْعًا" یعنی میں اس پر قادر نہیں۔ و "ھُوَ وَاسِعُ الذَّرْعِ" وہ صاحب قدرت ہے۔ و "ھُوَ خَالِیُ الذَّرْعِ" یعنی اس کا دل رنج و غم سے خالی ہے و "ذَرْعُہٗ کَذَا" یعنی اس کا طول اتنا ہے۔
الذِّرَاع۔ مِنَ الرَّجُلِ : کہنی سے بیچ کی انگلی تک کا حصہ۔ بازو (مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) طاقت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَاسِعُ الذِّرَاعِ" مرد صاحب قدرت "و "ضَاقَ بِالْاَمْرِ ذِرَاعُہ" یعنی وہ اس پر قادر نہیں و "ھُوَ لَکَ عَلٰی حَبْلِ الذِّرَاعِ" یہ تمہارے لیے تیار و حاضر ہے۔ و "جَعَلْتُ اَمْرَکَ عَلٰی ذِرَاعِکَ" یعنی تمہارا معاملہ میں نے تمہارے اوپر چھوڑ دیا جیسا تمہارا جی چاہے کرو۔ ج اَذْرُع وذُرعان۔ والذِّرَاعُ مِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ : گائے اور بکری کا دست ـــــ مِنَ الْخَیْلِ وَالْاِبِلِ : گھوڑے اور اونٹ کی پنڈلی کے پہلے حصہ سے اوپر کا حصہ۔ اَوْلَادُ ذِرَاعٍ وَاَوْلَادُ الذِّرَاعِ : کتے۔ گدھے۔
الذَّرِیْع۔ مہ۔ آمیہ۔ جنگلی پھٹرا۔ ج ذِرْعَان۔
الذَّرِیْع۔ زبان دراز۔ رات دن چلنے والا۔ اچھی مصاحبت والا۔ مؤنث ذَرِیْعَۃ ج ذَرِعَات
الذَّرِعَات : تیز کشادہ قدم والیاں۔
الذَّرِیْعَۃ۔ وسیلہ۔ ج ذُرَع۔
الذَّرُوْع۔ تیز و کشادہ قدم گھوڑا یا اونٹ۔
الذَّرِیْع۔ سفارش کرنے والا۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ ذَرِیْعٌ" جلدی کی موت۔ و "قَتْلٌ ذَرِیْعٌ" حد سے بڑھا ہوا شنیع قسم کا قتل۔
الذَّرِیْعَۃ۔ وسیلہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذَرِیْعَتِیْ اِلٰی فُلَانٍ" وہ فلاں کے پاس میرے لیے وسیلہ ہے۔ اونٹنی جس کے پیچھے شکاری شکار کرنے کے وقت چھپتا ہے۔ ج ذَرَائِع۔
الْاَذْرَع۔ بہت فصیح۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَھُم اَذْرَعَ قَتْلٍ" اس نے اُن کو بہت جلدی اور بہت بُرے طریقے سے قتل کیا۔
الْمِذْرَاع۔ کھیتی کی زمین اور جنگل و بیابان کے درمیان کے دیہات۔ جانور کی ٹانگ۔ ج مَذَارِع و مَذَارِیْع۔
الْمُذَرَّع۔ مفہ۔ وہ اونٹ جس کے سینہ پر نیزہ وغیرہ مارا گیا ہو اور اس کی اگلی ٹانگوں پر خون بہہ رہا ہو۔ سبقت کرنے والا گھوڑا۔
ـــــ مِنَ الثِّیْرَانِ : بیل جس کی پنڈلیوں پر سیاہ داغ ہوں ـــــ مِنَ النَّاسِ : جس کی ماں باپ سے زیادہ شریف ہو۔
ذَرَفَ (ض) ذَرْفًا وَذَرِیْفًا وَذُرُوْفًا وَذَرَفَانًا وَتَذْرَافًا۔ الدَّمْعُ : بہنا۔ صفت (ذَرِیْفٌ و مَذْرُوْف) ـــــ الْعَیْنُ وَمَعَھَا : ـــــ بہانا (ـــــ ذَرْفَانًا) سُست چال چلنا۔
ذَرَّفَ تَذْرِیْفًا وَتَذْرِفَۃً وَتَذْرَافًا۔ الدَّمْعَ : بہانا
ـــــ ہ الْمَوْتَ : قریب المرگ کرنا ـــــ ہ الشَّیْءَ : خبردار کرنا ـــــ عَلَی الْخَمِیْسِ : زائد ہونا۔ بڑھ جانا۔
اِسْتَذْرَفَ۔ الشَّیْءَ : قطرے قطرے ٹپکانا ـــــ الضَّرْعُ :
الذَّرَّاف۔ تیز رو۔
الْمَذَارِف۔ آنسو بہنے کی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "سَالَتْ مَذَارِفُ عَیْنَیْہِ" واحد مَذْرَف۔
ذَرِقَ (ض ن) ذَرْقًا وَاَذْرَقَ۔ الطَّائِرُ : بیٹ کرنا۔ وَاَذْرَقَ الْمَکَانُ :
الذَّرْق۔ بیٹ۔
لَبَنٌ (مُذَرَّق) پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَرْقَطَ۔ الْکَلَامَ : بولنا۔
ذَرَا یَذْرُو ذَرْوًا وَذَرَیٰ یَذْرِیْ ذَرْیًا وَذَرَّیٰ تَذْرِیَۃً وَاَذْرَیٰ اِذْرَاءً۔
الرِّیْحُ التُّرَابَ : اُڑانا۔ بکھیرنا ـــــ الْحِنْطَۃَ : اساون کرنا۔ اَذْرَی الشَّیْءَ : گرانا۔ بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اَذْرَاہُ الْفَرَسُ مِنْ ظَھْرِہٖ" اس کو گھوڑے نے اپنی پیٹھ سے گرا دیا۔ اَذْرَتِ الْعَیْنُ دَمْعَھَا : آنسو بہانا۔ ذَرَّی الشَّاۃَ : اُون تراشنا اور علامت کے لیے کچھ چھوڑ دینا۔
ذَرَا یَذْرُو ذَرْوًا۔ الشَّیْءُ : ہوا میں اُڑ جانا ـــــ الظَّبْیُ : تیز دوڑنا ـــــ اِلٰی فُلَانٍ : قصد کرنا ـــــ فُوْہُ : دانت گرنا۔
تَذَرَّیٰ۔ غلہ کا بھوسہ سے صاف ہونا۔
ـــــ الْمَکَانَ اَوِ الْجَبَلَ : کسی جگہ پر یا پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَرَّیٰ مِنْ بَرْدِ الشِّمَالِ بِصَخْرَۃٍ" یعنی اس نے شمالی ہوا کی ٹھنڈک سے چٹان کی پناہ لی۔
اِسْتَذْرَیٰ۔ بِہٖ : پناہ لینا ـــــ بِالشَّجَرَۃِ : سایہ لینا۔
الذَّرِیٰ۔ گھر کے سامنے کا صحن اور اس کے اطراف۔ جائے پناہ۔ ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو۔ تم کہتے ہو "اِتَّخَذْتُ الْحَائِطَ ذَرِیًا لِیْ" میں نے دیوار کی پناہ لی۔ "وَاَنَا فِیْ ذَرِیٰ فُلَانٍ" میں فلاں کی پناہ و حفاظت میں ہوں۔ و "ھُوَ کَرِیْمُ الذَّرِیٰ" وہ طبعاً کریم ہے۔ الذَّرِیٰ : وہ غلہ جس کا اوسا ون کیا جائے۔ گرا ہوا آنسو۔
الذَّرْوَۃ۔ بھوسہ وغیرہ جو اوسا ون کرتے وقت گرے۔ وہ چیز جس کو ہوا اُڑا لے جائے۔
الذُّرْوَۃ والذِّرْوَۃ۔ بلندی۔ بلند جگہ۔ ہر چیز کا بلند حصہ۔ ج ذُرًی و ذِرًی۔
الذُّرْوَۃ : بڑھاپا۔
الذُّرَّۃ۔ مکئی۔
الْمِذْرَیٰ والْمِذْرَاۃ۔ جیلی جس سے گیہوں کھولتے ہیں۔ ج مَذَارٍ۔
الْمِذْرَوَان۔ سر کے دونوں پہلو۔ دونوں سرین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے کنارے۔ اور اسی سے ہے "جَاءَ يَنْفُضُ مِذْرَوَيْهِ" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔ مِذْرَوا القَوْسِ :کمان کے دونوں کنارے۔

الْأَذَقُّ۔ ٹیڑھی ٹھوڑی والا۔

تَذَعَّبَتْهُ۔الجِنُّ۔ خوفزدہ کرنا۔

اِنْذَعَبَ۔الماءُ :لگاتار بہنا۔

الذُّعْبَان۔جوان بھیڑیا۔

المُذْعَابِيْن۔ لگاتار دو پیاپے۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُمْ مُذْعَابِيْن كَأَنَّهُمْ عَرْفُ ضَبْعَان" میں نے لوگوں کو یکے بعد دیگرے دیکھا گویا کہ وہ لوگ نر بجو کے ایال ہیں۔

ذَعَتَ(ف)ذَعْتًا۔ سخت گلا گھونٹنا۔ خاک آلود کرنا۔ سختی سے ہٹانا۔

ذَعَجَهُ(ف)ذَعْجًا۔ سختی سے ہٹانا۔

_____ الجَارِيَةَ :جماع کرنا۔

الذَّعَاعِ۔ فرقے۔واحد(ذَعَاعَة)

ذَعْذَعَ۔ الشَّيْءَ :پراگندہ کرنا۔بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَعْذَعَتْه النَّوَائِبُ" اس کو مصیبتوں نے جھڑ جھڑا دیا _____ البِرَّ او الخَبَرَ :فاش کرنا۔ پھیلانا _____ الرِّيحُ الشَّجَرَ : _____ جھڑ جھڑا دینا۔

تَذَعْذَعَ۔ بکھرنا۔ پھیلنا۔ پراگندہ ہونا۔

الذَّعْذَاع۔ چغل خور۔ بھید کو نہ چھپانے والا۔

ذَعَاذِعُ۔النَّخل : کھجور کے ردی درخت۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا ذَعَاذِعَ" وہ لوگ اِدھر اُدھر متفرق ہو گئے۔

ذَعَرَهُ (ف) ذَعْرًا۔ ڈرانا۔ خوفزدہ کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

ذَعِرَ۔ڈرنا۔صفت(مَذْعُوْر)

ذَعِرَ(س)ذَعَرًا۔دہشت زدہ ہونا۔

اَذْعَرَهُ۔ڈرانا۔

تَذَعَّرَ۔ڈرنا۔

اِنْذَعَرَ۔ڈرنا۔گھبرانا۔

الذُّعْر۔خوف۔ڈر۔

اَمْرٌ(ذُعَرٌ) خوفناک معاملہ۔

الذَّاعِر۔فاڑنے والا۔خبیث۔

رَجُلٌ(ذَاعِرٌ وذُعَرَةٌ وذُعَرَةٌ) عیب دار مرد۔

الزُّعْرَة۔دبر۔

الذُّعَرَة۔ایک پرندہ جو ہر وقت اپنی دُم کو ہلاتا رہتا ہے۔

سَنَةٌ(ذُعْرِيَّةٌ) سخت سال۔

الذَّعُوْر۔ خوفزدہ۔ تہمت اور بُری باتوں سے ڈرنے والی عورت۔

نَاقَة(مُذَعَّرَة)پاگل اونٹنی۔

ذَعْطَهُ(ف)ذَعْطًا۔جلدی سے ذبح کرنا۔موت (ذَاعِطٌ وذَعُوْطٌ)جلد آنے والی موت۔

ذَعَفَ (ف) ذَعْفًا۔ زہر قاتل پلانا _____ الطَّعَامَ :کھانے میں زہر ملانا۔

ذَعِفَ(س)ذَعَفَانًا۔مرنا۔

اَذْعَفَهُ۔جلدی مار ڈالنا۔

اِنْذَعَفَ۔دل کا کٹ جانا۔سانس پھولنا۔

الذَّعْف والذِّعَاف۔ فوراً ہلاک کرنے والا زہر۔مَوْتٌ ذُعَافٌ :جلدی آنے والی موت۔ کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ ذَعْفُ اللُّعَابِ" فوراً ہلاک کرنے والا سانپ۔

الذَّعَفَان۔مہ۔موت۔

طَعَامٌ(مَذْعُوْفٌ) زہر ملا ہوا کھانا۔

ذَعَقَهُ(ف)ذَعْقًا۔ چیخنا _____ بِهِ : گھبرا دینا۔

دَاءٌ (ذُعَاق) مہلک بیماری۔ مَاءٌ ذُعَاق : سخت کھاری پانی۔

ذَعِلَ(س)ذَعَلًا۔انکار کے بعد اقرار کرنا۔

الذِّعْلِبُ والذِّعْلِبَة۔ تیز رفتار اونٹنی۔

الذِّعْلَبَة :شتر مرغ۔ ہلکی جاجت۔ کپڑے کا کنارہ یا وہ ٹکڑا جو پھٹ کر لٹک رہا ہو۔

الذِّعْلُوْب۔کپڑے کا کنارہ یا وہ ٹکڑا جو پھٹ کر لٹک رہا ہو۔ج ذَعَالِيْب۔ ثوبٌ۔ذَعَالِيْب :پرانا کپڑا۔

ذَعْلَفَهُ ذَعْلَفَةً۔ سرگشتہ کرنا۔ہلاک کرنا۔

الذُّعْلُوْق۔ گند ناکی مانند ایک بدبودار سبزی۔

چالاک لڑکا۔ایک چھوٹا سا پرندہ۔سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔

ذَعْمَطَهُ ذَعْمَطَةً۔جلدی سے ذبح کرنا۔

اَلذَّعْمَطَة۔بدزبان عورت۔

ذَعِنَ(س)ذَعْنًا و اَذْعَنَ۔لَهُ : مطیع و فرمانبردار ہونا۔ فروتنی کرنا۔اَذْعَنَ بِالحَقِّ :اقرار کرنا۔

المِذْعَان۔آسانی سے تابع ہونے والا۔

ذَغَّ(ن)ذَغًّا۔جَارِيَتَه :جماع کرنا۔

الذُّغْمُوْر۔سخت کینہ ور۔

ذَفَّ (ض) ذَفًّا و ذَفَفًا و ذِفَافًا۔ عَلَى الجَرِيْح : فوراً مار ڈالنا _____ فِي الأَمْرِ : جلدی کرنا( _____ ذَفًّا)الطَّاعُوْنُ فُلَانًا :ہلاک کرنا۔

ذَفَّفَ وذَافَّ واَذَفَّ۔ الجَرِيْحَ وذَافَّ عَلَيْهِ وَلَهُ : فوراً مار ڈالنا۔ وذَفَّفَ جَهَازَ رَاحِلَتِهِ :سواری کے سامان کو ہلکا کرنا۔

ذَفَّ (ض) ذَفِيْفًا واِسْتَذَفَّ اِسْتِذْفَافًا۔ الأَمْرُ :ممکن ہونا۔

الذُّفُّ۔تھوڑا پانی۔

الذِّفَاف۔ مہ۔ ذَفَّ عَلَى الجَرِيْح کا اسم تھوڑی چیز۔ ( _____ والذُّفَاف) زہر قاتل۔ تھوڑا پانی۔ ج ذُفُف واَذِفَّة۔ الذُّفَاف :ہلکا پھلکا تیز۔

الذَّفِيْف والمُذَفَّف۔ہلکا پھلکا تیز۔

ذَفْذَفَ ذَفْذَفَةً۔ الجَرِيْحَ : مار ڈالنا۔

ذَفْذَفَ :ناز سے چلنا۔

ذَفِرَ(س)ذَفْرًا۔ الشَّيْءُ :بو ظاہر ہونا(عام طور سے بدبو میں مستعمل ہے) صفت(ذَفِر و اَذْفَر) مؤنث ذَفِرَة و ذَفْرَاء _____ النَّبْتُ :زیادہ ہونا۔

اِسْتَذْفَرَ۔بالأَمْرِ :پختہ ارادہ کرنا۔

الذَّفَر والذَّفَرَة۔بو کی تیزی۔بدبو۔

الذَّفْرَاء۔ایک قسم کی بدبودار سبزی۔

الذِّفْرَىٰ۔کان کے پیچھے کی ہڈی۔ج ذِفْرَيَات وذَفَارَىٰ وذَفَارٍ۔

رَوْضَةٌ (مَذْفُوْرَة) باغ جس میں ذفراء سبزی بہت ہو۔

تَذَقَّحَ۔لَهُ :ناکردہ گناہ کو متہم کرنا۔

الذُّقَاحَة والمُتَذَقِّح۔ ناکردہ گناہ کو متہم کرنے والا۔

ذَقَطَ(ن ض)ذَقْطًا۔الطَّائِرُ :پرندہ کا جفتی کرنا _____ الذُّبَابُ :مکھی کا بیٹ کرنا۔

تَذَقَّطَ تَذَقُّطًا۔الشَّيْءَ : تھوڑا تھوڑا لینا۔

الذَّقَط۔غصبناک۔

الذُّقَط۔مکھی کا بچہ۔ج ذِقْطَان۔

رَجُلٌ(ذُقَطَة وذِقِيط۔مرد خبیث۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الذَّقْطَان- غضبناک-
لَحْمٌ مَذْقُوْظٌ) مکھی کا بیٹ کیا ہوا گوشت-
ذَقَنَهٗ(ن)ذَقْنًا- ٹھوڑی پر مارنا (ـــــ وَذَقَّنَ) عَلٰی یَدِہٖ اَوْ عَصَاہ : ٹھوڑی کو سہارا دینا-
ذَاقَنَہٗ مُذَاقَنَةً- تنگ کرنا-
الذَّقَن والذِقَن- ٹھوڑی- ج اَذْقَان-
الذَّقْن- بہت بوڑھا-
الذَّاقِنَة- حلق کے کنارہ پر ابھرا ہوا حصّہ-
الاَذْقَن- لمبی ٹھوڑی والا- مؤنث ذَقْنَاء- ج ذُقْن-
المَذْکُوْبَة- پارسا عورت-
الذَّکْذَکَة- زندہ دلی- کہا جاتا ہے "لَهٗ اَوْ فِیْهِ ذَکْذَکَة" اس کے اندر زندہ دلی ہے-
ذَکَرَ(ن)ذِکْرًا وتِذْکَارًا- اَللّٰهَ : تسبیح و تمجید کرنا ـــــ الشَّیْءَ : دل میں یاد کرنا ـــــ لِفُلَانٍ حَدِیْثًا : ذکر کرنا ـــــ الاَمْرَ : اچھی طرح سمجھنا ـــــ اِسمَ اللّٰه : اللہ کا نام لینا ـــــ حَقَّ فُلَانٍ- کسی کے حق کی حفاظت کرنا-
ذَکَّرَ- الکَلِمَةَ : مذکر استعمال کرنا- ذکّرَہ الشَّیْءَ وذَکَّرَہ بِہٖ : یاد دلانا ـــــ القَوْمَ : وعظ و نصیحت کرنا-
اَذْکَرَہٗ الشَّیْءَ : یاد دلانا ـــــ المَرْاَةُ : لڑکے جننا- صفت (مذکر)
ذَاکَرَہٗ مُذَاکَرَةً- فِی اَمْرٍ : کسی معاملہ میں گفتگو کرنا-
تَذَکَّرَ- الشَّیْءَ : یاد کرنا-
تَذَاکَرُوْا- فِی الاَمْرِ : کسی کام میں باہم مشغول ہونا- تَذَاکَرُوْا الشَّیْءَ : کسی چیز کو یاد کرنا-
اِذَّکَرَ وا اِدَّکَرَ واِذْدَکَرَ واِسْتَذْکَرَ- الشَّیْءَ : یاد کرنا- واِسْتَذْکَرَ الشَّیْءَ : پڑھنا- حفظ کرنا- اِسْتَذْکَرَ الرَّجُلَ : یادداشت کے لیے کسی کی انگلی میں دھاگا باندھ دینا-
الذِّکْر- مہ- شہرت- کہا جاتا ہے "لَهٗ ذِکْرٌ فِی النَّاسِ" اس کی لوگوں میں شہرت ہے- تعریف و ثنا- شرف و بزرگی- نماز و دعا- وَالذِّکْرُ مِنَ الرِّجَالِ : توانا و دلاور مرد-
مِنَ القَوْلِ : بلند و سنجیدہ قول ـــــ مِنَ المَطَرِ : بڑے قطروں والی بارش- ذِکْرُ المَیِّتِ : مرنے کے بعد لوگوں کی زبان پر نام باقی رہنا- ذِکْرُ الحَقِّ : چمک- ج ذُکُوْر-
الذُّکر- یاد آوری- کہا جاتا ہے "واجْعَلْهُ مِنِّیْ عَلٰی ذُکْرٍ" اس کو میرے لیے ایسا کردے کہ میں نہ بھولوں-
الذَّکِر والذِّکِّیْر والذَّکُوْر والذِّکِیْز- بہت یاد کرنے والا- اچھی قوتِ حافظہ والا- اچھی یادداشت والا- والذَّکِّیْر مِنَ الحَدِیْد : عمدہ اور سخت لوہا- رَجُلٌ ذَکِّیْر : خوددار مرد- اِمْرَاَة ذِکِّیْرَةٌ : مردوں سے مشابہت کرنے والی عورت-
الذِّکْرَة- یاد-
الذَّکَر- نر- ـــــ مِنَ الحَدِیْد : عمدہ لوہا ـــــ مِنَ النِّحَاس : سخت تانبا جو اچھی طرح کوٹا نہ جا سکے- سَیْفٌ ذَکَرٌ : تلوار جس کی دھار عمدہ لوہے کی ہو اور پشت معمولی لوہے کی مَطَر ذَکَرٌ : سخت بارش- الذَّکَر مِنَ النَّخْلِ : پھل نہ دینے والا کھجور کا درخت- ج ذُکُوْر- و ذُکُوْرَةٌ وذُکْرَان وذِکَارٌ وذِکَارَة وذِکَرَة- ذُکُوْرُ البَقْل : وہ ترکاریاں جو لمبی اور سخت ہو گئی ہوں-
الذَّکَر- عضو تناسل- ج ذُکُوْرٌ ومَذَاکِیْر-
الذِّکْرٰی- یاد دہانی- دل یا زبان سے یاد کرنا-
الذُّکْرَة- شہرت- کلہاڑی کے سر پر فولاد کا ٹکڑا- وذُکْرَةُ السَّیْفِ : تلوار کی تیزی-
الذَّاکِرَة- ذاکرہ کا مؤنث- قوتِ حافظہ-
التَّذْکِرَة- ضرورت کو یاد دلانے والی چیز- وعِنْدَ المَوَلِّدِیْن : سرٹیفکیٹ- پاسپورٹ- ٹکٹ- ج تَذَاکِرُ-
رَجُلٌ (ذَکَّار) اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرنے والا-
الذُّکُوْرَة- مردی-
المُذْکِر- لڑکے جننے والی عورت- یَوْمٌ مُذْکِرٌ : سخت دہشت کا دن- طَرِیْقٌ مُذْکِرٌ : خوفناک راستہ- دَاهِیَةٌ مُذْکِرٌ : سخت مصیبت-
المُذَکَّر- نر- ـــــ مِنَ السُّیُوْفِ : آبدار تلوار- طَرِیْقٌ مُذَکَّرٌ : خوفناک راستہ- یَوْمٌ مُذَکَّرٌ : سخت دہشت کا دن-
المُذَکِّرَة والمُتَذَکِّرَة- مردوں کی مشابہت کرنے والی عورت-
المِذْکَار- عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو- اَرْضٌ مِذْکَارٌ : سخت ترکاری اگانے والی زمین-
ذَکَتَ تَذْکُوْ ذُکُوًّا وذَکًا وذَکَاءً واِسْتَذْکَتَ- النَّارُ : سخت شعلہ بھڑکنا- الشَّمْسُ : آفتاب کا سخت گرم ہونا ـــــ الحَرْبُ : لڑائی کا تیز ہونا-
ذَکَی یَذْکَی وذَکِیَ یَذْکَی وزَکُوَ یَذْکُوْ ذَکَاءً- تیز خاطر ہونا- صفت (ذَکِیٌّ) مؤنث ذَکِیَّة- ج اَذْکِیَاء-
ذَکَا یَذْکُوْ ذَکًا وذَکَاةً- الذَّبِیْحَة : ذبح کرنا (ـــــ ذَکَاءً) المِسْکُ : مشک کی خوشبو بھڑکنا- صفت (ذَکِیٌّ)
ذَکَّیَ- النَّارَ : آگ بھڑکانا ـــــ الحَرْبَ : لڑائی کی آگ بھڑکانا ـــــ الذَّبِیْحَة : ذبح کرنا- الرَّجُلُ : بڑی عمر کا اور موٹا ہونا-
اَذْکَی- النَّارَ : آگ بھڑکانا- روشن کرنا- الحَرْبَ : لڑائی کی آگ بھڑکانا- اور کہا جاتا ہے "اَذْکَی عَلَیْهِ العُیُوْن" اس نے اس پر جاسوس بھیجے-
اِسْتَذْکَی اِسْتِذْکَاءً- النَّارَ : آگ بھڑکانا- روشن کرنا- اِسْتَذْکَتَ النَّارُ : آگ کا تیز بھڑکنا-
الذَّکَاء- مہ- تیزی خاطر- زود فہمی-
ذُکَاء- آفتاب کا اسم علم ہے (غیر منصرف) کہا جاتا ہے "طَلَعَتْ ذُکَاء" آفتاب طلوع ہو گیا-
اِبْنُ ذُکَاء : صبح-
الذُّکُوَّة والذُّکْیَة- ایندھن- آگ سلگانے کی چیز-
الذَّکَاء- مہ- انگارا (ـــــ والذَّکَاة) ذبح-
المُذْکِی والمُذْکِی- مِنَ السَّحَاب : بہت بارش والا بادل- المُذْکِی مِنَ الخَیْل : گھوڑا جس کی عمر پوری اور قوت کامل ہو چکی ہو- ج- المَذَاکِی والمُذْکِیَات-
الذَّکْوَانَة- چھوٹا زین- ج ذَکَاوِیْن-
ذَلَّ (ض) ذُلًّا وذِلَّةً وذَلَالَةً ومَذَلَّةً- ذلیل ہونا- خوار ہونا- صفت (ذَلِیْل وذُلَّان) ج اَذِلَّاء واَذِلَّة وذِلَال- (ـــــ ذُلًّا وذِلًّا) البَعِیْرُ : آسانی سے تابع ہونا- صفت (ذَلُوْل) ج اَذِلَّة وذُلُل- کہا جاتا ہے "ذَلَّتْ لَهُ القَوَافِی" اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قوائی کی آمد ہوئی۔
ذَلَّلَهٗ وَاَذَلَّهٗ وَاسْتَذَلَّهٗ۔ ذلیل کرنا۔ اَذَلَّهٗ وَاسْتَذَلَّهٗ : ذلیل پانا۔ وَاَذَلَّ الرجُلُ : مستحق ذلت ہونا۔ ذلیل ساتھیوں والا ہونا۔
ذُلِّلَ۔ الکرمُ : گچھے لٹکایا جانا یا برابر کیا جانا
____ النخلُ : درخت خرما کے خوشوں کو لکڑی پر رکھنا۔
تَذَلَّلَ۔ لَهٗ : خاکساری و فروتنی کرنا۔
الذِلُّ۔ مہ۔ مہربانی و نرمی۔ ذِلُّ الطَّرِیْق : راستہ کا روندا ہوا حصہ ج اَذْلَال۔ کہا جاتا ہے "دَعْهُ عَلٰی اَذْلَالِهٖ" اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دو۔ و "جَاءَ عَلٰی اَذْلَالِهٖ" وہ اپنے طور طریقہ پر آیا۔ و "اُمُوْرُ اللّٰهِ جَارِیَةٌ اَذْلَالَهَا اَوْ عَلٰی اَذْلَالِهَا" اللہ کے اُمور حسب مواقع جاری ہیں۔ وَاَذْلَالُ النَّاسِ : سب سے آخری لوگ۔
الذُّلُّ۔ مہ۔ تابعداری۔ سہولت۔ نرمی۔ تواضع۔ کہا جاتا ہے "ذُلٌّ ذِلِیْلٌ" ذلیل کرنے والا یا بڑی ذلت۔
الذَّلُوْلِیُّ۔ نرم اور اچھے اخلاق والا۔
طَرِیْقٌ مُذَلَّلٌ۔ چلتا ہوا راستہ۔
شَجَرَةٌ (مُذَلَّلَةٌ) درخت جس کو ہر شخص پا لے۔
ذَلَجَ (ن) ذَلْجًا۔ المَاءَ : گھونٹ گھونٹ پینا۔
الذَّلَاح۔ پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَلَغَ (ف) ذَلْغًا۔ پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔
صفت (اَذْلَغ ____ الطَّعَامَ) : کھانا ____ الجَارِیَةَ : جماع کرنا۔
ذَلِغَتْ (س) ذَلَغًا۔ شَفَتُه : ہونٹ کا اُلٹنا۔
صفت (اَذْلَغ)
تَذَلْذَلَ۔ الشَّیْءُ : ڈھیلا ہونا۔ مضطرب ہونا۔
الذَّلْذَل والذِّلْذِل۔ کپڑے کا دامن۔ ج ذَلَاذِل۔ کہا جاتا ہے "شَمِّرْ ذَلَاذِلَكَ لِهٰذَا الْاَمْرِ" اس کام کیلئے اپنے دامن کو سمیٹ لو۔ یعنی مستعد ہو جاؤ۔ "ذَلَاذِلُ النَّاسِ وُ ذُلَیْذِلَاتُهُمْ" سب سے آخری لوگ۔
ذَلِفَ (س) ذَلَفًا۔ الاَنْفُ : ناک چھوٹی اور ہموار ہونا۔
الاَذْلَف۔ چھوٹی اور ہموار ناک والا۔ مؤنث ذَلْفَاء ج ذُلْف۔
ذَلَقَ (ن) ذَلْقًا وَاَذْلَقَ۔ الطَّائِرُ : بیٹ کرنا۔ ذَلَقَ اللِّسَانُ : تیز و فصیح ہونا۔ (____ وَاَذْلَقَ وَذَلَّقَ) السِّكِّیْنَ : چھری تیز کرنا۔ ذَلَقَه وَاَذْلَقَه وَذَلَّقَه : کمزور و لاغر کرنا۔ ذَلَّقَ الصَّبَّ : بچو کو باہر نکالنے کیلئے سوراخ میں پانی ڈالنا۔
ذَلِقَ (س) ذَلَقًا۔ السَّیْفُ او اللِّسَانُ : تلوار یا زبان کا تیز ہونا ____ السِّرَاجُ : چراغ روشن ہونا ____ الرجُلُ : رنجیدہ ہونا۔
____ مِنَ العَطَشِ : پیاس سے قریب الموت ہونا۔
ذُلُق (ک) ذَلَاقَةً۔ اللِّسَانُ : فصیح ہونا۔
اِنْذَلَقَ۔ تیز زبان ہونا۔
ـ الذَّلْق۔ مہ۔ ذَلْقُ الشَّیْءِ وذُلَاقَتُه : کسی چیز کی تیزی۔ ذَلْقُ اللِّسَان : زبان کا کنارہ۔ ذَلْقُ السَّهْمِ : تیر کا باریک حصہ۔
الذَّلْق والذَّلَق والذُّلُق والذُّلَق والذَّلِق والذَّلِیْق۔ مِنَ الْاَلْسِنَة او الاَسِنَّة : تیز زبان یا بھالا۔ کہا جاتا ہے "لِسَانٌ ذَلِقٌ ظَلِقٌ وذُلُقٌ ظُلُقٌ وذُلَقٌ ظُلَقٌ" تیز زبان فصیح و بلیغ۔
الاَذْلَق۔ مِنَ الاَلْسِنَة او الاَسِنَّة : تیز زبان یا بھالا۔ ج ذُلْق۔
الذَّوْلَق۔ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کی تیزی۔
ذَوْلَقُ اللِّسَان : زبان کا کنارہ۔ اور اسی سے ہے "اَلْاَحْرُفُ الذَّوْلَقِیَّةُ" یعنی وہ حروف جن کا مخرج کنارہ زبان ہے۔
المُذَلَّق۔ تیز کنارہ والا۔ پانی ملا ہوا دودھ۔
ذَلَی یَذْلِی ذَلْیًا۔ الرُّطَبَ : تر کھجور چننا۔
اِنْذَلَی۔ الرُّطَبُ : تر کھجور چنا جانا۔
تَذَلَّی۔ تواضع۔ فروتنی کرنا۔
اِذْلَوْلَی۔ ذلیل ہونا۔ مطیع ہونا۔ چھپ کر چپکے سے جلدی نکل جانا۔
ذَمَّهٗ (ن) ذَمًّا و مَذَمَّةً : بُرائی بیان کرنا ____ الاَنْفُ : ریننٹ بہنا۔
ذَمَّمَهٗ۔ بُرائی بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
ذَامَّ۔ عَیْشَهٗ : قناعت کرتے ہوئے گزارہ کرنا۔
اَذَمَّهٗ۔ قابل مذمت پانا۔ پناہ دینا اور اپنی حفاظت میں لے لینا ____ الرجُلُ : قابل مذمت فعل کرنا ____ عَلَیْهِ وَلَهٗ : کسی کے لیے پناہ لینا ____ المَكَانُ : خشک و بے برکت ہونا۔ اَذَمَّ بِهِمْ : حقارت کرنا اور بقول بعض مذموم حالت میں چھوڑنا۔
تَذَامَّ۔ القومُ : ایک دوسرے کی بُرائی بیان کرنا۔
تَذَمَّمَ۔ منه : ننگ و عار سمجھنا اور شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ اَتَذَمَّمُ مِنَ الْقَوْمِ" میں قوم سے دوسروں کی طرف منتقل ہو جاؤں گا۔
اِسْتَذَمَّ۔ قابل مذمت فعل کرنا۔
بِهٖ : پناہ طلب کرنا ____ اِلٰی فُلَانٍ : کسی کے ساتھ ایسا فعل کرنا جس پر وہ اس کی مذمت کرے۔
الذَّم۔ مہ۔ بُرائی۔ مذمت۔ ج ذُمُوْم۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ كَذَا وَ خَلَاكَ ذَمٌّ" ایسا کرو تمہیں اس پر ملامت نہ ہوگی۔ الذَّم بمعنی مذمُوْم۔ مصدر بمعنی مفعول۔
بِئْرٌ (ذَمَّةٌ) کم پانی والا کنواں۔ زیادہ پانی والا کنواں۔
الذِمُّ۔ کفالت۔ بہت زیادہ لاغر۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذِمٌّ" ہلاک ہونے والا مرد۔
الذِمَام۔ حق۔ عزت۔ حرمت۔ ج اَذِمَّة۔
الذَّمَامَة و الذِّمَامَة۔ کفالت۔
الذُّمَامَة۔ بقیہ۔
الذِمَّة۔ امان۔ عہد۔ ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "فِیْ ذِمَّتِیْ كَذَا" یعنی میری ذمہ داری میں۔ ج ذِمَم۔ اَهْلُ الذِمَّةِ : دار السلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار۔ ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنے والی قوم۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِیْ ذِمَّةِ اللّٰهِ" تو اللہ کی پناہ میں ہے۔
الذِمِّیّ۔ جزیہ دے کر دار السلام میں رہنے والا۔
الذَّمِیْم۔ بُرا۔ مُنہ پر کی پھنسی۔ شخص۔ ریننٹ۔ بدمزہ پانی۔ بِئْرٌ ذَمِیْم : کم یا زیادہ پانی والا کنواں (ضد) ج ذِمَام۔
المُذِم۔ فا۔ بے حرکت۔ اَمْرٌ مُذِمٌّ : عیب دار۔
المَذَمَّة۔ مہ۔ برائی۔ حق و حرمت۔ اور اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سے ہے "هُوَ يَحْفَظُ مَذَمَّتَه" وہ اپنے حق کی حفاظت کرتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "قَضٰى مَذَمَّتَهٗ اَوْ مَذِمَّتَه" اس نے مذمت و برائی کے خوف سے اس کے ساتھ احسان کیا۔ "وَاَذْهِبْ مَذَمَّتَه بِشَيْءٍ" اس کو کچھ دو کہ اس کا حق ہے۔

المُذَمَّم۔ مذموم۔

ذَمَأَ (ف) ذَمْأً۔ الاَمْرُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔

ذَمَتَ (ض) ذَمْتًا۔ لاغر ہونا۔ متغیر ہونا۔

ذَمْحَلَهٗ ذَمْحَلَةً۔ لڑھکانا۔

ذَمْذَمَ۔ الرجلُ: تھوڑا عطیہ دینا۔

ذَمَرَه (ن) ذَمْرًا۔ دھمکی دینا۔ ذَمَرَهٗ عَلَى الاَمْرِ: ملامت کے ساتھ کسی کام پر برانگیختہ کرنا ـــــ الاَسَدُ: گونجنا۔ دھاڑنا۔

ذَمَّرَ۔ الشَّيْءَ: اندازہ کرنا ـــــ الرَّجُلَ: کسی کے مونڈھے کو چھونا۔

تَذَمَّرَ۔ فوت شدہ چیز پر اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ يَتَذَمَّرُ عَلٰى رَبِّهٖ" وہ اپنے رب پر بگڑتا تھا ـــــ عَلٰى فُلَانٍ: بگڑنا اور دھمکی دینا۔ (ـــــ وتَذَامَرَ) القَوْمُ۔ ایک دوسرے کو جنگ پر برانگیختہ کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

الذِّمْر و الذِّمْرُ و الذِّمِرُّ و الذِّمِّيْر۔ بہادر۔ ج اَذْمَار۔

الذِّمَار۔ ہر وہ چیز جس کی حمایت و حفاظت ضروری ہو۔ حرم۔ اپنے لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْنَعُ ذِمَارًا مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہے و "هُوَ حَامِيْ الذِّمَار" وہ قابل نگہداشت چیز کی حمایت و حفاظت کرنے والا ہے۔

ذَمَارِ۔ جنگ پر برانگیختہ کرنے کے لیے اسم فعل ہے۔

الذَّمَارَة۔ شجاعت۔ بہادری۔

الذِّمِرِّيُّ۔ تیز طبیعت۔

المُذَمَّر۔ مضبوط۔ کندھا۔ گردن اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الاَمْرُ المُذَمَّرَ" معاملہ شدت کو پہنچ گیا۔

ذَمَطَه (ض) ذَمْطًا۔ زبح کرنا۔

طَعَامٌ (ذَمِطٌ) زود ہضم خوراک۔

ذَمَلَ (ن ض) ذَمْلًا و ذُمُوْلًا و ذَمِيْلًا و ذَمَلَانًا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا آہستہ چلنا۔

ذَمَّلَ۔ البَعِيْرَ: اونٹ کو آہستہ چلانا۔

نَاقَةٌ (ذَمُوْلٌ) آہستہ چلنے والی اونٹنی۔ ج ذُمَّل۔

الاَذْمَل۔ برص والا۔

ذَمْلَقَ ذَمْلَقَةً۔ چاپلوس کرنا۔

الذَّمَلَق۔ چاپلوس۔ تیز زبان۔ تیز تلوار۔

ذَمِه (س) ذَمَهًا۔ الحَرُّ: گرمی سخت ہونا ـــــ الرَّجُلُ بِالحَرِّ: سخت گرمی لگنا۔

ذَمِي (س) ذَمًا و ذَمَاءً۔ ہلنا۔

ذَمِي (ض) ذَمَاءً۔ لمبی بیماری والا ہونا۔ قریب الموت ہونا۔ بدبو نکلنا (ـــــ ذَمَيَانًا) جلدی کرنا (ذَمَتْهُ الرِّيْحُ تَذْمِيْهِ ذَمْيًا) تکلیف دینا۔

اَذْمٰى اِذْمَاءً۔ فُلَانًا: مار کر مرنے کے قریب کر دینا۔

اِسْتَذْمٰى۔ مَا عِنْدَه: جو کچھ کسی کے پاس ہو ڈھونڈ کر سب کچھ لے لینا۔

الذَّمٰى۔ بدبو۔

الذَّمَاء۔ بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "اَطْوَلُ ذَمَاءً مِنَ الضَّبِّ" وہ بجو سے زیادہ سخت جان ہے۔ اس وجہ سے کہ بجو کی روح بڑی دیر میں نکلتی ہے۔

ذَنَّ (ض) ذَنِيْنًا و ذَنَنًا۔ المَخَاطُ: رینٹ بہنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه لَيَذِنُّ" یعنی وہ بڑھاپے یا مرض کی وجہ سے ضعیف ہے۔ و "مَازَالَ يَذِنُّ فِيْ تِلْكَ الحَاجَةِ حَتّٰى اَنْجَحَهَا" وہ ہمیشہ اس حاجت میں لگا رہا یہاں تک کہ اس کو کامیاب کر لیا۔

ذَنَّ (س) ذَنًّا و ذَنَّنَ۔ رینٹ بہنے والا ہونا۔

ذَنَّ (ض) ذَنِيْنًا۔ البَرْدُ: سخت سردی ہونا۔

الذَّنَن۔ گندگی۔

الاَذَنُّ۔ وہ شخص جس کے دونوں نتھنوں سے رینٹ بہہ رہی ہو۔ مؤنث ذَنَّا۔ ج ذُنٌّ اور اَنْفُكَ مِنْكَ وَاِنْ كَانَ اَذَنَّ مثال ہے۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے ضعفاء قوم سے بیزار ہو۔

الذُّنَان و الذِّنِّيْن۔ بہنے والی رینٹ۔

الذُّنَانَة۔ حاجت۔ کمزور چیز کا بقیہ۔

ذَنَبَه (ض ن) ذَنْبًا۔ پیچھے لگے رہنا۔

ذَنَّبَ۔ العِمَامَةَ: شملہ لٹکانا ـــــ الكِتَابَ: تتمہ لگانا ـــــ الضَّبَّ: بجو کی دم پکڑ لینا ـــــ الجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین میں دم چبھونا ـــــ الضَّبُّ: بجو کا سوراخ سے صرف دم یا ہر نکالنا۔

اَذْنَبَ۔ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔

تَذَنَّبَ۔ عَلَيْه: زیادتی کرنا ـــــ الرَّجُلُ: شملہ لٹکانا ـــــ الطَّرِيْقَ: راستہ اختیار کرنا۔

تَذَانَبَ۔ السَّحَابُ: بادلوں کا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَذْنَبَه۔ پیچھے جانا۔ گنہگار پانا یا سمجھنا ـــــ الاَمْرُ: کامل ہونا۔

الذَّنْب۔ گناہ۔ ج ذُنُوْب و جج ذُنُوْبَات۔

الذَّنَب۔ مِنَ الحَيَوَان: دم۔ ج اَذْنَاب۔ اَذْنَابُ النَّاسِ: معمولی لوگ۔ ذَنَبُ العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک۔ ذَنَبُ السَّوْطِ: کوڑے کا کنارہ۔ ذَنَبُ الثَّعْلَبِ وذَنَبُ الفَرَسِ وذَنَبُ الخَيْلِ: مختلف نباتات کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بِذَنَبِه" اس نے اقامت کر لی۔ وَرَكِبَ ذَنَبَ البَعِيْرِ وہ ناقص حصہ پر راضی ہو گیا۔ وَرَكِبَ ذَنَبَ الرِّيْحِ وہ آگے بڑھ گیا اور کوئی اس کو نہ پا سکا۔ و "بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ ذَنَبُ الضَّبِّ" میرے اور اس کے درمیان دشمنی ہے۔

الذِّنَاب۔ اونٹ کی دم باندھنے کی رسی۔

ذِنَابُ الشَّيْءِ: چیز کا پچھلا حصہ۔ ج ذَنَائِب۔

الذِّنَابَة۔ قرابت۔ (ـــــ و الذُّنَابَة و الذَّنَبَة) مِنَ الوَادِيْ۔ وادی کے بہنے کی انتہائی جگہ۔

الذَّنَبَة: دم۔ ذَنَبَاتُ النَّاسِ وذَنَابَاتُهُم: لوگوں میں معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الذُّنَابِيٰ۔ پرندہ کی دم۔

الذَّنُوْب۔ مِنَ الخَيْلِ: لمبی اور زیادہ بالوں کی دم والا گھوڑا۔ ج ذَنَائِبُ و ذِنَاب و اَذْنِبَة۔

الذَّنُوْبُ: قبر۔ دنبہ کی چکی کا گوشت۔

ضَبٌّ (اَذْنَبُ) لمبی دم والی گوہ۔

الذِّنْبِيَّى و الذُّنْبِيَّى۔ دم۔

المِذْنَب۔ لمبی دم۔ پتلا نالہ۔ کہا جاتا ہے "سَالَتِ المَذَانِبُ" نالے بہ پڑے (ـــــ و المِذْنَبَة) چھوٹا۔

المُذَنَّب۔ دم دار۔ اور اسی سے ہے "نَجْمٌ مُذَنَّب" دم دار تارہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المُذَانِب- مِنَ الابل و الخَيل : سب سے آخر میں چلنے والا اونٹ یا گھوڑا-

ذِهٖ وذِهٖ- اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے اور اس پر "ھا" تنبیہ داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں هٰذِهٖ وهٰذِهٖ-

ذَهَبَ (ف) ذَهَابًا و ذُهُوْبًا و مَذْهَبًا- جانا- گزرنا- مرنا- الأَمْرُ : ختم ہونا ـــــ علٰی الشئ : بھول جانا ـــــ بِهٖ : لے جانا- ساتھ جانا- جگہ سے ہٹانا اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ بِهِ الخُيَلَاء" اس کو تکبر لے گیا یعنی اس کو اس کے مرتبہ سے گرا دیا-

فی المَسْئَلَةِ اِلٰی كَذَا : فلاں رائے اختیار کرنا-

ذَهِبَ (س) ذَهَبًا- سونے کی کان میں بہت سا سونا پا کر حیران ہونا-

اَذْهَبَ وذَهَّبَ- سونے کی قلعی کرنا- صفت مفعول (ذَهِيْبٌ و مُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ) اَذْهَبَهٗ واَذْهَبَ بِهٖ : لے جانا- جگہ سے ہٹانا-

الذَّهَب- مذ- سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهَابٌ وَ ذُهُوْب و ذِهْبَان- ایک ٹکڑے کو (ذَهْبَة) کہتے ہیں- الذَّهَب : انڈے کی زردی- ج ذِهَاب واَذْهَاب و ج اَذَاهِيب-

الذِّهْبَة- ہلکی یا بہت بارش- ج ذِهَاب واَذْهَاب و ج اَذَاهِيب-

الذَّهُوْب- جانے والا-

المَذْهَبُ- مذ- روش- طریقہ- اعتقاد- اصل- ج مَذَاهِب "تَمَذْهَبَ بِالمَذْهَبِ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا- مشہور مذاہب چار ہیں- حنفی- شافعی- حنبلی- مالکی-

المُذَهَّبَات- زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد-

ذَهِرَ (س) ذَهَرًا- فوہ : کالے دانتوں والا ہونا- صفت (اَذْهَر) مؤنث ذَهْرَاء- ج ذُهْر-

ذَهَلَ (ف) ذَهْلًا و ذُهُوْلًا- الشَّئَ و عَنْهُ : بھول جانا- غافل ہو جانا-

ذَهِلَ (س) ذُهُوْلًا- ہکا بکا ہونا- ہوش میں نہ رہنا-

اَذْهَلَ- غافل کر دینا-

الذُّهْل و الذَّهْل- مِنَ اللَّيْلِ : رات کا ایک حصہ-

المَذْهَل- ہکا بکا ہونے کی جگہ-

الذُّهْلُوْل- مِنَ الخَيْل او الرِّجَال : عمدہ گھوڑا- اچھا آدمی- ج ذَهَالِيْل-

ذَهَنَ (ف) ذَهْنًا- اَلْأَمْرَ : سمجھنا- تیزی خاطر میں غالب آنا (ـــــ واَذْهَنَ و اِسْتَذْهَنَ) الرَّجُلَ عَنِ الْأَمْرِ : فراموش کر دینا-

ذَهِنَ (س) ذَهْنًا- الشَّئَ : سمجھنا-

ذَهُنَ (ک) ذَهَانَةً- اچھے حافظہ والا ہونا-

ذُهِنَ- ذہن کا زائل ہونا-

ذَاهَنَهٗ- زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا- کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُذَاهِنُ النَّاسَ و يُفَاطِنُهُمْ" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے- اَقْرَبُ المَوَارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت-

الذِّهْن- سمجھ- عقلی قوت- حافظہ- زیرکی- تیزی خاطر- چربی- قوت اور اسی سے ہے "مَا بِرِجْلِی ذِهْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں- ج اَذْهَان-

الذَّهَن- سمجھ- زیرکی- ج اَذْهَان- کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اهل الاذهان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے-

رجل (ذَهِن و ذِهْنٌ) ذکی اور سمجھ دار مرد-

ذَهَا (ن) ذَهْوًا- تکبر کرنا-

ذُوْ- صاحب مالک- تثنیہ ذَوَان- ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُهٗ ذَاصَبَاحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جَاءَ مِنْ ذِیْ نَفْسِهٖ" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا- اور فقہاء کے قول "ذُو الیَد اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِیْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا- ذَوُو الْأَرْحَام : رشتہ دار- اقربا- الذَّوُوْن و الْأَذْوَاء : یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں- جیسے ذُوْيَزَن- ذُوْنَوَاس- ذُوْرُعَاش- وغیرہ-

ذَاتٌ- ذُوْ کا مؤنث- تثنیہ ذَوَاتَان- ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ ذَاتَ يَوْمٍ او ذَاتَ لَيْلَة اَوْذَاتَ مَرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی- "وَكَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعُوَيْم" یہ گزشتہ سال تھا- و "جَلَسَ ذَاتَ اليَمِيْنِ وہ داہنی جانب بیٹھا- "وَلَقِيْتُهٗ اَوَّلَ ذَاتِ يَدَيْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا- ذَاتُ الصَّدْرِ : فکر یا بھید- ذَاتُ اليَمِيْنِ : داہنی جانب- ذَاتُ البَيْنِ : حال- کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو- ذَاتُ شَفَةٍ : کلمہ- کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُهٗ فَمَارَدَّ عَلَیَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا- ذَاتُ اليَدِ : ملکیت- کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ يَدِهٖ" اس کی ملکیت کم ہو گئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتْ الدَّجَاجَةُ ذَاتَ بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی- ذَاتُ الجَنْبِ عِنْدَ الاَطِبَّاء : نمونیا- ذَاتُ الرِّئَةِ و ذَاتُ الصَّدْرِ و ذَاتُ الكَبِد : بیماریوں کے نام-

الذَّات- وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو- ذَاتُ الشئ : نفس شئ- عین شئ- جوہر شئ- اِسْمُ الشئ- عِنْدَ النَّحَاةِ : نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو- جیسے مرد- شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم' شجاعت' سخاوت وغیرہ- الذَّوَات عِنْدَ المُوَلِّدِيْن : قوم کے بڑے بڑے لوگ-

الذَّاتِی- ذات کی جانب منسوب-

ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا- الثَّلْجُ او السَّمَنُ : برف یا گھی پگھلنا ـــــ دَمْعُهٗ : آنسو بہنا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا گرم و تیز ہونا ـــــ الرَّجُلُ : عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا- شہد کھانے پر مداومت کرنا- کہا جاتا ہے "ذَابَ لِی عَلَيْهِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَاذَابَ لِیْ فِیْ يَدِیْ مِنْهُ خَيْر" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا- و "ذَابَ جِسْمُ الرَّجُل" لاغر ہو گیا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ذَوَّبَ۔ السَّمْنَ : گھی پگھلانا ـــــ الْغُلَامَ : لڑکے کے گیسو بنانا۔

اَذَابَ اِذَابَةً۔ السَّمْنَ : گھی پگھلانا ـــــ حَاجَتَه : حاجت پوری کرنا ـــــ اَمْرَهُمْ : درست کرنا ـــــ عَلَى الْعَدُوِّ : دشمن پر لوٹ ڈالنا۔

اِسْتَذَابَه۔ پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا ـــــ الشَّیْءَ : باقی رکھنا ـــــ حَاجَتَهٗ : پوری کرنا۔

الذَّاب۔ عیب۔

الذَّوْب۔ مہ۔ خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّهَب : سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الْكَلَامُ ذَوْبُ الرُّوحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔

الذَّوْبَة۔ ذَابَ کا اسم مرۃ : کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے۔ نَاقَة (ذَوْذُوبٌ) موٹی اونٹنی۔

الْاِذْوَاب و الْاِذْوَابَة۔ مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْلٰى مِنَ الذَّوْبِ بِالْاِذْوَابَة" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔

الْمِذْوَب۔ سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔

الْمِذْوَبَة۔ چمچہ۔

ذَاجَ (ن) ذَوْجًا۔ جلدی کرنا ـــــ الْمَاءَ : پانی پینا۔

ذَاحَ (ن) ذَوْحًا۔ سخت چال چلنا۔

( ـــــ وذَوَّحَ) الْاِبِلَ : اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔

ذَادَه (ن) ذَوْدًا و ذِيَادًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ وھکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الْاِبِلَ عَنِ الْمَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹادیا ( ـــــ وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِه : بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد و ذَادَة۔

اَذَادَ اِذَادَةً و اَذْوَدَهُ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔

الذَّوَّاد۔ بہت دفع کرنے والا۔

الْمَذَاد۔ چراگاہ۔

الْمِذْوَد۔ مویشیوں کا تھان۔ جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔

رِجَال (مُذَاوِدُ و مَذَاوِيدُ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔

الذُّوْر۔ مٹی۔

الذُّوْرَة۔ پرندے کے پوٹے کا اگلا حصہ جس میں پانی رہتا ہے۔

الذَّوْزَوْز۔ تھوڑا۔ کہا جاتا ہے "ما اَعْطَاه ذَوْزَوْزًا" اس نے اسے تھوڑا سا بھی نہیں دیا۔

ذَاطَهٗ (ن) ذَوْطًا۔ سخت گلا گھونٹنا۔

الْاِنَاءَ : بھرنا۔

ذَوِط (س) ذَوَطًا۔ چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)

الذَّوْطَة۔ زردپیٹھ والی مکڑی۔ ج اَذْوَاط۔

الذَّوط۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

ذَاعَ (ن) ذَوْعًا۔ مَالَهٗ : سب کچھ پراگندہ کردینا۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً۔ الْقَوْمُ بِمَا فِي الْحَوْضِ : قوم کا سارا پانی پینا ـــــ الرَّجُلُ بِمَالِهٖ : لے جانا۔

ذَافَ (ن) ذَوْفًا۔ کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

الذُّوْفَان۔ زہر۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّیْءَ : چکھنا ـــــ الْعَذَاب۔ عذاب برداشت کرنا ـــــ الرَّجُلَ و مَا عِنْدَ الرَّجُل : آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ماذاق ذواقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ۔ الشَّیْءَ : تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَذَاوَقَ۔ الْقَوْمُ الشَّیْءَ : چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" انہوں نے نیزوں کو سنبھالا۔

اِسْتَذَاقَه۔ آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لَهُ الْاَمْرُ : آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا يَسْتَذِيْقُ لِيَ الشِّعْرُ اِلَّا فِي فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

الذَّوْق و الذَّائِقَة۔ چکھنے کی قوت۔

الذَّوْق و الذَّوَاق۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے الذَّوَاق : مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

الْمَذَاق۔ مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وهُوَ مَرُّ الْمَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

الذَّوِيل۔ خشک گھاس وغیرہ۔

الذَّان۔ عیب۔

التَّذَوُّن۔ ناشکری و نعمت۔

ذَوَى (ض) و ذَوِي (س) ذُوِيًّا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا پژمردہ ہونا۔

اَذْوَى اِذْوَاءً۔ پژمردہ کرنا۔

الذَّوِيّ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔

الذَّوَاة۔ خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے۔

ذَيْتَ ذَيْتَ اَوْ ذَيْتَ و ذَيْتَ۔ بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَهٗ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و "فَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَيَّا ذَيَّا و ذَيَّةَ ذَيَّة) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَيْجًا۔ الْمَاءَ : پانی پینا۔

ذَايَجَهٗ مُذَايَجَةً۔ کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَيَّخَت۔ النَّخْلَةُ : گابھا نہ لگنا۔

اَذَاخَ اِذَاخَةً۔ بِالْمَكَانِ : گرد اگرد گھومنا ـــــ بِنِي فُلَانٍ : ذلیل کرنا۔

الذِّيخ۔ دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِيخَة۔ عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذْيَاخ و ذُيُوخ۔ و ذِيخَة۔

ذَارَهٗ يَذَارُهٗ ذَيْرًا۔ ناپسند کرنا۔

الذِّيرَة۔ مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَيْعًا و ذُيُوْعًا و ذَيْعُوْعَةً و ذَيَعَانًا۔ الْخَبَر : پھیلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِي جِلْدِهِ الْجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً۔ الْخَبَرَ و بِالْخَبَر : پھیلانا ـــــ السِّرَّ بِالسِّرِّ : ظاہر کرنا ـــــ الْقَوْمُ مَا فِي الْحَوْضِ او بِمَا فِيْه : سارا پی لینا ـــــ بِالشَّیْءِ : لے جانا۔

اِنْذَاعَ۔ الْخَبَرَ : پھیلنا۔

الْمِذْيَاع۔ راز کی حفاظت نہ کرنے والا۔ ج مَذَايِيع۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْيَاع و لِلْاَسْبَابِ مِضْيَاع" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الذَّيْفَان و الذِّيْفَان- مہلک زہر-
ذَالَ (ض) ذَيْلاً- الثَّوْبُ : کپڑے کا لمبا ہونا- دامن دار ہونا ـــــ الطَّائِرُ : پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا ـــــ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا : اُونٹنی کا رانوں پر اِدھر اُدھر مارنا ـــــ الجَارِيَةُ :لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا ـــــ الشَّيْءُ : ادنیٰ ہونا- حَالُه : پست و فروتر ہونا ـــــ فُلَانٌ اِلٰى فُلَانٍ :گستاخی کرنا-
ذَيَّلَ- الثَّوبَ- کپڑے کا لمبا کرنا- الكِتَابَ : کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا-
اَذَالَ اِذَالَةً و اَذْيَلَ اِذْيَالاً- الثوبُ : دامن والا ہونا ـــــ الرَّجُلُ ثَوْبَهُ : کپڑے کا دامن بنانا- دامن لمبا کرنا- مَالَه : خرچ کرنا ـــــ ہ : اہانت کرنا ـــــ فَرَسَه و غُلَامَه :لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا-

ـــــ المرأةَ قِنَاعَهَا : عورت کا برقع کو لٹکانا-
ـــــ الدمْعَ : آنسو بہانا-
تَذَيَّلَ- في الكلام : گستاخی کرنا- الجَارِيَةُ : لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا ـــــ الفَرَسُ في اِسْتِنَانِهِ : گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا-
تَذَايَلَ- حَالُهُ :پست و فروتر ہونا-
الذَّيْل- چیز کا آخری حصہ- ذَيْلُ الثَّوْبِ : دامن- ذَيْلُ الرِّيْحِ : ریت پر ہوا کے نشانات- ذَيْلُ الفَرَسِ :دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ- کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ذَيْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے- ج اَذْيَال و ذُيُول و اَذْيُل-
اَذْيَالُ النَّاسِ و ذُيُوْلُهُم : آخر کے لوگ-
الذَّائِل- فا- دامن دار- دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ : لمبے دامن والی زرہ- کہا جاتا ہے "طَالَ ذَيْلُه" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا اور مال بڑھ گیا- ثَوْبٌ (مُذَال او مُذَيَّل) لمبے دامن کا کپڑا-
المُذَالَة- باندی- لونڈی- اور مثل ہے "اَخْيَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر- اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے- دِرْعٌ مذَالَةٌ :لمبی زرہ-
اَرْضٌ (مُتَذَيِّلَةٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو-
المِذْيَال- لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)
ذَامَهُ (ض) ذَيْمًا و ذَامًا- عیب لگانا- مذمت کرنا- صفت (مَذِيم و مَذْيُوم)
الذَّام و الذَّيْم- عیب- مذمت-
الذِّيْن- عیب-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ر

رَأَبَ (ف) رَأْبًا۔ الصَّدْعَ : پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا ـــــ الشَّیَ : جمع کر کے نرم باندھنا ـــــ بَیْنَھُم : صلح کرانا۔

رَأَبَتِ الْاَرْضُ : سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

اَرْأَبَ اِرْأَبًا۔ الصَّدْعَ : پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔

الرَّأْب۔ مہ۔ پھٹن۔ شگاف۔ سردار۔ ج رِئَابٌ۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِفُلَانٍ رَأْبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اِس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُّؤْبَة۔ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب وَرُؤْبَات۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رِئَابُ بَنِیْ فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے۔

الرَّأَّب و المِرْآب۔ درست کرنے والا۔

رَأْبَل رَأْبَلَةً۔ ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ٹخنے پر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔

تَرَأْبَلَ۔ القَوْمُ : چور بننا ـــــ عَلَیْہِ : لوٹ ڈالنا۔

الرِئْبَال و الرِیْبَال۔ شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل وَرَآبِیْل وَرَآبِلَة وَرَیَابِیْل۔ الرِئْبَال۔ اکلوتا لڑکا۔

الرَّائِنج۔ صنوبر کا گوند۔

رَؤُدَ (ک) رُؤُوْدَةً۔ الغُصْنُ : ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَؤُد)

تَرَاْھَدَ۔ الرِیْحُ : ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔ تَرَأَّدَ الرَجُلُ : اُٹھنے میں کاہلی ( ـــــ (واِرْتَأَد)

الغُلَامُ : خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا ـــــ الغُصْنُ : جھکنا ـــــ العُنُقُ : گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأَّدو تَرَاءَ د) الضُحٰی : روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔

رَأْدو رَائِد۔ الضُحٰی : آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرَّأد : کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

الرِئْد۔ ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رِئْدِی" یہ میرا ہم عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج اَرْآد۔

الرَّأْد و الرَّأْدَة و الرُّؤْد و الرُّؤْدَة۔ خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُّؤد : نرمی سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

رَأْرَأَ۔ پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأْرَأَ بِعَیْنَیْہِ : آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأ) صفت مؤنث رَأْرَأ ورَأْرَأَةٌ ورَأْرَاء ورَأْرَاءَةٌ ـــــ الظِبَاءُ : ہرنیوں کا دُم ہلانا ـــــ السَحَابُ او السَرَابُ : بادل یا سراب کا چمکنا ـــــ الرَجُلُ : پڑھنے یا بولنے میں حرف را زیادہ بولنا۔

رَؤُسَ یَرْؤُسُ رِئَاسَةً۔ رئیس ہونا۔

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً۔ القَوْمَ : سردار قوم ہونا (رَأَسَہٗ (ف) رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا ـــــ السَیْلُ الغُثَاء : سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

رُئِسَ۔ درد سر والا ہونا۔

رَأَّسَہٗ۔ سردار بنانا۔

تَرَأَّسَ و اِرْتَأَسَ۔ سردار ہونا۔

اِرْتَأَسَہٗ : گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔

اِرْتَأَسَ الشَیَ : کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔

الرَّأس۔ سر۔ ج اَرْؤُس و رُؤُوْس و رُؤُس و آرَاس۔ اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُوْنَ رَأْسًا مِنَ الغَنَمِ۔ الرَّأس : چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رَأْسُ الشَّھْرِ او العَام : مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ رَأْسًا" اس نے اس کام کو ابتداءً کیا۔ و "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً رَاسًا عَلٰی رَاس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔ و "زُمِیْتُ مِنْكَ فِی الرَاسِ" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و "ھٰذَا قِسْمٌ بِرَأْسِہٖ" یہ مستقل ایک قسم ہے۔ و "اَنْتَ عَلٰی رَأْسِ اَمْرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

رِئَاس۔ السَیْفِ : تلوار کا قبضہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰی رِئَاسِ اَمْرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

الرَائِس۔ فا۔ حاکم۔ ج رُؤَّاس۔

الرَئِیْس و الرَیِّس۔ سردار قوم۔ چودھری۔ ج رُؤَسَاء۔

الرَّئِیْس۔ مستحکم سرداری والا۔

الرَوَائِس۔ وادیوں کی بلندیاں۔ اگلے بادل۔ واحد رَئِیْسَة۔

الرَأْآس۔ سری بیچنے والا۔

الاَرْأس۔ بڑے سر والا۔ مؤنث رَأْسَاء۔

الرُؤَاسِیُّ۔ بڑے سر والا۔

المِرْآس۔ مِنَ الخَیْل : وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔ گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔

المُرَائِس۔ جنگ سے جی چرانے والا۔

المَرْؤُوْس۔ رعیت، محکوم۔ بڑے سر والا ( ـــــ والرَئِیْس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو۔

المُرَئِّس۔ شیر۔

رَأَفَ (ف) رَأْفَةً وَرُؤْفَ (ک) رَآفَةً وَرَئِفَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(س) رَأْفًا و تَرَأَّفَ۔ بہ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوفٌ و رَؤُفٌ و رَأْفٌ و رَئِفٌ و رَائِفٌ)

تَرَاءَفُوْا۔ آپس میں مہربانی کرنا۔

رَأَّفَهٗ و اِسْتَرْأَفَهٗ۔ مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّأْف۔ شراب۔

اِسْتَرْأَلَ۔ الرَّأْلُ: شتر مرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا ـــــ النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔

الرَّأْل۔ شتر مرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَة۔ ج رِئَال و اَرْؤُل و رِئْلَان۔ رِئَالَة۔ کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَأْلُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرَّوَال۔ گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔

الرَّائِل و الرَّاوُوْل۔ دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نَعَامَةٌ (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شتر مرغ۔

المُرَائِل۔ جلدی کرنے والا۔

رَأَمَ (ف) رَأْمًا۔ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔

ـــــ القِدْحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔

رَئِمَ (س) رَأْمًا و رُئَامًا۔ الجُرْحُ: زخم کا اکھور بندھنا ـــــ الشَّيْءَ: اُلفت کرنا ـــــ الناقةُ ولدَها: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِمٌ و رَائِمَةٌ و رُؤُمٌ) ج رَوَائِم۔ کہتے ہیں "هو رَؤُومٌ لِلضَّيْم" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔

اَرْأَمَ اِرْآمًا۔ الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا ـــــ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

ہ عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا ـــــ الناقةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔

تَرَأَّمَهٗ۔ و تَرَأَّمَ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔

الرِّئْم۔ سفید ہرن۔ ج اَرْآم و آرَام۔ مؤنث رِئْمَة۔

الرُّؤَام۔ لعاب۔

الرَّوَائِم۔ دیگ دان کے پائے۔

الرَّأْم۔ اونٹ کا بچہ۔ اونٹ کے بچہ کا چمڑا جس میں بھوسہ بھر دیا گیا ہو۔

الرِّئْم۔ دبر کا حلقہ۔

رَأَى یَرَى رأْيًا و رُؤْيَةً و رَاءَةً و رِئْيَانًا۔ بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرَى کی اصل یَرْأَى ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور آمر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "یَا تُرَیُ و یَا هَلْ تُرَیُ" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔

رَآءَ۔ الشَّيْءَ: دیکھنا۔

رَأَى (ف) رَأْيًا۔ الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا ـــــ الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

ـــــ الزَّنْدُ: آگ نکلنا ـــــ الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔

رَأَّيْتُه تَرْئِيَةً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔

رَاءَيْتُه مُرَاءَاةً و رِئَاءً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔ و رَائَيْتُه مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔

اَرْأَى اِرْءَاءً۔ عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا ـــــ الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا ـــــ الحَامِلُ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ و السَّبُعِ: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِيَةٌ)

اَرَاهُ یُرِیْهِ اِرَاءَةً و اِرَاءً۔ الشَّيْءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِیَة۔ کہا جاتا ہے "اَرِنِي بِرَأْيِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "اَرَى اللّٰهُ بُفْلَانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔

تَرَأَّى و تَرَاءَى۔ فِي المِرْآة: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّى و تَرَاءَى لَهٗ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ و تَرَاءَى النَّاسُ۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَاءَ یْنَا فِي الأَمْرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرَأَّى بِرَأْيِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ و "تَرَاءَى لِيْ اَنَّ الأَمْرَ كَيْتَ كَيْتَ" میرے لئے یہ ظاہر ہو گیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و "تَرَائَيْنَا الهِلَالَ" ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔

اِرْتَأَى۔ الأَمْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔

اِسْتَرْأَى۔ ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْأَيْتُه و اِسْتَرَيْتُه" اِسْتَرْأَى بِالمِرْآة: آئینہ سے دیکھنا۔

الرَّای۔ رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَائِيْ كَذَا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آرَاء و اَرْآء۔

الرِّئْی و الرِّئِیّ و الرُّوَاء و الرِّیُّ۔ منظر اور حسن منظر۔

الرُّؤْیَا۔ خواب ج رُؤًی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ حِيْنَ جُنَّ رُوَيًّا او رُأْيًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔

الرُّؤْیَة۔ آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًی۔

الرِّیَّة۔ دیکھنا۔

الرِّئَاء۔ مہ۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ اَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ"۔ ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "ذَوْرِئَاءٍ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

التَّرْئِیَة۔ منظر۔ حسن منظر۔

الرَّءْ آء۔ بہت دیکھنے والا۔

الرِّئَة۔ پھیپھڑا۔ ج رِئَات و رِئُون اور نسبت کے لیے (رِئَوِیٌّ)

رَئِیَ۔ القومَ: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِیُّ: بڑا ساٹھ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ هُوَ (اَرْاَی) بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔

المِرْأَة۔ آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَایَا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے یَتَمَرْأَی یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)

المَرْأَی و المَرْأَة۔ منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ و تُجْزِعَنَّ مَجْهُوْلِهٖ مَرْآتُه۔ اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّيْ مَرْأًى و مَسْمَعٌ او بِمَرْأًى و بِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔

رَبَّ (ن) رَبًّا۔ القومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا ـــــ النِّعْمَةَ: زیادہ کرنا ـــــ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا ـــــ الأَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ الدُّهْنَ : تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔
ـــــ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ( ـــــ ربًّا وزُبًّا) الزِّقَّ : مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور کھمی وغیرہ نہ پڑے۔
( ـــــ رَبًّا وَرَبَّبَ تَرْبِيبًا وَتَرِبَّةً وَاِرْتَبَّ اِرْتِبَابًا) الْوَلَدَ : لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔ وَرَبَّبَ الدُّهْنَ۔ تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
اَرَبَّ۔ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ـــــ مِنْهُ : قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ۔ الْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔
الصَّبِيَّ : بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهُ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُمْ" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
اُرْتُبَّ۔ الْعِنَبُ : انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔
الرَّبُّ۔ مہ۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّي وَرَبَّانِي وَرَبُّوبِيُّ)
الرَّبَّانِي۔ عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّة۔ رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔
الرِّبَّة۔ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّةٌ وَرِبَاب۔
الرُّبُّ۔ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب وَرُبُوب۔
رُبَّ وَرُبَّةَ وَ رُبَّمَا وَرُبَّتَمَا۔ حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الْخَلِيلُ مُقْبِلٌ وَرُبَّمَا اَقْبَلَ الْخَلِيلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيلٍ"

الرَّابُّ۔ سوتیلا باپ۔
الرَّابَّة۔ سوتیلی ماں۔
الرَّبَب۔ بہت پانی۔ میٹھا پانی۔
الرَّبَاب۔ سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَةٌ)
الرِّبَاب۔ عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔
الرِّبَابَة۔ الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتَ اِمْرَءًا اَفْضَتْ اِلَيْكَ رِبَابَتِي"
الرُّبَّى۔ بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔
الرُّبُوبَة وَالرُّبُوبِيَّة۔ الرب کا اسم۔
الرَّبَّاب۔ جماعت۔
الرَّبَّان۔ ملاحوں کا سردار۔
الرَّبِيب وَالرَّبُوب۔ سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّة۔ الربیب : مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔
الرَّبِيبَة۔ دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج رَبَائِب۔
الْمَرْبُوب۔ پرورش کیا ہوا۔ غلام۔ بندہ۔
الْمَرَبُّ۔ جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ الْقَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔
( ـــــ الْمِرْبَاب) : بہت پیداوار والی زمین۔
الْمُرَبَّب۔ جس کے اوپر انعام کیا جائے۔
الْمَرَبَّة۔ مملکت۔
الْمُرَبَّيَات۔ رُب کی تیار کی ہوئی چیزیں۔
رَبَأَ(ف)رَبْأً۔ چڑھنا۔ بلند ہونا۔
عَلَى جَبَلٍ : پہاڑ پر سے جھانکنا ـــــ فِي الْاَمْرِ : غور و فکر کرنا ـــــ الْقَوْمَ وَ لِلْقَوْمِ : دیدبان بننا ـــــ الشَّيْءَ : بلند کرنا ـــــ الْمَالَ : حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّي اَرْبَأُبِكَ عَنْ ذَالِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "وَمَا رَبَأْتُ رَبْأَةً" نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ وَاَرْبَأْتُهُ یعنی اس کی حفاظت کرو۔
رَبَّأَهُ تَرْبِئَةً۔ لے جانا۔

رَابَأَهُ مُرَابَأَةً۔ چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً بِهِمْ : دیدبان بننا۔
الْمِرْبَأَة : دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا ـــــ عَلَى الْجَبَلِ : پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتَى تَطْرُبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَّبِيئَة وَالرَّبِيئَةُ۔ فوج کا دیدبان۔ ج رَبَايَا۔ کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَا يَاهُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
الْمَرْبَأ وَالْمِرْبَأ وَالْمَرْبَأَة وَالْمُرْتَبَأ۔ دیدبانی کی جگہ۔ الْمِرْبَأ : سیڑھی۔
رَبَتَ (ن) رَبْتًا وَرَبَّتَ تَرْبِيتًا۔ پرورش کرنا۔
رَبَّتَ الصَّبِيَّ : بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔
رَبِتَ (س) رَبَتًا۔ الشَّيْءُ : بند ہونا۔
رَبَثَهُ (ن) رَبْثًا وَرَبَّثَهُ۔ عَنْ كَذَا : منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ وَاِرْبَثَّ۔ الْقَوْمُ : پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا ـــــ اَمْرُهُمْ : کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرَّبِيثِي۔ مانع۔ روک۔
الرَّبِيثَة۔ مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث۔
الرَّبِيث وَالْمَرْبُوث۔ رُکا ہوا۔
رَبَجَ (ک) وَرَبِجَ (س) رَبَاجَةً۔ کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ۔ متہور ہونا۔ کودن ہونا۔
الْاِرْبِجَان۔ ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا وَرَبْحًا وَرَبَاحًا۔ فِي تِجَارَتِهِ : نفع اُٹھانا۔
رَبَّحَهُ۔ نفع کرانا۔
رَابَحَهُ مُرَابَحَةً وَاَرْبَحَهُ۔ عَلَى سِلْعَتِهِ : نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَّاقَةَ : صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ وَاسْتَرْبَحَ۔ نفع طلب کرنا۔
الرَّابِح۔ فا۔ مَالٌ رَابِحٌ : نفع دینے والا مال۔
الرِّبْح۔ ج اَرْبَاح (الرِّبَح وَالرِّبَاح) نفع۔
الرَّبَح : اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَّبَاح۔ شراب۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّبَاحِي۔ کافور کی ایک قسم۔
الرُّبَاح والرُّبَّاح۔ نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیح۔
مُتْجَر (رَبِیح) فائدہ مند تجارت۔
الرِّبَحْل۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَة۔
رَبَخَ (س) رَبْخًا۔ البَعِیرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (ـــــ رَبْخًا وُبُوخًا رَبَاخًا) المرأۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخ۔ الرَّمَلُ: تہ بتہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ۔ الرَّجُلُ: سست وڈھیلا ہونا۔
الرَّبِیخ۔ بڑا پالان۔
الرَّبُوخ۔ جماع کے وقت شدت شہوت سے بیہوش ہو جانے والی عورت۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا۔ بالمَکَان: اقامت کرنا۔
رَبَدَهٗ (ن) رَبْدًا۔ روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَ الإبل: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَّدَتِ۔ الشاۃُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَّرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ۔ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا ـــــ الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا ـــــ اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِیدَادًا۔ خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَّبَد۔ مہ۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُّبد۔ تلوار کا جوہر۔
الرَّابِد۔ مہ۔ ایک قسم کی نباتات۔
الأَرْبَدُ۔ خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ أَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء۔ الرَّبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاهِیَةٌ رَبْدَاء": بلائے بد۔ ج رُبُد۔ الأَرْبَد۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَد۔ اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَّبِیْد۔ کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَّبِیْدَة۔ دستاویز اور چیک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔
المُتَرَبِّد۔ شیر۔
رَبِدَ (س) رَبَدًا۔ چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِد) کہا جاتا ہے "هُوَ رَبِدُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِدَة۔ لِثَّةٌ رَبِدَةٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَدَ۔ الثَّوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسّی کو کاٹنا۔
الرِّبْدَة والرَّبَدَة۔ چیتھڑ جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اُون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سرپند۔ ج رِبَد و رِبَاد و رَبَد۔
الرِّبْدَة۔ بے خبر آدمی۔ بے پلیدی۔
الرَّبَدِیُّ۔ کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
الرَّبَاذِیَّة۔ بدی۔
الرَّبَّانِی والمِرْبَاذ۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔
الرَّبْرَب۔ نیل گائیوں کا گلہ۔
الرَّبْرَق۔ کھوے۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَةً۔ زیرک و دانا ہونا۔
ـــــ الکَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّزَ۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ۔ الشَّیْءُ: پورا و کامل ہونا۔
الرَّبِیْز۔ زیرک و دانا۔
رَبَسَهٗ (ن) رَبْسًا۔ بِیَدِهٖ: دھتر مارنا۔
(ـــــ ورَبَّسَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَهٗ اِرْبَاسًا۔ غصہ ناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ۔ العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھسنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا۔ الرجلُ: ملک میں جانا۔ فِی أَمْرِهٖ: تصرف کرنا ـــــ أَمْرُهُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔
الرَّبْس۔ مہ۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رَبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرَّبْسَاءُ۔ سخت مصیبت۔ ج رُبْس۔ "جَاءَ بِأُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَّبِیس۔ بہادر۔ مصیبت۔ دھتر مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (أُمُّ الرَّبِیس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبَسَة۔ میلی کچیلی بدہیئت عورت۔
الرِّیبَاس۔ چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَشَ۔ الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض چھلدار ہونا۔
الأَرْبَش۔ مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء۔ أَرْضٌ رَبْشَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَة۔ رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَش۔ نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا۔ بِهٖ: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ۔ انتظار کرنا ـــــ عَنِ الأَمْرِ: رک جانا ـــــ فِی المَکَانِ: ٹھہرنا ـــــ بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَصَ ـــــ بِسِلْعَتِهٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَة۔ انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا و رِبْضَةً۔ الدَّابَّةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الأَسَدُ عَلٰی فَرِیْسَتِهٖ او القِرْنُ عَلٰی قَرِیْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا۔ فُلَانًا او المکانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهٗ۔ بالمَکَان: ٹھہرانا ـــــ الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا ـــــ الشمسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّصَ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض۔ فا۔ (ـــــ الرَّبَّاض) شیر۔
الرَّابِضَة۔ رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ تک چپٹے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبُهٗ رَابِضَةٌ عَلٰی وَجْهِهٖ"
الرِّبْض والرَّبَض والرُّبُض والرَّبَض۔ بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبْضٌ عَنِ الأَسْفَارِ أَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض۔ عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِبْض۔ مِنَ البَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَبَض۔ بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض۔
الرِبْضَة والرُبْضَة۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِبْضَة۔ لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَبُوْض۔ مِنَ القُرَیٰ: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُرُوْع۔ کشادہ زرہ ـــــ مِنَ الشَجَرة: بڑا درخت۔ ج رُبُض۔ قِرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اُٹھائی نہ جا سکے۔
الرَبِیْض۔ باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض۔ جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرابِض (ـــــ والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
البَرْبَاض۔ عصفر۔
رَبَطَهُ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا۔ مضبوط کرنا ـــــ اللّٰهُ عَلَى قَلْبِهٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (ـــــ رَبَاطَةً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَةً۔ اَلْاَمْرَ: مداومت کرنا ـــــ الجَیْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ۔ المَاءُ فِی المَکَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ۔ فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا ـــــ فِی الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِبَاط۔ مہ۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج۔ رُبُط۔ الرِبَاط: فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهُ" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہو گیا۔
الرَابِط۔ فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔
رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَابِطَة۔ رابطہ کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَبِیْط۔ بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔ رَبِیْطُ الجَاشِ: بہادر۔
الرَبِیْطَة۔ باندھے ہوئے جانور۔ خلافِ قیاس دَابَّةٌ رَبِیْطَةٌ۔ اور دَوَابُّ رَبِیْطَة کہا جاتا ہے اور دابۃ رَبِیْط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَبَّاط۔ تانت کو باندھنے والا۔
الرُبُط۔ بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)
المَرْبَط و المَرْبِط۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط۔
المُرَابَطة۔ آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرابطات۔
رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَیْكَ اَوْ عَلٰی نَفْسِكَ او عَلٰی ظَلْعِكَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو ـــــ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا ـــــ عَنْه: رکنا۔
عَلَیْه: مہربانی کرنا ـــــ الرَجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اُٹھانا ـــــ بِعَیْشِهٖ: راضی رہنا ـــــ الابِلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَیْه الحُمّٰی: چوتھے دن بخار آنا (ـــــ رُبُوْعًا) الربیعُ: موسم بہار آنا۔
رَبَعَ (ف ن مں) رَبْعًا۔ الحَبْلَ: چار بل کی رسّی بٹنا ـــــ القَوْمَ۔ اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔
رُبِعَ۔ القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَة) ـــــ الرَجُلُ: چوتھے دن بخار آنا۔
رَبَّعَ۔ البَیْتَ او الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔
رَابَعُوا۔ الحملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اُٹھایا جائے اس کو بوجھ کے بیچ داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعْتُه" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔
اَرْبَعَ۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔
ـــــ القَوْمُ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا ـــــ الاِبلَ: پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَجُلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔
اُرْبِعَ۔ الرَجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔
تَرَبَّعَ۔ فی جُلُوسِهٖ: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔
(ـــــ واِرْتَبَعَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا ـــــ بِالمَکَانِ: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ واِرْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اُٹھانا۔
اِسْتَرْبَعَ۔ الرَمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔
ـــــ الشَیْءَ: طاقت رکھنا۔
الرَبْع۔ مہ۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اُترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع و رُبُوْع و اَرْبُع و اَرْبَاع (ـــــ والرَبَع) میانہ قد۔
الرَبِیْع والرُبَیْع۔ چوتھائی ج اَرْبَاع و رُبُوْع۔
الرَبِیْع۔ اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو هُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُمْ رُبَع ولا هُبَع" ج رِبَاع و اَرْبَاع مؤنث رُبَعَة۔ ج رُبَعَات و رِبَاع۔
الرَبِیْع۔ تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمّٰی الرَبِیْع: چوتھیا بخار۔
الرَابِع۔ فا۔ چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِع: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِع: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔
رُبَاع۔ چار چار۔
کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔
الرَبْعَة۔ میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعَات و رَبَعَات۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ العَطَّارُ رَبْعَتَه" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔
الرَبَاع۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔
الرَبَاعَة و الرِبَاعَة۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْهِمْ مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَةَ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَا یُقِیْمُ رَبَاعَةَ القَوْمِ اِلَّا فُلَانٌ" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَبَاعِیَہ۔ سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات۔

الرَبَاعِی۔ وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبَاع و اَرْبَاع۔ مؤنث رَبَاعِیَۃ ج رَبَاعِیَات۔

الرُبَاعِیُّ۔ چار سے مرکب۔

الرَبِیْع۔ ج اَرْبِعَۃ و رِبَاع و اَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ـــــ ج اَرْبِعَاء و رُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ـــــ ج رُبُع: چوتھائی۔

الرَبِیْعِیُّ۔ مِنَ المَسَاکِنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَبِیْعَۃ۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَوْبَع۔ کمزور۔ کمینہ۔

الرَوْبَعَۃ۔ پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَۃ۔ چار۔ مؤنث اَرْبِع۔ الرِیَاحُ الْاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الْاَرْبَع: چارپائے۔

اُمُّ اَرْبَع و اَرْبَعِیْن۔ ایک قسم کا کیڑا۔

الْاَرْبِعَاءُ: مثلثۃ الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبَعَاوَان۔ ج اَرْبِعَاءَات و اَرْبِعَاوَات۔ قَعَدَ (الْاَرْبِعَاء و الْاَرْبَعَاوَیٰ) وہ چار زانو بیٹھا۔

الْاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن۔ چالیس۔

المَرْبَع۔ موسم بہار کی بارش (ـــــ والمُرتَبَع) "موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

المِرْبَع و المِرْبَعَۃ۔ لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع۔ موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

المُرْبِع۔ چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع۔ چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے

۴ = ۴ × ۴ = ۱۶

المِرْبَاع۔ وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(ـــــ والمُرتَبِع والمَرْبُوْع) درمیانہ قد۔

المَرَابِیْع۔ ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔

اَلیَرْبُوْع۔ ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج یَرَابِیْع۔

رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ القَوْمُ فِی النَعِیْم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِعَ (س) رَبَعًا۔ عَیْشُہ: فراخ و آسودہ ہونا ـــــ الرَجُلُ۔ بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِع)

رَبُعَ (ک) رَبَاعَۃً۔ بہت ہونا۔

الاَرْبَع۔ کثیر و کشادہ۔

رَبَقَہٗ (ن/ض) رَبْقًا و رَبَّقَہٗ۔ پھندے سے باندھنا ـــــ ہ فِی الْاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔

وَرَبَّقَ الْکَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَجُلُ اَثْنَاءَ حَبْلِہ و اَرْبَاقَہ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسّی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَہٗ۔ لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَیْءَ فِی عُنُقِیْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ۔ فِی الحِبَالَۃِ: لٹکانا ـــــ فِی الْاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِی حَبَالَتِہٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِبْق۔ پھندوں والی رسّی۔

الرَبْقَۃ و الرِبْقَۃ۔ رسّی کا پھندا۔ ج رِبَق و رِبَاق و اَرْبَاق۔ کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَہٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ و اکْلُوا الرِبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔

الرَبِیْق۔ پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

المُرَبَّقَۃ۔ چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

اَلیَرْبِیْق۔ بکری باندھنے کی رسّی۔

اُمُّ الرُبَیْق۔ بلا۔

رَبَکَ (ن) رَبْکًا۔ الشَیْءَ: ملانا۔ الرَبِیْکَۃ: گارا بنانا ـــــ ہ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِکَ (س) رَبَکًا۔ پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِکٌ و رَبِیْکٌ)

اِرْتَبَکَ۔ فِی الوَحلِ: کیچڑ میں گرنا ـــــ فِی الْاَمْرِ: پھنس کے رہ جانا ـــــ فِی کَلَامِہٖ: رُک رُک کے گفتگو کرنا ـــــ الصَیْدُ فِی الحِبَالَۃ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑپھڑانا ـــــ الْاَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔

اِرْبَاکَ اِرْبِیْکَاکًا۔ رَاْیُہٗ: رائے کا کمزور ہو جانا ـــــ الرَجُلُ عَنِ الْاَمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَبِیْکَۃ۔ گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہ بِرَبِیْکَۃ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (ـــــ والرَبِیک و الرَبُوک) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الاَرْبَک۔ مِنَ الابل: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا۔ القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِیْ: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبَلَ و اَرْبَلَ۔ المَکَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابِلَ۔ بدکار ہونا اور برائی کا مشتہر رہنا۔

تَرَابَلَ۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا ـــــ جِسْمُہٗ: پھولنا ـــــ الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

اِرْتَبَلَ۔ مَالُہٗ: بہت ہونا۔

الرَبْل۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل۔

الرَبَل۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔

الرَبَلَۃ و الرَبْلَۃ۔ ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلَات۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّبِیل- تمالوٹ ڈالنے والا چور- موٹا-
الرَّبَالَة و الرَّبِیلَة- گوشت کی زیادتی کو کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَة" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہوگیا- الرَّبِیلَة: ثری- نعمت- فراخی- زندگی-
الرِّیبَال- لمبی پیچیدہ نباتات- شیر- ج رَبَابِیل-
المِرْبَال- بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین-
الرَّیبَل- ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت' موٹی اونٹنی-
الرَّبَم- باہم ملی ہوئی گھاس-
اَرْبَنَه- بجانہ دینا-
تَرَبَّنَ- جہاز کا کپتان ہونا ـــــ السَّفِینَةَ: کشتی چلانا-
الرَّبُون و الاُرْبُون و الاُرْبَان- بجانہ-
الرَّبَّان و الرُّبَّانِی- جہاز کا کپتان- ج رَبَابِنَة و رَبَابِین- رُبَّانُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ- کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرِبَّانِهٖ" اس نے سارا لے لیا-
رَبَا یَرْبُوْا رِبَاءً وَرُبُوًّا- المالُ: زیادہ ہونا- بڑھنا ـــــ الرَّابِیَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا- (رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا- سانس چڑھنا- ( ـــــ رَبْوًا وَرُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا- اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَیْتُ وَرَبِیْتُ رَبَاءً وَرَبِیًّا" میں نے نشوونما پائی-
رَبَّی تَرْبِیَةً وَتَرَبِّی- الوَلَد: لڑکے کا پرورش کرنا- غذا دینا- مہذب بنانا- رَبَّی التُّفَّاحَ بِالسُّکَّرِ: مربہ ڈالنا-
رَابَی مُرَابَاةً- سود پر مال دینا-
الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا-
اَرْبَی اِرْبَاءً- سود لینا ـــــ الشَّیْءَ: بڑھانا ـــــ ہ: اُمید دلانا ( ـــــ عَلَیْهِ فِی کَذَا وارْتَبَا ارْتِبَاءً) زیادہ کرنا-
الرِّبَا- زیادتی- سود- بیاج- نسبت کے لیے- رِبَوِیٌّ-
الرِّبَا- زیادتی- احسان- کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَیَّ رِبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے-
الرَّابِیَة- ج رَوَابٍ و (الرِّبْوَة و الرِّبْوَة و الرِّبْوَة) ج رُبًی و رُبِیٌّ- ٹیلہ-

الرِّبْوَة- عِنْدَ الحُسَّاب: دس لاکھ-
الرِّبْوَة- بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًی-
الرِّبِیَة- حشرات الارض کی ایک قسم- بلی-
الرِّبْوَة و الرِّبَاوَة- بشلیش: ٹیلہ-
الرَّبْو- ٹیلہ- چڑھی ہوئی سانس- جماعت- ج اَرْبَاء- الرَّبْوَة عِنْدَ الاَطِبَّاء: جوف کی سوجن- ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے-
الاُرْبِیَّان- چچازاد بھائی- کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی اُرْبِیَّةِ قَوْمِهٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا- ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ-
الاِرْبِیَان- جھینگا-
رَتَّ (ض) رَتًّا- ہکلانا- تتلانا- صفت مذکر (اَرَتُّ) و صفت مؤنث (رَتَّاءُ وَرُتَّی) ج رُتٌّ-
اَرَتَّهُ اِرْتَاتًا- اللّٰهُ: ہکلا کر دینا-
الرَّتُّ- سخت- نر سور- جنگلی سور- ج رِتَتَة-
الرَّتُّ: رئیس- سردار- ج رُتُوت- کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے-
الرَّتَّة- ہکلاپن- لکنت- زبان کی بندگی-
رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا- گلا گھوٹنا ـــــ العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا ـــــ فِی المَکَان: اقامت کرنا ـــــ الرَّجُلُ: چلا جانا-
اَرْتَأَ- رک رک کر ہنسنا-
رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوبًا- الشَّیْءُ: قائم و ثابت ہونا- سیدھا کھڑا ہونا- کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِی الصَّلٰوة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا-
رَتَّبَهُ- ثابت کرنا- مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا-
اَرْتَبَ- سیدھا کھڑا ہونا- باوجود بے نیازی کے سوال کرنا ـــــ الغُلَامُ الکَعْبَ: نصب کرنا- کھڑا کرنا-
تَرَتَّبَ- ترتیب وار ہونا- سیدھا کھڑا ہونا-
الرَّتَب- سختی و تنگی- بلند زمین' قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں- ( ـــــ و الرَّتْب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ- چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ-

الرَّتَبَة- انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ-
الرُّتْبَة- مرتبہ- ج رُتَب-
النَّزْتُب و النُّزْتُب- قائم و ثابت چیز- ہیجڑا- مٹی- غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں- کہا جاتا ہے "جَاءُ وْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے-
النُّزْتُبَة- راستے کے مانند جس پر آدمی چلے-
الرَّاتِب- فا- عَیْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم-
و الرَّاتِبُ عِنْدَ المُحَدِّثِیْن: تنخواہ- وظیفہ- ج رَوَاتِب- الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ-
المَرْتَبَة- درجہ- اعلیٰ درجہ- ج مَرَاتِب-
رَتَجَ (ن) رَتْجًا- البَابَ: دروازہ بند کرنا ( ـــــ رَتَجَانًا) الصَّبِیُّ: بچے کا چلنے لگنا-
رَتِجَ (س) رَتَجًا- الخَطِیْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا-
اَرْتَجَ- البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا ـــــ الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا-
ـــــ الحَصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا-
ـــــ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا-
ـــــ البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا-
اُرْتِجَ و اُرْتُتِجَ و اُسْتُرْتِجَ- الخَطِیْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا-
الرَّتَج و الرِّتَاج- پھاٹک- بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو-
سِکَّةٌ (رَتِج) بند گلی- مَالٌ رِتِجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو-
الرِّتَاجَة- چٹان- ج رَتَائِج-
( ـــــ و المَرْتَج) تنگ راستہ- ج مَرَاتِج-
المِرْتَاج- تنگ راستہ- کنجی- مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ-
رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا- العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ـــــ بِالمَکَان: اقامت کرنا ـــــ مِنَ الخَیْرِ: پیچھے رہنا-
الرَّتَخَة- سخت کیچڑ-
جلد (اَرْتَخ) خشک کھال-
رَتَّرَتَ- حرف تایا را کے بولنے میں ہکلانا-
رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا- آسودہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



زندگی بسر کرنا ـــــ - فی المکانِ : اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا- صفت (رَاتِع) ج رُتُع و رُتَّع و رِتَاع و رُتُوع و رَاتِعُوْن- رَتَعَ فِیْ مَالِ فُلَانٍ : دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا- فِیْ لَحْمِ فُلَانٍ : غیبت کرنا-

اَرْتَعَ- القَوْمُ : سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا ـــــ الاَرْضُ : چرنے والے کو آسودہ کرنا ـــــ الغَیْثُ : بارش کا چارہ کو اُگانا-

الدَوَابَّ : جانوروں کو چرانا-

الرَتْعَة- سبزے کی کثرت- اور اسی سے ہے "اَمْسَمَنَنِیَ القَیْدُ و الرَتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کردیا-

الرَتِع- آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو- کَلَا رَتِعٌ : چرنے والے کے لیے کافی گھاس-

الاَرْتَاع- مِنَ النَاس : بہت لوگ- کہا جاتا ہے "رَاَیْت اَرْتَاعًا مِنَ النَاس" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا-

الرَتَّاع- سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا-

المُرْتِع- آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو-

المَرْتَع- چراگاہ-

رَتَقَ(ن)رَتْقًا-الثَوْبَ : جوڑنا-

الفَتْق : درست کرنا- کہا جاتا ہے "هُوَ الرَاتِق الفَاتِق" وہ اصلاح کرنے والا ہے- و "رَتَقَ فتقهُمْ" اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی ـــــ الشَیْءَ : بند کرنا-

اِرْتَتَقَ-الشَیْءُ : جڑ جانا-

الرِتَاق- دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں-

الرَتَقَة- انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ-

الرُتُوق- عزت و شرف-

رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكَانًا البَعِیْرُ : اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا-

اَرْتَكَ : البَعِیر : اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا- اَرْتَكَ الضِحكَ : آہستہ ہنسنا-

المَرْتَك- مرداسنگ-

رَتَلَ(س)رَتَلًا-الشَیْءَ : عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا- صفت (رَتِل)

رَتَّلَ-الْكَلَامَ : اچھی طرح ترتیب دینا-

ـــــ القُرْآن : قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا-

تَرَتَّلَ- فِی القَوْلِ : ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا-

الرَتَل- مہ - عمدہ گفتگو- ہے "كَلَامٌ رَتَلٌ" خوبی- آراستگی- ہر چیز میں خوبی- فُلَوْرَتَلٌ : خوبصورت ہموار دانت-

التَرْتِیْل- پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا- آواز کو عمدہ بنانا- مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حرف اچھی طرح ادا ہوں-

الاَرْتَل- اچھی ترتیب والا- تلاّنے والا-

الرُتَیْلاء- کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی' مکھی وغیرہ- ج رُتَیْلَاوَات- ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں-

رَتَمَهٗ(ض)رَتْمًا- توڑنا یا کوٹنا ـــــ فِی بَنِی فُلَانٍ : پرورش پانا- اور کہا جاتا ہے "مَارَتَمَ بِكَلِمَةٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا- ( ـــــ رَتِیْمًا)

رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا- سُست ہونا-

اَرْتَمَ و تَرَتَّمَ و اِرْتَتَمَ : یاد رکھنے کے لیے انگلی پر دھاگا لپیٹنا- اَرْتَمْتُ زَیْدًا : یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا-

الرَتَم- ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں- واحد (رَتَمَةٌ) الرَتَم : بھرا ہوا توشہ دان- کامل حیاء- آہستہ گفتگو- راستہ-

الرُتَام- بوسیدہ-

الرَتَمَة- ج رَتَم و رِتَام و (الرَتِیْمَة) ج رَتَائِم : دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر لپیٹ لیا جائے-

الرَتِیْم- آہستہ چال- وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو- ج رُتَامٰی-

شَرٌّ(تُرْتُم و تُرْتُم) دائمی فساد-

رَتَنَ(ن)رَتْنًا- الشَحْم بالعَجِیْن : گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا-

رَتَاہ یَرْتُوْہ رَتْوًا- ڈھیلا کرنا- باندھنا- القَلْب : دل کو قوی کرنا ـــــ هُ اِلَیْه : ملانا- الدَلْوَ : ڈول کو آہستگی سے کھینچنا- ( ـــــ رَتْوًا و رَتْوًا) بِرَاْسِهٖ : سر سے اشارہ کرنا ـــــ الرَجُلُ : قدم رکھنا-

رُتِیَ-فِی ذَرْعِهٖ : سُست بازو ہونا-

الرَتْوَة- قدم' بلند زمین- تھوڑا سا وقت- حد نظر تک- کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا و بَیْنَهُمْ رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو مقدار حد نظر کے ہے-

الرَاتِی- دوسروں سے زائد علم والا-

رَثَّ(ض)رَثَاثَةً و رُثُوْثَة- الثَوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا- صفت (رَثّ) ج رِثَاث-

اَرَثَّ اِرْثَاثًا- الثَوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا- پرانا کرنا-

اُرْثُّ- زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا- صفت مُرْثَثٌ)

الرَثُّ- مہ - گھر کا ردی سامان- ج رِثَاث- کہا جاتا ہے "كَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام-

الاَرَثّ- بوسیدہ- پرانا-

الرَثِیْث- بوسیدہ- پرانا- زخمی نیم مُردہ-

الرِثّہ- گھر کا ردی سامان- ج رِثَث و رِثَاث- کمزور لوگ-

الرَثَاثَة- مہ - کہنگی- بوسیدگی-

رَثَأَ(ف)رَثْأً- اللَبَنَ : دودھ کا دہی بنانا- گاڑھا کرنا ـــــ الشَیْءَ بِالشَیْءِ : ملانا

غَضَبُه : غصہ کا ٹھنڈا پڑنا-

اَرْثَأَ و اِرْتَثَأَ- اللَبَنُ : دودھ کا گاڑھا ہونا-

اِرْتَثَأَ فِی رَایِهٖ : رائے میں گڑبڑی کرنا- اِرْتَثَأَ عَلَیْهِمُ الاَمْرُ : گڑبڑ ہونا- اِرْتَثَأَ- الرِثْیَة : دہی جمنا-

الرَثُّ و الرَثَاَة- بیوقوفی- کم سمجھی- کمزور دلی-

الرِثْیَة- رَثَأَ اللَبَنَ کا اسم- دہی- بیوقوفی- میٹھا ملا ہوا ترش دودھ-

رَجُلٌ(مَرْثُوْدٌ) کمزور دل- کم سمجھ-

رَثَدَ(ن)رَثْدًا و اِرْتَثَدَ- المَتَاعَ : سامان کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعول (رَثِیْدٌ و مَرْثُوْدٌ)

رَثِدَ (س) رَثْدًا و اَرْثَدَ۔ المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَرَ حَتّٰی اَرْثَدَ" اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔

اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔

الرِّثْد و الرِّثْدَة۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

الرَّثَد۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ البَیْتِ: گھر کا ردی سامان۔

المَرْثَد و المَرْثِد۔ فیاض و سخی مرد۔ المَرْثَدُ: شیر۔

رَثَطَ (ن) رُثُوْطًا و اَرْثَطَ و تَرَثَّطَ۔ فِی قُعُوْدِہٖ: نشست میں تھکے رہنا۔

رَثِعَ (س) رَثَعًا۔ بہت حریص و لالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثِعُوْن۔

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا۔ المَطَرُ: لگاتار برسنا ــــــ فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا ــــــ الشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا۔ الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعول (رَثِیْم و مَرْثُوْمٌ)

رَثِمَ (س) رَثَمًا و اِرْثَمَّ۔ الفَرَسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ و اَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَةٌ و رَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ۔

الرَّثَم و الرُّثْمَة۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرَّثْمَة۔ ہلکی بارش۔ ج رِثَام۔

المَرْثِم و المِرْثَم۔ ناک۔ ج مَرَاثِم۔

رَثَّنَ تَرْثِیْنًا۔ اچھی طرح سے بارش ہونا۔

الرَّثَان۔ لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ و مَرْثُنَةٌ) بارش شدہ زمین۔

رَثَایَرْثُو رَثْوًا و رَثَی یَرْثِی رِثْیًا و رَثَاءً و رَثَایَةً و مَرْثَاةً و مَرْثِیَةً۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رَثِیَ لَهٗ: رحم کرنا۔

رَثَی یَرْثِی رِثَایَةً۔ عَنْهُ حَدِیْثًا: یاد کرنا۔

رَثِیَ یَرْثٰی رَثًی و رَثْیًا۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَّی و تَرَثّٰی۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

رَثَّاءٌ و الرَّثَّایَة۔ نوحہ کرنے والی عورت۔

الرَّثْیَة۔ جوڑوں کا درد (ــــــ والرَّثِیَّة) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاة و المَرْثِیَة۔ وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَرَاثٍ و "المَرَاثِی السَّبْع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔

الرَّثْو۔ دہی۔

رَجَّ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّهٗ (ن) و رَجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ۔ البَحْرُ: موج مارنا ــــــ الکَلَامُ: ملتبس ہونا۔

الرَّجَّة۔ حرکت۔ رَجَّةُ القَوْم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجَاجُ۔ العَنَم او النَّاسِ: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَة" لاغر بھیڑ۔

نَاقَةٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجَأَ۔ الاَمرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔

الصَّائِدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجِبَ (ن) رَجْبًا۔ مِنْهُ: شرم کرنا۔

رَجَبَهٗ بِکَلَامٍ سَیِّئٍ: تہمت لگانا ــــــ رَجْبًا و رُجُوْبًا و اَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ مِنْهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔

رَجَبَهٗ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَّبَهٗ۔ ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَّخلَةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُهَا المُحَکَّکُ وَ عُذَیْقُهَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذْق کی تصغیر ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ مُحَکَّک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا ــــــ الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَب۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَاب و رُجُوْب و رِجَاب۔ کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلٰی سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔

رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُّجْبَة۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ تکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب۔

الرَّاجِبَة۔ انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب۔

الاَرْجَاب۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرَجَّب۔ مغ۔ خوفناک۔ معظم۔

رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا و رُجُوْحًا۔ المِیزَانُ: جھکنا ــــــ الرَّایُ: غالب ہونا۔

ــــــهٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔

ــــــ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ــــــ ہ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (ــــــ رَجَاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَهٗ و اَرْجَحَهٗ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔

رَجَّحَ و اَرْجَحَ لَهٗ: جھکنا ہوا دینا۔

رَاجَحَهٗ۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّحَ۔ الرَّایُ عِنْدَهٗ: غالب و برتر ہونا ــــــ فِی القَوْلِ: مائل ہونا ــــــ الشَّیْءُ: ہلنا ــــــ الاَرْجُوْحَةِ بِهٖ: جھکنا۔

اِرْتَجَحَ فِی الاُرْجُوْحَةِ: جھولے میں جھکنا ــــــ الاِبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُّجُح۔ مِنَ الجِفَانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے ــــــ مِنَ الکَتَائِبِ: لشکر گراں۔

الاُرْجُوْحَة۔ ج اَرَاجِیْح (الرُّجَاحَة و الرُّجَّاحَة و المَرْجُوْحَة) جھولا۔

الاَرَاجِیْح۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنس۔

اِمْرَأَةٌ (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔

رَجَدَ (ن) رَجَادًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

رُجِدَ رَجْدًا و رُجِّدَ و اُرْجِدَ۔ کانپنا۔

رَجْرَجَ۔ بے قرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَهٗ:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حرکت دینا ـــــ الماءَ: کھود کر پانی نکالنا۔
تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔
ـــــ الشيءُ فِي مَحَلِّهِ: آنا جانا۔
الرَّجْرَج۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔
الرِّجْرِج۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔
الرُّجْرُج۔ ایک قسم کی گھاس۔
الرَّجْرَاج۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا سرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔
الرِّجْرِجَة۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت۔ تھوک۔ بے عقل۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِهِ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَّزَهُ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَ۔ صاحبہ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا ـــــ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا ـــــ السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا ـــــ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا ـــــ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا ـــــ الرَّجَزَ فِي القِتَال: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَرَاجَزَ۔ القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجْز والرِّجْز۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔
الرَّجَز۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔
الرَّجَازَة۔ عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکایا جاتا ہے۔
الأُرْجُوزَة۔ بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِيز۔
الأَرْجَز۔ رجز کی بیماری والا۔
رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا۔ البَعِيرُ: اونٹ کا آواز کرنا ـــــ السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔
ـــــ فلانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا ( ـــــ واَرْجَسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔
رَجِسَ (س) ورَجُسَ (ک) رَجَاسَةً۔ برا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)
اِرْتَجَسَتِ۔ السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔
الرِّجْس والرَّجَس والرَّجِس۔ گندی پلیدی۔ الرِّجْس: برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔
الرَّجَّاس۔ سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ اوسَحَاب رَجَّاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔
بَعِيرٌ رَجُوسٌ مِرجس۔ تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔
المِرْجَاس۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔
المَرْجوسَة۔ فساد و گڑبڑاہٹ۔
رَجَعَ (ض) رُجُوعًا و مَرْجَعًا و مَرْجَعَةً۔ ورُجْعَى ورُجْعَانًا۔ واپس آنا۔ لوٹنا۔ ( ـــــ رُجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا) الكَلَامُ فِيهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ إِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العِلْفُ فِي الدَّابَةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُه عَلَى بَدْئِهِ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا ـــــ الشيءَ عَنْهُ او إِلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا ( ـــــ رُجُوعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔
رَجَّعَ۔ فِي صَوْتِهِ: حلق میں آواز کو گھمانا۔
( ـــــ وتَرَجَّعَ) فِي المُصِيبَةِ: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا رَجَّعَتِ الدَّابَة: قدم رکھنا۔
تَرَجَّعَ النَّاقَةُ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔
رَاجَعَهُ۔ فِي الأَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ـــــ ه الكَلَام: دوبارہ گفتگو کرنا ـــــ الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔
أَرْجَعَهُ۔ رد کرنا۔ پھیرنا ـــــ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ الرَّجُلُ فِي المُصِيبَةِ: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا ـــــ اللّٰهُ بَعِيرَه: نفع کرانا۔
اِرْتَجَعَ۔ النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ إِلَى الشَّيْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔
المَرْأَةُ حِلْيَانَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔
اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَيْلَه فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔
تَرَاجَعَ۔ القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا ـــــ القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔
اِسْتَرْجَعَ۔ مِنْهُ الشَّيْءَ: واپس لینا ـــــ فِي المُصِيبَةِ: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا۔
الحَمَامُ فِي غِنَائِهِ: کبوتری کا گٹ کری کرنا۔
الرَّجْع۔ مہ۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع ورُجْعَان وَرِجْعَان۔ الرَّجْعُ: لید ـــــ مِنَ الأَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو ـــــ مِنَ الكَتِف: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهِ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدَى: آواز باز گشت۔
الرَّجِيع۔ مِنَ الكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيرٌ رَجِيعٌ: سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِع۔ دَابَّةٌ رَجِيعُ أَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔
الرَّاجِع۔ فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع۔
الرُّجْعَة۔ رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔
الرَّجْعَة۔ واپسی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



والرُّجْعَة والرُّجْعَى والرُّجْعَان و الرَّجُوْعَة- خط کا جواب- المَرْجِع- لوٹنے کی جگہ مونڈھے کا نچلا حصّہ-

المَرْجُوع والمَرْجُوْعَة- خط کا جواب- گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں- کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا البَيْعُ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں-

المُرَاجِع- مِنَ النِّسَاء : عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو-

الرِّجَاع- مہار کا وہ حصّہ جو اونٹ کی ناک پر ہو- ج اَرْجِعَة و رُجُع-

رَجَفَهُ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا و رَجِيْفًا- تیز ہلانا- ہلنا (لازی و متعدی) الرَّجْفُ : بہت کانپنا- کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا- الاَرْضُ : زمین میں بھونچال ہونا-

القَوْمُ : لڑائی کے لئے تیار ہونا ـــــ الرَّعْدُ : گڑگڑانا ـــــ الاَسْنَانُ : دانتوں کا گرنا-

اَرْجَفَ- لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بُری خبروں کو پھیلانا ـــــ القَوْمُ : بالشئ وفيه : گھسنا ـــــ الرِّيْحُ الشَّجَر : ہوا کا درخت کو ہلانا-

اَرْجَفَتِ الاَرْضُ- زمین میں بھونچال ہونا- زلزلہ ہونا-

تَرَجَّفَ و اِرْتَجَفَ- بہت زیادہ کانپنا-

اِسْتَرْجَفَ- رَاسَه : حرکت دینا- اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا يَسْتَرْجِفُوْنَ الاَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا-

الرَّجْفَة- اسم مرة- زلزلہ- بھونچال-

الرَّاجِف- فا- جو ڑی والا بخار-

الرَّاجِفَة- قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ-

الرَّجَّاف- بہت کانپنے والا- سمندر- قیامت کا دن-

الاَرَاجِيْف- گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں- کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ المَخَاوِيْفُ كَثُرَتِ الاَرَاجِيْف" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اُڑتی ہیں-

التَّرْجَاف- اضطراب- بے قراری-

رَجَلَ (ن) رَجْلاً- الفَصِيْلَ : اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا- الشَّاةَ : بکری کی ٹانگیں باندھ دینا- رَجَلَه : ٹانگ پر مارنا-

رَجِلَ (س) رَجَلاً- پیدل چلنا- بیمار ٹانگ والا ہونا ـــــ الدَّابَّةُ : ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا- الشَّعْرُ : بال کچھ گھنگریالے ہونا- الفَصِيْلُ : اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا-

رَجَّلَهٗ- قوی کرنا ـــــ الشَّعَر : کنگھی کرنا-

اَرْجَلَهٗ- مہلت دینا- پیدل چلانا- الفَصِيْلَ : اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا-

تَرَجَّلَ- سواری سے اُتر کر پیدل چلنا ـــــ المَرْأَةُ : مرد جیسی ہونا ـــــ الشَّمْسُ : ـــــ آفتاب کا بلند ہونا ـــــ البِئْرَ وفي البِئْر : بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا ـــــ الزَّنْد : پاؤں کے نیچے رکھنا-

اِرْتَجَلَ- دیگچی میں پکانا- الشَّاةَ : ٹانگیں باندھنا ـــــ ه : پاؤں سے پکڑنا ـــــ الزَّنْد : پاؤں کے نیچے رکھنا ـــــ الكَلَامَ : فی البدیہہ کہنا-

ـــــ بِرَأْيِه : منفرد ہونا ـــــ الرَّجُلُ : پیدل چلنا-

ـــــ النَّهَارُ : دن کا چڑھنا ـــــ الفَرَسُ : درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا- کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رِجْلَكَ" اپنی شان کو لازم پکڑ-

الرَّجْل- مہ پیدل چلنے والا- مرد- شَعْرٌ رَجْلٌ : کچھ گھنگریالے بال-

الرِّجْل- ج اَرْجُل : پاؤں- ج اَرْجَال- کسی چیز کا حصّہ- ٹڈی دل (بہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلُ دِفَاعٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد- زمانہ- کہا جاتا ہے "كَانَ ذَالِكَ فِيْ رَجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا- الرجل : پاجامہ- سفید کوا کاغذ- فقیری- آدمی کا پاخانہ- بہت سونے والا مرد- خوف- تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِيْ عَلٰى رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے- پیش قدمی- رِجْلُ البَحْر- کھاڑی خلیج- رِجْلاَ السَّهْمِ : تیر کے دونوں کنارے- رِجْلُ الغُرَابِ و رِجْلُ الجَرَادِ : دو نباتات کے نام رِجْلُ الحَبَّار و رِجْلُ الجَوْزَاء و رِجْلُ قَنْطُوْرَس : ستاروں کے نام- کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَدِّمُ رِجْلاً و يُؤَخِّرُ اُخْرٰى" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اُٹھاتا ہے کبھی دوسرا-

الرَّجُل- مرد- پیدل چلنے والا- ج رِجَال و رَجَلَة و رَجْلَة و اَرَاجِل و رَجَالَات- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِي الرِّجَال" فلاں کامل مرد ہے-

الرَّجَل- مہ ـــــ مِنَ الشَّعْرِ : کم گھنگریالے بال- ج اَرْجَال و رَجَالَى-

الرَّاجِل- پیدل چلنے والا- الرَّجِلُ مِنَ الشَّعْرِ : کم گھنگریالے بال-

الرَّاجِل- فا- پیدل چلنے والا- ج رَجْل و رَجَّالَةٌ و رُجَّالٌ و رِجَالٌ و رَجَالَى و رَجَالَى و رُجْلَان- کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيَّالَةُ و الرَّجَّالَةُ" سوار و پیادے سب آئے- و "اَغَارَ عَلَيْهِم بِخَيْلِهٖ و رَجْلِهٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی- رَجُلٌ رَاجِلٌ : پیدل چلنے والا مرد-

الرِّجْلَة- خرفہ کا ساگ- خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ- ج رِجَل-

الرُّجْلَة- چلنے کی قوت- مردانگی- الرَّجْلَة : جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی-

الرَّجْلَة- عورت-

الرَّجِيْل- ج- اَرْجِلَة و اَرَاجِل و اَرَاجِيْل : پیدل چلنے والا ـــــ ج رَجْلَى و رُجَالَى و رَجَالَى- بہت چلنے پر قادر- كَلَامٌ رَجِيْلٌ : فی البدیہہ کلام- رَجُلٌ رَجِيْلٌ : قوی مضبوط مرد- مکان رَجِيْلٌ : جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں- فرسٌ رَجِيْل : سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے-

الاَرَاجِيْل- شکاری لوگ-

الرُّجُوْلَة و الرُّجُوْلِيَّة و الرَّجُوْلِيَّة و الرُّجْلِيَّةُ- مردی- مردانگی-

الرَّجْلَان- پیدل چلنے والا- ج رُجَالَى و رَجَالَى و رَجْلَى- مؤنث رَجْلَى- ج رِجَال و رَجَالَى-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الأَرْجَل۔ مِنَ الدَّوَاب: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُل اَرْجَل۔ بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاءِ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلُهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَرجِیل۔ منہ جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَرَاجِیل۔ کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل۔ دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل۔

المُرَجَّل۔ مِنَ النَسِیج و نَحوُهُ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل۔ مِنَ الثِیَاب: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأَةٌ (مُرْجِل) لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهُ (ن) رَجْمًا۔ سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

_____ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَجُلُ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَرْجُمُ" وہ تیر بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَّمَ۔ اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بِالغَیْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القَبر: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهُ مُرَاجَمَةً۔ ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهِ: مدافعت کرنا _____ ہ فی الحَرْب او الکَلَامِ او المَعْدُوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْا۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بِالکَلَام: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ۔ الشَیءَ: تہ بتہ ہونا۔

الرَجْم۔ مہ دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم۔ الرَجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالغَیْبِ" اٹکل پچو۔ وصَارَ فُلَانٌ رَجْمًا۔ فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَجَم۔ کنواں۔ تنور۔ قبر ج رِجَام۔

الرُجُم۔ ستارے کی مانند جو آسمان سے گرتے ہوئے معلوم ہوں۔ کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ واحد (رَجْم)

الرُجْمَةُ الرَجْمَة۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجْم و رِجام۔

الرَجِیم۔ سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الرِجَام۔ کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَةٌ)

الرِجَامَان۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔

المِرْجَم۔ مِن الرجال: مضبوط قوی مرد۔ فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِیْثٌ (مُرَجَّم) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجَام۔ پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الابِل: مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامُوْا بِالمَرَاجِم" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ (ن) و رَجِنَ (س) و رَجُنَ (ک) رُجُوْنًا۔ بالمَکَان: اقامت کرنا _____ الحَیَوَانُ: مانوس ہونا۔

رَجَنَ (ن) رَجْنًا و رَجَّنَ و اَرْجَنَ الدَابَّةَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فُلَانًا: شرم کرنا۔ و اَرْجَنَتِ النَاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَنَ۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا _____ الزَبَدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا _____ عَلَی القَوْمِ اَمْرُهُمْ: گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَجِین۔ مہلک زہر۔

الرَجِیْنَة۔ جماعت۔

المَرْجُوْنَة۔ ٹوکرا۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهَ (ض) رَجْهًا۔ ہلنا _____ بالشَیءِ: دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ۔ الاَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔

رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً۔ و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً۔ پُر امید ہونا _____ الشَیءَ: امید کرنا۔ خوف کرنا _____ الرَجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِیَ (س) رَجًا۔ کلام سے رک جانا۔

رُجِیَ۔ عَلَیْهِ: کلام منقطع ہونا۔

رَجَّیَ و تَرَجَّی و اِرْتَجَی۔ الشَیءَ: امید کرنا۔ رَجَّی و اِرْتَجَی فُلَانًا: اُمید لگانا۔ و اِرْتَجَی الشَیءَ: خوف کرنا۔

اَرْجَی۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا _____ الصَیْدَ: نہ پانا۔ اَرْجَی البِئرَ: کنوئیں کا من بنانا اَرْجَتِ النَاقَةُ: بچے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا و الرَّجَاء۔ کنارا۔ رَجَوَا البِئر: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَجَاء: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَجِیَّة۔ امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلَیْسَ لِیْ فِیْ فُلَانٍ رَجِیَّة" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الاُرْجِیَّة۔ جو چیز موخر و ملتوی کی جائے۔

الرَجَّة۔ سانپ جو کنڈی مارے ہوئے ہو۔

الرَجَح۔ کھرکی چوڑائی۔

الرُجَح۔ چوڑے پیالے۔

الاَرَجّ۔ بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَجَّاء ج رُجٌّ۔

رَجِبَ (س) رَجَبًا و رَجْبَ (ک) رُجْبًا و رَجَابَةً۔ المَکَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَجْبٌ و رَجِیْبٌ و رُجَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَجَبَکُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَجَّبَ۔ المَکَانَ: کشادہ کرنا ( _____ به مُرَحَّبًا) بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْجَبَ۔ المَکَانُ: کشادہ ہونا _____ المَکَانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْجِبْ یَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاجَبَ۔ کشادہ ہونا۔

الرَجِب۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ رَجْبٌ و اَرْضٌ رَجْبَة" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "و رُحْبُ الصَدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَجْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَجْبُ البَاعِ او الذِرَاعِ" فیاض۔ سخی۔

الرُجْبَى۔ سب سے چوڑی پسلی۔ الرُجْبَیَان:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔

الرَّحْبَة والرُّحَبَة۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ـــــ مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن ـــــ مِنَ الوَادِي۔ وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحْب و رَحْبَات و رَحَب و رَحَبات۔

الرَّحِيب۔ بہت کھانے والا۔

التَّرْحَاب۔ خوش آمدید۔

رَحَائِب۔ النُّجُوم: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِيبَةٌ۔

المَرْحَب۔ کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و "مَرْحَبَكَ اللّٰه و مَسْهَلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اُتارے۔ "اَهْلاً و مَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لا مَرْحَبًا بِكَ"

رَحْرَحَ۔ مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ـــــ الشَّيْءَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا ـــــ بِالكَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَح والرَّحْرَاح والرَّحْرَحَان۔ پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ و رَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ (ف) رَحْضًا و اَرْحَضَ۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ۔ المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ۔ الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْض: مشک۔ پرانہ توشہ دان۔

الرَّحَاض۔ پسینہ کی آمد۔

الرَّحَاضَة۔ وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرَّحْضَاء۔ بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کردے۔

الرَّحِيض۔ دھویا ہوا۔

المِرْحَاض۔ غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْبَاط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِيض۔

المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة۔ کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

اَرْحَفَ اِرْحَافًا۔ السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔

الرَّحَاق والرَّحِيق۔ شراب۔ الرحیق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِيق: بے داغ حسب ـــــ مِسْكٌ رَحِيقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ (ف) رَحْلاً و رَحِيلاً و تَرْحَالاً۔ عَنِ المَكَانِ: ترک وطن کرنا ـــــ اِلَى المَكَانِ: منتقل ہونا ـــــ البَعِيْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِي" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ـــــ ہ بِالسَّيْفِ: کسی پر تلوار اُٹھانا ـــــ البِلَادَ: پھرنا۔ گھورنا۔

رَحَّلَهُ۔ کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ـــــ الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔

رَاحَلَهُ۔ کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اِرْحَلَّ۔ سواری کے بہت جانور والا ہونا ـــــ الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا ـــــ ہ: سواری دینا۔

ـــــ الاِبِلَ او النَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ۔ القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ۔ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا ـــــ البَعِيْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔

ـــــ الاَمْرُ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ۔ سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا ـــــ النَّاسَ نَفْسَه: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْل۔ مہ کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلَى رَحْلِهٖ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَه وَاَلْقَى رَحْلَه" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کرلی۔ ج رِحَالٌ و اَرْحُلٌ۔ الرِحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَة۔ کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدَا رَحْلُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفرنامہ۔

الرُّحْلَة۔ جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْق رُحْلَتُنَا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔

عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِيْرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ و رِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔

الرَّحِيل۔ مہ کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِيلٌ و نَاقَةٌ رَحِيلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِل۔ فا۔ ج رَاحِلُوْن۔ و رُحَّل و رُحَّال۔

الرَّاحِلَة۔ مِنَ الاِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل۔

الرِّحَالة۔ بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِل۔

الاَرْحَل۔ مِنَ الخَيْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّال۔ کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة۔

الرَّحَّالَة۔ بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُوْل۔ بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُوْل۔ کجاوہ۔

المَرْحَلَة۔ مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل۔

المُرْحِل۔ بہت سواری کے جانور والا۔ (ـــــ والمِرْحَل) مِنَ الجَمَالِ: مضبوط و قوی۔

المُرَحَّل۔ مِنَ الاِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔

ـــــ مِنَ الثِّيَابِ: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَل۔ البَعِيْر: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَهُ۔ (س) رَحْمَةً و مَرْحَمَةً و رُحْمًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَرُحْمًا۔ نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) رَحْمًا و رَحْمًا و رَحَامَةً و رُحِمَتِ۔ المَرْأَةُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوْم ورَحِمَةٌ ورَحْمَاء)

رَحَّمَ و تَرَحَّمَ۔ عَلَيْهِ: کسی کے متعلق "رَحِمَهُ اللّٰه" کہنا۔

تَرَاحَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔

اِسْتَرْحَمَهُ۔ مہربانی طلب کرنا۔

الرَحِم والرِحْم (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوالرَحِمِ" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرْحَام۔

الرُحَام۔ بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔

الرَحُمَة والرَحْمٰى والرُحْم۔ نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت واحسان ہے۔

الرَحُمُوْت۔ بڑی مہربانی۔

الرَاحِم والرَحُوْم۔ مہربانی کرنے والا۔

الرَحِيْم۔ مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء۔ الرَحِيْم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَحْمَان۔ مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔

المَرْحَمَة۔ مہربانی۔ ج مَرَاحِم

المُرَحَّم۔ جس پر مہربانی کی جائے (ـــــ و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔

الرَحَامِس۔ دلاور مرد۔

رَحَا يَرْحُوْ رَحْوًا ورَحِيَ يَرْحَى رَحْيًا و تَرَحِّيْ۔ الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَحَى: چکی چلانا۔

الرَحٰى (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان ورَحَيَان ج اَرْحَاء واَرْحِيَة واَرَح ورُحِيّ ورِحِيّ واُرْحِيّ۔ الرَحٰى: سینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَحٰى قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ واڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَهُ بِاَرْحَائِهٖ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرْحَاء۔

المُرْحِي۔ چکی ساز۔

المَرْحِي۔ گھمسان کا رن۔

رَخَّهُ (ن) رَخًّا۔ پاؤں) سے روند کر ڈھیلا کرنا ـــــ الشَرَابَ: پانی ملانا۔

رَخَّ (ض) رَخًّا۔ العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔

اَرَخَّ۔ فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا ـــــ العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اِرْتَخَّ۔ الرَجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔

الرَخَخ۔ نرمی۔ سہولت۔

الرَخّ۔ ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)

رُخَّة۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخَاخ و رِخَخَة۔

الرَخَاخ۔ نرم گھاس۔ عَيْشٌ رَخَاخ: آسودہ زندگی۔ رَخَاخُ العَيْش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرْضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین۔

اَرْضٌ (رَخَاء) نرم زمین۔ ج رَخَاخِيّ

الرَخْت۔ زین۔ ج رُخُوْت۔ (جدید)

الرَخْرَخ والرَخْرَاخ۔ پتلا گارا۔

تَرَخَّشَ واِرْتَخَشَ۔ ہلنا۔ مضطرب ہونا۔

الرَخْشَة۔ اضطراب۔ حرکت۔

رَخُصَ۔ (ک) رُخْصًا۔ الشَيْءُ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِيْص) (ـــــ رَخَاصَةً ورُخُوْصَةً) نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخْصٌ و رَخِيْصٌ) مؤنث رَخْصَةٌ۔ ج رَخَائِص۔

رَخَّصَ۔ السِعْرَ: بھاؤ سستا کرنا ـــــ لَهٗ كَذَا وفِيْ كَذَا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔

اَرْخَصَهٗ۔ سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔

تَرَخَّصَ۔ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا ـــــ فِي كَذَا: اجازت دیا جانا۔

فِي حَقِّهٖ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔

اِرْتَخَصَهٗ۔ سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔

اِسْتَرْخَصَ۔ الشَيْءَ: سستا سمجھنا۔

الرُخْصَة والرُخُصَة۔ تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي هٰذَا الأَمْرِ رُخْصَةٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔

مَوْتٌ (رَخِيْص) جلدی آنے والی موت۔

رَخَفَ (ن) رخفًا و رَخِفَ (س) رَخَفًا ورَخُفَ (ک) رَخَافَةً ورُخُوْفَةً۔ العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ ورَاخِفٌ)

اَرْخَفَ۔ العَجِيْن: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔

الرَخْف والرَخْفَة۔ پتلا لھسن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخَاف۔

الرَخْفَة والرَخِف۔ نرم و پتلا پتھر۔

الرِخْل والرَخِل والرِخْلَة۔ بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج اَرْخُلٌ ورُخَال ورِخَال ورِخْلَان ورَخَلَة ورِخْلَة۔

المُتَرْخِلّ۔ بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔

رَخِمَ (ن) رَخْمًا ورَخُمَ (ک) رَخَامَةً الصَوْتُ او الكَلَامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِيْم) ـــــ الجَارِيَةُ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِيْمَة ورَخِيْم)

رَخَمَتْ (ن) رَخْمًا ورَخَمًا ورَخْمَةً۔ الدَجَاجَةُ البَيْضَ و عَلَى البَيْضِ و (اَرْخَمَتْ) عَلَى البَيْض: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (رَاخِمٌ ومُرْخِمٌ ومُرْخِمَةٌ)

رَخَمَتْ (ف ن) رَخْمًا ورُخْمَةً ورَخَمَةً المَرْأَةُ وَلَدَهَا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا ورَخَمَهٗ: مہربانی کرنا۔

رَخِمَ۔ رَخِمَ میں ایک لغت ہے۔

رَخَّمَ تَرْخِيْمًا۔ الشَيْءَ: دُم کاٹ دینا۔ اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے۔ نرم آواز کر دینا۔ الدَجَاجَةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الرَخَم۔ سہ گدہ۔ واحد (رَخَمَة) ج رُخَم۔ نری و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

الرُخَام۔ سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخَامَة) کہتے ہیں۔

الرُخَامٰى۔ نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔

الأَرْخَم۔ مِنَ الخَيْل: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْمَاء ج رُخْم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



التَّرْخُوم والتِّرْخُم والتِّرْخُوْم- نرگدھ-
رَخِیَ (س) رَخَاوَۃً ورُخُوَّۃً ورَخَوَ (ک) رَخَاوَۃً- نرم ہونا- آسان ہونا- آسودہ زندگی والا ہونا- صفت (رَخُو ورُخُوْرِخْو)
رَخَا (ن) ورَخِیَ (ف) ورَخِیَ (س) ورَخُوَ (ک) رَخَاءِ العَیْشُ: زندگی کا آسودہ ہونا- صفت (رَاخٍ ورَخِیّ)
رَاخَاہُ مُرَاخَاۃً- دور کرنا- جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرَارَ یُرَاخِیْ الأَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کردے گی ـــــ الشَیْءَ: نرم کرنا ـــــ العُقْدَۃَ: گرہ کھولنا- کہا جاتا ہے "رَاخِی خِنَاقَہٗ اورِبَاقَہ" یعنی اس نے اسے مہلت دی- رَاخَتِ المَرْأَۃُ: بچہ جننے کے قریب ہونا-
اَرْخٰی اِرْخَاءً- الشَیْءَ: نرم کرنا ـــــ الفَرَسَ ولِلْفَرَسِ: گھوڑے کی رسّی ڈھیلی کرنا- کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَہُ الحَبْلَ" اس کی رسّی ڈھیلی کردو- یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو ـــــ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَہ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا ـــــ دَابَّتَہ: جانور کو آزادانہ چلنے دینا ـــــ زِمَامَ النَاقَۃِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا-
رَخَّی- الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا-
تَرَاخٰی تَرَاخِیًا- عَنْہ: دور ہونا- پیچھے ہٹنا- دیر کرنا- کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی- تَرَاخَی الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا- کہا جاتا ہے "اِنَّ فِیْ الأَمْرِ تَرَاخِیًا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے-
اِرْتَخٰی واِسْتَرْخٰی- نرم ہونا-
استرخت بہ حالہٗ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہوگئی-
الرَّخَاء- سہ فراخی زندگی-
الرُّخَاء- نرم ہونا-
الأُرْخِیَّۃ- ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے- ج اَرَاخِیّ-
المِرْخَاء- تیز دوڑنے والا جانور- ج مَرَاخٍ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخَاءٌ وَاَتَانٌ مِرْخَاءٌ"
رَدَّہٗ (ن) رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُوْدًا و رِدِّیْدَیٰ- عَنْ کَذَا: پھیرنا- واپس کرنا- لوٹانا رَدَّ فُلَانًا: خطا کار ٹھہرانا ـــــ البَابَ: بھیڑنا ـــــ عَلَیْہِ الشَیْءَ: پھیر دینا- قبول نہ کرنا-
ـــــ اِلَیْہِ جَوَابًا: جواب بھیجنا ـــــ ہ اِلٰی بَیْتِہٖ: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَایَرُدُّ ھٰذَا عَلَیْکَ شَیْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا ـــــ الشَیْءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کردینا جیسے "فَرَدَّ شُعُوْرَھُنَّ السُّوْدَ بِیْضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کردیا- رَدَّ القَوْلَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا-
رَدَّدَ- القَوْلَ: بمعنی رَدَّ القَوْلَ (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّہٗ- الشَیْءَ: واپس کر دینا ـــــ ہ فِی الکَلَامِ: بحث کرنا-
اَرَدَّ- البَحْرُ: جوش میں آنا ـــــ الرَجُلُ: غصّہ سے پھول جانا ـــــ الشَاۃُ: تھن والی ہونا- صفت (مُرِدٌّ)
تَرَدَّدَ- رد ہونا ـــــ فِی الأَمْرِ: شک و شبہ میں پڑ جانا ـــــ اِلَیْہِ: بار بار آنا ـــــ وتَرَادَّ فِی الجَوَابِ: زبان کا لڑکھڑانا-
تَرَادَّا- البَیْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا- تَرَادَّ المَاءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا-
اِرْتَدَّ- الشَیْءَ: واپس کرنا- واپس کرنے کو کہنا ـــــ عَلٰی اَثَرِہٖ او عَنْ طَرِیْقِہٖ: لوٹنا ـــــ عَنْ دِیْنِہٖ: دین کو چھوڑنا- دین سے پھر جانا- عَنْ ھِبَۃٍ: ہبہ کو لوٹا لینا ـــــ اِلَی الصَوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا-
اِسْتَرَدَّ- الشَیْءَ: واپس کرنے کو کہنا ـــــ ہ الشَیْءَ: واپسی چاہنا ـــــ لِلْھِبَۃِ: ہبہ کو لوٹا لینا-
الرَدُّ- سہ زبان کی لڑکھڑاہٹ- نباتات کی کثرت- کہا جاتا ہے "ضَیْعَۃٌ کَثِیْرَۃُ الرَدِّ" بہت نباتات والی جائیداد- شَیْءٌ رَدٌّ ردی چیز- اَمْرٌ رَدٌّ: مخالف سنّت کام- دِرْھَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم- کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنِی مِنْ رُدُوْدِ الدَرَاھِمِ" مجھے کھوٹے درہم مت دو-
الرِدُّ- چیز کا سہارا-
الرُدَیْنِیُ- طلاق دی ہوئی عورت-
الرَدَّۃ- رد کا اسم مرۃ- کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی- کہا جاتا ہے "فِی وَجْھِہٖ رَدَّۃٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے-
الرِدَّۃ- اِرتداد کا اسم- ٹھوڑی کا پچکنا- پہاڑ کی گونج- بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا- کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ رِدَّۃً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا-
الرَدَاد والرِدَاد- واپسی-
الرَدِیْد- بادل جو برس چکا ہو-
التَرْدَاد- رد- تکرار-
الاَرَدُّ- نافع تر-
الرَادَّۃ والمَرَدَّۃ- فائدہ- کہا جاتا ہے "لَا رَادَّۃَ او لَا مَرَدَّۃَ فِیْہِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں-
المُرِدُّ- فا- مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا- غضبناک- سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی- اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو- ج مَرَادٌّ-
المِرَدُّ- مِنَ الرِجَالِ: بہت رد کرنے والا- بہت حملہ کرنے والا-
المَرْدُوْد- مف سہ زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا-
المَرْدُوْدَۃ- مردود کا مؤنث- استرا-
المُرَدَّد- حیران و سرگشتہ-
رَدَأَ (ف) رَدْأً- الحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگانا-
ـــــ الرَجُلَ: مدد کرنا- رَدَأَہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا-
رَدُؤَ (ک) رَدَاءَۃً- ردی ہونا- صفت (رَدِیٌ) ج اَرْدِیَاء واَرْدِیَۃ-
اَرْدَأَ- بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا ـــــ ہ: خراب کرنا- بگاڑنا ـــــ السِتْرَ: لٹکانا ـــــ الحَائِطَ: دیوار کو تھم لگانا ـــــ فُلَانًا: تسکین دینا- برقرار رکھنا ـــــ ہ عَلٰی مَائَۃٍ: زیادہ کرنا- بڑھانا-
تَرَادَأَ- القَوْمُ: باہم مدد کرنا-
الرِدْءُ- مددگار- مدد- ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں- ج اَرْدَاء-
تَرَدَّبَہٗ- نرمی سے پیش آنا-
الرَدْب- راستہ جس کا آخری سرا بند ہو-
الاِرْدَبُّ- چوبیں صاع کا ایک بڑا پیمانہ- سطح زمین پر بننے والی- ج اَرَادِبُّ-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الإِرْدَبَّة۔ چوپچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَحَ (ن) رَدَحَانًا۔ جانا۔ گزرنا۔
الرَّدَح۔ نوپید میمنے کی مینگنی۔ نوپید بچھڑے کی لید۔
الأَرْدَاح۔ سیاہ چمڑا۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا۔ ثابت قدم رہنا۔ الشَّيْءَ: زمین پر پھیلا کر رابر کرنا۔ (وَ أَرْدَحَ) البَيْتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ۔ الشَّيْءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْع۔ مہلک ورد۔
الرَّدَح۔ لمبی مدت کہا جاتا ہے "أَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ" اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاح۔ بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ ـــــ مِنَ الكِبَاشِ: بڑی چکی والا دنبہ۔ ج۔ رُدُح۔
الرِّدْحَة۔ خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی
رُوْحَةُ الصَّائِد: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے اردگرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَة والرِّدَاحَة۔ بجو کے شکار کے لئے مکان۔
المُرْتَدَح۔ گنجائش۔ کشادگی۔
الرُّدَحِي۔ دیہات کا سبزی فروش۔
رَدَخَ (ف) رَدْخًا۔ رَاسَهُ: سر توڑنا۔
رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا۔ القَوْمَ: پتھر مارنا ـــــ الحَائِطَ: گرانا' ڈھانا ـــــ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ـــــ الأَرْضَ: ہموار کرنا ـــــ بالشَّيْءِ: لے جانا ـــــ الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهُ۔ ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّس۔ مِنْ مَكَانِهِ: گرنا۔
المِرْدَس والمِرْدَاس۔ پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوْس ورِدِّيْس) بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَهُ (ف) رَدْعًا: عَنْ كَذَا: روکنا' ہٹانا ـــــ ه بالشَّيْءِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الأَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔

ـــــ السَّهْمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا ـــــ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ۔ رَدْعَةً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِهِ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَه۔ بِالزَّعْفَرَان: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ۔ لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ۔ باز رہنا ـــــ بِالطِّيْب: خوشبو سے لت پت ہونا ـــــ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْع۔ مہ گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ رَدْعَهُ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَكِبَ البَعِيْرُ رَدْعَه" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِيْصٌ (رَادِع) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرِّدَاع۔ کیچڑ و پانی۔
الرِّدَاع۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔
الرَّدِيْع۔ پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِيْعٌ: زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِيْعٌ و مِرْدَع) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَع۔ محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
الرِّدَعِل۔ چھوٹے بچے۔
رَدَغَتْ (ف) رَدْغًا۔ السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الأَرْضَ: پٹک دینا۔
ارْدَغَّ۔ المَكَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدْغ)
اِرْتَدَغَ۔ کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغ والرِّدَاغ۔ کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدَغَة والرَّدْغَة۔ سخت کیچڑ۔ ج رَدْغٌ رَدَغَ ورِدَاغ۔ ورَدْغَات۔ مَاءٌ رَدَغَةٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِيْغ۔ پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَة۔ گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پر رونق باغ۔ ج مَرَادِغ۔
رَدَفَهُ (ف) وَرَدِفَ لَهُ (س) رَدْفًا۔ پیچھے ہونا۔ رَدَفَهُ وَرَدِفَ لَه: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔
رَدِفَ الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَهُ۔ ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِف" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
اَرْدَفَ۔ پے در پے ہونا ـــــ ه: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِف" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ اَرْدَفَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ و عَلَيْهِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "اَرْدَفْتُ خَيْلًا عَلَى خَيْلِي" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ اَرْدَفَ لَهُ: پیچھے آنا ـــــ الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کا پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الكَلِمَاتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔
اِرْتَدَفَهُ۔ پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ـــــ ه: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهُ۔ پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَهُ۔ پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔
الرِّدْف۔ پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فِي الجَاهِلِيَّةِ: زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْدَاف۔ الرِّدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِّدْفَان: رات دن۔
الرِّدْف والرِّدَاف۔ مِنَ الدَّابَّةِ: جانور کا چوتڑ۔
الرَّدِيْف۔ سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِدَاف ورُدَفَاء نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِيْف فِي اصْطِلَاحِ الجُنْدِيَّةِ: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّادِفَة والرَّادُوْف- رَوَادف کا واحد ہے اور رَوَادِف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو- کوہان کے پیچھے حصّہ میں تہ بتہ چربی- اگر اگلے حصّہ میں ہو تو اس کو رَوَاکِب کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ ورَوَادِفَ"

الرَّوَادِف- سُرین- پیچھے رہنے والی قوم-

الرِّوَادِفَة- بادشاہ کی قائم مقامی-

الرُّدَافٰی- مددگار لوگ- کہا جاتا ہے "جَاءُ وْا رُدَافٰی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے-

الرَّدْق- جانور کے نوزائیدہ بچّہ کا پاخانہ جو کچھ کھانے سے پہلے کرے-

رَوْدَكَة- آراستہ کرنا- خوبصورت بنانا-

الرَّوْدَك- خوش شکل لڑکا- مؤنث رَوْدَكَة-

رَدَمَ (ن) رَدْمًا- الثُّلْمَة او البَابَ : رخنہ یا دروازہ بند کرنا ـــــ القَوْسَ : کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا ـــــ البَعِيْرَ : چبھونا-

رَدَمَ (ن) رَدْمًا- الشَّيْءُ : بہنا ـــــ السَّحَابُ : ہمیشہ گھرا رہنا ـــــ الحُمّیٰ : ہمیشہ بخار رہنا ـــــ الشَّجَرَةُ : خشک ہونے کے بعد سبز ہونا- رُدِمَ الشَّيْءُ : کسی چیز کے ایک حصّہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا-

اُرْدِمَ- السَّحَابُ : ہمیشہ گھرا رہنا ـــــ الحُمّیٰ عَلَيْهِ : ہمیشہ بخار رہنا-

رَدَّمَ- الثَّوْبَ : پیوند لگانا ـــــ النَّاقَةُ عَلٰی وَلَدِهَا : اونٹنی کا اپنے بچّہ پر مہربان ہونا-

تَرَدَّمَ- ثَوْبَه : کپڑے میں پیوند لگانا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا-

الخُصُوْمَةُ : جھگڑے کا طویل ہونا ـــــ ه : درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا ـــــ النَّاقَةُ عَلٰی وَلَدِهَا : اونٹنی کا اپنے بچّہ پر مہربان ہونا ـــــ القَوْمُ الارضَ : زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا-

الرَّدْمُ- مہ دیوار کا ملبہ- کمان کی آواز-

( ـــــ والرِّدَام والمِرْدام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو-

الرَّدَم- رخنہ کی بندش- ج رُدُوْم-

الرِّدِيْم- مِنَ الثِّيَاب : پرانا کپڑا- ج رُدُم-

الاَرْدَم- ماہر ملاح- ج اَلارْدَمُوْن-

ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ و مُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا-

المُتَرَدَّم- پیوند لگائی ہوئی جگہ- زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاءُ مِنْ مُتَرَدَّم" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے-

رَدَنَ (ض) رَدْنًا- الاشیاءَ : تہ بتہ رکھنا-

ـــــ المرأةُ : تکلے پر کاتنا ـــــ النارَ : آگ سلگانا-

رَدِنَ (س) رَدَنًا- الجلدُ : سکڑنا-

رَدَّنَ و اَرْدَنَ- القمیصَ : آستین لگانا- اَرْدَنَتِ الحمیٰ : بخار کا مدت تک رہنا-

اِرْتَدَنَت- المرأةُ : تکلا بنانا-

الرُّدْن- آستین کی جڑ- آستین کا کشادہ کنارہ- عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے- اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثَقُل ردنه" یعنی وہ مالدار ہو گیا- ج اَرْدَان-

الرَّدْن- مہ ہتھیار کی جھنکار-

الرَّدَن- سوت- ریشم- ج اَرْدَان-

الرَّادِن- فا- زعفران-

احمر (رَادِنِی) سرخ جس میں زردی ملی ہو-

الاردن- ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم-

الرَّدَيْنِی- نیزہ- ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی-

المِرْدَن- تکلا-

المُرْدِن- تاریک- اندھیرے والا- عرق مُرْدِن : بدبودار پسینہ-

خَيْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا-

رَدَهَ- (ف) رَدْهًا- فلانا بحجر : سنگسار کرنا ـــــ البَيْتَ : بڑا مکان بنانا-

رَدْهَة- الرجلُ : شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا-

الرَّدْهَة- پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر- گھر کی سب سے کشادہ جگہ- ج رَدْهٌ و رِوَاهٌ و رُدَّهٌ-

رَدَیٰ (ض) رَدْیًا و رَدَیَانًا- الشَّیْءَ : توڑنا- ه : دھکا دینا ـــــ ه بحَجَرٍ : پتھر مارنا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا اُچھلتے ہوئے دوڑنا-

الجَارِيَةُ : لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا ـــــ فُلَانٌ : جانا- تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَيْنَ رَدَیٰ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ـــــ فِی البِئْر : کنوئیں میں گرنا ـــــ فُلَان : بلند پہاڑ سے گرنا ـــــ عَلَی الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمُرِه : زائد ہونا-

رَدِیَ (س) رَدًی- ہلاک ہونا- گرنا-

رَدَّیٰ- الرَّجُلَ : ہلاک کرنا : چادر اُڑھانا-

ـــــ ه فی البِئْر : کنوئیں میں گرانا ـــــ مَالُهٗ : زیادہ ہونا ـــــ عَلَی الخَمْسِيْن : زائد ہونا ـــــ الفَرَسَ : کدانا-

رَادَیٰ مُرَادَاة- الرَّجُلَ : پھسلانا- نرمی برتنا ـــــ عَنِ القَوْمِ : کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا-

تَرَدَّیٰ- چادر اوڑھانا- تَرَدَّیٰ فی البِئْر : کنوئیں میں گرنا-

اِرْتَدَیٰ- چادر اوڑھنا- گلے میں تلوار لٹکانا- اِرْتَدَتِ الجَارِيَةُ : لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا-

الرِّدَاء- چادر- عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش- جمیل- تلوار- کمان- عقل- نادانی- باعث زینت- باعث عیب- رِدَاءُ الشَّبَابِ : جوانی کی رونق- رِدَاءُ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی- کہا جاتا ہے "هُوَ غَمْرُ الرِّدَاء" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے و "خَفِيْفُ الرِّدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے- ج اَرْدِيَةٌ-

الرِّدَاءَة- بڑی چادر-

الرَّدَاة- چٹان- ج رَدًی-

الرَّدِی- ہلاک ہونے والا-

الرَّادِی- گونجنے والا شیر-

المِرْدَاة- لڑائی کا چکر- اور اسی سے ہے "طَحَنَتْهُ مِرْوَاةٌ طَحُوْنٌ" لڑائی کے چکر نے اُسے پیس کر رکھ دیا ( ـــــ والمِرْدَیٰ) بڑی چادر- ازار- پتھر توڑنے کا پتھر- ج مَرَادِی-

المَرَادِی : گھوڑے یا اُونٹ کی ٹانگیں زمین پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المَرادِی: ہاتھی۔
المُرْدِیَّ۔ ملاح کا چپو۔ ج مَرَادِیّ۔
رَذَّتْ (ن) رَذَاذًا و اَرَذَّتْ۔ السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ و اَرَذَّتِ القِرْبَةُ: بہہ پڑنا۔
الرَّذَاذ۔ پھوار۔
الرَّوْذَق۔ اُتری ہوئی کھال۔ بھوننے کے لئے بالوں سے صاف کیا ہوا بکری کا بچہ۔ مسالہ ملا کر پکا ہوا گوشت۔ ج رَوَاذِق۔
الرَّوْذَكَة۔ بکری کے چھوٹے بچے۔ ج رَوَاذِک۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَةً۔ قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذَال و رُذُوْل و رُذُلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلَاء و رِذَال۔
رَذَّلَهٗ (ن) رَذْلًا و اَرْذَلَهٗ۔ حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ۔ بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ـــــہ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
الدَّرَاهِمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَهٗ۔ حقیر سمجھنا۔
الرُّذَال۔ حقیر و کمینہ (ـــــ و الرُّذَالَة) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَةُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَّذِیْلَة۔ نالائقی۔ بُری عادت۔ ج رَذَائِل۔
الاَرْذَل۔ اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل و اَرْذَلُوْن۔
المُرْذِل۔ رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔
رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذَمَانًا و رَذِمَ (س) رَذَمًا و اَرْذَمَ۔ الإِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) و اَرْذَمَ عَلَى الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمُرِهٖ: زائد ہونا۔
الرَّذَم و الرَّذَمَان۔ مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ رَذَمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَكَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الرُّذَام و الرَّذْم۔ کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الرَّذُوْم۔ بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم و رَذْم۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَة و اُرْذِیَ۔ بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیٌ) رُذَاة۔ مؤنث رَذِیَّة۔
اَرْذَاه۔ نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذًی)
الرَّذِیَّ۔ بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَّتِ (ن ض) رَزًّا۔ الجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چبھونا۔ السَّمَاءُ: گرجنا۔ ٥: نیزہ مارنا ـــــ البَابَ: دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَّهْمُ فِی الحَائِطِ: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتْ۔ الجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔
رَزَّزَ۔ الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا ـــــ الأَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ۔ السَّهْمُ فِی الحَائِطِ: تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَةِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُّزُّ۔ چاول (اَرْز میں ایک لغت ہے)
الرِّزُّ و الرِّزِّیْز۔ دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الرَّزَّة۔ زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز و رِزَّات و رُزَز۔
الرَّزَّة۔ پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَّزَّاز۔ سیسہ۔
الرَّزَّاز۔ چاول کا سوداگر۔
الاِرْزِیْز۔ کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الرَّزِیْز۔ ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیْزُ الرَّعْدِ: گرج کی آواز۔
المُرَزَّز۔ مِنَ الطَّعَام: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
المَرَزَّة۔ چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأَ (ف) رَزْأً و رُزْأً و مَرْزِئَةً۔ الرَّجُلَ مَالَه: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ـــــ وَرَزِیَ (س) رَزْأً و اِرْتَزَأَ۔ الرجل: بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَاةُ الشَّیْءِ: کم کرنا۔ و اِرْتَزَأَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الرَّزء۔ ج اَرْزَاء و (الرَّزِیئة و الرَّزِیَّة) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔
المُرَزَّأ۔ فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْنَ و المُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَة۔ بڑی مصیبت۔
رَزَبَهٗ (ن) رَزْبًا۔ چمٹے رہنا۔
الاِرْزَبّ۔ چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَّة و المِرْزَبَة۔ لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب۔
المِرْزَاب۔ پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرَازِیب۔
المَرْزُبَان۔ فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَة و (المَرْزَبَة) فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ (ف) رَزْحًا و رُزُوْحًا و رَزَاحًا۔ الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح ـــــ الرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا ـــــ الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا (ـــــ و اَرْزَحَ) العِنَبَ: گرے ہوئے انگور اُٹھانا (رَزَحْتُ و تَرَازَحْتُ) حالہ: بُرا حال ہونا۔
رَزَّحَ۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزَاحٰی و رَزْحٰی و رُزَّح و رَوَازِح) لاغر و کمزور اونٹ۔
المَرْزَح۔ ہموار زمین۔
المِرْزَح و المِرْزَحَة۔ انگور کی بیل کو زمین سے اُٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِح۔ المِرْزَح: آواز۔
المِرْزَاح۔ مِنَ الاِبِلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو ملنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح۔
رَزَحَهٗ (ف) رَزْحًا۔ بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا۔
الرَّزْدَق۔ لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الرُّزْدَاق۔ دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں۔ ج رُزْدَاقَات و رَزَادِیْق۔
اَرْزَغَ۔ المَاءُ: پانی کم ہونا ـــــ المَكَانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا ـــــ المُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا ـــــ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَطَرُ الارضَ : بارش کا زمین کو تر کر دینا ـــــ الرَجُلَ : عیب سے آلودہ کرنا ـــــ فِیْ فُلَانٍ : ہمت تکلیف پہنچانا' حقارت کرنا' عیب لگانا' طعن و تشنیع کرنا۔

رَازَغَہ۔ کشتی کرنا اور فریب دینا۔

اِسْتَرْزَغَہ۔ کمزور سمجھنا۔

الرَزْغَۃ۔ پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ رِزَاغ۔

الرَزِغ : تری۔

الرَزِغ و الرازغ۔ کیچڑ میں پھنسا ہوا۔

رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزَّفَ و اَرْزَفَ اِلَیْہِ : آگے بڑھنا ـــــ الجَمَلُ : اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَفَ الاَمْرُ : قریب ہونا۔ اَرْزَفَ النَاقَۃَ : ڈکی چلانا۔ اُرْزِفَ القَوْمُ : جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔

نَاقَۃٌ رَزُوْف (کشادہ قدم' تیز رفتار اونٹنی۔

رَزَّافَاتٌ۔ البَلَدِ : شہر کے قریب کی جگہیں۔

رَزَقَہٗ (ن) رَزْقًا۔ روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَہ اللّٰہُ الغِنٰی" اللہ اسے تونگری دے۔

رُزِقَ۔ روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔

اِرْتَزَقَہٗ۔ روزی مانگنا ـــــ الجُنْدُ : روزی لینا۔

اِسْتَرْزَقَہٗ۔ روزی مانگنا۔

الرِزْق۔ روزی۔ ج اَرْزَاق۔ بارش۔

الرِزْقُ الحَسَن : بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی ( ـــــ والرِزْقَۃ) ج رَزَقَات۔ سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ رِزْقَۃَ ھٰذَا الشَھْرِ او ھٰذَا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔

الرَّازِقِیُّ۔ کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔

الرَّازِقِیَّۃ۔ کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔

الرَزَّاق۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)

المُرْتَزَق۔ مفہ۔ جس سے فائدہ اُٹھایا جائے۔

المُرْتَزِقَۃ۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کر لی ہو۔

المَرْزُوْق۔ مفہ خوش نصیب۔

رَزَمَ (ن) رَزْمًا۔ الشَیْءَ : جمع کر کے باندھنا ـــــ بِالشَیْءِ : پکڑنا ـــــ عَلٰی عَدُوِّہٖ : دُشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا ـــــ الرَجُلُ : مرنا ـــــ الاُمَّ بِہٖ : جننا۔

رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا و رُزَامًا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اُٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام ( ـــــ رَزِمَۃٌ) الشِتَاءُ : سرد ہونا۔

رَزَّمَ۔ الثِیَابَ : کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔

ـــــ القَوْمُ : کسی جگہ میں چٹ کر رہنا۔

رَازَمَ۔ بَیْنَھُمَا : جمع کرنا ـــــ فِی المَطَاعِمِ : بدل بدل کر کھانا کھانا ـــــ الدَارَ : دیر تک رہنا۔

اَرْزَمَ۔ الرَعْدُ : سخت گرجنا۔ اَرْزَمَتِ النَاقَۃُ : بچّہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔

اِرْزَأَمَّ : اِرْزِیْمَامًا۔ غضبناک ہونا۔

الرَزْمَۃ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

الرِزْمَۃ۔ مِنَ الثِیَابِ وغَیْرِھَا : گٹھری۔ ج رِزَم۔

الرَزَمَۃ۔ بچّے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچّہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر مُنہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا خَیْرَ فِیْ رَزَمَۃٍ لَا دِرَّۃَ فِیْھَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔

غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔

الرِزَّام۔ سخت مرد۔ ج رُزَّم۔

اَسَدٌ (رَزَامَۃٌ و رَزَامٌ) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔

الرَزِیْم۔ شیر کی گونج۔

الرَزَّام و المُرْزِم۔ اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ بِالمُرْتَزَم"

المِرْزَم۔ گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسّی۔

اُمُّ المِرْزَم : بادِ شمالی یا مطلقاً ہوا۔

المِرْزَمَان۔ دو ستارے جو دونوں شعری کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَیْرَ فِی الزَمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔

رَزَنَ (ن) رَزْنًا۔ الشَیْءَ : ہاتھ سے اُٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ـــــ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا۔

رَزُنَ (ک) رَزَانَۃً۔ سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن) صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا جاتا۔

رَازَنَ۔ الرَجُلَ : دوست ہونا۔ ساتھ اُترنا۔

تَرَازَنَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

تَرَزَّنَ۔ فِی الاَمْرِ او فِیْ مَجْلِسِہٖ : سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔

الرَوْن و الرِوْن۔ بلند جگہ جس میں پانی رُک جائے۔ ج رُوُن و رِوَان و اَرْوَان۔ الرَوْن : کنارہ۔

الرِوَنَۃ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِوَان۔

الاَرْزَن۔ سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔

الرَوْزِیْن۔ ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَوْزِیْنُ الرَایِ"

الرَوْزَنَۃ۔ روشن دان۔ ج رَوَازِن۔

رَزَیٰ۔ (ض) رَزْیًا۔ فُلَانًا : احسان قبول کرنا۔

اَرْزَیٰ : اِرْزَاءً۔ اِلَیْہِ و اَرْزَیٰ اِلَیْہِ ظَھْرَہٗ : سہارا لینا۔ پناہ لینا۔

رَسَّ (ن) رَسًّا۔ البِئْرَ : کنواں کھودنا ـــــ الشَیْءَ : دھنسانا ـــــ لَہُ الخَبَرَ : بیان کرنا ـــــ المَیِّتَ : میت کو دفن کرنا ـــــ خبرھم : معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَھُمْ : صلح کرانا۔ فسادڈالنا ـــــ (ضد) ( ـــــ رَسًّا و رَسِیْسًا و اَرَسَّ) السَقَمُ فِیْ جَسَدِہٖ : بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔

رَاسَّہ مُرَاسَّۃً۔ بالاَمْرِ : کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔

تَرَاسَّ۔ القَوْمُ الخَبَرَ : رازدارانہ کہنا۔

اِرْتَسَّ۔ الخَبَرُ فِی النَاسِ : پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّسَّ۔مہ۔پرانا کنواں۔علامت۔معدن ہر چیز کی ابتداء۔بخار کی ابتداء۔کہا جاتا ہے "بِہٖ رَسٌّ حُمّٰی" اسے بخار کی ابتداء ہے۔رَسُّ الْحُبِّ: آغازِ محبت۔بقیہ محبت۔اثر محبت۔کہا جاتا ہے "بَلَغَنِی رَسٌّ مِنَ الْخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔

الرَّسَّۃ۔مضبوط ستون۔

الرَّسَّۃُ والْاُرْسُوْسَۃ۔ٹوٹی۔

الرَّسِیْسُ۔مہ۔ثابت۔عاقل۔غیر صحیح خبر۔رِیحٌ رَسِیْسٌ: نرم ہوا۔رَسِیْسُ الْحُبِّ: بخار کی ابتداء۔رَسِیْسُ الْحُبِّ: آغازِ محبت۔بقیہ محبت۔اثر محبت۔

الرَّشّ۔ٹیلہ۔بڑی بوند کی بارش۔

رَسَبَ وَرَسُبَ (ن وک) رُسُوْبًا و رَسَبًا۔الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: تہ نشین ہونا ـــــ الْعَیْنُ: آنکھ اندر کو دھنس جانا۔

اَرْسَبَہٗ۔نیچے اُتارنا۔

الرَّاسِب والرَّسُوْب۔مِنَ الرِّجَال: حلیم۔بردبار۔ثابت قدم۔

الرَّسَب والرَّسَب والرَّسُوْب و المِرْسَب۔مِنَ السُّیُوْفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار۔

الرَّوْسَب۔بلا۔مصیبت۔

الرُّسْتَاق۔دیہات۔ج رَسَاتِیْق۔

رَسِحَ (س) رَسَحًا۔دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔صفت مذکر (اَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاء) ج رُسْحٌ۔اِمْرَأَۃٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔

اَرْسَحَہ۔لاغر کرنا۔

رَسَخَ (ن) رُسُوْخًا۔گڑ جانا۔کہا جاتا ہے "رَسَخَ الْجِبْرُ فِی الصَّحِیْفَۃِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔"وَرَسَخَ الْعِلْمُ فِی الْقَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہوگیا۔وَ فُلَانٌ رَاسِخٌ فِی الْعِلْمِ فلاں مضبوط علم والا ہے ـــــ الْغَدِیْر: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔

اَرْسَخَہٗ۔گاڑ دینا' ثابت کرنا' مضبوط کرنا۔

تَرَسَّخَ۔فِی التُّقٰی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔

الرَّسْدَق والرِّسْدَاق بمعنی الرِّزْدَق والرِّزْدَاق۔

رَسَغَ (ف) رَسْغًا۔الْعَضْوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا ـــــ عَیْنُہٗ: چھپے ہوئے پپوٹے والی ہونا ـــــ الصَّبِیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

رَسِغَ (س) رَسَغًا۔خراب پپوٹوں والا ہونا۔صفت (اَرْسَغ) ـــــ عَیْنُہٗ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔صفت (رَسْغَاء) ـــــ بِہِ الشَّیْءَ: چمٹنا۔

رَسَّغَ۔خراب گوشہ چشم والا ہونا۔کسی مقام پر جم کے رہنا ـــــ الشَّیْءُ: چپکانا ـــــ السَّیْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا ـــــ الصَّبِیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

الرِّسَاعَۃ۔ج رَسَائِع: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرُّسُوْع۔کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرَّسِیْع۔چپکایا ہوا۔ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔

رَسَغَ (ن) رَسْغًا۔البَعِیْر: اگلی ٹانگوں کے گٹے میں رسی باندھنا۔

رَسَّغَ۔المَطَرُ: ٹخنے تک برسنا ـــــ الْعَیْشَ: وسیع کرنا ـــــ الْکَلَامَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔

رَاسَغَہٗ۔گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔

اِرْتَسَغَ۔عَلٰی عِیَالِہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا۔

الرُّسْغ والرُّسْغ۔گٹا۔پہنچا۔ج اَرْسَاغ وَاَرْسُغ۔

الرَّسِیْغ۔مِنَ الْعَیْشِ: کشادہ زندگی۔مِنَ الطَّعَامِ: بہت خوراک۔

الرِّسَاغ۔وہ رسی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔

المُرَسَّغ۔مِنَ الْاَرَاءِ: کمزور و نادرست رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِیْفًا و رَسَفَانًا۔پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

اَرْسَفَ۔الدَّابَّۃَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ۔الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلًا و رَسَالَۃً۔الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا ـــــ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ۔فِی الْقِرَأَۃِ: خوش آوازی سے پڑھنا۔آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا ـــــ الْفُصْلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَہٗ۔فِیْ وعَلٰی وبِالْاَمْرِ: خط و کتابت کرنا۔رَاسَلَہٗ الْغِنَاء: گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَہٗ۔بھیجنا۔چھوڑنا۔اَرْسَلَ الْقَوْلَ: بلا قید بولنا ـــــ فُلَانًا عَلَیْہِ: مسلط کرنا۔اَرْسَلَ بِہٖ اِلَیْہِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا ـــــ قولہ مثلاً: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ۔نرمی کرنا۔آہستگی کرنا۔رسول ہونے کا دعویٰ کرنا ـــــ فِی الرُّکُوْبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا ـــــ فِی الْقُعُوْدِ: اِردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چار زانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ۔الْقَوْمُ: باہم خط و کتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ۔الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔لٹکنا ـــــ الشَّیْءُ: نرم ہونا ـــــ اِلَیْہِ: بے تکلفی برتنا ـــــ فِی الْکَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرَّسْل۔مِنَ السَّیْرِ: نرم چال ـــــ مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال ـــــ مِنَ الْاِبِل: نرم چال والا اونٹ۔

الرِّسْل۔نرمی۔آسودگی۔دودھ۔گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ج رِسَال۔الرِّسَال: اونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْل والرِّسْلَۃ) آہستگی' نرمی۔کہا جاتا ہے "عَلٰی رِسْلِکَ یَا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ۔الرِّسْلَۃ۔جماعت۔کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رِسْلَۃً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَل۔مہ۔جماعت۔گروہ۔ریوڑ۔ج اَرْسَال۔

الرَّسْلَۃ۔کامل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِیْہِ رَسْلَۃُ نَاقَۃٍ رَسْلَۃٌ": نرم چال والی اونٹنی۔کہا جاتا ہے "ھُمْ فِیْ رَسْلَۃٍ مِنَ الْعَیْشِ" وہ لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَسْلَة :وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِسَالَة والرِسَالَة۔ پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل ورَسَالَات۔

الرَسُوْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسُل ورُسُل وأَرْسُل ورُسَلاء۔ الرُسُل :چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَسِیْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ سانڈ۔ بیٹھاپانی۔ ج أَرْسُل ورُسُل ورُسَلاء۔

الرَسِیْلَة۔ الرِسْلَة کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "اَلقَی الکَلَامَ عَلٰی رَسِیْلَاتِہٖ" یعنی اس نے بے التفاتی کی۔

المُرْسَلَة۔ لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات۔ المُرْسَلَات : ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

المِرْسَال۔ چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ مِرْسَالٌ : نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِیْل۔

رَسَمَ(ن) رَسْمًا۔ المَطَرُ الدِّیَارَ :مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا۔ لَہٗ کَذَا : حکم دینا ـــــ عَلٰی کَذَا : لکھنا ـــــ الکِتَابَ :لکھنا ـــــ نَحْوَہٗ : دوڑتے ہوئے جانا ـــــ ہ الأَسْقُفُ : گرجا کا کوئی عمدہ دینا۔ اسم "الرِسَامَة" ہے۔

رَسَمَ (ص) رَسِیْمًا۔ البَعِیْرُ : پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْم)

رَسَّم۔ الثَوْبَ : دھاری دار بنانا ( ـــــ وأَرْسَمَ) النَاقَة :چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔

تَرَسَّمَ۔ الدَارَ : گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا ـــــ الشَیْءَ : یاد کرنا ـــــ البَانِیْ و الحَافِرَ : عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ۔ الأَمْرَ : فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَہٗ کَذَا فَارْتَسَمَہ" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا ـــــ لِلّٰہِ تعالٰی : تکبیر کہنا اور دعا کرنا ـــــ الرَجُلُ : گرجا کے کسی عمدہ پر پہنچنا۔

الرَسْم۔ مہ۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرٰی وُدَّکُمْ" رَسْمًا ووُدِّیْ حَقِیْقَةٌ میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوم وأَرْسُم۔ معاملہ ـــــ عِنْدَ أَھْلِ الجِبَایَةِ : ٹیکس۔

الرَاسِم۔ فا۔ بہتا ہوا پانی۔

الرَسَم۔ رفتار کی خوبی۔

الرَاسُوْم۔ ج رَوَاسِیْم و (الرَوْسَم) ج رَوَاسِم :مہر۔ مٹکے وغیرہ پر مُہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلّہ کے ڈھیر پر مُہر کی جائے۔

الرَوْسَم : علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَوَاسِم : زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم ورَاسِمَة)

المَرْسُوْم۔ مف۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِم و مَرَاسِیْم۔

الرَسَّام۔ نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔

الرَسَمَان والمِرْسَم :زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا وأَرْسَنَ۔ الدَابَة :جانور کے سر میں رسّی ڈالنا۔ رَسَنَ وأَرْسَنَ الدَابَة : جانور کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمٰی بِرَسَنِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسّی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ أَرْسَنَ أَلْمَھْرُ :بچھیری کا تابع ہونا۔ گرون میں رسّی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔

الرَسَن۔ جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی۔ ج أَرْسَان وأَرْسُن۔

المَرْسِن والمِرْسَن۔ مِنَ الدَابَةِ : رسّی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن۔ ناک۔

رَسَا یَرْسُوْ رَسْوًا ورُسُوًّا۔ ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (رَاسٍ) صفت مؤنث (رَاسِیَة) ج رَوَاسٍ ورَاسِیَات۔ رَسَتِ السَفِیْنَةُ : لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَیْنَ القَوْمِ : صلح کرانا ـــــ عَنْہُ حَدِیْثًا : کسی سے روایت کرنا۔ لَہُ الحَدِیْثَ : کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا ـــــ الصَوْمَ :روزے کی نیت کرنا۔

رَاسَی۔ ہ : تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

أَرْسَی إِرْسَاءً۔ الشَیْءُ : ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا ـــــ السَفِیْنَةَ : کشتی کو لنگر انداز کرنا ـــــ الوَتَدَ فِی الأَرْضِ :کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔

الرِسْو۔ خبر کا ایک حصہ۔

الرَاسِی۔ فا۔ قِدْرٌ رَاسِیَة :ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔

الرَوَاسِیْ۔ مضبوط پہاڑ۔

الرَسِیّ۔ ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا تھم۔

المَرْسٰی۔ بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ۔

المُرْسٰی۔ مف۔ باری تعالٰی کے قول "یَسْأَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَةِ أَیَّانَ مُرْسٰھَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"

المِرْسَاة۔ کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ۔ کہا جاتا ہے "اَلقٰی مَرَاسِیَہٗ" یعنی اس نے اقامت کی "وَاَلقَتِ السَحَابُ مَرَاسِیَھَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًا وتَرْشَاشًا۔ المَاءَ :پانی چھڑکنا ـــــ السَمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا ـــــ الشَیْءَ :دھونا۔

أَرَشَّت۔ السَمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا ـــــ الطَعْنَةُ : کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا ـــــ الشِوَاءُ : بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ۔ عَلَیْہِ المَاءُ :متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔

الرَشّ۔ مہ۔ پھوار۔ ج رِشَاش۔ تکلیف دہ مار۔

الرَشَاش۔ پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

المِرَشَّة۔ پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأَ (ف) رَشْأً۔ الظَبْیُ : ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا ـــــ الظَبْیَةُ : ہرن کا جننا۔

الرَشَأ۔ ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج ارشاء۔

الرُشْبَة۔ مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔

المَرَاشِب۔ مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دیں۔

رَشَحَ (ف) رَشْحًا ورَشْحَانًا واَرْشَحَ وارْتَشَحَ۔ الإِنَاءُ : برتن کا ٹپکنا۔ رسنا ـــــ الجَسَدُ : بدن کا پسینہ والا ہونا ورَشَحَ الظَّبْيِ : ہرن کا اُچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهُ بِشَيْءٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔

رَشَحَتِ النَّاقَةُ وَلَدَهَا رَشْحًا واَرْشَحَتْهُ ورَشَّحَتْهُ۔ اونٹنی کا اپنے بچّہ کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچّہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرْشِح ومُرَشِّح)

رَشِحَ۔ پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ۔ المَالَ : بہتر انتظام کرنا ـــــ الوَلَدَ : پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّحُ لِوَلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے تیار کیا جا رہا ہے ـــــ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا : جننے کے وقت آلائش چاٹنا ـــــ النَّاقَةُ وَلَدَهَا : بمعنی رَشَحَتْه ـــــ الغَيْثُ النَّبَاتَ : بارش کا نباتات کو بڑھانا۔

تَرَشَّحَ۔ وَلَدُ النَّاقَةِ : ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا ـــــ الظَّبْيَةُ : جننے کے وقت آلائش چاٹنا ـــــ المَاءُ : پتھروں سے ٹپکنا۔

ـــــ الرَّجُلُ لِأَمْرٍ : لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ۔ النباتُ : بلند ہونا۔ بڑھنا ـــــ النباتُ : چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔

الرَّشْح۔ مص۔ پسینہ۔

الرَّاشِح۔ فا۔ پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔

ـــــ مِنَ الفُصْلَانِ : چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصّہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح۔

الرَّشِيح۔ پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْشَح والمِرْشَحَة۔ زین کے نیچے کا خوگیر۔

الأَرْشَح۔ بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س) رَشَدًا۔ ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا ـــــ أَمْرَهُ : ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهُ وأَرْشَدَهُ إِلَى كَذَا وعَلَيْهِ وَلَهُ : ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي : سیدھے راستہ پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ۔ لِأَمْرِهِ : راہ راست پانا۔

ـــــ ه : ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْد۔ مص۔ ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔

الرَّشْدَة والرِّشْدَة : حلال زادہ۔

الرَّشَدِي۔ ہدایت۔

الرَّشِيد۔ سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَاد والرَّشَد۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرَّشَادَة۔ چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد۔

المَرَاشِد۔ سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

أُمّ (رَاشِدٍ) چوہیا۔

رَشْرَشَ رَشْرَشَةً۔ الشَّيْءُ : ڈھیلا ہونا۔

ـــــ البَعِيرُ : اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَشَ۔ المَاءُ : بہنا۔ خُبْزٌ او عَظْمٌ (رَشْرَشَ ورَشْرَاشٌ) نرم روٹی یا ہڈی۔

رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا و رَشِيفًا و تُرْشَافًا ورَشِف (س) رَشَفًا ورَشَفَانًا المَاءَ ونَحْوَهُ : چوسنا ـــــ الإِنَاءَ : پی کر خالی کرنا۔

رَشَّف واَرْشَفَ وتَرَشَّف وارْتَشَف المَاءَ : خوب چوسنا۔

الرَّشْف والرَّشَف۔ حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض۔

الرَّشَاف۔ بہت چوسنے والا۔

المِرْشَف۔ پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف المَرَاشِف : ہونٹ۔

رَشَقَه (ن) رَشْقًا۔ بالسَّهْمِ : تیر مارنا۔ بِبَصَرِه : گھور کے دیکھنا ـــــ ه بِلِسَانِهِ : طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "إِيَّاكَ ورَشَقَاتِ اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً۔ الغُلَامُ : خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيق) ج رَشْقَى۔

رَاشَقَهُ رُمَاشَقَةً۔ ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَرَاشَقَ۔ القَوْمُ : باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوا بِأَلْسِنَتِهِمْ وتَرَاشَقُوا بِأَعْيُنِهِمْ" انہوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّقَ۔ فِي الأَمْرِ : تیز ہونا۔

اَرْشَقَ۔ النَّظَرَ إِلَيْهِ : تیز نظر سے دیکھنا۔

القَوْمُ بِبَصَرِهِ : نگاہ ڈالنا ـــــ الظَّبْيَةُ : ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا ـــــ الرَّامِي : سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِي مَقْصِدِي" : اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "مَا أَرْشَقَ هَذِهِ القَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

اَلرَّشق۔ تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيق کی جمع۔

الرَّشْق والرِّشْق۔ قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهِ" میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْق : تیر اندازی ج اَرْشَاق۔

الأَرْشَق۔ سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيدٌ أَرْشَق" کھڑی گردن۔

الرَّشِيق : نازک اندام خوبصورت۔

مِنَ اللَّفْظِ او الخَطِّ : پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔

الرِّشْك۔ گھنی داڑھی۔ گھنی داڑھی والا۔ بچھو۔

رَشَم (ن) رَشْمًا۔ بَيْدَرَ الحِنْطَةَ : گیہوں کے کھلیان پر مُہر کرنا۔ (ـــــ ورَشَّم) لکھنا۔

رَشِم (س) رَشَمًا۔ کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)

اَرْشَم۔ الشَّجَرُ : درخت کا پتے والا ہونا۔

الأَرْض : سبزی نکلنا شروع ہونا ـــــ البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ المَاشِيَةُ : ابتدائی سبزی چرنا۔ (ـــــ وارْتَشَم) الإِنَاءَ : برتن پر مُہر کرنا۔

الرَّشْم۔ ابتدائی سبزی۔ بچو کی منہ کی سیاہی۔ (ـــــ والرَّشْم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔

الأَرْشَم۔ داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے تھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) ـــــ مِنَ الغَيْثِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



: تھوڑی بارش۔ عَامٌ اَرْشَمُ : سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَّوْشَمُ والرَّاشُوْم۔ غلّہ کے انبار پر مُہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرُّشْمَة۔ بچو کے مُنہ کی سیاہی۔
رَشَنَ (ن) رَشْنًا و رَشُوْنًا۔ بن بلائے مہمان بننا ـــــ الْکَلْبُ فِی الْاِنَاء : کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔
الرَّشَن و الرَّشْن۔ پانی نکلنے کا دہانہ۔
الرَّاشِن۔ فا۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان" بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّوْشَن۔ روشن دان۔ ج رَوَاشِن۔
رَشَاہ (ن) رَشْوًا۔ رشوت دینا۔
رَاشٰی مُرَاشَاۃً۔ فلانًا : رشوت دینا۔ مدد کرنا۔
اَرْشٰی۔ الدَّلْوَ : ڈول میں رسّی لگانا ـــــ الشَّجَرُ : درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا ـــــ القَوْمُ فِی دَمِہٖ : کسی کے خون میں شریک ہونا ـــــ اَرْشُوْا بِسِلَاحِھِمْ فِیْہِ : کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَشّٰی۔ الرَّجُلُ : باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَشٰی۔ رشوت لینا ـــــ مِنْہُ رِشْوَۃً : رشوت لینا۔
اِسْتَرْشٰی۔ فِیْ حُکْمِہٖ : رشوت مانگنا ـــــ الفَصِیْل : اونٹ کے بچّہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا ـــــ مَا فِی الضَّرْعِ : تھن سے دودھ نکالنا۔
الرُّشْوَۃ و الرَّشْوَۃ و الرِّشْوَۃ۔ رشوت۔ ج رُشًی و رِشًی۔
الرِّشَاء۔ رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِیَۃ کہا جاتا ہے "اَتبع الدَّلْوَ رِشَاءَ ھَا" ڈول کے پیچھے رسّی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارشیۃ النَّبات : نباتات کی بیلیں۔
الرَّشَاۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج۔ رَشًا۔
الرَّشِیّ۔ اونٹ کا بچّہ۔
التَّرْشَاء۔ ڈول کی رسّی۔
رَصَّ (ن) رَصًّا۔ الشَّیْءَ : ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا ـــــ الدَّجَاجَۃُ : بَیْضَتَھَا : مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔
رَصَّصَہٗ۔ ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا ـــــ الرَّجُلُ : سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَصَّصَ و اِرْتَصَّ۔ باہم چمٹنا۔ جڑنا۔
الرَّصَاص۔ سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَۃ)
الرَّصَاصِیّ۔ سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص۔ دانتوں کی پیوستگی۔
الرَّصِیْص۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَۃٌ۔ ج رَصَائِص۔ کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی الْقَبْرِ الرَّصَائِص" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِیْص : اخروں کا ڈھیر۔ عورت کے مُنہ کا نقاب۔
الْاَرَصّ۔ قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء۔ ج رُص۔ فَخِذٌ رَصَّاء : ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔
الْاُرْصُوْصَۃ۔ خرپزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔
الرَّصَاصَۃ۔ بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْص) مضبوط عمارت۔
الرَّصَب۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا۔ قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء۔
رَصِحَ۔ فِی الْاَمْرِ : بمعنی رَسَخَ۔
رَصَدَہٗ (ن) رَصْدًا و رَصَدًا۔ انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رُصِدَ۔ المَکَانُ : بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَہ۔ نگہبانی کرنا۔
اَرْصَدَ۔ الرَّقِیْبَ : گھات میں واسطہ پر کھڑا کرنا ـــــ لَہٗ شَیْئًا : تیار کرنا۔ مہیا کرنا ـــــ لَہٗ خَیْرًا او شَرًّا : بدلہ دینا ـــــ الحِسَابَ : پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَہٗ و تَرَصَّدَہٗ۔ امید لگانا۔ تَرَصَّدَلَہٗ : گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ۔ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِدُ۔ فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّدٌ و رَصَد۔
الرَّصَد۔ راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد۔ گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے ارصاد بولتے ہیں)
الرَّصْدَۃ۔ بوچھاڑ ج رِصاد۔
الرُّصْدَۃ۔ تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَّصُوْد۔ پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الرَّصِیْد۔ گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد۔ راستہ ( ـــــ والمَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِیْد و مَرَاصِد۔ مَرَاصِدُ الحیّات : سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَۃٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَصَ۔ البِنَاءَ : عمارت مضبوط بنانا ـــــ فی المَکَان : ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَّصْرَاصَۃ۔ سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًا۔ بیدہ : تھپڑ مارنا ـــــ بالرمح : سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فی المَطْعُوْنِ : زور سے بھالا مار کر گھسا دینا ـــــ الحبَّ : دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا ( ـــــ رَصْعًا) اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا۔ بالشیء : چپکنا ـــــ بالطیب : مہک اُٹھنا ـــــ المرأۃَ رَصَاعًا : جماع کرنا۔
رَصَّعَ۔ الشَّیْءَ : اندازہ کرنا اور بٹنا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّہٗ بِالْقُضْبَان" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذَّھَبَ بالجَوَاہِر : سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَوَاہِر" جواہر کا جڑا ہوا تاج ـــــ العِقْدَۃ بالجَوَاہِر : ہار میں جواہر پرونا۔
اَرْصَعَہٗ۔ بالرُّمْحِ : سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ۔ الحَبَّ : دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا ـــــ بِہٖ : چپکنا ـــــ اَسْنَانُہٗ :

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔
تَرَصَّعَ۔ جڑاؤ ہونا۔ شاداں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ۔ العَصَافِيْرُ : جفتی کرنا۔
الرَّصِيْعَة۔ کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع۔
الأَرْصَع۔ لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ أَرْصَعُ : پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَّصَّاع۔ بہت جماع کرنے والا۔
المِرْصَاع۔ لٹو۔ ہروہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔
الرِّصْغ۔ بندوبست۔ گٹا۔
الرِّصَاغ۔ بمعنی الرِّسَاغ۔
رَصَفَ (ن) رَصْفًا۔ الحِجَارَةَ : پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا ـــــ المصَلِّي قَدَمَيْهِ او بَيْنَ قَدَمَيْهِ : نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "هٰذا الأَمْرُ لا يَرْصُفُ بِكَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔
رَصُفَ (ک) رَصَافَةً۔ العَمَلُ : مضبوط ہونا۔
رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا أَسْنَانُه : دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔
أَرْصَفَ۔ شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔
تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الحِجَارَةُ : پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔
ـــــ القَوْمُ فِي الصَّفِّ : ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا ـــــ أَسْنَانُه : دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔
الرَّصَف۔ پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة)
الرَّصَفَتَانِ : گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔
الرَّصَف : پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف : پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔
الرِّصَاف۔ پٹھا جو چھڑیں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف و رُصُف۔
الرَّصِيْف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِيْفٌ : مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِيْف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔
الرُّصَافَة۔ پٹھا جو چھڑیں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔
الرُّصُوْفَة۔ ثابت قدمی۔
المِرْصَافَة۔ ہتھوڑا۔
المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الأَسْنَان : قریب قریب دانتوں والا مرد۔
اِرْتَصَقَ اِرْتِصَاقًا۔ چپک کر مضبوط ہونا۔
رَصِمَ (س) رَصَمًا۔ پہاڑ کی تنگ گھاٹی میں داخل ہونا۔
رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الأَمْرَ : پورا کرنا۔ مضبوط کرنا ـــــ الدَّابَةَ : داغ لگانا ـــــ ه بِلِسَانِهِ : گالی دینا۔
رَصُنَ (ک) رَصَانَةً۔ العَقْلُ وغَيْرُهُ : سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِيْنٌ)
رَصَّنَ۔ الشَّيْءَ مَعْرِفَةً : خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِي هٰذَا الخَبَر" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔
أَرْصَنَه۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔
الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرَّصِيْن۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔
المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔
رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّيْءَ : مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
أَرْصَى۔ بالمَكَانِ : جم کے رہنا۔
رَصَّهُ (ن) رَصًّا۔ کوٹنا۔ دلنا۔
رَصَّصَ۔ الشَّيْءَ : اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔
تَرَصَّصَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔
أَرَصَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا ـــــ فِي الأَرْضِ : جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ : پسینہ بہانا۔
اِرْتَصَّ۔ الشَّيْءُ : ٹوٹنا۔
الأَرَصّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔
الرَّصِيْض والمَرْضُوْض۔ کوٹا ہوا۔
الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔
المُرِضَّة والمِرَضَّة والرَّضَّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔ المِرَضَّة : کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔
رَضَبَ (ن) رَضْبًا و أَرْضَبَ۔ المَطَرُ : زور سے بارش ہونا ـــــ السَّمَاءُ : آسمان کا برسانا (رَضَبَ و تَرَضَّبَ) الرِّيْق : تھوک چوسنا۔
الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ : زور سے برسنے والی بارش۔
الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ : میٹھا پانی۔
المَرَاضِب والمَرَاضِيْب۔ خوش مزہ تھوک۔
رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوَى او الحَصَى : گٹھلی یا کنکری توڑنا ـــــ رَأْسَه بالحَجَر : کچلنا۔
تَرَضَّحَ۔ الحَصَى : کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ : روٹی کا چورا کرنا۔
تَرَاضَحُوْا۔ بالنُّشَّاب : ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔
اِرْتَضَحَ۔ مِنَ الأَمْرِ : عذر کرنا۔
الرَّضْح۔ مہ۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَاءَ رَضْحٌ مِنَ الخَبَر" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔
الرَّضح۔ شکستگی۔
الرَّضِيْح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضْحَة۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَةٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رِضَاح۔
المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔
رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوَى او الحَصَى : گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَهُ مِنْ مَالِهِ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا ـــــ النُّيُوْسَ :

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهُ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔

رَاضَخَهُ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا ـــــ الشَّيْءَ : بادل ناخواستہ دینا ـــــ مِنْه شَيْئًا : پانا۔ حاصل کرنا۔

اَرْضَخَ۔لِلرَّجُل :بہت میں سے تھوڑا دینا۔

تَرَاضَخَ۔القَوْمُ بالحِجَارَةِ :باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ۔الحَصٰى :کنکری کا ٹوٹنا۔الخُبْزَ :توڑ کر کھانا ـــــ الخَبَرَ :سن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخ۔مہ۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔

الرَّضِيخ۔توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِيخَة والرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔

المِرْضَاخ۔ج مَرَاضِيخ (المِرْضَخَة) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ(ن)رَضْدًا۔المَتَاعَ :سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ۔المَتَاعُ :سامان ترتیب سے رکھنا۔

رَضْرَضَهُ۔توڑنا۔چورہ کرنا۔

تَرَضْرَضَ۔الحَجَرُ :پتھر کا ٹوٹنا۔

الرَّضْرَاض۔چھوٹی اور باریک کنکریاں۔بہت گوشت والا مرد۔مؤنث رَضْرَاضَة۔

رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورَضِعًا ورَضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَةً واِرْتَضَعَ۔ الوَلَدُ أُمَّهُ : ماں کا دودھ پینا۔صفت(رَاضِع)ج رُضَّع۔

رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت(رَاضِع)ج رُضَع۔

رَاضَعَهُ رِضَاعًا و مُرَاضَعَة۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا ـــــ اِبْنَه :دائی پلائی کو دینا ـــــ الطِّفْلُ :بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

اَرْضَعَه۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْأَةُ : دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) (اس کلمہ میں تاعلامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِيع)

اِسْتَرْضَعَ۔دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَةَ وَلَدِي" عورت سے میں نے اپنے بچہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع۔ کھینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔واحد(رَضَعَة)

الرَّاضِع۔ فا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَة۔ راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَانِ بچہ کے اگلے دو دانت۔ج رَوَاضِع۔

الرَّضِيع۔ ج رُضَعَاء والرَّضِيع ج رُضُع۔ دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِيعِك : تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَة۔ مہ۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔( ـــــ والرِّضاعة)ارضاع کا اسم۔

الرَّضُوعَة۔ اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی عورت۔

الرَّضَّاع۔بہت دودھ پلانے والے۔کمینہ۔

المَرَاضِيع۔کمینے۔

رَضَفَه (ض) رَضْفًا۔ داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ : دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا ـــــ اللَّحْمَ :گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَهُ۔ سخت غضبناک کردینا۔

الرَّضْف۔ گرم پتھر۔ واحد(رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْف" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔

الرَّضْف :ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضَفَة۔ گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف ورَضَفَات۔

الرَّضِيف۔ گرم پتھر( ـــــ والرَّضِيفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيفَة" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔

الرَّضِيف والمَرْضُوف۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيفَة والمَرْضُوفَة۔ اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کا ٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَة۔داغ کرنے کا آلہ۔

مُظْفِئَةُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

اَرْضَكَ۔عَيْنَيْهِ :آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔

رَضَمَ (ض) رَضْمًا۔ الأَرْض : زمین کو جوتنا ـــــ البَيْتَ : گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔صفت مفعولی(رَضِيم ومَرْضُوم)

المِتَاعَ : سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ : توڑنا۔ عَلَيْه الصَّخْرَ : ڈالنا ( ـــــ رَضْمًا) ورَضْمَانًا) فِي المَشْيِ : سُست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا ـــــ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ۔المَتَاعُ :سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام۔ بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضم کا واحد(رَضَمَةٌ)

الرَّضَام :ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوهُ رَضْوًا۔ پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضُوتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

رَضِيَ (س) رُضًى ورِضًى ورُضُوَانًا و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً۔ عَنْه و عَلَيْه : خوش ہونا۔ راضی ہونا۔صفت(رَاضٍ)ج رَاضُونَ ورُضَاةٌ و رَضٌّ ج رَضُونَ و (رَضِي) ج أَرْضِيَاء ورُضَاةٌ۔

رَضِيَ۔ الشَّيْءَ ورَضِيَ بِه و فِيْهِ :پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔صفت مفعولی(مَرْضِي ومَرْضُوٌّ) کہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جاتا ہے "رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ فُلَانٍ وَرَضِیَ عَنْہُ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رُضِیَتْ مَعِیْشَۃٌ" :اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔

رَاضَی رِضَاءً ومُرَاضَاۃً۔ الرَّجُلَ : رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضٰی ورَضَّی۔ الرَّجُلَ : رضا مند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضّٰی۔ الرَّجُلَ :رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَی۔ القَوْمُ الشَّیْءَ :قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاہُ۔ لِخِدْمَتِہٖ او لِصُحْبَتِہٖ :پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاہُ۔ رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَیْتُہ : کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ و اِمْرَأَۃٌ (رِضیً) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)

عِیْشَۃٌ (رَاضِیَۃٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوٰی۔ مدینہ طیبہ اور یَنْبُعْ کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضَوِیّ۔

الرِضَاء۔ خوشنودی۔

الرِّضْوَۃ۔ خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَافَعَلْتُ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِہٖ" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرَّضِیّ۔ عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔

اَرَطَّ اِرْطَاطًا۔ بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔

فِی مَقْعَدِہٖ :جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرْطَہٗ۔ بیوقوف سمجھنا۔

الرَّطِیْط۔ شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج رِطَاط۔

الرَّطَائِط۔ بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)

رَطَأَ (ف) رَطْأً۔ القَوْمَ : قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا ـــــ بِسِلْحِہٖ : پاخانہ کرنا ـــــ المَرْأَۃَ :جماع کرنا۔

اِسْتَرْطَأَ۔ الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا ـــــ الرَّجُلَ :بیوقوف سمجھنا۔

الرَّطَأ :بیوقوفی۔

الرَّطِیّ۔ بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِیَّۃٌ و رَطْآء۔

رَطَبَ (ن) رَطَابَۃً البُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔

رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا۔ الدَّابَۃَ : جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔

رَطِبَ (س) و رَطُبَ (ک) رُطُوْبَۃً و رَطَابَۃً۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔ رَطُبَ البُسْرُ : پختہ ہونا۔

رَطَّبَ و اَرْطَبَ۔ الثَّوْبَ ونَحْوَہٗ :تر کرنا۔

رَطَّبَ و اَرْطَبَ البُسْرُ : پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ : پختہ کھجور کھلانا۔ و اَرْطَبت الاَرْضُ : زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ اَرْطَبَ النَّخْلُ : کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ اَرْطَبَ القَوْمُ : پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔

تَرَطَّبَ۔ تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِیْ بِذِکْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔

الرَّطْب و الرَّطِیْب۔ تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال زندگی۔

الرَّطْب و الرُّطْب۔ سبز چارہ۔

الرُّطَب۔ پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَۃ) ج رِطَاب و اَرْطَاب۔

المَرْطَبَۃ۔ کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔

الرَّطَاب۔ بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔

الرَّطْز۔ کمزور بال وغیرہ۔

الرَّطَازَات۔ خرافات۔

رَطَسَ۔ (ن ض) رَطْسًا۔ تھپڑ مارنا۔

اِرْطَسَّت۔ عَلَیْہِ الحِجَارَۃُ : پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔

رَطَعَ (ف) رَطْعًا۔ الجَارِیَۃَ :جماع کرنا۔

الرَّطْع۔ زکام۔

رَطَلَ (ن) رَطْلًا۔ الشَّیْءَ :ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا ـــــ الرَّجُلُ :روڑنا۔

رَطَلَ۔ الشَّعْرَ : تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا ـــــ الشَّیْءَ : رطل پیمانہ سے وزن کرنا۔

ـــــ وَاَرْطَلَ) الرَّجُلُ : ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔

رَاطَلَ۔ رطل سے بیچنا۔

الرَّطْل و الرِّطْل۔ بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ ج اَرْطَال۔ الرَّطْل مِنَ الرِّجَال : بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔

الرِّطْلَۃ۔ سبک رفتار گھوڑی۔

الرَّطْلَاء۔ ریتلا کی تصحیف ہے۔

المُرْطِل۔ مِنَ الرِّجَال :نرم۔ لمبا۔

رَطَمَہٗ (ن) رَطْمًا۔ کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔

رَطَمَ و اَرْطَمَ۔ فِیْ قُعُوْدِہٖ : جم کے بیٹھنا۔ و اَرْطَمَ الرَّجُلُ :خاموش رہنا۔

رُطِمَ۔ البَعِیْرُ :اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

تَرَطَّمَ۔ السَّلِحَ :پاخانہ روکنا۔

اِرْتَطَمَ۔ کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا ـــــ فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں پھنس جانا ـــــ عَلَیْہِ الاَمْرُ : مشتبہ ہونا ـــــ الشَّیْءُ :دھیر لگنا۔

الرُّطْمَۃ۔ پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔

الرَّطَام۔ قبض۔

الرُّطُوْم۔ بیوقوف مرد۔

الرَّاطِم۔ کسی چیز کو چپٹے رہنے والا۔

اِمْرَأَۃٌ (مَرْطُوْمَۃٌ) بدی کے ساتھ متہم عورت۔

رَطَنَ لَہٗ (ن) رَطَانَۃً و رَطَانَہ و اَرْطَنَہٗ مُرَاطَنَۃ۔ عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

تَرَاطَنَ۔ القَوْمُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَھُمْ :باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

الرُّطَیْنِی۔ کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاءُ رُطَیْنَاکَ ھٰذِہٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔

رَطَا (ن) رَطْوًا۔ الجَارِیَۃَ :جماع کرنا۔

رَغَتْ (ن) رَغًا۔ الرِیحُ :ہوا کا ٹھہر جانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّعَاع۔ کمینے ورذیل لوگ۔
الرَّعَاعَة۔ شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ(ف)رَعْبًا و رُعْبًا۔ خوف کرنا ـــــ الرَّجُلَ : خوف دلانا ( ـــــ رَعْبًا) الإِنَاءَ او الحَوْضَ : برتن یا حوض کا بھرنا ـــــ السِّنَامَ و نَحْوَهُ : کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحُمَامَةُ : کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِيبًا و تَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ : خوف دلانا ـــــ الإِنَاءَ : برتن بھرنا۔ ـــــ السِّنَامَ : کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا ـــــ فُلَانًا۔ کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ۔ ڈرنا۔
الرَّعْب۔ جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ بُرا وعدہ۔
الرُّعْب و الرُّعُب۔ گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة۔
الرَّعِيب۔ خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِيبٌ العَيْنِ و مَرْعُوبُ العَيْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب۔ جادو کرنے والا۔ مقفی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَة۔ لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوب۔ بزدل۔ ج رَعَابِيب ( ـــــ الرُّعْبُوبَة و الرِّعِيب) مِنَ الجَوَارِي : نازک اندام لڑکی۔
المُرَعْنَب۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِيبَة۔ کوہان کا ٹکڑا۔ ج تراعیب۔
المَرْعَبَة۔ ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَلَ : اللَّحْمُ : گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔ ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ـــــ الرَّجُلُ : بیوقوف سُست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ : گوشت کا پارچے پارچے ہونا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَل۔ مِنَ النِّسَاءِ : بیوقوف عورت

پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ : موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَة و الرُّعْبُولَة۔ پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل و رَعَابِيل۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ رَعَابِيل" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَة و الرُّعْبُلِيل۔ مِنَ الرِّيَاحِ : ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُولَة۔ پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَتْ (ف) رَعْثًا و رَعِثَتْ (س) رَعَثًا۔ العَنْزُ : کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ و ارْتَعَثَتْ۔ المَرْأَةُ : عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْث و الرَّعَث۔ رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ : انار کی کلی۔
الرَّعْثَة و الرَّعَثَة۔ بالی۔ مرغ کی کلغی، مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و جج رُعُث۔
الرَّعْثَاء۔ بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں، لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوثَة۔ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَهُ (ف) رَعْجًا و رَعَجًا و اَرْعَجَهُ۔ غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرْقُ : بجلی کا لگاتار چمکنا اَرْعَجَ الرَّجُلُ : بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ (س) رَعَجًا المَالُ او العَدُوّ۔ بہت ہونا۔ الوَادِي : وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ۔ کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوا و لَهُمْ اِرْتِعَاجٌ۔ لوگ نکلے اس حال میں کہ اُن کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ : بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی۔ بھر جانا۔ المَالُ : بہت ہونا۔
الرَّعْج۔ بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا و رُعُودًا۔ السَّحَابُ : بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "وَرَعَدَ لِي فُلَانٌ و بَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ المَرْأَةُ و بَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
اَرْعَدَ۔ الرَّجُلُ : کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا، گڑگڑاہٹ سننا ـــــ زَيْدًا : دھمکی دینا ـــــ ه الخَوْفُ : مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا، لرزا دینا۔
أُرْعِدَ۔ کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ۔ حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ۔ اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد۔ مہ۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ و الصَّلْصَلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرَّعْدَة و الرِّعْدَة۔ کپکپی۔
الرَّعَّاد۔ بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَكَةُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَة۔ بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَة۔ گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَةِ : اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد۔ ذَاتُ الرَّوَاعِد : مصیبت۔
الرُّعَيْدَاء۔ گیسوں کا پیچھوڑن۔
رَعْدَدَ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ۔ کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيد و الرِّعْدِيدَة۔ بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِيد : نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِيد۔
رَعْرَعَ۔ المَاءُ : پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا ـــــ ه اللّٰهُ : اُگانا۔
تَرَعْرَعَ۔ الصَّبِيُّ : بچہ کا بڑھنا جوان ہونا۔ ـــــ الماءُ او السَّرَابُ : پانی یا سراب کا متلاطم ہونا ـــــ السِّنُّ : دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع و الرُّعْرُع و الرُّعْرَاع۔ اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع و رَعَارِيع۔
الرُّعْرَاع : بزدل۔ لمبا نر کل۔
رَعَزَ(ف)رَعْزًا۔ الجَارِيَةَ : جماع کرنا۔
رَاعَزَ مُرَاعَزَةً۔ سکڑنا۔
المِرْعِزّ و المِرْعِزّى و المِرْعِزَاء۔ بھیڑ کے لئے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



**رَعْشٌ** (مُمَرْعَزٌ) چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا۔

**هَوَاعِز** غضبناک۔

**رَعَسَ** (ف) رَعْسًا۔ کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (___ رَعْسًا وَرَعَسَانًا) رَاسَهٗ : بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔

**اَرْعَسَهٗ** کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔

**تَرَعَّسَ وَارْتَعَسَ** کانپنا۔

**نَاقَةٌ رَاعِسَةٌ** اونٹنی جو نشاط میں ہو۔

**الرَّعُوْس** خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔

**الرَّعِیْس** چلنے میں لڑکھڑانے والا۔

**الرَّعَّاس** نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔

**المِرْعس** خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔

**رَعِشَ** (س) رَعَشًا وَارْتَعَشَ۔ کانپنا۔ صفت (رَعِش وَرَعِیْش)

**اَرْعَشَهٗ وَرَعَّشَهٗ** کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔

**الرَّعِش وَالرِّعْشِیْش** بزدل۔ جلد باز۔

**الرِّعْشَة** جلد بازی۔

**الرَّعَاش** مرض کی وجہ سے کپکپی۔

**نَاقَةٌ رَعُوْش** بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔

**الرَّعْشَاء** مِنَ النَّعَام : تیز رفتار شتر مرغ۔

___ مِنَ النُّوْق : تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔

**المُرْعَش وَالمَرْعَش** ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔

**الرَّعْشَن** کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔

**رَعَصَ** (ف) رَعْصًا وَاَرْعَصَ الشَّیْءَ : حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا ___ عَلَیْهِ جِلْدَهٗ : کھال کا پھڑکنا۔

**تَرَعَّصَ وَارْتَعَصَ** عَلَیْهِ جِلْدُهٗ : کھال کا پھڑکنا ___ الجَدْیُ : بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا۔

**رَعَظَ** (ف) رَعْظًا۔ السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔

**رَعَّظَهٗ** عَنْ كَذَا : سُست کر دینا۔ جلدی کرانا

___ الوَتَدَ : اُکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

**اَرْعَظَ** السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔

___ فُلَانًا : سُست کر دینا۔

**الرُّعْظ** تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ۔ کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَّبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔

**رَعَفَ** (ف ن) رَعْفًا۔ الفَرَسُ الخَيْلَ : آگے بڑھ جانا۔

**رَعِفَ** (س) رَعَفًا۔ الدَّمُ : نکسیر پھوٹنا۔ (___ وَرَعَفَ (ف ن) رَعْفًا وَرُعَافًا) الرَّجُلُ : نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔

**اَرْعَفَهٗ** جلدی کرانا ___ القِرْبَةَ : مشک کو لبا لب بھرنا ___ القَلَم : قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔

**اِرْتَعَفَ وَاسْتَرْعَفَ** آگے بڑھنا۔ **وَاسْتَرْعَفَتِ الحَصٰى رِجْلَه** : کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔

**الرَّعُف** سم۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔

**الرَّعَاف** نکسیر۔ بہت بارش۔

**الرَّعَّاف** بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔

**الرَّعَافِی** بہت دینے والا۔ (رَعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)

**الرَّاعِف** قا۔ ٹھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف۔

**الرَّوَاعِف** نیزے۔

**الرَّعُوْف وَالرَّاعُوْف وَالرَّاعُوْفَة وَالاُرْعُوْفَة** مِنَ البِئْرِ : کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔

**الرَّعُوْف** ہلکی بارش۔

**المَرَاعِف** ناک اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔

**المُسْتَرْعِف** مِنَ الخَيْلِ : آگے رہنے والا گھوڑا۔

**رَعَقَ** (ف) رُعَاقًا وَرَعِيْقًا۔ بَطْنُ الدَّابَّةِ : جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔

**رَعَلَ** (ف) رَعْلًا الشَّیْءَ : کشادہ۔ پھاڑنا۔ فُلَانًا : سخت نیزہ مارنا۔

**رَعِلَ** (س) رَعَلًا۔ بیوقوف ہونا۔ النَّبَاتُ : لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)

**رَعَّلَ**۔ الكَرْمُ : انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔

**اَرْعَلَهٗ**۔ سخت نیزہ مارنا۔

**اِسْتَرْعَلَتِ** الغَنَمُ : بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ **اِسْتَرْعَلَ** الرَّجُلُ : جنگ میں آگے آگے چلنا۔

**الاَرْعَل** بیوقوف۔ مؤنث رَعْلَاء ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل : گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔

**الرَّعْل** پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلٌ الرَّجُل : کپڑے۔

**الرَّعْل** شہد کی نر مکھی۔

**الرَّعَال** رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔

**الرَّعَالَة** بیوقوفی۔

**الرَّعْلَة** شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال وَاَرَاعِيْل۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَيْلُ رِعَالًا وَاَرَاعِيْل" اَرَاعِيْل الرِّيَاحِ اَوِ السَّحَاب : ابتدائی ہوائیں یا بادل۔

**الرُّعْلَة** انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل۔ ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔

**اَبُوْ رِعْلَة** بھیڑیا۔

**الرَّعِیْل** آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال۔

**المِرْعَل** شمشیر براں۔

**المِرْعَل** عمدہ مال۔

**المُسْتَرْعِل** گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔

**رَعَمَ** (ن) رَعْمًا۔ الشَّیْءَ : تھپتھپانا کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ الشَّمْسَ : آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔

رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ۔ الشَّاةَ : بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)

رَعَّمَ۔ الشَّاةَ : بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔

الرَّعَام۔ نگاہ کی تیزی۔

الرُّعَام۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة۔

الرُّعَامة والرُّعَامی۔ ایک قسم کا درخت۔

الرُّعَامی۔ جگر کی زیادتی۔ •

الرِّعْم۔ چربی۔ اُمِّ رِعْم : بجو۔

الرُّعُوْم۔ نفس۔

الرُّعُوْم۔ نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا و رَعِنَ (س) رَعَنًا و رَعُنَ (ک) رُعُوْنَة۔ بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)

رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا۔ الشَّمْسُ : دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔

الرَّعْن۔ مہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن۔

الاَرْعَن۔ چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔

الرَّعُوْن۔ تیزیا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔

رَعَا یَرْعُوْ رَعْوًا ورِعْوَةً ورَعْوَةً و رُعْوَةً۔ غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوی والرُّعْیا)

اِرْعَوٰی اِرْعَوَاءً۔ مِنَ الجَهْل : رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔

رَعٰی یَرْعٰی رَعْیًا ورَعَایَةً ومَرْعًی۔ المَاشِیَةُ الکلاءَ : جانور کا گھاس چرنا ـــــ المَاشِیَةَ : جانور کو گھاس چرانا ـــــ النُّجُوْمَ : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ـــــ الاَمِیْرُ رَعِیَّةً رِعَایَةً : امیر کا انتظام مملکت کرنا ـــــ عَلَیْه حُرْمَتَه : پاس عزت کرنا ـــــ الاَمْرَ : حفاظت کرنا۔

رَاعٰی مُرَاعَاةً۔ النُّجُوْم : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ـــــ الاَمْرَ : حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا ـــــ الرَّجُلَ : کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا۔

رَاعَیْتُهٗ سَمْعِیْ : توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یُرَاعِیْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُر : گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔

اَرْعٰی۔ المَاشِیَةَ : جانور کو چرانا ـــــ المَکَانَ : چراگاہ بنانا ـــــ عَلَیْهِ : شفقت۔ مہربانی کرنا۔ اَرْعَیْتُه سَمْعِیْ : بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا ـــــ اللّٰهُ المَاشِیَةَ : چری اگانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِیَةً۔ کسی سے "رَعَاهُ اللّٰه" کہنا۔

اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتْ۔ المَاشِیَةُ : جانور کا چرنا۔

اسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً۔ المَاشِیَةَ : چرانے کے لیے کہنا ـــــ ه مَاشِیَتَهٗ : رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنْ اِسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کیلئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ـــــ ه السَّمْعَ : توجہ کرنے کو کہنا ـــــ ه الشَّیْءَ : کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔

الرِّعْیَة۔ چرائی۔

الرِّعْیا والرِّعْوِیُّ والرَّعْیا والرَّعْوِیُّ۔ حفاظت۔

الرَّعْی۔ مہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْیًا لَكَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔

الرِّعْی۔ گھاس۔ ج اَرْعَاء۔ رِعْی الحَمَام۔ والاِبِل : دو گھاسوں کے نام۔

الرَّعِیَّة۔ چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَایَا۔ رَعِیَّةُ المَلِک و رعایاهُ : تابع فرمان لوگ۔

الرَّعَاوِیُّ والرُّعَاوِیُّ۔ لوگوں کے اِردگرد چرنے والے مویشی۔

الرَّعَاوِیَّة۔ عوام کے مویشی۔

الاَرْعَاوِیه۔ شاہی مویشی۔

الرَّاعِی۔ فا۔ بہت اللت کرنے والا حاکم قوم۔

رَاعِیُ المَاشِیَة : چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْیَان ورُعَاء ورِعَاء۔ مؤنث رَاعِیَة ج رَوَاعٍ۔ رَاعِیَةُ الشَّیْب ورَوَاعِیه : بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِیُ الجَوْزَاءِ ورَاعِیُ النَّعَائِم : دو ستاروں کے نام۔ رَاعِیُ البُسْتَان ورَاعِیَةُ الأُتُن : ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِیَةُ الرَّاس : جوں۔

المَرْعٰی۔ مہ۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ ( ـــــ والمَرْعَاة) چراگاہ۔

المَرْعِیّ۔ جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً۔ فِیْهِ : چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه : اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

بِه عَنْ غَیْرِهٖ : دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا ورَغْبی ورُغْبٰی رُغْبَةً وَرَغَبَةً ورَغَبُوْتًا ورَغْبَاتًا ورَغْبَاء اِلَیْهِ : خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً۔ بہت کھاؤ ہونا ـــــ الوَادِی : فراخ و کشادہ ہونا۔

رَغَّبَهٗ واَرْغَبَهٗ۔ فی الشَّیْءِ : رغبت دلانا۔ رَغِیْبَهٗ : مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰه قَدْرَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ۔ فِیْهِ : خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ۔ الوَادِی : کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فی الخَیْرِ : خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب۔ مرغوب۔

الرُّغْب والرَّغَاب۔ مِنَ الاَرْضِ : بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِیْقٌ (رَغِبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ۔

الرَّغِیْب۔ بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِیْبٌ و سِقَاءٌ رَغِیْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حَمْلٌ رَغِیْبٌ : بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب۔

الرَّغُوْب۔ خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّغِيْبَة- رَغِيْب کا مؤنث- امر مرغوب- بہت عطیہ- ج رغائب-

المَرَاغِب- خواہشیں- وہ عورتیں جو معاش کے لیے مضطرب ہوں-

الرُّغابی- جگر کی زیادتی-

رَغَثَ (ف) رَغْثًا- اَلولدُ اُمَّه : ماں کا دودھ پینا ـــــ ہ : لگاتار نیزے مارنا ـــــ القَوْمُ فُلَانًا : سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا-

رُغِثَ- کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا- پستان کی رگوں میں درد ہونا-

اَرْغَثَتْ- المَرْاَةُ : دائی پلائی ہونا-

وَلَدَہا : دودھ پلانا- صفت (رَغُوْث و رَغُوْثَة و مُرْغِث) : اَرْغَثَه : پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا- بار بار نیزہ مارنا-

اِرْتَغَثَ- الوَلَدُ اُمَّه : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا-

الرُّغَاء- پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے-

المُرَغَّث- انگلی میں انگوٹھی کی جگہ-

رَغِدَ (س) رَغَدًا وَرُغْدًا (ک) رَغَادَةً عَيْشُه : آسودہ و خوش حال ہونا- عیش کی صفت (رَغْدٌ وَرَغْدٌ وَرَغِيْدٌ)

اَرْغَدَ- القومُ : آسودہ زندگی والی ہونا ـــــ مَوَاشِيَهُمْ : جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا ـــــ اللّٰهُ عَيْشَه : آسودہ بنانا-

اِرْغَادَّ- رائے میں متردد ہونا ـــــ اللَّبَنُ : دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا-

اِسْتَرْغَدَ- العَيْشَ : آسودہ زندگی پانا- قَوْمٌ (رَغْدٌ) ونِسَاءٌ رَغَد : آسودہ زندگی والی قوم- اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خَادِم کی جمع خَدَم-

الرُّغْدَاء- گیہوں کا پچھوڑن-

الرَّغِيْدَة- ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے-

المَرْغَدَة- باغ-

رَغْرَغَ- آسودگی کی زندگی ہونا- آسودگی میں ڈوب جانا- رَغْرَغَتِ اِبِلُه : اونٹوں کا ہر روز جب جی چاہے گھاٹ پر آنا ـــــ الاَمْرُ : چھپانا-

رَغَسَهُ (ف) رَغْسًا وَاَرْغَسَهُ- اللّٰه مالاً وولَدًا : بہت دینا-

اِسْتَرْغَسَهُ- نرم سمجھنا-

الرَّغْس- نعمت و برکت- نمو- ج اَرْغاس-

المُرْغِس- مِنَ العَيْش : فراخ زندگی-

المَرْغُوْس- مبارک-

المَرْغُوْسَة- اَلمرغوس کا مؤنث- کثرت سے بچے جننے والی عورت-

رَغَشَ (ف) رَغْشًا- عَلَيْهِ : شور مچانا-

رَغَفَ (ف) رَغْفًا- العَجِيْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا ـــــ البَعِيْر : اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا-

اَرْغَفَ- چلنے میں جلدی کرنا ـــــ اِلَيْهِ : تیز نظر سے دیکھنا-

الرَّغِيْف- گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا- چپاتی' روٹی- ج اَرْغِفَة وَرُغُف وَرُغُف وَرُغْفَان و تَرَاغِيْف-

وَجْهٌ (مُرَغَّف) سخت چہرہ-

رَغَلَ (ف) رَغْلًا- اَلولَدُ اُمَّهُ : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا-

اَرْغَلَ- الرَّجُلُ : غلطی کرنا- گمراہ ہونا ـــــ اِلَيْهِ : مائل ہونا ـــــ الزَّرْعُ : کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا ـــــ الشَّيْءَ : بے موقع رکھنا-

ـــــ الجَدِيُّ اُمَّه : بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا ـــــ المَكَانُ : رغل نامی گھاس اگانا ـــــ المَاءَ : بہت گرانا-

الرَّغْل- ایک قسم کی کڑوی گھاس- ج اَرْغَال-

الرَّغُوْل- اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ- کہا جاتا ہے "هُوَ رَمٌّ رَغُوْل" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے-

الاَرْغَل- مِنَ العَيْش : فراخ زندگی-

الرَّغْلَة- بکری- بھیڑ کا بچہ-

رَغَمَهُ (ف) رَغْمًا- مغلوب و مجبور کرنا- رَغِمَ الشَّيْءَ : ناپسند کرنا-

رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورَغَمًا- اَنْفُه لِلّٰه : ذلیل ہونا- فروتنی کرنا- صفت (رَاغِم) الاَنْف- ج رُغْمُ الاُنُوْف- ورَغِمَه : ناپسند کرنا-

رَغَّمَهُ- ذلیل کرنا اور رد غمًا رغمًا کہنا-

اَنْفَه : خاک آلود کرنا- کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰه اَنْفَه" : یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے ـــــ فُلَانٌ اَنْفَه : فروتنی کرنا-

اَرْغَمَهُ- ذلیل کرنا- ناراض کرنا- ناپسندیدہ کام پر اکسانا ـــــ ہ الذُّلُّ : خاک آلود کرنا- اَرْغَمَ اَهْلَه : اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا ـــــ اللُّقْمَةَ مِنْ فِيْه : لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا ـــــ اللّٰهُ اَنْفَه : ذلیل کرنا- اَرْغَمَتِ الفَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ : بکری' بھیڑیا ہرن کی ناک سے پانی بہنا-

رَاغَمَهُ- باہم غصبناک ہونا- ایک دوسرے کو چھوڑنا- دشمنی کرنا- غصہ سے علیحدہ ہونا-

تَرَغَّمَ- عَلَيْهِ : غصبناک ہونا- تَرَغَّمَتُ الرَّجُل : کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا-

الرَّغْم والرُّغْم والرِّغْم- ناپسندیدگی- مجبوری- ذلت- مٹی- کہا جاتا ہے "اَتَى عَلٰى رَغْمِهٖ" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا-

الرَّاغِم- فا- رَاغِمُ الاَنْف : ذلیل : ج رُغْمُ الاُنُوْف-

الرَّغَام- مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت-

الرُّغَام- رینٹ- ج اَرْغِمَةٌ-

الرُّغَامَة- حاجت- مطلوب- کہا جاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلَانٍ رُغَامَة" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے-

الرَّغْمَاء- مِنَ الشَّاءِ : ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری-

المَرْغِم والمَرْغَم- ج مَرَاغِم و (الرَّغَامٰى) ناک الرَّغَامٰى : جگر کی زیادتی- پھیپھڑوں کی رگیں-

المُرَاغَم- مقـ- بھاگنے کی جگہ- جانے کی جگہ- کہا جاتا ہے "اِذْلِي عَنْ دَارِ الهَوَانِ مُرَاغَمٌ" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے- قلعہ-

المَرْغَمَة- ناپسندیدگی- کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلٰى مَرْغَمَتِهٖ" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المِرْغَام- غضب میں ڈالنے والا- مؤنث مِرْغَامَة-

رَغَنَ (ف) رَغْنًا- فِيْهِ : لالچ کرنا- اِلَيْهِ : کان لگانا-

اَرْغَنَه- طمع دلانا- اَرْغَنَ الاَمْرَ : آسان کرنا ـــــ اِلَيْهِ : کان لگانا- اَرْغَنَ لِفُلانٍ : اطاعت و فرماں برداری کرنا-

الاَرْغُن والاُرْغُنُوْن- (آرگن) (ایک باجہ کا نام)

رَغَا (ن) رُغَاءً- البَعِيْرُ او النَّعَامُ او الضَّبُعُ : بلبلانا- چیخنا ـــــ الصَّبِيُّ : بہت رونا-

ـــــ الرَّعْدُ : زور سے گرجنا-

رَغَا (ن) رَغْوًا ورَغًى تَرْغِيَةً واَرْغَى اِرْغَاءً- اللَّبَنُ وَنَحْوُهُ : دودھ پر جھاگ آنا- کہا جاتا ہے "اَرْغَى الرَّجُل واَزْبَد" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی- "واَتَيْتُهُ فَمَا اَلْفَى ولا اَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ـــــ ہ ذلیل کرنا- مغلوب کرنا- ورَغَى فُلَانًا : غضبناک کرنا-

اِرْتَغَى- اللَّبَنَ : دودھ سے جھاگ اتار لینا ـــــ الرُّغْوَة : جھاگ پینا-

الرَّغْوَة والرُّغْوَة والرِّغْوَة- ج رُغًى ورِغًى و (الرُّغَايَة والرِّغَايَة والرِّغَاوَة والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) مِنَ اللَّبَن : دودھ کا جھاگ-

الرَّاغِيَة- اونٹنی- کہتے ہیں "مَالَهُ لَاغِيَةٌ ولاَ رَاغِيَة" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی-

المِرْغَاة- کفگیر-

المُرْغِيَ- مِنَ الكَلَامِ : مبہم گفتگو-

رَفَّ (ن ض) رَفًّا بہت کھانا ـــــ ہ : خدمت کرنا- بھلائی و احسان کرنا- ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا ـــــ النَّاسُ بِهٖ : گھیر لینا ـــــ بِهٖ : اکرام و تعظیم کرنا- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ ويَرُفُّه" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا-

البَيْتُ : گھر میں اگنی بنانا ـــــ الى كذا : خوش ہونا- رَفَّتْ عَيْنُهُ : پھڑکنا ـــــ البَرْقُ : بجلی کا چمکنا ـــــ شَفَتَيْهِ : ہونٹ کا چوسنا-

ـــــ اللَّبَنَ : ہر روز دودھ پینا ـــــ لَوْبَه : دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا-

الدَّابَّة : بھوسہ کھلانا-

رَفَّ (ض) رَفًّا ورَفِيْفًا وارْتَفَّ- النَّبَاتُ : لہلہانا- رَفَّتِ العَيْنُ : پھڑکنا-

رَفَّ البَرْقُ : بجلی چمکنا- رَفَّ لَوْنُه : چمک اٹھنا-

اَرَفَّ اِرْفَافًا- الطَّائِرُ : پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا-

الرَّفُّ- مہ- الگنی- لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں- ریت کی باریک نوک- مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار- بکریوں کا باڑہ- ملائم کپڑا- ج رُفُوف ورِفَاف-

الرِّفُّ- اونٹوں کا گلہ- ہرن کا پینا- کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ الحُمَّى رِفًّا" اس کو روزانہ بخار آیا-

الرُّفُّ والرُّفَّة- بھوسہ و بھوسہ کا چورہ-

الرُّفَاف- بھوسہ کا چورہ-

الرَّفِيْف- مہ- چھت- فراخ سالی ـــــ فتی رفيف الاَخْلَاق : اچھے اخلاق والا جوان-

الرَّفَّاف- اسم مبالغہ- کہا جاتا ہے "ثَغْرٌ رَفَّاف" سفید و شفاف دانت-

رَفَأَ (ف) رَفْأً- الثَّوْبَ : کپڑے کو رفو کرنا- مرمت کرنا ـــــ ہ : خوف سے تسکین دینا- مدد دینا ـــــ بَيْنَهُمْ : صلح کرانا ـــــ السَّفِيْنَة : کشتی کو کنارہ پر لانا-

رَفَّأَهُ تَرْفِئَةً و تَرْفِيْئًا- مبارک باد دینا اور "بِالرَّفَاءِ والبَنِيْن" کہنا- (بالرَّفَاءِ والبَنِيْن) : شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں-

اَرْفَأَ اِلَيْهِ : قریب ہونا اور پناہ لینا-

الشَّيْءَ اِلَيْهِ : قریب کرنا ـــــ الرَّجُلُ : کنگھی کرنا-

ـــــ السَّفِيْنَةُ : کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا- ارْفَأَهُ ورَافَأَهُ- مدارات کرنا- مدد کرنا-

الرِّفَاء- اتفاق-

الرَّفَّاء- رفوگر-

المَرْفَأُ والمُرْفَأُ- مِنَ البَحْرِ : بندرگاہ- ج مَرَافِئ-

رَفَتَ (ن ض) رَفْتًا- الشَّيْءَ : توڑنا' کوٹنا' چورہ کرنا ( ـــــ واَرْفَتَ و تَرَفَّتَ) ٹوٹنا' چورہ ہونا

ـــــ العَظْمُ : ریزہ ریزہ ہونا-

الحَبْلُ : رسّی کا کٹ جانا-

الرَّفْت- بھوسہ- ہر چیز کو توڑنے والا-

الرُّفَات- چورہ- ریزہ- ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے-

رَفَثَ (ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ (س) رَفَثًا واَرْفَثَ- فِيْ كَلَامِهٖ : فحش گوئی کرنا-

الرَّفَث- مہ- گندی گفتگو- جماع-

رَفَّحَهُ- نئی شادی والے کو مبارکباد دینا-

رَفَحَ- عَيْشٌ رَافِحٌ : ناز و نعمت کی آسودہ زندگی-

الرُّفُوْح- مصیبتیں-

رَفَدَهُ (ض) رَفْدًا او اَرْفَدَهُ- دینا- مدد دینا-

رَفَدَ الحَائِطَ : سہارا دینا- رَفَدَ الدَّابَّةَ وعَلَيْهَا واَرْفَدَ لَهَا : چوپایہ کیلئے پالان بنانا-

رَافَدَهُ- مدد دینا-

رَفَّدَه- تعظیم کرنا- سردار بنانا-

تَرافَدَ- القَوْمُ : باہم مدد کرنا-

اِرْتَفَدَ- المَالَ : کمائی کرنا- حاصل کرنا-

اِسْتَرْفَدَهُ- عطیہ طلب کرنا- مدد طلب کرنا-

الرَّفْد- مہ- حصّہ' بڑا پیالہ- کہا جاتا ہے "اُرِيْقَ رَفْدُهُ" اس کا انتقال ہو گیا-

الرِّفْد- ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے- عطیہ- مدد- بڑا پیالہ- ج اَرْفَاد ورُفُود-

الرِّفْدَة- لوگوں کی جماعت- ج رِفَد-

الرَّافِد- فا- بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام- ج رُفَّد-

الرَّافِدَان- دریائے دجلہ و فرات-

الرَّافِدَة- پل کے اوپر چھت کی لکڑی- عوام اسے "وُصْلَة" کہتے ہیں- ج رَوَافِد-

الرِّفَادَة- زخم کی پٹی- زین- زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز-

نَاقَةٌ (رَفُوْدٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی- ج رُفُد-

المَرْفَد والمُرْفَد- مد- ج مَرَافِد-

المِرْفَد- بڑا پیالہ- ج مَرَافِد-

المَرَافِيد- بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُزْلِف۔ بازی گر۔
زَفْزَفَ۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا پھڑپھڑانا ـــــ الشَّیْءُ : آواز کرنا۔
الزَّفْزَف۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّیحُ زَفْزَفَ الْفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو اِدھر اُدھر کر دیا۔ زَفْزَفُ الدِّرْعِ : زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج زَفَارِف۔
الزَّفْزَاف۔ ایک پرندہ جس کو "خَاطِفِ ظِلِّهِ" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔
زَفَزَهُ (ض) زَفْزًا۔ مارنا۔
الزَّافِز۔ حرکت کرنے والی رگ۔
زَفَسَهُ (ن ض) زَفْسًا و زِفَاسًا۔ سینہ پر مارنا ـــــ الْبَعِیرَ : اونٹ کے پاؤں باندھنا ـــــ اللَّحْمَ وَنَحْوَهُ : گوشت کا قیمہ کرنا۔
الزِّفَاس۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الزَّفْسَة۔ سینہ پر لات مارنا۔
نَاقَةٌ (زِفْسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔
زَفَشَ (ن) زَفْشًا۔ کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ خوب کھانا پینا ـــــ القَمْحَ : گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا ـــــ الشَّیْءَ : کوٹنا ـــــ زُفُوشًا) فِی الْأَمْرِ : کشادہ ہونا۔
زَفِشَ (س) زَفَشًا۔ چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (أَزْفَشُ) مؤنث زَفْشَاء۔ ج زُفْش۔
زَفَّشَ۔ لِحْیَتَهُ : داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الزَّفَّاش۔ گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر مانپنے والے کے پاس اُڑانے والا۔
الزَّفْش۔ مہ۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔
المِزْفَشَة۔ بیلچہ۔
زَفَصَ۔ أَزْفَصُوا الْمَاءَ : باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (زَفِیص) کہتے ہیں۔

کہا جاتا ہے "هُوَ زَفِیصُکَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
اِزْفَقَصَ۔ السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا۔
الزُّفْصَة۔ پانی پینے کی باری۔
زَفَضَ (ن ض) زَفْضًا و زَفَضًا۔ الشَّیْءَ : پھینکنا' چھوڑنا۔ صفت زَافِض ج زَافِضُونَ وزَفَضَه وزُفَّاض ( ـــــ وأَزْفَضَ) الابِلَ : چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ زَفَضَ و اَزْفَضَ الوَادِی : کشادہ ہونا۔
زَفَضَت (ن) زُفُوضًا۔ الابِلُ : چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔
تَزَفَّضَ۔ بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا ـــــ الدَّمْعُ : آنسو بہانا اور بکھرنا۔
اِزْفَضَّ۔ الدَّمْعُ : آنسو بہنا و ٹپکنا ـــــ الجُرْحُ : زخم سے پیپ بہنا ـــــ الشَّیْءُ : ـــــ متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِزْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ" : لوگ متفرق ہو کر چلے گئے ـــــ الوَجْعُ : درد کا زائل ہونا۔
اِسْتَزْفَضَ۔ الوَادِی : کشادہ ہونا۔
الزَّفْض۔ مہ ـــــ زِفَاض و (الزَّفَض) ج أَزْفَاض۔ اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ زَفْضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِی الْقِرْبَةِ زَفْضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔
الزَّافِضَة۔ جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج زَوَافِض۔ اور اسی سے ہے "لَا خَیْرَ فِی الزَّوَافِضِ"
الزَّافِضَة : شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "زَافِضِیٌّ"
الزَّفَاض۔ پریشان راستے۔
الزَّفَاض۔ مِنَ الشَّیْءِ : ٹکڑے۔ ریزے۔ زَجُلٌ (قُبَضَةٌ زُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔
الزُّفُوض۔ متفرق گھاس۔ زُفُوضُ النَّاسِ : لوگوں کے گروہ۔ زُفُوضُ الْأَرْضِ : زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔
الزَّفِیض۔ چھوڑا ہوا۔ پسینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔
الزَّفِیض والمَزْفُوض۔ چھوڑا ہوا۔
المَزْفِض۔ مِنَ الوَادِی : سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَزَافِض۔
زَفَعَ (ف) زَفْعًا۔ الشَّیْءَ : اُٹھانا ـــــ فُلَانًا عَلَی صَاحِبِهِ فِی الْمَجْلِسِ : آگے بڑھانا ـــــ الْکَلِمَةَ : رفع کی علامت لگانا ـــــ الشَّیْءَ : لینا ـــــ الشَّیْءَ فِی خَزَانَتِهِ : چھپانا ـــــ الجَمَلُ فِی السَّیْرِ : چلنے میں جلدی کرنا ـــــ القَوْمُ : ملکوں میں گھستے چلے جانا ـــــ الجَمَلَ : تیز چلانا ـــــ الحَدِیثَ : پہلے قائل تک سند پہنچانا۔
( ـــــ زَفْعًا و زَفَاعًا و زَفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ : کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا ( ـــــ زَفْعًا و زُفَاعًا) زَیْدًا إِلَی الحَاکِمِ : فیصلہ کرانے کے لیے جانا ـــــ ہ إِلَی السُّلْطَانِ : پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَذَا أَمْرٌ یَزْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَا یَزْفَعُ الْعَصَا عَنْ عَاتِقِهِ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔
زَفَعَ (ک) رِفْعَةً و زَفَاعَةً۔ عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِیع) و زَفُعَ زَفَاعَةً : بلند آواز والا ہونا ـــــ الثَّوْبُ : باریک ہونا۔ صفت (رَفِیع)
رُفِعَ۔ لَهُ الشَّیْءُ : دور سے دیکھنا۔
رَفَعَهُ۔ بلند کرنا۔ رَفَعَ القَوْمَ : لڑائی سے دور کرنا۔
رَافَعَهُ۔ إِلَی الحَاکِمِ : شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ـــــ ہ : قطع تعلق کرنا ـــــ بِهِمْ : رحم کرنا۔
تَرَفَّعَ۔ برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِیْ هِمَّتِیْ عَنْ کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے ـــــ الشَّیْءُ او الرَّجُلُ : بلند کرنا۔
تَرَافَعَا۔ ایک دوسرے کو بلند کرنا ـــــ الخَصْمَانِ إِلَی الحَاکِمِ : فیصلہ کے لیے جانا۔
اِرْتَفَعَ۔ بلند ہونا ـــــ السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا ـــــ النَّهَارُ : دن کا چڑھنا ـــــ دراز ہونا۔
ـــــ مِنْ بَیْنِهِمُ الخِصَامُ : دشمنی زائل ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ الشَّيءُ :بلند ہونا۔
اِسْتَرْفَعَ- الشَّيءَ : اُٹھانے کو کہنا ـــــ الخَوَانُ :دسترخوان خالی ہونا اور اُٹھانے کا وقت آنا۔
الرَّافِع-فا-بَرْقٌ رَافِعٌ :چمکنے والی بجلی۔
الرِّفْعَة-مہ-بلندی و مرتبہ۔
الرَّفَاع و الرِّفَاع- کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔
الرَّفَاعَة والرُّفَاعَة والرِّفَاعَة- مِنَ الصَّوْتِ : آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَة والرُّفَاعَة :گدی جس کو عورتیں اپنے سر کے نیچے پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الرَّفِيْعَة-حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔
المَرْفُوع-مفہ-ایک قسم کی تیز دوڑ ـــــ مِنَ الكَلَامِ :بلند گفتگو-والْحَدِيْثُ المَرْفُوْعُ عِنْدَ المُحَدِّثِيْنَ : وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔
المِرْفَع-بلند کرنے کا آلہ۔
المَرْفَع والمَرَافِع- عِنْدَ المَسِيْحِيِّيْن : مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔
رَفُغَ (ک) رَفَاغَةً- العَيْش : کشادہ و آسودہ ہونا-صفت(رَافِغ ورَفِيْغ واَرْفَغ)
اَرْفَغَ-لَهُ المَعَاشَ : آسودہ و کشادہ بنانا۔
تَرَفَّغَ- آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔
جماع کے لیے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔
الرَّفْغ-ج اَرْفُغ ورِفَاغ :وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ كَرَفْغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔
گوشہ ـــــ ج اَرْفَاغ ورُفُوْغ- جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ-جوار کا بھوسہ۔
اَرْفَاغُ النَّاسِ :نااہل و کمینے لوگ۔
(الرَّفْغ والرَّفَاغَة والرَّفَاغِيَة) آسودہ زندگی
كِلْسٌ رَفْغ :نرم چونے کا گارہ-الرَّفْغ :ناخن کا میل۔
الرُّفْغ- بغل- اندام نہانی کا اردگرد- اور اسی سے ہے "إِذَا التَقَى الرُّفْغَانِ وَجَبَ الغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔
الرُّفْغ :ناخن کا میل۔
المَرَافِغ- کُنج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)
المَرْفُوْغہ- تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔
رَفَقَهُ(ن)رَفْقًا- نفع پہنچانا-مدد کرنا-کہنی پر مارنا ـــــ النَّاقَةَ :اونٹنی کے بازو کو باندھنا-العَمَلَ : مضبوطی سے کرنا۔
رَفَقَ و رَفُقَ (ن و ک) ورَفِقَ (س) رِفْقًا ومَرْفِقًا ومَرْفَقًا ومِرْفَقًا-بِهٖ وَلَهٗ وعَلَيْهِ :مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
رَفِقَ (س) رَفَقًا- البَعِيْرُ : پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا-صفت(اَرْفَق)
رَفُقَ(ک)رَفَاقَةً-الرَّجُلُ :ساتھی ہونا۔
رَافَقَهٗ- رفیق ہونا- ساتھی ہونا- کہا جاتا ہے "رَافَقَهٗ فِي السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔
اَرْفَقَهٗ-مہربانی کا برتاؤ کرنا- نفع پہنچانا۔
تَرَفَّقَ-بِهٖ :مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
عَلَيْهِ :سہارا لینا۔
تَرَافَقَ- الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِرْتَفَقَ- کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا-مدد طلب کرنا۔
الإِنَاءُ : بھر جانا القَوْمُ : سفر میں باہم ساتھی ہونا۔
بِهٖ :نفع اُٹھانا۔
اِسْتَرْفَقَهٗ-مہربانی طلب کرنا- نفع رسانی طلب کرنا۔
تَمَرْفَقَ- تکیہ لینا۔
الرِّفْق-مہ-نرم برتاؤ-مہربانی- ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔
الرَّفِق-مہ-نرم- آسان- کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ رَفِقٌ الْبِغْيَة" یہ سہل الحصول معاملہ ہے-الرَّفِق : تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی- نَاقَةٌ (رفِقَة ورَفْقَاء) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔
الرِّفْقَة والرَّفْقَة والرُّفْقَة والرُّفَاقَة-ساتھیوں کی جماعت-ج رِفَاق ورِفَق ورُفَق واَرْفَاق۔
الرِّفَاقَة-لطف و مہربانی-بہتر سلوک۔
الرِّفَاق-اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی-ج رُفُق۔
الرَّفِيْق-ساتھی-مہربان-ج رُفَقَاء۔
المِرْفَق والمِرْفِق- کہنی- ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے-ج مَرَافِق۔
المَرْفِق- ہر وہ چیز جس سے نفع اُٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں 'باورچی خانہ 'پاخانہ وغیرہ-و "مَرَافِق البِلَاد" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔
المِرْفَقَة- چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَق المُرْتَفَق- تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِق- بھرا ہوا- ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا وزُفُوْلًا و رَفَلَانًا- دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا-ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا- صفت مذکر(رَفِل)
صفت مؤنث رَفْلَةٌ۔
رَفَلَ(ن)رَفْلًا ورَفِلَ(س)رَفَلًا-بدنما لباس پہننا- بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا-صفت مذکر (اَرْفَل ورَفِل)و صفت مؤنث رَفْلَاء۔
اَرْفَلَ-دامن گھسیٹنا-ناز سے چلنا۔
ثِيَابَه : کپڑوں کو لٹکانا- کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَه" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَلَهٗ- تعظیم کرنا- سردار بنانا-مالک بنانا-ذلیل کرنا-الإِزَار :ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ- تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ-عَلَيْهِ :رئیس و سردار بننا۔
الرِّفْل-دامن۔
الرَّفَل-مہ- مِنَ البِئْرِ :کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرَّفَل- لمبے دامن والا- لمبی دُم والا گھوڑا- بہت گوشت والا-کشادہ کپڑا۔
عَيْشٌ رِفَلٌ :کشادہ زندگی۔
الرَّفَال-مِنَ الشَّعْرِ :لمبے بال۔
المِرْفَال- مِنَ الرِّجَال و النِّسَاءِ : دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
اِرْفَأَنَّ إِرْفِئْنَانًا- بھاگنا اور پھر ٹھہر جانا-اِرْفَأَنَّ غَضَبُهٗ :غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّفَاہِیَۃ۔ فراخی زندگی۔
الرَّفْن۔ انڈا۔
الرِّفَان۔ آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
الرَّافِنَہ۔ ناز سے چلنے والی عورت۔
الرِّفَنّ۔ لمبی دُم والا گھوڑا۔
رَفُہَ (ف) رَفْہًا وَرِفْہًا وَرُفُوْہًا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِہ وَرَفِہَان)
رَفِہَتِ الْاِبِلُ : حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِہَۃ) ج رَوَافِہ۔
رَفُہَ (ک) رَفَاہًا وَرَفَاہِیَۃً وَرَفَاہَۃً الْعَیْشُ : زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِہ وَرَفِیہ)
رَفَّہَ وَاَرْفَہَ۔ الرَّجُلَ : آسودہ و خوشحال بنانا۔
رَفَّہَ عَنْہ : مہلت دینا۔ بار غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔
اَرْفَہَ وَرَفَّہَ الرَّاعِی۔ الاِبِلَ : حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَہَتِ الاِبِلُ : اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَہَ الْقَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِہَ۔ عَنْہ : تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَہَ وَتَرَفَّہَ وَاسْتَرْفَہَ۔ آرام لینا۔
الرُّفْہ۔ مہ۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَّفَہَۃ۔ رحمت و مہربانی۔
ھُوَ (رَافِہ) بِہٖ : وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَہِیَّۃ۔ فراخی، عیش، ارزانی۔
الرُّفْہ۔ خشک گھاس اور اسی سے مشتق ہے "اَغْنَی مِنَ الشُّفَہ عَنِ الرُّفَہ"
رَفَا (ن) رَفْوًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاۃ اور صفت مفعولی (مَرْفُوّ) ـــــ ہ : ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّی تَرْفِیَۃً۔ الْعَرِیْسَ : شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرَّفَاءِ وَالْبَنِیْن" کہنا۔
رَافَی رِفَاءً وَمُرَافَاۃً۔ الرَّجُلَ : موافقت کرنا۔
اَرْفَی۔ اِلَیْہِ : پناہ لینا۔
تَرَافَی۔ الْقَوْمُ عَلَی الْاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔
الرِّفَاء۔ اتفاق و موافقت۔
الْاَرْفَی۔ ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث رَفْوَاء ج رُفْوٌ۔

الْاُرْفِیُّ۔ ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّۃً۔ پتلا ہونا ـــــ لَہٗ : رحم کرنا
ـــــ وَجْھُہٗ : شرم کرنا ـــــ الرَّجُلُ : بُرے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا۔ الْعَبْدُ : غلام بنانا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَہٗ۔ پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ : نرمی سے پڑھنا
ـــــ الْکَلَامَ : خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔
ـــــ مَشْیَہٗ : آہستہ چلنا ـــــ مَا بَیْنَ الْقَوْمِ : فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ۔ الشَّیْءَ : پتلا کرنا ـــــ الْوَاعِظُ قَلْبَہ : دل کو نرم کرنا ـــــ الرَّجُلُ : کم مال والا ہونا۔
ـــــ الْعِنَبُ : انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا ـــــ الْعَبْدَ : غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ۔ الشَّیْءُ : پتلا ہونا ـــــ لَہٗ : رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ۔ الشَّیْءُ : پتلا ہونا ـــــ الْعَبْدَ : غلام کا مالک ہونا ـــــ اللَّیْلُ : رات کا اکثر حصہ گزر جانا ـــــ الْمَاءَ : پایاب ہو جانا۔
الرِّقّ۔ مہ۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لیے آسانی سے حاصل ہونے والی شہنیاں۔
الرَّقّ۔ لکھنے کے لیے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوْق۔
الرِّقّ و الرُّقّ و الرَّقَق۔ نرم و کشادہ زمین۔ الرُّق : سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الرَّقَق۔ کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الرَّقَّۃ۔ زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق۔ الرَّقَّۃ : ایک شہر کا نام۔ الرَّقَّتَان : دو شہر ہیں جن کے نام رَقَّۃ و رَافِقَہ ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّۃ۔ رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّۃ الْعَیْشِ : زندگی کی آسودگی۔ رِقَّۃ الْجَانِبِ : ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاق۔ بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔

الرُّقَاق۔ پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَۃ) نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَّقِیق۔ پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِیقَۃ۔ ج رِقَاق۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَقِیْقُ الْمَعَانِی" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَیْشٌ رَقِیْقُ الْحَوَاشِی" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی زندگی۔ و "رَجُلٌ رَقِیْقُ الْحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفْظٌ رَقِیْقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔
الرَّقِیق : غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِیق و عَبِیْدٌ رَقِیق اور کبھی اَرِقَّاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لیے رَقِیق اور رَقِیقَۃ دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِیْقُ الْاَنْفِ : ناک کا نرم حصہ۔ الرَّقِیْقَان : ناک کے نتھنوں کے کنارے۔
مَرَاقُّ الْبَطْنِ : پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔
الْمُرَقَّق۔ چوڑی پتلی روٹی۔
الْمِرْقَاق۔ بیلن۔
الْمُسْتَرَقّ۔ چیز کا نرم حصہ۔
رَقَأَ (ف) رَقْأً وَرُقُوْءًا۔ الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ : آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَأَ بَیْنَھُمْ : صلح کرانا۔ فساد ڈالنا ـــــ فِی الدَّرَجَۃ : چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلٰی ضَلْعِكَ" اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِكَ میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔
اِرْقَأِ الدَّمَ اَوِ الدَّمْعَ : خشک کرنا۔
الرَّقْء۔ خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔
الْمِرْقَأَۃ و الْمِرْقَاۃ۔ سیڑھی۔ زینہ۔
الرَّقَاء۔ فساد۔
رَقَبَہٗ (ن) رُقُوْبًا وَرَقْبًا وَرَقَابَۃً وَرِقْبَانًا وَرِقْبَۃً وَرَقَبَۃً۔ نگہبانی کرنا، انتظار کرنا، ڈرانا
ـــــ النَّجْمَ : ستاروں کی دیکھ بھال کرنا
ـــــ ہ : گلے میں رسی ڈالنا۔
رَاقَبَہٗ۔ نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰہَ فِیْ اَمْرِہٖ : خوف کرنا۔
اَرْقَبَہٗ۔ الدَّارَ : بشرط رَقْبی زندگی بھر کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لئے دینا (دیکھو لفظ رَقْبی) اِرْقَبَہ الرَّقبی : کسی کے لیے رقبی کرنا (دیکھو لفظ رَقْبی)

تَرَقَّبَہ و اِرْتَقَبَہٗ۔ انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَکَانَ : چڑھنا۔

تَرَاقَبَا۔ ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔

الرَّقَب۔ گردن کی موٹائی۔

الرُّقْبی۔ کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مرجاؤں تو یہ مکان تمہارے لیے ہے اور تم مرگئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔

الرِّهَاق والرُّهَاق۔ مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "كَانُوا رِهَاقَ مِائَةٍ" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔
الرَّهِيق۔ شراب۔
الزَّيْزَهْقَان۔ زعفران۔
المُرْهَق۔ قتل کرنے کے لیے گرفتار۔ تنگی میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ڈالا ہوا۔

المُرَهَّق۔ مفہ۔ خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔ فیاض۔

رَهَكَ (ف) رَهْكًا۔ الشيءَ : باریک پیسنا۔ صفت مفعولی (رَهِيكٌ و مَرْهُوكٌ) بالمَكان : اقامت کرنا۔

اِرْتَهَكَ۔ چلنے میں سُست ہونا۔

الرَّهْكُ۔ سہ۔ نیک کام۔

الرَّهْكَة۔ کمزوری۔

الرَّهْكَة و الرُّهْكَة۔ مِنَ الرِّجَال أَوِ الإِبِل : کمزور و ناتواں۔

رَهِلَ (س) رَهَلاً۔ ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رَهِلٌ) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيهِ رَهَلٌ" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔

رَهَّلَهُ وَأَرْهَلَهُ۔ النومُ : نیند کا سُست و ڈھیلا کرنا۔

تَرَهَّل۔ ڈھیلا ہونا۔

الرِّهْل۔ شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔

المُتَرَهِّل۔ عِنْدَ الأَطِبَّاء : ڈھیلے بدن والا۔

أَرْهَمَتِ۔ السَّمَاءُ : نرم بارش برسانا۔

الرِّهْمَة۔ نرم لگاتار بارش۔ ج رِهَم و رِهَام۔

الرَّهَام و الرَّهْوَم۔ دبلی بکری۔

الرُّهَام۔ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔

الأَرْهَم۔ زیادہ فراخی دار زانی والا۔

المَرْهَم۔ مرہم۔ ج مَرَاهِم

مَكَانٌ (مَرْهُوم) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔

الرَّهْمَج۔ کشادہ۔

رَهْمَسَ رَهْمَسَةً۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔ لَهُ برائی کی تعریض کرنا۔

رَهَنَ (ف) رَهْنًا۔ الشيءَ فُلَانًا و عِنْدَ فُلَانٍ : گرو رکھنا۔ الشيءُ : ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نِعْمَةُ اللّٰهِ رَاهِنَةٌ" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے ـــــ الشيءَ : ہمیشہ رکھنا۔ بالمَكَان : اقامت کرنا (رُهُوْنًا) دبلا ہونا۔ صفت (رَاهِن)

رَاهَنَه رِهَانًا و مُرَاهَنَةً۔ عَلَى الخَيْل : دوڑانے کیلئے شرط لگانا ـــــ عَلَى كَذَا : شرط ٹھہرانا۔

أَرْهَنَهُ۔ الشيءَ : کسی کے پاس گرو رکھنا۔ أَرْهَنَ فُلَانًا : کمزور کرنا۔ پیٹگی دینا۔ فِي السِّلْعَةِ : گران کرنا ـــــ لِضَيْفِهِ الطَّعَامَ و الشَّرَابَ : مہمان کے لیے ہمیشہ کھانا پانی تیار رکھنا۔ أَرْهَنَ المَيِّتَ القَبْرَ : میت کو قبر میں رکھنا۔

تَرَاهَنَ۔ القَوْمُ : آپس میں شرط لگانا۔

اِرْتَهَنَ۔ الشيءَ مِنْه : گروی لینا ـــــ بِالأَمْرِ : کسی معاملہ میں مقید ہونا۔

اِسْتَرْهَنَهُ۔ الشيءَ : گروی طلب کرنا۔

الرَّاهِن۔ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ حُجَّةٌ رَاهِنَةٌ" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔ لاغر، دبلا۔

الرَّاهِنَة۔ گھوڑے کی ناف اور اس کا ارد گرد۔

الرَّهْن۔ سہ۔ گروی۔ کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رِهَان و رُهُون و رِهِينٌ و رُهْن۔ کہا جاتا ہے "إِنِّي لَكَ رَهْنٌ بِكَذَا" میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔

هٰذَا (رِهْن) مَالِي : یہ مال کے برابر ہے۔ شَيْءٌ مَرْهُوْنَة کے لیے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اس کے یہ برابر ہے۔

الرِّهَان۔ سہ۔ خَيْلُ الرِّهَان : شرط لگانے کے گھوڑے اور "هُمَا كَفَرَسَي رِهَانٍ" : دو ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔

الرِّهْن۔ گروی رکھا ہوا۔ کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "أَنَا رِهْنٌ بِأَعْمَالِي" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔

الرِّهِيْنَة۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "أَنَا رَهِينَةٌ بِكَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔ و "كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ و "الخَلْقُ رَهَائِنُ المَوْتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔

المُرْتَهَن۔ مفہ۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ المُرْتَهَنُ بِالأَمْرِ : کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كُلُّ امْرِءٍ بِالمَوْتِ مُرْتَهَن" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔

الأُمُوْرُ (مَرْهُوْنَةٌ) بِأَوْقَاتِهَا : کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔

الرَّهْنَامَج و الرَّهْنَامَج۔ ملاحوں کے لیے بحری راستہ کا نقشہ (راہ نامہ کا معرب)

رَهَا (ن) رَهْوًا۔ نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ تِ الخَيْلُ رَهْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ و "أُرْهُ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو ـــــ البَحْرُ : دریا کا ساکن ہونا ـــــ بَيْنَ رِجْلَيْهِ : کھولنا ـــــ الطَّائِرُ : پرندہ کا بازو پھیلانا۔

رَاهَى مُرَاهَاةً۔ الرَّجُلَ : قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔

أَرْهَى إِرْهَاءً۔ کشادہ جگہ پانا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا ـــــ لَهُمُ الطَّعَامَ : ہمیشہ تیار رکھنا ـــــ عَلَى نَفْسِهِ : نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْهِ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو و "أَرْهَى لَكَ الشَّيْءُ" تمہارے لیے یہ چیز ممکن ہے و "أَرْهَيْتُهُ لَكَ" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔

تَرَاهَى۔ القَوْمُ : باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَهَى۔ القَوْمُ : باہم مخلوط ہونا۔ رہیہ تیار کرنا۔ (دیکھئے لفظ رَهِيَهٌ)

الرَّهُو۔ سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِهَاء (وَالرَّهْوَة) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بِئْرٌ رَهْوٌ : چوڑے منہ کا کنواں۔

ثَوْبٌ رَهْوٌ : باریک کپڑا۔ غَارَةٌ رَهْوٌ : لگاتار لوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ رَهْوٌ مَابَيْنَ المَدِيْنَةِ و الجَبَل" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آ رہے ہیں۔

الرَّهَاء۔ مِنَ الأَمَاكِن : کشادہ جگہ۔

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا ہموار حصہ۔

الرَّاهِي۔ مِنَ العَيْش : آسودہ زندگی۔

الرَّاهِيَة۔ الرابي کا مؤنث۔ شہید کی مکھی۔

الرَّهِيَّة۔ ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

الرَّهْوَان۔ پست زمین۔ ترکی گھوڑے کو بھی رَهْوَان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(معرب)

الأَرْهَاء- اطراف وجوانب-

المُرْهِی- مِنَ الخَیْل : تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو اور مقابلہ کے وقت ہاتھ نہ لگے- ج المَرَاہِی-

رَهُوْكٌ- الرَجُلُ : چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا ـــــ القَوْمُ : مضطرب ہونا-

الرَهُوْكُ- موٹا (بکری کا بچہ یا ہرن) شاب-

رَهُوْكٌ- نازک بدن جوان-

رَهْيَأً- کمزور اور سُست ہونا- فاسد الرائے ہونا- محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا ـــــ السَحَابُ : برسنے کے لیے تیار ہونا-

تَرَهْيَأً- مضطرب ہو کر حرکت کرنا ـــــ فِی أَمْرِہٖ : کام میں کاہلی کرنا' کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا ـــــ السَحَابُ : برسنے کے لیے تیار ہونا-

رَوَّأَ تَرْوِیْتًا و تَرْوِیَةً- فِی الأَمْرِ : کام کے انجام میں غور و فکر کرنا-

الرَوِیَّةُ و الرَوِیَّةُ- غور و فکر-

الإِرْتِیَاءُ- سوچ بچار غور و فکر کرنا-

الرَاء- حروفِ تہجی کا ایک حرف- سمندر کا جھاگ- ایک درخت کا نام- واحد (رَاءَۃ)

رَابَ (ن) رَوْبًا و رُؤُوْبًا- اللَبَنُ : جمنا- صفت (رَائِب) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهٗ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آگیا ـــــ الرَجُلُ : متحیر ہونا- جھوٹ بولنا- عقل میں فتور ہونا- سُست ہونا- نیند' بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا-

رَوَّبَتِ- الدَابَّةُ : جانور کا تھکنا-

رَوَّبَ و أَرَابَ- اللَبَنَ : دہی جمانا-

الرَائِب- فا- جما ہوا دودھ' دہی-

الرَائِب مِنَ الأُمُوْرِ : صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو- نیز مشتبہ امور (ضد)

الرَاب- اندازہ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَابُ كَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے-

الرَوْب- جما ہوا دودھ- مکھن نکلا ہوا دودھ' دہی- کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ شَوْبٌ وَلَا رَوْبٌ" اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شَوْبٌ وَلَا رَوْبٌ فِی البَیْعِ و الشِرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا' فریب اور گڑبڑ نہیں ہونی چاہئے-

الرُوْبَة و الرَوْبَة- جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لیے دودھ میں ڈالا جائے' دودھ کا بقیہ-)

الرُوْبَة- حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا یَقُوْمُ بِرُوْبَةِ أَهْلِهٖ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں- مدار زندگانی- محتاجی- حیرانی- زیادہ پینے سے کسل مندی- الرُوْبَة مِنَ اللَحْمِ : گوشت کا ٹکڑا ـــــ مِنَ اللَیْل : رات کا ایک حصہ-

الرَجُلُ : مرد کی عقل- تم کہتے ہو "هُوَ یحدثنی وَأَنَا إِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَیْسَتْ لَهٗ رُوْبَة" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو-

الأَرْوَب- حیران- سُست- اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند-

الرَوْبَى- وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سُست ہو گئے ہوں- قَوْمٌ رَوْبَى : سُست طبیعت کے لوگ' وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سُست ہو گئے ہوں- واحد (رَائِبٌ و رَوْبَان)

المِرْوَب- دودھ جمانے کا برتن-

سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو-

رَاثَ (ن) رَوْثًا- الفَرَسُ : لید کرنا-

الرَوْث- لید- ج أَرْوَاث-

الرَوْثَة- روث کا واحد- ناک کے سرے کا کنارہ- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَضْرِبُ بِلِسَانِهٖ رَوْثَةَ أَنْفِهٖ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے- کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے- چونچ-

المَرَاث و المَرْوَث- لبر کا مخرج-

رَاجَ (ن) رَوْجًا و رَوَاجًا- الأَمْرُ : جلدی ہونا ـــــ السِلْعَةُ : رائج ہونا ـــــ الدَرَاهِمُ : رواج پکڑنا ـــــ الطَعَامُ : کھانا تیار ہونا- کہا جاتا ہے "أَحْضِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو- رَاجَتِ الرِیْحُ : ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا-

رَوَّجَ- الشَیْءَ و بِهٖ : جلدی کرنا ـــــ السِلْعَةَ وَالدَرَاهِمَ : رائج کرنا ـــــ فُلَانٌ كَلَامَهٗ : مزین و مبہم کرنا-

تَرَوَّجَ- حوض کے گرد اگرد گھومنا- صفت (رَوَّاج)

الرَوْجَة- جلدی-

رَاحَ (ن) رَوَاحًا- شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے-

( ـــــ رَوَاحًا و رَوْحًا) القَوْمَ وَالنَهِمْ وعِنْدَهُمْ : شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا-

( ـــــ رَوْحًا) اليَوْمُ : تیز ہوا والا ہونا-

رَاحَ يَرِيْحُ رَيْحًا- الشَيْءَ : بُو محسوس کرنا-

رَاحَ يَرَاحُ رِيْحًا- اليَوْمُ : تیز ہوا والا ہونا ـــــ البَيْتُ : ہوادار ہونا- کہا جاتا ہے "اِفْتَحِ البَابَ حَتَّى يَرَاحَ البَيْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے ـــــ الرِيْحُ الشَيْءَ : ہوا لگنا- القومُ الرِيحَ : ہوا میں داخل ہونا-

رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً- لِلْمَعْرُوْفِ : بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا-

يَدَهٗ لِلْأَمْرِ : سبک ہونا ـــــ الشَجَرُ : نئے پتے نکالنا ـــــ الشَيْءَ : بُو محسوس کرنا- کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنكَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی-

رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا و رَاحًا و رَاحَةً و رِيَاحَةً و رُؤُوْحًا و أَرْيَحِيَّةً- لِلْأَمْرِ : کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا-

رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَةً- الإِبِلُ : اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا- رِیح ہوا لگنا- صفت مَرُوْحٌ مَرِيْحٌ-

رَوَّحَ يُرَوِّحُ تَرْوِيْحًا- کشادہ ہونا-

رَوَّحَ- القَوْمَ : قوم کے پاس شام کے وقت جانا ـــــ الرَجُلُ : آرام دینا-

الإِبِلَ : شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا ـــــ بِالجَمَاعَةِ : تراویح کی نماز پڑھانا ـــــ قَلْبَهٗ : کسی کے دل کو بیدار کر دینا-

ـــــ الدُهْنَ : تیل کو خوشبودار بنانا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عَلَيْهِ بِالْمَرْوَحَةِ :پنکھا جھلنا۔
اَرَاحَ اِرَاحَةً۔ اَلْقَوْمُ : ہوا میں داخل ہونا ـــــ ۵ : آرام پہنچانا ـــــ عَلٰى فُلَانٍ حَقَّه : واپس کرنا ـــــ الْاِبِلَ :باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا ـــــ الْمَعْرُوْفَ : بھلائی حاصل کرنا' پانا ـــــ الشَّيْءَ : بُو محسوس کرنا ـــــ الْمَاءُ او اللَّحْمُ :پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔
اَلرَّجُلُ : سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاحَ فَاَرَاحَ" اس نے مرکر آرام پہنچایا۔
اَرْوَحَ۔ الْمَاءُ : پانی کا بدبودار ہونا ـــــ الشَّيْءَ : بُو محسوس کرنا ـــــ عَلَيْهِ حَقَّه : واپس کرنا۔
رَاوَحَ۔ بَيْنَ الْعَمَلَيْنِ : باری باری مشغول ہونا ـــــ بَيْنَ رِجْلَيْهِ :باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
تَرَوَّحَ۔ شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔
ـــــ الْقَوْمَ : قوم کے پاس شام کے وقت جانا ـــــ الشَّجَرُ :نئے پتے نکالنا ـــــ النَّبَتُ : نباتات کا طویل ہونا ـــــ الْمَاءُ :پانی کا بدبودار ہونا ـــــ بِالْمِرْوَحَةِ :پنکھا ہلانا۔
الشَّيْءُ :بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔
تَرَاوَحَ۔ الرَّجُلَانِ الْاَمْرَ : باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے "اِنَّ يَدَيْهِ تَتَرَاوَحَانِ بِالْمَعْرُوْفِ" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔
اِرْتَاحَ۔ خوش ہونا ـــــ اَللّٰهُ لَهٗ بِرَحْمَتِهٖ : مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَوْتَوِحَانِ عَمَلًا" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔
اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَةً۔ آرام پانا۔ اِلَيْهِ : سکون پانا۔
اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا۔ آرام پانا۔ الشَّيْءَ : سونگھنا ـــــ الْغُصْنُ : شنی کا ہوا سے ہلنا ـــــ الصَّيْدُ : شکار کا انسان کی بُو محسوس کرنا ـــــ الشَّجَرَ : سرسبز کرنا۔
الرَّاح۔ مذ۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ يَوْمٌ رَاحٌ : سخت ہوا کا دن۔

الرَّاحَة۔ مذ۔ آرام۔ الرَّاح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ عَلٰى اَنْقٰى مِنَ الرَّاحَةِ" میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثَّوْبَ عَلٰى رَاحَتِهٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج رَاحَات۔ لَيْلَةٌ رَاحَةٌ : تیز ہوا والی رات۔
الرَّوْح۔ آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت و مہربانی۔ يَوْمٌ رَوْحٌ :عمدہ و خوشگوار دن۔ سہانا دن۔
الرَّوْحَة۔ راح کا اسم مرۃ۔ ج رَاحَات۔ لَيْلَةٌ رَوْحَةٌ :سہانی رات۔
الرُّوْح۔ جان (مذ کر و مؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الرُّوْحِ" یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغام خداوندی۔ جبرئیل۔ الرُّوْحُ الْاَعْظَمُ :اللہ تعالیٰ۔ رُوْحُ الْقُدُس :عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم : الرُّوْحُ الْاَمِيْن : حضرت جبرئیل علیہ السلام نسبت کیلئے (رُوحانی) ج اَرْوَاح اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست و جواہر پر بولا جاتا ہے۔ الْاَرْوَاحُ الْخَبِيْثَة : شیاطین۔
الرَّوَح۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔
الرَّوَاح۔ مذ۔ شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوا بُرَوَاحٍ مِنَ الْعَشِيِّ" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ و "اَفْعَلُ ذَالِكَ فِيْ سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" میں صبح شام اس کو کرتا ہوں (والرَّوِيْحَة والرَّوَاحَة والرَّاحَة) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔
الرِّيح۔ ہوا (مؤنث) ج اَرْيَاح و اَرْوَاح وَرِيَاح وَرِيح وج اَرَاوِيح واَرَايِيح۔ بُو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ و قوت اور ہوائیں چار ہیں۔
الْجَنُوْب :دکھنی۔ الشَّمَال : اُتری۔ الصَّبَاء : پُروائی۔ الدَّبُوْر :پچھوائی۔
الرِّيْحَة۔ ہوا۔ بُو۔

الرَّيْحَان۔ ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج رَيَاحِيْن۔
الرَّيْحَانَة۔ گلدستہ۔
الرَّيِّح۔ مِنَ الْاَيَّامِ : تیز یا اچھی ہوا والا دن۔
الرَّائِحَة۔ رائح کا مؤنث۔ بُو۔ ج رَائِحَات وَرَوَائِح۔ الرَّوَائِح : شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔
الْاَرْوَح۔ ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوْحَاء ج رُوْح ( ـــــ والْاَرْيَح) کشادہ۔
الْاَرْيَحِيّ۔ کشادہ اخلاق والا۔
الْاَرْيَحِيَّة۔ وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔
التَّرَاوِيْح۔ ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔ الْمَرَاح۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔
الْمُرَاح۔ اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔
الْمَرُوْح والْمِرْيَح۔ ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔
يَوْمٌ مَرُوْح :اچھی ہوا والا دن۔
الْمِرْوَح والْمِرْوَحَة۔ پنکھا۔ ج مَرَاوِح۔
الْمُرُوَّحَة۔ بیابان۔ ج مَرَاوِح۔
الْمُرَوَّح۔ مذ۔ دُهْنٌ مُرَوَّحٌ :خوشبودار تیل۔
الْمُسْتَرَاح۔ پاخانہ۔
تَرَوَّحَ۔ فِي الطِّيْنِ :کیچڑ میں پڑنا۔
رَادَ يَرُوْدُ رَوْدًا وَرِيَادًا۔ الشَّيْءَ : طلب کرنا ـــــ الْاَرْضَ : قیام کے لیے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا ـــــ قَوْمَهٗ مَرْعًى او مَنْزِلًا : قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
رَادَ يَرُوْدُ رَوَدَانًا وَرِيَادًا۔ کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رَادَتِ الْاِبِلُ :اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



رَادَتْ رَوْدًا و رَوَدَانًا- المَرْأَةُ : پڑوسیوں کے ہاں اکثر آتا جانا ـــــ الرِّيحُ :ہوا کا نرم چلنا ـــــ المَاشِيَةَ :مویشیوں کا چرنا-

رَاوَدَهُ مُرَاوَدَةً ورِوَادًا- چاہنا-رَاوَدَهُ عَنْ و عَلٰى نفسِهِ : فریب دینا- برائی کی ترغیب دینا- پھسلانا ـــــ عَلٰى كَذَا :ارادہ کرنا-

رَوَّدَهُ- طلب و جستجو پر اُکسانا-

اَرَادَ اِرَادَةً- چاہنا- خواہش کرنا- راغب ہونا ـــــ ہ :عَلَى الأَمْرِ :برانگیختہ کرنا-

اَرْوَدَ اِرْوَادًا و مَرْوَادًا و مُرْوَدًا و رُوَيْدًا و رُوَيْدَاءَ و رُوَيْدِيَةً- فِي السَّيْرِ : آہستگی سے چلنا- نرم چلنا-

اِرْتَادَ اِرْتِيَادًا- الشَّيْءَ :طلب کرنا-

اِسْتَرَادَ- فرمانبردار ہونا- لِأَمْرِ اللّٰهِ : حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا-

الدَّابَّةُ :جانور کا چرنا ـــــ الرَّجُلُ :چل پھر کر روزی طلب کرنا-

الرَّائِد- فَارَادَةٌ وَرُدَّادٌ و رَائِدُوْن- جاسوس- وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو- چکی کا دستہ و رَائِدُ العَيْن : آنکھ کا تنکا- کہا جاتا ہے "هُوَ رَائِدُ الوِسَادِ" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے-

الرَّاد- بمعنی الرائد-

الرِّيْد- طلب- تلاش-

الرَّادَة و الرَّائِدَة و الرَّوَادَة- پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت-

الرَّوْد- مص- رِيْحٌ (رَوْدٌ و رَائِدَةٌ) نرم چلنے والی ہوا- کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَى الرَّوْد" یعنی آہستہ چلو-

رُوَيْد- اَرْوَدَ کا مصدر مصغر ہے- کہا جاتا ہے "رُوَيْدًا" یعنی آہستہ- و "رُوَيْدَكَ زَيْدًا" و "رُوَيْدَ زَيْدٍ" یعنی زید کو مہلت دی- و "سَارُوا سَيْرًا رُوَيْدًا" و "سَارُوا رُوَيْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے-

الأَرْوَد- کام میں آہستگی کرنے والا- اور کہتے ہیں "الدَّهْرُ أَرْوَدُ ذُو غِيَر" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی- و "الدَّهْرُ أَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے-

المِرْوَد- سرمہ کی سلائی- لگام کے حلقہ کا لوہا- چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے- کھونٹی ج مَرَاوِد-

المَرَاد و المُسْتَرَاد : چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ- مُسْتَرَادُ الرَّجُلِ : آمد و رفت کی جگہ-

المَرَاوِيْد- جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی-

الرَّوَنْدُ و الرِّوَنْدُ و الزَّاوَنْدُ- ریوند چینی- ایک دوا کا نام-

رَاذَ (ن) رَوْذَةً- آنا جانا-

رَازَ (ن) رَوْزًا- الحَجَرَ : پتھر اُٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ـــــ الرَّجُلَ : آزمانا ـــــ الدِّيْنَارَ و الدِّرْهَمَ :کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا-

الأَرَاضِيّ :زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ـــــ مَا عِنْدَهُ : طلب کرنا- چاہنا-

صفت (رَائِز) ج رَازَة-

رَوَّزَ- الكَلَامَ او الرَّايَ : آہستہ آہستہ غور کرنا-

رَاَّزَهُ- آزمائش کرنا-

الرَّازِي- منسوب بہ شہر رے-

الرَّوْزِيَّ- بڑی چادر-

الرَّاز- معماروں کا سردار- ج رَازَة اور اس کی اصل رَائِز ہے- مثل شَائِكٍ و شَائِك کے-

الرِّيَازَة- معماری-

المَرَازُ و المَرَازَة- وزن- مقدار-

المَرَازَان- دونوں پستان-

الرُّوْزَنَامَة- روزنامچہ- کیلنڈر- جنتری (کلمہ فارسی ہے روزاور نامہ سے مرکب ہے)

رَاسَ يَرُوْسُ رَوْسًا- متکبرانہ چلنا- بہت کھانا ـــــ السَّيْلُ الغُثَاءَ : سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا-

اِسْتَرَاسَ- کھانا طلب کرنا-

الرَّوْس- مص- مرد- کہا جاتا ہے "اِنَّهُ رَوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے- عیب- بہت کھانا-

رَوَائِسُ- الأَوْدِيَة : وادیوں کے بلند حصے-

رَوَائِسُ السَّحَاب :اگلے بادل-

رَاشَ يَرُوْشُ رَوْشًا- بہت کھانا-

ـــــ ہ المَرَض : کمزور کرنا-

الرَّاش- مِنَ الجِمَال او الرِّمَاح : کمزور اونٹ یا نیزہ- یہ رَائِش کا مخفف ہے- مؤنث رَاشَةٌ-

الرَّوْش- سکی عقل-

الأَرْوَش- سکی عقل والا- مؤنث رَوْشَاء-

رَاصَ (ن) رَوْصًا- بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا-

رَاضَ يَرُوْضُ رَوْضًا و رِيَاضَةً و رِيَاضًا- المُهْرَ : بچھیرے کو سدھانا- صفت (رَائِض) ج رَاضَة و رُوَّاض و رُوَّض و رَائِضُوْن اور صفت مفعول (مَرُوْضٌ) مؤنث مَرُوْضَةٌ-

رَوَّضَ- المُهْرَ : بچھیرے کو خوب سدھانا ـــــ الرَّجُلُ :باغوں میں رہنا ـــــ المَطَرُ الأَرْضَ :باغ کی مانند بنا دینا-

رَاوَضَهُ- عَلَى الأَمْرِ : کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا-

اَرَاضَ اِرَاضَةً- سیراب ہونا-

القَوْمُ :سیراب کرنا ـــــ المَكَانُ : بکثرت باغات ہونا ـــــ اللّٰهُ الأَرْضَ : مرغزار بنانا- باغات بنانا ـــــ الحَوْضُ : حوض کی تہ کا پانی سے ڈھلکنا-

اَرْوَضَ- المَكَانُ : بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا ـــــ الأَرْضُ مِنَ المَطَرِ : زمین کا بارش سے تر ہونا-

تَرَاوَضَ- القَوْمُ فِي الأَمْرِ : کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا ـــــ فِي البَيْعِ و الشِّرَاءِ : آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا-

اِرْتَاضَ- المُهْرُ :بچھیرے کا سدھ جانا- کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القَوَافِي لِلصَّعْبَةُ لِلشَّاعِر" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی-

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَةً :المَكَانُ : جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھلکنا- کشادہ ہونا- النَّفْسُ :خوش ہونا ـــــ المَكَانُ :بکثرت باغات والی ہونا-

الرَّوْض- مص- باغ- وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو-

الرَّوْضَة- باغ- ج رَوْض و رِيَاض و رَوْضَات و رِيْضَان- رَوْضَاتُ الجَنَّات :

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ اَلرَّوْضَةُ : حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فِي الْحَوْضِ رَوْضَةٌ مِنَ الْمَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپالیا ہے۔

اَلرِّيْضَة۔ اَلرَّوْضَة میں ایک لغت۔

اَلرِّيَاضَة۔ مص۔ جسمانی ورزش۔ بُری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

اَلْعِلْمُ الرِّيَاضِي و عِلْمُ الرِّيَاضِيَّات۔ علمِ حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

اَلرَّيِّض۔ وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ "اَمْرٌ رَيِّضٌ" : غیر محکم کام۔

اَلرِّيَضَة۔ باغ۔

اَلْمَرَاض۔ نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَايِض و مَرَاضَات۔

اَرْضٌ (مُسْتَرْوِضَةٌ) عمدہ نباتات اُگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ : نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ يَرُوْطُ و يَرِيْطُ رَوْطًا وَرَيْطًا۔ بِالْمَكَانِ : پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ يَرُوْعُ رَوْعًا وَرُؤُوْعًا۔ مِنْهُ : گھبرانا۔ صفت (رَائِع وَرَوِيْعٌ) ـــــ فِي يَدَيْ كَذَا : فائدہ دینا۔ رَاعَهُ الْأَمْرُ : گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ يَرُوْعُ وَيَرِيْعُ رُوْعًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِيْعَ۔ فُلَانٌ : گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَهُ وَرَوَّعَهُ۔ گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا۔ اَرْوَع ہونا۔ (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا۔ اَلرَّاعِي الْغَنَمَ : چرواہے کا بکریوں کو ڈاٹنا۔

اِرْتَاع و تَرَوَّعَ۔ مِنْهُ وَلَهُ : ڈرنا۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ : خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

اَلرَّوْع۔ مص۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

اَلرَّوْعَة۔ ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

اَلرُّوْع۔ دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "اِفْرِغْ رُوْعَكَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

اَلرَّوْع۔ اَرْوَع کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَلْأَرْوَع۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوَّع و اَرْوَاع۔ مؤنث رَوْعَاء۔ قَلْبٌ اَرْوَع : جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ (رُوَاغُ) الْقَلْبِ : ہوشیار۔ ذکی۔

اَلرَّائِع۔ فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُوْن و رُوَّع مؤنث۔ رَائِعَةٌ۔ ج رَوَائِع و رُوَّعٌ۔ كَلَامٌ رَائِعٌ : خوشگوار کلام۔

رَائِعَةُ الشَّيْبِ : بڑھاپے کی ابتداء میں رَائِعَةُ النَّهَارِ او الضُّحَى : دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

اَلْمُرَوَّع۔ خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا۔ اَلصَّيْدُ : شکار کا اِدھر اُدھر جانا ـــــ اَلرَّجُلُ عَنِ الطَّرِيْقِ : مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا۔

اِلَى كَذَا : چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔

ـــــ عَلَيْهِ بِالضَّرْبِ : مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ۔ اَللُّقْمَةَ فِي الدَّسَمِ : لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں اُلٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَهُ مُرَاوَغَة۔ کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔ رَاوَغَه عَلَى الْأَمْرِ : پھسلانا، ورغلانا۔

رَاوَغَ الْقَوْمُ : مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَهُ اِرَاغَةً وَاِرْتَاغَهُ اِرْتِيَاغًا۔ مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أُرِيْغُ حَاجَةً لِي" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ الْعُقَابُ الصَّيْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرنے میں اِدھر اُدھر جاتا رہا۔ اَرَاغَه عَلَى أَمْرٍ وَعَنْ أَمْرٍ : پھسلا بہلا کر طلب کرنا ـــــ اَرَاغَ الرَّجُلَ : دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ۔ اَلْحِمَارُ : گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا۔ ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

اَلرَّائِغ۔ فا۔ طَرِيْقٌ رَائِغٌ : کج راستہ۔

اَلرَّوَاغ و اَلرَّوِيْغَةُ۔ مکر و حیلہ۔

اَلرَّوَّاغ۔ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و "هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

اَلرِّيَاغ۔ سرسبزی۔

اَلرِّيَاغَةُ و اَلرِّوَاغَة۔ کشتی کا اکھاڑہ۔

رَافَ يَرَافُ۔ رَأَفَ يَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔

اَلرَّوْف۔ سکون، اطمینان۔

اَلرَّوْفَة۔ رحمت۔

رَاقَ يَرُوْقُ رَوْقًا۔ اَلشَّرَابُ : صاف ہونا ـــــ عَلَيْهِ : فضیلت و خوبی میں بڑھ جانا۔

رَاقَهُ رَوْقًا و رَوَقَانًا۔ اَلشَّيْءُ : تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔

رَوِقَ يَرْوَقُ رَوَقًا۔ اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَرْوَق) مؤنث رَوْقَاء ج رُوْق۔

رَوَّقَ۔ اَلشَّرَابُ : صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَه : سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا۔ رَوَّقَ و اَرْوَقَ اِرْوَاقًا) اَللَّيْلُ : تاریکی پھیلانا۔

رُوِّقَ۔ اَلْبَيْتَ : سائبان بنایا جانا۔

رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً۔ کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِي" اِس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔

اَرَاقَ اِرَاقَةً۔ اَلْمَاءَ : بہانا ـــــ دَمَه : خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔

اَلرَّائِق۔ فا۔ ج۔ رَوَق و رُوَّقَة۔

اَلرَّوْق۔ مص۔ سینگ ـــــ مِنَ الْبَيْتِ : سائبان، برآمدہ ـــــ مِنَ الشَّبَابِ : جوانی کی رونق و ابتداء ـــــ مِنَ الْخَيْلِ : خوبصورت گھوڑا ـــــ مِنَ اللَّيْلِ : رات کا ایک حصہ۔ مِنَ الْمَاءِ و نَحْوَه : صاف۔ رَوْقُ الْفَرَسِ : نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "اَرْوَق" کہتے ہیں۔ اَلرَّوْق : خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقَيْنِ" یعنی بڑی مصیبت و "رَمَى بِأَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ" یعنی وہ سوار ہوا و "أَلْقَى بِأَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ" یعنی وہ دابہ سے اُتر پڑا۔ و "أَلْقَى أَرْوَاقَه" یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهٗ بِمَنْزِلِ كَذَا" وہ فلاں منزل پر اُترا اور اُس نے خیمہ لگایا۔ و "اَلْقٰى عَلَيْكَ اَرْوَاقَهٗ وَشَرَاشِرَهٗ" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ و "اَلْقَتِ السَّحَابَةُ اَرْوَاقَهَا" بادل نے اپنا دھانہ کھول دیا۔

الرُّوَاق والرِّوَاق۔ برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج اَرْوِقَة و رِوَاقَات وزُوق۔ رِوَاقُ الْعَيْنِ: ابرو۔ رِوَاقُ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الرَّاوُوق۔ چھننا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔

رَيِّقُ۔ الشَّبَاب: جوانی کی رونق و ابتداء اور کہا جاتا ہے "كُنْتُ فِيْ رَيِّقِ زَمَانِيْ" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ و رَيِّقُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا افضل حصہ۔

الرَّوَق۔ اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)

الرَّوْقَة۔ بہترین حسن و جمال۔

الرُّوْقَة۔ رَائق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَة" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر' مؤنث' واحد اور جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِيَةٌ رُوْقَةٌ و جَوَارٍ رُوْقَةٌ"

الْاَرْوَق۔ سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔

الْمُرَوَّق۔ صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَيْتٌ مُرَوَّق۔ سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔

الرَّوْكَة و الرَّوْكَاء۔ نرالو کی آواز۔

رَوَّلَ۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الْخُبْزَ: گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔

الرَّوَال۔ گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِيل۔

الْمِرْوَل۔ بہت رال والا۔

رَامَ (ن) رَوْمًا و مَرَامًا۔ الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّم و رُوَّام۔

رَوَّمَ۔ ٹھہرنا ـــــ فُلَانًا وَبِهٖ: خواہش دلانا ـــــ رَايَةً: ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔

تَرَوَّمَ بِهٖ: ٹھٹھکا کرنا۔

الرَّام۔ ایک درخت کا نام۔

الرَّامَة۔ جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔

الرَّوْم و الرُّوْم۔ کان کی لو۔

الرُّوْم و الْاَرْوَام۔ بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِی) نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بَحْرُ الرُّوْم: بحر متوسط جس کو بحرِ ابیض بھی کہتے ہیں۔

رُوْمَة و رُوْمِيَة۔ قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانِيّ۔

الرُّوْمِي۔ خالی کشتی کا بادبان۔

الرُّوْمَة۔ سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔

الْمَرَام۔ مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات۔

رَانَ يَرُوْنُ رَوْنًا۔ الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّيْلَةُ: سخت خوفناک ہونا۔

الرُّوْن۔ سختی۔ ج رُوُوْن۔

رُوْنَةُ۔ الشَّيْءِ: چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُوْنَةَ هٰذَا الْاَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔

الْاَرْوَنَان۔ سخت۔ دشوار (الْاَرْوَنَان و الْاَرْوَنَانِيّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی' گرمی' خوشی' غمی' شور وغیرہ کی) مؤنث اَرْوَنَانَة و اَرْوَنَانِيَّة۔

مَرْوُنٌ بِهٖ۔ مغلوب۔

رَاهَ (ن) رَوْهًا و رُوَاهًا۔ الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہرانا۔

رَوَى (ض) رِوَايَةً۔ الْحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ۔ ج رُوَاةٍ و رَاوُوْنَ ـــــ الْحَبْلَ: رسی بٹنا ـــــ الرَّحْلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا ـــــ الْقَوْمَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِيَ (س) رِيًّا و رَيًّا و رِوِيَ۔ مِنَ الْمَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّان) مؤنث رَيَّا۔ ج رِوَاء ـــــ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّى تَرْوِيَةً۔ سفر میں پانی ساتھ لے جانا ـــــ ہ الشِّعْرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا ـــــ النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا۔ رَوَّى فِي الْاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوَّى تَرَوِّيًا۔ سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا ـــــ الْحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا ـــــ الْقَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُهٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوَى۔ اِرْتِوَاءً مِنَ الْمَاءِ۔ سیراب ہونا۔

الْحَبْلُ۔ رسی کا بٹ جانا۔ مفاصِلُهٗ۔ جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّيّ۔ سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرَّوِيّ۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوَّ۔ سرمبزی (اس کی اصل رَوْيٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّيَّا۔ عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ رَيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّيَّة۔ رَوِي کا اسم نوع۔ پچھیڑا۔ رِيَّةُ الْبَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِيّ۔ مِنَ الشُّرْب: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِيًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رَوِيٌّ: اور اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "سَحَابٌ رَوِيَّة" الرَّوِيّ سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّة۔ الرَّوِيّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّان۔ سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا۔ ج رِوَاء۔ وَجْهٌ رَيَّانٌ: پرگوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانٌ مِنَ الْعِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاء۔ ج اَرْوِيَة (الْمِرْوَى) ج مَرَاوٍ و مَرَاوِيْ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاء۔ خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاء۔ خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهٗ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّاوِیَۃ۔ حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔ ج رَوَایَا : جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الْاُرْوِیَّۃ والِارْوِیَّۃ۔ پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج اَرَاوِی وَاَرَاوِیُّ۔

یَوْمُ (التَّرْوِیَۃ) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَہٗ یَرِیْبُہٗ رَیْبًا۔ شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیْبُہٗ اَحَدٌ بِشَیْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

اَرَابَہٗ اِرَابَۃً۔ شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا ـــــ الرَّجُلُ اَوِ الْاَمْرُ : قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَابَہٗ مِنْہُ اَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَیَّبَ تَرَیُّبًا۔ مِنْہُ : خوف کرنا' ڈرنا ـــــ بِہٖ : کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ اِرْتِیَابًا۔ مِنَ الشَّیْءِ : شک کرنا بِفُلَانٍ : تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَۃً۔ شک میں پڑنا ـــــ بِہٖ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّیْب۔ تہمت۔ شک۔ حاجت۔

رَیْبُ الْمَنُوْنِ گردش زمانہ۔

الرِّیْبَۃ۔ شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِیَب۔

اَمْرٌ (رَیَّاب) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ یَرِیْثُ رَیْثًا وتَرِیْثًا۔ تاخیر کرنا' دیر کرنا۔

رَیَّثَ۔ تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَیَّثَ عَمَّا کَانَ عَلَیْہِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی ـــــ الشَّیْءَ : نرم کرنا۔

اَرَاثَہٗ اِرَاثَۃً۔ دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَہٗ اِسْتِرَاثَۃً۔ دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّیْث۔ مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَ (رَیْثَمَا) صَلَّیْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَہٗ اِلَّا رَیْثَ اَعْقِدُ شِسْعِیْ" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ رَیْث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ یُرِیْدُ یَفْعَلَ بجائے یُرِیْدُ اَنْ یَفْعَلَ کے ہے۔

الرَّیِّث۔ سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مَرِیَّثٌ) الْعَیْنَیْنِ : کمزور نظر والا۔

رَاخَ یَرِیْخُ رَیْخًا و رَیَخَانًا وَرُیُوْخًا۔ ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَیَّخَہٗ۔ کمزور کرنا۔

المَرِیْخ۔ سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج اَمْرِخَۃ۔

الرِّیْد۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُیُوْد۔

رِیخَ (رَیْدَۃً وَرَادَۃً وَرَیْدَانَۃً) نرم ہوا۔

رِیْرَ۔ القَوْمُ : ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔

رَیَّرَ۔ القَوْم : موٹا پا غالب ہونا۔ رَیَّرَتِ البِلَادُ : ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رُیِّرَ القَوْمُ : ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔

الرَّیْر۔ رال جو بچہ کے منہ سے نکلے۔ (الرَّیْر والرِّیْر والرَّار) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔

الرَّائِرَۃ۔ زانو کی ہڈی کا مغز۔

رَاسَ یَرِیْسُ رَیْسًا و رَیَسَانًا۔ متکبرانہ چال چلنا ـــــ الشَّیْءَ : کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا ـــــ القَوْمَ : برتر ہونا' غالب ہونا۔

الرَّیِّس۔ سردار قوم۔

رَاشَ یَرِیْشُ رَیْشًا۔ مال و متاع جمع کرنا ـــــ ہ : کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ـــــ ہ مَالًا : دینا ـــــ مِنْ حَالِہٖ : درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیْشُ وَلَا یَبْرِی" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ و "لَا تَرِشْ عَلَیَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ ( ـــــ و اَرَاشَ وَرَیَّشَ) السَّہْمَ : پر لگانا۔ رَیَّشَ السَّہْمُ فُلَانًا : کمزور کرنا۔

اِرْتَاشَ۔ السَّہْمُ : تیر میں پر لگانا ( ـــــ وتَرَیَّشَ) خوش حال ہونا۔

الرِّیْش۔ پرندے کے پر۔ واحد (رِیْشَۃ) ج رِیَاش وَاَرْیَاش۔ الرِّیش : لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔

الرَّاش۔ پرندے کے پر۔ ج اَرْیَاش۔ جَمَلٌ راش : کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ : مالدار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ : کمزور نیزہ۔ طَیْرٌ رَاش : پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَتْہٗ کَلَا (رَیْشٌ ورَیِّشٌ) بہت پتیوں والی گھاس۔

الرَّیَش۔ کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔

الرَّیَاش۔ مِنَ النُّوْقِ : کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔

الرِّیَاش۔ عمدہ لباس و سامان۔ سرسبزی۔ معاش۔ مال۔

الرَّیَّاش۔ تیروں پر پر لگانے والا۔

الرَّاِیش۔ فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔

الاَرْیَش۔ کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیْشَاء ج رِیش و رَجُلٌ اَرْیَش : مال و لباس والا مرد۔

المَرِیش والمُرَیَّش۔ مِنَ السِّہَام : پر لگایا ہوا تیر۔ والْبُرْدُ المُرَیَّش : پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَیَّش۔ بہت بالوں والا' کم گوشت والا۔ کمزور پٹھے والا۔

المُرَیَّش مِنَ الرِّجَالِ : سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔

الرَّیْطَۃ۔ ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیْط و رِیَاط۔

الرَّائِطَۃ۔ ایک پاٹ کی چادر۔

رَاعَ یَرِیْعُ رَیْعًا و رُیُوْعًا و رِیَاعًا و رَیَعَانًا۔ الشَّیْءُ : نشو و نما پانا۔ زائد ہونا ـــــ الزَّرْعُ : کھیتی کا بڑھنا ( ـــــ رَیْعًا) السَّرَابُ : سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ـــــ مِنْہُ : ڈرنا ـــــ عَنْہُ و اِلَیْہِ : واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "ھَرَبَتِ الاِبِلُ فَصَاحَ بِھَا الرَّاعِیْ فَرَاعَتْ اِلَیْہِ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ و "فُلَانٌ لَا یَرِیْعُ لِکَلَامِکَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔

رَیَّعَ۔ القَوْمُ : جمع ہونا ـــــ الطَّعَامُ : بڑھنا اور زیادہ ہونا ـــــ الطَّعَامُ : بڑھانا اور زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کرنا۔
اَرَاعَ اِرَاعَةً۔ الزَّرْعُ : کھیتی کا بڑھنا ـــــ اَللّٰهُ الزَّرْعَ : کھیتی کو بڑھانا ـــــ القَوْمُ : بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا ـــــ الاِبِلُ :اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ۔ ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا ـــــ المَاءُ : بہنا' السَّرَابُ : سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ـــــ القَوْمُ :اکٹھا ہونا۔
ـــــ یَدَاهُ بِالجُوْدِ :فیاضی کرنا۔
اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَةً۔ حیران ہونا ـــــ یَدَاهُ بِالْجُوْدِ :فیاضی کرنا۔
الرَّیْع۔ مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف ـــــ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا اول و افضل۔ مِنَ الضُّحٰی : چاشت کے وقت کی روشنی و چمک ـــــ مِنَ الدِّرْعِ : دامن و آستین کی زیادتی۔ الرَّیْع : ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے (لَیْسَ لَهٗ رِیْعٌ)اس کے لیے پیداوار نہیں۔
الرِّیْع۔ بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاع وَرُیُوْع وَاَرْیَاع۔
الرِّیْعَة۔ بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّیْعَان۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا اول و افضل
اَرْضٌ (مَرِیْعَةٌ) سرسبزی والی زمین۔
مَطَرٌ (مُرِیْعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔ نَاقَةٌ (رَیْعَانَةٌ و مِرْیَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔
رَاغَ یَرِیْغُ رَیْغًا۔ بھاگنا۔
رَیَّغَ تَرْیِیْغًا۔ الثَّرِیْدَةَ : گھی میں تر ہونا۔
تَرَیَّغَتِ۔ الثَّرِیْدَةُ : گھی میں تر کرنا۔
الرِّیْغ۔ گرد و غبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغ۔ خاک آلود۔
رَافَ یَرِیْفُ رَیْفًا وَاَرْیَفَ اِرْیَافًا وَتَرَیَّفَ۔ سبزہ زار زمین آنا۔ رَافَتِ المَاشِیَةُ :سبزہ چرنا۔
رَایَفَ مُرَایَفَةً۔ لِلظَّنَّةِ: تہمت کے قریب ہونا۔
اَرَافَ اِرَافَةً وَاَرْیَفَ اِرْیَافًا۔ المَکَانُ : سبزہ زار ہونا۔
الرَّاف۔ شراب۔

الرِّیْف۔ سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین۔ ج اَرْیَاف وَرُیُوْف۔ الرِّیْف : کھانے پینے میں وسعت۔ مکان(رَیْف) سرسبز جگہ۔ مؤنث رِیْفَة
رَاقَ یَرِیْقُ رَیْقًا۔ اَلْمَاءُ عَلٰی وَجْهِ الاَرْضِ : سطح زمین پر پانی کا بہنا ـــــ الشَّیْءُ :چمکنا۔
ـــــ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
( ـــــ رَیْقًا وَرُیُوْقًا)بِنَفْسِهٖ :جان دینا۔
رَیَّقَهٗ۔ الشَّرَابَ :نہار منہ پلانا۔
اَرَاقَ اِرَاقَةً۔ المَاءَ :گرانا۔
تَرَیَّقَ۔ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
الرِّیْق۔ مص۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رِیْقٌ : بغیر سالن کے خشک روٹی ( ـــــ والرِّیْق و الرِّیْقُوْق) مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا اول و افضل۔
الرِّیْق۔ ج اَرْیَاق و رِیَاق و(الرِّیْقَة) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی عَلَی الرِّیْقِ" میں نہار منہ ہوں' و "شربتُ عَلَی الرِّیْقِ و عَلٰی رِیْقِ النَّفْسِ اَوْ رِیْقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِّیْق : قوت۔ بقیہ جان۔
الرَّائِق۔ فا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس۔ خُبْزٌ رَائِق :بغیر سالن کے خشک روٹی۔ المَاءُ الرَّائِق : وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔
الرَّیِّق۔ نہار منہ والا۔
رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا۔ الصَّبِیُّ : بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔
الرِّیَال۔ رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)
رَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا۔ حَمْلُ البَعِیْرِ :بوجھ کا جھک پڑنا ـــــ المَکَانَ و مِنْهُ :دور ہونا۔ علیحدہ ہونا
ـــــ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا ـــــ عَنْهُ : ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَارَامَ بِفِعْلِ کَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَایَرِیْمُ مُتَیَمِّماً" بمعنی لَا یَزَالُ مُتَیَمِّمًا۔ ( ـــــ رَیْمًا و رَیَمَانًا) الجُرْحُ : زخم کا اکٹھا باندھنا۔
رِیْمَ۔ بِهٖ :چھوڑ دیا جانا۔
رَیَّمَ تَرْیِیْمًا۔ بِالمَکَانِ :اقامت کرنا۔
ـــــ عَلٰی کَذَا : بڑھنا ـــــ السَّحَابَةُ : بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔
الرَّیْم۔ مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِیْ هٰذَا العِدْلِ رَیْم عَلَی الاٰخَر" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ ( ـــــ والرِّیْم) خالص سفید اونٹنی۔
رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا وَرُیُوْنًا۔ الشَّیْءُ فُلَانًا وَعَلَیْهِ وَبِهٖ : غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰی قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهٗ :جی متلانا۔ رَانَ المَوْتُ عَلَیْهِ وَبِهٖ :موت کا آجانا۔
رِیْنَ۔ بِهٖ :لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
اَرَانَ اِرَانَةً۔ القَوْمُ : ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت(مُرِیْنُوْن)
الرَّان۔ موزہ کی طرح جوتا۔
الرَّیْن۔ میل کچیل۔
الرَّیْنَة۔ شراب۔ ج رَیْنَات۔
رَجُلٌ (مَرِیْن) عَلَیْهِ : شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہو گئے ہوں۔
رَاهَ یَرِیْهُ رَیْهًا۔ الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔
رَیَّهَ تَرْیِیْهًا۔ آمد و رفت کرانا۔
تَرَیَّهَ۔ السَّرَابُ : سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔
اَرْبٰی اِرْبَاءً۔ الرَّایَةَ : جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔
رَبّٰی۔ الرَّایَةَ :جھنڈا بنانا۔
الرَّایَة۔ علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الحَرْبِ" ہے اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَایَات و رَایٌ۔
الرَّیّ۔ مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)
الرِّیّ۔ خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ (رَیَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ز

زَأَبَ(ف)زَأْبًا-ڈگڈگا کے پینا ـــــ الدَّهْرُ بِهٖ : زمانہ کا لٹنا ـــــ الْمَاشِيَةَ : مویشی ہانکنا- بِحَمْلِهٖ :بوجھ کھینچنا( ـــــ وازْدَأَبَ ازْدِئْبَاباً القِرْبَةُ) مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا-

زَأْبَرَ-الثَّوْبَ : کپڑے کا رواں والا ہونا- ـــــ الثَّوْبَ :کپڑے سے رواں نکالنا-

الزِّئْبر والزُّؤْبُر والزُّوْبَر- کپڑے کا رواں- کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الأَيَّامُ بِنَضَارَتِهٖ و نَفَضَتْ زِئْبِرَه" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا- یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا-

زَأْبَقَ-الشَّيْءَ :پارہ کی قلعی کرنا-

الزِّئْبَق والزِّبْئَق-پارہ-

زَأَجَ (ف) زَأْجاً- بِيْنَهُمْ : بھڑکانا- اُکسانا- ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا-

زَأَدَهُ(ف) زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤْدًا و زُؤُدًا- گھبرا دینا-

الزُّؤْد والزُّؤُد- گھبراہٹ-

لَيْلَةٌ(مَزْؤُوْدَةٌ) خوف و گھبراہٹ کی رات-

زَأَرَ(ف ض)وزَئِرَ(س)زَئِيْرا وزُأْرا وتَزْآرا وازْأَرَّ ازْآرارا وتَزَأَّر- الأَسَدُ : شیر کا چنگھاڑنا- صفت(زَئِر وزَائِر ومِزْئَر)

الفحْلُ : آواز کو گڑگڑانا-

الزَّأْرَة- زَأَرَ کا اسم مرۃ- جنگل، جھاڑی- باغ- مِنَ الإِبِلِ والغَنَمِ : اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ-

زَأْزَأَ- سر اور دم اُٹھا کر تیز چلنا ـــــ ه :خوف دلانا ـــــ الشَّيْءَ :ہلانا، حرکت دینا-

تَزَأْزَأَ- ڈر کر چھپنا- اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا ـــــ مِنْهُ : ڈر کر خاکساری کرنا ـــــ الشَّيْءُ :ہلنا-

زَأَطَ(ف)زَأْطًا-بہت شور مچانا-

زَأَفَهُ(ف)زَأْفًا-جلدی کرانا-

اَزْأَفَ اِزْآفًا- عَلَيْهِ : ادھ مری کو مار ڈالنا- اَزْأَفَه بَطْنُهٗ :پو جھل کرنا کہ چل نہ سکے-

الزُّؤَاف- جلدی کرانا-مَوْتٌ زُؤَافٌ :جلدی کی موت-

زَأَكَ(ف)زَأْكًا-ناز سے چلنا-

تَزَاءَ كَ تَزَاؤُكًا-مِنْه : شرم کرنا-

زَأَمَ(ف)زَأْمًا وزُؤَامًا-جلدی مرنا-خوب دُت کے کھانا ـــــ ه : گھبرا دینا-

ـــــ ه البَرْدُ : کپکپا دینا ـــــ لِيْ كَلِمَةً :ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَازَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا-

زُئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ (س) زَأَمًا و اِزْوَأَمَ- بہت گھبرانا-زَئِمَ بِفُلَانٍ : چلّانا- آواز دینا-

زَأَمَهٗ تَزْئِيْمًا-گھبراہٹ میں ڈالنا-

اَزْأَمَهٗ-عَلَى الأَمْرِ : کسی کام پر مجبور کرنا-

الجُرْحَ : زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا-

المَوْت(الزُّؤَام) مکروہ موت- جلدی کی موت-

الزِّئْم- آنکھ- حسب- کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِي زِئْمِهٖ" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی-

الزَّئِيم- بہت خوفزدہ-

الزَّأَمَة- حاجت- بہت کھانا پینا- ہوا- سخت آواز- کلمہ- کہا جاتا ہے "مَا يَعْصِيْهِ زَأَمَةٌ" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا- الزَّأَمَةُ مِنَ الطَّعَامِ کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو-

الزُّوَان- ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے- واحد(زُوَانَة)

زَأَى(ف)زَأْيًا- تکبر کرنا-

اَزْأَى- فُلَانًا بَطْنُه : پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا-

زَبَّ (ض) زَبًا- چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا-

زَبَّ (ن) زَبًّا- القِرْبَة : مشک بھرنا ـــــ الحِمْلَ :بوجھ اُٹھانا-

زَبَتَ- الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ العِنَبَ : انگور خشک کرنا-

الرَّجُلُ :زیادہ بولنے سے جھاگ آنا- کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰى زَبَّ فَمُه" فلاں نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے مُنہ سے جھاگ آنے لگا-

اَزَبَّ اِزْبَابًا- العِنَبَ :انگور خشک کرنا ـــــ الشَّمْسُ :ڈوبنے کے قریب ہونا-

تَزَبَّبَ- العِنَبُ :انگور خشک ہونا-

الرَّجُلُ : غصّہ سے بھر جانا ـــــ فِي الكَلَامِ : زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا-

اِزْدَبَّتْ-اِزْدِبَابًا القِرْبَةُ :مشک کا بھر جانا-

الزَّبَب- مص- بالوں کی زیادتی و لمبائی-

الزَّبَابَة- ایک قسم کا بڑا چوہا جو سبز ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبَابَةٍ"

الزَّبِيْب- خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبَّاب" کہتے ہیں- سانپ کے مُنہ کا زہر-

الزَّبِيْبَة- زبیب کا واحد- ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے- مُنہ کے جھاگ- الزبیبتان سانپ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔ اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِیْبَتَیْنِ" کہتے ہیں۔

الْاَزَبّ۔ چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء۔ عَامٌ اَزَبّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "کُلُّ اَزَبَّ نَفُوْزٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

دَاهِيَةٌ زَبَّاء: بڑی مصیبت۔

الزَّبِیْبِیّ۔ کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المُزِبّ و المُزَبِّب۔ فا۔ بہت مال والا۔

الزَّبَنْتَل۔ پستہ قد۔

زَبَدَ (ن) زَبْدًا۔ مکھن کھلانا ـــــ السِقَاءَ مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلوانا۔

زَبَدَ (ض) زَبْدًا۔ السَوِیْقَ: ستو میں مکھن ملانا ـــــ لَهٗ: مکھن دینا۔

زَبَدَ۔ اللَبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا۔ شِدْقُهٗ: جبڑے سے جھاگ نکلنا ـــــ القِطْنَ: روئی دھننا۔

اَزْبَدَ۔ اَلْبَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْعَی الرَجُلُ و اَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی۔ الشَیْئُ: بہت سفید ہونا ـــــ السِدْرُ و نَحْوَهٗ: شگوفہ نکلنا۔

تَزَبَّدَ۔ الشِدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔ الزُبْدَةَ: مکھن لینا ـــــ الشَیْئَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ لگنا ـــــ اَلیَمِیْن: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُبْدَة و الزُبْد۔ مکھن۔ ج زُبَد و زُبْدَةُ الشَیْئ: چیز کا عمدہ و افضل حصہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهٗ بِخَاثِرِهٖ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزَبَد۔ داد و دہش۔

الزَبَد۔ ج اَزْبَاد و (الزَبَدَة) ج زَبَد: جھاگ۔ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَبَد" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزَبَاد۔ ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَبَاد و سِنَّوْرُ الزَبَاد اور قِطُّ الزَبَاد کہا جاتا ہے۔

الزُبَّاد۔ ایک قسم کی نباتات۔ زُبَّادُ اللَبَنِ: غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُبَّاد" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِبْدِیَة۔ مٹی کا پیالہ۔ ج زَبَادِیُّ۔

المِزْبَد۔ مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزَابِد۔

المُزْبِد۔ فا۔ جھاگ پھینکنے والا۔ بَحْرٌ مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزْدَبِد۔ مکھن والا۔

زَبَرَهٗ (ن ض) زَبْرًا۔ عَنِ الاَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا ـــــ السَائِلَ: جھڑکنا ـــــ الرَجُلَ: پتھر مارنا ـــــ البِنَاءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا ـــــ عَلَیْهِ: صبر کرنا (ـــــ وزَبَّرَ وازْدَبَرَ) الکِتَابَ: لکھنا۔

زَبُرَ (ک) زَبَارَةً۔ بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِیْر)

اَزْبَرَ۔ الرَجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔ الکَبْشَ: موٹا کرنا۔

اِزْبَأَزَّ اِزْبِئْزَازًا۔ الکَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا ـــــ الشَعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا ـــــ النَبَاتُ و الوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اُگنا۔

الزَبْر۔ مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔

الزِبْر۔ کتاب۔ ج زُبُور عقل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ زِبْر" اس کو عقل نہیں۔

اَخَذَهٗ (بِزَبْرِهٖ او بِزَأْبُرِهٖ) یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔

الزَبِر۔ بہت قوی۔

الزُبْرَة۔ لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) نائی۔ ج زُبَر و زُبُر۔

الزَبُوْر۔ فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُر۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب۔

الزَبِیْر۔ لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کپڑے۔

الاَزْبَر۔ بڑے کندھوں والا۔ ایڈا رسان۔ مؤنث زَبْرَاء۔ ج زُبْر۔

التَزْبِیْرَة۔ زَبَّرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔

المِزْبَر۔ قلم۔

المُزْبِر۔ بڑے کندھے والا۔

اَرْضٌ (مَزْبَرَة) بہت بھڑوں والی زمین۔ اَسَدٌ (مَزْبَرانی) بہت ایال والا شیر۔

بئر۔ (مَزْبُوْرَة) پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں۔

زَبْرَجَ۔ الشَیْئَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِبْرِج۔ نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پیلا بادل۔ ج زَبَارِج۔

الزَبَرْجَد۔ زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زَبَارِج۔

زَبْرَقَ۔ الثَوْبَ: سرخ یا زرد رنگنا۔

الزِبْرِقَان۔ پوری رات کا چاند۔ سبک داڑھی والا مرد۔

زَبْزَبَ۔ غضبناک ہونا۔ شکست کھانا۔

الزَبْزَب۔ بلی کی مانند ایک جانور۔ ایک قسم کی کشتی۔ ج زَبَازِب۔

زَبَطَ (ض) زَبْطًا و زَبِیْطًا۔ البَطَّ: کڑکڑانا۔

الزَبَاطَة و الزَبَّاطَة۔ بط۔

تَزَبَّعَ۔ بد خلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزَبِیْع۔ غصہ ور جھگڑالو۔

الزَوْبَع۔ حقیر۔ پستہ قد۔

الزَوْبَعَة۔ بگولہ۔ اس کو اُمُّ زَوْبَعَةَ اور اَبُوْ زَوْبَعَة بھی کہا جاتا ہے۔ ج زَوَابِع۔ الزَوَابِع: مصیبتیں۔

الزُنْبَاعَة۔ چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔

الزَبَعْبَق و الزَبَعْبَاق۔ بد خلق۔

الزَبَعْبَكَ و الزَبَعْبَكِی۔ شوخ چشم و بیباک مرد۔

زِبَعْرٌ۔ الزِبَعْرٰی: بد خلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اُٹھا لیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الزِّبَغْرِی- لمبے پر والا تیر-
زَبَقَ (ض) زَبْقًا- شَعْرَهٗ : بال اُکھیڑنا ـــــ ہ فِی السِّجْنِ : قید کرنا- تنگی ڈالنا ـــــ ہ فِی الشَّیْءِ : داخل کرنا ـــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : مخلوط کرنا- ملانا ـــــ القُفْلَ : تالا کھولنا ـــــ المَرْأَةُ وَلَدَهَا : پھینک دینا-
اِنْزَبَقَ فِی البَیْتِ : گھر میں داخل ہونا-
ـــــ فِی الحِبَالَةِ : جال میں پھنسنا- چھپنا-
الزَّابُوْقَة- مِنَ البَیْتِ : مکان کا گوشہ-
الْأَزْبَق- بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے-
المَزْبُوْقَة والزَّبِیْقَة- مِنَ اللُّحٰی : نوچی ہوئی داڑھی-
زَبَلَ (ض) زَبْلًا و زَبَّلَ- الأَرْضَ : زمین میں کھاد ڈالنا ـــــ وازْدَبَلَ الشَّیْءَ : اُٹھانا-
الزَّابِل والزَّابَل- پستہ قد-
الزِّبَال والزُّبَال- وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اُٹھا کر لے جائے- کہا جاتا ہے "مَا اَصَابَ مِنْهُ زُبَالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا-
الزِّبْل والزِّبْلَة والزِّبِیْل- گوبر- کھاد-
الزَّبِیْل والزِّبِیْل- خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں-
الزُّبْلَة- لقمہ-
الزُّبَالَة- تھوڑا پانی- کہا جاتا ہے "مَا فِی البِئْرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے-
الزَّبِیْل- ج زُبُل و زُبَلَان و (الزِّبِیْل) ج زَبَابِیْل و (الزَّنْبِیْل) والزِّنْبِیْل ج زَنَابِیْل- ٹوکرا- برتن- توشہ دان-
المَزْبَلَة والمَزْبُلَة- کوڑا خانہ- ج مَزَابِل-
زَبَنَهٗ (ض) زَبْنًا- وقع کرنا- ٹکر لگانا- علیحدہ کرنا-
زَبَنَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دوھنے کے وقت زانو سے مارنا- کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّا مَعْرُوْفَهٗ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا- زَبَنَ الثَّمَر : درخت پر پھل بیچنا-
اَزْبَنَ- بَیْتَهٗ عَنِ الطَّرِیْقِ : راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا-
زَابَنَهٗ مُزَابَنَةً- ایک دوسرے کو ہٹانا- ایک دوسرے سے ٹکرانا- درخت پر پھل بیچنا-
تَزَابَنَ- القَوْمُ : ایک دوسرے کو ہٹانا-
اِنْزَبَنَ- القَوْمُ : علیحدہ ہونا- کنارہ پر ہونا-
تَزَبْنَهٗ- زبردستی غلبہ کرنا-
اِسْتَزْبَنَهٗ- غالب ہونا-
الزَّبَن- مص- بَیْتٌ زَبَن : گھروں سے علیحدہ گھر-
مَقَامٌ زَبَن : تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں-
الزَّبَن- گوشہ-
الزَّبِن و الزَّبُنّ- بہت دفع کرنے والا-
زُبَنَّتَا- النَّاقَة : اونٹنی کی دونوں ٹانگیں-
الزِّبْن- پیشاب پاخانہ کو روکنے والا-
الزِّبْنَة- سخت- جن و انسان میں سے سرکش- سپاہی ج زَبَانِیَة-
الزَّبَانِیَة- عِنْدَ العَرَب : سپاہی- ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے-
الزَّبُوْن- مِنَ النُّوْق : دوھنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی- حَرْبٌ زَبُوْنٌ : سخت لڑائی-
الزَّبُوْن : بیوقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)
الزَّبُّوْنَة والزُّبُّوْنَة- گردن اور کہا جاتا ہے "فِیْهِ زَبُّوْنَة" اس میں تکبر ہے-
زُبَانَى- العَقْرَب : بچھو کا ڈنک-
زُبَانَیَا- العَقْرَب : بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں-
المُزَابَنَة- مص- اندازہ سے بیع کرنا-
الزَّبَنْتَر- پست قد مرد- بدصورت و پست قد بلاو عیبت-
الزَّبَنْتَرَى- بلاوقتہ-
زَبَى (ض) زَبْیًا و ازْدَبَى ـــــ ہ : اُٹھانا' ہانکنا-
زَبَاہ بِشَرٍّ : تہمت لگانا-
اَزْبَاہ ازْبَاءً- اُٹھانا-
زَبْیٌ- فُلَانًا : ہانکنا ـــــ اللَّحْمَ : شکار کے گڑھے میں گوشت کھیرنا-
زَبْیٌ و تَزْبِیَة- الزُّبْیَة : شکار کا گڑھا کھودنا- تَزَبَّى فِی الزُّبْیَةِ : شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا-
تَزَابَى تَزَابِیًا- تکبر کرنا-
الزُّبْیَة- درندوں کے شکار کا گڑھا- پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے- ج زُبًى- کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبَى" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا-
الأُزْبِیّ- جلدی- نشاط- ایک قسم کی چال- برائی- بڑا معاملہ- ج اَزَابِیّ-
زَتَّ (ن) زَتًّا- آراستہ کرنا-
تَزَتَّتَ- العُرُوْس : دلہن کا آراستہ ہونا-
زَتَخَ (ن) زُتُوْخًا- القِرَادُ : چیچڑی لگنا-
زَجَّ (ن) زَجًّا- دوڑنا ـــــ ہ : کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا- زَجَّهٗ بِالرُّمْحِ : کسی کو نیزہ مارنا ـــــ بِالشَّیْءِ : کوئی چیز پھینکنا-
السَلَی- جیلی (وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اور اگر وہ پیٹ میں ٹوٹ جاتی ہے تو بچہ اور ماں دونوں مر جاتے ہیں) ج اَسْلاَء- اِنْقَطَعَ السَلَی فِی البَطْنِ" اس وقت بولتے ہیں جبکہ سارے حیلے ختم ہو جائیں اور مصیبت بڑھ جائے- و "ھُوَ آکِلُ السَلاَءِ" وہ خسیس و کمینہ ہے-

سَمَّہٗ (ن) سَمًّا- زہر دینا ___ الطَعَامَ: کھانے میں زہر ڈالنا ___ القَارُوْرَۃَ: بند کرنا ___ الشَیْءَ: درست کرنا ___ بَیْنَھُمَا: صلح کرانا-

___ الأَمْرَ: آزمانا اور تہ تک پہنچنا- سَمَّ النِعْمَتَہ اِلَیْہِ: مخصوص کرنا- سَمَّ الشَیْءُ: سب کو عام ہونا-

سَمَّتْ (ن) سُمُوْمًا- الرِیْحُ: جھلنا-

سُمَّ- الیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا یا گرم ہوا والا ہونا ___ النَبَاتُ: باد سموم سے جھلسنا- صفت (مَسْمُوْم)

سَمَّ- ک الطَعَامَ: کھانے میں زہر ڈالنا-

اَسَمَّ اِسْمَامًا- الیَوْمُ: باد سموم چلنا-

السُمُّ والسَمُّ والسِمُّ- سوئی کا ناکا- زہر- ج سَمَام و سُمُوْم- سَمُّ الحِمَار: کنیز- سَمُّ الفَارِ: سنکھیا- سَمُّ السَمَک ماہی زہرہ- (ایک دوا کا نام) سَمُّ سَاعَۃٍ: فوراً ہلاک کرنے والا زہر- کہا جاتا ہے "اَصَابَ سَمَّ حَاجَتِہٖ" اس نے اپنا مقصد حاصل کر لیا- السَم: ہر وہ چیز جو سمندر سے نکلے مثل سنکھ گھونگا وغیرہ کے-

السُمَّۃ- قرابت- کھجور کی چٹائی جس کو درخت خرما کے نیچے بچھا دیں تاکہ کھجوریں اسی پر گریں- زینت کے لیے پردی ہوئی کوڑیاں- ج سُمَم و سِمَام-

سُمِّیَتُ- الشَیْءَ: کسی چیز کا زہریلا اثر-

السَمَام- ہلکا پھلکا تیر- ایک چھوٹا سا پرندہ- واحد (سَمَامَۃ)

السِمَام والسُمُوْم- مِنَ الإِنْسَان: مُنہ- نتھنے- کان- السَمَام: بھیڑیا-

السَمُوْم- گرم ہوا- مؤنث- ج سَمَائِم-

السَمَامَۃ- کالبد انسانی= تم کہتے ہو "فُلاَنٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بَهِيُّ السَّمَامَةِ" فلاں خوبصورت بدن والا ہے۔ کھنڈرات۔ جھنڈا۔ گھوڑے کی گردن کا خوبصورت دائرہ۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ جس کے انڈوں کا حاصل ہونا غیر ممکن ہے۔ اسی وجہ سے عرب کا قول ہے "كَلَّفْتَنِيْ بَيْضَ السَّمَائِمِ" تم نے مجھ کو تکلیف مالا یطاق دی۔ اور ایک قول بَيْضَ السَّمَاسِمِ کا ہے۔ سَمَاسِم سِمْسِمَةٌ کی جمع ہے جس کے معنی سرخ چیونٹی کے ہیں۔

السَّامُّ۔ زہریلا۔

السَّامَّة۔ سام کا مؤنث۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ ذٰلِكَ السَّامَّةُ وَالعَامَّةُ" اس کو خاص اور عام سب جانتے ہیں۔

سَامٌّ اَبْرَص وسَمٌّ اَبْرَص۔ چھپکلی۔ سُمّی۔ سَامًّا اَبْرَص۔ ج اَبَارِص وسَوَامُّ اَبْرَص۔

يَوْمٌ سَامٌّ ومُسِمٌّ ومَسْمُوْمٌ ـــــ گرم ہوا والا دن۔

الاَسَمُّ۔ الاَنْفِ: تنگ نتھنے والا۔

المَسَام۔ مِنَ الجِلْدِ: جسم کے باریک سوراخ اور بعض لوگ۔ اس کو سُمٌّ بمعنی سوراخ کی جمع قرار دیتے ہیں جیسے مَحَاسِن حُسْن کی جمع۔

اَهْلُ (المَسَمَّة) خاص لوگ۔ رشتہ دار۔

سَمْأَلَ۔ الخلُّ: کھٹی والا ہونا۔

اِسْمَأَلَّ۔ اِسْمِئْلَالاً۔ دبلا ہونا۔

الظِّلّ: کو تاہ ہونا۔

السَّمْأَل۔ سایہ۔

السَّمَوْأَل۔ سایہ۔ سرکہ کے اوپر کی مکھی۔ ایک شخص کا نام جو وفاء عہد کے لیے ضرب المثل ہے۔

المُسْمَئِل۔ فا۔ پرانا کپڑا۔

سَمَتَ (ن ض) سَمْتًا۔ راستہ اختیار کرنا۔ راہ راست پر چلنا۔ گمان سے راستہ پر چلنا۔ سَمَتَ الشَّيْءَ و سَمَتَ نَحْوَهٗ: قصد کرنا اور اسی سے ہے "وَهُنَّ اِلَى البَيْتِ العَتِيق سَوَامِتُ" وہ سب خانہ کعبہ کی جانب قصد کرنے والی ہیں۔ سَمَتَ لَهُمْ: رائے و تدبیر و طریقہ گفتگو کی رہنمائی کرنا۔

سَمَّتَ۔ راستہ اختیار کرنا ـــــ لِلعَاطِس: یرحمک اللّٰہ کہہ کے دعا کرنا ـــــ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا۔

سَامَتَهٗ۔ مقابل ہونا۔

تَسَمَّتَهٗ۔ قصد کرنا۔

السَّمْت۔ مہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هٰذَا السَّمْتِ" اس راستہ کو اختیار کرو۔ ج سُمُوْت

سَمْتُ الرَّاسِ فِيْ عِلْمِ الْهَيْئَةِ: علم ہیئت کی اصطلاح میں کسی کھڑے ہوئے شخص کے سر کی سیدھ میں آسمان کا وہ نقطہ جس پر کرۂ ارض کے مرکز سے نکلا ہوا خط پہنچے۔ سَمْت الراس کہلاتا ہے اور اس کے مقابل کو سَمْت القَدَم یا سَمْت الرِّجْل کہتے ہیں۔ اور سمت کا لفظ اہل خیر و صلاح کی ہیئت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ سَمْتَ فُلَانٍ" اس کی ہیئت و حالت کس قدر اچھی ہے۔

سَمُحَ (کـ) سَمَاحَةً و سُمُوْحَةً۔ قبیح ہونا۔ صفت (سَمْح و سَمِيْح و سَمِيْحٌ) ج سِمَاح و سُمُحُوْن و سُمَحَاء و سَمَاحِي۔

سَمَّحَهٗ۔ قبیح بنانا۔

اِسْتَسْمَحَهٗ۔ قبیح سمجھنا۔

سَمْجَرَ سَمْجَرَةَ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی زیادہ ملانا۔

سَمُحَ (ک) سَمَاحًا و سُمُوْحًا و سَمَاحَةً و سُمُوْحَةً و سَمْحًا و سِمَاحًا۔ فیاض و سخی ہونا۔ صفت (سَمْح و سَمِيْح و مِسْمَح و مِسْمَاحٌ) ج سِمَاح و سُمَحَاء و مَسَامِيْح۔ تم کہتے ہو "رِجَالٌ و نِسَاءٌ سِمَاح و سُمَحَاء و مَسَامِيْح۔"

سَمَحَ (ف) سَمَاحَةً و سَمَاحًا۔ بكَذَا: بخشش کرنا ـــــ لَهٗ بِالشَّيْءِ: دینا ـــــ العُوْدُ: لکڑی کا نرم ہونا ـــــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا مطیع و تیز رفتار ہونا۔

سَمَّحَ۔ نرم ہونا اور نرم برتاؤ کرنا ـــــ الرُّمْحَ: نیزہ کو نرم کرنا ـــــ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔ دوڑنا۔ بھاگنا۔

اَسْمَحَ۔ الرَّجُلُ: فیاض و سخی ہونا۔ اَسْمَحَتِ الدَّابَّةُ: سرکشی کے بعد نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "اَسْمَحَتْ قَرُوْنَتُهٗ" یعنی اس کا نفس تابع و فرمانبردار ہو گیا۔

سَامَحَهٗ فِي الْاَمْرِ وبِالْاَمْرِ: نرم برتاؤ کرنا۔ نرمی کرنا۔ مقصد میں موافقت کرنا ـــــ ه بِذَنْبِهٖ: درگزر کرنا۔

تَسَمَّحَ وتَسَامَحَ۔ فِيْ كَذَا: نرمی برتنا۔

السَّمَاح۔ مہ۔ بَيْعُ السَّمَاح: وہ بیع جس میں قیمت گھٹانے میں نرمی ہو۔ کہتے ہیں "السَّمَاحُ رِبَاحٌ" یعنی معاملات میں نرمی نفع بخش ہوتی ہے۔

السِّمَاح۔ مہ۔ چمڑے کا خیمہ۔

السَّمْحَة۔ السمح کا مؤنث۔ ج سِمَاح۔

المَسْمَحُ۔ وسعت و فراخی۔

السَّمْحَجُ۔ دراز پشت گھوڑا یا گدھی۔ پتلی کمر اور سخت گوشت والا گھوڑا۔

السِّمْحَاق۔ سر کی ہڈی پر باریک جھلی۔

سَمَاحِيْقُ۔ السَّمَاء: بادل کے پتلے ٹکڑے۔ اور کہا جاتا ہے عَلٰى ثَرْبِ الشَّاةِ سَمَاحِيْقُ مِنَ الشَّحْمِ "بکری کے اوجھ کی چادر پر چربی کی کچھ جھلی سی ہے۔

سَمَخَ (ن) سَمْخًا۔ الزَّرْعُ: کھیتی کا اُگنا۔ (سَمَخَهٗ (ف) سَمْخًا) کان کے سوراخ پر چوٹ لگا کر زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَخَنِيْ بِحِدَّةِ صَوْتِهٖ وكَثْرَةِ كَلَامِهٖ" اس نے آواز کی تیزی اور کثرت گفتگو سے میرے کان کو زخمی کر دیا۔

ـــــ زَرْعٌ حَسَنُ (السِّمْخَة) اچھی اُگنے والی کھیتی۔

السِّمَاخ۔ کان کا سوراخ۔

سَمَدَ (ن) سُمُوْدًا۔ حیران کھڑا ہونا۔ متحیر ہونا۔ گانا۔ تکبر سے سر اُٹھانا اور سینہ تاننا ـــــ فِي العَمَل: کوشش کرنا اور تکلیف اُٹھانا ـــــ الإِبِلُ: اونٹ کا تیز چلنا (ـــــ سَمْدًا) الرَّجُلَ: قصد کرنا۔

سَمَّدَ۔ الاَرْضَ: کھاد ڈالنا ـــــ الشَّعْرَ: بال کو جڑ سے مونڈنا ـــــ الرَّجُلُ: کھیل کود میں ڈالنا۔ غافل کر دینا۔

اِسْمَدَّ اِسْمِدَادًا واِسْمَأَدَّ اِسْمِئْدَادًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّجُلُ : غصّہ سے پھولنا ـــــ يَدَهُ : ہاتھ کا سوجنا ـــــ الشَّيءُ : ضائع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَكَ (سَمْدًا)" وہ تمہارے واسطے ہمیشہ کے لیے ہے۔

السَّمَاد۔ کھاد۔

السَّامِد۔ فا۔ وَظْبٌ سَامِدٌ : بھری ہونے سے کھڑی مشک۔

اِسْمَدَرَّ اِسْمِدْرَارًا۔ نگاہ کمزور ہونا۔

السُّمْدُور۔ آنکھ کا پردہ۔ بادشاہ (اس وجہ سے کہ اس کی طرف دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔)

السَّمَادِیر۔ نشہ یا بیہوشی یا دوران سر کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری۔

السَّمَنْدَر و السَّمَنْدَر۔ ایک جانور جو پانی اور خشکی میں رہتا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کے جسم پر کچھ ایسا مادہ ہوتا ہے جو آگ بجھا دیتا ہے اور اسی بنا پر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ جلتا نہیں۔

السَّمَیْدَع۔ فیاض سردار۔ شریف بہادر بھیڑیا۔ تلوار۔ ج سَمَادِیع۔

السِّمِیْدو السِّمِیْذ۔ سفید آٹا۔

سَمَرَ (ن) سَمْرًا۔ العَیْنَ : گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا ( ـــــ سَمْرًا و سُمُوْرًا) رات میں قصّہ گوئی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ مَا سَمَرَ السَّمِیْر اوابْنُ سَمِیْرٍ وابْنَا سَمِیْرٍ" میں اس کو جب تک لوگ قصّہ بیان کرتے رہیں گے نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

سَمَرَ (ن ض) سَمْرًا و سَمَّرَ۔ اللَّبَنَ : دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا ـــــ الخَمر : شراب پینا ـــــ النَّبَاتَ : گھاس چرنا ـــــ البَابَ وغیرہ : دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا ـــــ السَّهْمَ : تیر چلانا۔

سَمِرَ (س) و سَمُرَ (ک) سُمْرَةً اِسْمَرَّ اِسْمِرَارًا و اِسْمَارَّ اِسْمِیْرَارًا۔ سفیدی۔ سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونا۔ گندم گوں ہونا۔ صفت (اَسْمَر) مؤنث سَمْرَاء۔ ج۔ سُمْرٌ۔

سَامَرَةٌ۔ رات کو باتیں کرنا۔ رات کو قصّہ گوئی کرنا۔

تَسَمَّرَ۔ میخ لگنے سے مضبوط ہونا۔

تَسَامَرَ۔ القَوْمُ : رات کو باہم باتیں کرنا۔

السَّمَر۔ مص۔ قَوْمٌ سَمْرٌ : رات کو باتیں کرنے والے لوگ۔

السَّمَر۔ رات کو باتیں سنانے والا۔ ج اَسْمَار : رات' رات کی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیْهِ سَمَرًا" میں اس کے پاس رات کو نہیں آؤں گا۔ رات کی گفتگو۔ چاند کا سایہ اور کبھی سمر قمر کے مقابلے میں بولتے ہیں جہاں سایہ ہو اس کو سَمَر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں۔ زمانہ۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ اور "حَلَفْتُ بِالسَّمَرِ والقَمَر" و "لَا آتِیْكَ السَّمَرَ والقَمَر" و "لَا اَكْلَمُهُ السَّمَرَ والقَمَرَ" ان سب ترکیبوں میں "مُدَّةُ وُجُوْدِ السَّمَرِ والقَمَرِ" محذوف ہے۔ مراد ہمیشگی ہے۔

السَّمَرَة۔ رات کی گفتگو۔

السَّمُر۔ ببول کا درخت۔ ج اَسْمُر۔ واحد (سَمُرَة)

السَّامِر۔ فا۔ ج سُمَّر و سُمَّار۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ تم کہتے ہو "اَمْسَيْتُ البَارِحَةَ فِي سَامِرِ الحَيِّ" میں گزشتہ رات قبیلہ کی مجلس گفتگو میں تھا ( ـــــ والسَّامِرَة) اسم جمع بمعنی رات کو باتیں کرنے والے۔

السَّامُوْر۔ ہیرا۔

السَّمَار۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

الاَسْمَر۔ نیزہ۔ ہرن کا دودھ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ اَسْمَر" بغیر بارش کا خشک سال۔

الاَسْمَران۔ پانی اور گیہوں' پانی اور نیزہ۔

السَّمُّوْر۔ تیز رفتار۔ اصیل اونٹنی۔

السَّمُّوْر۔ ایک جانور جو نیولے کے مشابہ اور اس سے کچھ بڑھا ہوتا ہے اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور اس کی کھال سے بہت بیش قیمت پوستین تیار ہوتی ہے اور اوقات اس جانور کی کھال کو بھی سَمُّوْر کہتے ہیں۔ ج سَمَامِیْر۔

السَّمِیْر۔ رات کو باتیں سنانے والا۔ رات کا قصّہ گو۔ زمانہ۔ اِبْنَا سَمِیْرٍ۔ دن اور رات۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ سَمِیْرَ اللَّیَالِیْ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔ اور کہا جاتا ہے "اِبْنُ سَمِیْرٍ" بے چاند کی رات۔

السَّمِیْر۔ رات میں باتیں سنانے والا۔

المِسْمَار۔ کیل۔ میخ۔ اونٹوں کا بہتر رکھوالا۔ ج مَسَامِیر۔

المَسْمُوْر۔ کم گوشت' مضبوط پٹھوں والا۔ مکدر زندگانی۔

السَّمْرَاء اَسْمَر کا مؤنث۔ گیہوں۔ گیہوں کا آٹا جس سے بھوسی جدا نہ کی گئی ہو۔

السُّمَیْرِیَة۔ ایک قسم کی کشتی۔

سَمَرَتَ۔ السُّمُرْتُ : لمبا (السُّمُرْوْد) لمبا۔

السَّمَرْمَر۔ ایک قسم کا پرندہ جو ٹڈیوں کا بہت شکار کرتا ہے اور ٹڈیاں اس کی آواز سے بھاگتی ہیں۔ السَّمَرْمَرَة : بھوت۔

سَمْسَرَ سَمْسَرَة۔ دلال ہونا۔

السِّمْسَار۔ دلال۔ چیز کا مالک و منتظم۔

سِمْسَارُ الاَرْضِ : زمین کا ماہر۔ ج سَمَاسِرَة و سَمَاسِر و سَمَاسِیْر۔

السَّمْسَرَة۔ مص۔ دلالی کا پیشہ۔ دلالی کی اُجرت۔

السِّمْسِق والسَّمْسَق والسُّمْسُق والسُّمْسَق۔ جنبیلی۔ مرزنجوش۔

سَمْسَمَ۔ الثَّعْلَبُ : لومڑی کا دوڑنا ـــــ الرَّجُلُ : نرم چال چلنا۔

السَّمْسَم۔ لومڑی۔ بھیڑیا۔ زہر۔

السُّمْسُم۔ سرخ چیونٹی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد (سُمْسُمَة) ہلکا پھلکا مرد۔ ج سماسم۔

رَجُلٌ (مُسَمْسِمٌ) الوَجْه : خامدار چہرے والا مرد۔

سَمَطَ (ن) سَمُوْطًا۔ الرَّجُلُ : چپ رہنا۔

عَلَى اليَمِیْنِ : قسم کھانا ـــــ اللَّبَن : مٹھاس میں تغیر ہونا۔ صفت (سَامِطٌ)

سَمَطَ۔ (ن ض) سَمْطًا۔ الجِلدَ عن : بکری کے بچّہ کو بالوں سے صاف کر کے بھونا۔

ـــــ الشَّيءَ : لٹکانا ـــــ السِّكِّیْنَ : چھری تیز کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَطْتُ الرَّجُلَ یَمِیْنًا عَلَى حَقِّي" میں نے مرد کو اپنے حق پر قسم کھلائی۔

ـــــ سَمَّطَ۔ چپ رہنا ـــــ الشَّيءَ : لازم ہونا۔ زین کے تسمہ سے لٹکانا ـــــ الشَّاعِرُ : مُسَمَّط اشعار نظم کرنا (دیکھو مُسَمَّط)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"سَمَّطَ قَصِيْدَةَ فُلَانٍ" کسی کے قصیدہ کے اشعار کے ہر ہر شعر کے مصرعوں میں اپنی جانب سے ایک مصرعہ بڑھانا۔

اَسْمَطَ۔ چپ ہونا۔

تَسَمَّطَ۔ الشَّیْءُ بِهٖ: لٹکنا۔

السِّمْط۔ لڑی جس میں مہرہ یا موتی پروئے ہوئے ہوں۔ زین کا تسمہ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ کہا جاتا ہے "عَلَّقَهٗ بِسَمْوُطِ سَرْجِهٖ" اس نے اس چیز کو زین کے تسموں سے لٹکایا ـــــ مِنَ الْعَمَامَةِ: پگڑی کا شملہ۔ گلوبند (زیور) سے لمبا ہار۔ السِّمْط مِنَ الثِّيَاب: چادر کے نیچے نمایاں ہونے والا کپڑا ـــــ مِنَ الرَّمْلِ: ریت کی لکیر۔ رَجُلٌ سِمْطٌ: ہلکا پھلکا چالاک مرد۔ ج سُمُوْط۔

السَّمَط۔ مص۔ فقیر۔

السُّمُط۔ اونی کپڑا۔

نَعْلٌ (سَمْطٌ و اَسْمَاطٌ) اکہرے چمڑے کا جوتا۔

نَاقَةٌ سُمُطٌ و اَسْمَاطٌ: بے داغ کی اونٹنی۔

سَرَاوِيْلُ اَسْمَاطٌ: اکہرا پاجامہ۔

السَّامِط۔ فا۔ مَاءٌ سَامِطٌ: جوش دیا ہوا پانی جو کسی چیز سے بال وغیرہ صاف کردے۔

السِّمَاط۔ صف بستہ چیز۔ دسترخوان۔ سِمَاطُ الطَّرِيْق: راستہ کے دونوں جانب۔ سِمَاطُ الْقَوْمِ: قوم کی قطار۔ ج سُمُط اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى سِمَاطٍ وَاحِدٍ" وہ ایک نظام میں ہیں۔

السَّمِيْط۔ بال صاف کر کے بھونا ہوا بکری کا بچہ۔ مرد سبک حال۔ فقیر۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔ نَعْلٌ سَمِيْط: ایک چمڑے کا جوتہ۔

السَّمِيْط۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔

المُسَمَّط۔ مِنَ الشِّعْرِ: وہ شعر جو اجزاء عروضیہ پر ہو اور قافیہ کے حروف روی کے علاوہ دوسرے قافیہ پر ہو اور کہا جاتا ہے "حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" تمہارا حکم پورا کیا ہوا ہے۔ تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس کی تقدیر یہ ہے "لَكَ حُكْمُكَ مُسَمَّطًا اور مُسَمَّطًا حالیت کی وجہ سے منصوب ہے۔ و "هُوَ لَكَ مُسَمَّطًا" وہ تمہارے لیے خوشگوار ہے۔ و "خُذْ حُكْمَكَ مُسَمَّطًا" تم اپنے حکم کو جاری کرو جو رد نہیں ہوگا۔

السَّمَيْطَر۔ ایک قسم کا پرندہ جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور ہمیشہ اتھلے پانی کے قریب دکھائی دیتا ہے۔

سَمِعَ (س) سَمْعًا و سِمْعًا و سَمَاعًا و سَمَاعَةً و سَمَاعِيَةً و مَسْمَعًا۔ الصَّوْت: سننا۔ صفت (سَامِع) ج سُمَّاع و سَمَعَة و سَامِعُوْن ـــــ لَهُ اللّٰهُ: قبول کرنا ـــــ مِنْهُ وَلَهٗ: دینا۔

اِلَيْهِ: کان لگانا۔ متوجہ ہونا۔

سَمَّعَهٗ۔ الصَّوْتَ: سنانا۔ سَمَّعَ به: عیوب کو پھیلانا۔ رسوا کرنا۔ بری باتیں سنانا اور گالی دینا۔

سَمَّعَ بِكَذَا: کسی کے متعلق کوئی چیز پھیلانا۔

ـــــ بِفُلَانٍ فِي النَّاسِ: شہرت دینا۔

اَسْمَعَهٗ۔ سنانا۔ گالی دینا۔ ڈول میں دستہ لگانا۔

تَسَمَّعَ و اِسْتَمَعَ۔ الرَّجُلَ و اِلَيْهِ: کان لگانا۔

تَسَامَعَ۔ بِهِ النَّاسُ: کسی کے متعلق لوگوں کا ایک دوسرے سے سننا۔

اِسْتَمَعَ۔ لَهٗ و اِلَيْهِ: کان لگانا۔

اِسْتَسْمَعَهٗ: سننا۔

السَّمْع۔ مص۔ سننے کا حاسہ۔ کان۔ سنی ہوئی بات۔ سنا ہوا ذکر۔ ج اَسْمَاع و اَسْمُع و جج اَسَامِع و اَسَامِيْع۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَا بَيْنَ سَمْعِ الارضِ وبَصَرِها" جبکہ کوئی نہ جانتا ہو کہ کہاں گیا یا ایسی زمین میں ہو جہاں اس کو کوئی دیکھنے والا' سننے والا نہ ہو۔ و "اَلْقٰى نَفْسَهٗ بَيْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ و بَصَرِهَا" اس نے اپنے آپ کو ایسی جگہ میں ڈال دیا جہاں کوئی دیکھنے والا' سننے والا نہیں۔ و "سَمْعَكَ اِلَيَّ" میری بات سنو۔ میری طرف توجہ کرو۔ و "سَمِعَ اُذُنِيْ فُلَانًا يَقُوْلُ ذٰلِكَ" فلاں کو یہ کہتے ہوئے میرے کانوں نے سنا اور کہتے ہیں "سَمِعَ اُذُنِيْ و سَمْعَةُ اُذُنِيْ و سِمْعَةُ اُذُنِيْ"۔

اُمُّ السَّمْع: دماغ۔

السِّمْع۔ اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سِمْعٌ" اچھی شہرت کا مرد۔ و "هٰذَا اَمْرٌ ذُوْ سِمْعٍ" یہ سننے کے لائق ہے اور جب کوئی آدمی کسی خیر پسندیدہ خبر کو سنتا ہے تو کہتا ہے "سِمْعًا لَا بِلْغًا او سَمْعًا لَا بَلْغًا" یعنی خدا کرے کہ سنی جائے اور پہنچے نہیں۔ السِّمْع: بھیڑیے کا بچہ بھیڑ سے۔ مؤنث (سِمْعَةٌ) اس کی قوت سامعہ بہت تیز ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مثال ہے "هُوَ اَسْمَعُ مِنْ سِمْعٍ"۔

السَّمْعَة۔ سَمِع کا اسم مرۃ۔ اُذُنٌ سَمْعَةٌ: سننے والا کان۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ رِيَاءً و سُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لیے کیا۔

السُّمْعَة۔ شہرت۔ سنی ہوئی بات۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ رِيَاءً و سُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سننے کے لیے کیا۔

السَّمَاع۔ مص۔ شہرت۔ گیت اور اصطلاح میں سماع خلاف قیاس کو کہتے ہیں یعنی جس کو عرب سے سن کر استعمال کیا جائے اور اس پر قیاس نہ کیا جاسکے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ ذُوْ سَمَاعٍ" یہ امر سننے کے قابل ہے۔ و "قَالُوْا ذٰلِكَ سَمَاعَ اُذُنٍ" لوگوں نے اس کو میرے سامنے کیا۔

سَمَاع۔ بروزن قطام اسم فعل بمعنی اِسْمَع۔

السَّمَّاع۔ بہت سننے والا۔ فرمانبردار۔ جاسوس۔

السَّمِيْع۔ سننے والا۔ سنانے والا۔

اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ سنی ہوئی بات۔ ج سُمَعَاء۔ اُمُّ السَّمِيْع: دماغ۔ اُذُنٌ سَمِيْعٌ و سَمِيْعَةٌ: سننے والا کان۔

السَّامِعَة۔ کان۔

السَّامِعَان۔ دونوں کان۔

اُذُنٌ (سَمْعَةٌ و سَمِعَةٌ و سَمُوْعٌ و سَمِيْعٌ و سَمَّاعَةٌ) سننے والا کان۔ السَّمَّاعَة: ایک آلہ کا نام جو سننے کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے۔

التَّسْمِعَة۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهٗ تَسْمِعَتَكَ او تَسْمِعَةً لَكَ" میں نے اس کو کیا ہے تاکہ تم سن سکو۔

المَسْمَع۔ سننے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّي بِمَرْأًى و مَسْمَعٍ" یا "هُوَ مِنِّي مَرْأًى و مَسْمَعٌ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتوں کو سن سکتا ہوں۔

المِسْمَع و المِسْمَعَة۔ کان۔ ج مَسَامِع۔ ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔

المُسْمِع۔ فا۔ قید۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المُسْمِعَة۔ گانے والی۔ کہا جاتا ہے "غَنَّتْهُمْ مُسْمِعَةٌ"

المُسَمَّع۔ مفع۔ قید کیا ہوا (السَمَعَ) شیطان خبیث۔

سَمْعَن۔ اَلسَمْعَنَة والسِمَعْنَة: بہت سننے والی۔

السَمْعَج۔ میٹھا دودھ۔

اِسْمَعَدَّ اِسْمِعْدَادًا۔ غصہ سے بھر جانا۔ اِسْمَعَدَّتْ اَنَامِلُهُ: سوجنا۔

اِسْمَعَطَّ۔ العُجَاجُ: غبار کا اوپر چڑھنا۔ اِسْمَعَطَّ: سخت غضبناک ہونا۔

اِسْمَعَدَّ اِسْمِعْدَادًا۔ الجَرْح: زخم کا سوجنا۔

المُسْمَعِدّ۔ فا۔ پھولا ہوا۔ زور سے پکڑنے والا۔ یہاں تک کہ انگلیاں سوج جائیں۔

سَمَقَ (ن) سَمْقًا و سُمُوْقًا۔ النَبَاتُ: بلند ہونا۔ صفت (سَامِق و سَمِقٌ)

السُمَاق۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "أُحِبُّكَ حُبًّا سُمَاقًا" میں تم سے خالص محبت کرتا ہوں۔

السُمَّاق والسُمُوْق ایک درخت جس کا پھل بہت کھٹا ہوتا ہے۔ پھل کو بھی کہتے ہیں واحد سُمَاقَة و سُمُوْقَة۔

السَمِيْق۔ مل کا جوا۔

السِمِقُّ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا مرد۔

اِسْمَقَرَّ اِسْمِقْرَارًا۔ اليَوْمُ: بہت گرم ہونا۔

سَمَكَ (ن) سَمْكًا۔ الشَيْءَ: بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَكَ اللّٰهُ السَّمَاءَ" اللہ نے آسمان کو بلند کیا۔

سَمَكَ (ن) سَمْكًا و سُمُوْكًا و سَمُكَ (ن) سَمَاكَةً: بلند ہونا۔

سَمَّكَ۔ الشَيْءَ: کسی چیز کو دبیز بنانا۔

تَسَمَّكَ: بلند ہونا۔

اِسْتَسْمَكَ۔ الثِيَابَ: کپڑوں میں سے لمبا اختیار کرنا۔ مچھلی کھانا۔

السَمَك۔ مص۔ چھت یا چھت کی دبازت۔ ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد۔

السَمَك۔ مچھلی۔ ج سِمَاك و سُمُوْك و اسماك واحد (سَمَكَة)

السِمَاك۔ چیز کے اٹھانے کا اوزار۔ ج سُمُك ـــ مِنَ الزَوْرِ: ہنسلی سے ملی ہوئی پسلی۔

السِمَاكَان۔ دو روشن ستارے ایک کو السِمَاك الرامح اور دوسرے کو السِمَاكُ الأَعْزَل کہتے ہیں۔

السُمَيْكَاء۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔

السَمَّاك۔ مچھیرا۔ مچھلی بیچنے والا۔

السَمِيْك والمَسْمُوْك۔ لمبا۔ المَسْمُوْكُ مِنَ الخَيْلِ: مضبوط گھوڑا۔

المِسْمَاك۔ خیمہ وغیرہ اٹھانے کی لکڑی۔

المُسْمَكَات والمَسْمُوْكَاتُ السَبْع۔ ساتوں آسمان۔

سَمَلَ (ن) سَمْلاً۔ عَيْنَه: آنکھ پھوڑنا۔ الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا ـــ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا ـــ الدَلْوُ: ڈول کا تھوڑا پانی نکالنا۔

سَمَلَ (ن) سُمُوْلاً و سُمُوْلَةً و سَمْلَ (ک) سَمَالَةً۔ الثَوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ صفت (سَمِل)

سَمَّلَ۔ الحَوْضَ: حوض کا تھوڑا پانی دینا۔ ـــ الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا ـــ فُلَانًا بِالقَوْلِ: نرمی سے بات کرنا۔

اِسْمَلَّ۔ الثَوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا ـــ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔

تَسَمَّلَ تھوڑا پانی پینا ـــ النَبِيْذ: نبیذ کے پینے میں اصرار کرنا۔

اِسْمَلَّ عَيْنُهُ: آنکھ پھوڑنا۔

السامل۔ آنکھ پھوڑنے والا۔

السِمْل۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج أَسْمَال۔ حوض کا بقیہ پانی

ثَوْبٌ (سِمْل۔ سَمْلٌ و سَمِيْلٌ) پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السَمَال۔ پانی سے حوض کا بقیہ۔

السُمْلَة والسَمْلَة تھوڑا پانی ن سَمَل و أَسْمَال و سِمَال و سُمُول۔

السُمْلَان۔ مِنَ الماءِ والنَبِيْذِ: پانی یا شراب کا بقیہ۔

السَوْمَل۔ پرانا بوسیدہ کپڑا

السَوْمَلَة۔ چھوٹی پیالی۔

السَمَوَّل۔ وسیع زمین۔ نرم مٹی والی زمین۔

سَمْلَجَ۔ اللَبَنَ فِي حَلْقِهِ: آسانی سے نگلنا۔

السَمْلَج والسُمَالِج۔ میٹھا دودھ۔

السِمْلاخ والسُمْلُوخ۔ کان کا سوراخ۔ کان کا میل۔

السُمَالِخِيّ۔ بے مزہ دودھ یا کھانا۔

السَمْلَع۔ بھیڑیا۔ بد اور خبیث کے لیے بھی بولتے ہیں۔

السَمْلَق۔ ہموار و بنجر زمین۔

سَمِنَ (س) سِمَنًا و سَمَانَةً۔ موٹا ہونا۔ صفت (سَامِنٌ سَمِيْنٌ) ج سِمَان۔

سَمَنَ (ن) سِمْنًا و سَمَّنَ۔ الطَعَامَ: گھی ڈالنا۔ و سَمَّنَه: موٹا کرنا۔ سَمَّنَ القَوْمَ: گھی کا توشہ دینا۔ سَمَّنَ لَهُ: بہت دینا۔

اَسْمَنَ۔ موٹا ہونا۔ بہت گھی والا ہونا۔ موٹے جانوروں والا ہونا۔ موٹا جانور خریدنا یا اس کا مالک ہونا یا اسے ہبہ کرنا۔

ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کو موٹا کرنا ـــ الخُبْزَ: روٹی گھی میں تر کرنا ـــ الرَجُلَ: گھی کھلانا۔

تَسَمَّنَ۔ موٹا ہونا۔ بغیر شرافت کے مدعی شرافت ہونا۔

اِسْتَسْمَنَ۔ اپنے لیے گھی طلب کرنا ـــ ہ: موٹا پایا یا سمجھا اور اسی سے مثال ہے "اِسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَمٍ" تم نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ کوئی شخص حقیقت واقعہ کے خلاف محض ظاہر سے دھوکا کھا جائے۔

السَامِن۔ فا۔ بہت گھی والا (فاعل ذیکذا ہے باب تامر ولابن سے۔)

السَمْن۔ مص۔ گھی۔ ج أَسْمُن و سُمُوْن و سُمْنَان۔

السَمَّان۔ گھی بیچنے والا۔

السَمْنَة۔ گھی۔ یہ السمن سے خاص ہے۔

السُمْنَة۔ موٹا کرنے والی ایک دوا۔

ایک قسم کی گھاس جس کے دانے فلفل کی طرح ہوتے ہیں اور اس کو عورتیں فربہی کے لیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



استعمال کرتی ہیں۔

السَّمِیْن۔ موٹا ـــــ مِنَ الْکَلَامِ : بامو قع گفتگو۔

السَّمِیْنَة۔ السَّمِیْن کا مؤنث۔ ج سِمَان۔

اَرْضٌ سَمِیْنَةٌ : بغیر پتھروالی زمین۔

المُسْمِن۔ پیدائشی موٹا۔

طَعَامٌ (مُسْمِنَة) موٹا کرنے والی خوراک۔

السُّمَانی۔ بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ۔ واحد وجمع دونوں کے لیے اور کہا گیا ہے کہ واحد (سُمَانَاة) ہے۔ ج سُمَانِیَات۔

السَّمَنْجُوْنِی۔ آسمانی رنگ والا۔ (جدید)

السَّمَنْدو السَّمَنْدَل والسَّنْدَل۔ ایک قسم کا پرندہ۔

سَمَهَ (ف) سُمُوْهًا۔ مدہوش ہونا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا۔

سَمَّهَ۔ الاِبِلَ : بیکار چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (سُمَهٌ)

السَّامِه۔ حیران۔ ج سُمَهٌ۔

السُّمْهِی۔ فضاء آسمانی۔ ترمرے (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضاء آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے)

( ـــــ والسُّمَّه والسُّمَّیْهی والسُّمَیْهَاء والسُّمَّیْهَاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔

سَمْهَجَ۔ کَلَامَهٗ : جھوٹ بولنا۔ الحَبْلَ : رسی مضبوط بٹنا ـــــ الشَّیْءَ : چھوڑنا۔

ـــــ الدَّرَاهِمَ : رواج دینا ـــــ الیَمِیْنَ : قسم میں سختی کرنا۔

السِّمْهَاج۔ جھوٹ۔

اِسْمَهَدَّ۔ السِّنَامُ : کوہان کا بڑا ہونا۔

السَّمْهَدُ۔ خشک وسخت چیز۔

السَّمْهَد والسَّمْهَدَد۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

اِسْمَهَرَّ۔ مضبوط و سخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا ـــــ الظَّلَامُ : بہت اندھیرا ہونا۔

السَّمْهَرِی۔ مضبوط نیزہ۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ سَمْهَرِیٌّ و رِمَاحٌ سَمْهَرِیَّةٌ" قَدٌّ سَمْهَرِیٌّ : معتدل قد۔

سَمَا یَسْمُوْ سُمُوًّا۔ بلند ہونا ـــــ البَصَرُ : اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَوْتُ الَیْهِ بَصَرِی" اس کی طرف میں نے نگاہ اُٹھائی و "سَمَا اِلَیْهِ بَصَرِی" اس کی طرف میری نگاہ اُٹھی۔ و "نَفْسُهٗ تَسْمُوْ اِلٰی مَعَالِی الْاُمُوْرِ" اس کا نفس بڑے بڑے اُمور کی طرف مائل ہے ـــــ بِهٖ : بلند کرنا ـــــ القَوْمُ : شکار کیلئے جانا (سَمَا یَسْمُوْ سَمْوًا) الرَّجُلُ زَیْدًا و بِزَیْدٍ : نام رکھنا۔

سَمّٰی۔ الرَّجُلَ زَیْدًا اَوْ بِزَیْدٍ : نام رکھنا ـــــ الشَّارِعُ فِی العَمَلِ : کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔

اَسْمٰی۔ الشَّیْءَ : بلند کرنا ـــــ الرَّجُلُ زَیْدًا و بِزَیْدٍ : نام رکھنا ـــــ هُ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ : روانہ کرنا۔

سَامٰی مُسَامَاةً۔ الرَّجُلَ : فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُسَامٰی" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جاسکتا۔

تَسَامٰی تَسَامِیًا۔ اَلْقَوْمُ : باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا ـــــ عَلَی الخَیْلِ گھوڑے پر سوار ہونا۔

تَسَمّٰی۔ نام پانا ـــــ اِلٰی و بِالْقَوْمِ : منسوب ہونا۔

اِسْتَمْلٰی اِسْتِمَاءً۔ الصَّائِدُ : شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا ـــــ ه : کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر وصلاح معلوم کرنا۔

اِسْتَسْمٰی اِسْتِسْمَاءً۔ نام پوچھنا۔

السَّامِی۔ فا۔ ج سَامُوْن و سُمَاة۔ مؤنث سَامِیَةٌ۔ ج سَامِیَاتٌ و سَوَامٍ۔ کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سَامِی طَرْفِهٖ" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السَّامِی : شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری۔ ج سُمَاة۔

السَّمَاء۔ آسمان۔ فضاء واسع جو زمین کو احاطہ کئے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش، بادل، گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَمَاوَات و سَمٰوَات (الف کو صرف کتابت میں حذف کر کے) وسُمِیٌّ و اَسْمِیَة ( ـــــ والسَّمَاوَة) گھر کا چھجہ۔ وسَمَاوَةُ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا اُونچا۔

السُّمَاء۔ اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "شَاعَ سُمَاهُ" اس کی شہرت و نیک نامی پھیل گئی۔

الاِسْم والاِسْم۔ نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزۂ وصل ہے۔ ج اَسْمَاء و اَسَامٍ و اَسَامِی و اَسْمَاوَات اور بَسْمَلَه میں ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَلَه کے معنی بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔

اسم الجلالة : باری تعالیٰ کا نام۔

السَّمُّ والسِّمُّ والسُّمُّ۔ اسم کے لغات۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَمُّهٗ" یعنی یہ اس کا نام ہے۔

السَّمِیُّ۔ بلند ہونے والا۔ سَمِیُّک : ہمنام نظیر۔

السَّمَوِیُّ۔ اسم کی جانب منسوب۔

المِسْمَاة۔ شکاری کی اونی جراب۔

المُسَمّٰی۔ مفہ۔ معین۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مُسَمّٰی قَوْمِهٖ و مِنْ مُسَمَّاتِهِمْ" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

سَنَّ (ن) سَنًّا۔ السِّکِّیْنَ : چھری تیز کرنا۔ "هٰذَا مِمَّا یَسُنُّکَ عَلٰی طَعَامٍ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے ـــــ الرُّمْحَ : تیر پر پھل لگانا ـــــ الاَسْنَانَ : مسواک کرنا ـــــ العُقْدَةَ : گرہ کھولنا ـــــ الاِبِلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا ـــــ الرَّجُلَ : کسی کو بھالا مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ دانت توڑنا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا ـــــ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ آسان کرنا۔ جاری کرنا۔

ـــــ الطَّرِیْقَةَ : طریقہ اختیار کرنا ـــــ عَلَیْهِمُ السُّنَّةَ : طریقہ مقرر کرنا ـــــ الطِّیْنَ : مٹی کا برتن وغیرہ بنانا ـــــ الشَّیْءَ : تصویر بنانا ـــــ المَاءَ او التُّرَابَ : پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا۔

ـــــ العَیْنُ الدَّمْعَ : آنکھ کا آنسو بہانا ـــــ الاَمْرَ زَعِیْمَتَه : بہتر انتظام کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ فُلَانٌ طَرِیْقًا مِنَ الخَیْرِ" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تھی۔
سُنَّتِ الارضُ : زمین کا چرنے سے صاف ہونا۔
سَنَّ۔ السِکِّیْنَ : چھری تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔
____ الرُّمْحَ : نیزے پر پھل لگانا ____ الرُّمْحَ اِلَیْہِ : کسی کے سامنے نیزہ کرنا ____ القَوْلَ : اچھی گفتگو کرنا ____ الاَسْنَانَ : مسواک کرنا۔
اَسَنَّ۔ الرَّجُلُ : بوڑھا ہونا ____ الصَّبِیُّ : بچے کا دانت نکلنا۔ اَسَنَّ اللّٰہُ سِنَّہٗ : دانت اُگانا ____ المَاءَ : پانی گرانا ____ الرُّمْحَ : نیزے پر پھل لگانا۔
اِسْتَنَّ۔ المَاءُ : پانی گرنا ____ الطَّرِیْقُ : راستہ واضح ہونا ____ الفَرَسُ : گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا ____ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بِہِ الھَوٰی حَیْثُ اَرَادَ" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گئی ____ الرَّجُلُ : دانتوں کو خلال کر کے صاف کرنا۔ ( ____ و تَسَنَّنَ ) بِسُنَّتِہٖ : عمل کرنا۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بِسِیْرَۃِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی۔ و تَسَنَّنَ فِی عَدْوِہٖ : اپنے رخ پر دوڑنا۔
اِسْتَسَنَّ۔ زیادہ عمروالا ہونا ____ الطَّرِیْقَۃَ : طریقہ اختیار کرنا ____ الطَّرِیْقُ : آمدورفت والا ہونا ____ العَیْنُ : بہتے ہوئے آنسو والی ہونا ____ بِسَیْفِہٖ : تلوار کو حرکت دینا ____ بِالشَّیْءِ : تابعداری کرنا۔
السِنَّ۔ ج اَسْنَان و اَسِنَّۃ و اَسُنَّ : دانت (مؤنث) دار نتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ۔ لہن کا جوا۔ قلم میں تراشنے کی جگہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ چرپدگی۔ اور اسی سے ہے "اَعْطُوْا السِنَّ حَظَّھَا مِنَ السِنِّ" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو۔ ج اَسْنَان : عمر (مؤنث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ و طُعِنَ فِی سِنِّہٖ" یعنی وہ بوڑھا ہوگیا۔ و "ھُوَ حَدِیْثُ السِنِ" وہ نئی عمر کا ہے "ھُوَ کَبِیْرُ السِنِّ و کَبُرَتْ سِنُّہٗ" وہ بوڑھا ہے و "ھُوَ سِنُّ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم عمر ہے۔ و "لَہٗ اِبْنٌ سِنُّ اِبْنِکَ وَاَوْلَادٌ اَسْنَانُ بَنِیْکَ" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہم عمر ہیں۔
السَنَن۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ فُلَانٌ عَلٰی سَنَنٍ وَاحِدٍ" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا ____ "اِمْضِ عَلٰی سُنَنِکَ" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مَرَّ السَّھْمُ فِیْ سَنَنِہٖ" تیر سیدھا نکل گیا اِدھر اُدھر نہیں ہوا۔ ( ____ و السِنَن و السُنَن و السُنُن ) مِنَ الطَّرِیْقِ : کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔
السَنَّۃ۔ سَنَّ کا اسم مرۃ۔ مادہ ریچھ۔ مادہ چیتا۔
السُنَّۃ۔ خصلت۔ طریقہ۔ طبیعت۔ شریعت۔ چہرہ یا اس کا دائرہ۔ ج سُنَن۔
اَھْلُ السُنَّۃ : وہ لوگ جو حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی خلافت کے قائل ہیں۔
السُنِّیَّۃ۔ اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سُنّت کی جانب منسوب ہے۔ واحد (سُنّی)
السِنَّۃ۔ دو سروں والا کلباڑا۔ سِنَّۃ مِنَ الثَوْمِ : لہسن کا ایک جوا۔
السِنَان۔ نیزے کا پھل۔ ج اَسِنَّۃ۔ السِنَان : سان۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ سِکِّیْنَہٗ بِالسِنَان" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا۔
السُنُّوْن۔ منجن۔
السَنِیْن۔ سان پر تیز کیا ہوا۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو۔
سَنِیْنُ المَرْءِ : ہم عمر۔ مؤنث سَنِیْنَۃٌ السَنِیْنَۃ ایک طرز پر چلنے والی ہوا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ ج سَنَائِن۔
المِسَنّ۔ سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے۔
المُسِنّ۔ مِنَ الدَوَابِ : بڑی عمر والا جانور۔ ج مَسَانّ۔
المَسْنُوْن۔ مفع۔ حَمَأٌ مَسْنُوْنٌ : بدبودار کیچڑ
رَجُلٌ مَسْنُوْنُ الوَجْہِ : چکدار کتابی چہرے والا۔
مَرْمَرٌ مَسْنُوْنٌ : نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر۔
طَرِیْقٌ (مُسْتَسِنٌّ و مُسْتَنٌّ) آمدورفت والا راستہ۔
مُسْتَنّ۔ الطَّرِیْق : راستہ کا نمایاں حصہ۔
المُسْتَنّ : شیر۔
السَنَاب۔ سخت بڑائی۔
السِنَاب و السِنَابَۃ۔ لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔
السَنِب۔ بہت دوڑنے والا۔
السَنَب و السَنْبَۃ و السَنْبَتَۃ۔ زمانہ کا ایک حصہ۔
السَنْوَب و السَنْبَاب و السِنْبَاب و السَنْبُوْت۔ غضبناک۔ بہت شروالا۔ غیبت کرنے والا۔ جھوٹا۔
السَنْبَاء۔ ڈیر۔
السُنْبَاذَج۔ سان کا پتھر (جدید)
السَنْبُوْسَق و السَنْبُوْسَک۔ سموسہ (")
السُنْبُوْق۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔
السُنْبُک۔ کھر کا کنارہ و السُنْبُک مِنَ السَیْفِ : آرائش تلوار کا کنارہ ____ مِنْ بَیْضَۃِ الحَدِیْدِ : خود کا بالائی حصہ ____ مِنَ المَطَرِ : ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سَنَابِک۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ الرِزْقَ فِیْ سَنَابِکِ الْاَرْضِ" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔
سَنْبَلَ۔ الزَرْعُ : خوشوں والی ہونا۔
____ الرَجُلُ ثَوْبَہٗ : کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔
السُنْبُل۔ مِنَ الزَرْعِ کَالبُرِّ و الشَعِیْر : خوشہ بالی۔ واحد (سُنْبُلَۃٌ) ج سَنَابِل و سُنْبُلَاتٌ۔ ایک خوشبودار گھاس۔ السُنْبُلُ الرُوْمِیُّ : ایک خوشبودار بوٹی و السُنْبُلَۃ : آسمان کے ایک برج کا نام۔
اَسْنَتَ۔ القَوْمُ : قحط زدہ ہونا۔
سَنَّتَ۔ القِدْرَ : ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔
سَانَتُوْا۔ الارضَ : نباتات تلاش کرنا۔
عَامٌ (سَنِتٌ و سَنِیْتٌ و مُسْنِتٌ) قحط سالی۔
رَجُلٌ سَنِتٌ : بے نفع مرد۔
السَنُّوْت و السِنُّوْت۔ زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔
المُسْنَت۔ مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔
السُنْتُب۔ بدخلق۔
سَنَجَ (ن) سَنْجًا۔ الثَوْبَ : کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔
السِنَاج۔ دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر ( ____ و السِنِیْج) چراغ۔
سَنْجَۃ۔ المِیْزَان : باٹ۔ ج سَنْجَات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(دخیل)

السُّنْجَة۔ سیاہ سفید رنگ (ثَوْبٌ مُسَنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِّنْجَاب والسُّنْجَاب۔ چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دُم بہت کھلے دار بالوں سے اوپر کو اُٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السِّنْجَق۔ جھنڈا۔ ج سَنَاجِق۔ جدید۔

سَنَحَ (ف) سُنُوْحًا و سُنُوْحًا۔ الْاَمْرُ او الرَّائِیُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔

لِیَ الشِّعْرُ: آسان ہونا ـــــ بِکَذَا: اشارہ سے سمجھانا ـــــ الرَّجُلُ عَنْ رَایِہٖ: رائے سے پھیر دینا۔

ـــــ بِہٖ وعَلَیْہِ: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

( ـــــ سُنُوْحًا و سَنْحًا و مُسَانَحَةً) الظَّبْیُ او الظَّبْیُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تَسَنَّحَ مِنَ الرِّیْحِ: ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔

تَسَنَّحَہٗ واِسْتَنْسَحَہٗ عَنْ کَذَا: کھود کرید کرنا۔

السُّنْح۔ مص۔ برکت ـــــ مِنَ الطَّرِیْقِ: درمیانی راہ۔

السَّانِح۔ فا۔ بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بَارِح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سَانِح" سے نیک شگون اور "بَارِح" سے بدشگون لیا کرتے تھے۔ اور اسی سے مثال ہے "مَنْ لِیْ بِالسَّانِحِ بَعْدَ الْبَارِحِ" یعنی میرے لیے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السَّنِیْح۔ بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح۔

السَّنْحَنْح۔ رات کو نہ سونے والا۔

سَنِخَ (ف) سُنُوْخًا۔ فِی الْعِلْمِ: راسخ ہونا۔

سَنِخَ (ف) سَنَخًا۔ بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سَنِخَةٌ ـــــ مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا ـــــ الْفَمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔ اَسْنَانُہٗ: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِّنْخ۔ اصل ـــــ مِنَ السِّنِّ: دانت اُگنے کی جگہ۔ ج اَسْنَاخ و سُنُوْخ۔ سانِخ النِّصْل: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنْخُ الْکَلِمَةِ: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سِنْخ الْحُمّٰی: بخار کی تیزی۔

السَّنَخ۔ اونٹ۔

السَّنْخَة و السَّنَاخَة۔ بدبودار ہوا۔

سَنَدَ (ن) سُنُوْدًا و اِسْتَنَدَ و تَسَانَدَ۔ اِلَیْہِ: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سَنَدَ فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ سَنَدَ لِلْاَرْبَعِیْنَ: چالیس کے قریب ہونا۔ سَنَدَ ذَنَبُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سَنَّدَ۔ سَنَدَ (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔

ـــــ الشَّیْءَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

سَانِدَہٗ مُسَانَدَةً و سِنَادًا۔ شِعْرَہٗ وفِیْ شِعْرِہٖ: شعر میں مختلف ردیف لانا ـــــ الرَّجُلَ: مدد کرنا ـــــ ہ عَلَی الْعَمَلِ: کفایت کرنا ـــــ ہ اِلَی الشَّیْءِ: ٹیک لگانا۔

اَسْنَدَ۔ فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ـــــ فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھانا ـــــ فِی الْعَدْوِ: دوڑنے میں کوشش کرنا ـــــ اَسْنَدَہٗ اِلَی الشَّیْءِ: ٹیک لگانا۔

السَّنَد۔ ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سَنَدَات پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَسْنَاد۔

السَّنْدَة۔ ایک قسم کی نباتات۔

السِّنَاد۔ قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ نَاقَةٌ سِنَادٌ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی۔ قوی۔

الْاِسْنَاد۔ مص۔ عِنْدَ اَهْلِ الْمُنَاظِرَةِ: حوالہ دینا۔ ج اَسَانِیْد و الْاَسْنَادُ فِیْ عِلْمِ الْعَرَبِیَّةِ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ و قَامَ زَیْدٌ۔

السَّنْدَان۔ نہائی۔ اہرن۔ ج سَنَادِیْن (دخیل)

السِّنْدَان۔ بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّنْدَانَة۔ گدھی۔

السِّنْدِیَان۔ شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سِنْدِیَانَةٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السَّنِیْد۔ لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد۔ مِنَ الْحَدِیْثِ: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسَانِید و مَسَانِیْد۔

المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو ہنڈوحمیر استعمال کرتے تھے۔ منہ بولا بیٹا۔ زمانہ۔

المَسْنَد و المِسْنَد۔ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَسَانِید۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ (مُتَسَانِدِیْنَ)" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد۔ جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔

السِّنْدَأْوَة و السِّنْدَاوَة۔ ہلکا۔ دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم والا۔ السِّنْدَأْوَة: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لیے باندھا جاتا ہے۔

جَمَلٌ (سَنْدَأْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدَرَ۔ جلدی کرنا۔

السَّنْدَرَة۔ مص۔ جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول "اَکِیْلُکُمْ بِالسَّیْفِ کَیْلَ السَّنْدَرَة" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِیُّ۔ دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔ کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیمانہ (ـــــ و السَّنْدَرُوَة و السِّنْدَر) دلیر۔

السِّنْدَرُوس۔ ایک قسم کا گوند یا کہرباء کی مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل۔ ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا پائتابہ۔

سَنِیَ (س) سَنًا۔ بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر۔ (س) سَنَرًا۔ بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر۔ ایک ہتھیار، زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَوَّر۔ بلی۔ سردار، دُم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنَانِیْر۔

السُّنَّار۔ بلی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سَنْسَنَتِ الرِّيحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
السِّنْسِن۔ پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سَنَاسِن ( ـــــ والسِّنْسِنَة) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الرِّيحُ سَنَاسِن" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔
سَنُطَ (ک) سَنَاطَةً و سَنِطَ (س) سَنَطًا۔ کوچ یا کچی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِنَاط و سُنَاط و سَنُوْط) ج سُنُط و اَسْنَاط۔
السِّنْط۔ گٹا۔ پنچا۔
السَّنْطَبَة۔ بے ڈول لمبائی۔
السِّنْطَاب۔ لوہار کا ہتھوڑا۔
السِّنْطِير و السَّنْطُور۔ ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔
سَنْطَلَ۔ الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔
السَّنْطَلَة۔ مص۔ لمبائی۔
السُّنْطَالَة۔ سر جھکا کر سکون کی چال۔
السِّنْطِيل۔ لمبا۔
المُسَنْطَل۔ مفر۔ ست چال چلنے والا۔ جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔
السَّنْطِيل۔ لمبے قد والا۔
سَنَعَ (ف ن) و سَنُعَ (ک) سَنَاعَةً و سُنُوْعًا۔ حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِيْع) مؤنث سَنِيْعَةٌ۔
اَسْنَعَ۔ الغُلَامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا ـــــ الرَّجُلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گئے کا درد والا ہونا ـــــ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔
السِّنْع۔ گئے کے مقام کی بریدگی۔ گئے کا جوڑ۔ ج سِنَعَةٌ و اَسْنَاعٌ۔
السَّنَع۔ خوبصورتی۔
الاَسْنَع۔ لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَسْنَعُ مِنْ ذَاكَ" یہ اس سے افضل ہے۔ مؤنث سَنْعَاء۔
السَّنِيْعَة۔ پہاڑی راستہ۔ ج سَنَائِع۔
السُّنْعُبَة۔ ٹیولا۔ اوپر والے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں ابھرا ہوا گوشت۔
سَنَفَ (ن ض) سَنْفًا۔ البَعِيْرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا ـــــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا۔
اَسْنَفَ۔ البَعِيْرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔
اَسْنَفَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی سے آگے نکل جانا
ـــــ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ البَرْقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا ـــــ اَلْاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا
ـــــ البَعِيْرَ: تنگ باندھنا۔
السَّنَف۔ لکڑی جو چتوں سے خالی ہو، پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ ج سُنُوْف۔
السِّنْف۔ ایک تلخ دانہ جو گیہوں، جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَةٌ) ج سِنْفٌ۔ ج سِنَفَة۔
السَّنِيْف۔ بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنُفٌ و سُنُفٌ و اَسْنِفَةٌ۔
المُسْنِفَة۔ مِنَ السِّنِيْن: خشک سال۔ مِنَ الاَرَاضِي: قحط زدہ زمین۔
سِنَافٌ۔ البَعِيْرِ: اونٹ کا تنگ۔ ج سُنُفٌ و سُنُفٌ و اَسْنِفَةٌ۔
السِّنْفَتَان و السُّنْفَتَان۔ دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔
المِسْنَاف۔ وہ اونٹ جو کجاوہ کو اِدھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسَانِيْف۔
سَنِقَ (س) سَنَقًا۔ بدہضمی ہونا (بقول بعض سَنِقَ صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے۔)
اَسْنَقَهُ۔ النَّعِيْمُ: ناز و نعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔
السُّنْقُر و السُّنْقُو۔ ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔
السُّنُك۔ نمایاں راستے۔
السِّنْكِسَار و السِّنْكِسَار۔ عِنْدَ النَّصَارٰنِيِّيْنَ نصرانیوں کے اولیاء و صالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)
سَنِمَ (س) سَنَمًا۔ البَعِيْرُ: بڑے کوہان والا ہونا ـــــ النَّبْتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔
سَنَّمَ۔ الكَلَا اَلْبَعِيْرَ: موٹے کوہان والا کر دینا ـــــ الاِنَاءَ: برتن بھرنا ـــــ الشَّيْءَ: بلند کرنا
ـــــ القَبْرَ: قبر کو کوہان نما کرنا ـــــ المِكْيَالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔
اَسْنَمَ۔ الكَلَا البَعِيْرَ: موٹے کوہان والا کر دینا
ـــــ الدُّخَانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔ اَسْنَمَتِ النَّارُ: آگ سے لپٹ اُٹھنا۔
تَسَنَّمَ۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا
ـــــ الشَّيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا ـــــ فُلَانًا: غفلت میں پکڑ لینا ـــــ ہ الشَّيْبُ: بڑھاپا پھیل جانا۔
السَّنِيم۔ مِنَ الاِبِلِ: بڑے کوہان والا اونٹ
ـــــ مِنَ النَّبَاتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔
السَّنَام۔ کوہان۔ ج اَسْنِمَةٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَنَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔
سَنَمَةُ۔ النَّبَات: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی، شگوفہ۔ رَجُلٌ (سَنِيْمٌ) عالی مرتبہ مرد۔
السَّنَّم۔ گائے۔
التَّسْنِيم۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔
المُسَنَّم۔ مِنَ الحِمَال: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔
السِّنِمَّار۔ چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔
السَّنَمُوْرَة۔ ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)
سَنِهَ (س) سَنَهًا۔ بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِهٌ) ـــــ الطَّعَامُ أَوِ الشَّرَابُ: بگڑ جانا متغیر ہونا۔
سَانَهَ۔ الرَّجُلَ: سال وار معاملہ کرنا۔
سَانَهَتِ النَّخْلَةُ: ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔
تَسَنَّهَ: بہت برسوں والا ہونا ـــــ الخُبْزُ: بدبو دار ہونا ـــــ عِنْدَهُ: ایک سال تک اقامت کرنا۔
السَّنْهَاء۔ مِنَ النَّخْلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے "سَنَةٌ سَنْهَاء" بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔
سَنَايَسْنُوْ سَنْوًا و سَنَاوَةً و سُنُوًّا و سِنَايَةً۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



السَّحَابُ الْأَرْضَ: بادل کا زمین کو سیراب کرنا ـــــ الْبَرْقُ: بجلی کوندنا ـــــ الْبَابَ: دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النَّارُ: روشنی بلند ہونا ـــــ السَّمَاءُ: برسنا۔ سَنَا عَلَى الدَّابَّةِ: جانور پر پانی لانا ـــــ الدَّلْوَ: ڈول کو کنوئیں سے کھینچنا۔

سَانَى سِنَاءً وَ مُسَانَاةً الرَّجُلَ: ایک سال کیلئے معاہدہ کرنا یا اُجرت پر رکھنا۔

تَسَنَّى تَسَنِّيًا۔ الشَّيْءَ: چڑھنا۔ "تَسَنَّتِ الْعُقْدَةُ" گرہ کھلنا۔

السَّنَةُ۔ سال۔ ج سُنُوْنٌ و سِنُوْنٌ و سَنَوَاتٌ و سَنَهَاتٌ۔ تصغیر سُنَيَّةٌ و سَنَيْنَةٌ و سُنَيْهَةٌ۔ نسبت کیلئے سَنَوِيٌّ و سَنَهِيٌّ۔

سَنَةٌ سَنْوَاءُ۔ سخت سال۔

السَّنَاءُ۔ بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّانِي۔ فا۔ پانی لانے والا۔ ج سُنَاةٌ۔

السَّانِيَةُ۔ رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ ج سَوَانٍ۔

الْمَسْنُوُّ و الْمَسْنِيُّ۔ رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔

الْمُسَنَّاةُ۔ بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّوَاتٌ و مُسَنَّيَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدُوْا مُسَنَّيَاتٍ لِحَبْسِ الْمَاءِ" انہوں نے پانی روکنے کے لیے بند باندھا۔

سَنِيَ (س) سَنَاءً۔ بلند مرتبہ ہونا۔

سَانَى مُسَانَاةً و سِنَاءً۔ الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَانَيْتُهُ حَتّٰى اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَهُ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کرکے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوا لیا۔

اَسْنٰى اِسْنَاءً۔ الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔

ـــــ النَّارَ: آگ روشن کرنا ـــــ لَهُ الْجَائِزَةَ: بیش قیمت انعام دینا "جَاوَزْتُه فَاَسْنٰى جَوَارِي" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوس کا حق ادا کردیا ـــــ الْقَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنّٰى۔ الْاَمْرُ: تیار ہونا ـــــ الرَّجُلُ: آسانی و نرمی کرنا ـــــ الشَّيْءَ: حقیر ہونا ـــــ الْقُفْلُ: تالا کھلنا ـــــ الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنٰى۔ بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَاءُ۔ مد۔ بمعنی سنا۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنَايَا۔ شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَنَايَا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِيُّ۔ عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِيَّةٌ۔

السِّنَايَةُ۔ تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُه بِسِنَايَتِهٖ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

السُّنُوْنُوْ۔ ابابیل۔ واحد سُنُوْنُوَةٌ و سُنُوْنِيَةٌ۔

سَهَبَ (ف) سَهْبًا۔ الشَّيْءَ: لینا۔

اَسْهَبَ۔ اَلْكَلَامَ و فِي الْكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِب و مُسْهَب) ثانی نادر ہے۔

ـــــ الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص و لالچی ہونا۔

الْفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔ اَسْهَبُوْا الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کیلئے چھوڑ دینا۔

اُسْهِبَ۔ مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔

اُسْهِبَتِ الْبِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (سَهْبَةٌ و مُسْهَبَةٌ۔)

اِسْتَهْبَ۔ بہت دینا۔

السَّهْب۔ مد۔ بیابان ـــــ مِنَ الْخَيْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى سَهْبٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السُّهْب و السُّهُب۔ مِنَ الْاَرْضِ: وسیع و ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوْا سُهْبًا و سُهُبًا مِنَ الْاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

السَّهْبَل۔ دلاور۔

سَهَجَتِ (ف) سَهْجًا۔ الرِّيْحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا ـــــ الرِّيْحُ الْاَرْضَ۔ ہوا کا زمین کو صاف کردینا ـــــ الطِّيْبُ: خوشبو گھسنا ـــــ الْقَوْمُ لَيْلَتَهُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاهِج۔ ج سُهَّجٌ (و السَّيْهَج و السَّهُوْج و السَّيْهُوْج) مِنَ الْاَرْيَاحِ: تیز ہوائیں۔

الْمَسْهَج۔ تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

الْمِسْهَج۔ ہر حق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔

سَهْجَرَ سَهْجَرَةً۔ ڈرتے ہوئے دوڑنا۔

سَهِدَ (س) سَهَدًا و تَسَهَّدَ: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَهَّدَهٗ۔ بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَهَّدَهُ الْهَمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّهْد و السُّهَاد۔ بے خوابی۔

السُّهُد۔ کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهُدٌ" کم سونے والا مرد "عَيْنٌ سُهُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السَّهْدَة۔ بیداری اور کہا جاتا ہے "مَارَأَيْتُ مِنْه سَهْدَةً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔

السَّهُوْد۔ بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَهُوْد" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (اَسْهَدُ مِنْكَ رَايًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

الْمُسَهَّد۔ مفہ۔ کم نیند والا۔

السَّهْدَر۔ بعید۔

سَهِرَ (س) سَهَرًا۔ ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (سَاهِرٌ و سَهْرَانُ) اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاهِرَةٌ" رت جگے والی رات۔ سَهَرَ الْبَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْهَرَ۔ جاگتے رکھنا۔

سَاهَرَهٗ۔ اکٹھے جاگنا۔

السُّهَار۔ بیداری۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهَارُ الْعَيْنِ" کم سونے والا مرد۔

السَّاهُوْر۔ بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الْقَمَرُ فِي السَّاهُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔ سَاهُوْرُ عَيْنِ الْمَاءِ: چشمہ کا منبع۔ السَّاهُور: مہینے کے باقی دنوں۔

السَّهَّار و السُّهَرَة۔ بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاهِرَة۔ السَّاهِرَة کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الْاَسْهَرَان۔ آنکھ کی دو رگیں، ناک کی دو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



رگیں۔
الْمِسْهَار۔ بیداری پر قادر۔
سَهَفَ (س) سَهْفًا۔ اَلْقَتِیْلُ : مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔
سَهِفَ (س) سَهْفًا۔ بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔
اِسْتَهْفَهُ۔ خفیف سمجھنا۔
السَّاهِف۔ فا۔ ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔ سَاهِفُ الْوَجْهِ : متغیر چہرے والا۔
السَّهْف۔ مف۔ مچھلی کے سفنے۔
السُّهَاف۔ پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طَعَامٌ (مَسْهَفَةٌ) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رَجُلٌ مَسْهُوْفٌ : بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔
السَّهُوق۔ بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔
السَّهَوَّق۔ کشادہ قدم والا۔
سَهَكَتْ (ف) سَهْكًا۔ الرِّيْحُ : ہوا کا تیز چلنا ـــــ الرِّيْحُ التُّرَابَ عَنْ وَجْهِ الْاَرْضِ : غبار اُڑانا ـــــ الشَّيْءَ : کسی چیز کو گھسنا۔
سَهَكَتْ سُهُوْكًا۔ الدَّابَّةُ : جانور کا آہستہ چال چلنا۔
سَهِكَ (س) سَهَكًا۔ بدبودار ہونا۔ صفت (سَهِك) کہا جاتا ہے "يَدِي سَهِكَةٌ مِنَ السَّمَكِ" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
السَّهَك والسُّهْكَة والسُّهُوْكَة۔ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔ السَّهَكُ : لوہے کا زنگ۔
رِيْحٌ (سَاهِكَةٌ) بہت تیز ہوا۔ ج سَوَاهِك و سَاهِكَات۔ (رِيْحٌ سَهُوْك و سَيْهَك و سَيْهُوْكٌ و مَسْهَكَة) بہت تیز ہوا۔
السَّيْهَك۔ غبار جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّهَاك والمِسْهَك۔ ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔ المِسْهَك مِنَ الْخَيْلِ تیز رفتار گھوڑا۔
المَسْهَك والمَسْهَكَة۔ تیز ہوا کی گزرگاہ۔

سَهُلَ (ک) سُهُوْلَةً۔ المَكَانُ : نرم ہونا۔
سَهُلَ (ک) سُهُوْلَةً و سَهَالَةً۔ اَلْاَمْرُ : آسان ہونا۔ صفت (سَهْلٌ و سَهِلٌ)
سَهَّلَ۔ اَلْاَمْرَ لَهٗ و عَلَيْهِ : آسان کر دینا۔ المَوْضِعَ : نرم کر دینا۔
سَاهَلَهٗ مُسَاهَلَةً۔ نرم برتاؤ کرنا۔
اَسْهَلَ۔ پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اُترنا ـــــ هُ الدَّوَاءُ : پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔
الرَّجُلُ : لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔ الْاَمْرَ : نرم پانا۔
اُسْهِلَ۔ الرَّجُلُ : اسہال والا ہونا۔
تَسَهَّلَ۔ الْاَمْرُ : آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَسَهَّلَ لِي اَنْ اَفْعَلَهٗ" میرے لیے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔
تَسَاهَلَا۔ ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔
تَسَاهَلَ الْاَمْرُ عَلَيْهِ : آسان ہونا۔
اِسْتَهْلَ۔ اَلْمَكَانَ : نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔
اِسْتَسْهَلَهٗ۔ آسان سمجھنا۔
السَّهْل۔ نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سُهُوْلٌ و سُهُوْلَةٌ۔ اور نسبت کے لیے (سُهْلِي) جیسے "بَعِيْرٌ سُهْلِيٌّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو "اَرْضٌ سَهْلٌ" سَهْلُ الْوَجْهِ : کم گوشت والا چہرہ۔ سَهْلُ الْخُلُق : نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "اَهْلًا وَسَهْلًا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔
السِّهْلَة والسِّهْل۔ ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہالاتا ہے۔ السِّهْلَةُ : اسہال۔
الْاِسْهَال۔ عِنْدَ الْاَطِبَّاء : دست آور دوا۔
السُّهُوْل۔ دست آور دوا۔
سُهَيْل۔ ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گھریلے مر جاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔

وَتُنْكِرُ مَوْتَهُمْ وَاَنَا سُهَيْلٌ
طَلَعْتُ بِمَوْتِ اَوْلَادِ الزِّنَاء

سَهَمَ (ف) و سَهِمَ (ک) سُهُوْمَةً و سُهُوْمًا۔ لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا ـــــ وَجْهُهٗ : تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سَهَمَهٗ : قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔
سُهِمَ۔ لُو کی لپٹ لگنا۔
سَاهَمَهٗ۔ قرعہ اندازی کرنا۔
اَسْهَمَ۔ لَهٗ فِي كَذَا : حصہ مقرر کرنا ـــــ بَيْنَ الْقَوْمِ : قرعہ ڈالنا ـــــ فِي الْكَلَامِ : لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِمٌ مُسْهَمٌ)
تَسَاهَمَ وَاسْتَهَمَ۔ اَلْقَوْمُ : باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تَسَاهَمُوا الشَّيْءَ : باہم تقسیم کرنا۔
السَّهْم۔ ج سِهَام : قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سَهْمُ الرَّامِي : ایک ستارہ۔ ج اَسْهُم و سُهْمَة و سُهْمَان : حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ فِي الْقِسْمَةِ سَهْمَان" تقسیم میں اُس کو دُہرا حصہ ملا۔
السُّهْمَة۔ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔
السُّهُم۔ آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔
السَّاهِمَة۔ مِنَ النُّوْق۔ دبلی پتلی اونٹنی۔
السَّهَام۔ لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ تر مرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السُّهَام۔ دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السَّهِيْم۔ شریک۔ حصہ دار۔
المُسْهَم۔ لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔
المُسَهَّمَة۔ مِنَ الثِّيَاب : دھاری دار کپڑا۔
المُسَهَّم والمَسْهُوْم۔ مِنَ الْاِبِلِ : سُهَام بیماری والا اونٹ۔
السَّهُوْم۔ عقاب۔
سَهَا يَسْهُوْ سَهْوًا و سُهُوًّا۔ فِي الْاَمْرِ و عَنِ الْاَمْرِ : غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَاهٍ و سَهْوَان)
ـــــ اِلَيْهِ : پست نگاہ سے دیکھنا۔
سَهَا يَسْهُوْ سَهَاوَةً۔ اَلْفَرَسُ : گھوڑے کا آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَهْوٌ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَسْهٰی- الرَّجُلُ : سہو ہونا (دیکھئے نیچے لفظ سَهْوَة)

سَاهٰی- الرَّجُلَ فِی الْمُعَاشَرَةِ : نرمی کرنا- خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ـــــ ہ : غافل کرنا- استہزاء کرنا-

سَهَّاهُ- فریبان میں گرم کرکے خشک کرنا-

السَّهْو- مہ- سکون- نرمی- کہا جاتا ہے "اَفْعَلَهٗ سَهْوًا رَهْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو- "مَاءٌ سَهْوٌ" ٹھہرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَهْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَهْوٌ" نرم کام- "رِیْحٌ سَهْوٌ" نرم ہوا- ج سِهَاءٌ-

السُّهٰی و السُّهَا- بنات نعش صغریٰ میں بہت ہی چھوٹا ستارہ- اور اسی سے مثل ہے "اُرِیْهَا السُّهٰی و تُرِیْنِی الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں-

السِّهْو و السَّهْوَاء- رات کا ایک حصہ-

السَّهْوَة- السهو کا مؤنث- سہا کا اسم مرۃ ـــــ ج- سِهًا : کانس- مقابلی- طاقچہ' روشندان- صحن کے سامنے کا پردہ- پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے- پتھر کی چٹان سپاکی- نرم کمان-

السَّاهِی- فا- کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ سَاهِیْ رَاهٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ- ج جِمَالٌ سَوَاهٍ وَرَاهٍ ـــــ

الْاَسَاهِی- الوان- رنگ (اس کے لیے مفرد نہیں-)

سَهْوَكَهٗ- پچھاڑنا- ہلاک کرنا-

تَسَهْوَكَ- پچھاڑا جانا- ہلاک ہونا- پشت پھیرنا- نرم چلنا-

سَاءَ یَسُوْءُ سَوَاءً- الشَّیْءُ : قبیح ہونا- برا ہونا- کہا جاتا ہے "سَاءَ تْ سِیْرَتُه" اس کی عادت بری ہے-

سَاءَ یَسُوْءُ سَوْءًا و سَوْأً و سَوَاءَةً و سَوَایَةً و سَوَائِیَةً و مَسَاءً و مَسَاءَةً و مَسَایَةً و مَسَائِیَةً و مَسَائِیَّةً الْاَمْرُ فُلَانًا : غمگین کرنا- مکروہ سلوک کرنا ـــــ بِهٖ ظَنًّا : برا گمان کرنا-

سَوَّاهُ تَسْوِیَةً و تَسْوِیْنًا- خراب کرنا- بگاڑنا- سَوَّأَ عَلَیْهِ عَمَلَهٗ : عیب لگانا- سرزنش کرنا-

اَسَاءَ اِسَاءَةً- الشَّیْءَ : خراب کرنا- بگاڑنا ـــــ اِلَیْهِ : برا سلوک کرنا-

اِسْتَاءَ- غمگین ہونا- کہا جاتا ہے "سَاءَهٗ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا-

السُّوْء- سَاءَ ہ کا اسم- آفت- شر و فساد- ج اَسْوَاء-

السَّوْءُ- مہ- رَجُلُ سَوْءٍ : و رَجُلُ السَّوْءِ : بدکار مرد- و السَّوْء : فساد- آگ- آنکھ کی کمزوری-

السَّیِّئ- قبیح- برا- کہا جاتا ہے "هُوَ سَیِّئُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے-

السَّیِّئَة- السَّیِّئ کا مؤنث- برائی- گناہ- ج سَیِّئَات-

السَّوْءَة- فاحشہ- بری عادت- شرمگاہ- ج سَوْءَات-

الْاَسْوَاء- اسم تفضیل مؤنث سَوْأَی- برا- السَّوْأَی : جہنم کی آگ-

السَّوْءَاء- بری عادت- بدشکل عورت-

المَسَاءَة- برا قول یا فعل- ج مَسَاوِیُ- المَسَاوِیُ : برائیاں- عیوب- نقائص-

السَّوْبَة- دور کا سفر-

السَّوْبِیَة- گیہوں کی شراب-

سَاجَ یَسُوْجُ سَوْجًا و سُوَاجًا و سَوَجَانًا- آہستہ آنا جانا-

سَوَّجَ و سَیَّجَ- الکَرْمَ و نَحْوَهٗ او عَلَی الکَرْمِ- انگور وغیرہ میں باڑ لگانا-

السِّیَاج- دیوار- انگور وغیرہ کی باڑ- ج سِیَاجَات و اَسْوِجَة و سُوُجٌ-

السَّاج- ساگھو کا درخت- ج سِیْجَان- واحد (سَاجَةٌ) کشادہ گول چادر-

کِسَاءٌ مُسَوَّجٌ- گول کیا ہوا کمبل-

السَّاحَة- گوشہ- کنارہ- مکانوں کے درمیان کا چوک- ج سَاح و سُوْح و سَاحَات-

سَاخَ یَسُوْخُ سَوْخًا و تَسَوَّخَ- فِی الطِّیْنِ : گارے میں دھنس جانا- سَاخَ الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ : تہ نشین ہونا (سَاخَتْ) بِهِمُ الْاَرْضُ-

سُیُوْخًا و سُوْخًا و سَوَخَانًا- نگل لینا-

السُّوَاخ و السُّوَّاخ و السُّوَّاخِی و السُّوَاخِیَة- بہت کیچڑ- کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتّٰی صَارَتِ الْاَرْضُ سُوَّاخِی" ہمارے اوپر بارش ہوئی- یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہو گئی- و "بَطْحَاء سُوَّاخِی" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے-

سَادَ یَسُوْدُ سِیَادَةً و سُؤْدَدًا و سُؤْدُدًا و سَیْدُوْدَةً و سُوْدًا- شریف ہونا- بزرگ ہونا ـــــ قَوْمَه : سردار ہونا ـــــ ہ : بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا- صفت (سَائِد) ج سَادَة : ج سَادَات ـــــ الرَّجُلَ : کسی سے راز کی بات کہنا- ( ـــــ سُوَادًا) الرَّجُلُ : زردکائی جمے ہوئے پانی کو پینا-

سَوِدَ یَسْوَدُ سَوَدًا و اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا و اِسْوِدَادًا اِسْوِیْدَادًا- کالا ہونا-

سَوَّدَ- دلیر ہونا ـــــ ہ : سردار بنانا-

ـــــ الشَّیْءَ : کالا کرنا ـــــ الرَّجُلُ : سرداروں کو قتل کرنا-

سَاوَدَهٗ- مکر و فریب کرنا- رات کے اندھیرے میں ملنا- سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا- راز کی بات کہنا- سَاوَدَ الْاَسَد : شیر کو ہٹانا- ہانکنا-

اَسْوَدَتِ اِسْوَادًا و اَسَادَتْ اِسَادَةً الْمَرْأَةُ : کالا بیٹا جننا- سردار جننا-

تَسَوَّدَ- نکاح کرنا- سردار ہونا- کالا ہونا-

اِسْتَادَ- الْقَوْمَ : سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا ـــــ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ : سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا-

السَّوْد- سیاہ پتھروں والا ہموار میدان- ج اَسْوَاد- ایک قطعہ کو (سَوْدَة) کہتے ہیں-

السَّوْدَة : کھجور کے درختوں والی زمین-

السَّوَد- مہ- سرداری- ایک قسم کی نباتات-

السَّوَاد- سیاہی- وجود- تم کہتے ہو "رَاَیْتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا- ج اَسْوِدَة- ج اَسَاوِد- بہت مال- بہت تعداد- سَوَادُ الْبَلْدَة : شہر کے اردگرد کی آبادیاں- سَوَادُ اللَّیْلِ : پوری رات- سَوَادُ النَّاسِ : عام لوگ سَوَادُ الْعَسْکَرِ : اسلحہ و سامان فوج- سَوَادُ الْعَیْنِ : آنکھ کا سیاہ حصہ- پتلی- سَوَادُ الْقَلْبِ : دل کا سیاہ نقطہ-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



السُّوَاد- رازدارانہ گفتگو- دانتوں کی ایک بیماری- رنگ کی زردی-

السِّوَاد- آواز-

السَّوَادِيَّة والسُّوْدَانِيَّة- بھینگا-

السُّوْدَان- سوڈان کا باشندہ- واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ-

السِّيْدُ- بھیڑیا- شیر- ج سِيْدَان- السِّيْدة: مادہ بھیڑیا-

السِّيْدَانَة- بھیڑیا-

السَّيِّد- سردار- تخفیفاً (سیِّد) بھی ایک لغت ہے- ج اَسْيَاد وسَادَة وسَيَائِد-

عِنْدَ الْمُسْلِمِيْن: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں-

السَّيِّدَان: حضرت حسین رضی اللہ عنہ-

السَّائِد- فا- ج سَادَة- ج ج سَادَات-

اَسْوَد- ج سُوْدٌ و سُوْدَانٌ- مؤنث سَوْدَاء: کالا ـــــ مِنَ الْعَيْنِ: آنکھ کی پتلی- مِنَ الْقَوْمِ: بزرگ تر- کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے بزرگ تر ہے- تصغیر اُسَيْوِد و اُسَيِّد-

الْاَسْوَدَان: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو-

والْاَسْوَد: مؤنث اَسْوَدَة ج اَسَاوِدة بڑا کالا سانپ جس کو عنش بھی کہتے ہیں-

السَّهْمُ الْاَسْوَد: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے- گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَسْوَدُ الْكَبِد" فلاں دشمن ہے- وعَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ "هُمْ سُوْدُ الْاَكْبَادِ"

السَّوْدَاء والسُّوَيْدَاء- عِنْدَ الْاَطِبَّاء: ایک خط کا نام- مالیخولیا کی بیماری- الْحَبَّةُ السَّوْدَاء: کلونجی- سَوْدَاءُ الْقَلْبِ و سُوَيْدَاؤُه: دل کا سیاہ نقطہ-

السُّؤْدَدُ والسُّؤْدُد- مرتبہ بلند- سرداری- مَاءٌ (مَسْؤَدَة)

المَسْؤُوْد- مرض مالیخولیا کا بیمار-

المُسَوَّدَة والسَّوَاد- عِنْدَ الْكُتَّاب: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو- اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَيَّضَة کہتے ہیں-

ـــــ عِنْدَ الطَّبَّاعِيْن: پروف (المُسَوَّدَة والمُسْوَدَّة) مِنَ الْاَيَّامِ: سخت زمانہ- مصائب کے دن-

السَّوْدَق والسَّوْذَق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَلِيق- شکرا یا شاہین-

سَارَ يَسُوْرُ سَوْرًا- الْحَائِط: دیوار پر چڑھنا- پھاندنا (ـــــ سَوْرًا و سُؤُوْرًا) اِلَيْهِ: کودنا ـــــ الشَّرَابُ فِيْ رَاسِهِ: شراب کا سر کو چکرانا-

سَوَّرَ- الْمَدِيْنَةَ: شہر پناہ پانا ـــــ الْمَرْأَةَ: کنگن پہنانا ـــــ الْحَائِط: دیوار پر چڑھنا-

سَاوَرَهُ سِوَارًا و مُسَاوَرَةً- ایک دوسرے پر حملہ کرنا- حملہ کرنا- تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الْحَيَّةُ الرَّاكِب" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ـــــ ه الشَّرَابُ: سر کو چکرانا-

تَسَوَّرَ- کنگن پہننا ـــــ الْحَائِطَ و عَلَيْهِ: دیوار پر چڑھنا- پھاندنا-

السُّوْر- شہر پناہ- ج اَسْوَار و سِيْران- السُّوْر: عمدہ اونٹ- کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ سُوْرٌ مِنَ الْاِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں-

سُوْرِيَة و سُوْرِيَّة- ملک شام-

السَّوْرَة- سار کا اسم مرۃ-

سَوْرَة- الْخَمْرِ و (سُوَارُهَا) شراب کی تیزی

سَوْرَة السُّلْطَان: بادشاہ کا دبدبہ- سَوْرَةُ الْمَجْدِ: بزرگی کا اثر- سَوْرَةُ الْبَرْدِ: سردی کی تیزی-

السُّوْرَة- مرتبہ- کہا جاتا ہے "لَهُ عِنْدَكَ سُوْرَة" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لَهُ سُوْرَةٌ فِي الْمَجْدِ" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے- فضیلت- کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيْكَ سُوْرَة" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے- شرف- علامت- لمبی و خوبصورت عمارت ـــــ مِنَ الْكِتَاب: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرَة بھی کہا جاتا ہے- ج سُوْرٌ و سُوْرٌ و سُوْرَات و سُوَرَات-

السِّوَار و السُّوَار و الْاُسْوَار- کنگن- ج سُوْر وأسوره وأُسْوِرَة وأَسَاوِر و اَسَاوِرَة و سُؤُور- الْاَسَاوِرَة: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی-

السَّوَّار- وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے- شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا- كَلْبٌ سَوَّار: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا- السَّوَّار: شیر-

الْاُسْوَار و الْاِسْوَار- گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا- تیر انداز ـــــ عِنْدَ الْفُرْسِ: فوجی افسر- ج اَسَاوِر و اَسَاوِرَة-

السُّوَازِي- بلندی-

المِسْوَر والمِسْوَرَة- چمڑے کا تکیہ- ج مَسَاوِر-

المُسَوَّر- کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ- مَلِكٌ مُسَوَّرٌ: طاقتور بادشاہ-

السُّوْزَنْجَان والسَّوْزَنْجَان- ایک دوا کا نام- جنگلی سنگھاڑا-

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَتَه- الدَّوَاب: دیکھ بھال رکھنا- سدھانا ـــــ الْقَوْمَ: اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا ـــــ الْاَمْرَ: انتظام کرنا- صفت (سَائِس) ج سَاسَة و سُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْسَاسَ و سِيْسَ عَلَيْهِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے-

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسْوَسُ و سِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ- الطَّعَامُ: گھن پڑنا ـــــ الشَّاةُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا-

سَوَّسَ- الطَّعَامُ: گھن پڑنا ـــــ لَهُ اَمْرًا: مزین کرنا- کہا جاتا ہے "سَوَّسَ فُلَانٌ اَمْرَ الْقَوْمِ" فلاں قوم کے اُمور کا مالک بنایا گیا-

اَسَاس- الطَّعَامُ: گھن پڑنا- اَسَاسَهُ النَّاس: رئیس و سردار بنا لینا- اَسَاسَتِ الشَّاةُ: بہت جوں والی ہونا- صفت (مُسِيْس)

النَّسَاس- منتظم- دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ کے-)

السُّوْس- اون یا لکڑی کا کیڑا- گھن- واحد (سُوْسَة) کسی چیز کا کھانے والا- السُّوْس: اصل طبیعت- تم کہتے ہو "اَلْفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِه" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے- ملیٹھی کا درخت-

السَّوَس- ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



السُّوَاس۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کردیتی ہے۔

السِیَاسَة۔ مص۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السِیَاسَتُه المُدَنِیَّة: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔

السُّوسَن والسُّوسَان۔ ایک خوشبو دار بوٹی۔ جنگلی وبستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوسَنَةٌ) ج سَوَاسن۔

سَاطَهُ یَسُوطُهُ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا ــــ الشَّیءَ: مخلوط کرنا ــــ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا ــــ الأَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (ــــ سَوْطَانًا) نَفْسُه: جی کا متلانا۔

سَوَّطَ۔ الکَتَّانُ: گندنا کی شاخیں نکلنا ــــ الأَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا ــــ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔

اِسْتَوَطَ۔ الأَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

السَّوْطُ۔ کوڑا۔ چابک۔ ج۔ أَسْوَاط و سِیَاط

السَّوْط: حصہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا یتعاطَیَان سَوْطًا واحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّیَاط۔ گندنا کی شاخیں۔

السَّوَّاط۔ سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔

السَّوِیط۔ گڈمڈ۔ ملا ہوا۔

المِسْوَاط۔ بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (ــــ والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔

المِسْیَاط۔ پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔

سَوْطَرَ۔ دیکھئے سَیْطَر۔

سَاغَ یَسُوغُ سَوْغًا۔ ضائع ہونا۔

سَاغَتِ الإِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔

سَاوَغَهُ مُسَاوَغَةً و سِوَاغًا۔ گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا ــــ الرَّجُلُ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

أَسَاغَ إِسَاغَةً۔ الشَّیءَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔

أَسْوَغَ إِسْوَاغًا۔ ایک گھنٹہ مؤخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

السَّوْغ والسُّوَاغ۔ رات کا ایک حصہ۔

السَّائِغ۔ ہلاک ہونے والا۔ ج سَاغَة۔

السَّاعَة۔ گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقْضِنِی حَقِّی السَّاعَةَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات و سَاع السَّاعَةُ الرَّمْلِیَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِیَّةُ: دھوپ گھڑی۔

سَاعَةٌ سَوْعَاء۔ سخت وقت۔

السُّوَیْعَة۔ ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔

رَجُلٌ (مِسْیَاغٌ و مُسِیغٌ) لِلْمَالِ: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُوَ مِضْیَاغٌ مِسْیَاغٌ و مُضِیعٌ مُسِیعٌ"

السَّوَاع والسُّوَعَاء۔ مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فِی السُّوَعَاءِ الوَضُوء۔ السُّوَاع: ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔

المُسَوَّغ۔ جائز۔

سَاغَ (ن) سَوْغًا و سَوَاغًا و سَوَغَانًا۔ الأَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ)

الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَیِّغ و أَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِی الشَّرَابُ سَاغَتْ بِهِ الأَرْضُ" رہنما دینا۔

سَاغَ یَسُوغُ سَوْغًا و سَاغَ یَسِیغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت (أَسَاغَهُ) ہے۔

سَوَّغَ۔ الأَمْرَ: جائز کرنا ــــ لَهُ كَذَا: دینا۔ کسی کے لیے خاص کر دینا۔

أَسَاغَ۔ الطَّعَامُ أَوِ الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "أَسِغْ لِی غُصَّتِی" یعنی مجھے مہلت دے۔

أَسْوَغَ إِسْوَاغًا۔ الصَّبِیُّ أَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَیِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذَا وهُوَ أَخُوهُ سَوْغُهُ وهِیَ أُخْتُهُ سَوْغُهُ وهُوَ أَخُوهُ سَیِّغُهُ وهِیَ أُخْتُهُ و سَیِّغُهُ" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا ایک کے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔

اِسْتَسَاغَ۔ الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔

السَّیْغ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

السِّوَاغ۔ حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "المَاءُ سِوَاغُ الغُصَص" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔

سَافَ یَسُوفُ و یَسَافُ سَوْفًا۔ المَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ یَسُوفُ سَوْفًا۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا (ــــ و اِسْتَافَ اِسْتِیَافًا) الشَّیءَ: سونگھنا۔

سَوَّفَهُ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ــــ ه الأَمْرَ: پورا اختیار دینا۔

سَاوَفَهُ مُسَاوَفَةً۔ سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔

أَسَافَ إِسَافَةً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِیف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ أَسَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔

سَوْفَ۔ مبنی بر فتحہ: حرف استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔

السَّافَة۔ باریک ریت اور رتیلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔

السَّوَاف والسُّوَاف۔ جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی المَالِ سَوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "أَسَافَ حَتَّى مَا یَشْتِكِی السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔

السَّاف والسَّافَة۔ مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج أَسْفٌ و سَافَات۔ کہا جاتا ہے "بَنَى سَافَتَیْنِ او ثَلَاثَ سَافَات" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَّاف: ایک شکاری پرندہ۔

السَّافَة والسُّوفَة۔ رتیلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوف و سُوُف۔

المَسَافَة والمَسَاف۔ ج مَسَاوِف و (السِّیفَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مَسافُ هٰذِهِ الْاَرْضِ و مَسافَتُها و سِیْفَتُها" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَیْنَهُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِلَ" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔

المَسَاف: ناک۔

المِسْیاف۔ وہ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔

المُسْتَاف۔ قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔

المُسَوَّف۔ فا۔ صابر۔ خود مختار۔

المِسْوَف۔ عطردان۔

سَاقَ یَسُوْقُ سَوْقًا و سِیَاقًا و سِیَاقَةً و مَسَاقًا و اِسْتَاقَ و اِسْتِیَاقًا۔ المَاشِیَة۔ جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة و سُوَّاق و سَائِقُوْن۔ صفت مفعولی (مَسُوْقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَهٗ مَسَاقَ غَیْرِهٖ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الْحَدِیْثَ: بیان کرنا۔

سَاقَهٗ یَسُوْقُهٗ سَوْقًا و سِیَاقًا۔ پنڈلی پر مارنا۔

سَاقَ اِلَیْهِ الْمَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا ـــــ مِنْ اِمْرَاتِهٖ: مہر دینا ـــــ الْمَرِیْضُ لِنَفْسِهٖ عِنْدَ الْمَوْتِ و سِیْقَ عَلَی الْمَجْهُوْلِ: جانکنی ہونا۔

سَوِقَ یَسْوَقُ۔ سَوَقًا۔ اچھی اور پُرگوشت پنڈلی والا ہونا۔

سَوَّقَ۔ التَّمْتُ: تنہ دار ہونا ـــــ هُ الْاَمْرُ: مالک بنانا ـــــ الْمَاشِیَة: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔

سَاوَقَهٗ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔

اَسَاقَهٗ اِسَاقَةً و اِسْتَسَاقَهٗ اِسْتِسَاقَةً اَلْمَاشِیَةَ: ہانکنے کے لیے دینا۔

تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔

تَسَاوَقَتِ۔ الْمَاشِیَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔

اِنْسَاقَ۔ ہانکا جانا ـــــ الْاِبِلُ: قطار میں چلنا۔

السَّاق۔ پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق و سِیْقَان و اَسْوُق۔ سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنہ۔

سَاقُ الْحَمَامِ و سَاقُ الْغُرَابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقِیْ حُرٍّ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ الْاَمْرُ عَنْ سَاقِهٖ" یعنی معاملہ سخت ہوگیا۔ و "قَامَتِ الْحَرْبُ عَلٰی سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہوگئی۔ و "وَلَدَتِ الْمَرْاَةُ ثَلَاثَةً بَیْنَ عَلٰی سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔

السَّاقَة۔ جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ سَاقَةِ الْجَیْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔

السُّوْق۔ بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق۔ سُوْقُ الْحَرْبِ: میدان جنگ۔

السَّوَق۔ پنڈلی کی لمبائی۔

السُّوْقَة۔ رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث)

السَّیِّق۔ مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔

السَّیِّقَة۔ جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "اَلْمَرْءُ سَیِّقَةُ الْقَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّیِّقَة: شکاری کی اونٹ۔ ج سَیَائِق۔ و سَیِّقَات۔

السَّوِیْق۔ ستو۔ ج اَسْوِقَة۔ شراب۔

السِّیَاق۔ مص۔ عورت کا مہر۔ سِیَاقُ الْکَلَامِ: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ هٰذِهِ الْعِبَارَةُ فِیْ سِیَاقِ الْکَلَامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔

السَّوَّاق۔ ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔

الْاَسْوَق۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق۔

السُّوَّاق۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔

المِسْوَق۔ لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔

المُسْنَاق۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھوان والا پہاڑ۔

سَاكَ یَسُوْكُ سَوْكًا و سَوَّكَ۔ الشَّیْءَ: رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الْاَسْنَانَ بِالْعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔

سَاكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔

تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و اِسْتَاكَ اِسْتِیَاكًا۔ مسواک کرنا۔

السِّوَاک۔ مص۔ ج سُوُک و (المِسْوَاک) ج مَسَاوِیْک۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاک۔

سَالَ یَسَالُ سُؤَالًا و سَوَالًا۔ سَأَلَ کا ایک لغت۔

سَوِلَ یَسْوَلُ سَوَلًا۔ ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَل۔ مؤنث سَوْلَاء۔ ج سُوْل۔

سَوَّلَ۔ لَهُ الشَّیْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لیے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِیْلَاتِ الشَّیْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ کَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔

تَسَوَّلَ۔ الْبَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔

السُّوْل۔ السُّؤْل کا مخفف۔

السُّوَّلَة۔ بہت پوچھنے والا۔

السَّوْلَاء۔ اَسْوَل کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔

السَّوِیْل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِیْلُكَ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔

سَامَ یَسُوْمُ سَوْمًا و سَوَامًا۔ السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔

ـــــ السُّمْرِیُّ السِّلْعَةَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهٖ کَذَا وَ کَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ الْمَاشِیَةُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَهُ الْاَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهٗ خَسْفًا: ذلیل کرنا ـــــ الطَّیْرُ عَلَی الشَّیْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔

ـــــ الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔ سَامَ النَّاقَةَ عَلَی الْحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔

سَوَّمَهٗ۔ الْاَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔

ـــــ هُ فِیْ مَا یَمْلِكُهٗ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا ـــــ فُلَانًا: کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے "عَبْدٌ و سَوْمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو ـــــ الخَيلَ : گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا ـــــ عَلَيْهِمْ : لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَةً۔ بِالسِلْعَةِ : سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ۔ السِلْعَةَ : فروخت کرنے میں جھگڑنا۔ ـــــ فِي السِلْعَةِ : سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

أَسَامَ إِسَامَةً۔ المَاشِيَةَ : جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا ـــــ إِلَيْهِ بِبَصَرِهِ : نظر ڈالنا۔

إِسْتَامَ۔ فُلَانًا السِلْعَةَ : قیمت دریافت کرنا ـــــ بِهَا : زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ۔ علامت لگانا۔

السَام۔ موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَةٌ) السَامَة : موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِيَم۔

السِيمَة و السُوْمَة و السِيْمَا و السِيْمَى۔ علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سِوْمَةُ الصَلَاحِ و سِيْمَةُ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

السِيْمِيَا و السِيْمِيَاء۔ علامت۔ خوبصورتی۔

السَائِم۔ فا۔ خود سری سے چلنے والا۔ چرواہا۔

السَائِمَة و السَوَام۔ چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم۔

السُوَام۔ مد۔ ایک پرندہ۔

المَسَام۔ جلدی گزرنا۔

المَسَامَة۔ چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

المُسَوَّم۔ خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَيلُ المُسَوَّمَة۔ چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِيَ يَسْوَى سِوًى۔ الرَجُلُ : درست کام والا ہونا۔

سَوَّى۔ الشَيءَ : درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ المُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوَى" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الأَبَارُ يُسَوِّي الأَبَرَ۔ ( ـــــ وسَاوَى) بَيْنَهُمَا و سَوَّاه و سَاوَاه بِهِ : برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ عَلَيْهِ الأَرْضَ : یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَيَا۔ فِي كَذَا : ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

إِسْتَوَى۔ الشَيءُ : معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ الشَيءَ فَمَا اسْتَوَى" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی ـــــ الرَجُلُ : درست امور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا ـــــ عَلَيْهِ : غالب ہونا ـــــ عَلَى ظَهْرِ الدَابَّةِ : جم کے بیٹھنا۔ "إِسْتَوَى عَلَى سَرِيْرِ المَلِكِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے ـــــ إِلَى الشَيءِ : قصد و ارادہ کرنا۔ إِسْتَوَتْ بِهِ الأَرْضُ : ہلاک و مدفون ہونا۔ إِسْتَوَى الطَعَامُ : پک کر تیار ہونا۔

السَوِيَّ۔ ارادہ۔

السَوَاء۔ برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَهُ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِيْتُهُ فِي سَوَاءِ النَهَارِ" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءَ فِي سَوَاءِ زَيْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَكَانٌ سَوَاءٌ و ثَوْبٌ سَوَاء" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَبِيْلِ" سیدھا راستہ۔ و هٰذَا دِرْهَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔

سَوَاءُ الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی۔ السَوَاء : مثل، مانند "هُمَا فِي هٰذَا الأَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَ ان بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ سَوَاءٍ و سَوَاسِيَة و سَوَاسِوَة" بھی کہہ سکتے ہیں۔ وَلَيْلَةُ السَوَاءِ : تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ و العَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزہ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ أَزَيْدٌ جَاءَ أَمْ عَمْرٌو" میرے لیے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاء عَلَيَّ أَقُمْتَ أَمْ قَعَدْتَ" میرے لیے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف أَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قُمْتَ أَوْ قَعَدْتَ اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ أَوْ قُعُوْدُكَ و قِيَامُكَ و قُعُوْدُكَ"

السِوَيّ و السُوَيّ۔ برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءَ وا سِوَيَ زَيْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِيْ رَجُلٌ سِوَاكَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًى و العَدَمِ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "هُمَا عَلَى حَدٍ سِوًى" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَوِيّ۔ ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَكَانٌ سَوِيٌّ : بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِيٌّ : بے عیب لڑکا۔ ج أَسْوِيَاء۔

السَوِيَّة۔ السَوِيّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى سَوِيَّةٍ فِي هٰذَا الأَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَيْنَهُمَا بِالسَوِيَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَايَا۔

السِيّ۔ بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا سِيَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِيٌّ : ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لیے کہا جاتا ہے "مَا هِيَ بِسِيٍّ لَكَ وَلَيْسَتِ الْمَرْأَةُ لَكَ بِسِيٍّ و مَالَكَ بِأَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَا سِيَّمَا" سی اور ما

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِیَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

الْاَسْوٰی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْمَكَانُ اَسْوٰى هٰذِهِ الْاَمْكِنَةِ"

اَلْاِسْتِوَاء۔ مص۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِيِّين : وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَيَّأَت و تَسْيِيَات۔ النَّاقَةُ : اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَيَّأَتْ عَلَى الْاُمُوْرِ" میرے اُوپر اُمور مختلف ہوگئے۔ و "تَسَيَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّيْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کرلیا۔

اِنْسِيَأ۔ اَللَّبَنُ :دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔

اَلسَّنُ و السِّنُّ۔ دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُنُوْن۔

سَابَ يَسِيْبُ سَيْبًا۔ الْمَاءُ :پانی کا ہر طرف کو بہنا ـــــ الرَّجُلُ : تیز چلنا ـــــ فِيْ كَلَامِهٖ ـــــ بغیر غور و فکر کے بولنا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَيَّبَهٗ۔ چھوڑ دینا ـــــ الْعَبْدَ :غلام کو آزاد کر دینا۔

اَلْسَاب اِنْسِيَابًا۔ تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الْحَيَّةُ : سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

ـــــ فُلَانٌ نَحْوَنَا۔ لوٹنا۔

اَلسَّيْب۔ مص۔ بارش۔ داود ہش۔ مال' زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُيُوْب۔

اَلسِّيْب۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُيُوْب سِيَب۔ (فارسی)

اَلسَّيَاب و السَّيَّاب و السُّيَّاب۔ کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَيَابَةٌ و سَيَّابَةٌ۔

اَلسَّيَابَةُ : شراب۔

اَلسِّيْبَان۔ صِبْيَان کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔

اَلسَّائِبَة۔ چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس' پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُيَّب و سَوَائِب۔

سَيَّجَ۔ الْكَرْمَ :انگور میں باڑ لگانا۔

اَلسِّيَاج۔ دیوار۔ باڑ۔ ج سِيَاجَات و اَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔

اَلسَّيْجَان۔ ایک قسم کی مچھلی۔

سَاحَ يَسِيْحُ سَيْحًا و سَيَحَانًا۔ الْمَاءُ :پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ سَائِحٌ و سَيْحٌ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْاَرْضُ تُسْقٰى بِالْمَاءِ سَيْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے ـــــ الظِّلُّ :پھرنا۔ ہٹ جانا ـــــ سَيْحًا و سَيْحَانًا و سِيَاحَةً و سُيُوْحًا) زمین میں عبادت کے لیے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِح) ج سُيَّاحٌ و سَائِحُوْن۔

سَيَّحَهٗ و اَسَاحَهٗ۔ بہانا۔ کہا جاتا ہے "يَسِحُّ تَسْيِيْحًا كَثِيْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اَسَاحَ الْفَرَسُ بِذَنَبِهٖ :گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔

اِنْسَاحَ۔ بَطْنُهٗ : پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا پھٹنا ـــــ بَالُهٗ : کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَة : چٹان کا پھٹ جانا۔

اَلسَّيِّح۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُيُوْح و اَسْيَاح۔

اَلسَّائِح۔ مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

اَلسَّيَّاح۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا۔

اَلْمِسْيَاح۔ بُرائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَايِيْح۔

اَلْمُسَيَّح۔ مِنَ الثِّيَاب :دھاری دار کپڑا۔

سَاخَ يَسِيْخُ سَيْخًا و سَيَخَانًا۔ مضبوط ہونا۔ سَاخَتْ قَدَمُهٗ فِي الطِّيْنِ : گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

اَلسِّيْخ۔ بڑی چھری۔ (فارسی)

اَلسِّيَاخ۔ مٹی کی عمارت۔ ج سُيُوْخ۔

سَارَ (ض) سَيْرًا و تَسْيَارًا و مَسِيْرًا و مَسِيْرَةً و سَيْرُوْرَةً۔ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ـــــ ہ و بِهٖ : چلانا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور پر سوار ہونا ـــــ السُّنَّةَ : عمل کرنا۔ جیسے "وَاوَّلُ رَاضٍ سُنَّةَ مَنْ يَسِيْرُهَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنَّكَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْكَ الشَّكَّ و الْمِرَاءَ" سَارَ الْكَلَامُ او الْمَثَلُ فِي النَّاسِ : مشہور ہونا۔

سَيَّرَ وَاَسَارَ۔ الرَّجُلَ : چلانا ـــــ الْجُلَّ عَنْ ظَهْرِ الدَّابَّةِ : اتار دینا۔ سَيَّرَ الثَّوْبَ او السَّهْمَ : دھاری ڈالنا۔ سَيَّرَ الْمَثَلَ : لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَيَّرَ سِيْرَةً : پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَيَّرَهٗ مِنْ بَلَدِهٖ : جلا وطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَايَرَهٗ۔ ساتھ چلنا۔

تَسَيَّرَ۔ اَلْجِلْدُ : چھل جانا۔

تَسَايَرَا۔ باہم مل کر چلنا۔ تَسَايَرَ عَنْ وَجْهِهِ الْغَضَبُ :زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِيَارًا۔ زاد راہ خریدنا ـــــ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ : کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔

سَارَ۔ الشَّيْءُ : تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

اَلسَّيْر۔ تسمہ۔ ج سُيُوْرٌ و سُيُوْرَةٌ و اَسْيَارٌ۔

اَلسِّيْرَة۔ سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِيْرَةُ الرَّجُلِ : سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِّيْرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِيْرَتُهٗ حُمِدَتْ سِيْرَتُهٗ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِيَر۔

اَلسِّيَرَاء۔ دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نباتات- گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا- دل کا پردہ- کھجور کی ٹہنی-

السَّنَائِر- فا- سَائِرُ الشَّیْءِ : چیز کا بقیہ- المَثَلُ السَّائِر :

السَّیَّارُ والسَّیِّرَةُ والسَّیُّوْرُ- بہت چلنے والا-

السَّیَّارَة- السَّیَّار کا مؤنث- قافلہ- آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ- جیسے زحل' مشتری' مریخ' زمین' زہرہ' عطارد وغیرہ- ج سَیَّارَات-

السَّیَّارَة : موٹر کار-

التَّسْیَار- مص- سیر کا مبالغہ-

المَسُوْر- مفع- قیاس کے لحاظ سے مَسِیْر ہے- مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا- طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ : آمد و رفت والا راستہ-

المَسِیْرَةُ- مص- مسافت- کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا مَسِیْرَةُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے-

المُسَیَّر- مِنَ الثِّیَاب : دھاری دار کپڑا-

السِّیْرَج- تل کا تیل-

سَیَسَ یَسِیْسُ سَیْسًا- الطَّعَامُ : گھن پڑنا-

سَاسَاه- شرم دلانا- عار دلانا-

السِّیْس- چنبیلی کا پودہ-

السِّیْسَاء- ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ- سِیْسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ : جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ-

سَیْطَرَهُ سَیْطَرَةً و تَسَیْطَرَ- نگہبان ہونا- داروغہ ہونا-

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا- الشَّیْءُ : ضائع ہونا ـــــ وانْسَاعَ و تَسَیَّعَ : المَاءُ : پانی کا اِدھر اُدھر بہنا- اِنْسَاعَ الجَامِدُ : جمی ہوئی چیز کا پگھلنا-

سَیَّعَ- الحَائِطَ بِالطِّیْنِ : دیوار کا مٹی سے لیپنا ـــــ الشَّیْءَ : تیل وغیرہ ملنا-

اَسَاعَ- الشَّیْءَ : ضائع کرنا-

السَّیْع- مص- سطح زمین پر بہنے والا پانی-

السَّیَّاع- گارا- کیچڑ-

السِّیْغَاءُ والسِّیَغَاءُ- رات کا حصہ- کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْغَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا-

المِسْیَغَةُ- کرنی- کیچڑ کرنے کا اوزار- نَاقَةٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لیے جانے والی اونٹنی-

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا- الشَّرَابُ : خوشگوار بنانا-

السَّیْغُ- مِنَ الشَّرَاب : خوشگوار شراب-

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا- اَلْیَدُ : ناخن کے اردگرد پھٹنا-

سَافَهُ یَسِیْفُهُ سَیْفًا- تلوار سے مارنا-

تَسَیَّفَهُ- تلوار سے مارنا-

سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا و اِسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا- باہم تلوار بازی کرنا- واُسْتِیْفَ القَوْمُ : تلوار سے مارا جانا-

السَّیْف- تلوار- ج اَسْیَاف و سُیُوْف و اَسْیُف و مَسْیَفَةٌ و (السَّائِف) تلوار سے مسلح- سَیْفُ الجَبَّارِ : تین ستاروں کے نام- سَیْفُ الرِّیَاح : ایک قسم کی نباتات-

السَّیْفُ والسِّیْف- ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے- السِّیْفُ : سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ- ج اَسْیَاف- وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے-

السَّیْفَانُ- مِنَ الرِّجَال : لمبا و پتلا مرد- مؤنث سَیْفَانَةٌ- اور بقول بعض عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے-

السَّیَّاف- شمشیر زن- ج سَیَّافَةٌ- رَجُلٌ سَیَّافٌ : خون گرانے والا مرد- سَیَّافُ الأَمِیْرِ : جلاد-

الأَسْیَاف- پارٹیاں-

المَسَایِف- خشک سالی- قحط- کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمُ المَسَایِف" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی-

المُسِیْف- تلوار سے مسلح- دلیر- فقیر-

المُسَیَّف- مِنَ الدَّرَاهِم : درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں ـــــ مِنَ البُرُوْد : چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں-

السِّیْنِکَاهُ- فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ (ض) سَیْلاً و سَیَلاَنًا و مَسِیْلاً و مَسَالاً- المَاءُ : بہنا- سَالَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا-

اَسَالَ اِسَالَةً و سَیَّلَ تَسْیِیْلاً- المَاءَ : جاری کرنا- بہانا- اَسَالَ الجَامِدَ : پگھلانا- اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ : لمبا کرنا-

تَسَایَلَ- القَوْمُ : ہر طرف سے آنا-

السَّائِلَةُ- مِنْ غُرَّةِ الخَیْلِ : گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی- ج سَوَائِل-

السَّیْل- مص- بہنے والا- کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی- السَّیل : سیلاب- ج سُیُوْل-

السَّیْلَةُ- پانی بہنے کی جگہ- سال کا اسم مرۃ-

السَّیْلَة- پانی کا بہاؤ-

السَّیْلان- ایک قیمتی پتھر- تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو- ج سَیَالِیْن-

السَّوَائِل- مِنَ المَعَادِنِ وغَیْرِهَا : بہنے والی چیزیں-

السَّیَال- سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے- واحد- سَیَالَةٌ-

السَّیَّال- زور سے بہنے والا- مؤنث سَیَّالَة

السَّیَّال : ایک قسم کی مچھلی-

مَسِیْل- المَاءِ : پانی بہنے کی جگہ- ج مَسَائِل و مُسُل و اَمْسِلَة و مُسْلاَن-

المُسَال- مِنَ الوَجْهِ : ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب-

السِّیْمُوْنِیَّة- سیمون جادوگر کی طرف منسوب- مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش-

سِیَةُ- القَوْسِ : کمان کا سرا- ج سِیَات-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ش

الشُّؤْبُوب- بارش کی بوچھاڑ- دھوپ کی تیزی- ہر چیز کی حد- ہر چیز کی شدت دفع- آغازِ حسن- ج شَآبِیب- کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے-

الشَّبِیْت- ٹھوکر کھانے والا گھوڑا-

شَاجَهٗ یَشْأَجَهٗ-الْاَمْرُ : غمگین کرنا-

شَئِزَ (س) شَأْزًا و شُؤْزَةً و شُؤَازًا- الْمَکَانُ : سخت اور بلند ہونا- ناہموار ہونا- صفت (شَأْزٌ و شِئْزَةٌ) ( ـــــ و شَئِزٌ) بے آرام ہونا- ڈرنا-

شَأَزَ(ف)شَأْزًا :الْجَارِیَةَ :جماع کرنا-

اَشْأَزَهٗ- رنجیدہ کرنا- بے آرام کرنا- ڈرانا-

اَشْأَزَالرَّجُلُ :عَنْ کَذَا :بلند ہونا-

اِشْتَأَزَ-بدکنا-

الشَّأْزَةُ-اسم مرۃ-خَیْلٌ شَأْزَةٌ :موٹا گھوڑا-

الْمَشْئُوْزُ والْمَشْؤُزُ- بے آرام- بے قرار- خوفزدہ-

شَئِسَ(س)شَأَسًا-الشَّیْئُ :سخت ہونا-

ـــــ الرَّجُلُ : مرض یا غم سے بے قرار ہونا

ـــــ اَلْمَکَانُ :سخت و سنگریزہ دار ہونا-مَکَانٌ (شَئِسٌ و شَأْسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ- ج شَئِیس و شُؤْسٌ-

شَأْهَ أَشْأَهَةً و شَأْشَاءَةً-الرَّاعِی-الْغَنَمَ أَو الْحُمُرَ وبِهَا :شَأْهًا یا شُؤْشُؤًا کہہ کر ہانکنا-

النَّخْلَةُ :درخت خرما میں گابھا لگنا-

تَشَأْشَأَ-الْقَوْمُ :متفرق ہونا- بکھرنا-

الشَّأْشَاءُ-مص-ایک قسم کی ردی کھجور- کھجور کے لمبے درخت-

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا- الرَّجُلُ : آبلہ پڑنا- صفت (مَشْؤُوْفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُه : ناخنوں کے اردگرد پھٹنا- ( ـــــ شَأَفًا و شَآفَةً) فُلَانًا و لِفُلَانٍ :بغض رکھنا-

شَئِفَ- خوفزدہ ہونا- ڈرایا جانا- صفت (مَشْؤُوْف)شَئِفَتِ الرِّجْلُ :آبلہ پڑنا-

اِسْتَشْأَفَتِ-الْقَرْحَةُ : خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا-

شَأْفٌ-الْجُرْحِ :زخم کی خرابی-

الشَّأْفَةُ- جڑ تک کے زخم- کہا جاتا ہے "اِسْتَاصَلَ شَأْفَتَهٗ" اس نے اسے جڑ سے کھودیا- و "بَیْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے- واِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے-شَأْفَةُ الرَّجُلِ :اہل ومال-

رَجُلٌ شَأْفَةٌ-معزز وبلند مرتبہ مرد-

شَأَمَ (ف) شَأْمًا- الْقَوْمَ و عَلَیْهِمْ : بدبختی ڈالنا-صفت(شَائِمٌ)

شُؤْمَ(ک) شَآمَةً و شُئْمَ-عَلَیْهِم :منحوس و نامبارک ہونا-

شَأَّمَهُمْ-ملک شام کی طرف روانہ کرنا-

شَاءَ مَ مُشَاءَ مَةً- بِهٖ : بائیں طرف لینا-

الرَّجُلُ :ملک شام میں آنا-

اَشْأَمَ- ملک شام کا ارادہ کرنا- ملک شام میں آنا- سر اُٹھائے ہوئے گزرنا-

تَشَاءَ مَ وتَشَأَّمَ- ملک شام کی جانب منسوب ہونا-بائیں طرف ہونا-

تَشَاءَ مَ واِسْتَشْأَمَ- بِهٖ :بدفالی کرنا- بدشگون لینا-

الشُّؤْمُ- نحوست- کالے اونٹ-

الشَّامُ والشَّأْمُ- ملک شام-

الشَّأْمِیُّ والشَّآمِیُّ والشَّآمِیُّ- ملک شام کی جانب منسوب-

الشَّائِم-فا- نحوست لانے والا-

الشَّأْمَةُ والْمَشْأَمَةُ- نحوست-

الشِّیْمَةُ والشِّئْمَةُ- خلق- طبیعت- عادت- ج شِیَم-

الْاَشْأَمُ-اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأَمُ کُلِّ امْرِئٍ بَیْنَ لِحْیَیْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے- یعنی زبان- بدبختی لانے والا- مؤنث شُؤْمٰی-

والْیَدُ الشُّؤْمٰی :بایاں ہاتھ-

الْاَشَائِم-اِشْأَم کی جمع-

الْمَشْئُوْم والْمَشْؤُوْم- منحوس- بدبخت- ج مَشَائِیم-

شَأَنَ (ف) شَأْنًا- صاحب عزت و مرتبہ ہونا- کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَک" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا- "مَاشَأَنَ شَأْنَک" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی- و "اِشْأَنْ شَأْنَک" اپنی حالت پر رہو-

اِشْتَأَنَ-شَأْنَک :کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا-

الشَّأْن- ج شُؤُوْن و شِئَان و شِئِیْن :بڑے بڑے اُمور و احوال- معاملہ- حالت- کہا جاتا ہے "مِنْ شَأْنِهٖ کَذَا و اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے- و "مَاشَأْنُک" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُن و شُؤُوْن : سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ- کہا جاتا ہے- "بَلَغَتِ الرَّائِحَةُ اِلٰی شُؤُوْنِ رَأْسِهٖ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی- پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں ـــــ شُؤُوْنٌ واَشْؤُنٌ : رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں- کہا جاتا ہے "فَاضَتْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



شُؤُوْنُهٗ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں ـــــ الشُّؤُوْن :حاجتیں- کہا جاتا ہے "كَلِّفْنِي شُؤُوْنَكَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کردو ـــــ شُؤُوْنُ الخَمرِ : شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے-

شَأَى يَشْؤُ وشَأْوًا واِشْآءً اِشْتِئَاءً ا- القَوْمَ : آگے بڑھ جانا- شَأَى التُّرَابَ مِنَ البِئْرِ : کنوئیں سے مٹی نکالنا-

شَاءَ یُ مُشَاءَۃً ا- القَوْمَ : آگے بڑھنا- آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا-

تَشَاءَ یُ تَشَائِیًا- القَوْمُ :ایک دوسرے سے آگے بڑھنا- متفرق ہونا- تَشَاءَ یُ مَابَیْنَهُمَا : فاصلہ پر ہونا-

الشَّاؤ- مہ- مدت- غایت- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الشَّاوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عَدَا شَاوًا" وہ ایک چکر دوڑا- الشَّاوُ :اونٹنی کی مہار- اونٹنی کی بیگنیاں- زنبیل- کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی-

المِشْآۃ- کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی- ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے- ج المَشَائِی-

الشَّبْأَۃ- تالے کی جھڑ-

شَبَّ (ض) شَبَابًا و شَبِیْبَۃً- الغُلَامُ :جوان ہونا- کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ إِلٰی دَبَّ" :جوانی سے بڑھاپے تک-

شَبَّ (ن ض) شَبِیْبًا و شِبَابًا و شُبُوْبًا الفَرَسُ :اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا- نشاط میں ہونا- عرب کا مقولہ ہے "الجَوْهَرُ یَشُبُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے-

شَبَّ (ن) شَبًّا و شُبُوْبًا- النَّارَ : آگ روشن کرنا- شَبَّتِ النَّارُ : آگ روشن ہونا ـــــ الشَّیْءَ :بلند ہونا- بڑھنا-

شُبَّ- الشَّیْءُ :زیادہ کیا جانا- بلند کیا جانا- شُبَّتَ النَّارُ : روشن ہونا- شُبَّ لَهُ الشَّیْءَ : اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا-

شَبَّبَ و تَشَبَّبَ- جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا ـــــ الشَّاعِرُ بِالفَتَاۃِ :عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا- شَبَّبَ قَصِیْدَۃً عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا- کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قَصِیْدَتَهٗ بِفُلَانَۃٍ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے- پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو- شَبَّبَ الكِتَابَ : کتاب شروع کرنا- تَشَبَّبَتِ النَّارُ : آگ روشن ہونا- بھڑکنا-

اَشَبَّ- الغُلَامُ :لڑکے کا جوان ہونا-

الرَّجُلُ : جوان اولاد والا ہونا ـــــ اللّٰهُ الغُلَامَ : لڑکے کو جوان کرنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو اکسانا ـــــ الثَّوْرَ : بیل کا بوڑھا ہونا- صفت (مُشِبٌّ و مُشَبٌّ و شَبٌّ و مِشَبٌّ) أُشِبَّ- لَهٗ كَذَا :مقدر کیا جانا-

الشَّبُّ- پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے- جوان- شَبُّ اللَّیْلِ :ایک قسم کی نباتات-

الشَّبَابُ والشَّبِیْبَۃُ- مہ- جوانی' بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ- ابتداء جیسے "شَبَابُ النَّهَارِ" دن کی ابتداء- الشَّبَابُ بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے- "قَصِیْدَۃٌ حَسَنَۃُ الشَّبَابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شیبہ کی جمع شَبَائِب-

الشَّبُّوْبُ- عمدہ بنانے والا- آراستہ کرنے والا- کہا جاتا ہے "هٰذَا شَبُّوْبٌ لِكَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے- مثلاً "الخِمَارُ شَبُّوْبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے ( ـــــ والشِّہَاب) جس سے آگ جلائی جائے-

الشَّبَّابَۃ-ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اس کو مِنْجَرَۃ کہتے ہیں-

الشَّابُّ والشَّبُّ- جوان- ج شَبَاب و شُبَّانٌ و شَبِیْبَۃٌ- مؤنث شَابَّۃٌ و شَبَّۃٌ- ج شَابَّاتٌ و شَبَّاتٌ و شَوَابُّ و شَبَائِب-

المُشِبُّ- شیر-

المَشْبُوْبُ- مِنَ الرِّجَال : تیز خاطر مرد-

المَشْبُوْبَتَان : زہرہ و مشتری- نَارٌ مَشْبُوْبَۃٌ : بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّۃٌ نہیں بولتے)-

الشِّبِثُّ- سوئے کا ساگ-

شَبِثَ (س) شَبَثًا و تَشَبَّثَ- بِكَذَا : چمٹنا- معلق ہونا-

رَجُلٌ (شُبَعَۃ) اپنے مقابل کو چمٹنے والا-

الشِّبْث-ایک قسم کی ترکاری-

الشَّبَث- مکڑی- ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں- ج اَشْبَاث و شِبْثَان- رَجُلٌ (شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا مرد-

الشِّبَاثُ والشَّبُّوْثُ- ٹیڑھے سرے والی بیخ- ج شَبَابِیْث-

اَشْبَجَ- البَابَ :دروازہ بھیڑنا-

الشَّبَج- بلند دروازہ یا دروازہ- واحد (شَبَجَۃٌ)

شَبَحَ (ف) شَبْحًا- الشَّیْءَ : پھاڑنا- چیرنا ـــــ الجِلْدَ : کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا ـــــ الرَّجُلَ : گھسیٹنا ـــــ الدَّاعِی : دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا ـــــ فُلَانًا لَهٗ : کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا-

شَبُحَ (ک) شَبَاحَۃً- لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا-

شَبَحَ- بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا ـــــ الشَّیْءَ :چھیلنا- چوڑا کرنا-

تَشَبَّحَ- الحَرْبَاءُ عَلَى العُوْدِ : گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا-

الشَّبْحُ والشَّبَحُ شخص- بلند عمارت کا دروازہ- ج شُبُوْحٌ و أَشْبَاحٌ- أَشْبَاحُ المَالِ : نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ-

الشَّبْحَۃ- اسم مرۃ- کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَیْتِیْ شَبْحَۃً شَبْحَۃً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک لکڑی نکال لی-

ـــــ عِنْدَ المُوَلِّدِیْن : گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسّی-

الشَّبْحَان- لمبا-

الشَّبَحَان- مِنْقَلَۃ کھیل کود کی دو لکڑیاں- (دیکھئے مِنْقَلَۃ)

الشَّبْخ- دودھ دوہنے کی آواز-

الشِّبْدِعُ والشِّبْدِعَۃُ- بچھو- معیت- زبان- ج شَبَادِع-

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا- الغَوْبَ و نَحْوَهٗ :بالشت سے ناپنا- شَبَرَهٗ مَالًا : کسی کو مال دینا-

شَبِرَ (س) شَبَرًا- الرَّجُلُ :اکڑنا- اِترانا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



شَبَّرَ- الشَّیْءَ : اندازہ کرنا ـــــ فُلَانًا : تعظیم کرنا۔
اَشْبَرَ- فُلَانًا : فضیلت دینا ـــــ ہ مَالاً : دینا ـــــ الرَّجُلُ : لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔
تَشَابَرَ- الفَرِیْقَانِ فِی الْحَرب : ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔
تَشَبَّرَ- بڑا ہونا۔
الشِّبْرُ- مص۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَم یُعْطِهَا شِبرها" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔
الشِّبْرُ- عمر۔ بالشت۔ ج اَشْبَار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔
الشَّبَر- عطیہ۔ خیر۔
الشِّبْرَة- قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشِّبْرِقَة- عطیہ۔
الشَّبُّوْر- بگل۔ ج شَبَابِیر و شَبُّوْرَات (کلمہ عبرانی ہے)
الشَّابُّوْرَة- خلیج۔ کہر (جدید)
شَابُر- المیزان : چور۔
فُلَانٌ (اَشْبَر) مِنْكَ : فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔
الْاَشْبُوْ- ایک قسم کی مچھلی۔
المَشَابِر- نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرة)۔
شَبْرَقَهُ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ : پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِی مَشْیِهَا ـــــ جانور کا دو رو در قدم رکھنا ـــــ البَازِی الصَّیْدَ : نوچنا اور پھاڑنا ـــــ الثَّوْبَ : بُرا بننا۔
الشَّبَارِق و الشُّبَارِق- ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شَبَارِیْقُ و شَبْرَق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِق- بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق۔
الشِّبْرِقَة- کپڑے کا ٹکڑا۔
الشِّبْرَاق- مِنْ كُلِّ شَیْءٍ : سخت۔
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) بُرا بنا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِم- پستہ قد۔
الشُّبْرُمَة- بلی۔
الشَّبْرَق- آسیب زدہ۔
تَشَبَّصَ- الشَّجَرُ : آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الشَّبَص- درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ سختی۔
شُبَاطٰی- ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔
الشُّبُّوْط و الشَّبُّوْط و الشَّبُّوْط- ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِیْط۔
شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا۔ وِمِنَ الطَّعَام : شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ و رَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً۔ عَقْلُهٗ : بہت عقل والا ہونا۔
شَبَّعَتْ۔ غَنَمُهٗ : آسودگی کے قریب ہونا۔
اَشْبَعَهٗ۔ کھلا کر شکم سیر کرنا ـــــ الشَّیْءَ : زیادہ کرنا ـــــ الثَّوْبَ مِنَ الصَّبغ : خوب گہرا رنگنا ـــــ الكَلَامَ : مکمل کہنا۔
تَشَبَّعَ- بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔
الشِّبْعُ و الشِّبَعُ- کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔
الشَّبَاعَة- آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔
الشِّبْعَة- ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔
الشِّبْعَان- شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَى و شَبْعَانَة ج شِبَاعٌ و شَبَاعَى۔ کہا جاتا ہے "هِیَ شَبْعَى الذِّرَاعِ" وہ پر گوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعَى الخَلْخَالِ اَوِ السَّوَارِ و الدِّرْعِ" یعنی موٹی۔
الشَّبِعَة- شکم سیر عورت۔
الشَّبِیْع- بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِیْعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِیْعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِیْعٌ" بہت لٹوں والی رسی۔ ج شُبُع۔
شَبِقَ (س) شَبَقًا۔ بہت سوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ۔
مِنَ اللَّحْمِ : گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔
الشُّوْبَق- بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شَوْبَک) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔
شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا۔ الْاُمُوْرُ : ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهٗ عَنْهُ : غافل کر دینا (شَبَكَ و شَبَّكَ) الشَّیْءَ : ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِی بَعْضَهَا فِیْ بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَیْنَ اَصَابِعِی" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔
اَشْبَكَ- القَوْمُ : نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ المَكَانُ" : قریب کنوئیں والی ہونا۔
شَابَكَ- بَیْنَ الْاَصَابِع : انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔
تَشَابَكَتِ- الْاُمُوْرُ : باہم مختلط ہونا۔
اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ- مختلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا ـــــ الكَلَامُ اوِ الْاُمُوْرُ : پیچیدہ ہونا۔
الشَّبَكَة- شکاری کا جال۔ ج شَبَك و شِبَاك و شَبَكَات۔ الشَّبَكَة : بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔
الشُّبْكَة- قرابت۔
طَرِیْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شوابک۔
الشَّبَّاک- جال بنانے والا۔
الشُّبَّاک- درپچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیک
الشَّبَّاک : شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شَابِک کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔
الشَّبَابِک- جھگڑے۔
المُشَبَّک- ایک قسم کا کھانا۔
شَبَلَ (ن) شُبُوْلاً۔ الغُلَامُ : لڑکے کا نازونعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) ـــــ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ : پرورش پانا۔
اَشْبَلَ- عَلَیْهِ : مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ اَشْبَلَتِ المَرْاَةُ عَلٰی اَوْلَادِهَا : شوہر کی وفات کے بعد

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔
الشِّبْلُ۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال و اَشْبُل و شُبُوْل۔ اَبُو الْاَشْبَال: شیر۔
لَبُوْءَۃٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔
مَکَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔
شَبَمَ (ن) شَبْمًا و شَبَمَ۔ الْجَدْیَ: بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
شَبِمَ (س) شَبَمًا۔ الْمَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔
الشَّبَمُ۔ سردی۔
الشَّبِمُ۔ صبح شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔
الشَّبِمُ۔ ہتھیار۔ زہر۔ موت۔
الشِّبَامُ و الشِّبَمَۃُ۔ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔
الشِّبَامُ۔ برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔
الْمُشَبَّمُ۔ تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔
شَبِنَ (ن) شَبَنًا۔ الْغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پُرگوشت ہونا۔ (ـــــ شُبُوْنًا) الشَّیْءُ: قریب ہونا۔
الشَّابِنُ۔ مِنَ الْغِلْمَانِ: نازک اندام پُرگوشت لڑکا۔
الشَّبِیْنُ و الْاِشْبِیْنُ۔ دولھا کا خدمت گار۔
شَبِیْنَۃٌ و اِشْبِیْنَۃٌ: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)
الشَّبَانِیَّ و الْاُشَبَانِیَّ و الشَّبَانِیَّ۔ سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔
شَبَّهَهٗ اِیَّاہُ و شَبَّهَهٗ بِہٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّہَ عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّہَ الشَّیْءُ: مشکل ہونا۔
شُبِّہَ عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔
اَشْبَهَهٗ و شَابَهَهٗ: مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَہَ فُلَانٌ اُمَّهٗ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔
تَشَبَّہَ بِہٖ: مانند ہونا' عمل میں مشابہت کرنا۔
تَشَابَہَ۔ الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الْاَمْرُ۔ مُتَشَابِہٌ یعنی غیر محکم ہونا۔
اِشْتَبَهَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔
اِشْتَبَہَ فِی الْاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا
ـــــ الْاَمْرُ عَلَیْہِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔
الشِّبْہُ و الشَّبَہُ۔ مثل مانند۔ ج اَشْبَاہ و مَشَابِہ جیسے (حسن و محاسن) الشَّبَہ: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔
(الشِّبْہ و الشَّبَہ و الشَّبَهان و الشِّبْهَان) پیتل۔
الشُّبْهَۃُ۔ مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَہ و شُبُہات۔
الشَّبِیْہ۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شَبَاہ۔
الْمُشَبَّہ و الْمُشْتَبَہ۔ مِنَ الْاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ و الْمُشَبَّہَات" اپنے آپ کو اُمورِ مشکلہ سے بچاؤ۔
شَبَا یَشْبُو شَبْوًا۔ الشَّیْءُ: بلند ہونا ـــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
ـــــ الْوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا
ـــــ النَّارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔
اَشْبٰی اِشْبَاءً۔ الرَّجُلَ: دینا ـــــ عَلَیْہِ: مہربان ہونا ـــــ ہ: تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا ـــــ الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا
ـــــ الشَّیْءَ: ہٹانا ـــــ الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبٍ و مُشْبٌ)
الْاَوْلَادُ اٰبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
الشَّبَاۃُ۔ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ـــــ مِنَ السَّیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبَا و شَبَوَات۔ بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ شَبَاۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔
شَبَوَۃٌ۔ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیت تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَّبْوُ۔ دکھ۔ تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتًّا و شَتَاتًا و شَتِیْتًا۔ متفرق ہونا (ـــــ و شَتَّتَ و اَشَتَّ) الْاَشْیَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ و انْشَتَّ و اسْتَشَتَّ۔ الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔
الشَّتُّ۔ مصـ پراگندگی۔
اَمْرٌ (شَتٌّ و شَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَات" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
شَتَّانَ۔ بمعنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَهُمَا و مَا بَیْنَهُمَا و مَا زَیْدٌ و اَخُوْهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَّتِیْت۔ مصـ پراگندہ۔ متفرق۔ ح شَتْمٰی (جیسے مریض و مرضیٰ) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے دانت۔
اُنَاسٌ (شَتّٰی و شُتُوْتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اَشْیَاءُ شَتّٰی: مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق اُمور میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ الرَّجُلَ: زخمی کرنا ـــــ الْعَیْنَ: پلک اُلٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَرًا۔ کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا ـــــ بِہٖ: گالی دینا۔ (ـــــ و شُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔
شَتَّرَ۔ عَیْنَہٗ: پلک اُلٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔
اِنْشَتَرَتْ۔ عَیْنُہٗ: اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔
اَلشَّتَر: مصـ کٹنا۔ پلک اُلٹنا۔ عیب و نقص۔
الشُّتْرَۃُ۔ دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الشَّتِیْر۔ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔
الْاَشْتَر۔ اُلٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاء۔ ج شُتْر۔
الشَّوْتَرَۃ۔ بڑے سرین کی عورت۔
شَتِعَ (س) شَتَعًا۔ بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔
شَتَفَهٗ (ض) شَتْفًا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا۔
اَشْتَفَہ۔ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَشَاتِع- بلاکتیں-
شَتَمَهُ (ن ض) شَتْمًا و مَشْتَمَةً و مَشْتِمَةً و مَشْتُمَةً و تَشْتَامًا- گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا- کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا-
شَتُمَ (ک) شَتَامَةً- بدصورت و کریہہ المنظر ہونا- صفت (شَتِيمٌ) الشَتِيم- غضبناک شیر-
شَتَّمَهُ- بہت گالی دینا-
شَاتَمَهُ- باہم گالی گلوچ کرنا-
تَشَاتَمَ- القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا-
تَشَتَّمَ- گالی سننے کے درپے ہونا-
الشَتَامَة- مص- بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی-
الشَتِيمَة- گالی- ج شَتَائِم-
الشَتَّام و الشَتَّامَة- بُرے چہرہ والا- بدخلق-
الشَتَّام و الشَتَّامَة- بہت گالی دینے والا-
الشَتَّامَة- شیر غضبناک-
شَثَنَ (ن) شَثْنًا- الثَوْبَ: کپڑے کو بُننا- صفت (شَاثِن)
الشَثْن- مص- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَثْنُ الكَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد-
الشَثُون- بُننے والا-
شَتَا يَشْتُو شَتْوًا و شَتًى تَشْتِيَةً و تَشْتِيً تَشْتِيًا- بِالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا- شَتَا و تَشَتَّى المَكَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا- شَتَاةٌ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا-
شَتَا يَشْتُوا شَتْوًا و شَتِيَ و اَشْتَى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا- موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ يُشْتِيْنِي" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی- شَتَا الشِتَاءُ: سردی پڑنا-
شَاتِي مُشَاتَاةً و شِتَاءً- الرَجُلَ: جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا-
الشِتَاء- مص- موسم سرما- ج اَشْتِيَة و شُتِيّ اور نسبت کے لئے (شَتْوِيّ و شَتَوِيّ) الشَتْوِيّ: جاڑے کی بارش فَاكِهَةُ الشِتَاءِ: آگ-
الشِتَاءُ و الشِتَا- قحط-

الشَتَاةُ و الشَتْوَةُ- جاڑا- صاحب الشَتْوَة: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں-
الشَتِيّ- جاڑے کی بارش-
المَشْتَى و المَشْتَاة- جاڑے کا زمانہ یا جاڑے کی جگہ- موسم سرما گزارنے کی جگہ- ج المَشَاتِي-
کہا جاتا ہے هٰذِهِ مَشَاتِينَا و مَصَايِفُنَا و مَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں-
اَلشَثُّ- چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں- جنگلی اخروٹ- شہد کی مکھیاں- پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے- ج شِثَاثٌ- واحد (الشَثَّةُ)
الشَثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد-
شَثِرَتْ (س) شَثَرًا- عَيْنُهُ: آنکھ موٹی ہونا-
الشِثْر- پہاڑ کا کنارہ- ج شُثُوْرٌ- قَنَاةٌ (شَثِرَةٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اُڑیں-
شَثِلَتْ (س) شَثَلًا و شَثِلَتْ (ک) شُثُوْلَةً- اَصَابِعُهُ: موٹی ہونا-
شَثِلُ- الأَصَابِع: سخت اور موٹی انگلیوں والا-
قَدَمٌ (شَثْلَةٌ) موٹا اور سخت قدم-
شَثِنَ- بمعنی شَثِلَ-
شَجَّ (ن ض) شَجًّا- الرَاسَ: زخمی کرنا- توڑنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً و يَأْسُوْ مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے- شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے کرنا-
_____ المَرْكَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا-
_____ الشَرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا- کہا جاتا ہے "شَجَّ الأَرْضَ بِرَاحِلَتِهِ" یعنی بہت تیز چلایا-
شَجَّ (س) شَجَجًا- سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا- صفت (اَشَجُّ و شَجِيج) ج شُجٌّ و (مَشْجُوْجٌ و مُشَجَّجٌ) الشِجِيج و المشجَّج: بیخ- کھونٹی-
شَجَّجَهُ- سر کو بہت زخمی کرنا- شَجَّجَ عَلَى الأَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا-
شَاجَّ مُشَاجَّةً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ- القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا-
الشَجَاج- فضائے آسمانی-
الشَجَّة- سر کا زخم- ج شِجَاج-
الشَجَج- مص- پیشانی میں زخم کا نشان-
الشَجَّاج- سر کو بہت زخمی کرنے والا-
شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا- ہلاک کرنا- غمگین کرنا- کھینچ کر مشغول کرنا- کہا جاتا ہے "إِنَّكَ لَتَشْجُبِيْنَ عَنْ حَاجَتِيْ" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے "شَجَبَ القُنَيْنَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی-
شَجَبَ (ن) شَجْبًا و شُجُوْبًا و شَجِبَ (س) شَجَبًا- ہلاک ہونا- مرنا- غمگین ہونا- صفت (شَجِبٌ و شَاجِبٌ) _____ الشَيْءُ: جانا-
شَجَبَ (ن) شَجِيْبًا- الغُرَابُ: کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا-
اَشْجَبَهُ- غمگین کرنا-
تَشَاجَبَ- الشَيْءُ: خلط ملط ہونا- بعض کا بعض میں داخل ہونا-
تَشَجَّبَ- غمگین ہونا-
الشَجْب- مص- حاجت- غم- ستون خانہ- مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں- ج شُجُوْب و اَشْجَاب-
الشَجَب- مص- رنج و تکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو- ج شُجُوب-
اِشْتَرَكَ- الاَمْرُ : مشتبہ ہونا- اِشتَرَكَ القَوْمُ فِيْ كَذَا : باہم شریک ہونا-
الشِّرْک- شَرِک واَشْرَک کا اسم- شریک حصہ- اور اسی سے ہے "بِيْعَ شِرْكٌ مِنْ دارِهٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا- ج اَشْراک-
الشِّرْكَة- مص- شریک کا حصہ- دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے- اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو-
الشَّرَک- جال- پھندا- ج شُرُک واَشْراک- راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات- واحد (شَرَكَةٌ)
الشِّرَاک- جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے- زمین پر گھاس کی ایک پتی- ج اشْرُكٌ وشُرُكٌ-
الشُّرَكِيّ والشُّرَكِيّ- تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَهٗ لَطْمًا شُرَكِيًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پے در پے طمانچے مارے-
الشَّرِيک- ساجھی- شریک- ج شُرَكَاء واَشْرَاک- مؤنث شَرِيكَةٌ- ج شَرَائِک-
المُشَارِک- ساجھی- حصہ دار-
المُشْتَرَک- مفع- جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں- کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مُشْتَرَک و زَائٌ مُشْتَرَكٌ واَمْرٌ مُشْتَرَک" لفظ مشترک : جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین- رَجُلٌ مُشْتَرَكٌ : غمگین آدمی کی طرح خود بخود باتیں کرنے والا-
شَرَمَ (ض) شَرْمًا- الشَّیْءَ : پھاڑنا- الاَنْفَ : ناک کا بانسہ کاٹنا _____ الشَّرِيْدَة : ثرید کو کناروں سے کھانا _____ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ : تھوڑا سا دینا-
شَرِمَ (س) شَرَمًا- کٹی ہوئی ناک والا ہونا- صفت (اَشْرَم) مؤنث شَرْماء ج شُرْم-
شَرَّمَهٗ- پھاڑنا- چیرنا- ٹکڑے ٹکڑے کرنا-
تَشَرَّمَ وانْشَرَمَ- پھٹنا- ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
شَرَمَ الصَّيْدَ : شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا-
الشَّارِم- فا- نشانہ کے گوشہ کو چھید نے والا تیر-
الشَّرْم- مص- کھاری- سمندر کے پانی کا گہرا حصہ- ایک قسم کا درخت- ج شُرُوْم-
الشَّرْمَح- قوی و لمبا- ج شَرَامِح- وشَرَامِحَةٌ-
الشَّرْمَحِيّ- توانا و قوی-
الشَّرَمَّح- لمبا-
شَرِنَ (س) شَرَنًا- الصَّخْرُ : چٹان کا پھٹنا-
الشَّرَن- شگاف-
الشَّرَنْبَث والشَّرَنْبَذ- موٹے اور سخت ہاتھوں والا- شریر-
الشَّرَنْبَى- ایک پرندہ-
جَمَلٌ شِرْنَاصٌ- موٹی اور لمبی گردن والا اونٹ-
الشُّرْنُوْغ- مینڈک-
شَرْنَفَ- الزَّرْعَ : کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا-
الشِّرْنَاف- کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لیے مضر ہیں-
الشَّرَنْفَح- ہلکے قدم والا-
شَرْنَقَ- الشَّیْءَ : کاٹنا-
الشَّرَانِق- سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے- والشَّرَانِق عِنْدَ المُوَلِّدِيْن : ریشم کے کیڑے کا کویا' واحد (شَرْنَقَةٌ) اس کو "فَيَالِج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد "فَيْلَجَةٌ" ہے- نیز "صُلَّج" کہتے ہیں جس کا واحد "صُلَّجَةٌ" ہے-
شَرِهَ (س) شَرَهًا وشَرَاهَةً- اِلَى الطَّعَامِ وعَلَيْهِ : بہت حریص ہونا- صفت (شَرِه وشَرْهَان)
الشَّرْهَاء- مِنَ السِّنِيْن : خشک سال-
شَرْهَفَ- الصَّبِيّ : بچہ کو عمدہ غذا دینا-
الشَّرْوُ والشِّرْو- شہد-
الشِّرْوَال- سروال میں ایک لغت ہے- بمعنی پاجامہ-
شَرَى يَشْرِي شِرَاءً وشِرًى- الشَّیْءَ : خریدنا' بیچنا _____ اللَّحْمَ اَو الثَّوْبَ : دھوپ میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا _____ بِنَفْسِهٖ عَنْ قَوْمِهٖ آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا- بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا-
_____ ہ : ٹھلھا کرنا- غمگین کرنا- کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَاشَرَاهُ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا _____ اللّٰهُ فُلَانًا : پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا-
شَرِيَ يَشْرَى شَرًى- البَرْقُ : بجلی کا چمکنا _____ زِمَامُ الدَّابَّةِ : بہت زیادہ ہلنا _____ الرَّجُلُ : غضبناک ہونا- اصرار کرنا _____ الجِلْدُ : جسم پر پتی اچھلنا- صفت (شَرٍ) _____ الشَّرُّ بَيْنَهُمْ : برائی پھیلنا _____ الفَرَسُ فِيْ سَيْرِهٖ : تیز دوڑنا _____ الفَرَسُ فِي لِجَامِهٖ والبَعِيْرُ فِيْ زِمَامِهٖ : کھینچنا-
اَشْرَى- الزِّمَامَ : حرکت دینا _____ الشَّیْءَ : جھکانا- الحَوْضَ : حوض کو بھرنا _____ البَرْقُ : بجلی کا تیز چمکنا _____ بَيْنَهُمْ : بھڑکانا _____ القَوْمُ : خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا-
شَرَى- اللَّحْمَ اوالثَّوبَ ونَحْوَهُمَا : گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا-
شَارَى مُشَارَاةً وشِرَاءً- الرَّجُلَ : خرید و فروخت کرنا- جھگڑا کرنا-
اِشْتَرَى- خریدنا- بیچنا-
تَشَارَى تَشَارِيًا- الرَّجُلَانِ : باہم غضبناک ہونا-
تَشَرَّى تَشَرِّيًا- متفرق ہونا- خوارج میں سے ہونا-
اِسْتَشْرَى اِسْتِشْرَاءً- الفَرَسُ فِيْ سَيْرِهٖ :

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تیز دوڑنا ـــــ الرَّجُلُ فِي الْأَمْرِ :اصرار کرنا- اِسْتَشْرَبَ الْأُمُوْر :بڑا اور دشوار ہونا ـــــ الرَّجُلُ :غضبناک ہونا-

اِشْرَوْرَیٰ اِشْرِیْرَاءُ- مضطرب ہونا-

الشَّرَیٰ- اندرائن- عرب کہا کرتے تھے- "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرَیٌّ وَشَرَیٌّ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی- درخت خرما جو بیج سے اُگا ہو-واحد(شَرَیَّةٌ)

الشِّرَاء- ج اَشْرِیَةٌ و (الشِّرَی) خرید و فروخت-

الشَّرَاء- طرف- جانب-

الشَّرَی- پتی اُچھلنے کی بیماری- پہاڑ- راستہ- طرف- جانب- ج اَشْرَاء- کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے- الشَّرَیٰ : فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں ( ـــــ و الشَّرَاة) ردی مال یا عمدہ مال- کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَارَةٌ" یعنی عمدہ اونٹ-

الشَّرِیُّ- مِنَ الْخَیْلِ :پسندیدہ- رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا-

الشَّرِیَّةُ- الشَّرِیَّ کا مؤنث- طریقہ- طبیعت- روش- وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے-

الشَّرَوَیٰ- مثل یمی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے- کہا جاتا ہے "هُوَ وَهِيَ وَهُمَا وَهُمْ وَهُنَّ شَرَوَاكَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَاَ یَمْلَكُ شَرَوٰی نَقِیْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں- فقیری کے لیے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں- اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے-

الشَّرْیَان- ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں- اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے- ج شَرَایِیْن-

الشَّرَیَانَات- جسم کی باریک رگیں-

الشَّارِی- اسم فاعل- ج شُرَاة- زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بکلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں- الشُّرَاة :خوارج-

المُشْتَرِی- فا- خریدار- ایک سیارہ کا نام-

ایک قسم کا پرندہ-

شَرِیْف- الزَّرْعَ :کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کوٹنا-

الشِّرْیَاف- کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں-

شَزَّ(ض) شَزَازَةً- بہت خشک ہونا- صفت(شَزٌّ وشَزِیْزٌ)

شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا- کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا- صفت(شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد- ج شُزَّب و شَوَازِب-

شَزَّبَ- الفَرَسَ :گھوڑے کو لاغر کرنا- چھریرا بنانا-

تَشَازَبَ- القَوْمُ عَلَى المَاءِ وغَيْرِهِ :اپنے حصّہ کا منتظر ہونا- کہا جاتا ہے "هُمْ مُتَشَازِبُوْن" وہ لوگ اپنے حصّہ کا انتظار کر رہے ہیں-

الشَّزْبَةُ- اسم مرة- کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی- اَلشَّزْبَةُ مِنَ الْأُتُنِ :دبلی پتلی گدھی-

الشُّزْبَةُ- فرصت- کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَتُهُ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا-

الشَّزِیْبُ- لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو- کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی- ج شُزُوْبٌ-

الشَّوْزَبُ- علامت-

شَزَرَ (ض) شَزْرًا- الرَّجُلَ وَإِلَيْهِ :غصّہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا ـــــ فُلَانًا :دائیں بائیں سے نیزہ مارنا- نظر دہ لگانا-

شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واسْتَشْزَرَ- الحَبْلَ : رسّی بٹنا- اِسْتَشْزَرَ الحَبْلُ : رسّی کا بٹ جانا- اِسْتَشْزَرَ الشَّيْءَ :بلند کرنا ـــــ الشَّيْءُ :بلند ہونا-

اَشْزَرَهُ- اللّٰهُ :ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو-

تَشَزَّرَ- غضبناک ہونا ـــــ لِلْقِتَالِ : آمادۂ جنگ ہونا-

شَازَرَهُ مُشَازَرَةً- دشمنی کرنا-

تَشَازَرَ القَوْمُ : ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا-

الشَّزْرُ- مصـ- سختی- دشواری- کہا جاتا ہے "شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت-

الشَّزَرُ والشُّزْرَة- آنکھ کی سرخی-

الأَشْزَر- سرخ- عَيْنٌ شَزْرَاء :غصّہ کی وجہ سے سرخ آنکھ-

شَزِنَ(س)شَزَنًا- الرَّجُلُ :چست ہونا-

تَشَزَّنَ- الشَّيْءُ :سخت ہونا- دشوار ہونا-

ـــــ لَهُ فِي الخُصُوْمَةِ : جھگڑے میں سختی برتنا-

ـــــ لِلسَّفَرِ :سفر کی تیاری کرنا- سامان کرنا-

( ـــــ تَشَزُّنًا و تشزِیْنًا) الرَّجُلَ :پچھاڑنا-

ـــــ الشَّاةَ :ذبح کرنے کے لیے لٹانا-

الشَّزْن- چوسروغیرہ کھیلنے کا مہرہ-

الشَّزَن والشُّزُن- سختی- جانب دوری- زمین کی سختی- مِنَ العَيْشِ :زندگی کی سختی-

الشُّزُن :چوسروغیرہ کھیلنے کا مہرہ-

الشَّزْنَةُ- مِنَ النِّسَاءِ :بخیل عورت-

الشُّزُوْنَةُ- سختی-

شَزَا یَشْزُوْ اشْزُوًا- بلند ہونا-

شَسَّ(ض)شُسُوْسًا- الشَّيْءُ :خشک ہونا- الشَّاسّ- لاغر ضعیف و خشک-

الشَّسّ- سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو- ج شِسَاس و شُسُوْس و شِسِيْس-

شَسِبَ (س) وشَسُبَ (ک) شَسْبًا وشُسُوْبًا- خشک و لاغر ہونا- صفت(شاسِبٌ)ج شُسُبٌ-

الشِّسْبُ والشَّسِيْبُ- مِنَ القِسِيِّ : کمان جس کی لکڑی پتلی ہو-

الشَّسُوْب- مِنَ النُّوْقِ : اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے-

شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا- المَنْزِلُ : دور ہونا- صفت (شَسُوْعٌ) ج شُسُعٌ و (شَاسِعٌ) ( ـــــ شَسْعًا وشَسَّعَ واشْسَعَ) النَّعْلَ :جوتے کے لیے تسمہ بنانا-

اشْسَعَ- الشَّيْءَ :دور کرنا-

شَسِعَ-(س)شَسَعًا- النَّعْلُ :جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا-

ـــــ بِهِ :دور کرنا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ بِهٖ :دور کرنا۔
الشِّسْعُ۔جوتی کا تسمہ۔کہا جاتا ہے "اَوْنٰی مِنَ الشِّسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔تنگ زمین۔کسی جگہ کا کنارا۔کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعِ مِنَ الْوَادِی" وہ وادی کے کنارے پر اُترا۔تھوڑا مال۔زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "هُوَ شِسْعُ مَالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ج اَشْسَاع۔
شَسَفَ(ن)شَسْفًا(ک)شُسُوْفًا شِسَافَةً وشَسَافَةً۔خشک و لاغر ہونا۔صفت (شَاسِفٌ وشَسِيْفٌ)
الشِّسْفُ۔خشک روٹی کی ٹکیہ۔
الشَّسَف۔کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔
الشَّسِف۔وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔
الشَّوْشَبُ۔بچھو۔جوں۔
شَصَّتْ۔(س ض) شُصُوْصًا وشِصَاصًا۔النَّاقَةُ :اونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا ـــــ الْمَعِيْشَةُ :تنگ گزران ہونا ـــــ الرَّجُلُ : دور ہونا۔کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَيْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
شَصَّهٗ(ن)شَصًّا واَشَصَّهٗ۔عَنْ كَذَا : منع کرنا۔دُور کرنا۔ہٹانا۔اَشَصَّ الرَّجُلُ : دُور چلا جانا۔اَشَصَّتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔صفت شَصُوْصٌ۔مُشِصٌّ نہیں کہتے۔
الشِّصَّ۔مشاق چور۔ج شُصُوْص (ـــــ والشَّصَّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔جس کو "سِنَّارَةٌ" بھی کہتے ہیں۔ج شُصُوْص۔
الشَّصُوْصُ۔مِنَ النُّوْقِ او الشِّيَاهِ :کم دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ج شُصُص وشَصَائِص وشِصَاص۔سِنَةٌ شَصُوْصٌ :خشک سال۔کہا جاتا ہے "نَفَى اللّٰهُ عَنْكَ الشَّصَائِصَ" اللہ تمہاری سختیوں کو دُور کرے۔
شَصَبَ (ن) شُصُوْبًا وشَصِبَ (س) شَصَبًا۔الْعَيْشُ : تنگ گزران ہونا۔صفت (شَاصِبٌ) ـــــ الْاَمْرُ : دشوار ہونا ـــــ الْمَكَانُ :قحط زدہ ہونا۔
شَصَبَ(ن)شَصْبًا۔الشَّاةَ :بکری کی کھال اُتارنا۔
اَشْصَبَ۔اللّٰهُ عَيْشَهٗ :تنگ گزران کرنا۔
الشِّصْبُ۔سختی۔قحط۔خشک سالی۔حصہ۔ج اَشْصَابٌ۔
الشَّصْبُ والشَّصَبُ۔خشکی۔
الشُّصُب۔کھال اُتری ہوئی بکری۔عَيْشٌ (شَصِبٌ)دشوار و تنگ گزران زندگی۔
الشَّصِيْب۔حصہ۔مسافر۔
الشَّصِيْبَة۔سختی و خشک سالی۔کنوئیں کی گہرائی۔ج شَصَائِب۔الشَّصَائِب :پالان کی لکڑی۔
الشَّصَّاب۔قصاب۔
الشَّيْصَبَان۔چیونٹیا یا اس کا سوراخ جنوں کا ایک قبیلہ۔شیطان کا نام۔
شَصَرَ (ن) شَصْرًا۔الثَّوْبَ : کپڑے کو دُور دُور سینا۔لنگڑانا ـــــ فُلَانًا بِالرُّمْحِ : کسی کو نیزہ مارنا ـــــ ه :الثَّوْرُ :بیل کا سینگ مارنا۔
الشَّصَر۔ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔مؤنث شَصَرَة۔ایک چھوٹا پرندہ۔ج اَشْصَار۔
الشَّاصِرُ۔فا۔الشَّاصِرُ مِنَ الظِّبَاءِ :ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔مؤنث شَاصِرَة ج شَوَاصِر۔الشَّاصِرَة :درندوں کیلئے ایک جال۔
الشَّوْصَرُ۔مِنَ الظِّبَاءِ :ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔
الشَّصِيْر۔کانٹے کی چبھن۔
شَصَا يَشْصُوْ شُصُوًّا وشَصِيَ يَشْصٰى شُصِيًّا۔الْبَصَرُ : نگاہ کا پتھرا جانا ـــــ السَّحَابُ : بادل کا بلند ہونا ـــــ الْقِرْبَةُ : مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا ـــــ الْمَيِّتُ : میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔کہا جاتا ہے "شَصَا بِرِجْلِهٖ" اس نے اپنی ٹانگ اُٹھائی۔
اَشْصٰى۔بَصَرَهٗ : کنکھی لگانا۔نگاہ اُٹھانا۔
الشَّصْوُ۔سختی۔مسواک۔
شَطَّ (ض ن) شَطًّا و شُطُوْطًا۔دُور ہونا۔فُلَانًا۔دُور کرنا۔ظلم کرنا۔
شَطَّ(ض)شَطَطًا۔زیادتی کرنا۔حق سے دُور ہو جانا ـــــ عَلَيْهِ فِيْ قَوْلِهٖ وحُكْمِهٖ : ظلم کرنا ـــــ فِيْ سِلْعَتِهٖ : حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔
اَشَطَّ اِشْطَاطًا واِشْتَطَّ اِشْتِطَاطًا۔زیادتی کرنا۔حد سے تجاوز کرنا۔حق سے دُور جا پڑنا ـــــ عَلَيْهِ : ظلم کرنا۔
شَطَّطَ۔زیادتی میں مبالغہ کرنا۔
شَاطَّهٗ۔زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَّط۔مص۔دریا یا سمندر کا کنارہ۔ج شُطُوط و شُطَّان۔کوہان کی ایک جانب۔ج شُطُوْط۔
الشَّطَّةُ۔اسم مرة۔جَارِيَةٌ شَطَّةٌ :سڈول بدن والی لونڈی۔
الشِّطَّةُ والشَّطَاطَةُ والشَّطَاطُ والشِّطَاط۔دوری۔الشَّطَاط والشِّطَاط : قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔
الشَّاطُّ۔فا۔رَجُلٌ شَاطٌّ : سڈول بدن والا مرد۔مؤنث شَاطَّة۔
شَطَأَ (ف) شَطْاءً وشُطُوْءً ا۔کنارہ پر چلنا ـــــ الدَّابَةَ بِالْحَمْلِ :جانور پر بوجھ لادنا۔ـــــ فُلَانًا :مغلوب کرنا ـــــ الْاُمُّ بِالْوَلَدِ : بچہ گرا دینا ( ـــــ واَشْطَأَ)الزَّرْعُ : کھیتی میں خوشہ نکلنا۔اِشْتَطَأَ الشَّجَرُ بِغُصُوْنِهٖ : درخت میں ٹہنی نکلنا۔اَشْطَأَ الرَّجُلُ : زکام والا ہونا۔اَشْطَأَ الْوَادِی :دونوں کناروں پر بہنا۔کہتے ہیں "مِلنَا اِلَى وَادِی كَذَا فَوَجَدْنَاهُ مُشْطِئًا" ہم فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔
شَطَّأَ تَشْطِيْئًا۔النَّهْرُ :دونوں کناروں پر بہنا۔
شَاطَأَهٗ۔ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارے پر چلنا۔
الشَّطْأَ۔کنارہ۔ج شُطُوْء (والشَّطَأ) کھیتی کے پتے یا خوشہ۔درخت خرما کے پودے۔
مِنَ الشَّجَرِ :شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ج اَشْطَاء۔
الشُّطْأَة۔زکام۔
الشَّاطِئ۔فا ـــــ مِنَ النَّهْرِ : جانب۔تم کہتے ہو "شَاطِئُ الْاَوْدِيَةِ" اس کی جمع نہیں آتی۔
ـــــ مِنَ الْبَحْرِ : کنارہ۔ج شَوَاطِئ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وشُظَان۔

شَطَبَ (ن) شَطْبًا۔ الشَّیْءَ : لمبا کاٹنا یا چیرنا ـــــ ہ وشَطَّبَ فَوْقَهٗ : لکیر کھینچنا ـــــ الرَّجُلُ : دُور ہونا ـــــ عَنْهُ : اعراض کرنا۔ ہٹنا ـــــ الرُّمْحُ عَنْ مَقْتَلِهٖ : نیزے کا خطا کرنا۔

شَطَّبَهٗ۔ جسم میں عمل تشریح کرنا۔

تَشَطَّبَ۔ کٹنا ( ـــــ وانْشَطَبَ) المَاءُ ونحوُهٗ : بہنا۔

الشَّطْب۔ مف - لمبا خوبصورت قد و قامت والا۔ درخت خرما کی تر و سبز شاخ۔ ج شُطُوْب۔

الشَّطْبَة۔ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کی سبز شاخ۔ تلوار۔ ج شُطَب۔ لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے ( ـــــ والشِّطْبَة) لمبی خوبصورت لڑکی۔ اچھے گوشت والا گھوڑا۔

الشُّطْبَة والشُّطَبَة والشِّطْبَة۔ تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری۔ ج شُطَب۔

الشَّطِیْبَة۔ اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو۔ جیسے شَطَائِب۔

الشَّطَائِب : مختلف فرقے۔ ٹکڑیاں۔

سَیْفٌ (مَشْطُوْبٌ و مُشَطَّبٌ) دھاری دار تلوار۔ رَجُلٌ مُشَطَّبٌ : وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔

شَطَرَ (ن) شَطْرًا۔ الشَّیْءَ : دو برابر حصوں میں کرنا ـــــ بَیْتَ الشِّعْرِ : شعر کا نصف حذف کرنا ـــــ النَّاقَةَ او الشَّاةَ : ایک جانب کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔ اور کہتے ہیں شَطَرَ شِطْرَهٗ اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا۔

شَطَرَتِ (ن) شُطُوْرًا۔ النَّاقَةُ : اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شَطَرَ بَصَرَهٗ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی ـــــ الدَّارُ : دُور ہونا (شَطَارَةً) شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا۔ ( ـــــ شُطُوْرًا و شُطُوْرَة وشَطَارَةً) عَنْهُمْ : جدا و بعید ہونا ـــــ عَلٰی اَهْلِه : خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا ـــــ اِلَیْهِم : متوجہ ہونا۔

شَطُرَ (ک) شَطَارَةً۔ شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا ( ـــــ شُطُوْرَة النَّاقَةُ اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک پستان خشک ہونا۔

شَطَّرَ۔ الشَّیْءَ : دو حصوں میں تقسیم کرنا۔

ـــــ الشِّعْرَ : شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولّدہ) ـــــ النَّاقَةَ وبالنَّاقَةِ : اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

شَاطَرَهٗ۔ مَالَهٗ آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔ فُلَانًا : کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا ـــــ النَّاقَةَ : اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔

الشَّطْر۔ مف - جزء۔ نصف۔ اور اسی سے ہے "شَطْرَ بَیْتِ الشِّعْرِ" شعر کا نصف واحد 'دُوری' جہت' جانب۔ اور اسی سے ہے شَطَرَ شَطْرَهٗ ـــــ و "فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔ ج اَشْطُر و شُطُوْر ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو باکھوں کو شطر کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "حَلَبَ اَشْطُرَ الدَّهْرِ" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے "هٰذَا حَلْبٌ لَكَ شَطْرَهٗ" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے۔

الشِّطْرَة۔ اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْلَادُ فُلَانٍ شِطْرَةٌ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر نصف مؤنث ہے۔

الشَّطْرَان۔ صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرَیٰ۔

الشَّاطِر۔ فا۔ شوخ و بیباک۔ چالاک و خبیث۔ ج شُطَّار۔

الشَّطُوْر۔ (مِنَ النِّعَاجِ او النُّوْقِ) : بھیڑیا۔ اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثَوْبٌ شَطُوْرٌ۔ کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو۔ دَارٌ شَطُوْر : دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان۔

الشَّطِیْر۔ دُور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج شَطْرَاء وشُطُر : آدھا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَطْرُهٗ وشَطِیْرُهٗ" یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے "هٰذَا نِصْفُهٗ و نَصِیْفُهٗ"۔

المَشْطُور۔ مف۔ چٹنی لگی ہوئی روٹی۔

مِنَ الرَّجَزِ : فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا۔

المُشَاطِر۔ ہمسایہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مُشَاطِرُونَا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں۔

الشِّطْرَنْج۔ ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ فرزین' فیل' اسپ' رخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ ج شِطْرَنْجَات۔

شَطَسَ (ن) شَطْسًا۔ فِی الْاَرْضِ : سفر کرنا۔

الشَّطْس۔ مف۔ چالاکی۔

الشُّطس والشُّطْسَة۔ مخالفت۔ دشمنی۔ عناد۔

الشَّطُوْس۔ ہر طرف کو جانے والا۔ حکم کے خلاف چلنے والا۔

شَطِعَ (س) شَطَعًا۔ الرَّجُلُ : مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَطَفَ (ن) شَطْفًا۔ الرَّجُلُ : جانا اور دُور ہونا ـــــ عَنِ الشَّیْءِ : ہٹنا ـــــ الثَّوْبَ وغیرہ : کپڑا وغیرہ دھونا۔

سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ نِیَّةٌ (شَطُوْفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں۔

الشُّطْفَة۔ مِنَ الشَّیْءِ : ٹکڑا۔ ج شُطَف۔

شَطَمَ (ن) شَطْمًا۔ اِمْرَأَتَهٗ : جماع کرنا۔

شَطَنَهٗ (ن) شَطْنًا۔ مخالفت کرنا۔ دُور کرنا۔ رسّی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِی الْاَرْضِ : داخل ہونا ( ـــــ شُطُوْنًا) الدَّار : دُور ہونا۔

الرَّجُلُ : حق وغیرہ سے دُور ہونا ـــــ اَشْطَنَهٗ۔ دُور کرنا۔

شَیْطَنَ شَیْطَنَةً وتَشَیْطَنَ۔ شیطانی فعل کرنا۔

الشَّاطِن۔ فا۔ خبیث۔ حق سے دُور ہونے والا۔

الشَّطَن۔ رسّی۔ ج اَشْطَان۔

بِئْرٌ (شَطُوْن) زیادہ گہرا کنواں۔ حَرْبٌ شَطُوْنٌ : بہت سخت جنگ۔ نِیَّة شَطُوْن : ارادۂ بعید رُمحٌ شَطُوْنٌ : لمبا ٹیڑھا نیزہ۔

الشَّطِن۔ دُور۔

الشَّیْطَان۔ ج شیاطِیْن : دیو۔ ہر سرکش و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَيَاطِيْنُ الْعَرَبِ" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ۔ سانپ۔ شَيْطَانُ الْفَلَاةِ: پیاس۔ مُخَاطُ الشَّيْطَانِ: تر مرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "رَكِبَتْهُ شَيْطَانُهُ" یعنی وہ غصبناک ہوا و "شَيَاطِيْنُ الرَّاسِ" غصے کا جوش۔

الْمُشَيْطَنَةُ۔ اونٹ کے چوتڑ کا داغ۔

الْمُشَاطِنُ۔ ڈول کو دو رسیوں سے کھینچنے والا۔

شَطِيَ (س) شُطِيًّا۔ الْمَيِّتَ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔

شَطى تَشْطِيَةً۔ الشَّاةَ: کھال اُتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا۔

اِنْشَطى۔ الشَّيْءُ: پراگندہ و متفرق ہونا۔

شَطَّهُ (ن) شَطًّا۔ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ سختی میں ڈالنا ـــــ وشَطَّظَهُ واَشَطَّهُ) الْقَوْمَ: پراگندہ و متفرق کرنا۔ دھتکارنا۔ شَطَّ واَشَطَّ الْجَوَالِقَ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔

الشَّطُّ۔ مص۔ دن کا بقیہ۔ ج اَشْطَاطٌ۔

الشِّطَاطُ۔ ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو۔ ج اَشِطَّةٌ۔

الشَّطِيْطُ۔ بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج اَشْطَاطٌ۔ کہا جاتا ہے "طَارُوْا اَشْطَاطًا اور شِطَاطًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

شَطِفَ (س) شَطَفًا۔ الْعَيْشُ: تنگ گزران ہونا ـــــ الرَّجُلُ: تنگ زندگی والا ہونا۔ صفت (شَطِفٌ) الْعَيْشِ: شَطِفَتْ يَدُهُ: سخت اور کھردرا ہونا ـــــ السَّهْمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا۔ ( ـــــ وشَطُفَ (ک) شَطَافَةً) الشَّجَرُ: سخت ہونا۔ صفت (شَطِيْف)

شَطَفَهُ (ن) شَطْفًا۔ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔

الشَّطَفُ۔ مص۔ ج شِطَافٌ وَ (الشَّطَافُ) تنگی و سختی۔

الشِّطَافُ۔ دُوری۔

الشَّظْفُ۔ مص۔ لاٹھی کی پھٹن۔

الشِّظْفُ۔ خشک روٹی۔ کھونٹی کی مانند لکڑی۔ چھپٹی۔ ج شِظْفَةٌ۔

الشَّظِفُ۔ بدخلق۔ بڑا جنگجو۔ عُوْدٌ شَظِفٌ: ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ اَرْضٌ شَظِفَةٌ: سخت و خشک زمین۔

الْمِشْظَفُ۔ بے ارادہ تعریض کرنے والا۔

الشَّيْظَمُ و الشَّيْظَمِيُّ۔ لمبا تڑنگا و جوان (گھوڑا یا اونٹ یا آدمی) مؤنث شَيْظَمَةٌ ج شَيَاظِمَةٌ۔

الشَّيْظَم: بوڑھا۔ جسیم۔ شیر۔

شَظِيَ (س) يَشْظَى شَظًى۔ پھٹنا۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

شَظِيَ يَشْظَى شَظِيًّا۔ السِّقَاءُ: خوب اچھی طرح بھر جانا ـــــ الْمَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔

شَظَّى تَشْظِيَةً۔ الْقَوْمَ: متفرق کر دینا ـــــ الْفَرَسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔

اَشْظَى ـــــ ہ: گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا۔

تَشَظَّى۔ پھٹنا۔ متفرق ہونا ـــــ الْعُودُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْشَظى۔ پھٹنا۔

الشَّظى۔ مص۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان میں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ قوم کے پیرو۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں۔

الشَّظِيَّةُ۔ کمان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی۔ ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج شَظَايَا و شَظِيٌّ۔

الشِّظْيَةُ۔ پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو۔

شَعَّ (ض) شَعًّا و شَعَاعًا۔ الْمَاءَ: بکھرنا۔ پھیلنا ( ـــــ شَعًّا و شَعِيْعًا) جلدی کرنا۔

شَعَّ (ن) شَعًّا و شَعَاعًا۔ الْمَاءَ: بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "شَعَّ الْغَارَةَ عَلَيْهِمْ" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا۔

اَشَعَّ اِشْعَاعًا۔ الْمَاءَ وَنَحْوَهُ: بکھیرنا ـــــ الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا ـــــ الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا ـــــ السُّنْبُلُ: دانوں سے پر ہونا۔

اِنْشَعَّ۔ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ: بھیڑیئے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔

الشُّعَّ۔ مکڑی کا جالا۔ شُعَّ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن۔

الشُّعَاعُ۔ آفتاب کی کرن۔ ج اَشِعَّةٌ و شُعُع و شِعَاعٌ۔

الشَّعَاعُ۔ مص۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ ہلکا سایہ ـــــ مِنَ اللَّبَنِ: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ' ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالْعَصَاءِ عَلَى الْحَائِطِ فَتَطَايَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چیتھڑے اُڑ گئے۔ و "ذَهَبَ الْقَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی و "طَارَ قَلْبُهُ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا۔ و "طَارَتْ نَفْسُهُ شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان ہو گیا۔

شُعَاعُ السُّنْبُلِ و شَعَاعُهُ و شِعَاعُهُ و شُعَّةٌ۔ خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ خوشہ پر رہے۔

الشَّعُّ و الشَّعِيْعُ۔ جلدی۔ و الشَّعُّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: بکھری ہوئی۔

شَعَبَ (ف) شَعْبًا۔ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد) پھاڑنا۔

ـــــ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا ـــــ الْقَوْمُ: متفرق ہونا ـــــ الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعْبَتْهُ الْمَنِيَّةُ: اچانک ہلاک کرنا ـــــ فُلَانًا: مشغول کرنا ـــــ اللِّجَامُ الْفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِيْ شُعْبَةً مِنَ الْمَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَى الْقَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا ـــــ الْاَمِيْرُ رَسُوْلًا اِلَى مَوْضِعِ كَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَبًا۔ الرَّجُلُ اَو الْفَوْزُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

شَعَّبَ واَشْعَبَ۔ عَنْهُ: ہمیشہ کیلئے جدا ہونا۔ اَشْعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ۔ و شاعَبَتْ نَفْسُهُ: مرنا۔ شَاعَبَ الْحَيْوَةَ: ہلاک کرنا ـــــ صَاحِبَهُ: دور ہونا۔ تَشَعَّبُوْا۔ متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا ـــــ النَّهْرُ: متفرق شاخیں

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نکلنا ـــــ عَنْهُ دُور ہونا- تَشَعَّبَتْهُمُ الفِتْنَةُ : جدا جدا کر دینا- تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَة : متفرق شاخیں پھیلنا ـــــ الشَّیْءُ : درست ہونا-

اِنْشَعَبَ- عَنْهُ : دُور ہونا ـــــ اغْصَانُ الشَّجَرَة : جڑ سے شاخیں نکلنا ـــــ الطَّرِیْقُ او النَّهْرُ : جدا ہونا- اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ وانْشَعَبَ نَفْسُهُ : مرنا ـــــ الشَّیْءُ : درست ہونا- اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ : بات میں سے بات نکلنا-

الشَّعْب- مص - بڑا قبیلہ- لوگوں کی جماعت مثل- کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں- دوری- دُور- کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دُور کا پانی- سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ- شگاف- کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے- ج شُعُوْب-

الشُّعُوْبِيَّةُ- وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں- واحد (شُعُوبِيٌّ)

الشِّعْبُ- پہاڑی راستہ- پانی کا راستہ- درہ کوہ- بڑا قبیلہ- جانب- ج شِعَاب اور کہتے ہیں- "شَغَلَتْ شِعَابِي جدواي" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا-

الشَّعَب- مص - دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ-

الشُّعْبَة- فرقہ- کسی چیز کا گروہ- شاخ- دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ- پانی بہنے کی جگہ- وادی کی بڑی نالی- پہاڑ کی وراڑ- ج شُعَب وشِعَاب وشُعَبُ الدَّهْرِ : زمانہ کے احوال- شُعَبُ السَّفُّوْدِ : سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں- شُعَبُ اليَدِ : انگلیاں- شُعَبُ الفَرَسِ : گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ- شُعَبُ الجِسْمِ : ہاتھ پاؤں- شُعْبَتَا الرَّجُلِ : کجاوہ کا اگلا پچھلا حصّہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَسْأَلَةٌ كَثِيرَةُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں-

شَعْبَانُ- قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ- ج شَعْبَانَات و شَعَابِيْن (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوْبٌ- موت کے لیے علم ہے اور غیر منصرف ہے-

الاَشْعَبُ- جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو- ٹوٹے ہوئے سینگ والا- مؤنث شَعْبَاء- ج شُعْب-

الشَّعَّاب- شگاف کو درست کرنے والا- پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے-

الشَّعِيب- کجاوہ- پرانی مشک- توشہ دان- ج شُعُب-

الشَّاعِبَان- دونوں کندھے-

المَشْعَب- راستہ- کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے- ج مَشَاعِب-

المِشْعَب- سوراخ کرنے کا آلہ- ج مَشَاعِب-

المُشَعَّب- درست کیا ہوا-

شَعْبَذَ- شعبدہ بازی کرنا- بازی گری کرنا-

شَعِثَ (س) شَعَثًا- الاَمْرُ : پراگندہ ہونا- ( ـــــ شَعْثًا وشُعُوْثَةً) الشَّعْرُ : بالوں کا غبار آلود ہونا- چکٹ جانا-

شَعَّثَ- الشَّیْءَ : متفرق کرنا- بکھیرنا- پراگندہ کرنا ـــــ ه بِخَيْرٍ : خیر پہنچانا- مِنْ فُلَانٍ : چشم پوشی کرنا ـــــ مِنْهُ شَيْئًا : لے لینا- نکال لینا ـــــ عَنْهُ : مدافعت کرنا ـــــ مِنَ الطَّعَام : تھوڑا کھانا ـــــ الشَّاعِرُ : شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعِلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں- جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے-)

تَشَعَّثَ- پراگندہ ہونا- بکھرنا ـــــ مِنَ الطَّعَام : تھوڑا کھانا ـــــ الشَّعْرُ : بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا ـــــ الشِّعْرُ : شعر میں تشعیث جاری ہونا-

الاَشْعَث- چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا- مؤنث شَعْثَاء- ج شُعْث-

الشَّعْث- پراگندگی معاملہ-

الشَّعَث- مص- کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا-

الشَّعِث وَالشَّعْفَان- چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا-

شَعَرَ (ن) شِعْرًا وشَعْرًا- الغُوْبَ : کپڑے میں بال بھرنا ـــــ الرَّجُلُ : شعر کہنا ـــــ بِفُلَانٍ : کسی کے لیے شعر کہنا-

شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعْرىٰ وشُعْرىٰ وشِعْرىٰ وشَعْرَةً بتثليث الشين وشُعُوْرًا وشُعُوْرَةً ومَشْعُوْرًا ومَشْعُوْرَةً ومَشْعُوْرَاءَ- بِهِ : جاننا- محسوس کرنا ـــــ لَهُ : سمجھنا-

شَعِرَ (س) شَعَرًا- زیادہ اور لمبے بال والا ہونا-

شَعَّرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ـــــ الغُوْبَ ونَحْوَهُ : کپڑے میں بال بھرنا-

اَشْعَرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ـــــ الغُوْبَ : کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ـــــ ه الاَمْرَ وبِالاَمْرِ جتا دینا- خبر دینا- ه الشِّعَار : شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا- اور کہا جاتا ہے "اَشْعَرَ الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا- اَشْعَرَهُ بِكَذَا : چپکانا ـــــ القَوْمُ : اپنے لیے خاص علامت مقرر کرنا- ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا-

ـــــ اَمْرَ فُلَانٌ : مشہور کرنا ـــــ الرَّجُلَ : برے نام سے مشہور کرنا ـــــ ه شَرًّا : ڈھانپ لینا-

شَاعَرَه فَشَعَرَه- شعروں میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا-

اُشْعِرَ- المَلِكُ : بادشاہ کا قتل کیا جانا-

تَشَعَّرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا-

تَشَاعَرَ- بتکلف شاعر بننا-

اِسْتَشْعَرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ـــــ الشِّعَارَ : پہننا ـــــ القومُ : ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا ـــــ بِالثَّوْبِ : شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا- کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوفَ اللّٰه" اللہ کے خوف کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اپنے قلب کے لیے شعار بنالو۔

الشَّعْرُ والشَّعَرُ۔ بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُوْر۔ واحد (شَعْرَةٌ) ج شَعَرَاتٌ۔ شَعْرُ الغُوْل :ایک قسم کی نباتات۔

الشِعْر۔ مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار۔ "لَيْتَ شِعْرِيْ فُلَانًا او عَنْ فُلَانٍ اَوْلِفُلَانٍ مَاصَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِعْرَة۔ بال کا ایک ٹکڑا (_____ والشِعْراء) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَّعِرُ والشَّعْرَانِيّ۔ بہت اور لمبے بال والا۔

الشَّعَار۔ درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحَج :احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)

الشِعَار۔ مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "صِرُّ اللَّيْل" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت 'بدن کے بالوں سے متصل لباس' گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرة وشُعُر۔ شِعَارُ الحَج : علامت و رسوم حج۔ و شِعَارُ المَمْلَكَةِ : حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)

الشَّعِيْر۔ جو۔ واحد (شَعِيْرَةٌ) ج شَعِيْرَاتٌ اور شَعِيْرَةٌ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہاجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے۔

الشَّعِيْرَة۔ علامت۔ ج شَعَائِر۔ شَعَائِر الحَج :حج کے رسوم وعلامات۔

الشَّعِيْرِي۔ شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔

الاَشْعَر۔ بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء۔ ج شُعْر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشْعَر الرَّقَبَةِ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَر :ج اَشَاعِر :جانور کے کھر کے گرداگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَّعْرَاء۔ الاَشْعَر کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڑ۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء :بہت درختوں والی زمین۔ رِمَال شَعْرَاء : نمی نامی گھاس اُگانے والا ریگستان۔ الشَّعْرَاء مِنَ الدَّوَاهِي : سخت مصیبتیں۔ ج شُعُر۔

الشَّاعِر۔ فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء۔ مؤنث شَاعِرَة۔ ج شَوَاعِر و شَاعِرَات۔ شِعْرٌ شَاعِرٌ : عمدہ شعر۔

الشِعْرَى۔ ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُّعْرُوْر۔ گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو جِنْذِيْذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجہ والے کو شُعْرُور کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُّعْرُور : چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِيْر واحد (شُعْرُوْرَة)

المَشْعَر۔ علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر۔ المَشَاعِر :حواس۔

شَعْشَع۔ الشَّرَابَ :پانی ملانا _____ الشَّيْءَ : بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کی روشنی پھیلنا _____ الضَّوْءُ : روشنی پھیلنا۔ شَعْشَعَ عَلَيْهِمُ الخَيْلَ : سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ۔ الشَّهْرُ :مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَّعْشَع والشُّعْشُع والشَّعْشَاع والشَّعْشَعَان والشَّعْشَعَانِيّ۔ لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (_____ والشَّعْشَع) مِنَ الظِلِّ : ہلکا سایہ۔

شَعَفَهُ (ف) شَعْفًا۔ الحُبُّ : محبت کا دل پر غالب ہونا _____ ہ بالقِطران : قطران ملنا _____ الشَّيْءَ الشَّيْءَ :غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا۔ بِفُلَانٍ وبِحُبِّ فُلَانٍ : شیفتہ و فریفتہ ہونا _____ النَّاقَةُ :اونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف ) صفت (شَعْفَاءُ)

شَعِفَ۔ بِفُلَانٍ : کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَّعَف۔ مص۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَّعْفَة۔ اسم مرۃ۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔

الشَّعْفَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ الشَّعْفَةُ مِنَ القَلْبِ :دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے و شَعْفَةُ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعف وشُعُوف وشِعَاف وشَعَفَات۔

الشَّعَاف۔ محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔

الشَّعَاف۔ شیفتگی و فریفتگی۔

المَشْعُوْف۔ محبت میں دیوانہ و شیفتہ۔

شَعَلَ (ف) شَعْلًا۔ النَّارَ : آگ بھڑکانا _____ الاَمْرَ :غور کرنا۔

شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْعَلَّ۔ الفَرَسُ : گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِلٌ وشَعِيْلٌ واَشْعَلُ)

شَعَّلَ۔ النَّارَ :آگ بھڑکانا۔

اَشْعَلَ۔ النَّارَ : آگ بھڑکانا۔ ہ : غضبناک کرنا۔ غُصّہ دلانا _____ الجَمْعَ : متفرق کرنا _____ الخَيْلَ فِي الغَارَةِ : سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا _____ السَّقْيَ : اچھی طرح سیراب کرنا۔ اَشْعَلَتِ القِرْبَةُ : مشک کا متفرق ٹپکنا _____ الطَّعْنَةُ : جگہ جگہ خون ٹپکنا _____ العَيْنُ :زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔

اِشْعَلَّ اِشْعِلَالًا واِشْعَالَّ اِشْعِيْلَالًا رَاْسُ الرَّجُلِ : کھڑے بال والا ہونا _____ الفَرَسُ : گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ۔ النَارُ : آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَعَلَ الرَّاسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ واشْتَعَلَ فُلَانٌ وہ غُصّہ سے بھڑک اُٹھا۔

الشَّعْل۔ مص۔ غُلَامٌ شَعْلٌ : سبک تیز خاطر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لڑکا۔

الشَّعَل۔ مص۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔

الشُّعْلَة۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ ج شُعَل۔

الشَّعِيْل۔ ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَّعِيْلَة۔ بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل۔

الأَشْعَل۔ مِنَ النَّاسِ: پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

المِشْعَل والمِشْعَال۔ چھننا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل ومَشَاعِيْل۔

المَشْعَلُ والمَشْعَلَةُ۔ قندیل۔ ج مَشَاعِل

المَشْعَلَة: آگ بھڑکانے کی جگہ۔

الشُّعْلُوْل۔ آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيْل۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا شَعَالِيْل" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْمًا۔ الرَّجُلُ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَرَ۔ عَدُوَّه: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْعَانٌ واِشْعَنَّ۔ شَعْرَةُ: چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

الشَّعَن۔ خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْعُوْن) پراگندہ بال۔

الشَّعَانِيْن۔ عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِيْن)

رَجُلٌ (مُشْعَانُ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔

شَعْنَبَ۔ الكَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشَعْنَب ومُشَعْنِب)

شَعَايَشْعُوْا۔ الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔

شَعِيَتْ تَشْعَى شَعًا۔ الغَارَة: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)

اَشْعَى۔ بِه: اہتمام کرنا ـــــ القَوْمُ الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غَارَةٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَيْحَرَةٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔

الشَّاعِي۔ فا۔ ذُور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِيَة ج شَوَاعٍ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ شَوَاعِي وشَوَائِع" گھوڑے متفرق آئے۔

الشُّعْي۔ پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَة)

شَعْوَذَ شَعْوَذَةً۔ شعبدہ بازی کرنا۔ نظربندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ ومُشَعْوَذٌ)

شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) وشَغْبًا وشَغَبًا وشَغَّبَ۔ القَوْمَ وبِهِم وعَلَيْهِم: فساد برپا کرنا۔ تباہی ڈالنا۔ صفت (شَغِب وشَغَبٌ وشَغَّاب ومِشْغَب ومُشَاغِب وذو مَشَاغِب)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا۔ عَنِ الطَّرِيْق: ہٹنا۔ پھر جانا۔ بِشَاغَبَه۔ جھگڑا کرنا۔

تَشَاغَبَ۔ الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْهُ كَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔

الشَّغْبُ والشَّغَبُ۔ مص۔ شور وغوغا۔

الشَّغُوْب۔ فساد انگیز۔ جھگڑالو۔

تَشَغْبَرَت۔ الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

الشَّغْبَر۔ گیدڑ۔

شَغَرَتْ (ن) شُغُوْرًا۔ الأَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَةٌ) ـــــ الرَّجُلُ: دُور ہونا ـــــ السِّعْرُ: بھاؤ گھٹنا ـــــ النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔

شَغَرَهُ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا۔ عَنْ بَلَدِهٖ: جلا وطن کرنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا۔ الكَلْبُ: کتے کا ایک ٹانگ اُٹھا کر پیشاب کرنا ـــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کا ٹانگ اُٹھا کر بچہ کو مارنا۔

شَاغَرَهُ مُشَاغَرَةً وشِغَارًا۔ کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کردے ـــــ الرَّجُلَانِ عَلَيْهِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔

اَشْغَرَ۔ المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دُور ہونا۔ ـــــ الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔

ـــــ الحِسَابُ عَلَيْهِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

اِشْتَغَرَ۔ الحِسَابُ عَلَيْهِ: خلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

ـــــ الأَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔

ـــــ عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا ـــــ الحَرْبُ بَيْنَ القَوْمَيْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِي الفَلَاةِ: بیابان میں دُور تک جانا۔

تَشَغَّرَ۔ البَعِيْرُ: تیز دوڑنا ـــــ فِي أَمْرٍ قَبِيْح: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے تَفَرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ وشَغَرَ وبَغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شَغَارٌ) خالی برتن۔

الشِّغَار۔ مص۔ دھتکار۔ جلا وطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ و آبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنویں۔

الشَّغَّارَة۔ چقماق۔

الشِّغِّيْر۔ بدخلق۔

المِشْغَر۔ وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔

الشَّوْغَر۔ مضبوط خلقت۔

الشَّوْغَرَة۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔

الشُّغْرُوْر۔ ایک قسم کی گھاس۔

الشَّغْرِيَّة۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔

شَغَزَ (ف) شَغْزًا۔ عليهم: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا ـــــ بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔

الشَّغْزَبِيَّة۔ بمعنی الشَّغْرَبِيَّة۔

تَشَغْزَبَتِ۔ الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغْشَغَ۔ الشَّيْءَ: داخل کرنا' نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے ـــــ المُلْجِم: جانور کو سدھانے کے لیے لگام کو ہلانا۔ فِي الأَمْرِ: جلدی کرنا ـــــ فِي الشُّرْب: کم کرنا ـــــ فِي الإِنَاءِ مَاءً او غَيْرَهٗ: بغیر بھرنے کے ڈالنا ـــــ البِئْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِي" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔

شَغَفَهٗ (ف) شَغْفًا۔ دل کے پردے کو زخمی کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ فُؤَادَه : دل پر غالب ہونا ـــــ لِيبِيْسٌ : سبزی نکل آنا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا و شُغِفَ بِهٖ : فریفتہ ہونا۔ شَغِفَ حُبُّه : محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔ تَشَغَّفَ النَّاصَ : وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔ الشَّغَف۔ مص۔ دل کا پردہ۔
الشَّغَف۔ مص۔ انتہائی محبت۔ شَغَفَ القَلْبَ : دل کا پردہ۔
الشَّغَاف۔ دل کا پردہ۔ سویداء دل۔ ج شُغُف و اَشْغِفَة۔
الشَّغَافُ و الشُّغَافُ۔ ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے ہوتی ہے۔
الشَّغْفَر۔ خوبصورت عورت۔
شَغَلَهٗ (ف) شَغْلًا و شُغْلًا و اَشْغَلَهٗ بِكَذَا : مشغول کرنا ـــــ عَنْه : غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْه بِكَذَا : مشغول رہنا۔ کسی کام میں لگا رہنا۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَهٗ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔
شَغَّلَهٗ : مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)
تَشَغَّلَ و تَشَاغَلَ و اِشْتَغَلَ بِكَذَا : مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُهٗ : جتلائے افکار ہو کر پریشان ہونا۔ اِشْتَغَلَ فِيْهِ السَّمُّ : زہر کا اثر کرنا ـــــ الدَّوَاءُ فِيْهِ : دوا کا مفید ہونا۔ و تَشَاغَلَ عَنْه : غافل ہونا۔
الشُّغْلُ و الشُّغُلُ و الشَّغَلُ۔ معروفیت۔ مشغولیت۔ ج اَشْغَال و شُغُول۔
الشُّغْل۔ پری۔ بھراؤ۔
الشَّاغِل۔ فا۔ مبالغہ کی صورت میں۔ "اَنَا فِي شُغْلٍ شَاغِلٍ" کہا جاتا ہے۔
الشَّغْلَة۔ اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغْل۔
الشَّغِل۔ کام میں لگا ہوا۔ معروف۔
الشَّغَّال۔ بہت کام والا۔
الْاُشْغُوْلَة و المَشْغَلَة۔ کام۔ مشغلہ۔
المَشْغُوْل۔ مفع۔ بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَشْغُوْلٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَار مَشْغُوْلَةٌ : آباد گھر۔ جَارِيَةٌ مَشْغُوْلَةٌ : شوہر والی۔ مَالٌ مَشْغُوْلٌ : تجارت و کاروبار میں لگا ہوا مال۔
الشَّغِم۔ لالچی۔ بہت حریص۔
الشُّغْمُوْم و الشِّغْمِيْم۔ خوبصورت لمبا۔
الشُّغْنَة۔ ترشنی۔ ج شُغَن۔
الشُّغْنُب و الشُّغْنُوْب۔ نازک و ترشنی۔
شَغَتَ تَشْغُوْ شُغْوًا و شَغِيَتْ تَشْغَى شَغًا۔ السِّنُّ : ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔
شَاغِيَةٌ۔ ج شَوَاغٍ اور ایسے دانت والے کو (اَشْغٰى) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاء و شَغْيَاء) ج شُغْوٌ۔
اَشْغَى اِشْغَاءً۔ القَوْمَ بِهٖ : لوگوں کی مخالفت کرنا ـــــ فُلَانٌ رَايَهٗ : پریشان کرنا۔
الشَّغْوَا۔ عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوْفًا و شَفِيْفًا و شَفَفًا۔ الشَّيْءُ : اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِيْفٌ و شَفَّافٌ) عَنْهُ الثَّوْبُ : کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا۔ ( ـــــ شُفُوْفًا) الجِسْمُ : بدن کا دبلا ہونا ( ـــــ شَفًّا) الشَّيْءُ : زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتَ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔ "هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيْلًا" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔
ـــــ لَهُ الْاَمْرُ : قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا ( ـــــ شَفِيْفًا) فَمُ فُلَانٍ : دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔
شَفَّهٗ (ن) شَفًّا و شُفُوْفًا و شَفَفًا۔ المَرَضُ او الهَمُّ : کمزور کرنا۔ دبلا کرنا۔ شَفَّ المَاءَ : سب پانی پی لینا۔
اَشَفَّهٗ عَلٰى فُلَانٍ : فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ : منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰى فُلَانٍ : سبقت لے جانا۔ بڑھنا ـــــ الدِّرْهَمَ : زیادہ کرنا یا کم کرنا۔
اِشْتَفَّ و تَشَافَّ۔ مَافِي الْاِنَاءِ : برتن سے سارا پی جانا اور کھا جانا۔ "اِشْتَفَّ البَعِيْرُ الحِزَامَ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔
اِسْتَشَفَّ۔ لَهُ السِّتْرُ : پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا ـــــ الثَّوْبَ : کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لیے روشنی میں پھیلانا ـــــ الشَّيْءَ : دیکھنا اور معلوم کرنا ـــــ الكِتَابَ : غور کرنا۔
ـــــ ه : پار کی چیز دیکھنا ـــــ مَافِي الْاِنَاءِ : برتن سے سب پی لینا ـــــ پوری پوری رغبت کرنا۔
ـــــ فِيْ تِجَارَتِهٖ : تجارت میں فائدہ اٹھانا۔
الشَّفُّ و الشِّفُّ۔ کھڑایا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌّ و شِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوْف۔ الشِّفُّ : تھوڑی چیز۔
الشَّفِيْف۔ مص۔ آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَاف ثَوْبٌ شَفِيْف : باریک کپڑا۔
الشَّفَف۔ مص۔ کم۔ ہلکا پن۔ بدحالی۔
الشَّفَّان۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الشَّفَافَة۔ برتن کا بقیہ پانی۔ شَفَافَةُ النَّهَارِ : دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔
المَشْفُوْف۔ بدبودار پھنسیوں والا۔
شَفَرَ و اِشْفَرَّ۔ القَوْمُ : تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَرَّ العُوْدُ : ٹوٹنا ـــــ السِّرَاجُ : زیادہ چوڑی بتی کا ہونا۔
شَفْنَنَ شَفْنَنَةً۔ جماع کرنا۔
شَفِرَ (س) شَفَارَةً گھٹنا۔ کم ہونا۔
شَفَّرَ۔ المَالُ : کم ہونا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــــ عَلَى الْاَمْرِ : متوجہ ہونا ـــــ الشَّيْءَ : جڑ سے اکھیڑنا۔
الشَّفْر و الشُّفْر۔ ج اَشْفَار و (الشَّفِيْر) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ ـــــ مِنَ الوَادِي : وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَافِي الدَّارِ شَفْرٌ وشُفْرٌ و شَفْرَةٌ" گھر میں کوئی نہیں۔
الشَّفْرَة۔ بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْر و شِفَار و شَفَرَات۔ الشَّفْرَة۔ نوکر : خادم۔ عیش (مُشَفَّر) تنگ زندگی۔
المِشْفَر۔ شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اونٹ کے ہونٹ کے لیے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِر۔

الشُّفَارِج۔ میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔

شَفَزَهٗ (ض) شَفْزًا۔ لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔

شَفْشَفَ۔ الرَّجُلُ: کانپنا۔ بد خلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ و مُشَفْشَفٌ) ـــــ بِهٖ: خلط ملط ہونا ـــــ الدَّوَاءَ عَلَى الْجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا ـــــ الْهَمُّ فُلَانًا: دُبلا کرنا ـــــ الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا ـــــ الْحَرُّ وَالْبَرْدُ الشَّيْءَ: خشک کرنا ـــــ عَلَيْهِ: ڈرنا۔

تَشَفْشَفَ۔ النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔

الشَّفْشَافُ۔ اولوں والی بارش۔ عوام فَفْنَاف کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَافٌ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

شَفَعَ (ف) شَفْعًا۔ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔ دہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وِتْرًا فَشَفَعَهٗ بِآخَرَ" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا ـــــ جَارَهٗ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا ـــــ النَّاقَةُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شُفِعَ) لِيَ الْأَشْخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دکھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)

شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً۔ لِفُلَانٍ أَوْ فِيْهِ إِلَى زَيْدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيْهِ بِالْعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِيْنِي وَلَهٗ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لیے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے ـــــ لِفُلَانٍ فِي الْمَطْلَبِ: کسی کے لیے کوشش کرنا۔

شَفَّعَ۔ الشَّيْءَ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِيْ فِي فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ۔ لِيْ وَإِلَيَّ بِفُلَانٍ أَوْ فِيْ فُلَانٍ: سفارش کرنے کی درخواست کرنا ـــــ لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الشَّفْع۔ مص۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "اَلشَّفْعُ هُوَ الْوِتْرُ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج أَشْفَاع وشِفَاع۔

الشُّفْعَةُ۔ عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ ـــــ مِنَ الضُّحٰى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع۔

الشَّافِعُ۔ فا۔ نَاقَةٌ: شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اونٹنی۔ عَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَةٌ (شَفُوْعٌ) ایک دفعہ کے دوھنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔

الشَّفِيْعُ۔ سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء۔ الشَّفِيْعِ مِنَ الْعَدَدِ: جفت۔

الْأَشْفَع۔ لمبا۔

الْمُشَفَّع۔ وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔

الْمُشَفِّع۔ سفارش قبول کرنے والا۔

الْمَشْفُوْع۔ پاگل دیوانہ۔ اِمْرَأَةٌ مَشْفُوْعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔

شَفِقَ (س) شَفَقًا۔ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔ خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ وشَفُوْقٌ وشَفِيْقٌ" شَفِقَ مِنَ الْأَمْرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا ـــــ عَلَى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔

شَفَّقَهٗ۔ مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّيْءَ: کم کرنا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔

أَشْفَقَ۔ الشَّيْءَ: کم کرنا ـــــ عَلَيْهِ مِنْهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا ـــــ عَلَى الصَّغِيْرِ: مہربان ہونا ـــــ الرَّجُلُ: شفق کا وقت پانا ـــــ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اڑانا۔

الشَّفَق۔ مص۔ غروب آفتاب کے بعد اُفق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ روی چیزیں' ون۔ خوف۔ جانب۔ ثَوْبٌ شَفَقٌ کمزور کپڑا۔ ج أَشْفَاق۔

الشَّفَقَة۔ مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَنِيْ مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيْ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔

الْمِشْفَلَة۔ اوجہ۔ ج مَشَافِل۔

شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُوْنًا۔ الرَّجُلَ وَإِلَى الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُوْنٌ)

الشَّفْنُ والشِّفِنُ۔ زیرک و دانا۔ الشَّفْن: انتظار۔ میراث کا منتظر۔

الشَّفُوْن۔ بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدتِ حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن۔

الشَّفَنْتَرِي والشَّفَنْتَرَى۔ متفرق۔

شَفَهَ (ف) شَفْهًا۔ فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا ـــــ الْإِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ الْعِيَالُ تَشْفَهُ مَالِيْ" قریب ہے کہ میرے اہل و عیال میرے مال کو ختم کر دیں ـــــ هُ عَنِ الْأَمْرِ: غافل کر دینا۔

شُفِهَ۔ زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا ـــــ الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا ـــــ الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوْهٌ)

شَافَهَهٗ شِفَاهًا و مُشَافَهَةً۔ رو در رو گفتگو کرنا ـــــ الشَّيْءَ: قریب ہونا۔

الشَّفَة والشِّفَة۔ مِنَ الْإِنْسَانِ: ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَات اور نسبت کے لیے (شِفَوِيّ وشَفَهِيّ وشَفَوِيّ) اور تصغیر (شُفَيْهَة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَّفَة" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهٗ فِي النَّاسِ شَفَة حَسَنَة" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ و "مَا أَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمْتُهٗ بِبِنْتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔

شَفَةُ الشَّيْءِ كَالذَّلْوِ: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔

الشَّافِه۔ پیاسا۔

الشُّفَاهِيّ والأَشْفَه۔ بڑے ہونٹوں والا۔

الْحُرُوْفُ الشَّفَهِيَّة۔ ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔

الْمَشْفُوْه۔ مغ۔ ماءٌ مَشْفُوْهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَشْفُوْهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْفُوْهُ الْمَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بہت دادو دہش والا ہے۔

شَفَا یَشْفُوْ شَفْوًا۔ الھِلَالُ: چاند کا طلوع ہونا ـــــ الشَّخْصُ: ظاہر ہونا ـــــ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــــ

الشَّفَا۔ نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوَان۔ ج اَشْفَاء۔ آدمی کے لیے موت کے وقت اور چاند کے لیے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لیے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَابَقِیَ مِنْہ اِلاشَفًا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الاَشْفٰی۔ جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔

شَفٰی یَشْفِی شِفَاءً۔ اَللّٰہُ فُلَانًا مِنَ المَرَضِ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا ـــــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کیلئے شفا مانگنا ـــــ الشَّمْسِ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (ـــــ وشَفِیَ (س) شَفِیَ) الھِلَالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔

شُفِیَ۔ المَرِیْضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔ اَشْفٰی اِشْفَاءً۔ فُلَانًا: شفا مانگنا ـــــ عَلَیْہِ: کنارے پر آلگنا اور اسی سے ہے "اَشْفَی المَرِیْضُ عَلَی المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آلگا ـــــ العَلِیْلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کیلئے) ـــــ المُسَافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا ـــــ المَرِیْضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "اَشْفِنِیْ" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ اَشْفَاہُ الشَّیْءَ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔

تَشَفّٰی۔ مِنْ غَیْظِہٖ: غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفّٰی مِنْ فُلَانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا (ـــــ واِشْتَفٰی) بِکَذَا: شفا حاصل کرنا۔

اِسْتَشْفٰی۔ بِہٖ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُسْتَشْفٰی بِرَایِہٖ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے ـــــ المَرِیْضُ مِنْ عِلَّتِہٖ: صحت یاب ہونا۔

الشِّفَاء۔ مہ۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لیے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا) ج اَشْفِیَۃٌ ج اَشَافٍ۔

الشَّافِی۔ فا۔ مِنَ الاَدْوِیَۃِ و نَحْوِھَا: مفید دوا وغیرہ۔ الجَوَابُ الشَّافِی: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔

الاِشْفٰی۔ سُتَالِی۔ سُوجَا۔ ج۔ اَشَافٍ۔

شَقَّ (ن) شَقًّا۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاءَ القَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ و "شَقَّ فُلَانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔

شَقَّ (ن) شَقًّا و مَشَقَّۃً۔ الاَمْرُ: دشوار ہونا ـــــ عَلٰی فُلَانٍ: مشقت میں ڈالنا ـــــ البَرْقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا ـــــ الفَرَسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا (ـــــ شُقُوْقًا) النَّبْتُ: اُگنا ـــــ نَابُ البَعِیْرِ: دانت نکلنا (ـــــ شَقًّا) الصُّبْحُ: فجر طلوع ہونا۔

شَقَّقَ۔ الحَطَبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا ـــــ الکَلَامَ: برمحل کہنا۔

شَاقَّہٗ شِقَاقًا و مُشَاقَّۃً۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔

تَشَقَّقَ۔ اَلْحَطَبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عَصَاھُمْ بالبَیْنِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

تَشَاقَّ۔ القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا ـــــ الرَّجُلَانِ: باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوْا ثِیَابَھُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔

اِنْشَقَّ۔ الشَّیْءُ: شگاف پڑنا ـــــ الاَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا ـــــ الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عَصَاھُمْ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

اِشْتَقَّ۔ الشَّیْءَ: آدھا لینا ـــــ الکَلِمَۃَ مِنَ الکَلِمَۃِ مشتق کرنا جیسے الضَّرْبَ سے ضَرَبَ ـــــ الفَرَسُ فِیْ عَدْوِہٖ: دائیں بائیں جانا ـــــ فِی الکَلَامِ او الخُصُوْمَۃِ: اِدھر اُدھر ہٹ جانا ـــــ الطَّرِیْقَ فِی الفَلَاۃِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَّقّ۔ مہ۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوْق۔

الشِّقّ۔ جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "المَالُ بَیْنِی وبَیْنَکَ شِقٌّ اَوْ شِقٌّ شَعْرَۃٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشِّقَّۃ۔ کپڑے وغیرہ کی لمبی چیر۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق و شِقَاق۔

الشِّقَّۃ و الشُّقَّۃ۔ دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لیے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَق۔

الشَّقِیْق۔ دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔

الشَّقِیْقَۃُ۔ حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان سخت زمین۔ بہت بارش ـــــ مِنَ البَرْقِ: اُفق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شَقَائِق۔ شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد۔ شَقِیْقَۃُ النُّعْمَانِ۔

الاَشَقُّ مِنَ الخَیْلِ: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ اَشَقُّ المَنْخَرَیْنِ: وسیع نتھنوں والا گھوڑا۔

المَشَقَّۃ و المِشَقَّۃ۔ دشواری۔ محنت۔ ج مَشَاقّ و مَشَقَّات۔

شَقَأَ (ف) شَقْأً و شُقُوْءً ا۔ النَّابُ: دانت نکلنا ـــــ شَعْرَ الرَّاسِ: مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا ـــــ رَاسَہٗ: سر پھاڑنا ـــــ فُلَانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔

المَشْقَأ۔ مانگ۔

المِشْقَأ و المِشْقَاء و المِشْقَأَۃ۔ کنگھا۔

شَقُحَ (ک) شَقَاحَۃً۔ قبیح ہونا۔ صفت (شَقِیْح)

شَقَحَ (ف) شَقْحًا۔ الشَّیْءَ: توڑنا ـــــ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الجَوْزَة : گرمی نکالنا ـــــ ہ اللّٰہ : قبیح بنانا
ـــــ الکَلْبُ : کتے کا پیشاب کرنے کے لیے ٹانگ اُٹھانا۔
شَاقَحَهُ مُشَاقَحَةً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
اَشْقَحَهُ۔ دور کرنا (اَشْقَحَ وشَقَّحَ) البُسْر : رنگ پکڑنا ـــــ النَّخْلُ : درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شُقْحًا وشَقْحًا) لَهٗ : یعنی اس کے لیے دور ہی ہو۔
الاَشْقَح۔ سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ۔ ج شُقْح۔
الشُّقْحِيُّ۔ سرخ رنگ والا۔
شَقِذَ (س) شَقَذًا۔ تیز نظر ید لگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقَذ وشَقِذ وشَقِيذ وشقذان)
شَقَذَ (ض) شَقْذًا وشَقِذَ (س) شَقَذًا۔ دور جانا۔
شَاقَذَهٗ۔ باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔
اَشْقَذَهٗ۔ دھتکارنا۔
الشَّقَذ والشُّقَذ والشِّقَذ۔ گرگٹ کا بچہ۔ ج شُقْذَان وشُقَاذٰى۔ الشُّقَذ : مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَ هٰذَا لَيْسَ بِهٖ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" اس میں کوئی خلل اور نقصان نہیں۔
الشِّقْذَان۔ بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔
الشَّقَذَان۔ مص ج شِقْذَان و (الشِّقْذ والشَّقْذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔
الشَّقْذَاء۔ بہت بھوکا عقاب۔
شَقِرَ (س) وشَقُرَ (ک) شَقْرًا وشُقْرَةً۔ سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اَشْقَر) مؤنث شَقْرَاء ج شُقْر۔
اِشْقَرَّ۔ گہرا سرخ وزرد رنگ کا ہونا۔
الشَّقْر۔ امر مقصود و دلچسپ۔ ج شقور : کہا جاتا ہے "اَفْضَيْتُ اِلَيْهِ بِشُقُوْرِي" میں نے اپنے ان اُمور پر اس کو مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بَثَّهٗ شُقُوْرَهٗ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔
الشُّقَر۔ مرغ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالشُّقَرِ وَالبُقَرِ" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔
الشَّقِر والشَّقِرَان والشُّقَّار والشُّقَّارَىٰ۔ ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔
الشَّقْرَاق والشِّقْرَاق۔ فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقْرَق اور شَرْشَقْرَق بھی کہتے ہیں۔
شَقْشَقَ شَقْشَقَةً۔ الجَمَل : اونٹ کا بلبلانا ـــــ الطَّيْرُ : پرندہ کا آواز کرنا۔
الشِّقْشِقَة۔ بوقت مستی اونٹ کے مُنہ کے جھاگ۔ ج شَقَاشِق اور فصیح کیلئے "هَدَرَتْ شِقْشِقَتُه" کہا کرتے ہیں۔ و "فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔
شَقَّصَ۔ الذَّبِيحَة : ذبح کیے ہوئے جانور کو حصہ داروں کیلئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔
الشِّقْص۔ حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔
الشَّقِيص۔ شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔
المِشْقَص۔ چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشَاقِص۔
المُشَقِّص۔ قصاب۔
الشَّقِيط۔ مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔
الشَّقِيظ۔ پکی ہوئی مٹی۔
شَقَعَ (ف) شَقْعًا۔ فِي الْاِنَاءِ : برتن میں مُنہ ڈال کر پینا۔
الشَّقْف۔ ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے واحد (شَقْفَةٌ)
الشَّاقُوف۔ عند البَنَّائِين : لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ مِلْطَاس اور مِلْطَس ہے۔
شَقَلَ (ن) شَقْلًا۔ الدَّرَاهِمَ : تولنا ـــــ المَزَادَةَ : جماع کرنا۔
شَوْقَلٌ شَوْقَلَةٌ۔ حلیم و بردبار ہونا۔
الشَّاقُول۔ معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔
شَقَنَ (ن) شَقْنًا واَشْقَنَ۔ العَطِيَّة : کم دینا۔ واَشْقَنَ الرَّجُلُ : کم مال ہونا۔
شَقُنَ (ک) شَقُوْنَةً۔ العَطَاءُ : کم ہونا۔ صفت (شَقُنٌ وشَقِينٌ وشَقِيْنٌ)
المِشْقَن۔ بیلچا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)
شَقَا يَشْقُوْ شَقْوًا واشْقٰى۔ اللّٰهُ فُلَانًا : بدبخت بنانا۔ اَشْقٰى شَعْرَه : کنگھی کرنا۔
شَقِيَ يَشْقَى شَقًا وشَقَاءً وشَقَاوَةً وشِقَاوَةً وشَقْوَةً وشِقْوَةً۔ بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيٌّ) ج اَشْقِيَاء۔
شَاقَى۔ فُلَانًا : بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شَاقَانِي فَشَقَوْتُه" اس نے بدبخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت رہا ـــــ هُ فِي الحَرْبِ : لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا ـــــ ہ عَلٰى كَذَا : صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَّاقِي۔ فا ـــــ مِنَ الجِبَالِ : پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔ ج شَوَاقٍ وشَقَيَان۔
الشَّقَا والشَّقَاء۔ مص۔ سختی۔ بدبختی۔
المِشْقٰى۔ کنگھی۔
شَكَّ (ن) شَكًّا۔ فِي الْاَمْرِ : شبہ کرنا۔ صفت فاعلی (شَاكٌّ) اور صفت مفعولی (مَشْكُوْك) فِيْهِ عَلَيْهِ الْاَمْرُ : مشتبہ ہونا ـــــ ہ بِالرُّمْحِ : ہڈی تک چھیدنا۔ شَكَّتِ الشَّوْكَةُ رِجْلَهٗ : کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمُ بُيُوْتَهُمْ : گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا ـــــ الخَيَّاطُ الثَّوْبَ : کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا ـــــ اِلَيْهِ البِلَادَ : طے کر کے پہنچنا ـــــ الشَّيْءَ اِلَى الشَّيْءِ : ملانا ـــــ عَلَيْهِ الامرُ : دشوار ہونا ـــــ فِي السِّلَاحِ : ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاكُّ السِّلَاحِ و شَاكٌّ فِي السِّلَاحِ) ج شُكَّاك۔
شَكَّ (س) شَكًّا۔ فُلَانًا واِلَيْهِ : مائل ہونا۔
شَكْكَكَهٗ۔ شک وشبہ میں ڈالنا۔
تَشَكَّكَ۔ فِي الْاَمْرِ : شبہ کرنا۔
الشَّكُّ۔ مص۔ شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی درز۔ ایک دوا جو چوہوں کیلئے قاتل ہے۔ ج شُكُوْك۔
الشِّكَّة۔ اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا پکڑ جو کلہاڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کیلئے لگاتے ہیں۔ ج شِكَك اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِّكَّة" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔
الشُّكَّة۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا شُكَّةٌ بَعِيْدَةٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہے۔
الشَّاكَّة۔ الشَّاكُ کا مؤنث گلے کی سوجن۔ ج شَوَاكُّ۔ يُبُوتٌ (شِكَاكٌ) ایک قطار کے مکانات۔
الشِّكَاكَة۔ زمین کا گوشہ۔
الشَّكِيكَة۔ طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْهُ عَلٰى شَكِيكَتِهٖ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ' میوہ کی ٹوکری۔ ج شَكَائِك و شُكَك۔
اَلْمِشَكُّ۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ زیرہ۔ ج مَشَاكُّ۔
الشُّكَيُّ۔ سخت لگام۔
الشَّكُوك۔ بہت بالوں والی اونٹنی کہ جس کی لاغری و فربہی معلوم نہ ہو سکے۔
الشَّكْشَكَة۔ تیز ہتھیار یا ہتھیار کی تیزی۔
شَكَأَ (ف) شَكْأً۔ نَابُ الْبَعِيْرِ: دانت نکلنا۔
شَكِيَ (س) شَكًا۔ ظُفْرُهٗ: ناخن چبھنا۔
اَشْكَاتُ۔ الشَّجَرَةُ: شاخیں نکالنا۔
الشُّكْب۔ بدلہ۔ بخشش۔
الشُّكْبَان۔ گھاس جمع کرنے کی جھولی۔
الشَّوْكَحَة۔ بڑے پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔ ج شَوْكَح۔
شَكَدَ (ن) شَكْدًا و شَكَّدَ۔ بخشنا۔ دینا۔
اَشْكَدَ۔ دینا۔ ردی مال جمع کرنا۔
الشُّكْد۔ بخشش۔ شکریہ۔
شَكَرَ (ن) شُكْرًا و شُكُوْرًا و شُكْرَانًا۔ الرَّجُلُ وَلَهٗ (و بِاللَّامِ اَفْصَح) شکریہ ادا کرنا۔ شکر کرنا۔ بہتر سلوک پر تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "شَكَرَ اللّٰهُ سَعْيَك" یعنی اللہ تمہاری کوشش کی جزا دے و "شَكَرْتُ لِفُلَانٍ نِعْمَتَهٗ" میں نے فلاں کی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ و "شَكَرَ اللّٰهَ وَ لِلّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَنِعْمَةَ اللّٰهِ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ" اس نے اللہ کا شکر یا اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا۔ صفت (شاکر) ج شَاكِرُوْن و شُكر۔ شَاكِرُ زَبِّهٖ: ایک قسم کی گھاس۔
شَكِرَتْ (س) شَكَرًا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بھرے ہوئے تھن والی ہونا۔ صفت (شَكِرَةٌ) ج شَكِرَات و شَكَارٰى و شَكْرٰى و (مِشْكَار) ـــــ الشَّجَرَةُ: درخت کا جڑ میں سے شاخ نکلنا ـــــ الرَّجُلُ: بخل کے بعد سخی ہونا۔
اَشْكَرَ۔ الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ صفت (شَكْرَان) مؤنث شَكْرٰى۔ ج شُكَارٰى و شَكَارٰى۔ عَيْنٌ شَكْرٰى: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ اَشْكَرَ الشَّجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔
شَاكَرَهٗ۔ شکر گزاری دکھلانا ـــــ هُ الْحَدِيْثَ: گفتگو شروع کرنا۔
اِشْتَكْرَ۔ الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ اِشْتَكْرَتِ الرِّيَاحُ: ہوا کا تیز چلنا ـــــ السَّمَاءُ: بارش لانا ـــــ الرَّجُلُ فِي عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِشْتَكْرَ الْبَرْدُ وَالْحَرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا ـــــ الشَّجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا ـــــ الْحَبِيْنُ: رواں نکلنا۔
تَشَكَّرَ۔ لَهٗ: شکر ادا کرنا۔
الشَّكُوْر۔ بہت شکر گزار (مذکر و مؤنث) ج شُكُر الشَّكُوْرُ فِيْ اَسْمَائِهٖ تَعَالٰى۔ تھوڑے عمل کا زیادہ بدلہ دینے والا۔
الشَّكِيْر۔ بڑے درختوں کی جڑ میں جو شاخ نکل آئے۔ بڑوں میں چھوٹے (پودے یا گھاس یا پر یا بال) بال جو چہرہ اور پس گردن کے متصل ہوں۔ درخت کی ڈاڑھی۔ شَكِيْرُ الْاِبِلِ۔ چھوٹے اونٹ۔ ج شُكُر۔
الشَّكْرَة۔ اسم مَرَّة (و الشَّكَرِيَّة) تھنوں کا دودھ سے بھرنا۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ (مَشْكَرَةٌ) یعنی دودھ والا پودہ۔
الشُّكْرَان۔ شکر گزاری۔
الشَّوْكَران و الشَّيْكَران و الشَّيْكُرَان۔ ایک زہریلا پودہ۔ (دخیل)
الشَّاكِرِيُّ۔ خادم' نوکر۔ چاکر۔ ج شَاكِرِيَّةٌ (دخیل)
الشَّاكِرِيَّة۔ خادم کی اُجرت۔ عوام شَاكَرِيَة کو ٹیڑھے سر والی چھری کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔
الشَّكَائِر۔ پیشانیاں۔
شَكَزَهٗ (ن) شَكْزًا۔ اُنگلی چبھونا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ شَكَزَهٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
الشَّكْز و الشَّكِز۔ بدخلق۔
الشَّكَّاز۔ شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔
شَكِسَ (ک) شَكَاسَةً و شَكِسَ (س) شَكَسًا۔ بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَكِسٌ و شكس) ج شُكْس۔
شَاكَسَهٗ مُشَاكَسَةً۔ مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔
تَشَاكَسَ۔ الْقَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ يَتَشَاكَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔
الشَّكِيْس۔ نحوست۔
الْمِشْكَس۔ بخیل۔ سخت مزاج۔
الشَّكْس۔ نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔
الشَّكِص و الشَّكِيْص۔ بدخلق۔
الشَّكِيْصَة: اونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔
الشِّكَاص۔ ناہموار دانتوں والی عورت۔
شَكِعَ (س) شَكَعًا۔ الْمَرِيْضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاكِعٌ و شَكِعٌ و شَكُوْعٌ)
الزَّرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا ـــــ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔
اَشْكَعَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔
شَكَلَ (ن) شَكْلًا و شَكَّلَ۔ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَكَلَ و شَكَّلَ الْعِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَكَلَ و شَكَّلَ الْكِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَكَلَ و شَكَّلَ الدَّابَّةَ بِالشِّكَالِ: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَكَّلَ الشَّيْءَ: تصویر بنانا۔ شَكَلَتْ و شَكَّلَتِ الْمَرْأَةُ شَعْرَهَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔
شَكِلَ (س) شَكَلًا۔ سرخ سفید ہونا ـــــ الشَّيْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا ـــــ الْمَرْأَةُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔
اَشْكَلَ۔ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اَشْكَلَتْ عَلَيَّ الْاَخْبَارُ میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔
ـــــ الْعِنَبُ: انگور پکنے لگنا ـــــ النَّخْلُ:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



درخت خرما پک کر تیار ہونا ـــــ الکِتَابَ : اعراب لگانا ـــــ الشَیءَ : مشکل ہونا ـــــ المَرِیْضُ : بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔

شَاکَلَهٗ مُشَاکَلَةً۔ مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فُلَانٍ مُشَاکَلَةٌ مِنْ اَبِیْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

تَشَکَّلَ۔ صورت اختیار کرنا ـــــ العِنَبُ : انگور پکنے لگنا۔

اِشْتَکَلَ وَاسْتَشْکَلَ۔ الاَمْرُ : مشتبہ ہونا۔

الشَّکْلُ۔ مص۔ مشابہت۔ مثل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد و ارادہ۔ کہا جاتا ہے "مَسَاَلْتُهٗ عَنْ شَکْلِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ کو دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی، کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج اَشْکَال وشُکُوْل۔ الاَشْکَالُ : چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "اُمُوْرٌ اَشْکَالٌ" یعنی مشتبہ امور۔ شَکْلُ الکِتَابِ : کتاب کی حرکات۔

الشَّکْلَة : ایک حرکت مثلاً زیر، زبر یا پیش۔

الشِّکْل۔ شکل۔ عورت کا ناز و انداز۔

الشَّکْلَة۔ سرخی مائل بہ سفیدی ( ـــــ والشَّاکِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِیْهِ شَکْلَةٌ اَوْ شَاکِلٌ مِنْ اَبِیْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ اِمْرَاَةٌ (شَکِلَةٌ) ناز و انداز والی عورت۔

الشِّکَال۔ جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیش بند اور ٹنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُکُلٌ۔ الشِّکَالُ فِی الخَیْلِ : تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔

الشَّاکِلَةُ۔ الشَّاکِلُ کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاکِلَةُ الطَّرِیْقِ۔ طریقہ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاکِل۔ اور اسی سے ہے "اَصَابَ شَاکِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پالیا۔ و "فُلَانٌ یَرْمِیْ عَلٰی شَاکِلَتِهٖ الشَّوَاکِلَ" یعنی فلاں وجوہ صواب کو پالیتا ہے۔ الشَّوَاکِل۔ بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِیْقٌ ذُوْ شَوَاکِلَ۔ یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔

الاَشْکَل۔ سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَشْکَلُ بِهٖ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُکْلٌ۔

الشَّکْلَاء۔ اَشْکَل کا مؤنث۔ حاجت۔

الشَّوْکَلَة۔ ناحیہ۔ جانب (الشَّوْکَل) کا واحد بمعنی عوسج۔ اور عوسج ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔

الاَشْکَلَة۔ التباس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِیْهِ اَشْکَلَةٌ مِنْ اَبِیْهِ" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کردے۔ تم کہتے ہو "لَنَا عِنْدَهٗ اَشْکَلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔

الشَّکِیْل۔ خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔

المُشْکِل والمُشْکِلَة۔ امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاکِل ومُشْکِلَات۔

المَشْکُوْل۔ مِنَ الخَیْلِ : تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔

المُشَکِّل۔ صورت و شکل والا۔

شَکَمَهٗ (ن) شَکْمًا۔ دینا۔ بدلہ دینا۔ فلانًا : رشوت دینا۔

شَکَمَه (ن) شَکْمًا وشَکِیْمًا۔ دانت سے کاٹ لینا۔

شَکِمَ (س) شَکَمًا۔ بھوکا ہونا۔

اَشْکَمَه۔ بدلہ دینا۔

الشُّکْم والشُّکْمٰی۔ ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔

الشَّکِم۔ شیر۔

الشَّکِیْمَة۔ تکبر۔ ظلم کی داد رسی۔ عمدہ طبیعت۔ چیتا۔ زہر۔ مشابہت ـــــ مِنَ اللِّجَامِ : لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ ج شَکَائِم وشُکُم وشَکِیْم اور اسی سے ہے "فُلَانٌ ذُوْ شَکِیْمَة" او شَدِیْدُ الشَّکِیْمَةِ یعنی فلاں خوددار اور غیرت مند ہے۔

شَاکَهَه شَکَاهًا ومُشَاکَهَةً۔ مشابہ ہونا۔

اَشْکَهَ۔ الاَمْرُ : دشوار ہونا۔

تَشَاکَهَا۔ باہم مشابہ ہونا۔

شَکَا یَشْکُوْ شَکْوٰی وشَکْوًا وشَکَاةً وشَکَاوَةً وشِکَایَةً وشَکِیَّةً۔ اِلَیْهِ زَیْدًا : شکایت کرنا۔ شکایت کرنے والے کو (شَاکٍ) جس کی شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ ومَشْکِیٌّ) اور جس سے شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ) اِلَیْهِ اور شکایت کو (شِکْوٰی) کہتے ہیں۔ شَکَا الاَمْرَ او العِلَّة : ذکر کرنا یا درد مند ہونا ـــــ مَرَضَه لِلطَّبِیْبِ : طبیب سے مرض کی کیفیت بیان کرنا ـــــ اَمْرَهٗ اِلَی اللّٰه : ظاہر کرنا۔

شَکَا یَشْکُوْ شَکْوًا وشَکْوٰی وشَکَاةً۔ المَرْضُ فُلَانًا : الم پہنچانا۔ درد مند بنانا۔

شَکِیَ تَشْکِیَةً۔ الشَّاکِی : شکایت قبول کرنا۔

اَشْکٰی اِشْکَاءً۔ فُلَانًا : شکایت قبول کرنا۔ شاکی پانا۔ کسی کے سامنے شکایت اور تکلفات شوق کو بیان کرنا۔ کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ وہ شکایت کرنے پر مجبور ہو۔ کسی سے شکایت کو زائل کردینا ـــــ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ : کسی سے کوئی چیز کسی کی خوشنودی کے لیے لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَشْکِی بِکَذَا" وہ فلاں چیز کے ساتھ متہم ہے۔

شَاکَاه۔ شکایت کرنا۔

تَشَکّٰی۔ بیمار ہونا ـــــ اِلَیْهِ : شکایت کرنا۔ مِنْ جُرْحِهٖ : درد مند ہونا۔

اِشْتَکٰی۔ بیمار ہونا ـــــ اِلَیْهِ : شکایت کرنا ـــــ مِنْ جُرْحِهٖ : درد مند ہونا۔

تَشَاکٰی تَشَاکِیًا۔ القَوْمُ : باہم دگر شکایت کرنا۔

الشَّکْو والشَّکْوٰی والشَّکَاء والشَّکَاة والشَّکْوَاء۔ بیماری۔ الشَّکْوٰی : جس چیز کی شکایت کی جائے۔ ج شَکَاوٰی۔ الشَّکْو : چھوٹا اونٹ۔

الشَّکْوَة۔ شَکَا کا اسم مرۃ۔ شَکْو بمعنی مرض کا واحد ج شَکَوَات وشَکَاء ( ـــــ والشُّکَیَّة) پانی یا دودھ کا چمڑے کا برتن۔

الشَّکِی۔ جس کی شکایت کی جائے۔ درد مند۔ مؤنث شَکِیَّةٌ۔ ج شَکَایَا ( ـــــ والشَّاکِی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



معمولی بیمار رَجُلٌ شَاكِي السِلاحِ : ہتھیار بند صاحب شوکت و رعب مرد (یہ شانک کا مقلوب ہے۔)

الشَكَاة۔عیب۔

المِشْكَاة۔طاق۔چراغ رکھنے کا طاق۔چراغ دان۔

شَكٰى يَشْكِيْ شَكْيًا۔اِلَيْهِ :شکایت کرنا۔

الشَكِيَّة۔بقیہ۔

شَلَّ (ن) شَلاً۔الثَوْبَ : کپڑے میں ہلکی سلائی کرنا۔شَلَّتِ العَيْن دمْعَهَا : آنکھ کا آنسو بہانا ـــــ الدِرْعَ وشَلَّهَا عَلَيْهِ : زرہ پہننا ـــــ الشَيْءَ :کاٹنا۔

شَلَّ (ن) شَلاً وشَلَلاً۔الابِل : اُونٹوں کو بھگانا۔دھتکارنا۔کہا جاتا ہے "مَرَّ فُلَانٌ يَشُلُّهُمْ بِالسَيْف" فلاں گزرا اس حال میں کہ لوگوں کو تلوار سے بھگا رہا تھا۔والصُبْحُ يَشُلُّ الظَلاَمَ" صبح تاریکی کو دور کر دیتی ہے۔

شَلَّتْ (س) شَلاً وشَلَلاً وشُلَّتْ وأُشِلَّت إِشْلالاً۔يَدُهُ : خشک ہونا۔لنجا ہونا۔ایسے ہاتھ کو (شَلاَّء) اور ایسے ہاتھ والے کو (اَشَلّ) کہتے ہیں۔جو شخص اچھی طرح تیر چلائے یا نیزہ بازی کرے اس کے لیے دُعاء کے طور پر کہتے ہیں "لاَ شُلَّتْ يَدَاك اولاَ شُلَّتْ عَشْرٌ" تمہارے ہاتھ یا تمہاری دس انگلیاں بیکار نہ ہوں۔

اَشَلّ۔بیمار ہاتھ والا ہونا۔

اِنْشَلَّ۔المَطَرُ : برسنا ـــــ السَيْلُ : سیلاب بڑھنا شروع ہونا ـــــ الذِئْب فی الغَنَمِ : بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔اِنْشَلَّتِ الإِبِلُ :بھاگنا۔

شَلاَلِ۔مبنی علی الکسر :شَلَلَ کا اسم ہے۔تیر انداز کے لیے دُعا کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "لاَ شَلاَلِ" بمعنی لاشُلَّتْ يَدُك۔

الشَلَل۔مص۔کپڑے کا داغ جو دھونے سے بھی نہ جائے۔ہاتھ کی خرابی۔

الشُلَل والشُلُل والشَلْوَل۔تیز۔خوش مزاج۔

الشِلاَل۔متفرق لوگ۔کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ شِلاَلاً" اونٹوں کو بھگاتے ہوئے لوگ آئے۔

الشَلَّة۔اسم مرة ( ـــــ والشُلَّةُ والشُلى) دور کا مقصد۔جست سفر۔

الشَلِيل۔اونی کپڑے کا ٹکڑا جس کو کجاوہ کے پیچھے جانور کے سرین میں ڈالتے ہیں۔چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جائے۔کرتہ جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔وادی میں پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ج اَشِلَّة۔

الشَلاَّل۔آبشار۔ج شَلاَّلات۔

المِشَلّ۔گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔رَجُلٌ مِشَلٌّ : سبک دست۔تیز۔خوش مزاج۔

شَلَّحَهُ تَشْلِيحًا۔نگاہ کرنا۔

الشَلْحَاء والشَلْحَى۔تیز تلوار۔ج شُلُحٌ۔

المُشَلَّح۔حمام کا کمرہ جس میں کپڑے اُتارے جائیں۔

شَلَخَه (ن ف) شَلْخًا۔بِالسَيْفِ : تلوار سے کاٹنا۔

الشَلْخ۔مص۔اصل۔جڑ۔آدمی کی اولاد۔کہا جاتا ہے "هُوَ شَلْخُ سُوءٍ" وہ بُری اولاد ہے۔

شَلْشَلَ شَلْشَلَةً وشِلْشَالاً۔المَاءُ :پانی ٹپکنا ـــــ المَاءَ وبِالمَاءِ :پانی متفرق چھڑکنا ـــــ المَاءَ : پانی ٹپکانا ـــــ السَيْفُ الدَمَ : گرانا۔صفت مفعول (شَلْشَل ومُشَلْشِل ومُشَلْشَل) تَشَلْشَلَ۔المَاءُ :پانی کا چھینکنا۔بکھرنا ـــــ السَيْفَ بِالدَمِ : گرانا۔کہا جاتا ہے "جَاءَ وجُرْحُهُ يَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔

الشَلْشَل۔ٹپکنے والی مشک۔مَاءٌ شَلْشَل : لگاتار ٹپکنے والا پانی۔مَاءٌ ذُو شَلْشَلٍ :ٹپکنے والا پانی۔(الشَلْشَل والشُلْشُل) مِنَ الرِجَالِ :تیز و سبک دست۔خوش مزاج۔

الشَلْطُو والشَلْطَاءُ۔چھری۔

الشِلْطَة۔باریک اور لمبا تیر۔ج شِلَط۔

شَلَغَ (ف) شَلْغًا۔الرَاسَ : چلانا۔توڑنا۔

الشِلْف۔مِنَ الْحَدِيْدِ عِنْدَ الْعَامَّةِ :لوہے کی سلاخ۔

الشَالُوف۔عِنْدَ الْعَامَةِ : آبشار۔آبشار گرنے کی جگہ۔

الشَلاَّقَة۔مِنَ النِسَاءِ :بدکار عورت۔

شَلَقَهُ (ن) شَلْقًا۔لمبا پھاڑنا یا چیرنا ـــــ ہ : بِالسَوْطِ :کوڑے سے مارنا۔

الشِلْق والشَلِق۔نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ج اَشْلاَق۔

الشِلْقَاء۔چھری۔

الشَلْقَة والشِلْقَة۔گوہ کے انڈے۔

الشَلَقَة۔گھوڑوں کو سدھانے والے۔

الشَلْقَة :موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔

الشَلاَّق۔فقیروں کا تھیلا۔

الشَوْلَقِيّ۔مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔

المِشْلِيق۔ہنستے وقت منہ کھولنے والا۔

الشَيْلَم والشَوْلَم والشَالَم۔ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔

الشِلَّم۔چنگاری۔کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ يَتَطَايَرُ شِلَّمَه" فلاں کے غصہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔

شَلاَ يَشْلُو شَلْوًا۔چلنا ـــــ الشَيْءَ :بلند کرنا۔

أَشْلَى إِشْلاَءً۔الكَلْبَ عَلَى الصَيْدِ :کتے کو شکار پر اُکسانا۔بھڑکانا ـــــ النَاقَةَ : اونٹنی کو دوہنے یا چارہ کے لیے بلانا۔

اِشْتَلَى۔فُلاَنًا :چھڑانا۔

اِسْتَشْلَى۔غضبناک ہونا ـــــ ہ :چھڑانا۔

الشِلْو۔عضو۔اونٹنی کا بچہ۔ہر پوست کشیدہ جس میں کچھ کھالیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ج أَشْلاَء۔أَشْلاَءُ اللِجَامِ :لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔أَشْلاَءُ الإِنْسَانِ : اعضاء انسانی۔کہا جاتا ہے "يَنُوْ فُلاَنٍ أَشْلاَءٌ فِيْ بَنِيْ فُلاَنٍ" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔

الشِلْو والشَلاَء۔ہر چیز کا جسم۔

الشَلِيّ۔ہر چیز کا بقایا۔

الشَلِيَّة۔مال کا بقیہ۔گوشت کا ٹکڑا۔ج شَلاَيا۔

المُشَلَّى۔لاغر نحیف۔

شَمَّ (س ن) شَمًّا وشَمِيْمًا و شَمِيْمى۔الوَرْدَ : گلاب کا پھول سونگھنا ( ـــــ شَمَمًا) تکبر کرنا۔الجَبَلُ : أَوِ الأَنْفُ : چوٹی بلند ہونا۔صفت (أَشَمّ وشَمِيْم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



شُمَّ- آزمائش کیا جانا-
شَمَّمَ- الزَّهْرَ : پھول سونگھنا ـــــ ہ الزَّهْرَ :پھول سونگھنا-
اَشَمَّ- سر اُٹھا کر گزرنا ـــــ الوَرْدَ :گلاب کا پھول سونگھانا ـــــ عَنِ الاَمْرِ :الگ ہونا-ہٹنا-
اَشَمَّ القَارِئُ الحَرْفَ : اَشْمام کر کے وقف کرنا- کہا جاتا ہے "اَشْمِمْنِیْ یَدَکَ" مجھے اپنا ہاتھ دو- و "عَرَضْتُ عَلَیْہِ کَذَا فَاِذَا ھُوَ مُشِمٌّ لَا یُرِیْدُہٗ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھالی- اس کی خواہش اسے نہیں-
شَامَّا مُشَامَّۃً وَتَشَامًّا- ایک دوسرے کو سونگھنا-
اِشْتَمَّ-الشَّیْءَ :سونگھنا-
تَشَمَّمَہ- آہستہ آہستہ سونگھنا-
اِسْتَشَمَّہٗ- سونگھنے کی درخواست کرنا- سونگھنا-
الشَّم-مص-سونگھائی-
الشَّامَّۃ-سونگھنے کی حس-
الشَّمَم- مص- نزدیکی- دوری (ضد) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن وہمواری کے ساتھ-
الشَّمِیْمُ- مص- بلند- عمدہ خوشبو-
الاَشَمُّ- مغرور سردار- کریم- اُونچی ناک والا- مؤنث شَمَّاء- ج شُمٌّ-
الشَّمَّام والشَّمُوْم- بہت سونگھنے والا-
الشَّمَّام :ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ- واحد (شَمَّامَۃٌ) ج شَمَّامَاتٌ- الشَّمَامَات : عمدہ خوشبوئیں-
الاِشْمَام- عِنْدَ القُرَّاءِ والنُّحَاۃِ : بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا-
المَشْمُوْمُ- مفہم- جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو- مشک-
شَمِتَ (س) شَمَاتًا و شَمَاتَۃً- بِفُلَانٍ : کسی کی مصیبت پر خوش ہونا- صفت فاعلی ـــــ (شَامِتٌ) ج شُمَّاتٌ- اور صفت مفعولی (مَشْمُوْتٌ) بِہٖ-
شَمَّتَ- العَاطِسَ وشَمَّتَ عَلَیْہِ : یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہہ کر دعا کرنا- یا دعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے ـــــ ہ : محروم کرنا- شَمَّتَ بَیْنَھُمَا : جمع کرنا-
اَشْمَتَہُ اللّٰہُ بِعَدُوِّہٖ :دشمن کے غم سے خوش کرنا-
تَشَمَّتَ- القَوْمُ : بالا نعیمت کے محروم واپس آنا-
الشَّامِتُ- فا- ج شُمَّاتٌ-
الشَّامِتَۃ- الشَّامِت کا مؤنث- جانور کی ٹانگ- ج شَوَامِت- کہا جاتا ہے "بَاتَ بِلَیْلَۃِ الشَّوَامِتِ" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی- وبَاتَ طَوْعَ-الشَّوَامِت- مصیبت پر خوش ہونے والی عورتوں کی خواہش کے مطابق اس نے رات گزاری-
الشِّمَات والشَّمَاتَی- محروم لوگ (جمع ہے واحد نہیں) کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَوْمُ شِمَاتًا او شَمَاتٰی" قوم محروم واپس آئی-
شَمَجَ (ن) شَمْجًا- الشَّیْءَ : ملانا ـــــ الثَّوْبَ : کپڑے کو دُور دُور سینا- شَمَجُہٗ عَنْ کَذَا :الگ کرنا ـــــ فُلَانًا :جلدی کرانا-
الشَّمَاج- انگور کا وہ حصہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا جائے- کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ شَمَاجًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا- نَاقَۃٌ (شَمْجٰی) تیز رفتار اونٹنی-
شَمْجَرَ- الرَّجُلُ :خوفزدہ کی طرح دوڑنا-
الشَّمْحَط والشِّمْحَاظ والشُّمْحُوْط- بہت لمبا-
شَمَخَ (ف) شَمْخًا و شُمُوْخًا- الجَبَلُ :پہاڑ کا بلند ہونا- صفت (شَامِخٌ) ج شُمَّخٌ- مؤنث شَامِخَۃٌ ج شَوَامِخ و شَامِخَات (و شَمَّخَ) اَنْفَہ و بِاَنْفِہٖ : تکبر سے ناک چڑھانا- صفت (شَمَّاخٌ)
تَشَامَخَ- بلند ہونا- تکبر کرنا-
تَشَمَّخَ- بِاَنْفِہٖ : تکبر کرنا-
الشَّامِخ- فا- نَسَبٌ شَامِخٌ : شریف نسب رَجُلٌ شَامِخٌ :متکبر مرد-
الشَّمَّاخ- شَامِخٌ کا مبالغہ جَبَلٌ شَمَّاخ :بہت بلند پہاڑ ـــــ مَفَارَۃٌ (شَمُوْخٌ و شَمَخ) دور اطراف والا- بیابان-
شَمْخَرَ شَمْخَرَۃً- تکبر کرنا-
اِشْمَخَرَّ اِشْمِخْرَارًا- الشَّیْءُ : طویل ہونا ـــــ الجَبَلُ :پہاڑ کا بلند ہونا-
الشُّمَّخ والشِّمَّخ- متکبر مرد- بلند نظر- موٹا آدمی یا اونٹ-
الشَّمْذَرُ والشِّمذَرُ والشِّمْذَارُ تیز رفتاری-
الشِّمذَارَۃُ والشِّمِیْذَر- چست لڑکا-
شَمَرَ (ن ض) شَمْرًا- تیز چلنا- تکبر سے چلنا ـــــ النَّخْلَ : کھجوریں کاٹنا-
شَمَّرَ تَشْمِیْرًا- تیز گزرنا ـــــ ہ : تیز چلانا- ـــــ الشَّیْءَ : سمیٹنا ـــــ السَّفِیْنَۃَ او الصَّقْرَ :چھوڑنا-
ـــــ الثَّوْبَ عَنْ سَاقَیْہِ : اُٹھانا ـــــ فِی الاَمْرِ : چستی کرنا ـــــ لِلْاَمْرِ :ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا-
ـــــ اِلَی المَکَانِ : قصد کرنا- شَمَّرَتِ الحَرْبُ و شَمَّرَتْ عَنْ سَاقَیْھَا : سخت ہونا-
اَشْمَرَہٗ- جلدی کرانا ـــــ ہ بِالسَّیْفِ :
تَشَمَّرَ وانْشَمَرَ- تیز چلنا یا تکبر سے چلنا ـــــ الاَمْرُ :ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا-
الشِّمِّیر- فیاض- سخی- صاحب بصیرت- پرکھنے والا- تجربہ کار-
الشُّمْرَۃ والشَّمَار- ایک قسم کا پودہ ہے جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں- شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت بُرائی-
الشَّمُّوْر الباس- ہیرا-
الشِّمِّیْر والشَّمَّرِیّ والشِّمِّرِیّ والشِّمِرِیّ- تجربہ کار- وانائے اُمور- محنت سے کام کرنے والا- مِنَ الاِبِلِ : تیز رفتار- نَاقَۃٌ او الشَّاۃ (شَامِرٌ او شَامِرَۃٌ) اونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں- لَقَۃٌ شَامِرَۃٌ : دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا- ج شَوَامِر-
المُشَمِّر- فا- تجربہ کار- محنت سے کام کرنے والا-
شَمْرَجَ- الثَّوْبَ :دو رووں ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا ـــــ فِی الکَلَامِ :گڑبڑ کرنا- خلط

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لطہ کرنا۔
الشِّمْرَاج۔ جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَمَارِیْج۔ الشَّمَارِیْج: باطل باتیں۔
الشُّمْرُج۔ باریک بناوٹ کا کپڑا۔
ثَوْبٌ (مُشَمْرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔
شَمْرَخَ۔ العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔
الشُّمْرُوْخ والشِّمْرَاخ۔ کھجور یا انگور کا گچھا۔
الشِّمْرَاخ: پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصّہ۔
الشُّمْرُوخ: باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصّہ میں نکلے۔ ج شَمَارِیْخ۔
الشَّمَرْدَل: جوان تیز رفتار خوبصورت اُونٹ وغیرہ۔
الشَّمَرْدَلَة۔ خوبصورت اونٹنی۔
الشَّمَرْطَل والشَّمَرْطُوْل۔ لمبا ڈیل ڈول مرد۔
الشَّمَارِق والشَّمَارِیق والمُشَمْرَق۔ مِنَ الثِّیَاب: کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔
شَمَزَ (ن) شَمْزًا۔ نَفْسُهٗ مِنْهُ: کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
تَشَمَّزَ۔ الوَجْهُ: سکڑنا۔
اِشْمَأَزَّ اِشْمِئْزَازًا۔ خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا ـــــ الشَّیْءُ: مکروہ جاننا ـــــ مِنْهُ: منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
شَمَسَ (ن) شُمُوْسًا وشَمَاسًا۔ باز رکھنا۔ انکار کرنا ـــــ لَهٗ: دشمنی ظاہر کرنا۔ برائی کا ارادہ کرنا ـــــ الفَرَسُ: نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت (شَمُوْسٌ) ج شُمُسٌ وشُمُسٌ و (شَامِسٌ) ج شَوَامِس۔
شَمَسَ (ن ض) شَمْسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشْمَسَ۔ اَلْیَوْمُ: دھوپ والا ہونا۔ صفت (شَامِس و مُشْمِس) وشَمِسَ لِیْ: عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔
شَمَّسَ۔ الکَافِرُ: آفتاب کی پرستش کرنا ـــــ الشَّیْءَ: دھوپ میں پھیلانا ـــــ ہ: نفرت دلانا۔
ـــــ فُلَانٌ: شماس ہونا (دیکھو لفظ شماس)
شَامَسَهٗ۔ دشمنی کرنا۔
تَشَمَّسَ۔ دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا ـــــ عَلَیْنَا: بخل کرنا۔
الشَّمْس۔ مص۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَیْسَةٌ۔ ج شُمُوْسٌ الشَّمْس: ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَّیْءَ فِی الشَّمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ و "دَخَلَتِ الشَّمْسُ فِی البَیْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہو گئی۔
الشَّمِس والشَّمْس والشَّمُوْس۔ مِنَ الْاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔
الشَّمُوْس۔ بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمُسٌ وشُمُسٌ۔
الشَّامِس۔ فا۔ مِنَ الْاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے ـــــ مِنَ الرِّجَالِ: دُشوار خو۔ ج شَوَامِس۔
الشَّمْسِیَّة۔ عِنْدَ المُوَلِّدِیْن: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّةٌ یا مُظِلَّةٌ کہا جائے اور بارش سے بچانے والی کو عَالَةٌ۔
الشَّمَّاس۔ قیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمۂ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)
المُتَشَمِّس۔ فا۔ سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔
الشِّمْشِل۔ ہاتھی۔
الشِّمْشِقَة۔ بمعنی۔ الشِّقْشِقَة۔
الشَّمْشَلِیق۔ ڈھیلے ڈھالے اعضاء کی بڑھیا۔ تیز رفتار۔
شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَّصَ۔ الدَّوَابَّ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَصَهٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا ـــــ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَصَهُ الشَّیْءُ: بے قرار کرنا۔
شَمِصَ (س) شَمَصًا۔ جلدی جلدی بولنا۔
اَشْمَصَ وانْشَمَصَ۔ خوفزدہ ہونا۔
تَشَمَّصَ۔ سکڑنا۔
الشِّمَاص۔ نکل جانا۔
الشُّمَاص۔ جلدی۔
الشُّمُوْص۔ مِنَ الخَیْلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔
شَمْصَرَ شَمْصَرَةً۔ عَلَیْهِ: کسی پر سختی کرنا۔
شَمَطَ (ض) شَمْطًا۔ الشَّیْءَ: ملانا ـــــ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا ـــــ الشَّجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔
شَمِطَ (س) شَمَطًا واشْمَطَّ اِشْمِیْطَاطًا واِشْمَأَطَّ اِشْمِیْطَاطًا واِشْمَأَطَّ اِشْمِئْطَاطًا۔ سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط و شمطان۔ مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط۔
شَمَّطَهٗ واَشْمَطَهٗ۔ بِهٖ: ملانا۔ اَشْمَطَ الرَّجُلُ: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔
الشَّامِط۔ وہ دیگ جس میں پوری بکری معہ مسالا کے آجائے۔
الشَّمَط والشَّمْط والشِّمْط۔ مسالا۔ ج شِمَاط و اَشْمَاط۔
الشَّمِیْط۔ مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)
الشَّمْطَات۔ فِی الرَّاسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔
الشَّمُّوْط۔ عِنْدَ العَامَّةِ: چینا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپیٹا ہوا گولا۔
الشِّمْطَاط والشُّمْطُوْط والشِّمْطِیْط۔ گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِیْط۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِیْط: لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شِمْطَاط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُّمْطُوْط: لمبا۔
الشُّمْطَالَة۔ گوشت کا ٹکڑا مع چربی کے۔
شَمَطَهٗ (ض ن) شَمْطًا۔ منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا ـــــ الشَّیْءَ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔
شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا۔ کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْعٌ) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ" تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (ـــــ شُمُوْعًا) الشَّیْءُ: متفرق ہونا۔
شَمَّعَ۔ الشَّیْءَ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



یا اوپر سے ڈالنا ـــــ الرَّجُلَ : کھیل کود یا مزاح پر اُکسانا۔

اَشْمَعَ۔السِّرَاجُ :روشنی پھیلنا۔

الشَّمْعُ والشَّمْعُ۔ موم بتی۔ واحد (شَمْعَةٌ وشَمْعَةٌ) ج شَمْعَاتٌ۔ و (الشَّمَّاعُ) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (المَشْمَعَةُ) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِّمَاع والشِّمَاعَة۔ خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق۔

الشَّمُوْع۔ مِنَ النِّسَاءِ : ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَّمْعَدَان۔ چراغ دان۔ ج شَمَاعِد و شَمْعَدَانات دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَائِلَةٌ ہے۔ مِسْكٌ (مَشْمُوْعٌ) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا۔ غصے سے بھر جانا۔

ـــــ القَوْمُ فِي الطَّلَبِ : کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا ـــــ الإِبِلُ والخَيْلُ :اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واِشْمَعَلَّ۔ القَوْمُ : متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الحَرْبُ : لڑائی کا بھڑکنا ـــــ الغَارَةُ : ہر جانب سے غارت واقع ہونا ـــــ الإِبِلُ :اونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَّجُلُ : اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا۔ جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ۔ شاداں ہونا۔

الشَّمَاقَةُ۔ جنون۔ شادمانی۔ چستی۔

الشِّمِقُّ والشَّمَقْمَقُ۔ لمبا۔ شاداں۔

شَمَلَتْ (ن) شُمُوْلاً۔ الرِّيْحُ : بادِ شمالی چلنا ( ـــــ شَمْلاً) الشَّيْءَ : بادِ شمالی کے سامنے کرنا ـــــ بِهِ : بائیں جانب لینا ـــــ النَّخْلَةَ : تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلاً۔ الشَّاةَ : بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهُ (س) شَمْلاً و شُمُوْلاً۔ چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمَلاً و شُمِلَ و شَمْلاً۔ القَوْمُ :بادِ شمالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلاً وشَمَلاً وشُمُوْلاً۔ الأَمْرُ القَوْمَ :عام ہونا۔ شامل ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَمَلَ القَوْمَ خَيْرًا او شَرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہو گئی۔

شَمَّلَهُ تَشْمِيْلاً۔ چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔ شَمَّلَ الرَّجُلُ :جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ۔ القَوْمُ : بادِ شمالی میں داخل ہونا۔ الرِّيْحُ :بادِ شمالی چلنا ـــــ الشَّاةَ :بکری کے تھن کیلئے تھیلا بنانا ـــــ القَوْمُ خَيْرًا او شَرًّا :خیر یا شر کو سب کے لیے عام کرنا ـــــ الرَّجُلُ : بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهُ : بڑی چادر دینا ـــــ النَّخْلَةَ :پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ۔ بِالشَّمْلَةِ :چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ۔ جلدی کرنا ـــــ فِي الحَاجَةِ : آمادہ ہونا' ارادہ کرنا ـــــ بِالثَّوْبِ : سارے جسم پر لپیٹنا۔ الأَمْرُ عَلَيْهِ : گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلَى فُلَانٍ : بچانا۔

اِنْشَمَلَ' جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَمَلَ فِيْ حَاجَتِهِ" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَّمْل۔ مص۔ بادِ شمالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے "جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اُمور متفرق کو جمع کر دے۔ و "فَرَّقَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے ( ـــــ والشِّمْل) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَّمَل۔ مص۔ بادِ شمالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد کھجور' آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و "مَا عَلَى النَّخْلَةِ إِلاَّ شَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج أَشْمَال۔

الشَّمْلَة۔ جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمْلَاتٌ أُمَّ شَمْلَة :دُنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِّمْلَة۔ لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الشِّمْلَةِ"۔

الشَّمَال والشِّمَال والشَّمْأَل والشَّمْأَلُ والشَّمِيْل والشَّمُوْل والشَّوْمَلُ والشَّيْمَل۔ بادِ شمالی۔ کہا جاتا ہے "هَبَّتِ الشَّمَالُ او رِيْحٌ شَمَالٌ" بادِ شمالی چلی۔ ج شَمَالَات۔ الشِّمَال : بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِّمَال۔ ج اَشْمُل وَشُمُلٌ وشِمَال (گلہ واحد) وشِمَائل : بایاں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدِي بِالشِّمَال" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و "هُوَ عِنْدِيْ بِاليَمِيْنِ" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشِّمَال : اُتر۔ بدبختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کانٹے۔ طَيْرٌ شِمَالٌ : وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَةٌ شِمَالٌ : تیز رفتار اونٹنی۔ الشِّمَال۔ ج شَمَائِل : سیرت۔ عادت۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ مِنْ شِمَالِيْ اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِيْ" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔

الشَّمِيْلَة۔ طبیعت۔ ج شَمَائِل۔

الشَّمِل۔ چادر سے لپٹا ہوا۔

الشَّمُوْل۔ شراب یا ٹھنڈی شراب۔

الشِّمِل۔ تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّةٌ : تیز رفتار اونٹنی۔

الشِّيْمَال۔ بایاں۔

الشَّمْأَلَة۔ شکاری کے لیے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل۔

المِشْمَل۔ چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ( ـــــ والمِشْمِلَة والمِشْمَال) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔

المَشْمُوْل۔ مفع۔ جس پر بادِ شمالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔

المَشْمُوْلَة۔ شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَيْلَةٌ مَشْمُوْلَةٌ : ٹھنڈی رات۔ اخلاق۔ مَشْمُوْلَةٌ :بُرے اخلاق۔

شَمْلَلَ۔ الرَّجُلُ :جلدی کرنا ـــــ النَّخْلَةَ : پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ شِمْلَالٌ و شَمْلِيْلٌ تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِّمْلَال :بایاں۔

الشُّمْلُوْل۔ کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِيْل۔

الشَّمَالِيْل : شاخ کے سر پر متفرق ٹہنیاں۔ کہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جاتا ہے "مَاعَلَى النَّخْلَةِ اِلَّا شَمَالِيلَ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و "ذَهَبُوْا شَمَالِيلَ" وہ متفرق ہو کر چلے گئے۔ "ثَوْبٌ شَمَالِيلَ": پھٹا پرانا کپڑا۔

شَمْلَق۔ اِمْرَأَةٌ (شَمْلَقٌ) بُری عادت والی عورت۔

الشَّمَنْدَر والشَّمَنْدُوْر۔ چقندر۔ لنگر نما۔

الشَّمَنْدَ فَرو الشَّمَنْدُوْفَر۔ انجن۔ ریل گاڑی۔

شَمْهَد۔ السِكِّيْنَ: تیز کرنا۔ الحَدِيْدَ: پتلا کرنا۔

الشَّمْهَد۔ تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز زبانوں والا کتا۔

شَمَا يَشْمُوْ شُمُوًا۔ الرَّجُلُ: بلند شان والا ہونا۔

الشَّمَا۔ موم۔

شَنَّ (ن) شَنًّا۔ المَاءَ عَلَى الشَّرَابِ: متفرق چھینٹا دینا۔ ( ـــــ وَاَشَنَّ) الغَارَةَ عَلَيْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔

شَنَّت (ض) واَشَنَّت وشَنَّتَ۔ القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔

تَشَنَّنَ وتَشَان۔ الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا ـــــ جِلْدُ الاِنْسَانِ۔ بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا ( ـــــ واِشْتَنَّ) السِقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَانَّ الشَّيْأَن: باہم ملنا۔

اِسْتَشَنَّ۔ ڈبلا ہونا ـــــ اِلَى اللَّبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ اِسْتَشَنَّت القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔

الشَّن۔ مص۔ ج شِنَان واَشْنَان و (الشَّنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔ قَوْسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اَشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اَشْنَان جمع لاتے ہیں۔

الشَّنُوْن۔ موٹا۔ دبلا (ضد) بھوکا۔

الشَّنِيْن۔ دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔

الشُّنَان۔ ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا۔ بادل۔ مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔

الشُّنَانَة۔ مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔

الأُشْنَان۔ ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔

شَنَأَ (ف) وشَنِئَ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنَأَةً وشَنْأَنًا وشَنَانًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُؤَةً۔ الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعلی (شَانِئ) ج شُنَّا۔ مؤنث شَانِئَةٌ۔ ج شَوَانِئ وصفت مفعول (مَشْنُوْء)

شَنِئَ (س) شَنَأَة۔ الشَّيْءَ: نکالنا ـــــ حقه و بِحَقِّه: اقرار کر کے دینا۔

شُنِئَ۔ جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔

تَشَانَأ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَّنَاءَة۔ بغض۔ دشمنی۔

الشَّوَانِئ۔ شَانِئَة کی جمع۔ شَوَانِئ المَال: ایسے اموال جن کیلئے بخل نہ کیا جائے۔

الشَّنْآن۔ بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ و شَنْأَى۔ رَجُلٌ (شَنَائِيَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔

المِشْنَأ۔ وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے اُمور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔

المَشَانِئ۔ قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔

شَنِبَ (س) شَنَبًا۔ اليَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِيْبٌ) اور اسم (الشَّنَبَة)

ـــــ الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِيْب ومِشْنَب)

المَشَانِب۔ خوشبودار منہ۔

الشَّنَبَاء۔ سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔

شَنَبَتْ۔ الهَوَى قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔

الشَّنَبْث و الشُّنَابِث۔ شیر۔ سخت۔

شَنْبَلَهُ شَنْبَلَة۔ بوسہ دینا۔

الشَّنْتَة۔ فائل۔

شَنَّتَ۔ فَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الشُّنْتُرَة۔ انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر۔ کہتے ہیں "لَاَ ضَمَنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔

شَنِجَ (س) شَنَجًا واَشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ۔ الجِلْد: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج) اور صاحب جلد کی صفت (شَنِجٌ واَشْنَجُ)

شَنَّجَهُ۔ سکیڑنا۔

الشَّنَج۔ مص۔ اونٹ۔

شَنَّحَ عَلَيْهِ: بُرا بھلا کہنا۔

الشَّنَاح والشَّنَاحِي والشَّنَاحِيَ والشَّنَاحِيَة۔ موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَنَاحِيَة۔

شَنَخَ۔ النَّخْلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔

الشِّنَاخ۔ پہاڑ کی نوک۔

الشِّنْخَاب والشِّنْخُوْب والشُّنْخُوْبَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيب۔ الشُّنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الشَّنْخَفَة۔ تکبر و غرور۔

الشَّنْخَف۔ لمبا موٹا۔

الشَّنْخِيف۔ موٹا آدمی۔

الشِّنَّخْم۔ موٹا۔

الشُّنْدُخ۔ گٹھے بدن کا مضبوط و لمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔ رَجُلٌ شِنْذِيْزَةٌ و شِنْذَارَةٌ۔ گندی زبان والا مرد۔

شَنَّرَ۔ عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔

الشَّنَار۔ عار۔ بدترین عیب۔

الشِّنِّيْر والشِّنِّيْرَة۔ بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔

الشُّنَارِيّ۔ بلی۔

شَنَزَ۔ الشَّوْنِيْز والشِّنِّيْز۔ کلونجی۔

الشَّنْزَب۔ بہت سخت۔

شَنْزَرَ شَنْزَرَةً۔ الرَّجُلُ: سخت ہونا۔

الشَّنْزَرَة۔ مص۔ سختی۔

الشِّنْشِنَة۔ عادت۔ طبیعت۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَنَاشِن۔

الشَّنْشَنَة۔ کاغذ یا نئے کپڑے کی حرکت کی آواز۔

شَنَصَ (ن) شَنِيصًا (س) شَنْوَصًا۔ بِهٖ: چمٹنا۔ فَرَسٌ (شَنَاصٌ وشَنَاصِيٌّ وشُنَاصِيٌّ وشُنَاصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔

الشَّنْصَرَة والشِّنْصِيْر۔ موٹاپی۔ سختی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الشِّنْصِيْر :جائے پناہ۔
الشُّنُط۔ پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المُشَنَّط۔ بھنا ہوا گوشت۔ شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ : اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شَنَظَ۔ شَنَاظُ۔ الجَبَل :پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذَاتُ شِنَاظٍ" گٹھے بدن والی پرگوشت عورت۔
الشُّنْظُب۔ لمبا خوبصورت۔
شَنْظَرَ بِهِم :گالی دینا۔ فحش بکنا۔
الشِّنْظِيْر والشِّنْظِيْرَةُ والشُّنْظُوْرَةُ۔ بدخلق۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔ شِنظِيْرَة کی جمع شَنَاظِيْر۔ شَنَاظِيْر الجَبَل : پہاڑ کے اطراف۔
الشُّنْظُوْفُ۔ ہر چیز کی شاخ۔
شَنْظَى بِهِ :بُرا بھلا سنانا۔
شُنْظُوَةُ الجَبَلِ :پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شَنَاظِ۔
شَنَعَهُ (ف) شَنْعًا۔ قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔ رُسوا کرنا۔
شَنِعَ (س) شَنْعًا۔ بِهِ : قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَى أَمْرًا شَنِعَ بِهِ" اس نے ایسا معاملہ دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔
شَنُعَ (ک) شَنَاعَةً و شُنْعًا و شَنَعًا و شُنُوْعًا۔ قبیح ہونا۔ صفت (شَنِيْع) ج شُنُعٌ و (شَنِيْعٌ وأَشْنَع)
شَنَّعَ۔ الرَّجُلَ :بہت بُرا بھلا کہنا ـــ عَلَيْهِ الأَمْرَ : قبیح قرار دینا ـــ الرَّجُلُ : آمادہ و تیار ہونا۔ ( ـــ وأَشْنَعَ) البَعِيْرُ : دوڑنے میں کوشش کرنا۔
تَشَنَّعَ۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔ لِلْأَمْرِ :تیار ہونا ـــ السِّلاَحَ : ہتھیار پہننا ـــ الغَارَةَ :لوٹ ڈالنا ـــ القَوْمُ :اختلاف رائے کی وجہ سے خراب حالت والی ہونا ـــ الرَّجُلُ :بُرے کام کا ارادہ کرنا ـــ الفَرَسَ : گھوڑے پر سوار ہونا۔ چڑھنا ـــ الثَّوْبَ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَشْنَعَهُ۔ قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔
الشُّنْعَةُ والشَّنَاعَةُ والشُّنُوْعُ۔ قباحت۔

المُشَنِّعُ۔ قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا پھیلانے والا۔
المَشْنُوْعُ : مص۔ بُرائی میں مشہور۔
الشِّنْعَابُ۔ لمبے قد و قامت کا مرد۔
الشُّنْعُوْف والشِّنْعَافُ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔
الشِّنْعَفَة۔ لمبائی۔
شَنَفَ (ن ض) شَنْفًا۔ إِلَيْهِ : تعجب یا اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔
شَنِفَ (س) شَنْفًا۔ فُلاَنًا اور لِفُلاَنٍ : بغض رکھنا ـــ لَهُ : سمجھ جانا ـــ بِهِ : تاڑ جانا۔
شَنَّفَ۔ الكَلاَمَ :مزین کرنا ـــ إِلَيْهِ : کنکھی سے دیکھنا ( ـــ وأَشْنَفَ) الجَارِيَةَ :لڑکی کیلئے ایئر رنگ بنانا۔ بالی بنانا۔
تَشَنَّفَتِ۔ الجَارِيَةُ :لڑکی کا ایئر رنگ پہننا۔ بالی پہننا۔
الشَّانِفِ۔ فا۔ اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَشَانِفٌ عَنَّا بِأَنْفِهِ" وہ اپنے آپ کو ہم سے برتر سمجھتا ہے۔
الشَّنْف۔ مص۔ بالی۔ ایئر رنگ۔ ج شُنُوْف و أَشْنَاف۔
الشَّنِف۔ بغض رکھنے والا۔
شَنَقَ (ن ض) شَنْقًا۔ البَعِيْرَ : سوار ہونے کی حالت میں لگام کھینچنا ـــ القِرْبَةَ :مشک کو سر بند باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سر بند کو پکڑنا ـــ رَاسَ الدَّابَّةِ :درخت یا اونچے کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَّنْق" ہے جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں ـــ الشَّيْءَ :لٹکانا ـــ الخَلِيَّةَ : شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
شَنَقَ (ض) شَنْقًا و شَنِقَ (س) شَنَقًا کسی چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔
شَنَّقَ۔ الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ الخَلِيَّةَ :شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
أَشْنَقَ۔ البَعِيْرَ و القِرْبَةَ :بمعنی شَنَقَ البَعِيْرَ و القِرْبَةَ ـــ البَعِيْرُ :اونٹ کا سر اُٹھانا ـــ عَلَى فُلاَنٍ :دست درازی کرنا ـــ الرَّجُلُ :خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد) ـــ الشَّيْءَ لٹکانا ـــ غَنَمَه إِلَى غَنَمِ زَيْدٍ : ملا کر بڑھانا ـــ اليَدَ إِلَى العُنُقِ :ہاتھ کا گلے میں گھیرا ڈالنا۔
شَانَقَهُ مُشَانَقَةً و شِنَاقًا۔ اپنے مال کو کسی کے مال سے ملانا۔
تَشَانَقَا۔ اپنے مال کو دوسرے کے مال سے ملانا۔
الشَّنَق۔ مص۔ تاوانِ زخم۔ رسّی۔ سر کی لمبائی۔ گٹھری۔
الشِّنَاق۔ مص۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی لمبائی۔ ہروہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ رسّی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر باندھنے کی رسّی۔ ج شُنُق و أَشْنِقَة۔
القَلْبُ (الشَّنِق) مشتاق و خواہش مند دل۔ ج أَشْنَاق۔ فَرَسٌ (أَشْنَق) لمبے سر کا گھوڑا۔ اور ایسا ہی بَعِيْرٌ أَشْنَق۔ مؤنث شَنْقَاء و شِنْقَاء۔
الشَّنْقَاء :وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔
الشَّنِيْق۔ پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ مُنہ بولا بیٹا۔
الشِّنِّيْق۔ خو پسند۔ الشِّنِّيْقَة : عشق باز عورت۔
المِشْنَاق۔ ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنَمَ (ن) شَنْمًا۔ الجِلْدَ : خراش لگانا۔ مَاءٌ (شَنِيْمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشَّنْم۔ کٹے ہوئے کان والے۔
الشِّنَّم۔ چنگاری جو اُڑے۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ يَتَطَايَرُ شِنَّمَهُ" فلاں سے غُصّہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔
شَنْهَق او شَهْنَق۔ الحِمَارُ : گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک ہے۔ فصیح لفظ نَهَقَ یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَة۔ بڑا جنگلی جماز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا استعمال نادر ہے۔)
شَهِبَ (س) و شَهُبَ (ک) شَهَبًا۔ سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (شَاهِب و أَشْهَب) عَامٌ أَشْهَبُ : خشک سال۔ يَوْمٌ أَشْهَبُ : ٹھنڈی ہوا اور پالے کا دن۔ جَيْشٌ أَشْهَبُ :قوی و مضبوط لشکر۔ ج شُهُبٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



شَهَبَهٗ (ف) شَهْبًا و شَهَّبَهٗ۔ الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔
اَشْهَبَ۔ العَامُ القَوْمَ: قوم کے اموال کو تباہ کر دینا۔
اِشْهَبَّ و اِشْهَابَّ و اِشْتَهَبَ۔ سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ الزَّرعُ: خشک و زرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔
الشَّهْب۔ مص۔ برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔
الشَّهْبُ و الشُّهْبَة۔ سفیدی جس میں کچھ کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔
الشِّهَاب۔ آگ کی چمک۔ ٹوٹا ہوا تارہ۔ تارہ۔ تیزہ کا پھل۔ ج شُهُب و شُهْبَان و شِهْبَان و اَشْهُب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے والا ہو۔
الاَشْهَب۔ شیر۔ دشوار کام۔
الشَّهْبَاء اَشْهَب کا مؤنث۔ شہر حلب کا لقب
ـــــ مِنَ الكَتَائِب: بہت ہتھیاروں والا بڑا لشکر۔ سَنَةٌ شَهْبَاءُ: بغیر بارش اور سبزی کے خشک سال یا بہت برف والا سال۔
الشَّهَاب و الشَّهَابَة۔ دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہوا ہو۔
الاَشَاهِب۔ منذر لخمی کی اولاد۔
الشَّاهَتَرج و الشَّهْتَرشاهتره۔
شَهِدَ (س) شُهُوْدًا۔ المَجْلِس: حاضر ہونا
ـــــ الشَّيْءَ: معائنہ کرنا۔ اطلاع پانا ـــــ الجُمْعَة: پانا ـــــ عَلٰى كَذَا: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِدٌ) ج شُهُوْدٌ و شُهَّدٌ۔
شَهِدَ (س) و شَهُدَ (ک) شَهَادَةً۔ عِنْدَ الحَاكِمِ لِفُلَانٍ اَوْ عَلٰى فُلَانٍ: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِد) ج شَهْد و شُهُوْدٌ و اَشْهَاد۔ شَهِدَ اللّٰهُ: جانتا یا قبول فرمانا۔ شَهِدَ بِكَذَا: قسم کھانا۔
شَاهَدَهٗ مُشَاهَدَةً۔ معائنہ کرنا۔
اَشْهَدَهٗ۔ حاضر کرنا۔ اَشْهَدَ فُلَانًا عَلٰى كَذَا: گواہ بنانا۔
اِسْتَشْهَدَهٗ۔ گواہی دینے کو کہنا۔
اِسْتَشْهَدَ بِهٖ: گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔
اُشْهِدَ و اُسْتُشْهِدَ۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔
تَشَهَّدَ۔ گواہی طلب کرنا ـــــ المُسْلِمُ: التحیات پڑھنا۔
الشُّهْد و الشَّهْد۔ شہد جو موم سے جدا نہ کیا گیا ہو۔ ج شُهاد اور (الشُّهْدَة و الشَّهْدَة) اس سے خاص ہے۔
الشَّهَادَة۔ مص۔ یقینی خبر۔ گواہی۔ قسم۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔ عالم ظاہر جو عالم غیب کے مقابل ہے۔
الشَّاهِد۔ فا۔ زبان۔ اور اسی سے قول ہے "مَالَهٗ رُوَاءٌ وَلَا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لیے نہ تو حسن منظر ہی ہے نہ زبان۔ قوام۔ ستارہ۔ صَلَاةُ الشَّاهِد: مغرب کی نماز۔ وہ عبارت جو کسی قاعدہ نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لیے نقل کی جائے۔ الشَّاهِد مِنَ الاُمُوْرِ: جلدی۔
الشَّاهِدَة۔ الشَّاهِد کا مؤنث۔ زمین۔ ج شَاهِدَات و شَوَاهِد۔
الشَّهِيْد و الشِّهِّيْد۔ حاضر۔ گواہی میں امانت دار۔ وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں مقتول۔ اسم (الشَّهَادَة) ج شُهَدَاء مؤنث شَهِيْدَة۔
المَشْهَد۔ لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اللہ کی راہ میں مقتول ہونے کی جگہ۔ ج مَشَاهِد۔
المَشْهَدَة و المَشْهُدَة۔ لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔
المُشَهَّد۔ اللہ کے راستہ کا مقتول۔
المُشْهِد۔ فا۔ اِمْرَأَةٌ مُشْهِدَةٌ: وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل "اِمْرَأَةٌ مُغِيْبَةٌ" ہے۔ یعنی وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔
المَشْهُوْد۔ مفعم۔ جمعہ کا دن۔ قیامت کا دن۔ عرفہ کا دن۔
شَهْدَر شَهْدَرَةٌ۔ الغُلَامُ او الجَارِيَةُ: لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان حرکت کرنا۔
الشَّهْدَر۔ دولت مند۔ مؤنث شَهْدَرَةٌ۔
الشِّهْدَارَة۔ بدزبان۔ فساد انگیز۔ گھٹے بدن کا پستہ قد۔
شَهَرَهٗ (ف) شَهْرًا و شَهَّرَهٗ۔ بِكَذَا: مشہور کرنا۔ شَهَرَ و شَهَّرَ السَّيْف۔ تلوار کو سونت کر بلند کرنا۔ و شَهَّرَ فُلَانًا: رسوا کرنا۔
اَشْهَرَ۔ ایک مہینہ کسی حال میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَشْهَرَنَا فِيْ هٰذَا المَكَانِ" ہم نے اس جگہ ایک مہینہ قیام کیا۔ اَشْهَرَتِ المَرْأَة: ولادت کے مہینے میں داخل ہونا ـــــ الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔
شَاهَرَهٗ شِهَارًا و مُشَاهَرَةً۔ ماہواری پر معاملہ کرنا۔
اِشْتَهَرَ۔ الاَمْرُ: مشہور ہونا ـــــ الاَمْرَ: مشہور کرنا ـــــ بالفَضْلِ: فضیلت میں مشہور ہونا۔
الشَّهْر۔ مص۔ دانا۔ نیا چاند۔ چاند۔ مہینہ۔ ج اَشْهُر و شُهُوْر۔
الشُّهْرَة۔ شہرت۔ برائی میں مشہوری۔ رسوائی۔
الشَّهِيْر۔ مشہور۔ نامور۔ مؤنث شَهِيْرَة۔
المَشْهُوْر۔ مفع۔ شہرت یافتہ۔ مؤنث مَشْهُوْرَةٌ۔
الشَّهْرَب۔ بڑی عمر والا۔ مؤنث شَهْرَبَة۔ درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض۔
شَهَقَ (ف ض) و شَهِقَ (س) شَهِيْقًا و تَشْهَاقًا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا (ـــــ شَهِيْقًا و تَشْهَاقًا و شُهَاقًا) الرَّجُلُ: رونے میں سسکی لینا۔ (ـــــ شَهُوْقًا) الجَبَلُ و غَيْرُهٗ: پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا۔ صفت (شَاهِقٌ) اور تم کہتے ہو "شَهَقَتْ عَيْنِيْ عَلَيْهِ" جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جما دو۔
تَشَهَّقَ۔ عَلَيْهِ: نظر جما دینا۔
الشَّهْقَة۔ اسم مرۃ۔ چیخ۔
الشَّاهِق۔ فا۔ ذو شَاهِق: زیادہ غضبناک۔
النَّشْهَاق۔ مص۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكٌ تَشْهَاقٌ" زور کی ہنسی۔ وصف بالمصدر کی بنا پر۔
شَهِلَ (س) شَهَلًا و اِشْهَلَّ اِشْهِلَالًا۔ آنکھ میں سیاہی مائل سرخی ہونا۔ صفت (اَشْهَل) مؤنث شَهْلَاء۔ ج شُهْل۔ آنکھ کی صفت بھی شَهْلَاء۔ واقع ہوتی ہے۔
شَاهَلَهٗ مُشَاهَلَةً۔ گالی گلوچ کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَشَهَّلَ- بے رونق چہرہ والا ہونا-
الشَّهَل والشُّهْلَة- آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی-
الشَّهْلاء- حاجت- کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلَانٍ شَهْلَائِي" فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی-
الشَّهْلَة- بڑھیا-
شَهَمَ(ف-ن)شَهْمًا وشُهُوْمًا-الفَرَسَ : ڈاٹنا ___ الرَّجُلَ :گھبرا دینا- خوفزدہ کرنا-
شَهُمَ (ک) شَهَامَةً وشُهُوْمَةً- تیز فہم ہونا-ذکی ہونا-
الشَّهْم- تیز خاطر- ذکی- سردار جس کا حکم جاری ہو-ج چالاک گھوڑا-ج شُهُوْم-
الشَّيْهَم- نرسیہی-ج شَيَاهِم-
الشَّهام- غول بیابانی-
الشَّيْهَمَة- بڑھیا-
المَشْهُوْم- تیز خاطر-ذکی- خوفزدہ-
الشَّاهِيْن- ایک شکاری پرندہ-ج شَوَاهِين وشَيَاهِين- ترازو کا عمود-
شَهَا يَشْهُوْ وشَهِيَ يَشْهَى شَهْوَةً و إشْتَهَى- الشَّيْءَ : خواہش کرنا- رغبت شدید کرنا-
شَهُوَ يَشْهُوْ-الطَّعَامُ :لذیذ ہونا-
شَهَّى- الرَّجُلَ : خواہش کرنے پر اُکسانا ___ عَلَيْهِ كَذَا :طلب کرنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشَهِّي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے-
شَاهَاه- مشابہ ہونا-
أشْهَاهُ- خواہش کے مطابق دینا- نظیر لگانا-
تَشَهَّى- الشَّيْءَ : خواہش کرنا ___ عَلَيْهِ كَذَا :بار بار خواہش کرنا-
الشَّهْوَة- مص - خواہش- ج شَهَوَات و شُهِيّ-
الشَّهَّاء- بہت خواہش کرنے والا-
الشَّهِيّ- خواہش مند( ___ والمُشْتَهَى) مرغوب- کہا جاتا ہے "شَيْءٌ شَهِيٌّ" لذیذ چیز-
الشَّهْوَان- مؤنث شَهْوَىٰ-ج شَهَاوَىٰ و (الشَّهْوَانِيّ) خواہش مند-

الشَّاهِيَة- خواہش-
شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا وشِيَابًا- الشَّيْءَ :ملانا ___ الرَّجُلَ : خیانت کرنا- دھوکا دینا( ___ و شَوَّبَ تَشْوِيْبًا)عَنْهُ : آہستگی سے ہٹانا-
إنْشَابَ إنْشِيَابًا و إشْتَابَ إشْتِيَابًا-ملنا-
الشَّوْب- مص - وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے- گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا- شہد-
الشَّوْبَة- اسم مرۃ- دھوکا-
الشَّائِبَة- الشَّائِب کا مؤنث- اور شَوَائِب کا واحد- بمعنی عیوب-
الشِّيَاب- مص- ملاوٹ-
لَيْلَةُ(الشِّيَاء) مہینے کی آخری رات-
المَشُوْبُ والمَشِيْبُ- ملا ہوا-
المُشَاوَب- بوتل کا غلاف- ج مَشَاوِب-
شَوَّحَ- الشَّيْءَ :انکار کرنا- نہ پہچاننا-
الشُّوْحَة- چیل- ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں- اور یہ (الشُّوْح) کا واحد ہے-
الشَّوْحَط- ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بنائی جاتی ہے- واحد (الشَّوْحَطَة)
شَوَّذَت- الشَّمْسُ : مائل بغروب ہونا-
شَوَّذَالسَّحَابُ الشَّمْسَ :ڈھانکنا- گھیر لینا-
___ ہ : کسی کو عمامہ باندھنا-
تَشَوَّذَ وإشْتَاذَ- پگڑی باندھنا-
الأشَاوِذ- مخلوق- کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الأشَاوِذِ" وہ مخلوق میں بہتر ہے-
المِشْوَذُ والمِشْوَاذُ- عمامہ- بادشاہ- سردار- ج مَشَاوِذ ومَشَاوِيْذ-
شَارَ يَشُوْرُ شَوْرًا وشِيَارًا وشِيَارَةً ومَشَارًا ومَشَارَةً- العَسَل : چھتے سے شہد نکالنا- صفت مفعولی (مَشُوْر) ( ___ شَوْرًا وشِوَارًا) الدَّابَةَ : جانور کو سدھانا- تجربہ کیلئے سوار ہونا- خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا-
شَارَتِ الإبِلُ :اونٹ کا موٹا خوبصورت ہونا-
شَوَّرَ- الدَّابَةَ :جانور کو سدھانا- تجربہ کے لئے سوار ہونا- خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا ___ بِهٖ : شرمندہ کرنا ___ إلَيْهِ :اشارہ کرنا-
___ النَّارَ وبِالنَّار : آگ کو بلند کرنا-

أشَارَ- العَسَلَ والدَّابَةَ :بمعنی شَارَهُمَا ___ النَّارَ وبِالنَّار : آگ کو بلند کرنا ___ بِهٖ پہنچوانا- أشَارَ إلَيْهِ وأشَارَ بِيَدِهٖ : اشارہ کرنا ___ عَلَيْهِ : حکم دینا- نصیحت کرنا- صحیح طریقہ بتانا ___ فُلَانًا : عَسَلًا : شہد نکالنے میں مدد دینا-
أشْوَرَ إشْوَارًا- النَّارَ وبِالنَّار : آگ کو بلند کرنا-
شَاوَرَهٗ فِي الأمْرِ :مشورہ طلب کرنا-
إشْتَارَ إشْتِيَارًا- العَسَلَ : شہد نکالنا-
إشْتَارَتِ الإبِلُ :اونٹ کا کچھ موٹا ہونا-
تَشَوَّرَ- شرمندہ ہونا-
تَشَاوَرَ وإشْتَوَرَ- القَوْمُ :باہم مشورہ کرنا-
إسْتَشَارَ- عمدہ لباس پہننا- العَسَلَ : شہد نکالنا- إسْتَشَارَتِ الإبِلُ : موٹا و خوبصورت ہونا- إسْتَشَارَ الأمْرُ : واضح و روشن ہونا ___ ہ :مشورہ طلب کرنا-
الشَّوْر- مص- شہد جو چھتے سے نکالا جائے-
الشَّارَة والشَّوْرَة والشُّوْرَة والشَّوَار والشُّوَار والشِّوَار والشِّيَار- حسن وجمال- ہیئت- منظر- لباس وزینت- گھر کا عمدہ سامان- کہا جاتا ہے "رِيْحٌ شَوَار" نرم ہوا- و "خَيْلٌ شِيَار" خوبصورت موٹے گھوڑے-
الشَّوْرَة :شہد کا چھتہ-
الشَّوَار- اندام نہانی-
الشَّوْرَة- شار کا اسم مرۃ- شرمندگی-
الشَّوْرَى- ایک قسم کی دریائی گھاس-
الشُّوْرَىٰ- اسم ہے "تَشَاوَرَ" کا یا أشَارَ عَلَيْهِ کا- مَجْلِس شُوْرَىٰ : کونسل و "تَرَكَ عُمَرُ الخِلَافَةَ شُوْرَىٰ" کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسئلہ خلافت کو باہم مشورہ کے لیے چھوڑ دیا-
الشِّيْر- خوبصورت- جس سے مشورہ کیا جائے- وزیر- ج شُوَرَاء-
المَشَار- شہد کا چھتہ-
المَشَارَة- قابل کاشت زمین کا ٹکڑا- ج مَشَاوِر ومَشَائِر-
المَشُوْر- مفعہ- آراستہ- مزین-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المِشْوَر- شہد نکالنے کا آلہ- ج مَشَاوِر-
المُشِيْر- فا ـــــ فِيْ اِصْطِلَاحِ اَرْبَابِ السِيَاسَة : کونسلر- المُشِيْرِيَّة : کونسلر کا درجہ-
المُشِيْرَة- انگشت سبابہ-
المَشْوَرَة والمَشُوْرَة- اَشَارَ عَلَيْهِ کا اسم- مشورہ- نصیحت- ج مَشُوْرَات-
المِشْوَار- منظر- جانوروں کو دکھانے کی جگہ-
شہد نکالنے کا آلہ- دُھنے کی کمان کی تانت- ج مَشَاوِيْر- کہا جاتا ہے "اَخَذَتِ الخَيْلُ مِشْوَارَهَا" یعنی گھوڑے موٹے اور خوبصورت ہوئے-
المِشْوَارَة- شہد نکالنے کی جگہ-
شَوَزَ- (شِيْزَ بِهٖ شَوْزًا) عَلَى المَجْهُوْلِ : فریفتہ ہونا-
الاَشْوَز- مغرور- متکبر-
المَشُوْز- بے آرام-
شَاشَ يَشَاشُ وشَوِسَ يَشْوَسُ شَوَسًا وتَشَاوَسَ- غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے دیکھنا- دیکھنے کے لیے آنکھیں چھوٹی کرنا- لڑائی میں بہت دلیر ہونا- صفت (اَشْوَس) مؤنث شَوْسَاء- ج شُوْس- الشُوْس : لے- اور کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلَانٌ بِخُطُوْبٍ شُوْسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں-
تَشَاوَسَ تَشَاوُسًا- بمعنی شَوِسَ- نخوت و تکبر ظاہر کرنا-
شَوَّشَ- الاَمْرَ : مخلوط کرنا- بے ترتیب کرنا-
تَشَوَّشَ- عَلَيْهِ الاَمْر : مخلوط ہونا- گڑبڑ ہونا-
تَشَاوَشَ- القَوْمُ : گڈمڈ ہونا-
الشَوَاش- اختلاف واضطراب-
عِبَارَةٌ (مُشَوَّشَةٌ) ترکیب یا معنی کے لحاظ سے نادرست عبارت-
الشَاوِيْش- سارجنٹ- (جدید)
شَاصَهٗ يَشُوْصُهٗ ويَشِيْصُهٗ شَوْصًا- جگہ سے ہلانا- ہاتھ سے ملنا- دھونا- شَاصَ فَاهُ بِالسِوَاك : منہ کو مسواک سے صاف کرنا ـــــ شَوْصًا وشَوَصًا) بھڑکنا ـــــ

الرَجُلُ : ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا ـــــ
الجَنِيْنُ : جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا ـــــ بِهِ العِرْقُ : رگ کا حرکت کرنا ـــــ فُلَانٌ بِفُلَانٍ : کسی کا کسی پر شر کو برانگیختہ کرنا-
شَوِصَتْ (س) شَوَصًا- عَيْنُهٗ : اتنی موٹی ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں- بہت پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا- جس کو یہ کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء) ج شُوْص-
شَوَّصَ تَشْوِيْصًا واَشَاصَ اِشَاصَةً الرَجُلُ : مسواک کرنا-
الشَوْصَة- رگ کی حرکت- پسلیوں کے پردہ کا ورم- پیٹ کا ریاحی درد-
اَلشِيَاص- بد خلقی-
شَاطَ يَشُوْطُ شَوْطًا- بِهِ الغَضَبُ : بھڑکنا-
شَوَّطَ- لمبا سفر کرنا ـــــ القِدْرَ : ہانڈی کا جوش دینا ـــــ اللَحْمَ : گوشت پکانا ـــــ الصَقِيْعُ النَبَاتَ : پالے کا نباتات کو جلا دینا-
تَشَوَّطَ- الفَرَسَ : گھوڑے کو چلا کر تھکانا-
الشَوْط- غایت- چکر- غایت تک ایک مرتبہ دوڑ- کہا جاتا ہے "جَرَى الفَرَسُ شَوْطًا" گھوڑے نے ایک چکر لگایا- ج اَشْوَاط-
شَاظَ يَشُوْظُ شَوْظًا- بِفُلَانٍ : گالی دینا ـــــ بِهِ الغَضَب : غصہ بھڑکنا-
تَشَاوَظَ- القَوْمُ : باہم گالی گلوچ کرنا-
الشُوَاظ والشِوَاظ- بغیر دھوئیں کا شعلہ- آگ یا دھوپ کی گرمی- پیاس کی شدت- چیخ و پکار- گالی گلوچ-
شَوِعَ يَشْوَعُ شَوَعًا- الرَاسُ : پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا ـــــ الفَرَسُ : ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا- صفت (اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء- ج شُوْع-
شَوَّعَ تَشْوِيْعًا- القَوْمَ : جمع کرنا-
الشُوْع- بان کا درخت- واحد شُوْعَة ج شِيَاع-
المِشْوَاع- تنور کی آگ ہلانے کی سیخ- (اس کی اصل مِشْيَاع ہے-)
شَافَهُ يَشُوْفُهٗ شَوْفًا- صیقل کرنا-

الجَمَل بِالقَطِرَان : اونٹ پر قطران ملنا-
شِيْفَت- الجَارِيَة : بناؤ سنگھار کیا جانا-
شَوَّفَ- الجَارِيَة : لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا- مزین کرنا- آراستہ کرنا-
اَشَافَ اِشَافَةً- عَلَيْهِ : اوپر سے جھانکنا ـــــ مِنْهُ : خوف کھانا ـــــ الشَيْءَ : بلند ہونا-
تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا- مزین ہونا ـــــ مِنَ السَطْحِ : دیکھنا- اوپر سے جھانکنا ـــــ اِلَى الشَيْءِ : جھانکنا ـــــ الشَيْءُ : بلند ہونا-
اِشْتَافَ اِشْتِيَافًا- اِلَيْهِ : گردن اٹھا کے دیکھنا ـــــ البَرْق : بجلی کو باامید بارش دیکھنا- ـــــ واِسْتَشَافَ) الجُرْحُ : زخم سخت ہونا-
الشَوْف- مصـ بیگا-
الشِيَاف- آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی-
الشَيْقَفَة والشَيْقَفَان- دیدبان- دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا-
الشَوَّاف- مِنَ الرِجَال : تیز نظر والا-
المَشُوْف- مقـ - آراستہ کیا ہوا- مِنَ الجِمَال : قطران ملا ہوا اونٹ-
شَاقَنِيْ يَشُوْقُنِيْ شَوْقًا وتَشْوَاقًا- الحُبُّ اِلَيْهِ : شوق دلانا- صفت مفعولی (مَشُوْق) و صفت فاعلی (شَائِق) شَاقَ القِرْبَة : مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا- صفت مفعولی (مَشُوْقَة) ـــــ الطُنْبَ اِلَى الوَتِد : خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا-
اَشَاقَهٗ اَشَاقَةً- شائق پانا-
شَوَّقَهٗ- اِلَيْهِ : شوق کرنے پر برانگیختہ کرنا-
تَشَوَّقَ- الشَيْءَ واِلَيْهِ : بہت شوق ظاہر کرنا-
اِشْتَاقَهٗ- واِشْتَاقَ اِلَيْهِ : بہت خواہش کرنا-
الشَوْق- مصـ سخت خواہش- ج اَشْوَاق-
الشِيَاق والشِيْق- وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمہ کی طنابیں-
الشَيِّق- آرزومند-
الرَجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد- ج شُوْق-
الشُوْق : عُشَّاق-
شَاكَهٗ يَشُوْكُهٗ شَوْكًا- کانٹا چبھانا- شَاكَتْهُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الشَّوْكَةُ: کانٹا چبھنا۔
شَاكَ يَشَاكُ شَاكَةً وَشِيْكَةً۔ کانٹوں میں پڑنا ـــــ هُ بِالشَّوْكَةِ: کانٹا چبھانا ـــــ الشَّوْكُ: کانٹوں میں پڑنا (ـــــ شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا ـــــ لِحْيَا الْبَعِيْرِ: لمبے دانتوں والا ہونا ـــــ لَدْيُ الْجَارِيَةِ: نمودار ہونا شروع ہونا۔
شِيْكَ۔ کانٹا چبھنا ـــــ الْجَسَدُ: بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا۔ صفت (مَشُوْك)
اَشَاكَهٗ۔ کانٹا چبھانا۔
اَشْوَكَ۔ الْمَكَانُ: کانٹوں والی ہونا۔
اَشْوَكَتِ الشَّجَرَةُ: خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا۔ صفت (مَشُوْكَة)
شَوَّكَ۔ الشَّجَرُ: درخت کا خاردار ہونا۔ کانٹے نکلنا ـــــ الْحَائِطَ: دیوار پر کانٹے رکھنا ـــــ الْفَرْخُ: چوزے کا نتھے پر نکلنا ـــــ شَارِبُ الْغُلَامِ: لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا ـــــ الرَّاسُ بَعْدَ الْحَلْقِ: سر میں نئے بال نکلنا۔
الشوک۔ مص۔ کانٹا۔ ج اَشْوَاک واحد (شَوْكَةٌ)
الشَّوْكَة۔ شوک کا واحد۔ بچھو کا ڈنک۔ سرخ پھنسی۔ بیمار اور اس کی تیزی۔ قوت و طاقت۔ دشمن کو تکلیف رسانی' کہا جاتا ہے "لَا تَشُوْكُكَ مِنِّي۔ شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ شَوْكَةُ الْحَائِك: تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔ الشَّوْكَةُ الْمُبَارَكَةُ وَالشَّوْكَةُ الْيَهُوْدِيَّةُ وَالشَّوْكَةُ الْبَيْضَاء: جڑی بوٹیوں کے نام ہیں۔ رِيْحُ الشَّوْكَةِ: ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے۔
الشَّائِک۔ ج شَاكَة و (الشَّوْک) خاردار۔ شَائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلَاحِ: ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُ السِّلَاحِ) بالتشدید اور (شَاكِ السِّلَاحِ) بالتخفیف اور (شاکی السلاح) بھی مستعمل ہیں۔ اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَة) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔

الْاَشْوَک۔ مِنَ الثِّيَابِ وَنَحْوِهَا: کھردرا۔ مؤنث شَوْكَاء۔
الشَّوْكَران۔ ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)
شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا۔ الذَّنَبُ وغیرہ: اٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: اٹھانا۔ بلند کرنا۔
الْمِيْزَانُ: ترازو کے ایک پلڑے کا اونچا ہونا۔ شَالَتِ الْقِرْبَةُ او الزِّقُّ: پھولنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُه" وہ ہلکا ہوا' وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہوگیا۔ وہ مر گیا۔ و شَالَتْ نَعَامَتُهُمْ: انہوں نے اپنے مکانات خالی کر دیئے اور متفرق ہو گئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔
اَشَالَ۔ الشَّيْءَ: بلند کرنا' اٹھانا۔
شَوَّلَ تَشْوِيْلًا۔ لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُّوْقُ: دودھ خشک ہونا۔ شَوَّلَ الْمَاءُ: کم ہونا ـــــ الْمَزَاوَةُ: کم پانی والا ہونا ـــــ فِي الْمَزَاوَةِ: تھوڑا پانی باقی رکھنا۔
شَاوَلَ۔ الْحَجَرَ: اٹھانا ـــــ هُ وبِهٖ: ہٹانا (ـــــ وتَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔
اِنْشَالَ اِنْشِيَالًا۔ بلند ہونا۔
اِشْمَالَ اِشْمِيَالًا۔ بلند ہونا ـــــ لَهٗ: تعرض کرنا۔ گالی دینا۔
اِسْتَشَالَتِ۔ النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دم کو اٹھانا۔
الشَّوْل۔ مص۔ سبک' ہلکا' دودھ وغیرہ کا بقیہ پانی۔ تھوڑا پانی۔ ج اَشْوَال۔
الشُّوْل۔ کام اور خدمت میں چست۔
الشَّوْلَة۔ اسم مرۃ۔ بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے ـــــ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت۔
شُوْلَة وشَوَّالَة۔ بچھو کا اسم علم ـــــ الشَّوَّالَة: چغل خور عورت۔
الشِّوَال۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: بالوں یا اون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)

الشَّال۔ کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ ج شِيْلَان وشَالَات۔ اور (الشَّالَة) اخص ہے (اعجمیہ) النَّاقَة (الشَّائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دم اٹھانے والی اونٹنی۔ ج شُوَّل وشُوَّال وشُيَّل وشِيَّل۔
الشَّائِلَة۔ الشَّائِل کا مؤنث ـــــ مِنَ الْاِبِلِ: اونٹنی جس کے حمل کو بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔ ج شَوْل۔ واَشْوَال وشَوَائِل۔
شَوَّال۔ قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَّوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ ج شَوَّالَات۔ وج شَوَاوِيل۔
الْمِشْوَل۔ چھوٹی دار نئی۔
الْمِشْوَال۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اٹھایا جائے۔
شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا۔ الزُّؤُوْس: دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کو کھولنا۔
تَشَوَّنَ۔ کم عقل ہونا۔
الشُّوْنَة۔ بیوقوف عورت۔
الشُّوْنَة۔ غلہ جمع کرنے کی جگہ۔ جنگی جہاز۔ ج شُوَان۔
الشَّوَّان۔ غلہ جمع کرنے والا۔
شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً۔ الْوَجْهُ: چہرہ بدشکل ہونا ـــــ الرَّجُلَ: خوفزدہ کرنا۔ گھبرا دینا۔ حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔ کہا جاتا ہے "شَاهَتْ نَفْسُه اِلٰى كَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔
شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا۔ الْوَجْهُ: چہرہ کا بدشکل ہونا ـــــ الْعُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ چھوٹی ہونا۔ (ضد)
شَوَّهَ۔ اللّٰهُ وَجْهَهٗ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔
تَشَوَّهَ۔ بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَّجُلُ شَاةً: شکار کرنا ـــــ لِفُلَانٍ: اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناسا کرنا۔ نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَّاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالْعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔
الشَّوْه۔ مص۔ بدشکلی۔ خوبصورتی (ضد) گردن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کی لمبائی وبلندی۔ سربلند کرنا۔
الشَّوْهَة۔دوری۔بدشکلی۔
الشَّاه۔بادشاہ"نسبت کیلئے(شاہی وشاہانی)
الشَّائِه۔فا۔حسد کرنے والا۔ج شُوَّه۔
شَاهْبَنْدَر۔سوداگروں کا رئیس۔
شَاهْبَلُوط۔شاہ بلوط کا درخت۔
رَجُلٌ (شَاهُ الْبَصَرِ وشَائِهُهُ وشَاهِيَه) : تیز نظر والا۔
الشَّاة۔بکری۔بکرا۔جنگلی گائے۔ج شَاء وشِيَاه وشِوَاه وأَشاوه وشِيه وشَيَه وشَوِيّ اور شاة کی تصغیر شُوَيْه وشُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لیے شَاوِيّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيّ۔
الشَّاهِيّ۔بکری والا۔
الاشْوَه۔بدشکل۔جلدی نظر لگانے والا۔متکبر۔مؤنث شَوْهاء۔ج شَوْهٌ۔الشَّوْهَاء : ترش رو عورت۔بدشکل عورت۔خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت۔فَرَسٌ شَوْهاء۔تیز نگاہ والا گھوڑا۔أَرْضٌ (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔
المُشَوَّه۔بدشکل : ناہموار شکل وصورت والا۔
شَوَىٰ يَشْوِي شَيًّا۔اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں بھونا۔صفت مفعولی(مَشْوِيٌّ)
المَاء : پانی گرم کرنا۔
شَوَّىٰ وأَشْوَىٰ۔القَوْمَ : بھنا ہوا گوشت کھلانا ـــــ الرَّجُلَ : جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔أَشْوَىٰ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔أَشْوَىٰ الزَّرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا ـــــ الرَّجُلُ : رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔گھٹیا مال جمع کرنا۔أَشْوَىٰ السَّعَفُ : درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا۔اور اسی سے ہے "مَا أَغْيَاه وما أَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے۔
إِشْوَىٰ إِنْشِوَاءً وإِشْتَوَىٰ إِشْتِوَاءً۔بھن جانا۔إِشْتَوَىٰ الرَّجُلُ : بھونا۔
الشَّوَى۔گھٹیا مال۔آسان معاملہ۔ہاتھ پیر۔جسم کے اطراف۔وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (ـــــ الشَّوَاة) کھوپڑی کا چمڑا۔
الشِّوَاء والشُّوَاء۔بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَة والشُّوَاءَة والشَّوَاءَة بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
الشَّوَّاء۔گوشت بھوننے والا۔
الشُّوَايَة والشَّوَايَة والشِّوَايَة والشَّوِيَّة مِنَ الْمَالِ : ردی مال۔ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ج شَوَايَا سَعْفَة (شَاوِيَّة) درخت خرما کی خشک شاخ۔
الشَّوِيّ۔بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَاة۔گوشت بھوننے کا آلہ۔ج مَشَاوٍ۔
شَاءَ هُ يَشَاءُ هُ شَيْئاً ومَشِيْئَةً ومَشَاءَة ومَشَائِيَةً۔چاہنا۔صفت فاعلی(شَاءٍ) اور صفت مفعولی(مَشِيٌّ) ـــــ اللّٰهُ الشَّيْءَ : مقدر کرنا۔تعجب کے موقع پر "مَاشَاءَ اللّٰه" کہا جاتا ہے۔
شَيَّأَهُ۔عَلَى الْأَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔شَيَّا اللّٰهُ وَجْهَه : چہرہ کا بدشکل بنانا۔
أَشَأَهُ إِلَيْهِ إِشَاءَة۔مجبور کرنا۔
تَشَيَّأَ تَشَيُّؤاً۔غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّيْءُ۔مص۔چیز جس کے ساتھ علم وخبر کا تعلق ہو سکے۔ج اشیاء ج أَشَاوَىٰ وأَشْيَاوَات وأَشَاوَات وأَشَايَا۔اور تصغیر شُيَيٌّ وشِيَيٌّ اور أَشْيَاء کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّيئَة۔شَاءَ کا اسم (ـــــ والمَشِيئَة ارادہ۔
المُشَيَّأ۔بدشکل۔ناہموار صورت والا۔
شَابَ يَشِيبُ شَيْبًا وشَيْبَةً ومَشِيبًا۔سفید بالوں والا ہونا۔بوڑھا ہونا۔صفت مذکر (أَشْيَبُ وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَةٌ) (مؤنث کی صفت میں شَيْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوسُ الْأَكَام" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔
أَشَابَ۔الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا۔
أَشَابَ وشَيَّبَ۔الحُزْنُ فُلَانًا وبِفُلَانٍ : غم کا بوڑھا کر دینا۔
الأَشْيَب۔سفید سردالا ـــــ مِنَ الأَيَّام : برف و بادل والا دن۔ج شِيْبٌ وشُيُب۔
الشِّيْب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِب۔فا۔سفید سر والا۔مؤنث شَائِبَةٌ۔ج شَيَّب۔مبالغہ کے طور پر "شَيْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَيْلٌ لَائِلٌ کے۔
يَوْمٌ (شَيْبَان) اولہ برف باردل کا دن (ـــــ وشِيْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشَّيْبَة۔اسم مرۃ۔شباب کا اسم۔ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے۔
الشِّيْتَان۔نڈی وغیرہ کی چھوٹی لکڑی۔
شَاحَ يَشِيحُ شَيْحًا۔عَلَى حَاجَتِه : چوکنا رہنا۔کوشش کرنا۔
شَيَّحَهُ۔ڈرانا۔شَيَّح خَصْمُهُ : تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔
أَشَاحَ إِشَاحَةً۔فِي أَمْرِه : کوشش کرنا۔چوکنا رہنا۔محتاط رہنا ـــــ وَجْهَهُ وبِوَجْهِه وأَشَاحَ عَنْهُ وَجْهَهُ : نفرت سے منہ پھیر لینا ـــــ المَكَانُ : شیح نامی گھاس اگانا ـــــ الفَرَسُ بِذَنَبِه : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شَايَحَ مُشَايَحَةً وشِيَاحًا۔جنگ کرنا۔فِي الْأَمْرِ : کوشش کرنا۔
الشِّيح۔ایک قسم کی گھاس۔واحد (شِيحَةٌ) ـــــ مِنَ الرِّجَالِ : کاموں میں کوشش کرنے والا۔چوکنا رہنے والا۔
الشِّيَاح۔مص۔کوشش۔احتیاط۔قحط۔
الشَّيْحَان والشِّيْحَان والمُشِيح۔لمبا۔غیرت مند۔محتاط۔
شَاخَ يَشِيخُ شَيَخًا وشِيْخَةً وشُيُوْخَةً وشِيُوْخِيَّةً وشُيُخُوْخَةً وشَيْخُوْخِيَّةً۔بوڑھا ہونا۔
شَيَّخَ۔بوڑھا ہونا ـــــ ه : تعظیم کیلئے یا شیخ کہہ کے پکارنا ـــــ عَلَيْهِ : عیب لگانا۔طعن وتشنیع کرنا ـــــ بِه : رسوا کرنا۔
تَشَيَّخَ۔بوڑھا ہونا۔
الشَّيْخ۔بڈھا۔ج شُيُوْخ وشِيُوْخ وأَشْيَاخ وشِيْخَة وشِيَخَة وشِيخَان۔ومَشْيَخَة ومَشِيخَةٌ و ج مَشَائِخ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَاَشَايِيخ مؤنث شَيْخَة اور شیخ کی تصغیر شُيَيْخ وشُيَيْخ۔ شَيْخُ المرأَةِ۔ شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم وفضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شَيْخُ النَارِ: ابلیس سے کنایہ ہے۔

الشَيْخُوْن۔ بڈھا۔

شَادَ يَشِيْدُ شَيْدًا و شَيَّدَ۔ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا ـــــ الحَائِط: دیوار پر گچ کرنا۔ جِلْدَهُ بِالطِيْبِ: جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَجُلُ: ہلاک ہونا (شَادَ الإِبِلَ شِيَادًا) اونٹوں کو بلانا۔

اَشَادَهُ إِشَادَةً۔ ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِكْرِهٖ: تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَيْهِ قَبِيْحًا وبِقَبِيْحٍ: بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَيْهِ: کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا ـــــ المُغَنِّي: گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَهٗ و بِصَوْتِهٖ: برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ الضَالَّةَ: گم شدہ چیز کی تعریف کرنا ـــــ البُنْيَانَ: لمبا کرنا۔

الشِيْد۔ گچ وغیرہ کا پلستر۔

المَشِيْد۔ مضم۔ پلستر کیا ہوا (ـــــ والمُشَيَّد) بلند کیا ہوا۔

الشَيَّار۔ یوم شنبہ۔ ج اَشْيُر و شُيُر و شِيَر۔

شَيَّرَهُ۔ البُرْدَ: سرخی سے دھاری بنانا۔

الشِيْز و الشِيْزِيُ۔ آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔

اَشَاشَتِ۔ النَخْلَةُ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔

الشِيْش۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ و الشِيْش عِنْدَ العَامَّةِ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّوْد ہے۔

شَيَّصَ۔ القَوْمَ: رنج و تکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَيَّصَتِ النَخْلَةُ: ردی کھجور والا ہونا۔

الشِيْص۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِيْصَةٌ)۔

الشِيْص۔ بدخلقی۔

الشِيْصَاء۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِيْصَاءَة)

المُشَايَصَة۔ ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔

شَاطَ يَشِيْطُ شَيْطًا وشِيَاطَةً وشَيْطُوْطَةً۔ الشَيْءُ: جلنا۔ شَاطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ الزَيْتُ: زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ الذَبِيْحَةُ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا ـــــ فُلَانٌ: ہلاک ہونا ـــــ فِي الأَمْرِ: جلدی کرنا ـــــ دَمُهٗ: بیکار جانا ـــــ فُلَانٌ الدِمَاءَ: ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔

شَيَّطَ وأَشَاطَ۔ اَلصَيْقَعُ النَبَتَ او الدَوَاءُ الجَرْحَ: جلانا ـــــ الرَاسَ او الكُرَاعَ: سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لیے جھلسنا ـــــ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ اَشَاطَ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَحْمَ عَلَى القَوْمِ: گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُلْطَانُ دَمَهٗ وبِدَمِهٖ: قتل کرنے کے لیے سامنے لانا۔

تَشَيَّطَ۔ جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔

إِشْتَاطَ إِشْتِيَاطًا۔ عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا ـــــ الحَمَامُ: کبوتر کا خوش ہو کر اڑنا ـــــ مِنَ الأَمْرِ: ہلکا ہونا ـــــ فِي الحَرْبِ: اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش کرنا۔

الشِيَاط۔ روئی، اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔

النَشِيْط و المُشَيَّط۔ گوشت جو قوم کے لیے بھونا جائے۔

الشَطِيّ۔ غبار جو فضا میں بلند ہو۔

المُسْتَشِيْط۔ بہت ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ۔

شَيْطَن و شَيْطَان۔ (دیکھو مادہ شطن)

شَاعَ يَشِيْعُ شَيْعًا۔ بِالخَبَرِ: خبر کو پھیلانا۔ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

شَاعَ يَشِيْعُ شَيْعًا و شُيُوْعًا و مَشَاعًا و شَيَعَانًا و شَيْعُوْعَةً۔ الخَبَرُ: پھیلنا ـــــ فِيْهِ الشَيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

شَاعَهٗ شِيَاعًا۔ پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَكُمُ السَلَامُ وشَاعَكُمُ اللّٰهُ بِالسَلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔

اَشَاعَ إِشَاعَةً۔ الخَبَرَ و بِالخَبَرِ: پھیلانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَكُمُ اللّٰهُ السَلَامَ وبِالسَلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بِالإِبِلِ: پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا۔

شَيَّعَهٗ۔ رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا۔ شَيَّعَ شَهْرَ رَمَضَانَ: شش عید کے روزے رکھنا ـــــ الرَجُلَ: جرأت دلانا۔ قوی کرنا ـــــ النَارَ: آگ تیز کرنے کے لیے لکڑیاں ڈالنا ـــــ الشَيْءَ بِالنَارِ: جلانا۔ الرَجُلُ۔ شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ـــــ الشَيْءَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔

شَايَعَهٗ۔ کام کے لیے کسی کے ہمراہ جانا۔ شَايَعَ بِهِمُ الدَلِيْلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بِالإِبِلِ: پکارنا" آواز دینا۔

تَشَيَّعَ۔ شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ـــــ اللَبَنُ فِي المَاءِ: بکھرنا ـــــ ہ الغَضَبُ: دل میں غصہ بھڑکنا ـــــ فُلَانٌ فِي الشَيْءِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ـــــ ہ الشَيْبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔

تَشَايَعَ تَشَايُعًا۔ القَوْمُ: مختلف گروہ ہونا۔ تَشَايَعُوْا عَلَى الأَمْرِ: باہم موافق ہونا۔ تَشَايَعُوْا فِي الدَارِ: شریک ہونا۔ تَشَايَعَتِ الإِبِلُ: متفرق ہونا۔

إِشْتَاعَا إِشْتِيَاعًا۔ فِي الدَارِ: شریک ہونا۔

الشَيْع۔ مد۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْيَاع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "كَمَا فَعَلَ بِاَشْيَاعِهِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ وَاَقَمْتُ عِنْدَهٗ شَهْرًا او شَيْعَ شَهْرٍ: میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ و "كَانَ مَعَهٗ مِائَةُ رَجُلٍ او شَيْعُ ذٰلِكَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوْا مَوْضِعَ كَذَا او شَيْعَهٗ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



أترے۔ "آتیک غدًا وشیعۃ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَّاعَۃ۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔

شِیعَۃ۔ الرَّجُلُ : پیرو، مددگار۔ ج شِیَع وأشْیَاع والشِّیعَۃ : فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِیعِیّ)

الشَّیِّع۔ حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا شَیِّعٌ لِھٰذا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء۔ مؤنث شَیِّعَۃ۔ کہا جاتا ہے "الدَّار شَیِّعَۃٌ بَیْنَھُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِّیَاع۔ آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔

الشُّیُوع۔ آگ سلگانے کی چیز۔

الشَّائِع۔ فا۔ حَدِیثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بحذف عین : پھیلی ہوئی بات۔ سَھْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ : مشترک غیر منقسم حصہ۔

المَشَاع والمُشَاع۔ پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مَشَاعُ القُرٰی" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

المُشِیع۔ بھرا ہوا برتن۔ کینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔

المِشْیَعَۃ۔ ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔

المُشَیَّع۔ مغ۔ بہادر۔ جلد باز۔

المِشْیَاع۔ تنور کی آگ بلانے کی سیخ۔ رَجُلٌ مِشْیَاع : راز کو پھیلانے والا مرد۔

المُتَشَایِع والمُشْتَاع۔ شریک۔

شَاقَہ یَشِیقُہ شَیْقًا۔ اِلَیْہِ : کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُّنُبَ اِلَی الوَتِدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔

الشِّیق۔ پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِّیق : ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیقَۃ)

الشَّیَّال۔ قلی۔ بوجھ اٹھانے والا۔ و (الشِّیَالَۃ) بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔

شَامَ یَشِیمُ شَیْمًا۔ بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (أشْیَم) مؤنث شَیْمَاء۔ ج شِیم وشُوم۔

السَّیف : تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سوتنا۔ (ضد) ـــــ البَرْقَ : بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَایِلَ الشَّیْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی (ـــــ شَیْمًا وشُیُومًا) الرَّجُلُ : جم کے حملہ کرنا ـــــ فِی الشَّیْءِ : داخل ہونا۔ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ : چھپانا ـــــ الشَّیْءَ : تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَیْنَھُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

شَیَّمَ وأشَامَ وانْشَامَ واشْتَامَ فِی الشَّیْءِ أوِ الأمْرِ : داخل ہونا۔ شَیَّمَ یَدَیْہِ فِی رَأسِ فُلَانٍ أوْ ثَوْبِہٖ : لڑائی کرنے کے لیے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔

اِنْشَامَ الرَّجُلُ : منتور نظر ہونا۔

تَشَیَّمَ۔ آبَاہُ : خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ـــــ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ : داخل ہونا ـــــ الشَّیْبُ فُلَانًا : بڑھاپا غالب ہونا۔

الشَّامَۃ۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَامٍ وشَامَات۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِّیمَۃ والشِّیمَۃ۔ عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم۔

الشَّیِّم۔ ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔

الشَّیَام۔ نرم زمین۔ مٹی۔

الشِّیَام۔ مٹی۔ چوپا۔ ج شِیَم۔

المَشِیم والمَشُوم والمَشْیُوم۔ تل والا۔

المَشِیمَۃ۔ بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِیمٌ ومَشَائِمُ۔

شَانَہ یَشِینُہ شَیْنًا۔ عیب لگانا۔

شَیَّنَ۔ حرف "ش" لکھنا۔

المَشَاین۔ عیوب۔

شَاھَہ یَشِیھُہ شَیْھًا۔ نظر بد لگنا۔

الشَّیُوہ۔ نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ شَیُوہٌ مِنْ أشْیَہِ النَّاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔

الشِّیہَۃ۔ (دیکھو وشی) الشَّای۔ چائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ص

صَبَبَ (س) صَبْاً- مِنَ الشَّرَابِ : شراب سے سیر ہونا- بھر جانا- صَبِبَ و اَصْأَبَ الرَّاسُ : سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا-

الصُّوَابَة- جوں کے انڈے- ج صُؤْاب

صِئْبَان- الصِئْبَان : چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے-

الصُّؤْبَة- غلہ کا ڈھیر-

المِصْئَاب- شراب سے بھرا ہوا-

صَأْصَأَ- الجَرْو : پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا ـــــ الرَّجُلُ : مرد کا بزدل ہونا ـــــ مِنْ فُلَانٍ : ڈرنا ـــــ تَصَأْصَأَ) مِنْهُ : خوف کرنا- تاخ ہونا-

الصِئْصَأ- ردی کھجوریں-

صِئْصِئَةُ الدِّيْكِ : مرغ کی ٹانگ کا خار-

صَئِكَ (س) صَأَكًا- بدبودار پسینہ نکلنا ـــــ الدَّم : خون جمنا ـــــ بِهٖ : چپکنا-

صَاءَ كَمُصَاءَ كَةً- تخی کرنا- تنگی کرنا-

الصَّئِک- مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط آدمی-

صَئُولَ (ک) يَصْئُولُ صَآلَةً- البَعِيْر : اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا- صفت صَئِل و صَئُوْل-

صَأَلَ يَصْئِلُ صَئِيْلاً- الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا-

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا- الجَيْشَ عَلَى القَوْمِ : لشکر کی رہنمائی کرنا-

صَئِمَ يَصْئَمُ صَأَمًا- بہت پانی پینا-

الصَّائِم- پیاسا-

صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَى صَئْيًا صِئِيًّا تَصَاءَى- الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا- بچھو کا آواز کرنا- اسی سے ضرب المثل ہے "يَلْدَعُ وَيَصِئُ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے- کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَى وَصَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا-

اَصْأَى- چوں چوں کرانا-

صَبَّ (ن) صَبًّا- المَاءَ : پانی اُنڈیلنا ـــــ فِي الوَادِيْ : وادی میں اُترنا ـــــ الدِّرْعَ : زرہ پہننا- صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلَانٍ : میں نے فلاں کو زرہ پہنائی- کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ" : اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی- صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً : اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے-

صَبَّ- رِجْلَهٗ فِي القَيْدِ : یعنی بیڑی پہنادی-

صَبَّ (ض) صَبًّا- المَاءَ : پانی کرنا-

صُبَّ- الشَّيْءَ : مٹایا جانا- محو کیا جانا-

صَبَّ (س) صَبَابَةً- إِلَيْهِ : عاشق ہونا-

اَصَبَّ إِصْبَابًا- القَوْمُ : قوم کا نیچے اُترنا-

اِنْصَبَّ- المَاءُ : پانی گرنا ـــــ عَلَيْهِ : اُترنا- کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الوَادِيْ" اس کے قدم وادی میں جم گئے-

اِصْطَبَّ- اَلمَاءُ : پانی گرنا-

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ- المَاءَ : بچا ہوا پانی پینا-

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ- العَيْشَ : بقیہ زندگی گزارنا-

تَصَبَّبَ- المَاءُ و نَحْوُهٗ : پانی بہنا-

الصَّبُّ- عاشق ج- صَبُّوْن- مؤنث صَبَّة ج صَبَّاتٌ- مَاءٌ صَبٌّ : پانی بہا ہوا-

الصَّبُّ و الصَّبَّة- گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصَّبَّة- آدمیوں کی جماعت- گھوڑے' اونٹ' بکریوں کا گلہ- تھوڑا مال- برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ- شوربا- رات کا کچھ حصہ-

الصَّبَب- نشیب- ج اَصْبَاب-

الصُّبَابَة- برتن میں بچا ہوا پانی- ج صُبَابَات- کہا جاتا ہے "لَمْ أُدْرِكْ مِنَ العَيْشِ إِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا-

الصَّبَابَة- عشق- سوزش عشق-

الصَّبِيْب- زرد رنگ- اولہ- عمدہ شد- پسینہ- خون- عندم کا نچوڑ- ایک قسم کا سرخ رنگ- گرائی ہوئی چیز- تلوار کی دھار- کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيْبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهٖ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا-

المِصَبُّ- گرنے کی جگہ- ج مَصَابُّ-

المِصَبُّ- حروف ڈھالنے کا سانچہ-

المَصْبُوْب- گرایا ہوا- المَصْبُوْبُ عَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز پر برا گمنتہ کیا ہوا-

صَبَأَ (ف) صَبْأً (ک) صَبَاً و صُبُوْءً ا- مذہب تبدیل کرنا- صابئین کا دین اختیار کرنا- صفت صَابِئ ـــــ عَلَيْهِمْ : اچانک پہنچ جانا ـــــ العَدُوِّ عَلَيْهِمْ : دشمن کی رہنمائی کرنا ( ـــــ وَاَصْبَأَ إِصْبَاءً) ـــــ النَّابُ او النَّبَات : دانت نکلنا- نباتات اُگنا و اَصْبَأَ القَوْمُ : قوم پر اچانک پہنچ جانا-

الصَّابِئُوْن و الصَّابِئَة- ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں-

الصَّبَاؤُوْت و الصَّبَاؤُوْت- جمع صِبِّیٌّ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَّبَاؤُوْت" یعنی شرافت والا-

صَبَحَ (ف) صَبَاحًا- القَوْمُ : صبح کے وقت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آنا ـــــ عَنِ الحَق : حق ظاہر کرنا۔
صَبِحَ (س) صَبَحًا وصُبُحَةً۔ چمکدار روشن ہونا ـــــ الشَّعْر : بال کا چمکدار ہونا ـــــ الحَدِیْد :لوہے کا چمکدار ہونا۔
صَبُحَ (ک) صَبَاحَةً۔ الوَجْہ : چہرے کا روشن و چمکدار ہونا ـــــ الغُلَامُ : لڑکے کا خوبصورت ہونا۔صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ۔
صَبَّحَہٗ۔ صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔
صَبَّحَ القَوْمُ المَاءَ : قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا ـــــ الرَّجُلُ : صبح کو سلام کرنا۔کہا جاتا ہے "صَبَّحَکَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ"
اَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا ـــــ المِصْبَاح : چراغ جلانا۔
الحَقُّ : حق ظاہر ہونا۔
اَصْبِحْ یَارَجُلُ :اے شخص چوکنا رہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰہِ لَاصَبَاحُکَ۔
تَصَبَّحَ۔ صبح کے وقت سونا۔ناشتہ کرنا۔تَصَبَّحَ بِہٖ : صبح کے وقت لینا۔
تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔
اِصْطَبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلشَّمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِہٖ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔الرَّجُلُ : صبح کی شراب پینا۔
اِصْبَاحٌ اِصْبِیْحَاحًا۔ الشَّعَرُ : بال کا مائل بسرخی ہونا۔
اِسْتَصْبَحَ۔ الرَّجُلُ : چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔
الصُّبْح۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاح۔
الصُّبْحَۃ۔ مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی ( ـــــ والصُّبْحَۃُ) صبح کی نیند۔
الصَّبَاح والصَّبِیْحَۃ الاُصْبُوْحَۃ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتَیْتُہٗ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو بنی کر کے اور "آتَیْتُہٗ ذَاصَبَاح" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔"یَوْمُ الصَّبَاح" :بلوث کا دن۔

الصُّبَاح۔ قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ۔ خوبصورت لڑکا۔مؤنث صُبَاحَۃٌ ج صِبَاح۔
الصُّبَاحِیَۃ۔چوڑا نیزہ۔
الصُّبَاحِیَّ۔بہت سرخ خون۔
الاَصْبَح۔شیر۔بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ۔ج صُبْح۔
الصَّبُوْح۔جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ ذَاصَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔
الصَّبِیْح۔ خوبصورت۔ ج صِبَاح۔ مؤنث صَبِیْحَۃ۔ج صِبَاح۔
الصَّبْحَان۔ خوبصورت۔ مؤنث صَبْحٰی۔ج صُبَاحی۔وہ شخص جو صبح کی شراب پئے۔
رَجُلٌ صَبْحَانٌ۔ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔
الصَّبَاحِیَّۃ۔خوبصورتی۔
المُصْبَح۔ صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔
المِصْبَح۔بڑا پیالہ۔ چراغ۔
المِصْبَاح۔ چراغ۔ چوڑہ نیزہ۔ بڑا پیالہ۔جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ج مَصَابِیْح۔
صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَی الاَمْرِ : دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ صَبُوْرٌ ـــــ عَنِ الشَّیْءِ :رک جانا ـــــ الدَّابَّۃ :جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ـــــہ : مجبور کرنا اور لازم کر دینا ـــــہ عَنِ الاَمْرِ : روک دینا۔بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے۔صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کَذَا یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلٰی مَا اَکْرَہُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ۔ جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ وحُلِفَ صَبْرًا۔ قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔
صَبَرَ (ن) صَبْرًا و صَبَارَۃً بِہٖ :ضامن ہونا۔
ـــــہ : ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اُصْبُرْنِیْ یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَہٗ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا ـــــ المَیِّتَ : مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَأْسَ : پیالہ کو لبالب بھرنا۔
اَصْبَرَ۔ اللَّبَنُ : کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ـــــ الرَّجُلَ :ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا ـــــ القَاضِی فُلَانًا : قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔
صَابَرَہٗ صِبَارًا و مُصَابَرَۃً۔ صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ۔ تکلف سے صبر ظاہر کرنا ـــــ عَلَیْہِ :صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ و اِصَّبَرَ۔ عَلَیْہِ : صبر کرنا ـــــ مِنْہُ :بدلہ لینا۔
اِصْبَارٌ اِصْبِرَارًا۔عَلَیْہِ :صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ۔الشَّیْءُ :موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْر۔ بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔
شَهْرُ الصَّبْر : رمضان کا مہینہ۔ یَمِیْنُ الصَّبْر : وہ قسم جس کو کھانے کے لیے قید کر دیا جائے۔
الصِّبْر والصُّبْر۔ کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَصْبَارِہٖ" یعنی پورا لے لیا۔ و "مَلَأَ الکَاسَ اِلٰی اَصْبَارِھَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُّبْر و الصُّبُر۔ کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَّبَر۔ برف۔ ج اَصْبَار۔
الصَّبِر۔ ایلوا۔ ج صُبُوْر۔ واحد صَبِرَۃ۔ اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَۃ۔ غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ صُبْرَۃً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِر۔ فا۔ اَبُوْ صَابِر : نمک۔
الصَّابُوْرَۃ۔ بوجھ جو سواری یا کشتی، جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبْرَۃ و الصَّبَارَۃ۔ سخت سردی۔ صَبْرَۃُ الشِّتَاء : سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِّبَار۔ کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الصَّبَارة۔ ضمانت۔ سردی کی شدت۔
( ــــــ والصُّبَارَة) چکنے پتھر۔
الصُّبَار والصُّبَّار۔ الی۔ ناگ پھنی۔ واحد صُبَارَة۔ صُبَّارَة۔
الصَّبَّارَة۔ بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْر۔ ج۔ صُبُر۔ بردبار۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ( ــــــ والصَّبَّار) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَة۔ مِنَ الرِّجَالِ: قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِر۔ صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صُبَرَاء۔
الصَّبِيْر والصَّبِيْرَة۔ چوڑی روٹی۔
أُمّ صَبَّارٍ واُم صَبُوْرَة۔ مصیبت۔
المَصْبُور۔ قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔ مؤنث مَصْبُوْرَةٌ۔
صَبْصَبَ۔ متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ۔ متفرق ہونا۔ تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا ــــــ الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا ــــــ عَلَيْنَا فُلَانٌ: بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَاب والصَّبْصَب والصُّبَاصِب۔ سخت مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا۔ بِهٖ وَ عَلَيْهِ: انگلی سے اشارہ کرنا ــــــ فُلَانًا عَلَيْهِ: اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهٗ (ف) صَبْعًا وَ مُصْبَعَةً۔ متکبر بنانا۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّيْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔ صَبَعَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا ــــــ بَيْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔ فِي الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الأَصْبَع الإِصْبَع الأَصْبَع الإِصْبَع الأُصْبَع الإِصْبَع۔ انگلی۔ مؤنث۔ سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ ج أَصَابِع أَصَابِيْع الفَتِيَات: ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک أَصَابِعُ العَذَارَىٰ او أَصَابِعُ العُرُوْسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَعَة۔ غرور، تکبر گھمنڈ۔
المَصْبُوْع۔ گھمنڈی۔ متکبر۔
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا وَ صِبْغًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا ــــــ يَدَهٗ فِي المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا ــــــ يَدَهٗ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔ فُلَانًا بِالنِّعِيْمِ: نعمتوں سے چھپا دینا۔ صَبَغَه بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ: پانی سے بپتسمہ دینا۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِي فِي عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ (ن) صُبُوْغًا۔ ضَرْعُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ۔ گہرا رنگنا ( ــــــ واَصْبَغَ) کھجور کا پکنے لگنا۔ اَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَة: کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ۔ فِي دِيْنِهٖ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ۔ سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالخَلِّ اَوْ فِي الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِكَذَا: رنگین ہونا۔
الصِّبْغ والصِّبَغ۔ ج۔ اَصْبَاغ والصِّبَاغ۔ ج اَصْبِغَة والصِّبْغَة۔ رنگ۔
الصِّبْغ۔ سالن۔
الصِّبْغَة۔ نوع۔ ملت۔ دین۔ بپتسمہ کا رنگ۔
الصِّبْغَة۔ ادھ کچری کھجور۔
الصِّبَاغَة۔ رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغ۔ رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيْغ۔ رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيْغٌ ثِيَابٌ صَبِيْغٌ"۔
الصَّبَّاغ۔ رنگریز۔ جھوٹا۔
الأَصْبَغ۔ بڑا سیلاب ــــــ مِنَ الطَّيْرِ والشَّاءِ۔ پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو ــــــ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صَبْغَاء۔ ج صُبْغٌ۔
المَصْبَغَة۔ رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ: روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ــــــ المُقَامِر الكَعْبَيْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لیے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ و اِصْطَبَنَ۔ عَنْهُ: رک جانا۔ پھر جانا۔
الصَّابُوْن۔ صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُوْنِي کہتے ہیں۔
الصَّابُوْنِيَّة۔ ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة۔ صابون کا کارخانہ۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً وصُبُوَّةً وصُبُوًّا۔ اِلَيْهِ ولَهٗ: مشتاق ہونا۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبَاءً او وصَبَاءً۔ بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ مؤنث صَابِيَةٌ۔
صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا۔ الرِّيْحُ: پُروائی ہوا کا چلنا۔
صُبِيَ واَصْبَى۔ القَوْمُ: پُروائی ہوا کا لگنا۔
اَصْبَى۔ الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ اَصْبَى الشَّيْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَكَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِيَ يَصْبَى صَبَاةً واِسْتَصْبَى۔ بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ اِسْتَصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابَى مُصَابَاةً۔ نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لیے جھکانا ــــــ السَّيْفَ: تلوار کو میان میں اُلٹی طرف سے کرنا ــــــ الكَلَامَ: بے قاعدہ بولنا ــــــ بَيْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔
تَصَبَّى تَصَبِّيًا و تَصَابَى تَصَابِيًا۔ کھیل کود کی طرف مائل ہونا ــــــ المَرْأَةُ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّيْءُ: شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا۔ پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔
الصِّبَا۔ شوق۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الصِبَاء والصَبَاء- بچپنا- کہا جاتا ہے رَأَيْتُهُ فِي صِبَاهُ او فِي صَبَائِهِ- یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا-

الصَبْوَة- بچپن- جوانی کی نادانی-

الصَبِيّ- بچہ جو جوان سے کم عمر ہو- آنکھ کی پتلی- ج صِبْيَان وصِبِيَان وصُبْوَان وصِبْوَان وأَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبِيَة وصُبْيَة وصِبْوَة وأَصْبٌ مؤنث صَبِيَّة- ج صَبَايَا- الصَبِيَّة: لڑکی- الصَبِيّ: تلوار کی دھار- پاؤں کا بچہ- کہا جاتا ہے "بِهِ وَجَعٌ فِي صَبِيِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے-

الصَبِيَّان- ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں-

الصُبَيَّة الأُصْبِيَة- صَبِيّ کی جمع صِبْيَة اور أَصْبِيَة کی تصغیر ہے-

الصَبَا- پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا- المُصَابَة: مصیبت-

صَتَّهُ (ن) صَتًّا- زور سے دھکا دینا- ہاتھ سے مارنا ـــــ بِكَلَامٍ أَوْ بِدَاهِيَةٍ: تہمت لگانا- مصیبت ڈالنا-

صَاتَّهُ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا- جھگڑا کرنا-

تَصَاتَّ- القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا- آپس میں جنگ کرنا-

الصَتُّ والصِتُّ والصُتَّة- جماعت الصِتّ والصُتَّة: ضد- ہٹ-

الصَتَت- درپے- کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَةٍ" وہ اس کے درپے ہے-

الصَتِيت- جماعت- آواز- شور-

المِصْتِيت- اپنے کاموں میں مستعد-

صَتَحَهُ (ف) صَتْحًا- پچھاڑ دینا ـــــ لَهُ: کسی کا قصد کرنا-

تَصَتَّعَ- کسی کام میں تردد کرنا-

الصَتَع- مضبوط جوان- گورخر-

صَتَّمَ الشَيْءَ: مکمل کرنا-

تَصَتَّمَ- تیز دوڑنا-

الصَتْم والصَتَم- سخت مضبوط- کامل مضبوط-

الصَتْمَة والصَتِيمَة- سخت پتھر-

المُصَتَّم- گل یا وادی جو غیر نافذہ ہو-

صَتَحَ (ن) صَتْحًا- لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے-

الصُتْج والصَتِيج- لوہے پر لوہا گرنے کی آواز- جھنکار-

صَحَّ (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا- تندرست ہونا- ہر عیب سے پاک صاف ہونا ـــــ الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا- صفت صَحِيحٌ وصحاح- کہا جاتا ہے "صَحَّ لِي عَلَى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لیے فلاں پر اتنا ثابت ہوا-

صَحَّحَ المَرِيضَ: تندرست کر دینا- چنگا کر دینا ـــــ الكِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا-

أَصَحَّهُ إِصْحَاحًا- تندرست کرنا یا تندرست پانا- مرض کا زائل کر دینا- أَصَحَّ الرَجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا-

تَصَحَّحَ بِكَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا-

اِسْتَصَحَّ مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے تندرست ہونا ـــــ الكَلَامَ: صحیح پانا-

الصِحَّة- ضد- تندرستی-

الصَحَاح- ضد- مِنَ الطَرِيقِ: راستہ کا دشوار حصہ-

الصَحِيح- تندرست- عیب وغیرہ سے بری- بھروسہ کے قابل- ج أَصِحَّاء وصِحَاح وأَصِحَّةٌ وصَحَائِح-

المَصَحَّ- صحت کی جگہ-

المَصَحَّة والمَصِحَّة- صحت دینے والی- صحت محفوظ رکھنے والی- کہا جاتا ہے "الصَوْم مَصِحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و "أَرْضٌ مَصِحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں-

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً وصِحَابَةً وصَاحَبَهُ مُصَاحَبَةً- ساتھی ہونا- دوستی کرنا- ایک ساتھ زندگی بسر کرنا-

صَحَبَ (ف) صَحْبًا- المَذْبُوحَ: کھال اتارنا-

أَصْحَبَ- الرَجُلُ: ساتھی والا ہونا- بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا- دشواری کے بعد تابعدار ہونا ـــــ المَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا ـــــ فُلَانًا: محفوظ رکھنا ـــــ هُ عَنْ كَذَا: روک دینا ـــــ هُ الشَيْءَ: ساتھ کر دینا-

تَصَحَّبَ- مِنْهُ: شرم کرنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَتَصَحَّبُ مِنْ شَيْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے-

اِصْطَحَبَ- فُلَانًا: حفاظت کرنا-

اِصْطَحَبُوا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا-

اِسْتَصْحَبَهُ- ساتھی بنانا- ساتھی بننے کے لیے کہنا- ساتھی بنانا- اِسْتَصْحَبَهُ الشَيْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا ـــــ الشَيْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا-

الصَاحِب- ساتھی- ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا- مالک- وزیر- گورنر- کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حُمَاةٍ" یعنی حاکم حماۃ اور "يَا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے- ج صَحْب وأَصْحَابٌ وصُحْبَةٌ وصِحَابٌ وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحَابَة اور أَصْحَاب کی جمع أَصَاحِيب-

الصَاحِبَة- صاحب کا مؤنث- بیوی- ج صَاحِبَات وصَوَاحِب-

الصَحَابَة- وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرورِ کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو-

الصَحَابِيّ- جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہو- نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد- (بیضاوی)

المُصَاحِب- ساتھ رہنے والا- دشواری سے فرمانبردار ہونے والا-

المُصْحَب- پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے- عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو- أَدِيمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں-

المُصْحِب و المِصْحَاب- فرمانبردار- ذلیل- أَدِيمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو- عُوْدٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو-

المَصْحُوب- مقـ- اديم مصحوب: وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



چمڑا جس پر سے بال نہ اُتارے گئے ہوں۔ عُوْذٌ مَصْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت وعافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ (ف) صَحْرًا۔ اللَّبَنَ : دودھ کو اُبالنا۔ صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ : دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحِرَ (ف) صَحَرًا و صُحَارًا۔ الحِمَارُ : گدھے کا زور سے رینکنا۔

صَحِرَ (س) صَحَرًا۔ سرخی مائل مُیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صَحْراء ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَة۔

اَصْحَرَ۔ جنگل کی طرف جانا ـــــ المَكَانُ : جنگل کی مانند وسیع ہونا ـــــ الأَمْرَ و بالأَمْرِ : ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْهُ أَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "أَصْحِرْ مَافِي قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو ـــــ الرَّجُلُ : کانا ہونا۔

اِصْحَارًا اِصْحِيْرَارًا۔ سرخی مائل مُیالے رنگ والا ہونا۔

الصَّحَر۔ سرخ سفید رنگ۔

الصَّحْرَاء۔ بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارٍ و صَحَارِيّ و صَحْرَاوَات۔

الصَّحِيْرَةُ۔ دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

المُصَاحِر۔ وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحِر۔ شیر۔

صَحْصَحَ۔ الأَمْرُ : روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان۔ ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح۔ النَّزَهَاتُ الصَّحَاصِحُ و نُزَهَاتُ الصَّحَاصِحِ : لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُّحْصُح والصُّحْصُوْح۔ مِنَ الرِّجَالِ : مرد باریک بیں۔

المُصْحِص۔ خالص محبت والا۔ باطل کوش۔

صَحَّفَ۔ الكَلِمَةَ۔ پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ۔ الكِتَابَ : کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ۔ القَارِئُ : پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفْتُ عَلَيْهِ الصَّحِيْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَّحْفَة۔ بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف۔ الصِّحَاف : چھوٹے چھوٹے چمچے۔

الصِّحَافَة۔ ایڈیٹری۔ عَالَم الصِّحَافَةِ : محررین اخبار۔

الصَّحِيْفَةُ۔ لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِيْفَةُ الوَجْهِ : چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ : اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِف و صُحُف۔

الصُّحَيْفَة۔ چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَّحِيْف۔ رُوئے زمین۔

الصَّحَّاف۔ پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصَّحَفِيّ۔ بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔ ( ـــــ والمُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المَصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف۔ مجلد کتاب۔ مَصَاحِف۔ جمع۔

المُصَحَّف۔ تغیر کیا ہوا۔

صَحِلَ (س) صَحَلًا صُؤْتُه : پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ و أَصْحَل۔

اِصْطَحَمَ۔ الرَّجُلُ : سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامًّا اِصْحِيْمَامًا۔ النَّبَاتُ : پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت أَصْحَم مؤنث صَحْمَاء۔ رنگ۔ صُحْمَة ـــــ الأَرْضُ : زمین کے نباتات کا متغیر ہونا ـــــ الزَّرْعُ : سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَه (ف) صَحْنًا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اِس نے اُس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَهُ بِرِجْلِهِ : پیر سے مارنا ـــــ الرَّجُلُ : کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صَحَنَهُ دِيْنَارًا : دینار دینا ـــــ بَيْنَهُمْ : اصلاح کرنا۔

الصَّحْن۔ چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرْشٌ وَاسِعُ الصَّحْنِ" صَحْنُ الدَّارِ : اگنائی۔ الصَّحْنُ مِنَ الأَرْضِ : ہموار زمین۔ ج صُحُوْن الصَّحْنَان۔ جھانجھ ایک قسم کا باجا۔

صَحْنَا۔ الأُذُنَيْنِ : کان کے اندرونی حصے۔ فَرْشٌ صَحُوْنٌ۔ لات مارنے والا گھوڑا۔

الصَّحْنِي والصَّحْنَاة والصَّحْنَاء والصَّحْنَاءَة۔ چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔

المِصْحَنَة۔ برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔

صَحَا يَصْحُو صَحْوًا و صُحُوًّا و صَحِيَ يَصْحَى صَحًا و أَصْحَى إِصْحَاءً۔ اليَوْمُ : دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْو و صَاحٍ و مُصْحٍ ـــــ السَّكْرَانُ : نشہ اتر جانا ـــــ الرَّجُلُ : بیچینے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ۔ ج صَاحُوْن صُحَاة۔ مؤنث صَاحِيَةٌ ج صَاحِيَات و صَوَاحٍ۔ أَصْحَاه : ہوش میں لانا۔ أَصْحَى القَوْمُ : آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَّحْو۔ کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ و يَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و بادہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المَصْحَاة۔ باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ و مَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے۔

المِصْحَاة۔ برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَحَّ۔ (ن) صَحًّا۔ الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ : لوہے کو لوہے پر مارنا ـــــ الصَّوْتُ الأُذُنَ : آواز کا کان کو بہرا کر دینا ( ـــــ صَحًّا صَحِيْحًا) الحَدِيْدَ : لوہے کا آواز کرنا ـــــ لِحَدِيْثِهِ : کان لگانا۔

الصَّحَّة۔ اسم مرۃ۔ باری ( ـــــ والصح و الصحيح) پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَّحِيْح۔ خوف زدہ کوّے کی آواز۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الصَّاخَة- سخت آواز جو بہرا کردے- مصیبت- قیامت-

صَخِبَ(س)صَخَبًا- شور مچانا-

صَاخَبَهٗ مُصَاخَبَةً- ایک دوسرے کا شور مچانا-

تَصَاخَبَ- القَوْمُ : باہم شور مچانا اور ریپٹ کرنا-

اِصْطَخَبَتِ- الطَّيْرُ او الضِّفْدَعُ : پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا-

الصَّخَب- مص- شور-

الصَّاخِب والصَّخِب والصَّخَّاب و الصَّخُوْب والصَّخْبَان- شور مچانے والا- مؤنث صَخَبَةٌ و صُخْبَةٌ و صَخَّابَةٌ و صَخُوْبٌ وصَخْبى-

صَخِدَ (س) صَخَدًا و صَخَدَانًا ـــــ اليَوْمُ : سخت گرم ہونا-

صَخَدَتْه (ف) صَخْدًا- الشَّمْسُ : جلانا-

الصُّرَدُ :لٹورے کا آواز کرنا-

صَخَدَ(ف)صُخُوْدًا-اِلَيْه :کان لگانا-

اَصْخَدَ- الحَرُّ : گرمی تیز ہونا ـــــ الرَّجُلُ گرمی میں داخل ہونا ـــــ الحِرْبَاءُ :گرگٹ کا دھوپ کھانا-

الصَّاخِدَة- دوپہری-

الصَّخْدَان والصَّخَدَان- سخت گرمی کا دن-

صَخِدُ- الشَّمْس : گرمیٔ آفتاب-

هَاجِرَةٌ صَخُوْدٌ- سخت گرم دوپہری- ج صَيَاخِيْد- صَيَاخِيْدُ الحَرِّ : گرمی کی تیزی-

المَصْخَدَة- دوپہر- ج مَصَاخِد-

المُصْطَخِد- دھوپ میں کھڑا ہونے والا-

صَخَّرَهٗ- فرمانبردار کرنا-

اَصْخَر- المَكَانُ : پتھریلا ہونا- صفت مُصْخِر-

الصَّخْرَة الصَّخَرَة- ٹھوس بڑا پتھر- چٹان- ج صَخْرٌ و صُخُوْرٌ و صُخُوْرَةٌ و صَخَرَات- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي "فلاں بہت مستقل ہے-

الصَّخِر- مِنَ الأَمْكِنَة : پتھریلی جگہ- کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ او اَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیا ہے-

الصَّاخِر- لوہے پر لوہے کی جھنکار-

الصَّاخِرَة- پینے کے لیے مٹی کا پیالہ-

صَخَفَ(ف)صَخْفًا- الأَرْضَ : زمین کھودنا-

المِصْخَفَة- زمین کھودنے کا آلہ- کدال- پھاوڑا-

صَخَمَتْهُ(ن) صَخْمًا- الشَّمْسُ : آفتاب کا جھلس دینا-

اِصْطَخَمَ- الرَّجُلُ :سیدھا کھڑا ہونا-

صَخِيَ يَصْخَى صَخًا- الثَّوْبُ :کپڑے کا میلا ہونا- صفت صَخ-

الصَّخَاة- میل کچیل- ایک قسم کی سبزی-

صَدَّهٗ (ن) صَدًّا- عَنْ كَذَا : روک دینا- منع کرنا- کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّيْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی-

صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا- عَنْه :اعراض کرنا- صفت صَادٌّ- جمع صُدَّاد :مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ صُدَّاد-

صَدَّ (ن ض) صَدِيْدًا- مِنَ الشَّيْءِ : چیخ پڑنا- چلانا-

صَادَّهٗ- مدافعت کرنا- کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهٗ ويُصَادِدُهٗ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا-

صَدَّدَ- تالی بجانا ـــــ الجُرْحُ :پیپ دینا-

اَصَدَّهٗ- عَنْ كَذَا : منع کرنا- باز رکھنا- الجُرْحُ : پیپ دینا یا بہہ پڑنا-

تَصَدَّدَلَهٗ :ورپے ہونا-

اِصْطَلَدَّتْ- المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا-

الصُّدَّ- مص ـــــ الصَّدّ : بلند بادل- وادی کا کنارہ- ج اَصْدَاد و صُدُوْد-

الصَّدَد- درپے- قصد- میلان- کنارہ-

الصِّدَاد- پردہ- ج اَصِدَّة-

الصَّدُوْد- روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی-

الصَّدِيْد- مص- پیپ خون سے ملی ہوئی- صَدِيْدُ الفِضَّةِ :پگھلی ہوئی چاندی-

الصُّدَّاد- سانپ- چھپکلی- پانی پر جانے کا راستہ- ج صَدَائِد-

صَدِيَ (س) صَدَأً و صُدُوًّ (ک) صَدَاءَةً- الحَدِيْدُ : زنگ لگ جانا- صفت صَدِيٌّ مؤنث صَدِيَّة ـــــ الشَّيْءُ :زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا- صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء ـــــ الرَّجُلُ :سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا-

صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّيْءَ : زنگ دور کرنا ـــــ المِرْآةَ : آئینہ کو صاف کرنا-

اَصْدَأَه- مورچہ والا جیسا بنانا-

تَصَدَّأَ-لَهٗ :ورپے ہونا-

الصَّدَأ- زنگ- مورچہ- رَجُلٌ صَدَأٌ :نازک بدن مرد-

الصَّدِئ- جس پر مورچہ لگ گیا ہو- کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا-

الصُّدْأَة- مورچہ کا رنگ-

صَدَحَ(ف)صُدُحًا و صُدَاحًا- الرَّجُلُ او الطَّائِرُ : سریلی آواز بلند کرنا- صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَح و صَيْدَاح و صَدُوْح و صَيْدَحِيّ و مِصْدَح و مِصْدَاح-

الصَّدَح- علم- خالی مکان- چھوٹا پتھریلا ٹیلہ-

شَيْءٌ صَدَحٌ :سیاہ چیز- ج صِدْحَان-

الصَّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة- مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے-

صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا- عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ : واپس ہونا ـــــ اِلَى المَكَانِ : متوجہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ عَنْ كَذَا : واپس کر دینا ( ـــــ صُدُوْرًا) الأَمْرُ : پیدا ہونا- حاصل ہونا- واقع ہونا ـــــ مِنْهُ : ظاہر ہونا ـــــ عَنْهُ :پیدا ہونا- نتیجہ نکلنا-

صَدَرَهٗ صَدْرًا- سینہ پر مارنا-

صُدِرَ- سینہ میں درد ہونا- صفت مَصْدُوْرٌ-

صَدَّرَهٗ- واپس کرنا- آگے بڑھانا- صدر مجلس میں بٹھانا- صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا : کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا آگے بڑھنا-

اَصْدَرَه- عَنْ كَذَا : واپس کرنا- اَصْدَرَ الأَمْرَ :ظاہر کرنا ـــــ الرَّجُلَ :لے جانا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ وَلَا يُصْدِر" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



صَادَرَہ۔ عَلَی الشَّیْءِ وبِہٖ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔

تَصَدَّرَ۔ صدرِ مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ الْمَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔

___ الْفَرَسُ: گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔

تَصَادَرُوا۔ عَلٰی مَاشَاءُوْا: صدروا۔

الصَّدْر۔ ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْہُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ الْقَوْمِ: رئیس۔ الصَّدْرُ الْاَعْظَمُ: وزیرِ اعظم۔ ج صُدُوْر۔

بَنَاتُ الصَّدْر۔ افکار۔

ذَاتُ الصَّدْر۔ سینہ کی ایک بیماری کا نام۔

صُدُوْرُ الْوَادِی: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِہٖ" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ "یعنی غیر مہربان۔

الصَّدَر۔ پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔

الصَّادِر۔ فا۔ لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَہٗ صَادِرٌ وَّلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِیْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔

الصُّدْرَۃ۔ مِنَ الْاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔

التَّصْدِیر۔ تنگ اونٹ کے سینے کا۔

الصِّدَار۔ صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔

الصَّدَارَۃ۔ تقدم۔ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ (والصَّدِیْرَۃ) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر۔

الْاَصْدَر۔ مضبوط بڑے سینے والا۔

الْاَصْدَرَان: کپٹی کے نیچے کی رگیں۔

الْمَصْدَر۔ جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں۔

الْمُصْدِر۔ فا۔ رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

الْمُصَدِّر۔ قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔

صَدَعَ (ف) صُدُوْعًا۔ اِلٰی کَذَا: مائل ہونا۔

صَدَعَ (ف) صَدْعًا۔ الشَّیْءَ: اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو ___ الْقَوْمَ: متفرق کر دینا ___ الْاَمْرَ: ظاہر کرنا ___ بِالْحَقِّ: حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا ___ فِی الْاَمْرِ: کر گزرنا ___ الْاَمْرَ بِالْحَقِّ: حق کا فیصلہ کرنا ___ فُلَانًا: قصد کرنا۔ صَدَعَہٗ عَنْ کَذَا: روک دینا ___ النَّہْرَ: کاٹ دینا ___ فِی الْمَکَانِ: گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِیْ اَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے ___ اللَّیْلَ: رات میں چلنا۔

صُدِعَ وَصُدِّعَ۔ درد سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مَصْدُوْع۔

صَدَّعَ۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا ___ الْفَلَاۃَ وَالنَّہْرَ: بیابان یا نہر کو طے کرنا۔

تَصَدَّعَ۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ تَصَدَّعَتِ الْاَرْضُ بِہٖ: وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔

تَصَدَّعَ وَانْصَدَعَ۔ الشَّیْءُ: پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وَانْصَدَعَتِ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔ اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ: صبح کی روشنی پھیلنا۔

الصَّادِع۔ فا۔ قاضی۔ جَبَلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وَادٍ صَادِعٌ: دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِیْلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ: روشن صبح۔

الصَّدْع۔ شگاف۔ ج صُدُوْع۔

الصَّدُوْع وَالصَّدَع۔ ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔

صَدَعُ الْحَدِیْد: لوہے کا مورچہ' زنگ۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْھِمْ صَدْعٌ وَّاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔

الصِّدْع۔ آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصَّدْعَۃ۔ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صَدَعَات۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ بَیْنَھُمْ صَدْعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔

الصِّدْعَۃ۔ ج صِدَع و الصَّدِیْع۔ ج صُدُع۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔

صَدِیْع۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔

الصُّدَاع۔ دردِ سر۔

التَّصْدَاع۔ تفرق۔

الْمَصْدَع۔ سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مَصَادِع۔

الْمِصْدَع۔ نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔ خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ۔ بلیغ خطیب۔

صَدَغَہٗ (ف) صَدْغًا۔ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا ___ النَّمْلَۃَ: چیونٹی کو مارنا۔

صَدَغَہٗ (ف) صَدْغًا۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔

صَدَغَ (ن) صَدَغًا وَصُدُوْغًا۔ اِلَی الشَّیْءِ: مائل ہونا۔

صُدِغَ (ک) صَدَاغَۃً۔ کمزور و ناتواں ہونا۔

صُدِغَ۔ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔

صَادَغَہٗ۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الصُّدْغ۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اَصْدَاغ۔

الصَّدَغ۔ کجی۔ ٹیڑھا پن۔

الصِّدَاغ۔ کنپٹی پر نشان۔

الصَّدِیْغ۔ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔

الْاَصْدَغَان۔ دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

الْمِصْدَغَۃ۔ تکیہ۔

بَعِیْرٌ مُصَدَّغٌ وَمَصْدُوْغٌ۔ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صَدِفَ (ن ض) صَدَفًا وَصُدُوْفًا۔ پھر جانا۔

صَدَفَ (ض) صَدْفًا۔ عَنْہُ: اعراض کرنا ___ فُلَانًا: پھیر دینا۔ ہٹانا۔

صَدَفَ (س) صَدَفًا۔ گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔

اَصْدَفَہٗ۔ عَنْہُ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



صَادَقَهٗ۔پانا۔
تَصَادَفَ۔ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَّدَف۔سیپی۔
الصَّدَفَة۔ایک سیپی۔ ج اَصْدَاف۔ صَدَفَةُ الْاُذُن :کان کا اندرونی حصہ۔
الصَّدَفُ۔فِی الْخَیْلِ : رانوں کی نزدیکی اور کمروں کی دوری۔الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ :جانب۔کنارہ۔
الضُّؤْضُؤ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں-
ضَئِطَ (س) ضَأَطًا-الرَّجُلُ: چلنے میں موٹاپے اور جسم کو حرکت دینا-
ضُئِكَ-زکام زدہ ہونا-الضُّؤَاک: زکام-
ضَؤُلَ(ک)ضَآلَةً وضُؤُوْلَةً-لاغر ہونا-حقیر ہونا-
ضَاءَلَ شَخْصَهُ: اپنے آپ کو حقیر کرنا-
تَضَاءَلَ-حقیر ہونا-کمزور ہونا-چھوٹا ہونا-
الشَّیْءُ: سکڑنا-
اِضْطَأَلَ-چھوٹا ہونا-کمزور ہونا-صفت مُضْطَئِل-

الضَّئِیْل-چھوٹا-باریک-حقیر-دُبلا-ج ضُؤُلَاء وضِئَال وضَئِیْلُوْن-
الضُّؤْلَة-کمزور-دُبلا-
الضَّئِیْلَة-ضَئِیْل کا مؤنث-باریک سانپ-حلق کا کوّا-
ضَأَنَ(ف)ضَأْنًا-الضَّأْنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا-
اَضْأَنَ اِضْآنًا-بہت بھیڑ والا ہونا-
الضَّأْن-بھیڑ-دُنبہ-
الضَّائِن-کمزور-کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد-ریت کا سفید چوڑا قطعہ-اُون والا-
بھیڑ دُنبہ-ج ضَأْنٌ وضَأْنٌ وضَئِیْن وضِئِیْن-
الضَّائِنَة-مؤنث ضائن ج ضَوَائِن-
الضِّئْنِیّ-دبی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی-
ضَأَی یَضْأَی ضَأْیًا-الرَّجُلُ: جسم کا لاغر ہونا-
ضَبَّ (ض) ضَبًّا-چپ ہونا ـــــ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا ـــــ عَلَی الشَّیْءِ: جمع کرنا ـــــ الشَّیْءُ: زمین سے چمٹنا ـــــ عَلَیْهِ: مضبوطی سے پکڑنا-کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَضِبُّ فُوْهُ وتَضِبُّ لِثَاتُهُ بِکَذَا" اَوْ عَلٰی کَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (ـــــ ضَبًّا و ضَبِیْبًا) الرِّیْقُ اَوِ الدَّم: تھوک یا خون بہنا-
ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا و ضُبُوْبًا الشَّفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے-
ضَبَبَ یَضُبُّ وضَبِبَ یَضَبُّ ضَبَابَةً: المَکَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا-صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ-
ضَبَّبَ-عَلَی الشَّیْءِ: سخت قبضہ کرنا-جمع کرنا-ضَبَّبَ عَلَی الضَّبِّ: گوہ کو بھڑکانا-ضَبَّبَ البَابَ-دروازے میں بلی لگانا-
اَضَبَّ-خاموش ہونا-چیخنا اور گفتگو کرنا-(ضد) ـــــ المَاءُ او الرِّیْقُ: پانی یا تھوک بہنا ـــــ الیوم: دن کا کہر والا ہونا ـــــ المَکَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا ـــــ الشَّعْرُ: بال کا زیادہ ہونا ـــــ القَوْمُ: کسی کام کے لیے اکٹھا اُٹھ کھڑا ہونا ـــــ القَوْمُ فِی بُغْیَتِهِمْ: حصولِ مطلب کیلئے متفرق ہونا-اَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا ـــــ المَاءَ او الدَّمَ: بہانا ـــــ عَلَی الأَمْرِ: حاوی ہونا ـــــ عَلَی الشَّیْءِ: چھپانا ـــــ عَلَی المَظْلُوْبِ کامیابی کے قریب ہونا-اَضَبُّوْا عَلَیْهِ: بھیڑ کرنا-اَضَبَّ عَلٰی مَا فِی نَفْسِهٖ: جو کچھ دل میں ہو اس پر خاموش رہنا ـــــ عَلٰی غِلٍّ فِی قَلْبِهٖ: کینہ کو دل میں پوشیدہ رکھنا-
تَضَبَّبَ-الصَّبِیُّ: بچے کا موٹا ہونے لگنا-
الضَّبُّ-گوہ-ج اَضُبٌّ وضِبَانٌ وضِبَابٌ و مَضَبَّةٌ-عرب کہتے تھے "لَا اَفْعَلُهٗ حَتّٰی یَرِدَ الضَّبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لیے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی-
بَقْلَةُ الضَّبِّ-ایک خوشبودار نباتات-
الضَّبَبُ-اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم-اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض-ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے-
الضَّبُّ والضِّبُّ-پوشیدہ کینہ-ج ضِبَاب-کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغاباز حیلہ گر مرد-
الضَّبَّة-ضَبَّ کا مؤنث-شگوفہ قبل اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَاب۔

الأَضَبُّ۔ مِنَ الجِمَالِ : وہ اُونٹ جس کو (ضب) کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء۔ ج ضُبٌّ۔

الضَّبُوْبُ۔ تھن میں تنگ سوراخ والی بکری۔

ضَبِیْبٌ۔ السَّیْفِ : تلوار کی دھار۔

الضَّبَابَۃ۔ کمرا۔ ج ضَبَاب۔

الضَّبِیْبَۃ۔ ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لیے تیار کی جاتی ہے۔

اَرْضٌ مَضَبَّۃٌ۔ زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابُّ۔

المِضْبَاب۔ بخیل۔

ضَبَأَ (ف) ضَبْأً و ضُبُوْءًا۔ الرَّجُلُ : زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِیٌّ ـــــ الصَّائِدُ : شکاری کا فریب دینے کے لیے چھپنا ـــــ ہ بِالْأَرْضِ : چمٹانا ـــــ اِلَیْہِ : پناہ لینا ـــــ مِنْہُ : شرم کرنا ـــــ عَلَی الْقَوْمِ : اچانک آجانا۔

أَضْبَأَ۔ الشَّیْءَ : چھپانا ـــــ عَلَیْہِ : خاموش رہنا اور چھپانا ـــــ مَا فِیْ یَدِہٖ و عَلَیْہِ : پکڑے رکھنا۔

اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً۔ مِنْہُ : چھپنا۔

الضَّابِئ۔ راکھ۔

المَضْبَأ۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِئ۔

ضَبَثَ (ض) ضَبْثًا و اِضْطَبَثَ بِالشَّیْءِ و عَلَیْہِ : سختی سے قبضہ کرنا۔ ضَبَثَ بِہٖ : حملہ کرنا۔ ضُبِثَ عَلَیْہِ : مارا جانا۔

الضَّبْثَۃ۔ قبضہ۔ ج ضَبْثَات و اَضْبَاث۔

الضُّبَّاث۔ شیر کے بچے۔

الضَّبَّاث و الضَّبْث و الضَّبُوْث۔ شیر۔

المَضَابِث۔ چنگل اور شیر کے پنجے۔ مِضْبَث۔ واحد۔

ضَبَحَت (ف) ضَبْحًا و ضَبَاحًا۔ الخَیْلُ فِیْ وِرْدِھَا : گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔ ( ـــــ ضَبَاحًا) الأَرْنَبُ و الثَّعْلَبُ و القَوْسُ : آواز کرنا ـــــ ضَبْحًا النَّارُ العُوْدَ : آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔

ضَابَحَہ۔ رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔

اِنْضَبَحَ۔ لَوْنُہٗ : راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔

تَضَابَحَا۔ ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

الضَّبْحَاء۔ کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔

الضِّبْح۔ راکھ۔

المَضْبُوْح۔ سنگستان کا پتھر۔

ضَبَدَ (ن) ضَبْدًا۔ تر اور گدر کھجوروں کو ملانا۔

ضَبَّدَہٗ۔ غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَّبَد۔ غصہ۔ غضب۔

ضَبَرَ (ن) ضَبْرًا۔ الحِجَارَۃَ : تہ بتہ رکھنا۔ الکتب : جمع کرنا یا بنڈل بنانا ( ـــــ ضَبْرًا و ضَبْرَانًا) الفَرَسُ او المُقَیَّدُ : ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔

ضَبَّرَ۔ الشَّیْءَ : جمع کرنا۔

الضَّبْر۔ لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر رداخل ہو کر جنگ کے لیے قلعے کے قریب پہنچتے تھے۔ ج ضُبُوْر۔ الضَّبْر : فقر۔ فَرَسٌ ضَبِرٌ : گھوڑا تام الخلقة۔

الضَّبْر و الضَّبِر۔ جنگلی اخروٹ کا درخت۔

الضِّبْر۔ بغل۔

الضِّبَار و الضُّبَار۔ کتابیں۔ ان کا واحد نہیں۔

الضَّبَارَۃ۔ خلقت کی مضبوطی۔

الضِّبَارَۃ و الضُّبَارَۃ۔ کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر۔

الإِضْبَارَۃ۔ کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج اَضَابِیْر۔

الضِّبَارَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے ہیں "رَاَیْتُھُمْ یَخْرُجُوْن مِنَ المَکَانِ ضَبَائِر ضَبَائِر" میں نے ان کو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔

الضِّبِّیر۔ بہت زیادہ کودنے والا۔

الضَّبْر و الضَّبُوْر۔ سخت۔ شیر۔

الضَّبَّار۔ لوط کی مانند ایک درخت۔ واحد ضَبَّارَۃ۔

المِضْبَر۔ کودنے والا۔ شیر۔ المضبور۔ دانتی۔

ضَبَزَہٗ (ض) ضَبْزًا۔ کنکھیوں سے تیز دیکھنا۔

الضَّبِز و الضَّبِیْز۔ مِنَ الذِّئَاب : تیز نظر بھیڑیا۔

ضَبَسَ (ن) ضَبْسًا عَلَی الغَرِیْمِ : قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَت (س) ضَبْسًا۔ نَفْسُہ : جی کا بگڑنا اور متلانا۔

الضَّبْس۔ بخیل۔

الضِّبْس۔ شریر۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ضِبْسٌ شَرٌ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔

الضَّبِس۔ سخت مزاج۔ فریبی۔

الضَّبِیْس۔ سخت مزاج۔ گراں تن۔ گراں جان۔ بزدل۔ بیوقوف۔

ضَبَطَہٗ (ن ض) ضَبْطًا و ضَبَاطَۃً۔ لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا ـــــ العَمَل : مضبوط کرنا ـــــ الکِتَاب : صحیح کرنا۔ اعراب لگانا ـــــ عَلَیْہِ : گرفتار کرنا۔

ضَبِطَ (س) ضَبَطًا۔ دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت اَضْبَط مؤنث ضَبْطَاء۔ ج ضُبْط۔

ضُبِطَتِ۔ الأَرْضُ : زمین پر بارش ہونا۔

تَضَبَّطَ۔ زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَ الضَّانُ : موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔

اِنْضَبَطَ۔ قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔

الضَّبْط۔ منہ۔ روک۔ گرفتاری۔

الضَّابِط۔ فا۔ قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جزل۔ ج ضُبَّاط ( ـــــ و الضَّابِطَۃ) عِنْدَ العُلَمَاء وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔

الضَّابِط و الأَضْبَط۔ شیر۔

ضَبَعَ (ف) ضَبْعًا و ضُبُوْعًا و ضَبَعَانًا البَعِیْرُ : اُونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا ـــــ القَوْمُ الصُّلْح : صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَہٗ ضَبْعًا : مارنے کیلئے ہاتھ بڑھانا ـــــ الرَّجُلُ : ظلم کرنا ـــــ عَلَی فلان :

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بددُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
ضَبَعَ الرَّجُلُ : بزدل ہونا۔ ضَبَّعَتِ الخَیْلُ والإبِلُ : جہال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔
ضَابَعَهُ مُضَابَعَةً۔ ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَّجُلُ : مصافحہ کرنا۔
إضْطَبَعَ۔ بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر ڈالنا ـــــ الشَّیْءَ : بغل میں لینا۔
الضَّبْعُ والضَّبُعُ۔ بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاعٌ وأضْبُعٌ وضُبُعٌ و ضُبُوْعَةٌ و ضَبُعَاتٌ و مَضْبَعَةٌ اور تصغیر ضبع کی أضَیْبِعٌ۔ خلافِ قیاس اور کبھی مادہ کے لیے ضَبُعَة کا استعمال کیا جاتا ہے اور دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة (دھاری دار) ضبع رقطاء (خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔
الضَّبْعُ۔ بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔
الضَّبَعُ والضِّبْعُ والضُّبْعُ۔ جانب۔ کنارہ۔ ج أضْبَاعٌ۔
الضَّبْعُ۔ قحط کا سال۔
الضَّبْعُ والضِّبَاعُ۔ دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
الضِّبْعَانُ۔ نر بجو۔ مُثَنّٰی۔ ضَبْعَانِ۔ ضَبْعَانَانِ غلط ہے۔ ج ضَبَاعِیْنُ۔ مؤنث ضِبْعَانَةٌ ج ضَبَاعِیْنُ وضِبْعَانَاتٌ۔
الضَّابِعُ۔ فا ـــــ مِنَ الخَیْلِ والإبِلِ : تیز دوڑنے والا۔ ج ضُبَّعٌ۔
ضَبَنَ (ن) ضَبْنًا۔ المَکَانُ : تنگ ہونا۔ صفت ضَبِنٌ ـــــ عَنْهُ الهَدِیَّةَ : ہدیہ کو روک دینا۔ منع کرنا۔ ضَبَنَهُ : بغل اور پہلو کے درمیان اُٹھانا۔
أضْبَنَ وإضْطَبَنَ۔ بغل اور پہلو کے درمیان اُٹھانا۔
الضِّبْنُ۔ بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ ضِبْنِ فُلَانٍ او ضِبْنَتِهٖ" یعنی فلاں آدمی فلاں کی پناہ میں ہے۔
الضِّبْنَةُ والضِّبْنَةُ۔ بال بچے۔
الضِّبْنَةُ والضِّبِنَةُ۔ بیوی۔
الضِّبْنُ والمَضْبُوْنُ۔ لجا۔

ضَبَا یَضْبُوْ ضَبْوًا۔ إلَیْهِ : پناہ لینا۔ ضبته النار : آگ کا بھون دینا اور حقیر کر دینا۔
أضْبَی۔ الشَّیْءَ : اُٹھانا۔ روکنا ـــــ عَلَیْهِ : فتح مندی کے لیے جا پہنچنا۔
الضَّابِی۔ فا۔ راکھ۔
الضَّبْوَة۔ عِنْدَ العَامَةِ : تمبا کو کیلئے چمڑے کا بٹوہ اور صحیح لفظ الضَّبَّة ہے اور ممکن ہے کہ یہ ظَنْبِیَة کی تحریف ہو۔
المُضْبَاة۔ بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
المَضْبَاة۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کا گڑھا۔
ضَجَّ (ض) ضَجًّا و ضَجِیْجًا و ضَجَاجًا و ضُجَاجًا۔ چیخنا۔ شور مچانا۔
أضَجَّ إضْجَاجًا۔ القَوْمُ : چیخنا۔ شور مچانا۔
ضَجَّجَ۔ الرَّجُلُ : جانا اور مائل ہونا ـــــ الطَّائِرَ ونَحْوَهٗ : زہر دینا۔
ضَاجَّهٗ ضِجَاجًا و مُضَاجَّةً۔ جھگڑا کرنا اور شور مچانا۔
الضَّجَّة۔ چیخ پکار۔ شور۔
الضَّجَاج۔ ہاتھی دانت۔ ایک قسم کا سمرہ۔
الضِّجَاج۔ گوند جو کھایا جاتا ہے۔ ہر اس درخت کا پھل جو پرندوں یا درندوں کو بطور زہر کے دیا جائے۔
الضَّجُوْج مِنَ النُّوْقِ : دودھ دوہتے وقت چلّانے والی اُونٹنی۔
الضَّجَّاج۔ بہت شور مچانے والا۔
ضَجِرَ (س) ضَجَرًا و تَضَجَّرَ۔ مِنْهُ : تنگ دل ہونا۔ بے قرار ہونا۔ زچ ہو جانا۔ صفت ضَجِر۔
أضْجَرَهٗ۔ ستانا۔ زچ کر دینا۔ بے قرار کر دینا۔ تنگ دل کر دینا۔
الضَّجَر۔ غم کی وجہ سے تنگ دلی۔ بے قراری۔
الضَّجِر۔ تنگ مکان۔
الضُّجْرَةُ۔ بے قراری۔ تنگ دلی۔
الضَّجُوْر و الضَّجَرَة۔ بہت بے قرار۔ بہت تنگ دل۔
المُضْجِر۔ بے قرار کرنے والا۔ تنگ دل کرنے والا۔ ج مَضَاجِرُ و مَضَاجِیْرُ۔
ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا و ضُجُوْعًا و إضْطَجَعَ و إضَّجَعَ و إضْطَجَعَ۔ پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَّجْمُ : ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔
أضْجَعَهٗ۔ پہلو کے بل لٹانا ـــــ الشَّیْءَ : پست کرنا ـــــ الحَرْفَ : حرف کا کسرہ کی طرف مائل کرنا ـــــ جَوَالِقَهٗ : بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔
ضَجَعَتِ۔ الشَّمْسُ : غروب کیلئے مائل ہونا ـــــ وتَضَجَّعَ فِی الأمْرِ : کوتاہی کرنا۔
ضَاجَعَهٗ۔ ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع۔ کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔
تَضَاجَعَ۔ عَنِ الأمْرِ : غفلت کرنا۔
الضَّجْعُ۔ مص۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔
الضَّجْعَة۔ صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔
الضِّجْع۔ جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضَجْعَةُ إلَیَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔
الضِّجْعَة۔ پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہل۔
الضُّجْعَة۔ رائے کی کمزوری ( ـــــ و الضُّجَعَة والضُّجَعِی والضِّجْعِی والضُّجْعِیَّة والضِّجْعِیَّة) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔
الضَّاجِع۔ فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ یوقوف ـــــ مِنَ الدَّوَابِّ۔ بے برکت جانور ـــــ مِنَ النُّجُوْمِ : غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع۔ رَجُلٌ ضَاجِع بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "أرَاکَ ضَاجِعًا إلَیَّ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔
الضَّاجِعَة۔ مؤنث ضَاجِع۔ سمر کا دھانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع ( ـــــ و الضَّجْعَاء) زیادہ کمریاں۔
الضَّجُوْع و المَضْجُوْع۔ کمزور رائے والا۔
الضَّجُوْع : مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔
الضَّجِیْع۔ ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِیْعَة۔
المَضْجَع۔ خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْمُضْطَجَع- خواب گاہ- مَضَاجِعُ الغَيْثِ : بارش کی جگہ-

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ : مُنہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا- جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اضجم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "فِيْ فَمِهٖ ضَجَمٌ" یعنی اس کے مُنہ میں کجی ہے-

تَضَاجَمَ الفَمُ : مُنہ کا ٹیڑھا ہونا- الاَمْرُ بَيْنَهُمْ : مختلف فیہ ہونا-

الضَّحُّ- آفتاب کی روشنی- جس پر آفتاب کی روشنی پڑے-

ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ- السَّرَابُ : سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا- ضَحْضَحَ الاَمْرُ : ظاہر ہونا-

الضَّحْضَح- تھوڑا پانی-

الضَّحْضَاح- تھوڑا پانی یا نایاب پانی- بہت اُونٹ-

ضَحِكَ (س) ضَحَكًا و ضِحْكًا و ضِحِكًا و ضِحِكًا- ہنسنا- کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْهُ و بِهٖ و عَلَيْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہو گئے- القِرْدُ : بندر کا آواز کرنا ـــــ السَّحَابُ : بادل کا چمکنا ـــــ الطَّرِيْقُ : راستہ کا ظاہر ہونا- ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَّبَاتِ : اُگانا ـــــ الشَّيْبُ بِرَاْسِهٖ : بڑھاپا ظاہر ہونا ـــــ طَلَعُ النَّخْلَةُ : درخت خرما کا شگوفہ نکلنا ( ـــــ ضَحَكًا) الرَّجُلُ : تعجب کرنا-

ضَاحَكَهٗ- ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا- ہنسی میں غالب آنا-

اَضْحَكَهٗ- ہنسانا- اَضْحَكَ الحَوْضَ : لبریز کرنا-

تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ و اِسْتَضْحَكَ- ہنسنا- و تَضَاحَكَ الرَّجُلُ : بتکلف ہنسنا- تَضَاحَكَ القَوْمُ : ایک دوسرے کو ہنسانا-

الضَّحْكَ- مصـ- سفید دانت- گلی- جھاگ- برف- درمیان راستہ- تعجب- شہد یا شہد مع موم کے- کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا-

الضَّاحِك- فا- ہنسنے والا- پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر- کہا جاتا ہے "لَهٗ رَائِيٌ ضَاحِكٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں-

الضَّاحِكَة- مؤنث ضَاحِك- دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں- ج ضَوَاحِك- کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهٖ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا-

الضُّحَكَة والضُّحْكَة والضَّحَّاك والضَّحُوْك والمِضْحَاك- بہت زیادہ ہنسنے والا- الضَّحُوْك والضَّحَّاك : درمیان- راستہ- الضَّحُوْك کی جمع ضُحُك-

الضُّحْكَة- جس آدمی پر لوگ ہنسیں-

الضُّحَكَة- جو لوگوں پر ہنسے-

الاُضْحُوْكَة- وہ چیز جس پر ہنسی آئے- ج اَضَاحِيْك-

ضَحَلَ (ف) ضَحْلًا- الغَدِيْرُ : تالاب کا پانی کم ہونا ـــــ المَاءُ : پانی کا پایاب ہو جانا- کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَيْرَكَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا-

الضَّحْل- پایاب پانی- ج ضِحَال و اَضْحَال و ضُحُوْل-

المَضْحَل- وہ جگہ جہاں پانی کم ہو-

ضَحَا يَضْحُو ضَحْوًا وَ ضُحُوًّا و ضُحِيًّا الرَّجُلُ : دھوپ کھانا ـــــ الشَّيْءُ : دھوپ کا لگنا ـــــ الطَّرِيْق : ظاہر ہونا- کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهٗ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِيَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے-

ضَحِيَ يَضْحَى ضَحًا و ضَحَاءً- دھوپ لگنا- دھوپ کھانا- کھل جانا- ضَحِيَتِ اللَّيْلَةُ : بے بادل کا ہونا-

ضَحَّى تَضْحِيَةً- فُلَانًا : چاشت کے وقت کھانا کھلانا ـــــ بِالشَّاة : بقر عید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا- لِلقَاذُوْرَة کرنا- الغَنَمَ : چاشت کے وقت چرانا ـــــ الرَّجُلُ : فدیہ ہو جانا ـــــ عَنِ الاَمْرِ : دیر کرنا- جلدی نہ کرنا- اِلَيْهِ : بیان کرنا- ظاہر کرنا-

ضَاحَى مُضَاحَاةً- الرَّجُلُ : چاشت کے وقت آنا-

اَضْحَى- چاشت کے وقت میں داخل ہونا- اَضْحَى يَفْعَلُ كَذَا : چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں كَانَ جیسا عمل کرتا ہے) ـــــ الشَّيْءَ : ظاہر کرنا- عَنِ الاَمْرِ : دُور رہنا- کہا جاتا ہے "اَضْحَى اللّٰهُ ظِلَّكَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دُور کر دے- مُراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے-

تَضَحَّى تَضَحِّيًا- چاشت کے وقت کھانا- چاشت کے وقت تک سونا- دھوپ کھانا-

اِسْتَضْحَى اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ : موسم سرما میں دھوپ کھانا-

الضَّحَاء- چاشت کا وقت-

الضَّحْوا الضَّحْوَة- چاشت کا وقت-

الضُّحٰى- چاشت- آفتاب- بیان- کہا جاتا ہے "مَا لِكَلَامِهٖ ضُحًى" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں-

الضَّحْيَان- چاشت کے وقت کھانے والا- مؤنث ضَحْيَانَةٌ-

الضَّحِيَّة- دن کا بلند ہونا- قربانی کی بکری- ذبیحہ- ج ضَحَايَا-

الاَضْحَاة- قربانی- ج اَضْحٰى-

الاُضْحِيَّة الاِضْحِيَّة- قربانی- ج اَضَاحِيّ-

يَوْمُ الاَضْحٰى- قربانی کا دن- الاَضْحٰى مِنَ الخَيْلِ- سفید سیاہی مائل گھوڑا- مؤنث ضَحْيَاء-

الضَّاحِي- فا- دھوپ کھانے والا- ضَاحِي الجِلْدِ : جسم کا کھلا ہوا حصہ-

الضَّاحِيَة- مؤنث ضَاحِي- ہر شے کا کھلا ہوا حصہ- ج ضَوَاحٍ- ضَوَاحِي البَلْدَةِ : اطراف شہر- ضَوَاحِي الحَوْضِ : حوض کے اطراف- کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ ضَاحِيَةً" یعنی اعلانیہ کیا- شَجَرَةٌ ضَاحِيَةُ الظِّلِّ- بے سایہ درخت-

يَوْمٌ اِضْحِيَان- بے بادل کا دن-

لَيْلَةٌ اِضْحِيَانَةٌ و اِضْحِيَّةٌ- چاندنی رات-

اَرْضٌ مَضْحَاةٌ- سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو-

ضَخَّ (ن) ضَخًّا- المَاءَ : پانی گرانا-

ضَخَّتِ العَيْنُ : آنسو بہانا-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِنْضَخَّ الْمَاءُ: گرنا۔
الْمِضْخَّة۔ پچکاری۔
ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَيْنَهُ۔ آنکھ نکال لینا۔
ضَخُمَ (ک) ضَخَامَةً وَ ضِخَمًا۔ موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ۔ ج ضِخَامٌ مؤنث ضَخْمَةٌ۔ ج ضَخْمَاتٌ۔
ضَخَّمَه۔ موٹا بنانا۔
الضَّخَام۔ ہر شے کا بڑا۔
الْاَضْخَم۔ موٹا۔ زیادہ موٹا۔
الْمِضْخَم۔ بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔
ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِي الْخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّهُ عَنْ كَذَا: نری سے ہٹانا۔ باز رکھنا ـــــ الْقِرْبَةَ: مشک کو بھر دینا۔
ضَادَّهُ مُضَادَّةً۔ مخالفت کرنا۔
اَضَدَّهُ۔ غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔
تَضَادُّا اِتَضَادًّا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔
الضِّدُّ۔ مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَاد و ضِدَد۔
الْاَضْدَاد۔ ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔
الضِّدِّيْد۔ ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضِدِّيْدَ لَهٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔
ضَدِيَ يَضْدَى ضَدًى۔ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِيَةٌ۔ ج ضَوَادٍ و ضَادِيَاتٌ۔
ضَادَاهُ مُضَادَاةً۔ مخالفت کرنا۔
اَضْدَى اِضْدَاءً۔ الْاِنَاءَ: برتن کو بھر دینا۔
ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا۔ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: نقصان دینا ـــــ ه اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔
ضُرَّ بَصَرُهٗ: اندھا ہونا۔
ضَارَّهُ ضِرَارًا و مُضَارَّةً۔ نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ امْرَاَتَهٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔
ضَرَّرَهٗ تَضْرِيْرًا۔ بہت زیادہ نقصان دینا۔
اَضَرَّهٗ۔ تکلیف پہنچانا ـــــ ه عَلَى الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِهٖ: بہت قریب ہونا ـــــ اِلَيْهِ عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔ اَصَخَّرَ بَعْدُ: کچھ تیز دوڑنا ـــــ عَلَى السَّيْرِ الشَّدِيْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا ـــــ الرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔
تَضَرَّرَ۔ نقصان پہنچنا۔
اِضْطَرَّهٗ اِلٰى كَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔
اُضْطُرَّ۔ مجبور کیا جانا۔
اِسْتَضَرَّ بِهٖ: نقصان پہنچنا۔
الضَّرُّ و الضُّرُّ و الضَّرر۔ نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج اَضْرَار۔ اور عوام کے استعمال میں ضَرَّہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ (ذَرٌّ) ہے۔
الضِّرُّ و الضُّرُّ۔ سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔
الضَّرَّاء۔ سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔
الضُّرَّة۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَّرَّة۔ حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ لپتان کی جڑ۔ لپتان۔ تھن۔ مالِ کثیر۔ ضَرَّةُ الْمَرْاَةِ۔ سوکن۔ ج ضَرَائِر۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ ذَاءُ الضَّرَائِرِ" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَّرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔
الضَّارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔
الضَّرُوْرَة و الضَّارُوْرَة و الضَّارُوْرِ و الضَّارُوْرَاء۔ حاجت۔ الضَّارُوْرَة بمعنی ضرر۔
الضَّرَارَة۔ اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَّرِيْر۔ اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء و اَضْرَار مؤنث ضَرِيْرَة۔ ج ضَرَائِر۔
الضَّرِيْر۔ غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ضَرِيْرٌ ذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَّيْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَّرُوْرِيّ۔ جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
التَّضِرَّة و التَّضَرُّة۔ بدحالی۔
الْمَضَرَّة۔ نقصان۔ ج مَضَارُّ۔
ضَرَاَ (ف) ضَرْاً۔ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضَرَاَتْ اِنْضِرَاءً ا۔ الْاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا ـــــ الشَّجَرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا۔ الشَّيْءَ: متحرک ہونا۔ الْعِرْقَ: رگ کا پھڑکنا ـــــ الْجُرْحُ او الضِّرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا ـــــ الْعَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا ـــــ اللَّيْلُ: رات طویل ہونا ـــــ الزَّمَانَ: گزرنا ـــــ الطَّيْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا ـــــ ه: مارنا ـــــ ه الْبَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الْخَيْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ الْعَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الْاَجَلَ: مدت مقرر کرنا ـــــ الْمَثَلَ: مثال بیان کرنا ـــــ الدِّرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا ـــــ الْخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا ـــــ الصَّلَاةَ: نماز قائم کرنا ـــــ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا ـــــ الْحَاسِبُ كَذَا فِي كَذَا: ضرب دینا ـــــ الْجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا ـــــ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا ـــــ لَهٗ سَهْمًا مِنْ مَالِهٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا ـــــ عَلٰى يَدِهٖ: روک دینا ـــــ الْقَاضِيْ عَلٰى يَدِهٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِهِ الْاَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا ـــــ فِي الْمَاءِ: تیرنا ـــــ بَيْنَهُمْ: فساد کرا دینا ـــــ فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا ـــــ بِيَدِهٖ: اشارہ کرنا ـــــ عَنْ فُلَانٍ كَذَا: روک لینا ـــــ الدَّهْرُ بَيْنَنَا: جدا کر دینا ـــــ بِالْقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا ـــــ عَلٰى اُذُنِهٖ: سننے سے منع کرنا ـــــ عَلَى الْمَكْتُوْبِ: مہر لگانا ـــــ فِي الْبُوْقِ: بگل بجانا ـــــ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِي" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الْاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِي الْاَرْضِ ضَرْبًا و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ضَرْبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔
ضَرِبَ (س) ضَرَبًا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔
ضُرِبَتِ الْاَرْضُ :زمین پر کہرا پڑنا۔
ضَرَّبَهٗ۔بہت مارنا ـــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ :ملانا ـــــ الْمَظَلَّةَ بِالْخُیُوْطِ : چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا ـــــ ہ النَّجَّادُ الْمُضَرَّبَةَ : درزی کا رضائی کو سینا ـــــ ضَرَّبَتْ عَیْنَهٗ : آنکھوں کا دھنس جانا۔ضَرَّبَ بَیْنَهُمْ :بھڑکا دینا ـــــ ہ فِی الْحَرْبِ :برانگیختہ کرنا۔ترغیب دینا۔ولاور کرنا۔
ضَارَبَهٗ مُضَارَبَةً وَضِرَابًا۔ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔مارنے میں بڑھ جانا۔ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهٗ و ضَارَبَ لَهٗ فِی الْمَالِ وَ بِالْمَالِ : کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔
اضرب فی المکان :اقامت کرنا۔سر جھکانا ـــــ عَنْهُ :اعراض کرنا ـــــ الْقَوْمُ :پالے سے ڈھک جانا ـــــ الْخُبْزُ : پکنا۔کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَاشًا لِاَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کرلیا۔
تَضَرَّبَ۔الشَّیْءُ : متحرک ہونا۔موج مارنا۔
تَضَارَبَ۔الْقَوْمُ :ایک دوسرے کو مارنا۔
اِضْطَرَبَ۔ متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا ـــــ الْاَمْرُ : خلل پذیر ہونا۔ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو مارنا ـــــ فِیْ اَمْرِهٖ : متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہوگیا ـــــ مِنْ كَذَا : تنگ دل ہونا ـــــ فُلَانٌ : حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔
اِسْتَضْرَبَ۔الْعَسَلُ :شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔
الضَّرْب۔ مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب۔ خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے ـــــ فِی الْعَرُوْضِ۔ فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ وَاَضْرَابٌ
وَاَضْرُبٌ۔ دِرْهَمٌ ضَرْبٌ : ٹھپہ لگا ہوا درہم۔
دَارُ الضَّرْبِ : ٹکسال۔
الضَّرْب والضُّرُب۔سفید گاڑھا شہد۔
الضَّرْبَة۔اسم مرۃ۔دفعۃ واحدۃ۔کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِیْ عَلَیْكَ اِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔
آفت۔فساد۔
الضَّرَبَان۔ مد۔ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ : زمانے کے حوادث۔
الضرب والضَرِب۔مارنے والا۔
الضَّرَّاب۔زیادہ مارنے والا۔
الضَّارِب۔فاپست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب۔ الطَّیْرُ الضَّوَارِب : خوارک تلاش کرنے والے پرندے۔
الضَّرِیْب۔ مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء ـــــ پٹا ہوا۔ ج ضَرْبٰی ـــــ قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ' آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب۔
الضَّرِیْبَة۔طبیعت۔عادت۔کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ ضَرِیْبَتُهُ الَّتِیْ ضُرِبَ عَلَیْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔جزیہ ـــــ مِنَ السَّیْفِ : دھار ـــــ مِنَ الصُّوْفِ وَ نَحْوَهٗ :اون یا روئی کی پونی۔ج ضَرَائِب۔
المَضْرِب۔ مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل ( ـــــ والمَضْرَب) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ج مَضَارِب۔
المِضْرَب والمِضْرَاب۔ مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ المِضْرَب : بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب۔
المُضْرِب والمُضْرِبَة مِنَ الْحَیَّاتِ : غیر متحرک سانپ۔
مَضْرِبَةُ السَّیْفِ ومَضْرَبَتُهٗ۔ تلوار کی دھار۔
بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ۔سلا ہوا بچھونا۔
المُضَرَّبَة۔ولائی۔رضائی۔
ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا۔ الشَّیْءَ : پھاڑنا ـــــ الثَّوْبَ بِالدَّمِ : خون میں لتھیڑنا ـــــ الشَّیْءَ اِلَی الْاَرْضِ :ڈالنا۔
ضَرَّجَهٗ۔ لتھیڑنا ـــــ ضَرَّجَ الثَّوْبَ : سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ـــــ الْاَنْفَ بِالدَّمِ : خون آلود کر دینا ـــــ الْكَلَامَ : آراستہ کرنا ـــــ الْاِبِلَ :لوٹ میں دوڑانا۔
ضَرَّجَ وَاَضْرَجَ۔الْجَیْب :لٹکانا۔
تَضَرَّجَ۔ پھٹنا ـــــ الزَّهْرُ : پھول کا کھلنا ـــــ الشَّیْ : لت پت ہونا ـــــ الْخَدُّ : رخسارہ کا سرخ ہونا ـــــ الْمَرْاَةُ : عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔
اِنْضَرَّجَ۔ پھٹنا ـــــ لَنَا الطَّرِیْقُ : کشادہ ہونا ـــــ مَابَیْنَ الْقَوْمِ :دوری ہونا۔
اِنْضَرَجَتِ الْعُقَابُ :شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
الضَّرِیْج۔ ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِیْجٌ۔ تیز دوڑ۔
الاِضْرِیْج۔ زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِضْرَج۔ پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج
المَضَارِج : مشکیں۔
عَیْنٌ مَضْرُوْجَةٌ۔ بڑی خوبصورت آنکھ۔
الضَّرْجَع۔چیتا۔ج ضَرَاجِع۔
ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا۔ الشَّیْءَ : پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّیْ" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّیْ الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اُتار دیا۔ الْقَبْرَ : قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَیِّتِ : میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔
ضَرَحَتْ(ن) ضُرُوْحًا وضَرْحًا۔السُّوْقُ : کساد بازاری ہونا ـــــ ضَرْحًا و ضِرَاحًا۔ الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا۔دولتی مارنا۔
ضَارَحَهٗ۔ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔
اَضْرَحَهٗ۔ فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوْقَ :کساد بازاری کرنا۔
اِنْضَرَحَ۔ الشَّیْءُ : پھٹنا ـــــ مَا بَیْنَ الْقَوْمِ۔دوری ہو جانا۔تعلقات کا ختم ہو جانا۔
اِضْطَرَحَ۔الشَّیْءَ :ڈال دینا۔پھینک دینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الضُّرَاح- چوتھے آسمان میں ﴿ بیت المعمور﴾

الضَّرْح- مص- کھال- دُوری- وحشت-

الضَّرَح- خراب آدمی- نِیَّةٌ ضَرَحٌ :دُور دراز کا ارادہ-

الضَّرُوْح مِنَ الدَّوَابِّ : دولتی مارنے والا جانور- قَوْسٌ ضَرُوْح : زور سے پھینکنے والی کمان-

الضَّرِیْح- دور- قبر- ج ضَرَائِح-

المُضْرَحِ والمَضْرَحِیّ- شکرہ- لمبے ڈینے کا گدھ- المَضْرَحِیُّ :فیاض سردار- سفید چیز-

ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا- الشَّیْءَ : ڈاڑھ سے سخت کاٹنا- کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی- "ضَرَسَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا- ضَرَسَ البِئْرَ : پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا ـــــ الرَّجُلُ :رات تک خاموش رہنا-

ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا- الأَسْنَانُ : دانت کھٹے ہونا-

ضَرَّسَهُ- الزَّمَانُ : زمانہ کا سخت ہونا- ضَرَّسَهُ الحُرُوْبُ او الأَیَّام : تجربہ کار کر دینا-

اَضْرَسَ- الحَامِضُ الأَسْنَانَ : ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ـــــ هُ : رنجیدہ کرنا ـــــ فُلَانًا بِالكَلَامِ :خاموش کر دینا-

ضَارَسَهُ- لڑائی کرنا- دشمنی کرنا- ضَارَسَ الأُمُوْرَ : تجربہ کرنا اور پہچاننا-

تَضَارَسَ- القَوْمُ :ایک دوسرے سے دشمنی کرنا- ایک دوسرے سے جنگ کرنا- البِنَاء : ناہموار ہونا-

الضِّرْس- ڈاڑھ کے دانت- ج اَضْرَاس-

الضِّرس- ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو- پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو- ہلکی بارش- ج ضُرُوْس-

الضَّرِس- سخت مزاج- بھوک کی وجہ سے غضبناک- تجربہ کار- مسافر- جنگجو-

الضَّرُوْس- مِنَ النُّوْقِ : وہ اُونٹنی جو دوہنے والے کو کاٹ کھائے- حَرْبٌ ضروس : سخت جنگ-

الضَّرِیْس- پتھر کا من بنا ہوا کنواں- ریڑھ کی ہڈی- بہت بھوکا- ج ضَرَاسِی-

المُضَرَّس- مصیبت زدہ- مِنَ الوَشْیِ : وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں- کہا جاتا ہے "فِیْ اليَاقُوْتَةِ تَضْرِیْس" یاقوت میں ناہمواری- ج تَضَارِیْس : تَضَارِیْسُ الأَرْضِ : زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں-

الضِّرْصِم- شیر- نر در ندے-

ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِیْطًا- گوز کرنا-

ضَرِطَ (س) ضَرَطًا- ہلکی ڈاڑھی اور باریک آبرو والا ہونا- صفت اَضْرَط-

ضَرَّطَ واَضْرَطَ- الحِمَارُ : بہت گوز کرنا- ضَرَّطَ واَضْرَطَ الحِمَارَ :گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے- "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ" غصے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا-

الضَّرَّاط والضَّرُوْط والضِّرُوْط- گوز کرنے والا- زیادہ گوز کرنے والا-

الضَّرِیْط- موٹا- کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَّيْطٌ وَنَعْجَةٌ ضُرَّيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الأَخْذُ سُرَيْطٌ والقَضَاء ضُرَّيْط يَا الأَخْذُ سُرَيْطِي والقَضَاء ضُرَّيْطِي يا الأَخْذُ سُرَيْطِي والقَضَاء ضُرَّيْطِي يَا الأَخْذُ سُرَيْطَاء والقَضَاء ضُرَيْطَا" یعنی قرض کو لے کر نکل لینا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے-

اَوْدَى البَعِيْرُ الأَضْرَطَا- مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو-

اَضْرَطَا وأَنَتَ الأَعْلٰى- مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو-

الضُّرَاط والضَّرِیْط- گوز-

الضِّرْطِم- بڑے پیٹ والا-

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا- مِنَ الشَّیْءُ : قریب ہونا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا-

ضَرَعَ (ن) ضَرْعًا- فَرَسَهُ :سدھانا-

ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً وضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً- کمزور ہونا- اِلَيْهِ : فروتنی کرنا- صفت ضَارِع وضَرِعٌ- ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْعٌ وضَرَعَة-

ضَرَّعَ- مِنْ فُلَانٍ : چپکے چپکے قریب آنا- ضَرَّعَتِ الشَّمْس :غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا ـــــ القِدْرُ :ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا- ضَرَّعَ الزُّبَ : شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا-

ضَارَعَهُ- مشابہ ہونا- ضَارَعَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ القِدْرُ : ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا-

اَضْرَعَتِ الشَّاةُ :بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا- صفت ضَرْعَاء و ضُرُوْع وضَرِيْعٌ وضَرِيْعَةٌ :بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اُترنا- اَضْرَعَ الرَّجُلُ : ذلیل کرنا ـــــ لِفُلَانٍ مَالاً کسی کے لیے مال خرچ کرنا ـــــ الحُمَّى فُلَانًا- کمزور کر دینا- مثال ہے الحُمَّى اَضْرَعَتْنِي لِلْتُّؤْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے- اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ إِلَى فُلَانٍ : مجبور کر دینا-

تَضَرَّعَ- ذلیل ہونا- چپکے چپکے قریب آنا ـــــ إِلَى اللّٰهِ : عاجزی سے دعا کرنا ـــــ الظِّلُّ :سائے کا سمٹنا-

تَضَارَعَا- ایک دوسرے کے مشابہ ہونا-

اِسْتَضْرَعَ- لَهُ :انکساری کرنا ذلیل ہونا-

الضَّرْع- تھن- ج ضُرُوْع-

الضِّرْع- مثل- رسّی کی لٹ- ج ضُرُوْع-

الضَّرَع- مص- کمزور- بزدل- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ وقَوْمٌ ضَرَعٌ-"

الضَّارِع- لاغر- کمزور- چھوٹا-

الضَّرْعَاء والضَّرِيْعَة- مِنَ الشَّاءِ والبَقَرِ : بڑے تھن والی-

الضَّرُوْع- بڑے تھن والی- عاجز و ذلیل-

الأَضْرَع- لاغر- کمزور- چھوٹا-

المُضَارِع- مشابہ- افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے- علم عروض کی ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بحر کا نام۔
ضَرْغَمٌ وَتَضَرْغَمَ۔ شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔
الضَّرْغَم۔ شیر۔ ج ضَرَاغِم۔
الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة۔ شیر۔ بہادر۔ قوی۔
الضَّرْف۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔
الضُّرْفَة۔ کثرت۔
ضَرْفَطَهُ۔ بِالْحَبْلِ: رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔
ضَرْك (ک) ضَرَاكَةً۔ بیوقوف ہونا۔
الضَّرِيك۔ احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك وضُرَكَاء۔
الضُّرَاك۔ موٹا آدمی۔ مضبوط وتوانا آدمی۔ شیر۔
ضَرِمَ (س) ضَرَمًا۔ بھوک یا غصّہ سے بھڑکنا۔
ضرمت النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا ـــــ عَلَيْهِ: غصّہ سے بھڑک اُٹھنا ـــــ فِي الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔
اَضْرَم و ضَرَّم واِسْتَضْرَمَ النَّارُ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔
اِضْطَرَمَت وتَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔
تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ: غصّہ سے بھڑک اُٹھنا۔
اِضْطِرَامُ الْمَشِيْبِ: بڑھاپا آجانا۔
الضِّرْم والضِّرِم۔ ایک خوشبو دار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِّرِم: عقاب کا بچّہ۔
الضَّرَم۔ بھوک کی وجہ سے غصّہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِي غَيْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔
الضَّرِم۔ بھوکا۔ عقاب کا بچّہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الضَّرَمَة۔ چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الضِّرَام۔ بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔
الضِّرَامَة۔ لکڑی جو مشتعل ہو۔ مطلم کا درخت۔
الضَّرِيم۔ جلا ہوا۔
الضِّرِيمَ۔ ایک درخت کا گوند۔
ضَرَا يَضْرُو ضُرُوًّا۔ العِرقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو ـــــ الرَّجُلُ: چھپنا۔
ضَرِيَ يَضْرَى ضَرَاوَةً و ضَرِيً و ضَرْيًا و ضَرَاءَةً بِالشَّيْءِ: حریص ہونا ـــــ ضَرِيً و ضِرَاءً و ضَرَاءً) الْكَلْبُ بِالصَّيْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِيٌّ و ضَارٍّ۔ مؤنث ضَارِيَةٌ۔ ج ضَوَارٍ۔
ضَرِيَ النَّبِيْذُ: جھاگ والا ہونا۔
ضَرَّى و اَضْرَى۔ الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَى الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔
اِسْتَضْرَى۔ لِلصَّيْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔
الضَّرَاء۔ مہ۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الضَّرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔
الضَّرَىٰ۔ مہ۔ لڑائی کی شدت۔
الضِّرْو۔ شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة۔ ج ضِرَاء و اَضْرٍ۔ ایک قسم کا درخت۔
الضَّرِيُّ۔ ایک قسم کی نبیذ۔
الضَّوَارِي۔ جمع ضَارٍ ـــــ مِنَ الْحَيَوَانَاتِ۔ درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔
ضَرِيَ يَضْرِي ضَرْيًا۔ العِرْقُ بِالدَّمِ: رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِيٌّ۔
ضَرَّزَ (س) ضَرْزًا۔ بدخلق ہونا۔
اَضَرَّ عَلَيْهِ: بخل کرنا۔ اَضَرَّهُ: پینا۔
الاَضَرُّ۔ بدخلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اُوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُرٌّ۔
المُضِرُّ۔ بدخلق۔ غضبناک۔
ضَزَلَهُ (ن ض) ضَزْلًا۔ جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔
تَضَازَنَ۔ الْقَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔
الضِّيْزَن۔ قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔
ضَعْفَعَهُ۔ زمین تک ڈھا دینا۔
تَضَعْضَعَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے ڈبلا ہونا ـــــ مَالُهُ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔
الضَّعْضَع والضَّعْضَاع۔ کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔
الضَّعْضَعَة۔ مہ۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔
ضَعْطَهُ (ف) ضَعْطًا۔ ذبح کرنا۔
ضَعَفَ (ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ (ک) ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً۔ کمزور ہونا۔
ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا۔ الْقَوْمَ: زیادہ کرنا ـــــ الشَّيْءَ: دوچند کرنا۔
ضَعَّفَهُ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔
ضَعَّفَ الْحَدِيْثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا ـــــ وتَضَعَّفَهُ واسْتَضْعَفَهُ) ضعیف سمجھنا۔
اَضْعَفَهُ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف۔ قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰه" سے مَسْعُوْد نہ کہ مُسْعَد۔ اَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔
ضَاعَفَهُ۔ دوچند کرنا۔
تَضَاعَفَ۔ دوچند ہونا۔
الضَّعْف والضُّعْف۔ کمزوری۔
ضِعْفُ الشَّيْءِ: دوچند اور یا دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَكَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف اَضْعَافُ الْكِتَابِ: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔ الاَضْعَاف مِنَ الْجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔
الضَّعَف۔ کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔
الضَّعْفَان۔ کمزور۔ ج ضَعَافَى۔
الضَّعُوْف۔ کمزور۔
الضَّعِيْف۔ کمزور۔ ج ضِعَاف و ضُعَفَاء۔ و ضَعَفَة و ضَعْفَى مؤنث ضَعِيْفَة۔ الضَّعِيْفُ مِنَ الْكَلَامِ ورجہ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔
المُضَاعَفَةُ مِنَ الدُّرُوْعِ: ایسی زرہ جس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَعْفَقَة۔ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَعِلَ (س) ضَعَلاً۔ ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔
ضَغَا يَضْغُوْ ضَغْوًا۔ پوشیدہ ہونا۔
اَضَغَّ الْقَوْمُ : سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضَغَّتْ وَاضْطَغَّتِ الْاَرْضُ۔ سبزہ زار ہونا۔
الضَّغِيْغ۔ تروتازگی۔
الضَّغِيْغَة۔ سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مختلط جماعت۔
ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا۔ بھیڑیئے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَّغِيب و الضُّغَاب۔ خرگوش اور بھیڑیئے کی آواز۔
الضَّغْبُوْس۔ لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ ہیلیون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِيْس ؛
ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا۔ الحَدِيْثَ : ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا ـــــ الشَّيْءَ : جمع کرنا۔
اَضْغَثَ۔ الحَالِمُ الرُّؤْيَا : خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَّثَ۔ النَّبَاتَ : سبزی کا مٹھا بنانا۔
اِضْطَغَثَ۔ الحَطَبَ : لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضِّغْث۔ تروخشک گھاس کا مٹھا۔
ـــــ مِنَ الخَبَرِ وَالاَمْرِ : مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاثٌ۔ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ : گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔
كَلَامٌ ضَغْثٌ و ضَغَثٌ۔ ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
التَّضْغِيث۔ بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضَغْطَهُ (ف) ضَغْطًا و اَضْغَطَهُ۔ بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهُ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَةً۔ ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا۔ تنگی کرنا۔
اِنْضَغَطَ۔ مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ۔ عَلَيْه : ناتوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُّغْطَة۔ تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتَ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَّغْطَة۔ قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ الْقَبْرِ۔ فشار قبر۔
الضَّاغِط۔ فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَّاغُوْط۔ کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَّغِيْط۔ کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطَى مؤنث ضَغِيْطَة۔
المَضْغَط۔ پست زمین۔ ج مَضَاغِط۔
ضَغَلَ ضَغِيْلاً۔ پچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔
الضَّغِيل۔ پچھنا لگانے والے کے مُنہ کی آواز۔
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا۔ الشَّيْءَ وبِهٖ : بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهُ ضَغْمَةَ الْاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضَّغَامَة۔ دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَّيْغَم۔ شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَيَاغِم۔
الضَّيْغَمِيُّ۔ شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغَنًا۔ عَلَيْه : کینہ رکھنا ـــــ اِلَيْهِ : مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهُ۔ بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ۔ الْقَوْمُ : ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰى فُلَانٍ ضَغِيْنَتَه" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِّغْنُ۔ کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان۔
الضَّاغِنُ و الضَّغِن۔ کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِن : آڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔
عُوْدٌ ضَغِن : ٹیڑھی لکڑی۔
الضَّغِيْنَة۔ کینہ۔ ج ضَغَائِن۔
ضَغَا يَضْغُوْا ضَغْوًا۔ المُقَامُ : خیانت کرنا ـــــ اِلَيْهِ : عاجزی کرنا ـــــ ضَغْوًا و ضَغَاءً) السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاه اِضْغَاءً ا۔ میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغَى۔ بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضَّغَاء۔ مص۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا۔ الْقَوْمُ عَلَى الْمَاءِ او الطَّعَامِ : بھیڑ کرنا ( ـــــ ضَفًّا) الشَّيْءَ۔ جمع کرنا۔
تَضَافَّ۔ الْقَوْمُ : بھیڑ کرنا۔ کمال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ : بدحال۔
الضَّفَّة۔ جماعت۔
الضَّفَّة و الضِّفَّة۔ دریا کا کنارہ۔
ـــــ مِنَ الْبَحْرِ : سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف۔
الضَّفَف۔ مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَّفَافَة۔ بے عقل۔
عَيْنٌ ضَفُوْفٌ۔ بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف۔ جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهُ (ض) ضَفْدًا۔ طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ الْمَاءُ : پانی کا مینڈکوں والا ہونا
ـــــ الرَّجُلُ : سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِّفْدِع۔ مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِي اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَةٌ۔
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ۔ الحَبْلَ : رسّی بٹنا
ـــــ الشَّعْرَ : بال گوندھنا۔ ضَفَرَ الْبِنَاءَ : عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔
الرَّجُلُ : روڑنے میں کودنا ـــــ الدَّابَّة : جانور کے مُنہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَهٗ۔ عَلَى الاَمْرِ : مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا۔ عَلَى الاَمْرِ : ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَرَ۔ گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَّفْر۔ مص۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُوْرٌ و اَضْفَارٌ۔
الضَّفَار۔ کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر۔
الضَّفِيرَة۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ كِنَانَةٌ ضَفِرَةٌ : بھرا ہوا ترکش۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الضَّفِيْر- گندھے ہوئے بالوں کی رسّی- سمندر کا کنارہ- کجاوہ کا تنگ-

الضَّفِيْرَة- گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی- چوٹی- ج ضَفَائِر- کہا جاتا ہے "كِنَانَةٌ ضَفِيْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش-

ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا- کودنا ـــــ فُلَانًا : دفع کرنا- ہاتھ یا پیر سے مارنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ـــــ البَعِيْرَ : اُونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ دینا-

اِضْطَفَزَه- زبردستی نگلنا-

الضَّفَّاز- چغل خور-

الضَّفِيْزَة- بڑا لقمہ- ج ضَفَائِز-

ضَفْضَفَة- القَوْم : جماعت- قوم-

ضَفَطَهُ (ن) ضَفْطًا- بِالحَبْلِ : رسّی سے باندھنا ـــــ الرَّجُلُ : حاجت پوری کرنا ـــــ بِسَلْحِهٖ : پاخانہ کرنا-

ضَفَطَ (ک) ضَفَاطَةً- ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا- جاہل اور کمزور رائے کا ہونا-

تَضَافَطَ- اللَّحْمُ : گوشت کا گٹھا ہوا ہونا-

الضَّفْطَة- جہالت- کمزوری رائے-

الضَّافِط- فا- مسافر جس کا سفر ذور کا نہ ہو-

الضَّافِطَة- مؤنث ضَافِط- بار برداری کا اُونٹ- کمینہ آدمی- شتربان-

الضَّفَّاط و الضِّفِيْط و الضَّفِيْط- موٹا ڈھیلا- بڑے پیٹ والا- بیوقوف- کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے- شتربان-

الضُّفَّاط- کمینہ آدمی-

الضَّفَنْطَ- موٹا ڈھیلا- بڑے پیٹ والا-

ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا- اِلَيْهِ : کسی کے پاس جاکر بیٹھنا ـــــ بِحَاجَتِهٖ : حاجت پوری کر دینا- بِرِجْلِهٖ : لات مارنا ـــــ مَعَ الضَّعِيْف : ساتھ آنا ـــــ بِهِ الأَرْضَ : زمین پر پٹک دینا ـــــ فُلَانًا : چوتڑ پر لات مارنا ـــــ عَلَيْه : ظلم کرنا-

تَضَافَنَ- القَوْمُ عَلَيْه : مل کر رد کرنا-

الضِّفِن و الضِّفَنَّ- بیوقوف- چھوٹے قد کا موٹا-

ضَفَا يَضْفُوْ ضَفْوًا- الرَّائِشُ : سر پر بال بہت زیادہ ہونا ـــــ الحَوْضُ : حوض کا کناروں سے بہنا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا پورا ہونا- صفت ضَافٍ-

الضَّفَا- جانب- مثنی ضَفَوَان-

ضَفْوَةُ- العَيْشِ : خوش عیشی-

ضَقَّ (ض) ضَقًّا- آواز کرنا-

ضَكَّهٗ (ن) ضَكًّا- بھینچنا ـــــ الأَمْرِ فُلَانًا : تنگ ہونا ـــــ هُ بِالْحُجَّةِ : مغلوب کرنا-

ضَكَزَهٗ (ن) ضَكْزًا- زور سے چبھونا-

الضَّكْل- تھوڑا پانی-

الضَّيْكَل- بڑے ڈیل ڈول کا- ننگا- فقیر- ج ضَيَاكِل و ضَيَاكِلَة-

الأَضْكَل- ننگا-

ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا و ضَلَالَةً- گمراہ ہونا- دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا- صفت ضَالٌّ- ج ضُلَّال و ضَالُّوْن ـــــ الطَّرِيْقَ او عَنْهُ : ہدایت نہ پانا ـــــ الشَّيْءُ عَنْهُ : ضائع ہونا- بیکار جانا- ضَلَّ سَعْيُهٗ : کامیاب نہ ہونا ـــــ الشَّيْءُ : تلف ہونا ـــــ الرَّجُلُ : مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا ـــــ الرَّجُلَ : بھول جانا-

ضَلَّلَهٗ تَضْلِيْلًا و تَضْلَالًا- گمراہ کر دینا- گمراہی کی طرف نسبت کرنا-

اَضَلَّ- الشَّيْءَ : ضائع کرنا- ہلاک کرنا- دفن کرنا- غائب کرنا ـــــ هُ اللّٰه : اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا ـــــ فُلَانٌ فَرَسَهٗ : گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا ـــــ الشَّيْءُ او الرَّجُلُ : گمراہ پانا اور اسی سے ہے "اَنِّي قَوْمَه فَاَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا-

تَضَالَّ- گمراہی کا دعویٰ کرنا-

اِسْتَضَلَّ- گمراہ ہونے کو کہنا-

الضَّلَّ و الضُّلَّ و الضَّلَال و الضَّلَالَة- گمراہی- باطل- ہلاکت- کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلِّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ اَضْلَالٍ او ضِلُّ اَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں-

الضَّلَل- گمراہی- پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے-

الضَّلَّة- اسم مرة- حیرت- خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا-

الضِّلَّة- گمراہی- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُه ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا- "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا- "هُوَ يَتْبَعُ ضِلَّةً" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ يَلُوْمُنِي ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی-

الضُّلَّة- کامل رہنمائی- کہا جاتا ہے "دَلِيْلٌ بِهٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے-

الضَّالَّة- مؤنث ضَالّ- گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو- ج ضَوَالّ-

الضِّلِّيْل- بہت زیادہ گمراہ-

الأُضْلُوْلَة- گمراہی- ج اَضَالِيْل-

المَضَلّ- جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں-

المُضِلّ- فا- سراب-

المَضَلَّة و المَضِلَّة- گمراہی- اَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ : زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "اَرْضُوْنَ مَضَلَّات-"

المُضَلَّل- بہت زیادہ گمراہ- گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو-

ضَلُعَ (ک) ضَلَاعَةً- قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا- صفت ضَلِيْع-

ضَلَعَ (ف) ضَلْعًا- الشَّيْءَ : ٹیڑھا ہو جانا- صفت ضَالِعٌ ـــــ الرَّجُلَ : پسلی پر مارنا ـــــ عَلَيْهِ : ظلم کرنا-

ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضَلْعًا- پیدائشی ٹیڑھا ہونا- صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَأُقِيْمَن ضَلَعَكَ او ضَلْعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا- ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ : جھکنا ـــــ الرَّجُلُ : شکم سیر یا سیراب ہونا-

ضَلَّعَه- جھکانا- ٹیڑھا کرنا- بوجھل کرنا- ضَلَّعَ الثَّوْبَ : کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا-

اَضْلَعَهٗ- جھکانا- بوجھل کرنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حوادث نے بوجھل کردیا۔

تَضَلَّعَ۔ شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔

اِضْطَلَعَ۔ قوی ہونا ـــــ بِحَمْلِهٖ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔

الضَّلْع۔ میلان و ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلْعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔

الضِّلْع والضِّلَع۔ پسلی (مؤنث) اَضْلُع و ضُلُوْع و اَضْلَاع۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ ضِلْعٌ جَائِرَةٌ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلْع والضِّلَع مِنَ الْبِطِّيْخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ وَنَحْوَهٗ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضِّلْع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال، آبرو۔

الضِّلْعَة۔ جانب۔

الضِّلْعَة۔ ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔

الْاَضْلَع۔ مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع۔

الضَّلُوْع۔ زمین کا ڈھلوان۔

الضَّلِيْع۔ مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلُع۔ مؤنث ضَلِيْعَة رَجُل ضَلِيْعُ الْفَمِ: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ وضَلِيْعَةٌ وَمَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

الْمُضْلِع مِنَ الْاَحْمَال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الْاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔

الْمُضَلَّع۔ پہلوؤں والا ـــــ مِنَ الثِّيَاب۔ دھاری دار کپڑا۔

ضَمَّ (ن) ضَمًّا۔ الشَّيْءَ: جمع کرنا ـــــ الشَّيْءَ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا ـــــ عَلَى الشَّيْءِ: قبضہ کرنا ـــــ فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّهٗ اِلٰى صَدْرِهٖ۔ معانقہ کرنا ـــــ الْحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَهٗ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔

ضَامَّهٗ۔ اِلَيْهِ: ملانا۔

اَضَمَّهُ۔ الشَّيْءَ اِلٰى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔

اِنْضَمَّ۔ ملنا ـــــ عَلٰى كَذَا: مشتمل ہونا۔

تَضَمَّمَ۔ الشَّيْءَ: پوری طرح سے شامل ہونا۔

اِضْطَمَّهٗ۔ اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔

الضَّمُّ والضَّمَّةُ۔ پیش کی حرکت۔ الضَّمَّةُ۔ گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔

الضِّمَام۔ ملانے کا ذریعہ۔

الضَّمُوْم۔ دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔

الضَّمِيْم۔ ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَة۔

الْاِضْمَامَة۔ جماعت۔ ج اَضَامِيْم ـــــ مِنَ الْكُتُب: کتابوں کا بنڈل۔

الْمُنْضَمّ۔ عَلٰى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ۔ جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔

ضَمَجَ واَضْمَجَ۔ بِالْاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔

الضَّمْجَة۔ ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔

الضُّمَج۔ آفت جو انسان کو لاحق ہو۔

اِضْمَحَلَّ۔ نیست و نابود ہونا ـــــ السَّحَابُ۔ بادل کا کھل جانا۔

ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ۔ جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔

تَضَمَّخَ وانْضَمَخَ واضْطَمَخَ۔ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔

الضِّمْخَة۔ موٹی عورت یا اونٹنی۔

ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا و ضَمَّدَ۔ الْجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَهٗ بِالْعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاْسَهٗ بِالسَّيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا۔ خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ـــــ عَلَيْهِ: کینہ کرنا۔

اَضْمَدَ۔ الْقَوْمَ: جمع کرنا۔

تَضَمَّدَ۔ الْجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔

الضَّمَد۔ مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضِّمْد۔ دوست۔ ساتھی۔

الضَّمَد۔ ظلم۔ پرا ناحق۔

الضَّامِد۔ فا۔ لازم۔

الضِّمَاد والضِّمَادَة۔ پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ـــــ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰى ضِمَادَةٍ مِنَ الْاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔

ضَمَرَ (ن) وضَمُرَ (ک) ضُمْرًا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِرٌ وضَامِرَةٌ ج ضُمَّرٌ وضَوَامِر۔

اَضْمَرَ الْاَمْرَ: پوشیدہ کرنا ـــــ فِيْ نَفْسِهٖ شَيْئًا۔ اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا ـــــ الْخَبَرَ: تہ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الْاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کردیں۔ جیسے مُتَفَاعِلن کے دوسرے حرف کو ساکن کردیں تو مُتْفَاعِلن ہو کر مُسْتَفْعِلُن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَرَ وضَمَّرَ۔ الْفَرَسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ۔ مل جانا ـــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

الضَّمْر۔ چھریرا۔ دبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضَمْرَةٌ۔ تنگ۔ راز (ـــــ الْمُضْمَر) پوشیدہ۔

الضُّمْر والضُّمُر۔ دبلا پن۔

الضَّمِيْر۔ راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا۔ اَنْتَ۔ هُوَ ج ضَمَائِر۔

الضِّمَار۔ پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو ـــــ مِنَ الدَّيْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الْاِضْمَار۔ مص۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔

الضَّمْرَان والضَّیْمَران۔ایک قسم کی خوشبو دار گھاس۔

المِضْمَار۔گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔میدانِ گھوڑ دوڑ۔

ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا۔چپ رہنا ـــــ اللُّقْمة۔بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا ـــــ عَلٰی مَالِهٖ : بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ۔ ج ضُمُوْزٌ۔

ضَمْسَهٗ (ض) ضَمْسًا۔آہستہ آہستہ چبانا۔

ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً۔دل کو قوی کرنا۔بہادر بنانا ـــــ الاَسَدُ : شیر کا گونجنا ـــــ فُلَانٌ عَلَی المَالِ : کل لے لینا۔

الضَّمْضَم والضُّمَاضِم۔دلیر۔گرانڈیل۔شیر غضبناک۔

ضَمِنَ (س) ضَمَنًا و ضَمَانًا الشَّیْءَ و بِهٖ : کفیل ہونا۔ضامن ہونا ـــــ ہ : جمع کرنا۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانَةً۔الرَّجُلُ : ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔صفت ضَمِن۔

ضَمَّنَ الشَّیْءَ الوِعَاءَ : برتن میں رکھنا ـــــ ہ الشَّیْءَ : ذمہ دار بنا دینا ـــــ الشَّاعِر : شاعر کا تضمین کرنا۔یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔

تَضَمَّنَ۔الشَّیْءَ : مشتمل ہونا ـــــ الشَّیْءَ عَنِّی : اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔

الضَّمَن والضُّمْنَة والضُّمَان والضَّمَانَة۔ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔لنجاپن۔

الضِّمْن۔اندرون شئ۔ضِمْنِ الکِتَابِ : کتاب کا بیچ۔

الضَّمِن۔عاشق۔پرانے مرض والا۔کہا جاتا ہے "هُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَهْلِهٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔

الضَّامِن۔فا۔ضامن۔کفیل۔ذمہ دار۔

الضَّمِیْن۔کفیل۔مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰی۔

الضَّمَان۔مص۔کفالت۔تاوان۔ڈنڈ۔

المَضْمُوْن۔مفع۔جس کی کفالت کی جائے۔

مِنَ الجُمْلَةِ : مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْن۔

المُضَمَّن۔مفع۔تضمین کیا ہوا ـــــ مِنَ الاَصْوَاتِ : غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔

ضَنَّ (س ض) ضَنًّا و ضِنًّا و ضِنَّةً و ضَنَانَةً و مَضَنَّةً و اِضْطَنَّ۔بِالشَّیْءِ : بخل کرنا۔ضَنَّ بِالْمَکَانِ : مکان سے جدا نہ ہونا۔

الضِّنَّ و الضِّنَّة۔جس پر بخل کیا جائے۔خاص۔کہا جاتا ہے "هُوَ ضِنِّیْ و ضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔

الضَّنَن۔بہادر۔

الضَّنِیْن۔بخیل۔کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِیْن" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

الضَّنَائِن۔وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰهِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔

الضَّنَانَةُ۔مص۔بخل کرنا۔کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلَی القَوْمِ وهُمْ بِضَنَائِنِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔

المَضَنَّة والمَضِنَّة۔جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانُّ۔

ضَنَأَ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا۔چھپنا ـــــ فِی الاَرْضِ : جانا ـــــ المَال : کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ (س) ضَنْأً و اَضْنَاتٍ) الحُرَّاةُ : بہت اولاد والی ہونا۔صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ۔ج ضَوَانِئُ۔

اِضْطَنَأَلَهٗ و مِنْهُ : شرمانا اور منقبض ہونا۔

الضَّنْءُ۔اصل۔معدن۔کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ۔

الضَّنْءُ و الضِّئْءُ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)

الضَّنَاءَة و الضَّأْنَاة۔ضرورت۔

ضَنَبَ (ن) ضَنْبًا بِهِ الاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا۔ضَنَبَ بِالشَّیْءِ : قبضہ کرنا۔

ضَنِطَ (س) ضَنَطًا۔الشَّحْمُ : موٹا اور ٹھوس ہونا۔

اِنْضَنَطَ۔القَوْمُ : بھیڑ کرنا۔

الضَّنْطَ۔تنگی۔

الضَّنَط۔چربی۔نشاط۔ڈینگ۔

الضِّنَاط۔کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔

ضَنُكَ (ک) ضَنَاكَةً۔سُست رائے۔ضعیف العقل۔کمزور بدن والا۔صفت ضَنِیْكٌ ج ضُنْكٌ ( ـــــ ضَنَاكَةً و ضَنْكًا و ضُنُوْكَةً) تنگ ہونا۔

ضُنِكَ ضَنْكًا۔زکام زدہ ہونا۔

اَضْنَكَهُ اللّٰه : زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْک۔تنگ۔مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے مَكَانٌ ضَنْكٌ و عِیْشَةٌ ضَنْكٌ۔"

الضِّنَاک۔مضبوط جسم والا۔مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاكٌ و اِمْرَاَةٌ ضِنَاكٌ" بردار رخت۔

الضُّنَاک و الضُّنْكَة۔زکام۔

الضَّنَاكَة۔مص۔تنگ زندگی۔

الضَّنِیْک۔تنگ زندگی۔صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔کٹی ہوئی چیز۔

ضَنِیَ (س) ضَنًی (وادی) مرض کی وجہ سے کمزور و لاغر ہونا۔صفت ضَنِیٌّ و ضَنٍ۔کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ ضَنًی و ضَنِیًّا" ضَنًّی بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنِی کی جمع اَضْنَاءٌ۔

ضَانَی مُضَانَاةَ الشَّیْءَ او الاَمْرَ : مشقت برداشت کرنا۔

اَضْنٰی اِضْنَاءً۔المَرَضُ فُلَانًا : بیماری کا سُست کر دینا ـــــ الرَّجُلُ : بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔

تَضَنّٰی۔بتکلف بیمار ہونا۔بننا۔

اِنْضَنٰی۔سُست ہو جانا۔

الضَّنٰی۔بیماری۔لاغری۔بدحالی۔

الضِّنو و الضِّنْو و الضِّئْی۔اولاد۔کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"لَهُ ضِئْنٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔
الضِّئْنُ۔ مخملی بکریاں۔
ضَئِنَتْ تَضْئَنُ و ضَئِيَتْ تَضْئَى ضَئًى و ضَنَاءً المَرْأَةُ : کثیر اولاد ہونا۔ ضَئِنَ نَصِيْبُ فُلَانٍ : حصہ کا بڑھنا۔
ضَهَبَ (ف) ضَهْبًا بِالنَّارِ : آگ سے متغیر کرنا۔
ضَهَبَ (ف) ضُهُوْبًا۔ کمزور ہونا۔
ضَهَّبَ اللَّحْمَ : گوشت کو بریاں کرنا ـــــ القَوْسَ : نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ : زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً۔ برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضَهْبَلٌ۔ القَوْمِ : مخلوط لوگ۔
الضَّيْهَب۔ پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَهَنَهُ (ن) ضَهْنًا۔ سخت رونا۔
ضَهَدَهُ (ف) ضَهْدًا۔
اَضْهَدَهُ و اَضْهَدَ بِهِ و اِضْطَهَدَهُ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
الضَّهْدَة۔ غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهِدَ لِكُلِّ اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
الضَّهِيْدُ۔ سخت مضبوط۔
الضَّهْر و الضَّاهِر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔
الضَّهْرُ۔ کچوا۔
ضَهَرَهُ و ضَهَسَهُ (ف) ضَهْرًا و ضَهْسًا۔ سخت رونا ـــــ الدَّابَّةُ : جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَهَلَ (ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا۔ اللَّبَنُ : تھوڑا تھوڑا جمع ہونا ـــــ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا : تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْل ج ضُهُل ضَهِلَهُ۔ حَقَّهُ۔ حق کم کرنا ( ـــــ و تَضَهَّلَ ) اِلَى فُلَانٍ : کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
اَضْهَلَ۔ النَّخْلُ : کھجوریں پکنے لگنا ـــــ اِلَى فُلَانٍ مَالًا : مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔
اِسْتَضْهَلَ۔ الخَبَرَ : حسب امکان خبر طلب کرنا۔
الضَّهْل۔ مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
الضَّاهِلَة۔ مِنَ العُيُوْنِ : تھوڑے پانی کا چشمہ۔
الضَّهْوَاء : بے پستان عورت۔
الضَّهْوَة۔ جوہڑ۔ ج اَضْهَاء۔
ضَهِيَتْ تَضْهَى ضَهًى۔ المَرْأَةُ : عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاء ج ضُهٍ۔ ضَهِيَتِ الاَرْضُ : زمین میں کچھ نہ اگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔
ضَاهَى مُضَاهَاةً۔ الرَّجُلَ : مشابہ ہونا۔
الضَّهِيُّ۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "هو ضَهِيُّكَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ يَضُوْءُ ضَوْءًا و ضُوْءًا و ضِيَاءً القَمَرُ وغَيْرُهُ : روشن ہونا۔ چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِئَةً۔ البَيْتَ : روشن کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ : پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَةً۔ البَيْتُ : روشن ہونا۔ البَيْتُ : روشن کرنا۔
تَضَوَّأَ۔ تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّأَهُ : کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِسْتَضَاءَ بِهِ : روشن ہونا ـــــ مِنْ فُلَانٍ : مشورہ کرنا۔
الضَّوْء و الضُّوْء۔ روشنی۔ ج اَضْوَاء۔
الضِّيَاء و الضِّوَاء۔ روشنی۔
الضَّوِيُّ و المُضِيُّ۔ روشن۔ روشن کرنے والا۔
ضَاجَ يَضُوْجُ ضَوْجًا۔ عَنْ كَذَا : اعراض کرنا۔ پھر جانا ـــــ و اِنْضَاجَ ) الوَادِيْ : کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِي : وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔
اِنْضَوَجَ فِيْ ضَوْجِ الوَادِيْ : وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
الضَّوْج۔ وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاج۔
الضَّوْجَان۔ سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ۔
ضَوَّجَ۔ اللَّبَنَ : دودھ میں پانی ملانا۔
ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا۔ سخت بھوکا ہونا۔ ضَارَهُ الاَمْرُ : نقصان پہنچنا۔
تَضَوَّرَ۔ درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا ـــــ الذِّئْبُ و نَحْوُهُ : بھوک سے بلبلانا۔
الضَّوْر۔ سخت بھوک۔
الضُّوْر۔ کالی بدلی۔
الضُّوْرَة۔ ذلیل حقیر۔
ضَازَ يَضُوْزُ ضَوْزًا۔ الشَّمْرَةَ : پھل کو چبانا ـــــ هُ حَقَّهُ : کم کر دینا۔
ضَوْضَى ضَوْضَاةٌ و ضِيْضَاءٌ۔ شور مچانا۔
الضَّوْضَى و الضَّوْضَا و الضِّيْضَاء۔ شور و غوغا۔
ضَوَّطَ۔ الاَشْيَاءَ : جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ۔ الشَّيْءُ : جمع ہونا۔
الاَضْوَط۔ ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔
الضَّوِيْطَة۔ بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔
ضَاعَهُ يَضُوْعُهُ ضَوْعًا۔ حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ : مشک کی خوشبو پھیلنا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور کو دُبلا کرنا ـــــ الصَّبِيُّ : رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ۔ المِسْكُ : مشک کی خوشبو بھڑکنا۔
ـــــ الصَّبِيُّ : رونے میں پیچ و تاب کھانا ( ـــــ و اِنْضَاعَ ) الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔
الضُّوَع و الضِّوَع۔ نر اُلو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔
الضُّوَاع۔ نر اُلو کی آواز۔
رَجُلٌ مَضُوْعٌ۔ خوفزدہ۔
ضَافَ يَضُوْفُ ضَوْفًا۔ عَنِ الشَّيْءِ : الگ ہونا۔
ضَانَ يَضُوْنُ ضَوْنَةً۔ زیادہ اولاد ہونا۔
الضَّوْنَة۔ مہ۔ چھوٹی بچی۔
الضَّيْوَن۔ بلا۔ ج ضَيَاوِن۔
الضَّوَّة۔ شور۔ لڑائی کا شور۔
ضَوِيَ يَضْوِيْ ضَوًى۔ خلقتاً یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔
ضَوِيَ يَضْوِيْ ضَيًّا و ضُوِيًّا۔ اِلَيْهِ : ملنا۔ پناہ لینا ـــــ الرَّجُلَ : رات کو آنا۔ ضَوَاهُ اِلَيْهِ : مائل کرنا۔
اَضْوَى۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا ـــــ الرَّجُلُ :

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کمزور کرنا ـــــ ہ حَقَّهٗ : کم کرنا ـــــ الْاَمْرَ : کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ الْمَرْاَةُ : کمزور بچہ جننا۔ اَضْوَاهُ اِلَيْهِ : اپنی طرف مائل کرنا۔ اِنْضَوٰى اِنْضِوَاءً۔ اِلَيْهِ : شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِي۔ فا۔ رات کو آنے والا۔

الضَّاوِيَ۔ کمزور دُبلا۔ خلقتاً یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِيَةٌ۔

ضَاجَ يَضِيجُ ضَيْجًا و ضُيُوْجًا و ضَيْجَانًا عَنْهُ و اِلَيْهِ : جھکنا۔ مائل ہونا۔ ضاجت عِظَامُهٗ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا مائل جانا۔

ضَاحَتْ تَضِيحُ ضَيْحًا۔ الْبِلَادُ : خالی ہونا۔

ضَاحَ و ضَيَّحَ۔ اللَّبَنَ : پانی ملانا۔ ضَيَّحَ فُلَانًا : پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَيَّحَ اللَّبَنُ : پانی میں دودھ ملنا ـــــ الرَّجُلُ : پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّيْح۔ شہد۔

الضَّيْحُ و الضَّيَاح۔ پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔

الضَّيْحَة۔ پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَازَهٗ يَضِيزُهٗ ضَيْزًا۔ الْاَمْرَ : نقصان دینا۔ ضَازَهٗ يَضِيزُهٗ ضَيْزًا۔ ظلم کرنا۔ ضَازَهٗ حَقَّهٗ : کم کرنا۔

الضَّيْز۔ ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَةٌ ضِيزَىٰ۔ ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ يَضِيطُ ضَيْطًا و ضَيَطَانًا۔ فِيْ مَشْيِهٖ۔ موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور موٹھوں کو حرکت دینا۔ صفت ضَيْطَان و ضَيَّاط۔

ضَاعَ يَضِيعُ ضَيْعًا وضِيعًا وضَيْعَةً وضَيَاعًا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُيَّعٌ و ضِيَاعٌ۔

اَضَاعَهٗ۔ ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ : بہت جائیداد والا ہونا۔

تَضَيَّعَ۔ الْمِسْكُ : مشک کا بھڑکنا۔ مشک کو خوشبو کا پھیلانا۔

الضَّيَاع۔ مہ۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَيَاعًا و ضِيعًا و ضَيْعًا" یعنی مرگیا اور کسی کو اس کی پروانہ ہوئی۔

الضَّيْعَة۔ جائیداد۔ زمین میر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُيَيْعَةٌ ہے اور جمع ضِيَع و ضِيَاع و ضُيَيْعَات۔ الضَّيْعَة : پیشہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَتْ ضَيْعَةُ الْعَرَبِ سِيَاسَةَ الْاِبِلِ" عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

الْمِضْيَاع۔ بہت ضائع کرنے والا۔

الْمَضْيَعَة و الْمَضِيعَة۔ موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بَلْدَكُمْ مَضْيَعَةُ الْعِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ يَضِيفُ ضَيْفًا اِلَيْهِ : مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا ـــــ السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ : تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا ـــــ الرَّجُلُ : خوف کرنا ـــــ مِنْهُ : پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَهٗ يَضِيفُهٗ ضَيْفًا و ضِيَافَةً۔ مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الْهَمُّ فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَيَّفَهٗ۔ مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَيَّفَهٗ اِلَيْهِ : جھکانا۔ ضَيَّفَ الرَّجُلُ : مائل ہونا۔ ہٹ جانا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا۔

اَضَافَ الرَّجُلُ : دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا ـــــ الشَّيْءَ اِلَى الشَّيْءِ : جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا ـــــ الرَّجُلُ : پناہ دینا۔ مجبور کرنا ـــــ مِنْهُ : چوکنا رہنا ـــــ عَلَيْهِ : جھانکنا ـــــ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ : مہمان اُتارنا ـــــ الْكَلِمَةَ اِلَى الْكَلِمَةِ : ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَيَّفَهٗ۔ مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔

تَضَيُّف الرَّجُلُ : مائل ہونا ـــــ الشَّمْسُ : ـــــ غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَيْهِ : ملنا۔

تَضَايَفَ الْوَادِي : تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَهٗ۔ ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِهٖ : فریاد کرنا ـــــ مِنْ فُلَانٍ اِلَى فُلَانٍ : پناہ لینا۔

الضَّيْف۔ مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَيْف و ضَيْفَةٌ ج اَضْيَاف و ضُيُوف و ضِيَاف و ضَيْفَان و اَضَائِف۔

الضَّيْفُن۔ طفیلی۔

الضِّيف۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ ضِيفِ فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّيَافَة۔ مہمانی کا کھانا۔

الْمُضَافُ فِي الْحَرْبِ : جو جنگ میں گھر گیا ہو، جو قوم کے ساتھ چپکا رہا گیا ہو۔

الْمَضِيف و الْمَضِيفَة۔ مہمانی کی جگہ۔

الْمِضْيَاف۔ بہت مہمانوں والا میزبان۔

الْمَضِيفَة و الْمُضِيفَة۔ حزن۔ غم۔

مَضَائِف۔ الْوَادِي : وادی کے پہلو۔

ضَاقَ يَضِيقُ ضِيقًا و ضَيْقًا۔ تنگ ہونا۔ صفت ضَيِّق و ضَائِق و ضَيْق ـــــ الرَّجُلُ : بخل کرنا۔

ضَيَّقَهٗ تَضْيِيقًا۔ تنگ کرنا۔ ضُيِّقَ عَلَيْهِ : سختی کیا جانا۔

اَضَاقَ اِضَاقَةً۔ تنگ کرنا۔ اَضَاقَ الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔

تَضَيَّقَ و تَضَايَقَ۔ تنگ ہونا۔ و تَضَايَقَ الْاَمْرُ بِهٖ او عَلَيْهِ : تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَايَقَ الْقَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔

ضَايَقَهٗ مُضَايَقَةً۔ سختی کرنا۔

الضَّيْق و الضِّيق۔ سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔

الضَّيْق و الضِّيق۔ شک۔

الضِّيقَة و الضَّيْقَة۔ بدحالی۔ محتاجی۔ ج ضِيَق و ضَيْق۔

الضَّائِق۔ فا۔ تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ صَدْرُهٗ بِكَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضَائِقَةٌ جیسے سَائِد کی جمع سَادَة۔

الْاَضْيَق۔ بہت تنگ۔ مؤنث ضِيقَى و ضُوقَى۔

الْمَضِيق۔ تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضَايِق۔

ضَامَهٗ يَضِيمُهٗ ضَيْمًا۔ ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔

ضَامَهٗ و اِسْتَضَامَهٗ۔ حَقَّهٗ : کم کرلینا۔

الضَّيْم۔ ظلم۔ ج ضُيُوم۔

ضِيم۔ الْجَبَلِ : پہاڑ کا کنارہ۔

الضَّامَة۔ حاجت۔ ضرورت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ط

طَأْطَأَ۔ الرَّاس وغیرہ : پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأْطَأَ رَاسَهٗ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا ـــــ فَرَسَهٗ : گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأْطَأَتِ الْمَرْاَةُ سِتْرَهَا : عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأْطَأَ يَدَهٗ بِالْعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا ـــــ الْحُفْرَةَ : گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ : کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأْطَأَ فِيْ قَتْلِ الْقَوْمِ : قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔

تَطَأْطَأَ۔ پست ہونا۔

الطَّأْطَأَة۔ پست زمین۔ چھوٹا اونٹ۔

الطَّاة۔ کیچڑ۔

طَبَّهٗ (ن ض) طَبًّا۔ علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ : جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ اَحَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کرو اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے ـــــ خَرَزَ الْقِرْبَةَ مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰى وَجْهِهٖ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا كُنْتَ طَبِيْبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ" اور طَبَبْتَ "یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ۔ الرَّجُلُ : جادو کیا جانا۔

طَبَّبَهٗ۔ علاج کرنا۔ طَبَّبَ الْخَيَّاطُ الثَّوْبَ۔ درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لیے جوڑ لگانا۔

الْقِرْبَةَ : مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً۔ الْاَمْرَ : مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذَا الْاَمْرَ مُنْذُ حِيْنٍ كَيْ اَبْلُغَهٗ" یعنی میں ایک مدت سے اس امر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کر لوں۔

تَطَبَّبَ۔ الرَّجُلُ : طبیب بننا ـــــ لِفُلَانٍ : علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّهٗ۔ دوا تجویز کرانا۔

الطَّبُّ۔ طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبُّ بِهٰذَا الْاَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِّبُّ۔ ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّهُ الْمَجُوْنُ" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَّبُّ۔ والطِّبُّ والطُّبُّ۔ جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِّبَاب۔ جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اِطِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطَّبَّة۔ مؤنث۔ طَبٌّ۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ تِلْكَ الطَّبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطِّبَّة ج طَبَب الطِّبَابَة ج طِبَابٌ۔ زمین' کپڑے' کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ والطِّبَابَة مِنَ الْخَرَزِ : مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَّبِيْب۔ فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج اَطِبَّه۔ اَطِبَّاء۔ مؤنث طَبِيْبَة۔

الْمَطْبُوْب۔ سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا۔ الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا۔ صفت اَطْبَج ـــــ عَلٰى زَاْسِهٖ وَعَلٰى كُلِّ اَجْوَفَ : سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ۔ فِي الْكَلَامِ : مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ (ف ن) طَبْخًا و طَبَّخَ۔ اللَّحْمَ : گوشت پکانا۔ طَبَّخَ الصَّبِيُّ : بچہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ۔ پکنا۔

اِطَّبَخَ۔ الرَّجُلُ : اپنے لیے پکانا ـــــ اللَّحْمَ : گوشت پکانا۔

الطَّبْخ و الطِّبْخ۔ جو کچھ پکایا جائے۔

الطُّبَاخَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِّبَاخَة۔ باورچی گیری۔

الطَّبَّاخ۔ پکانے والا۔ اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق انگیٹھی پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَّبِيْخ۔ پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَة۔

الطَّابِخ۔ پکانے والا۔ سخت بخار۔

الطَّابِخَة۔ مؤنث طَابِخٌ۔ دوپہر۔

الطَّبَاخ و الطُّبَاخ۔ مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْ كَلَامِهٖ طُبَاخٌ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔

الْاَطْبَخ۔ بہت زیادہ بیوقوف۔

الْمَطْبَخ۔ باورچی خانہ۔ ج مَطَابِخ۔

الْمِطْبَخ۔ پکانے کا اوزار۔ ج مَطَابِخ۔

الْمُطَبَّخ و الْمُطْبَخ۔ باورچی خانہ۔

طَبَرَ (ن) طَبْرًا۔ اُچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔

الطَّبَر و الطَّبَرْزِيْن۔ کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

الطَّبَّار۔ انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طَبَّارَةٌ۔

الطَّبَرِی۔ طبرستان کی طرف منسوب۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



طَبْزًا(ن)طَبْزًا۔ بھر دینا۔
الطِبْز۔ پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دو کوہان کا اُونٹ۔
طَبَسَهٗ۔ گارے سے لیپنا۔
الطَبْس۔ ہر ایک کالی چیز۔
الطِبْس۔ بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبْطَبٌ۔ بہت پانی والا سمندر۔
الطَبْطَبُ۔ لوگ۔
الطَبْطَبَةُ۔ استعمال عوام میں بچّوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَه ہے۔
طَبْطَبَ طَبْطَبَةً: المَاءُ: او السَيْلُ: پانی یا سیلاب کا آواز کرنا ـــــ الوَادِي: وادی کا بہنا۔ المَاءَ: پانی کو حرکت دینا۔
الطَبْطَابَة۔ گیند کا بلا۔
الطَبْطِبِيَّة۔ کوڑا۔
طَبَعَ(ف)طَبْعًا۔ الشَيْءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا ـــــ عَلَيْهِ: مہر لگانا ـــــ الدِرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔ السَيْفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا ـــــ اللّٰهُ الخَلْقَ: پیدا کرنا ـــــ الدَلْوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰهُ عَلَى قَلْبِهٖ" یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کے دل پر مہر کردی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔
طَبِعَ(س)طَبَعًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا ـــــ السَيْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طَبِعٌ و اَطْبَعُ۔
طُبِعَ۔ عَلَى الجَهْلِ: پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ۔ الإِنَاءَ: بھر دینا ـــــ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَابَّةَ" یعنی سدھالیا۔ فصیح لفظ اس کے لیے "رَاضَهَا" ہے۔
تَطَبَّعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا ـــــ بِطِبَاعِ اَبِيْهِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا ـــــ النَهْرُ بِالمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطَبْع۔ پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْهُ عَلَى طَبْعِ هٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طِبَاع۔
الطِبْع۔ پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مٹکیرہ۔ نہر ج طُبُوْع و طِبَاع ( ـــــ والطَبْع) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اَطْبَاع۔

الطَبْع۔ کینہ۔ سَيْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَابَع والطِبَاع۔ خلقی عادت۔
الطَابَع والطَابَع۔ مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طَوَابِع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ عَلَيْهِ طَابَعُ الفَصَاحَةِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
الطَبَّاع۔ طَابِع اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطِبَاعَة۔ تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔ دَارُ الطِبَاعَةِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔
الطَبِيْعَة۔ خلقی و جبلی عادت۔ ج طَبَائِع۔
الطَبَائِعُ الأَرْبَع: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطَبِيْعِي۔ جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علمِ طبیعات کا ماہر ہو اور علمِ طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطُبْعَان۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طُبْعَانُ الأَمِيْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
المَطْبَعَة والمَطْبَع۔ چھاپنے کی جگہ۔ ج مَطَابِع۔
المِطْبَعَة۔ چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مَطَابِع۔
المَطْبُوْع۔ مفعہ۔ چھپا ہوا۔ پسندیدہ ـــــ مِنَ الشُعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ(س)طَبَقًا و طَبَقَايَدُه: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طَبَقَ يَفْعَلُ الشَيْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طَبَّقَ الشَيْءُ: عام ہونا ـــــ السَحَابُ الجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا ـــــ المَاءُ وَجْهَ الأَرْضِ: ڈھانپ لینا۔ السَيْفُ المَفْصَلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُطَبِّقُ المَفْصَلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَّقَ الحَاكِمُ فِي حُكْمِهٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا ـــــ الفَرَسُ فِي عَدْوِهٖ: دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طَابَقَهٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَةً: موافقت کرنا۔ طَابَقَ بَيْنَ الشَيْئَيْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا ـــــ بَيْنَ قَمِيْصَيْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا ـــــهٗ عَلَى الأَمْرِ: برابری کرنا ـــــ الرَجُلُ عَلَى العَمَلِ: حاوی ہونا ـــــ بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا ـــــ المَقَيَّدَ۔ قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ـــــ الفَرَسُ فِي جَرْيِهٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔
اَطْبَقَ الشَيْءَ: ڈھانپنا ـــــ اللَيْلُ: تاریک ہونا ـــــ الشُجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا ـــــ الرِحَى ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْبِقْ شَفَتَيْكَ" یعنی چپ رہ۔ اَطْبَقَ الرَاكِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کرلینا۔ اَطْبَقُوْا۔ عَلَى الأَمْرِ: اجماع کرلینا۔ اَطْبَقَتِ الحُمّٰى: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْبَقَ فُلَانًا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔
تَطَابَقَ۔ القَوْمُ: اتفاق کرلینا۔
تَطَبَّقَ وانْطَبَقَ۔ الشَيْءُ: بند ہونا۔
الطِبْق۔ مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبْقُ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصّہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِبْقُ مِنَ النَاسِ: جماعت۔
الطَبَق۔ مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج اَطْبَاق
الطَبَق: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی ـــــ مِنَ اللَيْلِ والنَهَارِ: دن رات کا بڑا حصّہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ طَبَقًا مِنَ النَهَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصّے میں اقامت کی ـــــ مِنَ المَطَرِ: عام بارش۔ کہا جاتا ہے مَطَرٌ طَبَقٌ و دِيْمَةٌ طَبَقٌ حال۔ کہا جاتا ہے "الدَهْرُ اَطْبَاق" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى طَبَقٌ بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جَاءَهٗ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "اَطْبَاقُ الرَاسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ۔ مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ اُمُّ طَبَقٍ: مصیبت۔
الطِبْقَة۔ جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصّہ۔ ج طِبَق و طِبَق۔
الطَبَقَة۔ مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "ان كُتُبَه اِلَيَّ طَبَقَةٌ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طَبَقَات۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الطَبَق- بند-
الطَبِیْق- رات کا ایک حصہ- ج طُبُق ( ـــــ والطِبَاق) مطابق- کہا جاتا ہے "هٰذَا طَبِیْقُ ذَاكَ او طِبَاقُه" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے- طِبَاقُ الاَرْضِ : زمین کی سطح-
الطَابِق و الطَابَق- کڑاہی- آدھی بکری- ج طَوَابِق و طَوَابِیْق-
الطَابِق و الطَابَق و الطَابَاق- شیشہ- بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)
المُطْبِق- زمین کے نیچے قید خانہ- الحُنُوْنُ
المُطْبِق :لگاتار جنون- سَنَةٌ مُطْبِقَةٌ : سخت قحط-
المُطْبِقَات : مصیبتیں- الحُرُوْفُ المُطْبِقَة : ص ض ط ظ-
المُطَبِّق- صاب الرائے- سَحَابَةٌ مُطَبِّقَةٌ : تمام زمین پر برسنے والا بادل-
طَبَلَ (ن) طَبْلاً و طَبَّلَ- ڈھول بجانا- عوام کہتے ہیں- طَبَّلَ فِیْ المَشْیِ : یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بَلَطَ) ہے-
الطَبْل- ڈھول- ج طُبُوْل و اَطْبَال-
الطَبَّال- ڈھول بجانے والا-
الطِبَالَة- ڈھول بجانے کا پیشہ-
الطَبْلَة- ڈھولک-
الطَبْلِیَّة- خراج کے روپے- ج طَبْلِیَّات-
الطُوْبَالَة- مادہ بھیڑ- ج طُوْبَالَات-
طَبَنَ (ض) طَبْنًا- النَارَ : آگ کو دبا دینا-
طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِن (س) طَبَنًا و طَبَانَةً و طَبَانِیَةً و طُبُوْنَةً- الشَیْءَ و لِلشَیْءِ- سمجھ دار ہونا- صفت طَبِنٌ و طَابِنٌ-
طَابَنَهٗ- موافق ہونا- طَابَنَ الحَفِیْرَةَ : گہرا کرنا-
اِطْبَأَنَّ اِطْبِئْنَانًا- بِالمَكَانِ : مطمئن ہونا-
الطَبْنُ و الطَبَن- بڑی جماعت- کہا جاتا ہے "اَیُّ الطَبْنِ هُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے-
الطُبْن- طنبور یا بربط-
الطَبْن- گھر- کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے-
الطَبْن و الطِبْن و الطُبْن و الطُبَن- مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے- اعرابیوں کا ایک کھیل-
الطِبْنَة- سمجھ- ج طِبَن-

الطُبْنَة- طنبور کی آواز- ایک کھیل-
الطَابُوْن- گڑھا جس میں حفاظت کے لیے آگ کو دبا دیا جائے-
الطُبْنُجَة- تمنچہ- ج طَبَنْجَات-
طَبَاهُ یَطْبُوْهُ طَبْیًا و اِطْبَاهُ اِطْبَاءً- پکارنا- بلانا-
طَبَاهُ یَطْبِیْهِ طَبْیًا- کھینچنا ـــــ ه عَنْهُ- باز رکھنا ـــــ ه اِلَیْهِ- بلانا-
طَبِیَت تَطْبَیُ طَبًی- النَاقَةُ : ڈھیلے تھنوں والی ہونا-
اَطْبَاهُ اِطْبَاءً- بلانا-
الطِبْی و الطُبْی : تھن گدھی گھوڑی اونٹنی اور مادہ درندوں کا- ج اَطْبَاء-
الطَبْوَاء و الطَبِیَّة- مِنَ النُوْقِ : ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی-
طَشَّ (س) طَشًّا- الشَیْءَ : پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا-
الطَشُّ- بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں-
المِطَشَّة- بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی-
طَثَرَ (ن) طَثْرًا و طُثُوْرًا و طَثَّرَ- اللَبَنُ : دودھ کا بالائی والا ہونا- صفت طَاثِر-
الطَثْرَة- کیچڑ- کائی- بالائی- غلیظ پانی- وسعت عیش- بھیڑ کا اون-
اَطْثَرَ الشَیْءَ : زیادہ کرنا-
طَجَنَ (ن) طَجْنًا و طَجَّنَ- الشَیْءَ : بھوننا-
الطَاجِن و الطَیْجَن- کڑاہی- ج طَیَاجِن و طَوَاجِن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
المُطَجَّن- بھنا ہوا-
طَحَرَتْ (ف) طَحْرًا- العَیْنُ قَذَاهَا : خس و خاشاک کو دور کرنا- نکال پھینکنا- صفت طَحُوْرَةٌ
الرِیْحُ السَحَابَ : ہوا کا بادل کو اڑا دینا-
طَحَرَ (ض) طَحْرًا و طَحِیْرًا و طُحَارًا- آہ کرنا-
الطَحْرَو و الطَحَر- متفرق پتلے پتلے بادل-
الطَحْرَة و الطِحْرِیَة- بادل کا ٹکڑا-
الطَحُوْر- جلدی کرنے والا-
الطَحُوْر و المِطْحَر- مِنَ القِسِیِّ : دور پھینکنے والی کمان-

الطُحَار- سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ آہ کرنے لگے-
الطُحْرُوْر- بدلی- ج طَحَارِیْر- الطَحَارِیْر : بادل کے ٹکڑے-
طَحْرَبَ- تیز دوڑنا ـــــ القِرْبَة : مشک بھرنا ـــــ گوز کرنا-
الطِحْرِب- کوڑا کرکٹ-
الطَحْرَبَة- مُثَلَّثَةً : بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا-
طَحْطَحَهٗ- توڑنا- طَحْطَحَ القَوْمُ بِالقَوْمِ : متفرق کر دینا- ہلاک کرنا ـــــ مَالَهٗ : بکھیرنا-
طَحْطَحَ الرَجُلُ : ہلکی ہنسی ہنسنا-
تَطَحْطَحَ- ٹوٹنا- متفرق ہونا- ہلاک ہونا- بکھرنا-
طَحَلَهٗ (ف) طَحْلاً- تلی پر مارنا- طَحَلَ الاِنَاءَ- برتن بھرنا-
طَحِلَ (س) طَحْلاً و طَحَلاً- تلی کا بڑھنا ـــــ المَاءُ : پانی کا بدبودار ہونا-
طُحِلَ طَحْلاً- تلی کی بیماری ہونا- صفت مَطْحُوْلٌ-
الطِحَال- تلی- ج اَطْحِلَة و طُحُل و طِحَالَاتٌ-
الطُحَال- مرض جو تلی کو لاحق ہو-
الطَحْلَة- خاکستری رنگ-
الاَطْحَل- خاکستری رنگ والا- مؤنث طَحْلَاء ج طُحْلٌ-
الطَحِل- بڑی تلی والا- غضبناک- بھرا ہوا- کیچڑ والا پانی-
الطُحْل- عِنْدَ العَامَّةِ : باریک تنکے اور فصیح لفظ حَشَا ہے-
طَحْلَبَ- المَاءُ : کائی والا ہونا- صفت مُطَحْلِب- مُطَحْلَب ـــــ الاَرْضُ : سرسبز ہونا- الرَجُلُ : قتل کرنا-
الطِحْلِب و الطُحْلُب و الطُحْلَب- کائی- ایک ٹکڑا کائی کا-
طَحْلَبَة- کہا جاتا ہے "مَا عَلَیْهِ طَحْلَبَةٌ" یعنی اس کے اوپر بال نہیں-
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً- عَلَیْهِ : کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کی تحریف ہو۔
الطُّحْمَةُ۔ مُثَلَّثَةً۔ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ مِنَ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔ مِنَ اللَّيْلِ: بہت تاریکی (ـــــ والطَّحْمَاء) ایک قسم کی سبزی۔
الطُّحْمَة۔ سخت جنگجو۔ بہت اونٹ۔
الطَّحُوْم۔ تیز ہانکنے والا۔
المَطْحُوْمُ۔ بھرا ہوا۔
طَحَنَ (ف) طَحْنًا و طَحَّنَ۔ البُرَّ: گیہوں پیسنا ـــــ المُنِيَّةُ القَوْمَ: ہلاک کرنا۔
طَحَنَتِ الأَفْعَى۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔ صفت مِطْحَان۔
تَطَحَّنَ۔ پیسنا۔
الطِّحْن و الطَّحِيْن۔ پسا ہوا آٹا۔
الطَّاحِنَة۔ مؤنث طَاحِن۔ ڈاڑھ۔ ج طَوَاحِن۔
الطَّحَّان۔ پیسنے والا۔ آٹے کا بیچنے والا۔
الطِّحَانَة۔ پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُوْن و الطَّاحُوْنَة۔ چکی پیسنے کا مکان۔ ج طَوَاحِيْن۔
الطَّحُوْن و الطَّحَّانَة۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔ بہت اونٹ۔
المِطْحَنَة۔ چکی۔ ج مَطَاحِن۔
المَطْحَنَة۔ پیسنے کا مکان۔ ج مَطَاحِن۔
طَحَا يَطْحُوْ طَحْوًا۔ بعید ہونا۔ ہلاک ہونا۔ الشَّيَ: دفع کرنا ـــــ بالكُرَةِ: پھینکنا ـــــ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا يَطْحَا طَحْوًا۔ الشَّيُ: پھیلانا۔ دراز کرنا۔ الشَّيُ: پھیلنا۔ دراز ہونا ـــــ القَمَرُ: روشن ہونا ـــــ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "طَحَابِهِ هِمَّتُهُ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔ پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحْمُهُ: موٹا ہونا۔
الطَّحَا۔ چوڑی زمین۔
الطَّاحِي۔ بلند۔ پھیلنے والا۔ بڑی جماعت۔
مَظَلَّةٌ طَاحِيَةٌ و مُطْحُوَّةٌ و مَطْحِيَّةٌ۔ بڑا سائبان۔
بَقْلَةٌ مُطْحِيَةٌ۔ زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحِيَ يَطْحَى طَحْيًا۔ پہلو پر لیٹنا۔

الطَّحِيَة۔ بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ (ن) طَخًّا۔ الشَّيَ: پھینکنا اور دور کرنا۔ (طُخُوْخًا) بد خلق ہونا۔
المِطَخَّة۔ ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَتْ (س) طَخَشًا۔ العَيْنُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخْطَخَ۔ الشَّيَ: برابر کرنا۔ ایک کو دوسرے سے ملانا ـــــ اللَّيْلَ: تاریک کرنا۔
تَطَخْطَخَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا ـــــ السَّحَابُ: بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخْطَاخ۔ گھرا ہوا بادل۔ بد خلق۔
الطَّخَاطِخ۔ تاریکی۔
طَخِمَ۔ (ف) طَخْمًا و طَخَمَ (ک) طَخَامَةً۔ تکبر کرنا۔
اِطْخَمَّ۔ اللَّحْمُ: خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا۔
الطَّخْمَة۔ بکریوں کا گلہ۔
الطُّخْمَة۔ ناک کے اگلے حصے کی سیاہی۔
الأَطْخَم۔ جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصہ (ـــــ والطَّخِيْم) خشک گوشت۔
طَخَا يَطْخُوْ اطْخَوْا و طُخُوًّا۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
الطَّخَاء۔ بلند بادل۔ دل کی گھبراہٹ۔
الطَّخِيَة و الطِّخْيَة و الطُّخْيَة۔ تاریکی۔ بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطَّخْيَة: بیوقوف ج طَخَايَا۔
الطخواء و الطخياء۔ مِنَ اللَّيَالِي: تاریک راتیں۔
الطَّاخِيَة۔ سخت تاریکی۔
طَرَّ (ن) طَرًّا۔ المَاشِيَة: جانوروں کو زور سے ہانکنا ـــــ الإِبِلَ: اونٹوں کو اطراف سے گھیرنا ـــــ الشَّيَ: کاٹنا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔ الإِبِلُ الحِبَالَ: اونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔ طَرَّ القَوْمَ: کسی قوم پر گزرنا ـــــ السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ البُنْيَانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا۔ الحَوْضَ: حوض کو لیپنا ـــــ المَالَ: مال چھیننا اور اسی سے ہے "طَرَّ عَقْلُهُ" فُلَانًا: طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔
طَرَّ (ن ض) طَرًّا و طُرُوْرًا۔ الشَّارِبُ او النَّبَاتُ: مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔ طَرَّتِ الثُّجُوْمُ: ستاروں کا روشن ہونا ـــــ يَدُهُ: زخم کی وجہ سے گر جانا۔ الرَّجُلُ مِنَ السَّطْحِ: گرنا۔
أَطَرَّهُ۔ گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ أَطَرَّهُ عَلَى الأَمْرِ۔ برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطِّرَّ۔ کنارہ ج أَطْرَارٌ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْمِيْ أَطْرَارَ البِلَادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جَاؤُا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطِّرَّة۔ کمر۔
الطُّرَّة۔ پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر و طِرَار و أَطْرَار اور اس لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغْرَاء ہے۔
غُلَامٌ طَارٌّ و طَرِيْرٌ۔ جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔ سِنَانٌ طَرِيْرٌ: تیز نیزہ۔
المُطِرّ۔ فا۔ غَضَبٌ مُطِرٌّ: بے موقع غضب۔
الطِّرِّيَان۔ تشتری۔ طباق۔
المُطَرَّة۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُطَرَّةٌ حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ (ف) طَرْأً و طُرُوْأً۔ عَلَيْهِم: دور سے اور اچانک آ جانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَى هَمِّيْ لَا أُطِيْقُهُ" میرے اوپر ایسا غم آ پڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ (ک) طَرَاءَةً و طَرَاءً: النَّبَاتُ۔ تر و تازہ ہونا۔ صفت طَرِيٌّ۔
أَطْرَأَهُ۔ حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِي۔ فا۔ اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج طُرَاءٌ۔
الطَّارِئَة۔ مؤنث طَارِي۔ مصیبت۔ ج طَوَارِي و طَارِئَات۔ اور طَارِيَةٌ کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطِّرْآن۔ راستہ۔ امرِ منکر۔ غیر پسندیدہ بات۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کہا جاتا ہے "حَمَّامٌ طُرَحَانِی" یعنی وہ کیوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "کَلَامٌ طُرَحَانِی" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔

طُرَاۃٌ۔السَّیْلِ۔سیلاب کا زور۔

طَرِبَ (س) طَرَبًا۔خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ۔

طَرَّبَ۔گانا ـــــ فِیْ صَوْتِہٖ: سُر نکالنا ـــــ عَنِ الطَّرِیْقِ: ہٹ جانا۔طَرَّبَہ و اَطْرَبَہ و تَطْرِیْبَۃ۔خوشی پر برانگیختہ کرنا۔

اِسْتَطْرَبَ۔بہت خوش ہونا ـــــ فُلَانًا۔ خوش ہونے کو کہنا ـــــ الْاِبِلَ: حُدِی سے حرکت میں لانا۔

الطَّرُوْب و المِطْرَاب و المِطْرَابَۃ۔بہت زیادہ خوش۔

المَطْرَب و المَطْرَبَۃ۔تنگ راستہ۔ج مَطَارِب۔المَطَارِب: متفرق راستے۔

الطِّرْبَال۔ہر بلند عمارت۔دور سے نظر آنے والا جھنڈا۔بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِیْل۔ طَرَابِیْل الشَّام: مُلک شام کے گرجے۔

الطِّرْبِیْل۔گانے کی مشین۔ج طَرَابِیْل۔

طَرَحَ (ف) طَرْحًا۔الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ: پھینک دینا ـــــ عَنْہُ: ڈال دینا اور دور کر دینا۔کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوٰی بِفُلَانٍ کُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَیْہِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الْاُنْثٰی: حمل گرانا۔ طَرَحَ الْحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا ـــــ عَلَیْہِ الْمَسْاَلَۃَ: مسالہ پیش کرنا۔

طَرِحَ (س) طَرَحًا۔بدخلق ہونا۔خوش عیش ہونا۔

طَرَّحَ۔طرح کا مبالغہ۔طَرَّحَ بِہِ السَّفَرُ اِلٰی نَاحِیَۃِ کَذَا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الْاُنْثٰی: حمل گروانا ـــــ الْبِنَاءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔

طَارَحَہٗ مُطَارَحَۃً۔الْکَلَامَ او الشِّعْرَ و الْغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔

اِطَّرَحَہ۔پھینک دینا۔دور کر دینا۔

تَطَارَحَ۔القَوْمُ الْکَلَامَ او الْغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔

الطِّرْح۔ڈالا ہوا۔پھینکا ہوا۔حمل ناتمام۔

الطَّرْح و الطَّرُوْح و الطَّرَاح۔مکان بعید۔

الطَّرُوْح: لمبی شاخوں والا درخت خرما ج طُرُوْحٌ۔

الطَّرْحَۃ۔چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔

الطَّرِیْح۔ڈالا ہوا' پھینکا ہوا ج طَرْحٰی۔

الطَّرِح۔ڈالا ہوا' پھینکا ہوا۔

الْاُطْرُوْحَۃ۔سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔

المَطْرَح۔ڈالنے کی جگہ۔بچھانے کی جگہ۔ج مَطَارِح۔ کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَکَ ھٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔

طَرْفٌ مِطْرَحٌ۔دور بین نگاہ۔رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔

المُطَرَّح مفہ قَوْلٌ مُطَرَّحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

الطَّرْخَان و الطُّرْخَان۔رئیس۔ج طَرَاخِنَۃ۔

الطَّرْخُوْن۔ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔

الطِّرِّیْخ۔ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

اِطْرَخَمَّ۔اللَّیْلُ: تاریک ہونا ـــــ الرَّجُلُ: نگاہ کمزور ہونا۔

طَرَدَہٗ(ن) طَرْدًا و طَرَدًا۔دور کرنا۔علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا ـــــ ہ مِنْ بِلَادِہٖ: جلاوطن کرنا۔طَرَدَ الْاِبِلَ: اِدھر اُدھر سے جمع کر کے ہانکنا۔

طَرَدَ (س) طَرْدًا۔شکار کا پیچھا کرنا۔

طَرَّدَ السُّوْطَ: اُٹھانا۔ طَرَّدَہٗ عَنِ الْبَلَدِ۔ جلا وطن کرنا۔

طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَۃً۔ الْاَقْرَانُ: ایک کا دوسرے کے اُوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔

اَطْرَدَہٗ۔جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔جلاوطن کرنا۔

تَطَارَدَ۔القَوْمُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔

اِنْطَرَدَ۔جلاوطن ہونا۔

اِطَّرَدَ۔دُور ہونا ـــــ الْاَمْرُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا ـــــ الْاَنْھَارُ: جاری ہونا ـــــ القَوْمُ اِلَی الْمَسِیْرِ: پے در پے چلنا۔

اِسْتَطْرَدَلَہٗ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَیْہِ الْاَمْرُ: پہنچنا۔

الطَّرْد۔کھجور کے پودے۔ج طُرُوْد۔

الطَّرْد۔پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔

الطَّرَّاد۔طَارَدَ کا مبالغہ۔تیز رفتار جنگی جہاز' کشادہ مکان۔لسبادن۔

الطَّرِیْد۔دھتکارا ہوا۔بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے ـــــ مِنَ الْاَیَّامِ لمبا دن۔

الطَّرِیْدَان۔رات دن۔

الطَّرِیْدَۃ۔بھگایا ہوا شکار' ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اُونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لیے بھیگا ہوا چیتھڑا ج طَرَائِد۔

الطِّرَاد۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَمْشِیْ مَشْیًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔

المِطْرَد۔چھوٹا نیزہ۔ج مَطَارِدُ۔

یَوْمٌ مُطَرَّد۔لسبادن۔

حُکْمٌ مُطَّرِدٌ۔عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَۃٌ مُطَّرِدَۃٌ"

المَطْرَدَۃ و المِطْرَدَۃ۔وسط راستہ۔شاہراہ

المَطْرَدَۃ: دھتکارنے کا سبب۔

طَرِزَ (س) طَرْزًا۔بدخلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا ـــــ فِی الْمَلْبَسِ: لباس فاخرہ استعمال کرنا۔

طَرَزَہٗ(ن) طَرْزًا۔گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَرَّزَ۔الثَّوْبَ: بیل بوٹے بنانا۔

تَطَرَّزَ۔الثَّوْبُ: بیل بوٹے والا ہونا۔ فِی لُبْسِہٖ: لباس فاخرہ پہننا۔

الطَّرْز۔ہیئت۔طریقہ۔ترتیب۔

الطِّرَاز۔کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"هٰذَا عَلٰى طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں۔ ج طُرُز۔

الطِرَازَة۔ تیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔

الطَّرَّاز و المُطَرِّز۔ تیل بوٹے بنانے والا۔

طَرَسَ (ض) طَرْسًا۔ الشَّيْءَ: مٹانا ـــــ الكِتَابَ: لکھنا۔

طَرَّسَ۔ الكِتَابَ: اچھی طرح مٹانا ـــــ البَابَ: دروازہ کالا کرنا ـــــ الكَاتِبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَه: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔

تَطَرَّسَ فِي المَآكِلِ: عمدہ کھانے کھانا ـــــ عَنِ الشَّيْءِ: پرہیز کرنا۔

الطِرْس۔ صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج اَطْرَاس و طُرُوْس۔

طَرِشَ (س) طَرَشًا۔ بہرا ہونا۔ صفت اَطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش۔

تَطَارَشَ۔ بتکلف بہرا بننا۔

الطَرَش و الطُرْشَة۔ بہرا پن۔

الأُطْرُش و الأُطْرُوْش۔ بہرا۔

طَرْشَمَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔

طَرِطَ (س) طَرْطًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِطٌ۔ ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت

طَارِطٌ۔ الحَاجِبَيْنِ و طَرِطُهُمَا و اَطْرَطُهُمَا و اَطْرَطُ۔ مؤنث طَرْطَاء۔ اِمْرَاَةٌ طَرْطَاءُ العَيْنَيْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔

طَرْطَرَ۔ شَجَّى بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔

طُرْطُوْر۔ لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرْطُوْر اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُوْرَة بھی کہتے ہیں۔

طَرَفَهُ (ض) طَرْفًا۔ طمانچہ مارنا۔ طَرَفَه عَنْهُ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهُ أَوْ بِعَيْنِهِ: جھپکانا۔ عَيْنَهُ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَةٌ۔ طَرَفَتْ عَيْنُه: نظر پھرانا ـــــ فُلَانٌ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَتْ مِنْهُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا سب مر گئے یا قتل کئے گئے۔

طَرُفَ (ک) طَرَافَةً: نیا مال ہونا۔

طَرَّفَهُ۔ ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔

طَرَّفَ الخَيْلَ: گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَه: پورے کو مہندی سے رنگنا ـــــ الشَّيْءَ: پسند کرنا۔

اَطْرَفَ۔ نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ كَذَا بِكَذَا: لاحق کرنا ـــــ ه الشَّيْءَ: تحفہ دینا۔

تَطَرَّفَ۔ ایک کنارہ میں ہونا ـــــ الشَّيْءُ: کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ـــــ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــــ الشَّيْءَ: اطراف سے لینا۔ پسند کرنا ـــــ عَلَيْهِمْ: غارت ڈالنا۔

اِطْرَفَ۔ الشَّيْءَ: نئی چیز خریدنا۔

اِسْتَطْرَفَهُ: نیا سمجھنا ـــــ الشَّيْءَ: نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔

الطَرْف۔ آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ ج۔ اَطْرَاف۔ الطَرْف: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِيٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔

الطِرْف۔ نجیب الطرفین۔ ج اَطْرَاف۔ اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْفٌ و اَطْرَافٌ مؤنث طِرْفَةٌ۔ نیا مال۔ مِنَ النَبَاتِ: جو ابھی اپنے خلاف شگوفہ میں ہی ہو ـــــ مِنَ النَاسِ: جو بوجہ ملال طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِي نَسَبِهِ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَاَةٌ طِرْفُ الحَدِيْثِ: خوش کلام عورت۔

الطَرَف۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اَطْرَاف ج اَطَارِيْف۔ اَطْرَافُ البَدَنِ: دونوں ہاتھ' دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَاسِ: اردلی قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانی شرفاء۔ اَطْرَافُ الرَجُلِ: اقرباء۔

الطَرِف۔ غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔

الطَرْفَة۔ خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔

الطُرْفَة۔ ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَف۔

الطَرْفَاء۔ جھاؤ کا درخت۔

الطَارِف۔ فا۔ نیا مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَالِدُ: پرانا مال۔

الطَارِفَة۔ مؤنث طَارِفٌ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَيْنٍ" یعنی اتنا مال کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِف

الطَوَارِف: آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرَاهُ الطَوَارِفُ طَوَارِفُ الْجِبَاءِ": خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لیے اٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ القَرَائِح: طبیعت کے لطائف و ظرائف۔

الطَرِيْف۔ نادر میوہ ـــــ مِنَ المَال: نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَلِيْد: پرانا مال۔ الطَرِيْف: نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرَف و طُرَاف۔

الطَرِيْفَة۔ طَرِيْف کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَرَائِفُ۔ کہا جاتا ہے "طَرَائِفُ الْحَدِيْثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَ كَ طَرِيْفَةُ خَبَرٍ تَطْرُفَنَا بِهٖ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔

الأُطْرُوْفَة۔ نئی عمدہ نادر بات۔

الطِرَاف۔ چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُرُف۔ شرافت و بزرگی۔

المُطْرِف۔ مِنَ المَال: نیا مال حاصل کرنے والا۔

المِطْرَف و المُطْرَف۔ نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مَطَارِف۔

طَرْفَسَ۔ نظر تحیر کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا ـــــ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا ـــــ المَوْرِدُ گھاٹ کا گدلا ہونا ـــــ المَاءَ: پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔

الطِرْفِسَان۔ تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔

الطِرْفِسَاء۔ تاریک۔

طَرْقَهُ (ن) طَرْقًا۔ ہتھوڑا مارنا ـــــ النَجَّارُ الصُوْفَ: اُون دھننا ـــــ الشَّيْءَ: بجانا ـــــ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا ـــــ الإِبِلُ المَاءَ: اُونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الرَجُلُ: جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا ـــــ طَرْقًا و طُرُوْقًا) القَوْمُ: رات کے وقت آنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



طَرِقَ (س) طَرَقًا۔ گدلا پانی پینا (ــــ طَرَقًا) البَعِیْر : اُونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی پنڈلی میں کجی ہونا۔ صفت اَطْرَق۔ مؤنث طَرْقَاء ج طُرْق۔

طَرَّقَ لَهٗ : راستہ بنانا ــــ المَوْضِعَ : راستہ اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا المَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔ "طَرَّقَ طَرِیْقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا ــــ الحَدِیْدَ : لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔ طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا : بچے کو مشکل سے جننا۔ القَطَاةُ : انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّی" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔

طَارَقَ۔ بَیْنَ الثَّوْبَیْنِ : اُوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ او الغَمَامُ : تاریکی یا بادل کا پے در پے آنا۔

اَطْرَقَ۔ خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْرَقَ رَاسَهٗ" یعنی سر جھکایا ــــ اِلَی اللَّهْوِ : مائل ہونا ــــ الصَّیْدَ : جال لگانا اَطْرَقَتِ الاِبِل : ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَّجُلُ : پیدل چلنا۔ نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ۔ اِلَیْهِ : چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔ اِلَی الاَمْرِ : راستہ تلاش کرنا۔

اِطَّرَقَتِ۔ الاِبِلُ : بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔ متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ اِطَّرَقَ جَنَاحُ الطَّیْرِ : پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا ــــ التُّرَابُ : مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَّیْءُ : پے در پے ہونا۔ تَطَارَقَتِ الاِبِلُ : بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَطْرَقَ۔ الشَّیْءَ : راستہ بنانا ــــ بَیْنَ الصُّفُوْفِ : صفوں کے درمیان چلنا ــــ ہ : کنکری پھینکنے کو کہنا۔

الطَّرْق و الطُّرْق و الطَّرْقَةُ۔ مرتبہ۔ دفعہ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ طَرْقَیْنِ" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا۔

الطَّرْق و الطِّرْق۔ پھندا۔ جال ج اَطْرَاق۔

الطَّرْقَة۔ پھندا۔ جال۔ ج طُرَق۔

الطَّرَق۔ مشک کی سلوٹ۔ ج اَطْرَاق۔

پانی جمع ہونے کے مواضع۔ اُونٹوں کے پیر کے نشانات۔ اَطْرَاقُ البَطْنِ : پیٹ کی سلوٹ۔

الطِّرْقَة۔ طَرَق کا اسم نوع۔ طریقہ۔ ج طِرَق۔

الطَّرْقَةُ۔ راستہ۔ طریقہ۔ عادت۔ لالچ۔ تہ بتہ پتھر ج طُرَق۔

الطِّرَاق۔ جوتے کا چمڑا۔ لوہا کہ جس کو چوڑا کر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔ جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھیں۔ ج طُرُق۔

الطَّرِیق۔ راستہ (مذکر و مؤنث) ج طُرُق اَطْرُق و اَطْرِقَة و اَطْرِقَاء و ج طُرُقَات۔

الطَّرِیْقَة۔ عادت۔ حالت۔ مذہب دھاری۔ کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔ لمبا کھجور کا درخت۔ خیمے کا ستون۔ سائبان کا ستون۔ قوم کا شریف اور افضل۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَرِیْقَةُ قَوْمِهٖ وهُمْ طَرِیْقَةُ قَوْمِهِمْ۔ یا وَهُمْ طَرَائِقُ قَوْمِهِمْ ج طَرَائِق۔ ثَوْبٌ طَرَائِقُ پرانا کپڑا اَطَرَائِقُ الدَّهْرِ : حوادثِ دہر۔

الطَّارِق۔ فا۔ رات کو آنے والا۔ ج طُرَّاق و اَطْرَاق۔ صبح کا ستارہ۔

الطَّارِقَة۔ طارق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قبیلہ مرد۔ چھوٹا تخت۔ ج طَوَارِق و طَارِقَات۔

الطِّرْبِق۔ مؤنث طِرِّیْقَة۔ المِطْرَاق۔ ج مَطَارِیْق۔ بہت سر جھکانے والا۔

المِطْرَق و المِطْرَقَة۔ روئی' اون دھننے کا ڈنڈا۔ ہتھوڑا۔ ج مَطَارِق۔

المَطْرُوْق۔ مفہ۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی ہو۔ مَاءٌ مَطْرُوْقٌ : وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی و پیشاب کریں۔

المِطْرَاق۔ نظیر ج مَطَارِیق۔ المَطَارِیْق : پیدل چلنے والے لوگ۔ اُونٹوں کی قطار۔

طَرِمَ (س) طَرْمًا۔ بَیْتُ النَّحْلِ : شہد سے بھرنا ــــ طَرَمًا) العَسَلُ : چھتے سے شہد بہنا۔

اَطْرَمَتْ۔ اَسْنَانُهٗ : دانتوں پر میل جمنا۔ اَطْرَمَ فُوْهُ : منہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔

تَطَرَّمَ فِی الکَلَامِ : کلام کرنے میں رُک جانا۔

الطَّرْم و الطِّرْم و الطِّرْیَم۔ شہد۔ الطِّرِیْمَ تہ بتہ بادل۔ رَجُلٌ طِرْیَم : مردود رازق۔

الطَّرْمَة۔ جگر۔

الطَّرْمَة و الطِّرْمَة و الطُّرْمَة۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الطُّرَامَة۔ دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا۔ منہ کے اوپر خشک تھوک۔

الطَّرِیم۔ غُصّہ۔

الطُّرْمُوْث۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

طَرْمَحَ۔ البِنَاءَ : لمبی بنانا۔

الطِّرْمَاح و الطِّرِمَّاح و الطُّرْمُوْح۔ لمبا۔ الطِّرِمَّاح : مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بیں۔

طَرْمَذَ۔ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت طِرْمَاذ و طِرْمِذَان۔

طَرْمَسَ۔ گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ جاننا۔ بھاگنا ــــ الوَجْهَ : ترش رو ہونا ــــ الکَاتِبُ الکِتَابَةَ : مٹانا ( ــــ و اَطْرَمَّسَ) اللَّیْلُ : تاریک ہونا۔

الطِّرْمَاس و الطِّرْمِس و الطِّرْمِسَاءُ۔ سخت تاریکی۔

الطُّرْمُوْس و الطُّرْمُوْسَة۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

الطُّرْمُوْق۔ چمگادڑ۔

طَرْوَیَطْرُو و طَرِیَ یَطْرَیْ طَرَاوَةً و طَرَاءَةً و طَرَاوَةً و طَرَاءَةً۔ العُضْوُ او اللَّحْمُ : ٹھنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طَرِیٌّ۔

طَرَایَطْرُو طُرُوًّا۔ عَلَیْهِمْ : دُور سے آنا۔

طَرَّی۔ الشَّیْءَ : تر و تازہ کرنا ــــ الطِّیْبَ : خوشبوؤں کو مخلوط کرنا ــــ الطَّعَامَ : کھانے میں مسالہ ملانا۔

اَطْرَیَ اِطْرَاءً فُلَانًا : تعریف میں مبالغہ کرنا۔

اِطْرَوْرَی۔ تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔

الطَّرَا۔ جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔ لاتعداد و مخلوق۔

الطَّرِیّ۔ نرم تازہ۔

الاِطْرِیَة۔ سویاں۔

الاُطْرُوَانُ مِنَ الشَّبَابِ : ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔

طَرِیَ (س) طَرْیًا۔ اِلَیْهِ : متوجہ ہونا۔

طَرَزَهٗ (ن) طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



طَسَّهٗ (ن) طَسًّا۔ غالب آنا اور خاموش کرنا
ـــــہ فِی الْمَاءِ : غوطہ دینا۔ طَسَّ الْقَوْمَ : سیر میں دُور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ طَسَّ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
طَسَّسَ۔ جانا ـــــ فِی الْبِلَادِ : سفر کرنا۔
الطَّسُّ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سِلْقِی۔ ج اَطْسَاس و طُسُوْس و طَسِیْس۔
الطِّسَّۃ و الطَّسَّۃ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سِلْقِی۔ ج طَسَّات و طِسَّات و طِسَسٌ و طِسَاس۔
الطَّسَّاس۔ برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔
الطِّسَاسَۃ۔ برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔
طَسَأَ (ف) طَسْأً و طَسِیَ (س) طَسْأً تخمہ ہونا۔ صفت طَاسِیٌ طَسِیٌّ۔ طَسَاَمِنْہُ : شرم کرنا۔
اَطْسَأَہٗ۔ بدہضمی کرنا۔
الطُّسْأَۃ۔ تخمہ۔ ہیضہ۔
الطَّسْت۔ ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طُسُوْت۔
طَسَعَ (ف) طَسْعًا فِی الْبِلَادِ : جانا۔
طَسِعَ (س) طَسَعًا۔ بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ و طَسِیْع۔
طَسَمَ (ن) طَسْمًا۔ الشَّیْءَ : مٹانا۔
طَسَمَ (ض) طَسْمًا۔ مٹنا۔
طَسِمَ (س) طَسَمًا۔ ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔
الطَّسَم۔ تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔
طَسَمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَاب : تھوڑے سے بادل۔
الطَّسَام و الطُّسَام و الطَّسَّام۔ مِنَ الْغُبَار : بہت زیادہ غبار۔
طشت (ن ض) طَشًّا و اَطْشَتِ السَّمَاءُ : پھوہار برسانا۔
طُشَّ۔ الرَّجُلُ : زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔
الطُّشَاش و الطُّشَّۃ۔ زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔
الطَّشَاش۔ کمزوری نگاہ۔
الطِّشَّۃ۔ چھوٹا بچہ۔

طَعِمَ (ش) طَعْمًا و طُعْمًا۔ الشَّیْءَ : چکھنا
ـــــ عَلَیْہِ : قادر ہونا۔
طَعِمَ (س) طَعْمًا و طَعَامًا الطَّعَامَ : کھانا (
ـــــ طَعْمًا) الْغُصْنُ : ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔
طَعَمَ (ف) طَعْمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَطْعَمُ اَکِلُ ھٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔
طَعَّمَ الْغُصْنَ : ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں نیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَّمَ الْعَظْمُ" گودے دار ہونا۔
اَطْعَمَ۔ الْغُصْنَ : پیوند لگانا ـــــہٗ : کھانا کھلانا۔ خوراک دینا ـــــ الشَّجَرُ : پھل دینا' پھل پکنا ـــــ الشَّیْءُ : مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔
طَاعَمَ و تَطَاعَمَ۔ الْحَمَامَ : مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَہٗ : ساتھ کھانا۔
تَطَعَّمَ۔ الشَّیْءَ : چکھنا۔
اِطَّعَمَ۔ مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَۃُ : پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "ھُوَ لَا یَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کردے۔
اِسْتَطْعَمَ۔ مزہ پانا ـــــہ : کھانا مانگنا ـــــ الطَّعَامَ : مزہ معلوم کرنے کے لیے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمَہ الْحَدِیْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لیے کہا۔
الطَّعْم۔ مزہ ج طُعُوم۔ کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْطَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔
الطُّعْم۔ کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لیے ڈالے جائیں۔
الطِّعْمَۃ۔ کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔
الطُّعْمَۃ۔ خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَیْعَتِی طُعْمَۃً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لیے عاریت پر دے دی ج

طُعَم۔
الطَّعَام۔ خوراک ج اَطْعِمَۃ ج اَطْعِمات۔ گیہوں۔
الطَّعِم و الطَّاعِم۔ خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِکُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ و طَعِیْم۔ ذبح کرنے کے اُونٹ نہ دُبلے نہ موٹے۔ الطَّعُوْمَۃ : بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔
الطَّعَامِی۔ کھانا بیچنے والا۔
الْمَطْعَم۔ کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم۔
الْمِطْعَم۔ زیادہ کھانے والا۔
الْمُطْعَام۔ مہمان نواز۔
الْمُطْعَم۔ مفعم۔ رزق دیا ہوا۔
الْمُطْعُوْم۔ مفعم۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ نیکہ۔
طَعَنَہٗ (ف ن) طَعْنًا۔ نیزہ مارنا اور چبھونا
ـــــ فِی الْمَفَازَۃِ : جانا ـــــ فِی السِّنِّ : بوڑھا ہونا ـــــ الْفَرَسُ فِی الْعِنَانِ : لگام کھینچ کر تیز چلانا ـــــ طَعْنًا و طَعْنَانًا۔ فِی الرَّجُلِ و عَلَیْہِ) عیب لگانا۔ طَعَنَہٗ : مارنا ـــــ اللَّیْلَ : ساری رات چلنا۔
طُعِنَ۔ الرَّجُلُ : طاعون زدہ ہونا۔
تَطَاعَنَ الْقَوْمُ تَطَاعُنًا و طِعَانًا و اِطَّعَنُوْا۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الطَّعْنَۃ۔ نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان۔ ج طَعْن و طَعَنَات۔
الطَّاعُوْن۔ پلیگ۔ وبا کی موت۔ ج طَوَاعِیْن۔
الطَّعَّان و الْمِطْعَن و الْمِطْعَان۔ بہت نیزہ مارنے والا۔ ج مَطَاعِن و مَطَاعِیْن اور اسی سے ہے "ھُوَ طَعَّانٌ فِی اَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔
الطَّعِیْن۔ نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعُنٌ۔
الطِّعِّیْن۔ جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔
الْمَطْعَنَۃ۔ نیزہ بازی۔
طَغَرَہٗ (ف) طَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الطُّغْرَاء و الطُّغْرَی۔ شاہی فرامین اور سکون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کی علامت۔ ج طُغْراءَات وطُغْرِیات۔
الطُّغْرائِیّ۔ طغرا بنانے والا۔
تَطَغَّمَ عَلَیْہِ: جاہل بننا۔
طُغْمَة۔ جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُغْمَات وطُغَم۔
الطَّغَم۔ سمندر۔ بہت پانی۔
الطَّغَام۔ کمینے لوگ (واحد و جمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَةٌ۔ الطَّغَامَة: بیوقوف۔
الطَّغْوَمَة والطُّغْوِمِیَّة۔ بیوقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا۔
اِلَیْہِ: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِشٌ۔
الطَّغْمَشَة۔ ضعف بصر۔
طَغَا یَطْغُوْ طُغُوًّا و طُغْوَانًا۔ حد سے بڑھ جانا ـــــ البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔
السَّیْلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَی۔ المَوْجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
اَطْغَاہُ و طَغَّاہُ۔ سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْغَاہُ المَالُ ونَحْوُہٗ: سرکش بنا دینا۔
الطَّغْوَة۔ بلند جگہ۔ ج طَغَوَات۔
الطَّغْوَی۔ سرکشی۔
الطَّاغُوْت۔ ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل۔ ج طَوَاغٍ و طَوَاغِیْت۔ الطَّوَاغِیْ و الطَّوَاغِیْت: بت خانے۔
طَغَی و طَغِیَ یَطْغَی طَغْیًا و طُغْیَانًا و طِغْیَانًا بمعنی طَغَا و اوی ـــــ الکَافِرُ: کفر میں غلو کرنا
ـــــ الرَّجُلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا ـــــ المَاءُ: بلند ہونا۔
طَغَّی و اَطْغَی۔ فُلَانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔ سرکش بنانا۔
الطَّغْیَة۔ اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَّاغِی۔ فا۔ ظالم۔ طُغَاة۔ طَاغُوْنَ۔
الطَّاغِیَة۔ مؤنث طَاغِی۔ جبار۔ متکبر۔ سرکش۔ بیوقوف۔ بچلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب اور بسا اوقات عرب رومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ (ن ض) طَفًّا الشَّیْءُ مِنْہُ: قریب ہونا ـــــ الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ ظَفَّہٗ بِرِجْلِہٖ او یَدِہٖ: پیر سے یا ہاتھ سے اُٹھانا۔
طَفَّفَ۔ المِکْیَالَ: کم ناپنا ـــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا ـــــ عَلٰی عِیَالِہٖ: بال بچوں پر بخل کرنا۔ طَفَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــــ بِہٖ مَوْضِعَ کَذَا: قریب کرنا۔
اَطَفَّ عَلَیْہِ: جھانکنا ـــــ الکَیْلَ: بھرنا ـــــ لَہٗ: قریب دینے کا ارادہ کرنا ـــــ عَلَیْہِ: مشتمل ہونا ـــــ عَلَیْہِ بِحَجَرٍ: پھینکنے کے لیے اُٹھانا ـــــ لَہُ السَّیْفَ: تلوار کو جھکانا۔
اِسْتَطَفَّ عَلَیْہِ: جھانکنا۔ اِسْتَطَفَّتِ الحَاجَةُ: حاجت کا پورا ہونا۔
الطَّفُّ۔ بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن۔ مکان۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج طُفُوْف۔ ( ـــــ والطفف والطَّفَاف والطِّفَاف والطُّفَافَة) مِنَ الإِنَاءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ الطَّفَاف والطِّفَاف: رات کی تاریکی۔ طَفَافُ الشَّمْسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا عِنْدَ طَفَافِ الشَّمْسِ" غروب آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔
الطَّفِیْف۔ کم۔ نامکمل۔ حقیر خسیس۔
الطَّافَّة۔ باغ کا گرداگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔
الطَّفُّ والطَّفَّاف۔ مِنَ الخَیْلِ: ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔
اِنَاءٌ طَفَّان۔ لبالب برتن۔
طَفِئَتْ (س) طُفُوْءً ا۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا ـــــ عَیْنُہٗ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
اَطْفَأَ۔ النَّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "اَطْفَأَ الفِتْنَةَ او الحَرْبَ: یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔
اِنْطَفَأَتْ اِنْطِفَاءً ا۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا۔
المُطْفِئ۔ فا۔ مُطْفِئُ الجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَّضْفِ: مصیبت۔ مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔
المِطْفَأَة۔ آگ بجھانے کا آلہ۔ ج مَطَافِئ۔
طَفَحَ (ف) طَفْحًا و طُفُوْحًا الإِنَاءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا ـــــ الإِنَاءَ: بھر دینا (لازم و متعدی) ـــــ السَّکْرَانُ: شراب سے پُر ہونا ـــــ المَرْاَةُ بِالْوَلَدِ: پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "اَطْفَحَ عَتِیٌّ" یعنی جاؤ۔
طَفَّحَ و اَطْفَحَ الإِنَاءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔
اِطْفَحَ۔ القِدْرُ: جھاگ نکالنا۔
الطِّفَاح۔ پُری۔
الطُّفَاحَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔
الطَّفْحَان۔ لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفْحٰی۔
الطَّافِحَة۔ مؤنث طَافِحٌ۔ خشک۔
فَرَسٌ طَفَّاحٌ۔ القَوَائِم: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِطْفَحَة۔ کفگیر۔
طَفَذَ (ض) طَفْذًا۔ المَیِّتَ: دفن کرنا۔
الطَّفْذ و الطَّفَذ۔ قبر۔ ج اَطْفَاذ۔
طَفَرَ (ض) طَفْرًا و طُفُوْرًا۔ کودنا۔ اُونچائی میں کودنا۔
طَفَّرَ۔ اللَّبَنُ: بالائی والا ہونا ( ـــــ واطْفَرَ)
الفَرَسَ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔
الطَّفْرَة۔ اُونچائی کی کودائی ـــــ مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔
طَفِسَ (س) طَفَسًا و طَفَاسَةً۔ گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ۔
طَفَسَ (ن) صُفُوْسًا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔
طَفْطَفَ طَفْطَفَةً۔ دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔
الطَّفْطَفَة و الطِّفْطِفَة۔ کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف۔
الطَّفْطَاف۔ جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تر و تازہ نرم شاخیں۔
طَفِقَ (س) و طَفَقَ (ض) طَفَقًا و طُفُوْقًا۔ یَفْعَلُ کَذَا۔ شروع کرنا۔ طَفِقَ المَوْضِعَ: لازم ہونا۔ طَفِقَ بِمُرَادِہٖ: کامیاب ہونا۔
اَطْفَقَہٗ بِمُرَادِہٖ: کامیاب کرانا۔
طَفُلَ (ک) طُفُوْلَةً و طَفَالَةً۔ نرم و نازپروردہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہونا۔
طَفَلَ (ن) طُفُوْلاً۔ رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْس : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔
طَفِلَ (س) طَفَلاً و طُفِلَ النَبَاتُ : نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔
طَفَّلَ اللَّیْلُ : قریب ہونا۔ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ الرَّجُلُ : طفیلی ہونا ـــــ الکَلَامَ : غور کرنا۔
طَفَّلَهٗ : نرمی برتنا اور یہ طَفَّلَ الرَّاعِیْ الاِبِلَ سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اُونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اُونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔
اَطْفَلَ۔ رات کے وقت داخل ہونا۔
اِطْفَلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا ـــــ الاُنْثٰی : بچہ والی ہونا۔ اَطْفَلَ الْکَلَامَ : سوچنا۔
تَطَفَّلَ۔ بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔
الطَّفْل۔ نرم و نازک۔ ج طِفَال و طُفُوْل مؤنث طَفْلَة۔
الطِفْل۔ ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَسْعٰی لِیْ فِیْ اَطْفَالِ الْحَاجَاتِ" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر وحشی جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة۔ کہا جاتا ہے جَارِیَةٌ طِفْلٌ و طِفْلَةٌ اور طِفْلٌ واحد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے اسلئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِفْل : حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تَطَایَرَتْ اَطْفَالُ النَّارِ" یعنی چنگاری اُڑی۔ رِیْحٌ طِفْلٌ : نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج اَطْفَال۔
الطَّفَل۔ بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الْغَدَاةِ : طلوعِ آفتاب کے کچھ بعد۔ طَفَلُ الْعَشِی : غروبِ آفتاب سے کچھ قبل۔
الطُفَال و الطِفَال۔ خشک گارا۔
الطُفُوْلِیَّة و الطَفَالَة و الطَفُوْلَة۔ بچپنا۔
الطَّفَیْل۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔
الطُّفَیْلِیّ۔ بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طُفَیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔
المُطْفِل۔ بچہ والی (انسان ہو یا جانور) ج مَطَافِل و مَطَافِیْل۔ کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ مُطْفِلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔
طَفَنَ (ن) طَفْنًا۔ مرنا ـــــ ہ : قید کرنا۔
اِطْفَانٌ۔ المَکَانُ : قائل اطمینان ہونا ـــــ الرَّجُلُ : اچھی عادت والا ہونا۔
الطَّفَانِیْن۔ جھوٹ۔ لغو بیہودہ گفتگو۔ قید۔
طَفَا یَطْفُوْ طَفْوًا و طُفُوًّا۔ پانی پر آجانا اور تہ نشین نہ ہونا اور اسی سے ہے "السَّمَکُ الطَافِی" جو مچھلی کہ پانی میں مرجائے اور اُوپر آجائے ـــــ الظَّبْیُ : ہرن کا تیز دوڑنا ـــــ فَوْقَ الفَرَسِ : کود کر گھوڑے پر بیٹھنا ـــــ فِی الاَرْضِ : داخل ہونا ـــــ فُلَانٌ : مرنا۔
الطَّفَاوَة۔ ہانڈی کا جھاگ۔ کہا جاتا ہے "اَصَبْنَا طَفَاوَةً مِنَ الرَّبِیْعِ" یعنی کچھ تھوڑا سا حصہ ملا۔
آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔
الطَفُوَة۔ باریک گھاس۔
الطُفَیَة۔ خبیث قسم کا ایک سانپ ج طُفًی۔
طَقٌ۔ پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔
الطَقْس۔ طریقہ۔ طریقہ دینیہ پر عموماً استعمال ہوتا ہے۔ ج طُقُوْس اور عوام کے نزدیک بمعنی حالت جو اور تغیرات جو اس میں لاحق ہوں۔
طَقْطَقَتْ طَقْطَقَةً۔ الدَوَابُّ : جانوروں کے پاؤں سے آواز نکلنا۔
طَلَّ (ن) طَلًّا۔ الغَرِیْمَ : ٹالنا ـــــ ہ حَقَّهٗ کم کرنا یا باطل کرنا۔ طَلَّتِ السَمَاءُ الاَرْضَ : زمین پر ہلکی بارش ہونا ـــــ ہ بِالدُهْنِ : تیل ملنا۔ طَلَّ الاِبِلَ : اُونٹ کو تیز ہانکنا۔
طَلَّ (س) و طُلَّ طَلًّا و اُطِلَّ الدَمُ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ صفت طَلِیْلٌ و مَطْلُوْلٌ و مُطَلٌّ۔
اَطَلَّ الدَمَ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا الزَمَانُ : قریب ہونا ـــــ عَلَیْهِ : جھانکنا ـــــ عَلٰی حَقِّیْ : غالب آنا۔ کہا جاتا ہے "اَطَلَّ عَلٰی فُلَانٍ بِالاَذٰی" یعنی ہمیشہ تکلیف پہنچائی۔
تَطَلَّ۔ گردن اُٹھا کر دُور کی چیز دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَطَالَلْتُ لَهٗ" میں نے اس کو دیکھنے کے لیے گردن اُٹھائی۔
اِسْتَطَلَّ۔ عَلَیْهِ : جھانکنا ـــــ الفَرَسُ ذَنَبَهٗ وبِذَنَبِهٖ : گھوڑے کا دُم اُٹھانا۔
الطَلّ۔ ہلکی بارش۔ نمی ج طِلَال و طِلَل خوش نما دل پسند۔ بڑی عمر والا۔ سانپ (ـــــ الطَلّ) دودھ و بقول بعض خون۔ اُونٹنی کے دودھ کی قلت۔
الطِلّ۔ سانپ۔
الطَلَّة۔ خوش نما دل پسند۔ لذیذ خوشبو۔ لذیذ شراب۔ بیوی۔ ہلکی بارش کا تر کیا ہوا باغ۔ کھانے پینے کی وسعت۔ بڑھیا عورت۔ بدزبان۔
الطَلَّة۔ ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن ج طِلَل۔
الطَلَّاء۔ بے بدلہ خون۔
الطَلَل۔ بلند جگہ۔ ویران مکانات کے نشانات۔ ہر چیز کا جسم اور اسی سے ہے "اَعْجَبَنِیْ طَلَلُهٗ وَرَاقَنِیْ هَیْکَلُهٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا ج اَطْلَال و طُلُوْل۔ طَلَلُ السَفِیْنَة : کشتی کا پردہ۔ طَلَلُ الْمَاءِ : پانی کی سطح الطَلَلُ مِنَ الدَارِ : چبوترہ۔
الطَلَالَة۔ ہر چیز کا جسم۔ اچھی ہیئت۔ اچھی حالت۔ تروتازگی۔ شادمانی۔ ویران مکان کے نشانات۔
الطَلِیْل۔ پرانی چٹائی۔ ج طِلَّة و اَطِلَّة و طُلُل۔
المُطَلَّل۔ بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔
المَطْلُوْل۔ مفعم ـــــ مِنَ الاَمَاکِنِ : جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
المُطَلِّل۔ کمر۔
طَلَبَ (ن) طَلَبًا۔ الشَّیْءَ : ڈھونڈنا۔ اِلَیْهِ : راغب ہونا۔
طَلَبَ (س) طَلَبًا۔ دُور ہونا۔
تَطَلَّبَ و اِطَّلَبَ۔ الشَّیْءَ : تکلف کے ساتھ اور بار بار ڈھونڈنا۔
طَلَبَ۔ الشَّیْءَ : مہلت سے ڈھونڈنا۔
طَالَبَهٗ طِلَابًا و مُطَالَبَةً۔ اپنا حق مانگنا۔
اَطْلَبَهٗ۔ مانگنے کے لیے مجبور کرنا۔ طلب کردہ چیز کو دینا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَبَهُ الْفَقْر" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کر دیا۔ اَطْلَبَ الْمَاءُ : دُور ہونا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بغیر ڈھونڈے نہ مل سکے۔
الطِّلْبَة۔ اسم ہے مطالبہ کا۔ طلب کی نوعیت (ـــــ والطَّلِبَة) جو چیز طلب کی جائے۔
الطِّلْب۔ جو چیز طلب کی جائے۔ طلب کرنے والا۔ ج اَطْلاَب و طَلِبَة۔
الطَّلْبَة۔ دُور کا سفر۔
الطَّالِب۔ فا۔ شاگرد۔ ج طَلَبَةٌ و طُلاَّبٌ و طَلَبٌ و طُلَّبٌ۔
الطَّلُوب۔ بہت زیادہ طلب کرنے والا۔ بِئْرٌ طَلُوْبٌ: کنواں جس کا پانی دور ہو۔ ج طُلُب۔
الطَّلِیب۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔ ج طُلَبَاء۔
الطَّلاَّب۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔
الطَّلِیبَة مؤنث طَلِیبٌ ج طَلاَئِب۔
المَطْلَب۔ طلب کرنا۔ مقصد۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ ج مَطَالِب۔
المُطْلِب۔ فا۔ مَاءٌ مُطْلِبٌ: دور کا پانی۔
المَطْلُوب۔ مفع۔ جو طلب کیا جائے۔ ج مَطَالِیب۔
طَلَثَ (ن) طُلُوْثًا۔ المَاءُ: پانی بہنا۔ جاری ہونا۔
طَلَّثَ عَلٰی کَذَا: زیادہ ہونا۔
الطُّلْثَة۔ جاہل۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن۔
طَلَحَ (ف) طَلْحًا و طَلاَحَةً البَعِیْرُ: اُونٹ کا تھکنا۔ صفت طَلْحٌ و طِلْحٌ و طَلِیْحٌ۔
طَلَحَ البَعِیْرَ و طَلَّحَهٗ و اَطْلَحَهٗ۔ تھکانا۔
طَلَّحَ عَلٰی فُلاَنٍ: اصرار کرنا۔ طَلَّحَ البَعِیْرُ: تھکنا۔
طَلِحَ (ن) طَلاَحًا۔ فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔
طَلِحَ (س) طَلَحًا و طُلِحَ: پیٹ خالی ہونا۔ صفت طَلِیْحٌ و طَلْحٌ و طِلْحٌ۔ طَلِحَتِ الاِبِلُ طَلَحًا: بول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔
الطَّلْحُ۔ شگوفہ۔ درخت خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلْحَة۔
الطَّلِح۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ طِلْحٌ و نَاقَةٌ طِلْحٌ ج اَطْلاَحٌ و طِلاَحٌ۔
مَکَانٌ طَلِحٌ۔ جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔
الطَّلَح۔ نعمت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ طَلَحٍ" وہ خوش عیش ہے۔
الطَّالِحُ۔ فا۔ بدکار۔ ج طَالِحُوْن و طُلَّحٌ۔ نَاقَةٌ طَالِحٌ و اِبِلٌ طُلَّحٌ: تھکے ہوئے اُونٹ۔
الطِّلاَح۔ کیکر کا درخت۔ اِبِلٌ طِلاَحٌ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اُونٹ۔
الطَّلِیح۔ چیچڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْر طَلِیْحٌ و نَاقَةٌ طَلِیْحَة و طَلِیْحٌ ج طَلاَئِح و طَلْحٰی۔
الطَّلْحِیَّة۔ کاغذ کا ایک ورق ج طَلاَحِیّ۔
المُطَّلِح فِی الْکَلاَم: بہتان گھڑنے والا
ـــــ فِی المَالِ: مال میں ظلم کرنے والا۔
طَلَخَ (ن) طَلْخًا۔ الشَّیْءَ: کالا کرنا ـــــ الکِتَابَة۔ خراب کر دینا ـــــ فُلاَنًا بِالقِذْرِ: لت پت کر دینا۔
اِطْلَخَّ۔ الدَّمْعُ: بہنا۔ بکھرنا۔
الطَّلْخ۔ خراب پانی۔
الطَّلْخَاء بیوقوف عورت۔
اِطْلَخَمَّ۔ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔
اُمُوْرٌ مُطْلَخِمَّات۔ سخت و دشوار اُمور۔
طَلَسَ (ض) طَلْسًا۔ البَصَرُ: نگاہ کا ضائع ہونا (ـــــ و طَلَّسَ) الکِتَابَه: لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔
طَلِسَ (س) طَلَسًا و طَلَسَ (ک) طُلْسَةً۔ خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت اَطْلَس ج طُلْس۔
طُلِسَ بِهٖ فِی السِّجْنِ: قید خانے میں ڈالا جانا۔
تَطَلَّس۔ الکِتَابُ: مٹنا (ـــــ و تَطَیْلَس) الرَّجُلُ: طَیْلَسَان استعمال کرنا۔
اِنْطَلَسَ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔
اِطْلَنْسَی اِطْلِنْسَاءً۔ العَرَقُ: سارے جسم پر پسینہ بہنا۔
الطَّلْس۔ کالی چادر۔
الطِّلْس۔ مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا ج اَطْلاَس۔
الطُّلْسَة۔ خاکستری مائل بہ سیاہی۔ پتلا پتلا بادل ج طُلَس۔
الطَّلاَّسَة۔ چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔
الطَّیْلَس۔ اندھا۔
الطَّیْلَس۔ سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ و علماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے ج طَیَالِس۔
الطَّیْلَسَان۔ بمعنی طَیْلَس ج طَیَالِس و طَیَالِسَة۔
الاَطْلَس۔ بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو۔ پرانا کپڑا۔ میلا۔ چور۔ ریشمی کپڑا۔
طَلْسَمَ عَنِ القِتَال: لڑائی سے پیچھے ہٹنا ـــــ الرَّجُلُ: سر جھکانا اور منہ بگاڑنا ـــــ السَّاحِرُ: جادوگر کا منتر لکھنا۔
الطِّلَسْم۔ جادو کی لکیریں یا تحریر ج طَلاَسِم۔
الطِّلِّسْم۔ بمعنی طِلَسْم ج طِلِّسْمَات۔
الطَّلَش۔ چھری۔
طَلْطَلَهٗ۔ حرکت دینا۔
الطَّلَطِل و الطَّلَطِلَة۔ مصیبت۔
الطَّلاَطِلَة۔ مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوا۔
الطَّلاَطِل۔ موت۔ سخت مرض۔
طَلَعَ (ن) طُلُوْعًا و مِطْلَعًا و مِطْلَعًا الکَوْکَبُ و نَحْوُهٗ: ستارہ وغیرہ کا نکلنا ـــــ عَلَیْهِمْ متوجہ ہونا ـــــ عَنْهُمْ: غائب ہونا اور دور ہونا۔
طَلَعَ (ف ن) و طَلِعَ (س) طُلُوْعًا الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ـــــ عَلَی الاَمْرِ: جاننا ـــــ البِلاَدَ: ملکوں کا قصد کرنا۔
المَکَانَ: پہنچنا ـــــ مِنَ البِلاَدِ: شہروں سے نکلنا (ـــــ و طَلَّعَ) النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا۔ طَلَّعَ الکَیْلَ: پیمانہ کو بھرنا۔
طَالَعَهٗ مُطَالَعَةً و طِلاَعًا۔ زیادتی غور و فکر سے مطلع ہونا ـــــ الکِتَابَ: کتاب پڑھنا ـــــ ه بِالاَمْرِ: پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَالِعْنِی کُلَّ وَقْتٍ بِکُتُبِكَ" یعنی اپنی کتابوں کو ہر وقت میرے سامنے پیش کرو۔
اَطْلَعَ الکَوْکَبُ: ستارہ کا نکلنا ـــــ النَّبَاتُ: نباتات کا اُگنا ـــــ النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا ـــــ الشَّجَرُ: درخت کے پتے نکلنا ـــــ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا ـــــ عَلَی الشَّیْءِ: جھانکنا ـــــ الفَجْرُ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا ـــــ هُ عَلٰی سِرِّهٖ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



واقف کر دینا- اَطْلَعَ اِلَيْهِ مَعْرُوْفًا اچھا سلوک کرنا- اَطْلَعَهٗ طِلْعَ اَمْرِهٖ : حقیقت حال کو ظاہر کر دینا ـــــ الرَّجُلُ : تے کرنا ـــــ الرَّامِي : تیر کا نشانہ کے اوپر سے نکل جانا ـــــ عَلَى فُلَانٍ : اچانک پہنچ جانا-

اِطَّلَعَ الْاَمْرَ و عَلَيْهِ : جاننا ـــــ عَلَيْنَا : اچانک آجانا ـــــ الْفَجْرَ : طلوعِ فجر کو دیکھنا- اِطَّلَعَ طِلْعَ الْعَدُوِّ : دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہونا-

تَطَلَّعَهٗ- جاننا- چہرے کی طرف دیکھنا- الرَّجُلَ : پالینا- غالب آنا- تَطَلَّعَ الْمِكْيَالُ : پیمانہ کا بھر جانا ـــــ الْمَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ : پانی کا برتن کے کناروں سے اُبل پڑنا-

اِسْتَطْلَعَهٗ- ظاہر ہونے کی خواہش کرنا- حقیقت حال دریافت کرنا- "اِسْتَطْلَعَ رَاْيَ فُلَانٍ و اِسْتَطْلَعَهٗ رَاْيَهٗ" کسی کی رائے و تدبیر پر غور کرنا-

الطَّلْع- مقدار- تم کہتے ہو "الْجَيْشُ طَلْعُ اَلْفٍ" یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے ـــــ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا گابھا- شگوفہ-

الطِّلْع- اسم ہے اطلاع کا- کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلْعَ الْعَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقتِ حال کو جان گیا- سانپ-

الطَّلْع و الطِّلْع- بلند مکان جہاں سے جھانکیں- گوشہ-

الطَّلْعَة- دیدار- چہرہ-

اِمْرَاَةٌ طُلَعَةٌ- عورت بہت زیادہ ظاہر ہونے والی- کہا جاتا ہے "نَفْسٌ طُلَعَةٌ" یعنی اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا نفس-

الطِّلَاع مِنَ الْاِنَاءِ : پری ج طُلَعٌ- و طِلَاعُ الشَّيْءِ : مقدار شئی- کہا جاتا ہے "هٰذَا طِلَاعُ هٰذَا" یعنی یہ اس کی مقدار ہے "عَيْنٌ طِلَاعٌ" آنسو سے بھری ہوئی آنکھ- قَدْحٌ طِلَاعٌ : بھرا ہوا پیالہ-

الطَّلَّاع- مبالغہ طالع- کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ الثَّنَايَا و الْاَنْجُد" یعنی وہ بڑے بڑے اُمور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے-

الطَّلَعَاء و الطَّوْلَع- تے-

الطَّلِيْعَة مِنَ الْجَيْشِ : ہراول- مقدمة الجیش جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے احوال و کوائف کی تفتیش کرے- واحد و جمع دونوں میں مستعمل ہے- ج طَلَائِع-

الطَّالِع- فا- پہلی رات کا چاند- فجر کاذب ـــــ عِنْدَ اَصْحَابِ الْفَاْلِ : زائچہ- ستاروں کے طلوع سے جس پر سعد و نحس کا شگون لیا جائے- ج طَوَالِع-

الطَّلُوْع- بمعنی طَالِع-

الْمَطْلَع و الْمَطْلِع- ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ- سیڑھی- چڑھنے کی جگہ ج مَطَالِع- مَطْلَعُ الْاَمْرِ : کسی کام کے حصول کا ذریعہ و طریقہ- مَطْلَعُ الْقَصِيْدَة : قصیدہ کا پہلا شعر-

الْمُطَّلِع- فا- قوی غالب-

الْمُطَّلَع- مفع- آنے کی جگہ- اُونچے سے جھانکنے کی جگہ-

طَلَّفَ عَلَيْهِ : زیادہ کرنا-

اَطْلَفَهٗ كَذَا : ہبہ کرنا- اَطْلَفَ الدَّمَ : خون کو رائیگاں کر دینا-

الطَّلَف- داد و دہش- آسان چیز- زائد چیز ( ـــــ و الطَّلْف) رائیگاں- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ طَلْفًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا-

الطَّلِيْف- ماخوذ- رائیگاں- باطل-

طَلَقَ (ض) طَلْقًا- الشَّيْءَ فُلَانًا : دینا طَلَقَ يَدَهٗ بِخَيْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا-

طَلُقَتْ (ن) طَلَاقًا- الْمَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اس کو چھوڑ دینا- صفت طَالِق ج طُلَّق و طَالِقَة- ج طَوَالِق النَّاقَة : پاؤں باندھنے کی رسّی سے کھل جانا-

طَلِقَ (س) طَلَقًا- بعید ہونا-

طَلَقَ (ک) طُلُوْقًا و طُلُوْقَةً- اللِّسَانُ : فصیح خوش بیان ہونا-

طَلُقَ (ک) طُلُوْقَةً و طَلَاقَةً الرَّجُلُ : ہنس مکھ ہونا-

طُلِقَتِ الْمَرْاَةُ طَلْقًا- درد زہ والی ہونا- صفت مَطْلُوْقَةٌ-

طَلَّقَ قَوْمَهٗ : قوم کو چھوڑ دینا- جدائی اختیار کرنا ـــــ الْمَرْاَةَ زَوْجُهَا : قید نکاح سے علیحدہ کر دینا- النَّخْلَةَ : درخت خرما میں گابھا دینا-

اَطْلَقَ الْمَرْاَةَ و النَّخْلَةَ : بمعنی طَلَّقَ ـــــ الْمَوَاشِيَ : چھوڑ دینا ـــــ الْاَسِيْرَ : قیدی کو آزاد کرنا ـــــ يَدَهٗ بِخَيْرٍ : بھلائی کیلئے ہاتھ کھولنا ـــــ فِيْ كَلَامِهٖ : تعمیم کرنا- مقید نہ کرنا- کہا جاتا ہے "اَطْلَقَ رِجْلَهٗ" یعنی جلدی کی "اَطْلَقَ الدَّوَاءُ بَطْنَهٗ" یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست جاری ہو گیا- "اَطْلَقَ خَيْلَهٗ فِي الْحَلْبَةِ" یعنی اپنے گھوڑے کو میدانِ مسابقت میں دوڑایا-

تَطَلَّقَ وَجْهُهٗ : کشادہ رو ہونا- تَطَلَّقَتِ الْخَيْلُ : گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا-

اِنْطَلَقَ- جانا ـــــ لِسَانُهٗ : زبان کا رواں ہونا ـــــ وَجْهُهٗ : کشادہ رو ہونا ـــــ نَفْسُهٗ لِلْاَمْرِ : شرح صدر ہونا ـــــ اُنْطُلِقَ بِهٖ : لے جایا جانا-

اِطَّلَقَ- ہنس مکھ ہونا-

اِسْتَطْلَقَ- الْبَطْنُ : پیٹ چلنا ـــــ الظَّبْيُ- ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف مائل نہ ہونا ـــــ الْاَمْرَ : کام میں جلدی کرنا-

الطَّلْق- مص- درد زہ- ہرن- ج اطلاق ( ـــــ و الطِّلْق و الطُّلْق و الطُّلُق و الطَّلِيْق و الطَّلِيْق) آزاد- غیر مقید- کہا جاتا ہے "حُبِسَ طَلْقًا و طُلْقًا" یعنی بغیر ہتھکڑی کے قید کیا گیا- یوم طَلْق : دن جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی- فَرَسٌ طَلْقُ الْيَدِ : گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو- رَجُلٌ طَلْقُ الْيَدَيْنِ : سخی- رَجُلٌ طَلْقُ الْوَجْهِ و طِلْقُهٗ و طُلْقُهٗ و طَلِيْقُهٗ- کشادہ رو مرد- ہنس مکھ- کہا جاتا ہے "لِسَانُهٗ طَلْقٌ و طَلِقٌ و طَلِيْقٌ" یعنی اس کی زبان تیز و طرار ہے- الطِّلْق : حلال- حصہ- کھالکا بنا ہوا بند- الطِّلْق و الطُّلْق : ابرک-

الطَّلَق- مص- گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر- آنت- رسّی مضبوط بٹی ہوئی- کھال کا بنایا ہوا بند ج اطلاق- کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْ مَالِهٖ طَلَقًا" مجھے اس کے مال سے حصہ ملا- کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"عَلَى الإِطْلَاقِ او مُطْلَقًا" یعنی عام طریقہ سے بلا کسی استثناء کے۔

الطُّلَقَاء۔ وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا۔

الطَّلَّاق و المِطْلَاق و المِطْلِيق۔ بہت زیادہ طلاق دینے والا۔

المُطْلَق۔ خلاف مقید ـــــ مِنَ الخَيْلِ : وہ گھوڑا جس کی ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو۔

طَلَمَ (ن) طَلْمًا و طَلَّمَ۔ الخُبْزَة : روٹی کو ہاتھ سے ہموار کرنا۔ طَلَّمَ العَرَقَ عَنْ جَبِيْنِهِ : پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

الطُّلْم۔ روٹی پھیلانے کا تختہ۔

الطَّلَم۔ دانتوں کا میل۔

الطُّلْمَة۔ روٹی ج طُلَم۔ المِطْلَمَة۔ بیلن۔ عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں۔

طَلْمَس۔ ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا ـــــ الكِتَابَ : مٹانا۔

اِطْلَمَّس۔ اللَّيْلُ : سخت تاریک ہونا۔

الطِّلْمِسَاء۔ تاریکی۔ بغیر کسی علامت کے زمین۔ پتلا پتلا بادل۔

طَلَه (ف) طَلْهًا۔ الرَّجُلُ فِي البِلَادِ : جانا۔ آہستہ چلنا۔

إِطَّلَهَ اِطِّلَاهًا۔ مطلع ہونا۔

الطُّلَه۔ پتلا بادل۔

الطُّلْهَة۔ بقیہ مال۔

طَلَاهُ يَطْلُوْهُ طَلْوًا۔ ٹانگ باندھنا۔

طَلَاهُ يَطْلُوْهُ طَلَاوَةً الرَّجُلُ : دیر کرنا۔

اَطْلَت الوَحْشِيَّةُ : بچے والی ہونا۔

اِطْلَوْلَى اِطْلِيْلَاءً۔ اچھی گفتگو والا ہونا۔

الطَّلَاء و الطَّلْو۔ ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت۔ ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلَاء و طِلَاءٌ و طُلِيٌّ و طِلْيَانٌ و طُلْيَان۔

الطِّلْو۔ بھیڑیا۔

الطِّلْوَة۔ جانوروں کا بچہ۔

الطُّلَاوَة۔ صبح کی سفیدی۔

الطَّلَاوَة و الطَّلَاوَة و الطِّلَاوَة۔ وہ حسن و رونق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ مَا عَلَيْهِ طَلَاوَة" یعنی یہ ایسی گفتگو ہے۔ جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔ منہ میں کھانے کا بقیہ۔ جادو۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی۔ الطُّلَاوَة : جو کسی چیز پر طلاء کیا جائے۔

طَلَى يَطْلِي طَلْيًا : ٹانگ باندھ کر رکھنا۔

البَعِيْر القَطْرَانَ او بِالقَطْرَانِ : اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطْرَان) ـــــ الشَّيْءَ : روکنا۔

طَلِيَ (س) طَلًى فُوْهُ : دانتوں میں زردی ہونا ـــــ لِسَانُه : زبان کا ثقیل ہونا۔

طَلَّى تَطْلِيَةً۔ گانا ـــــ فُلَانًا : قید کرنا۔ گالی دینا ـــــ البَعِيْرَ القَطْرَان : اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطْرَان) ـــــ اللَّيْلُ الآفَاقَ : رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔

اَطْلَى۔ کمزوری یا کسی وجہ سے گردن کا جھکنا۔

تَطَلَّى۔ کھیل کود میں منہمک رہنا ( ـــــ و اطلی) بِالقَطْرَانِ : قطران سے لت پت ہونا۔

الطَّلِي۔ شخص۔ قطران ملا ہوا۔ سخت مریض۔ ہرن کا بچہ ج اَطْلَاء۔ خواہش۔ کہا جاتا ہے "قَضَى طَلَاه" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔

الطِّلْي۔ لذت۔

الطِّلَاء۔ قطران۔ انگور کا رس جس میں سے پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے۔ اور شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے۔ رسی جس سے ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں ( ـــــ و الطِّلَّايَة) ہر وہ چیز جس کو طلا کیا جائے۔

الطُّلَاء۔ خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطُّلَّى۔ دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

الطُّلْيَة و الطُّلَاءَة۔ گردن ج طُلًى۔

الطَّلِيّ۔ بکری کا چھوٹا بچہ ج طُلْيَان ( ـــــ و الطِّلْيَان) دانتوں کی زردی۔

المِطْلَى و المِطْلَاء۔ تنگ نالہ ج مَطَالٍ۔

المُطَلَّى۔ دائم المرض۔ کمزور مریض۔ قیدی کہ جس کی رہائی کی اُمید نہ ہو۔

طَمَّ (ن) طَمًّا و طُمُوْمًا۔ الإِنَاءَ : برتن بھرنا ـــــ الشَّعْرَ : بال کاٹنا یا گرہ لگانا ـــــ المَاءُ : ڈھانپ لینا ـــــ الشَّيْءُ : زیادہ ہونا ـــــ الأَمْرُ : بڑا ہونا۔

طَمَّ (ض ن) طَمًّا البِئْرَ : کنوئیں کو پاٹ دینا۔

طَمَّ (ن ض) طَمًّا و طَمِيْمًا۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔

طَمَّ و طَمْطَمَ و تَطَمْطَمَ۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا ٹہنی پر اُترنا۔

اَطَمَّ و اِسْتَطَمَّ الشَّعْرُ : بال کاٹنے کا وقت قریب ہونا۔

الطِّمُّ۔ پانی۔ سمندر۔ عدد کثیر۔ عمدہ گھوڑا۔ تعجب۔ تعجب انگیز۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ و الرِّمِّ" یعنی بہت مال لایا۔

الطُّمَّة مِنَ النَّاسِ : جماعت طُمَّةُ القَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔

الطَّمِيْم۔ آہستہ دوڑ۔ عمدہ گھوڑا۔ طَمِيْمُ النَّاسِ : مختلف قسم کے لوگ۔

فَرَسٌ طَمُوْمٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

الطَّامَّة۔ بڑی مصیبت۔ قیامت۔

الأَطَامِيم۔ ٹانگیں۔

طَمْأَن۔ دیکھو مادہ "طَمَنَ"

طَمَثَ (ن ض) طَمْثًا۔ الشَّيْءَ : چھونا۔

طَمَثَ و طَمُثَ (ن ک) طَمْثًا۔ المَرْأَةُ : حائضہ ہونا۔ صفت طَامِث۔

الطَّمْث مص۔ میں کچیل۔ فساد۔ خون۔ حیض۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "مَا بِفُلَانٍ طَمْثُ رِيْبَةٍ" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔

طَمَحَ (ف) طَمْحًا و طِمَاحًا و طُمُوْحًا بَصَرُهُ اِلَيْهِ : نگاہ اُٹھنا۔ بِبَصَرِهِ اِلَيْهِ : بلندی کی جانب دیکھنا ـــــ بِأَنْفِهِ : مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا ـــــ بِهِ : لے جانا ـــــ فِي الطَّلَبِ : کوشش کرنا۔

طَمَحَتْ (ف) طِمَاحًا و طُمُوْحًا۔ الدَّابَّةُ جانور کا سرکش ہونا ـــــ المَرْأَةُ عَلَى زَوْجِهَا : عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت طَامِحٌ ج طَوَامِحُ۔

طَمَّحَ الفَرَسُ : گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اُٹھانا ـــــ بِالشَّيْءِ فِي الهَوَاءِ : پھینکنا۔

اَطْمَحَ بَصَرَهُ اِلَيْهِ : نگاہ اُٹھانا۔

بَحْرٌ طَمُوْحُ المَوْجِ : بلند موج والا سمندر۔

طَمْحَاتُ الدَّهْرِ و طَمَحَاتُهُ : مصائب۔

الطِّمَاح۔ غرور۔ فخر۔

الطَّمَّاح۔ دور۔ حریص۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



طَمَخَ(ن)طَمْخًا۔بِاَنْفِهٖ : تکبر کرنا۔
طَمَرَ(ض)طَمْرًا۔الشَّیْءَ : دفن کرنا۔ چھپانا( ـــــ طَمْرًا و طُمُوْرًا و طِمَارًا و طَمَرَانًا) کودنا۔اُچھلنا۔
طَمَرَ(ن)طُمُوْرًا۔جانا۔سفر کرنا۔
طَمَرَ(ن)طُمْرًا۔المطمورۃَ : کھیتی بھرنا۔ ( ـــــ و طَمِرَ (س) طَمَرًا) الجُرْحُ : سوج جانا۔
اَلْیَدُ :ورم آجانا۔
طَمِرَفِیْ ضِرْسِہٖ :داڑھ میں درد ہونا۔
طَمَّرَ الشَّیْءَ : لپیٹنا اور دفن کرنا ـــــ البَیْتَ :پردہ لٹکانا۔
اِطَّمَرَ۔عَلٰی فَرَسِہٖ : پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
الطِّمْر۔پرانا کپڑا جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج اَطْمَار۔ کہا جاتا ہے "لَاَحَتِ الشَّمْسُ فِیْ الْاَطْمَارِ" یعنی زرد رنگ کا ہو گیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔
الطِّمِّر و الطِّمِرّ و الطِّمِرِّیْر و الطُّمْرُوْر لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّامِر۔فا۔پسو۔ج طَوَامِر۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَامِرُ بْنُ طَامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔
الطُّمُرَّ۔جہل نادانی۔
طُمُرَّۃُ الشَّبَابِ : ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔
الطَّامُوْر و الطُّوْمَار۔ صحیفہ ج طَوَامِیْر۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ فِی الطُّوْمَار و الطَّوَامِیْر۔"
المِطْمَر و المِطْمَار۔ معماروں کا دھاگا۔ پرانے لباس والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی مِطْمَارِ اَبِیْہِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
المَطْمُوْرَۃ۔ کھیتی۔قید۔
طَمَسَ (ن) طُمُوْسًا۔دُور ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَدْرِیْ اَیْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ـــــ بِعَیْنِہٖ :دُور تک دیکھنا۔
طَمَسَ (ن ض) طَمْسًا و طُمُوْسًا و تَطَمَّسَ و انْطَمَسَ۔ مٹنا۔ طَمَسَ النَّجْمُ او البَصَرُ ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ (ض)طَمْسًا الشَّیْءَ :مٹانا۔ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھود دینا ـــــ الغَیْمُ النُّجُوْمَ : بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا۔
طَمَسَ (ض)طَمَاسَۃَ الشَّیْءِ :اندازہ کرنا۔
رُبُوْعٌ طِمَاسٌ۔ مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِیْس و المَطْمُوْس۔اندھا۔
طَمْطَمٌ۔وسط سمندر میں تیرنا۔
الطَّمْطَام۔وسط سمندر۔
الطِّمْطِمُ و الطِّمْطِمِیُّ و الطُّمْطُمَانِیُّ زبان کی لکنت والا۔
طَمِعَ (س) طَمْعًا و طِمَاعًا و طَمَاعِیَۃً فِی الشَّیْءِ و بِہٖ : لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ و طَمِعٌ و طَمْعٌ ج طَمِعُوْنَ و طُمَعَاء و اَطْمَاع و طَمَاعِی۔
طَمُعَ (ک)طَمَاعَۃً۔بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَہٗ۔لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْمَعَہٗ۔لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّع۔لالچی ہونا۔خواہش مند ہونا۔
الطَّمَع۔وہ چیز جس کی خواہش کی جائے۔لشکر کی تنخواہ ج اَطْمَاع۔
الطَّمَاعَۃ۔خواہش مندی۔
الطَّمَّاع و المِطْمَاع۔بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَع۔ جس کی خواہش کی جائے۔ ج مَطَامِع۔
المَطْمَعَۃ۔باعث طمع۔لالچ پر اُکسانے والی چیز۔
طَمِغَتْ (س) طَمَغًا عَیْنُہٗ : آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔
طَمَلَ(ن)طَمْلاً الخَبَّازُ الخُبْزَ :روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا ـــــ الثَّوْبَ : کپڑے کو گہرا رنگنا۔
الدَّمُ السَّھْمَ وغَیْرَہٗ : خون کا تیر کو لتھیڑنا۔
الرَّاعِیْ :چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ (س) و طُمِلَ طَمَلاً۔ خون' تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔صفت طَمِیْلٌ۔
اَطْمَلَ۔الکِتَابَ :مٹا دینا۔
اِنْطَمَلَ الرَّجُلُ : چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔
الطَّمْل۔خمیر۔گوندھا ہوا آٹا۔مخلوق۔
الطِّمْل۔بیوقوف۔کمینہ۔بدکار۔بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔کالا کمبل۔فقیر۔بدحال بدشکل ہار۔ پرانا کپڑا۔ ج طُمُوْل ( ـــــ والطَّمْلَۃ و الطُّمْلَۃ) گدلا پانی۔کیچڑ۔
الطَّامِل۔فا۔مرد بدکار جو اپنے فعل کی پروانہ کرے۔
الطَّمْیَل۔گدلا پانی۔گمنام۔چٹائی۔ہار' تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔بکری کا بچہ۔سَھْمٌ طَمْیَلٌ خون سے لت پت تیر۔خُبْزٌ طَمْیَلٌ :بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطَّمْوَل۔بدکار جو اپنے فعل کی پروانہ کرے۔
الطَّمْوَلَۃ۔بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَۃ۔بیلن۔
طَمْاَنَ طَمْاَنَۃً و طَأْمَنَ۔ظَھْرَہٗ :پیٹھ کو پست کرنا۔جھکانا ـــــ الشَّیْءَ :ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ۔پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا و طُمَأْنِیْنَۃً اِلَیْہِ :آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔پست ہونا۔کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا کَانَ یَفْعَلُہٗ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَّمْن۔ساکن ج طُمُوْن۔
المُطْمَئِنّ۔ساکن ـــــ مِنَ الْاَرْضِ :نرم پست زمین۔
طَمَا یَطْمُوْ طُمُوًّا و طَمٰی یَطْمِیْ طَمْیًا المَاءُ :پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا ـــــ البَحْرُ :سمندر کا بھر جانا ـــــ النَّبْتُ :نباتات کا طویل ہونا۔بڑھنا۔
طَمَتْ ھِمَّتُہٗ :ہمت بلند ہونا۔طَمَا بِہِ الھَمُّ او الخَوْفُ :غم یا خوف کا سخت ہونا۔
طَنَّ (ض) طَنًّا وطَنِیْنًا وطَنَّنَ الذُّبَابُ او النَّاقُوْسُ وشِبْہُ ذٰلِکَ۔ بھنبھنانا۔بجنا۔آواز دینا۔
وَطَنَّ فُلَانٌ :مرنا۔
اَطَنَّ۔بجانا۔آواز کرانا۔اَطَنَّ السَّاقَ پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطَّنّ۔جسم ج اَطْنَان و طِنَان۔بانس کا گٹھا۔ اور ایک بانس طُنَّۃ کہلاتا ہے۔الطَّنّ دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الطَّنَّان- زیادہ بجنے والا- کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ ذِكْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے" وَتِلْكَ قَصِيدَةٌ طَنَّانَةٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔

الطُّنَيّ- مِنَ الرِّجَالِ : بڑے ڈیل ڈول کا۔

طَنَأَ (ف)طَنْأً وَطَنِيءَ (س)طَنَأً- شرم کرنا۔

اَطْنَأَ- کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔

اَطْنَأَ اِلَى الحَوْضِ : حوض کی طرف جانا اور پانی پینا۔

اَطْنَأَ اِلَى البِسَاطِ : بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ لَا تُطْنِيءُ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مرجائے۔

الطِّنْءُ- بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلَانٌ فِي طِنْئِهِ" یعنی مرگیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔ خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا۔ فرش، باغ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيدُ الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل۔ تہمت۔

طَنِبَ (س)طَنَبًا- الرُّمْحُ : نیزے کا ٹیڑھا ہونا ـــــ الفرس : گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَطْنَبُ مؤنث طَنْبَاء۔

طَنَّبَ الخِيمَةَ : خیمہ لگانا ـــــ بالمكان : اقامت کرنا ـــــ الذِّئْبُ : بھیڑیے کا بھونکنا ـــــ السِّقَاءَ : مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَانَبَ القَوْمَ : قوم کے خیموں کی رسّی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسّی ملانا۔

اَطْنَبَتِ الرِّيحُ : ہوا کا غبار کو اُڑانا۔

الإِبِلُ : بعض اُونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا۔

فِي الوَصْفِ او العَدْوِ : مبالغہ کرنا۔

تَطَانَبَ القَوْمُ : خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔

الطُّنُب- خیمہ کی لمبی رسّی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت کی جڑ ج اَطْنَاب وطِنَبَة۔ کہا جاتا ہے "مُدَّتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "تَقَضَّبَتْ اَطْنَابُهَا" یعنی غروب ہوا ( ـــــ والإِطْنَابَة) کمان کے قبضہ پر باندھنے کا تسمہ ج اَطَانِيب۔ کہا جاتا ہے "خَيْلٌ إِطَانِيب" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المَطْنَب- کندھا۔ مونڈھا۔ ج مَطَانِب۔

المُطْنِب- فا- بہت تعریف کرنے والا۔

جَيْشٌ مِطْنَابٌ- بہت بڑا لشکر۔

الطُّنْبُور والطِّنْبَار- ستار ج طَنَابِير۔

طَنْبَلَ طَنْبَلَةُ الرَّجُلُ : عقلمندی کے بعد بیوقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بَيْنَهُم طَنْبَلَة" یعنی ان کے درمیان شر وفساد ہے۔

الطَّنْبَل- بیوقوف- کند ذہن۔

الطَّنْجَرَة- تانبے کی دیگچی۔

الطِّنْجِير- کڑاہی- کنایہ از بزدل و کمینہ۔

طَنِخَ (س) طَنَخًا- بدھضمی ہونا۔ دل پر چربی غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخٌ و طَانِخ

طَنِخَتْ نَفْسُه : جی کا گرنا۔

اَطْنَخَهُ وطَنَّخَهُ- بدھضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ طِنْخٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

طَنَزَ (ن)طَنْزًا بِهِ : تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ- القَوْمُ : ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّاز- تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَة- عِنْدَ العَامَّةِ : حلق کا کوا۔ صحیح لفظ طُلَاطِلَة ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَةً- الجَرَسُ والطَّسْتُ والذُّبَابُ ونَحْوُهَا : جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔

طَنِفَ (س) طَنَفًا- متہم ہونا ( ـــــ طَنَافَةً وطُنُوفَةً وطَنَفًا) بدباطن ہونا۔ صفت طَنِف۔

طَنَّفَهُ- متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجِدَارَ : دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کانس نکالنا۔ مناقبی بنانا ـــــ نَفْسَهُ اِلَى كَذَا : لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ القَوْمَ : قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔

الطَّنْف والطُّنْف والطَّنَف والطُّنُف- پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی اُبھری ہوئی چٹان۔ چھجہ۔ کانس۔ مناقبی ج طُنُوف واَطْنَاف۔

المُطْنِف- چھجہ یا کانس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

تَطَنَّسَ- بدخلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا۔

الطِّنْفِس- زردی- بدشکل۔

الطَّنْفَسَة والطِّنْفِسَة- فرش۔ چٹائی- کپڑا- ج طَنَافِس۔

الطَّنْو- بدکاری۔

الطِّنْو- فرش۔

طَنِيَ (س) واَطْنَى تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِيّ فِي فُجُورِهِ او فَسَادِه : بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا ( ـــــ طَنِيّ) اللَّدِيغُ مِنَ لَدْغِ العَقْرَبِ بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔ اَطْنَاهُ المرض : مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّى- تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَى- تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنْي- بدکاری وفساد۔

الطَّانِي- فا- زناکار ج طُنَاة۔

طَهَرَ (ن) و طَهُرَ (ک) طُهْرًا وطُهُورًا وطَهَارَة۔ پاک ہونا۔ صفت طَاهِرٌ ج اَطْهَار طَهْرٌ ج طَهُورُونَ وطَهِير ج طَهَارَى۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّيَابِ" یعنی پاک دامن۔

طَهَّرَهُ (ف)طَهْرًا- دُور کرنا۔

طَهَّرَهُ- پاک کرنا- طَهَّرَ الشَّيْءَ بِالمَاءِ : دھونا۔

تَطَهَّرَ واِطَّهَرَ- میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا۔

الاِطْهَار- عورت کی پاکی کا زمانہ۔

الطُّهْر- جس سے پاکی حاصل کی جائے۔

الطُّهْرَة- پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْهَر- موت کے بعد ایک مدتِ معینہ کے لیے ابرار وصالحین کے نفوس کے پاک کرنے کی جگہ (کلمۂ نصرانیہ)

المَطْهَرَة والمِطْهَرَة- لوٹا۔ طہارت حاصل کرنے کا مکان۔ کہا جاتا ہے "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ ج مَطَاهِر۔

المُطَهِّرَة- متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَهَسَ (ف) طَهْسًا- فِي الأَرْضِ : داخل ہونا اور گھسنا۔

طَهَّسَ (ف)طَهْشًا العَمَلَ : کام کو بگاڑ دینا۔

اَطْهَفَ- السِّقَاءُ : نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ فِي الكَلَامِ : آسان اور روانی سے کہنا ـــــ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ طَهْفَةٌ :کچھ حصہ دینا۔
الطَّهْف۔ بھوسہ۔
الطَّهَف۔ پناہ۔
زُبْدَةٌ طَهْفَة۔ نرم مکھن۔
الطِّهْفَة۔ مِنَ الشَّیْءِ : ٹکڑا۔
الطَّهَاف۔ مِنَ السَّحَابِ :بلند بادل۔
الطَّهَافَة۔ گیسو۔
طَهَقَ (ف) طَهْقًا۔ تیز چلنا۔
طَهَلَ و طَهِلَ (ف س) طَهْلاً و طَهَلاً و تَطَهَّلَ۔ الْمَاءُ : بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ و طَهِلٌ۔
اَطْهَلَتِ الْاَرْضُ : تھوڑی سی گھاس اُگانا۔
الطُّهْلَة۔ تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے
طَهَّمَ الشَّیْءُ : موٹا ہونا ـــــ مِنْهُ : نفرت کرنا۔
تَطَهَّمَ الطَّعَامَ :ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔
الْمُطَهَّم۔ موٹا۔ کمزور۔ مکمل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔
طَهَا یَطْهُوْ طَهْوًا۔ سفر کرنا۔ جانا۔
طَهَا یَطْهُوْ وَیَطْهٰی طَهْوًا و طُهُوًّا و طُهِیًّا و طَهَایَةً۔ اللَّحْمَ :پکانا یا بھوننا۔
اَطْهٰی اِطْهَاءً۔ پکانے یا بھوننے میں ماہر ہونا۔
الطَّهْو۔ کام۔
الطَّهٰی۔ تنکا۔
الطُّهٰی۔ گناہ۔ پکا ہوا۔
الطَّهٰی۔ سخت مار۔ پتلا بادل۔
الطَّاهِی۔ فا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا ج طُهَاة و طُهِّی مؤنث طَاهِیَةٌ ج طَوَاهٍ و طَاهِیَاتٌ۔
الطِّهَایَة۔ پکانے کا پیشہ۔
الطُّهَاوَة۔ دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطَّهَاءَة۔ بلند بادل۔
طَاءَ یَطَاءُ و یَطُوْءُ طَوْءً ا۔ آنا جانا۔ فِی الْاَرْضِ :دور تک نکل جانا۔
تَطَاءَتْ تَطَایُؤًا۔ الْاَسْعَارُ : بھاؤ کا گراں ہونا۔
الطَّاءَة۔ کھیڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ طُوْئِیٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الطُّوْب۔ کچی اینٹ۔ واحد طُوْبَة۔
الطَّوَّاب۔ خشت پز۔
طَاحَ یَطُوْحُ طَوْحًا۔ حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا ـــــ السَّهْمُ :نشانہ سے خطا کرنا۔
طَوَّحَهٗ۔ حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِهٖ : خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاءِ آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهٖ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔
طَوَّحَ تَطْوِیْحًا و طَیَّحَ تَطْیِیْحًا الشَّیْءَ :ضائع کرنا۔
طَاوَحَهٗ مُطَاوَحَةً۔ بِکَذَا : ایک دوسرے پر پھینکنا۔
اَطَاحَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ اَطَاحَ الشَّعْرَ۔ بال گرا دینا۔
تَطَوَّحَ فِی الْبِلَادِ : سرگرداں ہونا اور ادھر اُدھر پھرنا۔ فِی الْبِئْرِ : کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلٰی مَطِیَّتِهٖ۔ یَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے۔
تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا الْقَوْمُ فُلَانًا بِالْاَمْرِ او بِالضَّرْبِ : آپس میں تنازع کرنا۔ تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوٰی۔ فراق اور بُعد نے اس کو پھینک دیا۔
الطَّوْح۔ دُور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِیَّةٌ طَوْح" دُور کی نیت۔
الطَّوَائِح۔ شدائد۔ مہلکات۔
الْمَطَاوِح۔ ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَة۔
الْمِطْوَاح۔ لاٹھی۔
طَاخَهٗ یَطُوْخُهٗ طَوْخًا۔ قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاخ۔
طَادَ یَطُوْدُ طَوْدًا۔ ثابت رہنا۔
طَوَّدَ و تَطَوَّدَ فِی الْبِلَادِ : پھرنا۔ طَوَّدَ بِهٖ مسلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْطَادَ۔ ہوا میں بلند ہونا۔
الطَّوْد۔ مص۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج اَطْوَاد و طِوَدَة۔
الْمَطَادَة۔ دُور دراز کا بیابان۔
الْمَطَاوِد۔ خطرناک مقامات۔
الْمُنْطَاد۔ بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِیْد۔
طَارَ یَطُوْرُ طَوْرًا و طَوْرَانًا بِفُلَانٍ : قریب ہونا۔
الطَّوْر۔ اندازہ و حد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهٗ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ "و جَاوَزَ طَوْرَهٗ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار ج اَطْوَار۔ اور کہا جاتا ہے "اَلنَّاسُ اَطْوَار" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔
الطُّوْر۔ پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔
الطَّوَار۔ وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔ ( ـــــ و الطِّوَار) مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّارُ عَلٰی طَوَارِ دَارِی" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔
الطُّوْرِیّ و الطُّوْزَانِیّ۔ وحشی' پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّوْرِی : اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ طُوْرِیٌّ او طُوْزَانِیٌّ" یعنی کوئی نہیں۔
طَارَةُ الْمَنْخَل : چھلنی کا گھیرا۔ اور یہ محرف ہے صحیح "الْاِطَار" ہے۔
الطَّارَةُ و الطَّارُ۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ :دائرہ۔ وف۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْهُ الْاَطْوَرِیْنَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی۔ اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِی الْعِلْمِ اَطْوَرَیْهِ" فلاں علم کی دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔
طَاسَ یَطُوْسُ طَوْسًا۔ الْوَجْهُ : چہرے کا خوبصورت ہونا ـــــ الشَّیْءَ :روندنا۔
طَوَّسَهٗ۔ مزین کرنا۔ طَوَّسَ الْمُصَوِّرُ :مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهٖ : لے جانا۔
تَطَوَّسَ لِلْحَمَامَةِ :کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ الْمَرْاَةُ : آراستہ و مزین ہونا۔
الطَّوْس۔ چاند۔
الطُّوْس۔ ایک مسہل دوا کا نام۔
الطَّاسِ۔ پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طَاسَات۔
الطَّاؤُوْس الطَّاوُوْس۔ مور۔ تصغیر طُوَیْس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ج اَطْوَاس و طَوَاوِیس۔
طَوَّسَ۔ الرَّجُلُ : ٹال مٹول کرنا ـــــ الذِّکْرَ : آختہ کرنا۔
الطَّوَاشِیُّ۔ آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِیَۃٌ۔ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔
طَاعَ یَطُوْعُ و یَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ : فرماں بردار ہونا۔ صفت طَائِع ج طُوَّع و طَائِعُوْن کہا جاتا ہے "اَمَرَہٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقعہ پر بابِ افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُہٗ لَا یَطُوْعُ بِکَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی "و طَاعَ لَہُ المَرْتَع" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔
اَطَاعَہٗ اِطَاعَۃً و طَاعَۃً۔ فرمانبردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ : پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَہُ المرعی : و اَطَاعَہٗ : چراگاہ کا کشادہ ہونا۔
اِنْطَاعَ اِنْطِیَاعًا۔ لَہٗ : فرمانبردار ہونا۔
تَطَوَّعَ۔ بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِی الجُنْدِیَّۃِ : لشکر میں رضا کارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّیْءِ : تبرع کرنا ـــــ بِالشَّیْءِ و لِلشَّیْءِ : بتکلف استطاعت ظاہر کرنا ـــــ الشَّیْءَ : ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔
تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ : بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔
اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَۃً۔ الْاَمْرَ : طاقت رکھنا اور حذفِ تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِیْعُ بھی کہا جاتا ہے۔
الطَّوَاعَۃ۔ طوع کا اسم مصدر ہے۔
الطَّوَاعِیَۃ۔ فرماں برداری۔
الطَّاعُ و الطَّوْعُ و الطَّیِّع۔ فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَوْعُ یَدِکَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے فَرَسٌ طَوْعُ العِنَانِ : یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔ "عَمِلَہٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔
المِطْوَاع و المِطْوَاعَۃ۔ فرمانبردار۔
المُطَوَّعَۃ۔ رضا کارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔
المُتَطَوِّع و المُطَّوِّع۔ فرائض و واجبات کے علاوہ اعمالِ صالحہ کو بطورِ نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ یَطُوْفُ طَوْفًا و طَوَافًا و طَوْفَانًا بِالمَکَانِ و حَوْلَہٗ : گھومنا۔ چکر لگانا ـــــ فِی البِلَادِ مُلک میں پھرنا ـــــ بِہِ الخَیَالُ فِی النَّوْمِ : خواب میں نظر آنا۔
طَوَّفَہٗ تَطْوِیْفًا و تَطْوَافًا۔ گھومنا۔ طَوَّفَ فِی البِلَادِ : مُلک میں پھرنا۔
طَوَّفَ و تَطَوَّفَ و اِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَۃً بِالشَّیْءِ و حَوْلَہٗ : بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ او الجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔ اِسْتَطَافَہٗ : گھومنا۔ چکر لگانا۔
اَطَافَ۔ بِالشَّیْءِ : نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا۔ قریب ہونا ـــــ عَلَیْہِ و بِہٖ : رات کو آنا ـــــ عَلَیْہِ گرد گھومنا۔
الطَّوْف۔ پانی پر تیرنے والی چیز۔ گھنٹی۔
الطَّوْف۔ رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج اَطْوَاف۔
الطَّاف۔ بہت زیادہ طواف کرنے والا۔
الطُّوْفَان۔ سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔
مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا زیادہ۔
الطَّائِف۔ فا۔ چوکیدار۔
الطَّائِفَۃ۔ مؤنث طَائِف۔ جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا' وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف۔
الطَّوَّاف۔ بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ گھنٹی۔ گھنٹی بنانے والا۔
المَطَاف۔ طواف کرنے کی جگہ۔
طَاقَ یَطُوْقُ طَوْقًا و طَاقَۃً و اَطَاقَ الشَّیْءَ : قادر ہونا۔
اَطَاقَ عَلَی الشَّیْءِ : قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔
طَوَّقَہُ الشَّیْءَ : کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَہ الطَّوْق۔ طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَہٗ بِالسَّیْفِ وَغَیْرِہٖ" اِس نے اُسے تلوار باندھ دی۔
اِطَّوَّقَ و تَطَوَّقَ۔ طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الحَیَّۃُ : کنڈلی مارنا۔
الطَّاق۔ محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات و طِیْقَان۔
الطَّاق : بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا ـــــ الطَّائِق، پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ و طَائِق کُلُّ شَیْءٍ : احاطہ کرنے والا۔
الطَّوْق۔ گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا چ اَطْوَاق۔
الطَّوْق و الطَّاقَۃ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا فِیْ طَوْقِیْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ۔ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
المُطَوَّقَۃ۔ کنٹھے دار کبوتر۔ بوقلمی جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔
طَالَ یَطُوْلُ طُوْلًا۔ لمبا ہونا ـــــ عَلَیْہِ۔ غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔
طَوَّلَہٗ۔ لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَہٗ : مہلت دینا ـــــ لِلدَّابَۃِ : جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔
تَطَوَّلَ تَطَوُّلًا۔ عَلَیْہِ : احسان کرنا۔
اَطَالَہٗ و اَطْوَلَہٗ اِطَالَۃً و اِطْوَالًا : لمبا کرنا۔ اَطَالَتِ المَرْاَۃُ : لمبے لمبے بچے جننا۔
طَاوَلَہٗ مُطَاوَلَۃً۔ ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔
تَطَاوَلَ۔ دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا ـــــ تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ـــــ عَلَیْہِ العُمْر : بڑھنا۔ تَطَاوَلَا : ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَۃً۔ طویل ہونا ـــــ عَلَیْہِ : فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا ـــــ عَلٰی عِرْضِہٖ : بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَی القَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔
الطَّوْل۔ فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔
الطُّوْل۔ لمبائی ج اَطْوَال۔
الطِّیْلَۃ۔ عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰہُ طِیْلَتَہٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔
الطَّوْل۔ لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔
الطِّوْل و الطِّوَل و الطَّوَال و الطِّیَال۔ زمانہ بھر۔
الطَّائِل و الطَّائِلَۃ۔ قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جاتا ہے "بَيْنَهُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَوَائِل هٰذَا اَمْرٌ لَا طَائِلَ فِيْهِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُوَ بِطَائِلٍ او هُوَ غَيْرُ طَائِلٍ" یعنی گھٹیا ہے۔ اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الطَّوِيْل۔ لمبا۔ ج طِوَال و طِيَال۔ مؤنث طويلة ج طويلات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ الْبَاعِ" یعنی سخی ہے۔ "هُوَ قَصِيْرُ الْبَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الْاَطْوَل۔ اسم تفضیل ج اَطَاوِل مؤنث طُوْلٰى ج طُوَل۔ الطُّوْلٰى: بلند مرتبہ۔ والسَّبْعُ الطُّوَل: سات بڑی بڑی سورتیں قرآنِ پاک کی۔

الطُّوَال۔ لمبا۔ مؤنث طُوَالَةٌ۔

الطُّوَال۔ بہت زیادہ لمبا۔

المِطْوَل۔ رسّی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل۔

طَوَىٰ يَطْوِيْ طَيًّا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو لپیٹنا ـــــ ه اللّٰهُ عُمْرَهٗ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوَىٰ فُلَانٌ وهُوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَى الْحَدِيْثَ: بات چھپانا ـــــ كَشْحَهٗ عَلَى الْاَمْرِ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَى كَشْحَه عَنِّي" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ و طَوَى الْبِلَادَ: قطع مسافت کرنا ـــــ الْبِئْر: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَوَى الرَّجُلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا ـــــ السَّيْرُ فُلَانًا: لاغر کرنا۔

طَوِيَ (س) طَوًى و اَطْوَى۔ بھوکا ہونا۔ صفت طَيَّان و طَوٍ و طَاوٍ۔ مؤنث طَيَّا و طَوِيَة و طَاوِيَةٌ۔

تَطَوَّتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْطَوَىٰ۔ الْقَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھا ہونا ( ـــــ و اِطْوَىٰ) لپیٹا جانا۔

الطَّوَىٰ۔ بھوک۔ مشک۔

الطُّوْىٰ و الطِّوَىٰ۔ لپیٹی ہوئی چیز۔

الطَّيّ۔ لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الْغَيّ فِيْ طَيِّ قَلْبِهٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے۔

الطِّيَّة۔ حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى لِطِيَّتِهٖ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا "لَقِيْتُهٗ بِطِيَّاتِ الْعِرَاقِ" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِي۔ البَطْنِ: پتلے پیٹ والا۔

الطَّايَة۔ سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَايَات۔

الطَّوِيّ۔ گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الْاَطْوَاء ( ـــــ و الطَّوِيَّة) من بنا ہوا کنواں۔

الطَّوِيَّة: نیت۔ ضمیر۔

الْاَطْوَاء۔ مُڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طَوْي۔

المَطْوِيّ۔ لپیٹ۔ ج مَطَاوٍ۔ مَطَاوِي الْحَيَّةِ: سانپ کی کنڈلی۔

المِطْوِيّ۔ جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَابَ يَطِيْبُ طِيْبًا و طَابًا و طِيْبَةً و تَطْيَابًا۔ لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا طَابَتِ النَّفْسُ بِكَذَا: دل خوش ہونا۔ طَابَ عَيْشُهٗ: خوش عیش ہونا ـــــ عَنِ الشَّيْءِ نَفْسًا: خوشی سے چھوڑ دینا ـــــ الشَّيْءَ: اچھا کرنا۔ طَابَتِ الْاَرْضُ: گھاس اُگانا۔

طَيَّبَ۔ الشَّيْءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَيَّبَ خَاطِرَهٗ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَابَ اِطَابَةَ الشَّيْءِ: اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطْيَبَ اِطْيَابًا۔ الشَّيْءَ: اچھا پانا۔

طَايَبَهٗ مُطَايَبَةً۔ ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔

تَطَيَّبَ۔ خوشبو لگانا۔

اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً۔ الْقَوْمُ: شیریں پانی مانگنا۔ ( ـــــ و اِسْتَطْيَبَ اِسْتِطْيَابًا) الشَّيْءَ: اچھا پانا۔

الطَّاب۔ لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّيْب۔ خوشبو۔ ج اَطْيَاب و طُيُوْب۔ حلال۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِيْبٌ لَكَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَة۔ شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّيْبَة۔ حلال۔ طيبة الخمر: صاف شراب۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِطِيْبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔

الطَّيَّاب۔ بہت زیادہ پاکیزہ۔

الْاَطْيَب۔ اسم تفضیل ج اَطَايِب مؤنث طُوْبٰى ج طُوْبَيَات۔

الطُّوْبٰى۔ رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّيِّب۔ پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَيِّبَة ج طَيِّبَات و طُوْبٰى۔ کہا جاتا ہے "كَلِمَةٌ طَيِّبَة" پاکیزہ کلمہ۔ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو "بَلْدَةٌ طَيِّبَة" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الْاَطَايِب و المَطَايِب۔ مِنَ الشَّيْءِ: عمدہ اشیاء

شَرَابٌ مُطَيَّبَةٌ۔ عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاحَ يَطِيْحُ طَيْحًا۔ بمعنی طَاحَ يَطُوْحُ طَوْحًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَيَّحَهٗ۔ ہلاک کرنا ـــــ الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔

اَطَاحَهٗ۔ ہلاک کرنا۔

تَطَايَحَ۔ الشَّيْءُ: بکھرنا۔

الطَّيْحَة۔ تباہی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمْ طَيْحَةٌ" یعنی ایسے امور پیش آئے جس نے تفریق کرادی۔ "وطَوَّحَتْهُم طَيْحَات" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاحَ يَطِيْحُ طَيْحًا۔ برے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔

ـــــ الْاَمْرُ: کام کو بگاڑ دینا۔

طَاحَهٗ و طَيَّحَهٗ۔ قبیح بات میں آلودہ کرنا۔ طَيَّحَ اَصْحَابَهٗ: گالی دینا۔

تَطَيَّحَ۔ برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّيْحَة۔ فتنہ ( ـــــ و الطَّائِح و الطَّيَّاح) بے برکت۔ بیوقوف۔

طَارَ يَطِيْرُ طَيْرًا و طَيَرَانًا و طَيْرُوْرَةً الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنا ـــــ صِيْتُهٗ: مشہور ہونا۔

ـــــ الشَّعْرُ: بال لمبے ہونا ـــــ بِكَذَا: سابق ہونا۔

ـــــ اِلٰى كَذَا: دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهٗ" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آکر جلد بازی کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



طَيَّرَهٗ و طَيَّرَبِهٖ و اَطَارَهٗ اِطَارَةً و طَايَرَهٗ مُطَايَرَةً۔ اُڑانا۔ اَطَارَ و طَيَّرَ المَالَ تقسیم کرنا۔ طَيَّرَ نَوْمَهٗ :نیند اُڑادینا۔

اِطَّيَّرَ و تَطَيَّرَ۔ بِالشَّيْءِ و مِنْهُ :بدفالی لینا۔

تَطَايَرَ۔ متفرق ہونا ـــــ الشَّيْءُ :لمبا ہونا۔

السَّحَابُ فی السَّمَاءِ :بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

اِنْطَارَ۔ الشَّيْءُ :پھٹنا۔

اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَةً الشَّيْءُ :متفرق ہونا۔ منتشر ہونا ـــــ الحَائِطُ : دیوار کا پھٹنا ـــــ السَّيْفُ : جلدی سے سونتنا۔ الطَّيْرُ : پرندے کو اُڑانا۔

اُسْتُطِيْرَ۔ خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لے جایا جانا ـــــ الصَّدْعُ فی الحَائِطِ :دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا ـــــ الفَرَسُ :گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِر۔ فا۔ پرندج طَيْر اور طُيُوْر و اَطْيَار جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا بُرا شگون لیں۔ نصیب۔ روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَيْمُوْنُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔ "سِرْ عَلَى الطَّائِرِ المَيْمُوْنِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کیلئے دعا ہے) "هُوَ سَاكِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے۔

الطَّيْر۔ جمع طائر۔ اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُ اللّٰهِ" جیسا لَا اَمْرَ اِلَّا اَمْرُ اللّٰهِ۔ اور طَيْرُ اللّٰهِ لَا طَيْرَكَ جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُكَ اور کہا جاتا ہے "كَاَنَّ عَلٰى رُؤُوْسِهِمُ الطَّيْرَ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اسکی یہ ہے کہ کوّا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوّا اُڑ نہ جاے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "وَاُزْجُرْ اَحْنَاءَ طَيْرِكَ" زور کرا پنی خفت وغصہ کو۔

الطِّيْرَة الطِّيَرَة۔ بدشگون جس سے لیا جائے۔

الطِّيَرَة و الطَّيْرُوْرَة۔ طیش۔ ہلکا پن۔ اوچھا پن۔ کہا جاتا ہے "اِيَّاكَ و طَيْرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَيْر۔ طَيْر کی تصغیر۔

الطَّيَّار۔ منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکہ تولنے کی ترازو۔

الطَّيَّار و المُطَار۔ مِنَ الخَيْلِ :تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

اَرْضٌ مُطَارٌ۔ کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّيَّارَة مؤنث طَيَّار۔ ہوائی جہاز۔

المَطَار۔ اُڑنے کی جگہ۔

المُطَيَّر۔ مفع۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِيْر۔ فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِيْرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ يَطِيْسُ طَيْسًا الشَّيْءُ :زیادہ ہونا۔

الطَّيْس۔ عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔

طَاشَ يَطِيْشُ طَيْشًا۔ اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا ـــــ السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ :تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش۔

اَطَاشَ اِطَاشَةً۔ السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرادینا۔

الطَّيْشَان۔ بمعنی طَائِشٌ۔ جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّيْشَان۔ سکی۔ اوچھاپن۔

طَاعَ يَطِيْعُ طَيْعًا۔ بمعنی طَاعَ يَطُوْعُ طَوْعًا۔

طَافَ يَطِيْفُ طَيْفًا و مَطَافًا الخَيَالُ :خواب میں خیال آنا۔

طَيَّفَ تَطْيِيْفًا و اَطَافَ اِطَافَةً و تَطَيَّفَ تَطَيُّفًا۔ بہت پھرنا۔

الطَّيْف۔ خیال جو خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔

الطِّيَاف۔ رات کی تاریکی۔

طَامَ يَطِيْمُ طَيْمًا۔ نیکوکار ہونا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا عَلَى الخَيْرِ :اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّيْمَاء۔ جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ يَطِيْنُ طَيْنًا و طَيَّنَ الحَائِطَ :دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الكِتَابَ :خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَى الخَيْرِ :اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔

تَطَيَّنَ۔ گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔

الطِّيْن و الطِّيْنَة۔ گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّيْنَة :گارے کا ایک حصّہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّيْنَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے "لَهٗ طِيْنَةٌ طَيِّبَةٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔

مَكَانٌ طَانٌ۔ بہت گارے کی جگہ۔

الطِّيَانَة۔ گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّيَّان۔ گارا بنانے والا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ظ

ظَأَبَ (ن) ظَأْبًا۔ نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا
_____ التَیْسُ : بکری کا میانا۔
ظَاءَبَهٗ مُظَاءَبَةً۔ سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔
تَظَاءَبَا۔ ہم زلف ہونا۔
الظَّأَب۔ مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوب و اَظْؤُب۔
ظَأَرَ (ف) ظَأْرًا و ظِئَارًا و اَظْأَرَ اِظْآرًا و ظَاءَرَ مُظَاءَرَةً۔ النَاقَةَ او المَرْأَةَ عَلٰی وَلَدِ غَیْرِھَا۔ مہربان کرنا۔ فَظَأَرَت و اِظَّأَرت۔ مہربان ہونا۔ اور صفت "ظَؤُوْرٌ و ظَؤُوْرَةٌ ج اَظْآر و ظُؤَار۔
ظَائِرَةٌ اِلٰی کَذَا : مہربان کرانا۔ ظَأَرَ عَلٰی عَدُوِّہٖ : حملہ کرنا۔ ظَأَرَہٗ و ظَاوَرَہٗ و اَظْأَرَہٗ عَلٰی کَذَا : مہربان کرنا۔ ظَاءَرَہٗ عَلَی الْاَمْرِ : طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَاءَرَ الرَجُلُ : دایہ بنانا۔
ظَاءَ رَتِ المَرْأَةُ : دایہ گری کرنا۔
اِظَّأَرَ۔ لِوَلَدِہٖ ظِئْرًا : لڑکے کے لیے دایہ مقرر کرنا۔
الظِئر۔ غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْؤُر و اَظْآر و ظُؤُور و ظُؤُورَة و ظُؤَار۔ ظِئْرُ القَصْر : ستون۔
الظِئْرَة۔ تھولی۔ کھبا۔
الظُؤْرَة۔ دایہ۔ دائی پالائی۔
ظَاءَہٗ مُظَاءَمَةً و تَظَاءَما تَظَاؤُمًا۔ ہم زلف بننا۔
الظَأَم۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔
الظُبَة۔ تلوار وغیرہ کی دھار۔ ج ظُبَات و ظُبِیّ و ظُبُوْن و ظِبُوْن و اَظْبٍ۔
اَظْبَی المَکَانُ : بہت ہرنیوں والی ہونا۔
الظَبْیُ۔ ہرن نر یا مادہ ج ظِبَاءٌ و اَظْبٍ و ظُبِیٌّ و ظَبْیَات۔
صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهٖ دَاءُ الظَبْیِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اسلئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَیْتَهُمْ فَارْبِضْ فِی دَارِهِم ظَبْیًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔
الظَبْیَة۔ ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاء و ظَبَیَات۔ الظَبْیَة وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔
اَرْضٌ مَظْبَاة۔ بہت ہرن والی سرزمین۔
ظَرَّ (ن) مَظَرَّةً۔ دھار دار پتھر توڑنا۔ النَاقَةَ : اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا۔
اَظَرَّ۔ دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا۔
_____ المَکَانَ : بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔
الظِرّ و الظُرَز و الظُرَزَة۔ پتھر۔ دھار دار پتھرج ظُرَّان و ظِرَّان و ظِرَار و اَظِرَّة۔
الظِرَّان۔ چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ "والظُؤر الظِرَّی و الظِرَّانی" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ۔
اَرْضٌ ظَرِیْرٌ و مَظَرَّة۔ بہت چقماق والی سرزمین۔ الظَرِیْر : رہنمائی کا نشان۔ ج ظِرَارٌ و اَظِرَّة و ظِرَّان۔
المِظَرَّة۔ چقماق۔ ج مَظَارّ۔
ظَرِبَ (س) ظَرَبًا۔ یکدا : چپکنا۔
الظَرِب۔ ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ ج ظِرَاب و اَظْرُب۔
الظُرُبَّ مِنَ الرِجَالِ : چھوٹے قد کا موٹا۔
الظَرِبَان و الظَرِبَّاء۔ بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور ج ظَرَابِیّ و ظَرَابِیْن۔ کہا جاتا ہے "فَسَابَیْنَهُمُ الظَرِبَانُ" یعنی ان میں نااتفاقی ہوگئی۔
الظِرْبِی و الظِرْبَاء۔ ظِرْبَان کا اسم جمع۔
الاَظْرَب۔ نواجذ کے پیچھے کے چار دانت
اَظْرَابُ اللِجَام : لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔
ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا و ظَرَافَةً۔ خوش شکل چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظَرِیف۔ ج ظُرَفَاء و ظِرَاف و ظُرُفٌ و ظُرُوْفٌ و ظَرِیْفُوْنَ مؤنث ظَرِیْفَة ج ظَرِیْفَات و ظَرَائِف۔ ظَرَفَةٌ ظَرِیْفٌ تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَتْنِی فَظَرُفْتُهٗ"
اَظْرَفَ۔ ظریف اولاد پیدا ہونا _____
المَتَاعَ : برتن بنانا۔
تَظَرَّفَ و تَظَارَفَ۔ ظرف بننا۔
اِسْتَظْرَفَ۔ ظریف طلب کرنا _____ ہ : ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔
الظَرْف دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَرْفِ جُوْدُ المُهْدِی بِالظَرْف" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام مشکیزہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔
الظَرْف : ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَمَانِ و المَکَانِ"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اور کہا جاتا ہے "هو نقي الظرف" یعنی وہ امین ہے "رَأَيْتُهُ بِظَرْفِهِ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔
الظِّرَاف و الظُّرَّاف۔ ظریف ج ظُرَفَاء و ظُرَّافُوْن۔
المَظْرُوْف۔ مفہ۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَّسَائِلِ مَظْرُوْفَةً۔"
ظَرِيَ (ض) ظَرْيًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔
ظَرِيَ (س) ظَرًى۔ الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔
اِظْرَوْرَى اِظْرِيْرَاءً۔ پیٹ پھولنا۔
الظَّارِي۔ فا۔ کاٹ کھانے والا۔
الظَّرْوَرِيّ۔ زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔
ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا و ظَعَنًا و ظُعْنًا و مَظْعَنًا۔ کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِيَارِهِم" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔
اَظْعَنَ۔ کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔
اِظَّعَنَ۔ الهَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔
الظِّعَان و الظَّعْوْن و الظِّعَام۔ ہودہ باندھنے کی رسی۔
الظَّعُوْن و الظَّعُوْنَة۔ بار بردار اُونٹ۔ ہودہ اُٹھانے والا اُونٹ ج ظُعُن۔
الظَّعِيْنَة۔ ہودہ ج ظَعَائِن و ظُعُن ج اَظْعَان و ظُعُنَات۔ بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُه" یہ اس کی عورتیں ہیں۔
المِظْعَان۔ مِنَ الخيل و النوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اُونٹنی۔
ظَفَرَهُ (ض) ظَفْرًا۔ چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔
ظَفِرَ (س) ظَفَرًا و اِظَّفَرَ المَطْلُوْبَ و بِهٖ و عَلَيْهِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَيْنُهُ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَةٌ اور شخص کی مَظْفُوْر۔
ظَفَّرَهُ۔ کامیابی کی دُعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا ـــــ الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهُ وَاَظْفَرَهُ بِعَدُوِّهٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ اَظْفَرَ فُلَانًا: مُنہ پر ناخن مارنا۔
تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
العَرِیکَۃ۔ کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ الْعَرِیکَۃِ" یعنی نرم خو ہے۔ "ھُوَ شَدِیدُ الْعَرِیکَۃِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِک۔

المَعْرَک والمَعْرَکَۃ والمَعْرُکَۃ۔ میدانِ جنگ۔ ج مَعَارِک۔

المُعْتَرَک۔ میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَکُ المَنَایَا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔

المُعَارَک۔ فا۔ جنگجو۔ سخت حملہ آور۔

المَعْرُوک۔ مقـ۔ مَاءٌ مَعْرُوک : جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض معروکۃ جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو "رَمْلٌ مَعْرُوكٌ وعَرِیكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔

عَرْکَسَ الشَّیْءُ : تہ بتہ ہونا ـــــ الشَّیْءَ : تہ بتہ کرنا۔

اِعْرَنْکَسَ۔ جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا ـــــ الشَّعْرُ : بالوں کا سخت کالا ہونا۔

عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا۔ العَظْمَ : ہڈی سے گوشت اُتار لینا ـــــ الصَّبِیُّ أُمَّہُ : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا ـــــ الإبِلُ الشَّجَرَ : اُونٹ کا درخت سے پتے کھانا ـــــ فُلَانًا : تکلیف پہنچانا۔

عَرِمَ (ن ض) عُرَامًا وعَرَمًا (س) وعَرِمَ (ک) عَرَامَۃً۔ شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بدخلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِمٌ وعَرِمٌ۔

عَرَّمَ فُلَانٌ : خلط ملط کرنا۔

اَعْرَمَ۔ ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ۔ العَظْمَ : ہڈی سے گوشت اُتار لینا۔

ـــــ عَلَیْنَا : بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔

اِعْتَرَمَ۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا دُور دُور قدم رکھنا۔ مُنہ زور ہونا ـــــ الصَّبِیُّ لِذَیٰ أُمِّہٖ : بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

العَارِم۔ فا۔ بدخلق۔ موذی ج عَرَمَۃ مؤنث عَارِمَۃٌ ج عَوَارِم وعَارِمَات۔ یَوْمٌ عَارِمٌ : نہایت ٹھنڈا دن۔

العَرْم۔ چکنا مٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔

العَرَم والعُرْمَۃ۔ سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں (ـــــ والعَرَمَۃ) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا جائے۔ العَرَمَۃ : کھانے کی بُو۔ العَرِم : ہانڈی کا میل۔

العَرِمَۃ۔ پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِم اور ریا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے العَرِم نرچوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔

المُعْرَم۔ فظا یعنی سنگ خوار پرندے کا بڑا۔

العُرَام۔ مِنَ الْجَیْشِ : فوج کی تیزی و کثرت ـــــ مِنَ الرَّجُلِ : بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ شِدَّۃٌ وعُرَامٌ" : اس میں تیزی و بدخلقی ہے۔ ہانڈی کا میل۔

العَرِیم۔ مصیبت ج عُرْمَان۔

الأعْرَم۔ رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑ یا بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرْمَان ج ج عَرَامِین۔

العَرْمَاء۔ مؤنث۔ اَعْرَم : جتی دار سانپ۔

العَرْمَرم۔ سخت۔ بے شمار لشکر۔

العَرْمِس۔ جٹھان۔ مضبوط اُونٹنی۔

العَرْمَض والعِرْمَاض۔ کائی۔

عرن (ن ض) عَرْنًا۔ السِّہَامَ : تیروں کو ترتیب سے رکھنا ـــــ عَلَی الشَّیْءِ : کسی چیز کا عادی ہونا ـــــ البَعِیرَ : اُونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔

عَرِنَتْ (س) عَرَنًا۔ الدَّابَّۃ : عُرْنَہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَۃ) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُون وعَرِنَۃ (ـــــ عِرَانًا)

الدَّارَ۔ گھر کا ڈور ہونا۔

عَرَنَ الرُّمْحَ : نیزے میں بیخ لگانا۔

اَعْرَنَ۔ الرَّجُلُ : ہمیشہ گوشت کھانا۔

العَرَن۔ مقـ۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔

العَرَن والعِرَان والعُرْنَۃ۔ ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان۔ لکڑی جو اُونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ ڈوری۔ بچو کا بھٹ۔ نیزے کی بیخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العِرْنِین۔ گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُنِین (ـــــ والعَرِینَۃ) شیر، بچو، بھیڑیے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔

العِرْنِیْن۔ ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار ـــــ مِن کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِین۔

العِرْناس۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی زوئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (عَرْنُوس) کہتے ہیں ج عَرَانِیس۔

عَرَا یَعْرُو عَرْوًا۔ فُلَانًا أَمْرٌ : پیش آنا۔ فُلَانًا : عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صنعت فاعل عار اور صفت مفعول مَعْرُوٌّ ـــــ القَمِیصَ کرتے میں کاج بنانا (ـــــ وعَرِی) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاۃٌ۔ اور مَعْرُوٌّ۔ وعَرِی الرَّجُلُ۔ خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرَیٰ وعَرَّیٰ القَمِیصَ : کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرَی صَاحِبَہٗ : چھوڑ دینا۔

اِعْتَرَیٰ اِعْتِرَاءً۔ فُلَانًا : عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعْتَرَاہُ أَمْرٌ : لاحق ہونا۔

العِرْو۔ گوشہ۔ وہ جو اُمور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج أَعْرَاء۔ کہا جاتا ہے "أَنَا عِرْو مِنْ كَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وِبِهَا أَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العَرْوَاء۔ بخار کی سردی۔

العُرْوَۃ مِنَ الْإِبْرِیقِ ونَحْوِہٖ : چھاگل لوٹے کا دستہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العُرْوَة و العُرْوَى و العِرْوَى: کاج۔
العُرْوَة۔ گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتبار چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوَةٌ مِنْهُ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلْقَى اِلَيْهِ الْعُرَى" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔
عَرِیَ یَعْرَیٰ عُرْیَةً و عُرْیًا مِنْ ثِيَابِهٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ و عُرْیَان ج عُرَاة۔ صفت مؤنث عَارِيَةٌ و عُرْيَانَةٌ ج عَوَارٍ و عَارِيَات۔
عَرِیَ مِنَ الْعَيْبِ و غَيْرِهٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرَ (ـــــ عُرِیٌّ) اللَّيْلَةُ: رات ٹھنڈی ہونا۔
عَرَاهُ يَعْرِيهِ عَرْيًا۔ الْاَمْرُ: پیش آنا۔
عَرَّیٰ تَعْرِيَةً الرَّجُلُ الثَّوْبَ و مِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اُتار لینا ـــــ فُلَانًا النَّخْلَةَ: کسی کو ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا ـــــ فُلَانًا صَدِيقَهٗ: دُور ہونا اور مدد نہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔
تَعَرَّیٰ تَعَرِّيًا مِنْ ثِيَابِهٖ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔
اِعْرَوْرَیٰ اِعْرِيرَاءً۔ تنہا سفر کرنا ـــــ الْفَرَسُ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا ـــــ اَمْرًا قَبِيحًا: قبیح کام کرنا۔
العَرَیٰ۔ گوشہ۔ میدان۔ سردی۔
العَرَاء۔ کھلا میدان۔ ج اَعْرَاء۔
العَرَاة۔ میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔
فَرَسٌ عُرْیٌ۔ ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعْرَاء۔
الْاَعْرَاء۔ آزاد و لاپروا لوگ۔ واحد عُرِیٌّ۔
العُرْيَة و العِرْيَة۔ نگاپن۔
العَارِيَة۔ اُدھار لی ہوئی چیز۔

العُرْبَان۔ ننگا۔ عُرْيَانُ النَّجْمِ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔
العَرِیَّ۔ ٹھنڈی ہوا۔
العَرِيَّة۔ ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دے دیا ہو۔ ج عَرَايَا۔ کہا جاتا ہے "نَخْلُهُمْ عَرَايَا" یعنی ان کے درخت خرما بہہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے وہ دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دے دیتے ہیں۔
المَعْرَیٰ و المَعْرَاة۔ نگاپن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ۔ ج مَعَارٍ۔ المَعَارِي: بنجر مقامات۔ بچھونے۔
عَزَّ (ض) عِزًّا و عِزَّةً و عَزَازَةً۔ عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا ـــــ الشَّيْءُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا ـــــ الْمَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَيْهِ عِزًّا۔ کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَيَّ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" میرے اُوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔
عَزَّهٗ (ن) عَزًّا۔ قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔
عَزَّزَهٗ۔ مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔
عَازَّهٗ مُعَازَّةً۔ حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ کشتگو میں غالب ہونا۔
اَعَزَّهٗ اِعْزَازًا۔ عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔ اَعَزَّتِ الْبَقَرَةُ: گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَكَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔
اِعْتَزَّ۔ قوی ہونا ـــــ بِهٖ: اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا ـــــ عَلَى فُلَانٍ: بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔
تَعَزَّزَ۔ قوی ہونا ـــــ بِهٖ: فخر کرنا ـــــ لَحْمُهٗ: سخت اور ٹھوس ہونا۔
اِسْتَعَزَّ عَلَيْهِ: سختی کرنا۔ غالب ہونا۔
ـــــ اللّٰهُ بِفُلَانٍ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِّي" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "وَاُسْتُعِزَّ بِعَلِيلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آگئی۔
العِزّ۔ عزت۔ سخت بارش۔

رَجُلٌ عِزٌّ۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "بِعِزٍّ بِهٖ عِزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
العَزَّة۔ ہرن کا مادہ بچہ۔
العِزَّة۔ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔
العَزِيز۔ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزَاز و اَعِزَّاء و اَعِزَّة۔ حاکم مصر کا لقب۔
الْاَعَزّ۔ اسم تفضیل۔ عزیز۔
العُزَّیٰ۔ عزیزہ۔ شریفہ۔ (اَعَزّ) کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔
العَزَّاء۔ شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوند کی بارش۔
المِعْزَاز۔ سخت مرض والا۔
المَعْزُوزَة۔ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔
عَزَبَ (ن) عُزْبَةً و عُزُوبَةً۔ بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزُبَ (ن ض) عُزُوبًا۔ دُور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِب عَزَبَتِ الْاَرْضُ: زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ۔ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ۔ دُور ہونا ـــــ ہ: دُور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ۔ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
العَازِب۔ فا۔ دُور کی چراگاہ۔
العَازِبَة۔ مؤنث عَازِب۔ مرد کی بیوی ج عَوَازِب۔
العَزَب۔ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کیلئے اور عَزَبَةٌ مؤنث کیلئے۔ ج عُزَّاب و اَعْزَاب۔
الْاَعْزَب۔ جس کے اہل و عیال نہ ہوں۔ وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دُور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْبَاء ج عُزْبٌ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المِعْزَبَة۔ باندی۔ لونڈی (ـــــ والمُعْزَبَة) پھوپی۔

المِعْزَاب والمِعْزَابَة۔ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دُور چرانے کے لیے لے جائے

المِعْزَابَة جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔

عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلُ: دفع کرنا ـــــ الأَرْضَ بِالمِعْزَجَةِ: بیلچہ سے زمین کو اُلٹ پلٹ کرنا۔ جماع کرنا۔

عَزَدَ (ف) عَزْدًا۔ جماع کرنا۔

عَزَرَهُ (ض) عَزْرًا۔ ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ـــــ ہ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ واپس کر دینا ـــــ ہ عَلَى الأَمْرِ: خبردینا ـــــ ہ عَلَى الفَرَائِضِ والأَحْكَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرادینا۔

عَزَّرَهُ۔ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت ومدد کرنا۔

العَزُوْر والعَزُوَّر۔ بدخلق۔

العَزُوْرَة۔ مؤنث۔ عَزُوْر۔ ثیلہ۔

العَزَائِر: لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)

العَزِيْر والعَزَائِر۔ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔

عِزْرَائِيْل۔ فرشتہ ملک الموت کا نام۔

عَزْعَزَهُ۔ عزت میں غالب آنا۔

عَزَطَ (ن) عَزْطًا۔ جماع کرنا۔

عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا وعُزُوْفًا۔ نَفْسُهُ وعَنِ الشَّيْءِ: بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (ـــــ عُزُوْفًا) نَفْسُهُ عَنْ كَذَا: منع کرنا (ـــــ عَزْفًا و عَزِيْفًا) آواز دینا۔ گانا۔

عَزَّفَ۔ آواز دینا۔

أَعْزَفَ۔ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔

تَعَازَفُوْا۔ ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

إِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ: بُرائی کیلئے آمادہ ہونا۔

العَازِف۔ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔

العُزَّاف۔ وَف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔

العُزَّاف۔ جنگلی کبوتر۔

العُزُوْف والعَزُوْفَة۔ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّهْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عِزَاف عَزُوْفَة میں تامبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔

التَّعَزُّف۔ بمعنی عَزْف۔ مصدر۔

العَزَّاف۔ بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ: بہت گرجنے والا بادل۔

المِعْزَف والمِعْزَفَة۔ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِف۔

عَزَقَ (ن) عَزْقًا۔ تیز دوڑنا ـــــ الخَيْرِ عَنِّيْ: روک لینا ـــــ ہ ضَرْبًا: مارنے میں مبالغہ کرنا۔

عَزَقَ (ض) عَزْقًا الأَرْضَ: زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔

عَزِقَ (س) عَزَقًا بِهِ: چپکنا۔

العَزِق۔ بدخلق۔ ج عُزُق۔

العَزُوْق والعَزُوْق۔ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ عَزُوْقٌ: سخت مزاج بخیل وبدخو مرد۔

العَزِيْق۔ مِنَ الأَرْضِ: پست زمین۔

المِعْزَق والمِعْزَقَة۔ ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعَازِق۔

المُتَعَزِّق۔ بدخلق۔

عَزَلَهُ (ض) عَزْلًا۔ عَنْ كَذَا: جدا کردینا ـــــ فُلَانًا عَنْ مَنْصِبِهِ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کردینا ـــــ ہ عَنْ عَمَلِهِ: باز رکھنا۔

عَزَّلَهُ۔ ایک جانب کردینا۔

تَعَزَّلَ واعْتَزَلَ۔ الشَّيْءَ وعَنْهُ: جدا ہو جانا۔

تَعَازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

العَزَل۔ بے تیمار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَة: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔

العُزْل والعِزَال۔ کمزوری۔

العُزْلَة۔ جدائی۔ گوشہ نشینی۔

العُزُل۔ بے ہتھیار مروج أَعْزَل۔

الأَعْزَل۔ علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل وأَعْزَال وعُزَّل وعُزْلَان۔ مؤنث عَزْلَاء۔ الأَعْزَل مِنَ الدَّوَابِّ دُم کو جھکا ہوا رکھنے والا ـــــ مِنَ الطَّيْرِ: پرندہ جو اُڑنے پر قادر نہ ہو۔ الأَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "زَابِحٌ" ہے۔

العَزْلَاء۔ الأَعْزَل کا مؤنث۔ دیر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِي والعَزَالَى۔ کہا جاتا ہے "أَنْزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدتِ بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعْزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید وجداگانہ ہے۔

المُعْتَزِلَة والعُزَّال۔ قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔

المِعْزَال۔ علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اُترنے والا۔ خودرائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِيْل۔

عَزْلَبَ عَزْلَبَةً۔ جماع کرنا۔

عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا ومَعْزِمًا وعَزِيْمًا وعَزَمَةً وعَزِيْمَةً وعُزْمَانًا الأَمْرَ وعَلَيْهِ پختہ ارادہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ: کوشش کرنا ـــــ الأَمْرُ: واجب ہونا ـــــ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَيْكَ لتفعلن الَّا فَعَلْتَ او لَمَا فَعَلْتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (ـــــ وعَزَّمَ) الرَّاقِي: منتر پڑھنا۔

إِعْتَزَمَهُ الامر و عَلَيْهِ: ارادہ کرنا ـــــ الطَّرِيْق بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا ـــــ الفَرَسُ فِي عِنَانِهِ: سرکشی کرنا۔

تَعَزَّمَ۔ الأَمْرَ وعَلَى الأَمْرِ: ارادہ کرنا۔

العَزْم۔ پختہ ارادہ۔

العُزْمَة۔ خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم۔

العَزْمَة۔ حق۔ واجب ج عَزَمَات۔ عَزَمَاتُ اللّٰهِ وعَزَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَزْمَة" اس کیلئے ثابت وصبر نہیں۔

العَزْمِي۔ کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔

أُمُّ العِزْمِ والعِزْمَة وأُمُّ عِزْمَة۔ ذبر۔

العَزِيْم۔ تیز دوڑ۔

العَزِيْمَة۔ مؤکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العَازِم۔ فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُوْن۔ اَمْرٌ عَازِمٌ: کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوْم۔ ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دیر۔ ج عُزُم۔
العَزَّام۔ صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعَزِّم۔ فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا یَعْزُو عَزْوًا۔ الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ: نسبت کرنا ( ـــــ عَزَاءً) الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا یَعْزُ وَعَزَوَا وتَعَزَّیٰ تَعَزِّیًا اِعْتَزَیٰ اِعْتِزَاءً لِفُلَانٍ والٰی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عَزَاء) ہے۔ اور اسی سے ہے "اِعْزَیٰ بِعَزَاءِ الجَاهِلِيَّةِ"۔
العِزَة۔ لوگوں کی جماعت ج عِزًی وعِزُوْن۔
العِزْوَة۔ انتساب۔ صبر۔
عَزَیٰ یَعْزِی عَزْیًا الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلٰی فُلَانٍ: نسبت کرنا۔
عَزِیَ یَعْزَیٰ عَزَاءً۔ مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزِ۔ صفت مؤنث عَزِیَّة۔
عَزَّیٰ تَعْزِیَةً۔ الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزَّیٰ تَعْزِیًا۔ اِلَیْهِ: منسوب ہونا ـــــ عَنْهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازَیٰ تَعَازِیًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِیُّ۔ صابر۔
العِزِّیَة۔ انتساب۔
الاِعْتِزَاء۔ دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا ـــــ الخَبَرَ: دیر سے پہنچنا۔
عَسَّسَ۔ القَوْمَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِعْتَسَّ۔ رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔
الشَّیْءَ۔ رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا ـــــ البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس۔ رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٌّ کی۔
العُسّ۔ بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس و عِسَسَة واَعْسَاس وعُسُس۔
العَاسّ۔ رات کا چوکیدار ج عَسَس وعَسِیْس۔
العَسَّاس۔ رات کا چوکیدار۔
العَسُوْس۔ دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔
المَعَسّ۔ مطلب۔
اَعْسَبَ۔ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔ اَعْسَبَهُ جَمَلَهُ: اونٹ عاریت پر دینا۔
اِسْتَعْسَبَ مِنْهُ: ناپسند کرنا ـــــ فُلَانًا جَمَلَهُ: اونٹ عاریت پر لینا۔
العَسَب۔ نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ اللّٰهُ عَسَبَهُ اللّٰهُ اس کی نسل کو منقطع کردے۔
العَسْبَة۔ اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔
العَسُوْب۔ رئیس اعظم۔
العَسِیْب۔ دم کی ہڈی یا اس پر بال اگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دور کردیے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف ج عُسُب وعُسُبَان۔
اليَعْسُوْب۔ شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ اليَعْسُوْب: رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْسُوْبُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج يَعَاسِيْب۔
العُسْبُر۔ چیتا ج عَسَابِر۔
العُسْبُرَة۔ مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اونٹنی۔
العِسْبَار۔ بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیے کا بچہ۔
العُسْبُوْر والعُسْبُوْرَة۔ کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے۔
عَسَجَ (ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا و عَسِيْجًا چلنے میں گردن اٹھانا۔
اِعْسَجَّ الشَّيْخُ: بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا۔
العَوْسَج۔ ایک کانٹے دار درخت۔ واحد عَوْسَجَة۔
العَسْجَد۔ سونا۔ جوہر مانند موتی یا توت وغیرہ۔ مضبوط موٹا اونٹ۔
العَسْجَدِيَّة۔ شاہی سواریاں۔ اور یہ اصل میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے۔
عَسْجَرَ الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔
الرَّجُلُ: بہت تیز نظر سے دیکھنا۔
العَسْجَر۔ نمک۔
عَسَدَ (ض) عَسْدًا۔ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا ـــــ جَارِيَتَهُ: جماع کرنا۔
العِسْوَدَّ۔ بہت مضبوط۔ سانپ۔
عَسَرَ (ن ض) عِسْرًا وعُسْرًا۔ الغَرِيْمَ: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا ـــــ الزَّمَانُ سخت ہونا ـــــ عَلٰی فُلَانٍ: مخالف ہونا ـــــ عَلَيْهِ مَافِيْ بَطْنِهٖ: پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکالنا دشوار ہونا۔
عَسَرَهُ (ض) عَسْرًا۔ بائیں جانب سے آنا۔ عَسَرت وعَسَرَانًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا دوڑنے میں دم اٹھانا ـــــ المَرْأَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَسِرَ (س) عَسَرًا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْرَاءُ ج عُسْر۔
عَسِرَ (س) عُسْرًا وعَسَرًا ومَعْسُوْرًا وعَسُرَ (ک) عُسْرًا وعُسَارَة دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہوگیا ـــــ الرَّجُلُ: بدخلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِيْر۔
عَسَّرَ الاَمْرَ: دشوار کرنا ـــــ عَلَيْهِ: تنگ کرنا۔ مخالفت کرنا ـــــ ہ: بائیں جانب سے آنا۔
اَعْسَرَ۔ تنگ دست ہونا ـــــ الغَرِيْمَ: قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔
اَعْسَرَتِ المَرْأَة: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً۔ تنگی کا معاملہ کرنا۔
تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا ـــــ عَلَيْهِ القَوْلُ: ملتبس ہونا۔
تَعَاسَرَ البَيِّعَانِ: بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔
اِعْتَسَرَهُ۔ مجبور کرنا ـــــ الكَلَامَ: قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِسْتَعْسَرَ- الْاَمْرُ :دشواری پانا ـــــ الْاَمْرُ عَلَيْهِ : سخت اور پیچیدہ ہونا-
الْعُسْر والعُسُر- تنگ دستی- سختی- تنگی-
العُسْرَة والعُسْرىٰ والمَعْسَرة والمَعْسُرة تنگی اور سختی-
الْاَعْسَر- بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَعْسَرُ يَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے- "يَوْمٌ اَعْسَر" یعنی سخت اور منحوس دن-
العُسْرىٰ- مؤنث الاعسر : تنگی- دشواری-
المِعْسَر- اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا-
المَعْسُوْر- تنگ حال-
عَسْعَسَ- اللَّيْلُ : رات کا گزرنا- رات کا تاریک ہونا ـــــ السَّحَابُ : بادل کا زمین سے قریب ہونا ـــــ الْاَمْرُ : مشتبہ کر دینا- معمہ بنا دینا ـــــ الشَّيْءُ : حرکت دینا ( ـــــ وتَعَسْعَسَ الذِّئْبُ) : بھیڑیے کا رات میں پھرنا- تَعَسْعَسَ الشَّيْءَ : ٹٹولنا-
العَسْعَس- رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا-
العَسْعَاس- رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا-
سراب- ہر چیز میں سے ہلکا-
عَسَفَ (ض) عَسْفًا السُّلْطَانُ : ظلم کرنا- جور کرنا ـــــ ہ : ظلم کرنا- خدمت لینا ـــــ الدَّمْعُ الجُفُوْنَ : آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا ـــــ الشَّيْءَ : زبردستی لے لینا- فِي الْاَمْرِ : بغیر سوچے سمجھے کرنا ـــــ لِفُلَانٍ : کسی کے لیے کام کرنا- الطَّرِيْق و عَنِ الطَّرِيْقِ : راستے سے ہٹ جانا-
المَفَازَة : بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا- کہا جاتا ہے "بَاتَ يَعْسِفُ اللَّيْلَ و بِاللَّيْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا-
اَعْسَفَ- رات میں بے راہ چلنا- غلام سے سخت کام لینا-
عَسَّفَ- بغیر علامت نشان کے چلنا ـــــ البَعِيْر : چلنے سے تھکا دینا-
تَعَسَّفَ- فِي القَوْلِ : بے راہ روی کرنا- ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو ـــــ عَنِ الطَّرِيْقِ : ہٹ جانا ـــــ الْاَمْر : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا ـــــ فُلَانًا- ظلم کرنا- خدمت لینا-
اِعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِيْقِ : راستے سے ہٹ جانا ـــــ الطَّرِيْقَ : راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا ـــــ الْاَمْر : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا- فُلَانًا : ظلم کرنا- خدمت لینا-
اِنْعَسَفَ الشَّيْءَ : مڑنا-
العَسْف- ظلم- موت-
العَاسِف- فا- مِنَ الابل : عساف کی بیماری والا اونٹ- کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِفٌ" ج عَوَاسِف-
العُسَاف- اونٹوں میں ایک بیماری- جس میں سانس زیادہ لیتا ہے-
العَسُوْف والعَسَّاف والمِعْسَف- بہت ظالم-
العَسِيْف- مزدور ج عُسَفاء وعِسَفة-
العِسِّيْف- بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا- کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا فِيْ مَعَاسِيْفِ البِيْدِ و مَعَامِيْهَا" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا-
عَسِقَ (س) عَسَقًا و تَعَسَّقَ بِهٖ : چمٹنا-
عَلَيْهِ : طلب کرنے میں اصرار کرنا-
العَسَق- تنگ خوئی- اوّل رات کی تاریکی-
العَسِيْقَة- روی شراب-
عَسْقَل- السَّرَابُ : سراب کا چمکنا-
عَسْقَلَان- شام کے ساحل پر ایک شہر-
الرَّاس : سر کا اوپر کا حصہ-
العَسْقَل- سانپ کی چھتری- ج عَسَاقِل-
العَسَاقِل والعَسَاقِيْل- سراب- متفرق بادل- صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا-
عَسِكَ (س) عَسْكًا بِهٖ : لازم ہونا- چمٹنا-
تَعَسَّكَ- الرَّجُلُ فِيْ مَشْيِهٖ : مٹک کر چلنا-
عَسْكَرَ القَوْمُ : جمع ہونا- اللَّيْلُ : تاریکی زیادہ ہونا- الشَّيْءَ : جمع کرنا- جمع کردہ کو مُعَسْكَر کہتے ہیں-
العَسْكَر- جمع- لشکر ج عَسَاكِر- ہر چیز کا بہت- کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْهُ عَسَاكِرُ الهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دور ہو گئی-
العَسْكَرَة- سختی و خشک سالی-
عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا وعَسَّلَ الطَّعَامَ : کھانے میں شہد ملانا- عَسَلَ وعَسَّلَ القَوْمَ : شہد کھلانا- شہد کا توشہ دینا- عَسَّلَتِ النَّحْلُ : مکھیوں کا شہد بنانا- عَسَّلَ الشَّيْءُ : شہد جیسا ہونا- عَسَّلَ النَّائِمُ : اونگھنا-
عَسَلَ (ض) عَسْلًا وعُسُوْلًا وعَسَلَانًا الرُّمْحُ : زیادہ حرکت کرنا- المَرْاَةُ : جماع کرنا-
عَسَلَ (ن) عَسَلًا وعَسَلَانًا المَاءُ : ہوا کی وجہ سے لہرانا-
اِسْتَعْسَلَ- شہد طلب کرنا- اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ : مکھیوں کا شہد بنانا- کہا جاتا ہے عَسَلَّلَهٗ بمعنی تَعْسَالَهٗ یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو-
العَسَل- شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال وعُسُل وعُسُل وعُسُوْل وعُسْلان- تھوڑے سے کو عَسَلَة کہتے ہیں- العَسَل : کھجور کا شیرہ- کہا جاتا ہے "مَالِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَةٍ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں- "مَاتَرَكَ لَهٗ مَضْرِبَ عَسَلَةٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا-
اَبُوْ عَسَلَة- بھیڑیا-
العَسَلِيُّ- شہد کے رنگ کا-
العَاسِل- فا ( ـــــ والعَسُوْل) نیکو کار جس کی ثناء صفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسُل-
العَاسِل- شہد نکالنے والا ج عُسَّل وعَوَاسِل- بھیڑیا- زُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُوْلٌ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا-
العَسَّال- بمعنی العَاسِل-
خَلِيَّةٌ عَاسِلَةٌ- چھتہ مع شہد کے-
العَسَّالَة- چھتہ-
العَسَّالَة- شہد کی مکھی- شہد کے نکالنے والے-
العَسِيْل- عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے- ہاتھی اور اونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل-
المَعْسَلَة والمَعْسَلَة- شہد کا چھتہ-
المَعْسُوْل- مفع- رَجُلٌ مَعْسُوْل : شیریں زبان- خوش آواز- مَعْسُوْلُ المَوَاعِيْد : سچے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وعدے۔
عَسْلَجَ۔الشجر: نرم ٹہنیاں نکالنا۔
العُسْلُج۔نرم ٹہنیاں۔ج عَسالِیج۔
العُسْلُوج۔نرم ٹہنیاں۔ج عَسالِیج۔
عَسْلَطَ۔غیر مربوط کلام بولنا۔
کَلَامٌ مُعَسْلَطٌ۔غیر مربوط گفتگو۔
العَسْلَق۔سراب۔بھیڑیا۔شیر۔نر شترمرغ۔ہر شکاری درندہ۔بدخصلت۔چست چالاک۔دراز گردن۔لومڑی۔ج عَسالِق۔
عَسَمَ (ض) عَسْمًا وعُسُوْمًا فِی الْاَمْرِ: لالچ کرنا۔کوشش کرنا۔عَسَمَتْ عَیْنُهٗ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔
عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الکَفُّ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔صفت مذکر اَعْسَم۔صفت مؤنث عَسْمَاء۔
اَعْسَمَ یدہ: خشک کر دینا۔اَعْسَمَتْ عَیْنُهٗ آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔
اِعْتَسَمَ۔کمائی کرنا فُلَانًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔
العَسُوْم۔بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ج عُسُم۔
العَاسِم۔بمعنی العَسُوْم۔
العَسَمَة والعَسُوْم۔خشک روٹی کے ٹکڑے
العُسُوْم: قلت۔
المَعْسَم۔جائے طمع۔کہا جاتا ہے "مَالِكَ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ مَعْسَم۔"
عَسِنَ (س) عَسَنًا الکَلَا فِی الدَّابَّةِ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔عَسِنَتِ الدَّابَّةُ: چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔
تَعَسَّنَ۔الشَّیْءَ: پتہ نشان تلاش کرنا۔اَبَاهُ: مشابہ ہونا (ـــــ واَعْسَنَ) المَکَانُ: کچھ سبزی اگانا۔
العَسْن۔چربی۔بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔
العِسْن۔مثل و نظیر (ـــــ والعُسْن) چربی۔
العَسُوْن والاَعْسَن۔موٹا۔ج عُسْن۔
اَعْسَانُ الشَّیْءِ: نشان۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی اَعْسَانِ مِنْ اَبِیْهِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
اَلْعَسْنَج۔نر شترمرغ۔
عَسَا یَعْسُو عَسَاءً وعُسُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔عَسَتْ یَدُهٗ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا ـــــ اللَّیْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔عَسَا یَعْسُوْ عَسْوًا وعُسُوًّا وعُسِیًّا وعَسَاءً وعَسْوَةَ الشَّیْخُ: بوڑھا ہونا۔
العَسْو۔مصدر۔موم۔
العَاسِی۔فاسد مزاج۔
العِسْوَة۔بڑھاپا۔
عَسِیَ یَعْسٰی عَسًی۔النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
عَسٰی۔افعالِ مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔محبوب میں اُمید کے لیے اور مکروہ میں خوف کے لیے مستعمل ہے۔
العَسِی والعَسِیّ والمُعْسَاة بِالْاَمْرِ: لائق۔مناسب۔
اَعْسِ بِهٖ: فعل تعجب ہے بمعنی اَحْلِقْ بِهٖ: یعنی کسی قدر لائق ہے۔
العَاسِی۔فاسد و درخت خرما۔بقول ابو عبید درخت خرما کا گچھا۔
المِعْسَاء۔قریب البلوغ لڑکی۔
عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّیْءَ: طلب کرنا۔جمع کرنا ـــــ القَمِیْصَ: کرتے میں پیوند لگانا ـــــ المَعْرُوْفَ: تھوڑا سا دینا۔عَشَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔عَشَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔
عَشَّ (ن) عُشُوْشَةً وعَشَاشَةً وعَشَشًا البَدَنُ: لاغر ہونا۔صفت عَشٌّ
عَشَّشَ الطَّائِرُ پرندے کا گھونسلہ بنانا۔
عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ۔درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔عَشَّشَ الکَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔
عَشَّشَ الخُبْزُ: روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔
اَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: روکنا۔باز رکھنا ـــــ الظَّبْیَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا ـــــ البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا ـــــ الرَّجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔
اِعْتَشَّ۔گھونسلہ بنانا ـــــ البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔
اِنْعَشَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرزہ پرزہ ہونا۔
العَشّ۔مص۔عطاء قلیل۔رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔
العَشّ والعُشّ۔گھونسلہ ج عشاش و عِشَشَة واَعْشَاش وعُشُوْش۔
العَشَّة۔کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔کم درخت والی سرزمین۔
المَعَشّ۔مطلب۔
المُعَشَّش۔مفعم۔وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا۔خشک ہونا۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا وعُشُبَ (ک) عَشَابَةً۔المَکَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔صفت عَاشِب۔
عَشُبَ (ک) عَشَابَةً وعُشُوْبَةً الرَّجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔صفت مذکر عَشَب۔صفت مؤنث عَشَبَة۔
اَعْشَبَ۔القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔کہا جاتا ہے "اَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اُتر پڑو۔
اَعْشَبَ وعَشَّبَ المَکَانُ: سبز گھاس اُگانا۔
اِعْتَشَبَ وتَعَشَّبَ۔سبز گھاس چرنا۔موٹا ہونا۔
اِعْشَوْشَبَ۔سبز گھاس پر پہنچنا ـــــ المَکَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔
العُشْب۔سبز گھاس۔ج اَعْشَاب و واحد عُشْبَة۔
العَشَبَة۔بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔
العَشَابَة۔سبز گھاس کی کثرت۔
العَشِب والعَشِیْب والمُعْشِب والمَعْشَاب: سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) اَرْضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِیْبَةٌ ومُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ۔بہت سبز گھاس والی زمین۔
العَشَاشِیْب۔سبز گھاس کے متفرق قطعے۔
العَشَّاب۔سبز گھاس والا۔سبزی والا۔
عَشَرَ (ض) عَشْرًا۔دس میں سے ایک لینا۔نو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پر ایک زائد کرنا ـــــ القَوْمَ : قوم میں دسواں ہونا ـــــ النَاقَةُ : اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

عَشَرَ (ن) عَشْرًا و عُشُوْرًا و عَشَّرَ المَالَ : دسواں حصہ لینا ـــــ القَوْمَ : قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ : گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔ عَشَّرَتِ النَاقَةُ : اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

اَعْشَرَ العَدَدُ : دس کر دینا ـــــ القَوْمُ : دس ہونا۔ اَعْشَرَتِ النَاقَةُ : اُونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔

عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً : باہم مل جل کے رہنا۔

اِعْتَشَرَ و تَعَاشَرَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔

العِشْر دسواں حصہ۔ اُونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج اَعْشَار۔

العُشْر۔ دسواں حصہ ج عُشُوْر و اَعْشَار

الاَعْشَار : پرندے کے اگلے بڑے پَر۔

العُشَر۔ ہر مہینے کی دسویں، گیارہویں، بارہویں رات۔

العَشَرَة۔ دس اور یہ مذکر کے لیے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لیے دونوں جزء مذکر جیسے "اَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً" اور مؤنث کے لیے دونوں جزء مؤنث۔ جیسے اِحْدَیٰ عَشْرَةَ اِمْرَاَةً ـــــ اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلاً اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جزء مؤنث جیسے خَمْسَ عَشْرَةَ اِمْرَاَةً ج عَشَرَات۔

العِشْرُوْنَ۔ بیس (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔)

العِشْرَة۔ صحبت۔ مخالطت۔

العَاشِر۔ فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اُونٹ ج عُشَّر مؤنث عَاشِرَة۔ ج عَوَاشِر۔ العَوَاشِر : پرندے کے اگلے بڑے پَر۔

العَشُوْرَىٰ والعَاشُوْر والعَاشُوْرَاء والعَاشُوْرَىٰ۔ محرم کی دسویں تاریخ۔

العَشَّار۔ دسواں حصہ وصول کرنے والا۔

العُشَرَاء۔ مِنَ النُوقِ : آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اُونٹنی ج عِشَار و عُشَرَاوَات یا وہ اُونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔

العُشَرَاءُ والعُوَيْشَرَاءُ : گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا عُشَارَا و مَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)

ثَوْبٌ عُشَارِيّ۔ دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِيّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة۔

عُشَارَة۔ دسواں حصہ۔

الاَعْشَارِي۔ اَعْشَار جمع عشر کی طرف منسوب۔

العَشِيْر۔ قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء۔

العَشِيْر۔ دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء۔

العَشِيْرَة۔ قبیلہ۔ عَشِيْرَةُ الرَجُلِ : برادرانِ باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر۔ وعَشِيْرَات۔

الاَعْشَر۔ بیوقوف۔

المَعْشَر۔ جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر۔

المِعْشَار۔ دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار : بہت دودھ والی اُونٹنی۔

العَشَارِب والعَشَرَّب۔ شیر رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔

عَشَرَ (ض) عَشَرَانًا۔ کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا ـــــ عَلَى عَصَاهُ : لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

العَشُوْز۔ دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز ( ـــــ والعَشُوَّز) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔

عَشِقَه (س) عِشْقًا و عَشَقًا و مَعْشَقًا بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُوْن۔ صفت مؤنث عَاشِقَةٌ و عَاشِقٌ ج عَوَاشِق عَشِقَ بِالشَّيْءِ : چمٹنا۔

تَعَشَّقَ۔ بتکلف عاشق بننا ـــــ ه : بہت محبت کرنا۔

العِشْق۔ محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

العَشَقَة۔ عشق۔ پیچان۔ پیلو۔ ج عَشَق۔

العَشِيْق۔ عاشق۔ معشوق۔ العَشِيْق والعِشْوَق : پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق۔

العَشَّاق والعِشِّيق۔ بہت زیادہ عشق والا۔

عَشِمَ (س) عَشَمًا و عُشُوْمًا و تَعَشَّمَ الشَّيْءُ : خشک ہونا۔

العَشَم۔ لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ : سوکھی یا خراب روٹی۔

العَشَمَة۔ لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "شَيْخٌ عَشَمَةٌ و عَجُوْزٌ عَشَمَةٌ"

خُبْزٌ عَيْشَمٌ خشک یا خراب شدہ روٹی۔

الاَعْشَم۔ دو ملوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء۔

عَشَنَ (ن) عَشْنًا و اَعْشَنَ و عَشَّنَ و اِعْتَشَنَ۔ رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا : ناحق حملہ کر دینا۔

العُشَان والعُشَانَة۔ گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة : کھجور کی شاخ کی جڑ۔

عَشَا يَعْشُو عَشْوًا۔ رتوندوالے کی طرح کام کرنا ـــــ الإِبِلَ : اُونٹوں کو رات میں چرانا۔

الرَجُلَ : رات میں قصد کرنا ـــــ ه و اِلَيْهِ۔ قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا ـــــ عَنْهُ : اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا ( ـــــ عَشْوًا و عَشْيًا) الرَجُلَ : رات کا کھانا کھلانا ( ـــــ عَشْوًا و عُشُوًّا) النَارَ و اِلَى النَارِ : رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا معمانی کی اُمید میں جانا ( ـــــ عَشْوًا و عَشِيَ يَعْشَى عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ و اَعْشَى۔ عَشِيَ العَشَاءَ : رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْيَان۔ عَشِيَ عَلَيْهِ : ظلم کرنا۔ عَشِيَتِ الإِبِلُ : اُونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِيَةٌ ج عَوَاشٍ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عَشّٰی تَعْشِیَةً۔ الرَّجُلَ : شام کا کھانا کھلانا ـــــ الطَّیْرَ : آگ روشن کر کے اندھا بنا کر شکار کرنا ـــــ عَنِ الشَّیْءِ : نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا ـــــ الْإِبِلَ : اُونٹ کو رات میں چرانا۔

اَعْشٰی اِعْشَاءً الرَّجُلَ : دینا۔ رات کا کھانا کھلانا ـــــ اللّٰهُ الرَّجُلَ : رتوندہ میں مبتلا کر دینا۔

تَعَشّٰی۔ رات کا کھانا کھانا۔

تَعَاشٰی۔ رتوندی والا ظاہر کرنا۔

عَنْهُ : جاہل بننا۔

اِعْتَشٰی اِعْتِشَاءً ا۔ عشا کے وقت چلنا ـــــ النَّارَ : رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔

اِسْتَعْشٰی اِسْتِعْشَاءً نَارًا : آگ کی روشنی میں راستہ پانا ـــــ الرَّجُلَ : متحیر پانا۔

العَشَاء۔ شام کا کھانا۔ ج اَعْشِیَةٌ۔

العَشَا و العَشَاوَة۔ نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔

العَشِیّ۔ شام کا کھانا۔

العِشَاء و العَشِیّ۔ رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی۔ یا دن کا آخری حصہ۔

العِشَاءَانِ۔ مغرب اور عشا۔ بَعِیر عَشِیٌّ رات کو دیر تک چرنے والا۔

العَشِیَّة۔ شام ج عَشِیٌّ و عَشَایَا و عَشِیَّات اور نسبت کے لیے عَشَوِیّ۔ العَشِیَّة : باول۔

العَشْوَة۔ تاریکی۔ رات کے اوّل ربع کی تاریکی۔

العُشْوَة و العِشْوَة۔ آگ کا شعلہ جو رات کو دُور سے دکھائی دے۔

العُشْوَة و العِشْوَة و العَشْوَة۔ آمر مشتبہ کو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْطَاْهُ عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے اَمرِ مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے۔

العَشْوَاء۔ مؤنث الْاَعْشٰی۔ اُونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاء" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "هُوَ اَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاء" و "اِنَّهُمْ لَفِیْ عَشْوَاءٍ مِنْ اَمْرِهِم" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں۔ و "رَکِبَ الْعَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء : تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔

عَصَّ (س) عَصًّا و عَصَصًا۔ سخت ہونا۔

عَصَّصَ عَلٰی عَزِیْمِهٖ : قرض دار سے اصرار کرنا۔

العُصَّ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ العُصِّ"۔

العُصَص و العُصُص۔ دُم کی ہڈی۔

عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّیْءَ : لپیٹنا۔ موڑنا۔ بُننا۔ باندھنا ـــــ القَطْنَ : روئی کاتنا۔ الرِّیْقُ بِالْفَمِ : تھوک کا مُنہ پر خشک ہونا ـــــ النَّاقَةَ : دوھنے کے لیے اُونٹنی کی رانیں باندھنا ـــــ الرَّجُلُ بِیْنَهٗ : اقامت کرنا ـــــ الْغُبَارُ رَاْسَهٗ : سر پر غبار لگ جانا ـــــ القَوْمُ بِهٖ : اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا ـــــ عَصْبًا و عُصُوْبًا) الْاَسْنَانُ : دانتوں کا میلا ہونا ـــــ الْاُفُق : کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا ( ـــــ عَصْبًا و عِصَابًا) الشَّیْءَ : قبضہ کرنا۔

عَصِبَ (س) عَصَبًا اللَّحْمُ : گوشت کا زیادہ چھچھے والا ہونا۔ صفت۔ عَصِب ـــــ القَوْمُ بِهٖ : اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔

عَصَّبَهٗ۔ بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔

عَصَّبَ فُلَانًا : سردار بنانا۔

اَعْصَبَتِ الْاِبِلُ : اُونٹوں کا تیز چلنا۔

تَعَصَّبَ۔ پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا ـــــ لَهٗ وَمَعَهٗ : مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا ـــــ عَلَیْهِ : مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا ـــــ فِیْ دِیْنِهٖ وَمَذْهَبِهٖ : دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا ـــــ بِالشَّیْءِ : راضی ہونا۔

اِعْتَصَبَ القَوْمُ : گروہ بننا ـــــ المَلِكُ : بادشاہ کا تاج پہننا ـــــ التَّاجُ عَلٰی رَاْسِهٖ : تاج کا سر پر فٹ ہونا ـــــ بِالشَّیْءِ قناعت کرنا اور راضی ہونا۔

اِنْعَصَبَ الشَّیْءُ : سخت ہونا۔

اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ : سخت ہونا ـــــ القَوْمُ : مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔

العَصْب۔ عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر ( ـــــ و العُصْب) عشق بچاں۔

العَصَب۔ مہ۔ پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق بچاں ج اَعْصَاب۔

العَصَبَة۔ عصب کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات۔

العِصْبَة۔ پٹی باندھنے کی ہیئت۔

العُصْبَة۔ مِنَ الرِّجَالِ وَالْخَیْلِ وَالطَّیْرِ : مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب۔

العِصَاب۔ جس سے باندھا جائے۔

العِصَابَة۔ جماعت مردوں' گھوڑوں' پرندوں کی پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب۔

العَاصِب۔ فا۔ رَجُلٌ عَاصِبٌ : وہ شخص جس کے مُنہ پر تھوک خشک ہو جائے۔

العَصِیْب۔ پھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب و اَعْصِبَة۔ یَوْمٌ عَصِیْبٌ : سخت گرم۔

التَّعَصُّب۔ مہ دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات۔

العَصَبِیّ۔ قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔

العَصَبِیَّة۔ دھڑا بندی۔

المُعَصَّب۔ مفع۔ سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔

المَعْصُوْب۔ مفع۔ باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْبُ الْخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پر گوشت۔

العَصَنْصَب۔ سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔

عَصَدَ (ض) عَصْدًا وَاَعْصَدَ۔ الشَّیْءَ : موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَهٗ عَلَی الْاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا ( ـــــ عُصُوْدًا) الرَّجُلُ : مرنا۔

العَصِیْد۔ گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔

العَصِیْدَة۔ ایک قسم کا کھانا جو گھی' آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔

عَصَرَ (ض) عَصْرًا۔ العِنَبَ او الثَّوْبَ : انگور یا کپڑے کو نچوڑنا ـــــ الدُّمَّل : پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا ـــــ الرَّكْضُ الفَرَسَ :

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لپینہ لانا ـــــ الشَّیْءَ عَنْهُ: منع کرنا ـــــ فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔

عَصَرَ الشَّیْءَ: بار بار نچوڑنا ـــــ الزَّرْعُ کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ الْمَرْاَۃُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔

اَعْصَرَ۔ عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

اَعْصَرَتِ الْمَرْاَۃُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر۔ ج مَعَاصِر و مَعَاصِیْر۔

الرِّیْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔

اُعْصِرَ الْقَوْمُ: بارش کیا جانا۔

عَاصَرَہٗ مُعَاصَرَۃً۔ ایک زمانہ میں ہونا۔

تَعَصَّرَ۔ نچوڑا جانا ـــــ بِہٖ: پناہ لینا۔

اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ اَوِ الثَّوْبَ وَنَحْوَھُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا ـــــ الْعَصِیْرَ: شراب بنانا ـــــ الْعَطِیَّۃَ: عطیہ واپس لینا ـــــ مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا ـــــ مِنَ الشَّیْءِ: لینا ـــــ بِفُلَانٍ: پناہ لینا ـــــ عَلَیْہِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَاغَصَّ بِہٖ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔

اِنْعَصَرَ۔ نچڑنا ـــــ الْعِنَبُ وَنَحْوُہٗ: شیرہ نکل جانا۔

الْعَاصِر فا۔ ج عَصَرَۃ وعَاصِرُوْن مؤنث عَاصِرَۃ ج عَوَاصِر و عَاصِرَات۔ رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔

الْعَصْر۔ دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صُبح۔ قبیلہ۔ گروہ۔ عطیہ ج اَعْصُر و عُصُوْر۔ الْعَصْرَان۔ صُبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔

الْعَصْر والْعِصر والْعُصْر۔ زمانہ ج عُصُوْر وَاَعْصُر و عُصُر و اَعْصَار۔ اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِیر۔

الْعُصْر والْعَصَر والْعُصْرۃ والْمُعْصَر: جائے پناہ۔

الْعَصَر۔ عصر۔ سکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک۔

الْعَصَرۃ۔ خوشبو کی بھڑک عَاصِر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔

الْعَصِیْر والْعَصِیْرَۃ والْعُصَار۔ رس۔ نچوڑ۔

الْعَصِیْر: نچوڑا ہوا۔

الْعِصَار۔ سخت غبار۔ وقت۔

الْعُصَارَۃ۔ رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرِیْمُ الْعُصَارَۃِ" یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔

الْاِعْصَار۔ بگولہ ج اَعَاصِر و اَعَاصِیْر۔ کہتے ہیں "وَعْدُہٗ اِعْصَارٌ لَیْسَ بَعْدَہٗ اِعْصَار" یعنی اس کے وعدہ کے لیے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔

اَعْصَرَ الْقَوْمُ کا بمعنی بارش ہونا۔

الْمَعْصَرَۃ والْمَعْصَر۔ نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ الْمَعْصَرِ" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔

الْمِعْصَر والْمِعْصَرَۃ۔ انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔

الْمِعْصَار۔ وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔

الْمُعْصِرَات۔ بادل۔

الْعُصْعُص والْعَصْعَص۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص۔ الْعُصْعُص: مرد کم خیر دشوار خو۔ مضبوط توانا۔

الْعُصْعُوْص۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِیْص۔

عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا و عُصُوْفًا الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَۃٌ و عَاصِفٌ النَّاقَۃُ: بِرَاکِبِھَا: اُونٹنی کا تیز لے جانا ـــــ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّیْءُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الْحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّھْرُ بِھِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا ( ـــــ واعْتَصَفَ) عِیَالَہٗ: بال بچوں کے لیے کمانا۔

عَصَفَ (ن) عَصْفًا۔ الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔

اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔

اَعْصَفَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَۃٌ و مُعْصِفٌ ج مَعَاصِف و مَعَاصِیْف ـــــ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔

اَعْصَفَتِ الْحَرْبُ بِھِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔

اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔

الْعَصْف۔ مہ۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْن: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الْاَثْمَدِ وغیرہ اثمد وغیرہ کا غبار۔

الْعَصْفَۃ۔ عَصَفَ۔ کا اسم مرۃ۔ شراب کی بُو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔

الْعَاصِف۔ فا۔ سَھْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔ یَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔

الْعَاصِفَۃ۔ مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ و عَوَاصِف۔

الْعَصُوْف۔ تیز ہوا۔ ج عُصُف۔

الْعَصِیْف۔ تیز ہوا۔

الْعَصِیْفَۃ۔ پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔

الْعُصَافَۃ۔ تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اُڑا کر لائے۔

عَصْفَرَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔

تَعَصْفَرَ۔ الثوب: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔ تَعَصْفُرِ الْعُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہونا۔

الْعُصْفُر۔ زرد رنگ۔

الْعُصْفُوْر۔ چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِیر مؤنث عُصْفُوْرَۃ۔ الْعُصْفُوْر: پیشانی۔ پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اُٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "نَقَّتْ او صَاحَتْ عَصَا فِیْ بَطْنِہٖ" یعنی بھوکا ہوا۔

الْعُصَیْفِرَۃ۔ گل خیری کا زرد پھول۔

الْعُصْفُوْل۔ نر ٹڈی۔ ج عَصَافِیْل۔

الْعَصَافِیْل: بگولہ۔

عَصِلَ (س) عَصَلًا۔ الشَّیْءُ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلَ واعْصَل مؤنث عَصْلَاءُ و عَصْلَاءَ ج عِصَال و عُصْل ( ـــــ واعْصُل) سخت ہونا۔

عَصَلَ (ن) عَصْلًا۔ الْعُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کرنا۔

عَصَّلَ السَّهْمُ : تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔

العِصْل والعَصَل۔ آنت ج اَعْصَال۔

المِعْصَل۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔

المِعْصَال والمِعْصِیْل۔ ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقَیْلَة" یا "بَاکُور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِیْل۔

عَصْلَبَ۔ سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔

العَصْلَب والعُصْلُب والعُصْلُبِیُّ والعُصْلُوْب۔ بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔

عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلُ : کمائی کرنا۔

الشَّیْءَ : روک لینا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَکْرُوْهِ محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَة : مشک کو رسّی سے باندھنا ـــــ اِلٰی فُلَانٍ : پناہ لینا۔

عَصِمَ (س) عَصَمًا۔ الظَّبْیُ : سفید ٹانگوں والا ہونا۔

اَعْصَمَ بِهٖ : پکڑنا اور لازم ہونا۔

بِالْفَرَسِ : ایال پکڑنا ـــــ مِنَ الشَّرِّ : باز رہنا ـــــ القِرْبَة : رسّی سے باندھنا۔

اِعْتَصَمَ۔ بِهٖ : ہاتھ سے پکڑنا ـــــ بِصَاحِبِهٖ : لازم ہونا ـــــ بِاللّٰهِ : اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا ـــــ مِنَ الشَّرِّ والمَکْرُوْهِ : پناہ لینا اور باز رہنا۔

اِنْعَصَمَ۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔

اِسْتَعْصَمَ بِهٖ : مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔

العُصْم والعُصُم۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔

العِصَام۔ سرمہ۔ دُم کا باریک حصّہ۔ مِنَ القِرْبَةِ : مشک باندھنے کی رسّی۔

مِنَ الوِعَاءِ : دستہ۔ عمد۔ اور یہ بابِ مجاز سے ہے ج اَعْصِمَة وعُصُم وعِصَام۔

العِصَامِی۔ نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "کُنْ عِصَامِیًّا لَا عِظَامِیًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آباو اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔

العِصْمَة۔ بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔

العِصْمَة۔ گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واعْصَم و عِصَمَةٌ ج اَعْصَام۔

العَصَمَة۔ گلوبند۔ پٹہ۔

الاَعْصَم۔ اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم۔

العَصِیْم۔ لیسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔

العَصُوْم والعَیْصُوْم۔ بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)

العَاصِمَة۔ مدینہ منورہ کا لقب۔ دارالسلطنت۔ ج عَوَاصِم۔

المِعْصَم۔ کلائی ج مَعَاصِم۔

المُعْتَصَم۔ پناہ لینے کی جگہ۔

عَصَا یَعْصُوْ عَصْوًا۔ الرَّجُلَ : لاٹھی سے مارنا ـــــ الجُرْحَ : زخم کو باندھنا ـــــ القَوْمَ : نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔

عَصِیَ یَعْصَی عَصًا۔ لاٹھی لینا ( ـــــ واِعْتَصٰی) بِالسَّیْفِ : تلوار مارنا۔ واِعْتَصٰی الشَّیْءَ : کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔ اِعْتَصٰی عَلَیْهِ : ٹیک لگانا۔

عَصَّیْتُ تَعْصِیَةً فُلَانًا العَصَا : لاٹھی دینا۔

اَعْصَی اِعْصَاء۔ الکرمُ : شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔

عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ۔ لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔

العَصَا۔ لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِیّ وعِصِیّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور عُصِیّ عَصَوَان العَصَا : اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَهُ العَصَا" متنبہ کیا "قَشَّرَ لَهُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا "قَرَعَهُ بِعَصَا المَلَامَةِ" حد سے زیادہ ملامت کی "اَلْقَی المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَی عَصَا التَّرْحَالِ یعنی اس نے اقامت کی "النَّاسُ عَبِیْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔

العُصَیَّة۔ عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔

عَصَی یَعْصِی عَصْیًا ومَعْصِیَةً سَیِّدَه : نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ رشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة وعَاصُوْن ـــــ الطَّائِرُ : پرندہ کا اُڑنا ـــــ العِرْقُ : رگ سے خون بند نہ ہونا۔

عَاصَاهُ مُعَاصَاة وتَعَصّٰی عَلَیْهِ تَعَصِّیًا۔ نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّی الاَمْرُ : دشوار ہونا۔

اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً۔ النَّوَاةُ : گٹھلی کا سخت ہونا۔

اِسْتَعْصٰی۔ سَیِّدَه : مالک کی نافرمانی کرنا ـــــ الشَّیْءُ عَلَیْهِ : دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔

العَصِی۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصِیُّوْن واَعْصِیَاء۔

العَصَّاء۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْن۔

المَعْصِیَة۔ گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِی۔

عَضَّهٗ (س) عَضًّا وعَضِیْضًا دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ بَا اور عَلٰی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِهٖ اور عَضَّ عَلَیْهِ بھی بولا جاتا ہے ـــــ ہ الزَّمَانُ : سخت ہونا الشَّیْءَ : لازم ہونا اور پکڑنا۔

عَضْعَضَ۔ بہت کاٹنا۔

عَاضَّتْ مُعَاضَّةً وعِضَاضًا الدَّوَابُّ : جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔

اَعَضَّهُ الشَّیْءَ : دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ : بہت پانی والا ہونا۔

تَعَاضَّا۔ ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔

العِضّ۔ بدخلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ مصیبت۔ ہمسرٔ مال کا منتظم ج اَعْضَاض وعُضُوْض۔ العِضّ : چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض۔

العُضّ۔ جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔ چھوٹا کانٹے دار درخت۔

العَضَاض۔ جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العِضَاض- دانت سے کاٹنا- کہا جاتا ہے "هُوَ عِضَاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے-

العَضِيض- مص- سخت کاٹ- ہمسر-

العَضُوض و العَضَّاض- بہت کاٹنے والا- پنڈلی

عَضُوض- بہت پانی والا کنواں-

العُضَاض و العُضَّاض- ناک کا اوپر کا سخت حصہ-

عَضَبَ (ض) عَضْبًا قطع کرنا ـــــ ہ المَرْضُ : حرکت سے روکنا ـــــ ہ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ـــــ ہ بِالعَصَا : لاٹھی مارنا ـــــ ہ عَنِ الْأَمْرِ : روک دینا ـــــ ہ بِلِسَانِهِ : گالی دینا عَضَبَ عَنْهُ : رجوع کرنا ( ـــــ وَاعْضَبَ)

النَّاقَةَ وَنَحْوَهَا : اُونٹنی کا کان پھاڑ دینا-

عَضِبَ (س) عَضَبًا الكَبْشُ : مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا- ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا-

عَضُبَ (ک) عُضُوْبًا وعُضُوْبَةً- چرب زبان ہونا-

عَاضَبَهُ مُعَاضَبَةً- القَرْنُ : سینگ کا ٹوٹ جانا-

العَضْب- تیز تلوار- چرب زبان-

الأَعْضَب- پھٹے کان والا- ٹوٹے سینگ والا- جس کا بھائی نہ ہو- بے مددگار- مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب-

العَضَّاب- بہت کاٹنے والا- بہت گالی دینے والا-

المَعْضُوب- کمزور- لنجا- کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَمَعْضُوبُ اللِّسَانِ" جب کہ بولنے میں عاجز ہو-

عَضْبَرَ عَضْبَرَةً الكَلْبُ : شیر کی مانند ہونا-

العِضْبَارَة- جگی کلپاٹ- دھوبی کا پتھر-

عَضَدَهُ (ن) عَضْدًا- مدد کرنا- بازو پر مارنا-

عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشَّجَرَةَ : درخت کو ہنسیا سے کاٹنا- اُونٹوں کیلئے پتے جھاڑنا-

عَضِدَ (س) عَضَدًا و عُضِدَ عَضَدًا- بازو میں درد ہونا- صفت عَضِد مؤنث عَضِدَة-

عَضَّدَ وَاعْضَدَ السَّهْمُ- تیر کا دائیں بائیں نکل جانا-

عَاضَدَهُ مُعَاضَدَةً- مدد کرنا-

تَعَاضَدُوْا- ایک دوسرے کی مدد کرنا-

اِعْتَضَدَهُ و تَعَضَّدَهُ- بغل میں لینا-

اِعْتَضَدَ بِهِ : مدد مانگنا- مضبوط ہونا-

اِسْتَعْضَدَ- الشَّجَرَةَ : درخت کو ہنسیا سے کاٹنا ـــــ الثَّمَرَةَ : پھل چننا-

العَضُد- مص- مددگار- گوشہ- ج أَعْضَاد-

العَضُد و العُضُد و العَضِد- بازو ج أَعْضَاد و أَعْضُد-

عَضُدُ كُلِّ شَيْءٍ و عَضَدُهُ و أَعْضَادُهُ وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے- جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں-

عَضُدُ الطَّرِيْقِ : راستہ کا پہلو- کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ عَضُدِهِ" یعنی اپنے اعوان و انصار سے جدا ہو گیا-

العَضَد- کٹا ہوا درخت- قوۃ- اُونٹ کے بازو میں ایک مرض- جھاڑے ہوئے پتے-

العَضَاد- پستہ قد مرد یا عورت- موٹے بازو والا-

العِضَاد- بازو بند- تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے- درانتی- ہنسیا- اُونٹ کے بازو میں علامت-

العِضَادَة مِنَ الطَّرِيْقِ : راستہ کا پہلو- عِضَادَتَا البَابِ : چوکھٹ کے دونوں بازو-

کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِضَادَةُ فُلَانٍ" فلاں فلاں کا معاون و مددگار ہے-

العِضَادِيُّ و العَضَادِيُّ و العُضَادِيُّ : موٹے بازو والا-

العَضِيد- کھجور کے درختوں کی قطار- درخت سے کٹا ہوا- ج عِضْدَان-

الأَعْضَد- ڈبلے بازو والا- جس کا ایک بازو چھوٹا ہو-

العَوَاضِد- درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں-

المِعْضَد- درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد-

المِعْضَاد- بازو بند- ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری- ہنسیا- درانتی-

المِعْضَدَة- تھیلی- بٹوہ-

العَضْرَس و العُضَارِس- سردی' اولے' برف' ٹھنڈا میٹھا پانی- گورخر- ج عَضَارِس-

العُضْرُط- کھانے پر مزدوری کرنے والا- ج عَضَارِط و عَضَارِطَة-

العُضْرُط و العِضْرِط- کمینہ-

قَوْمٌ عَضَارِيْط- فقیر لوگ-

عَضَلَ (ن) عَضْلًا- عَلَيْهِ : تنگی کرنا- منع کرنا- بِهِ الأَمْرُ : سخت ہونا ـــــ الرَّجُلَ : عضلہ پر مارنا-

عَضَلَ (ض ن) و عَضِلَ (س) عَضْلًا و عِضْلًا و عِضْلَانًا المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ : نکاح کرنے سے روکنا- منع کرنا ـــــ الرَّجُلَ : رانڈ کر دینا-

عَضِلَ (س) عَضَلًا- بہت سخت گوشت والا ہونا- پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا- صفت عَضِل و عَضُل-

عَضَّلَ- عَلَيْهِ : تنگی کرنا- کسی کے حصولِ مقصد میں حائل ہو جانا- عَضَّلَ المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ- نکاح کرنے سے روکنا ـــــ المَكَانُ : تنگ ہونا- کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الأَرْضُ بِأَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہو گئی- عَضَّلَتِ المَرْأَةُ او الدَّجَاجَةُ وغَيْرُهُمَا مِنَ الحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا بچہ جننا دشوار ہو گیا- صفت مُعَضِّل-

اَعْضَلَ الأَمْرُ : سخت ہونا- مشکل ہونا- اَعْضَلَتِ المَرْأَةُ وَنَحْوُهَا مِنَ الحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا : بچہ جننا مشکل ہونا- صفت مُعْضِل و مُعْضِلَة ج مَعَاضِيْل- اَعْضَلَ بِهِ الأَمْرُ : مشکل ہونا- حیلوں کا تنگ ہونا ـــــ الأَمْرُ فُلَانًا : غالب آنا اور عاجز کر دینا- اَعْضَلَنِي فُلَانٌ : فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا- عاجز کر دیا( ـــــ و تَعَضَّلَ) الدَّاءُ الأَطِبَّاءَ : بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا-

العِضْل- بہت بڑا- بڑا چالاک-

العَضَل- بڑا چوہا- ج عِضْلَان-

العَضَلَة- سخت گوشت- گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل و عَضَلَاتٌ- العَضَلَة : کثیر کے مشابہ ایک درخت-

العَضِيلَة- بمعنی عَضَلَةٌ ج عَضَائِل-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العُضْلَة۔ مصیبت۔ ج عُضل و عُضَل۔
العُضَال۔ سخت۔ دَاءٌ عُضَال: عاجز کر دینے والا مرض۔
المُعْضِل۔ فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لاعلاج مرض۔
المُعْضِلَة۔ مؤنث مُعْضِل۔ پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَات۔ المُعْضِلَات۔ سختیاں۔
المُعْضِلَة و المُعَضِّلَة۔ پیچیدہ مشکل معاملہ۔
العَضْم۔ کمان کا قبضہ ج عِضَام۔ گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضُم و اَعْضِمَةٌ۔
عَضَهَ (ف) عَضْهًا و عَضَهًا و عِضْهَةً و عَضِيْهَةً۔ جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (ـــــ عَضْهًا) البَعِيْرُ: بعول کا درخت کھانا ـــــ الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔
عَضِهَ (س) عَضَهًا و اَعْضَهَ۔ بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔
العَاضِه۔ فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهٌ و عَاضِهَةٌ۔ سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے ج عَوَاضِه۔
العِضَة۔ جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُوْن۔
العِضَاه۔ ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَة و عِضَةٌ: کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهٖ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔
العِضَاهِيَّ و العِضَهِيَّ و العَضَوِيَّ مِنَ الإِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا۔ اُونٹ۔
مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔
العَاضِهَة۔ مؤنث عَاضِه۔ جھوٹ۔ بہتان ج عَوَاضِه۔
عَضَا يَعْضُو عَضْوًا و عَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا ـــــ الشَّاة: جدا جدا کرنا۔
عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔
العُضْو و العِضْو۔ بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج اَعْضَاء۔
العِضَة۔ فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُوْن۔
رَجُلٌ عَاضٍ۔ مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔
عَطَّ (ن) عَطًّا و عَطَطًا و اِعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيْط۔ عَطَّ الرَّجُلُ إِلَى الأَرْضِ: بچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔
اِنْعَطَّ العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا (ـــــ و تَعَطَّطَ)
الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔
العَطَاط۔ بڑا بہادر۔ شیر۔
الأَعَطّ۔ لمبا۔
عَطِبَ (س) عَطَبًا و اِعْتَطَبَ۔ ہلاک ہونا ـــــ الفَرَسُ و نَحْوُهٗ: گھوڑے کا تھکنا۔
عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔
اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔
عَطَبَ (ن) عَطْبًا و عُطُوْبًا۔ القُطْنُ: روئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔
عَطَّبَ۔ الشَّرَابَ: خوشبو دار کرنے کی تدبیر کرنا ـــــ الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔
اَعْطَبَهٗ۔ ہلاک کرنا۔
العُطْب و العُطُب۔ روئی۔
العُطْبَة۔ روئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ رِيْحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی روئی یا چیتھڑے کی بو محسوس کرتا ہوں۔
المُعْطِب۔ فقیر۔
المَعْطَب۔ ہلاکت کی جگہ ج مَعَاطِب۔
العُطْبُل و العُطْبُوْل و العُطْبُوْلَة۔ العَيْطَبُوْل۔ جوان' خوبصورت' دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل و عَطَابِيْل۔ العُطْبُل و العُطْبُوْل۔ دراز گردن ہرنی۔
اِعْتَلَّ- مریض ہونا ـــــ بِالْأَمْرِ : مشغول رہنا- عذر بیان کرنا- اِعتلت الريح : نرم ہونا ـــــ هُ : بہتان لگانا- اِعتلت الكلمة : حرف علت والا ہونا ـــــ الرَّجُلُ : دوسری مرتبہ پینا ـــــ عَنْهُ : اس کی وجہ سے بیمار پڑنا-

العَلّ- موٹا بڑا بکرا- بڑی عمر کا لاغر- بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت- ج اَعْلَال-

العَلَّة- بہلاوہ- سوکن ج عَلَّات- کہا جاتا ہے بنو علات : یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولاد اخیاف کہتے ہیں-

عَلّ- لعلّ میں ایک لغت ہے-

العِلَّة- بیماری- مشغول کر دینے والا واقعہ- اور اسی سے ہے "لَا يَعْدَمُ مَانِعٌ عِلَّةً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مانی الید کے بچانے کیلئے منع کر دیتا ہے عِلَّةُ الشَّيْءِ : سبب ج عِلَّات و عِلَل ج اَعْلَال

العِلَّات : حالات- مختلف احوال- کہا جاتا ہے "جَرَىٰ عَلٰى عِلَّاتِهٖ" یعنی ہر حال میں- یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا- والعِلَّةُ فِي الْعُرُوْضِ : وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو- سوائے نادر صورتوں کے حرف العلة : الف' واو' یا'-

العَلَلُ- دوسری مرتبہ پینا- کہا جاتا ہے عَلَلٌ بعد نهل پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا-

العُلَالَة و التَّعِلَّة- بہلاوہ- العُلَالَة : پہلی مرتبہ دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ- بقیہ دودھ' تیزہ بازی کے بعد تیزہ بازی' دوڑ کے بعد دوڑ-

العَلِيل- مریض ج اَعِلَّاء-

المُعَلَّ و المَعْلُوْل- مریض-

العَلِيلَة- مؤنث عَلِيل- عورت جو بار بار خوشبو لگائے- ج عَلِيلَات و عَلَائِل-

اليَعْلُوْل- سفید حوض- پانی کا بلبلا- سفید بادل تہ بتہ بادل- بارش کے بعد بارش- دو کوہان والا اُونٹ- ج يَعَالِيل- یا زائدہ ہے-

عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلَّبَ الشَّيْءَ : کاٹنا- نشان لگانا- خراش لگانا-

عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلِبَ (س) عَلَبًا- سخت ہونا- صفت عَلِب-

عَلَبَ و عَلِبَ و اسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ : سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا- عَلِبَ السَّيْفُ : دندانہ دار ہونا-

العَلْب- مار کا نشان ( ـــــ و العِلْبُ و العَلِب) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے- سخت چیز ج عُلُوْب- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْبٌ" سخت ظالم آدمی-

العُلْبَة- چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلَاب و عُلَب-

العِلْبَة- درخت کی موٹی گرہ- ج عِلَب-

العِلْبَاء- گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلَابِيّ- کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلْبَاءُهٗ" وہ بوڑھا ہو گیا-

عَلَثَ (ض) عَلْثًا- الشَّيْءَ : جمع کرنا- الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا- کہا جاتا ہے علث البُرَّ بِالشَّعِيرِ گیہوں کو جو میں ملا دیا ـــــ الزَّنْدُ : چقماق سے آگ نہ نکلنا-

عَلِثَ (س) عَلَثًا القَوْمُ : آپس میں سختی سے لڑنا-

تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوْب : حیلہ کرنا- مکر کرنا- بِهٖ : چمٹنا ـــــ الشَّيْءَ : اچھی طرح نہ بنانا-

اِعْتَلَثَ- بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا-

العَلَث- گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے ( ـــــ و العَلِيثَة) گیہوں جو سے ملا ہوا-

العُلَاثَة- دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز اِدھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی-

اَعْلَاثٌ- الزَّادِ : جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے-

العَلِيث- جو گیہوں کے روٹی-

العَلِيث و المُعْتَلِث- جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو- بے کار تیر-

عَلَجَهٗ (ن) عَلْجًا- معالجہ میں غالب آنا-

عَلِجَ (س) عَلَجًا- مضبوط ہونا-

عَالَجَهٗ مُعَالَجَةً و عِلَاجًا- مشق کرنا ـــــ المَرِيْضَ : بیمار کا علاج کرنا-

تَعَلَّجَ الرَّمْلُ : ریت کا اکٹھا ہونا-

تَعَالَجَ- علاج کرنا ـــــ القَوْمُ : آپس میں جنگ کرنا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِعْتَلَجَ الْقَوْمُ : لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔
اِعْتَلَجَتِ الْوَحْشُ : ایک دوسرے کو مارنا
_____ الْاَرْضُ : لمبے لمبے سبزہ والی ہونا _____
الْاَمْوَاجُ :موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے اِعْتَلَجَتِ الْهُمُوْمُ فِيْ صَدْرِهٖ : غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے الرَّمْلُ : ریت کا جمع ہونا۔
اِسْتَعْلَجَ جِلْدَةُ : کھال کا موٹا ہونا۔
فُلَانٌ :داڑھی نکلنا۔
العِلْج۔ گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر۔ اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔
ج عُلُوج و اَعْلاج و عِلَجَة۔
رَجُلٌ عَلْجٌ و عِلِجٌّ و عُلَجٌ و عُلَّجٌ۔ مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔
العِلاَج۔ دواء۔ مشق۔ دفاع۔
العَلَج۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
العَلُوج۔ پیغام۔ پیغامبر۔
العُلْجان۔ کانٹے دار درخت۔
العَلْجَم۔ لمبا اُونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔
العُلْجُوم و العُلْجُوم۔ بہت سیاہ۔
العُلْجُوم۔ بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر لقلق۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلاَجِيْم۔
عَلِدَ عَلَدًا۔ سخت و مضبوط ہونا۔ صفت عَلْد۔
العَلْد۔ گردن کا پٹھا۔ ج اَعْلاد۔
العَلَنْدَى و العُلَنْدَى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : سخت و موٹا ج عَلاَنِدو عُلاَدَى۔
العَلَنْدَد۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : سخت و موٹا۔
العَلَنْدَس۔ بہت سخت۔ العَلَنْدَسَة مؤنث
العَلَنْدَمِي۔ پٹو۔ بندۂ شکم۔
عَلِزَ (س) عَلْزًا و عَلَزَانًا۔ بے چین ہونا۔ صفت عَلِزٌ۔ عَلِزَا اِلَى الشَّيْءِ : مائل ہونا۔ مشتاق ہونا _____ مِنْ كَذَا : بہ تکلف مریض بننا۔
اَعْلَزَهٗ۔ عاجز کرنا _____ هُ الْوَجْعُ : بے چین کر دینا۔
عَلَسَ (ض) عَلْسًا الْمَاءَ : پینا _____ الْاِبِلُ اُونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔
عَلَّسَ۔ الدَّاءُ : مرض کا سخت ہونا _____ الرَّجُلُ شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَّسُوْهُ تَعْلِيْسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔
العَلْس و العُلاَس و العُلُوس۔ خوراک کھانا۔
العَلَس۔ گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چمڑی۔
المُعَلَّس۔ تجربہ کیا ہوا۔
العِلُّوش۔ گیدڑ۔ بھیڑیا۔
عَلَّصَتِ التُّخْمَةُ فِيْ مَعْدَتِهٖ : بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔
عَالَصَهٗ عِلاَصًا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔
اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَيْئًا : تھوڑا سا لینا۔
العُلْصَة۔ تھوڑا سا۔
العِلُّوص۔ بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلُّوصٌ" بدہضمی والا مرد۔
عَلَصَهٗ (ض) عَلْصًا۔ الوَتَد و نَحْوَه : کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
عَلَطَ (ن ض) عَلْطًا و عَلَّطَ النَّاقَةَ : اُونٹنی پر داغ لگانا _____ هٗ بِشَرٍّ : بدگوئی کرنا۔ عَلَّطَ الْبَعِيْرَ : اُونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔
تَعَلَّطَ۔ القَوْسَ : تانت چڑھانا۔
اِعْتَلَطَ۔ الرَّجُلُ وبِهٖ : جھگڑا کرنا۔
اِعْلَوَّطَ۔ البَعِيْر : اُونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا _____ الْاَمْرَ : بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔
العُلُط مِنَ النُّوقِ : بے نشان و بے مہار اُونٹنی ج اَعْلاَط۔ اَعْلاَط الكَوَاكِب : بے نام کے ستارے۔
العُلْطَة۔ گردن کا پٹہ۔ ج عُلَط۔
العِلاَط۔ گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اُونٹ کی گردن کی رسی ج اَعْلِطَةٌ و عُلُط( _____ والا عَلِيط) اُونٹ کی گردن کا نشان۔
عَلَفَ (ض) عَلْفًا و عَلَّفَ و اَعْلَفَ۔ الدَّابَّةَ : جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ الرَّجُلُ : بہت پینا۔
اَعْلَفَ و عَلَّفَ الطَّلْحَ : پھلی نکلنا۔
تَعَلُّف۔ چارہ ڈھونڈنا۔
اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ : چارہ کھانا۔
اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ : ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
العِلْف۔ بہت کھانے والا۔
العَلِيْف۔ چارہ ہی کھانے والا۔ ج عَلاَئِف۔
المَعْلُوْفَة۔ چارہ ہی کھانے والا۔
العَلَف۔ چارہ ج عُلُوْفَة و اَعْلاَف و عِلاَف۔
العَلاَّف۔ چارہ بیچنے والا ج عَلاَّفَة۔
العَلِيْفَة۔ چارہ ہی کھانے والا جانور ج عَلاَئِف۔
العَلُوْفَة۔ چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع)
العَلُوْفَة :چارہ ج عُلُف۔
المُعْلَف و المِعْلَف۔ تھان۔ چارہ کھانے کی جگہ ج مَعَالِف۔
عُلَّف۔ ببول کی پھلی۔
عَلْفَطَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ :ملانا۔
عَلَقَ (ن) عَلْقًا و عُلُوْقًا البَعِيْرُ و نَحْوُهُ النَّبَاتَ و مِنَ النَّبَاتِ : اوپر اوپر سے چرنا _____ الصَّبِيُّ : انگلیاں چوسنا۔ ( _____ عَلْقًا) الرَّجُلَ : گالی دینا _____ هٗ بِلِسَانِهٖ : بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا۔
عَلِقَتْ (س) عُلُوْقًا المَرْأَةُ وَكُلُّ اُنْثَى بِالْوَلَدِ۔ حاملہ ہونا _____ الوَحْشُ بِالْحِبَالَةِ : وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا _____ الدَّابَّةُ : جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا _____ الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ : کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا ( _____ عَلَقًا) الْاِبِلُ فِي الْوَادِي۔ چرنے کے لئے جانا۔
عَلِقَ (س) عُلُوْقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلاَقَةً فُلَانًا و عَلِقَ بِهٖ : محبت کرنا۔ حُبُّه بِقَلْبِهٖ : محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَلِقَ مِنْهُ كُلَّ مَعْلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہو گئی۔ عَلِقَ دَمُ فُلَانٍ : قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کیلئے عَلِقَ مَعَالِيْقَهٗ بولتے ہیں ( _____ عِلْقًا) اَمْرُهٗ : جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ كَذَا : کرنے لگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عُلِقَ الرَّجُلُ : گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوق کہتے ہیں۔

عَلَّقَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ و عَلَیْہِ و مِنْہُ : لٹکانا ـــــ الْاَمْرِ : چمٹ جانا ـــــ الْبَابَ : دروازہ بند کرنا۔ بَابًا عَلٰی دَارِہٖ : دروازہ لگانا۔

عُلِّقَہٗ : دل کا مائل ہونا۔

اَعْلَقَ الرَّجُلُ : جونک لگانا ـــــ الْقَوْسَ : کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا ـــــ الصَّائِدُ : شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا ـــــ ظُفْرُہٗ بِالشَّیْءِ : ناخن چبھو دینا ـــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : لٹکا دینا۔

تَعَلَّقَ الشَّیْءَ : لٹکانا ـــــ الشَّوْکَ بِالثَّوْبِ : کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا ـــــ الصَّیْدُ بِالْحِبَالَۃِ شکار کا جال میں پھنسنا ( ـــــ و اِعْتَلَقَ) فُلَانًا وبِہٖ : محبت کرنا۔

العَلَقُ۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ ثَوْبِہٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے اُلجھنے سے پھٹن ہے ( ـــــ و العِلْق) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلَاق و عُلُوق۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عِلْق عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔

العَلَقَ۔ مص۔ خون۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَۃ۔

العِلْقَۃ۔ لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔

العُلْقَۃ۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق ج عُلَق۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ ھٰذَا الْمَالِ عُلْقَۃ" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ یَبْقَ عِنْدَہٗ عُلْقَۃٌ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔

العُلُق۔ موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔

العَلَاق۔ درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے' وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوے کے طور پر کھائیں۔

العَلَاقَۃ۔ مص۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلق۔ محبت۔ ج عَلَائِق۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ عَلَاقَۃ" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔

العِلَاقَۃ۔ ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلَائِق۔

العَلُوق۔ مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔

العَوْلَق۔ بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ دُم۔

العَلِیْق۔ جانوروں کا چارہ جیسے جَو وغیرہ۔

العُلَّیْق و العُلَّیْقی۔ ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔

التَّعْلِیْقَۃ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعَالِیْق۔

المُعَلَّقَۃ۔ مؤنث معلّق۔ وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔

المُعَلَّقَات۔ زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔

المِعْلَق۔ پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔

المِعْلَاق۔ زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَعَالِیْق۔ وَرَجُلٌ مِعْلَاقٌ : جھگڑالو۔

عوام کے نزدیک (مِعْلَاق) کا اطلاق زبیجہ کے پھیپھڑے' جگر' دل پر ہوتا ہے اور فصیح (سُحَارَۃ) ہے۔

عَلْقَمَ الشَّیْءُ : کڑوا ہونا ـــــ الطَّعَامَ : کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔

العَلْقَم۔ اندرائن۔ حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔

عَلَكَ (ن ض) عَلْكًا۔ العِلْكَ و نَحْوَہٗ : چبانا ـــــ نَابَیْہِ : دانت پیسنا۔

عَلَّكَ الْجِلْدَ : کھال کی اچھی طرح سے دباغت کرنا ـــــ یَدَیْہِ عَلٰی مَالِہٖ : بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔

العِلْك ہر گوند جو چبایا جائے۔ ج عُلُوک و اَعْلَاک۔ ایک ٹکڑے کو العِلْکَۃ کہتے ہیں۔

العَلِکَۃُ۔ وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔

العَلِک۔ لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے۔

العُلَاک و العَلَاک۔ جو چیز چبائی جائے۔

العَلَّاک۔ بہت چبانے والا۔ گوند بیچنے والا۔

عَلَمَہٗ (ن ض) عَلْمًا۔ نشان لگانا۔ عَلَمَ الشَّفَۃَ : ہونٹ چیرنا۔

عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُلُ : حقیقت علم کو پالینا۔ الشَّیْءَ : پہچاننا۔ یقین کرنا ـــــ الشَّیْءَ و بِہٖ : جاننا۔ ادراک کرنا ـــــ الْاَمْرَ : مضبوط کرنا۔

عَلِمَ (س) عَلَمًا اوپر کا ہونٹ پھٹنا۔ صفت اَعْلَم۔

عَلَّمَہٗ تَعْلِیْمًا و عِلَّامًا الصَّنْعَۃَ وَغَیْرَھَا : سکھلانا۔ عَلَّمَ لَہٗ عَلَامَۃً : پہچاننے کے لئے علامت مقرر کرنا۔

اَعْلَمَہُ الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ : جتا دینا۔ اطلاع دینا۔

اَعْلَمَ الْفَرَسَ : لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان۔ گھوڑے پر لگانا ـــــ الثَّوْبَ : کپڑے پر نشان بنانا۔ نقش و نگار کرنا ـــــ نَفْسَہٗ : لڑائی کی علامت لگانا ـــــ عَلٰی کَذَا مِنَ الْکِتَابِ وَغَیْرِہٖ : علامت لگانا۔

عَالَمَہٗ۔ علم میں غلبہ کرنا۔

تَعَلَّمَ۔ سیکھنا ـــــ الْاَمْرَ : مضبوط کرنا۔ اور تَعَلَّمَ صیغہ اَمر اِعْلَمْ کے معنی میں ہے۔

اِعْتَلَمَ۔ المَاءُ : پانی بہنا ـــــ الشَّیْءَ : جاننا ـــــ البَرْق : پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔

تَعَالَمَ الْقَوْمُ الشَّیْءَ : جاننا۔

اِسْتَعْلَمَہُ الْخَبَرَ : خبر دریافت کرنا۔

العَلَم۔ کپڑے کا نقش۔ جھنڈا۔ قوم کا سردار۔ ج اَعْلَام۔ العَلَم : راستہ کا نشان۔ اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منار۔ ج اعلام و عِلَام۔

العِلْم۔ مص۔ حقیقت شی کا ادراک۔ یقین و معرفت ج عُلُوم۔

عَلَامَ۔ علی حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے اور الف حذف کر دیا گیا ہے۔

العَلَامَۃ۔ نشان۔ راستہ کا نشان۔ ج عَلَامٍ و عَلَامَات۔

العَالَم۔ ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ۔ ج عَوَالِم و عَالَمُوْنَ و عَلَالِم۔

العَالِم۔ فا۔ ج عُلَّام و عَالِمُوْنَ ( ـــــ و العَلِیْم) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء۔

العَلَّام و الغُلَّام و العَلَّامَۃ و التِّعْلَامَۃ مبالغہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔
العُلَّام و العُلَّام۔ شکرہ۔ باز۔
العُلَامِیُّ۔ سبک روح۔ تیز فہم۔
العَلَم۔ مع۔ عالم۔
الاَعْلَم۔ اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مؤنث عَلْمَاء ج عُلْم العَلْمَاء زرہ۔
الاَعْلُوْمَة۔ علامت۔ ج اَعَالِیْم۔
العُلْمَة و العَلَمَة۔ اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔
العَیْلَم۔ سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک موٹا۔ نازک بدن (ـــــ و العَیْلَام) نر بجو ج عَیَالِم و عَیَالِیم۔
المَعْلَم۔ راستہ کی نشانی۔ معلمُ الشَّیْ: چیز کے پائے جانے کی جگہ۔ ج معالم۔ کہا جاتا ہے "خَفِیَتْ مَعَالِمُ الطَّرِیق: راستہ کی نشانیاں مخفی ہوگئیں۔
المَعْلُوْمِیَّة۔ معلوم کی طرف نسبت۔
العِلْمَادو العِلْمَادَة۔ جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلَامِدَة و عَلَامِید۔
عَلَنَ (ن ض) و عَلُنَ (ک) و عَلِنَ (س) عَلَنًا و عَلَانِیَةً و عُلُوْنًا و اِعْتَلَنَ و اِسْتَعْلَنَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ صفت عَالِنٌ و عَلِنٌ و عَلِیْنٌ۔
عَالَنَ مُعَالَنَةً و عِلَانًا العَدَاوَةَ و بِالْعَدَاوَةِ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
عَالَنَهٗ وَاَعْلَنَهُ الاَمْرَ و بالامر و علَّنَهٗ اِلَیْهِ: ظاہر کرنا۔
اِسْتَعْلَنَ۔ الاَمْرَ و بِالاَمْرِ: ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔
العَلَانِیَة۔ مص۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلَانِیَةٌ" یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلَانُوْن۔
العَلَانِیّ۔ وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلَانِیُوْن۔
العُلَنَة۔ جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔
عَلِهَ (س) عَلَهًا۔ متہم ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابل ملامت ہونا۔ گھبراہٹ سے آنا جانا۔ بدفطرت ہونا۔ صفت مذکر عَلْهَان ج عِلَاه صفت مؤنث عَلْهٰی ج عَلَاهٰی۔
العَلِه۔ وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو۔ وہ شخص جو متحیر ہو کر آئے جائے۔
العَالِه۔ شتر مرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے۔ مختلف قسم کے ارادے کرے۔
العَلَه۔ مص۔ برائی۔ غم۔
عَلَا یَعْلُوْ عُلُوًّا و سَمَا یَعْلُو عَلَاءً و اِعْتَلَی الشَّیْ او النَّهَار: بلند ہونا۔ عَلَا الرَّجُلَ: غالب ہونا ـــــ ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا ـــــ المَکَانَ و بِهٖ چڑھنا ـــــ الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ عَلَا فِی الاَرْض: تکبر کرنا۔ عَلَا بِهٖ: بلند کرنا ـــــ الاَمْرُ وَلَهٗ: طاقت رکھنا۔ صفت عَالٍ بِالاَمْرِ: مستقل ہونا۔ قِرْنَه: ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَتِ العَیْنِ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے نگاہ کا ناموافق ہونا۔ عَلَا و عَلِی فِی المَکَارِمِ درجہ میں بلند ہونا۔ اِعْتَلَی الشَّیْ: قوی ہونا۔ غالب ہونا۔
عَلَّی و اَعْلَی الشَّیْ: چڑھنا۔
عَلَّی وَاَعْلَی و عَالِی الشَّیْ: بلند کرنا۔ عَلَّی الکِتَابَ عنوان لکھنا۔ عَلَّی و اَعْلَی المَتَاعَ عَنِ الدَّابَّة۔ اتارنا۔ عَلَی اللّٰهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔ عَالَی الشَّیْ و بِهٖ: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّیْ یعنی مجھ سے دُور رہو۔
تَعَلَّی الرَّجُلُ: آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تَعَلَّتِ المَرْأَةُ مِنْ مَرَضِهَا: صحت پانا۔
تَعَالٰی۔ بلند ہونا۔ تَعَالَتِ المَرْأَةُ مِنْ مَرَضِهَا: صحت پانا۔ "تَعَالَ" آجا۔ (فعل امر)
اِسْتَعْلَی النَّهَارُ: بلند ہونا ـــــ ہٗ: غالب ہونا (ـــــ و اِعْلَوْلٰی) الشَّیْ: چڑھنا۔
عَلُ۔ اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو "مِنْ عَلُ" مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں "مِنْ عَلٍ" کہا جاتا ہے اور "اَتَیْتُهٗ مِنْ عَلَا" بھی کہا جاتا ہے۔
العَلَا و العُلٰی۔ بلندی۔ شرافت۔
العُلْی و العَلَاءَة۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْیُ القَوْمِ" یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔
عَلُوْ الشَّیْ و عُلُوْ قٌ و عِلْوَةٌ و عُلَاوَةٌ۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ عَلْوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔
العِلَاوَة مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز میں سے زیادہ بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلَاوَیٰ و عَلَاوِیٌّ۔ کہا جاتا ہے اَعْطَیْتُكَ اَلْفَ دِیْنَارٍ وَدِیْنَارًا اِعْلَاوَةً۔ میں نے تجھ کو ہزار دینار دیئے اور ایک دینار زائد دیا۔
العَلَاءَة۔ نہائی۔ بلند اُونٹنی ج عَلَوَات و عَلَاءَ۔
العَلِیُّ۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ تخت ج عِلِیُّوْن و عِلِیُّوْن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْیَةُ القَوْمِ" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔
العِلِیُّ۔ بلندی۔
العَلَوِیُّ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب نسبت۔ ج عَلَوِیَّه۔
العُلِّیَّة و العِلِّیَّة۔ بالا خانہ ج عَلَالِی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عُلِّیَّةِ قَوْمِهٖ و عِلِّیَّتِهِمْ و عِلْیَتِهِمْ و عُلِّیْهِمْ" یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت و شرف ہے۔
العَالِی فَارَجُلٌ عَالِی الکَعْبِ: شریف۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ مِنْ عَالٍ" یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔
العَالِیَه۔ مؤنث عالی۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلیٰ ج عَالِیَات و عَوَالٍ۔
العَوَالِی نیزے۔ العَوَالِی: مدینہ طیبہ کے اِرد گرد کے گاؤں اور اُن کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عَالِیٍ و عُلْوِیٍ کہتے ہیں۔ عَالِیَةُ الشَّیْ: چیز کا بلند حصہ۔ عَالِیَةُ الوَادِی وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔
الاَعْلٰی اسم تفضیل: زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْلٰی بِهِمْ عَیْنًا" یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے مؤنث عُلْیَا ج عُلًی۔
المُعْتَلِی۔ شیر۔
العُلْیَا و العَلْیَا۔ ہر بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے شَفَةٌ عُلْیَاءُ و عَلْیَاءُ العَلْیَا: پہاڑ کی چوٹی۔ آسمان۔
العِلِّیُّوْن۔ اعلیٰ جنت کا نام اور یہ جمع عِلِیٌّ کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں۔ اور تونگر اور اہل شرافت کو "اہل عِلِّیِّیْن" کہتے ہیں۔ پست درجے کے لوگوں کو "سِفْلِیُّوْن"۔
العِلْیَان و العَلْیَان۔ موٹا لمبا۔ کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"رَجُلٌ عَلْیَان وامْرَأَۃ عَلْیَان" نرمجو-
العِلْیَان والعِلِّیَّان-بلند آواز-
العُلْیَان-کتاب کاعنوان-
المَعْلَاۃ-شرف وبلندی ج مَعَالٍ-
المُعَلّٰی-جوئے کاساتواں تیر-
الحُرُوْفُ المُسْتَعْلِیَۃ خ-ص ض ط ظ غ ق-
عَلْوَنَ عَلْوَۃً و عَلْوَانًا-الکِتَابَ :خط پر پتہ لکھنا-
عَلْوَانُ الکِتَاب :سرنامہ-
عَلِیَ یَعْلٰی عَلْیًا وعُلِیًّا السَّطْحَ :چڑھنا-
العَلَی و العِلْی و العُلْیَا و العَلْیَاء و العِلْیَان و العُلْیَان و العَلَایَۃ والعِلْیَۃ والعَلِیُّ و العِلِّیُّ-
مادہ ع ل ی میں ذکر ہو چکا-
عَلٰی- حروف جر میں سے ہے- مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے-
(۱) استعلاء : جیسے حُمِلَ عَلَی الدَّابَّۃِ (جانور پر لادا گیا)
(۲) مصاحبت : جیسے بَذَلَ المَالَ عَلَی الفَقْرِ : (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا-)
(۳) مجاوزہ : بمعنی عَنْ جیسے رَضِیَ عَلَیْہِ اَیْ رَضِیَ عَنْہُ یعنی وہ اس سے راضی ہوا-
(۴) تعلیل :جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِیْ (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو-)
(۵) ظرفیت : جیسے دَخَلَ المَدِیْنَۃَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَۃٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہوا-)
(۶) موافقت باء : جیسے اِرْکَبْ عَلٰی اِسْمِ اللّٰہِ (اللہ کے نام سے سوار ہو-)
(۷) استدراک :جیسے عَلٰی اِنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَیْرٌ مِنَ البُعْدِ (لیکن گھر کا قرب دُوری سے بہتر ہے-)
(۸) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلَی جِنَاحِ الهَیْکَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَیَّ کَذَا و بِکَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو- عَلَیْکَ زَیْدًا- یعنی زید کے ساتھ لازم رہو عَلَیْکَ بِکَذَا- یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو- اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے-

عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّیْءُ : عام ہونا ـــــ المَطَرُ الْاَرْضَ :بارش کا ساری زمین کو عام ہونا( ـــــ عَمًّا) القَوْمَ بِالعَطِیَّۃِ : سب کو شامل کرنا( ـــــ عمومۃ) چچا ہونا-
عُمَّ رَأْسُہٗ عَمًّا و عُمِّمَ-پگڑی لپیٹا جانا-
عُمِّمَ الرَّجُلُ :سردار بنایا جانا-
اَعَمُّ-معزز چچوں والا ہونا-
عَمَّمَ-عام کرنا ـــــ ہٗ : عَمَامَۃً : بندھوانا ـــــ ہُ الْاَمْرَ : کسی امر کا قلادہ ڈالنا-
اِعْتَمَّ و تَعَمَّمَ و اِسْتَعَمَّ-عمامہ باندھنا-کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّابُّ : طویل ہو گیا- "تَعَمَّمَتِ الْاَکَامُ بِالنَّبَتِ" ٹیلے نباتات سے بھر گئے-گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے- تعمیم- چچا کہہ کے پکارنا-اِسْتَعَمَّۃٌ :چچا بنانا-
العَمُّ- مص - جماعت کثیرہ- چچا ج عُمُوْمَۃٌ و اَعْمَام و اَعُمٌّ- اور نسبت کے لئے عَمَوِیٌّ ( ـــــ و العُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت-
العَمَّۃ-پھوپی ج عَمَّات-
العِمَّۃ-عمامہ باندھنے کی ہیئت-
رَجُلٌ عُمْبِیٌّ عام-
العُمُم-جسم کا کمال-جوانی اور مال وغیرہ کا کمال-
العَمَم-کثرت-اجتماع-عامہ کا اسم جمع-ہر معاملہ کا عام و شامل- رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل : کامل الخیر-کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فُلَانٌ عَلٰی عَمَمِہٖ"
العُمُوم- مص - عمومیت- شمولیت اور نسبت کیلئے عمومی-
العِمَامَۃ-پگڑی-خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر ہوتا ہے کرٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِمُ و عِمَام- کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَہٗ " وہ خوش حال ہو گیا-العِمَامَۃ :قحط-کال-قیامت-
العَامُّ-سب کو شامل ہونے والا-خلاف خاص-
العَامَّۃ-مؤنث عام-عَامَّۃُ النَّاسِ :عام لوگ ج عَوَامُّ-کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عَامَّۃً" :یعنی قوم ساری کی ساری آئی-
العَمِیْم- ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو- قوم کا خالص- ہر چیز کا کامل ج عُمُم-
العَمِیْمَۃ مِنَ النِّسَاءِ : پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت- نَخْلَۃٌ عَمِیْمَۃٌ : لمبا کھجور کا درخت- ج عُمٌّ-
الاَعَمُّ-اسم تفضیل-جماعت کثیرہ-موٹا-
المَعِمُّ- مخیر-عام فیض والا-
المُعَمَّمُ- سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو-
العَمْبَر- عنبر-
عَمَتَ (ض) عَمْتًا و عَمَّتَ الصُّوْفَ :اون کی پیونی بنانا-عَمَّتَہٗ : مغلوب کرنا-مقصد سے ہٹا دینا-اندھا دھند لاٹھی سے مارنا-
رَجُلٌ عَمِیْت- ظریف دلاور-عالم زیرک-
العِمْتِیْت- نگہبان- سمجھ دار ظریف-مدہوش-
وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے- ج عَمَامِیْت-
العَمِیْتَۃ-اون کی پیونی ج عَمَائِت و عُمُت و اَعْمِتَّۃٌ-
عَمَجَ (ض) عَمْجًا-پانی میں تیرنا ـــــ فِیْ سَیْرِہٖ دوڑنا ( ـــــ و تَعَمَّجَ) السَّیْلُ او الحَیَّۃُ :پیچ دار ہونا-
العَمَج و العُمَّج و العَوْمَج-سانپ-
عَمَدَ (ض) عَمْدًا- السَّقْفَ : چھت میں ستون لگانا ـــــ لِلشَّیْءِ و اِلَی الشَّیْءِ : قصد کرنا ـــــ اِلَی الرَّجُلِ کسی کا ارادہ کرنا ـــــ الشَّیْءَ :گرانا ـــــ ۃ :ستون سے مارنا ـــــ ہُ المَرَضُ او الْاَمْرُ : دبلا کرنا- تکلیف پہنچانا ( ـــــ و عَمَّدَ) الوَلَدَ :بپتسمہ دینا-عَمَّدَ السَّیْلَ-بند لگا دینا-
عَمِدَ (س) عَمَدًا-عَلَیْہِ : غضبناک ہونا-بِہٖ لازم ہونا ـــــ الثَّرٰی : ترکرنا ـــــ مِنْہُ : تعجب کرنا ـــــ فُلَانٌ : درد مند ہونا-کہا جاتا ہے "عَمَدَنِی الْاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی معاملے نے مجھے درد مند کر دیا اور میں درد مند ہوا-
اَعْمَدَ الشَّیْءَ :ستون لگانا-
تَعَمَّدَ الْاَمْرَ : قصد کرنا ( ـــــ و اِعْتَمَدَ) بپتسمہ کرانا-اِعْتَمَدَ الحَائِطَ و عَلَی الحَائِطِ : دیوار پر ٹیک لگانا- اِعْتَمَدَہٗ و اِعْتَمَدَ عَلَیْہِ : بھروسہ کرنا-کہا جاتا ہے اِعْتَمَدَ لَیْلَۃَ : رات میں سوار ہو کر جانا-
اِنْعَمَدَ الشَّیْءُ :ستون کے بل کھڑا ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العَمْد۔ مص کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ" جان بوجھ کر کیا۔ "وَفَعَلَهُ عَمْدَ عَيْنٍ و عَمْدًا عَلٰى عَيْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔

العَمِد۔ وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰى" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔

العُمْدَة۔ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔ لشکر کا پیچامبر۔ ج عُمَد۔

العِمَاد۔ جس کا سہارا لیا جائے ج عَمَد و عُمُد بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمَادَة۔ اور یہ عَمَدَ الوَلَدَ (یعنی پتہ سہ دینا) سے اسم ہے۔ لشکر کا پیغام بر۔ اَهْلُ العِمَادِ۔ بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ الْعِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے "هُوَ رَفِيْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے۔

العَمُوْد۔ ستون۔ سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة و عَمَد و عُمُد۔ العَمُوْد: سردار۔ لشکر کا پیغامبر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔ عَمُوْدُ البَطن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ عَلٰى عَمُوْدِ بَطْنِهٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔ عَمُوْدُ المِيْزَانِ ترازو کی ڈنڈی۔ عَمُوْدُ الصُّبْحِ۔ صبح کی روشنی۔ عَمُوْدُ النَّسَبِ جو خط مستقیم پر ہو۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامُوْا عَلٰى عَمُوْدِ رَاْيِهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں اَهْلُ العَمُوْدِ و اَهْلُ العُمُد: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔ العَمُوْدُ او الخَطُّ العَمُوْدِيُّ عِنْدَ المُهَنْدِسِيْنَ وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویے برابر برابر نکلیں۔

ب ت عمودی یا خط عمودی۔

العَامِد۔ فا۔ مؤنث عَامِدَةٌ۔ لَيْلَةٌ عَامِدَةٌ: لمبی رات۔

العَمِيْد۔ سخت غمزدہ۔ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِيْدُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ ج عُمَدَاء عَمِيْدُ الْاَمْرِ: قوام امر۔ عَمِيد الوَجْع: درد کا مقام۔ العَمِيْد وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔

المَعْمُوْدِيَة۔ پتہسہ۔

العُمُد و العُمُدَّانِيّ۔ کامل ترین نوجوان۔

العَمِيْدَر۔ نازک بدن لڑکا۔

عَمَرَ (ن) عَمْرًا۔ المنزلُ بابلہ: آباد ہونا ـــــ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ صفت مفعولی مَعْمُوْرٍ ـــــ الدَّارَ گھر تعمیر کرنا۔ اور اسم العمارہ ہے ـــــ بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ـــــ ہ اللّٰه: زندہ رکھنا ـــــ عَمَارَةً اللّٰهُ مَنْزِلَهٗ: آباد کرنا۔

عَمَرَ (ض و ن) عَمْرًا و عَمَارَةً و عُمْرَانًا الرَّجُلُ بَيْتَه: لازم پکڑنا۔ عَمَرَ تُه كَذَا: زندگی بھر کیلئے دینا ـــــ عَمْرًا و عَمَارَةً رَبَّهٗ: عبادت کرنا۔ خدمت کرنا۔ روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا ـــــ عُمْرًا و عَمَرًا و عَمَارَةً و عَمِر (س) عَمْرًا و عَمَرًا و عَمَارَةً لمبی عمر پانا ـــــ و عُمُرَ (ک) و عَمِر (س) عَمَارَةً المَالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔

عَمَّرَ و اَعْمَرَ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ عَمَّرَهٗ و اَعْمَرَهٗ اَرْضًا: زندگی بھر کیلئے دے دینا۔ عَمَّرَ الرَّجُلُ: لمبی زندگی پانا۔ عَمَّرَهُ اللّٰهُ: زندہ رکھنا۔ عَمَّرَ الثَّوْبَ۔ کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ اَعْمَرَكَ اللّٰهُ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا۔ اَعْمَرَهُ المَكَانَ: آباد کرنے کیلئے دینا۔ اَعْمَرَ الْاَرْضَ: آباد پانا۔ اَعْمَرَ عَلَيْهِ: غنی کرنا۔

اِعْتَمَرَ المَكَانَ: قصد کرنا۔ زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لیے آیا "اِتَّخَذْنَا نَادِيًا نَعْتَمِرُهٗ" ہم نے ایک مجلس بنالی جس میں بیٹھتے ہیں۔ اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ: پگڑی باندھنا۔

اِسْتَعْمَرَهٗ فِي المَكَانِ: آباد کرنا۔ جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهٗ فِي الْاَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔

العُمْر۔ زندگی ج اَعْمَار۔ دین۔ اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِي" و لَعَمْرُ اللّٰهِ و اَعْمَرُ اللّٰهِ۔

العَمْر: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ ج عُمُور۔

العَمْرَان۔ حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔

العُمْر و العُمُر۔ زندگی۔ عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔ العُمُر: مسجد اگر جا۔ دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔

عُمَر۔ علم ہے اور علمیت و عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ خلیفہ ثانی کا نام ہے۔ العمران: سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما۔

عَمْرو۔ علم ہے۔ اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفہ ثانی کے نام سے امتیاز کیلئے واؤ لگایا جاتا ہے۔ ج عُمْرُوْن و اَعْمُرٌ و عُمُوْر۔ اُمُّ عَمْرٍو: بچھو کی کنیت۔

العُمْرَان۔ آبادی۔

العَمَر۔ مص۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال۔

العَمْرَة۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج، پگڑی وغیرہ۔ اَبُو عَمْرَة بھوک اور افلاس کی کنیت۔

العُمْرَة۔ آباد مکان کا ارادہ۔ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا و المروۃ کا نام۔ ج عُمَر و عُمُرات۔

العَمَار۔ سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے تھے۔

العَمَارَة۔ مص۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج، پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے۔ پھولوں کا دستہ جو بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔ بڑا قبیلہ۔ قبیلہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔

العِمَارَة۔ مص۔ جس سے مکان کی آبادی ہو۔ چھوٹا قبیلہ۔

العُمَارَة۔ عمارت کی مزدوری۔

العُمْرَى۔ وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لیے دے دیا جائے۔

مَكَانٌ عَمِيْرٌ: آباد۔ ثَوْبٌ عَمِيْرٌ: گف کپڑا۔

العَامِر۔ فا۔ گھر کا رہنے والا ج عُمَّار مؤنث عَامِرَة ج عَوَامِر۔ مَكَانٌ عَامِرٌ: آباد جگہ۔ تم کہتے ہو تَرَكْتُهُمْ عَامِرِيْنَ بِمَكَانٍ كَذَا: یعنی میں نے ان کو فلاں جگہ میں آباد چھوڑا۔ العَامِر: بچھو کا بچہ۔ اُمُّ عَامِر: بچھو۔ عَوَامِرُ البُيُوْتِ: سانپ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وغیرہ۔واحد عَامِرٍ و عَامِرَۃٌ۔
العَمِیْرَۃ۔شہد کا چھتہ۔بڑا قبیلہ۔ج عَمَائِر۔
العَمَّار۔صیغہ مبالغہ۔قوی الایمان۔بردبار۔صاحب وقار۔موت تک امر و نہی پر قائم رہنے والا۔اچھی تعریف والا۔
العُمَّار۔جنات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور یہ جمع ہے عامر کی۔
المَعْمُوْر۔آباد۔خوش حال جگہ۔
المُسْتَعْمَرَۃ۔نو آبادی (مولدۃ)
اليَعْمُوْر۔بکری کا بچہ۔چھوٹی بھیڑ۔ج یَعَامِیْر۔
العَمْرَد۔ہر چیز کا لمبا۔خوش۔قوی' سخت مزاج مرد۔شیر نر۔بھیڑیا۔
العَمَّرَس۔مرد قوی۔العُمْرُوْس:بکری کا بچہ ج عَمَارِیْس۔
العُمْرُوْط۔چور۔سرکش ج عَمَارِط و عَمَارِیْط و عَمَارِطَۃ۔
العَمَرَّط۔جوان۔سبک۔دلیر۔بلا۔مصیبت۔
عَمَسَ(ن)عَمْسًا الکِتَابُ:مٹا۔
الْأَمْرَ۔دیدہ دانستہ جاہل بننا۔عَمَسَ وَاَعْمَسَ الشَّیْءَ:چھپانا۔
عَمِسَ (س) و عَمَسَ (ک) عَمْسًا و عَمَسًا و عُمُوْسًا و عَمَاسَۃً۔الیَوْمُ:سخت ہونا۔تاریک ہونا۔
عَامَسَہٗ مُعَامَسَۃً۔رازبتانا۔دشمنی چھپانا۔
تَعَامَسَ۔تغافل کرنا۔عَنْہُ:نہ جاننے والا ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "تَعَامَسَ عَلٰی" یعنی اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو شبہ میں رکھا۔
العَمْش و العَمَاس و العَمُوْس و العَمِیْس مشکل کام۔یَوْمٌ عَمَاسٌ:سخت دن۔حَرْبٌ عَمَاسٌ و عَمِیْسٌ سخت لڑائی۔لَیْلٌ عَمَاسٌ:بہت تاریک رات۔العَمَاس:قوی شیر۔مصیبت ج عُمُس و عُمْس۔
العَمُوْس و المُعَامِس۔وہ شخص جو کاموں کو نادانوں کے مانند بے باکانہ کرے۔
اَمْرٌ مُعَمَّسٌ۔سخت کام۔
عَمِشَتْ (س) عَمَشًا عَیْنُہٗ:آنکھ کا کمزور ہونا۔چندھا ہونا۔صفت مذکر اَعْمَش صفت مؤنث عَمْشَاء ج عُمْش ـــــ فِیْہِ الْکَلَامُ:کلام کا اثر کرنا۔
عَمَشَہٗ (ن) عَمْشًا۔بلا قصد مارنا ـــــ الوَلَدَ:لڑکے کا ختنہ کرنا۔
عَمَّشَ و تَعَامَشَ عَنِ الشَّیْءِ:غافل ہونا ـــــ عَمَّشَہُ اللّٰہُ:چندھے پن کو دور کرنا۔
اِسْتَعْمَشَہٗ۔بیوقوف جاننا۔
العُمْشُوش۔انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لیے گئے ہوں۔
عَمَطَ (ن) عَمْطًا و اِعْتَمَطَ عِرْضَہٗ:عیب لگانا۔بے آبرو کرنا۔
عَمُقَ (ک) و عَمِقَ (س) عُمْقًا المَکَانُ او الطَّرِیْقُ۔دور ہونا۔کشادہ اور لمبا ہونا۔صفت عَمِیْق ج عَمِیْقٌ و عُمُق و عِمَاق۔
عَمُقْتُ (ک) عُمْقًا و عَمَاقَۃً البِئْرُ و نَحْوَھَا:گہرا ہونا۔صفت عَمِیْقَۃٌ۔ج عَمَائِق۔
اَعْمَقَ و عَمَّقَ و اِعْتَمَقَ۔البِئْرَ:کنوئیں کو گہرا کرنا۔کہا جاتا ہے "عَمَّقَ النَّظَرَ فِی الاَمْرِ" اس نے امور میں گہری نظر ڈالی۔
تَعَمَّقَ فِی الْاَمْرِ:معاملے کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا ـــــ فِی کَلَامِہٖ:خوب چرب زبانی سے گفتگو کرنا۔
العَمْق و العُمْق و العُمُق۔گہرائی۔العَمْق و العُمْق:جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو۔ج اَعْمَاق۔
العَمَق۔حق و استحقاق۔کہا جاتا ہے "لَہٗ فِیْہِ عَمَق" یعنی اس کیلئے حق و استحقاق ہے۔
العَمَقَۃ۔برتن کی تہ میں گھی کا میل۔
رَجُلٌ عَمَقِیٌّ الکَلَامِ:ایسا شخص جس کی بات بہت گہری ہو۔
عَمِلَ (س) عَمَلًا۔کام کرنا۔محنت کرنا ـــــ لِلْاَمِیْرِ عَلٰی بِلَادٍ:عامل بننا۔حاکم بننا ـــــ عَلَی الصَّدَقَۃِ۔صدقہ جمع کرنے کی کوشش کرنا ـــــ البَرْقُ:بجلی کا لگاتار چمکنا۔عَمِلَتِ الکَلِمَۃُ فِی الکَلِمَۃِ:ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ میں اثر کرنا۔اِعراب دینا۔
عَمَّلَہٗ:عمل کی اُجرت دینا ـــــ ہ عَلَی البَلَدِ:عامل بنانا۔حاکم بنانا۔کہا جاتا ہے "عُمِّلَ فُلَانٌ عَلَیْھِمْ" یعنی فلاں شخص ان کے اوپر حاکم بنایا گیا۔
اَعْمَلَہٗ۔عامل بنانا۔حاکم بنانا۔اَعْمَلَ الرُّمْحَ صدر نیزہ سے مارنا ـــــ الْاٰلَۃَ او الزَّای:استعمال کرنا ـــــ الکَلِمَۃَ فِی الکَلِمَۃِ:کلمے کا دوسرے کلمے پر اثر کرانا ـــــ الرَّجُلَ:اُجرت دینا۔
عَامَلَہٗ مُعَامَلَۃً۔عمل کی تکلیف دینا۔معاملہ کرنا۔
تَعَمَّلَ۔لِکَذَا۔عمل کو برداشت کرنا۔مِنْ اَجْلِ فُلَانٍ او فِی حَاجَتِہٖ کوشش کرنا' درپے ہونا۔
تَعَامَلَ۔القَوْمُ۔بعض کا بعض کے ساتھ معاملہ کرنا۔
اِعْتَمَلَ۔کام میں مضطرب ہونا۔اثر قبول کرنا۔اپنے لیے کام کرنا۔
اِسْتَعْمَلَہٗ۔عامل بنانا۔عمل کرنے کو کہنا۔
استعمل الالۃ:آلہ استعمال کرنا ـــــ الثَّوْبَ:کپڑا استعمال کرنا۔اُسْتُعْمِلَ فُلَانٌ:شاہی اعمال میں سے کسی عمل کے لیے مقرر ہونا۔
العَمَل۔مص۔الفعل۔قصد۔ارادۃً فعل کرنا ( ـــــ و العَامِلیۃ) وہ جس پر عامل والی ہو۔ج اَعْمَال و اَعْمَال البَلَد:ملک کے مضافات۔
العَمِل۔کاریگر۔پسندیدہ کاریگر۔بَرْقٌ عَمِلٌ:لگاتار چمکنے والی بجلی۔
العَمِلَۃ۔مؤنث عَمِلٌ:وہ جو کیا جائے۔
العَمْلَۃ۔ایک مرتبہ کا عمل۔خیانت۔چوری۔
العِمْلَۃ۔عمل کی ہیئت۔جو عمل کیا جائے۔( ـــــ و العُمْلَۃ) عمل کی اُجرت۔اور عوام اس کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
العَامِل۔فا۔کام کرنے والا۔وہ شخص جو کسی کے امور مال وغیرہ کا متولی ہو ج عُمَّال و عَامِلُوْنَ و عَمَلَۃٌ۔رئیس۔والی۔حاکم۔عَامِلُ الرُّمْحِ:نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔
العَامِلَۃ۔مؤنث عامل ج عَامِلَات و عَوَامِل
عَامِلَۃُ الرُّمْحِ:نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔العَوَامِل:پاؤں۔کھیتی اور دائیں کرنے کے بیل۔
العَمَّال۔صیغہ مبالغہ۔مؤنث عَمَّالَۃ۔
العِمَالَۃ۔عامل کا پیشہ۔العِمَالَۃ و العَمَالَۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



والعُمَالَة- عامل کی اُجرت- عوام کہتے ہیں العَمُوْلَة : کمیشن ایجنٹ-
العَمُوْل-مزدور-
العَمِيْل عِنْدُ التُّجَّارِ : ایجنٹ- آڑھتی- شریک عمل-ج عُمَلَاء-
المَعْمَل- کارخانہ- کام کرنے کی جگہ ج مَعَامِل-
المُعَامَلَات-کاروباری معاملات-
احکام شرعیہ جن کا تعلق امور دنیاوی سے ہو- جیسے بیع و شراء کے احکام-
المُسْتَعْمَل-مفع-استعمال کیا ہوا-
اليَعْمَل واليَعْمَلَة- کام کرنے والا اُونٹ' اونٹنی ج يَعَامِل ويَعْمَلات-
عَمَنَ (ض) و عَمِنَ (س) عَمْنًا بِالمَكَانِ اقامت کرنا-
عَمَّنَ و اَعْمَنَ الرَّجُلُ : ملک عمان میں جانا- کسی جگہ میں ہمیشہ رہنا-
العَمُوْنُ-اقامت کرنے والا ج عُمُن-
عَمِهَ و عَمِهَ (ف س) عَمَهًا و عُمُوْهًا و عُمُوْهِيَةً و عَمَهَانًا و تَعَامَةً- متحیر ہونا- گمراہی میں بھٹکنا- صفت عَمِه ج عَمِهُوْنَ و عَامِهٌ ج عُمَّهٌ-
عَمِه (س) عَمَهًا المَكَانُ : بے نشان و بے علامت ہونا- صفت مذکر اَعْمَه صفت مؤنث عَمْهَاء ج عُمْه-
عَمَّهَ فِيْ ظُلْمِ فُلَانٍ : ناحق ظلم کرنا-
العَمَه-مص-بصیرت کا فقدان-
عَمِيَ يَعْمَى عَمَى- اندھا ہونا- دل کا اندھا ہونا اور جاہل ہونا- عَنِ الشَّيْءِ و عِنْدَهُ : ہدایت نہ پانا- عَلَيْهِ : مشتبہ ہونا- کہا جاتا ہے "عَمِيَتِ الاَخْبَارُ عَنْ فُلَانٍ" یعنی پوشیدہ ہو گئیں-
عَمِيَ عَمَايَةً- اصرار کرنا- گمراہ ہونا-
عَمِيَ يَعْمِي عَمْيًا- السَّحَابُ : برسنا پڑنا- المَوْجُ : جھاگ پھینکنا فُلَانٍ : سخت گرمی میں آنا-
عَمَّى تَعْمِيَةً المَعْنَى : معنی پوشیدہ رکھنا (و اَعْمَى) الرَّجُلُ : اندھا کرنا- اندھا پانا- تَعَامَى- بتکلف اندھا بننا-

تَعَمَّى تَعَمِّيًا- اندھا ہونا-
اِعْتَمَى اِعْتِمَاءً ا- الشَّيْءَ : چننا- قصد کرنا-
اَلعَمِيَّة وَالعُمِيَّة والعَمَايَةُ والعَمَاءَ ة- گمراہی- گمراہی پر اصرار-
العِمِّيَّة والعُمِيَّة- غرر- گمراہی-
العُمر- اندھا ج عَمْوْن- مؤنث عَمِيَّة ج عَمِيَات-
العَمِيّ- اندھا ج عُمْيٌ و عُمْيَانٌ و اَعْمَاء و عُمَاة مؤنث عَمْيَاء- الاَعْمَى : جاہل- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَمِيُ القَلْبِ" یعنی جاہل آدمی-
العَامِيَة- بہت گریہ وزاری کرنے والی عورت-
العَمَاء- بلند بادل- موسلا دھار برسنے والا بادل-
الاَعْمَيَان- سیلاب و آتش زدگی-
المَعْمِيَة- بے نشان زمین- ج مَعَامِي- مَكَانٌ عَمًى و اَعْمَى- ایسی جگہ جس میں ہدایت نہ ملے-
العَامِيُّ- وہ شخص جو اپنے راستے کو نہ دیکھتا ہو-
المُعَمَّى- مفع مِنَ الكَلَامِ : چیستان- پہیلی-
عَنْ- حروفِ جر میں سے ہے اور معانی ذیل میں مستعمل ہے-
(۱) مجاوزة جیسے تَرَحَّلْ عَنْ مَكَانٍ فِيْهِ ضَيْمٌ : اس جگہ سے چل دے جہاں ظلم ہو- (۲) بدل جیسے يَوْمٌ لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا : وہ یوم جس میں کوئی نفس کسی نفس کا بدلہ نہیں دے گا- (۳) تعلیل جیسے مَا فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ اِضْطِرَارٍ : اس نے اُس کو مجبور ہو کر کیا- (۴) بعد جیسے عَنْ قَلِيْلٍ تَرَى- تھوڑی دیر کے بعد تجھے معلوم ہو جائے گا- (۵) استعلاء جیسے اَحَبَبْتُ الْاِحْسَانَ اِلَى الْفُقَرَاءِ عَنْ كَثْرَةِ الصَّلٰوةِ : میں نے فقراء کے ساتھ اچھے سلوک کو کثرت نماز پر ترجیح دی اور کبھی اسم ہو کر جانب کے معنی میں آتا ہے اور اس وقت اس پر حرف جر داخل ہوتا ہے جیسے "جَلَسَ مِنْ عَنْ يَسَارِ الْخَلِيْفَةِ" خلیفہ کی بائیں جانب بیٹھنا-
عَنَّ (ن ض) عَنًّا و عَنَنًا و عُنُوْنًا و اِعْتَنَّ لَهُ الشَّيْءُ : سامنے ظاہر ہونا- پیش آنا- عَنَّ عَنِ الشَّيْءِ : اعراض کرنا- عَنَّ فُلَانًا : گالی دینا- عَنَّ و عَنَّنَ الكِتَابَ- عنوان لکھنا- وعَنَّيْتُ الكِتَاب : ایک نون کو یا سے بدل کر بھی کہتے ہیں-

عَنَّ و عَنَّنَ و اَعَنَّ اللِّجَامَ : لگام میں ڈوری لگانا-
عَنَّ و اَعَنَّ الفَرَسَ : گھوڑے کو لگام سے روکنا-
عَانَّهُ مُعَانَّةً و عَنَانًا- مقابلہ کرنا-
العَانُّ- فا- لمبی رسی- پھیلا ہوا بادل-
العَانَّةُ- مؤنث- العَانُّ- بادل-
العُنَّة- رسی' اُونٹ یا گھوڑے کے لیے لکڑی کا باڑہ- ہانڈی رکھنے کا چولہا-
العَنَان- بادل- و العَنَانَة بادل کا ایک ٹکڑا-
عَنَانُ السَّمَاءِ : آسمان کی بلندی- عَنَانُ الدَّارِ- گھر کا کنارہ- گھر کا گرداگرد-
العِنَان- مص- لگام کی رسی- ج اَعِنَّة و عُنُن- کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيْرُ العِنَانِ" یعنی وہ بے خیر آدمی ہے- "وَرَجُلٌ طَوِيْلُ العِنَانِ" شریف آدمی و "اَبِيُّ العِنَانِ" خوددار- و "اِمْتَلَاءَ عِنَانُه" جبکہ اپنی کوشش کو پہنچ جائے- "وَذَلَّ عِنَانُه" یعنی تابع و فرمانبردار ہو گیا- و "هُمَا يَجْرِيَانِ فِيْ عِنَانٍ" جبکہ دونوں فضیلت وغیرہ میں برابر ہوں- "وَجَرَى الفَرَسُ عِنَانًا" یعنی ایک چکر دوڑا- "وَكَبَا فِيْ عِنَانِهِ" یعنی اپنے چکر میں ٹھوکر کھا گیا- "وَاَرْخَى مِنْ عِنَانِهِ" یعنی اس کو ڈھیل دے دو- و شركة العِنَان : دو آدمیوں کا مخصوص مال میں شرکت کرنا- العِنَان : سامنے آنے والی چیز-
العَنَن- سامنے آنے والی چیز- کہا جاتا ہے "عَنَانَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" : انتہائی یہ ہے کہ تم ایسا کرو-
الاَعْنَان- درخت کے اطراف- اَعْنَانُ السَّمَاءِ- آسمان کے اطراف- افق-
العَنَّان- بہت سبقت لے جانے والا-
المِعَنَّ- لایعنی امور میں دخل دینے والا- خطیب- مؤنث مِعَنَّة-
المَعْنُوْن- مجنون- پاگل-
عَنَبَ الكَرْمُ : انگور کی بیل میں انگور آنا-
العِنَب- انگور- ج اَعْنَاب- ایک دانے کو عِنَبَةٌ کہتے ہیں-
العَنَّاب- انگور بیچنے والا- عِنَب الثَّعْلَب مکوے-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العُنّاب والاعنّب- بڑی ناک والا-
العُنّاب- عُناب- ایک دوا کا نام- واحد عُنّابَة-
عَنْبَرَ الشَّيْءَ : عنبر سے خوشبودار کرنا-
العَنْبَر- ایک قسم کی خوشبو- زعفران- ایک قسم کی بڑی مچھلی- ڈھال جو عنبر مچھلی کی کھال سے بنائی جاتی ہے- ج عَنابِر-
عَنْبَرُ الشِّتاءِ و عَنْبَرَثُه- سردی کی شدت
عَنْبَرَةُ القِدْر : پیاز-
العَنْبَرِی- عنبر سے معطر کی ہوئی شراب-
عَنِتَ (س) عَنَتًا- دشواری میں پڑنا- مصیبت سے ہلاک ہونا- گناہ کرنا ـــــ الشَّيْءُ : خراب وفاسد ہونا ـــــ العَظْمُ : درستی کے بعد ٹوٹ جانا- صفت عَنِت-
عَنَّتَهُ- تختی کرنا- ایسی چیز لازم کرنا جس کا ادا کرنا دشوار ہو- عَنَّتَ الشَّيْءُ العَظْمَ المَجْبُوْرَ : درست شدہ ہڈی کو توڑ دینا- عَنَّتَ فِي الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا-
أَعْنَتَ الجابِرُ الكَسِيْرَ : جڑے ہوئے کو پھر توڑنا- ٹوٹے ہوئے کی دیکھ بھال نہ کرنے کی وجہ سے فساد زیادہ ہونا ـــــ الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ : جانور پر سختی سے زیادہ لادنا ـــــ الرَّجُلَ : ہلاکت میں ڈالنا-
تَعَنَّتَهُ- تکلیف پہنچانا- کسی کی لغزش کو ڈھونڈنا-
تَعَنَّتَ الرَّجُلَ وعَلَيْهِ فِي السُّؤالِ : بطریق تلبیس سوال کرنا-
العَنُوْت- دشوار گزار ٹیلہ-
عَنْتَرَ عَنْتَرَةً- لڑائی میں بہادری کرنا- عَنْتَرَهُ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا- عَنْتَرَ العُنْتُرُ : مکھی کا بھنبھنانا-
العَنْتَر والعُنْتُر والعُنْتَر- مکھی- نیلی مکھی- واحد عُنْتَرَة-
عَنْتَلَ الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا-
العُنْتُل- سخت- ضِبَاعٌ عَنَاتِل : شکار کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والے بجو-
العُنْثة والعُنْثَة والعِنْثَة- جلی نام- ایک مخصوص گھاس جبکہ وہ خشک اور سیاہ ہو جائے- ج عِنَاث-
العُنْثُوَة والعُنْثُوَة- بمعنی عُنْثَة ج عَنَاثِي
العُنْثُوَة : ٹھوڑی کے بال-

عَنَجَ (ن ض) عَنْجًا واَعْنَجَ الشَّيْءَ : کھینچنا- الدَّلْوَ : ڈول کو رسی سے باندھنا-
العِنَاج- پیٹھ کا درد- رسی جس کو بڑے ڈول کے نیچے باندھتے ہیں- ج اَعْنِجَة و عُنُج-
عَنَجَةُ الهَوْدَجِ : ہودے کے دروازے کا بازو-
العَنْجَج- بڑا-
العُنْجُج- جنگلی ریحان-
العُنْجُوْج- عمدہ گھوڑا- عمدہ اُونٹ- اوّل جوانی ج عَناجِيج-
عَنْجَرَ عَنْجَرَةً- ہونٹوں سے سیٹی بجانا-
العُنْجُوْرَة- شیشی کا غلاف-
العُنْجُه- بڑی موٹی سیسی- اکھڑ مرد-
عِنْد- ظرف مکان و ظرف زمان- جیسے وقفت عِندَ البَابِ و سَافَرْتُ عِنْدَ مَغِيْبِ الشَّمْسِ اور مِن کے داخل ہونے سے مجرور ہوتا ہے جیسے اَتَيْتُ مِنْ عِنْدِهِ-
عَنَدَ (ن ض) و عَنِدَ (س) و عَنَدَ (ک) عُنُوْدًا عَنِ الطَّرِيْقِ او القَصْدِ : تجاوز کرنا- ہٹ جانا- مائل ہونا ـــــ الرَّجُلُ : دیدہ دانستہ حق کی مخالفت کرنا- صفت عَنِيْد ج عُنُد ( ـــــ و اَعْنَدَ) العِرْقُ : رگ سے خون لگاتار بہنا- اَعْنَدَ فُلَانًا : مقابلہ کرنا-
عَنَدَ (ن) عُنُوْدًا عَنْ اَصْحَابِهِ : سفر میں علیحدہ ہو جانا-
عَانَدَهُ مُعَانَدَةً وعِنَادًا- علیحدہ ہونا- مقابلہ کرنا ـــــ الشَّيْءَ : لازم ہونا ـــــ الرَّجُلَ : کسی کے جیسا کام کرنا-
تَعَانَدَ القَوْمُ : بعض کا بعض کے ساتھ مخالفت کرنا-
اِسْتَعْنَدَ الفَرَسُ : گھوڑے کا سرکشی کرنا- منہ زور ہونا ـــــ هُ القَنْيُ : غالب ہونا ـــــ فُلَانًا : قصد کرنا-
العَانِد- فا- میانہ روی سے ہٹنے والا- ج عُنَّد- عَوَانِد- کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ طَعْنًا عَانِدًا" اس نے اس کو دائیں بائیں سے نیزہ مارا- دَمٌ عَانِدٌ : ایک جانب سے بہنے والا خون-
العِنْد- دل- معقول-

العَنَد- جانب- کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي وَسْطًا لَا عَنَدًا" وہ وسط میں چلتا ہے کنارہ میں نہیں-
العُنْد و العِنْد و العَنْد- گوشہ-
العَنُوْد- میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنُد- کہا جاتا ہے "سَحَابَةٌ عَنُوْدٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل- عَقَبَةٌ عَنُوْدٌ : دشوار گزار گھاٹی- رَجُلٌ عَنُوْدٌ : کسی کے ساتھ نہیں بلکہ تنہا اترنے والا مرد-
عَنْدَرَ المَطَرُ : سخت بارش ہونا-
عَنْدَلَ عَنْدَلَةً- الهَزَارُ : بلبل کا چہچہانا-
العَنْدَلِيْب- بلبل- ج عَنَادِل-
العَنْدَم- (دم الاخوین)-
عَنَزَهُ (ن) عَنْزًا- نیزہ مارنا- عَنَزَ وَ اِعْتَنَزَ واِسْتَعْنَزَ عَنْهُ : علیحدہ ہونا اور ایک گوشہ میں اترنا-
اَعْنَزَ الشَّيْءَ : جھکانا-
تَعَنَّزَ- لوگوں سے علیحدہ ہونا-
العَنَز- مص- بکری- مادہ چکور- مادہ شکرہ- ہرنی- مادہ گدھ ج عَنَاز و اَعْنُز و عُنُوْز-
العَنْزَة- بکری-
العَنَزَة- ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو- عَنَزَةُ الفَأْسِ پھاوڑے کی دھار ج عَنَزٌ و عَنَزَات-
العَنُوْز و العَنِيْز- مصیبت میں مبتلا-
عَنَسَ (ض) عَنْسًا العُوْدَ : لکڑی کو جھکانا- موڑنا-
عَنَسَت (ن ض) و عَنِسَت (س) عَنُوْسًا و عَنَاسًا و عَنَّسَت و عُنِّسَت واَعْنَسَتِ الجَارِيَةُ : لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد دیر تک بلا شادی کے رہنا- صفت عَانِس ج عَوَانِس و عُنُس و عُنِّس و عُنُوْس عَنَسَ الرَّجُلُ : بغیر نکاح کے بڑی عمر تک رہنا- صفت عَانِس-
اَعْنَسَ الشَّيْءُ : متغیر کرنا- اَعْنَسَ الشَّيْبُ وجْهَهُ : بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَمْ تَعْنُسْ او لَمْ تُعَنِّسِ السِّنُّ وجهه : یعنی فلاں کی عمر نے بڑھاپے کی طرف رخ نہیں کیا- و عَنَّسَ الجَارِيَةَ اَهْلُهَا : لڑکی کو اس کے گھر والوں نے نکاح کرنے سے روکے رکھا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



صفت مُعَنَّسَة ج مُعَنَّسَات و مُعَانِس۔
عَنِسَ (س) عَنَسًا۔ ہر وقت آئینہ میں دیکھنا۔
العَنَس۔ مص۔ عقاب۔ قوی اُونٹنی ج عِنَاس و عُنُوس۔
العِنَاس۔ آئینہ ج عُنُس۔
عَنَشَ (ن ض) عَنْشًا۔ العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا۔ جھکانا۔ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ غضبناک کرنا۔
عَانَشَهُ مُعَانَشَةً و عِنَاشًا۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ مفاخرت کرنا۔
اِعْتَنَشَهُ۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ ظلم کرنا۔
تَعَانَشَا۔ ایک دوسرے سے معانقہ کرنا۔
تَعَنَّشَ المَالَ: ہر طریقہ سے مال جمع کرنا۔
الأَعْنَش۔ چھ انگلیوں والا۔ بھینگا۔
العُنْصُر العُنْصَر۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَكَرِيْمُ العُنْصُر" وہ اصلاً شریف ہے۔ حسب۔ ہمت۔ حاجت۔ معیت۔ ہیولیٰ۔ مادہ جسم بسیط ج عَنَاصِر اور قدماء کے نزدیک عناصر چار تھے۔ آگ، پانی، ہوا اور مٹی۔
عِيْدُ العُنْصُرَة۔ نصرانیوں کی ایک عید ہے جو عید فصح کے پچاس دن کے بعد ہوتی ہے۔ اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر احکام شریعت کے نزول کی یادگار میں عید ہے۔
العُنْصُل والعُنْصَل والعُنْصُلاء والعُنْصَلاء۔ جنگلی پیاز۔ جس کو بصل الفار بھی کہتے ہیں۔
العُنْصُوة والعِنْصُوة والعُنْصُوَة والعِنْصِيَة والعِنْصَاة۔ متفرق تھوڑے سے بال یا گھاس وغیرہ ج عَنَاصِ۔
العُنْظُب والعُنْظُبان والعُنْظُوب۔ ایک قسم کی ٹڈی۔ مؤنث عُنْظُوبَة۔
عَنْظَى بِهِ: ڈھٹائی کرنا۔ بری بات سنانا۔ گالی دینا۔
العُنْظُوَان والعِنْظِيَان۔ فحش بکنے والا۔
العُنْظُوَان: ایک ترش قسم کی نباتات۔
العُنْظُوَانَة۔ واحد ہے عُنْظُوَان کی۔ مادہ ٹڈی ج عُنْظُوَانَات۔
عَنْعَنَ عَنْعَنَةً۔ ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا ـــــ الرَّاوِي: روایت کو عَنْ فُلَانٍ سے بیان کرنا۔
عَنَفَ (ک) عَنْفًا و عَنَافَةً۔ بِالرَّجُلِ و عَلَيْهِ سختی کرنا۔ صفت عَنِيْفٌ ج عُنُف۔
عَنَّفَهُ و اَعْنَفَهُ۔ سختی سے معاملہ کرنا۔ و عَنَّفَهُ سختی سے جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔ اَعنف الْاَمِرَ: سختی سے لینا۔
اِعْتَنَفَ الْاَمْرَ: سختی سے لینا۔ الشَّيْءَ: شروع کرنا ـــــ المجلس سے پھر جانا۔
العَنَف و العِنْف و العُنْف۔ سختی۔ سخت دلی۔
العُنْفَة و العُنُفَة۔ ابتدا۔ شروع۔
الاعْنَف۔ سختی سے پیش آنے والا۔
عُنْفُوَانُ الشَّبَابِ و عُنُفُوَّة۔ ابتدائی جوانی۔
عُنْفُوَانُ الخَمْرِ: شراب کی تیزی۔
المَعْنَفَة۔ سختی کا سبب۔
تَعَنْفَصَ۔ ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
العَنْفَقَة۔ داڑھی بیچ۔ ج عَنَافِق۔
عَنِقَ (س) عَنَقًا۔ لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَق۔
عَنَّقَ۔ طلع النخل: کھجور کے شگوفہ کا لمبا ہونا۔
عَنَّقَهُ: گردن پکڑنا۔ عَنَّقَ عَلَيْهِ: چلنا اور گردن اُٹھا کر دیکھنا۔
عَانَقَهُ مُعَانَقَةً و عِنَاقًا۔ بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔
عَانَقَتِ الْإِبِلُ: تیز چلنا۔
اَعْنَقَ۔ الزَّرْعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔
الكَلْبُ: کتے کی گردن میں پٹہ ڈالنا۔ النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اَعْنَقَتِ الْبِلَاد: دور دور ہونا ـــــ الدَّابَّةُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا ـــــ الرِّيْحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
تَعَنَّقَ اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔
تَعَانَقَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک کا دوسرے سے گلے ملنا۔
اِعْتَنَقَ۔ الشَّيْءَ: لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔
اِعْتَنَقَ الرَّجُلَانِ: لڑائی وغیرہ میں ایک کا دوسرے کے گلے کو پکڑنا۔
العُنُق و العُنْق گلا (مذکر ہے اور مؤنث بھی مستعمل ہے) ج اَعْنَاق۔ و عُنُقُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فُلَانٌ فِي عُنُقِ الصَّيْفِ" وہ گرمی کی ابتدا میں مر گیا "قَدْ اَخَذَ بِعُنُقِ الشِّتَاءِ" وہ ساٹھ سال کی ابتدا میں پہنچ گیا۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ عَلٰى عُنُقِ الدَّهْرِ" وہ زمانہ قدیم سے تھا۔ "وَلَهُ عُنُقٌ فِي الْخَيْرِ" اس کیلئے پہلی ہی نیکی میں سبقت ہے۔ "وَهُمْ عُنُقٌ اِلَيْكَ" وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔
و العُنُق: رئیس لوگ۔ جماعت۔
العَنَق۔ مص۔ جانور کی تیز چال۔
العَنَاق۔ بکری کا بچہ سال پورا ہونے سے پہلے۔ ج اَعْنُق و عُنُوق۔ عَنَاقُ الْاَرْضِ: بلی کی قسم کا ایک شکاری جانور۔ العَنَاق: معیت (ـــــ و العَنَاقَة) سختی و محرومی۔
الاعْنَق۔ لمبی گردن والا۔
العَنْقَاء۔ اَعْنَق کا مؤنث۔ ج عُنُق۔ عَنْقَاءُ مُغْرِب و العَنْقَاء المُغْرِبُ و المُغْرِبَة: ایک فرضی پرندہ کا نام۔ مصیبت۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ کسی چیز کی ہلاکت و بربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں خَلَّقْتُ بِهِ فِي الْجَوِّ عَنْقَاءَ مُغْرِبٍ: یعنی عنقاء مغرب اس کو فضاء آسمانی میں لے کر اڑا۔ هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ: بلند ٹیلہ۔
العَانِقَاء۔ جنگلی چوہے کا سوراخ۔
العَنِيْق۔ گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔
المُعْنِق۔ تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت و بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج مَعَانِيْق۔
المِعْنَاق۔ عمدہ گردن والا گھوڑا یا تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج مَعَانِيْق۔
المِعْنَقَة۔ پٹہ۔ ہار۔
عَنْقَشَ۔ بِالشَّيْءِ: چمٹ جانا۔
تَعَنْقَشَ بِهِ: سخت ہونا۔ پیچ کھانا۔
عَنَكَ (ن) عُنُوْكًا و عُنُوْكَا و تَعَنَّكَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا۔ صفت عَنِيْكٌ ج عُنُك۔ عَنَكَ البَابَ: دروازہ بند کرنا ـــــ الرَّجُلُ: سفر کرنا ـــــ الفَرَسُ: حملہ کرنا اور پھرنا۔
عَنْكَهَ۔ ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔
اَعْنَكَ۔ الرَّجُلُ: تودۂ ریگ میں پڑنا۔
البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
العِنْك۔ تودۂ ریگ۔
العَنْكَبُوْت۔ مکڑی ج عَنَاكِبُ عَنْكَبُوْتَات۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العُنْب- نر مکڑی ج عَنَاکِب و عَنَاکِیْب-
العَنْکَبَة و العَنْکَبَاة و العَکَنْبَاة مادہ مکڑی ج عَنَاکِب و عَنَاکِیْب-
عَنَّمَ- البَنَانَ : پورے کو عنم سے رنگنا (دیکھئے عَنَمَ)
اَعْنَمِت المَاشِیَةُ : جانور کا عنم کو چرنا- (دیکھئے عنم)
العَنَم- ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس سے رنگے ہوئے پورے کو تشبیہ دیتے ہیں- واحد العَنَمَة- العَنَم : انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹہنی کی لکڑیوں سے لپٹ جاتے ہیں-
العَنَمَة- انسان کے ہونٹ کا پھٹن-
العَنَمِیّ- سرخی آمیز خوبصورت چہرہ-
العَنْتُوْم- نرمینڈک-
عَنَا یَعْنُوْ عَنَاءً و عُنُوًّا- لَهٗ : خضوع کرنا- جھکنا- فرمانبردار ہونا- ذلیل ہونا- صفت عَانٍ و عَنِیٌّ مؤنث عَانِیَة و عَنِیَّة ـــــ الشَّیْءَ : ظاہر کرنا-
عَنَتِ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ : اُگانا- عَنَاهُ الْاَمْرُ : غم میں ڈال دینا- عَنَا الْاَمْرُ عَلَیْهِ : دشوار ہونا- عَنَتِ الْاَمْرُ بِفُلَانٍ : نازل ہونا- (ـــــ عَنْوًا)
الکتاب : عنوان لکھنا- خط پر پتہ لکھنا-
عَنَا یَعْنُوْ عَنْوَةً- زبردستی لے لینا- صلحاً لینا-
عَنَا یَعْنُوْ وعَنِیَ یَعْنَی عَنًا- فِی القَوْمِ : قیدی ہونا- صفت عَانٍ ج عُنَاةٌ مؤنث عَانِیَةٌ ج عَانِیَاتٌ و عَوَانٍ-
عَنَّی تَعْنِیَةً- الرَّجُلَ : قید کرنا-
اَعْنَی اِعْنَاءً- الرَّجُلَ : فرمانبردار کرنا- ذلیل کرنا- اَعْنَتِ الْاَرْضُ النَّبَاتَ : اُگانا-
العَانِی- بہتا ہوا خون یا پانی-
العِنْو و العَنَا- گوشہ- کنارہ- ج اَعْنَاء- کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا اَعْنَاءً مِنَ النَّاسِ" ہمارے پاس مختلف قبائل کے لوگ آئے-
عَنْوَنَ عَنْوَنَةً- دیباچہ لکھنا-
عُنْوَانُ الکِتَابِ و عِنْوَانُه و عُنْوَانُه و عِنْوَانُه : دیباچہ کتاب- "وَعُنْوَانُ کُلِّ شَیْءٍ" وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے' کہا جاتا ہے "الظَّاهِرُ عُنْوَانُ البَاطِنِ-"

عَنِی یَعْنِیْ عَنْیًا الْاَمْرُ لِفُلَانٍ : واقع ہونا- نازل ہونا ـــــ فِیْهِ الْاَکْلُ : مفید ہونا ـــــ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ اُگانا (ـــــ عَنْیًا و عِنَایَةً) بِمَا قَالَهٗ کَذَا : مراد لینا-
عَنَی اللّٰهُ بِهٖ عِنَایَةً- حفاظت کرنا-
عَنِی یَعْنِیْ عَنَایَةً و عِنَایَةً و عُنِیًّا الْاَمْرُ- فُلَانًا- مشغول کرنا- فکر مند کرنا- عُنِیَ بِالْاَمْرِ و عَنِیَ بِهٖ یعنی عَنِی : مشغول ہونا- فکر مند ہونا- مشقت لاحق ہونا- صفت عَانٍ و عَنٍ-
عَنِیَ یَعْنَی عَنَی الْاَکْلُ فِیْهِ : مفید ہونا-
عَنِیَ یَعْنَی عَنَاءً- تھکنا-
عَنَّی تَعْنِیَةً و اَعْنَی اِعْنَاءً الرَّجُلَ : تکلیف پہنچانا- امر و شوار کی تکلیف دینا-
الکِتَابَ : دیباچہ لکھنا- کہا جاتا ہے "مَا اَعْنَی شَیْئًا" یعنی کسی چیز کو فائدہ نہیں دیا-
عَانَی مُعَانَاةَ الشَّیْءِ : مشقت برداشت کرنا ـــــ الرَّجُلُ مَالَهٗ : مال کی حفاظت کرنا ـــــ ة : مدارات کرنا- الهُمُوْمُ فُلَانًا : تفکرات کا آنا-
تَعَنَّی تَعَنِّیًا- برداشت کرنا- تھکنا ـــــ الْاَمْرَ برداشت کرنا- تکلیف اٹھانا ـــــ فِی الْاَمْرِ : قصد کرنا ـــــ الحُمّٰی فُلَانًا : بخار کا بار بار آنا-
اِعْتَنٰی اِعْتِنَاءً- بِالْاَمْرِ : اہتمام کرنا- پرواکرنا ـــــ الْاَمْرُ : واقع ہونا- نازل ہونا- کہا جاتا ہے هُوَ بِهٖ اَعْنٰی : یعنی زیادہ اہتمام کرنے والا ہے-
العَنِیّ- اہتمام کرنے والا- مؤنث عَنِیَّة-
العُنْیَان- عنوان-
العَنِیَّة و العَنَاء و العَنَا- تھکن-
المَعْنٰی- مقصود- معنی (الکلمة) : کلمہ کا مدلول- معنی الکلام : کلام کا مضمون ج مَعَانٍ- معانی سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لیے جاتے ہیں- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَعَانِی" فلاں اچھی صفات والا ہے-
المَعْنَوِیّ- معنی کی طرف منسوب-
مَعْنِیُّ الکَلَامِ و مَعْنَاهُ و مَعْنِیَتُهٗ- مدلول کلام-
عَهِدَ (س) عَهْدًا الْاَمْرَ : پہچاننا ـــــ الشَّیْءَ : حفاظت کرنا- دیکھ بھال کرتے رہنا ـــــ فُلَانٌ وَعْدَهٗ- حفاظت کرنا اور پورا کرنا- عَهِدَ اللّٰهَ : توحید بیان کرنا ـــــ فُلَانًا بِمَکَانِ کَذَا : ملاقات کرنا- کہا جاتا ہے "عَهْدِیْ بِهٖ قَرِیْبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے- عَهِدَ اِلٰی فُلَانٍ : وصیت کرنا اور شرط لگانا اِلَیْهِ فِی کَذَا : وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا-
عَهِدَ المَکَانُ : موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا-
عَاهَدَهٗ- معاہدہ کرنا- حلیف بننا-
اَعْهَدَ- فُلَانًا مِنْ کَذَا : امین بنانا- بری کرنا- کفالت کرنا-
تَعَاهَدَ القَوْمُ : ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا- حلیف بننا-
تَعَاهَدَ و تَعَهَّدَ و اِعْتَهَدَ الشَّیْءَ : حفاظت کرنا- دیکھ بھال کرنا- عہد کی تجدید کرنا- تَعَهَّدَ و اِعْتَهَدَ اَمْلَاکَهٗ : اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا- (تَعَاهَدَ) کا لفظ بھی اس کے لیے مستعمل ہے-
اِسْتَعْهَدَ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِهٖ : عہد لینا ـــــ فُلَانًا مِنْ نَفْسِهٖ : اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا-
العَهْد- صلح- وفا- ضمان- امان- ذمہ- دوستی- وصیت- میثاق- قسم- شاہی فرمان- ج عُهُوْد- وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو- وَلِیُّ العَهْد : بادشاہ کا جانشین- کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِكَ فِیْ اَوْ عَلٰی عَهْدِ فُلَانٍ" یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا "و عَهْدِیْ بِهٖ اِنَّهٗ لَکَرِیْمٌ" یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے و "هُوَ قَرِیْبُ العَهْدِ بِکَذَا" وہ فلاں کے قریب الحال ہے "وَعَلَیَّ عَهْدُ اللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ کَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا- کہا جاتا ہے "مَتٰی عَهْدُكَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا- العَهْدِ القَدِیْم : بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام سے پہلے لکھی گئیں- العَهْدِ الجَدِیْدُ : بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام کے بعد لکھی گئیں-
العَهْد و العَهْدَة و العِهْدَة- موسم ربیع کی پہلی بارش- ج عِهَاد-
العِهَادَة- موسم ربیع کی پہلی بارش-
العُهْدَة- ضمان- کفالت- اصلاح کے لیے واپسی- کہا جاتا ہے "لِیْ فِی الْاَمْرِ عُهْدَةٌ" یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غَدِيَ يَغْدَى غَدًا و تَغَدَّى۔ صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدَّى بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَتَعَشَّى بِنَا" یعنی کیا تیرے لیے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّى۔ الرَّجُلُ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔

غَادَى فُغَادَاةً۔ الرَّجُلَ: صبح کے وقت آنا۔
الغَد۔ آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لیے (غَدِيٌّ و غَدَدِيٌّ)
الغُدْوَة۔ صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان، دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًى و غُدُوٌّ۔
الغَدَاة۔ صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان، دن کا ابتدائی حصہ، ج غَدَوات، کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ غَدَاتَيْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِيَّة بمعنی غُدْوَة و غَدَاة ج غَدَايَا و غَدِيَّات۔
الغُدَيَّة۔ غداۃ کی تصغیر۔
الغَدَاء۔ صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِيَة۔
الغَادِي۔ فا۔ شیر۔
الغَادِيَة مؤنث غَادِي۔ بادل جو صبح کے وقت اُٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِيَات۔
الغَدْيَان۔ صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا۔
المَغْدًى و المَغْدَاة۔ صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا۔ الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا۔ السَّيْرَ و فِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ___ الجُرْحُ: خون، پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذّ۔ فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَذِيْذَة۔ زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا۔ لَهٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
وغَذِمَ (س) غَذَمًا و تَغَذَّمَ و اِغْتَذَمَ الشَّيْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ و تَغَذَّمَ الفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اُونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَة۔ مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم ___ و الغَذْمَة۔ بہت دودھ۔ ج غَذَم۔
بِئْرٌ غَذِيْمَةٌ۔ وسیع کنواں۔
الغُدَم و المُتَغَذِّم۔ بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَةً۔ غضبناک ہونا۔
___ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔

اُنگل سے بچنا۔
تَغَذْمَرَ۔ فِي المَجْلِسِ: غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَة۔ مص۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غَذَامِير۔
غَذَا يَغْذُو غَذْوًا۔ الرَّجُلُ بِالطَّعَامِ: خوراک دینا ___ الطَّعَامُ الصَّبِيَّ: بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا ___ العِرْقُ: خون بہانا ___ الرَّجُلُ: جلدی کرنا ___ الفَرَسُ: تیز گزرنا۔
غَذَّى تَغْذِيَةً۔ الرَّجُلَ: غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّى العِرْقُ: خون بہانا۔
تَغَذَّى تَغَذِّيًا و اِغْتَذَى اِغْتِذَاءً۔ خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذَى اِسْتِغْذَاءً۔ الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء۔ خوراک۔ ج اَغْذِيَة۔
الغَاذِي۔ فا۔ غَاذِي المَالِ: مال کا منتظم۔ ج غُذَاة و غَاذُوْن مؤنث غَاذِيَة ج غَوَاذٍ۔
الاَغْذَى۔ اسم تفضیل۔
الغَذِيّ۔ رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء۔ جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِيُّ۔ رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان۔ بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّهٗ (ن) غَرًّا و غِرَّةً و غُرُوْرًا۔ دھوکا دینا۔ بیہودہ اُمید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَانٍ" یعنی تو نے اس پر دلیری کیونکر کی؟ غَرَّ المَاءَ: پانی گرانا۔
غُرَّا و غِرَازًا۔ الطَّائِرُ فَرْخَهٗ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا ___ الرَّجُلُ: غرغر پرندہ کھانا ___ الرَّاعِي: اُونٹ کو چرانا ___ المَاءُ: پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا و غِرَازًا و غَرِرَ (س) غَرَارَةً۔ شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا و غَرَارَةً۔ تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔
غَرَّ (س) غَرْرًا و غُرَّةً و غَرَارَةً وَجْهُهٗ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّيْءُ: سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِيْرًا و تَغِرَّةً بِالشَّيْءِ: ہلاکت کیلئے پیش کرنا ___ الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنے کیلئے پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پھیلانا ـــــ القِرْبَة : مشک بھرنا۔ غَرَرَتْ تَغِرُّ غَرًّا الغُلَامُ : بچہ کے اگلے دانت نکلنا۔

غَارَتْ غِرَارًا و مُغَارَةً۔ السُّوْقُ : بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَ التَّحِيَّةَ : کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

تَغَرَّرَ۔ الفرسُ : گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا۔

اِغْتَرَّ وَاسْتَغَرَّ۔ بِكَذَا : دھوکا کھانا۔

اِغْتَرَّهُ وَاسْتَغَرَّهُ۔ بے خبری میں آنا۔ وَاغْتَرَّهُ : بے خبری کا طالب ہونا۔

الغَرّ۔ مص۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طويت الثوب على غره" یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُوْر۔

الغَرّ والغِرَار۔ تلوار کی دھار۔ الغِرار : نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّة کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَلَى غِرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔ الغِرار : تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلَى غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً بَيْنَ عَلَى غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔

"لَبِثَ الْقَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ" قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔

الغَرَارَة۔ غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "كان ذلك على غرارتي" یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔

الغُرَّة۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔

ـــــ مِنَ الْقَوْمِ : شریف ـــــ مِنَ الرَّجُلِ : چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے قَدْ بَدَتْ غُرَّتُهُ۔ غلام۔ باندی۔ ج غُرَر۔ الغُرَر : مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات۔ عرب۔ مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نَفل اور اس کے بعد تَسَع پھر عُشَر پھر بِيض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر وَادِنی پھر مَحَاق کہتے ہیں۔

الغِرّ۔ ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرَّة ج اِغْرَار۔

الغُرَنِيّ۔ اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔

الغِرَّة۔ مص۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر۔

الغُرَّة۔ مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔

الغَرَر۔ ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا غَرَرٌ مِنْكَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔

الغَرُور۔ دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْيَا الغَرُور" غرغرہ کی دوائیں۔

الغُرُور۔ مص۔ بیہودہ باتیں۔

الغَارّ۔ فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّة۔

الغَرَّار۔ بہت دھوکہ دینے والا۔

الغَرِيْر۔ اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِيْرُهُ وَاَقْبَلَ هَرِيْرُهُ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آگئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَان۔ ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج اَغِرَّة وَاَغِرَّاء مؤنث غَرِيْرَة ج غَرِيْرَات وغَرَائِر۔

الغُرَيْر۔ کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنْ غُرَيْرٍ" اور اس کا نام يَعْفُور اور غُرْغُوْر بھی ہے۔

الأَغَرّ۔ خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔ سردار شریف ـــــ مِنَ الأَيَّامِ : سخت گرم دن۔

مِنَ الخَيْلِ : پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ وغُرَّان۔

الغِرَارَةُ۔ بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر۔

الغُرَّانُ۔ پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الْمَاءُ بِغُرَّانِهِ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔

المُغَارُ۔ کم دودھ والی اونٹنی۔ ج مَغَارٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُ الكَفِّ" یعنی بخیل ہے۔

المَغْرُوْر۔ مفع۔ فریب خوردہ۔

غَرَبَ (ن) غَرْبًا۔ جانا ـــــ فُلَانٌ عَنَّا : جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا ـــــ فِي سَفَرِهِ : طویل سفر کرانا (غروبا) الرجل : دور ہونا ـــــ النجم : ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔

غَرَبَ (ن) غُرْبَةً وغُرْبًا وغَرَابَةً۔ پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔

غَرُبَ (ک) غَرَابَةً۔ الكَلَامُ : مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا ـــــ الشَّيْءُ : غیر مانوس ہونا۔

غَرِبَ (س) غَرَبًا۔ لو سے چہرہ کالا ہونا۔

غَرَّبَ۔ دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا ـــــ هُ : دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلاوطن کرنا ـــــ فِي الأَرْضِ : دور تک لے جانا۔

اَغْرَبَ۔ مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا ـــــ فِي الضِّحْكِ وَنَحْوِهِ : مبالغہ کرنا ـــــ الحَوْضَ : حوض کو بھرنا ـــــ الفَرَسَ فِي جَرْيِهِ : گھوڑے کا بہت دوڑنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مرجائے ـــــ هُ : علیحدہ کرنا اَغْرَبَ وَاُغْرِبَ المَرِيْضُ : تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَيْهِ وَبِهِ : برا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔

اِغْتَرَبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِسْتَغْرَبَ۔ الشَّيْءَ : نادر پایا سمجھنا۔

ـــــ الدَّمْعَ : آنسو بہانا۔

ـــــ وَاسْتُغْرِبَ۔ فِي الضِّحْكِ : ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

الغَرْب۔ مص۔ پچھم۔ ہر چیز کا اول۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْمٌ غَرْبٌ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب۔

الغُرْبَة۔ دوری۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الغَرْبُ- مص- سونا- چاندی' پیالہ' شراب' پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے- کہا جاتا ہے "سَهْمٌ غَرْبٌ وسَهْمٌ غَرْبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو- و "بِعَيْنِهِ غَرْبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو-

الغُراب- کوا- مختلف قسمیں ہیں- غراب اسود- ابقع- زاغ ج اَغْرُب و غُرْبٌ و غِرْبَان واَغْرِبَةٌ ج غَرَانِيْنُ- کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُهُ" یعنی بوڑھا ہوگیا اس کے بال سفید ہوگئے- وَاَرْضٌ لَا يَطِيْرُ غُرَابُهَا یعنی سرسبز ہے- الغُراب اولہ و برف- سرکا اچھلا حصہ- مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی ابتداء- اور دھار- جیسے غُرَابُ الفَاس- اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے- کہا جاتا ہے "بَكَّرَتْ بُكُوْرَ الغُرَابِ" کوے کی مانند صبح سویرے اٹھا- "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرَابِ" فلاں کوے سے زیادہ چوکنا ہے- وَ "دُوْنَ هٰذَا ضَيْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی ہے اَغْرَبَةُ العَرَبِ: عرب کے سیاہ لوگ- الغُراب: پرانی قسم کی ایک کشتی-

الغُرْبَان- دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں-

الغَارِب- فا- کندھا- پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کے حصہ- ہر چیز کا اعلیٰ حصہ- ج غَوَارِب اور اسی سے ہے- غَوَارِبُ المَاءِ بلند موجیں-

الغَرِيْب- مسافر- وطن سے دور- اجنبی ج غُرَبَاء عجیب و غیر مانوس مِنَ الكَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو- مؤنث غَرِيْبَةٌ ج غَرَائِب-

الغُرُوب- بمعنی غریب-

المُغْرُوب- صبح- ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں- عُنْقَاء (مُغْرِب و مُغْرِبَةٌ) دیکھئے لفظ "عُنْقَاء"

المَغْرِب- پچھم- آفتاب غروب ہونے کی جگہ- ممالک افریقیہ اور بزبانِ حال ممالک یورپ-

مَغْرِبَانُ الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ-

المَغْرِبِيّ- ممالک مغرب کی طرف منسوب- ج مَغَارِبَة-

الغِرْيِيْب- سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے- کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْيِيْب"

غَرْبَلَ غَرْبَلَةً الحِنْطَةَ: گیہوں چھاننا-

___ البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا-

___ فِي الأَرْضِ: جانا ___ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا- جدا جدا کرنا ___ القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا-

الغِرْبَال- چھلنی- ڈف- چغل خور ج غَرَابِيْل-

المُغَرْبَل- مقہ- گھٹیا- پھولا ہوا- مقتول- زوال پزیر ملک-

الغِرْبِيْل- چھلنی- ڈف- چغل خور-

غَرِثَ (س) غَرَثًا- بھوکا ہونا-

صفت (غَرْثَان) ج غَرْثٰى و غَرَاثٰى و غِرَاث مؤنث (غَرْثٰى) ج غِرَاث-

غَرَثَ- الكَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا-

الغَرِث و الغَارِث- بھوکا-

غَرِدَ (س) غَرْدًا و غَرَدًا و اَغْرَدَ و تَغَرَّدَ- الطَّائِرُ: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور تکرری کرنا اَغْرَدَهُ الطَّائِر: گا کر خوش کرنا-

اِسْتَغْرَدَهُ- گانے پر برانگیختہ کرنا-

الأُغْرُوْد و الأُغْرُوْدَة- پرندہ کی سریلی آواز ج اَغَارِيْد-

الغِرْد و الغَرِد و الغِرِّيْد- گانے والا-

غَرَزَهُ (ض) غَرْزًا- بالابَرَة و نَحْوِهَا: سوئی وغیرہ چبھونا- غَرَزَ الابَرَةَ فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا-

الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِي الغَرْزِ: رکاب میں پاؤں ڈالنا- غُرْزًا بِالأَرْضِ: زمین میں لکڑی گاڑنا- غَرَزَتِ الجَرَادَةُ: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا- صفت (غَارِزٌ و غَارِزَةٌ)

غَرَزَ- الإبرة فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا- غَرَزَتِ الجَرَادَةُ: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا-

الغَنَم- بکری کو موٹی ہونے کے لیے ووھنے سے چھوڑ دینا-

اَغْرَزَ- الإبرَةَ: بمعنی غَرَزَ ___ الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا ___ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا-

اِغْتَرَزَ السَّيْرَ: روانگی قریب ہونا ___ فُلَانٌ السَّيْرَ: روانگی کے قریب ہونا- سوار ہونا ___ الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِي الغَرْزِ: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا-

الغَرْز- مص- رکاب- زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی- ج غُرُوْز- کہا جاتا ہے "اِلْزَمْ غُرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے آمر و نہی کی اطاعت کرو- "اُشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهِ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو-

الغَرَز- ایک چھوٹی قسم کا پودہ-

الغَرِيْزَة- طبیعت ج غَرَائِز-

الغَارِز- فا- اونٹنی جس کا دودھ کم ہوگیا ہو- عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے-

التَّغْرِيْز- کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے- ج تَغَارِيْز-

المَغْرِز- گاڑنے کی جگہ- ج مَغَارِز-

غَرَسَ (ض) غَرْسًا و غِرَاسَةً الشَّجَرَ: درخت کا پودہ لگانا-

اِنْغَرَسَ- پودہ لگنا-

الغَرْس- مص- پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس و اَغْرَاس-

الغِرْس- پودہ- پانی جو رحم سے نکلے- چھوٹا کوا- ج اَغْرَاس-

الغَرِيْس- پودا لگایا ہوا- بھیڑ-

الغَرِيْسَةُ- کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو- سسکھلی جو بوئی جائے- انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو- پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک- ج غَرَائِس و غِرَاس-

الغِرَاس- پودہ- پودہ لگانے کا وقت- کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاس" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَاد-"

المَغْرِس- پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس-

الغِرْش- مِنَ المسكوكات: ایک سکہ ہے جو درو آنے کے مساوی ہوتا ہے- ج غُرُوش-

غَرِضَ (س) غَرَضًا- اِلَيْهِ: مشتاق ہونا- صفت (غَرِضٌ) ___ مِنْهُ: تنگ دل ہونا- ملول ہونا- خوف کرنا-

غَرَضَ (ض) غَرْضًا- الإنَاءَ: برتن بھرنا- کم بھرنا ___ الشَّيْءَ: تازہ چننا- وقت سے جلدی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (
ـــــ غَرِيْضًا)لَهٗ : تازہ دودھ پلانا۔
غَرَضٌ (ک) غَرْضًا۔ اللَّحْمُ : گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِيْضٌ) ج اَغَارِيْض۔
غَرَّضَ۔ مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔
ـــــ الشَّيْءَ : تازہ چننا ـــــ فِيْ سِقَائِهٖ : مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَخْلًا يُغَرِّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جاسکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا : نشانہ بنانا۔
اَغْرَضَ۔ فُلَانًا : تنگ دل کرنا ـــــ
الْغَرَضَ : نشانہ پر ٹھیک مارنا ـــــ الْاِنَاءَ : برتن بھرنا۔
غَارَضَ۔ الْاِبِلَ : اُونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرَّضَ وَانْغَرَضَ۔ الْغُصْنُ۔ شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اِغْتَرَضَ۔ الشَّيْءَ : کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔
اُغْتُرِضَ فُلَانٍ جوان مرنا۔
الْغَارِض۔ فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتدا میں۔
الْغَرْض۔ مص۔ واوی کی ناقص شاخ ج غُرُوْضَان وغِرْضَان وَاَغْرُض ـــــ کجاوہ کا تنگ ج اَغْرَاض وغُرُوْض۔
الْغَرْضَة۔ کجاوہ کا تنگ ج غُرُوْض وغُرُض۔
الْغَرَض۔ مص۔ مطلوب۔ حاجت۔
قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج اَغْرَاض۔
الْغَرِيْض۔ طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الْاِغْرِيْض۔ شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ۔ ج اَغَارِيْض۔
الْمَغْرِض۔ اُونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض۔
الْمَغْرُوْض۔ مفہ بارش کا پانی۔
الْغُرْضُوْف۔ نرم ہڈی جیسے کان' ناک کی ج غَرَاضِيْف۔ الْغُرْضُوْفَان : دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔
غَرْغَرَ غَرْغَرَةً۔ غرغرہ کرنا۔ غرغرت الْقِدْرُ : ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غَرْغَرَهُ : ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح : حلق میں نیزہ مارنا ـــــ الرَّجُلُ : آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا ـــــ اللَّحْمُ : گوشت میں بھوننے وقت آواز ہونا۔
تَغَرْغَرَ۔ بِالْمَاءِ او الدَّوَاءِ : پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔
الْغِرْغِر۔ ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)
الْغُرْغُوْر۔ بمعنی الْغُرَيْرُ (دیکھئے الْغُرَيْر)
الْغُرْغُرَة۔ پوتا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔
غَرَفَ (ض) غَرْفًا۔ الشَّيْءَ : کاٹنا ناصیتہٗ : پیشانی کے بال کترنا۔
وَاغْتَرَفَ۔ الْمَاءَ بِيَدِهٖ : پانی کا چلو لینا۔
تَغَرَّفَهٗ۔ کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔
اِنْغَرَفَ۔ الشَّيْءَ : کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا ـــــ الْعَظْمُ : ہڈی کا ٹوٹنا ـــــ فُلَانٌ : مرنا۔
الْغَرْف۔ مص ( ـــــ والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
الْغَرْفَة۔ چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غِرَف۔
الْغُرْفَة۔ چلو۔ ج غِرَاف ـــــ کوٹھری کے اندر کوٹھری' بالاخانہ' بالوں کا گچھا۔ ج غُرُف و غُرْفَاتٌ وغُرُفَاتٌ وغُرَفَاتٌ۔
الْغَارِفَة۔ مؤنث غَارِف اسم فاعل ـــــ مِنَ النُّوْقِ : تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ ج غَوَارِف۔
الْغَرَاف۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔
الْغَرَّاف۔ بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غَرَّافٌ : بہت پانی کی نہر۔ غَيْثٌ غَرَّافٌ : بہت بارش۔
الْغَرُوْف۔ مِنَ الْاٰبَارِ : وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔
الْغَرِيْف۔ مِنَ الشَّجَرِ : گھنا درخت۔ بانس' نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔
الْغَرِيْفَة۔ گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے نچلے حصہ۔ کا چمڑا۔
الْمِغْرَف۔ تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَغَارِف۔
الْمِغْرَفَة۔ چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف۔
غَرِقَ (س) غَرَقًا۔ فِي الْمَاءِ : ڈوبنا۔ صفت (غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِيْقٌ) ج غَرْقَى غَرِقَ فُلَانٌ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستثنی ہونا۔
غَرَقَ (ن) غَرْقًا۔ مِنَ اللَّبَنِ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔
اَغْرَقَ۔ فِي الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔
اَغْرَقَهٗ وغَرَّقَهٗ۔ ڈبو دینا۔ اَغْرَقَ و غَرَّقَ فِي الْقَوْسِ : کمان کو بہت زیادہ کھینچنا اَغْرَقَ وغَرَّقَ اللِّجَامَ بِالْفِضَّةِ : لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهٗ بِالْمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔
غَارَقَهٗ۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي لَمِنِيَّةٌ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔
اِغْتَرَقَ۔ النَّفَسَ : بہت ہانپنا۔
لَبَعِيْرُ التَّصْدِيْرِ : اُونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔
الْفَرَسُ الْغَيْلَ : گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ يُغْتَرِقُ الْعَيْنَ : یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔
اِسْتَغْرَقَ۔ الشَّيْءَ : کل لے لینا ـــــ الْغَايَةَ : مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا ـــــ فِي النَّوْمِ : گہری نیند سونا ـــــ فِي الضِّحْكِ : کھلکھلا کر ہنسنا۔
اِغْرَوْرَقَتْ۔ الْعَيْنُ : ڈبڈبا آنا۔
الْغُرْقَة۔ دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق۔
الْغَارِقُوْن والْاَغَارِيْقُوْن۔ ایک پودہ کی جڑ ہے اور یہ زہر کیلئے تریاق ہے اور یہ دونوں کلے دخیل ہیں۔
غَرَّقَ اَتِ۔ الدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا : مرغی کا کچا انڈا دینا ـــــ الْبَيْضَةُ : کچا انڈا گرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الغَرْقِئُ- انڈے کے سفیدی کی جھلی- انڈے کی سفیدی-

غَرِلَ (س) غَرَلاً- الصَّبِیُّ : بچّے کا غیر مختون ہونا- صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلاَءُ ج غُرْلٌ-

الغَرِل- ڈھیلا ڈھالا آدمی- بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ-

الاَغْرَل- ارزانی کا سال- خوش عیش زندگی-

الغُرْلَة- چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں-

الغِرْیَل- غبار- تالاب جس میں کیڑے ہی کیڑے ہوں جس کو پیا نہ جاسکے- خشک یا تر مٹی جس کو سیلاب بہا کر لائے اور سیلاب کے چلے جانے کے بعد زمین پر پھٹ پھٹ کر رہ جائے- شیشی کے نیچے کی تلچھٹ-

غَرِمَ (س) غَرْمًا وغَرَامَة و مَغْرَمًا الدَّیْنَ ونَحْوَهُ : قرض وغیرہ ادا کرنا-

فِی التِّجَارَة : تجارت میں نقصان اُٹھانا-

اَغْرَمَهُ وغَرَّمَهُ الدَّیْنَ : قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا- کہا جاتا ہے "غُرِمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی-

اُغْرِمَ بِالشَّیْءِ : بہت خواہش مند ہونا-

تَغَرَّمَ- تاوان برداشت کرنا-

اِغْتَرَمَ- تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا-

الغَرَامَة والغُرم- تاوان- مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو- ضرر- مشقت-

الغَرَام- اشتیاق- محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو- ہلاکت- عذاب-

الغَرِیم- قرض خواہ- قرض دار- مخالف- ج غُرَماء وغُرَّام-

المَغْرَم- تاوان- ج مَغَارِم-

الغُرْمُول- عضو تناسل-

غَرِنَ (س) غَرَنًا العَجِیْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا-

الغَرَن- کمزور-

الغَرِیْن والغَرِیْن- تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے- بیوقوفی-

الغِرْنِیْق والغُرْنُوْق والغُرَانِق : ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے- سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے- کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِیَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَةٌ" ج غَرَانِق وغَرَانِیق وغَرَانِقة-

غَرَا یَغْرُو غُرْوًا- الرَّجُلُ : تعجب کرنا ـــــ الجِلْدَ : سریش سے جوڑنا ـــــ الشَّحْمُ قَلْبَهُ : چربی کا دل پر چھا جانا-

غَرِیَ یَغْرَی غَرَاءً و غَرًا وغُرِیَ وغُرِّیَ واُغْرِیَ- بِکَذَا : بہت خواہش مند ہونا- بہت رغبت رکھنا- غَرِیَ الغَدِیْرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ـــــ فُلاَنٌ : بہت زیادہ غضبناک ہونا (ـــــ غَرَاةً) بِهٖ : چمٹنا- لازم ہونا-

غَرَّی تَغْرِیَةً- الشَّیْءَ : سریش سے جوڑنا-

اَغْرَی- الرَّجُلُ بِکَذَا : برانگیختہ کرنا- اَغْرَی العَدَاوَةَ بَیْنَهُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا-

غَارَی غِرَاءً ومُغَارَاةً- فُلاَنًا : سخت جھگڑا کرنا ـــــ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا-

الغَرَاء والغِرَاء- ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے- جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی- الغِرَاءُ : خوبصورتی-

الغَرَاء والغَرَوِی- خواہش مندی- کہا جاتا ہے "لاَ غَرْوَ ولاَ غَرَوِیَ مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں-

الغَرِیُّ- خوبصورت- عمدہ عمارت-

الغَرِیَّان- دو مشہور عمارتیں جو حیرہ کے قریب تھیں-

المِغْرَاة- سریش پگھلانے کا آلہ-

غَزَّ (ن) غَزًّا واغْتَزَّ- بِفُلاَنٍ : خاص کرنا ـــــ الإبِلَ او الصَّبِیَّ : اُونٹ یا بچّہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اُون لٹکانا-

غَازَّهُ مُغَازَّةً- سبقت کرنا- جھگڑنا-

اَغَزَّ- الشَّجَرُ : درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا- اَغَزَّتِ البَقَرَةُ : گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا-

تَغَازَّ- القَوْمُ الشَّیْءَ : آپس میں جھگڑا کرنا-

الغُزّ- جبڑا- ترکوں کی ایک قوم- واحد (غُزِّیٌّ)

غُزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَةً وغُزُرًا- المَاءُ وغیرہ : پانی وغیرہ کثیر ہونا- غَزُرَتِ النَّاقَةُ : اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا-

تَغَزَّرَ الرَّجُلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا-

غَازَرَ واسْتَغْزَرَ- زیادہ لینے کے لیے تھوڑا دینا-

الغَزْر- مص- کھجور کے پتوں کی بکری-

ـــــ والغَزَارَة- کثرت-

الغَزِیْر- ہر چیز کا بہت- ج غِزَار-

الغَزِیْرَة- مؤنث غَزِیْر ـــــ مِنَ النُّوْقِ : بہت دودھ والی اُونٹنی ـــــ مِنَ العُیُوْنِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ ـــــ مِنَ الآبَارِ والیَنَابِیْع : بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار-

المِغْزَار- مِنَ الاِبِل : بہت دودھ والی اُونٹنی- مَکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ-

غَزَلَ (ض) غَزْلاً واغْتَزَلَ- الصُّوْفَ : اُون کا تنا-

غَزِلَ (س) غَزَلاً بِالنِّسَاءِ : عورتوں سے باتیں کرنا- عشق بازی کرنا- عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا-

غَازَلَ- المَرْأَةَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا- کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلاَنٌ الأَرْبَعِیْنَ مِنَ العُمْرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا و "هُوَ یُغَازِلُ رَغْدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے-

اَغْزَلَتِ- الظَّبْیَةُ : ہرنی کا بچّے والی ہونا ـــــ المَرْأَةُ : عورت کا کاکلہ گھمانا-

تَغَزَّلَ- فُلاَنٌ : بتکلف عشق بازی کرنا-

تَغَازَلَ القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا-

الغَزْل- مص- کاتنا ہوا-

الغَزَل- مص- عورتوں کے ساتھ کھیل کود-

الغَزَال- ہرن کا بچّہ- ج غِزْلَة و غِزْلاَنٌ- دَمُ الغَزَال- نام ایک نباتات کا-

الغَزَالَة- غزال کا مؤنث- چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَةُ الضُّحٰی وغَزَالَتُهُ : چاشت کی ابتداء-

الغَزِل- عورتوں سے بات کرنے والا- عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو-

الغَازِلَة- کاتنے والی- ج غَزْل وغوازل-

الغَزِیْل- عورتوں سے باتیں کرنے والا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الغَزَّال۔ بہت کاتنے والا۔
الأَغْزَل۔ غَزَل کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّٰی: بار بار آنے والا بخار۔
المِغْزَل والمَغْزَل والمُغْزَل۔ ثکلہ ج مَغَازِل۔
اَبُوْالمَغَازِل۔ کلنگ۔
المُغَيْزِل۔ مغزل کی تصغیر۔ چھوٹا ثکلہ۔ باریک رسی۔
غَزَاهُ يَغْزُوْهُ غَزْوًا۔ طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا يَغْزٰى مِنْ هٰذَا الْكَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَزْوًا وغَزَاوَةً وغَزَوَانًا۔ القَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا۔ جہاد کیلئے نکلنا۔
غَزَّى وأَغْزَى۔ فُلَانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا۔ سامان دینا' برانگیختہ کرنا ـــــ هٗ: مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کر دینا۔
اِغْتَزَى اِغْتِزَاءً۔ فلانًا: قصد کرنا ـــــ بِهٖ: مخصوص کرنا۔
الغَزْوَة۔ غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوات۔
الغَازِي۔ فا۔ ج غُزَاة وغُزَّى وغُزِيٌّ وغُزَّاء مؤنث غَازِيَةٌ ج غَوَازٍ وغَازِيَات۔
الغُزَاة۔ اسم ہے غزو کا ج غَزَوَات۔
المَغْزُوَة۔ جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔
المَغْزَى۔ جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔
مغزى الكلام: مقصد کلام۔ ج مَغَازٍ۔
المَغَازِي۔ غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔
اِغْزَاةٌ (مُغْزِيَةٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتَانٌ او نَاقَةٌ مُغْزِيَةٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی۔
غَشَّ (ن) غَشًّا۔ فِي الْبِلَادِ: داخل ہونا ـــــ الكَلَام: کلام میں عیب لگانا ـــــ ه فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا ـــــ الهِرَّةَ: بلی کو ڈانٹنا۔ اور غس کہنا۔
اِنْغَشَّ۔ فِي المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغُشّ۔ کمزور نالائق۔
غَشَّان۔ ایک یمنی قبیلہ تھا جو حوران کے چشمہ غسان پر وارد ہوا تھا اسی وجہ سے اس کا یہ نام پڑ گیا اور یہ لوگ ایک بہت بڑی حکومت کے مالک ہو گئے تھے جس کا آخری بادشاہ جبلہ بن الایہم تھا جو سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں مسلمان ہو کر مرتد ہو گیا۔
غَسَرَ (ن) غَسْرًا۔ عَلَى الغَرِيْمِ: قرض دار پر سختی کرنا۔
تَغَسَّرَ الفَرْخُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ اُلجھا ہوا ہونا ـــــ الأَمْرُ: ملتبس ہونا۔ مخلط ہونا۔ صفت (غَسِرٌ)
الغَسَر۔ جس چیز کو ہوا اُڑا کر تالاب میں ڈال دے۔
اَغْسَفَ۔ تاریکی میں داخل ہونا۔
الغَسَف۔ تاریکی۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا واَغْسَقَ۔ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا ـــــ المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غسوقا و غَسِق (س) غَسَقَانًا۔ المَاءُ: پانی گرنا ـــــ الغَيْمُ: بارش ہونا ـــــ العَيْن: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔
الغَسَق۔ اوّل شب کی تاریکی۔
الغَاسِق۔ فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیسوں کی ایک قسم۔
الغَسَّاق والغَسَاق۔ ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا۔ الشَّيْءَ: پانی سے میل کچیل دُور کرنا ـــــ ٥: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔
غَسَّلَ۔ الشَّيْءَ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
اِنْغَسَلَ۔ دُھلنا ـــــ الشَّيْءُ: بہنا۔
اِغْتَسَلَ۔ نہانا ـــــ بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغُسْل والغُسْل۔ اسم ہے غَسَل سے۔
الغِسْل والغُسْل۔ ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال۔
الغِسْلَة والغَسُوْل والغُسُوْل۔ ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔
الغُسَالَةُ۔ مِنَ الشَّيْءِ: پانی جس سے دھویا جائے' دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغَسِيْل۔ نہلایا ہوا۔ ج غَسْلَى و غُسَلَاء مؤنث غَسِيْلَة ج غَسَالٰى۔
الغَاسُوْل۔ صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغَسَّال۔ اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَةٌ۔
المَغْسَل والمَغْسِل۔ غسل خانہ۔ ج مَغَاسِيْل۔
المُغْتَسَل۔ غسل خانہ۔ ج مُغْتَسَلَات۔
المُغْتَسَل: وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغْسَل۔ وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المَغْسِلَة۔ وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
غَسْلَبَ۔ الشَّيْءَ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غَسَمَ (ن) غَسْمًا واَغْسَمَ۔ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)
الغَسَم۔ سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغُسْم والأَغْسَام۔ آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غَسَنَ (ن) غَسْنًا۔ الشَّيْءَ: چبانا۔
غُسَانُ القَلْبِ وغَسَانُه۔ دل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "عَلِمْتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ غَسَّانِ قَلْبِكَ" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔
الغَسَّان والغَيْسَان۔ جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ مِنْ غَسَّانِهٖ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِيُّ۔ بہت خوبصورت۔
الغُسْنَةُ والغُسْنَاة۔ بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ: غَسْنَات وغُسْنَات۔
الأَغْسَان۔ لوگوں کے اخلاق وعادات۔ پرانے کپڑے۔
الغَيْسَانَة۔ نرم ونازک عورت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



غَسَا یَغْسُوْ غَسْوًا و غَسِیَ یَغْسٰی غَسًی واغْسَی۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَغْسَاہ اللَّیْلُ: تاریکی ڈالنا۔

الغَسَاۃ۔ کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات وغُسّی مشخ (غاسٍ) پیرفانی۔

غَشَّہٗ (ن) غَشًّا و غَشَّۃً۔ خلاف ضمیر ظاہر کرنا اور خلاف مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَغَشَّہٗ۔ دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔

اِغْتَشَّ و اِسْتَغَشَّ۔ الرَّجُلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔

الغَشّ۔ دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔

الغُشُّ۔ دھوکا باز۔ ج غُشُوْن۔

الغَاشّ۔ دھوکا باز ج غَشَشَۃٌ و غَشَّاشٌ۔

الغَشَش۔ گدلا پانی۔

الغِشَاش و الغَشَاش۔ تاریکی کا اوّل و آخر۔

قَوْمٌ (غَشَاشَۃٌ) دھوکہ باز لوگ۔

المَغْشُوْش۔ مغ۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔

الغَشْب۔ ظلم۔

الغَشْرَب۔ شیر بیشہ۔

الغَشَارِب۔ مرد دلاور۔

الغَشْغَل۔ لومڑی۔

غَشَقَ (ن) غَشْقًا۔ نرم چیز کو کاٹنا۔

غَشَمَہٗ (ن ض) غَشْمًا و تَغَشَّمَہٗ۔ ظلم کرنا۔

غَشَمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ: لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔

الغَاشِم و الغَشُوْم و الغَشَّام۔ ظالم۔ غاصب۔

المِغْشَم۔ خود رائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔

الغَشْمَشَم۔ بمعنی مِغْشَم۔ بہت ظلم کرنے والا۔

الغَشْمَشَمَۃ و الغَشْمَشِیَّۃ۔ دلیری۔ جرأت۔

غَشْمَرَ غَشْمَرَۃً۔ السَّیْلُ: سیلاب کا آنا ـــــ الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور کوئی پروا نہ کرنا ـــــ الاَمْرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا ـــــ فُلَانًا: ظلم کرنا۔

تَغَشْمَرَ۔ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ فُلَانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ تَغَشْمَرَ السَّیْلُ او الجَیْشُ: سیلاب یا لشکر کا آنا۔

الغَشْمَرَۃ۔ مص۔ آواز۔ ج غَشَامِر۔

الغَشْمَرِیَّۃ۔ ظلم۔

الغِشْمِیْر۔ سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِالغِشْمِیْرِ" یعنی اس کو سختی سے لیا۔

غَشَنَ (ن) غَشْنًا۔ چھڑی مارنا۔ تلوار مارنا۔

غَشَایَغْشُوْ غَشْوًا۔ فُلَانًا: کسی کے پاس آنا۔

غَشِیَ (س) غَشَاوَۃً۔ الاَمْرُ فُلَانًا: مبتلا کر دینا۔

غَشَّا۔ الفَرَسُ وغیرہ: سفید سر والا ہونا۔

غَشِیَ (س) غَشْیَانًا۔ فلانا: کسی کے پاس آنا ـــــہٗ بِالسَّوْطِ۔ کوڑے سے مارنا۔

اِسْتَغْشٰی۔ ثَوْبَہٗ و بِثَوْبِہٖ: ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔

الغَشْوَۃ و الغَشَاوَۃ۔ دونوں میں عین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشْوَۃ۔ غشا کا اسم مرۃ۔

الاَغْشٰی۔ مِنَ الخَیْلِ و غَیْرِھَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشْوَاء۔

غَشِیَ یَغْشٰی غَشْیًا و غِشَایَۃً الاَمْرُ فُلَانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِیَ المَرْاَۃَ: جماع کرنا ـــــ المَکَانَ: آنا ـــــ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَشِیَ عَلَیْہِ غَشْیًا و غُشْیًا و غَشَیَانًا: بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغْشِیٌّ عَلَیْہِ۔

اَغْشٰی۔ الاَمْرُ فُلَانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا ـــــ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا ـــــ اللّٰہُ عَلٰی بَصَرِہٖ: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغْشَانِی فُلَانًا فلاں کے پاس آنے کیلئے برانگیختہ کرنا۔

غَشَّی۔ الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: ڈھانکنا۔ غَشَّیْتُہُ الاَمْرَ میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔

تغشیٰ۔ بِثَوْبِہٖ: اپنے آپ کو ڈھانکنا۔

تغشی المرأۃ: جماع کرنا۔ تغشاہ الاَمْرُ: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔

اِسْتَغْشٰی۔ ثَوْبَہٗ و بِثَوْبِہٖ: اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔

الغِشَاء۔ پردہ۔ ج اَغْشِیَۃٌ۔

الغِشَایَۃ و الغُشَایَۃ و الغُشْیَۃُ۔ پردہ۔

الغَشْیَۃ و الغَشْی و الغُشْی و الغَشَیَان۔ بیہوشی۔ غشی۔

الغَاشِیَۃ۔ مؤنث غَاشٍ۔ پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَوَاشٍ۔ مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِیَۃُ فُلَانٍ: خدام۔ ملاقاتی دوست احباب جو بار بار آئیں۔

الغِشْیَان۔ آنا۔

غَصَّ (س۔ ن) غَصًا۔ بِالطَّعَامِ و المَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ آچھو لگنا۔ صفت (غَاصٌّ و غُصَّان) ـــــ المَکَانُ بِھِمْ: بھر جانا اور تنگ ہونا۔

غَصَّ (ن) غَصًّا۔ الشَّیْءَ: قطع کرنا۔

اَغَصَّہٗ۔ آچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغصص علینا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔

اِغْتَصَّ۔ المَکَانُ بِھِمْ: تنگ ہونا۔

الغُصَّۃ۔ جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ ج غُصَص۔

غَصَبَہٗ (ض) غَصْبًا عَلَی الشَّیْءِ: مجبور ہونا ـــــ الشَّیْءَ: زبردستی لے لینا ـــــ المَرْاَۃَ: زنا بالجبر کرنا ـــــ الجِلْدَ: کھال سے بال اور اون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُوْن و غُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَہٗ مَالَہٗ اور کبھی مفعول اوّل میں من کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْہُ مَالَہٗ"۔

اِغْتَصَبَ۔ الشَّیْءَ: ظلم و زبردستی سے لینا۔ ـــــ المَرْاَۃَ: زنا بالجبر کرنا۔

غَاصَبَہٗ۔ ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔

الغَصْب۔ مص۔ چھینی ہوئی چیز۔

غَصَنَ (ض) غَصْنًا۔ الغُصْنَ: ٹہنی کو کاٹنا' ٹہنی کو کھینچنا ـــــ الشَّیْءَ: لینا ـــــہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: پھیرنا' منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا غَصَنَکَ عَنِّی" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔

اَغْصَنَ و غَصَّنَ۔ العنقودُ: بڑے دانوں والا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہونا- اَغْضَنَتِ الشَّجَرَةُ : درخت کا شاخ دار ہونا-

الْغُصْن- شاخ ج غُصُوْن وَاَغْصَان و غَصِيْنَةٌ-

الْغُصْنَة- شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی- فَوْزٌ (اَغْصَنُ) سفید دُم کا بیل-

غَضَّ (ن) غَضًّا و غَضَاضًا و غِضَاضًا و غَضَاضَةً- طَرْفَهٗ و مِنْ طَرْفِهٖ او صَوْتَهٗ : وِمِنْ صَوْتِهٖ : نگاہ یا آواز پست کرنا- روکنا ـــــ الْغُصْن : شاخ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا ـــــ الشَّيْءَ : کم کرنا- کہا جاتا ہے "لَا اَغُضُّكَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا ـــــ مِنْ فُلَانٍ : کسی کا مرتبہ گھٹانا- کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَهٗ" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا- "غَضَّ طَرْفَهٗ لِفُلَانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کرلی "وَ غُضَّ لِيْ سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لیے روک لو اور ٹھہر جاؤ-

غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوْضَةً النَّبَاتُ وغیرہ : نباتات کا تر و تازہ ہونا- صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض-

غَضَضٌ- تر و تازہ کو کھانا- تر و تازہ و نرم و نازک ہونا- ذلت و خواری لاحق ہونا-

اِنْغَضَّ- الطَّرْفُ : نگاہ کا بند ہونا-

تَغَاضَضَ- عَنْهُ : غفلت برتنا-

الْغَضَاض و الْغُضَاض- سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ-

الْغُضَّة- ذلت و نقصان ج غُضَض-

الْغَضِيْضَة و الْغَضَاضَةُ- ج غَضَائِض : ذلت و نقصان-

الْمَغَضَّة- ج مَغَاضّ : ذلت و نقصان-

الْغَضّ- مص- تر و تازہ- نازک بدن- کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تر و تازہ نئی جوانی ج غِضَاض-

الْغَضِيْض- تر و تازہ- ناقص- ذلیل- طَرْفٌ غَضِيْضٌ : پست نگاہ- ج اَغِضَّاء و اَغِضَّة مؤنث غَضِيْضَةٌ ج غَضَائِض-

غَضِبَ (س) غَضَبًا و مَغْضَبَةً عَلَيْهِ : غضبناک ہونا- صفت (غَضِبٌ وغَضْبٌ وغَضْبَانٌ) مؤنث غَضْبَى وغَضُوْبٌ وغَضْبَانَةٌ- ج غَضْبَى و غَضَاب و غَضَابَى وغُضَابَى- اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَانٍ" یعنی فلاں کے لیے غضبناک ہوگیا- "وغَضِبَ مِنْ لَا شَيْءَ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا-

اَغْضَبَهٗ وغَاضَبَهٗ مُغَاضَبَةً- غضب پر برانگیختہ کرنا- وغَاضَبْتُهٗ : ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا- غَاضَبَ فُلَانًا : ناراض کرنا- ایک دوسرے کو ناراض کرنا- اَغْضَبَتِ الْعَيْنُ : آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا-

تَغَضَّبَ و اِسْتَغْضَبَ- عَلَيْهِ : غضبناک ہونا-

الْغَضْبَةُ- غضب کا اسم مرۃ- مچھلی کی کھال- سر کی کھال-

الْغِضَاب و الْغُضَاب- آنکھ کا تنکا-

الْغُضَاتِي- مکدر زندگی بسر کرنے والا-

الْغُضُبُّ و الْغُضْبَّة و الْغَضْبَّة- غضبناک-

غَضَرَهٗ (ن ض) غَضْرًا- اَللّٰهُ : خوشحال کرنا- آسودہ حال بنانا- غَضَرَ الرَّجُلَ : کسی کو روکنا- منع کرنا ـــــ الشَّيْءَ : کاٹنا-

غَضِرَ (س) غَضَرًا و غَضَارَةً- آسودہ حال ہونا- بہت مال دار ہونا- اچھی زندگی والا ہونا- صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا و تَغَضَّرَ- عَنْهُ : تجاوز کرنا- پھر جانا- غَضَرَ عَلَيْهِ : مائل ہونا ـــــ لِفُلَانٍ : مِنْ مَالِهٖ : مال میں سے کچھ دینا-

اُغْتُضِرَ- جوان مرنا-

الْغَضَار- خالص چکنے والی مٹی- چکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ- سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے رکھتے ہیں-

الْغَضَارَة- مص- نعمت- آسودہ زندگی- وسعت و آسودہ حالی- سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں- خالص مٹی- بڑا پیالہ- ج غَضَائِر-

الْغَضْرَاء- مِنَ الْاَرْض : پانی کے قریب کی عمدہ زمین- وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی غَضْرَاء کہتے ہیں- ج غَضَارِيٌّ- کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَضْرَأَ مِنَ الْعَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں-

الْغَاضِر- قا- مانع- کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو- اپنی ضروریات کے لیے تر کے جانے والا- مؤنث (غَاضِرَة)

الْغَضِيْر- نرم و نازک- سبز رنگ والا- ارض غضیرۃ : خالص مٹی والی زمین-

الْمُغْضِر- صاحب نعمت و آسودہ حال- ج مُغْضِرُوْن-

الْمَغْضُوْر- صاحب نعمت و آسودہ حال- ج مَغْضُوْرُوْن و مَغَاضِيْر-

الْغَضَوَّر- شیر بیشہ-

الْغَضُوْر- پیر سے چپکنے والی مٹی-

الْغُضْرُوْف- بمعنی غُضْرُوْف-

غَضْغَضَ- الْمَاءَ : پانی کم کردینا-

ـــــ و تَغَضْغَضَ- الْمَاءُ : پانی کم ہونا- پایاب ہونا-

غَضَفَ (ض) غَضْفًا- الْعُوْدَ : لکڑی توڑنا ـــــ الْكَلْبُ اُذُنَهٗ : کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا ـــــ الْوِسَادَةَ : تکیہ کو موڑنا- دوہرا کرنا ـــــ غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا-

غَضِفَ (س) غَضَفًا- اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا- غَضِفَتِ الْاُذُنُ : ڈھیلا ہونا- صفت (غضفاء) ج غُضْفٌ- غَضِفَ الْعَيْشُ : آسودہ ہونا- صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

اَغْضَفَ- اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا-

ـــــ السَّحَابُ : بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا-

غَضَّفَ- الشَّيْءَ : لٹکانا-

تَغَضَّفَتْ- الْجَارِيَةُ : لچکنا- ناز و انداز سے چلنا ـــــ الْحَيَّةُ : کنڈلی مارنا- اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے- تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ : رات کا آنا- الْبِئْرُ : کنوئیں کا منہدم ہونا-

اِنْغَضَفَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا گرنا اِنْغَضَفَتْ اُذُنَهٗ : کان کا لٹونا ـــــ الضَّبَابُ : کہر کا تہ بتہ ہونا ـــــ الْقَوْمُ فِي الْغُبَارِ : قوم کا غبار میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



داخل ہونا۔
الغَاضِف۔فا۔خوش حال۔خوش عیش۔کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔
الغَضَفُ۔درخت خرما کے مانند ایک درخت۔ واحد(غَضَفَة)
الغَضَفَة۔سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔
الأَغْضَف۔ لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ عَيْشٌ أَغْضَف : خوش حال زندگی۔
الغَضْفَر۔مرد سخت بدن۔ سخت عادت والا۔
غَضْفَرَ غَضْفَرَةً۔بھاری ہونا۔
الغَضَنْفَر۔ شیر بیشہ۔ مرد سخت بدن۔ سخت عادت والا۔
الغُضَافِر۔شیر بیشہ۔
اِغْضَالَّتِ اِغْضِيْلالاً۔ الشَّجَرَةُ : درخت میں بہت شاخ اور پتے ہونا۔
غَضَنَهُ(ن ض) غَضْنًا۔عَنْ كَذَا : منع کرنا۔ روکنا ـــــ النَّاقَةُ : اُونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم(الغِضَان) ہے۔
أَغْضَنَ۔ السَّحَابُ : لگاتار بارش ہونا۔ أَغْضَنَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى : تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا ـــــ عَلَيْهِ اللَّيْلَ : رات کا تاریک ہونا۔
غَاضَنَ مُغَاضَنَةً۔ عَيْنَهٗ : آنکھ کا جھپکانا ـــــ المَرْأَةَ : آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔
غَضَّنَ۔الشَّيْءَ : موڑنا۔ شکن ڈالنا۔
غَضَّنَتِ السَّمَاء : لگاتار برسنا ـــــ النَّاقَةُ : اُونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَغَضَّنَ۔ مڑنا۔ شکن پڑنا۔
الغَضْن و الغَضَن کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَيْن : آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن۔ غُضُوْنُ الأُذُن : کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْن" پیشانی پر شکن والا آدمی "وَكَانَ الأَمْرُ فِيْ غُضُوْنِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔
الغُضْنَة الغَضَنَة۔ باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغَضِيْن۔اُونٹنی کا ناتمام بچہ۔

الأَغْضَن۔ خلقتاً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غَضَا يَغْضُوْ غَضْوًا۔ اللَّيْلَ : تاریک ہونا ـــــ البَعِيْرُ : اُونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)
غُضُوًّا۔ نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث(غَاضِيَة) ج غَوَاضٍ۔
غَضِيَ يَغْضَى غَضَىً۔ البَعِيْرُ : درخت غضا کے کھانے سے اُونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِيَّة ج غضايا غَضِيَتِ الأَرْضُ : بہت درخت والی ہونا۔
أَغْضَى إِغْضَاءً۔ اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت إِغَاضٍ) خلافِ قیاس۔ أَغْضَى عَيْنَه : آنکھ بند کرنا۔ عَلَى الأَمْرِ : خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَغْضَى عَنْهُ طَرْفَهٗ" اِس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ و "أَغْضَى عَلَى القَذَى" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔
تَغَاضَى۔ آنکھیں بند کر لینا ـــــ عَنْهُ : غفلت برتنا۔
الغَضَا۔ جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔ واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ أَهْلُ الغَضَا : نجد کے رہنے والے۔
الغَاضِيَةُ۔ غَاضِي کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے لَيْلَةٌ غَاضِيَةٌ یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِيَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غَوَاضٍ۔
الغَضْيَاء۔ غضا کے اگنے کی جگہ۔ أَرْضٌ غَضْيَاء۔ بہت درخت غضا والی زمین۔
غَطَّ (ن ض) غَطًّا و أَغَطَّ الشَّيْءَ فِي المَاءِ : پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔
غَطَّ(ن) غَطًّا۔ سخت نیچے اُترنا۔
غَطَّ (ض) غَطِيْطًا۔ النَّائِمُ : سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِيْرُ : اُونٹ کا بلبلانا۔
تَغَاطَّ۔ الرَّجُلَانِ فِي المَاءِ : ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
الغَطّ۔ فِي الْمَاءِ : پانی میں ڈوبنا۔
الغَطَاط۔ سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔ و الغَبَاط۔ صبح کی ابتداء۔

غَطَرَ (ض) غَطْرًا۔ الرَّجُلُ : چلنے میں بازو ہلانا۔
غَطْرَسَ غَطْرَسَةً۔ عَلَى فُلَانٍ : تکبر کرنا ـــــ الرَّجُلُ : اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا ـــــ بِالشَّيْءِ خود پسند ہونا ـــــ هُ : غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ۔ ناز کرنا۔ تکبر کرنا ـــــ غضبناک ہونا۔ مکمل کرنا۔
الغِطْرِس۔متکبر۔خود پسند۔ج غَطَارِس۔
الغِطْرِيْس۔ متکبر۔خود پسند۔ج غَطَارِيْس۔
غَطْرَشَ۔ اللَّيْلُ بَصَرَهٗ : رات کا نگاہ کو تاریک کرنا ـــــ بَصَرُهٗ : نگاہ تاریک ہونا۔
الرَّجُلُ : بزدلی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَفَ۔ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔
الغِطْرَفَة۔ تکبر۔
الغِطْرَاف و الغِطْرِيْف۔ سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة و غَطَارِيْف۔ الغِطْرِيْف : باز کا بچہ۔ مکھی۔
الغِطْرُوْف و الغُطْرُوْف۔ خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا۔ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ کھانا ـــــ هُ فِي المَاءِ : غوطہ دینا ـــــ فِي الإِنَاءِ : برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَهٗ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ دینا۔
تَغَاطَسُوْا۔ فِي المَاءِ : پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَّجُلُ : غفلت برتنا۔
الغَاطِس۔ فا۔ لَيْلٌ غَاطِسٌ : تاریک رات۔
الغَطَّاس۔ عِنْدَ النَّصَارٰى : نصرانیوں کی ایک عید۔
الغَطَّاس۔ قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پردہ جس کو غَوَّاص بھی کہتے ہیں۔
الغَطُوْس۔ لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المِغْطِس۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغْطَس۔ بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس۔
غَطَشَ(ض) غَطْشًا۔ اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت(غَاطِشٌ و أَغْطَشُ)
غَطَشَ (ض) غَطْشًا و غَطَشَانًا۔ مرض یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا۔ کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش و غَطِش) مؤنث (غطشاء وغَطِشَة) ج غُطْش و غَطِشات۔
اَغْطَشَ۔ اللَّیْلُ: رات تاریک ہونا۔
اَللّٰہُ اللَّیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَتْ۔ عَیْنُہ: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغَاطَشَ۔ عَنْہُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔
اِغْطَاش۔ کمزور نظر والا ہونا۔
اَلْغَطَاش۔ رات کی تاریکی۔
اَلْغَطَش۔ فِی الْعَیْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فَلَاۃٌ (غَطْشَاء و غَطِیْشٌ و غَطْشٰی) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلَاۃٌ غَطْشٰی وَنَحْنُ کَرِمَالِھَا غَطْشٰی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔ لیلہ غطشاء: تاریک رات۔
غَطْغَطَت غَطْغَطَۃً۔ اَلْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا ـــــ اَلنَّوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا ـــــ وتَغَطْغَطَ الْبَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّیْءُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
اَلْغَطَاغِط۔ بکری کے مادہ بچے کا واحد (غُطْغُط)
اَلْغَطْغَطَۃ۔ مص۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔
غَطِفَ (س) غَطَفًا۔ پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفَاء) ج غُطْف۔
اَلْغَطَف۔ مص۔ وسعت عیش۔
اَلْاَغْطَف۔ مِنَ الْعَیْشِ: آسودہ زندگی۔
غَطَلَ (ن) غَطْلًا۔ اَلسَّمَاءُ: بادل گھر کر آنا۔
اَغْطَلَ: بادل کی تاریکی تہ بتہ ہونا۔
غَطِلَ (س) غَطَلًا۔ اَللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غَیْطَلَ غَیْطَلَۃً۔ بہت مالدار ہونا۔ گائے بیل کی تجارت کرنا۔ شور کرنا۔
اِغْطَالَّ اِغْطِیْلَالًا۔ یکے بعد دیگرے آنا اور ترتیب سے بیٹھنا۔

اَلْغَیْطَل۔ بلی۔
اَلْغَیْطَلَۃ۔ شور و غوغا۔ تاریکی۔ نعمت دینا۔ جھاڑی۔ نیل گائے۔ گائے۔ نیند کا غلبہ۔
اَلْغَیْطُوْل۔ تاریکی۔ شور و غوغا۔
اَلْغَطَلَّس۔ بھیڑیا۔
اَلْغِطَمُّ۔ بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔
غَطْمَط۔ اَلْبَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا ـــــ اَلْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اَلسَّیْلُ: آواز دینا۔
تَغَطْمَط۔ اَلْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا ـــــ اَلصَّوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔
بَحْرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔
اَلْغَطَمْطَم۔ بڑا سمندر۔
غَطَا یَغْطُوْ غَطْوًا و غُطُوًّا۔ اَلشَّیْءَ: چھپانا ـــــ اَلْمَاءُ وغَیْرُہٗ: بلند ہونا ـــــ اَللَّیْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔
غَطٰی تَغْطِیَۃً و اَغْطٰی اِغْطَاءً۔ اَلشَّیْءَ: چھپانا۔
اَغْطَی الْکَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔
تَغَطّٰی و اِغْتَطٰی۔ چھپنا۔
اَلْغِطَاء۔ پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِیَۃ۔
اَلْغِطَایَۃ۔ عورت کی کرتی۔
غَطِیَ یَغْطٰی غَطًا و غُطْیًا۔ اَللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا ـــــ اَلشَّبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا ـــــ اَلْمَاءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غَاطٍ) ـــــ اَلشَّیْءَ وعَلَی الشَّیْءِ: چھپانا۔
ـــــ واَغْطٰی۔ اَلشَّجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاہ: چھپانا۔
اَلْغَاطِیَۃ۔ مؤنث غَاطِی: انگور کی بیل۔
اِغْتَفَّتْ و تَغَفَّفَتْ۔ اَلدَّابَّۃُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدَّابَّۃُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلَانًا: توڑ دینا۔
تَغَفَّفَ۔ اَلْاِنَاءَ او الضَّرْعَ: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔
اَلْغَفّ۔ خشک شدہ پتے۔
اَلْغُفَّۃ۔ چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّۃُ الْاِنَاءِ او الضَّرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ اَلْغُفَّۃُ: چوہا۔
غَفَرَ (ض) غَفْرًا۔ اَلشَّیْءَ: ڈھانکنا۔
ـــــ اَلشَّیْبَ بِالْخِضَاب: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔
غَفْرًا و غُفِیْرًا و غَفِیْرَۃً و غُفْرَانًا و مَغْفِرَۃً و غُفُوْرًا۔ لَہُ الذَّنْبَ: چھپانا اور معاف کر دینا
ـــــ اَلْاَمْرَ: درست کرنا۔
غَفَرَ (ض) وَ غَفِرَ (س) غَفَرًا و غُفِرَ الْمَرِیْضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ وَغُفِرَ الْجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غُفِّرَ الثَّوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
غَفَرَ۔ اَلشَّیْءَ: چھپانا، ڈھانکنا ـــــ اَلرَّجُلُ: غفر اللّٰہ لَہٗ: کہنا۔
اَغْفَرَہٗ۔ چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِّمْثُ: گوند نکالنا۔
تَغَفَّرَ۔ گوند چننا۔
تَغَافَرُوْا۔ ہر ایک کا دوسرے کے لیے مغفرت کی دعا کرنا۔
اِغْتَفَرَ۔ اَللّٰہُ ذَنْبَہٗ: بخش دینا۔
اِغْفَارٌ۔ اَلثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔
اِسْتَغْفَرَ۔ اَللّٰہَ الذَّنْبَ و مِنَ الذَّنْبِ: بخشش طلب کرنا۔
اَلْغَفَر و الْغَفْر۔ رواں کپڑے کا۔ اَلْغَفْر: چھوٹی چھوٹی گھاس (اَلْعَفْر و اَلْغَفَر و اَلْغَفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔
اَلْغَفْر و اَلْغُفْر۔ پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفْرَۃ و اَغْفَار و غُفُوْر۔
اَلْغِفْر۔ گائے کا بچہ۔
اَلْغَفِر۔ گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَفِرُ الْقَفَا و امْرَاَۃٌ غُفِرَۃُ الْوَجْہِ۔"
اَلْغَفَار۔ رخسارہ پر نشان۔
اَلْغُفْرَۃ۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غَفَرَ الشَّیْءَ بِغُفْرَتِہٖ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کر دی۔
اَلْغَفَارَۃ۔ خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔ اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



چھپائیں۔
الغَفَارَة۔ لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔
الغَافِر۔ فا۔ ج غَافِرُوْن و غُفَرَةٌ۔
الغَفُوْر۔ بہت بخشنے والا۔ مؤنث و مذکر دونوں کے لیے مستعمل ہے۔
الغَفَّار۔ بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفَّارَةٌ۔
الغَفِيْر۔ مصـ۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا جَمًّا غَفِيْرًا وَجَمَّ الغَفِيْرِ وَالجَمَّ الغَفِيْرَ" یعنی جماعت آگئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔
المِغْفِرَةُ۔ پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرات۔
المِغْفَرُ و المِغْفَرَة۔ خود۔ جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغَافِر۔
المِغْفَرُ و المُغْفُر و المُغْفُوْر۔ ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغَافِر و مَغَافِيْر۔ اَرْضٌ (مُغْفُوْرٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔
الغَوْفَر۔ خربوزہ کی ایک قسم۔
الغَفَش۔ آنکھ کا کیچڑ۔
غَافَصَهُ غَفْصًا و مَغَافَصَةً۔ اچانک آجانا۔ اچانک پکڑ لینا۔
الغَافِصَة۔ مصیبت زمانہ ج غَوَافِص۔
غَفَقَهُ (ض) غَفْقًا بِالسَّوْطِ : کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَيْهِ : کسی پر اچانک آجانا۔
الرَّجُلُ : اچانک واپس آجانا۔
غُفَقَةٌ۔ کچھ تھوڑا سا سونا۔
غَفَّقَ۔ اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔
تَغَفَّقَ۔ الشَّرَابَ : تمام دن شراب پینا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔
اِغْتَفَقَ بِهٖ : احاطہ کرنا۔
الغَفْق۔ مصـ۔ ہلکی بارش۔
المَغْفِق۔ مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔
المُغْتَفَق۔ واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔
غَفَلَ (ن) غُفُوْلًا و غَفْلَةً و غَفَلًا عَنْهُ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا ـــــ الشَّيْءَ : چھپانا۔
غَفَّلَهُ۔ غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّيْءَ : چھپانا۔
اَغْفَلَ۔ الشَّيْءَ : چھوڑ دینا ـــــ هُ : غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا ـــــ الكِتَابَ : نقطے نہ رکھنا ـــــ هُ : کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔
غَافَلَهُ و تَغَفَّلَهُ و اِغْتَفَلَهُ و اِسْتَغْفَلَهُ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهُ : غافل سمجھنا۔
تَغَافَلَ۔ بتکلف غافل بننا۔ تَغَافُل : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الاَمْرِ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔
الغُفْل۔ مصـ۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غَفَلٍ مِنْ عَيْشِهٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔
الغَفَل۔ بے علامت۔ بے حسب آدمی ـــــ مِنَ الشِّعْرِ : جس کا قائل معلوم نہ ہو ـــــ مِنَ الاَرْضِ : غیر آباد زمین ـــــ مِنَ الرِّجَالِ : ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الكُتُبِ : جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَرَاءِ : مجہول شاعر ج اَغْفَال۔ نَعْمٌ (اَغْفَال) بے علامت چوپائے۔
الغَافِل۔ فا۔ ج غَافِلُوْن و غُفُوْل و غُفَّل۔
الغَفْلَان۔ غافل۔
الغُفْلَان۔ غافل۔ غفلت و رزی و بے خبری۔
المَغْفَلَة۔ ڈاڑھی بچہ۔
المُغَفَّل۔ مفـ۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔
غَفَا يَغْفُوْ غَفْوًا و غُفُوًّا و غَفِيَ يَغْفَى غَفْيَةً و اَغْفَى۔ اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے اَغْفَيْتُ اور غَفَيْتُ کم بولا جاتا ہے۔ غَفَا الشَّيْءُ : پانی پر تیرنا۔
الغَفْوَة۔ غفا کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔
غَفَى يَغْفِي غَفْيًا و اَغْفَى۔ الطَّعَامَ : غلہ کو صاف کرنا۔ و اَغْفَى الطَّعَامُ : بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اغفی الرَّجُلُ : کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔
اِنْغَفَى۔ الشَّيْءَ : ٹوٹنا۔
اَلْغَفَى۔ گیہوں کا پھٹکن۔
الغُفَاء۔ گیہوں کا پھٹکن۔ درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔
الغَفِيَّة۔ بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔
الغُفَاءَة۔ آنکھ کی سفیدی۔
غَقَّ (ض) غَقًّا و غَقِيْقًا۔ القَارُ : قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) ـــــ الصَّقْرُ : شکرہ کا آواز کرنا۔
غَقُّ المَاءِ و غَقِيْقُه۔ تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔
الغَقَّاق۔ اسم مبالغہ۔
غَلَّهُ (ن) غَلًّا۔ فِي الشَّيْءِ : داخل کرنا۔
غَلَّ المَفَازَة : بیابان میں داخل ہونا ـــــ الشَّيْءَ : چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا ـــــ المَاءُ بَيْنَ الاَشْجَارِ : پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔
غُلُوْلًا۔ خیانت کرنا ـــــ فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا ـــــ فِي البِلَادِ : گھستے ہوئے چلے جانا۔
غَلَّ (ن) غَلًّا و غَلَّلَ۔ الغِلَالَة : غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّهُ و غَلَّلَهُ : ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔
غَلَّ (ض) غِلًّا و غَلِيْلًا۔ صَدْرُهٗ : کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔
غَلَّ غُلًّا و غُلَّةً۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِيْل و مَغْلُوْل و مُغْتَلٌّ)
اَغَلَّ۔ الرَّجُلُ : خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الاَرْضُ غَلّہ والی ہونا۔ غَلّہ پیدا کرنا ـــــ اَغَلَّ البَصَرُ : تیز نظر کرنا۔ اَغَلَّهُ : خیانت کی طرف نسبت کرنا ـــــ عَلٰى عِيَالِهٖ : بال بچوں کیلئے غلّہ لانا ـــــ الخَطِيْبُ : خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا ـــــ الجَازِرُ فِي الجِلْدِ : قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔
اِنْغَلَّ و تَغَلَّلَ۔ فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا۔
اِغْتَلَّ الضَّيْعَة : جائیداد سے غلّہ کو لینا۔
ـــــ الثَّوْبَ : کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغْتَلَّ و تَغَلَّلَ بِالغَالِيَةِ : غالیہ لگانا۔
اِسْتَغَلَّ الاَرْضَ : زمین سے غلّہ لینا۔
عَبْدَهٗ : غلام کو غلّہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلّ۔ کینہ و دھوکا فریب۔
الغُلّ۔ پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلَال و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



غلول کہا جاتا ہے "هٰذَا غُلٌّ فِيْ عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لیے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔

الغَلَّة۔ مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّاتٌ وغِلَلٌ۔

الغُلَّة۔ سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لیے باندھتی ہیں۔ ج غُلَلٌ۔

الغَلَل۔ پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھننا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلَال۔

الغِلَالَة۔ ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لیے باندھتی ہیں۔

الغَالِيَة۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو۔

الغَلِيْل۔ سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔

الغَلِيْلَة۔ مؤنث غلیل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل۔

المِغْلَال۔ بہت غلہ والا۔

المُغْتَلّ۔ پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔

المُغَلَّات والمُسْتَغَلَّات۔ زمین کا ذائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)

غَلَبَ الرَّجُلُ و غَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَةً ومَغْلَبًا ومَغْلَبَةً وغُلْبًى وغِلِبّٰى وغُلُبَّةً وغَلَابِيَةً واغْتَلَبَهٗ غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَيْهِ الكَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادتِ ثانیہ ہے۔

غَلِبَ (س) غَلَبًا۔ موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغْلَب) مؤنث غَلْبَاء ج غُلْبٌ۔

غَلَّبَهٗ۔ غالب بنانا۔

غَالَبَهٗ غِلَابًا ومُغَالَبَةً۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

تَغَلَّبَ عَلَى البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔

تَغَالَبُوْا عَلَى البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

اِغْلَوْلَبَ الشَّعْبُ: گھنا ہونا ـــــ القَوْمُ: بہت ہونا۔

اِسْتَغْلَبَ عَلَيْهِ الضِّحْكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔

الغَلَّاب۔ بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلَّابُوْن۔

الغَالِب۔ فاج غَالِبُوْن و غَلَبَةٌ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَا يُحْدِثُ غَالِبًا و فِي الْغَالِب" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔

الاَغْلَبُ۔ اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَى الاغْلَبِ وفِي الاغْلَبِ" یعنی عَلَى الاكثر وفي الاكثر۔ الاَغْلَب: شیر۔

الْفَتْقُ۔ مص۔ کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ اِلٰى فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور ارد گرد میں بارش ہے ج فُتُوْقٌ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ ذُوْ فُتُوْقٍ" کم بارش کا سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں خلل۔

الْفَتْقُ وَالْفَتَقُ۔ صبح۔

الْفِتَاق۔ خمیر کا بڑا پیڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دوائیوں کا مرکب۔

الْفُتُوْق۔ آفات جیسے مرض بھوک فقیری تھوڑی بارش۔

الْفَتِيْق۔ موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔

الصُّبْحُ الْفَتِيْق : چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِيْقُ اللِّسَانِ تیز زبان مرد۔

اِمْرَاَةٌ (فَتْقٌ وَمُتَفَتِّقَةٌ) تیز زبان۔ جلد جواب دینے والی عورت۔

الْمَفْتُوْق۔ مفعم فتق کی بیماری والا۔

الْفَيْتَق۔ دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ۔

مُفْتِقُ۔ الْقَمِيْص : قمیص کا کریبان۔

الْفَتْقَاء۔ کشادہ شرمگاہ والی عورت۔

فَتَكَ (ن ض) فَتْكًا وَفِتْكًا وَفُتُوْكًا۔ الرَّجُلُ : دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔

_____ بِفُلَانٍ : غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔

_____ فِي الْاَمْرِ : کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔

فَتَكَ (ن ض) فُتُوْكًا۔ فِي صَنَاعَةٍ : اپنے پیشہ میں ماہر ہونا _____ فِي الْخُبْثِ : خیانت میں مبالغہ کرنا۔

فَتَّكَ۔ الْقُطْنَ : روئی دھننا۔

اَفْتَكُ۔ الرَّجُلُ : بمعنی فَتَكَ۔

فَاتَكَهٗ مُفَاتَكَةً۔ کھلم کھلا قتل کرنا فَاتَكَ الشَّيْءَ وَالْاَمْرَ : کسی کام کو سختی سے کرنا _____ ہ : ہنرمندی سے مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔

تَفَتَّكَ۔ بِاَمْرِهٖ : خود رائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

الْفَاتِك۔ فا۔ دلیر۔ بہادر۔ ج فُتَّاك کہا جاتا ہے "هُوَ فَاتِكُ الْقَلْبِ" یعنی وہ کرگزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْتَكَهٗ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔

فَتَلَ (ض) فَتْلًا وَفَتَّلَ۔ الْحَبْلَ : رسی بٹنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَلَ وَجْهَهٗ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے چہرے کو پھیر لیا "وَفَتَلَ ذُؤَابَةَ فُلَانٍ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔ فَتَلَ الْبُلْبُلَ : چہچہانا۔ اور مثال ہے "مَا زَالَ يَفْتِلُ مِنْ فُلَانٍ فِي الذِّرْوَةِ وَالْغَارِبِ" یعنی وہ فلاں کے فریب دہی کیلئے چکر لگاتا ہے۔

فَتِلَ (س) فَتَلًا۔ بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت (افتل) مؤنث (فَتْلَاء)

تَفَتَّلَ وَانْفَتَلَ۔ رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔

الْفَتْلَةُ۔ فتل کا اسم مرۃ۔ ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔ بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ ج فَتْلٌ۔

الْفَتَلَة۔ درخت عُرْفُط اور عضاہ کا دانہ ج فتل۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰى عَنْكَ فَتْلَةً وَفَتَلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔

الْفَتِيْل۔ بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِيْلَةٌ : کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (_____ وَالْفَتِيْلَةُ) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰى عَنْكَ فَتِيْلًا" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔ الْفَتِيْلَة : بتی۔ ج فَتَائِل وَفَتِيْلَات۔

الْفَتَّال۔ بٹ بٹنے والا _____ بلبل۔

الْمِفْتَل۔ بٹنے کا آلہ۔

الْمَفْتُوْل۔ مفع۔ مفتول الخلق : مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔

فَتَنَهٗ (ض) فَتْنًا وَفُتُوْنًا وَفَتَّنَهٗ وَاَفْتَنَهٗ۔ تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔

فَتَنَ الرَّجُلُ : فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّان۔

فَتَنَ (ض) فُتُوْنًا وَفُتِنَ۔ اِلَى النِّسَاءِ : عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔

فَتَنَ (ض) فِتْنَةً وَمَفْتُوْنًا فُلَانًا : گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔

فَتَنَا۔ الشَّيْءَ : جلانا _____ فُلَانًا عَنْ رَاْيِهٖ : روک دینا۔ پھیر دینا۔

فِتْنَةٌ۔ الصَّائِغُ الذَّهَبَ : سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔

فُتِنَ وَاُفْتُتِنَ۔ مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا _____ فِي دِيْنِهٖ : اعراض کرنا۔

اِفْتَتَنَ۔ فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَتَنَهٗ : فتنہ میں ڈالنا۔

تَفَتَّنَهٗ۔ فتنہ میں ڈالنے کیلئے تکلف کرنا۔

الْفَاتِن۔ فا۔ چور، شیطان، حق سے گمراہ کرنے والا۔

الْفَتْنُ۔ مص۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "اَلْعُمْرُ فَتْنَانِ" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بری۔

الْفِتْنَة۔ مص۔ آزمائش۔ گمراہی و کفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال و اولاد۔ اختلاف آراء و وقوع جنگ و جدال ج فِتَن۔

الْفَتَّان۔ بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔

الْفَتَّانَان : چاندی و سونا۔

الْفَتَّانَة۔ مؤنث۔ فَتَّان۔ کسوٹی۔

الْفَتِيْن۔ پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے جیسے ہوں ج فُتُنٌ۔ ذَهَبٌ فَتِيْنٌ : جلا ہوا سونا۔

الْفَيْتَن۔ بڑھئی۔

الْمَفْتُوْن۔ مص۔ مفع۔ دیوانہ۔ پاگل۔

فَتَا يَفْتُوْ فَتْوًا۔ الرَّجُلُ : سخاوت و جوانمردی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



میں غالب ہونا۔
فَتِیَ (س) فَتًی و تَفَتَّی تَفَتِّیًا۔ جوان ہونا۔
فُتِّیَ تَفْتِیَۃً و تَفَتِّی تَفَتِّیًا۔ فُتِیَت البنت و تفتت : پردہ نشینی کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَفَتَّی الرَّجُلُ : صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرُوْ مِنْ شَیْخٍ یَتَفَتّٰی۔" اَفْتٰی الْفَتَاءَ۔ فُلَانًا فِی الْمَسْأَلَۃِ : فتویٰ دینا۔
فَاتِی۔ الرَّجُلَ : جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔
تَفَاتِی۔ صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَفَاتَوْا اِلَی الْعَالِمِ : فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔
اِسْتَفْتٰی استفتاءً۔ العَالِمَ فِیْ مسالۃ : فتویٰ طلب کرنا۔
الفَتَاءُ و الفُتُوَّۃُ۔ جوانی۔ الفُتُوَّۃ : سخاوت کرم۔ مروت۔
الفُتْوٰی و الفَتْوٰی و الفُتْیا۔ شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی و الفَتَاوٰی۔
الفَتٰی۔ نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا مؤنث فَتَوان و فَتَیان اور ج فِتْیان و فِتْیَۃٌ و فِتْوَۃٌ و فُتُوٌّ و فُتِیٌّ و فِتِیٌّ۔
الفَتَیان۔ دن رات۔
الفَتَاۃ۔ نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتیات و فَتَوَات۔
الفَتِیُّ۔ ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ و اَفْتَاء مؤنث فَتِیَّۃٌ۔
المُفْتِی۔ فا ـــــ ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔
فَتَّ (ن) فَتًّا۔ القِفَّۃَ : ٹوکری سے بکھیر دینا۔
الحَارَّ بِالبَارِدِ : ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔
اِنْفَتَّ۔ العُوْدُ : لکڑی کا ٹوٹنا ـــــ الرَّجُلُ شکستہ دل ہونا۔
لَمَرٌّ (فَتٌّ) متفرق کھجور۔
المَفَتَّۃ۔ زیادتی کثرت۔
فَثَأَ (ف) فَثْأً و فُثُوْءًا۔ القِدْرَ : ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا ـــــ الغَضَبَ : غصہ کی تیزی کم کرنا ـــــ الشَّیْءَ عَنْہُ : روکنا۔
اَفَأَ۔ تھکنا' سست ہونا ـــــ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا ـــــ و اِنْفَأَ) الحَرَّ : گرمی کا کم ہونا۔
فَثَجَ (ن) فَثْجًا۔ الشَّیْءَ : کم کرنا ـــــ المَاءِ الحَارَّ بِالبَارِدِ گرمی کم کرنا ـــــ و فَثَّجَ و اَفْثَجَ و اِنْفَثَجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا یُفْثَجُ" فلان بحر ناپید اکنار ہے۔
الفَاثِج۔ فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَالِج۔
الفَاثُوْر۔ سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شربا کا برتن۔ جاسوس۔
فَثَغَ (ف) فَثْغًا۔ رَاسَہٗ : پھوڑنا۔
فَجَّ (ن) فَجًّا۔ القَوْسَ : کمان کو کھینچنا۔
ما بین رجلیہ : کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّتِ النَّاقَۃُ لِلْحَلْبِ : اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔
فَجَّ (س) فَجَجًا۔ چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجُّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجٌّ۔
اَفَجَّ۔ مَا بَیْنَ رِجْلَیْہِ : کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجٌّ) ـــــ فِی المَشْیِ : جلدی چلنا۔ دوڑ میں چلنا اَفَجَّ الْاَرْضَ بِالْمِحْرَاثِ : ہل چلانا۔
تَفَاجَّ۔ ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔
اِنْفَجَّتْ۔ القَوْسُ : کمان کا کھنچ جانا۔
اِفْتَجَّ۔ الرَّجُلُ : دوڑے میں چلنا۔
الفَجُّ۔ درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج۔
الفُجَاج۔ درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔
الفِجُّ و الفَجَاجَۃ۔ مِنَ الفَوَاکِہِ وَ غَیْرِھَا : کچا میوہ وغیرہ۔
الفُجَّۃ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَمْشِیْ (مُفَاجًا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے۔
الافْجِیْج۔ کشادہ وادی۔ تنگ و گہرا۔
الفَجُجُ۔ کاہل و سست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کو ناپسند کیا جائے۔
فَجَأَ (ف) و فَجِئَ (س) فَجْأً و فَجْأَۃً و فَجَاءَۃً و فَاجَأَ مُفَاجَاۃً و اِفْتَجَأَ اِفْجَاءً۔ الرَّجُلُ : اچانک آجانا۔ جلدی کرنا۔
الفُجَاءَۃ۔ مہ۔ اچانک۔
حَرْفُ (المُفَاجَاۃ) لفظ اذا ہے جیسے خَرَجْتُ فَاِذَا الْاَسَدُ بِالْبَابِ اور اس کو الفُجَائِیَہ بھی کہا جاتا ہے۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا۔ المَاءَ : پانی بہانا۔ جاری کرنا القناۃ : بلی نکالنا۔
اللّٰہُ الفَجْرَ : فجر طلوع کرنا فُلَانًا : جھٹلانا۔ نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
فَجَرَ (ن) فُجُوْرًا۔ عَنِ الحَقِّ : تجاوز کرنا۔
عَنْ سَرْجِہٖ : زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا و فُجُوْرًا۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا ـــــ اَمْرُھُمْ : بگڑنا۔ خراب ہونا۔
ـــــ مِنْ مَرَضِہٖ : صحیح و تندرست ہونا۔
فَجَرَ (س) فَجْرًا۔ فیاضی کرنا۔
فَجَّرَ۔ المَاءَ : پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ الرَّجُلَ : بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔
فَاجَرَ فِجَارًا و مُفَاجَرَۃً۔ المَرْأَۃَ : زنا کرنا۔
اَفْجَرَ۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مالِ کثیر لانا ـــــ الیَنْبُوْعَ : چشمہ جاری کرنا۔
ـــــ فُلَانًا : فاجر پانا۔
اِنْفَجَرَ۔ عَلَیْھِمُ العَدُوُّ : دشمنوں کی طرف سے یکثرت آجانا۔
ـــــ و تَفَجَّرَ۔ المَاءُ : پانی کا جاری ہونا۔
ـــــ الصبح : صبح کا روشن ہونا ـــــ بالعطاء فیاضی کرنا۔ اِنْفَجَرَ عَنْہُ اللَّیْلُ : رات کا ختم ہونا۔
اِفْتَجَرَ۔ فِی الکَلَامِ : گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا۔
تَفَاجَرَ۔ القَوْمُ : گناہوں میں منہمک ہونا۔
الفَجَر۔ بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرتِ مال۔ الفَجْر۔ مہ۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ فَجْرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔
الفُجْرَۃُ۔ فَجَر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُجْرَۃً" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الفُجْرَۃ۔ مِنَ الوَادِی : وادی کا وسیع حصہ جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



میں پانی بہہ رہا ہو۔ ج فُجَرٌ۔
الفُجْرَة والمَفْجَرَة والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُنْفَجَرُ الرَّمْلِ: ریگستان میں راستہ۔
فَجَارِ۔ الفجور کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "فَحَمَلَتْ بَرَّةَ وَاحْتَمَلَتِ فَجَارِ" اور عورت کیلئے بھی فَجَارِ بمعنی فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔
الفِجَار۔ کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔
الفَاجِر۔ فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار۔ جادوگر ج فَاجِرُوْن وفَجَرَةٌ وفُجَّار۔
الفَاجِرَة۔ مؤنث فَاجِر۔ کہا جاتا ہے "یَمِیْنٌ فَاجِرَةٌ" یعنی جھوٹی قسم۔
الفُجُوْر۔ زانیہ۔ زانی۔ گناہوں میں منہمک ج فُجُر۔
الفَاجُوْر۔ زناکار۔ گناہوں میں منہمک۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا۔ تکبر کرنا۔
فَجَسَ (س) فَجْسًا۔ تکبر کرنا۔ شرارت گھڑنا ـــــ فُلَانًا: غالب آنا۔
اَفْجَسَ۔ باطل پر فخر کرنا۔
تَفَجَّسَ۔ عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔
فَجَشَ (ن) فَجْشًا۔ سرتوڑنا۔ چوڑا بنانا۔
فَجَعَهٗ (ف) فَجْعًا وفَجَّعَهٗ۔ درد مند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فَجِعَ فِيْ مَالِهٖ وبِمَالِهٖ" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔
اَفْجَعَتْهُ۔ المُصِيْبَةُ: مصیبت زدہ کرنا۔
تَفَجَّعَ۔ دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے۔
الفَاجِع۔ فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔ جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ فَاجِعٌ" وردمند عورت۔ رَجُلٌ (فَاجِعٌ و مُتَفَجِّعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت وافسوس کرنے والا مرد۔ مَوْتٌ فَاجِعٌ وفَجُوْعٌ۔ مصیبت لانے والی موت۔
الفَاجِعَة۔ مصیبت ج فَوَاجِع۔
الفَجِيْعَة۔ مصیبت ج فَجَائِع۔
فَجَلَ (ن) فَجْلاً وفَجِلَ (س) فَجَلاً۔ الشَّيْءُ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فَجَّلَ۔ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔
اِفْتَجَلَ۔ الأَمْرُ: ایجاد کرنا۔
الفَاجِل۔ فا۔ جوار کی۔
الفُجْلُ والفُجْلُ۔ مولی۔ واحد فُجْلَة۔
الفَجَّال۔ مولی بیچنے والا۔
الأَفْجَل۔ وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دُوری ہو۔
فَجِمَ (س) فَجَمًا۔ موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَفْجَم)
تَفَجَّمَ وانْفَجَمَ۔ الوَادِي: وادی کا کشادہ ہونا۔
فُجْمَةُ۔ الوَادِي وفُجْمَتُهٗ: وادی کی کشادہ جگہ۔
اَفْجَنَ۔ سراب کھانے کی مداومت کرنا۔
الفَيْجَن۔ سراب (ایک قسم کی گھاس)
فَجَا يَفْجُوْ فَجْوًا۔ البَابَ: دروازہ کھولنا ـــــ القَوْسَ: کمان کھینچنا۔
فَجِيَ يَفْجَى فَجًا۔ پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجَى)
مؤنث فجواء فجيت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا۔ النَّاقة: اُونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔
تَفَاجَى۔ کشادہ جگہ ہونا۔
اِنْفَجَى۔ البَابُ: دروازہ کھلنا ـــــ القَوْمُ عَنْ فُلَانٍ: علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ القَوْسُ: کمان کھنچ جانا۔
الفَجْوَةُ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ مکان کامیدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ ج فَجَوَاتٌ وفِجَاءٌ۔
الفَجْوَاءُ۔ مؤنث اَفْجَى: کشادہ زمین۔
فَجِيَ يَفْجَى فَجْيًا۔ بمعنی فَجِيَ الوَادِي۔
فَجَّى تَفْجِيَةً۔ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
اَفْجَى اِفْجَاءً۔ الرَّجُلُ: مال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔
فَحَّ (ن ض) فَحًّا وفَحِيْحًا وتَفْحَاحًا النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا ـــــ الأَفْعَى: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحَّةُ۔ الفِلْفِل: مرچ کی تیزی۔
الفُحُح۔ پھنکارنے والے سانپ۔
الفَحِيْح۔ مہ۔ فحيح الأَفْعَى: سانپ کے منہ کی آواز۔
فَحِجَ (ف) فَحَجًا۔ تکبر کرنا۔
فَحِجَ (س) فَحَجًا وفَحَجَةً وفَحَّجَ فِيْ مَشْيِهٖ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دُور کرنا۔ صفت (اَفْحَجَ) فَحَّجَ رِجْلَيْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اَفْحَجَ۔ عَنِ الأَمْرِ: رکنا۔ ہٹ جانا۔
تَفَحَّجَ۔ الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اِنْفَحَجَتْ۔ سَاقَاه: کشادہ وبعید ہونا۔
فَحَسَ (ف) فَحْسًا۔ الشَّيْءَ: مِنَ المَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔ جوبی کو ہاتھ سے ملنا۔
تَفَحَّسَ۔ فِيْ مَشْيِهٖ: ناز سے چلنا۔
فَحُشَ (ک) فَحْشًا وفَحَاشَةً الأَمْرُ: بُرا ہونا۔ فَحُشَتِ المَرْأَةُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔
فَحَّشَ بِهٖ: طعن وتشنیع کرنا۔
اَفْحَشَ و تَفَاحَشَ۔ بُری بات کہنا۔ بُری بات کرنا۔ اَفْحَشَ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
تَفَاحَشَ الأَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔
تَفَحَّشَ۔ عَلَيْهِم بِلِسَانِهٖ: بدکلامی کرنا۔ گالی سنانا۔
الفَاحِش۔ قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غَبَنٌ فَاحِشٌ جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ رَجُلٌ فَاحِشٌ یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا مؤنث فَاحِشَةٌ۔
الفَاحِشَة۔ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِش۔
الفُحْشَاء۔ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الفَحَّاش۔ فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَة۔
الفُحْش۔ مہ۔ قبیح قول یا فعل۔
المُتَفَحِّش۔ بدزبان، بے حیا۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا۔ عَنْهُ: تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا ـــــ المَطَرُ التُّرَابَ: بارش کا مٹی کو اُلٹ پلٹ دینا ـــــ التُّرَابَ: کھودنا ـــــ بِرِجْلِهٖ: پاؤں سے کھودنا۔ الظَّبْيُ: ہرن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کا تیز دوڑنا ـــــ للخُجزة : روٹی کے لیے آگ میں جگہ بنانا۔

فَاحَصَهُ فِحَاصًا و مُفَاحَصَةً۔ ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔

فَحَّصَهُ و اَفْحَصَه۔ عَنْه : دُور کرنا۔

تَفَحَّصَ و اِفْتَحَصَ۔ عَنْهُ : کھود کرید کرنا۔

الفَحْص۔ مص امتحان۔ ہر رہنے کی جگہ۔ ج فُحُوص۔

الفَحْصَة۔ فحص کا اسم مرۃ۔ چاہ زنخدان۔

الفَحِیص۔ ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔

الفَحَّاص۔ بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔

المِفْحَص۔ گڑھا جو سنگ خوار نے انڈے دینے کیلئے بنایا ہو ج مَفَاحِص۔ کہا جاتا ہے لَیْسَ لَهُ مَفْحَصُ قَطَاةٍ۔

الأُفْحُوص۔ بمعنی مفحص ج اَفَاحِیص۔

فَحَصَ (ف) فَحْصًا۔ توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال ترچیز کیلئے آتا ہے جیسے لکڑی وغیرہ۔

فَحْفَح۔ خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔

الفَحْفَاح۔ وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فَحْفَاحَةٌ۔

فَیْحَقَ فَیْحَقَةً۔ بَیْنَ رِجْلَیْهِ : ٹانگوں کے درمیان کشادہ کرنا۔

اَرْضٌ (فَیْحَقٌ) کشادہ زمین۔

اِنْفَحَقَ۔ کشادہ ہونا۔

فَحَلَ (ف) فَحْلًا و اِفْتَحَلَ۔ اِبِلَه فَحْلًا کَرِیْمًا : عمدہ سانڈ جفتی کیلئے ڈھونڈنا۔

تَفَحَّل۔ سانڈ کے مشابہ ہونا ـــــ الشَّجَر : درخت کا بے پھل ہونا۔

اِسْتَفْحَل۔ الأَمْرُ : بڑا ہونا۔ اِسْتَفْحَلَتِ النَّخْلَة : درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔

الفَحْل۔ سانڈ۔ نر ہر حیوان کا۔ ج فُحُوْل و اَفْحُل و فِحَال و فِحَالَةٌ و فُحُوْلَةٌ فُحُوْل الشُّعَرَاء : فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔

الفَحْل و الفُحَّال۔ نر کھجور ج فَحَاحِیْل۔

الفَحْلَة مِنَ النِّسَاء : تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو۔

الفِحْلَة و الفُحُوْلَة و الفِحَالَة مردانگی۔

الفَحِیْل۔ بمعنی فحل۔ صاحب مردی۔

فَحْلٌ فَحِیْلٌ : شریف۔

فَحِمَ (ف) فَحْمًا۔ جواب سے ساکت ہونا۔

فَحِمَتْ (ن) فُحُوْمًا۔ البِئْرُ : پانی ٹھہر جانا۔

فَحِم (س) و فُحِم فَحْمًا و فَحَامًا و فُحُوْمًا و اَفْحَم۔ الصَّبِی : بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔

فَحُمَ (ک) فُحُوْمًا و فُحُوْمَةً۔ کالا ہونا۔

فَحَّمَ۔ الشَّیْءَ : کالا کرنا۔

اَفْحَمَهُ۔ دلیل دے کر خاموش کر دینا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَاهُ فَاَفْحَمَهُ" و "وَجَدَه مُفْحَمًا" یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا یا خاموش پایا یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا ـــــ اَفْحَمَ الرَّجُلُ : عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل ہونا ـــــ اَلْهَمَّ الشَّاعِر : غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔

الفَحْم و الفَحَم و الفِحِیْم۔ کوئلہ۔

الفَحْمَة۔ کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمة اللیل : سخت تاریکی ج فِحَام و فُحُوْم۔

الفُحُوْمَة۔ سیاہی۔

الفَحَّام۔ کوئلہ بیچنے والا۔ ج فَحَّامَة۔

الفَحُوْم۔ جواب نہ دے سکنے والا۔

الفَاحِم۔ فا۔ مَاءٌ فَاحِمٌ : ٹھہرا ہوا پانی۔

الفَاحِم و الفَحِیْم۔ کالا۔

المُفْحِم۔ فا۔ جواب مفحم : خاموش کر دینے والا جواب۔

المُفْحَم۔ مفہ لاجواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا۔

المَفْحَمَة۔ کوئلہ کی جگہ۔

فَحَا یَفْحُو فَحْوًا و فَحًی۔ بِکَلَامِهِ إِلَی کَذَا : اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔

الفَحَا و الفِحَی : مسالہ یا خشک مسالہ ج اَفْحَاء۔

الفَحْوَی و الفَحْوَاء و الفُحْوَاء۔ مِنَ الکَلَامِ : مضمون کلام ج فَحَاوٍ۔

فَخَّتْ (ض) فَخًّا و فَخَّةً و فَخْخَا رِجْلَاهُ : ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت (اَفَخّ) مؤنث فَخَّاء ج فُخٌّ۔

فَخَّ (ن) فَخًّا و فَخِیخًا اِفْتَخَّ۔ النَّائِمُ خراٹے لینا۔ فَخَتِ الأَفْعَی : سانپ کا پھنکارنا۔

ـــــ الرَّائِحَة : خوشبو کا بکھرنا۔

الفَخّ۔ جال۔ ج فِخَاخ و فُخُوخ کہا جاتا ہے "وَثَبَ فُلَانٌ مِنْ فَخِّ الشَّیْطَانِ" یعنی توبہ کر لیا۔

الفَخَّة۔ خراٹے لینے والے کی نیند۔ گندی عورت۔

فَخَتَ (ف) فَخْتًا۔ السَّقْفُ : چھت میں سوراخ کرنا ـــــ رَأْسَهُ بِالسَّیْفِ : سر پر تلوار مارنا ـــــ الشَّیْءَ : کاٹنا ـــــ الإِنَاءَ : برتن کھولنا۔ فَخَتَ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا۔

فَخَتَ۔ الفَاخِتَة : فاختہ کا کوکو کرنا۔

تَفَخَّتَ۔ فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔

اِنْفَخَتَ۔ السَّقْفُ : چھت کا سوراخ دار ہونا۔

الفَخْت۔ مص۔ جال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔

الفَاخِتَة۔ فاختہ ج فَوَاخِت۔

فَخَجَ (ف) فَخَجًا۔ الرَّجُلُ : تکبر کرنا۔

ـــــ فُلَانًا و بِهِ : ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔

فَخِجَ (س) فَخَجًا۔ جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت (اَفْخَج)

فَخَذَهُ (ف) فَخْذًا۔ ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ فُخِذَ : اس کی ران توڑ گئی۔

فَخَّدَ۔ قَوْمَهُ : قبیلے قبیلے کو پکارنا۔ بَیْنَهُمْ : جدا جدا کرنا ـــــ القَوْمَ عَنْ فُلَانٍ : مدد نہ دینا ـــــ فُلَانًا : قبیلہ سے بھگا دینا۔

تَفَخَّذَ۔ معاملہ سے ہٹ جانا۔ تَفَخَّذَهُ : کسی کی ران پر ران رکھنا۔

اِسْتَفْخَذَ۔ جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔

الفَخْذ و الفِخْذ و الفَخِذ۔ ران کلمہ مؤنث ہے ج اَفْخَاذ۔

الفَخْذ۔ قبیلہ ج اَفْخَاذ۔ یہ کلمہ مذکر ہے۔

فَخَرَ (ف) فَخْرًا و فَخَرًا و فَخَارًا و فَخَارَة

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وفِخِيرِي وفِخِّيرَاءُ وافْتَخَرَ- فخر کرنا- فَخَرَهُ :فخر کرنے میں غالب ہونا-
فَخَرَهُ (ف) وفَخَّرَهُ وافْخَرَهُ- عَلٰى فُلَانٍ فخر کرنے میں فضیلت دینا-
فَخِرَ مِنْهُ(س)فَخْرًا وتَفَخَّرَ- ننگ سمجھنا- ناک چڑھانا- تکبر کرنا-
فَاخَرَهُ فَخَارًا ومُفَاخَرَةً- فخر کرنے میں غالب ہونا-
تَفَاخَرَ- القَوْمُ :بعض کا بعض پر فخر کرنا- ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا-
اِسْتَفْخَرَ- الشَّيْ :قابل فخر سمجھنا- قابل فخر بنانا-
الفَخْرُ والفَخَر- مص فضیلت- بڑائی-
الفَخْرَة- فخر-
الفَاخِر- ہر چیز میں کا عمدہ-
الفِخِّير والفِخِّيرَة- بہت فخر کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے-
الفَخُوْر والفَخِير- فخر کرنے والا الفَخِير : فخر کرنے میں مغلوب-
الفَخَّار- ٹھیکری- پکی ہوئی مٹی- واحد (فَخَّارَةٌ)
الفَخَّارِي- ٹھیکری بیچنے والا کمہار-
الفَاخُوْر- ایک قسم کا پھول ج فَيَاخِير-
المَفْخَرَة والمَفْخُرَة- افعالِ حمیدہ- وہ چیز جس پر فخر کیا جائے- ج مَفَاخِر-
فَخَزَ (ف) وفَخِزَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ- تکبر کرنا- بڑائی ظاہر کرنا-
الفَخْز- مص- فضیلت-
فَخَشَ (ف)فَخْشًا- الْاَمْرَ :ضائع کرنا-
فَخْفَخَ فَخْفَخَةً- الرَّجُلُ :لغو و باطل کرنا-
الفَخْفَخَةُ- مص - کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ-
تَفَخَّلَ- حلم و وقار ظاہر کرنا- عمدہ کپڑے پہننا-
فَخُمَ (ک) فَخَامَةً- موٹا ہونا- عظیم المرتبہ ہونا-
فَخَّمَهُ- تعظیم کرنا- فَخَمُ الحُرُوْف فِيْ اللَّفْظِ :حروف کو پڑھنا-

الفَخْم- عظیم المرتبہ ـــــ مِنَ المَنْطِق : درست بات-
الفُخْمِيَّة- بڑائی- برتری- الأَفْخَم- اعظم- بڑے مرتبہ والا-
فَدَّ (ض) فَدِيْدًا- الرَّجُلُ : آواز بلند کرنا- دوڑنا ـــــ الطَّائِر : پرندہ کا پھڑپھڑانا- فدت الابل :اُونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا-
فَدَّدَ- خرید و فروخت میں چلانا- تکبر و غرور سے چلنا-
الفَدَّاد- متکبر- بہت چلانے والا- بہت روندنے والا- سینکڑوں سے ہزار تک اُونٹوں کا مالک ج فَدَّادُون- الفَدَّادُوْن چرواہے- اُونٹ والے- گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہو-
الفَدَّادَة- مؤنث- فَدَّاد- مینڈک' بزول-
فَدَحَهُ (ف) فَدْحًا- الْاَمْرُ او الحَمْل او الدَّيْنُ : کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا-
اَفْدَحَ واسْتَفْدَحَ- الْاَمْرُ :بوجھل پانا-
الفَادِح- مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو- کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِهِ اَمْرٌ فَادِحٌ ورَكِبَ دَيْن فَادِحٌ" اس پر اَمر گرانبار آ پڑا- اس پر قرض گرانبار ہو گیا-
الفَادِحَة- مصیبت ج فَوَادِح-
فَوَادِحُ الدَّهْر :مصائب زمانہ-
فَدَخَ (ف)فَدْخًا- الشَّيْ :توڑنا-
العُوْدَ :تازہ لکڑی توڑنا-
فَدَرَ (ض) فَدْرًا وفُدُوْرًا- اللَّحْمَ المَطْبُوْخَ :پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا-
فَدَّرَ- الحِجَارَةَ :چھوٹے بڑے پتھر توڑنا-
تَفَدَّرَ- الحَجَر :پتھر کا ٹوٹنا-
الفَدْر- پہاڑی بکرا- ج فُدُوْر-
الفُدور- پہاڑی بکرا ج فُدْر-
الفَدِر- بیوقوف- جلدی ٹوٹنے والی لکڑی-
الفِدْرَة- پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا- پہاڑ کا ایک حصہ- رات کا ایک ٹکڑا- ج فِدَر :
الفُدَرَة- قوم سے علیحدہ رہنے والا- تنہا چلنے والا-

الفُدُرُّ- چاندی- موٹا لڑکا-
الفَادِر- پکا ہوا ٹھنڈا گوشت- پہاڑی بکرا- علیحدہ رہنے والی اُونٹنی ج فُدُر وفَوَادِرُ وفُدُوْرٌ-
الفَادِرَة- مؤنث فادِر- پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان-
المَفْدَرَة- بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ-
اَفْدَسَ- الرَّجُلُ : کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا-
الفُدْس- مکڑی- ج فِدَسَةٌ-
الفَيْدَس- منکا- بڑا گھڑا-
فَدَشَ(ن)فَدْشًا- رَاسَهُ : سر پھوڑنا-
فَدَشَهُ(ض)فَدْشًا- دفع کرنا-
الفَدْش- مادہ مکڑی-
فَدِعَ (س) فَدَعًا- ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا- صفت(اَفْدَع)مؤنث(فَدْعَاءُ)ج فُدْعٌ-
فَدَعَهُ(ف)فَدْعًا- کچلنا یا تھوڑا پھاڑنا-
فَدَّعَهُ- ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا-
الفَدَع- ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی' جوڑوں کی کجی-
الفَدَعَة- جوڑوں کی کجی کی جگہ-
فَدَغَهُ(ف)فَدْغًا- توڑنا-
اِنْفَدَغَ- ٹوٹنا ـــــ الشَّيْءُ اليَابِس : نرم ہونا-
المِفْدَغ- توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغ-
فَدْفَدَ فَدْفَدَةً- آواز بلند کرنا- بھاگتے ہوئے دوڑنا-
الفَدْفَد- سخت آواز والا- بلند آواز والا- بہت زیادہ روندنے والا- الفُدْفِد- جما ہوا دودھ-
فَدَّكَ- القُطْنَ : رُوئی دُھننا- فَدَّكَهُ القُطْنَ :رُوئی دُھنوانا-
فَدَمَ (ض) فَدْمًا الإِبْرِيْق وعَلَى الإِبْرِيْق :چھاگل پر سر بند لگانا-
فَدُمَ(ک)فُدُوْمَةً وفَدَامَةً- بیوقوف ہونا-
فَدَّمَ واَفْدَمَ- فَمَ الآنِيَةِ : برتن پر سرپوش رکھنا-
الفَدْم- کلام میں عاجز- بیوقوف- کم سمجھ- گاڑھے خون والا- ج فِدَام- گہرے سرخ رنگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



والامؤنث فَدْمَةٌ۔

الفِدَام والفَدَام۔ چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم۔

الفَدَّام والفَدَّامَة والفَدُّوم۔ بمعنی الفِدَام۔

الفِدَام والفِدَامَة۔ چھینکا جو اُونٹ کے مُنہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھانہ سکے۔

المُفَدَّمَات۔ قبضے والے لوٹے۔ مٹکے۔

فَدَّنَ۔ الإبِلَ : اُونٹ کو موٹا کرنا ـــــ البِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا ـــــ الثَّوْبَ : کپڑے کو سرخ رنگنا۔

الفَدَن۔ سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج اَفْدَان۔

الفَدَان والفَدَّان۔ بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن و اَفْدِنَةٌ و فَدَادِيْن۔

الفَدَان : کھیتی۔ و فِيْ المَسَاحَةِ : چار سو مربع زمین۔

الفَادِن۔ فِيْ اِصْطِلَاحِ البنائين سَاہل : ج فَوَادِن۔

الفَدَوْكَس۔ شیر۔ مضبوط مرد۔

فَدَىٰ يَفْدِي فَدًى وفِدًى وفِدَاءً الرَّجُلُ مِنَ الأَسْرِ ونَحْوِہ : مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعلی (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِيّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَرْأَةُ نَفْسَهَا مِنْ زَوْجِهَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کرلیا۔

فَدَى وفَدَّى تَفْدِيَةً۔ فلانا بنفسه اپنے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔

فَادَى فِدَاءً ومُفَادَاةً۔ الرَّجُلَ : چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔

اَفْدَى إِفْدَاءً۔ فُلَانًا الأَسِيْرَ : کسی سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا ـــــ الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔

تَفَادَى تَفَادِيًا القَوْمُ : ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا۔

الرَّجُلُ مِنْ كَذَا : پرہیز کرنا اور یکسو ہونا۔

اِنْفَدَى اِنْفِدَاءً۔ فدیہ دیا جانا۔

اِفْتَدَىٰ۔ بِهٖ : فدیہ دینا ـــــ مِنْهُ بِكَذَا : پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراۃ نفسها من زوجها یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کرلیا۔

الفَدَاء۔ حجم۔ موٹاپا۔ ڈھیر۔ انبار جو گیہوں، کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن۔ تاجر کے سامان و غلے وغیرہ کی جگہ۔ ج اَفْدِيَةٌ۔

الفِدَاء والفِدًى والفِدَى۔ مہ۔ مال جو چھڑانے کے لیے دیا جائے کہا جاتا ہے "فِدًى لَكَ أَبِيْ وفِدَاكَ أَبِي" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دعا اور اظہارِ محبت اور تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرفِ با کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِأَبِيْ التِّلْمِيْذُ المُجْتَهِد" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔

الفِدْيَة۔ مال جو چھڑانے کیلئے دیا جائے ج فِدًى وفِدْيَاتٌ۔

فَذَّهٗ(ن)فَذًّا۔ سختی سے دھتکارنا۔

اَفْذَذَت۔ الشَّاةُ : ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفِذٌّ و مُفْذِذَةٌ) اور اگر یہی عادت ہو جائے تو اس کو (مِفْذَاذٌ) کہتے ہیں۔

تَفَذَّذَوا اِسْتَفَذَّ۔ بِالْأَمْرِ : خود رائی کرنا۔

الفَذّ۔ مہ۔ اکیلا۔ جوڑے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذ و فُذُوْذ وَ كَلِمَةٌ (فَذَّةٌ وفَاذَّةٌ) کلمہ شاذہ۔

الأَفَذّ۔ بے پَر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا فَذَاذَى وفُذَاذَى وفُذَاذًا وفُذَّاذًا" یعنی ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔

فَذْفَذَ فَذْفَذَةً۔ اچانک کودنے کے لیے سمٹنا۔

فَذْلَكَ فَذْلَكَةً۔ الحسابَ : فارغ ہونا۔

الفَذْلَكَةُ۔ مہ۔ میزانکل، مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)

فَرَّ (ض) فَرًّا و فِرَارًا و مَفَرًّا و مَفِرًّا۔ بھاگنا۔ پوپہ دوڑنا۔

فَرَّ (ن) فَرًّا و فَرَارًا و فِرَارًا و فُرَارًا۔ الدَّابَّة : جانور کی عمر معلوم کرنے کیلئے دانتوں کو دیکھنا ـــــ إِلَى الشَّيْءِ : جانا ـــــ عَنِ الأَمْرِ : کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَّ الأَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔

فَارَزْتُهٗ۔ میں نے اُس کے حال کی اور اُس نے میرے حال کی تحقیق کی۔

اَفْرَفْرَاً۔ رَاسَهٗ بِالسَّيْفِ : تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفْرَتِ الخَيْلُ او الإِبِلُ : اُونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا۔ اَفْرَهٗ : بھگانا۔

تَفَارَّ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے سے بھاگنا۔

تَفَرَّرَ بِالشَّيْءِ : ہنسنا۔

اِفْتَرَّ۔ البَرْق : بجلی کا چمکنا ـــــ آہستہ آہستہ ہنسنا ـــــ الشَّيْءَ : سونگھنا۔

الفَرّ۔ مہ۔ بھاگنے والا۔ (واحد جمع مذکر و مؤنث)

الفر : جمع ہے (فَأْر کی جیسے رَكْب۔ جمع (راكب) کی۔ کہا جاتا ہے (هو فَرُّ قَوْمِهٖ وفُرُّ قَوْمِهٖ) وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے۔

الفَرَّة والأَفْرَّة والأُفْرَّة۔ اختلاط۔ شدت ـــــ مِنَ الحَرِّ ونَحْوِہ : گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء۔

الفِرَّة۔ مسکراہٹ۔

الأَفَرّ۔ خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔

الفَرَّار والفَرُوْر والفُرَرَة والفَرُوْرَة۔ تیز بھاگنے والا۔ الفَرَّار : پارہ۔

الفَرُوْر والفَرِيْر والفَرَار۔ بھیڑ اور بکری کا بچہ۔ الفَرِيْر : مُنہ۔

المَفَرّ۔ بھاگنے کی جگہ۔

المِفَرّ۔ مِنَ الخَيْل : تیز گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو بھاگنے کے کام میں آئے۔

الفَرَأ والفَرَاء۔ جنگلی گدھا جمع افراء و فِراء اور عرب کا قول "كُلُّ الصَّيْدِ فِيْ جَوْفِ الفَرَا" بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہو جائے اور اس مقصد کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔

اَمْرٌ (فَرِيٌّ) گھڑا ہوا۔ بڑا۔

فَرِتَ (ن) فَرَتًا۔ بدکار ہونا۔

فَرُتَ (ک) فُرُوْتَةً۔ الماءُ : پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔

فَرِتَ (س) فَرَتًا۔ ضعیف العقل ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الفُرَات۔ ایک بڑا دریا ہے جو بحر فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فُرَاتٌ ومِيَاهٌ فُرَاتٌ" الفرات : سمندر۔

الفُرَاتَان۔ فرات ودجلہ۔

فَرْتَكَ فَرْتَكَةً۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ـــــ الشَّيْءَ : ریزہ ریزہ ہونا ـــــ العَمَلَ : فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔

فَرْتَنَ فَرْتَنَةً۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

الفَرْتَنَى۔ بجو کا بچہ۔ زانیہ۔

فَرِثَت (ن) فَرْثًا وانْفَرَثَتِ۔ الحُبْلَى : حاملہ عورت کا جی متلانا۔

فَرَثَ (ض) فَرْثًا۔ كَبِدَهُ : جگر پر مارنا۔

فَرُثَ (س) فَرْثًا۔ شکم سیر ہونا۔ القَوْمُ : متفرق ہونا۔

اَفْرَثُ وفَرْثٌ۔ الكَرِشُ : اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا ـــــ الحُبَّ كَبِدَهُ : محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَفَرَّثَ۔ القَوْمُ : متفرق ہونا ـــــ تَفَرَّثَتِ الحُبْلَى : حاملہ عورت کا جی متلانا۔

الفَرْث۔ گوبر جب تک اوجھ میں رہے ج فُرُوث۔

الفُرَاثَة۔ اوجھ کا گوبر۔

فَرْثَدَ فَرْثَدَةً۔ وجهه : چہرہ پر گوشت ہونا۔

فَرْثَطَ فَرْثَطَةً۔ آہستہ سے کرنا۔

فَرَجَ (ض) فَرْجًا وفَرَّجَ۔ الشَّيْءَ : کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ اللّٰهُ الغَمَّ عَنْهُ : غم کو دور کرنا۔ زائل کرنا۔

اَفْرَجَ۔ الغُبَارُ : غبار کا دور ہونا۔ چھٹ جانا۔ ـــــ القَوْمُ عَنِ المَكَانِ : علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ اَفْرَجَتِ الدَّجَاجَةُ : مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِجٌ)

تَفَرَّجَ۔ الغَمُّ : غم کا دور ہونا۔

اِنْفَرَجَ۔ کھلنا ـــــ الغَمُّ : غم کا دور ہونا۔ ما بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : کشادہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ مِنْ ضِيْقَةٍ : تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔

الفَرْج۔ معہ۔ دو چیزوں کے درمیان خلل۔ سرحد ـــــ مِنَ الثَّوْبِ : کپڑے کا پھٹن۔

مِنَ الْاِنْسَان : شرمگاہ اور قبل و دبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوج فَرْجُ الوَادِي : وادی کا بطن۔ فرج الطريق : راستہ کا درمیانی حصہ۔

الفَرْج والفُرْج تانث سے علیحدہ کمان۔

ـــــ والفِرْج والفُرْجَةُ۔ مِنَ الرِّجَالِ : بھید نہ چھپانے والا مرد۔

الفَرَج۔ کشادگی۔

الفُرْجَة۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ ج فُرَج۔

الفُرْجَة والفِرْجَة والفَرْجَة۔ سختی اور غم سے نجات۔

الفَرُّوج۔ بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑا گیا ہو۔ ج فَرَاوِيج۔

والفُرُّوج۔ مرغی کے چوزے ج فَرَاوِيج واحد الفَرُّوجَة۔

التِفْرِجَة۔ انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِج ـــــ والتِفْرَاجَة : کمزور برذول ج تَفَارِيج۔

الفَرِيج۔ ظاہر کھلا ہوا۔ قَوْسٌ فَرِيجٌ : تانت سے علیحدہ کمان۔

المُفْرَج۔ مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جس کے مال اولاد اور کنبہ نہ ہو۔

المُفَرَّج۔ کنگھی۔ وہ شخص جس کی کہنی بغل سے دور ہو۔

الفِرْجَار۔ پرکار۔ کہا جاتا ہے خَطُّ (فِرْجَارِي) یعنی گول دائرہ۔

الفِرْجَوْن۔ کھریرا۔

اِفْرَنْجَمَ اِفْرِنْجَامًا۔ گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔

فَرْجَنَ فَرْجَنَةً۔ الدَّابَةَ : جانور کو کھریرا کرنا۔

الفِرْجَوْن۔ کھریرا۔

فَرِحَ (س) فَرَحًا۔ بِالشَّيْءِ : خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)

فَرَّحَهُ۔ خوش کرنا۔

اَفْرَحَهُ۔ خوش کرنا اَفْرَحَهُ الدين : بوجھل کرنا۔ غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو "اَفْرَحْتَنِي الدُّنْيَا ثُمَّ اَفْرَحْتَنِي" یعنی دنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سب کے لیے ہے۔

الفَرْح۔ خوشی۔

الفَرْحَة والفُرْحَة۔ خوشی : خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلْوَان اور بَشَارَةٌ کہتے ہیں۔

الفَرْحَان۔ خوشی والا۔ مؤنث فَرْحَى وفَرْحَانَةٌ ج فَرْحَى وفَرَاحَى۔

الفُرُوح۔ خوشی والا۔ ج فُرُحٌ۔

المُفْرَح۔ مغم۔ فقیر محتاج۔ گمنام نسب والا۔

المِفْرَاح۔ بہت زیادہ خوش (مذکر و مؤنث)

المَفْرُوح۔ مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے۔

فَرِخَ (س) فَرَخًا اِلَى الاَرْضِ : چمٹنا۔

ـــــ الرَّجُلُ : گھبراہٹ دور ہونا۔

فَرَّخَ۔ القَوْمُ : کمزور ہونا۔ گھبرانا ـــــ فَرَّخَتِ الطَّائِرَة : پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخ) ـــــ البَيْضَةُ : انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔ فَرَّخَ الشَّجَرُ : درخت کا پھوٹنا۔

ـــــ الاَمْرُ : اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا۔

ـــــ الرَّوْعُ : خوف دور ہونا۔

اَفْرَخَ۔ الرَّوْعُ : خوف دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَكَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ البَيْضَةُ والطَّائِرَةُ : بمعنی فرخت۔ اَفْرَخَ الاَمْرُ : اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ القَوْمُ بَيْضَتُهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔

اِسْتَفْرَخَ۔ الحَمَامَ : کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا ـــــ الحَمَامُ : کبوتری کا بچہ والی ہونا۔

الفَرْخ۔ پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان ـــــ مِنَ الشَّجَرِ : درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخ وأَفْرَاخٌ وأَفْرُخ وأَفْرَخَة وفِرْخَانٌ وفُرُوخٌ۔ الفَرْخ : کمزور ذلیل وحقیر ہوا آدمی۔ فَرْخُ الرَّاصِ : دملغ۔

الفَرْخَة۔ پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخ : نیزے کی چوڑی ناک۔

المَفْرَخ۔ بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخ۔

فَرَدَ (ن) وفَرَدَ (س) وفَرُدَ (ک) فُرُودًا

www.kitabosunnat.com



وانفرد- اکیلا ہونا ـــــ بالأمر: تنہا کام کرنا- فَرَدَ عن الشَّیٔ: علیحدہ ہونا- فَرَدَ- لوگوں سے جدا ہونا- فقیہ ہونا- فَرَدَ بِرَأیِہٖ: رائے میں اکیلا ہونا- اَفْرَدَ- الشَّیٔ: جدا کرنا ـــــ الیہ رسولاً: قاصد بھیجنا ـــــ بالأمر: تنہا کام کرنا- اَفْرَدَتِ الأُنثٰی: ایک بچہ جننا- صفت (مُفْرِدٌ) تَفَرَّدَ وانفرد واستفرد- بالأمر: بغیر نظیر کے تنہا ہونا- تنہا کام کرنا- واستفرد ہ: اکیلا پانا- ساتھیوں میں سے نکال لینا- اِنفرد بہ: یکتا کو لینا جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو-

الفارد- فا- (الفارد و الفرد) بیل-

الفارِدَة- مؤنث فارِدٌ- بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے- نَاقَةٌ فَارِدَةٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اونٹنی ج فَوَارِد-

الفَرْد- ایک طاق- ج فِرَاد- بے مثال ج اَفْرَاد و فُرَادَی- داڑھی کی ایک جانب- ایک تلوے کی جوتی ج اَفْراد- کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیْءٌ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے-

اَفْرَادُ النَّجْمِ و فُرُوْدُھا- الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے- اَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ-

الفَرْد و الفَرِد- ایک- کہا جاتا ہے "هٰذَا سَیْفٌ فَرْدٌ و فَرِدٌ" یہ بے مثال تلوار ہے- "وشَیْءٌ فَرْدٌ و فَرِدٌ و فُرْدٌ و فُرْدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے-

الفَرْدَة- فرد کا مؤنث ج فَرْدَاتٌ و اَفْرَادٌ و فُرَدٌ-

الفَرْدَان- ایک- کہا جاتا ہے "شَیْءٌ فَرْدَان" یعنی منفرد ہے اور مؤنث فَرْدَیٰ- کہا جاتا ہے لَقِیْتُہٗ (فَرْدَیْنِ) یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں تھا-

الفُرْدَة- تنہا جانے والا- کہا جاتا ہے جَاءُوْا (فُرَادٰی و فُرَادًا و فُرْدَیٰ و فَرَادًا و فُرَادٰی) یعنی اکیلے اکیلے آئے- واحد (فَرْدٌ و فَرِدٌ و فَرِیْدٌ و فُرْدَانٌ)

الفَرِیْد- ایک یکتا- چھوٹا موتی جو سونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو- موتی- نفیس جوہر جو ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دُم کی ہڈی سے ملا ہوا ہے ج فَرَائِد- کہا جاتا ہے "اَتٰی بِالفَرَائِد" یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں-

الفَرَّاد- موتیوں کا بیچنے والا-

المُفْرَد- مفرد- واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع ہے- جنگلی بیل-

المُفَرَّد- مِنَ الذَّھَب: موتی لگا کر جدا کیا ہوا-

المُفْرِد- فا- کہا جاتا ہے "رَاکِبٌ مُفْرِد" سوار جس کے پاس اپنے اُونٹ یا گھوڑے کے سوا نہ ہو-

فَرْدَسَہٗ فَرْدَسَۃً- پچھاڑ دینا- زمین پر پٹک دینا-

الفِرْدَوْس- باغ- جنت- سرسبز وادی (مذکر و مؤنث) ج فَرَادِیْس- فِرْدَوْسُ النَّعِیْم: ایک جنت کا نام ہے-

الفَرْدَسَة- مصہ- گنجائش-

المُفَرْدِس- فا- کشادہ سینہ والا- صَدْرٌ (مُفَرْدَس) کشادہ سینہ-

کَرْمٌ مُفَرْدَسٌ: اُلٹی لگی ہوئی انگور کی بیل-

فَرَزَ (ض) فَرْزًا و اَفْرَزَ- الشَّیْءَ مِنْ غَیْرِہٖ: جدا کرنا- علیحدہ کرنا و اَفْرَزَ الصَّیْدُ الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا موقعہ دینا- افرز فُلَانًا بِشَیْءٍ: خاص کرنا اور کسی کو شریک نہ کرنا-

فَرَّزَ تَفْرِزَةً- عَلَیَّ بِرَأیِہٖ: قطعی حکم لگانا- فَارَزَ- شَرِیْکَہٗ: الگ کرنا-

اِفْتَرَزَ- الأَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے بغیر فیصلہ کرنا- کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَہٗ دُوْنَ اَھْلِ بَیْتِہٖ" اس نے اپنے معاملہ میں اپنے گھر والوں سے مشورہ کئے بغیر فیصلہ کر لیا-

تَفَارَزَ- الشَّرِیْکَانِ الشِّرْکَۃَ: شرکت کو فسخ کرنا-

الفَرْز- مصہ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین-

الفَرْزَة- تحت زمین میں شگاف-

الفَرِز- ٹیلہ کا راستہ- ساتھی کیلئے علیحدہ کیا ہوا حصہ- ج اَفْرَاز و فُرُوْز-

الفَرْزَة- جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ-

الفُرْزَة- باری- فرصت- ٹیلہ کا راستہ-

الفَارِز- فا- کَلَامٌ فَارِزٌ- صاحب واضح کلام- لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان-

الاِفْرِیْز- مِنَ الحَائِط: کارنس ج اَفَارِیْز (دخیل)

الفَرْزَدَق- روٹی جو تنور میں گر پڑے- روٹی کے ٹکڑے- گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے- واحد (فَرْزَدَقَة) اور اس کی تصغیر فُرَیْزِق یا فُرَیْزَد ج فَرَازِقٌ اور قیاس کے لحاظ سے فَرَازِدٌ- الفَرَزْدَق: لقب ایک مشہور شاعر کا-

تَفَرْزَعَ- الکَلَأ: گھٹا گھٹا ہونا-

الفُرْزُع- بنولہ-

الفُرْزُعَة- فُرْزُع کا واحد- گھاس کا گٹھا ج فَرَازِع-

فَرْزَلَہٗ فَرْزَلَۃً- قید کرنا-

الفِرْزِل- قید- ہتھکڑی لگانا- لوہا کاٹنے کی قینچی-

الفِرْزِل- موٹا آدمی-

الفِرْزُوْم- موچیوں کا فرمہ-

تَفَرْزَنَ- البَیْذَقُ: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا-

الفِرْزَان- شطرنج کی ملکہ ج فَرَازِین (دخیل)

فَرَسَ (ض) فَرْسًا و اِفْتَرَسَ- الأَسَدُ فَرِیْسَۃً: گردن توڑ دینا- شکار کرنا- فَرَسَ الذَّبِیْحَۃَ رگِ گلو کاٹ دینا- گردن جدا کرنا ـــــ الشَّیْءَ جدا جدا کرنا-

فَرَسَ (ض) فِرَاسَۃً- بِالعَیْنِ: ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا-

فُرُوْسَ (ک) فَرَاسَۃً و فُرُوْسَۃً و فُرُوْسِیَّۃً شہسواری میں ماہر ہونا-

فَرَّسَہٗ- الشَّیْءَ: پھاڑنے کیلئے پیش کرنا-

اَفْرَسَ- عَنْ بَقِیَّتِہٖ مَالِہٖ: مال لینا اور کچھ باقی چھوڑ دینا ـــــ الرَّاعِی: گلے کی حفاظت سے غافل ہونا ـــــ فُلَانٌ الأَسَدَ حِمَارَہٗ: اپنی نجات کیلئے گدھے کو پھاڑنے کیلئے شیر کے سامنے کر دینا-

تَفَرَّسَ- فِیْہِ: نظر جما کر دیکھنا- فِیْہِ الخَیْرَ: کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا ـــــ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّجُلُ : بتکلف شہسوار ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَیْسَ بِفَارِسٍ وَلٰکِنَّهٗ یَتَفَرَّسُ فلاں شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔

الْفُرْس وفَارِس۔ مملکت فارس کے باشندے ان کے مُلک کو (فارس) اور ان کی زُبان کو (الفَارِسِیَّة) کہتے ہیں۔

الفَارِسِیُّ۔ فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ کا واحد۔

الفِرْس۔ ایک قسم کی گھاس۔

الفَرَس۔ گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حِصَان اور مؤنث کو حِجْرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث کے لیے (فرسة) بھی استعمال کرتے ہیں اور فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی سے اَفْرَاس ہے۔ تین گھوڑوں کیلئے ثَلَاثَةُ اَفْرَاس اور تین گھوڑیوں کیلئے ثَلَاثُ اَفْرَاس کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوْسٌ آتی ہے۔ اور عرب کا قول "هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ" مثل ہے ان دو شخصوں کیلئے جو کسی ایک مقصد کی طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر ہوں۔ فَرَسُ الْبَحْرِ : ایک دریائی جانور ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں اور دُم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ النَّهْرِ اور جَامُوْسُ الْبَحْرِ بھی کہتے ہیں۔

الفُرَیْسَة۔ تصغیر فَرَسٌ کی مؤنث کیلئے۔

الفُرَیْس۔ تصغیر فَرَسٌ کی مذکر کیلئے۔

الفَرْسَة۔ فَرَسٌ کا اسم مرة ( ـــــ و الفِرْسَة) پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔

الفَارِس۔ فا۔ گھڑ سوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "هُوَ فَارِسٌ بِالْاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔

الْاَفْرَس۔ شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔

اَبُوْفِرَاس والفَرَّاس۔ شیر۔ الفَرَّاس : ذکی۔

الفَرِیْس۔ مقتول۔ کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِیْسٌ و بَقَرَةٌ فَرِیْس ج فَرْسٰی۔ حلقہ جو رسّی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔

الفَرِیْسَة۔ فریس کا مؤنث۔ جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔

الفَرَانِس والفِرْنَاس۔ شیر۔ موئی گردن والا۔

الفرناس : بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودھری۔ ج فَرَانِسَةٌ۔

المَفْرُوْس۔ گردن کے پھوڑنے والا۔

الفَرُوْس۔ شیر۔

فَرْسَخَ فَرْسَخَة۔ الشَّیْءُ : کشادہ ہونا۔

( ـــــ و تَفَرْسَخ وافْرَنْسَخَ) البَرْدُ او المَرَضُ : سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔

تَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ الهم عَنْهُ : غم کا دُور ہونا۔ زائل ہونا۔

الفَرْسَخ۔ راحت۔ سکون۔ مدت طویل۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فَرْسَخُ الطَّرِیْقِ تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریباً آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخ (کلمۂ فارسیہ ہے) سَرَاوِیْلُ (مُطَرْسَخَةٌ) کشادہ شلوار۔

اَلْفِرْسِنُ۔ اُونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِن۔

رَجُلٌ (مُفَرْسَنُ) الوَجْهِ : پُر گوشت چہرہ والا مرد۔

فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا۔ الشَّیْءَ : بچھانا ـــــ فُلَانًا اَمْرًا : کشادہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا ـــــ الْاَمْرَ : پھیلانا ـــــ عَنْهُ : ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔

ـــــ فَرْشًا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا زمین پر پھیلنا۔

فَرَّشَ۔ فُلَانًا بِسَاطًا : کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔

ـــــ فَرَّشَ الدَّارَ : فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا

ـــــ الزَّرْعُ : پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا ـــــ الطَّائِرُ : پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اَفْرَشَهٗ۔ بِسَاطًا : کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔

اَفْرَشَ السَّیْفَ : تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ الشَّجَرُ : درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔ عَنْهُ : علیحدہ ہونا۔ دُور ہونا ـــــ الرَّجُلُ : غیبت کرنا اور بُری بات کہنا ـــــ المَكَانُ : زیادہ پڑنے والا ہونا ـــــ الشَّاةَ للذبح : زمین پر ذبح کرنے کیلئے لٹانا ـــــ الرَّجُلُ : بچھونے والا ہونا۔

تَفَرَّشَ۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اِفْتَرَشَ۔ ذِرَاعَيْهِ : بازو پھیلانا ـــــ الشَّیْءَ : روندنا ـــــ الطَّرِیْقَ : چلنا ـــــ الرَّجُلُ : بچھاڑنا ـــــ اِثْرَ فُلَانٍ : پیچھا کرنا ـــــ عِرْضَهٗ : بے عزتی کرنا ـــــ الشَّجَّةَ الدماغَ : بغیر ٹوٹنے کے پھٹنا ـــــ المَالَ : غصب کرنا ـــــ الشَّیْءَ : پھیلنا۔

الفَرْش۔ مص۔ بچھونا۔ کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ چھوٹے چھوٹے اُونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔ کھیتی۔ جبکہ اس کے تین پتے نکل آئیں۔ وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں۔ گائے' بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں۔

الفَرْشَة۔ فَرَشَ کا اسم مرة ـــــ عِنْدَ الْعَامَّةِ : بچھونا۔

الفِرْشَة۔ بچھانے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے هُوَ حَسَنُ الفِرْشَةِ یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے۔

الفَرَاش۔ زمین پر خشک شدہ کیچڑ ـــــ مِنَ النَّبِیْذِ : شراب کے بلبلے۔ ذبان کے نیچے دو سرخ رگیں' دو لوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں

الفَرَاشُ مِنَ الرِّجَالِ : بہت ہلکا پھلکا مرد۔

الفِرَاش۔ بچھونا۔ گھونسلہ۔ منہ کی جڑ میں زُبان کی جگہ ج اَفْرِشَةٌ وفُرُوْشٌ۔

الفَرَّاش۔ بہت بچھانے والا۔

الفَرَاشَة۔ پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی ـــــ من القفل : تالے کا جھٹر۔ کندھوں کا اُٹھا ہوا حصّہ اور (فَرَاشُ الدِّمَاغ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِّمَاغ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَة : پروانہ' اوچھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَةٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لیے مثل ہے ج فَرَاشٌ۔

الفَرِیْش۔ مِنَ النَّبَاتِ : زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش۔

المِفْرَاش۔ بچھونا۔

المِفْرَشَة۔ کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المِفْرَض- مفعہ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّضٌ" بخیر کوہان کے اُونٹ۔

فَرْشَحَ فَرْشَحَةً وفَرْشَحَى- ٹانگیں کشادہ کرنا- ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا- قریب قریب کودنا۔

الفِرْشَاحِ- بے بارش کا بادل- بے ڈول بلند عورت- چوڑا کھر- کشادہ زمین (الفِرْشِيح) عضو تناسل۔

فَرَصَ(ن)فَرْصًا- الشَّيْءَ :کاٹنا۔

الجِلْدَ :چیرنا- پھاڑنا ـــــ الفُرْصَةَ : فرصت پانا۔

فَرَصَ (ض) فَرْصًا- الرَّجُلَ : رگِ گلو پر مارنا- شانہ کے گوشت پر مارنا۔

فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا- شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔

فَرَّصَ- النَّعْلَ :جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔

فَارَصَهُ مُفَارَصَةً- فِي الشَّيْءِ : نوبت بنوبت کرنا۔

اَفْرَصَتْهُ الفُرْصَةُ- فرصت ملنا- اَفْرِص وتَفَرَّصِ الفُرْصَةَ :مہلت پانا۔

تَفَارَصَ- القَوْمُ البِئْرَ : قوم کا کنوئیں پر باری باری آنا۔

اِفْتَرَصَ- الفُرْصَةَ : موقع پانا- فرصت کو غنیمت جاننا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَفْتَرِصُ اِحْسَانَهُ وبِرَّهُ" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔

الفُرْصَة- باری اور یہ اسم ہے- تَفَارُص القَوْمِ البِئْرَ- کہا جاتا ہے جَاءَتْ فُرْصَتُكَ مِنَ السَّقْيِ : یعنی تمہاری باری آئی- وقت مناسب اِنْتَهَزَ الفُرْصَةَ : فرصت کو غنیمت جانا- ج فُرَصٌ۔

الفُرْصَة والفِرْصَة والفَرْصَة- اُون یا روئی کا ٹکڑا۔

الفَرِيْص- پانی کا شریک کہتے ہو "هُوَ فَرِيْصِي" گلے کی رگیں- واحد (فَرِيْصَة) ہے- الفَرِيْصَة- باری- پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اُچھلنے لگتا ہے- کہا جاتا ہے ارتعدت فريصةُ یعنی بہت گھبرایا "هُوَ ضَخْمُ الفَرِيْصَتِيْنِ" یعنی وہ جری و بہادر ہے- ج فَرِيْص وفَرَائِص۔

المِفْرَص- لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص۔

المِفْرَاص- لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِيْص۔

الفِرْصَاد- سرخ رنگ- توت یا توت کا درخت۔

والفِرْصِيد والفِرْصِيْد- انگور کا بیج- فَرَضَ (ض) فَرْضًا- الخَشَبَةَ وفِيْهَا : لکڑی کاٹنا' چھیدنا ـــــ الأَمْرُ :فرض کرنا- معین کرنا۔

ـــــ لَهُ كَذَا فِي الدِّيْوَانِ : عطیہ دینا- تنخواہ مقرر کرنا ـــــ لِفُلَانٍ كَذَا : فرض مقرر کرنا ـــــ لَهُ :وقت معین کرنا ـــــ اللّٰهُ الأَحْكَامَ عَلٰى عِبَادِهٖ :واجب ٹھہرانا۔

فَرَضَتْ (ض) و فَرِضَتْ (ک) فُرُوْضًا وفَرَاضَةً- البَقَرَةُ : گائے کا عمر رسیدہ ہونا- صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَرَاضَةً- عِلمِ فرائض کا جاننے والا ہونا۔

فَرَّضَ- الخَشَبَةَ :لکڑی میں سوراخ کرنا۔

ـــــ الأَمْرُ :واجب کرنا۔

اَفْرَضَ- فُلَانًا شَيْئًا : دینا ـــــ لِفُلَانٍ كَذَا : فرض قرار دینا- اَفْرَضَتِ المَاشِيَةُ : نصاب کو پہنچنا- زکوٰۃ کے قابل ہونا۔

اِفْتَرَضَ- اللّٰهُ الأَحْكَامَ عَلٰى عِبَادِهٖ : واجب ٹھہرانا ـــــ القَوْمُ : قوم کا ختم ہو جانا ـــــ الجُنْدُ :فوج کا تنخواہ لینا۔

الفَرْض- مہ ـــــ مِنَ القَوْسِ :چلہ کمان کی جگہ- ج فِرَاض- الفَرْض :اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون- اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَلَيْهِ : تنخواہ- تنخواہ دار فوج ج فُرُوْض وفِرَاض۔

الفُرْض- کاٹ۔

الفُرْضَة- مِنَ النَّهْرِ :دریا کا دہانہ- لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو ـــــ مِنَ البَحْرِ : بندرگاہ ـــــ مِنَ القَوْسِ : کمان کا سرا جو تانت لگانے کیلئے کاٹا جائے ـــــ مِنَ الدَّوَاةِ :دوات میں سیاہی کی جگہ- فُرْضَتُهُ الجَبَلِ :پہاڑ کے وسط کی پست جگہ ج فُرُضٌ وفِرَاض۔

الفِرَاض- کپڑا- دریا کا دہانہ۔

الفَارِض- فا- موٹا- پرانا ج فُرُض مؤنث فَارِضَةٌ ج فَارِضَات وفَوَارِض۔

ـــــ والفَرْضِيّ والفَرِيْض والفَرَّاض عِلمِ فرائض کا جاننے والا۔

الفَرِيْضَة- فرض- زکوٰۃ- مقرر کردہ حصہ- ج فَرَائِض عِلْمُ الفَرَائِض : وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں- اَصْحَابُ الفَرَائِض وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔

المِفْرَاض والمِفْرَض- کاٹنے کے اوزار۔

المَفْرُوْض- مہ اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو- کاٹا ہوا- محدود۔

الفِرْضِخ- بچھو۔

رَجُلٌ (فِرْضَاخ) بڑے ڈیل ڈول کا مرد مؤنث فِرْضَاخَة۔

الفِرْضَاخَة والفِرْضَاخِيَّة- بڑے پستان کی عورت۔

المُفْرَضِخ- سست ونا تواں۔

الفِرْضِم- بوڑھی بکری۔

فَرَطَ (ن) فُرُوْطًا- آگے بڑھنا- مقدم ہونا ـــــ فَرْطًا فِي الأَمْرِ کوتاہی کرنا- فرط مُنه القول بغیر سمجھے بوجھے کہنا ـــــ مِنْهُ شَيْءٌ :جاتا رہنا ـــــ عَلَيْهِ فِي القَوْلِ :پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا فَرَطَ عَلٰى فُلَانٍ :جلدی کرنا اور تکلیف دینا- فَرَطَ : غالب ہونا- فَرَطَ اِلَيْهِ رَسُوْلًا : قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا ـــــ وَلَدًا :چھوٹا بچہ مرنا۔

فَرَطَ (ن ض) فَرْطًا وفَرَاطَةً القَوْمَ : گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا- صفت (فَارِط) جمع فَارِطُوْن وفُرَّاط۔

فَرَّطَ- الشَّيْءَ وفِي الشَّيْءِ :ضائع کرنا- متفرق کرنا ـــــ فِي الشَّيْءِ : کوتاہی کرنا- عاجز کرنا- فَرَطَهُ :چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا- مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا ـــــ عَنْهُ : مہلت دینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



____ اِلَيْهِ رَسُوْلاً : قاصد بھیجنا ____ اللّٰهُ عَنْهُ مَايَكْرَهُ :دور کرنا-ہٹانا-دفع کرنا-

اَفْرَطَ- جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا- جلدی کرنا ____ رَسُوْلاً : قاصد بھیجنا ____ الامرَ :بھولنا اور چھوڑنا ____ الْاِنَاءَ :برتن کو لبالب بھرنا ____ بِيَدِهٖ اِلَى السَّيْفِ لِيَستلَّهٗ : تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا ____ عَلَى الرَّجُلِ : ____ طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا ____ فُلَانٌ وَلَدًا : نابالغ بچّے کا وفات پانا ____ الشَّيْءَ : بھولنا- چھوڑنا- کہا جاتا ہے "مَا اَفْرَطَ مِنْهُمْ اَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا-

فَارَطَهٗ فِرَاطًا و مُفَارَطَةً- سبقت لے جانا-پا لینا-

تَفَرَّطَ- الشَّيْءَ : وقت گزر جانا ____ الفَرَسُ الخَيْلَ : گھوڑے کا سابق ہونا- آگے بڑھ جانا-

تَفَارَطَ- آگے بڑھنا ____ القَوْمَ : آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ____ الشَّيْءُ : وقت کا جاتا رہنا- کہا جاتا ہے "تَفَارَطَتِ الصَّلَاةُ عَنْ وَقْتِهَا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی تَفَارَطَتْهُ الهُمُوْمُ : غموں کا لاحق ہونا-

اِنْفَرَطَ- کھلنا-

اِفْتَرَطَ- وَلَدًا :چھوٹے بچّے کا مرنا- اِلَيْهِ فِي الامرِ : آگے بڑھنا- سبقت کرنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُفْتَرَطُ اِحْسَانُهٗ" یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا-

الفَرْط- مذ - افراط کا اسم ہے- ٹیلہ کا سرا- پہاڑی کی چوٹی- راستہ کا نشان- ج اَفْرُطٌ و اَفْرَاط

الفَرْط :وقت اور کہا جاتا ہے اَتَيْتُهٗ فَرْطًا : میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا- آتِیْکَ فَرْطَ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا" وَلَا اَلْقَاهُ اِلَّا فِي الفَرْط" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا-

الفُرْط- دامن کوہ-

اَفْرَاطٌ- الصَّبَاح : صبح کی پہلی شعاعیں-

اَلْفَرِط پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے والا- اس میں واحد جمع برابر ہیں- کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَرَطٌ قَوْمٌ فَرَط اور اسی سے ہے "اَنَا فَرَطكم عَلَى الحَوْضِ" الفَرَط : پہلا پہنچا ہوا اجر- جلد بازی- وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے- نابالغ بچّہ- کہا جاتا ہے "سَبَقَهٗ فَرَطٌ كَثِيْرٌ" نابالغ بچّے مر گئے اور مردہ بچّہ کے جنازہ کی دُعا میں- کہتے ہیں ((اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا)) یعنی اے اللہ اس کو ہمارے لیے اجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ جائے-

الفُرْط- چھوڑا ہوا کام- حد سے گزرا ہوا' حد سے تجاوز' ظلم و زیادتی- تیز گھوڑا جو سارے گھوڑوں سے بڑھ جائے-

الفَرْطَة و الفُرْطَة- نکلنا اور آگے بڑھنا- کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ فَرْطَةٍ فِي الْبِلَادِ" یعنی بہت سفروں والا ہے-

الفُرَاطَة و المَاءُ الفُرَاط- پانی جو چند قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ جائے اسی کا ہو جائے- بِئْرٌ فُرَاطَةٌ : بھی کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تَكَلَّمَ فُرَاطًا : بے سمجھے بوجھے بولا-

مَفَارِط- البِلَاد : اطراف بلاد-

فَرْطَحَ فَرْطَحَةً- الشَّيْءَ :چوڑا کرنا-

رَاسٌ فِرْطَاحٌ و مُفَرْطَح- چوڑا سر-

فَرْطَسَ- الخِنْزِيْر :ناک لمبی کرنا-

فُرْطُوْسَة و فِرْطِيْسَة- سور کی ناک- الفِرْطِيْسُ :ناک کا بانسہ- ج فَرَاطِيْس-

الفِرْطَاس- چوڑا-

الفُرْطُوْم- موزہ کا سرا- صحیح قاف سے قرطوم ہے-

فَرَعَ (ف) فَرْعًا و فُرُوْعًا- الجَبَل : پہاڑ پر چڑھنا ____ الوَادِي : وادی میں اُترنا ____ الارض : زمین میں چکر لگانا ____ القَوْمُ : قوم سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا ____ الفَرَسَ بِاللِّجَام : گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا ____ رَاسَهٗ بِالعَصَا : سر پر لاٹھی مارنا ____ بَيْنَ القَوْمِ : روک بن جانا یا اصلاح کرنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوَّلُ صَيْدٍ فَرَعَهٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے-

فَرِعَ (س) فَرَعًا- کثرت سے بالوں والا ہونا- صفت (اَفْرَع) مؤنث فَرْعَاءُ ج فُرْعٌ-

فَرَّعَ- فِي الجَبَل :پہاڑ پر چڑھنا-

مِنَ الجَبَل : پہاڑ سے اترنا ____ بَيْنَهُمْ تفریق کرنا ____ المَسَائِلَ مِنْ هٰذَا الاَصْلِ : فروع کا استنباط کرنا ____ فِي الْاَرْضِ : زمین میں چکر لگانا-

اَفْرَعَ- مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ سے اُترنا ____ بِالقَوْمِ :قوم کے پاس نازل ہونا ____ الشَّيْءُ : طویل و بلند ہونا ____ الامرَ : شروع کرنا ____ اللِّجَامُ الفَرَسِ : لگام کا گھوڑے کو لہولہان کرنا- اَفْرَعَتِ الضَّبْعُ الغَنَم او فِي الغَنَمِ :بجو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا اور خون آلود کرنا- اَفْرَعَتِ الاِبِلُ : اونٹنی کا پہلا بچّہ جننا ____ القَوْمُ مِنْ سَفَرِهِمْ :وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا-

____ الاَرْضَ : زمین میں چکر لگانا ____ الفَرْعَةَ :پہلا بچّہ ذبح کرنا ____ اَهْلَهٗ : کفیل ہونا-

حَاجَتَهٗ او سَفَرَهٗ : شروع کرنا (اُفْرِعَ بِفُلَانٍ : پکڑا جانا اور قتل کیا جانا-

فَارَعَهٗ- کفایت کرنا اور انگیز کرنا-

اِفْتَرَعَ- البِكْرَ :بکارت زائل کرنا-

تَفَرَّعَ- القَوْمُ : گالی دینا- فائق ہونا- الشَّيْءُ : بلند ہونا- تَفَرَّعَتِ الاَغْصَانُ : ٹہنیوں کا بہت ہونا ____ المَسَائِل :اصول سے متفرع ہونا ____ الشَّيْءُ عَلَى الشَّيْءِ : مترتب ہونا- مبنی ہونا-

اِسْتَفْرَعَ- الشَّيْءَ : شروع کرنا ____ الرَّجُلُ :پہلے بچّہ کو ذبح کرنا-

الفَرْع- مذ - ____ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ :اوپر کا حصّہ جو اصل سے نکلا ہو جیسے فَرْعُ الشَّجَرَةِ : منفعت بخش مال- الفَرْع فِي المَسَائِلِ العِلْمِيَّةِ :مسائل مستنبط جو کسی اصل سے نکلے ہوں- فَرْعُ المَرْاَةِ : عورت کے بال فَرْعُ القَوْمِ :سردار رئیس- فَرْعُ الاُذُنِ : کان کا اوپر کا حصّہ ج فُرُوْع- الفَرْع : جوئیں واحد (فَرْعَةٌ) اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ عَلَى فَرْعِ اُذَيْنَتِهٖ" چوتڑ کے اس حصّے پر جو بیٹھنے میں زمین پر لگتا ہے-

الفَرْعُ :گھاٹی کی طرف پانی بہنے کی جگہ ج فِرَاع-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الفَرَع- اُونٹ یا بکری کا پہلا بچّہ- جو کئیں واحد (فَرَعَةٌ) تقسیم- کہا جاتا ہے تَرَاضَوْا بِالفَرَعِ یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے-

الفَرْعَة- راستہ کی بلندی- پہاڑ کی چوٹی ج فِرَاع-

الفَارِع- فا- خوبصورت- بلند- پست-

الفَارِعَة- مؤنث فَارِع- فَارِعَةُ الجَبَل : پہاڑ کا بلند حصّہ ج فَوَارِع (فَارِعَةُ الطَّرِيق و فرعاؤُہ) راستہ کی بلندی-

المِفْرَع- لوگوں کے درمیان صلح کرانے والا ج مَفَارِع-

المُفْرَع- ہر چیز کا طویل- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُفْرَعُ الكتف" یعنی فلاں چوڑے اور بلند مونڈھے کا ہے-

الفُرْعُل- بچو کا بچّہ- مؤنث فرعلة ج فَرَاعِل وفَرَاعِلَةٌ-

الفُرْعُلَان- نر بچو-

فَرْعَنَ فَرْعَنَةً- الرَّجُلُ : تکبر کرنا- چالاک ہونا-

تَفَرْعَنَ- النَّبَاتُ : لمبی اور قوی ہونا- فُلَانٌ عَلَيْنَا : سرکشی اور ظلم کرنا- فراعنہ کے اخلاق کو اختیار کرنا-

فِرْعَوْن و فُرْعُوْن و فُرْعَوْن- مصر کے بادشاہ کا لقب- شریر- سرکش- ج فَرَاعِنہ-

فَرَغَ (ف ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا و فُرُوْغًا- مِنَ العَمَلِ : کام سے خالی ہونا- لَهُ و اِلَيْهِ : قصد کرنا ـــــ الرَّجُلُ فُرُوْغًا : مرنا- فَرَغَ دَمُهُ : رائیگاں جانا' مطالبہ نہ کیا جانا ـــــ مِنَ الشَّيْءِ : پورا کرنا- تمام کرنا ـــــ الظَّرْفُ : برتن کا خالی ہونا (ـــــ فَرْغًا) عَلَيْهِ المَاءَ : گرانا-

فَرِغَ (ک) فَرَاغَةً- رنجیدہ ہونا- گھبرانا- فَرِغَتِ الطَّعْنَةُ : وسیع ہونا- صفت (فَرِيْغَة)

فَرَّغَ (س) فَرْاغًا- المَاءُ : پانی کا گرنا-

أَفْرَغَ و فَرَّغَ- المَاءُ : پانی گرانا ـــــ الإِنَاءَ : برتن خالی کرنا ـــــ الدِّمَاءَ : خون بہانا- کہا جاتا ہے "فَرَّغَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اس کو صبر دے- افرغ الذهب و نحوَہ : سانچہ میں ڈھالنا-

القَبَّ والقِبَّ۔ سردار قوم۔ القِبُّ : دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

القَبَّان۔ غلّہ کا ایک پیمانہ۔

القَهَب مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔

القُبَّةَ۔ گنبد۔ ج قِبَاب وقُبَب۔ قُبَّة الاسلام' بصرہ۔ قبة الشهادة عند اليهود : ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبة الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّة الخَضْرَاء او الزَّرْقَاء : گنبد آسمان۔

القِبَّة۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔

القَابُّ۔ فا۔ آئندہ تیسرا سال' کہا جاتا ہے انک لا تنجح العام الحاضر ولا القابل ولا القابّ تُو نہ تو امسال کامیاب ہوگا' نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

القَابَّة۔ قَابٌّ کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔

القَبَّاب۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔

القُبَاب۔ مِنَ السُّیُوْفِ ونَحْوِهَا : شمشیر براں۔

ـــــ مِنَ الأُنُوْفِ : موٹی ناک۔

الأَقَبُّ۔ مِنَ الخَیْلِ : باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاءُ ج قُبٌّ۔

القُبِّی۔ لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے ڈبلے پیٹ والا۔

القَبِیْب۔ خشک نباتات۔

الأَقَبُّ والمُقَبَّب والمَقْبُوْب۔ ڈبلا۔

القَبَج۔ چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قبجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔

قَبُحَ (ک) قَبْحًا وقُبْحًا وقَبَاحَةً وقُبَاحًا وقُبُوْحًا وقُبْوحَةً۔ بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔

قَبَحَهٗ (ف) قَبْحًا وقُبُوْحًا وقَبَّحَهٗ۔ اللّٰهُ عَنِ الخَیْرِ : افعالِ خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعول مَقْبُوْحٌ اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَهٗ وَجْهَهٗ" یعنی میں نے اس کے لئے قَبَّحَهُ اللّٰه" کہا قَبَحَ البَیْضَةَ : انڈا توڑنا۔ قَبَّحَ عَلَیْهِ فِعْلَهٗ : برائی ظاہر کرنا۔ قَبَّحَ لَهٗ وَجْهَهٗ : کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔

قَابَحَهٗ مُقَابَحَةً۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

اَقْبَحَ۔ الرَّجُلُ : بُرا فعل کرنا۔

إِسْتَقْبَحَ الشَّیْءَ : بُرا سمجھنا۔

القُبْح۔ مص۔ قول' فعل یا صورت کی برائی۔

القَبِیْح۔ بُرا۔ ج قِبَاح وقُبْحٰی وقَبَاحٰی۔

(ـــــ والقَبَاح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔

القُبَّاح۔ بوڑھا بچھو۔

القَبِیْحَة۔ قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قَبَائِح وقَبَاتِح۔

قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا۔ المَیِّتَ : میت کو دفن کرنا۔

اَقْبَرَهٗ۔ قبر بنانا۔ دفن کرنا ـــــ القَوْمَ : مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔

القَبْر۔ مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القُبَّرة والقُبَرة والقُنْبَرة والقُنْبَراء والقُنْبُراء- ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں- ج قُبَّر وقُبَر وقَنابِر-

القُبَّار- شکاری کا چراغ- لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو-

القَبْوُر- پست زمین-

المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبِرة والمَقْبُرة والمِقْبَرة- قبرستان- ج مَقابِر-

المَقْبَرِيّ والمَقْبُرِي- مقبرہ کی طرف نسبت-

القُبْرُس- عمدہ تانبا- قُبْرُوس: بحر روم کا ایک بڑا جزیرہ- اور نسبت کے لئے قُبْرُوْسِيّ ج قبارسة-

القِبْز- ایک قسم کا باجا-

القِبْز- پست قد- بخیل-

قَبَسَ (ض) قَبْسًا- مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا- ـــــ النَّارَ: آگ جلانا ـــــ العِلْمَ: علم سیکھنا- استفادہ کرنا- قَبَسَهُ النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا- ( ـــــ وأَقْبَسَ) فُلانًا العِلْمَ: سکھلانا- وأَقْبَسَ فُلانًا: کسی کو آگ دینا-

اِقْتَبَسَ مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَسَ- ـــــ مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا- واقْتَبَسَهُ نارًا: کسی سے آگ لینا-

القَابِس- ج- آگ طلب کرنے والا- ح أَقْباس-

القِبْس- اصل-

القَبَس والمِقْباس: آگ کا شعلہ-

القَبَسة- قَبَس کا اسم مرة- قَبَسةُ العَجْلان: جلد بازی کے لئے مثال ہے- اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے-

القَابُوس- خوب صورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد-

القَوابِس- اچھی بات سکھانے والے لوگ-

المَقْبِس- لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو ج مَقابِس-

المُقْتَبِس- آگ کا شعلہ-

المِقْباس والمِقْبَس- وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے- المِقْباس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے-

القُبْشُوْر- وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو-

قَبَصَ (ض) قَبْصًا- الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا- صفت (قَبُوْص) الرَّجُلُ- سیراب ہونے سے پہلے روکنا- الغُلامُ- لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَصَ) الشَّيْءَ: چٹکی سے لینا-

قَبِصَ قَبَصًا- بڑے سر والا ہونا- درد جگر میں مبتلا ہونا- سبک ہونا- چست ہونا-

( ـــــ وتَقَبَّصَ) الجَرادُ عَلَى الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا-

اِقْتَبَصَ- قَبْصَةً مِنْ كَذا: چٹکی سے لینا-

القَبْص والقِبْص- بہت ریت کا ڈھیر-

القِبْص: بہت سے آدمی-

القَبْص والقَبَص- جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے-

القَبْصَة والقُبْصَة- چٹکی ـــــ مِنَ الطَّعام: لپ بھر خوراک- ج قُبَص-

القَبِيصَة- بمعنی قَبْصَة ـــــ القَبِيصَة: مٹی کا ڈھیر- کنکری-

القَبُوْص- ہلکا پھلکا- چست-

حَبْلٌ قَبِيْصٌ: چھوٹی رسّی- القَبِص- ہلکا پھلکا چست-

القِبِصِّي- تیز دوڑ-

الأَقْبَص- بڑی کھوپڑی والا ـــــ من الخيل: چست تیز رفتار گھوڑا- الأَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے- مؤنث قَبْصاء ج قُبْص-

القَبْصاء- بڑی کھوپڑی-

القَبِيص- مٹی کا ڈھیر-

القَوابِص- جماتیں- پارٹیاں- واحد قَابِصَة-

المِقْبَص- رسّی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں- ج مَقابِص-

حَبْلٌ مُتَقَبِّص- چھوٹی رسّی-

قَبَضَ (ض) قَبْضًا- بِيَدِهِ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا- نیچے سے پکڑنا ـــــ يَدَهُ عَنِ الشَّيْءِ: پکڑنے سے باز رہنا- قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ: ہٹانا- دُور کرنا- قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا- قَبَضَ الشَّيْءَ: سمیٹنا ـــــ الحَادِي الإِبِلَ: اُونٹ کو تیز ہانکنا ـــــ الطَّائِرُ جَنَاحَه: پرندہ کا بازو سمیٹنا ـــــ الدَّارَ و نَحْوَهَا: قبضہ کرنا- کہا جاتا ہے "إِنَّه يَقْبِضُنِيْ مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی و فُلانٌ الخَيْرَ يَبْسُطُهُ والشَّرَّ يَقْبِضُه" فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے- "واللّٰهُ يَقْبِضُ و يَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے-

قَبِضَ (ض) قَبَضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا ـــــ قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا-

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ- فِي حَاجَتِهِ: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا ـــــ القَوْمُ: چھوڑ دینا ـــــ بَطْنُهُ: قبض ہونا- اِنْقَبَضَ الشَّيْءُ: ملنا- منقبض ہونا- سمٹنا-

قُبِضَ- المَرِيْضُ: قریب المرگ ہونا- مرنا-

قَبَّضَ- الشَّيْءَ: جمع کرنا- سمیٹنا- سکیڑنا- کہا جاتا ہے "قَبِّضْ وَجْهَه فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا- "و قَبِّضْ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا- قَبَّضَ المَالَ فُلانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا- مال پر کسی کا قبضہ کرانا-

قَابَضَهُ مُقَابَضَةً: ہاتھ میں ہاتھ دینا-

اقْبِضْ- السَّيْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا ـــــ فُلانًا المَتاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا-

تَقَبَّضَ- جمع ہونا ـــــ الجِلْدُ فِي النَّارِ: کھال سکڑ جانا ـــــ الرَّجُلُ عَنِ الأَمْرِ: نفرت کرنا-

إِلَيْهِ: کودنا ـــــ عَلَى الأَمْرِ: توقف کرنا-

تَقَابَضَ- المُتَبايِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا-

القَبْض- مص- تیز ہانکنا- کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِي قَبْضِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا-

القَبَض- قبضہ کیا ہوا مال- جلدی- تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القَبْضَة۔ قَبْض کا اسم مرۃ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِي قَبضته" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السَّيف: تلوار کا قبضہ۔

القَبْضَة والقُبْضَة۔ مقبوضہ شئی مِنَ الشَّيْءِ: مٹھی بھر کر۔

القُبْضَة۔ منتظم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبْضَةٌ رُفْضَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

القَبَاض والقَبَاضَة۔ سکڑ جانا۔ جلدی۔

القَبَّاض والقَبَّاضَة۔ بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

القَابِض۔ فا ـــــ مِنَ الطَّعَامِ: ڈبان پکڑنے والی خوراک ـــــ مِنَ الأَدْوِيَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الأَرْوَاحِ حضرت عزرائیل علیہ السلام۔

القَبِيض۔ سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متوجہ رہے۔

المِقْبَض والمُقْبِض والمِقْبَضَة والمَقْبَضَة والمَقْبِضَة: تلوار کا قبضہ ج مَقَابِض۔

قَبَطَ (ن) قَبْطًا۔ الشَّيْءَ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔

قَبَّطَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔

القِبْط۔ مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِيّ ج أَقْبَاط۔

القُبْطِيَّة والقِبْطِيَّة۔ کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَبَاطِيّ والقَبَاطِي۔

القُبَّا والقُبَيْط والقُبَيْطَى والقُبَيْطَاء ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔

قَبَعَ (ف) قُبُوعًا۔ القَنْفُذ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا ـــــ الرَّجُلُ فِي قَمِيصِهِ: گریبان میں سر ڈالنا ـــــ رَأْسَهُ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا ـــــ فِي الأَرْضِ: جانا (۔ قَبْعًا) الجَوَالِقَ۔ گون کے کنارے موڑنا۔ (ـــــ قَبْعًا وقُبُوعًا) عَنْ أَصْحَابِهِ: تخلف کرنا ـــــ النَّجْم: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا ـــــ الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ـــــ المَرْأَةُ: عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا وقِبَاعًا وقُبَاعًا) الخِنْزِيرُ: سور کا غرانا۔ الفِيلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا (ـــــ والقَبِيع) المَزَادَةَ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔

القُبْع۔ بگل۔

القَبْع والقُبَاع۔ سیہی۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔

القُبَاع۔ بیوقوف مرد ایک بڑا پیمانہ۔

القُبَعَة۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ قُبَعَةَ ويَا ابْنَ قَابِعَاء" یعنی اے بیوقوف۔

ـــــ "إِمْرَأَةٌ قُبَعَةٌ طَلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔

القُبَّعَة۔ بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔

القَبَّاع۔ بزدل سور۔

القُبَاعِي۔ بڑے سر کا مرد۔

القَبِيعَة۔ مِنَ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

القَبِيعَةُ والقِبْيِعَة۔ سور کی ناک کا سوراخ۔

القَوَابِعُ: گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

القَبَعْثَرَى والقَبَعْثَر۔ بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِث۔

القَبَعْثَى۔ بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة۔

قَبْقَبَ قَبْقَبَةً۔ الفحلُ: بڑبڑانا ـــــ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔

القَبْقَب۔ پیٹ۔

القَبْقَبَة۔ مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔

القَبْقِب۔ دریائی سیہی۔

القَبْقَاب۔ کھڑاؤں۔ ج قَبَاقِيب۔

القَبْقَاب والقُبَاقِب۔ بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی القَبَاقِب: آئندہ تیسرا سال۔ کہا جاتا ہے "إِنَّكَ لَا تُفْلِحُ العَامَ ولا القَابِلَ ولا القَبَاقِبَ یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

قَبِلَ (س) قَبْلًا وقُبُولًا۔ الشَّيْءَ: لینا۔ قبول کرنا ـــــ الكَلَامَ: تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلًا وقُبُولًا۔ رِيحُ القَبُول: پروائی ہوا چلنا۔

قَبِلَ (ن) قَبْلًا۔ عَلَى الشَّيْءِ: مشغول ہونا اور لازم ہونا ـــــ المَكَانَ: متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَبِلَتِ المَاشِيَةُ الوَادِيَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبِلَ (ف) قَبْلًا۔ اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبَالَةً المَرْأَةُ: عورت کا دائی جنائی ہونا ـــــ القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) وقَبَلَ (ن ض) قَبَالَةً بِهِ کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبَلًا وقَبِلَ (س) قَبَلًا آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهُ۔ بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلُ العَمَلَ: ضامن لینا۔ اور ضمان کو (القَبَالة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمَّى: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

قَابَلَهُ۔ سامنے ہونا ـــــ قَابَلَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

أَقْبَلَ۔ اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔ أَقْبَلَتِ الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ أَقْبَلَ عَلَيْهِ: متوجہ ہونا ـــــ إِلَيْهِ: آنا ـــــ عَلَى الشَّيْءِ: شروع کرنا اور لازم ہونا ـــــ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا ـــــ فُلَانًا الشَّيْءَ: آگے کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَقْبَلْتُ زَيْدًا مَرَّةً وَإِدْبَرْتُهُ أُخْرَى" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "إِذْهَبْ فَا قْبِلْهُ الطَّرِيقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کر لو۔

تَقَبَّلَهُ۔ لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔

ـــــ اللّٰهُ دُعَاءَهُ: دعا قبول کرنا ـــــ آبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَّعَادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

إِقْتَبَلَ الكَلَامَ: فی البدیہہ کہنا ـــــ الأَمْرَ: کام از سر نو کرنا ـــــ الرَّجُلُ: بیوقوفی کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عقل مند ہونا۔
اِقْبَلَّتْ وَاقْبَالَّتْ عَيْنُهُ اِقْبِلَالًا وَاقْبِيْلَالًا۔ نگاہ کا بھینگا ہونا۔
اِسْتَقْبَلَ۔ الشَّيْءَ : سامنے ہونا ـــــ الرَّجُلَ : توجہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
قَبْلَ۔ پہلے۔ آگے۔ اور یہ ظرفِ زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الْخَلِيْفَةُ وَ مَاتَ الْوَزِيْرُ قَبْلَهُ وَ مِنْ قَبْلِهِ۔ کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الْخَلِيْفَةُ وَ مَاتَ الْوَزِيْرُ قَبْلُ وَ مِنْ قَبْلُ۔ اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الْخَلِيْفَةُ وَمَاتَ الْوَزِيْرُ قَبْلًا وَمِنْ قَبْلٍ۔
قُبَيْل۔ قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ قُبَيْلَ الْعَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔
اَلْقُبُل وَالْقُبُل۔ اگلا حصہ ـــــ مِنَ الزَّمَانِ : ابتدائی زمانہ ـــــ مِنَ الْجَبَلِ : دامن کوہ ج اَقْبَال کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبْلَهُ یعنی اس نے اُس کا قصد کیا "رَاَيْتُهُ (قُبْلًا وَقَبْلًا وَقُبْلًا وَقِبْلًا وَقَبِيْلًا وَقَبِيْلًا)" میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔
اَلْقَبَل۔ مص۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهُ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ اَلْقَبَل : دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے وَالْقَبَل فِي الْعَيْنِ : آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا ـــــ فِي الْعَيْنَيْنِ : ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔
اَلْقِبَل۔ طاقت۔ قدرت جیسے "مَالِي بِهِ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِي قِبَلَ فُلَانٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "وَاَتَانِيْ مِنْ قِبَلِهِ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔
اَلْقِبْلَة۔ قَبِلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَةُ الْمُصَلِّي اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهُ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ قِبْلَةٌ وَلَا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "وَاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔
اَلْقُبْلَة۔ بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔
اَلْقَبْلَة۔ ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگر فی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل۔
اَلْقَبَلَة۔ بسکون الباء اور اَلْقُبْلَة۔ ضم القاف و سکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔
اَلْقِبَال۔ مِنَ النَّعْلِ : تسمہ : کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ الْقِبَالِ مرد بد رائے۔
اَلْقَبَالَة۔ مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهُ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔
اَلْقَبُوْل۔ مص۔ اچھی ہیئت۔ باد صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔
اَلْقَبِيْل۔ ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل و قُبَلَاء۔ اَلْقَبِيْل : خدا کی اطاعت (دَبِيْر : خدا کی نافرمانی) اَلْقَبِيْل مِنَ النِّسَاءِ : دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَايَعْرِفُ قَبِيْلًا مِنْ دَبِيْرٍ" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "وَمِنْ قَبِيْلِ ذٰلِكَ" اس کی جنس سے اور کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ قَبِيْلًا" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔
اَلْقَبِيْلَة۔ ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قَبَائِل۔ قَبَائِلُ الرَّاسِ : سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قَبَائِلُ الطَّيْرِ : پرندوں کی قسمیں۔ قَبَائِلُ الثَّوْبِ : کپڑے کے ٹکڑے۔
اَلْاِسْتِقْبَال۔ مص مِنَ الزَّمَانِ : حال کے بعد آنے والا زمانہ۔
اَلْاَقْبَل۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اَقْبَلُ" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قَبْلَاء۔ ج قُبْل۔
اَلْقَابِل۔ فا۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ متاثر۔ ج قَبَلَة۔
اَلْقَابِلِيَّة۔ قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔
اَلْقَابِلَة۔ قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِل و قَابِلَاتٌ۔ قَوَابِلُ الْاَمْرِ : اوائل امر۔
اَلْمُقَابَل۔ مفع۔ اَلرَّجُلُ الْمُقَابَل : ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَرٌ" نجیب الطرفین مرد۔
اَلْمُقَبَّل۔ مفع۔ مقبول ـــــ مِنَ الثِّيَاب پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقَبَّلُ) الشَّبَاب : مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔
اَلْمُسْتَقْبِل۔ فا۔ (اَلْمُسْتَقْبِل وَالْمُسْتَقْبَل) مِنَ الزَّمَان : آئندہ زمانہ۔
قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا۔ اَلرَّجُلُ : ملک میں جانا۔
قَبَّنَ۔ اَلشَّيْءَ : قبان سے تولنا (دیکھئے قَبَّان)
اَقْبَنَ۔ دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔
اَلْقُبْنَة۔ ضروریات میں بھاگ دوڑ۔
اَلْقَبَّان۔ بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (وخیل)
اَلْقَبِيْن۔ اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔
قَبَايَقْبُوْ قَبْوًا۔ اَلْبِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا ـــــ اَلزَّعْفَرَانَ : زعفران توڑنا اور جمع کرنا ـــــ اَلشَّيْءَ : کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا (ـــــ قَبَا) اَلشَّيْءَ : کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔
اَلْحَرْفَ : بلانا۔
قَبَّى تَقْبِيَةً۔ اَلْمَتَاعَ : سامان مہیا کرنا۔ اَلثَّوْبَ : کپڑے کو قبا بنانا ـــــ عَلٰى فُلَانٍ : ظلم کرنا۔
تَقَبَّى۔ اَلشَّيْءَ : گنبد جیسا ہونا ـــــ اَلْقَبَاءَ : قبا پہننا ـــــ اَلرَّجُلَ : پیچھے سے آنا۔
اِنْقَبَى۔ عَنْهُ : پوشیدہ ہونا۔
اِقْتَبَى۔ اَلْمَتَاعَ : سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔
اَلْقَبْوُ۔ گچھی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبد دار کمرہ۔
اَلْقَبْوَة۔ قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔
اَلْقَابِيَاء۔ لیم۔ بَنُوْ قَابِيَا : شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے۔
اَلْقَبَاء۔ ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِيَةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القِباء۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قِبَاءُ قَوْسَیْنِ وقَابُ قَوْسَیْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار۔ کنایہ قریب سے۔

القِبَةُ۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔ تاواو مخذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقْبُوْ۔ مفع۔ جمع کیا ہوا۔ ملا ہوا۔

المَقْبِیُّ۔ بہت چربی والا۔

القُبْی۔ مقدار۔

القَبَایَة۔ بیابان۔

قَتَّ (ن) قَتًّا۔ جھوٹ بولنا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑے کو لسلائی میں کاٹنا ـــــ الشَّیْءَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کم کرنا۔ مہیا کرنا۔ قَتَّ إلی فُلَانٍ وقَتَّ أثَرَ فُلَانٍ: ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَتَّ وقَتَّتَ۔ الاحادیثَ: سخن چینی کرنا۔ وقَتَّتَ الأَفَادِیَةَ: ہانڈی میں دالنا اور پکانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یُقَتِّتُ الحَدِیْثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَتَّتَ۔ الحَدِیْثَ: بات کے پیچھے پڑنا۔ کان لگانا۔

اِقْتَتَّ۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

القَتُّ۔ مص۔ جھوٹ۔ اپست یا اپست خشک۔ ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ واحد (قَتَّةٌ)

القَتَات۔ ایک قسم کی نباتات۔

القَتَّات والقُتُوْت۔ چغل خور۔ اِمْرَأَةٌ قَتَّاتَةٌ وقُتُوْت: چغل خورن۔

القِتِّیْل۔ چغلی۔ رَجُلٌ قِتِّیْلٌ: چغل خور مرد۔ قول (مَقْتُوْت ومُقَتَّت) جھوٹا قول۔

قَتَبَہ (ن) قَتْبًا۔ بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقْتَبَ۔ البَعِیْرَ: اُونٹ پر پالان باندھنا۔

ـــــ ہ یَمِیْنًا: سخت قسم دینا ـــــ ہ الدَّیْنَ: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

القِتْب۔ آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو۔ پالان۔ ج اَقْتَاب۔

القِتْبَة۔ آنتیں۔ ج اَقْتَاب۔

القَتَب۔ کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اَقْتَاب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ یَعَضُّ بِالغَارِبِ" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔

القَتِب۔ تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔

القَتُوْبَةُ۔ وہ اُونٹ جس پر پالان ہو۔

رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الکَاهِلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔

قَتَّدَ۔ القَتَادَ: قتاد کے کانٹے دُور کر کے اُونٹوں کو چارہ دینا۔

قَتِدَ۔ القَتَادُ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔

القَتَاد۔ ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الأَمْرِ خَرْطُ القَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے۔

القَتَد والقِتَد۔ کجاوہ کی لکڑی۔ ج اَقْتَاد و اَقْتُد وقُتُوْد۔

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا۔ عَلٰی عِیَالِهٖ: مال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (قَاتِر و قَتُوْر واَقْتَر) ـــــ الشَّیْءَ: بعض کو بعض سے ملانا۔

ـــــ الدِّرْعَ: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا۔

ـــــ الأَمْرِ: لازم ہونا (ـــــ قَتْرًا و قَتَرًا و قُتُوْرًا) مَا بَیْنَ الأَمْرَیْنِ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔

قَتِرَ الرَّجُلُ: روزی کا تنگ ہونا۔

قَتِرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا و قَتَرًا (س) قَتَرًا۔ البُخُوْرًا و اللَّحْمُ: بدبودار ہونا ـــــ النَّارُ: دھوئیں والی ہونا۔

قَتَّرَ۔ عَلٰی عِیَالِهٖ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بودار ہونا ـــــ الصَّیَّادُ لِلْأَسَدِ: شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ـــــ ہ: خاک پر چھڑکنا ـــــ الشَّیْءَ: ایک دوسرے کے قریب کرنا ـــــ الرَّجُلُ: پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا ـــــ الوَحْشَ: اُونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ـــــ مَا بَیْنَ الأَمْرَیْنِ: اندازہ کرنا۔

اَقْتَرَ۔ مال کم ہونا ـــــ عَلٰی عِیَالِهٖ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا ـــــ اللّٰهُ رِزْقَهٗ: روزی تنگ کرنا ـــــ النَّارَ: دھوئیں والی کرنا۔ اَقْتَرَتِ المَرْأَةُ: عود کی دھونی دینا۔

تَقَتَّرَ۔ غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔

ـــــ لِلصَّیْدِ: شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ (دیکھئے قُتْرَةٌ) ـــــ فُلَانًا: فریب دینے کا ارادہ کرنا ـــــ عَنْهُ: جدا ہونا ـــــ الأَمْرُ: آمادہ ہونا ـــــ لِلْأَمْرِ كَذَا: نرمی برتنا۔

تَقَاتَرَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔

اَقْتَرَ۔ الصَّائِدُ: شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَة)

القَتْر۔ مص۔ زندگی بسر کرنے کے قابل۔ اندازہ۔

القِتْر۔ تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے۔

القَتَر۔ گرد و غبار۔ اندازہ۔

القُتْر و القُتُر۔ گوشہ و جانب ج اَقْتَار۔ قطر میں ایک لغت ہے۔

القَتِیر۔ متکبر۔ مغرور۔

القَتِیرَةُ۔ قَتَر کا اسم مرۃ۔ گرد و غبار۔

القِتْرَة۔ قَتَر کا اسم نوع۔ القِتر کا واحد۔ ابلیس کی کنیت۔ اِبْلِیْسُ قِتْرَةَ: ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔ ج قِتَارٌ

قُتْرَة۔ قترۃ ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔

القُتْرَة۔ شکاری کا مچان۔ زرہ کا حلقہ۔ تنگی عیش۔ روشن دان۔ قَتْرَةُ البُسْتَان: باغ کی نالی۔ قَتْرَةُ البَاب: دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج قُتَر۔

القُتَار۔ پختہ چیز کی بھاپ۔ بخار یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو۔

القَتِیْر۔ زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔ بڑھاپے یا بڑھاپے کی ابتداء۔

القَابِر والقَتُوْر والأَقْتَر۔ بخیل۔ جو بال بچوں پر نان و نفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے "مسرِّ" (قَاتِرٌ و مُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ "وَلَحْمٌ قَاتِرٌ" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو۔

الأَقْتَر۔ خاکستری رنگ والا۔

التَّقْتِیْر۔ مص۔ قوت لایموت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَتَعَ (ف) قُتُوْعًا۔ ذلیل ہونا۔
قَاتَعَهٗ مُقَاتَعَةً۔ مقاتلہ کرنا۔
القِتْع۔ شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَع۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (قَتَعَة) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع بمعنی دیمک۔
القَتَعَة۔ ذلیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَقْتَعُ مِنْهُ یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث قَتْعَاءُ۔ ج قُتْع۔
قَتَلَهٗ (ن) قَتْلاً و تَقْتَالاً۔ مار ڈالنا۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن و قَتَلَة و قُتَّال۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ بِاَخِيْهِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمْرَة : شراب میں پانی ملانا۔ الجُوْعُ او البَرْدُ : بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَه اللّٰهُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَّيْءَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا "و قَتَلَ غَلِيْلَه" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قَتَّلَ۔ القَوْمَ : بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَهٗ قِتَالاً و قِيْتَالاً و مُقَاتَلَةً۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ـــــ هُ اللّٰهُ : لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشْعَرَهٗ" مُراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَهٗ۔ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ۔ چلنے میں لچکنا ـــــ لِلْاَمْرِ : مہلت دینا ـــــ لِفُلَانٍ : جھکنا۔ فرمانبردار ہونا (تَقَتَّلَ و تَقَاتَلَ و اِقْتَتَلَ) القَوْمُ : باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ۔ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِی الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل۔ مص القَتْلُ العَمَد : قتل جو مقصود ہو القَتْلُ الخَطَا : قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْل۔ دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو۔ بہادر ج اَقْتَال۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّه لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جانے والا ہے۔
القِتْلَة۔ قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ قِتْلَةَ سَوْءٍ" اس نے اس کو بُرے طریقہ سے قتل کیا۔
القَتَال۔ نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ ذَات قَتَال" مضبوط اونٹنی۔
القَتُوْل۔ بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قُتُل۔
القَتِيْل۔ مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلٰى و قُتَلاء و قَتَالٰى۔
المَقْتَل۔ جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ قتل ج مَقَاتِل۔
المُقَاتِلَة۔ لڑنے والی جماعت۔ تا تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَتَل۔ میدانِ جنگ۔
المُقَتَّل۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جس کو عشق نے ہلاک کر دیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُوْمًا و قَتِمَ (س) قَتَمًا۔ الغُبَارُ : غبار کا بلند ہونا۔
قَتِمَ (ض) قَتَامَةً و قُتُوْمًا۔ سیاہی مائل ہونا ( ـــــ قُتُوْمًا) وَجْهُهٗ : چہرے کا متغیر ہونا۔
اَقْتَمَ۔ اليَوْمُ : بہت غبار والا دن۔
اِقْتَمَّ اِقْتِمَامًا۔ الشَّيْءُ : کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔
القَتَم۔ مص۔ غبار۔
القَتَام و القَتَمَة۔ کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِم۔ فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِم "بہت کالا۔ ج قَوَاتِم۔
الاَقْتَم۔ سیاہی مائل۔ بھورا۔
حَيَاضٌ قُتَّم۔ موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُوْنًا۔ السَّمَكُ : مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً و اَقْتَنَ۔ کم خوراک ہونا۔ دبلا ہونا۔
القَتَان و القُتَان۔ گرد و غبار۔
القَاتِن۔ فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِن بہت سیاہ۔
القَتِيْن۔ کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چھپکلی۔
القَتَن۔ ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔
قَتَا يَقْتُوْ قَتْوًا و قُتًى و قِتًى و مَقْتًى المُلُوْكَ : اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قَاتٍ)
اِقْتَوٰى۔ الرَّجُلُ : خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ اِفْعِلَال لازم ہے)
القَتْوَة۔ قَتَا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔
المَقْتِيّ۔ جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مَقْتُوْن و مَقَاتِوَة و مَقَاتِيَة۔
المَقْتَوِيّ۔ بمعنی مَقْتِيّ۔
قَتَّ (ن) قَتًّا۔ الشَّيْءَ : کھینچنا ـــــ الإِبِلَ : اونٹ کو پانی پلانا ( ـــــ و اِقْتَتَّ) الشَّجَر : درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ قَتَّ (ن) قَتَّ و قِتَاتًا۔ الشَّيْءَ۔ المَالَ : بکھرت جمع کرنا۔
القَتَّات۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ بِقُتَاثِهِم و قُتَاتِهِم" قوم مع اپنے ساز و سامان کے آ گئی۔
القَتَّات۔ چغل خور۔
القَتَاتَة و القِتِيْتَة و المَقَتَّة۔ لوگوں کی جماعت۔
اَقْتَأَ۔ المَكَانُ او القَوْمُ : بہت لکڑی والی ہونا۔
القُثَّاء و القِثَّاء۔ ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَاءَة الحِمَار) : کریلا۔
المَقْثَأَة و المَقْثُوْءَة۔ ککڑی کی جگہ۔ ج مقاثی کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَاة و مَقْثُوْءَةٌ" ککڑی والی سرزمین۔
قَثَدَ (ن) قَثْدًا۔ ککڑی یا کھیرا کھانا۔
اِقْتَثَدَ۔ کھیرا یا ککڑی کاٹنا۔
القَثَد۔ کھیرا یا ککڑی۔
اِقْتَثَرَ۔ الشَّيْءَ : گھر کے لیے سامان بنانا۔
تَقَثَّرَ۔ بددل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القَثْرَة۔ گھر کا سامان۔
القُثُرُّد و القِثِرُّد و القِثْرِد۔ گھر کا سامان۔
القَثْرَد و القُثْرَد و القُثَار۔ گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القِنْوِ۔ انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔
القَنَادِد۔ قمیص کے دامن۔
قَنْقَنَ قَنْقَنَةً۔ الوَتَد : کھونٹی کو اُکھیڑنے کے لئے حرکت دینا ـــــ المِكْيَالَ : ناپ پورا کرنا۔
قَنَمَ (ض) قَنْمًا۔ الشَّيءَ : شیر کے پاخانہ سے تھپڑنا ( ـــــ واِقْتَنَمَ) المَالَ : بہت لینا۔ اِقْتَنَمَ الرَّجُلَ : ذلیل کرنا ـــــ الشَّيءَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔
قَنَمَ (ن) قَنْمًا۔ لَهُ مِنَ المَالِ : یکبارگی دینا ـــــ فِي مَشْيِهِ : سُست چلنا۔
قَنِمَ (س) وقَنُمَ (ک) قُنْمَةً و قَنَمًا شیر کے پاخانہ سے تھپڑنا۔
قَنُمَ (س) قَنْمًا و قَنَامَةً۔ گرد آلود ہونا۔
القُنْم و القُنْوم۔ خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔
القَنُوم : بہت دینے والا (قائم سے معدول ہے)
القَائِم۔ فا۔ دینے والا۔
القُنُم۔ نجی لوگ۔
القُنْمَة۔ خاکستری رنگ۔
قَنَّام۔ مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت قَنَا يَقْنُو قَنْوًا و قَنِيَ يَقْنَى قَنْيًا و اِقْتَنَى المَالَ : جمع کرنا۔
القَنَا۔ ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قَحَّ (ن) قُحُوحَةً و قَحَاحَةً۔ خالص ہونا۔
القُحَّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيمٌ قُحٌّ و أَعْرَابِيٌّ قُحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج اَقْحَاح۔ القحّ : سخت اور بد خو۔ مؤنث قَحَّة۔ کہا جاتا ہے أَعْرَابِيَّةٌ قَحَّةٌ۔
القُحَاح۔ خالص۔
قَحَبَ (ن) قَحْبًا و قُحَابًا و قَحَّبَ۔ کھانسنا۔
قَحَبَتِ المَرْأَةُ : عورت کا بدکار ہونا۔
القَحْب۔ سن رسیدہ کھانسی والا۔
القَحْبَةُ۔ قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔ بڑھیا۔ ج قِحَاب۔
سُعَالٌ قَاحِبٌ۔ سخت کھانسی۔
قَحَتَ (ف) قَحْتًا۔ الشَّيءَ : کل لے لینا۔

قَحَدَ (ف) قَحْدًا و أَقْحَدَ۔ البَعِيرُ : بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَدَتِ۔ النَّاقَةُ : اُونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَةٌ قَحِدَةٌ و مِقْحَادٌ۔ بڑے کوہان والی اُونٹنی۔ ج مَقَاحِيد۔
القَحَدَة۔ کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قِحَادٌ و أَقْحُد۔
القَحَّاد۔ وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَة۔ کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزًا۔ کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا ( ـــــ قَحْوَزًا) مردہ کی طرح گرنا ( ـــــ قَحْزًا و قُحُوزًا و قَحَزَ) بِهِ : پچھاڑنا۔ قَحَزَهُ قَحْزًا و قَحَّزَهُ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا (قَحَزَ قَحْزًا و قُحُوزًا و قُحَزَانًا) الرَّجُلَ : ہلاک کرنا۔
قَحْزَوَ تَقَحْزَحَ۔ لَهُ الكَلَامَ : سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات۔ سختیاں۔
القُحَازَة۔ پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّقْحِيز۔ مصدر۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوعٌ مُقْحِزٌ۔ سخت بھوک۔
قَحْزَلَ قَحْزَلَةً۔ ڈالنا۔ مارنا۔
القَحْزَلَةُ۔ لاٹھی۔
قَحْزَمَ قَحْزَمَةً۔ لوٹانا۔
تَقَحْزَمَ فِي أَمْرِهِ : مشغول ہونا۔
قَحْزَنَ قَحْزَنَةً۔ پچھاڑنا۔
القَحْزَنَة۔ لاٹھی۔ ج قَحَازِن و قَحْزَنَات۔
قَحَصَ (ن) قَحْصًا بِرِجْلِهِ : لات مارنا۔
قَحَصَ : تیز دوڑنا۔ جھاڑو دینا۔
اَقْحَصَ۔ دُور کرنا۔
قَحَّصَ۔ دُور کرنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا۔ سخت مارنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا و قَحِطَ (س) قَحَطًا المَطَرُ : بارش رکنا۔
قَحَطَ (ف) و قَحِطَ (س) قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوطًا و قُحِطَ و اَقْحَطَ العَامُ : بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط
وَاَقْحَطَ اللّٰهُ الأَرْضَ : قحط ڈالنا۔ اَقْحَطَ النَّاسُ : قحط میں مبتلا ہونا۔ قَحِطَ وقُحِطَ وَاَقْحَطَ البَلَدُ : بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحَّطَ۔ النَّخْلَةَ : درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحِطٌ وقَحِيطٌ ومَقْحُوطٌ : خشک سال۔
سَنَةٌ قَحِيطٌ۔ خشک سال۔
المِقْحَط۔ نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَهُ (ف) قَحْفًا۔ کھوپڑی کا ٹانیا توڑنا۔
ـــــ الشَّيءَ : بہا لے جانا ـــــ مَا فِي الإِنَاءِ : ڈگڈگا کے سب پی جانا ـــــ الحَبَّ : دانے کو بکھیرنا۔
ـــــ الرُّمَّانَةَ : انار پھلینا : چھلکا اُتارنا ( ـــــ قَحَافًا) کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ۔ مَا فِي الإِنَاءِ : ڈگڈگا کے سب پی جانا ـــــ السَّيْلُ كُلَّ شَيءٍ : بہالے جانا۔
القِحْف۔ کھوپری۔ کھوپری کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقْحَاف وقُحُوف وقِحَفَةٌ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِأَقْحَافِ رَأْسِهِ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلَانٌ مَالَهُ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف۔ ڈگڈگا کے پینا۔
القُحَاف۔ بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَة۔ ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القَاحِف۔ فا۔ ج قُحْفٌ۔
عَجَاجَةٌ قَحْفَاءُ۔ آندھی جو سب چیز کو اُڑا لے جائے۔
المِقْحَفَة۔ وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مَقَاحِف۔
قَحْقَزَ قَحْقَزَةً لَهُ الكَلَامَ : سخت کلامی کرنا۔
ـــــ فِي المَشْيِ : تیز دوڑنا ـــــ الحَقِيبَةَ : اچھی طرح سے بھرنا۔
قَحْقَحَ الصَّوْتَ : حلق میں پھرانا ـــــ القِرْدُ : بندر کا ہنسنا۔
قَحَلَ (ف) قُحُولًا وقَحِلَ (س) قَحَلًا وقَحَلًا وقُحِلَ۔ الشَّيءَ : خشک ہونا۔ صفت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَاحِلٌ وَقَحْلٌ وَقَحِلٌ وَانْقَحْلٌ اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَّيْخُ یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا" كَيْفَ نَرُدُّ شَيْخَكُمْ وَقَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی۔

اَقْحَلَ الشَّيْءَ : خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے اَقْحَلَهُ الصَّوْمُ : روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔

قَاحَلَهُ مُقَاحَلَةً۔ لازم ہونا۔

تَقَحَّلَ۔ الشَّيْخُ : بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تَقَحَّلَ فِيْ لُبُوْسِهٖ وَحَالِهٖ : برے لباس اور حال والا ہونا۔

القَاحِل۔ فا ـــــ مِنَ الجُلُوْدِ : خشک کھال۔

القُحَال۔ بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔

القُحُوْلَة۔ خشکی۔

المُتَقَحِّل۔ مِنَ الرِّجَالِ : خشک کھال والا۔ بدحال۔

قَحَمَ (ن) قَحْمًا وَقُحُوْمًا فِي الْاَمْرِ : کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا ـــــ اِلَيْهِ : قریب ہونا۔

قَحَمَ (ف) قَحْمًا۔ المَفَاوِزَ : بیابان طے کرنا۔

قَحَّمَه وَاَقْحَمَه۔ فِي الْاَمْرِ : معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ "قَحَّمَ الفَرَسُ رَاكِبَهٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فَرَسَهُ النَّهْرَ : گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا ـــــ الكَلِمَةَ : کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْلٌ کا لفظ اور ید مَن کے درمیان اس قول میں قَطَعَ اللّٰهُ يَدَ وَرِجْلَ مَنْ قَالَهَا اس لیے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔

قَطَعَ اللّٰهُ يَدَ مَنْ قَالَهَا وَرِجْلَه۔

اُقْحِمَ۔ القَوْمُ : قحط سالی کی وجہ سے اپنے نمک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا۔

تَقَحَّمَ۔ الفَرَسُ النَّهْرَ : گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا ـــــ الفَرَسُ رَاكِبَهٗ : گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ الاَمْرُ : کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔

اِقْتَحَمَ الاَمْرَ : کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔

ـــــ فُلَانًا : حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَحَمَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھوں نے اس کو ذلیل سمجھا۔ اقحمَ المَنْزِلَ : ہجوم کرنا ـــــ النَّجْمُ : ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا ( ـــــ وانقحم) بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔

القَحِم۔ مص۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ مؤنث قحمة ج قِحام۔

القُحْمَة۔ دشوار کام۔ ہلاکت۔ قطع ج قُحَم۔

ـــــ القُحْمَة : بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔ قُحْمُ الطَّرِيْقِ : راستہ کی دشواریاں۔ القُحَم مِنَ الخُصُوْمَاتِ : وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے "لِلْخُصُوْمَةِ قُحَمٌ" ـــــ القُحْمُ مِنَ الشَّهْرِ : مہینے کی آخری تین راتیں۔

القَحَامَةُ و القُحُوْمَةُ۔ بہت بوڑھاپا۔

القَحُوْم۔ بہت بوڑھا۔

المِقْحَام۔ قاحم کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ ج مَقَاحِيْم۔

المَقَاحِم۔ ہلاکتیں۔ اور مفرد قُحْمَة یہ جمع خلافِ قیاس ہے جیسے مَلَامِح جمع لَمْحَة کی۔

المُقْحَم۔ مفع۔ کمزور' وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔

قَحَا يَقْحُوْ قَحْوًا۔ الدَّوَاءَ : دوا میں گل بابونہ ڈالنا ( ـــــ واقتحى) المَالَ : کل مال لے لینا۔

اَقْحَتَ۔ الاَرْضَ : گل بابونہ والی ہونا۔

المِقْحَاة۔ پھاوڑا۔

القُحْوَان و الاُقْحُوَان۔ گل بابونہ۔ واحد قُحْوَانَة و اُقْحُوَانَة۔ ج اَقَاحِيّ و اَقَاحٍ اور اس کی تصغیر اُقَيْحِيَان ہے اور اس کا واحد اُقَيْحِيَانَة اُقْحُوَانَة سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ اَقَاحِيُّ الاَمْرِ : کام کے اوائل۔

قَدْ۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) بمعنی حسب جیسے قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِيْ دِرْهَمٌ بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِيْ دِرْهَمٌ۔

(۲) اسم فعل بمعنی کفی یا یَكْفِي جیسے قَدْنِي دِرْهَمٌ بمعنی يَكْفِيْنِي دِرْهَمٌ۔ ان سب صورتوں میں قَدْ اسم ہے۔

(۳) مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ يُقْدِمُ الغَائِبُ اليَوْمَ۔ توقع ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ يَصْدُقُ الكَذُوْبُ۔ جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے۔

اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ اَفْلَحَ مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ : جو اللہ سے ڈرا۔ اس نے یقیناً فلاح پائی۔ قرآن میں ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا۔ قَدْ اَفْلَحَ المُؤْمِنُوْنَ۔

اور حال سے قریب کرنے کیلئے جیسے قد قام فُلَانٌ۔ جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ اَشْهَدُ الغَازَةَ الشعواء تحملني۔ مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔

قَدَّ (ن) قَدًّا وَقَدَّدَ۔ الشَّيْءَ : جڑ سے کاٹنا۔ لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو۔ قَدَدْتُ الشَّيْءَ نِصْفَيْنِ اور کبھی مفعولِ ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَدَدْتُ الشَّيْءَ بِنِصْفَيْنِ۔ قَدَّ المُسَافِرُ الفَلَاةَ : بیابان طے کرنا۔ قَدَّ الكَلَامَ : بات کاٹنا۔ قَدَّدَ اللَّحْمَ : ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا۔

قُدَّ۔ درد شکم والا ہونا۔

تَقَدَّدَ۔ پھٹنا ـــــ القَوْمُ : قوم کا متفرق ہونا ـــــ الشَّيْءُ : خشک ہونا ـــــ الثَّوْبُ : کٹ جانا اور پرانا ہونا ـــــ القَوْمُ : مختلف الرائے فرقے ہونا ـــــ الثَّوْبُ عَلَيْهِ : کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔

اِنْقَدَّ۔ پھٹنا۔

اِقْتَدَّ۔ الشَّيْءَ : بمعنی قَدَّهٗ ـــــ الشَّيْءُ : پھٹنا۔

ـــــ الاَمْرَ : تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔

اِسْتَقَدَّ۔ الاَمْرُ : برابر ہونا۔ ہیئت ہونا۔

القَدّ۔ مص۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰى قَدِّ ذَاكَ" یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت۔ چابک۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بکری کے بچہ کی کھال۔ ج اَقْدَدٌ وَقُدُوْدٌ وَقِدَادٌ وَ اَقِدَّۃٌ۔

القِدَّۃ۔ چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ قِدٌّ وَلَا قِحَفٌّ" اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔ ج اَقِدَّۃٌ۔

القُدَّۃ۔ ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔

القِدَّۃ۔ تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ ج قِدَدٌ وَاَقِدَّۃٌ۔ قرآنِ مجید میں ہے "کُنَّا طَرَائِقَ قِدَداً" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔

القُدَاد۔ جنگلی چوہا۔ سیسی۔

القُدَاد۔ پیٹ کا درد۔

القَدِیْد۔ کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت۔ پرانا کپڑا۔

القُدَیْد۔ چھوٹا ٹاٹ۔

القَدِیْدِیُّوْن۔ فوج کے توابع۔ جیسے درزی، نائی وغیرہ۔

المَقَدَّ۔ راستہ۔ ہموار جگہ۔

المِقَدُّ والمِقَدَّۃ والمُقَدَّ۔ کاٹنے کی چھری۔

القَیْدُود۔ لمبی پیٹھ کی اُونٹنی۔ ج قَیَادِیْد۔

قَدَحَ (ف) قَدْحًا۔ فِیْ عِرْضِہٖ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قَدَحَ فِیْ سَاقِ اَخِیْہِ" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قَدَحَ الشَّیْءُ فِیْ صَدْرِیْ" اس چیز نے میرے دل میں اثر کیا "قَدَحَ خِتَامُ الحَابِیَۃِ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔

____ الدُّوْدُ فِی الْاَسْنَانِ او الشَّجَرِ: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قَدَحَتِ العَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

____ الشَّیْءَ: چلو لینا ____ الطَّبِیْبُ العَیْنَ: آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا۔

فِی الْقِدْحِ: تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔

قَدَحَ واقْتَدَحَ۔ بِالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال سے ہے "اَصْلِیْ لِیْ اَقْدَحْ لَکَ" یعنی تم میرے لیے ہو جاؤ میں تمہارے لیے ہو جاؤں گا۔ قَدَحَ واقْتَدَحَ المَرَقَ: شوربا نکالنا ____ القِدْرَ: چمچہ سے نکالنا ____ واقْتَدَحَ الاَمْرَ: معاملہ کی تدبیر کرنا۔

قَدَّحَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو دُبلا کرنا۔

قَدَّحَتِ العَیْنُ: آنکھ کا دھنسنا۔

قَادَحَہٗ و تَقَادَحَا۔ ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔

اِسْتَقْدَحَ۔ زِنَادَہٗ: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔

القَدْح۔ ہم۔ دانت یا لکڑی کا کیڑا۔

القِدْح۔ تیر بغیر پر اور نصل کے۔ جوئے کا تیر۔ ج قِدَاح و اَقْدُح واَقْدَاح و قِدْحَان و ج ج اَقَادِیْح۔ کہا جاتا ہے "صَدَقَھُمْ وسْمَ قِدْحِہٖ" یعنی ان سے سچ کہا۔

القَدَح۔ پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں۔ اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَجْعَلُوْنِی کَقَدَحِ الرَّاکِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔ اس لیے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ الفَرْدُ: کنایہ ہے لے پالک سے۔ ج اَقْدَاح۔ القَدَح اسم ہے۔ اِقْتِدَاحُ النَّارِ سے۔

القِدْحَۃ۔ قدح کا اسم نوع۔

القُدْحَۃ۔ مِنَ المَرَق: چمچہ بھر۔

القِدَاحَۃ۔ پیالہ بنانے کا پیشہ۔

القَادِح۔ فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔

القَادِحَۃ۔ قادح کا مؤنث۔ درخت یا دانت کا کیڑا۔ ج قَوَادِح۔ کہا جاتا ہے "حُمِّیٰ قَادِحَۃٌ" بہت تیز بخار۔

القَدَّاح۔ کاسہ گر۔ تر و تازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے ( ____ والقَدَّاحَۃ) چقماق کا لوہا۔

القَدِیْح۔ شوربا یا دہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔

الاَقْدَح والقَدُوْح۔ کھمی۔ رَکِیٌّ قَدُوْحٌ: وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔

المِقْدَح والمِقْدَاح۔ چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔

المِقْدَح والمِقْدَحَۃ۔ چمچہ۔

اِقْدَحَرَّ اِقْدِحْرَارًا۔ الرَّجُلُ: بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کیلئے تیار ہونا۔

القُنْدَحُوْر۔ مردبد خو۔

القُدَاحِس۔ مردولاور وبد خو۔ بے باک۔ شیر۔

قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقُدْرَۃً ومَقْدِرَۃً ومَقْدَرَۃً ومَقْدُرَۃً ومِقْدَارًا وقَدَارَۃً وقُدُوْرَۃً وقُدُوْرًا وقِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا۔ عَلَی الشَّیْءِ: توانا ہونا، قوی ہونا۔

قَدَرَ (ض) قَدْرًا۔ الاَمْرَ: تدبیر کرنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا ( ____ قَدَارَۃً) الشَّیْءَ: تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا۔ لِاَمْرِ کَذَا: غور و فکر کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا۔ اللّٰہَ: تعظیم کرنا ( ____ وقَدَّرَ) اللّٰہُ عَلَیْہِ الاَمْرَ وقَدَّرَ لَہُ الاَمْرَ: فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قَدَّرَ الرِّزْقَ: تقسیم کرنا۔ قَدَرَ وقَدَّرَ عَلٰی عِیَالِہٖ: اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَرَ عَلَی الشَّیْءِ: قادر ہونا اور جمع کرنا۔ وقَدَّرَ الرَّجُلُ: معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔ وقَدَّرَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔

قَدَّرَ (س) قَدْرًا۔ چھوٹی گردن والا ہونا۔

____ عَلَی الشَّیْءِ: قدرت رکھنا۔

قَدَّرَ واقْدَرَ اللّٰہُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: قادر بنانا۔ واقْدَرَ الاِنْسَانُ: ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَہٗ مُقَادَرَۃً۔ توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔

بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کیلئے اندازہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُقَادِرُنِیْ" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔

تَقَدَّرَ۔ الثَّوْبُ عَلَیْہِ۔ کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔ لَہٗ کَذَا۔ آمادہ ہونا۔

تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ۔ ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔

اِنْقَدَرَ۔ اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَدَرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہو گیا۔
اِقْتَدَرَ۔ عَلَیْہِ : قوی ہونا۔ قدرت پانا ـــــ الرَّجُلُ : ہانڈی میں پکانا ـــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ۔ اللّٰہُ خَیْرًا : خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا۔
اَلْقَدْر۔ مص۔ چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قَدْرُ ذَاکَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ تونگری۔ کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَار۔
﴿ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ ﴾ : رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔
اَلْقُدْر۔ ہانڈی (مؤنث) ج قُدُوْر اور اس کی تصغیر قُدَیْرَۃٌ و قُدَیْر۔
اَلْقَدَر۔ مص۔ چیز کی انتہا۔ طاقت و قوت۔ تقدیر الٰہی ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ ان کے اوقات میں۔ ج اَقْدَار۔
اَلْقَادِر۔ فا۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا لَیْلَۃٌ قَادِرَۃٌ" ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔
اَلْقَدَرِیَّۃ۔ ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعالِ اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اس کے خلاف ہے۔
اَلْقُدْرَۃ۔ فعل یا ترک فعل کی طاقت۔
اَلْقَدُوْرَۃ۔ چھوٹی شیشی۔ دو درختوں کے درمیان کا فاصلہ۔
اَلْقَدَار و اَلْمِقْدَار۔ قدرت۔
اَلْقُدَّار۔ میانہ قد مرد۔ چست و چالاک لڑکا۔ باورچی۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ بڑا اژدہا۔
اَلْقِدْر۔ پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے۔
اَلْقَدَارَۃ و اَلْقُدُوْرَۃ۔ مصادر۔ اقتدار۔ قوت۔ تونگری۔
اَلتَّقْدِیْر۔ مص ـــــ عند النحاۃ : کلمہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا ـــــ عِنْدَ الْمُتَکَلِّمِیْن ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا۔ تقدیر الٰہی۔ ج تَقَادِیْر۔
اَلْقَدِیْر۔ قدرت والا۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہانڈی میں پکا ہوا گوشت۔
اَلْاَقْدَر۔ اسم تفضیل۔ پستہ قد۔ اور کہا گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا۔
اَلْقَدْرَاءُ۔ اقدر کا مؤنث۔ کان نہ بڑا نہ چھوٹا۔
بنو قَدْرَاء : اغنیاء۔
اَلْمِقْدَر۔ توانائی۔ اندازہ۔ پیمانہ ج مَقَادِیْر۔
اَلْمُقْتَدِر۔ فا۔ ہانڈی کا پکانے والا۔ کام کا ساتھی۔ ہر چیز کا وسط۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقْتَدِرُ الطُّوْلِ" مرد میانہ قامت۔
اَلْمُقَادَرَۃ۔ تنگ مکان۔
اَلْمَقْدُوْر۔ خم۔ فیصل شدہ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ مَقْدُوْرٌ عَلَیْہِ" یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو۔
اَلْمَقْدَرَۃ و اَلْمَقْدُرَۃ و اَلْمَقْدِرَۃ۔ قوت و تونگری ـــــ اَلْمَقْدَرَۃ : قضاء و قدر۔ تقدیر الٰہی۔
قَدَسَ (ن) قُدْسًا و قُدُسًا۔ پاک ہونا۔ بابرکت ہونا۔
قَدَّسَ۔ اللّٰہُ فُلَانًا : پاک کرنا۔ بابرکت کرنا ـــــ الرَّجُلُ اللّٰہَ : تنزیہ کرنا۔ قدوس ہونے کی صفت بیان کرنا ـــــ الْکَاھِنُ عِنْدَ النَّصَارٰی عشاء ربانی ادا کرنا ـــــ الرَّجُلُ : بیت المقدس میں آنا۔ قَدَّسَ لِلّٰہِ : پاکی بیان کرنا۔ اسی سے ہے "نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ"
تَقَدَّسَ۔ پاک ہونا۔ اَلْقَدَاسَۃ۔ پاکی۔
اَلْقُدْس و اَلْقُدُس۔ مصادر و اَلْقُدُس۔ : بیت المقدس۔ و رُوْحُ الْقُدُس۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام۔ و خِطِیْرَۃُ الْقُدُس : جنت۔ اَلْقُدُس : وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم کرنے کے لیے کنوئیں میں ڈالا جائے۔
اَلْقُدُس و اَلْقُدُس۔ چھوٹا پیالہ۔
اَلْقَادِس۔ بڑی کشتی۔ پتھر جو اُونٹ کے پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لیے ڈالا جائے۔ ج قَوَادِیْس۔ بیت حرام۔ اندلس کا ایک جزیرہ۔
اَلْقَادُوْس۔ چکی میں دانے ڈالنے کا برتن۔ عوام اسے کور کہتے ہیں۔ نہر سے پانی نکالنے کا برتن۔ ج قَوَادِیْس۔
اَلْقُدَّاس۔ اُونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر۔ چاندی کا بنا ہوا موتی۔ بڑی شرافت۔
اَلْقَدِیْس۔ موتی۔
اَلْقَدُّوْس۔ سخت اقدام کرنے والا۔ سخت حملہ کرنے والا۔
اَلْقُدُّوْس و اَلْقُدُّوْس۔ باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص و عیب سے پاک۔
اَلْقِدِّیْس۔ باصطلاحِ نصاریٰ۔ مقبول عند اللہ۔ مؤنث قِدِّیْسَۃٌ۔
اَلْمَقْدِس۔ مکانِ مقدس۔ پاک جگہ۔ بَیْت اَلْمَقْدِس و اَلْبَیْتُ الْمُقَدَّس : یروشلم۔ نسبت کے لیے مَقْدِسِیّ و مُقَدَّسِی۔ اَرْضٌ مُقَدَّسَۃٌ مبارک زمین۔ اَلْاَرْضُ الْمُقَدَّسَۃُ : فلسطین۔
اَلْمُقَدَّس۔ فا۔ یہودی عالم۔ راہب۔
قَدَعَ (ف) قَدْعًا الْفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنا۔
ـــــ الْاَمْرَ : کر گزرنا ـــــ فَرَسَہٗ بِاللِّجَامِ : گھوڑے کو لگام سے روکنا ـــــ السَّفِیْنَۃَ : کشتی کھینا ـــــ الْخَمْسِیْن مِنْ عُمُرِہٖ : تجاوز کرنا ـــــ مِنَ الشَّرَابِ : گھونٹ گھونٹ پینا ـــــ الذُّبَابَ عَنْہُ بِکَذَا : کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا۔ قَدَعَہٗ وَاَقْدَعَہٗ عَنْ کَذَا : روکنا۔ اَقْدَعَ الرَّجُلُ : گالی دینا۔
قَدِعَ (س) قَدَعًا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ قَدِعَتْ عَیْنُہٗ : زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "قَدِعَتْ عَیْنُہٗ خَمْسُوْن" میں تقریباً پچاس کی عمر کو پہنچ گیا۔
قَادَعَہٗ بِعِیْرَیْہِ : کھلیں کرنا۔
تَقَدَّعَ لَہٗ بِالشَّرِّ : آمادۂ بدی ہونا۔
تَقَادَعَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو دفع کرنا اور کھینچنا ـــــ بِالرِّمَاحِ : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا تَقَادَعَ عَلَی الشَّیْءِ وَفِیْہِ : جوق جوق گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَادَعَ الذُّبَابُ فِی الْمَرَقِ" شوربے میں مکھیاں پے بہ پے گریں ـــــ الْقَوْمُ : پے بہ پے مرنا۔
اِنْقَدَعَ۔ رُکنا ـــــ عَنِ الشَّیْءِ : شرم کرنا۔
اَلْقَدِع۔ بہت رونے والا۔ مَاءٌ قَدِعٌ : پانی جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کھاری ہونے کی وجہ سے پانہ جاسکے۔
اِمْرَأَةٌ قَدِعَةٌ وَقَدُوْعٌ۔ شرمیلی کم بولنے والی عورت۔
القَدَع۔ بزدلی۔ کثرتِ گریہ سے نگاہ کی کمزوری۔
القِدْعَة۔ چھوٹا سینہ بند۔ انگیا۔
القَدُوْع۔ کسی چیز پر گرنے والا۔ ذلیل۔
المُقَدَّع۔ جھری دار۔
المِقْدَعَة۔ مور چھل۔ مکھی ہانکنے کی چوری۔ لاٹھی جس سے ہانکا جائے۔
قَدَفَ (ن) قَذْفًا۔ المَاءَ: چلولینا۔ گرانا۔
القُدَاف۔ مٹی کا گھڑا۔ بڑا پیالہ۔
القَنْدَفِيْل و القَنْدَوِيْل۔ بڑے سر والا۔
قَدَمَ (ن) قَدْمًا و قُدُوْمًا۔ القَوْمَ: قوم سے سابق ہونا۔
قَدِمَ (س) قَدْمًا و مَقْدَمًا و قَدَمَانًا الْمَدِيْنَةَ: شہر میں آنا ـــــ مِنْ سَفَرِهٖ: سفر سے واپس ہونا ـــــ اِلَى الْاَمْرِ: قصد کرنا۔
قَدَمَ (ن) و قَدِمَ (س) قَدْمًا و قُدْمًا و قُدُوْمًا وَاَقْدَمَ عَلَى قِرْنِهٖ: جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ قَدِمَ وَاَقْدَمَ عَلَى الْاَمْرِ: بہادری کرنا۔ قَدِمَ وَاَقْدَمَ عَلَى الْعَيْبِ: عیب پر راضی ہونا۔ اَقْدَمَ يَمِيْنًا: قسم کھانا۔ اَقْدَمَ فُلَانًا: آگے بڑھانا۔ اَقْدَمَهُ الْبَلَدَ: شہر کے آنے پر برانگیختہ کرنا۔
قَدُمَ (ک) قِدَمًا و قَدَامَةً: پرانا ہونا۔ حدث کا ضد ہے۔ صفت قَدِيْم و قُدَام۔
قَدَّمَ الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا۔ قَدَّمَهُ: آگے کرنا۔ قَدَّمَ يَمِيْنًا: قسم کھانا ـــــ بَيْنَ يَدَيْهِ: آگے بڑھنا ـــــ اِلَيْهِ بِكَذَا: حکم دینا ـــــ قَدَّمَهُ اِلَى الْاِنَائِطِ: قریب کرنا۔
تقادم۔ بمعنی قِدَم: پرانا ہونا۔
تَقَدَّمَ۔ آگے بڑھنا۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ مقدم ہونا ـــــ الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا ـــــ اِلَيْهِ بِكَذَا: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَقَدَّمُ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْهِ" فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔
اِقْتَدَمَ۔ بمعنی تَقَدَّمَ۔ آگے بڑھنا۔
اِسْتَقْدَمَ۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا ـــــ الرَّجُلَ: آنے کو کہنا ـــــ الْقَوْمَ: آگے کو بڑھ جانا۔
القَدَم۔ خاندانی شرافت۔ سرخ کپڑا۔
القِدْم۔ پرانا زمانہ۔ کہا جاتا ہے كَانَ كَذَا اِقْدَامًا" یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔
القِدَم۔ حدوث کا ضد۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ قِدَمٌ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت ہے۔
القَدَم۔ پاؤں (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہے) ج اقدام و قُدام اور تصغیر قُدَيْمَة۔
القَدَم۔ آگے بڑھنا۔ اولیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ فِيْ كَذَا قَدَمُ صِدْقٍ او قَدَمُ سُوْءٍ" یعنی فلاں کیلئے اس معاملہ میں اچھی اولیت یا بری اولیت ہے۔ و "لِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ" یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ و "وَضَعَ قَدَمَهٗ فِي الْعَمَلِ" یعنی شروع کر دیا "جَعَلَ دِمَاءَهُمْ تَحْتَ قَدَمَيْهِ" ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا "و اجْعَلْ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمِكَ" اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو۔ یعنی معاف کر دو۔ و القَدَمُ فِي الْقِيَاسِ: پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔
القَدَم: بہادر (مذکر و مؤنث مفرد جمع) کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَدَمٌ اِمْرَأَةٌ قَدَمٌ و رِجَالٌ قَدَمٌ و نِسَاءٌ قَدَمٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔
القَدِم: بہت اقدام کرنے والا، سخت سنگستان۔
القُدُم و القُدُم۔ دلیر۔ القُدُم: آگے گزرنے والا، کہا جاتا ہے "مَضٰى قُدُمًا" وہ سیدھا گیا، ادھر اُدھر نہیں مڑا، مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔
القُدْمَة۔ دلیری۔ معاملہ میں اولیت۔
القُدْمِيَّة۔ مغرورانہ چال۔
القَدُوْم۔ دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔ ج قُدُم
القَدُوْم۔ کلہاڑا۔ مؤنث ہے ج قُدُوم و قَدَائِم (اور قُدُّوْم ضعیف لغت ہے۔)
التَّقْدِمَة۔ مص۔ قَدَّمَ کا ہدیہ۔ ج تَقَادِم۔
القَادِم۔ فا۔ ج قُدُوْم و قُدَّام و قَادِمُوْن۔ قَادِمُ الْاِنْسَانِ: انسان کا سر۔ ج قَوَادِم۔ قَادِمُ الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ العَامُ القَادِم۔ آئندہ سال
القَادِمُ مِنَ الْاَظْبَاءِ وَالضُّرُوْعِ: اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی باکھ۔
القَادِمَة۔ مؤنث قادم۔ لشکر۔ القَادِمَة: بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں ج قَوَادِم و قُدَامٰی اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو قوادم کے نیچے ہوتے ہیں۔ و قَادِمَةُ الرَّجُلِ۔ کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج قَوَادِم و قَادِمَةُ الْعَسْكَرِ: فوج کا اگلا دستہ۔
القَدِيْم و القُدَام۔ پرانا۔ ج قُدَماء و قُدَامٰی و قَدَائِم مؤنث قَدِيْمَة ج قَدِيْمَات و قَدَائِم۔
القُدَامٰی: فوج کا اگلا دستہ۔
قُدَّام۔ آگے۔ مؤنث ہے اور اس کی تصغیر قُدَيْدِيْمَة اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَيْدِيْم آتی ہے۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ قُدَّام ذَاكَ او قُدَيْدِيْمَةَ ذَاكَ یعنی میں نے اس سے اس کے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔
القُدَّام و القَدَّام و القِدِّيْم۔ شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔ سردار۔ بادشاہ
القُدَّام: قصائی۔
القَدَمَةُ مِنَ الْغَنَمِ: چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔ سخت سنگستان۔
القَيْدُوْم و القَيْدَام اگلا حصہ۔
قَيْدُوْمُ الْجَبَلِ: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔
الْاَقْدَم۔ اسم تفضیل۔ شیر۔
المَقْدَم۔ آنے کا وقت۔
المُقْدِم و المُقَدَّم۔ مِنَ الْعَيْنِ: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ ـــــ مِنَ الْوَجْهِ: چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو ـــــ مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ ج مَقَادِيم۔
المُقَدِّمَة و المُقَدَّمَة مِنَ الْجَيْشِ: فوج کا اگلا دستہ۔ ہراول ـــــ مِنَ الْكِتَابِ: دیباچہ
و المُقَدَّمَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا شروع۔ پیشانی، پیشانی کے بال۔ موقوف علیہ چاہے عقلی ہو یا عادی یا وضعی۔
المِقْدَام و المِقْدَامَة۔ بہت پیش قدمی کرنے والا۔ تامبالغہ کے لیے ہے ج مَقَادِيم۔ کہا جاتا ہے هُوَ يَمْشِيْ الْقُدُمِيَّةَ و الْيَقْدُمِيَّةَ و التَّقْدُمِيَّةَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جبکہ میدانِ جنگ میں چلے اور دشمن پر حملہ کرنے میں پیش قدمی کرنے والا ہو یا جب کہ مکارم و فضائل میں سبقت کرے اور اس کی تقدیریوں ہے کہ "مَشَی المشیة المَنْسُوبَةَ اِلٰی قَوْلِ النَّاسِ یَقْدُمُ وتَقْدُم."

القُدْمُوس والقِدْمَاس: پرانا- کہا جاتا ہے "بعزٍّ وحَسَبٍ قُدْمُوسٌ وقِدْمَاسٌ" خاندانی عزت-

القُدْمُوس والقُدْمُوسَة- بڑی چٹان- القُدْمُوس والقُداميس- سخت- القُدْمُوس: ہراوّل- لشکر کا اگلا حصہ ج قَدَامِيس- حَبَيْشٌ قَدْموس بڑا- القُدْمُوسَة: بڑے ڈیل ڈول کی عورت-

القَدْنُ- کافی- کہا جاتا ہے "قَدْنُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ" زید کیلئے ایک درہم کافی ہے-

قَدَا يَقْدُو قَدْوًا- قریب ہونا- سفر سے واپس ہونا ـــــ بِهِ فَرَسُهُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا-

قَدَا يَقْدُو وقَدُوَ او قَدِيَ يَقْدَى قَدًى وقَدَاةً وقَدَاوَةً- الطَّعَامُ: کھانے کا مزیدار و خوشبودار ہونا- صفت قَدٍ و قَدِيٍ تم کہتے ہو "شَمِمْتُ قَدَاةَ القِدْرِ" ہانڈی کی خوشبو کو میں نے سونگھا-

اَقْدَى اِقْدَاءً- خیر اور اُمور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا' بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا ـــــ مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس آنا-

المِسْكُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا-

تَقَدَّى تَقَدِّيًا- عَلٰى دَابَّتِهٖ: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ میں چلنا ـــــ تَقَدَّتِ الدَّابَّةُ بُرا کھا چوپایہ پر سوار ہو کر وسطہ راستہ پر لے جانا-

اِقْتَدٰى اِقْتِدَاءً بِفُلَانٍ فِيْ كَذَا: پیروی کرنا-

القَدَاء- مص- خوشبو-

القِدْو- جڑ جس سے شاخیں نکلیں-

القَدْوَى: استقامت- پائیداری-

القِدَة والقَدْوَة والقِدْوَة والقُدْوَة والقِدْيَة- پیشوا- اُسوہ- جیسے "لِيْ بِكَ قُدْوَةٌ" میرے لیے تمہارے اندر اسوہ ہے- کہا جاتا ہے "مَا اَقْدٰى طَعَامَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار و خوشبودار ہے-

قَدَى يَقْدِيْ قَدْيًا الطَّعَامُ: بمعنی قَدَا يَقْدُوْ" مزیدار و خوشبودار ہونا- اور کہا جاتا ہے "قَدَتْ قَادِيَةٌ" قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا ( ـــــ قَدَيَانًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا-

قَادَى مُقَادَاةً- الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا-

تَقَدَّى- ناز سے چلنا-

القِدَة- ایک قسم کا سانپ ج قِدَات- القِدَة: پیشوا-

القَدَى والقِدَى- مقدار- اندازہ- کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قَدَى رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے-

القِدْيَة- قَدَى کا اسم نوع- روش- طریقہ- سیرۃ- کہا جاتا ہے "خُذْ فِيْ هِدْيَتِكَ وقِدْيَتِكَ" اپنی روش و طریقہ پر لو-

القَادِيَة- دیہات سے آنے والی قحط زدہ قوم ج قَوَادٍ-

المُتَقَدِّي- فاشیر-

القَدِيَّة- ہدیہ-

قَذَّ (ن) قَذًّا- الرِّيْشَ: تیر کے پَر کے اطراف کا کاٹنا اور ہموار کرنا ـــــ الرَّجُلُ: گدی پر مارنا- ـــــ الحَجَرَ وكُلَّ غَلِيْظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا ( ـــــ وقَذَّذَ) الشَّعْرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا- قَذَّ واَقَذَّ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا-

تَقَذَّذَ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا-

القُذَّة- تغیر کا پَر- القُذَّة: گھوڑے اور انسان کا کان- ج قُذَذ و قِذاذ- پسو- ج قِذَّان و قُذَذ-

القُذَاذَة- پر کا تراشہ- سونے وغیرہ کا ریزہ ج قُذَاذَات- کہا جاتا ہے "اِنَّ لِيْ قُذَاذَات و جُذَاذَاتٍ" قُذَاذَات سونے کے ٹکڑے- اور جُذَاذَات چاندی کے- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَدَعُ شَاذَّةً ولَا قَاذَّةً" یعنی وہ دلاور جس کو دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے-

سَهْمٌ اَقَذُّ- پَر دار تیر- بے پَر کا تیر ج قُذٌّ قِذاذ- کہا جاتا ہے "مَالَهٗ اَقَذٌّ ولَا مَرِيْشٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں-

القُذَّان- بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی کی سفیدی- پرندہ کے بازو کا سفید-

المَقَذَّة- گدی- سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف- سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف-

المِقَذَّة والمِقَذَّة- تراشنے کا آلہ-

المُقَذَّذ والمَقْذُوْذ- بال تراش کر ہموار کیا ہوا- ہر چیز ہموار اور لطیف- آراستہ و پیراستہ-

المُقَذَّذَة والمَقْذُوْذَة- گول کان-

تَقَذْقَذَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ـــــ فِي الرَّكِيَّةِ: کنوئیں میں گرنا اور مرنا ـــــ الرَّجُلُ: خود رائے ہونا-

قَاذَحَهٗ مُقَاذَحَةً- گالی گلوچ کرنا-

تَقَذَّحَ لِفُلَانٍ بِالشَّرِّ: شرارت کرنا-

قَذَرَ (ن) وقَذُرَ (ک) وقَذِرَ (س) قَذَرًا وقَذَارَةً- گندا ہونا- میلا ہونا- صفت قَذْرٌ وقَذِرٌ وقَذُرٌ وقَذَرٌ-

قَذَرَ (ن) قَذْرًا وقَذِرَ (س) قَذَرًا وقَذَّرَ الشَّيْءَ: گندا کرنا- قَذِرَ الشَّيْءَ: مکروہ جاننا- پرہیز کرنا- گندا سمجھنا-

اَقْذَرَهٗ- گندا پانا ـــــ اَقْذَرَ فُلَانًا: تنگ دل کرنا- بہت بولنا-

تَقَذَّرَ الشَّيْءَ مِنْهُ: میل کچیل کی وجہ سے مکروہ سمجھنا-

القَذَر- مص- میل کچیل اور کبھی پائخانہ کے لئے بولا جاتا ہے ج اَقْذَاء اور مَقَاذِر خلافِ قیاس-

القَاذُوْرَة- بدی- فاحشہ ج قَاذُوْرَات-

القَاذُوْرَة والقُذُوْر والقَاذُوْر وذُوْقَاذُوْرَة- جو بد خلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے' جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے-

القَذُور مِنَ النِّسَاءِ: مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی- شک و شبہ سے دُور-

رَجُلٌ قُذَرَة- ملامت سے دُور مرد-

رَجُلٌ مُقَذَّرٌ- مرد جس سے لوگ پرہیز کریں-

المَقَاذِر- گندگیاں-

المُقَذِّر- فواحش کا ارتکاب کرنے والا- ج مُقَذِّرُوْن-

القُذُرُوف- عیب- ج قَذَارِيف-

قَذَعَهٗ (ف) قَذْعًا- گالی دینا- بیہودہ بکنا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَقْذَعَ۔ فُلَانًا: گالی دینا ـــــ لِفُلَانٍ: سخت سُست کہنا ـــــ القَوْلَ: بُرا کہنا۔
الرَّجُلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا۔
قَاذَعَهٗ۔ گالی گلوچ کرنا۔
قَذَّعَ۔ ثَوْبَه: کپڑے کو گندا کرنا۔ میلا کچیلا کرنا۔
تَقَذَّعَ۔ لَهٗ بِالشَّرِّ: تیاری کرنا ـــــ الرَّجُلُ: ناپسند کرنا۔
القَذَعُ۔ گندا۔ بے حیائی و فحش۔
القَذِعُ۔ گندگی والا۔ بے حیا۔ فحش کا ارتکاب کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالمُقْذِعَاتِ او المُقَذِّعَات" اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔
القُذْعُل۔ بے قدر۔ ذلیل۔
القُذَعْمِل۔ موٹا اُونٹ۔ القُذَعْمِيْل: بہت بوڑھا۔
القُذَعْمِلَة۔ پست قامت۔ خسیس عورت اور کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ قُذَعْمِلَة" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِي السَّمَاءِ قُذَعْمِلَة" آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں۔
قَذَفَ (ض) قَذْفًا۔ تے کرنا ـــــ المَلَّاحُ: چپو سے کشتی چلانا۔ قَذَفَ بِقَوْلِهٖ: بغیر سمجھے بوجھے بک دینا ـــــ الحَجَرَ و بِالحَجَرِ: پتھر پھینکنا۔ قَذَفَهٗ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ بَيْنَ حَاذِفٍ وَقَاذِفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں ( ـــــ واسْتَقْذَفَ) فُلَانًا بِالحَجَرِ: پتھر مارنا ـــــ الرَّجُلُ: تہمت لگانا۔
قَاذَفَهٗ۔ ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا۔
تَقَاذَفَ المَاءُ: پانی کا تیز بہنا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑانا ـــــ القَوْمُ: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ تَقَاذَفُوْا بِالحِجَارَةِ: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔ تَقَاذَفَتْ بِهِ الامواجُ: تھپیڑے مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَقَاذَفَتْ بِهِ الاَبْوَابُ" دروازوں نے دھکا دیا۔ یعنی کوئی شخص کسی دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لیے مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا۔
اِنْقَذَفَ۔ پھینکا جانا۔
القُذْف و القَذَف۔ القُذُف۔ جانب۔ گوشہ۔
القُذُف و القَذَف۔ پھسلن کی جگہ۔
القُذُف و القَذَف و القُذُوف و القَذِيف۔ دُور۔ کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ اوتِيَةٌ قَذَفٌ وقُذُف" دُور کا بیابان۔ "بِلْدَةٌ قَذُوْفٌ" دُور دراز کا شہر "قَوْسٌ قَذُوْفٌ" تیر کو دُور پھینکنے والی کمان۔
نَاقَةٌ قَاذِفٌ و قِذَافٌ و قُذُوْفٌ و قَذُوْفٌ۔ تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔
القُذْفَة۔ جانب۔ گوشہ۔ کنگرہ۔ پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِذَافٌ و قُذَفٌ و قُذُفٌ و قُذْفَان۔
اَقْذَافُ القَصْرِ: محل کے کنگرے۔
القَذِيْفَة و القِذَاف۔ ہر وہ چیز جو پھینکی جائے۔ ج قَذَائِف اور اسی سے ہے قَذَائِفُ المَدَافِع: توپ کے گولے۔ القِذَاف: تیز روی۔
القَذَّاف۔ تھوڑا پانی۔
القَذَّاف۔ اسم مبالغہ۔ سواری۔ ترازو۔ گوپھن۔
منجنیق۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دُور تک پھینکا جائے۔
المُقَذَّف۔ لعنت کیا ہوا۔ پُر گوشت۔ کہا جاتا ہے "فَارِسٌ مُقَذَّفٌ" جنگ آزمودہ شہ سوار۔
المِقْذَف۔ چپو۔ ج مَقَاذِف' المَقَاذِف: ہلاکتیں۔
المِقْذَاف۔ چپو۔ ج مَقَاذِيْف۔
فَرَسٌ مُتَقَاذِفٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ سَيْرٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز چال۔
القِذِفّٰى۔ سنگ اندازی۔ دشنام دہی۔
قَذَلَهٗ (ن) قَذْلًا۔ گدی پر مارنا۔ عیب لگانا۔ پیچھا کرنا۔ قَذَلَ فُلَانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا ـــــ فِي الاَمْرِ: کوشش کرنا۔
القَذَل۔ عیب۔
القَذَال۔ گدی۔ سر کا پچھلا حصہ۔ ج قُذُلٌ و اَقْذِلَةٌ۔
قَذِمَ (ن) قَذْمًا۔ لَهٗ مِنَ المَالِ: مال یکبارگی دینا۔
قَذِمَ (س) قَذَمًا المَاءَ: پانی کا گھونٹ لینا۔
اِنْقَذَمَ۔ تیز دوڑنا۔
القُذْمَة۔ پانی کا گھونٹ۔
القُذْم و القَذَم۔ بہت دینے والا سردار۔
القِذَم و القُذَام مِنَ الآبَارِ: بہت پانی والا کنواں۔
بِئْرٌ قَذُوْمٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج قُذُم۔
القَذِيْمَة۔ مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے۔ ج قَذَائِم۔
القُذُمُوْر۔ چاندی کا دسترخوان۔
القُذَامِل۔ چوڑا۔ کشادہ۔
اَقْذَنَ۔ الرَّجُلُ: بہت عیب دار ہونا۔
قَذِيَ يَقْذَى قَذًى وقَذْيًا و قَذْيَانًا و قَذْيًا۔ آنکھ میں تنکا پڑنا۔ آنکھ کی صفت (قَذِيَةٌ و قَذِيَّةٌ و مِقْذِيَةٌ)
ـــــ الشَّرَابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا۔
قَذَى يَقْذِيْ قَذْيًا و قَذًى و قُذْيًا و قُذْيَانًا۔ آنکھ کا کچرا نکالنا۔ کہا جاتا ہے قَذَتْ قَاذِيَةٌ لوگوں کی جماعت آئی۔
اَقْذَى عَيْنَهٗ: آنکھ میں خس و خاشاک ڈالنا۔
قَذَّى عَيْنَهٗ: آنکھ سے خس و خاشاک نکالنا۔
قَاذَى مُقَاذَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔
اِقْذَى۔ الطَّائِرُ: سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا۔
القَذَى۔ تنکا۔ خس و خاشاک۔ محاورہ ہے۔ "فُلَانٌ يُغْضِي عَلَى القَذَى" یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے اور شکایت نہیں کرتا۔ "صار الاَمْرُ قذى فِي عينه" یعنی معاملہ نے اس کو تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالہ کی کوشش کی۔ اور امثالِ عرب میں سے ہے يُبْصِرُ اَحَدُكُمُ القَذَى فِي عَيْنِ اَخِيْهِ وَيُعْمِي عَنِ الجِذْعِ فِي عَيْنِهٖ: دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا۔ یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے۔
القَذَاة۔ تنکا۔ خس و خاشاک۔
القَوَاذِي۔ جمع ہے قَاذِيَةٌ کی۔ قَاذِيَةٌ لوگوں کی جماعت جو اوّل تمہارے پاس آئے۔
القِذْيُ۔ باریک خاک۔ ج قُذِيٌّ و اَقْذَاء۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَذِي العَيْنِ: وہ شخص جس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو۔
الأقْذَاء۔ معمولی درجہ کے لوگ۔
قَرَّ (س ن ض) قَرًّا۔ الیَوْمُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔
(قَرَّ (ن ض) قَرًّا) القِدْرَ: ہانڈی میں ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ ـــــ عَلَيْهِ المَاءَ: ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَّ الكَلَامُ فِيْ أُذُنِيْهِ" کان سے منہ لگا کر بات کی۔
قَرِتَ (ن) قَرِيْرًا۔ الحَيَّةُ: سانپ کا پھنکارنا۔ (ـــــ قَرًا وقَرِيْرًا) الدَجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑاہٹ کا بند ہونا۔
قَرِتَ (س ض) قَرَةً وقَرَّةً وقُرُوْرَةً عَيْنُهُ: خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔ شخص کی صفت قَرِيْرٌ اور آنکھ کی صفت قَرِيْرَة۔
قَرَّ (س ض) قَرَارًا وقُرُوْرًا وقَرًّا وتَقْرَارًا وتَقِرَّةً۔ فِي المَكَانِ او عَلَى الأَمْرِ: قرار پکڑنا۔ ثابت رہنا۔ ٹھہرنا۔
قُرَّ قَرًّا او قِرًّا۔ سردی زدہ ہونا۔
قَرَّرَهُ۔ بِالأَمْرِ: اقرار کرانا ـــــ هُ عَلَى الحَقِ: حق منوانا ـــــ هُ فِي المَكَانِ او عَلَى العَمَلِ: ٹھہرانا۔ باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے قَرَرْتُ عِنْدَهُ الخَبَرَ۔ حَتّٰى اِسْتَقَرَّ یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا۔
قَارَّ مُقَارَّةً الرَجُلُ: موافقت کرنا۔ قَارَّ فِي الصَلَاةِ: سکون اختیار کرنا۔ حرکت وغیرہ نہ کرنا۔
أَقَرَّا قُرَارًا۔ فُلَانًا فِي المَكَانِ: ٹھہرانا ـــــ العَامِلَ عَلَى العَمَلِ: کام پر باقی رکھنا ـــــ بِالحَقِ: مان لینا۔ اقرار کرنا ـــــ الكَلَامَ لَهُ: بیان کرنا۔
ـــــ الطَائِرُ فِيْ عُشِّهِ: پرندہ کو گھونسلے میں باقی رکھنا ـــــ اللّٰهُ عَيْنَهُ ولعَيْنِهِ: آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا۔
ـــــ الرَجُلُ: ٹھہرنا۔ تابعدار ہونا۔ ٹھنڈک میں داخل ہونا ـــــ اللّٰهُ الرَجُلَ: سردی پہنچانا۔ سردی زدہ کو خلافِ قیاس مَقْرُوْر کہتے ہیں اور مُقَرّ نہیں کہا جاتا ـــــ القِدْرَ: ہانڈی سے چمٹی ہوئی چیز کو اُتارنا۔ أَقَرَّتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا حمل ٹھہرنا۔ صفت مُقِرّ۔

تَقَرَّرَ۔ ثابت ہونا۔ تَقَرَّرَ القُرَّةَ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا۔
تَقَارَّ۔ فِي المَكَانِ: ٹھہرنا اور ثابت رہنا۔
اِقْتَرَّ۔ فُلَانًا فِي العَمَلِ و عَلَيْهِ: باقی رکھنا۔ الرَجُلُ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو سالن بنانا۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا۔
اِقْتَرَّتِ وتَقَرَّرَتِ الابل: آسودہ ہونا۔ بہت موٹا ہونا۔
اِسْتَقَرَّ۔ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا۔ ثابت رہنا۔
القَرّ۔ مصـ مردوں کی سواری جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے اور کہا گیا ہے کہ ہودج کو کہتے ہیں۔ قَرُّ الثَوْبِ: کپڑے کی تہ۔ يَوْمُ القَرِّ: ماہِ ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ کہ اس روز حاجی منیٰ میں ٹھہرتے ہیں۔ يَوْمٌ قَرٌ: ٹھنڈا دن لَيْلَةٌ قَرَّةٌ وقَرَّةٌ: ٹھنڈی رات۔ القَرَّتَان: صبح شام۔
القُرّ۔ ٹھنڈک۔ کسی جگہ میں قرار۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ اور اسی سے ہے "وقعتَ بِقُرِّكَ" یعنی جس چیز کے تم خواہش مند اور امیدوار تھے اس کو تم نے پالیا۔ مثلاً طالبِ قصاص سے جبکہ وہ قصاص لے لے تو کہا جاتا ہے۔
القُرُّ: ایک لمبا سا کیڑا جو پانی کی سطح پر چلتا رہتا ہے اور اس سے قُرْ قُرْ کی آواز نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔
القَرَارِيُّ۔ درزی۔ قصائی۔ شہری جو کسی کا احسان نہ لے اور ہر پیشہ ور۔
القَرَار والقَرَارَة۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الأَمْرُ إِلَى قَرَارِهِ" یعنی انتہا کو پہنچ گیا۔ القَرَار: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھہرے۔ أَهْلُ القَرَارِ: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں۔ بخلاف اہل بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دَارُ القَرَارِ: دارِ آخرۃ۔ القَرَارَة: پستہ قد گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔
القِرَّة۔ قَرَّ کا اسم نوع۔ ٹھنڈک۔ عرب کے امثال میں سے ہے "جِرَّةٌ عَلَى قِرَّةٍ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔
القُرَّة۔ او قُرَّةُ العَيْنِ: ایک قسم کی گھاس جو پانی کے پینے کی جگہ میں ہوتی ہے اور یہ جرجیر کے علاوہ ہے اس لیے کہ جرجیر کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُرَّةُ عَيْنِيْ" وہ میری آنکھوں کے لیے ٹھنڈک ہے۔ "أَبُوْ قُرَّةَ" گرگٹ کی کنیت۔ اس لیے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔
القَرُّو القِرُّو القُرَّة۔ مینڈک۔
القُرَّة والقُرَزَة والقُرَزَة والقَرَارَة ہانڈی کی تلی میں جو لوگ جائے۔ ہانڈی کی کھرچن۔
القُرَّى۔ متحی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہوئے۔
القَرَزَة والقِرَارَة والقَرَازَة والقُرَارَة والقُرُوْرَة۔ پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔
القَرُوْر۔ ٹھنڈا پانی۔
القَارُوْرَة۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ تر یا خشک کھجوروں کا برتن۔ شراب کا برتن۔ ج قَوَارِيْر۔
القَرْار والقَرَارَة۔ ثبوت۔ سکون۔
القَارَّ۔ فا ـــــ يَوْمٌ قَارٌ: ٹھنڈا دن۔
القَارَّة۔ مؤنث۔ قَارٌ۔ عَيْنٌ قَارَّة: ٹھنڈی آنکھ۔ کنایہ ہے مسرور ہونے سے۔
الأَقَرّ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "أَيُّ الأَيَّامِ أَقَرّ" کون سا دن ٹھنڈا ہے۔
المَقَرّ۔ ٹھہرنے کی جگہ ج مَقَارّ۔ مَقَرُّ البِئْرِ: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔
المَقَرَّة۔ پانی کا حوض۔ گڑھا۔
المِقْرُوْر۔ ٹھنڈا۔ سردی زدہ۔
قَرَأَ (ف ن) قَرْأً وقِرَاءَةً و قُرْآنًا واقْتَرَأَ الكِتَابَ: پڑھنا۔ قَرَأَ (ف ن) قِرَاءَةً۔ عَلَيْهِ السَلَامَ۔ سلام پہنچانا۔ اور امر کی صورت میں "اِقْرَأْ عَلَيْهِ السَلَام" کہا جاتا ہے۔ اور اس کا تعدیہ بنفسہ غلط ہے اس لیے اِقْرَاهُ السَلَامَ نہیں کہنا چاہیے (ـــــ قَرْأً و قُرْآنًا) الشَيَ: جمع کرنا اکٹھا کرنا ـــــ النَاقَةُ: اُونٹنی کا حاملہ ہونا ـــــ الحَامِلُ: حاملہ کا جننا۔
قَارَأَهُ قِرَاءَةً و مُقَارَأَةً۔ شریک درس ہونا۔
أَقْرَأَهُ اِقْرَاءً۔ الرَجُلَ: پڑھانا ـــــ هُ السَلَام: سلام پہنچانا۔ أَقْرَأَ مِنَ السَفَرِ: سفر سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



واپس ہونا ـــــ الأَمْرُ : قریب ہونا ـــــ عَنْهُ : پھرنا۔

ـــــ النَّجْمُ : ستارہ کا غروب ہونا ـــــ الرَّجُلُ : عبادت کرنا ـــــ الحَاجَةَ : ضرورت کو مؤخر کرنا۔ اَقْرَبُ الرِّيَاحِ : ہوا کا وقت پر چلنا ـــــ زیادہ پیچھے ہٹنا ـــــ الحَاجَةُ : حاجت کا مؤخر ہونا۔

تَقَرَّأَ۔ عبادت کرنا' فقیہ ہونا' عالم ہونا۔

اِسْتَقْرَأَ۔ اِسْتِقْرَاءً۔ فُلَانًا : پڑھنے کے لیے کہنا ـــــ الأُمُوْرَ : معرفت احوال کے لیے تتبع وتلاش کرنا۔

القِرَاءَة۔ مص۔ پڑھنے کی کیفیت ج قِرَاءَات۔

القَرْء۔ وقت۔ قافیہ۔ ج اَقْرَاءٌ وقُرُوْءٌ واَقْرُءٌ

اَقْرَاءُ الشِّعْرِ : شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔

القِرَأَة۔ وبا۔

القُرْآن۔ کلام اللہ۔

القَارِئ۔ فا۔ عبادت گزار ج قُرَّاء وقَارِؤُن و قَرَأَةٌ۔

الأَقْرَأ۔ عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔ زیادہ پڑھنے والا۔

القَرَّاء۔ اچھا پڑھنے والا۔ ج قَرَّاؤُوْن۔

القُرَّاء۔ عبادت گزار ج قُرَّاؤُوْن وقَرَارِئ۔

المَقْرُوُّ والمَقْرِئ والمَقْرُوْء۔ جو چیز پڑھی جائے۔

المِقْرَأ۔ پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔ رحل وغیرہ۔

المُتَقَرِّي۔ عبادت گزار۔

القَرْءُ والقُرْءُ۔ حیض۔ طہر۔ وقت حیض۔ وقت طہر۔ ج اَقْرَأٌ وقُرُوْءٌ واَقْرُوْءٌ یا قَرْءٌ بمعنی طہر کی جمع قُرُوْءٌ اور قَرْءٌ بمعنی حیض کی جمع اَقْرَاءٌ۔

قَرِبَ (س) وقَرُبَ (ک) قُرْبًا وقُرْبَانًا وقِرْبَانًا۔ قریب ہونا قَرِبَهُ وقَرُبَ مِنْهُ وإِلَيْهِ : قریب ہونا۔

قَرِبَ (س) قَرْبًا۔ کوکھ کے درد والا ہونا۔

قَرَّبَ (ن) قَرْبًا۔ السَّيْفَ : تلوار کو میان میں داخل کرنا۔ میان بنانا۔ صفت قَارِب اور صفت مفعولی مَقْرُوْب۔

اَقْرَبُ الإِنَاءَ : برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔

اَقْرَبَتِ الحَامِلُ : حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔

ـــــ قِرَابًا : میان بنانا ـــــ الرَّاعِي الإِبِلَ : گھاٹ پر پہنچنے کے لیے رات کو لے کے چلنا۔ رَاعِی کو قَارِبٌ کہتے ہیں۔ مُقْرِبٌ نہیں۔ اور اُونٹوں کو قوارب کہتے ہیں مُقْرِبَة نہیں۔

قَرَّبَهُ۔ قریب کرنا ـــــ هُ الأَمِيْرُ : خاص لوگوں میں سے بنا لینا۔ قَرَّبَ القُرْبَانَ لِلّٰهِ : قربانی کرنا۔ قَرَّبَ فُلَانًا حَيَّاكَ اللّٰه وقَرَّبَ دَارَكَ : کہنا ـــــ الفَرَسَ : دلکی چلنا ـــــ الرَّجُلُ : کوکھ کے درد والا ہونا۔

قَارَبَهُ مُقَارَبَةً۔ قریب ہونا۔ خوش کلامی کرنا۔

قَارَبَ فِي الأَمْرِ : غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔

تَقَرَّبَ تَقَرُّبًا وتَقْرِبًا إِلَى اللّٰه بِالقُرْبَان : قربت ڈھونڈنا ـــــ الرَّجُلُ : کوکھ پر ہاتھ رکھنا اور کہا جاتا ہے "تَقَرَّبْ يَا رَجُلُ" یعنی جلدی کر اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے۔

تَقَارَبَا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

تَقَارَبَ الزَّرْعُ : کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔

تَقَارَبَهُ۔ قریب ہونا۔

اِقْتَرَبَ الوَعْدُ : قریب ہونا ـــــ الشَّيْئَان : ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

اِسْتَقْرَبَ الشَّيْءَ : قریب سمجھنا۔

القُرْب والقُرَاب۔ نزدیکی۔

القُرْب والقُرُب۔ کوکھ۔ ج اَقْرَاب۔

القَرَب۔ کنواں جس کا پانی قریب ہو ج اَقْرَاب ( ـــــ والقِرَابَة) گھاٹ پر پہنچنے کیلئے رات میں چلنا۔

القُرْبَةُ والقُرْبَة۔ نیک افعال۔ جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ ج قُرَب و قُرُبَات القُرْبَة : جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔

القِرْبَة۔ مشک ج قِرَب وقِرْبَات و قِرِبَات وقِرْبَات اور مثل ہے لَقِيْتُ مِنْه عرق القِرْبَة یعنی مجھے اس سے بہت زیادہ تکلیف ہوئی۔

القِرَاب۔ میان ج قُرُب واَقْرِبَةٌ۔

قِرَابُ الشَّيْءِ و قُرَابُه۔ اندازے میں برابر۔

القُرَابَ والقُرَابَة : قریب۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِشَبِيْهِكَ وَلَا بِقُرَابَتِهِ مِنْكَ" "نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔

القُرْبَى والقُرْبَة والقَرَابَة۔ رشتہ داری۔ اور کہا جاتا ہے "فِي الإِنَاءِ قُرْبَة" جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔

القُرْبَان۔ ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور۔ بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قَرَابِيْن۔

القَرْبَان مِنَ الآنِيَةِ۔ برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔ مؤنث قَرْبَى ج قِرَاب القَرْبَان۔ بادشاہ کا خاص ہم نشین۔

القَارِب۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی ج قَوَارِب۔

القَارِب۔ رات کو پانی پر پہنچنے والا۔

القَرِيْب۔ نزدیک۔ رشتہ دار ج اَقْرِبَاء وقُرَبَاء۔ مؤنث۔ قَرِيْبَة ج قَرَائِب۔ القَرِيْب : اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو گیتوں کے استعمال میں ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وَاقْرَبَى" "وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع مخالف قیاس ہے۔

الأَقْرَب۔ اسم تفضیل۔

اَقْرِبَاء الرَّجُلِ واَقَارِبُهُ و اَقْرَبُوْه۔ قریبی رشتہ دار۔

القُرَنْبَى۔ لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گھریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔

التَّقْرِيْب۔ مص۔ ایک قسم کی دوڑ۔

المُقْرَب۔ مفعول مِنَ الخَيْل : عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے گمان قریب پایا جائے۔ مؤنث۔ مُقْرَبَة۔

المَقْرَب والمَقْرَبَة۔ مختصر راستہ۔ المَقْرَب : رات میں چلنا۔

المُقْرِب۔ فا ـــــ مِنَ الخَوَاصِل : جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ ج مَقَارِب و مَقَارِيْب۔

المَقْرَبَة والمَقْرِبَة والمَقْرُبَة۔ رشتہ داری۔

المقارب۔ فا۔ جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔

المُقْرَب۔ مفعول مِنَ المَتَاع : سستا سامان۔

المُتَقَارِب۔ فا۔ ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔پستہ قد مرد۔

القَرْبُوْت والقَرْبُوْس۔ زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ج قَرَابِيْس۔

القُرْبَج والقُرْبَق۔ شراب فروش کی دُکان۔ القُرْبَق: سبزی فروش کی دُکان۔

القُرْبُز۔ حیلہ ساز۔

القَرْبَشُوش۔ گھر کا سامان۔

القُرَنْبَضَة۔ پست قد عورت۔

قَرِتَ(ن ض) قَرْتًا وقُرُوْتًا وقَرِتَ(س) قَرَتًا الدَّمُ: تہ بتہ خون خشک ہونا۔ زخم میں خون کا بگڑ جانا۔ مار کی وجہ سے بدھی پڑنا۔ قَرِتَت الظُّفْرُ: خون کا ناخن میں بگڑ جانا ـــــ (الرَّجُلُ) غم یا غصہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔

قَرَتَ(ن) قُرُوْتًا الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔

القَارِتُ والمُقْتِرت۔ جو چیز ملے اس کو کھانے والا۔ دَمٌ قَارِتٌ: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔

القَارِتُ والقَرَّات۔ عمدہ مشک۔

القَرَت۔ مص۔ برف۔

قَرِثَ(س) قَرَثًا الرَّجُلُ: محنت کرنا اور کمانا۔

قَرِثَهُ (ض) قَرْثًا الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ سخت ہونا۔

القِرِثْت۔ مچھلی کی ایک قسم۔

القَرْث۔ چھوٹا کوزہ۔

القَرْثَع۔ بے حیا عورت۔ بیوقوف عورت۔ شتر مرغ۔ شیر۔ ایک دریائی جانور کا نام ہے جس کے بدن پر غلاف ہوتا ہے۔ نالائق مرد۔ عورت جس نے ایک آنکھ میں سرمہ لگایا ہو۔

القَرْثَل۔ پستہ قد۔ مؤنث۔ قَرْثَلَة۔ چھوٹی پکھال۔

قَرَحَهُ(ف) قَرْحًا وقُرُوْحًا۔ زخمی کرنا۔ قَرَحَ وقَرَّحَ البِئْر: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا۔ قَرَحَهُ بِالْحَقِّ: حق سے پیش آنا۔ قَرَّحَ النَّبَاتُ: کونپل نکلنا ـــــ الأَرْضُ: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔

قَرِحَ (ف) قُرُوْحًا وقَرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔

قَرِحَت (ف) قُرُوْحًا وقَرَاحًا۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔ صفت قَارِح۔

قَرِحَ (س) قَرَحًا۔ پھوڑوں والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِحَ قَلْبُهُ مِنَ الحُزْنِ" اس کا دل غم سے زخمی ہو گیا "قَرِحَتْ سِنُّ الصَّبِي" لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔

قَارَحَهُ مُقَارَحَةً۔ رو در رو ہونا۔

اَقْرَحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سالہ ہونا۔

اَقْرَحَهُ اللّٰهُ: آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔

تَقَرَّحَ لِلْأَمْرِ: تیاری کرنا ـــــ الجَسَدُ: پھوڑے والا ہونا۔

اِقْتَرَحَ الخُطْبَةَ: فی البدیہ خطبہ دینا ـــــ الأَمْرَ: بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا ـــــ الشَّيْءَ: بغیر سنے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا۔ چننا۔ اختیار کرنا ـــــ البَعِيْرَ: جس اُونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا ہو سوار ہونا ـــــ عَلَيْهِ كَذَا و بِكَذَا: سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا ـــــ عَلَيْهِ كَذَا: بنوانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَرَحَ عَلَيْهِ صَوْتَ كَذَا" اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی ـــــ البِئْرَ: جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا۔

القَرْح۔ مص۔ زخم۔ پھوڑا۔ سخت کھجلی جو اُونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے۔ ج قُرُوْح۔

القُرْح۔ ہر چیز کا اوّل۔ نئے کنوئیں کا پہلا پانی۔ مہینے کی ابتداء کی تین راتیں۔

القَرَح۔ مص۔ اُونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت۔

القَرْحَة والقُرْحَة۔ پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو۔ قَرْحَةُ الشِّتَاءِ او الرَّبِيْع: جاڑے یا بہار کی ابتداء۔ القُرْحَة فِي وَجْهِ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی۔ کہا جاتا ہے "قُرْحَة أَصْحَابِهِ" وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے۔

القَرِح۔ پھوڑوں والا۔

القَرَاح۔ خالص پانی۔ سب پانی اور درخت کی زمین۔ ج اَقْرِحَة۔

القَرْحَان۔ شیر۔

القُرْحَان۔ مِنَ الإِبِلِ: اُونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو ـــــ مِنَ النَّاسِ: وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو۔

القُرْحَان والقُرَاحِي۔ جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "أَنْتَ قُرْحَان وقَرَاحِيّ مِنَ الأَمْرِ: تم معاملہ سے علیحدہ ہو۔ صفت مؤنث۔ قُرَاحِيَّة القُرَاحِي: جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے۔

القُرَاحِيَتَان۔ دونوں کوکھ۔

القَارِح۔ فا۔ مِنْ ذِي الحَافِرِ: جس کے پورے دانت نکل آئے ہوں۔ ج قَوَارِح و قُرَّح و مُقَارِيح مؤنث۔ قَارِح وقَارِحَة ج قَارِحَات وقَوَارِح۔

القَارِح: شیر۔ کمان جو تانت سے دُور ہو۔ قَارِحُ الفَرَس: وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے۔

القَرِيْح۔ زخمی۔ ج قَرْحٰى وقَرَاحٰى۔ خالص پانی وغیرہ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو۔ قَرِيْحُ السَّحَابَةِ: بارش بوقت نزول۔

القُرَيْحَة۔ ہر چیز کا اوّل۔ کنوئیں کا پہلا پانی ـــــ مِنَ الإِنْسَانِ: طبیعت۔ قَرِيْحَةُ الشَّاعِرِ او الكَاتِبِ: ملکۂ راسخہ۔ ج قرائح۔

الأَقْرَح۔ اسم تفضیل۔ صبح۔ فَرَسٌ أَقْرَح: وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث۔ قَرْحَاء ج قُرُوْح۔

رَوْضَةٌ قَرْحَاء: سبزہ زار۔ سفید پھولوں والا باغ۔

المَقْرُوْح۔ مفع ـــــ مِنَ الطَّرْقِ: واضح راستہ۔ (ـــــ والمُقَرَّح) پھوڑوں والا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ مُقَارَحَةً" یعنی میں اس سے رو در رو ملا۔

القِرْجِيَاء۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔

القِرْوَاح۔ لمبے پاؤں کی اُونٹنی۔ ج قَرَاوِيح

القِرَوَاح: زمین مقابل آفتاب۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لیے خاص ہو۔

قَرِدَ (س) قَرَدًا۔ الأَدِيْمُ: ادھوڑی کا کرم خوردہ ہونا ـــــ الكُحْلُ فِي العَيْنِ: سرمہ کا پراگندہ ہونا ـــــ أَسْنَانُهُ: چھوٹا ہونا اور مسوڑھے سے ملنا ـــــ العِلْكُ: بدمزہ ہونا (ـــــ وتَقَرَّدَ) الشَّعْرُ: بالوں کا گھنگھریالے ہونا۔ ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَرِدَ وَاَقْرَدَ وَقَرَّدَ- درماندگی سے خاموش رہنا- زمین سے چمٹنا- قَرَّدَهٗ- دھوکا دینا- قَرَّدَ الْبَعِيْرَ : اُونٹ سے چیچڑی نکالنا- قَرَدَ وَاَقْرَدَ اِلَيْهِ : تابعدار ہونا اَقْرَدَ الْمُشْحِرُكُ : ساکن ہونا- اَقْرَدَ الْبَعِيْرُ : چیچڑی والا ہونا- ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو-

قَرَدَ (ض) قَرْدًا- الْمَالَ : جمع کرنا- کمائی کرنا ـــــ فِي السِّقَاءِ : مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا-

اَلْقَرْد- مص- پستہ قد- گردن-

اَلْقُرْد وَالْقُرَاد- چیچڑی واحد- قُرْدَةٌ وَقُرَادَةٌ ج قِرْدَان- اَلْقُرَاد : پستان کا سرا- کہا جاتا ہے "نَزَعْتُ قَرَادَ فُلَانٍ" یعنی میں نے اس کو فریب دیا-

اَلْقِرْد- بندر، لنگور ج اَقْرَاد وَاَقْرُد وَقُرُوْدٌ وَقِرَدَةٌ- مؤنث- اَلْقِرْدَة- ج قِرَد-

اَلْقَرَد- مص - اُون یا کتان کا ردی حصہ- پتی اُتاری ہوئی کھجور کی شاخ- واحد قَرَدَة-

اَلْقَرَدُ : زبان کا ہلکا پن- بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے-

اَلْقَرِد- مِنَ الْاِبِلِ : بہت چیچڑی والا اُونٹ- گھنگھور گھٹا- رَجُلٌ قَرِدُ الْفَمِ : ایسا شخص جس کے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں-

رَجُلٌ قَرُوْدٌ- ساکن مرد-

اَلْقَرَّاد- بندر والا-

قَرْدَحَ قَرْدَحَةً- اقرار کرلینا- تابع و فرمانبردار ہونا اور باستعمال عوام ہتھیار بنانا اور درست کرنا-

اَلْقِرْدَاحِي وَالْقِرْدَحِيُّ- ہتھیار بنانے اور درست کرنے والا-

اِقْرَنْدَحَ لَهٗ : جستجوئے گناہ کرنا-

اَلْقَرْدَحُ وَالْقُرْدُوْحُ- لنگور- بڑا بندر-

اَلْقَرْدَحَة وَالْقُرْدُوْحَة : نوجوان کے گلے کا ٹیٹوا-

اَلْمُقْرَنْدِح- فا- آمادۂ شرارت-

اَلْقَرْدَد- سخت اور بلند زمین ج قَرَادِد- کہا جاتا ہے "جَاءَ الْحَدِيْثُ عَلٰى قَرْدَدِهٖ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا-

اَلْقُرْدُوْد- سخت اور بلند زمین- ج قَرَادِيْد

اَلْقُرْدُوْد : انسان کی پیٹھ کا وسط-

اَلْقُرْدُوْدَة- سخت اور بلند زمین-

قُرْدُوْدَةُ الشِّتَاءِ : جاڑے کی شدت- قُرْدُوْدَةُ الظَّهْرِ : پیٹھ کا اعلیٰ حصہ-

اَلْقِرْدِيْدَة- کلام کی سختی- پیٹھ کے درمیان کا خط- مرد کا سر- پہاڑ کی چوٹی- ج قَرَادِيْد-

قَرْدَسَهٗ قَرْدَسَة- مضبوط باندھنا- قَرْدَسَ جِرْوَ الْكَلْبِ : کتے کے پلے کو بلانا-

اَلْقَرْدَسَة- مص- سختی- شدت-

اَلْقَرْدَعَة- خواری- ذلت-

اَلْقِرْدِعَة- گردن- کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِقِرْدِعَتِهٖ" اس نے اس کی گردن پکڑلی-

اَلْقُرْدُوْع- چھوٹی جوں-

اَلْقُرْدُوْعَة- پہاڑ کی دراڑ کا گوشہ-

اَلْقَرْدَع- نادان عورت-

قَرَزَهٗ (ن) قَرْزًا- کھرچنا- قَرَزَ التُّرَابَ وَنَحْوَهٗ : اُنگلیوں سے لینا-

اَلْقَرْز- مص- ٹیلہ- سخت زمین-

اَلْقُرْز- تیل کی شیشی-

اَلْقُرْزَة- ہر چیز کی ایک مٹھی-

اَلْقَرْزَحَة- پستہ قد عورت-

قَرْزَلَتِ الْمَرْاَةُ قَرْزَلَةً- بالوں کا جوڑا بنانا-

اَلْقُرْزُل- نالائق- کمینہ-

قَرْزَمَ الشَّاعِرُ شِعْرَهٗ : ردی شعر کہنا-

اَلْقِرْزَام- گھٹیا شاعر-

اَلْمُقَرْزَم- حقیر- لئیم- فرومایہ- رَجُلٌ مُقَرْزَم : گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد-

اَلْقُرْزُوْم- موچی یا موزہ بنانے والوں کا فرمہ-

قَرِسَ (ض) قَرَسًا- اَلْمَاءُ : پانی کا منجمد و سرد ہونا ـــــ اَلْبَرْدُ : تیز جاڑا ہونا ـــــ اَلْمَقْرُوْر : سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کرسکنا-

قَرِسَ (س) قَرَسًا- اَلْبَرْدُ : تیز جاڑا ہونا- اَلرَّجُلُ : ٹھٹھرنا-

اَقْرَسَ- اَلْعُوْدُ : لکڑی کی تری کا اس کے اندر رچ جانا- اَقْرَسَ الْبَرْدُ اَصَابِعَهٗ : سردی کا اُنگلیوں کو سن کردینا-

اَقْرَسَ وَقَرَّسَ- اَلْبَرْدُ فُلَانًا : ٹھٹھرا دینا- اَقْرَسَ وَقَرَّسَ الْمَاءُ : جمادینا-

اَلْقَرْس وَالْقَرَس وَالْقَرِيْس- سخت سردی- اَلْقَرَس وَالْقَرِيْس : جما ہوا- کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ الْمَاءُ قَرِيْسًا" پانی جم گیا-

اَلْقِرْس- چھوٹے مچھر-

اَلْقَارِس- فا- سخت سردی- شَيْءٌ قَارِسٌ وَقَرِيْسٌ : پرانی چیز-

اَلْقُرَاس وَالْقُرَاسِيَة : مِنَ الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا : موٹا و مضبوط- کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُلْكٌ قُرَاسِيَةٌ وَعِزٌّ قُرَاسِيَةٌ" ان کے لیے مضبوط مملکت اور پائیدار عزت ہے-

اَلْقَرَاسِيَا- ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے- صاد سے بھی لکھا جاتا ہے- دخیل-

اَلْقَرَسْطُوْن- روپیہ تولنے کا پیمانہ-

قَرَشَهٗ (ن ض) قَرْشًا- کاٹنا- قَرَشَ الْجَيْشُ بِالرِّمَاحِ : نیزہ مارنا ـــــ اَلشَّيْءَ : اِدھر اُدھر سے اکٹھا کرنا اور رہانا ـــــ مِنَ الطَّعَامِ : تھوڑا سا کھانا پانا ( ـــــ وَقَرَّشَ وَتَقَرَّشَ) لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا- وَقَرَّشَ بَيْنَهُمْ : برا نگیختہ کرنا- اُکسانا- چغل خوری کرنا-

قَرَّشَهٗ : قریش کی طرف منسوب کرنا-

اَقْرَشَ- بِهٖ : چغلی کھانا- عیوب ظاہر کرنا-

اَقْرَشَتْهُ الشَّجَّةُ : بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا-

تَقَرَّشَ- اَلْمَالَ : جمع کرنا ـــــ عَنِ السَّيِّئَاتِ : برائیوں سے پرہیز کرنا- بچنا ـــــ اَلشَّيْءَ : اوّل اوّل لینا ـــــ اَلشَّيْءَ : چمٹنا- تَقَرَّشَ الْقَوْمُ : قوم کا جمع ہونا- تَقَرَّشَتِ وَتَقَارَشَتِ الرِّمَاحُ : لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گھتنا- تَقَارَشَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس سے جھنکار پیدا ہونا-

اِقْتَرَشَ- لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا- اِقْتَرَشَتِ الرِّمَاحُ : لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گھتنا-

بِهٖ : چغلی کھانا- نقصان پہنچانے کے لیے کوشش کرنا-

اَلْقَرْش- جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے- ج قُرُوْش ـــــ قَرْشُ الشَّيْءِ : چیز کی آواز-

اَلْقِرْش- پیاسٹر- ایک ترکی سکہ مساوی ۰۲/ (دخیل)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القِرْش و القُرَيْش- ایک قسم کی مچھلی جس کو كَلْبُ البَحْر بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے-

قُرَيْش- عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت کے لئے قُرَشِيّ و قريشي-

رِمَاحٌ قَوَارِش- لڑائی میں گتھے ہوئے نیزے

جبنٌ قَرِيْشٌ : سخت خشک پنیر-

المُقَرَّشَة مِنَ السِنِيْن : سخت قحط کا سال-

قَرَصَ (ن) قَرْصًا لَحْمَهٗ : چٹکی لینا ـــــ ہ بِلِسَانِهٖ : تکلیف دہ کلمات کہنا ـــــ الغُوْبَ بِالْمَاءِ : اُنگلیوں کے پوروں سے دھونا ـــــ البَرْغُوْث : پسو کا کاٹنا ـــــ قَرَصَتْهُ الحَيَّةُ : سانپ کا ڈسنا- قَرَصَ وقَرَّصَ الشَّيْءَ : کاٹنا ـــــ العَجِيْنَ : گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا-

قَارَصَهٗ و مُقَارَصَةً- ایک دوسرے کو چٹکی لینا-

قَرِصَ (س) قَرَصًا- ہمیشہ غیبت کرنا اور تکلیف دہ کلمات بولنا-

القُرْص- روٹی کی ٹکیا- قُرْصُ الشَّمْسِ : آفتاب کا گرده- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ قُرْصُ الشَّمْسِ" آفتاب کی ٹکیہ غائب ہوگئی- ج اَقْرَاص و قِرَصَة و قِرَاص-

القُرْصَة- روٹی کی ٹکیہ- ج قُرَص-

القُرَيْص- کشتی کا لنگر-

القُرَّاص- ایک رُوئیں دار گھاس جس کے چھونے سے جلن ہوتی ہے- واحد قُرَّاصَة-

القُرَّاص : بابونہ اور کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قُرَّاصٌ" یعنی بہت سرخ-

لِجَامٌ قُرَّاص و قُرُوْص- وہ لگام جو جانور کو تکلیف دے-

القَارِص- فا- مچھر کی مانند ایک جانور-

القَارِصَة- قَارِص کا مؤنث- كَلِمَةٌ قَارِصَةٌ : تکلیف دہ کلمہ- ج قَوَارِص-

القُرُوْصَة- چرپراہٹ-

المِقْرَاص- ٹیڑھے سر کی چھری-

المُقَرَّص- مفم ـــــ مِنَ الحُلِيِّ وغَيْرِهَا : نگینہ کے مانند گول زیور-

القُرْصَان- بحری ڈاکو (دخیل)

القَرَاصِيَا- بمعنی قراسیا-

قَرْصَبَهٗ قَرْصَبَةً- کاٹنا-

القَرْصَد- وہ خوشہ جو دائیں کرنے کے بعد باقی رہ جائے-

قَرْصَعَ قَرْصَعَةً- سکڑنا- پوشیدہ ہونا- بخل کی وجہ سے تنہا کھانا- باریک لکھنا- اور سطروں کو قریب قریب کرنا ـــــ فِيْ بَيْتِهٖ : بیٹھنا اور سکڑنا ـــــ زَيْدٌ فِيْ ثِيَابِهٖ : لپیٹنا-

تَقَرْصَعَتِ المَرْأَة : بُری چال چلنا-

اِقْرَنْصَعَ الرَّجُلُ : کپڑوں میں لپٹنا- سکڑنا اور چھپنا-

القِرْصَعَنَّة- ایک خار دار درخت جس کو شوکۃ ابراھیم بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں ہیں- ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور کانٹے تیز ہوتے ہیں-

القِرْصَعَنَّة- ایک قسم کی ترکاری جس میں سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں-

تَقَرْصَفَ و اِقْرَنْصَفَ- جلدی کرنا-

المُقَرْنْصِف- جلدی کرنے والا- شیر-

القِرْصَافَة- پھرکی-

القُرْصُوْف- کاٹنے والا-

قَرْصَمَهٗ- کاٹنا- توڑنا-

قَرَضَهٗ (ض) قَرْضًا- بدلہ دینا- قرض دینا-

قَرَضَ الشِعْرَ : شعر کہنا ـــــ الوَادِي : وادی کو طے کرنا ـــــ هٗ : مقابلہ کرنا ـــــ قَرَضَ فِيْ سَيْرِهٖ : چلنے میں دائیں بائیں ہونا-

ـــــ المَكَانَ : علیحدہ ہونا- کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَه" یعنی مرگیا (ـــــ و قَرَّضَ) الشَّيْءَ : کاٹنا

قَرَضَ القَارُّ الثَّوْبَ : چوہے کا کپڑے کو کترنا-

قَرَّضَ فُلَانًا : مدح کرنا- مذمت کرنا-

قَرِضَ (س) قَرَضًا- مرنا-

قَارَضَهٗ قِرَاضًا و مُقَارَضَةً- بدلہ دینا- بُرائی کا بُرائی سے مقابلہ کرنا ـــــ هٗ فِي المَالِ : مضاربت کرنا-

اَقْرَضَهٗ- قرض دینا- اَقْرَضَ مِنْهُ : قرض لینا-

تَقَارَضَ الرَّجُلَان : ایک دوسرے کو بُرائی یا بھلائی کا بدلہ دینا- تَقَارَضَا الشِعْرَ : اپنے اپنے اشعار کا پڑھنا- تَقَارَضَا الثَّنَاءَ : ہر ایک کا دوسرے کی تعریف کرنا- کہا جاتا ہے "تَقَارَضَ القِرْنَانِ النَّظَرَ" یعنی ہر ایک نے دوسرے کو کڑی نگاہ سے دیکھا-

اِنْقَرَضَ- ختم ہونا- کٹنا ـــــ القَوْمُ : سب کا ہلاک ہوجانا اور کسی کا باقی نہ رہنا-

اِقْتَرَضَ- مِنْهُ : قرض لینا ـــــ عِرْضَهٗ : غیبت کرنا-

اِسْتَقْرَضَ مِنْهُ : قرض مانگنا-

القَرْض و القِرْض- اچھا یا برا عمل جو پیش کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت معینہ پر تم کو واپس کردے- ج قُرُوْض-

القُرَاضَة- کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے کے ذرات- کپڑے کی دھجی وغیرہ- قُرَاضَة المَال : ردی مال-

القَرِيْض- شاعری-

القَرِيْض- کاٹا ہوا- شعر جگال-

القَرَّاضَة- لوگوں کی غیبت کرنے والا- کیڑا جو اُون کو چاٹ جاتا ہے-

اِبْنُ مِقْرَض- نیولے کے مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے-

المِقْرَاض- قینچی- ایک پھل ہو جب تو "قَرَضْتُهٗ بِالمِقْرَاضِ" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قَرَضْتُهٗ بِالمِقْرَاض" نہیں کہتے بلکہ قَرَضْتُهٗ بِالمِقْرَاضَيْن کہتے ہیں- ج مَقَارِيْض-

المَقَارِض- تھوڑی کھیتی- بڑے مٹکے- شراب کے برتن-

قَرْضَبَ الشَّيْءَ : جدا جدا کرنا ـــــ الرَّجُلُ خشک چیز کھانا ـــــ اللَّحْمَ فِي البُرْمَةِ : گوشت کو ہانڈی میں جمع کرنا ـــــ فُلَانٌ : دوڑنا ـــــ اللَّحْمَ : کل کھا جانا- کہا جاتا ہے "قَرْضَبَ الذِئْبُ الشَّاةَ" بھیڑیا سالم بکری کھا گیا-

القِرْضِب- بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے اور پھینک دی جائے-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القِرْضَاب والقُرْضُوب- تلوار قاطع- چور- خشک چیز کو کھانے والا- فقیر- ج قَرَاضِبَة- القُرَاضِب- جو کچھ ملے اس کو کھا جانے والا- ج قَرَاضِب- القُرْضُوف- چرواہے کا ڈنڈا- بہت کھانے والا مرد- قَرْضَمَ الشَّیْءَ : کاٹنا- لے کر چل دینا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَقْرَضِمُ كُلَّ شَيْءٍ" وہ ہر چیز کو لے کے چل دیتا ہے- قَرَطَ (ن) قَرْطًا- الكَرَّاثَ ونَحْوَهُ- باریک باریک کاٹنا- قَرِطَ (س) قَرَطًا- التَّيْسُ : کٹے ہوئے کانوں والا ہونا- صفت أَقْرَط- قَرَّطَ- الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ الجَارِيَةَ : لڑکی کو بالی پہنانا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو لگام لگانا ـــــ السِّرَاجَ : چراغ سے گل گرانا ـــــ عَلَى الرَّجُلِ : تھوڑا تھوڑا رینا ـــــ إِلَيْهِ رَسُولًا : جلدی بھیجنا- تَقَرَّطَتِ المَرْأَةُ : عورت کا بالی پہنانا- القِرْط- گندنا کی ایک قسم- القُرْط- بالی- اِیئر رنگ- کان کا زیور- ج أَقْرَاط وقِرَاط وقُرُوط وقِرَطَة- القَرْط : آگ کا شعلہ- تھن- ایک گھاس ہے جو اپست کے مشابہ ہے ثریا (بنابر تشبیہ) والقُرْطُ مِنَ الموز او البَلَحِ عِنْدَ العَامَّةِ : کیلے وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا- القَرَطَة والقِرَطَة- مینڈھے کے کان کا کٹ کر لٹکتا ہوا حصہ- القِرَاط- چراغ- چراغ کا شعلہ ( ـــــ والقُرَاطَة) بتی کا گل- القِرَاط والقِيرَاط- نصف دانق اور بقول بعض دینار کا ۴/۶ اور بقول بعض دینار کے دسویں حصہ کا آدھا- کسی چیز کا چوبیسواں حصہ ـــــ فِي المَسَاحَةِ : اُنگلی کی چوڑائی کے برابر- (دخیل) القِيرَاط عِنْد اليُونَان : دانہ خرنوب- نصف دانق ج قَرَارِيط- القَرَارِيط : دانہ تمرہندی- القَيْرُوطِي- ایک مرہم جس کا ضاد کیا جاتا ہے (دخیل)

قَرْطَبَهُ قَرْطَبَةً- گدی کے بل پچھاڑنا- قَرْطَبَ الجَزُورَ : ہڈیوں کا کاٹنا ـــــ الرَّجُلُ غضبناک ہونا- تیز دوڑنا- بھاگنا- تَقَرْطَبَ- گدی کے بل گرنا- القُرْطُبِيّ- بہت کاٹنے والا- القُرْطُبِيّ- تلوار- قُرْطُبَة- اندلس کا شہر جس کو انگریزی میں کارڈوا کہتے ہیں- قَرْطَسَ- نشانہ لگانا- تَقَرْطَسَ- الرَّجُلُ : ہلاک ہونا- القِرْطَاس والقَرْطَس والقِرْطَاس والقُرْطَاس والقَرْطَاس- کاغذ- القِرْطَاس- نشانہ- ایک قسم کی مصری چادر- تحریر جو کچھ بھی ہو- سفید کشیدہ قامت لڑکی- جوان اُونٹنی- ج قَرَاطِيس- القِرْطِيط والقِرْطِيطَة- تھوڑی چیز- القِرْطِيطَة : بلاد سخی- القِرْطَع- جوں جو اُونٹ کے بدن میں پیدا ہو جائے- القَرْطَف والقَرْطَفَة- مخملی چادر- قَرْطَفَهُ قَرْطَقَةً- کرتا پہنانا- تَقَرْطَقَ- کرتا پہننا- القُرْطُق- کرتا- قَرْطَلَهُ- فِي المَاءِ : پانی میں ڈبونا- القَرْطَل- ٹوکری- کنڈیارج قَرَاطِل- القِرْطَلَّة- گدھے کا ایک جانب کا بوجھ- القَرْطَالَة- پالان کے نیچے کا خوگیر- ج قَرَاطِل- قَرْطَمَ قَرْطَمَةً- الشَّيْءَ : کاٹنا ـــــ الطَّائِرُ : قرطم کے دانے ڈالنا- القِرْطِم والقُرْطُم والقِرْطِمّ والقُرْطُمّ عصفر کا دانہ- القُرْطُمَان- ایک قسم کا غلّہ جو ماش کے مشابہ ہوتا ہے- خِفَافٌ مُقَرْطَمَةٌ- کناروں پر مضبوط سلا ہوا چرمی موزہ جو پتھر کو توڑ دے- قَرَظَ (ض) قَرْظًا- القَرَظ : درخت سلم (جو کیکر کے درخت کی مانند ہوتا ہے) کے پتے چننا-

ـــــ الأَدِيمَ : درخت سلم کے پتوں سے دباغت دینا- قَرِظَ (س) قَرَظًا- ذلت کے بعد سردار ہونا- قَرَّظَهُ تَقْرِيظًا- زندہ کی جھوٹی یا سچی مدح کرنا- القَرَظ- درخت سلم کے پتے- واحد قَرَظَةٌ- القَرَّاظ- درخت سلم کی پتیوں کا بیچنے والا- قَرَعَ (ف) قَرْعًا- البَابَ : دروازہ کھٹکھٹانا- اور اسی سے مثل ہے "مِنْ قَرَعَ بَابًا وَلَجَ" جو شخص دروازہ کھٹکھٹائے اور اصرار کرے وہ داخل ہوتا ہے ـــــ الرَّجُلَ : مارنا- کہا جاتا ہے "قَرَعَ رَأْسَهُ بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری- و "قَرَعَ صَفَاتَهُ" اس نے اس کی مذمت کی اور عیب بیان کیا "قَرَعَ سَاقَه لِلْأَمْرِ" وہ کام کیلئے فارغ ہوا ـــــ الشَّيْءَ : پسند کرنا ـــــ السَّهْمُ الغَايَةَ : تیر کا نشانہ پر لگانا ـــــ هُ أَمْرٌ : اچانک پیش آنا ـــــ سِنَّه : ندامت سے دانت پیسنا- قَرَعَ (ن) قَرْعًا فُلَانًا : قرعہ میں غالب آنا- قُرِعَ عَلَيْهِ : تیراندازی میں مغلوب ہونا- قَرِعَ (س) قَرَعًا وقُرُوعًا المَكَانُ : خالی ہونا ـــــ مَاءُ البِئْرِ : پانی کا ختم ہونا ـــــ الرَّجُلُ : تیراندازی میں مغلوب ہونا- مشورہ قبول کرنا ـــــ قَرَعًا) الرَّجُلُ : گنجا ہونا- قَرَّعَ فُلَانًا : جھڑکی دینا ـــــ القَوْمَ : رنجیدہ کرنا ـــــ الفَصِيلَ : اُونٹ کے بچے کی پھنسی کا علاج کرنا ـــــ الشَّعْرَ : بال کاٹنا- قَارَعَهُ مُقَارَعَةً وقِرَاعًا- باہم قرعہ اندازی کرنا- قَارَعَهُ فَقَرَعَهُ : اِس نے اُس سے قرعہ اندازی کی اور غالب آیا- قَارَعَ و تَقَارَعَ القَوْمَ : قرعہ ڈالنا' بعض کا بعض کو تلوار مارنا ـــــ بِالرِّمَاحِ : آپس میں نیزہ بازی کرنا- أَقْرَعَ- باز رہنا- مشورہ قبول نہ کرنا ـــــ عَنْهُ : رُکنا ـــــ المُسَافِرُ : منزل سے قریب ہونا ـــــ الغَائِطُ والمَائِحُ : غوطہ خور کا زمین کی تہ تک پہنچنا ـــــ الشَّرُّ : ہمیشہ رہنا ـــــ نَعْلَهُ : جوتے میں موٹا پیوند لگانا ـــــ الحَمِيرُ : گدھوں کا ایک دوسرے کو دولتی مارنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ الشَّيْءَ : طاقت رکھنا ـــــ دَارَه آجُرًّا :اینٹوں کا فرش لگانا۔
ـــــ فُلَانًا : روکنا ـــــ اِلَى الحَقِّ : لوٹنا
ـــــ الرَّجُلَ : عمدہ مال دینا ـــــ الدَّابَّةَ بِلُجَامِهَا : جانور کو لگام سے کھینچ کر روکنا
ـــــ بَيْنَ القَوْمِ : قرعہ ڈالنا۔
تَقَرَّعَ وَانْقَرَعَ : اَلْتَاپَلْٹنا۔ اِنْقَرَعَ عَنِ الأَمْرِ : رکنا ـــــ عَنِ الحَقِّ : باز رہنا۔ تَقَرَّعَ الجِلْدُ :گنجے پن کی وجہ سے کھال کا چھل جانا۔
اِقْتَرَعَ الشَّيْءَ : اختیار کرنا۔ پسند کرنا ـــــ النَّارَ : آگ روشن کرنا ـــــ القَوْمُ عَلَى كَذَا : قرعہ ڈالنا۔
اِسْتَقْرَعَ الحَافِرُ : کھر کا سخت ہونا ـــــ الكَرْشُ :اوجھ کا سخت ہونا۔
القَرْع۔ مص۔ کدو۔ واحد قَرْعَة۔
القَرْعَة۔ قَرْع کا اسم مرۃ۔
القَرَع۔ مص۔ سفید پھنسی جو اُونٹ کے بچوں کو ہوتی ہے۔ گنجا پن۔ سبقت۔ اُونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔ وہ جگہیں جن میں صرف گھاس ہو اور دوسری نباتات نہ ہو۔ کھجلی۔
القَرَعَة۔ ڈھال۔ سر میں گنج کی جگہ۔ پھیلی ہوئی تلی کا توشہ دان۔ اُونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔
القُرْعَة۔ حصہ۔ توشہ دان۔ اِلقَاءُ القُرْعَةِ : قرعہ اندازی ( ـــــ والقَرِيْعَةُ) عمدہ مال۔ القَرِيْعَةُ :گھر میں سب سے عمدہ جگہ۔
اَلقَرِع۔ نہ سونے والا۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ تباہ شدہ ناخن۔ اَرْضٌ قَرِعَةٌ :بنجر زمین۔
القَارِعَة : قارع کا مؤنث۔ قیامت۔ قَارِعَةُ الطَّرِيْق : راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ مصیبت۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔ ج قَوَارِع۔ قَوَارِعُ القُرْآن وہ آیتیں جن کے پڑھنے سے شیاطین وجنات سے انسان محفوظ رہے۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَتْهُمْ قَوَارِعُ الدَّهْرِ" ان پر زمانہ کی سخت مصیبتیں نازل ہوئیں و "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ قَوَارِعِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی زبان کی تیزی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔
القَرَّاع۔ اسم مبالغہ۔ ڈھال۔ بہت سخت۔ مؤنث۔ قَرَّاعَة۔
القَرِيْع۔ قرعہ اندازی کرنے والا۔ قرعہ اندازی میں غالب۔ قرعہ اندازی میں مغلوب۔ سردار جوان اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيْعُ دَهْرِهٖ" فلاں انتخابِ زمانہ ہے "هُوَ قَرِيْعُ الكَتِيْبَةِ" وہ فوج کا سردار و کمانڈر ہے "فَصِيْلٌ قَرِيْع" پھنسی والا اُونٹ کا بچہ۔ ج قَرْعٰى۔
القُرُوْع۔ کم پانی والا کنواں۔ بکری جُگل پر قرعہ اندازی کریں۔
القِرِّيْع۔ مبالغہ۔ سردار۔
الأَقْرَع۔ گنجا۔ جَبَلٌ أَقْرَع :بے نباتات کا پہاڑ۔ عُوْدٌ أَقْرَع : چھال اُتری ہوئی لکڑی۔ تُرْسٌ أَقْرَع : سخت ڈھال۔ قِدْحٌ أَقْرَع : کنکری سے مانجھا ہوا تیر کہ جس میں نقوش وغیرہ ظاہر ہو جائیں۔ الأَقْرَع :عمدہ لوہے کی تلوار۔
مِنَ الحَيَّات : زہریلا سانپ کہ زہر کی وجہ سے اس کے سر کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث۔ قَرْعَاء ج قُرْعٌ وقُرْعان۔
القَرْعَاء۔ أَقْرَع کا مؤنث۔ مصیبت۔ گھر کا صحن۔ راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ اَرْضٌ قَرْعَاء : چرى ہوئی زمین۔
القُرَيْعَا۔ زمین جس کے کناروں پر پیداوار ہو اور درمیان میں خالی ہو۔
المِقْرَع۔ گھی یا کھجور رکھنے کا برتن۔
المِقْرَعَة۔ کوڑا۔ ہر وہ چیز جس سے کھٹکھٹایا جائے۔ ج مَقَارِع۔
المُقْرَع۔ مِنَ الخَيْلِ :وہ گھوڑا جس کو لگام کھینچ کر روکا جائے اور وہ اپنے سر کو بلند کرے۔
المِقْرَاع۔ پتھر توڑنے کی کدال۔
المَقْرُوْع۔ مفہ۔ سردار۔
اِقْرَعَبَّ۔ سردی وغیرہ سے سمٹنا۔
المُقْرَعِبّ۔ غصہ کی وجہ سے سر جھکانے والا۔
تَقَرْعَثَ۔ جمع ہونا۔
القَرْعَث۔ فراہم آمدگی۔
مُقَرْعَج۔ بلند قامت۔
القِرْعَوس و القُرْعُوس۔ دو کوہان کا اُونٹ۔
القِرْعَوْش و القُرْعُوْش۔ دو کوہان کا اُونٹ۔ شیر کا بچہ۔
القَرَاغُوْل۔ راستہ کا محافظ۔ تاتاری لفظ ہے اور اس کے لیے عربی لفظ خَفِيْر ہے۔
قَرَفَ (ض) قَرْفًا لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا ـــــ عَلَى القَوْمِ : ظلم کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے گزرنا
ـــــ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا۔ جھوٹ سچ ملانا ـــــ الشَّيْءَ چھیلنا۔ ملانا ( ـــــ و قَرَّفَ) فُلَانًا بِكَذَا : عیب لگانا۔ تہمت رکھنا ـــــ القَرْحَةَ : زخم کو چھیلنا۔
قَرِفَ (س) قَرَفًا فُلَانٌ المَرَضَ : مرض کے قریب ہونا۔
قَارَفَهٗ مُقَارَفَةً وقِرَافًا۔ قریب ہونا۔ جماع کرنا۔ قَارَفَ الذَّنْبَ :گناہ میں ملوث ہونا۔
اَقْرَفَ۔ لَهٗ : قریب ہونا۔ اختلاط کرنا۔ اَقْرَفَهٗ : برائی سے یاد کرنا۔ اَقْرَفَ بِهٖ : تہمت لگوانا ـــــ الجَرْبُ الصِّحَاحَ :بیماری کا چھوت لگنا۔
تَقَرَّفَ۔ الجُرْحُ : زخم کا چھل جانا۔
اِقْتَرَفَ۔ کمائی کرنا ـــــ الذَّنْبَ :گناہ کر لینا ـــــ المَالَ : جمع کرنا اور کہا جاتا ہے "قَرَفْتُه بِالأَمْرِ فَاقْتَرَفَ بِهٖ" میں نے اسے عیب لگایا اور اسے عیب لگ گیا۔
القَرْف۔ ایک قسم کے چمڑے کا برتن جس کو انار کے چھلکوں سے دباغت دیتے ہیں۔ گہرا سرخ۔ ج قِرَاف و قُرُوْف۔
القِرْف۔ درخت کی چھال۔ ہر چھال کو قرف کہتے ہیں اور اسی سے ہے "قِرْفُ الرُّمَّان" روئی کا چھلکا جو تنور میں رہ جائے۔ زمین سے اُکھیڑی ہوئی چیز۔ ناک پر خشک رینٹ ج قُرُوْف واحد قِرْفَةٌ القِرْف : لائق۔ مناسب کہا جاتا ہے "هُوَ قِرْفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔
القَرَف۔ مرض کا دوبارہ ہونا۔ میل جول۔ تہمت' بیماری کی چھوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَرَفٌ او قِرْفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ القَرِف : گہرا سرخ والا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَحْمَر قَرِفًا" میں تم کو بہت سرخ دیکھ رہا ہوں۔
القَرْفَة۔ کمائی۔ چھال۔ انار کے چھلکے۔ دار چینی کی ایک قسم جس کو تیج کہتے ہیں۔ تہمت۔ جس کے اوپر تہمت لگاؤ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قِرْفَتِي" فلاں وہ شخص ہے جس پر میں نے تہمت لگائی ہے و "بَنُوْ فُلَانٍ قِرْفَتِي" بنو فلاں وہ لوگ ہیں جن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے متعلق میرا گمان ہے کہ میرا مطلوب ان کے پاس ہے۔

القَرُوْف۔ بہت ظلم کرنے والا۔ بڑا بے انصاف۔ توشہ دان۔ ج قُرُف و قُرُوف۔

القَرْفِیّ والمُقْرِف۔ وہ شخص جس کے اندر سرخی جھلکتی ہو۔ المُقْرِف: خسیس۔ حقیر۔ جس کی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔ وَجہ مُقْرِف: بدصورت چہرہ۔

الاَقْرَف۔ بہت سرخی والا۔

القُرَافَة۔ درخت کی چھال۔

المَقْرِف۔ وہ جگہ جہاں سے چھال اُتار دی گئی ہو۔

المِقْرَاف۔ بہت گناہوں کا ارتکاب کرنے والا۔ رَجُلٌ مِقْرَافٌ۔ پتلی کمر والا۔ سبک مرد۔

قَرْفَصَهُ قَرْفَصَةً۔ پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔

تَقَرْفَصَتِ۔ العَجُوْزُ: بڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا۔

القَرْفَصِی۔ مثلثة الفاء والقُرْفُصَاء والقُرْفُصَاء۔ اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ القَرْفَصِی او القُرْفُصَاء" وہ اکڑوں بیٹھا۔

القُرَافِص۔ مضبوط۔

القَرَافِصَة۔ ڈاکو۔

قَرْفَطَ الرجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

اِقْرَنْفَطَ۔ سمٹنا۔

المُقَرْفَل۔ مِنَ الاَطْعِمَةِ: لونگ سے خوشبو دار کیا ہوا۔

قَرَقَ (ن) قَرْقًا بِفُلَانٍ: دھوکا دینا۔ قَرَقَتِ الدَّجَاجَةُ: کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔

قَرِقَ (س) قَرَقًا۔ ہموار جگہ میں چلنا۔

القِرْق۔ بُری جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ قِرْقٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ج اَقْرَاق۔ القِرْق: ایک کھیل ہے۔ خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ خط کی صورت یہ ہے:

(ـــــ والقَرَق والقَرِق) ہموار جگہ۔

القُرْقُب والقُرْقُبّ۔ پیٹ۔

القَرْقَدَان والقَرْقَدُوْن۔ سنجاب۔

قَرْقَرَ قَرْقَرَةً۔ البَعِیْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔ قَرْقَرت الحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ: کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مرغی کا کڑکڑانا ـــــ البَطْنُ: پیٹ گڑگڑانا۔ الرجُلُ فِیْ ضِحْکِهٖ: بہت زور سے ٹھٹھا مارنا۔ الشَّرَابُ فِیْ حَلْقِهٖ: آواز کرنا۔

القَرْقَرَة۔ مص۔ کبوتر کی آواز۔ بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (ـــــ والقَرْقَر) پست نرم زمین۔ ج قَرَاقِر۔

القَرْقَار۔ اُونٹ کی بڑبڑاہٹ۔

القُرَاقِرُ والقُرَاقِرِی۔ اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔

القُرَاقِرَة۔ بہت بک بک کرنے والی عورت (ـــــ والقَرْقَارَة) اُونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔

القَرْقَارَة۔ لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔

القُرْقُوْر۔ بڑی کشتی۔ ج قَرَاقِیْر۔

قَرْقَسَ۔ الکَلْبَ وبِهٖ: کتے کو قُرْقُوْس کہہ کے بلانا۔

القِرْقِس۔ مچھر کے بچے۔

القَرْقُوْس۔ کشادہ میدان۔

قَرْقَصَ۔ بالجرد: کتے کے پلے کو بلانا۔

القُرْقُوص۔ کتے کا پلا۔ ج قَرَاقِیص۔

قَرْقَعَ قَرْقَعَةً۔ کھٹکھٹانا۔

قَرْقَفَ قَرْقَفَةً مِنَ البَرْدِ: کپکپی زدہ ہونا ـــــ قَرْقَفَهُ البَرْدُ: کپکپی ڈالنا۔

الرَّجُلُ فِی الضِّحْکِ والحَمَامِ فِی الهَدِیْرِ: آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹرغوں کرنے میں زیادتی کرنا۔

القَرْقَف۔ شراب۔ ٹھنڈا پانی (ـــــ والقُرْقُف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

القَرْقُوْف۔ درہم۔ شراب۔

دِیْكٌ قُرَاقِف۔ بلند آواز مرغ۔

القَرْقَل والقَرْقَلّ۔ بے آستین کا کرتہ ج قَرَاقِل۔

قَرْقَمَ۔ الصَّبِیّ: بچے کو بُری خوراک دینا۔

المُقَرْقَم۔ وہ جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔

قِرْقِیّ۔ ایک چوکنا آبی پرندہ۔

قَرِمَ (ض) قَرْمًا وقُرُوْمًا ومَقْرَمًا وقَرَمَانًا وتَقَرَّمَ۔ الصَّبِیُّ والبَهْمُ: تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔

قَرِمَ (ن) قَرْمًا۔ الشَّیْءَ: چھیلنا ـــــ الطَّعَامَ: کھانا ـــــ الرَّجُلَ: گالی دینا۔ قید کرنا۔

قَرِمَ (س) قَرَمًا۔ اِلَی اللَّحْمِ: گوشت کا خواہش مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِمْتُ اِلَی لِقَائِهٖ" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔

قَرَمَهُ۔ کھانا سکھانا۔ قَرَمَ وَاَقْرَمَ الفَحْل: سانڈ بننے کیلئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔

اِسْتَقْرَمَ۔ البَکْرُ قَبْلَ اَوَانِهٖ: وقت سے پہلے سانڈ بننا۔

القَرْم۔ مص۔ اُونٹ کی ناک پر داغ جوئے کے تیر کی علامت۔ سانڈ جو سواری اور کام سے فارغ رکھا جائے۔ سردار عظیم۔ ج قُرُوْم۔

القَرْمَة والقُرْمَة۔ اُونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال۔

القُرْمَة والقِرَام۔ اُونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع

القِرَام: سرخ پردہ یا باریک کپڑا۔

القُرَامَة۔ اُونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے۔ عیب۔ اُونٹ کا سینہ۔

الاَقْرَم مِنَ الجِمَال: اُونٹ جو باندھا نہ جائے۔ ناک پر داغ لگا ہوا۔ مؤنث قَرْمَاء۔ ج قُرْم۔

القُرْم۔ ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے۔

قَرْمَدَ قَرْمَدَةً الکِتَابَ: باریک لکھنا۔ قریب قریب لکھنا۔ قَرْمَدَ فِی المشی: قریب قریب قدم رکھنا ـــــ الشَّیْءَ: قرمد کا طلا کرنا (دیکھئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَرْمَد)

القَرْمَد- ہر وہ چیز جس کو زینت کے لیے کسی پر لگائیں- جیسے زعفران اور گچ وغیرہ- پختہ ٹھیکری- اینٹ (دخیل)

القُرْمُوْد- پہاڑی بکرا- پہاڑی بکری کا بچہ ج قَرَامِيْد-

القِرْمِيْد- اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قِرْمِيْدَة (دخیل)

القِرْمِيْدَة: پہاڑی بکری ج قَرَامِيْد-

القِرْمِز- سرخ رنگ ـــــ عِنْدَ الْاَسَاكِفَة: وہ کھال جو سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو-

القِرْمِزِيُّ- جو سرخ رنگ کا ہو-

قَرْمَشَهٗ- بگاڑنا- فاسد کرنا- قَرْمَشَ الشَّيْءَ: جمع کرنا-

القَرْمَش والقِرْمِش والقِرْمِيْش مِنَ النَّاسِ: طرح طرح کے لوگ-

قَرْمَصَ و تَقَرْمَصَ- سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کیلئے گڑھے میں داخل ہونا-

ـــــ القَرَامِيْصَ: گرمی حاصل کرنے کے لیے گڑھے بنانا-

القِرْمَاص والقُرْمُوْص- اندر سے چوڑا اور تنگ منہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے- بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ- کبوتر کا گھونسلہ- ج قَرَامِيْص- القُرْمُوْص: شکاری کا گڑھا- زمین میں پرندہ کا گھونسلہ-

قَرْمَطَ قَرْمَطَةً الْكِتَابَ: باریک اور قریب قریب لکھنا ـــــ فِيْ خَطْوِهٖ: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا-

القُرْمُوْط- ایک قسم کی مچھلی- گبریلا کی گولی- ج قَرَامِيْط-

القَرَامِطَة- شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قَرْمَطِيّ-

قَرْمَلَهٗ- پچھاڑنا-

القَرْمَل- بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قَرْمَلَة-

القِرْمِل- دو کوہان والا اُونٹ- بہت اُون والا اُونٹ کا بچہ- ج قَرَامِل-

القَرَامِل والقَرَامِيْل مِنَ الشَّعْرِ والصُّوْف: بالوں یا اُون کا بنا ہوا عورت کا موباف-

قَرَنَ (ض) قَرْنًا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: باندھنا- ملانا ـــــ الثَّوْرَيْنِ: دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا ـــــ البَعِيْرَيْنِ: دو اُونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا-

قَرَنَ (ن) قِرَانًا الفَرَسُ: دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا ـــــ بَيْنَ الشَّيْءِ والشَّيْءِ: جمع کرنا-

قَرِنَ (س) قَرَنًا- ملی ہوئی بھنوؤں والا ہونا- صفت اَقْرَن- قَرِنَ ذُوْالقَرْنِ: بڑے سینگ والا ہونا-

قَرَّنَهٗ: جمع کرنا- باندھنا- کہا جاتا ہے "قُرِّنَتِ الْاُسَارٰى فِي الْحِبَال" قیدی رسیوں میں باندھے گئے-

قَارَنَهٗ قِرَانًا و مُقَارَنَةً: ساتھی ہونا- ملنا-

اَقْرَنَ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ- جمع کرنا- (قَرَنَ افصح ہے)

ـــــ الرَّجُلُ: دو تیر چلانا- دو قیدیوں کو ایک رسّی میں لانا- سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا- ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا ـــــ الدَّمُ فِي العِرْقِ: خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا ـــــ اَفَاطِيْرُ وَجْهِ الْغُلَامِ: لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا ـــــ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا ـــــهٗ: ہمسر ہونا- ایک رسّی میں بندھے ہوئے دو اُونٹ ـــــ عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹ جانا- پھر جانا-

عَلٰى غَرْبِهٖ: قرضدار پر سختی کرنا- اَقْرَنَتِ الثَّرِيَّا بلند ہونا ـــــ الدُّمَّل: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا ـــــ لِلْاَمْرِ: توانا ہونا ـــــ عَنْهُ: عاجز ہونا-

تَقَارَنَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا-

اِقْتَرَنَ الشَّيْءُ بِغَيْرِهٖ: متصل ہونا- ملنا-

اِسْتَقْرَنَ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا ـــــ الدَّمُ فِي العِرْقِ: خون کا رگ میں زیادہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ لِلْاَمْرِ: توانا ہونا ـــــ لِفُلَانٍ: ہمسر ہونا-

القَرْن- مع- سینگ- و القَرْن فِي الْاِنْسَانِ: انسان کے سر کا وہ حصہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے- قَرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کی پہلی شعاع القَرْنُ مِنَ الْمَطَرِ: بارش کا جھلا- کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى قَرْنِيْ" وہ میری عمر کا ہے- القَرْن: سو سال ایک زمانے کے لوگ- ایک گروہ کے بعد ایک گروہ- زمانہ کا ایک وقت- ج قُرُوْن- القَرْن: چھوٹی پہاڑی- پہاڑ کی چوٹی- قلعہ- عورت کے گیسو- القَرْن مِنَ الْجَرَادِ: ٹڈی کے سر کے دو بال- درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسّی- مال یا اُون کا ایک گچھا- ج قُرُوْن و قِرَان- و القَرْن مِنَ القَوْمِ سردار و مِنَ السَّيْفِ: تلوار کی دھار- قَرْنُ الشَّيْطَانِ و قَرْنَاهُ: شیطان کی رائے کے پابند وَحِيْدُ القَرْنِ: گینڈا- ذُوالْقَرْنَيْنِ: بادشاہ اسکندر مکدونی کا لقب- منذر بن ماءِ السماء کا لقب-

القِرْن- کفو- ہمسر- مقابل- شجاعت یا علم میں نظیر- ج اَقْرَان-

القَرَن- مص- دو سرے سے ملا ہوا- رسّی جس میں دو اُونٹ بندھے ہوئے ہوں- ترکش ج اَقْرَان ـــــ تلوار- تیر- ج قِران-

القِرَان- قیدی کے باندھنے کی رسّی بل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسّی- رسّی جس کو باندھ کر اُونٹ کو کھینچیں- ج قُرُن- حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں- ج قِرَانَات-

القُرْنَة- ہر چیز کا اُٹھا ہوا کنارہ- تلوار یا نیزہ کی دھار- ج قُرَن-

اَلْقَارِن- فا- رَجُلٌ قَارِنٌ: تیر و تلوار سے مسلح-

القَارِن: حج قران کرنے والا-

القَرِيْن- دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا- ساتھی- مصاحب- شوہر- نفس- ج قُرَنَاء القَرِيْن العَيْن: سرگیں آنکھ-

القُرَانِي- نزدیک- تانت- جو اُونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو- کہا جاتا ہے "جَاءُوْ اقْرَانِي" ملے ہوئے آئے-

القَرِيْنَة- قرین کا مؤنث' بیوی- نفس- قَرِيْنَةُ الكَلَامِ: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قَرَائِن- ذُوْقِرَائِن: آمنے سامنے کے مکانات-

القَرْوَان- شیشی-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القَرْوَن- ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانے والا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں- وہ اُونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں ( ـــــ والقَرْوَنَة) نفس-

الأَقْرَن- سینگوں والا- ملی ہوئی بھنوؤں والا- مؤنث قرناء- حَيَّةٌ قَرْنَاءُ: سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے اُبھرے ہوئے ہوں-

القُرْنَاءُ- لوبیا-

المِقْرَن- جواہل کا-

المُقَرَّن- بلند کنارے والا جس کے لیے سینگ کے مشابہ بنایا جائے-

المُقَرَّنَة- مُقَرَّن کا مؤنث- چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں-

القَرْنَان- مردد یوث-

القَرْنَاء- سورۃ جو ہر رکعت میں پڑھی جائے-

القَيْرَوَان- گھوڑوں کا گلہ- تالا- فوج کا بڑا حصہ-

القَرَنْبَى- لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے "القَرَنْبَى فِي عَيْنِ أُمِّهَا حَسَنَةٌ" قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے-

قَفَا یَقْفُوْ قَفْوًا و قُفُوًّا۔الرَجُلَ :گدی پر مارنا۔صریحاً تہمت لگانا ـــــ اَثَرَهٗ :پیروی کرنا۔اللّٰه اَثَرَهٗ :مٹانا۔محو کرنا ( ـــــ و اَقْفَی و اِقْتَفَی) الرَجُلُ بِاَمْرٍ : متعین کرنا۔مخصوص کرنا۔اَقْفَی کَذَا عَلَی کَذَا : فضیلت دینا۔اِقْتِفَاءٌ : اتباع کرنا۔ و اِقْتَفَی الشَیْءَ : اختیار کرنا۔اِقْتَفَی بِفُلَانٍ : کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَفَی تَقْفِیَةً۔ آنا ـــــ فُلَانًا زَیْدًا وبِزَیْدٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے چلانا۔ کہا جاتا ہے "قَفَیْتُ عَلٰی اَثَرِہٖ بِفُلَانٍ" میں نے فلاں کو اس کے نشانِ قدم پر چلایا۔ قَفَّی عَلَیْہِ: لے جانا۔

تَقَفُّی الرَّجُلَ: پیچھا کرنا ـــــ الْاَکْمَةَ: ٹیلے پر چڑھنا ـــــ الشَّیْءَ: چننا ـــــ بِفُلَانٍ: اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا (ـــــ وِاسْتَقْفَی) فُلَانًا بِالْعَصَا: پیچھے سے آکر سر پر لاٹھی مارنا۔

تَقَافَی الرَّجُلَ: جھوٹی تہمت لگانا۔

اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔

اَلْقَفَا وَالْقَفَاء۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے ج اَقْفٍ وَاَقْفِیَة وَاَقْفَاء وَقُفِیٍّ وَقِفِیٍّ وَقُفُوْنَ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ قَفَا الدَّھْرِ" میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔

اَلْقَفْوَة۔ غبار جو بارش کی ابتدا میں اٹھتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَفْوَتِی وَقَفْوَتِی" وہ میرا برگزیدہ ہے "وَ بِئْسَ الْقَفْوَةُ قَفْوَتُکَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو۔

اَلْقِفْوَة۔ تہمت۔ بُری بات کی نسبت کرنا۔ گناہ۔

اَلْقَفَاوَة۔ مہربانی۔ نوازش۔ مہمانی کا اکرام۔ جس چیز سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ موروثی عزت۔

اَلْقُفْیَة۔ شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے۔

اَلْقِفْیَة۔ عیب۔

اَلْقَفِیّ۔ نہایت مہربان۔ مکرم مہمان۔ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ بہترین بھائی۔ متہم بھائی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قَفِیُّھُمْ وَ قَفِیَّتُھُمْ" وہ ان کا قائم مقام ہے۔

اَلْقَفِیَّة۔ فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو۔ گوشہ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے شَاةٌ قَفِیَّةٌ: سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری اور کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ قَفِیَّةَ الدَّھْرِ" یعنی میں زمانہ بھر اس کو نہیں کروں گا۔

اَلْقَافِیَة۔ گلے کا پچھلا حصہ۔ شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ج قَوَافٍ۔ قَافِیَةُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا آخری۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ عَلٰی قَافِیَةِ الشَّیْءِ" میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔

اَلْکَلَامُ الْمُقَفّٰی۔ وہ کلام جس میں سجع و قافیہ ہو۔

اَلتَّقْفِیَة۔ مص ـــــ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: اشعار میں حرف آخر کا موافق ہونا۔

اَلْمُقَفّٰی مِنَ الْغَنَمِ: گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔

رَجُلٌ مُقَفٍّ وَ مُقَفًّی بِہٖ: چنا ہوا مرد۔ عزت کیا ہوا مرد۔

قَفَی یَقْفِی قَفْیًا الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ قبیح بات کا عیب لگانا۔

اَلْقَاقُلَّة۔ الائچی۔

اَلْقَاقُلِّی۔ ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔

اَلْقَوْقَل۔ نرچکور۔

اَلْقَاقُم وَالْقَاقُزُم۔ ایک جانور ہے جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ اور اس کا رنگ گرمی میں سرخ سیاہی مائل اور جاڑے میں بہت سفید ہوتا ہے۔

قَلَّ (ض) قِلًّا وَقُلًّا وَقِلَّةً کم ہونا ـــــ الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا ـــــ الْجِسْمُ: بدن کا دبلا اور چھوٹا ہونا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقِلُّ عَنْ کَذَا" یعنی وہ چھوٹا ہے۔ وَقَلَّ الشَّیْءُ: بلند ہونا اور کبھی قُلَّ کے ساتھ ماکافہ لاحق ہوتا ہے جیسے "قَلَّمَا جِئْتَنَا" اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا نہیں ہوتا۔ اور قَلَّمَا دو معنے کے لئے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے (ـــــ قَلًّا) الشَّیْءَ: اٹھانا۔ قَلَّہٗ عَنِ الْاَرْضِ: بلند کرنا۔

قَلَّلَ الشَّیْءَ: کم کرنا ـــــ الشَّیْءَ فِی عَیْنِ فُلَانٍ: بیچ دکھلانا۔

اَقَلَّ الشَّیْءَ: کم کرنا ـــــ الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ محتاج ہونا ـــــ الشَّیْءَ: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ اَقَلَّتْہُ الرِّعْدَةُ: کپکپی لگنا۔

قَالَ لَہُ الْعَطَاءَ: تھوڑا دینا۔

تَقَالَّ الشَّیْءَ: کم گننا۔ تَقَالَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔

تَقَلَّلَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔

اِسْتَقَلَّ الشَّیْءَ: اٹھانا اور بلند کرنا۔ کم سمجھنا ـــــ الطَّائِرُ فِی طَیَرَانِہٖ: پرندہ کا اڑان میں بلند ہونا ـــــ الْقَوْمُ: کوچ کرنا۔ اِسْتَقَلَّتْہُ الرِّعْدَةُ: کپوانا ـــــ بِرَأْیِہٖ: رائے میں متفرد ہونا ـــــ بِکَذَا: اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ کرنا ـــــ فُلَانٌ غَضَبًا: ناراضی کی وجہ سے اٹھ جانا ـــــ بِالْاَمْرِ: طاقت رکھنا ـــــ اَلسَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا۔

اَلْقِلُّ۔ چھوٹی دیوار۔ کپکپی۔

اَلْقِلُّ وَالْقُلُّ۔ کم ـــــ مِنَ الشَّیْءِ بکثرت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلٌّ" اکیلا آدمی "ھُوَ قُلٌّ اَیْنَ قُلٌّ" وہ غیر معروف ہے "قُلَّ رَجُلٌ او اَقَلَّ رَجُلٌ یَقُوْلُ ذٰلِکَ اِلَّا زَیْدٌ" یعنی سوائے زید کے کوئی نہیں کہتا۔

اَلْقُلَّة۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔

اَلْقُلَّة۔ سر کا یا پہاڑ کا یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑا گھڑ۔ چھوٹا کوزہ قُلَّةُ السَّیْفِ: تلوار کے قبضہ کی زیبائش ج قُلَلٌ وَقِلَال۔

قِلَالَةُ الْجَبَلِ: پہاڑی کی چوٹی۔

اَلْقِلَّة۔ کمی۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔ کپکپی۔ ج قِلَل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَوِیْلُ الْقِلَّةِ" یعنی لمبے قد کا مرد۔ اَخَذَہٗ بِقِلَّتِہٖ وَبِقِلَّتِہٖ وَبِاَقْلِیْلَاہُ وَبِقِلِّیْلَاہُ اس نے سب لے لیا و "زَحَلُوْا بِقِلَّتِھِمْ" وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔ وَاَکَلَ الضَّبَّ بِقِلَّتِہٖ "یعنی گوہ کو کھال وہڈی سمیت کھا گیا۔

اَلْقِلِّیَة۔ عمارت۔ مشابہ معبد نصاریٰ۔

اَلْقُلَیْل۔ کم۔ لاغر۔ ج قُلَیْلُوْنَ وَاَقْلَاءٌ وَقُلُل وَقُلُلُوْنَ مؤنث قُلَیْلَة ج قُلَیْلَات وَقَلَائِل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلَیْلُ الْخَیْرِ" مرد کم خیر و "قُلَیْلٌ مِنَ الرِّجَالِ یَقُوْلُ ذٰلِکَ" یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ "مَا اَخَذْتُ مِنْہُ قَلِیْلَةً وَلَا کَثِیْرَةً" میں نے اس سے کچھ نہیں لیا۔ تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔

اَلْقَلَال وَالْقُلَال۔ کم۔ ج قُلَل۔ اَلْقَلَال زمین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے کیلئے ستون۔
**اَلْقُلُّ مِنَ النَّاسِ**: متفرق لوگ۔
**اَلْاَقَلُّ**۔ کمتر (ـــــ والمُقِل) فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔
**اَلْقُلّٰی**۔ پستہ قد لڑکی۔
**قَوْمٌ اَقِلَّة**۔ خسیس درجہ کے لوگ۔
**اَلْمُقَلَّل**۔ مفع ـــــ مِنَ السُّیُوْفِ: جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔
**اَلْمُسْتَقِلّ**۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهٖ" وہ خود مختار ہے۔
**قَلَبَ** (ض) **قَلْبًا الشَّیْءَ**: پلٹ دینا۔ اُوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا ـــــ **القَوْمَ**: پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ الْمُعَلِّمُ الصِّبْیَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا **اَلْمَجْنُوْنُ عَیْنَهٗ**: غضبناک ہونا۔ **قَلَبَتِ الْبُسْرَةُ**: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ **قَلَبَ الْاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ**: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔
**قَلَبَهٗ** (ن ض) **قَلْبًا**۔ دل پر مارنا۔ **قَلَبَ النَّخْلَة**: گودا نکالنا ـــــ **اللّٰهُ فُلَانًا اِلَیْهِ**: موت دینا۔
**قَلِبَ** (س) **قَلَبًا**۔ اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت **اَقْلَب**۔ **قَلِبَتِ الشَّفَةُ**: اُلٹا ہونا۔ صفت **قَلْبَاء**۔
**قُلِبَ الْبَعِیْرُ**: اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔
**قَلَّبَهٗ**۔ بمعنی قَلَبَه اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ یُقَلِّبُ کَفَّیْهِ" وہ نادم ہونے لگا۔ "وَقَلَّبَ الْاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔
**اَقْلَبَ الشَّیْءَ**: اُلٹ دینا ـــــ **هُ اللّٰهُ اِلَیْهِ**: موت دینا۔ **اَقْلَبَ الْعِنَبُ**: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا ـــــ **الْخُبْزُ**: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا ـــــ **القَوْمُ**: دل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔
**تَقَلَّبَ**۔ پلٹنا ـــــ **عَلٰی فِرَاشِهٖ**: کروٹیں لینا۔
**فِی الْاُمُوْرِ**: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِی نَعْمَائِهٖ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہوں۔
**اِنْقَلَبَ**۔ اُلٹا جانا۔ اُوندھا جانا۔ واپس ہونا۔
**اَلْقَلْب**۔ مص۔ دل۔ عقل۔ **قَلْبُ الْجَیْشِ**: فوج کا درمیانی حصہ۔ **قَلْبُ کُلِّ شَیْءٍ**: گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الْاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ **قَلْبُ الْعَقْرَبِ**: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج **قُلُوْب**
**اَفْعَالُ الْقُلُوْبِ**: ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ"
**اَلْقُلْب والقَلْب والقِلْب مِنَ الشَّجَرِ**: درخت کے اندر کا نرم کوداج **اَقْلَاب وقُلُوْب**
**وقِلْبَةٌ**: اَلْقُلْبُ: کنگن۔ سفید سانپ۔
**اَلْقُلَبَة**۔ سرخی۔
**اَلْقَلَبَة**۔ وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر تڑپے۔
**اَلْقُلَاب**۔ دل کی بیماری۔
**اَلْقَالِب**۔ فا۔ سرخ رنگ کی کچی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللَّوْنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (ـــــ والقَالَب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج قَوَالِب۔
**اَلْقُلَّب**۔ پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُؤَلٌ قُلَّبٌ" اور "حَوْلِیٌّ وقُلَبِیٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔
**اَلْقُلُوْب**۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا (ـــــ والقِلَاب) بھیڑیا۔
**اَلْقَلِیْب**۔ کنواں۔ کنواں بغیر من کا۔ پرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج **قُلُب وقُلُب واَقْلِبَة**
**اَلْقُلُوْب والقُلُّوْب والقُلَّیْب**۔ بھیڑیا۔ شیر۔
**اَلْمِقْلَب**۔ کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔
**اَلْمُنْقَلَبُ**۔ مص۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ اَمْرِیٍٔ یَصِیْرُ اِلٰی مُنْقَلَبِهٖ"
**اَلْمَقْلُوْبَة**۔ مفع کان۔
**قَلِتَ** (س) **قَلَتًا**۔ ہلاک ہونا۔
**اَقْلَتَهٗ**۔ ہلاک کرنا۔ **اَقْلَتَتِ الْمَرْاَةُ وَكُلُّ اُنْثٰی**: بے اولاد ہونا۔ اور اسم **قَلَت** ہے۔ **اَلْقَلَت**: خوف۔ **اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ**: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہو گیا۔
**اَلْقَلْت**۔ چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج **قِلَات**۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِی قَلْتِ خَاصِرَتِهٖ" اس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وطَعَنَهٗ فِی قَلْتَیْ تَرْقُوَتِهٖ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قَلْت کہتے ہیں۔
**وَرَجُلٌ قَلْتٌ وقَلِتٌ**۔ کم گوشت۔ دبلا پتلا مرد۔
**اَلْقَلْتَة**۔ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
**شَاةٌ قَلْتَةٌ**: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔
**اَلْمَقْلَتَة**۔ ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔
**اَلْمِقْلَات**۔ وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج **مَقَالِیْت**۔
**قَلِحَ** (س) **قَلَحًا**۔ زرد دانتوں والا ہونا۔ **قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ**: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر **قَلِح واَقْلَح**۔ صفت مؤنث **قَلِحَة وقَلْحَاء**۔ ج **قُلْح**۔
**قَلَّحَهٗ**۔ دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔
**تَقَلَّحَ**۔ میلے کپڑے والا ہونا و **تَقَلَّحَ الْبِلَاد**: قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔
**اَلْقَلَح**۔ بڑھا گدھا۔
**اَلْقَلَح والقُلَاح**۔ زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔
**اَلْقِلْح**۔ میلا کپڑا۔
**اَلْاَقْلَح**۔ زرد دانتوں والا۔ گیریلا۔
**رَجُلٌ اَقْلَح**: تجربہ کیا ہوا۔
**اَلْمُقَلَّح**۔ تجربہ کیا ہوا۔
**اَلْقَلْحَزَة**۔ پستہ قد کی چال۔ **اَلْقِلْحَزُّ**: موٹا متکبر۔
**اَلْقِلْحَاس**۔ مردِ بد صورت۔ بد قوارہ۔
**اِقْلَحَمَّ**۔ **اَلرَّجُلُ**: بہت بوڑھا ہونا۔
**اَلْقِلْحَمّ**۔ متکبر۔ بوڑھا۔
**شَیْخٌ قِلْحَامَة**۔ بہت بوڑھا۔
**قَلَخَ** (ف) **قَلْخًا وقَلِیْخًا الشَّجَرَةَ**: درخت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اُکھاڑنا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِيْخًا و قُلَاخًا البَعِيْرُ : اُونٹ کا بڑبڑانا۔
قَلَّخَهُ بِالسَّوْطِ : کوڑا مارنا۔ قَلَّخَ النَّبْتُ : نباتات کا سخت ہونا۔
القَلْخ۔ مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا
ـــــ و القُلَاخ) بڑے سر والا۔
القِلَّخم۔ بڑے کوہان کا موٹا اُونٹ۔
قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ : رسّی بٹنا ـــــ
الحَدِيْدَةَ : لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا ـــــ الرَّجُلُ السَّيْفَ : تلوار کو حمائل کرنا۔
ـــــ المَاءَ فِي الحَوْضِ او الشَّرَابَ فِي البَطْنِ : جمع کرنا ـــــ الزَّرْعَ : کھیتی سیراب کرنا ـــــ الشَّيْءَ : موڑنا : الحُمّٰى فُلَانًا : بخار ہر روز آنا۔
قَلَدَهُ۔ السَّيْفَ : گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
ـــــ القَلَادَةَ : ہار پہنانا ـــــ ہ العَمَلَ : کام سپرد کرنا ـــــ ہ الدَّيْنَ : قرض سونپ دینا۔ قَلَّدَ البَعِيْرَ : اُونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔
ـــــ فُلَانًا القَضَاءَ فِي بَلَدِ كَذَا : قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَه" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا" و قُلِّدَهُ فِي كَذَا" اِس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔
اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَيْهِم : غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔
تَقَلَّدَتِ المَرْاَةُ القَلَادَةَ : عورت کا ہار پہننا۔
تَقَلَّدَ الاَمْرَ : ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا ـــــ السَّيْفَ : گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ : پانی پر باری باری آنا۔
اِقْتَلَدَ المَاءَ : پانی کا چلو لینا۔
اِقْلَوْدَدَ النُّعَاسُ فُلَانًا : نیند کا غالب آنا۔
القَلْد۔ مص پیچ دیا ہوا۔ اٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلَادٌ و قُلُوْد۔
القِلْد۔ بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِي كُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلَاد۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَيْتُه قِلْدَ اَمْرِي" میں نے اپنے معاملہ کو دروبست اس کے سپرد کر دیا۔
القِلْدَة۔ گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔
القُلْدَة۔ دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔
القِلَاد و الاِقْلِيْد۔ انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔
القِلَادَة۔ ہار۔ مالا۔ ج قَلَائِد و قَلَاد۔ چھ ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلَائِدُ الشِّعْر : اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
القُلُوْد۔ بہت پانی والا کنواں۔
القَلِيْد و المُقَلُوْد۔ بٹا ہوا۔
القِلِّيْد و المِقْلَاد۔ خزانہ۔
التَّقْلِيْد۔ مص۔ ج تَقَالِيْد و تَقْلِيْدَات التَّقَالِيْد عِنْدَ النَّصَارٰى : نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے جاری ہوتا ہے۔
الاِقْلِيْد ج اَقَالِيْد۔ المِقْلَد ج مَقَالِد۔
و المِقْلَاد۔ ج مَقَالِيْد : کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِيْدُ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہو گئے "و اَلْقٰى اِلَيْهِ مَقَالِيْدَ الاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے سونپ دیئے
المِقْلَد : برتن۔ توبرہ۔ پیمانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔
المُقَلَّد۔ مص۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ : اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
القَلَد۔ ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔
القُلَيْذَم۔ بہت پانی والا کنواں۔
قَلَزَهُ (ن ض) قَلْزًا۔ مارنا۔ قَلَزَ الاَرْضَ بِعَصَاه : کریدنا ـــــ بِسَهْمِه : تیر پھینکنا ـــــ بِقَيْئِه : اُلٹی کرنا ـــــ الرَّجُلُ : پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا ـــــ ہ المَاء : گھونٹ گھونٹ پلانا۔
( ـــــ قَلَزَ و اَقْلَزَ) الجَرَادُ : انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔
تَقَلَّزَ۔ چست ہونا ـــــ الوَعْلُ : پہاڑی بکری کا دوڑنا۔
اِقْتَلَزَ الكَاسَ : گھونٹ گھونٹ لینا۔
القُلْز : مِنَ الرِّجَال : ہلکا پھلکا کمزور مرد۔
القِلْز و القُلُزّ۔ سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة و قُلُزَّة۔
قَلْزَمَ و تَقَلْزَمَ الشَّيْءَ : نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ : کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔
القِلْزِم۔ کمینہ۔
القُلْزُم۔ مصر اور تکمہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔
القُلْزُمَة۔ مص۔ کمینہ پن۔ شور۔
قَلَسَ (ض) قَلْسًا و قَلَسَانًا۔ کھانا یا پانی کا پیٹ سے مُنہ تک آنا۔ بہت شراب پینا ـــــ نَفْسُه : جی متلانا ـــــ الكَاسُ بِالشَّرَاب : چھلک پڑنا ـــــ الاِنَاءُ : بہہ پڑنا ـــــ النَّحْلُ : العَسَلَ : شہد بنانا ـــــ السَّحَابَةُ بِالنَّدٰى : جھلا پڑنا ـــــ الرَّجُلُ : گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔
قَلَّسَ۔ دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا ـــــ القَوْمُ : گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا ـــــ لَهٗ : سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا ـــــ الرَّجُلَ : ٹوپی پہنانا۔
تَقَلَّسَ۔ ٹوپی پہنانا۔
القَلَس۔ مص۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج قُلُوْس و اَقْلَاس۔ القَلَس : بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو مُنہ تک آئے۔ تے۔ قَلَسُ البَحْر : بادل۔
القَالِس۔ وہ شخص جس کے مُنہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آ جائے۔
القَلَّاس۔ اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلَّاسٌ : زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
القَلِيْس۔ شہد۔ شہد کی مکھی۔
قَلْسَى الرَّجُلَ : ٹوپی پہنانا۔
تَقَلْسَى تَقَلْسِيًا۔ ٹوپی پہننا۔
الاَنْقَلِيْس و الاِنْقَلِيْس۔ ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القَلَاش۔ چھوٹا۔ سکڑا ہوا۔
القَلَاشَة۔ کوتاہی۔ چھوٹاپن۔
القَلَّاش والاَقْلَش۔ حیلہ گر (دخیل)
قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا۔ الرَّجُلُ : کودنا ـــــ القَوْمُ : اکٹھا ہو کر چلنا ـــــ القَوْمُ عَنِ الدارِ : ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہو کر چلنے کا وقت آنا۔
ـــــ المَاءُ : پانی کا ختم ہونا ـــــ البِئْر : اوپر تک چڑھنا ـــــ الظِلُّ عَنْ كَذَا : سایہ کا سمٹ آنا۔ صفت قَالِص ـــــ الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ : کپڑے کا سکڑنا ـــــ الغُلَامُ : جوان ہونا ـــــ الشَّفَةُ : ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔
قَلَصَت (ض) قُلُوْصًا و قِلْصَت (س) قَلَصًا نَفْسُهٗ : جی متلانا۔
قَلَّصَ قَمِيْصَهٗ فَقَلَّصَ هُوَ : سیٹنا۔ سمٹنا۔ لازم و متعدی۔ قَلَّصَت الدِرْعُ : زرہ کا چست ہونا ـــــ النَاقَةُ بِرَاكِبِهَا : اونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔ دوڑے جانا ـــــ القَوْمُ : اونٹنیوں پر سوار ہونا۔
اَقْلَصَ البَعِيْرُ : کوہان کا کچھ ظاہر ہونا ـــــ النَاقَةُ : گرمی میں موٹی ہونا۔
تَقَلَّصَ۔ اکٹھا ہونا۔ سکڑنا۔ قریب قریب ہونا۔
القَلْصَة۔ پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر ختم ہو جائے۔ ج قِلَص و قَلَصَات۔ اور کہا جاتا ہے "مَا وَجَدتُ فِي البِئْرِ اِلَّا قَلْصَةً مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں میں نے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔
القَلُوْص مِنَ الاِبِل : لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ جوان اونٹنی یا چلتی ہوئی اونٹنی۔ اونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ ج قَلَائِص و قِلَاص و قُلُص و قُلْصَان۔ القَلُوْص مادہ شتر مرغ۔ شتر مرغ کا مادہ بچہ۔ شوات کا بچہ۔ جوان لڑکی۔ جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو۔
القَلِيْص۔ بہت ـــــ مِنَ المِيَاهِ : ختم ہونے والا پانی۔
القَلَّاص مِنَ المِيَاهِ : ختم ہونے والا پانی۔ اونٹنی کو دوہنے والا۔
المِقْلَاص۔ اونٹنی کو دوہنے والا ـــــ مِنَ النُّوْقِ : گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اونٹنی۔
فَرَسٌ مُقَلِّصٌ : لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔
قَلَطَ (ن) قَلْطًا۔ بدصورت ہونا۔
القَلَط۔ جن کے بچے۔ شیطان کے بچے۔
القَلَطِي والقِيْلِيْط۔ مرد خبیث، سرکش ـــــ والقُلَاط : بہت پستہ قد۔ آدمی ہو یا بلی یا کتا۔
القِيْلِيْط۔ خصیہ میں سوجن۔
القَيْلَط والقِيْلِيْط۔ خصیہ میں سوجن والا۔
القَلْطَبَان۔ بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔ بھڑوا۔
قَلَعَ (ف) قَلْعًا و قَلَّعَ و اِقْتَلَعَ الشَّيْءَ : جڑ سے اکھیڑنا۔ قَلَعَ الوَالِيْ فُلَانًا : معزول کرنا۔ اِقْتَلَعَ الشَّيْءَ : چھیننا۔
قَلَعَ (س) قَلْعًا و قَلَعَةً الرَّاكِبُ : سوار کا زین پر جم کر نہ بیٹھنا ـــــ الرَّجُلُ : کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا ـــــ المُصَارِعُ : کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔
قُلِعَ قَلْعًا۔ الرَّجُلُ : حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔
اَقْلَعَ عَنْ كَذَا : باز رہنا اور چھوڑنا ـــــ المَلَّاحُ السَفِيْنَةَ : باد بان اٹھانا ـــــ اَصْحَابُ السَفِيْنَةِ : روانہ ہونا ـــــ الشَّيْءُ : روشن ہونا ـــــ الاَمِيْرُ : قلعہ بنانا ـــــ الحُمّٰى عَنْ فُلَان : بخار کا اُتر جانا۔ قرآنِ مجید میں ہے "يَاسَمَاءُ اقْلِعِيْ" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا۔
قَالَعَامُقَالَعَةً۔ ایک دوسرے کو اکھیڑنا۔
تَقَلَّعَ وانْقَلَعَ و اِقْتَلَعَ۔ جڑ سے اکھڑنا۔ تَقَلَّعَ فِي مَشْيِهٖ : آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔
القَلْع۔ مص۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُع و قُلُوْع۔ قَلْعُ الحُمّٰى : بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے۔ "تَرَكْتُه فِي قَلْعٍ و قِلْعٍ و قَلَعٍ مِنْ حُمَّاه" میں نے اس کو بخار اُترتی ہوئی حالت میں چھوڑا۔ الفلع کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِيٌّ و قُلْعِيٌّ"
القِلْع۔ باد بان۔ ج قُلُوْع و قِلَاع۔
القِلْع۔ بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔
القُلْع۔ چلنے میں قوی مرد۔
القَلَع۔ مص۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو ـــــ مِنَ الحُمّٰى : بخار اُترنے کا دن۔
القَلِع۔ جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ و شَيْخٌ قَلِعٌ : کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔
القَلْعَة۔ قلعہ۔ ج قِلَاع و قُلُوْع۔ القِلْعَة : کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔
القِلْعَة۔ قَلَعَ کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَع۔
القُلْعَة۔ کھرنڈ والا، کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے، ہمیشہ نہ رہنے والا مال، منگنی کا مال، درخت سے جو اکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "و مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقُلَعَةٍ و قُلْعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا رار اُٹھنا پڑتا ہے۔
القَلْعَة۔ بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلْع۔ چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلَاع و قَلْع۔
القُلْعَة۔ کھرنڈ والا۔
القُلَاع۔ جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلَاعَة
القُلَاع : مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلَاعُ الاُذُن : کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔ القُلَاعَة : پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ بِقُلَاعَةٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔
القِلَاعَة۔ کشتی و جہاز کا باد بان۔
القَلَّاع۔ وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔

القَلُوْع۔ بڑی اُونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں اُلٹ جائے۔ ج قُلُع۔

اِقْلَاعُ الحُمّٰی وَ مُقْلِعُهَا۔ بخار کا اُترنا۔

المَقْلَع۔ پتھر اُکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِع۔

المِقْلَاع۔ گوپھن۔ ج مَقَالِیْع۔

القَیْلَع۔ بڑے پاؤں والی بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

اِقْلَعَتَّ الشَّعَرُ: بال سخت گھنگھریالے ہونا۔

تَقَلْعَثَ فِیْ مَشْیِهٖ: اس طرح چلنا کہ گویا کیچڑ میں سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا

_____ فُلَانٌ: خود سری کے ساتھ جانا۔

اِقْلَعَطَّ الشَّعَرُ: بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔

المُقْلَعِطّ۔ فا۔ خوفزدہ بھاگنے والا۔ سخت گھنگھریالے بال والا سر۔

اِقْلَعَفَّ الشَّیْءَ: سمٹنا _____ اَنَامِلُ فُلَانٌ: سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

القَلْعَطَة۔ بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا _____ الشَّیْءَ: پلٹنا ( _____ واِقْتَلَفَ) الظُّفْرُ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِیْرَ: جھاگ لانا۔

قَلَفَ (ن) قَلْفًا۔ القُلْفَة: کاٹنا۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقُلْفَةَ الدِّنِّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا ( _____ وقَلَّفَ) السَّفِیْنَةَ: کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القلافة ہے وقَلَّفَ الجزور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَّبِیُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف۔

تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔

اِنْقَلَفَتِ السُّرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔

القِلْف۔ درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة سخت جگہ۔

القِلْفَة۔ ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔

القُلْفَة والقَلَفَة۔ عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف۔

القَلِفَةُ مِنَ الشَّفَاةِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

القُلَافَة۔ درخت وغیرہ کی چھال۔

القَلِیْف ج قُلُف والقَلِیْفَة ج قَلِیْف والمَقْلُوْفَة ج مَقْلُوْفَات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔

القَلِیْف والمَقْلُوْف۔ مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِیْف۔ خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔ کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قَلِیْفَة۔

الاَقْلَف۔ بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفَاء ج قُلْف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَف" سرسبز سال "عَیْشٌ اَقْلَف" خوش حال زندگی۔

التَّقْلِیْف۔ کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔

قَلْفَحَ۔ الطَّعَامَ: سب کچھ کھا لینا۔

تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَّیْءُ: چھل جانا۔

القِلْفَع والقِلْفِع۔ خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔

القلفعة۔ سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اُونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔

قَلِقَ (س) قَلَقًا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق و مِقْلَاق۔ صفت مؤنث قَلِقَةٌ و مِقْلَاق۔

قَلَقَ (ن) قَلْقًا الشَّیْءَ: حرکت دینا۔

اَقْلَقَهٗ۔ بے قرار کرنا۔ اَقْلَقَ الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِهٖ: حرکت دینا _____ القَوْمُ السَّیْرَ فِی العَجَلَةِ: آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔

القُلْقَاس۔ اروی۔

قَلْقَلَ قَلْقَلَةً۔ آواز نکالنا ( _____ قَلْقَلَةً وقَلْقَالًا وقِلْقَالًا) الشَّیْءَ: حرکت دینا۔ الحُزْنُ وَجَعَهٗ: آنسو بہانا _____ فِی الاَرْضِ: سفر کرنا۔

تَقَلْقَلَ۔ متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا _____ فِی البِلَادِ: ٹلک میں پھرنا۔

القِلْقِل والقُلْقُلَان۔ ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔

حروف القَلْقَلَة پانچ حروف ہیں۔

ب ج د ط ق۔

القَلْقَال۔ ہمیشہ سفر کرنے والا۔

القُلَاقِل والقُلْقُل۔ پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل: سفر میں ہلکا پھلکا۔

قَلَمَ (ض) قَلْمًا وقَلَّمَ الشَّیْءَ: کاٹنا _____ الظُّفْرَ: ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ: تھوڑا تھوڑا کاٹنا _____

القَلَم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد سے بننے سے پہلے قَصَبَةٌ اور یراعہ کہتے ہیں۔

القَلَم: جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلَام و قِلَام۔

القَالِم۔ فا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة۔

القُلَامَة۔ تراشہ۔ قُلَامَةُ الظُّفْرِ: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔

الاِقْلِیْم۔ ٹلک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقَالِیْم (دخیل)

المِقْلَمَة۔ قلم دان۔ ج مَقَالِم۔

مَقَالِمُ۔ الرُّمْح: نیزے کی گرہیں۔

المُقَلَّمَة۔ بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سَارَتْ اَلْفٌ مُقَلَّمَةٌ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَقْلُوْمُ الظُّفْرِ و مُقَلَّمُ الظُّفْرِ" یعنی ضعیف و ذلیل ہے۔

المِقْلَام۔ قینچی۔

القَلَمَّس۔ بہت پانی والا کنواں۔ بہت فیاض۔ دور اندیش۔ ہوشیار۔ غیر معروف۔

قَلْمَعَ رَاسَهٗ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ موندنا _____ الشَّیْءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القَلْمَعَة۔مص۔کینے لوگ۔
قَلْنَسَۃ۔ٹوپی پہنانا۔قَلْنَسَ الشَّیْءَ :چھپانا۔
_____ الرَّجُلُ :سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔
تَقَلْنَسَ۔ٹوپی پہننا۔
القَلَنْسُوَۃ والقَلَنْسِیَۃ۔ ٹوپی ج قلانس وقَلَانِیس وقَلَانِسِ وقَلَانِسِی اور تصغیر قُلَیْنِسَۃ وقُلَیْنِسِیَۃ اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قَلُّوسَۃ کہتے ہیں۔
قَلَا یَقْلُو قَلْوًا۔ اللَّحْمَ وغَیْرَہٗ : گوشت کڑاہی میں بھونا۔صفت فاعلی۔قَلَّاءاور صفت مفعولی مَقْلُوٌّ _____ الإِبِلَ :اونٹوں کو ہانکنا۔
_____ القُلَۃَ وبِالقُلَۃِ : گلی ڈنڈا کھیلنا ( _____ قِلًّا وقَلَاءً)الرَّجُلُ :بغض رکھنا۔
تَقَلَّی إِلَیْہِ :نفرت کرنا۔بغض ظاہر کرنا _____ عَلَی فِرَاشِہٖ :مضطرب ہونا۔تلملانا۔
تَقَالَی الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ تَقَالٍ" ان کے درمیان بغض ہے۔
اِقْلَوْلَی اِقْلِیْلَاءً۔کوچ کرنا۔بے آرام ہونا۔سکڑنا۔جگہ سے علیحدہ ہونا _____ فِی الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا _____ الطَّائِرُ : پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا۔درخت کے اوپر کے حصہ پر اُترنا _____ہٗ :پیٹھ پر سوار ہونا۔
القِلْو۔ہلکا پھلکا۔جوان ہلکا گدھا۔
القُلَّۃ۔ج قُلَات وقِلَوْن وقُلُوْن (المِقْلَی والمِقْلَاءُ) گلی ڈنڈا۔القُلَّۃ : ہرن کے پھنسانے کے لیے ایک قسم کا پھندا۔
القِلْوَۃ۔جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔
القَلْوَلِی۔بلند پرواز پرندہ۔
قَلِیَ یَقْلِیْ قَلْیًا اللَّحم وغیرہ : گوشت بھونا صفت فاعلی قَلَّاءٌ۔ صفت مفعولی مَقْلِیٌّ _____ فُلَانًا : سر پر مارنا ( _____ الرَّجُلُ وقِلَیَہٗ یَقْلَاہُ قَلْیًا وقَلَاءً ومَقْلِیَۃً) بغض رکھنا۔صفت فاعلی قَالٍ اور صفت مفعولی مَقْلِیٌّ۔
القِلَی والقِلْی۔ تجی۔
القُلَی۔ پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مُردوں کی کھوپڑیاں۔واحد قُلَّۃ۔

القَلَّاء۔کڑاہی بنانے والا۔کڑاہی میں گوشت بھوننے والا۔
القَلَّاءَۃ۔وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔
القَلِیَّۃ۔ جو بھونا جائے۔ شوربا جو اُونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قلایا۔
المِقْلَی والمِقْلَاۃ۔ کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَالٍ۔
المَقْلَاۃ۔وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے۔
المَقْلِیَّ۔جو بھونا جائے۔
قَمَّ(ن) قَمًّا۔خشک ہونا _____ شَارِبَہٗ :مونچھ جڑ سے موڑنا _____ البَیْتَ :گھر میں جھاڑو دینا۔صفت قَامٌّ و قَمَّام ( _____ وَاقْمَمْ) مَا عَلَی المَائِدَۃِ :کھانا و اِقْتَمَّ الشَّیْءَ :مزاولت کرنا۔اعتماد کرنا۔خطانہ کرنا۔
قَمَّمَہٗ۔خشک کرنا۔ قَمَّمَ النَّجْمُ : ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تَقَمَّمَ مَا عَلَی المَائِدَۃِ : دسترخوان پر سے سب کچھ کھالینا _____ الشَّیْءَ : کسی چیز پر چڑھنا۔
_____ النَّخْلَۃَ :درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا _____ الرَّجُلُ قِرْنَہٗ :ہمسر پر غالب آنا۔
القِمَّۃ۔ ہر چیز کی چوٹی۔لوگوں کی جماعت۔بدن۔ قد و قامت ج قِمَم۔
القُمَّۃ۔شیر کا لقمہ۔کوڑا گھر۔
القَمِیْم۔خشک سبزی۔ستو۔
القُمَامَۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قُمَمٌ۔
المِقَمَّ والمُقَمَّم۔دسترخوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا۔
المِقَمَّۃ۔ جھاڑو۔ج مَقَامٌّ ( _____ والمِقَمَّۃ) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔
قَمَأَ (ف) وقَمُؤَ (ک) قَمْأَۃً وقُمْأَۃً وقِمَأَۃً وقَمَأً۔ ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِیٌّ ج قُمَاء وقماء۔
قَمَأَ (ف) قَمْأَ المَکان وبِہٖ : داخل ہونا اور اقامت کرنا _____ہٗ :اکھیڑنا۔
قَمَأَتْ (ف) قَمْأً وقُمُوْءًا (ک) قُمْؤَۃً وقُمْؤًا وقَمْأً وقَمَاءً وقُمَاءَۃً۔ المَاشِیَۃُ :جانور کا موٹا ہونا _____ بِالمَکَانِ : سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔
اَقْمَأَ الرَّجُلَ : ذلیل کرنا _____ الشَّیْءُ او المکان فُلَانًا : تعجب میں ڈالنا اَقْمَأَتِ المَاشِیَۃُ :جانور کا موٹا ہونا۔
قَامَأَہٗ مُقَامَأَۃً۔موافقت کرنا۔کہا جاتا ہے مَا أَقَامَأَہُ المکان : جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المکان :موافق ہونا اور اقامت کرنا _____ الشَّیْءَ : تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔عمدہ لینا۔
اِقْتَمَأَ الشَّیْءَ :جمع کرنا۔
القَمْءُ۔وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔
القَمْأَۃ۔ج قِمَاء والمَقْمَأَۃ والمَقْمُؤَۃ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔
القَمْأَۃ والقُمْأَۃ۔ سرسبزی۔ آرام۔
القَمِیْئ۔ذلیل وخوار۔
القَمَیْئَل۔ بُری چال چلنے والا۔
قَمَحَ (ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَحَ البَعِیْرُ : سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اُٹھانا صفت قَامِح ج قِمَاح وقَمَّحَ وتَقَمَّحَ الشَّرَابَ ومِنَ الشَّرَابِ :ناپسند کرنا۔
قَمِحَ (س) قَمَحًا واقْتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَّوِیْقَ ستو پھانکنا _____ الشَّرَابَ : پہلی پر لینا اور چاٹنا۔
قَمَّحَ فُلَانًا : حق سے کم دے کر ٹالنا۔
اَقْمَحَ السُّنْبُلُ : خوشہ میں دانہ بیٹھنا _____ البُرُّ : تیار گیہوں ہونا _____ الرَّجُلُ : سر اُٹھانا اور آنکھ بند کرنا _____ بِأَنْفِہٖ : بڑائی جتانا۔مغرور ہونا _____ الغُلُّ الأَسِیْرَ : تنگی کی وجہ سے سر کو نکالا ہوا چھوڑ دینا _____ فُلَانٌ : شراب پینا۔
القَمْح۔گیہوں۔واحد قَمْحَۃ۔
القَمْحَۃ۔ پتلی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔
( _____ والقُمَّحَان والقُمَّحَان) زعفران۔
القِمْحَانَۃ۔ سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



القَمِيحَة- پھنسی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوحٌ لِلنَّبِيذِ :بہت پینے والا-
القَمَحْدُوَة- سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ-
اَقْمَخَ اِقْمَاخًا بِاَنْفِهِ : بڑائی جتانا- متکبرین کی طرح بیٹھنا-
قَمَدَ (ض) قَمْدًا و قُمُوْدًا- انکار کرنا- باز رہنا- نیکی یا بدی میں لگا رہنا-
قَمِدَ (س) قَمَدًا- لمبی اور موٹی گردن والا ہونا- صفت اَقْمَدُ مؤنث قَمْدَاء-
اَقْمَدَ الرَّجُلُ :گردن بلند کرنا-
القُمُد و القُمُدُّو القُمَاد- مضبوط- موٹا-
القُمُدَّة و القُمْدَّانِيَّة- لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی-
القَمْدَر- لمبے قد والا-
قَمَرَ (ض) قَمْرًا- جوا کھیلنا ـــــ الرَّجُلُ : جوئے میں غالب آنا-
قَمَرَ (ن ض) قَمْرًا الرَّجُلَ مَالَهُ : مال چھین لینا-
قَمِرَ (س) قَمَرًا الشَّيْءَ :بہت سفید ہونا-
ـــــ الرَّجُلُ : برف کی وجہ سے چندھیانا- چاندنی رات میں بے خواب ہونا ـــــ الكَلَأُ والمَاءُ وغَيْرُهما گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا
ـــــ الإِبِلُ :اُونٹ کا سیراب ہونا-
قَامَرَهُ مُقَامَرَةً و قِمَارًا- باہم جوا کھیلنا-
اَقْمَرَ اللَّيْلُ : چاندنی کا کھیت کرنا ـــــ الهِلالُ : پورا چاند بننا ـــــ القَوْمُ : چاندنی میں ہونا- چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا ـــــ الثَّمَرُ : پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آجائے پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا ـــــ الإِبِلُ : اُونٹ کا سیراب ہونا- بہت گھاس میں چرنا-
تَقَمَّرَ- چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا-
ـــــ الرَّجُلُ : جوے میں غالب آنا- چاندنی رات میں آنا ـــــ الطَّيْرُ و الظِّبَاءُ :پرندوں یا ہرنیوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا ـــــ الطَّيْرَ : پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا-
تَقَامَرَ القَوْمُ :باہم جوا کھیلنا-
اِقْمَارَّ اقْمِيْرَارًا- سفید ہونا- چاند کے رنگ کا ہونا-
القَمَر- چاند- تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ
القمران : آفتاب و ماہتاب- اَقْمَارُ العِلْمِ وشُمُوْسُه : علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَنَرْ عَيْنُهُ الشَّمْسُ والقَمَرُ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی-
القُمْرَة- سبزی مائل- سفید رنگ-
المَاء القَمِر- بہت پانی- لَيْلَةٌ قَمِرَةٌ : چاندنی رات-
الحُرُوْفُ القَمَرِيَّة- چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَرَ-
القُمْرِيّ- فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِيَّةٌ ج قُمْرٌ و قَمَارِيّ-
القِمَارُ- مصـ- جوا-
القَمِيْر- جواری- کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِيْرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار- جیسے نَصِيْر و اَنْصَار-
الاَقْمَر- سبزی مائل سفید رنگ والا- سفید وَجْهٌ اَقْمَر : چاند کے مشابہ چہرہ- سَحَابٌ اَقْمَر : پانی سے بھرا ہوا بادل-
القَمْرَاءُ- الاقمر کا مؤنث- چاندنی-
لَيْلَةٌ مُقْمِرٌ و مُقْمِرَةٌ- چاندنی رات- عرب کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کر لیتا ہے- اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ"
المَقْمُوْر- مغـ- بُرائی- ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وضَعْتُ يَدِي بَيْنَ اِحْدَى مَقْمُوْرَتَيْنِ" دو بُرائیوں میں سے ایک بُرائی میں میں نے ہاتھ ڈالا-
القُمَرِز- پستہ قد- چھوٹے کان والا-
قَمْرَصَ قَمْرَصَةً- بادام کھانا ـــــ لَبَنٌ قَمَارِص- دودھ جس کے پینے میں چرپراہٹ لگے- بہت کھٹا دودھ-
قَمَزَ (ن ض) الشَّيْءَ :جمع کرنا ـــــ الشَّيْءَ : ـــــ اُنگلیوں کے کناروں سے پکڑنا-
اَقْمَزَ الرَّجُلُ :بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا-
القَمَز- بے کار مال-
القُمْزَة کھجور کی ایک قسم- نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو- ج قُمَز-
قَمَسَهُ (ن ض) قَمْسًا و اَقْمَسَهُ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ دینا- اَقْمَسَ الكَوْكَبُ : ستارے کا غروب ہونا ـــــ قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِي المَاء :ڈول کا ڈوب جانا- قَمَسَ بِهِ فِي البِئْر : کنوئیں میں پھینکنا-
الوَلَدُ فِي البَطْن : بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا-
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا و قُمُوْسًا و انْقَمَسَ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا- اِنْقَمَسَ الكَوْكَبُ : ستارہ کا غروب ہونا- اِنْقَمَسَ فِي الرَّكِيَّة :کنوئیں میں کود پڑنا-
قَمَّسَ :الرَّجُلُ :اُونٹوں کو سیراب کرنا-
قَامَسَهُ قِمَاسًا و مُقَامَسَةً- غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا- مناظرہ کرنا- مباحثہ کرنا- کہا گیا ہے "هُوَ يُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے-
تَقَامَسُوْا- فِي المَاءِ :باہم غوطہ زنی کرنا-
القَمَّاس- غوطہ خور-
القَامُوْس- سمندر- سمندر کا گہرا حصہ- ج قَوَامِيْس-
القَامُوْس- علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قَامُوْس کہتے ہیں-
القِمَاس- کنوئیں میں پانی کی زیادتی-
القَمِيْس ج قَمَامِيْس القَمِيْص سمندر-
القَمُوْس- کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے-
القُمَّس- مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَة-
القَوْمَس- امیر- سمندر کا گہرا حصہ- ج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَوَامِس :القَوَامِس : مصیبتیں۔
قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وقَمَّشَ القُمَاشَ : اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
تَقَمَّشَ۔ جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔
اِقْتَمَشَ۔القُمَاشَ :اِدھر اُدھر سے کھانا۔
القُمَاش۔ ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ۔ النَّاسِ : رذیل لوگ۔ قُمَاشُ البَيْتِ : گھر کا سامان۔ج اَقْمِشَہ۔
القَمْش۔مص۔ردی چیز۔
القَمَّاش۔سامان بیچنے والا۔
قَمِصَ (ن ض) قَمَاصًا وقِمَاصًا وقَمْصًا الفَرَسُ وغَيْرُهُ : گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا ـــــ العَيْرُ : گدھے کا کودنا اور بھاگنا ( ـــــ قَمْصًا) مِنْهُ : نفرت کرنا۔ اعراض کرنا ـــــ النَّاقَةُ بِالرَّدِيْفِ : اُونٹنی کا اُچھلتے ہوئے لے جانا ( ـــــ وقَمَصَ) البَحْرُ بِالسَّفِيْنَةِ : موج سے حرکت دینا۔ وقَمَّصَهُ : قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ :کرتا قطع کرنا۔
تَقَمَّصَ۔کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلَايَةَ والإِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ" "تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ :ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔
القَمَص۔ انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ کھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اُڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة۔
القِمَاص۔مص۔قتل۔
القَمِيْص۔ کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان۔ القَمِيْص : نوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوْفُ قَمِيْصَ قَلْبِهٖ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔
القَمِيْص والقَمُوْص۔وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔القَمُوْص :شیر۔بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَمُوْصُ الحَنْجَرَةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔
القَمِصْی۔تیز دوڑ۔

قَمَطَهُ (ن ض) قَمْطًا وقَمَّطَهُ۔گھوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا ـــــ الإِبِلَ : اُونٹوں کو قطار میں کرنا ـــــ طَعْمَ الشَّيْءِ : چکھنا ـــــ الشَّيْءَ : لینا۔ قَمَطَ الدِّيْكُ : مرغ کا جفتی کرنا ـــــ المَرْأَةَ : عورت سے جماع کرنا۔
القِمَاط : رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گھوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ج قُمُط ( ـــــ والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو وزنع کرنے کے لیے باندھیں۔
عَامٌ قَمِيْطٌ۔ پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهُ حَوْلًا قَمِيْطًا او شَهْرًا قَمِيْطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔
القَمَّاط۔ چور۔ بچوں کو گھوارہ میں باندھنے کے لیے پٹی بنانے والا۔
القُمَّاط۔بہت سے چور۔
قَمْطَرَ قَمْطَرَةَ الشَّيْءُ : جمع ہونا ـــــ الشَّيْءَ :جمع کرنا ـــــ اَلْقِرْبَةَ :مشک کو بندھن سے باندھنا۔مشک کو بھرنا ـــــ العَدُوَّ :دشمن کا بھاگنا۔قَمْطَرَ الجَارِيَةَ :جماع کرنا۔
اِقْمَطَرَّ۔منتشر ہونا۔سکڑنا ـــــ لِلشَّرِّ : آمادہ ہونا ـــــ اليَوْمُ :دن کا سخت ہونا ـــــ عَلَيْهِ الشَّيْءُ :بھیڑ ہونا۔
القِمَطْر والقِمَطْر۔بستہ۔جزودان۔مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔پستہ قد موٹا مرد۔مذکر و موث اور کبھی اِمْرَأَةٌ قَمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ج قَمَاطِر
القِمَطْر :شکردانی۔
القُمَاطِر والقَمَطْرِيْر۔سخت دن یا سخت بُرائی۔
القِمَطْرَىٰ۔پستہ قد موٹا مرد۔اکھڑی چال۔
قَمَعَهُ (ف) قَمْعًا۔ آنکس سے مارنا۔ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمَعَ القِرْبَةَ : باہر کی طرف مشک کے مُنہ کو موڑنا قَمَعَ فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا۔
الكُتُب :عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔قَمَعَتِ المَرْأَةُ بَنَانَهَا بِالحِنَّاءِ : عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا ـــــ هُ : سر کے بالائی حصّہ پر مارنا ـــــ لِبَرْدُ النَّبَاتَ : سردی کا نباتات کو جلا دینا ـــــ مافِي السِّقَاءِ :ڈگڈگا کے پینا ـــــ الشَّرَابُ : آسانی سے حلق سے اُترنا ـــــ سَمْعَهُ لِفُلَانٍ : خاموش ہونا ـــــ الوَطَبَ : قیف لگانا۔
قَمِعَتْ (س)قَمَعًا عَيْنُهُ :گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة ـــــ الفَرَسِ : ایک موٹے گھٹنے والا ہونا ـــــ عُرْقُوْبُ الفَرَسِ : ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا ـــــ الظَّبْيَةُ : ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا ـــــ فُلَانٌ الدَّوَاءَ : دوا پھانکنا۔
قَمَّعَ البُسْرَةَ ونَحْوَهَا : کھجور وغیرہ کی پینڈی کو دُور کرنا۔قَمَّعَتِ البُسْرَةُ ونَحْوهَا : کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دُور ہونا۔
اَقْمَعَهُ۔ ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقْمَعْتُهُ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔
تَقَمَّعَ۔ متحیر ہونا۔ مدہوش ہونا۔ تنہا۔ بیٹھنا۔ ذلیل ہونا ـــــ الذُّبَاب : مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَكْتُهُ يَتَقَمَّعُ میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا ( ـــــ واِقْتَمَعَ) الشَّيْءَ :چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِي الإِنَاءِ" :یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔
اِنْقَمَع۔ خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا ـــــ الرَّجُلُ :تنہا بیٹھنا۔
القَمْع والقِمْع والقِمَع۔ قیف۔ج اَقْمَاع۔ کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی۔ اور تشبیہہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قُمَعَ کہتے ہیں۔ج قُمُوْع۔
القَمَع۔ آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَمْعَة والقُمْعَة والقُمَعَة :مِنَ المَالِ :چنا ہوا عمدہ مال۔
الأَقْمَع۔مؤنث قَمْعَاء ج قُمْعٌ والقَمُوْع : وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الأَقْمَعُ مِنَ الخَيْلِ :گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔
القَمِعَة۔ کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کنارہ- قَمَعَةُ الذَّنَبِ : دُم کا کنارہ- قَمَعَةُ الشَّيْءِ : عمدہ چیز- ج قَمَعٌ- القَمْعَة : مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے- ج مَقَامِع-

القَمِع- مِنَ الخَيْلِ : گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو- سَنَامٌ قَمِع : بڑا کوہان- طَرْفٌ قَمِع : پھنسیوں والی آنکھ-

القَمْعَة- توشہ دان وغیرہ کا سرپوش- بہترین مال ج قَمْعٌ-

القَمِيْعَة- مِنَ الدَّوَابِّ : دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصّہ- دُم کا سراج قَمَائِع-

المِقْمَعَة- آنکس- لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے- ج مَقَامِع-

المَقْمُوْع- منع- مغلوب- تخمہ زدہ ـــــ مِنَ المَالِ : چنا ہوا مال-

القُمْعُوْث- مردِ دیوث و بے غیرت-

المُقْمَعِدّ- وہ شخص کہ جس کے ساتھ تم نرمی برتو اور وہ تمہارے ساتھ سختی سے پیش آئے-

القُمْعُوْظَة- گہریلا کی گولی-

قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَّبْتُ : نباتات کا غلاف نکلنا یا شگوفہ نکلنا ـــــ الرَّجُلُ : سردار قوم ہونا-

القِمْعَال- سردار قوم : چرواہوں کا سردار-

القَمْعُل- تنگ منہ کی ہانڈی ( ـــــ والقُمْعُوْل) بڑا پیالہ- ج قَمَاعِل و قَمَاعِيْل-

القُمْعُوْلَة- نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی- کونپل- سر کے اندر گٹھا- ج قَمَاعِيْل-

قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى المَائِدَةِ : دسترخوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا-

تَقَمْقَمَ- بہت پانی میں گھسنا یہاں تک کہ ڈوب جانا ـــــ الشَّيْءَ : چبھنا-

القُمْقُم- حلق کی نالی- گھڑا پانی گرم کرنے کے لیے تانبے کا برتن- عطر فروش کا برتن- گلاب پاش-

القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقُمان : بڑی تعداد سمندر یا سمندر کا گہرا حصّہ- چھوٹی چڑیاں- ایک قسم کی جوئیں- اس کا واحد قُمْقَامَة- القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم : بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم

وقَمَاقِمَة- القَمْقَام : امرِ عظیم- بڑا معاملہ- رَجُلٌ قَمْقَام : کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے- القَمَاقِم : ماہ تشرین کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے-

القِمْقِم- پرِ خشک کچی کھجور-

القُمْقُمَة- لکڑی کا پیالہ- لوٹا-

قُمِلَ (س) قَمَلاً القَوْمُ : زیادہ تعداد ہونا- سرسبزی و شادابی والا ہونا ـــــ فُلَانٌ : لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ رَأْسُهُ : سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا- صفت قَمِل بَطْنُه : توند نکلنا-

قَمِل و اَقْمَلَ المَرْعَى : چراگاہ کا اُگنا اور سیاہ ہونا-

تَقَمَّلَ الرَّجُلُ : کچھ موٹائی شروع ہونا-

القَمْل- جو واحد قَمْلَة- کہا جاتا ہے "دَبَّ قَمْلُهُ" یعنی موٹا ہوا- قمل قریش : دانہ صنوبر-

القَمَال- جوں-

القُمَّل- چیچڑی- چھوٹی چیونٹی- واحد قُمَّلَة-

المِقْمَل- فقیری کے بعد تونگر-

تَقَمَّنَ الاَمْرَ : قصد کرنا ـــــ الشَّيْءَ : پکڑنے کے قریب ہونا-

القَمِن- لائق- قریب- مناسب- یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا المَنْزِلُ لَكَ مَوْطِنٌ قَمِنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو- "وجِئْتُ بِالحَدِيْثِ عَلَى قَمِنِهِ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا-

القَمِن- لائق- سزاوار- حمام کی بھٹی- قَمِن اور قَمِيْن کے ساتھ با یا من یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے- جیسے "هُوَ قَمِنٌ و قَمِيْنٌ بِكَذَا- وقَمِنٌ وقَمِيْنٌ مِنْ كَذَا اولِكَذَا" ج قُمَنَاء و قَمِيْنُوْنَ- مؤنث قَمِيْنَةٌ ج قَمِيْنَاتٌ و قَمَائِن- کہا جاتا ہے : اَقْمَنُ بِهٰذَا الاَمْرِ یعنی وہ اس کے لیے سزاوار تر ہے- وهٰذَا الاَمْرُ مُقْمِنَة لِذَاكَ یعنی زیادہ مناسب ہے-

المُقْمَنّ- سکڑا ہوا-

القَمْنَانَة- نوزائیدہ چیچڑی- ابتداءِ پیدائش میں قَمْنَانَة پھر کچھ بڑی ہو تو حَمْنَانَة پھر فُراد پھر حَلَمَة-

قَمِهَ (س) قُمُوْهًا البَعِيْرُ : حوض سے سر اُٹھا لینا اور پانی نہ پینا ـــــ الشَّيْءَ : فِي المَاءِ : ڈوبنا اور اُچھلنا-

تَقَمَّهَ فِي الاَرْضِ : آوارہ پھرنا- کہا جاتا ہے "خرج فُلَانٌ يتقمه" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے-

القَمَهَة- کھانے کی کم خواہش-

القَامِه- فا- ج قُمَّه-

اِقْمَهَدَّ- مرنا ـــــ الرَّجُلُ او البَعِيْرُ : سر اُٹھانا ـــــ بِالمَكَانِ : ہمیشہ اقامت کرنا- تیز دوڑنا-

القَمْهَد- کمینہ- بد اصل- بدصورت-

قَامَاه مُقَامَاةً (یائی) موافقت کرنا- تم کہو گے مَا يُقَامِيْنِي هٰذَا الشَّيْءَ : یعنی یہ چیز مجھے موافق نہیں-

قَنَّ (ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا- خبروں کو تلاش کرنا- لاٹھی سے مارنا- قَنَّ فِي الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا-

اِقْتَنَّ- غلام بنانا- خاموش ہونا ( ـــــ واقْتَأَنَّ اِقْتِئَانًا) کھڑا ہونا-

اِسْتَقَنَّ بِالاَمْرِ : مستقل ہونا- بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا-

القُنّ- چھوٹی پہاڑی ( ـــــ والقُنَان) کرتے کی آستین-

القِنّ- غلام- خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ- اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لیے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان و اَقِنَّة آتی ہے-

القَنَانَة و القُنُوْنَة- غلامی- بندگی-

القُنَّة- چھوٹی پہاڑی- پہاڑ کی چوٹی- وقُنَّة كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا بالائی حصّہ- ج قُنَن و قِنَان و قُنُوْن و قُنَّات-

القِنَّة- رسّی کی لڑیوں میں ایک لڑی- ایک دوا کا نام- ج قِنَن-

القَنَن- طریقہ- روش-

القَنِيْنَة- شیشہ کی بوتل- ج قَنَانِي و قَنَان-

القَانُوْن- قاعدہ- اصل- ہر چیز کا پیمانہ- ایک قسم کا باجہ- ج قَوَانِين (دخیل)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قَنَأَ (ف) قُنُوْءًا۔ الشَّيْءُ : گہرا سرخ رنگ والا ہونا ـــــ اللِّحْيَةُ مِنَ الْخِضَابِ : داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنَأً) اللَّبَن : دودھ میں پانی ملانا۔

قَنَأَ (ف) قَنْأً وَقَنَأً وَتَقْنِئَةً وَتَقْنِيأً لِحْيَتَهٗ۔ داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَأَ الشَّيْءَ : گہرا سرخ رنگنا۔

(قَنَأَ (ف) قَنْأً وَاَقْنَأَ) الرَّجُلَ : قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الْاَدِيْمَ : چمڑے کو خراب کرنا ـــــ الشَّيْءُ فُلَانًا : ممکن ہونا اور قریب ہونا۔

قَنِئَ (س) قُنُوْءًا۔ مرنا ـــــ الْاَدِيْمُ : چمڑے کا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانِئ : بہت گہرا سرخ۔

الْمَقْنَأَة وَالْمَقْنُوْءَة۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

الْقِنْبِل۔ ہاتھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔

قَنَبَ (ن ض) قُنُوْبًا فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا۔ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا ـــــ الْكَرْمَ : انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔ قَنَبَ الزَّرْعُ : خوشہ کے پتے ظاہر ہونا ـــــ الزَّهْرُ : کلی سے نکلنا ـــــ الْكَرْمَ : انگور کی شاخ تراشی کرنا ـــــ الْاَسَدُ بِمَخْلَبِهٖ : شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔ قَنَبَتْ وَاقْتَنَبَتْ وَتَقَنَّبَتِ الْخَيْلُ : چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنِّبُوْا وَتَقَنَّبُوْا نَحْوَ الْعَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ وَتَقَنَّبَ الرَّجُلُ فِي بَيْتِهٖ : داخل ہونا۔

اَلْقَنَبُ۔ سفر میں دُور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قَنَبُ الزَّهْرِ : پھول کا غلاف ج قُنُوب۔

اَلْقَانِب۔ فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ وادٍ قَانِبٌ : وادی جس کا سیلاب دُور سے جاری ہو۔

اَلْقُنْب۔ بڑا باوبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ كَفِّ الْاَسَدِ : شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔

اَلْقُنَاب وَالْقِنَاب وَالْقُنَابَة۔ پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ اَلْقِنَاب : شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔

اَلْقَنِيْبُ وَالْقُنُب۔ جوٹ۔ سن جس سے سُتلی بناتے ہیں۔

اَلْقَنِيْب۔ لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔

اَلْقَنَاب۔ تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چھٹی رساں۔

اَلْمِقْنَب۔ تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کیلئے جمع ہوں ج مَقَانِب ( ـــــ وَالْمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔ اَلْمِقْنَب : شیر کی ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "مِخْلَبُ الْاَسَدِ فِيْ مِقْنَبِهٖ" شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے۔ شکاری کا تھیلہ۔

اَلْقُنْبَرَة وَالْقُنْبُرَة۔ چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنَابِر۔

اَلْقُنْبُرَة : سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔

دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِيَّةٌ۔ چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔

اَلْقُنْبُض۔ سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضَةٌ۔

اَلْقُنْبُضَة : بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔

اَلْقُنْبَيْط۔ گوبھی۔ اور عوام قَرْنَبِيْط بھی کہتے ہیں۔

قَنْبَعَ فِيْ بَيْتِهٖ : چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَتِ الشَّجَرَةُ : غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔

ـــــ الرَّجُلُ : غصّہ کی وجہ سے پھولنا۔

اَلْقُنْبَع۔ درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔

اَلْقُنْبُعَة۔ بمعنی اَلْقُنْبَع۔ ایک قسم کا بچوں کیلئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعَةُ الْخِنْزِيْر : سور کی خرخراہٹ۔

اَلْقَنْبَل وَالْقَنْبَلَة۔ لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل۔

اَلْقُنَابِل۔ بڑے سروالا ( ـــــ وَالْقُنْبُل) موٹا قوی مرد۔

قَنَتَ (ن) قُنُوْتًا۔ اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللّٰهَ وَقَنَتَ لِلّٰهِ"۔

ـــــ لَهٗ : ذلیل ہونا۔

قَنَتَ (ک) قَنَاتَةً۔ کم خوراک ہونا۔

اَقْنَتَ۔ نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔

اِقْتَنَتَ۔ فرمانبردار ہونا۔

اَلْقَانِت۔ فا۔ ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت۔

اَلْقَنِيْت۔ کم خوراک۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ قَنِيْت" : پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔

اِمْرَأَةٌ قَنُوْتٌ : شوہر کی تابعدار عورت۔

اَلْقَنْتَر۔ پستہ قد۔

اَلْقَنْثَر۔ پستہ قد۔

رَجُلٌ مُقَنْثَعُ اللِّحْيَةِ : پراگندہ داڑھی والا مرد۔

قَنْثَلَ الرَّجُلُ : چلنے میں غبار اُڑانا۔

اَلْقَنْحُوْر۔ چھوٹے سروالا۔ کم عقل۔

اَلْقُنْجُل۔ غلام۔

قَنَحَ (ف) قَنْحًا الْعُوْدَ : لکڑی کا سرا موڑنا ـــــ الشَّارِبُ : پینے والے کا سیراب ہو کر سر اُٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا ( ـــــ وَاَقْنَحَ) الْبَابَ : دروازہ کو لکڑی سے اُٹھانا۔

قَنَحَ الْبَابَ : دروازے کے لیے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔

تَقَنَّحَ۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

اَلْقُنَاح۔ دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔

اَلْقُنَّاح۔ لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔

اَلْقُنْحُل۔ غلام یا شریر غلام۔

اَلْقُنَاخِر۔ ج قَنَاخِر وَالْقِنَّخِر۔ بڑے جسم والا اَنْفٌ قُنَاخِر : موٹی ناک۔ اَلْقِنَّخِر : کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔

اَلْقُنْخُوْرَة وَالْقِنْخِيْرَة وَالْقِنَّخِرَة وَالْقُنْخُوْر۔ بڑی چٹان۔

اَلْقَنْد۔ ج قُنُوْد وَالْقَنَادِيْد ج قَنَادِيْد شکر۔ اَلْقَنْدِيْد : کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْاَمْرِ عَلٰى قَنَادِيْدِهٖ" وہ معاملہ کو اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



روش پر لایا ـــــ سَوِيٌّ مُقَنَّدٌ و مُقَنْوَذٌ۔ شکر ملا ہوا ستو۔ كَلَامٌ مُقَنَّدٌ : شیریں گفتگو۔
رَجُلٌ مُقَنْوَذُ الكَلَامِ : شیریں کلام مرد۔
القُنْدُر و القُنْدُس۔ ایک آبی جانور جس کی دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔
قَنَدَسَ۔ گناہ کے بعد توبہ کرنا ـــــ فِي الأَرْضِ : سیر و سفر کرنا۔
القُنْدُع۔ مردِ دیوث۔
القِنْدَعْل۔ بیوقوف۔
قَنْدَلَ۔ بڑے سر والا ہونا۔ صفت قَنْدل وقُنادِل وقَنْدِيل۔
رَأْسٌ قُنادِل۔ بڑا اور مضبوط سر۔
القِنْدِيل۔ چراغ : فانوس۔ ج قَناوِيل (دخیل)
القُنْدُول۔ ایک خار دار درخت۔ واحد قُنْدُولة۔
القُنْدُع۔ مردِ دیوث۔
القُنْذُعَة۔ سر کے گرد اگرد بال ج قَنادِع
القَنادِع : بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔
اَقْنَز۔ چھوٹے مٹکے سے پینا۔
القِنْز و الإِقْنِيز۔ چھوٹا مٹکا۔
القَايِز و القَنَّاز۔ شکاری۔
القَنَز۔ قنص میں ایک لغت ہے۔
القُنْزُعَة و القَنْزَعَة و القِنْزِعَة و القُنْزَعَة و القُنْزُع۔ بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرد اگرد بال۔ پروں کا بقیہ۔ مرغ کی کلغی۔
القُنْزُعَة : بہت پستہ قد عورت۔ ج قُنْزُعات وقَنازِع۔ القَنازِع : بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔
اَقْنَسَ الرَّجُلُ : کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔
القِنْس و القَنْس۔ اصل۔
القِنْس ج قُنُوس و القَوْنَس ج قَوانِس و القَوْنُوس۔ سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَيْنَس۔ تبل۔ ج قَيانِس۔
قَنْسَرَتْهُ۔ الشَّدائِدُ و السِّنُّ : بوڑھا کرنا۔
تَقَنْسَرَ۔ بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔
القَنْسَر و القَنْسَرِيّ و القِنَّسْر۔ بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔
القَنَاسِر۔ سخت۔
قَنَّشَه تَقْنِيشًا۔ کم کرنا۔ اہل و عیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِّشَ فِي الشَّيْءِ : کمی کیا جانا۔
القَنْشُوزَة۔ عورت جس کو حیض نہ آئے۔
قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَّيْر : پرندہ کا شکار کرنا۔
تَقَنَّصَ و اقْتَنَصَ الطَّيْرَ او الظَّبْيَ : پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔
القِنْص۔ اصل۔
القَنَص۔ شکار۔
القَنَّاص۔ شکاری۔
القُنَّاص۔ شکاری لوگ۔
القَانِص و القَنِيص۔ شکاری۔
القَنِيص : شکار۔ مؤنث قَنِيصَة۔
القَانِصَة۔ پرندے کا پوتا جو قَوانِص شکار کرنے والے۔
القَنَاصِر۔ سخت۔
القِنْصَعَر۔ چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا۔ گٹھے بدن کا۔
القُنْصُل۔ پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قناصل (دخیل)
القُنْصُلِيَّة۔ قُنْصُل کے رہنے کی جگہ۔
قَنِطَ (س) قَنَطًا و قَنَطَ (ض ن) قُنُوطًا و قَنَطَ (ک) قَنَاطَةً۔ مایوس ہونا۔ صفت قَنِط و قَانِط و قَنُوط۔
قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔
قَنَطَهُ و اَقْنَطَهُ۔ مایوس کرنا۔
قَنَطَ قَنْطَةً۔ خوف سے دوڑنا۔
قَنْطَرَ قَنْطَرَةً۔ بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا ـــــ عَلَيْنَا : دیر تک ٹھہرنا ـــــ الشَّيْءَ : مضبوط باندھنا۔
المَرْأَة : عورت سے جماع کرنا۔
القِنْطِر۔ ایک قسم کا پرندہ ( ـــــ و القِنْطِيْر) مصیبت۔
القَنْطَرَة۔ مد۔ پل۔ بلند عمارت ج قَناطِر۔
القِنْطَار۔ ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔ مال کثیر۔ ج قَناطِير۔
الكِبْس - کنواں پاٹنے کی مٹی - بڑا سر - پہاڑ کی جڑ میں غار - خزانہ - اصل - مٹی کا گھر -

الكِبَاسَة - کھجوروں کا گچھا - ج كَبَائِس -

جِبَالٌ كُبْسٌ وكُبُسٌ - سخت پہاڑ -

الكَابُوْس - ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہے -

الكُبَّاس - سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا - بڑے سر والا - پُر گوشت - هَامَةٌ كُبَّاس : موٹی گول کھوپڑی -

الكَبْسَة - اچانک حملہ -

الكَابِسَة - کابس کا مؤنث - أَرْنَبَةٌ كَابِسَة اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ - نَاصِيَةٌ كَابِسَةٌ : پیشانی پر لٹکے ہوئے بال -

الكَبِيْس - ایک قسم کی کھجور - ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے - السَّنَةُ الكَبِيْسَة : وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے جیسے ۱۹۴۰ء و ۱۹۴۴ء

المِكْبَس - ج مَكَابِس والمِكْبَاس ج مَكَابِيْس اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ - المَكَابِيْس : وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں -

المُكْبِس - فا - سر نیچے رکھنے والا - اچانک آنے والا اور روبانے والا -

كَبَشَ (ن) كَبْشًا الشَّيْءَ : مٹھی بھر کر لینا -

الكَبْش - مینڈھا جب کہ وہ سال کا ہو - اور بقول بعض چار سال کا - ج كِبَاش واكْبُش وكُبُشَة - الكَبْش : سردار قوم - بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ کرنے کیلئے لگایا جائے - ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے -

الكِبَاش - جواں مرد لوگ -

الكَبَّاش - مینڈھوں والا -

الكُبَاص والكُبَاصَة - مضبوط و قوی اونٹ یا گدھا -

كَبَعَ (ف) كَبْعًا الشَّيْءَ : کاٹنا ـــــ هُ عَنْ كَذَا : منع کرنا' روکنا ـــــ الدَّرَاهِمَ : دراہم پر کھنا اور وزن کرنا -

كَبَعَ (ف) كُبُوْعًا - ذلیل ہونا - فروتنی کرنا -

كَبَّعَ الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

الكُبَع - ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اونٹ) بھی کہتے ہیں -

كَبْكَبَ كَبْكَبَةً وكِبْكِبَةً الشَّيْءَ : اُلٹنا' پچھاڑنا - المَوَاشِي الشَّارِدَة - بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا ـــــ الشَّيْءَ : گڑھے میں پھینکنا -

تَكَبْكَبَ فِيْ ثِيَابِهِ : لپٹنا ـــــ القَوْمُ : جمع ہونا -

الكَبْكَب والكِبْكِب - ایک قسم کا کھیل -

الكُبْكُبَة بتثليث الكافين والكُبْكُوْب والكُبْكُوْبَة : لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ -

الكُبْكُب والكُبَاكِب : گٹھے بدن والا -

الكِبْكِبَة والكِبْكِب - کاٹتے ہوئے دھاگے کا گولہ -

كَبَلَهُ (ض) كَبْلًا وكَبَّلَهُ - بیڑی ڈالنا - قید کرنا -

كَبَلَهُ وكَابَلَهُ مُكَابَلَةً الدَّيْنَ : قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنا - ادائے قرض میں تاخیر کرنا ـــــ كَابَلَ الدَّارَ : مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خرید لے اور پھر شفعہ سے لے لینا -

تَكَبَّلَ - بیڑی ڈالا جانا - قید ہونا -

اكْتَبَلَ الأَسِيْرَ : بیڑی ڈالنا ـــــ الكَبْش : قیلی کو باندھنا ـــــ هُ : خَيْزَرَهُ : روکے رکھنا -

الكَبَل والكَبْل - بیڑی - بڑی بیڑی - ج كُبُوْل واكْبُل : الكُبْل : ڈول کا کنارہ - ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو - بہت بالوں والی پوستین -

الكَبَل والكَابَلِيّ - ننگ کپڑا یا پوستین وغیرہ - کہا جاتا ہے "فَرْوٌ كَبَلٌ او كَابَلِيّ"

الكَابُوْل - شکاری کا جال -

المَكْبُوْل - مغم - قیدی -

الكَابُلِيّ - پستہ قد -

الكَبُوْلَاء - ایک قسم کا کھانا -

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



كَبَنَ (ن ض) كَبْنًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا ـــــ الشَّيَ : غائب کرنا ـــــ عَنِ الشَّيَ : بدول ہونا۔ باز رہنا ـــــ عَنْهُ لِسَانَهُ : زبان روکنا ـــــ هُدَيَّتَهُ : روک لینا۔

كَبَنَ (ض) كَبْنًا وكُبُوْنًا الظَّبْيُ : ہرن کا زمین سے چمٹنا ـــــ الرَّجُلُ : سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ سوتا ہونا۔ مطمئن ہونا۔

اِكْتَبَنَ لِسَانَهُ عَنْهُ : زبان روکنا۔

اِكْتِبَانًا اِكْبِئْنَانًا۔ سمٹنا۔ سکڑنا۔

الظَّبْيُ : ہرن کا زمین سے چمٹنا ـــــ الرَّجُلُ : شکستہ دل ہونا۔

الكَبْن۔ مع ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔

الكُبُّ والكُبَّة۔ بخیل۔ کنجوس۔ الكُبَّة خشک روٹی۔

الكُبَان۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

المَكْبُوْن۔ مع۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔

ـــــ مِنَ الخَيْلِ : چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَكَابِيْن۔ رَجُلٌ مَكْبُوْنُ الْأَصَابِعِ : سخت اور موٹی انگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَكْبُوْنَة۔ المَكْبُوْنَة : جلد باز عورت۔

كَبَا يَكْبُوْ كَبْوًا وكُبُوًّا لِوَجْهِهِ : منہ کے بل گرنا ـــــ الزَّنْدُ : چقماق کا بے آگ ہونا۔

كَبَتِ النَّارَ : آگ کا راکھ میں چھپنا ـــــ النُّوْرُ : روشنی کم ہونا۔

ـــــ النَّبْتُ : نباتات کا پژمردہ ہونا ـــــ الغُبَارُ : غبار کا اوپر کو چڑھنا ـــــ الجَمَرُ : بلند ہونا۔

ـــــ لَوْنُ الصُّبْحِ او الشَّمْسِ : تاریک ہونا ـــــ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا ـــــ مَاءً فِي الْوِعَاءِ : پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا ـــــ الكُوْزَ : کوزہ سے گرا دینا ـــــ الشَّيَ : صاف کرنا ـــــ البَيْتَ : جھاڑو دینا۔

كَبَى تَكْبِيَةً النَّارَ : آگ کو راکھ میں چھپانا۔

كَوَّبَهُ بِالكِبَاءِ : کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے كِبَاء)

اِكْتَبَى اِكْتِبَاءً۔ الزَّنْدُ : چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اِكْتَبَى وَجْهَهُ : حقیر کرنا۔

كَابَى مُكَابَاةً السَّيْفَ : تلوار کو میان میں رکھنا۔

تَكَبَّى عَلَى المِجْمَرَةِ : عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔

اِكْتَبَى بِالعُوْدِ : دھونی دینا۔

اِنْكَبَى۔ منہ کے بل گرنا۔

الكُبَاءُ۔ بلند۔

الكِبَاء والكِبِّي ج اَكْبَاء والكُبَّة : ج كُبُوْن : کوڑا کرکٹ۔

الكِبَاء۔ زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے اِدھر اُدھر غلیظ جھاگ۔

الكِبَاء۔ دھونی کی لکڑی۔ ج كُبِّي۔

الكَبْوَة۔ كَبَا کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔

الكُبْوَة۔ دھونی دینے کی انگیٹھی۔

الكَابِي۔ فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَابِي الزَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الكَابِي : بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ كَابٍ : باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ كَابٍ : بلند غبار۔

الكَابِيَة۔ کالی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ كَابِيَةٌ : راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔

كَتَّهُ (ن) كَتًّا۔ شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِجَيْشٍ مَا يُكَتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور فوج لے کر آیا۔

كَتَّ واكْتَتَّ الكَلَامُ فِي اُذُنِهِ : چپکے چپکے کہنا۔

كَتَّ (ن) كَتِيْتًا۔ آہستہ چلنا۔

كَتَّ (ض) كَتَّا البَعِيْرُ : اونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ كَتَّتِ القِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔

كَتَّ الرَّجُلُ : ذلیل کرنا۔ غمگین کرنا۔

اِكْتَتَّ الحَدِيْثَ : بات سننا۔

تَكَاتَّ النَّاسُ : شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔

الكَتُّ۔ مع وُبلا (مذکر و مؤنث) ـــــ

الكَتَّة۔ كَتَّ کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔

الكَتَّة۔ روئی بال۔

الكَتِيْت۔ مع۔ ہانڈی ابلنے کی آواز۔ جوش شراب کی آواز۔ جوان اونٹ کی آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَتِيْتُ الْيَدَيْنِ" یعنی بخیل مرد۔

الكَتِيْتَة۔ ایک قسم کا کھانا۔

كَتَبَ (ن) كَتْبًا وكِتَابًا وكِتْبَةً وكِتَابَةً الكِتَابَ : لکھنا۔ كَتَبَ عَلَيْهِ كَذَا : واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ اللّٰهُ عَلَى عِبَادِهِ الطَّاعَةَ وعَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ" یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔ كَتَبَ القِرْبَةَ كَتْبًا : مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔

كَتَّبَ الكِتَابَ : لکھنا ـــــ الوَلَدَ : لکھنا سکھانا ـــــ الجُنُوْدَ : فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔

كَاتَبَهُ مُكَاتَبَةً۔ خط و کتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ كَاتَبَ العَبْدَ : مال معینہ کی ادائیگی کی شرط پر آزاد کرنا۔

اَكْتَبَهُ۔ لکھنا۔ سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔

اَكْتَبَهُ القَصِيْدَةَ : لکھوانا۔ اَكْتَبَ القِرْبَةَ : مشک کا منہ باندھنا۔

تَكَتَّبَ الرَّجُلُ : کپڑے سمیٹ کر ہوشیار ہونا۔ تَكَتَّبَتِ الكَتَائِبُ : فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔

تَكَاتَبَ القَوْمُ : ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا۔

اِكْتَتَبَ الكِتَابَ : لکھنا۔ املا کرانا۔ لکھوانا۔ لکھنے کو کہنا ـــــ الغُلَامَ : لکھنا سکھانا ـــــ القِرْبَةَ : مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا ـــــ بَظْرَهُ : بند ہونا ـــــ الرَّجُلُ : رجسٹر میں اپنا نام لکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِكْتُتِبَ بِمَالٍ او اِعَانَةٍ"

اِسْتَكْتَبَهُ الشَّيَ : لکھنے کو کہنا ـــــ هُ القَصِيْدَةَ : قصیدہ املا کرانے کو کہنا ـــــ الغُلَامَ : کاتب بنانا۔

الكِتْبَة۔ مع۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹر ہونا۔

الكُتْبَة۔ سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔

الكِتَاب۔ مع۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُب و کُتُب
والکِتَابُ عَلَی الْاِطْلَاق : ہر وہ کتاب جو منزل
من اللہ ہو۔ اَھْلُ الْکِتَاب : وہ لوگ جن کے
پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ الْکِتَاب : اصل کتاب۔
سورۂ فاتحہ۔

الْکُتُبِیّ۔ کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔

الْکِتَابَۃ۔ مص۔ لکھا ہوا۔ مالِ معین کی ادائیگی پر
غلام کو آزاد کرنا۔

الْکَتِیْب۔ بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔

الْکَتِیْبَۃ۔ لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔
سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِب۔

الْکَاتِب۔ فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کَاتِبُوْن و کَتَبَۃ
و کُتَّاب۔

الْکُتَّاب۔ جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج
کَتَاتِیْب۔

الْمَکْتَب۔ تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج
مَکَاتِب۔

الْمَکْتَبَۃ۔ لائبریری۔ کتب خانہ ج مَکَاتِب۔

الْمُکْتِب۔ فا رَجُلٌ مُکْتِبٌ : کتابیں نقل
کرانے والا۔

الْمُکَتِّب۔ فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔

الْمَکْتُوب۔ مفم۔ خط۔ ج مَکَاتِیْب۔

کَتَعَ (ف) کَتْعًا الطَّعَامَ : شکم سیر ہو کر کھانا۔

کَتَحَتْہُ الرِّیْحُ : ہوا کا غبار اُڑانا۔

الذِّئْبُ الْاَرْضَ : کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور
درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔

الْکَتَدُ والْکَتِد۔ دونوں کندھوں کے درمیان
کا حصہ۔ ج اَکْتَاد و کُتُوْد اور کہا جاتا ہے
"خَرَجُوْا اَعْلَنْتَا اَکْتَادًا و اَکْدَادًا" وہ ہمارے
خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔

الْاَکْتَد۔ کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ
والا۔

الْکَتْر و الْکِتْر و الْکَتَر و الْکَتْرَۃ۔ بلند کوہان
اَلْکِتْر : بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا
درمیان۔

الْکَتْر و الْکَتْرَۃ۔ لڑکھڑاہٹ کی چال۔

الْکِتْرَۃ۔ قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔

کَتَشَ (ن) کَتْشًا لِاَھْلِہٖ : کمائی کرنا۔

کَتَعَ (س) کَتْعًا۔ سکڑنا۔ لنجا ہونا ـــــ فِی
الْعَمَلِ : مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔

کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ : لے جانا (ـــــ کُتُوْعًا)
فِی الْاَرْضِ : دُور ہونا اور بھاگنا۔

کَتَّعَ اللَّحْمَ : گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کَاتَعَہُ اللّٰہُ : تباہ و برباد کرنا۔

تَکَاتَعَ الرِّجْلَانِ : ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔

الْکُتَع ج کِتْعَان والْکَتِیْع : لئیم و ذلیل

الْکُتَع : مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ لنجا۔ راستہ کا واقف۔
لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الْکَتِیْع : اکیلا منفرد۔ کہا جاتا
ہے "مَا بِالدَّارِ کَتِیْعٌ او کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک
بھی نہیں۔ حَوْلٌ کَتِیْعٌ : پورا سال۔

الْکَفَعَہ۔ ج کِتَاع و الْکُتَعَہ ج کُتَع و الْکِفْعَہ
ج کِتَع : ڈولچی۔

کُتَعَ۔ کُتَعَاء کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں
مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ ھٰذِہِ الدَّار
جَمْعَاء کُتَعَاء" میں نے اس سارے گھر کو خرید
لیا۔ "رَاَیْتُ اَخَوَاتِکَ جُمَعَ کُتَعَ" میں نے تیری
ساری بہنوں کو دیکھا۔ اور کُتَعَ وصف اور عدل کی
بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَع کو جُمَع پر مقدم
نہیں کرتے اور بغیر جُمَعَ کے استعمال بھی نہیں
کرتے۔ اسلئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الْاَکْتَع۔ لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف
مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ کے توابع میں سے
ہے۔ اور بغیر اَجْمَعُ کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا
جاتا ہے "رَاَیْتُھُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ" یعنی سب
کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاء۔

الْکَتْعَاء۔ باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کیلئے
جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ الدَّارَ
جَمْعَاء کَتْعَاء" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَاْیٌ مُکْتَعٌ۔ قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ
مُکْتَعًا و مُکَوْتَعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

کَتَفَ (ض) کَتْفًا و کَتِیْفًا۔ آہستہ چلنا یا کندھا
ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک
دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

ـــــ فِی الْاَمْرِ : نرمی برتنا (ـــــ کَتْفًا
و کِتَافًا) الرَّجُلَ : مشکیں کسنا : کندھے کے پیچھے
ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ـــــ السَّوْطُ

الدَّابَّۃَ : زین کا کندھے کو زخمی کرنا ـــــ
الْاِنَاءَ : برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا
ـــــ الْاَمْرَ : ناپسند کرنا (ـــــ کَتْفًا و کَتَفَانًا)
الطَّائِرُ پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اُڑنا۔

کَتِفَ (س) کَتَفًا۔ چوڑے یا بڑے کندھوں
والا ہونا۔ دردمند مونڈھے والا ہونا۔ کَتِفَ
الرَّجُلُ : آہستہ چلنا۔

کَتَّفَ الرَّجُلَ : مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے
پیچھے ہاتھوں کو باندھنا ـــــ الْاِنَاءَ : برتن لوہے
وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ـــــ اللَّحْمَ
ونَحْوَہٗ : گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے
کاٹنا ـــــ الْفَرَسُ : گھوڑے کا چلنے میں
مونڈھوں کو ہلانا۔

تَکَتَّفَ۔ سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَکَتَّفَتِ
الْخَیْلُ : گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اُٹھانا۔

الْکَتِف والْکِتْف والْکَتْف۔ شانہ۔ کندھا
مؤنث۔ ج کَتِفَۃ و اَکْتَاف اور عرب کے امثال
میں سے ہے "اِنَّہٗ لَیَعْلَمُ مِنْ اَیْنَ تُؤْکَلُ
الْکَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے
ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الْکَتَف۔ مص ورد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی
لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الْکَتَّاف۔ ورد شانہ۔

الْکِتَاف۔ مشکیں کسنے کی رسّی۔ ج اَکْتِفَۃ
و کُتُف و کُتُف۔

الْکَاتِف۔ فا : ناپسند کرنے والا۔

الْاَکْتَف مِنَ الْخَیْلِ والْجِمَال : درد شانہ
والا۔ مؤنث کَتْفَاء ج کُتْف۔ الْاَکْتَف مِنَ
الرِّجَالِ : مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔

مِنَ الْخَیْلِ : گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ
چوڑا ہو۔

الْکَتِیْف۔ لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی
تلوار۔ ج کُتُف۔

الْکَتِیْفَۃ۔ دروازے کی بلی۔ دروازے کی
چٹخنی۔ جماعت۔ کمینہ۔ ج کَتَائِف۔

الْکُتْفَان والْکِتْفَان۔ ٹڈی جو پہلی مرتبہ
اُڑے۔ واحد کِتْفَانَۃ۔

الْمِکْتَاف۔ جانور جس کا شانہ زین سے زخمی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہو گیا ہو۔

كَتْكَتَ الرَّجُلُ : بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (ـــــ وتَكَتْكَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الكَتْكَات۔ جلدی جلدی بولنے والا۔

كَتَلَهُ (ن) كَتْلاً۔ قید کرنا۔ باز رکھنا۔

كَتِلَ (س) كَتَلاً۔ چٹنا۔ صفت كَتِلٌ ـــــ الحِمَارُ : گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔

كَاتَلَهُ اللّٰهُ : تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَّلَ الشَّيْءَ : جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيرُ : پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ـــــ الشَّيْءُ : جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِلْكَتَلَ۔ گزرنا۔ جانا۔

الكُتْلَةُ مِنَ الطِّينِ ونَحْوِهٖ : مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج كُتَل۔

الكَتَال۔ نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (ـــــ والكَتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰى عَلَيْهِ كَتَالَهٗ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

الكَتِيلَة۔ درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج كَتَائِل۔

الأَكْتَل۔ سخت۔ مصیبت۔

المِكْتَل والمِكْتَلة۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَكَاتِل

المُكْتَل : زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاثُولِيك۔ رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاثولیکی ج كَاثُولِيكِيُّون (دخیل)

كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ واكْتَتَمَ الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اول میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيثَ كَتَّمَ الشَّيْءَ " : چھپانے میں مبالغہ کرنا۔

واكْتَتَمَ الشَّيْءُ : زرد ہونا۔

كَتَمَ (ن) كُتُومًا وكِتَامًا الإِنَاءُ : برتن سے روکے رکھنا۔

كَاتَمَهُ مُكَاتَمَةً السِّرَّ : چھپانا۔ کہا جاتا ہے كَاتَمَهُ العَدَاوَةَ یعنی دشمنی کو چھپایا۔

تَكَاتَمَ الرَّجُلَانِ الحَدِيثَ : ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔

اِنْكَتَمَ۔ چھپنا۔

اِسْتَكْتَمَ السِّرَّ فُلَانًا : بھید چھپانے کو کہنا۔

الكِتْمَة۔ پوشیدگی۔

الكَتَم والكِتْمَان وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔

الكَاتِم۔ فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ كَاتِمٌ بمعنی مَكْتُومٌ یعنی چھپا ہوا بھید وَقَوْسٌ كَاتِمٌ کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔

الكَتَمَة۔ کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعْتُهُ كَتَمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔

الكُتَمَة والكَتَّام والكَتَّامَة بھید کو بہت چھپانے والا۔

الكَتُوم۔ بھید کو چھپانے والا (ـــــ والكَتِيم) مِنَ القِسِيِّ : ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ كَتِيم : درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔

الأَكْتَم۔ بڑے پیٹ والا۔ شکم پیر۔

المُكْتَتِم۔ فا۔ سَحَابٌ مُكْتَتِم : بادل جس میں گرج نہ ہو۔

كَتِنَ (س) كَتَنًا۔ الوَسْخُ عَلَى الشَّيْءِ : میل کا چپاں ہونا ـــــ الشَّيْءُ : میل کچیل لگنا ـــــ دھوئیں سے سیاہ ہونا ـــــ النَّخْلَةُ : درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا ـــــ فُلَانٌ : سیاہ لب ہونا۔

كَتَّنَ واكْتَنَّ الشَّيْءَ : چپکانا۔

تَكَتَّنَتِ العَرَاةُ : برقع دستانے اور موزے پہننا۔

الكَتَن۔ ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چس پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔

الكَتُن والكَتِين۔ پیالہ۔ سِقَاءٌ كَتِينٌ : میلی کچیلی مشک۔

الكَتَّان۔ السی کا پودہ۔ الكَتَّان : سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ كَتَّانَهٗ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔

الكَتُونَة۔ کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)

الكُتَان۔ کھٹمل۔

كَتَا يَكْتُو كَتْوًا۔ چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔

اِكْتَأَى اِكْتِئَاءً۔ دشمن پر غالب آنا۔

اِكْتَوَتِ اِكْتِيتَاءً۔ غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔

كَتَّ (ض) كَفَانَةً وكُتُوفَةً وكَتَّ (س) كَتَفًا۔ گاڑھا ہونا ـــــ الشَّعْرُ : بالوں کا گھنا ہونا ـــــ اللِّحْيَةُ : داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا ـــــ بِسِلْحِهٖ : پاخانہ کرنا۔

اَكَتَّ الرَّجُلُ : گھنی داڑھی والا ہونا۔

صفت كَتَّ۔ ج كِفَاف واكَتّ مؤنث كَتَّاء۔ ج كُتّ۔

الكَتُّ والكَتِيت۔ گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَتُّ اللِّحْيَةِ وكَتِيتُهَا" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "و اِمْرَاَةٌ كَتَّاءُ وكَفَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الكَتُّ : میلا کچیلا۔

الكَتِيت۔ سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔

الكَتَّان۔ کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اگ آئے۔

كَفَا (ف) كَفْأً وكَتَّا تَكْتِيتًا اللَّبَنُ ونَحْوُهٗ : دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا ـــــ القِدْرُ : ہانڈی کا جھاگ دینا ـــــ اللِّحْيَةُ : داڑھی لمبی اور گھنی ہونا ـــــ الزَّرْعُ : کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا ـــــ القِدْرَ : ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ : بلائی کھانا ـــــ أَوْبَارُ الإِبِلِ ـــــ اونٹ کے بال کاٹنا۔

اَكْفَأَتِ اللِّحْيَةُ : داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الكُفَاءَة والكُفَاءَة مِنَ اللَّبَنِ :بالائی۔
_____ مِنَ المَاءِ :پانی کی سطح پر جو آجائے۔ کہا جاتا ہے "خُذْ كُفَاءَةَ قِدْرِكَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
كَفَبَ (ن ض) كَفْبًا الشَّيْءَ :جمع کرنا _____ الشَّيْءُ : جمع ہونا _____ القَوْمُ : اکٹھا ہونا _____ فِي المَكَانِ :داخل ہونا _____ المَاءَ : پانی گرانا۔
_____ التُّرَابَ : مٹی اُڑانا _____ عَلَيْهِ :حملہ کرنا۔
_____ الصَّيْدُ فُلَانًا :شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَفَبَكَ الصَّيْدُ فَارْمِهِ" شکار تمہارے قریب آچکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ يَكْفُبُهُ وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ كَفَبَ لَبَنُ النَّاقَةِ :اُونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
كَفُبَ الشَّيْءُ :کم ہونا۔
كَافَبَ القَوْمَ :قوم سے قریب ہونا۔
اِكْفَبَ الرَّجُلَ وَإِلَيْهِ وَمِنْهُ وَلَهُ :قریب ہونا۔
فُلَانًا :تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِلْكَفَبَ الرَّمْلُ :ریت کا ڈھیر ہونا۔
الكَفَب۔ قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ مِنْ كَفَبٍ او عَنْ كَفَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الكُفْبَة۔ تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج كُفَب۔
الكَافِبَة : كَاثِب کا مؤنث _____ مِنَ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج كَوَافِب۔
الكُفَاب۔بست۔
الكَفَّاب والكُفَّاب۔ بے پیکان و بے پَر کا تیر۔
الكَفِيب۔ ریت کا ٹیلہ۔ ج كُفُب و كُفْبَان و أَكْفِبَة۔
الكَفْبَاء۔ مٹی۔
كَفَجَ (ض) كَفْجًا۔مِنَ الطَّعَامِ :بقدرِ کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ قلّہ بست لے جانا۔
كَفَجَ (ف) كَفْجًا الشَّيْءَ : جمع کرنا۔ بکھیرنا۔

كَفَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ :غبار ڈالنا۔ كَفَّحَ مِنَ المَالِ : خواہش کے موافق لینا ( _____ وكَفَّحَ) عَنْ كَذَا :ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَفَّحَتْهُ الرِّيحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کردیا۔
تَكَافَحَ القَوْمُ بِالسُّيُوفِ :تلوار بازی کرنا۔
تَكَفَّحَ بِالحَصَى :بکثرت کنکریوں سے مارنا۔
الكُفْحَة مِنَ النَّاسِ :چھوٹی سی جماعت۔
رَجُلٌ كُفْحُمُ اللِّحْيَةِ : گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ كُفْحُمَة مِنْ دَرِينٍ : خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُفْحُمَةٌ :گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔
كَثُرَ (ک) كَثْرَةً وكَثَارَةً۔ بست ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيرٌ وكَثَّارٌ وكَاثِرٌ وكَيْثَرٌ۔
كَثَرَ (ن) كَثْرًا۔ الرَّجُلُ :کثرت میں غالب ہونا۔
كَثَّرَهُ زیادہ کرنا۔
اِكْثَرَ الرَّجُلُ :بست مالدار ہونا۔ بست لانا۔
_____ الشَّيْءَ :بست کرنا۔ بست شمار کرنا۔ بست پانا
_____ النَّخْلُ :درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔
كَاثَرَهُ۔ کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ المَاءَ :پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔
تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ :دوسرے کے مال سے غنی ہونا _____ مِنَ الشَّيْءِ : بست لے لینا _____ بِالكَلَامِ :بست گفتگو کرنا _____ فُلَانٌ : کثرت کا دکھلاوا کرنا۔
تَكَاثَرَ القَوْمُ ۔ کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا _____ الشَّيْءَ :بست سمجھنا۔
اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ :بست سمجھنا یا بست شمار کرنا
_____ مِنَ الشَّيْءِ :بست کرنا۔ بست کی رغبت کرنا۔
الكِثْر والكُثْر۔ بست۔ كُثْرُ الشَّيْءِ : چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى القُلِّ والكُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔
الكِثْرَة۔بہتات۔ زیادتی۔
الكِثْرَة۔ کثرت۔ فتح کاف میں ایک لغت رویہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسے کہ کہا جائے القِلَّة والكِثْرَة۔
الكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ ونَحْوِهِ : نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔
الكَثِير۔ بست۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرُونَ۔ ونِسَاءٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرَاتٌ اور کہا جاتا ہے "كَثِيرًا مَا يَفْعَلُونَ كَذَا" (بست سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لیے ہے۔ اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کیلئے مانتے ہیں۔
الكُفَّار۔ بست (_____ والكِفَار) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُفَّارٌ او كِفَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لیے مستعمل ہیں۔
الكَيْثَر۔بست فیاض مرد۔
المُكْثِر۔مالدار۔
المِكْثَار والمِكْثِير۔ بست بولنے والا (مذکر و مؤنث)
المَكْثُور۔ مغر۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بست سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بست زیادہ ہو جائیں۔
كَفَعَ (ف) كَفْعًا اللَّبَنُ : دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔
كَفِعَتْ (ف) كَفْعًا الغَنَمُ :بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔
كَفِعَتْ (ف) كَفَعًا وكُفُوعًا وكَفِعَتْ (س) كَفَعًا الشَّفَةُ : ہونٹ کا بست خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَافِعَة اور ایسے ہونٹ والے کو اَكْفَعُ کہتے ہیں۔
كَفَّعَ اللَّبَنُ او الغَنَمُ : بمعنی كَفَعَ۔ كَفَّعَتِ الأَرْضُ : روئیدگی کا ظاہر ہونا _____ القِدْرُ : ہانڈی کا جھاگ پھینکنا _____ الجُرْحُ : زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا _____ لِحْيَةُ فُلَانٍ : داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔
فُلَانٌ السِّقَاءَ : مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کھانا۔
الكَفْعَة والكُفْعَة۔ بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الكُفْعَة: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔
الكَفَعَة۔ گارا۔ کیچڑ۔
المُكَفَّع۔ فا۔ اِمْرَأَةٌ مُكَفَّعَة: ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔
الكَفْعَم۔ چیتا۔ اور بقول بعض تیندوا۔
كَفَفَ (ک) كَفَافَةً وتَكَافَفَ۔ موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيفٌ۔
كَفَّفَهُ۔ موٹا کرنا۔
اَكْفَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔
اِسْتَكْفَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا ـــــ الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا ـــــ الأَمْرِ: بلند ہونا۔
اَلكَفَفُ۔ جماعت۔
الكَثِيف۔ گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيفٌ یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد ـــــ والكُفَاف: بہت۔
كَفْكَفَ الرَّجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔
الكَفْكَف والكِفْكِف۔ مٹی۔ سنگریزے۔
كَفَلَ (ن) كَفْلاً الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
الكَفْل۔ گروہ۔ گیہوں کا انبار۔
الكَوْفَل والكَوْفَلَ۔ دنبالہ کشتی۔
الكَافُولِيك۔ دیکھئے كَاتُولِيك۔
كَفَمَ (ض) كَفْمًا الشَّيْءَ: جمع کرنا ـــــ الأَمْرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا ـــــ الشَّيْءَ: منہ میں رکھ کر توڑنا ـــــ هُ عَنِ الأَمْرِ: باز رکھنا۔
كَفِمَ (س) كَفَمًا۔ شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت أَكْفَم۔
كَافَمَهُ۔ قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَكْفَمَ القِرْبَةَ: مشک بھرنا ـــــ فِي بَيْتِهِ: روپوش ہونا۔ اَكْفَمَهُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَكَفَّم۔ حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْكَفَمَ۔ ٹھہرنا ـــــ عَنْ وَجْهِ كَذَا: پھر جانا۔

الكَثِم والكَاثِم مِنَ الطِّينِ ونَحْوِه: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
كَثَمُ الطَّرِيق: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ عَنْ كَثَم" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
الأَكْثَم۔ کشادہ راستہ۔ "وَطْبٌ أَكْثَمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔
الكُثْنَة۔ گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الكَثَب۔ سخت۔
الكُثُو۔ مٹی کا ڈھیر۔ تھوڑا دودھ۔ سنگ خوار پرندہ۔
كَجَّ (ن) كَجًّا الغُلَامُ: لڑکے کا گیند کھیلنا۔
الكُجَّة۔ گیند۔
الكَجْكَجَة۔ ایک کھیل ہے کہ اس کو است الكلبہ بھی کہتے ہیں۔
الكُحُّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ كُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
كَحَّبَ الكَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الكَحْب۔ کچا انگور واحد۔ كَحْبَة ـــــ: ڈبر۔
الكَاحِب۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ دَرَاهِمُ كَاحِبَةٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔
الكَاحِبَة: آگ جس کا شعلہ بلند ہو۔
الأَكْحَت۔ پستہ قد۔
كَحَتَ (ف) كَحْتًا لَهُ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
كَحْفَلَ كَحْفَلَةً۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔
الكَحْفَلَة۔ پیٹ کی بڑائی۔
كَحَصَ (ف) كُحُوصًا الأَثَرَ: نشان مٹنا۔
الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے ـــــ الرَّجُلُ: پشت دے کر بھاگنا (ـــــ كَحْصًا) البِلَى فُلَانَه: مٹانا۔ محو کرنا۔
بِرِجْلِهِ: پاؤں سے کریدنا ـــــ الأَرْضَ: زمین سے غبار اڑانا ـــــ الشَّيْءَ: کوٹنا ـــــ كَحْصًا وكَحَّصَ) الأَثَرَ: نشان مٹانا۔
الكَاحِص۔ فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج كَاحِصَةٌ۔ كَوَاحِص۔ أَظْلَافٌ كَوَاحِص:
مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
كَحَطَ (ف) كَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت كَاحِطٌ۔
الكُحُوف۔ جسم کے اعضاء۔
كَحَلَ (ف ن) كَحْلاً وكَحَّلَ العَيْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا ـــــ فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت كَاحِلٌ وكَحَّال اور کہا جاتا ہے كَحَلَ الشَّهَادُ عَيْنَه کنایہ ہے بے خوابی سے۔
كَحَلَ (ف) كَحْلاً واكْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ كَحَلَت السِّنُونَ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
كَحَل واكْحَل وتَكَحَّل واكْتَحَل واكْحَالَّ المكانُ بِالخَضْرَةِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
كَحِلَت (س) كَحَلاً واكْحَالَّتِ العَيْنُ آنکھ کا سرگیں ہونا۔ وكَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَكَحَّل واكْتَحَل۔ آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِكْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِكْتَحَلَ الشَّهَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا ـــــ وَجْهُهُ بِالهَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اكْتَحَلَتْ عَيْنِي بِكَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الكَحْل۔ مہ۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
كَحْلٌ وكُحَلٌ وكَحْلَةٌ۔ تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صُرَّحَت كُحَل" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الكُحْل۔ سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مالِ کثیر۔
الكَحَل۔ خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
الكِحَال۔ سنگ سرمہ و سرمہ (ـــــ والكِحَلْ والكِحْلَة) مہرۂ تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظر بد۔
عَيْنٌ كَحِلٌ وكَحِيلٌ وكَحِيلَةٌ سرگیں آنکھ ج كَحْلَى وكَحَائِل۔
أَعْيُنٌ كَحَلاءُ۔ سرگیں آنکھیں۔
الكُحَيْل۔ نفد۔ قطران۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْاَكْحَل۔ مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔

الْكَحْلَاء۔ الْاَكْحَل کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج كَحْل۔

الْكَحْلَاء و الْكُحَيْلَاء۔ گاؤزبان۔

الْكُحْلِيّ۔ سرمہ بنانے والا۔

الْمِكْحَل و الْمِكْحَال۔ سرمہ کی سلائی۔

الْمُكْحُلَة۔ سرمہ دانی۔

الْكَحْمَة۔ آنکھ۔

كَحِيَ يَكْحِيْ كَحْيًا الشَّيْءُ : خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔

كَحَّ (ض) كَحًّا وكَحِيْحًا فِيْ نَوْمِهٖ : خراٹے لینا۔

كَحَمَهٗ (ف) كَحْمًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

الْكَيْحَم۔ بڑا۔

كَدَّ (ن) كَدًّا۔ کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ اُنگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا ـــــ الرَّجُلَ : تھکانا ـــــ الرَّاسَ : سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا ـــــ الشَّيْءَ : ہاتھ سے چھین لینا۔

كَدَّدَهٗ۔ سختی سے ہٹانا۔

تَكَدَّدَ۔ مشقت برداشت کرنا۔

اَكَدَّ و اكْتَدَّ۔ کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ و اكْتَدَّ الشَّيْءَ : ہاتھ سے چھین لینا۔

اِكْتَدَّهٗ و اِسْتَكَدَّهٗ۔ کام میں محنت کرانا۔

الْكَدُّ۔ مص۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ كَدِّكَ وَلَا كَدِّ اَبِيْكَ" یعنی یہ تمہاری محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔

الْكِدَّة و الْكَدِيْد۔ سخت زمین۔ الْكَدِيْد : موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔

الْكُدَادَة و الْكُدَدَة و الْكَدَدَة ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔

كُدَاوَة السَّمَن : گھی کا تلچھٹ۔ كُدَاوَةُ الْكَلَا : تھوڑی گھاس۔

الْكَدُوْد۔ بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْر كَدُوْدٌ : کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔

الْاَكْدَة۔ چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔

قَوْمٌ اَكْدَاد و اَكَادِيْد۔ شکست خوردہ قوم (ان کیلئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُمْ اَكْدَادًا و اَكَادِيْد" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "و اِبِلٌ اَكْدَاد" تیز چلنے والا اُونٹ۔

الْمِكَدُّ۔ کنگھی۔

الْمَكْدُوْد۔ مف مغلوب۔ اَرْضٌ مَكْدُوْدَة : کھروں سے روندی ہوئی زمین۔

كَدَأَ و كَدِيَ (ف۔ س) كَدْءًا و كُدُوْءًا النَّبْتُ : نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔

كَدِيَ (س) كَدَأً الْغُرَابُ : کوّے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا ـــــ الْبَقْلُ : چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا ـــــ الْاِبِلُ : اُونٹ کا کم بال والا ہونا۔

كَدَأَ و كَدَّأَ الْبَرْدُ النَّبَاتَ : زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔

اَرْضٌ كَادِئَةٌ۔ دیر سے اُگنے والی یا اُگانے والی زمین۔ اِبِلٌ كَاوِئَةُ الْاَدْبَار : کم بال والے اُونٹ۔

الْكَدْب و الْكُدْب و الْكَدَب و الْكَدِب جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد كَدْبَة۔ دَمٌ كَدِبٌ : تازہ خون۔

كَدِجَ (س) كَدَجًا الرَّجُلُ : بقدرِ کفایت پینا۔

كَدَحَ (ف) كَدْحًا فِي الْعَمَلِ : محنت کرنا۔ مشقت اُٹھانا۔ كَدَحَ لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا۔ رَاْسَهٗ بِالْمِشْطِ : کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (ـــــ و كَدَّحَ) الْوَجْهَ : چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔

اِكْتَدَحَ لِعِيَالِهٖ : کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔

تَكَدَّحَ الْجِلْدُ : خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَكَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔

الْكَدْح۔ مص۔ خراش۔ ج كُدُوح۔

كَدَرَ (ن) و كَدُرَ (ک) و كَدِرَ (س) كَدَرًا و كَدَارَةً و كُدُوْرًا و كُدُوْرَةً و كُدْرَةً۔ تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَدِرَ عَلَى فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ كَدِرَ الْعَيْشُ : زندگی تلخ ہوئی۔

كَدَّرَ الشَّيْءَ : تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَدَّرَ عَيْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔

تَكَدَّرَ و اِكْدَرَّ الشَّيْءُ : تیرہ گوں ہونا۔

اِنْكَدَرَ فِي السَّيْرِ : تیز دوڑنا ـــــ عَلَيْهِ الْقَوْمُ : قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْكَدَرَتِ النُّجُوْم بکھر جانا۔

الْكُدْرَة۔ مص ـــــ مِنَ الْاَلْوَان : مٹیالا۔

الْكَدَرَة مِنَ الْحَوْضِ : کیچڑیا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج كَدَر (ـــــ و الْكُدْرِيّ و الْكُدَارِيّ قی) پتلا بادل۔

الْكَدْر و الْكَدِر و الْكَدِيْر مِنَ الْعَيْشِ او الْاَلْوَان و غَيْرِ ذٰلِكَ : غیر صاف۔ تکلیف دہ۔

الْكُدْرِيّ۔ موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ كُدْرِيٌّ : موٹا گدھا۔ مؤنث كُدْرِيَّة۔ موٹا گدھا۔ مؤنث كُدْرِيَّة۔

الْكُدَارَة۔ ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔

الْاَكْدَر۔ مٹیالا۔ مؤنث كَدْرَاء۔ ج كُدْر۔ سخت سیلاب۔ عَيْشٌ اَكْدَر : تلخ زندگی۔

كَدَسَهٗ (ض) كَدْسًا و كُدَاسًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ كَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ : پچھاڑنا۔ كَدَسَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا چھیکنا ـــــ الْمُثْقَلُ فِيْ سَيْرِهٖ : گرانبار آدمی کا دوڑنا ـــــ الْخَيْلُ : گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (ـــــ كَدْسًا) بدفالی لینا (ـــــ و كَدَّسَ) الْحَصِيْدَ : کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تَكَدَّسَ۔ ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَكَدَّسَتِ الْخَيْلُ : گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَكَدَّسَ الرَّجُلُ : کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا ـــــ الْفَرَسُ : گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔

الْكُدْسَة و الْكُدَاس۔ جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے و الْكُدَاس مِنَ الْفَلْجِ او الْحَصِيْدِ وَمَا اَشْبَهَ : برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جوان کی طرح ہو۔

الْكُدْس۔ ج اَكْدَاس و الْكُدَّاس ج كَدَادِيْس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَكْدَاس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الرَّمْلِ :ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الکُدَاسَۃ۔ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔
الکَادِس۔ فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج تَکَوَادِس۔
المُتَکَادِس۔ فا۔ مِنَ الشَّجَرِ : گنجان درخت۔
کَدَشَہ (ض) کَدْشًا۔ خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔
کَدَشَ لِعِیَالِہٖ : حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا ( ـــــ واکْتَدَشَ وَاکْتَدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً : حاصل کرنا واکْتَدَشَ بِخَبَرٍ : تھوڑی سی خبر دینا۔
تَکَدَّشَ الرَّجُلُ : پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔
الکَدْش۔ زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدْشٌ" خراش زدہ کھال۔
الکَدَّاش۔ بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔
کَدَعَہٗ(ف) کَدْعًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکُدْعَۃ۔ ذلیل ورسوا۔
اکْدَفَ الفَرَسُ : گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔
الکَدْفَۃ۔ ٹاپ یا چاپ کی آواز۔
کَدْکَدَ الرَّجُلُ : زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَہٗ وَتَکَدْکَدَہٗ۔ سختی سے ہٹانا۔
الکَدْکَدَۃ۔ مص۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔
کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا۔ اگلے دانتوں سے کاٹنا ـــــ الصَّیْدَ :شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِیْ غَیْرِ مَکْدِمٍ" بے موقع طلب کیا۔
کَادَمَتِ الدَّابَّۃُ الحَشِیْشَ : چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔
اُکْدِمَ الاَسِیْرُ :قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔
تَکَادَمُوْا۔ بِالاَفْوَاہِ :ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔
الکَدْم۔ مص۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوْم۔
الکَدَم۔ دانت کاٹنے کا نشان۔
الکُدَم۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سروالی کالی ٹڈی۔ واحد کُدَمَۃ۔
الکُدْمَۃ۔ کَدَمٌ کا اسم مرۃ۔ داغ ،نشان۔
الکَدَمَۃ۔ حرکت۔
الکَدُوْم والکَدَّام۔ دانت کاٹنے والا۔
الکُدَام۔ گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔
الکُدَامَۃ : کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔
الکُدَامَۃ والکُدَام۔ کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔
المَکْدَم۔ دانت کاٹنے کی جگہ۔
المُکْدَم۔ مِنَ الجِبَال والاَکْسِنَۃ : مضبوط بُنی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ : موٹے دل کا شیشے کا پیالہ
اَسِیْرٌ مُکْدَمٌ : رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔
المُکَدَّم۔ دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مکدَّم جنگ کا زخمی شدہ۔
کَدَنَ(ن) کَدْنًا۔ بالثَّوْبِ :پٹکا باندھنا۔
الکَدْن والکِدْن۔ کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دواد غیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن۔
الکِدْنَۃ۔ کوہان۔
الکِدْنَۃ والکُدْنَۃ چربی اور گوشت کی کثرت۔
الکَدَانَۃ۔ نااہلی۔ فرومایگی۔
الکَدِن۔ بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَۃ ج کَدِنَات۔
الکَدَن۔ مُیالا۔
الکَدَّان۔ نرم پتھر (اور یہ کَدَّان کی تحریف ہے)
الکَدَّانَۃ۔ نرم پتھر کا ٹکڑا۔
کَدَہٗ(ف) کَدْھًا وکَدَّہٗ۔ الشَّیْءَ :توڑنا۔
ـــــ بِالحَجَرِ : پتھر سے سخت رگڑنا ـــــ عَلَیْہِ : غالب ہونا ـــــ ہ الھَمَّ : مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَکْدُوْہٌ مِنَ الھَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔
ـــــ لِاَھْلِہٖ : مشقت سے کمائی کرنا ـــــ شَعْرَہٗ بِالمُشْط : بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔
تَکَدَّہٗ۔ ٹوٹنا۔
الکَادِہ :فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّہ۔
الکَدْہ۔ مص۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْہ۔
کَدَا یَکْدُو کَدْوًا وکُدُوًّا۔ الزَّرْعُ : خراب فصل ہونا ـــــ الاَرْضُ :دیر سے اُگنا ـــــ کِدَاءً) الشَّیْءَ :کاٹنا۔ منع کرنا۔
کَدِیَ یَکْدَیُ کَدًی بِالعَظْمِ : ہڈی کا گلے میں اٹکنا ـــــ المِسْکُ : بے خوشبو ہونا۔ صفت کَدٍ وکَدِیٌّ۔ کَدِیَتْ اَصَابِعُہٗ :انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔
تَکَدَّیَ تَکَدِّیًا۔ مشقت برداشت کرنا۔
کَدَی یَکْدِی کَدْیًا الرَّجُلَ :روکنا۔ مشغول کرنا ـــــ الوَجْہَ : چہرے میں خراش لگانا ـــــ الرَّجُلُ :دینے میں بخل کرنا۔
اکْدَیٰ اِکْدَاءً الرَّجُلُ : حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اکْدَاہُ عَنْ کَذَا :باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اکْدَی المَعْدِنُ :جوہر نہ بتانا۔ الحَافِرُ :کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلَہٗ فَاَکْدَیٰ" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا ـــــ النَّبْتُ : سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا ـــــ العَامُ :خشک سالی ہونا ـــــ المَطَرُ :بارش کم ہونا ـــــ الرَّجُلُ : غنا کے بعد محتاج ہونا۔
کَدَّیَ تَکْدِیَۃً۔ سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔
تَکَدَّیَ تَکَدِّیًا۔ عطیہ طلب کرنا۔
الکُدْیَۃ۔ سخت کھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی۔ الکُدْیَۃ : طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ ( ـــــ والکَدَاۃ وانکُدَایَۃ) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔
الکَادِیَۃ۔ زمانہ کی سختی۔
کَذَّ(ن) کَذًّا۔ کھردرا ہونا۔
اکَذَّ۔ نرم پتھر پر چلنا۔
اَلکَذَّان۔ نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَۃ۔ کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذْبَۃً وکِذْبَۃً وکِذَابًا و کِذَّابًا۔ جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔
کَذَبَتِ العَیْنُ :دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَّائِیْ :غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ" یعنی تیری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وكَذَبَ السَّيْرُ : چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وكَذَبَ القَوْمُ السُّرٰى : لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "كَذَبَهُ الحَدِيْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

كُذِبَ الرَّجُلُ : جھوٹی خبر دیا جانا۔

كَذَّبَهُ۔ جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ كَذَّبَ عَنْ اَمْرِ اِرَادَهُ : رک جانا ـــــ الحَرُّ : گرمی کا کم ہونا ـــــ عَنْ فُلَانٍ : فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَذَّبَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی كَذَّبَ نَفْسَهُ : جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا ـــــ تَكْذِيْبًا و كَذَابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَذَّبَ بِآيَاتِ رَبِّهٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَكْذَبَهُ۔ جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَكْذَبَ نَفْسَهُ : جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَكْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الإكْذَاب ہے۔

كَاذَبَهُ كِذَابًا و مُكَاذَبَةً۔ کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَكَذَّبَ۔ بتکلف جھوٹ بولنا ـــــ فُلَانًا و عَلَيْهِ : جھوٹا سمجھنا۔

تَكَاذَبَ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الكُذَاب۔ بتثلیث الكاف و الكُذْبِي و الكُذْبَان : جھوٹ۔

الأُكْذُوبَة۔ جھوٹ۔ ج اكَاذِيْب۔

الكَاذِب۔ فاج كَذَبَةٌ و كَذَابٌ و كُذَّبٌ۔

الكَاذِبَة۔ کاذب کا مؤنث ج كَاذِبَات و كَوَاذِب۔ جھوٹ۔

الكُذُوب۔ ج كُذُب والكُذْبَان والكَيْذَبَان والكَيْذُبَان : بڑا جھوٹا۔

الكُذُوب : نفس۔

الكَذَّاب و الكُذُبَة و الكُذُوبَة و التِكذَّاب والمَكْذَبَان والمَكْذُبَانَة بڑا جھوٹا۔

الكُذُوبَةُ : نفس۔

المَكْذَبَة والمَكْذُبَة۔ ج مَكَاذِب والمَكْذُوب والمَكْذُوبَة ج مَكَاذِيْب : جھوٹ۔

التَكَاذِيْب۔ جھوٹی باتیں۔ لغو و باطل باتیں۔

كَذَا۔ دو طریقہ سے مستعمل ہے۔

(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَاَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا وَرَاَيْتُ عَمْرًا كَذَا۔ اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے هٰكَذَا۔

(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا و كَذَا دِرْهَمًا یا غیر عدد سے جیسے بِمَكَانِ كَذَا و كَذَا۔

الكَاذِي۔ کیوڑہ۔

كَرَّ (ن) كَرًّا و كَرًّا۔ لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ كَرَّ عَلَيْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لیے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت كَرَّار۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلَحُ لِلكَرِّ و الفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ـــــ اللَّيْلُ و النَّهَارُ : رات دن کا باری باری آنا ( ـــــ كَرًّا) الرَّجُلُ : لوٹانا ( ـــــ كَرًّا و كُرُوْرًا و تَكْرَارًا) الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ : شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔

كَرَّ (ن) كَرِيْرًا۔ المَرِيْضُ : جان دینا۔

كَرَّ (س ن) كَرًّا صَدْرُهُ : گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔

كَرَّرَ تَكْرَارًا و تَكْرِيْرًا و تَكْرِرَةً۔ الشَّيْءَ : بار بار کرنا۔

تَكَرَّرَ۔ بار بار ہونا۔

الكَرَّة۔ مہ۔ کھجور کے پتوں کی رسی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُوْر ( ـــــ والكُرَّة) کنواں۔ ج كِرَار۔

الكُرَّة۔ نماز پڑھنے کے لیے مصلی۔ ج اكْرَار و كُرُوْر۔

الكُرَّة۔ ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اكْرَار۔

الكَرَّة۔ لڑائی میں حملہ ـــــ عند المولدين مِنَ المحاسبين : ایک لاکھ ج كَرَّات۔ الكَرَّة : سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو کرتان اور قرتان کہتے ہیں۔

الكَرِّيّ۔ لڑائی میں حملہ۔

الكَرِيْر۔ مہ۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الكَرَّار و المِكَرّ۔ لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِكَرَّة : اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

المَكَرّ۔ حملہ کی جگہ۔

كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ : رسی بٹنا ـــــ القَيْدَ عَلَى المُقَيَّدِ : قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔

ـــــ ه الأَمْرُ : دشوار ہونا ـــــ ه الغَمُّ : سخت غم ہونا۔ كَرَبَ الدَّلْوَ : ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا ـــــ فُلَانٌ : درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا ( ـــــ كَرْبًا) قریب ہونا۔

النَّارُ : آگ بجھنے لگنا۔ كَرَبَتِ الشَّمْسُ : آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ فُلَانٌ : کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ كَرَبَ النَّاقَةَ : بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے ( ـــــ كَرْبًا و كِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَّرْعِ : کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔

كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَّجُلُ : ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا۔

كَرُبَ۔ غم لاحق ہونا۔

كَرَّبَ الدَّلْوَ : ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



باندھنا ـــــ الرَّجُلُ : بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔

اَکْرَبَ قریب ہونا ـــــ الْاَمْرُ : قریب الوقوع ہونا ـــــ الْاِنَاءَ : برتن بھرنے کے قریب ہونا۔

فِی السَّیْرِ : دوڑنا ـــــ الْقِرْبَةَ : مشک بھرنا۔

کَارَبَہٗ مُکَارَبَةً وَکِرَابًا۔ قریب ہونا۔

تَکَرَّبَ۔ تہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔

اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا وَاکْرَأَبَّ اِکْرِئْبَابًا سخت غمگین ہونا۔

الْکَرْب۔ ج کُرُوْب والْکُرْبة ج کُرُب : غم اور مشقت۔

الْکَرَب۔ ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی' کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَةٌ۔

الْکَرَبَة۔ گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب۔

الْکَرَابَة۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب۔

الْکَرَابَة والْکُرَابَة۔ کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَة۔

الْکِرَاب۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد کَرِبَةٌ۔

الْکَرُوْبِیُّوْن والْکَرُوْبِیَّة۔ اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُوبِیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوب۔ اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوب۔

الْکَرِیْب۔ نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الْکَرِیْبُ مِنَ الْاَرْضِ : بے پانی اور بے درخت والی زمین ( ـــــ والْمَکْرُوْب) غمگین۔

الْکَرِیْبَة۔ کَرِیب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب۔ کہا جاتا ہے "مَافِی الدَّارِ کَرَّائِبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الْاِکْتِرَاب۔ مع جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْ رِجْلَنَكَ بِاکْتِرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔

الْمُکْتَرِب مِنَ الْمَفَاصِل : پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْتَرِبٌ : مضبوط کھر۔

الْکُرْبَج۔ دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کَرَابِیج (دخیل)

کَرْبَدَ فِی عَدْوِہٖ : دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔

الْکِرْبِز۔ بڑا کھیرا۔

کَرْبَسَ۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔

تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِہٖ : گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔

الْکِرْبَاس۔ کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیس (دخیل)

رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ : گول سر والا مرد۔

کَرْبَشَ۔ چلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ـــــ الشَّیْءَ : لینا اور باندھنا۔

تَکَرْبَشَ الْجِلْدُ : کھال کا سکڑنا۔

کَرْبَعَہٗ۔ پچھاڑنا ـــــ الشَّیْءَ بِالسَّیْف : تلوار سے کاٹنا ـــــ قَوَائِمَہ : ٹانگیں جدا کرنا۔

تَکَرْبَعَ۔ چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَرْبَلَ۔ کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا ـــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا ـــــ الْحِنْطَةَ : گیہوں میں چھانٹا صاف کرنا۔

الْکِرْبَال۔ گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ روئی دھننے کی کمان۔ ج کَرَابِیل۔

الْکَرْبَلَة۔ مع۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِی مُکَرْبَلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔

کَرْتَحَہٗ۔ پچھاڑنا۔

تَکَرْتَحَ۔ فِی مَشْیِہٖ : تیز گزر جانا۔

کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا ـــــ اَکْرَثَ الْغَمُّ فُلَانًا : سخت غمگین کرنا۔

اِنْکَرَثَ الْحَبْلُ : رسّی کا ٹوٹنا۔

اَکْتَرَثَ لِلْاَمْرِ : پروا کرنا ـــــ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَکْتَرِثُ لِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔

الْکَرْاث والْکُرَّاث۔ گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَةٌ۔

الْکَارِث۔ غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث۔

الْکَرِیْث۔ غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الْاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔

کَرَثَا وتَکَرَّثَا الشَّعْرُ ونَحْوُہٗ : بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔

الْکِرْثِیَّ۔ تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

الْکِرْثَة والْکَرْثَاة۔ گنجان سبزی۔

الْکَرِیْثَاء۔ کچی کھجور۔

کَرِجَ (س) کَرَجًا وکَرَّجَ واکْرَجَّ وتَکَرَّجَ الْخُبْزُ : خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔

الْکُرْج۔ ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِی ( ـــــ والْکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔

الْکُرْجِی۔ مخنث

الْکَرَارِجَة والْکُرَیْرِج : ایک چھوٹی سبز رنگ کی مچھلی۔

الْکِرْج۔ راہب کی کوٹھری۔ ج اَکْرَاج۔

کَرَخَ (ف) کَرْخًا الْمَاءُ اِلٰی مَوَاضِعِہٖ : چلانا۔

کَرَدَ (ن) کَرْدًا۔ ہانکنا ـــــ الْعَدُوَّ : دشمن کو ہٹانا ـــــ الشَّیْءَ : کاٹنا۔

کَارَدَہٗ مُکَارَدَةً۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

الْکَرْد۔ گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکَرْدِہٖ او بِکَرْدَیْہِ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔

الْکُرْدُ والْاَکْرَاد۔ ایشیا کی ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْدِیٌّ۔

الْکِرْدِیْدَة۔ کھجور کی بڑی ڈھیری۔

کَرْدَحَ۔ پست قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا : پچھاڑنا۔

تَکَرْدَحَ فِی عَدْوِہٖ : پست قد کی طرح دوڑنا۔

الْکِرْدَح۔ بڑھیا۔ مضبوط مرد۔

الْکُرَادِح۔ پست قد۔

الْکِرْدَاح۔ دوڑنے میں قریب قریب قدم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



رکھنے والا۔
الکَرْدَحَۃ۔مص۔ تیز دوڑ۔
المُکَرْدَح۔فا۔ذلیل وخوار۔
کَرْدَسَ الخَیْلَ :گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ وستہ بنانا ـــــ الشَّیْءَ :باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ـــــ الحِمَارُ :گدھے کو تیز ہانکنا ـــــ ۃً :پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرَّجُلُ :ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ۔سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
الکُرْدُوس۔کندھے کی ہڈی۔
الکُرْدُوسَۃ۔گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس وکَرَادِیس۔ کَرَادِیْسُ الفَرَسِ : گھوڑے کے جوڑ۔
المُکَرْدَس۔گٹھے بدن کا۔
کَرْدَمَ۔موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
القَوْمَ :جمع کرنا۔
تَکَرْدَمَ۔گھبرا کر دوڑنا۔
الکَرْدَم والکُرْدُوم مِنَ الرِّجَالِ :موٹا پستہ قد۔ج کَرَادِم وکَرَادِیم۔ الکَرْدم :بہادر۔
کَرَزَ(ض)کُرُوْزًا۔داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔
ـــــ اِلٰی فُلَانٍ :پناہ لینا( ـــــ کَرْزًا)انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البَازِیَ : باز کو سدھانے کے لیے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کُرِّزَ۔البَازِیُ :باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَمُکَارَزَۃً اِلَی المکانِ :دوڑ کر چھپنا۔
عَنْہ :بھاگنا ـــــ ۃً :بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا ـــــ القَوْمُ :ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الکُرْز۔چرواہے کا تھیلا۔چھوٹی بوری۔کُرُزُ الجُعَل :گبریلا کی گولی۔ج اکْرَاز و کِرَزَۃ۔
الکَرَز۔ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد۔ کَرَزَۃ۔
الکُرَّز۔ حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَہ۔( ـــــ والمُکَرَّز والکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔
الکَارِز والکَارُوز۔انجیل کا واعظ۔
الکَرَّاز۔ج کَرَّازَان والکَرَّاز :شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الکَرَّاز۔ چرواہے کا تھیلا اُٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا ـــــ مِنَ المَعْزِ : گھنٹی دار بکری۔ج کَرَارِیز۔
الکَرِیز۔نیم۔
الکِرَازَۃ۔انجیل کا واعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرَّجُلُ :دوپہر میں کھانا۔
الکَرْزَم۔بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلماڑا۔
الکِرْزِم والکِرْزِیم۔کلماڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم وکَرَازِیم۔
الکَرْزَن۔بڑا کلماڑا۔
الکِرْزِیْن۔بڑا کلماڑا۔ج کَرَازِیْن۔
کَرَّسَ البِنَاءَ :عمارت کی بنیاد رکھنا۔ الأُسْقُفُّ البِیعَۃَ اوالأَوَانِیَ الکَنِیْسَۃ وغَیْرَھَا : وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص کرنا۔
اکْرَسَ :المَکَانُ :بول و براز سے لتھڑنا۔ۃً : بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔
تَکَرَّسَ۔ بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص ہونا ـــــ الشَّیْءُ :تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا ـــــ اُسُّ البِنَاءِ :عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا ـــــ الحَبَّ ولَحْوَہٗ :دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ عَلَیْہِ : اوندھا ہونا ـــــ فِی الشَّیْءِ :اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الکِرْس۔ ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جڑ۔ ج اکْرَاس و ج اکَارِیس۔ کِرْسُ الحَوْضِ : حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الکُرَّاسَۃ والکُرَّاس۔ کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ج کَرَارِیس۔
الکُرْسِیّ۔ تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ وکَرَاسٍ کُرْسِیّ الأُسْقُف۔ پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِک : تخت شاہی۔ والکُرْسِیّ : علم : کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اَھْلِ الکُرْسِیّ :یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِھٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لیے پشتہ بنا دو۔ کُرْسِیُّ الجَوْزَا :چند ستاروں کا مجموعہ۔ الکَرَاسِیّ :علماء۔
الکِرْیَاس۔ چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَابِیس۔
الکَرَوَّس۔ بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
المُکْرَس والمُکَرَّس۔ مفم ـــــ مِنَ القَلَائِد : دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المَکْرَس۔جوان پستہ قد پُر گوشت۔
کَرْسَعَ کَرْسَعَۃً الرَّجُلُ : دوڑنا ـــــ فُلَانًا :گٹے کے پھنگلیا والے حصے پر مارنا۔
الکُرْسُوع۔ گٹے کا پھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج کَرَاسِیع۔ کُرْسُوعُ القَدَمِ :ٹخنے کا جوڑ۔
الکُرْسَعَۃ والکُرْسُوعَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔
المُکَرْسَع۔ گٹے کے پھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ والا۔ مؤنث مُکَرْسَعَۃ۔
کَرْسَفَ الدَّابَّۃَ :چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔
ـــــ البَعِیْرَ :اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔
الدَّوَاۃَ :دوات میں صوف ڈالنا۔
تَکَرْسَفَ۔ کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا ـــــ الشَّیْءُ :بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکِرْسَافَۃ۔ آنکھ کی کدورت۔
الکُرْسُف والکُرْسُوف۔ روئی۔
الکُرْسُفَۃ والکُرْسُوفَۃ۔ روئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
الکِرْسِنَّۃ والکِرْسَنَّۃ۔ ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤ دانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
کَرِشَ(س)کَرَشًا الجِلْدُ :کھال سکڑنا۔
ـــــ الرَّجُلُ :تہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
کَرَّشَ۔ ترش روئی کرنا۔ مُکَرَّشَۃ(ایک قسم کا کھانا)بنانا۔
تَکَرَّشَ وَجْھُہٗ : ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ـــــ القَوْمُ :اکٹھا ہونا۔جمع ہونا۔
اِسْتَكْرَشَ الجَدْيُ : بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔اِسْتَكْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدي : بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کا بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کِرش کہتے ہیں) ـــــ الرَّجُلُ :تیوری چڑھانا۔ترش روئی کرنا۔
الكِرْش والكَرِش۔جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج كُرُوش۔ الكَرِش والكِرْش : لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔چھوٹی اولاد۔ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اكْرَاش وكُرُوش۔ كَرِش القَوْمُ : قوم کا بڑا حصہ۔
كَرِشُ كُلِّ شَيْءٍ :ہر ایک چیز کا اجتماع۔
الكَكْرِيشَة۔اوجھ میں پکایا ہوا کھانا۔
الاَكْرَشُ مِنَ الرِّجَالِ : بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث كَرْشَاء ج كُرْش۔قَدَمٌ كَرْشَاءُ :پُر گوشت بھرے ہوئے ٹخنے اور چھوٹی انگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ كَرْشَاءُ : بڑا ڈول۔ اَتَانٌ كَرْشَاءُ : بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔
المُكَرْشَة۔کھانا جو گوشت' چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔
كَرَصَ (ض) كَرْصًا الشَّيْءَ :کوٹنا۔ہاتھ سے نچوڑنا۔
كَرْص۔پنیر کھانا۔
إكْتَرَصَ۔الشَّيْءَ :جمع کرنا۔
الكَرِيص۔پنیر۔پنیر بنانے کی جگہ۔
المِكْرَص۔دودھ دوہنے کا برتن۔
كَرَصَ (ن) كَرْصًا الشَّيْءَ :تہ بتہ رکھنا۔
كَرَظَ (ن) كَرْظًا فِيْ عِرْضِ فُلَانٍ : طعنہ دینا۔عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔
كَرَعَ (ف۔و كَرِعَ (س) كَرْعًا وكُرُوْعًا فِي المَاءِ والاِنَاءِ :پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔
كَرَعَهُ (ف) كَرْعًا۔پنڈلی پر تھپڑ مارنا۔

كَرِعَ (س) كَرَعًا۔دردمند پنڈلی والا ہونا۔پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا ـــــ السَّاقُ : پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔ كَرِعَتِ السَّمَاءُ :برسانا۔
اَكْرَعَهُ الصَّيْدُ : شکار کا قریب ہونا۔ اَكْرَعَ القَوْمُ :منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔
تَكَرَّعَ ـــــ الرَّجُلُ :وضو کرنا۔اطراف پر پانی بہانا۔
الكَرَع۔مص۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔دنی طبیعت کا۔واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرَعٌ وَرِجَالٌ كَرَعٌ" الكُرَاع مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ :
گائے بکری کے پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض كُرَاع ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔والكُرَاع مِنَ الاِنْسَانِ : گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اكْرُع واكَارِع۔
الكُرَاع : گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔
كُرَاعُ الاَرْضِ : زمین کے گوشے۔کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِيْ كُرَاعِ الطَّرِيْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَكَارِعِ الاَرْضِ : زمین کی آخری حدیں۔
الكُرَاعِي۔پائے کا بیچنے والا۔
الكَارِع۔فا۔پانی میں گھسنے والا پانہ پینے۔
الكَارِعَة۔ کارع کا مؤنث۔ج كَارِعَات۔
الكَارِعَات :پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔
الكَرِيْع۔برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔
الاَكْرَع۔پتلی پنڈلیوں والا۔
الكَرَّاع۔اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔
المَكْرَع۔ جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ج مَكَارِع۔
فَرَسٌ مُكْرَعُ القَوَائِمِ : مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔
المُكْرَعَةُ مِنَ النَّخِيْلِ وغَيْرِهِ :پانی لگائی ہوئی کھجور۔
كَرَفَ (ن ض) كَرْفًا وكِرَافًا و اكْرَفَ الحِمَارُ وغَيْرُهُ :گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ كَرَفُ الشَّيْءِ : سونگھنا۔اكْرَفَتِ البَيْضَةُ :انڈے کا گندا ہونا۔
الكِرْف۔ایک ہی چمڑے کا ڈول۔
كَرْفَاتُ القِدْرِ :ہانڈی کا جھاگ دینا۔ كَرْفَا القَوْمُ :خلط ملط ہونا۔
تَكَرْفَأَ السَّحَابُ :بادل کا تہ بتہ ہونا۔
الكِرْفِئ۔ بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو كِرْفِئَة کہتے ہیں۔ الكِرْفِئ : انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
المُكَرْفَح۔بدصورت چہرہ والا۔
كَرْفَس كَرْفَسَةً۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ـــــ البَعِيْرُ :تنگ باندھنا۔
تَكَرْفَسَ۔بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الكُرْفُس۔رُوئی۔
الكَرَفْس۔اجوائن۔
الكُرْفِّي۔سارس۔ج كَرَاكِيّ۔
الكَرْكَدَن۔گینڈا۔اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کرکدن کہتے ہیں۔
كَرْ كَرَ كَرْ كَرَةً الشَّيْءَ : بار بار اعادہ کرنا ـــــ الرَّحٰى :چکی گھمانا ـــــ الحَبَّ :دانہ پیسنا۔
الشَّيْءَ :جمع کرنا ـــــ الرَّجُلَ :قید کرنا ـــــ فِي الضِّحْكِ : بہت ہنسنا ـــــ الرَّجُلُ : ہنسنا۔ شکست کھانا ـــــ الرِّيَاحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا ـــــ الاَمْرَ عَنْه :دفع کرنا' ہٹانا۔رد کرنا ـــــ بِالدَّجَاجَة :مرغی کو بلانا۔
تَكَرْكَرَ فِي الاَمْرِ : مضطرب ہونا ـــــ المَاءُ : اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا ـــــ الطَّائِرُ :پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔
الكَرْكَر۔ایک آبی پرندہ۔
الكَرْكَرَة۔ مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
الكِرْكِرَة۔ سم والے جانور کا سینہ۔لوگوں کی جماعت۔ ج كَرَاكِر۔ الكَرَاكِر : گھوڑے کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جوڑ۔
الکَزْکُوْزَۃ۔ گہری وادی۔
کَزْکَسَ الشَّیْءَ : رَدّ کرنا۔ ہٹانا ـــــ الدَّابَۃَ چوپائے کو باندھنا ( ـــــ و تَکَزْکَسَ) الْاِنْسَانُ : اوپر سے نیچے لڑھکنا۔
الکُزْکُم۔ زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔
الکَزْکَنْد۔ سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔
کَرُمَ (ک) کَرْمًا و کَرَمَۃً و کَرَامَۃً۔ عزیز و نفیس ہونا' آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا ـــــ السَّحَابُ : بارش لانا۔
کَرِمَہٗ (ن) کَرْمًا۔ کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَہٗ فَکَرَمَہٗ" اس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہو گیا۔
کَرَّمَہٗ تَکْرِیْمًا و تَکْرِمَۃً۔ تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ : اللہ تعالیٰ اِن کو باعزت کرے ( ـــــ و کُرِّمَ) السَّحَابُ : بادل کا بہت پانی والا ہونا۔
کَارَمَہٗ۔ کرم میں مفاخرت کرنا۔ و کَارَمْتُ فُلَانًا : میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔
اَکْرَمَ۔ کریم اولاد والا ہونا ـــــ فُلَانًا : تعظیم کرنا ـــــ نَفْسَہٗ عَنِ الْمَعَاصِی : بچانا' محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَہٗ لِیْ" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔
تَکَرَّمَ۔ بتکلف کرم کرنا ( ـــــ و تَکَارَمَ) عَنْ کَذَا : بچنا۔ دُور رہنا۔
اِسْتَکْرَمَ۔ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا ـــــ الشَّیْءَ : اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔
الکَرَمُ۔ مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔
الکَرَم۔ صفت بمعنی کریم و طیب۔ اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ و نِسَاءٌ کَرَمٌ و اَرْضٌ کَرَمٌ۔
الکَرْم۔ انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوْم۔ بِنْتُ الْکَرْمِ او الْکَرْمَۃِ او الْکُرُوْمِ شراب۔ الکَرْم : ہار۔
الکَرْمَۃ۔ انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے
الکَرْمَۃ : سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَۃ" مرد کریم۔
الکَرَامَۃ۔ مص کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وَکَرَامَۃً لَکَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "وَلَہٗ عَلَیَّ کَرَامَۃ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃ : امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا و کُرْمَۃً و کَرَمَۃً و کُرْمٰی و کُرْمَانًا و کُرْمَۃَ عَیْنٍ لک۔ یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔
الْاُکْرُوْمَۃ۔ کرم کا فعل۔
التَّکْرِمَۃ۔ مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔
الکَرِیْم۔ صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ کَرِیْمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام و کُرَمَاء۔ اور لفظ "کَرِیْم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ : بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْم : نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ : معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیْمٌ : جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَان : حج اور جہاد۔
الکَرِیْمَۃ۔ کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات و کَرَائِم و کِیَرَام۔ الکَرِیْمَۃ : ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الکَرِیْمَتَان : دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃ الرَّجُل : بیٹی الکَرِیْمَۃ : صاحب کریم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہو۔ کریمہ میں تاء مبالغہ کے لیے ہے۔ کَرَائِمُ الْمَال : عمدہ اور بہترین مال۔
الکُرَام۔ کریم۔ ج کُرَامُوْن۔
الکَرَّام۔ انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔
الکُرَّام و الکُرَّامۃ۔ بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن۔
المَکْرُمَان۔ کریم بہت وسیع اخلاق والا۔ اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرُمَانُ۔
المَکْرَم و المَکْرُمَۃ۔ شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم۔ اَرْضٌ مَکْرُمَۃٌ لِلنَّبَاتِ : عمدہ زرخیز زمین۔
المَکْرُم و المَکْرُمَۃ۔ کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الْخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔
المِکْرَام۔ لوگوں کا اِکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔
المُکَرَّم۔ مفع۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔
کَزَبَ الرَّجُلُ : چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا ـــــ ضَیْفَہٗ : مہمان کو کرم کلا کھلانا۔
الکُزُب و الکَزَب کرم کلا۔
الکُزُبِیَّۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔
کَزَفَ الکَرَانِیْفَ : کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَزَفَہٗ بِالْعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔ کَزَفَ الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ : تلوار سے کاٹنا ـــــ النَّخْلَۃَ : تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔
الکَزَف و الکُزَاف۔ کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ واحد کُزَافَۃٌ ج کَزَانِیْف۔
اَنْفٌ مُکَزَّف۔ موٹی ناک۔
کَرِہَ (س) کَرْھًا و کُرْھًا و کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً و مَکْرُھَۃً و مَکْرُھَۃَ الشَّیْءِ : ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِہٌ۔ صفت مفعولی مَکْرُوْہٌ۔
کَرُہَ (ک) کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃَ الْاَمْرِ او الْمَنْظَر : قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْہٌ۔
کَرَّہَ الشَّیْءَ فُلَانًا و کَرَّہَ الشَّیْءَ اِلٰی فُلَانٍ : ناپسند کرانا۔
اَکْرَہَ۔ فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ : مجبور کرنا۔
الرَّجُلَ : ناپسندیدہ امر پر اُکسانا۔
تَکَرَّھَہٗ و تَکَارَہَ الشَّیْءَ : ناپسند کرنا۔ تَکَرَّہَ و تَکَارَہَ۔ غضبناک ہونا۔
اِسْتَکْرَہَ الشَّیْءَ : قبیح یا ناقبیح سمجھنا۔
الکَرْہ و الکُرْہ۔ مص۔ الکاره۔ مشقت جس پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کسی کو مجبور کیا جائے۔ اور بقول بعض کُرْہ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیٌٔ کَرْہ" مکروہ چیز۔ "وَ رَجُلٌ کَرْہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرْہٌ" قبیح چہرہ "وَفَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اس کو مجبور آکیا۔

الکَرِہ۔ قبیح۔

الکَرَاھَۃ۔ مص۔ سخت زمین۔

الکَرَاھِیَۃ۔ کراہت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُکَ کَرَاھِیَۃَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔

الکَرِیْھَۃ۔ مؤنث کریہ۔ لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِہ۔ ذُوالکَرِیْھَۃِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ ذُوْنَہٗ کَرَائِہَ وَمَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔

المَکْرَہ۔ مکروہ۔ ج مَکَارِہ۔

المَکْرُھَۃ والمَکْرُوْھَۃ۔ ناپسندیدہ و دشوار چیز۔ ج مَکَارِہ۔

المَکْرُوْہ۔ مفعہ۔ شر۔ ناپسندیدہ۔

المَکْرُوْھہ۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْمَکْرُوْھَۃٍ" وہ سختی میں ہے۔

کَرَایَکْرُو وکَرُوًا۔ الاَرْض: کھودنا ـــــ الاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا ـــــ البِئْرَ: کنوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا ـــــ بِالکُرَۃ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَابَۃ: تیز دوڑنا۔

کَرِیَتْ تَکْرَی کَرًا۔ السَاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا ـــــ المَرْاَۃُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔

الکَرَا۔ بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کروان کا ندکر۔

الکَرَوَان۔ ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کرئ کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃ۔ ج کِرْوَان وکَرَاوِیْن۔

الکُرَۃ۔ ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز۔ اور نسبت کے لیے کُرَوِی وکُرِی ج کُرِیٌ وکُرِیْن وکُرِیْن وکُرَاتٌ واُکَر۔

الکَرْوِیا والکَرْوِیَاءُ۔ زیرہ۔

کَرِیَ یَکْرِیْ کَرْیًا الرَجُلُ: تیز دوڑنا ـــــ النَھْرَ: نہر کو کھودنا ـــــ بِالکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔

کَرِیَ یَکْرِیْ کَرَی الرَجُلُ: اونگھنا۔ صفت کرو کَرْیَان وکَرِیّ۔

کَارَاہُ مُکَارَاۃً وکِرَاءً الدَابَۃَ او الدَارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ۔

اَکْرَی اِکْرَاءً الشَیٔ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد) ـــــ فُلَانٌ۔ اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا ـــــ الحَدِیْثَ: بات طویل کرنا ـــــ فُلَانٌ دَابَتَہٗ او دَارَہٗ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔

الکَرْو والکُرو والکَرْوَۃ۔

تَکَرَّیٰ تَکَرِّیًا۔ سونا۔

اِکْتَرَی مِنْہُ الدَارَ وغَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

تَکَارَیٰ واسْتَکْرَی الدَارَ وغَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

الکِرَاء والکِرْوَۃ۔ کرایہ۔

الکُرِیّ۔ اونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اکْرِیَاء۔ بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کُرِیَّۃٌ۔

الکَرْیَان۔ اونگھنے والا۔

المُکَارِی۔ جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْن۔ اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔

المُکَرِّی مِنَ الاِبِلِ: آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔

کَزَّ(ن) کَزًّا الشَیٔ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاہُ: قدم قریب قریب ہونا ـــــ المَرْاَۃُ وَمُلَجَّھَا: عورت کا بازو بند کو بازو سے بھر دینا ـــــ کَزَازَۃً وکُزُوْزَۃً سکڑنا۔ خشک ہونا۔

کُزَّ۔ سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔

اَکَزَّ۔ اللّٰہُ فُلَانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَکْزُوْزٌ۔

اِکْتَزَّ۔ سکڑنا۔

الکَزُّ۔ مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "وَذَھَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "وفُلَانٌ کَزُّ الیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزُّ۔

الکَزَّۃ۔ کَزٌّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّۃٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں۔ "وبَکْرَۃٌ کَزَّۃٌ" یعنی تنگ چرخی۔

الکَزَّان۔ کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔

الکَزَز۔ بخل۔

الکَزَاز والکُزَّاز۔ سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

کَزِبَ(س) کَزَبًا۔ مُشْطُ الرِجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا سکڑنا۔

الکُزْبَرَۃ والکُزْبُرَۃ والکَزْبُرَۃ۔ دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو بھی لوگ کہتے ہیں۔

کَزَمَ(ن) کَزْمًا۔ مُنہ بند کرنا اور چپ رہنا۔

ـــــ الجَوْزَۃَ ونَحْوَھَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا ـــــ ہٗ: سخت دانت کاٹنا۔

کَزِمَ(س) کَزَمًا۔ بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَم پیش قدمی سے ڈرنا۔

کَزَمَ البَرْدُ اَصَابِعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَمَ۔ سکڑنا ـــــ عَنِ الطَعَام: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔

تَکَزَّمَ الفَاکِھَۃَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔

الکَزَم۔ تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔

الکَزَم۔ بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِی یَدِہٖ کَزَم" جبکہ افعالِ خیر کے لیے ہاتھ نہ کھلے۔

الکَزِم مِنَ الرِجَال: بزدل خائف مرد۔

الکَزْمَان مِنَ الرِجَال: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔

المُتَکَزِّم۔ چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔

کَزَیٰ یَکْزِیْ کَزْیًا۔ اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔

کَسَّ(ن) کَسَّ الشَیٔ: باریک کوٹنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کَشّ (س) کَشَشًا۔ چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَشّ مؤنث کَشّاء ج کُشّ۔

الکُشّ۔ اندام نہانی۔

الکَشِیش۔ توڑی ہوئی روٹی، شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔

المَکْشُوس۔ مفہ۔ توڑی ہوئی روٹی۔

کَسَاہُ (ف) کَسْأً۔ پیچھا کرنا۔ کَسَا الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو ہانکنا ـــــ القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا ـــــ ہُ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

الکُسّ۔ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔

الکُسّ والکُسْؤُ مِن کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسَاۃً" یعنی وہ گدی کے بل گرا "وَاَتَیْنَا فِی اَکْسَاءِ الشَّھْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔ "ومَرُّوا فِی اَکْسَاءِ المُنْھَزِمِیْنَ او عَلٰی اَکْسَاءِھِم" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔

کَسَبَ (ض) کَسْبًا وکِسْبًا وتَکَسَّبَ واِکْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا ـــــ لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔

کَسَبَ وکَسَّبَ واَکْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرانا۔

اِسْتَکْسَبَ وتَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔ تَکَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔

الکُسْب۔ مص۔ کمائی۔

الکِسْبَۃ والکَسِیْبَۃ۔ کمائی۔

الکَاسِب۔ فا۔ ابو کاسب: بھیڑیا۔

الکَاسِبَۃ۔ کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب

الکَوَاسِب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔

الکَسُوْب والکَسَّاب۔ بہت کمائی کرنے والا۔

المَکْسَب والمَکْسِب والمَکْسِبَۃ۔ کمائی۔

الکَسَّاب۔ بھیڑیا۔

الکُسُب۔ کھلی۔

الکُسْبُج۔ کھلی۔

الکُسْبُر۔ ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر۔

الکُسْبُرَۃ۔ دھنیا۔

الکُسْتِیْج۔ زنار کے علاوہ ایک دھاگا جس کو ذمی اپنے لباس پر باندھتے تھے۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اُڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِی فُلَانٍ فَکَسَحْنَاھُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا۔ ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَہٗ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَہٗ مُکَاسَحَۃً۔ بہت سخت جھگڑا کرنا۔

اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْھِم فَاکْتَسَحُوْھُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔

الکَسْح۔ مص۔ عاجزی۔

الکُسَاحَۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِیح۔ وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَح۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان۔

الکَسِیح والکُسَیْح والکُسْحَان ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاح۔ اُونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَۃ۔ جھاڑو۔

المُکَسَّح۔ چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّح۔

المَکْسُوْح۔ مفہ جَمَلٌ مَکْسُوْحٌ: سخت لنگڑا اُونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَۃً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شَیْءٌ کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور صوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَۃٌ واَکْسَدُ۔

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔ اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

الکُسْد۔ قط (ایک روا کا نام)

الکَسِیْد۔ مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔

العَسْکَر: لشکر کو شکست دینا ـــــ الوَصِیَّۃَ: وصیت منسوخ کرنا ـــــ الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا ـــــ الطَّائِرَ جُنَاحَیْہِ: پرندہ کا اُترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا ـــــ الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا ـــــ الوِسَادَۃَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا ـــــ المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِہٖ وعَلٰی طَرْفِہٖ: نگاہ پست کرنا ـــــ فُلَانًا عَنْ مُرَادِہٖ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اُترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا۔ کاہل ہونا۔

کَسَّرَ بمعنی کَسَرَ۔ تشدید مبالغہ اور تکثیر کیلئے ہے وکَسَّرَتِ المَرْاَۃُ ونَحْوُھَا النَّوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَۃَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّۃِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔

تَکَسَّرَ۔ ٹوٹنا ـــــ الشَّیْءُ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ۔ ٹوٹنا ـــــ العَسْکَرُ: لشکر کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا ـــــ الحَرُّ: گرمی کم ہونا ـــــ العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا ـــــ عَنِ الشَّیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَّیْءَ: توڑنا۔

الکَسْر و الکِسْر۔ عضو کا جزو۔ ہڈی کا جزو مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ وَهُوَ یُطْعِمُ النَّاسَ مِنْ کُسُوْرِ الْاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اُونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار و کُسُوْر۔ کُسُوْرُ الْاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِهٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اُونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَة۔ کَسَر کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الْکَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے۔ "و بِعَیْنِهٖ کَسْرَةٌ مِنَ السَّهْرِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج کَسَرات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ و هَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَة۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَر و کِسَرات و کُسَرات۔

کِسْرٰی و کِسْرٰی۔ شاہانِ فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَة و اَکَاسِر و کَسَاسِرَة و کُسُوْرا اور نسبت کے لیے کِسْرَوِیّ اگر کِسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف ہو۔ کِسْرَوِیّ اِکْسِرِیّ۔

الکُسَار و الکُسَارَة مِنَ الْحَطَبِ ونَحْوِه: کھورا۔ چھٹی۔

الکَسِیْر۔ ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْرٰی و کَسَارٰی۔

الْاِکْسِیْر۔ وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَّکْسِیْر۔ مص۔ والتَّکْسِیْر عِنْدَ الْمُهَنْدِسِیْنَ: پیمائش۔

الکَاسِر۔ فا۔ ج کُسَّر۔ عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کیے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

الکَاسِرَة۔ کاسر کا مؤنث ج کَاسِرَات و کُسَّر و کَوَاسِر۔ الکَوَاسِر: شکاری پرندے۔

الکَسَّار۔ اسم مبالغہ۔

المَکْسِر۔ توڑنے کی جگہ۔ مَکْسِرُ الشَّجَرَة: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ الْمَکْسِر" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُکَاسِر مِنَ الْجِیْرَان: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِیْ مُکَاسِرِیْ" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُکَسَّر۔ مفع۔ المُکَسَّر مِنَ الْاَوْدِیَة: وادی جس کے موڑ بہہ رہے ہوں۔ الجمع المُکَسَّر: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔ مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد۔

المَکْسُوْر۔ مفع۔ صَوْتٌ مَکْسُوْرٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَکَسِّر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ مُتَکَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔

کَسَعَهٗ (ف) کَسْعًا۔ دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ کَسَعَ السَّفِیْنَةَ فِی الْبَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اُتارنا اور چلانا۔ کَسَعَهٗ بِکَذَا: تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الْخَیْلُ یَکْسَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے۔ "واتَّبَعَ فُلَانٌ اَدْبَارَهُمْ یَکْسَعُهُمْ بِالسَّیْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا۔ "کَسَعْتُ الرَّجُلَ بِمَسَاءَةٍ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

کَسَعَتْ وَاکْتَسَعَتِ الْخَیْلُ بِاَذْنَابِهَا گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔

تَکَسَّعَ فِیْ ضَلَالِهٖ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔

الکَسْع فِی الْخَیْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی۔

الکُسَع۔ روٹی کے ٹکڑے۔

الکُسْعَة۔ پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج کُسَع۔ کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔

الْاَکْسَع۔ مِنَ الْخَیْل: کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی والا گھوڑا ـــــ مِنَ الطَّیْرِ: دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔

رَجُلٌ مُکَسَّعٌ۔ بے بیا مرد۔

الکُسْعُوْم۔ گدھا۔

کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا ـــــ اللّٰهُ الشَّمْسَ او الْقَمَرَ: گہن لگانا ـــــ بَصَرَهٗ: نگاہ پست کرنا ـــــ الشَّمْسُ النُّجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔

الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔ کَسَفَهُ الْحُزْنُ وغَیْرُهٗ: غمگین کر دینا۔

کَسَفَتْ (ض) کُسُوْفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا ـــــ وَجْهُهٗ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا ـــــ حَالُهٗ: بُرا ہونا۔ کَسَفَ اَمَلُهٗ: اُمید منقطع ہونا ـــــ کَسَفَ بَالُهٗ: جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔

تَکَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔

اِنْکَسَفَتِ الشَّمْسُ و الْقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔

کَسَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الکَسْف۔ مص عرب کے امثال سے ہے "اَکْسَفًا وَاِمْسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)

الکَاسِف۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ الْبَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "و کَاسِفُ الْوَجْهِ" ترش رو "وَیَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "و رَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔
الکِسْفَۃ۔ ٹکڑا ج کِسَف وکِسَف واکْسَاف وکُسُوف۔
الکَسِیْفَۃ۔ ٹکڑا۔
کَسْکَسَ کَسْکَسَۃً الشَّیْءَ : سخت کوٹنا۔
الکَسْکَاس۔ پستہ قد موٹا مرد۔
الکَسْکَسَۃ۔ مصدر وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واکرِ مُتْکِس بک واکْرِمتكِ میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)
الکُسْکُس۔ ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔
کَسِلَ (س) کَسَلاً وتَکَاسَلَ کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِلٌ وکَسْلَان ج کَسَالٰی و کُسَالٰی مؤنث کَسِلَۃٌ وکَسْلَانَۃٌ وکَسْلٰی۔
کَسِلَ (س) کَسَلاً واکْسَلَ۔ بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔
اکْسَلَ الأَمْرُ فُلَانًا : کاہلی میں ڈالنا۔
الکَسَالَۃ۔ بیکاری۔
الکَسُوْل۔ کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لیے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الکِسْل والمِکْسَل۔ دھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ : وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔
المِکْسَال۔ کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لیے باعث مدح ہے۔
المَکْسَلَۃ۔ سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشَّبَعُ مَکْسَلَۃٌ" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَا تَکْسِلُہُ المَکَاسِل" اسبابِ کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔
کَسَمَ (ض) کَسْمًا الیَابِسَ : خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا ـــــ عَلٰی عِیَالِہٖ : کمائی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا ـــــ نَارَ الحَرْبِ : لڑائی بھڑکانا۔
الکَسْم۔ مصدر۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔
الکَسُوْم۔ کرگزرنے والا۔
الکَیْسُوْم۔ بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ رَوْضَۃٌ کَیْسُوْمٌ واکْسُوْمٌ ویَکْسُوْمٌ" یہ سرسبز وشاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَیْلٌ اکْاسِم۔ بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
کَسْمَلَ کَسْمَلَۃً۔ قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔
کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واکْسَی الثَّوْبَ فُلَانًا : کپڑے پہنانا۔ کَسَاہُ شِعْرًا : اشعار سے مدح کرنا۔
کَسِیَ یَکْسَی وکُسِیَ کَسَا الثَّوْبَ : کپڑا پہننا کَسِیَ یَکْسَی کَسَاءً : بزرگ ہونا۔
تَکَسَّی تَکَسِّیًا بِالکِسَاء : اوڑھنا۔ پہننا۔
کَاسَی مُکَاسَاۃً فُلَانًا : فخر کرنا۔
اِکْتَسٰی۔ لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ : نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُہٗ ثَوْبًا : کپڑے پہنانا۔
اِسْتَکْسٰی فُلَانًا : کسی سے لباس مانگنا۔
الکَاسِی۔ فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاۃ۔
الکَسَاء۔ بزرگی و شرف۔
الکِسَاء۔ کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَۃ۔
الکُسْوَۃ والکِسْوَۃ۔ لباس۔ ج کُسًی وکِسًی۔
الاَکْسٰی۔ بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "ھُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَۃٍ" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الکَسْیُ چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَہٗ" وہ گدی کے بل گرا۔
کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَّنَدُ : آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا ـــــ الجَرَّۃُ : شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّۃُ : سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ : اونٹ کا چملی مرتبہ بڑبڑانا ـــــ البَقَرَۃُ : گائے کا آواز نکالنا ـــــ کَشَّا) الرَّجُلُ وغَیْرُہٗ : ہنکارنا۔ ڈانٹنا ـــــ تَکَاشَّتِ الأَفَاعِی : سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔
الکَشّ۔ وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔
الکُشَّۃ۔ پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔
الکَشِیْش۔ مصدر۔ شراب کے جوش کی آواز۔
کَشَا (ف) کَشْأً الشَّیْءَ : چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا ـــــ فُلَانًا بِالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا ( ـــــ واکْشَا) اللَّحْمَ : گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیٌّ وکَشَا الرَّجُلُ : بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَا المَرْاَۃَ : جماع کرنا۔
کَشِئَ (س) کَشَأً وکَشَاءً یَدُہٗ : ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔
کَشَا وکَشِیَ کَشَأً وکَشَاء وتَکَشَّأَ ـــــ الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیٌّ وکَشِیٌّ۔ تَکَشَّأَ الشَّیْءُ : چھل جانا ـــــ اللَّحْمُ : خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
کَشْأَ تَکْشِئَۃً اللَّحْمَ : خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
الکُشَاءَۃ۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَافِی جَسَدِہٖ کُشَاءَۃٌ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔
کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَّحْمَ : گوشت بہت کھانا۔
الکُشْتُبَان انگشتانہ ج کَشَاتِیْن۔ وزَھْرُ الکُشْتُبَانِ : ایک قسم کی نباتات۔
الکَشُوْث والکُشُوْثِی والکَشُوْثَی والکَشُوْثَاء۔ ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔
کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ : گھر میں جھاڑو دینا ـــــ القَوْمَ : پراگندہ کرنا' ہنکارنا ـــــ عَنِ المَاءِ : پانی پر سے واپس ہونا ـــــ لَہٗ بِالعَدَاوَۃِ : دشمنی کرنا ـــــ الدَّابَّۃُ : چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا ـــــ الطَّائِرُ : پرندہ کا تیز واپس آنا ـــــ الظَّلَامُ او الضَّوْءُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا (ـــــ و کَشَّحَ) العُوْدَ : لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا ـــــ اَلْبَعِیْرَ : اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ـــــ ہٗ : پہلو پر داغ دینا۔

کُشِحَ الرَّجُلُ : پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح۔ کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ : متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

کَشِحَ (س) کَشَحًا۔ دردِ پہلو والا ہونا۔

کَاشَحَ کِشَاحًا و مُکَاشَحَةً فُلَانًا بِالعَدَاوَةِ : دشمنی رکھنا۔

اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ : متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

تَکَشَّحَ الجَارِیَةَ : جماع کرنا۔

الکَشْح۔ مص۔ پہلو۔ ج کُشُوْح۔ کہا جاتا ہے "طَوَیٰ کَشْحَهٗ عَن فُلَانٍ او طَوَیٰ کَشْحًا عَنْهُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ "وطَوَیٰ کَشْحَه عَلَی الاَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔

الکَشَح۔ پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔

الکَاشِح۔ فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

الکِشَاح۔ پہلو کا داغ۔

الکُشَاحَة۔ باطنی عداوت۔

المِکْشَح و المِکْشَاح۔ تلوار کی دھار۔

المِکْشَاخ : کلہاڑا۔

کَشْخَنَ کَشْخَنَةً الرَّجُلَ : عورت کے حق میں بے غیرت کرنا۔

الکَشْخَان۔ بیوی کے حق میں بے غیرت۔

کَشَدَ (ض) کَشْدًا الشَّیْءَ : دانتوں سے کاٹنا ـــــ النَّاقَةَ : اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

اَکْشَدَ۔ خالص مکھن بنانا۔

الکِشْدَة۔ مکھن۔

الکَاشِد و الکَشُود و الکَشَد اہل و عیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد۔

کَشَرَ (ض) کَشْرًا۔ عَن اَسْنَانِهٖ : ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَة ـــــ السَّبُعُ عَنْ نَابِهٖ : درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَهٗ : چیتے جیسا بننا۔

کَشِرَ (س) کَشْرًا۔ بھاگنا۔

کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِهٖ : بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

کَاشَرَهٗ مُکَاشَرَةً۔ باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔

اَکْشَرَ لَهٗ عَنْ اَنْیَابِهٖ : دھمکی دینا۔

تَکَشَّرَ۔ دانت نکالنا۔

الکَشْر۔ مص۔ سوکھی روٹی۔

الکَشَر۔ انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔

المُکَاشِر۔ فا۔ الجَازُ المُکَاشِر : قرہی پڑی۔

کَشَطَ (ض) کَشْطًا و اِسْتَکْشَطَ الشَّیْءَ : ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ و الغِطَاءَ عَنِ الشَّیْءِ : جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ نکالنا ـــــ الحَرْفَ : موقع سے ہٹا دینا۔ و کَشَطَ البَعِیْرَ : اُونٹ کی کھال اُتارنا و اِسْتَکْشَطَ البَعِیْرُ : کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔

تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ : آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

اِنْکَشَطَ۔ اُتارا جانا۔ ننگا ہونا ـــــ الرَّوْعُ : خوف زائل ہونا۔

الکَشَّاط۔ قصائی۔

الکِشَاط۔ انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔

الکَشَطَة۔ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔

کَشَعَ (ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْلِ : قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہونا۔

کَشِعَ (س) کَشَعًا۔ بددل ہونا۔ زچ ہونا۔

کَشَفَ (ض) کَشْفًا و کَاشِفَةً الشَّیْءَ و عَنِ الشَّیْءِ : ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰهُ غَمَّهٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ "و کَشَفَتْهُ الکَوَاشِف" یعنی رُسوا کر دیا۔

کَشِفَ (س) کَشَفًا۔ شکست کھانا ـــــ الرَّجُلُ او الفَرَسُ : کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔

کَشَّفَ الشَّیْءَ : کھولنا۔ ظاہر کرنا ـــــ فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ : ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔

کَاشَفَهٗ بِکَذَا : خبردار کرنا ـــــ هٗ بِالعَدَاوَةِ کھلی کھلی دشمنی کرنا۔

اَکْشَفَ۔ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔

اِنْکَشَفَ الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔

تَکَشَّفَ الشَّیْءُ : ظاہر ہونا ـــــ البَرْقُ : بجلی کا آسمان پر پھیلنا ـــــ الرَّجُلُ : رُسوا ہونا۔

تَکَاشَفَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔

اِکْتَشَفَ الشَّیْءَ : ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاِکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو اُمورِ طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔

اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَّیْءِ : ظاہر کرنے کو کہنا۔

الکَشْف۔ مص ـــــ عند العروضیین : ساتویں متحرک کا گرا دینا۔

الکَشَف۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔

والکَشَفُ فِی الخَیْلِ : دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔

الکَشَفَة۔ سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔

الکَاشِف۔ فا۔ ج کَشَفَة۔

الکَاشِفَة۔ مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی ج کَوَاشِف۔

الکَشَّاف۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَشَّافُ الغُمَم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الاَکْشَف۔ جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔

الکَشْفَاء۔ اکشف کا مؤنث۔

الکَشِیف۔ بمعنی مَکْشُوْف۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔

الکَشْک۔ جو کا پانی۔ آش جو۔

الکِشْک۔ عِنْدَ عَامَّتِنَا : ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پکایا جاتا ہے۔ الکِشک : گنبد دار محل (دخیل)
كَشْكَشَ كَشْكَشَةً۔ بھاگنا۔ كَشْكَشَتِ الحَيَّةُ : سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الكَشْكَشَة۔ مع ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اكْرَمْتُشِ وعَلَيْشِ اكْرَمْتُكِ وعَلَيْكِ میں۔
الكَشْكُوْل والكَشْكُوْلَة۔ بھکاریوں کا چغل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔
كَشَمَ (ن) كَشْمًا وكَشَّمَ واكْتَشَمَ۔ الأنْفَ : ناک جڑ سے کاٹنا۔
كَشِمَ (س) كَشَمًا۔ پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اكشم۔
كَشَمَ (ض) كَشْمًا القِثَّاءَ والجَزَرَ : ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنْفٌ كَشِمٌ واكْشَمُ۔ جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔
الكَشْم والاكْشَم۔ تیندوا۔
كَشْمَرَ۔ رونے کے لیے آمادہ ہونا ـــــ اَلْفَهُ : ناک توڑ دینا۔
الكِشْمِش۔ کشمش واحد كِشْمِشَة۔
كَشَاهُ يَكْشُوْهُ كَشْوًا۔ دانتوں سے کاٹ کھانا۔
الكُشْيَة۔ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دُم کی جڑ۔ ج كُشًى۔
كَصَّ (ض) كَصًّا القَوْمُ : اکٹھا ہونا ( ـــــ كَصِيْصًا) المَاءُ بالنَّاسِ : پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا ( ـــــ كُصًّا وكَصِيْصًا) الصَّوْتُ : آواز باریک ہونا۔
اكَصَّ۔ بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَكَاصَّ واكْتَصَّ القَوْمُ : اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
الكَصِيص۔ مع شدتِ مشقت کی وجہ سے ہچ و تاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ کمزور۔
الكَصِيصَة۔ جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج كَصَائِص۔
كَصْكَصَ۔ تیز چلنا۔

كَصَمَ (ض) كُصُوْمًا۔ پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا ـــــ كَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔
الرَّجُلَ : تختی سے ہٹانا۔
كَصِيَ يَكْصِيْ كَصْيًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
كَصْكَصَ۔ تیز چلنا۔
كَضَلَ (ن) كَضْلاً : ہٹانا، دُور پھینکنا۔
كَظَّ (ن) كَظًّا الطَّعَامُ فُلَانًا : زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا ـــــ الغَيْظُ صَدْرَهُ : سخت غضبناک ہونا ـــــ الحَبْلَ : رسّی باندھنا۔
خَصْمَهُ : چاروں طرف سے گھیر دینا ( ـــــ كَظَاظًا وكَظَاظَةً الأَمْرُ فُلَانًا) : غمگین کرنا۔ جھٹلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا ـــــ المَسِيْلُ بالمَاءِ : پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔
كَاظَّهُ كِظَاظًا ومُكَاظَّةً۔ جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔
تَكَاظَّ القَوْمُ : میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔
اِكْتَظَّ مِنَ الطَّعَامِ : سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا ـــــ المَسِيْلُ بِالمَاءِ : پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا ـــــ المَحَلُّ : لوگوں سے بھر جانا ـــــ اِكْتَظَّهُ الغَيْظُ : سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔
الكِظَّة۔ بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی تکلیف۔
الكِظَاظ۔ مع۔ تھکن۔ تختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔
الكَظُّ۔ مع کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَظٌّ" سخت گیر مرد ( ـــــ والكَظِيْظ والمُكَظَّظ والمَكْظُوْظ) وہ شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔
الكَظِيْظ والمَكْظُوْظ : کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔
الكَظِيْظ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلَى بَابِ فُلَانٍ كَظِيْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔
طَعَامٌ مُكِظَّةٌ۔ بدہضمی والا کھانا۔

كَظَبَ (ن) كُظُوْبًا۔ بہت موٹا ہونا۔
كَظَرَ (ن) كَظْرًا۔ القَوْسَ : کمان کے کنارے پر ٹانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا ـــــ الزَّنْدَةَ : چقماق سے دندانہ بنانا۔
الكُظْر۔ کمان کے کناروں پر ٹانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی ( ـــــ والكُظْرَة) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔
الكِظْر : پسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔
كَظَمَ (ض) كَظْمًا البَابَ : دروازہ بند کرنا ـــــ النَّهرَ : نہر کو روکنا ـــــ القِرْبَةَ : مشک بھرنا اور منہ باندھنا ـــــ البَعِيْرَ بالكِظَامَة : اُونٹ کو نکیل لگانا ـــــ الشَّيءَ وعَلَى الشَّيءِ : روکنا كُظُوْمًا البَعِيْرُ : اُونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَظَمَ فُلَانٌ عَلَى جَرَّتِهِ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں ( ـــــ كَظْمًا وكُظُوْمًا) غَيْظَه : غصہ نگل جانا۔
كُظِمَ كَظْمًا۔ خاموش رہنا۔
الكَظَم۔ سانس کی نالی۔ ج اكْظَام وكِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِكَظَمِهٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔
الكِظَام۔ بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِكِظَامِ الأَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔
الكِظَامَة۔ وادی کا دہانہ۔ اُونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخَيْوَطَ فِي كِظَامَتَيِ المِيْزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الكِظَامَة : زمین کے اندر پانی کی نالی۔ كَظَامَةُ البَابِ : دروازہ بند کرنے کی چیز ( ـــــ والكَظِيْمَةُ) دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔
الكَظِيْمَة : توشہ دان۔ ج كَظَائِم۔
الكَاظِم۔ فا۔ خاموش۔ ج كُظَّم۔ بَعِيْرٌ كَاظِمٌ یا ساأونٹ۔
اِبِلٌ كُظُوْم۔ اُونٹ جو جگالی نہ کرے۔
الكَظِيْم والمَكْظُوْم۔ مصیبت زدہ۔
الكَظِيْم : دروازہ بند کرنے کی چیز۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



كَعَا يَكْعُوْ كَعْوًا لَحْمُهٗ : گوشت سخت ہونا۔

تَكَعَّى لَحْمُهٗ سَمَنًا : موٹاپے کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

اَرْضٌ كَاعِيَةٌ۔ خشک زمین۔

كَعَّ (ن ض) كَعًّا وكُعُوْعًا وكَعَاعَةً و كَيْعُوْعَةً۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

اَكَعَّ فُلَانًا : خوف دلانا۔ بزدل بنانا ـــــ فِيْ كَلَامِهٖ : کلام میں رکنا ـــــ الخَوْفُ فُلَانًا : ارادہ سے باز رکھنا۔

الكَعُّ والكَاعُّ۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَعُّ الوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

كَعِمَتْ (ن ض) كُعُوْبًا وكُعُوْبَةً وكِعَابَةً الجَارِيَةُ : لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت كِعَاب و كَوَاعِب۔

كَعَبَ (ف) كُعُوْبًا الثَّدْيُ : پستان اُبھرنا۔

( ـــ كَعْبًا) الإِنَاءَ : برتن بھرنا ـــ فُلَانًا : خشک چیز مثلاً سرو غیرہ پر مارنا۔

كَعَّبَ الإِنَاءَ : برتن بھرنا ـــ الشَّيْءَ : چوکور بنانا۔ كَعَّبَتِ الجَارِيَةُ : لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔

اَكْعَبَ۔ دوڑنا۔

الكَعْب۔ دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج كُعُوب۔ کہا جاتا ہے "اَعْلَى اللّٰهُ كَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ كَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہوگئی و "رَجُلٌ عَالِي الكَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔ الكَعْب : پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج كُعُبٌ و كِعَاب۔ والكَعْبُ فِيْ عِلْمِ الهَنْدَسَةِ : مربع جسم۔ الكَعْب : ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج كِعَاب و كُعُوْبٌ و اَكْعُبٌ۔

الكِعَاب۔ نرد کے مہرے۔ واحد كَعْبٌ و كَعْبَةٌ۔

الكُعُب۔ اُبھری ہوئی پستان۔

الكَعْبَة۔ نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ جھروکہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج كِعَاب و كَعَبَات۔

الكُعْبَة۔ دوشیزگی۔

جَارِيَةٌ كَعَابٌ و مُكَعَّبٌ۔ اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ مُكَعَّبٌ"۔

الكَاعِبُ۔ مِنَ الْجَوَارِي والثُّدِيِّ : اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج كَوَاعِب۔

المُكَعَّب۔ مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِي الْحِسَابِ مَكْعَبُ العَدَدِ : چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ لَذْيٌ مُكَعَّبٌ : اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُكَعَّبَةٌ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔

كَعْبَرَهٗ كَعْبَرَةً بِالسَّيْفِ : تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الكَعْبَرَة مص ـــ مِنَ النِّسَاءِ : عجمی اکھڑ عورت۔

الكُعْبُر مِنَ العَسَلِ : شہد کے چھتہ میں جو جمع ہو۔

الكُعْبَرَةُ۔ سخت گرہ دار ہڈی۔ بند و ست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پائخانہ جو اُونٹ کی دُم پر خشک ہو جائے۔ كَعْبَرَةُ الكَتِفِ : مونڈھے کا گول حصہ۔ كَعْبَرَةُ الوَظِيْف : پنڈلی کے نچلے حصہ کے ملنے کی جگہ۔ ج كَعَابِر۔ الكَعَابِر : ہڈیوں کے سرے۔

الكُعْبُوْرَة۔ گرہ۔ جمع شدہ۔ غلّہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج كَعَابِيْر۔

كَعْبَشَ كَعْبَشَةً کسی چیز کو لینا اور باندھنا۔ کودنے کے لیے پاؤں سمیٹنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

تَكَعْبَشَ۔ سکڑنا۔

اَكْعَثَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصہ سے پھولنا۔

الكَعْث۔ پستہ قد مرد۔ مؤنث كَعْثَةٌ۔

الكُعْثَة۔ شیشی کا سربند۔

الكُعْبَث۔ بلبل۔ ج كِعْثَان۔

كَعْثَرَ۔ تیز چلنا۔ تیز دوڑنا ـــ فِيْ مَشْيِهٖ : مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

الكُعْثُر۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔

تَكَعْثَبَتِ العَرَارَةُ : بورے کا گول ہونا۔

الكَعْد۔ گون۔

الكَعْدَة۔ شیشی کا سربند۔

الكَعْدَب۔ فرومایہ۔ بے مروت مرد۔

الكُعْدَبَة۔ پانی کا بلبلہ۔

كَعِرَ (س) كَعَرًا الصَّبِيُّ : پرشکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت كَعِرٌ۔ كَعِرَ البَطْنُ : پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ ( ـــ و كَعَّرَ و اَكْعَرَ) البَعِيْرُ : اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔

الكَعْر۔ کوہان۔

الكَعْرَة۔ غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔

الكَعْوَرَة۔ بڑی ناک والا۔

الكَيْعَر۔ شیر کا موٹا بچہ۔

المُكْعِر۔ تیز دوڑنے والا۔

كَعَزَ (ف) كَعْزًا۔ انگلیوں سے چننا۔

الكَعْس۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج كِعَاس۔

كَعْسَبَ كَعْسَبَةً۔ الرَّجُلُ : دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

كَعْسَمَ كَعْسَمَةً۔ پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الكَعْسَم۔ گورخر۔ ج كَعَاسِم۔

كَعَصَ (ف) كَعْصًا۔ کھانا۔

كَعِيْصُ الفَارِ : چوہے کی آواز۔

كَعْطَلَ كَعْطَلَةً۔ تیز دوڑنا ـــ بِيَدِهٖ : انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعِيْطُ والمُكَعْطَ۔ پستہ قد۔ موٹا مرد۔

كَعْطَلَ كَعْظَلَةً۔ تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ ـــ بِيَدِهٖ : انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعْك۔ کیک۔ واحد كَعْكَة۔ ج كَعْكَات (وخیل)

كَعْكَعَ كَعْكَعَةً الرَّجُلَ : روکنا۔ كَعْكَعَهٗ عَنْ كَذَا : ہٹانا۔ كَعْكَعَ فِيْ كَلَامِهٖ : رکنا۔

تَكَعْكَعَ۔ رک جانا۔ بزدل ہونا۔

الكُعْكُع۔ بزدل کمزور۔

الكَعْنَكَع۔ بھوت۔

تَكَعَّلَ التَّمْرُ و نَحْوُهٗ۔ ایک دوسرے کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ساتھ گتھا ہوا ہونا۔

الكَعْل۔ بخیل مالدار۔ پائخانہ گوبر ( — و الكُعْل) کالا پستہ قد مرد۔

المُكَعْبَل۔ غصہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔

كَعَمَ (ف) كَعْمًا الوِعَاءَ : برتن کا منہ باندھنا۔ البَعِيرَ : اُونٹ کو تھوتھنی لگانا — الحَوْفُ فُلَانًا : ہٹانا — المَرْأَةَ : عورت کا بوسہ لینا۔

الكِعْم۔ ہتھیار کا گیس۔ نیام۔ ج كِعَام۔

الكِعَام ج كُعُم والكِعَامَة۔ تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

كُعُوْمُ الطَّرِيْقِ : راستہ کے دہانے۔

بَعِيْرٌ مَكْعُوْمٌ۔ تھوتھنی چڑھایا ہوا اُونٹ۔

اكْعَنَّ الرَّجُلُ : سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔

الكَعْنَب۔ پستہ قد۔ شریر۔

رَجُلٌ كَعْنَبٌ۔ سرمیں گرہ رکھنے والا مرد۔

كَعَانِيْبُ۔ الرَّاسِ : سر کی گرہیں۔

الكُعَانِيْب۔ شریر۔

تَيْسٌ مُكَعْنَبُ القَرْنِ : پیچیدہ سینگ والا بکرا۔

تَكَعْنَسَ الطَّائِرُ : پرندہ کا جال میں پھنسنا۔

— فُلَانٌ فِي الشَّيْءِ : مستغرق ہونا۔

كَعَايَكْعُوْ كَعْوًا۔ بزدل ہونا۔

الكَاعِي۔ فا۔ شکست خوردہ۔

الأَكْعَاء۔ بزدل لوگ۔

الكَاغِد والكَاغَد۔ کاغذ۔

الكَاغِدِيّ۔ کاغذ بیچنے والا۔

كَفَّ (ن) كَفًّا و كَفَافَةً۔ الثَّوْبَ : لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا ( — كَفًّا) الإِنَاءَ : برتن کو بست بھرنا — الشَّيْءَ : جمع کرنا — رِجْلَهُ : پیر میں چیتڑا لپیٹنا — القَبِيْلَةَ : قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا — مَاءَ وَجْهِهِ : آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا — عَنِ الأَمْرِ : باز رہنا — هُ عَنِ الأَمْرِ : باز رکھنا ( — كَفْوًا) النَّاقَةُ : بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔

كَفٌّ و كُفٌّ۔ بَصَرُهُ : اندھا ہونا۔

تَكَفَّفَ النَّاسَ : لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا — الرَّجُلُ : ہاتھ میں لیتا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا عَنِ الأَمْرِ : چھوڑنا — دَمْعَهُ : آنسو کا رکنا۔

تَكَافَ عَنِ الأَمْرِ : باز رہنا — القَوْمُ : ایک دوسرے کو روکنا۔

اِنْكَفَّ۔ باز رہنا — عَنِ المَكَانِ : چھوڑنا۔

اِسْتَكَفَّ الشَّيْءَ : ہاتھ میں لینا — النَّاسَ : مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا — هُ عَنِ الشَّيْءِ : رکنے کی لیے کہنا — النَّاسُ حَوْلَهُ : دیکھنے کے لیے احاطہ کرنا۔ اِسْتَكَفَّتِ الحَيَّةُ : کنڈلی مارنا — النَّاظِرُ : دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا — عَيْنَهُ : دیکھنے کے لیے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَكَفَّتْ عَيْنُهُ : ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا — فُلَانٌ بِالصَّدَقَةِ : صدقہ مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا — بِهِ النَّاسَ : احاطہ کرنا — الشَّعْرُ : بال بکثرت ہونا — الشَّيْءُ : گول ہونا۔

الكَفّ۔ مذ۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج أَكُفٌّ و كُفُوْفٌ و كُفٌّ۔ كَفُّ السَّبُع و كَفُّ الكَلْبِ و كَفُّ الذِّئْبِ و كَفُّ مَرْيَمَ و كَفُّ أَدَمَ و كَفُّ الأَسَدِ و كَفُّ الضَّبُعِ و كَفُّ القِرْدِ و كَفُّ الأَجْذَمِ و كَفُّ الجَذْمَاءِ و كَفُّ عَائِشَةَ : گھاس کی قسمیں۔ الكَفُّ : نعت — عِنْدَ العُرُوْضِيِّيْنَ : ساتویں حرف ساکن کا ساقط کرنا جیسے فَاعِلَاتُنْ کا نون۔

الكَفَّة۔ کف کا اسم مرۃ۔ كَفَّةُ المِيْزَانِ۔ ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ كَفَّةً كَفَّةً" مبنی بر فتحہ و كَفَّةً لِكَفَّةٍ و كَفَّةً عَنْ كَفَّةٍ یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الكِفَّة۔ ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو — مِنَ المِيْزَانِ : ترازو کا پلڑا — مِنَ الدَّفِّ : ڈھول کا ڈھانچہ۔ كِفَّةُ الصَّائِد : شکاری کا جال۔ ج كِفَف و كِفَاف۔ الكِفَّةُ الجُنُوْبِيَّة و الكِفَّةُ الشِّمَالِيَّة : دو ستاروں کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ و الكِفَّةُ بِالكِفَّة" یعنی برابر سرابر جِئْتُهُ فِي كِفَّةِ اللَّيْلِ : میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔

الكُفَّة۔ چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الكُفَّةُ مِنَ الشَّجَرِ : درختوں کی انتہا — مِنَ النَّاسِ : لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے — مِنَ الغَنَمِ : بادل کا کنارہ — مِنَ اللَّيْلِ : دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں — مِنَ الدِّرْعِ : زرہ کا دامن — مِنَ الرَّمْلِ : ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو — مِنَ الثَّوْبِ : کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھورنہ ہو — مِنَ اللِّثَةِ : مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ كُفَّةُ القَمِيْصِ : دامن کے اردگرد کی گوٹ۔ ج كُفَفٌ و كِفَاف۔

الكَفَف۔ سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا — مِنَ الرِّزْقِ : گزارہ کے لائق روزی — فِي الوَشْمِ : گوندنے کے حلقے۔

الكِفَف فِي الوَشْمِ : گوندنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الكَفَاف مِنَ الرِّزْقِ : گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا ہے "قُوْتُهُ كَفَافَ حَاجَتِهِ" یعنی اس کا گزارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "و فُلَانٌ لَحْمُهُ كَفَافٌ لَا دِيْمِهِ" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔

كَفَافُ الشَّيْءِ : چیز کے مانند۔ کہا جاتا ہے "وعينيْ كَفَافٍ" یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و طَارَ البَرْقُ فِيْ كَفَافِ السَّحَابِ" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جِئْتُهُ فِيْ كَفَافِ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

الكِفَاف۔ مِنَ الشَّيْءِ : گھیرا — مِنَ الثَّوْبِ : کپڑے کی گوٹ۔ كِفَافُ السَّيْفِ : تلوار کی دھار كِفَافُ السَّحَابِ : بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کناف ہے مثلاً كِفَافُ الأُذُنِ۔ ج أَكِفَّة۔

الكَاف۔ فا۔ ج كَفَفَةٌ۔ و نَاقَةٌ كَافٌّ : بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اُونٹنی۔

رَجُلٌ كَافٌّ : اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الكَافَّة۔ کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَّاسُ كَافَّةً" یعنی سب آئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



(اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الكَافَةُ: بوڑھی اُونٹنی۔

الكَفُوف مِنَ النُّوقِ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اُونٹنی۔

المُكَافَّة۔ ایک دوسرے کو روکنا۔

المَكْفُوف ج مَكَافِيف والكَفِيف: اندھا۔

المُسْتَكِفّ۔ گول۔

المُسْتَكِفّات۔ چشمے۔ اکٹھے اُونٹ۔

كَفَأَ (ف) كَفْأً پھرنا۔ شکست کھانا — عَنِ الْقَصْدِ: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔

الرَّجُلُ: کسی کو دھتکارنا (— و كَفَّأَ واكْتَفَأَ) الْإِنَاءَ برتن کو اُلٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

كَافَأَ الرَّجُلُ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ: بدلا دینا — فُلَانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَيْنَ الْفَرْسَيْنِ بِرُمْحِهِ: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اكْفَأَ۔ جھکنا — الْإِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔ جھکا دینا۔ اكْفَأَ الْإِبِلَ: اُونٹ کا بہت بچے دینا۔ اكْفَأَ الْبَيْتَ: گھر پر پردہ لگانا — الشَّاعِرُ: بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کر دینا۔

تَكَفَّأَ فِي مِشْيَتِهِ: لڑکھڑانا۔

اِكْتَفَأَ الْإِنَاءَ: برتن کو جھکانا — پلٹ دینا۔ الإِبِلَ: اُونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَكَافَأَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

اِنْكَفَأَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا' واپس ہونا۔ شکست کھانا — إِلَى كَذَا: جھکنا — اللَّوْنُ: متغیر ہونا' رنگ بدلنا۔

اِسْتَكْفَأَ فُلَانًا إِبِلَهُ: ایک سال کی اُونٹوں کی پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَكْفَأْتُهُ إِبِلَهُ فَأَكْفَانِيهَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اُونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ' اُون' بچے سب دیدیئے "اِسْتَكْفَأْتُ فُلَانًا": برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الكَفَاءُ والكَفَاءَة۔ برابری۔ مساوات۔

الكِفَاء۔ مصدر كَافَأَ۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كِفَاءَ الْوَاجِبِ" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وَهٰذَا كِفَاءُهُ" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا كِفَاءَ لَهُ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ كِفَاءُ الْبَيْتِ: خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج اَكْفِئَةٌ۔

الكَفُّ والكِف والكِف مثل و نظیر۔ ج اَكْفَاء وكِفَاء۔

الكَفُوءُ والكُفْوء والكَفِيُّ وَالكَفِيئَةُ۔ مماثل۔

الكفاة والكفاة من النخل: درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار — فِي الإِبِلِ: ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناقہ کے بعد کی سالانہ پیدائش — فِي الْأَرْضِ: سال بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو — "مَنَحْتُهُ كَفَاةَ غَنَمِي" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الكَفِيُّ۔ مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَفِيُّ اللَّوْنِ" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

كِفْءُ الْوَادِي: اندرون وادی۔

الإِكْفَاء۔ مصدر اكْفَأَ — عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مُكْتَفِيَ اللَّوْنِ وَمُكْفَأَ اللَّوْنِ": میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔

كَفَتَهُ (ض) كَفْتًا۔ پھیر دینا — هُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِكْفِتْهُ إِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّيْءَ: الٹ جانا (— و كَفَّتَ) الشَّيْءَ إِلَى نَفْسِهِ: اپنے ساتھ ملانا — الشَّيْءَ: قبض کرنا — فُلَانٌ ذَيْلَهُ: دامن سمیٹنا۔

كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيتًا و كَفْتَانًا تَكَفَّتَ الطَّائِرُ وغَيْرُهُ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِي مَسِيرِهِ: دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوبُ: کپڑے کا سمٹنا۔

كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَّجُلُ: دوڑنے میں سبقت کرنا — الرَّجُلُ: اچانک مرنا۔

اِنْكَفَتَ۔ پھرنا۔ سکڑنا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِكْتَفَتَ الْمَالَ: سب لے لینا۔

اَلْكَفْت۔ مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (— و الكِفْت) چھوٹی ہانڈی۔

الكُفْت و الكُفْتَة مِنَ الْخَيْلِ: بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔

الكِفَات۔ مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الكِفِيت۔ مص۔ توشہ دان — مِنَ الرِّجَالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔

الكَفَّات۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔

المُكْفِت۔ دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

كَفَحَ (ف) كَفْحًا الْعَدُوَّ: دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا — بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا — لِجَامُ الدَّابَةِ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا — الشَّيْءَ: سرپوش اتارنا۔ الْمَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

كَفِحَ (س) كَفَحًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

كَافَحَ الْقَوْمُ أَعْدَاءَهُمْ: بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الْأُمُورَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ الْمَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

اَكْفَحَ الدَّابَةَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا — فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَكَافَحَ الْقَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔ تَكَافَحَتِ الْأَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا — الْكَبْشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الكِفَاح۔ مص کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الكَفِيح۔ نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مہمان۔
الاَكْفَح۔ کالا۔
الكَفْحَة۔ چھوٹی سی جماعت۔
كَفَحَهٗ (ف) كَفْحًا۔ طمانچہ مارنا — هٗ بِالْعَصَا :لاٹھی سے مارنا۔
الكَفْحَة۔ جمع شدہ سفید لعاب۔
رَجُلٌ مِكْفَحٌ وعَمُوْدٌ مِكْفَحٌ :مضبوط۔
كَفَرَ (ن) كَفْرًا و كُفْرًا۔ الشَّيْءَ :چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَرَ دِرْعَهٗ بِثَوْبِهٖ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا — اللَّيْلُ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ :ڈھانکنا — الجَهْلُ عَلَى عِلْمِ فُلَانٍ : علم پر جہل کا غالب آنا ( — كَفْرًا و كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) ایمان کی ضد — بِالْخَالِقِ : نفی کرنا ( — كَفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهِ و بِنِعْمِ اللّٰهِ :ناشکری کرنا — بِكَذَا :بیزار ہونا۔
كَفَرَ الشَّيْءَ : چھپانا — الرَّجُلَ : کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔
كَفَّرَ لَهٗ : تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا — اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ : معاف کرنا۔ گناہ مٹانا — عَنْ يَمِيْنِهٖ او اِثْمِهٖ :کفارہ ادا کرنا۔
كُفِّرَ۔ لِلْمَلِكِ : تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔
كَافَرَ مُكَافَرَةً۔ فُلَانًا حَقَّهٗ :انکار کرنا۔
اَكْفَرَ۔ طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا — الرَّجُلَ : کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔
اَكْفَرَ الرَّجُلُ :دیہات میں رہنا۔
اِكْتَفَرَ۔ دیہات میں رہنا۔
الكَفْر۔ مہ دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الكَفْر :دیہات۔ ج كفور ( — والكِفْر والكَفْرَة) رات کی تاریکی۔
الكُفْر والكُفْرَان۔ ضد ایمان۔ الكُفْران : ناشکری۔ الكُفْر : فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔
الكَفَرّ والكَفَرّیٰ والكُفَرّیٰ والكِفِرّیٰ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفَر : پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفَرَةٌ۔
الكَفِر مِنَ الْجِبَالِ :بڑا پہاڑ۔

الكَافِر۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُوْن و كَفَرَة و كُفَّار و كِفَار ( کفار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور كَفَرَةٌ کا استعمال اکثر اس كَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِر : تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الكَافِر مِنَ الْخَيْلِ : کالا گھوڑا۔
الكَافِرَة۔ کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات و كَوَافِر۔
الكَوَافِر : شراب کے مٹکے۔
الكَفُوْر۔ کافر۔ ج كُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)
الكَافُوْر۔ ایک خوشبودار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج كَوَافِيْر و كَوَافِر۔
الكَفَّار۔ اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ كَفَّار : اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔
الكَفَّارَة۔ کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔
المُكَفِّر والمُتَكَفِّر۔ ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔
المُكَفَّر۔ مغم۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔ طَائِرٌ مُكَفَّرٌ :پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔
كَفِسَ (س) كَفَسًا الصَّبِيُّ :ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اكْفَس۔ مؤنث كَفْسَاء۔ ج كُفْس۔
كَفِسَتْ وانْكَفَسَتْ رِجْلُه :پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْكَفَسَ الرَّجُلُ :مرد کا دوہرا ہونا۔
الكِفَاس۔ بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ كَفْكَفَهٗ۔ عَنْ كَذَا : پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ كَفْكَفَ الدَّمْعَ : آنسو بار بار پونچھنا — الرَّجُلُ : قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَكَفْكَفَ۔ عَنْهُ :باز رہنا۔ پھر جانا۔
كَفَلَ (ن) كَفْلًا و كَفَالَةً فُلَانًا : نان و نفقہ کا ذمہ دار ہونا — فِيْ صِيَامِهٖ : لگاتار روزے رکھنا — الشَّيْءَ اِلَيْهِ :ملانا۔
كَفَلَ (ن س) و كَفِلَ (س) و كَفُلَ (ک) كَفْلًا و كُفُوْلًا الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ والمَالَ و بِالمَالِ : ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِيْمِهٖ" اس نے قرض خواہ کے لیے مال کی ذمہ داری کی۔
كَفَّلَهٗ۔ نان و نفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔
كَفَّلَه و اَكْفَلَهٗ اِيَّاهُ : ضامن بنانا۔ كَفَّلَ القَاضِي الخَصْمَ : ضامن لینا۔ اكْفَلَ زَيْدٌ عَمْرًوا :مال کا ضامن ہونا۔
كَافَلَهٗ مُكَافَلَةً۔ معاہدہ کرنا۔
تَكَفَّلَ لَهٗ بِكَذَا : ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَكَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا ( — و اِكْتَفَلَ) البَعِيْرَ : اونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِكْتَفَلَ بِفُلَانٍ : اپنے پیچھے سوار کرانا — بِالشَّيْءِ : پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِكْتَفَلُوْا بِالْجَبَلِ : یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔
تَكَافَلَ القَوْمُ :بعض بعض کا ضامن ہونا۔
الكِفْل۔ دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکل' وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے' وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے' وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے' چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے' وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَكْفَال۔
الكَفَل مِنَ الدَّابَّةِ :چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج اَكْفَال۔
الكَافِل۔ فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ بے در پے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ كَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّلٌ۔

الکَفَالَۃُ۔ ضمانت (اسم ہے کَفَلَہ سے) ج کَفَالَاتٌ۔

الکَفِیْلُ۔ ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَفِیْلٌ وَامْرَأَۃٌ کَفِیْلَۃٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ" ج کُفَلَاءُ۔

الکُفُوْلَۃُ۔ اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجَمرَ بِالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا — الصُّوفَ: اون کاتنا — الخُبْزَۃَ فِی المِلَّۃِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔ (— وکَفَّنَ) المَیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْن۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ کَفْنٌ" بے نمک کھانا۔

الکَفَن۔ کفن۔ ج اکْفَان۔

الکَفْنَۃ۔ ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَۃ۔ عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُکْفِنُوْنَ یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِلَۃ۔ فوج کا سردار۔

اِکْفَهَرَّ اِکْفِهْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا — السَّحَابُ: بادل گھٹا ٹوپ ہونا — الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا — النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُکْفَهِرّ۔ فا۔ ہر سخت چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَهِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلَانٌ مکفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفْو والکُفْء۔ مثل اور نظیر۔

کَفَی یَکْفِی کِفَایَۃً الشَّیْءُ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ۔ کَفَی الشَّیْءُ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔ و کَفَی فُلَانًا مُؤْنَتَہٗ کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُہٗ شَرَّ عَدُوِّہٖ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفی کے فاعل پر با کی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفٰی بِاللّٰہِ شَهِیْدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شہید آتمیز ہے۔

کَافَی کِفَاءً و مُکَافَاۃً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔

تَکَفَّی النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔

اِکْتَفٰی بِکَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔

اِسْتَکْفَی الرَّجُلُ الشَّیْءَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَکْفَیْتُہُ الْاَمْرَ فَکَفَانِیْہِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔

الکِفَایَۃ۔ مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔

الکَفِی والکِفِی والکُفِی۔ جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفِیْکَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الکِفْیُ: اندرون وادی۔ ج اکْفَاء۔

الکِفْیَۃ۔ گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج کُفًی۔

الکَفِی والکافِی۔ جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ کَافِیْکَ مِنْ رَجُلٍ و رَجُلَانِ کَافِیَاکَ مِنْ رَجُلَیْنِ و رِجَالٌ کَافُوْکَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ کَفِیُّ الرَّجُلِ: مرد کا قائم مقام۔ الکِفَی: بارش۔

المکافَات۔ مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "زَجَوْتُ مُکَافَاتَکَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔

کَلَّ (ض) کَلًّا و کِلَّۃً و کَلَالًا و کُلُوْلًا و کَلَالَۃً و کُلُوْلَۃً: تھکنا۔ صفت کَالٌّ۔ بے والد اور بے اولاد ہونا — السَّیْفُ وغیرُہٗ تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت کَلٌّ وَکَلِیْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

کَلَّلَ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا — عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا — فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا — الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا — السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّلَ تَکْلِیْلَۃَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا — عَلَیْہِ بِالسَّیْفِ: تلوار سے حملہ کرنا — ہٗ: تاج پہنانا — ہٗ بِالْحِجَارَۃِ: پتھراؤ کرنا — السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَکَلَّ البَکَاءُ بَصَرَہٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا — البَعِیْرَ: اونٹ کو تھکا دینا — الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔

تَکَلَّلَ: تاج پہنانا — الشَّیْءُ بِہٖ: احاطہ کرنا۔ تَکَلَّلُوْہُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (— و اِکْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا و اِکْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اِنْکَلَّ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا — البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا — الرَّجُلُ: مسکرانا — السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الکَلّ۔ مص کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور کَلّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع کُلُوْل کہتے ہیں۔

کُلّ۔ ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا تمام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور اسم مصدر یہ تفریق کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کُلَّمَا اَتَاکَ زَیْدٌ اَکْرِمْہُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "هُوَ الْعَالِمُ کُلُّ العَالِمِ" وہ بڑا کامل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ" و "اَقْمَنَا حَوْلاً كَامِلاً كُلَّهُ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَكُلُّ رَفِيْقَيْ كُلَّ رِحْلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وكُلُّ أُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وكُلُّ مُصِيْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے كُلٌّ حَضَرَ وكُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر، مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ۔ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَاجَاءَ كُلُّ الْقَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الكُلُّ لِاِحَاطَةِ الْاَفْرَادِ۔

كَلَّا۔ ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الكُلَّة۔ كَلَّ کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔

الكُلَّة۔ تاخیر۔ دیر۔ كَلَّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے كُلَّةُ اِمْرَاَةٍ جیسے كُلُّ امْرِئٍ۔

الكِلَّة۔ باریک پردہ۔ مچھردانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج كِلَل و كِلَّات (— و الكَلَل) حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكَلَلٍ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الكَلَالَة۔ تحکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الْكَلَالَةِ وابنُ عَمِّ كَلَالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الكُلِّيُّ۔ کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الْكُلِّي: علم الٰہی۔

كُلِّيَّةُ الشَّيْءِ: بتمامہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكُلِّيَّتِهِ" یعنی بتمامہ لے لیا۔

الكُلِّيَّات فِيْ عُرْفِ المنطقيين: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔

(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔

(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔

(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِكٌ۔

(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے مَاشِي۔

الإِكْلِيْل۔ تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَكَالِيْل و اَكَالِيْلُ: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ اِكْلِيْلُ الْملك: ناخنہ۔ و اِكْلِيْلُ الجَبَل: ایک قسم کی نباتات۔

الكَلِيْل۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ كَلِيْلٌ" کمزور نگاہ "سَيْفٌ كَلِيْلٌ" کند تلوار۔ ج كِلَال۔

كَلَا (ف) كَلْأً و كِلَاءً و كِلَاءَةً اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ كَلَاءَةٌ بالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ كَلَا بَصَرُهُ فِي الشَّيْءِ: بار بار دیکھنا — النَّجْمُ مَتٰى يَطْلُعُ: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (— كَلَا و كُلُوْءَةً) الدَّيْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت كَالِئٌ و كَالٌّ — عُمْرُهُ: عمر کا ختم ہونا۔

كَلَا و كَلِيَ (س) كَلَا الْمَكَانُ: سبزہ زار ہونا (— و اِكْلَاب) النَّاقَةُ: اونٹنی کا سبزی کھانا۔

كَلَّا تَكْلِيْتًا و تَكْلِئَةً السَّفِيْنَةَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا — الرَّجُلَ: باز رکھنا — فِي الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا — اِلٰى فُلَانٍ فِي الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (— تَكْلِيْتًا) بیعانہ لینا۔ (— تَكْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا — فِي الطَّعَامِ وَغَيْرِهِ: بیع سلم کرنا۔

كَالَاهُ مُكَالَاةً وكِلَاءً۔ انتظار کرنا۔

تَكَلَّا و اِسْتَكْلَا۔ الكُلْأَة: بیعانہ لینا۔

اِسْتَكْلَا الْمَكَانُ: سبزہ زار ہونا۔

اِكْتَلَا كُلْأَةً: بیعانہ لینا۔ اِكْتَلَأَتْ عَيْنُهُ بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِكْتَلَا مِنْ فُلَانٍ: بچنا۔

الكَلَا۔ گھاس۔ ج اَكْلَاء۔

الكَلَّاء۔ بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔

الكَالِئِي و الكَالِي۔ بیعانہ۔ ادھار ج كَوَالِي و كَوَالٍ۔

مَكَانٌ كَلِئٌ و مُكْلِئٌ۔ بہت سبزہ زار۔ مؤنث كَلِئَةٌ و مُكْلِئَةٌ۔

رَجُلٌ كَلُوْءُ الْعَيْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَيْنٌ كَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔

الكُلْأَة۔ بیعانہ۔ ادھار۔

الاَكْلَا۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ اللّٰهُ بِكَ اَكْلَا الْعُمُرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔

اَرْضٌ مَكْلَاة۔ بہت سبزہ زار زمین۔

المُكَلَّا۔ بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔

كَلَبَ (ن) كَلْبًا الفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا — المَزَادَةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔

كَلَبَ (ض) كَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔

الكَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔

كَلِبَ (س) كَلَبًا۔ پیاسا ہونا — الكَلْبُ: دیوانہ ہونا — الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا — عَلَى الْاَمْرِ: حریص ہونا — فِي كَذَا: امید رکھنا — عَلَى الرَّجُلِ: اصرار کرنا — الرَّجُلُ: بغیر آسودگی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فروماگی کرنا۔
— الکَلْبُ : کتے کا لاگو ہونا — القِدُّ عَلَی الأَسِیْرِ : خشک ہونا — الشَّجَرُ : درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا — الشِّتَاءُ وَالزَّمَانُ : سخت ہونا۔
کُلِبَ کَلَبًا الرَّجُلُ : کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔
کَلَّبَ الکَلْبَ : کتے کو سدھانا۔
کَالَبَ کِلَابًا و مُکَالَبَةً الرَّجُلَ : کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الإِبِلُ : اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔
اَکْلَبَ القَوْمُ : بہت سے اونٹوں والا ہونا۔
تَکَالَبَ القَوْمُ : کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا — عَلَی کَذَا : ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہو گئے۔
اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ : کتوں کی طرح بھونکنا۔
— الکَلْبُ : کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔
الکَلْبُ۔ ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتاج کِلَاب۔ واکلُب و ج اکالِب و کِلَابَات
الکَلْبُ : چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ مِنَ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِہٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عَنْہُ کِلَابَہ" یعنی اس نے گالی دینے اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔ اور فُلَانٌ بِوَادِی الْکَلْبِ" جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔
الکَلْبُ : وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ المَاءِ او کَلْبُ البَحْرِ : ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں ور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الکَلْبُ و کَلْبُ الجَبَّارِ و الکَلْبُ الأَکْبَرِ و الکَلْبُ الأَصْغَرِ و کَلْبُ الرَّاعِی : ستاروں کے نام۔ کَفُّ الکَلْبِ : ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الکَلْبِ : ایک نباتات۔
الکَلَاب۔ کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔
الکَلَب۔ کَلِبَ کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْکَ کَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔
الکَلَبَة۔ کَلِبَا۔ کاٹنا۔ اُمِّ کَلْبَة : بخار۔
الکُلْبَتَان۔ لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو کَلَّابَة بھی کہتے ہیں۔
الکُلْبَة۔ سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی، کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔
الکُلَّاب و الکُلُّوب۔ مہمیز۔ آگ نکالنے کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج کَلَالِیب : کَلَالِیبُ البَازِی : باز کے پنجے۔ کَلَالِیبُ الشَّجَرِ : درخت کے کانٹے۔
الکَلَّاب و الکَالِب۔ کتے والا۔ الکَلَّاب کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لیے لوہے کا کنڈا۔ ج کَلَالِیب۔
الکَالِب و الکَلِیب۔ کتوں کا جھنڈ۔
الکَلِب ج کَلِبُوْن و الکَلِیب ج کَلْبَی۔ کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ کَلِبٌ : سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ کَلِبٌ : غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ کَلِب : بہت اصرار سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ کَلِبٌ عَلٰی کَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔
الکَلِبَة۔ کَلِب کا مؤنث۔ خار دار درخت
اَرْضٌ کَلِبَةٌ و اَرْضٌ کَلِبَةُ الشَّجَرِ : خشک زمین۔
المُکَلَّب۔ مفہم بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کِلَابٌ مُکَلَّبَةٌ : سدھے ہوئے کتے۔
المُکَلِّب۔ کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔
المُکَالِب۔ دلیر۔

اَرْضٌ مَکْلَبَة۔ بہت کتوں والی زمین۔
کَلَتَ (ض) کَلْتًا الشَّیْءَ : جمع کرنا۔ کَلَتَ بِہٖ : پھینکنا۔ کَلَتَهٗ فِی الْاِنَاءِ : برتن میں انڈیلنا
الفَرَسَ : گھوڑے کو چلانا۔
اِنْکَلَتَ المَاءُ : ڈالا جانا — الرَّجُلُ : منقبض ہونا۔
اِکْتَلَتَ المَاءَ : پینا۔
الکُلْتَة۔ کھانے کا حصہ۔
الکَلِیْت و الکِلِّیْت۔ لمبا پتھر جس سے بچو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔
کَلْتَبَ کَلْتَبَةً فِی اَمْرِہٖ : مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔
الکَلْتَب و الکُلْتُب کاموں میں سستی کرنے والا۔
کَلْفَمَ کَلْفَمَةً لَحْمُ الْوَجْہِ : بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔
الکُلْفُوْم۔ چہرے اور رخساروں پر زیادہ گوشت ہونا۔ جھنڈے کے سرے پر ریشم کا ٹکڑا۔
الکَلَح۔ بہادر نفی۔
الکُلُح۔ قوی لوگ۔
کَلَحَ (ف) کُلُوْحًا و کُلَاحًا وَجْهُهٗ : تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کَالِح۔ کہا جاتا ہے "کَلَحَ فِیْ وَجْهِ الصَّبِیِّ او الْمَجْنُوْنِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔
کَلَّحَ وَجْهَهٗ : ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔
اَکْلَحَ وَجْهَهٗ : تیوری چڑھا ہوا ہونا — وَجْهُهٗ : تیوری چڑھانا۔
کَالَحَ فُلَانًا : قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا — القَمَرُ : چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔
تَکَلَّحَ۔ الوَجْهُ : تیوری چڑھا ہوا ہونا — البَرْقُ : بجلی کا لگاتار چمکنا — الرَّجُلُ : مسکرانا۔
اَکْلَحَ وَجْهَهٗ : تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ کُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔
کَلَاح۔ مٹی برسہ : قحط زدہ سال۔
الکَلْحَة۔ منہ اور اس کا اردگرد۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الكَالِح۔ فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ او شِتَاءٌ كَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الكَوْلَح۔ قبح۔

كَلَحَبَ كَلْحَبَةً۔ تلوار سے مارنا۔

الكَلْحَبَةُ۔ آگ بھڑکنے کی آواز۔

الكلحِم۔ مٹی۔ خاک۔

كَلَدَ (ض) كَلْدًا و كَلَّدَ الشَّيْءَ : تہ بتہ جمع کرنا۔

تَكَلَّدَ الرَّجُلُ : موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الكَلَد۔ سخت زمینیں۔ واحد كَلَدَةٌ۔

الاكْلِيد۔ کنجی۔ (دخیل)

الكَلْدَم۔ سخت۔

الكَلْدُوم۔ پستہ قد۔

كَلَزَ (ض) كَلْزًا و كَلَّزَ الشَّيْءَ : جمع کرنا۔

اِكْلَازٌ اِكْلِئْزَازًا۔ البازی : باز کا سست کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا — الرَّجُلُ : سکڑنا۔

الكَلِز۔ مضبوط پٹھے والا مرد۔

كَلَّسَ البَيْتَ۔ گچ سے استرکاری کرنا۔

— الشَّيْءَ : گچ کی مانند بنانا۔ كَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ : نزول ہونا اور بھاگنا — عَلَيْهِ : حملہ کرنا — مِنَ المَاءِ : پانی سے سیراب ہونا۔

تَكَلَّسَ۔ چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔ — مِنَ المَاءِ : پانی سے سیراب ہونا۔

الكِلْس۔ چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔

الكُلْسَة۔ بھورا رنگ۔

الأَكْلَس۔ چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَيْفٌ كَلَّاس : شمشیر براں۔

المُتَكَلِّس۔ تیز دوڑنے والا۔

الأَنْكَلِيس۔ ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْكَلِيس بھی کہتے ہیں (دخیل)

كَلْسَمَ إِلَيْهِ۔ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

الرَّجُلُ : تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔

الكَلْشَمَة۔ بڑھیا۔

كَلْصَمَ۔ الرَّجُلُ : بھاگنا۔

كَلِعَتْ (س) كَلَعًا قَدَمُهُ : قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

كَلِعَ (س) و كَلَعَ (ف) كَلَعًا۔ الوَسْخُ عَلَى رَاسِهِ او فِي رَاسِهِ : سر پر میل کا خشک ہونا۔ كَلِعَ رَاسُهُ : سر کا میلا ہونا۔ كُلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَّةِ : چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا (— كَلَعًا و كُلَاعًا) البَعِيرُ : پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔

اَكْلَعَهُ الوَسْخُ : میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔

تَكَلَّعَ القَوْمُ : جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔

الكِلْع۔ مرد بد قوارہ۔ فرومایہ۔ ج كِلَعَةٌ۔

الكَلَع۔ بوائی۔ پیر کی پھٹن۔

اَلكَلِحَ۔ بوائی والا۔ جس شخص یا چوپہ میل جم گیا ہو۔ مؤنث كَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ كَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔

الكَلَعَة۔ بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔

الكُلْعَة، ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔

الكَوْلَع۔ میل کچیل۔

الكُلَاع۔ مصـ۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔

الكُلَاعِيّ۔ مرد دلیر۔

كَلِفَ (س) كَلَفًا الوَجْهُ : چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَكْلَف۔ مؤنث كَلْفَاء۔ بِهِ : عاشق زار ہونا۔ صفت كَلِفٌ — الأَمْرَ : مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ كَلَّفَهُ دشوار کام کا حکم دینا۔

اَكْلَفَهُ بِكَذَا : عاشق زار بنانا۔ تَكَلَّفَ الأَمْرَ : دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔

اِكْلَافَّ اِكْلِئْفَافًا۔ جھائیں کے رنگ کا ہونا۔

الكَلَف۔ سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔

الكِلْفَة۔ عاشق زار۔

الكُلْفَة۔ جھائیں کا رنگ۔

الكُلْفَة۔ مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج تُكَلَف۔

التَّكْلِفَة۔ مشقت۔ ج تکالیف۔

الكَلُوف۔ دشوار اَمر۔

الكَلَافَة۔ سخت محبت۔ اشتیاق۔

الكَلْفَاء۔ اَكْلَف کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا ملکا۔

المُكَلَّف و المُتَكَلِّف تکلفات کرنے والا۔ اُمور لایعنی میں پڑنے والا۔

الكَلَك۔ چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج كَلَكَات۔

الكَلْكَل ج تَكَالِكِل و الكَلْكَال۔ سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ — مِنَ الفَرَسِ : بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے

الكَلَاكِل : جماعتیں۔

الكُلْكُل و الكُلَاكِل۔ مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث كُلْكُلَة و كُلَاكِلَة۔

كَلَمَهُ (ن ض) كَلْمًا۔ زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا يَكْلِمُ العِرْضَ و الدِّينَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔

كَلَّمَهُ تَكْلِيمًا۔ زخمی کرنا (— تَكْلِيمًا و كِلَامًا) بات چیت کرنا۔

كَالَمَهُ مُكَالَمَةً۔ گفتگو کرنا۔

تَكَالَمَ الرَّجُلَانِ : جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَا مُتَصَارِمَيْنِ فَاَصْبَحَا يَتَكَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر يَتَكَالَمَانِ ہی کہا جائے گا۔ يَتَكَلَّمَانِ نہیں۔

تَكَلَّمَ تَكَلُّمًا و تِكِلَّامًا الرَّجُلُ كَلْمَةً و بِكَلْمَةٍ بات کہنا۔

الكَلْم۔ مصـ۔ زخم۔ ج كُلُوم و كِلَام۔

الكَلِمَة۔ ج كَلِم و كَلِمَات و الكِلْمَة۔ ج كَلِم و الكَلْمَةُ ج كَلِمَات : لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ كَلِمَةُ التَّوْحِيدِ : لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ كَلِمَةُ التَّقْوٰى : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ العَشْرُ الكَلِمَات : اللہ تعالیٰ کے دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الكَلِمَةُ و كَلِمَةُ اللّٰهِ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ اور کلمہ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

الكَلَام۔ قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

الكُلَام۔ سخت زمین۔

الكَلْمَانِيّ و الكَلَمَانِيّ و الكِلِمَانِيّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَالْكِلِمَّانِي فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ يِكْلَامٌ و يِكِلَّامٌ و يِكْلَامَةٌ و يِكِلَّامَةٌ عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الْكَلِيم۔ مجروح۔ ج كَلْمٰى — تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء۔ الْكَلِيم و كَلِيمُ اللّٰهِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

رَجُلٌ كِلِّيمٌ۔ بہت بولنے والا۔

الْمُتَكَلِّم۔ فا۔ علم کلام کا ماہر۔

الْمُتَكَلَّم۔ گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَكَلَّماً یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

كَلِيَ يَكْلَى كَلْيًا۔ الرَّجُلُ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعول مَكْلِيّ۔

كَلِيَ (س) كَلًى و اِكْتَلٰى۔ گردے پر لگنا۔ و اِكْتِلَاءٌ: گردے پر مارنا۔

كُلِيَ۔ درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

كَلًى تَكْلِيَةً۔ چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِكْلَوْلٰى اِكْلِيلَاءً۔ شکست کھانا۔

اَلْكُلْيَة و الْكُلْوَة۔ گردہ۔ مثنّٰی كُلْيَتَان و كَلْوَتَان ج كُلًى و كُلْيَات۔ كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْكُلَى" دبلی پتلی بکریاں و "لَقِيتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایامِ نشاط میں ملاقات کی۔ و الْكُلْيَة مِنَ الْقَوْس: کمان کے قبضہ سے تین بالشت — مِنَ السَّحَاب: بادل کا نیچے کا حصہ الْكُلَى مِنَ الطَّيْر: بازو کے چار پر۔

الْكَلِيّ۔ درد گردہ والا۔

كِلَا و كِلْتَا۔ یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً تثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَأَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ و كِلْتَا الْمَرْأَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو تثنیہ جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا و رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا و الْمَرْ تَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیران کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا" و "زَيْدٌ و عَمْرٌ وَكِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَائِمَانِ" و "زَيْدٌ و عَمْرٌ و كِلَاهُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهِ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الْاِكْلِيرُس۔ گرجا کے خادم۔ واحد اِكْلِيرِيكِيٌّ۔ ج اِكْلِيرِيكِيُّونَ۔

كَمْ۔ دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيدٍ مَلَكْتُ۔ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

كَمَّ (ن) كَمًّا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ الْبَعِيرُ: اُونٹ کے منہ پر توبرہ چڑھانا — النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

كَمَّتْ و كُمَّتْ كَمًّا و كُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُوم۔

كَمَّمَ و اَكَمَّ الْقَمِيصَ: کرتے میں آستین لگانا۔ كَمَّمَتْ و اَكَمَّتْ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَكَمَّمَ بِثِيَابِهِ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكَمَّمَهُ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُكُمِّمَ الْقَوْمُ: بد ہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الْكَمِّ و الْكَمِّيَّةُ۔ مقدار۔

الْكَمِّي۔ کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّةٌ۔

الْكُمُّ۔ آستین۔ ج اَكْمَام و كِمَمَةٌ۔

الْكُمَّةُ۔ گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الْكِمُّ۔ غلاف شگوفہ۔ ج اَكِمَّةٌ و اَكْمَام و كِمَام و اَكَامِيم۔

اَكِمَّةُ الْخَيْلِ: توبرہ۔ واحد۔ كِمَام۔

الْكِمَامَة۔ پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الْكِمَامَة و الْكِمَام۔ تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

الْمَكْمُوم۔ منع — مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

الْمِكَمَّة۔ تھوتھنی۔

كَمِيَ (س) كَمَأً۔ پوشیدہ ہونا — عَنِ الْاَخْبَارِ ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ كَمِئَتْ يَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

كَمَاةً (ف) كَمْأً۔ سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَكْمَا اِكْمَاءً ا۔ الْمَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا — الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا — السِّنَّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَكَمَّأَهُ۔ ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّأَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لیے نکلے۔

الْكَمْءُ۔ مف۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤٌ و كَمَاةٌ۔

الْكَمَّاءُ۔ سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔

الْمَكْمَاة و الْمَكْمُوَّة۔ سانپ کی چھتری کی جگہ۔

كَمُتَ (ک) كَمْتًا و كَمَاتَةً و كُمْتَةً الْفَرَسُ۔ کمیت ہونا۔

كَمَتَ (ن) كَمْتًا۔ الْغَيْظَ: غصہ کو دبانا۔

كُمِّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔

كَمَّتَتْ تَكْمِيتًا الْخَمْرَ و الْفَرَسَ و غَيْرَهُمَا: کمیت بنایا جانا۔

اَكْمَتَ و اِكْمَتَّ و اِكْمَاتَّ الفرس: گھوڑے کا کمیت ہونا۔

الْكُمْتَة۔ کمیت رنگ۔

الْكُمَيْت مِنَ الْخَيْلِ (للمذکر و المؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا۔ اور یہ خلاف قیاس اَكْمَت کی تصغیر ہے۔ ج كُمْت۔ الْكُمَيْت: شراب۔ کما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جاتا ہے خَيْلٌ كُمَاتِيٌّ : کمیت گھوڑے۔
الكُمَيْتَة۔ جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكُمَيْتَتِهٖ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
كَمْتَرَ۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا — الْقِرْبَة : مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِّقَاء مشک بھرنا — القَصِيْرُ : پستہ قد کا دوڑنا۔
الكُمْثُر و الكُمَاثِر۔ موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط۔
كَمَثَرَ الشَّيْءُ : جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الكُمَاثِر۔ پستہ قد۔
الكُمْثُرِيُّ۔ الوط۔ واحد كُمْثُرَاةٌ۔ ناسپاتی۔
الكَمَج۔ بن ران۔
كَمَحَ (ف) كَمْحًا الدَّابَةَ : چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَكْمَحَ الدَّابَةَ : چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
الكَرْمُ : پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اُكْمِحَ الرَّجُلُ : بڑا بنایا جانا۔
المُكْمَح۔ بڑا بنایا ہوا۔
كَمَخَ (ف) كَمْخًا بِاَنْفِهٖ : تکبر کرنا — الفَرَسَ باللِّجَامِ : گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اُكْمِخَ الكَرْمُ : پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الكُمَاخ۔ غرور۔ بڑا بننا۔
الكَامَخ۔ سالن۔ اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج كَوَامِخ (دخیل)
كَمِدَ (س) كَمَدًا۔ بدلے ہوئے رنگ والا ہونا — الرَّجُلُ : غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت كَامِد و كَمِد و كَمِيْد۔ و كَمِدَ الثَّوْبُ : پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
كَمَدَ (ن) كَمْدًا و كُمُوْدًا القَصَّارُ الثَّوْبَ : دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الكِمَاد ہے۔
اَكْمَدَ الهَمُّ فُلَانًا : غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا (— و كَمَّدَ) العُضْوَ : ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعول مَكْمُوْد۔

الكَمْد و الكَمَد و الكُمْدَة۔ رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔
الكِمَاد۔ ٹکور کرنا۔ سینکنا (— و الكِمَادَة) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَكْمَدُ اللَّوْنِ : بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الكَمَر۔ ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
كَمَزَ (ض) كَمْزًا العَجِيْنَ و نَحْوَهٗ : گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الكُمْزَة۔ کھجور وغیرہ کا گچھا۔ ریت یا مٹی کا ٹیلہ۔ ج كُمَز۔
كَمَسَ (ن) كُمُوْسًا۔ تیوری چڑھانا۔
الاَكْمَس۔ جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
كَمَشَ (ن) كَمْشًا النَّاقَةَ : اونٹنی کے تھن باندھنا — فُلَانًا بِالسَّيْفِ : تلوار سے اعضاء کو کاٹنا — الزَّادُ : توشہ ختم ہونا۔
كَمِشَ (س) كَمَشًا۔ پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
كَمُشَ (ک) كَمَاشَةً۔ دلیر ہونا۔ كَمُشَتِ المَرْ ةُ : چھوٹے پستان والی ہونا (— و اَكْمَشَ) فِي السَّيْرِ وغَيْرِهٖ : تیز چلنا۔ اَكْمَشَ بِالنَّاقَةِ : اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
كَمَّشَ الحَادِي بِالسَّوْقِ : حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا — فُلَانًا : جلدی کرانا — ذَيْلَهٗ : دامن سمیٹنا۔
اِنْكَمَشَ و تَكَمَّشَ الرَّجُلُ : دوڑنا۔ تَكَمَّشَ الجِلْدُ و نَحْوُهٗ : سکڑنا۔ اِنْكَمَشَ الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ : کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا سمٹنا۔
الكَمْش و الكَمِش و الكَمِيْش مِنَ الرِّجَالِ : پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "كَمِيْشُ الاِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔
الكَمْش و الكَمُوْش و الكَمِشَة و الكَمِيْشَة مِنَ الاِنَاث : چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الاَكْمَش۔ چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث كَمْشَاء ج كُمْش۔
كَمَعَ (ف) كَمْعًا فِي الاِنَاءِ : برتن میں منہ لگا کر پینا — فَوَائِمُ الدَّابَة : چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا۔ — فِي المَاءِ : پانی میں اترنا۔ كَمَعَتِ الدَّابَةُ : آہستہ چلنا۔
كَامَعَهٗ۔ ملانا۔ ہم بستری کرنا۔
اِكْتَمَعَ الاِنَاءَ : برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الكِمْع اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي كَمْعِهٖ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین (— و الكَمِيْع) ہم خوابہ۔
الكَمَع۔ ران کی گرہ۔
المُكَامِع۔ فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
كَمْكَمَ كَمْكَمَةً الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔
تَكَمْكَمَ۔ گول ٹوپی پہننا — فِي ثِيَابِهٖ : چھپنا۔
الكَمْكَام۔ پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث كَمْكَامَةٌ۔
كَمَلَ (ن) و كَمُلَ (ک) و كَمِلَ (س) كَمَالًا و كُمُوْلًا و تَكْمُل و تَكَامَلَ و اِكْتَمَلَ۔ پورا ہونا۔ کامل ہونا۔
كَمَّلَ و اَكْمَلَ و اِسْتَكْمَلَ الشَّيْءَ : پورا کرنا۔ كَمَّلَ و اَكْمَلَ الشَّيْءَ : ٹوٹل کر دینا۔
الكَمَل کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَيْتُهُ المَالَ كَمَلًا" میں نے اس کو پورا مال دیا۔ اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعْطَيْتُهُ المَالَ كُلَّهٗ جیسا ہے۔
الكَمَال۔ مہ۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لَكَ كَمَالُ الشَّيْءِ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔
الكَمِيْل۔ کامل۔
الكَامِل۔ فا۔ جس کے اجزا پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج كَمَلَة۔
تَكْمِلَةُ الشَّيْءِ : جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المِكْمَل۔ خیر یا شر میں کامل مرد۔
كَمَنَ (ن) و كَمِنَ (س) كُمُوْنًا چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔
كَمَّنَ (ن) كُمُوْنًا الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کَمِنَ (س) و کَمِنَ کُمُوْنًا آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کَمِنَتْ و کُمِنَتْ عَیْنُهٗ تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔

اَکْمَنَ الشَّیْءَ :چھپانا۔

تَکَمَّنَ و اِکْتَمَنَ۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

الکُمْنَة۔ آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔

الکَمِیْن۔ بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کُمَنَاء۔ گھات اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ فِیْهِ کَمِیْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔

الکَمْئُوْن۔ زیرہ۔ الکَمْئُوْنُ الحُلْوُ : انیسون واحد کَمْئُوْنَةٌ۔

المَکْمَن۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مَکَامِن۔

المُکْتَمِن۔ تمکین۔

الکَمْنَجَة۔ دو تارہ۔ سارنگی (دخیل)

کَمِهَ (س) کَمَهًا۔ اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا — بَصَرُهٗ : تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا — النَّهَارُ : دن کا غبار والا ہونا — الرَّجُلُ : رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَکْمَه۔ مؤنث کَمْهَاء۔ ج کُمْهٌ۔ الاَکْمَه : اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

تَکَمَّهَ فِی الْاَرْضِ : حیران پھرنا صفت کَامِهٌ و مُتَکَمِّهٌ۔ کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ اِبِلُهٗ کُمَّیْهٰی۔ یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اُونٹ کہاں گئے۔

مُکَمَّهُ الْعَیْنَیْن : جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

کَمْهَلَ الرَّجُلُ : کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا — عَلَیْنَا : حق روکنا — الحَدِیْثَ : پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا — المَالَ :جمع کرنا۔

تَکَمْهَلَ الشَّیْءُ :جمع ہونا۔

اِکْمَهَلَّ الرَّجُلُ : سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

کَمٰی یَکْمِیْ کَمْیًا و اَکْمٰی۔ شَهَادَتَهٗ و غَیْرَهَا :چھپانا کَمٰی و کَمٰی نَفْسَهٗ : زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَکْمٰی عَلَی الْاَمْرِ : پکا ارادہ کرنا۔ اَکْمَی المَحَارِبُ لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اَکْمَی الرَّجُلُ مَنْزِلَهٗ : مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تَکَمٰی الشَّیْءَ — الشَّیْءَ : حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَکَمُّبُ نَفْسَةُ النَّاسِ : گھیر لینا۔

تُکُمِّیَ الْجَیْشُ۔ لشکر سے، لوہا یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا — القَوْمُ : بے ہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔

اِنْکَمٰی۔ پوشیدہ ہونا۔

اِکْتَمٰی اِکْتِمَاءً۔ چھپنا۔

الکَمِیُّ۔ بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کُمَاة و اَکْمَاء۔

المُتَکَمِّیُ۔ ہتھیار بند۔ دلیر۔

کَنَّ (ن) کَنًّا و کُنُوْنًا و کَنَّنَ و اَکَنَّ الشَّیْءَ : گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا — العِلْمَ وَغَیْرَهٗ فِیْ نَفْسِهٖ :دل میں چھپانا۔

اِکْتَنَّ الرَّجُلُ : چھپنا — الشَّیْءُ : سفید ہونا۔ — المَرْأَةُ : عورت کا شرم و حیا سے منہ چھپانا۔ — الشَّیْءَ :چھپانا۔

تَکَنَّی تَکَنِّیًا۔ ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَکَنَّنَ ہے)

اِسْتَکَنَّ۔ چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

اَلکِنُّ۔ ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَکْنَان و اَکِنَّةٌ۔

الکَنَّة۔ کِنَّ کا اسم مرہ۔ بھوپا یا بھاج۔ ج کَنَائِن۔

الکِنَّة۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الکُنَّة۔ چھجہ۔ الگنی۔ کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی۔ ج کُنَّات و کِنَان۔

الکِنَان۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج اَکِنَّة۔

الکِنَانَة۔ ترکش۔ تیر دان۔ ج کَنَائِن و کَنَانَات۔

کَانُوْنُ الاَوَّل و ثَانِیْ : رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الکَانُوْن و الکَانُوْنَة۔ انگیٹھی۔ ج کَوَانِیْن۔ وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تاکہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الکَبِیْن۔ چھپا ہوا۔

المُسْتَکِنَّة۔ کینہ۔

کَنَبَ (ن) کُنُوْبًا الرَّجُلُ : سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مال دار ہونا۔

کَنَبَ (ض) کَنْبًا الشَّیْءَ فِیْ جِرَابِهٖ :جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

کَنِبَتْ (س) کَنَبًا الیَدُ :ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

اَکْنَبَ الشَّیْءُ و الیَدُ : سخت ہونا — عَلَیْهِ لِسَانُهٗ :زبان رکنا — عَلَیْهِ بَطْنُهٗ : سخت ہونا۔

الکَانِب۔ فاشگم سیر۔

الکَنَب۔ مص۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الکِنَاب۔ خوشہ خرما۔

الکَنِیْب۔ خشک درخت۔

الکُنْبَة۔ ظالم خبیث۔

المِکْنَب و المُکْنِب۔ کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ حَافِرٌ مِکْنَبٌ و مُکْنِبٌ : سخت کھر۔

المُکْنَبِّ۔ مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔

کَنْبَتَ و تَکَنْبَتَ الرَّجُلُ : سکڑنا۔

رَجُلٌ کُنْبُتٌ و کُنَابِتٌ۔ گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الکِنْبَاث۔ گرنے والی ریت۔

وَجْهٌ کُنَابِدٌ۔ بدصورت چہرہ۔

رَجُلٌ کُنَابِدٌ۔ مرد بدصورت۔

اَلْکِنْبِرَة۔ ناک کا موٹا سرا۔

الکِنْبَار۔ ناریل کی رسی۔

تَکَنْبَشَ القَوْمُ : خلط ملط ہونا۔

الکَنْبُوْش و الکُنْبُوْش۔ عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج کَنَابِیْش (دخیل)

کَنَتَ (ن) کَنْتًا فِی خَلْقِهٖ : نیچا ہونا۔ قد نیچا ہونا۔

کَنِتَ (س) کَنَتًا الشَّیْءُ : ثقیل کا کمزور اور سخت ہونا

اِکْتَنَتَ الرَّجُلُ : خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقَاءٌ کَنِیْتٌ۔ پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

الکُنَتِیُّ۔ قوی مضبوط۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



كَنْفَاتُ كَنْفَاةُ اللِحْيَةِ : داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔
رَجُلٌ كَنْفَاءُ اللِحْيَةِ و كَنْفَاؤُهَا۔ لمبی داڑھی والا مرد۔
كَنَدَ (ن) كُنُوْدًا النِعْمَةَ : نعمت کی ناشکری کرنا۔
كَنَدَ (ن) كَنْدًا الشَيْءَ : کاٹنا۔
الكِنْدَة۔ پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔
الكُنُد۔ ناشکرا۔ (مذکر و مؤنث)
الكَنُود۔ ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) اَرْضٌ كَنُوْدٌ : کچھ نہ اگانے والی زمین۔
الكَنَّاد۔ ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔
الكُنْدُر۔ ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا۔ اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ كَنَادِرَة" مضبوط بناوٹ کے جوان۔
الكُنْدَرَة۔ باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت و اونچی زمین۔
الكُنَار۔ بیر (رخیل)
الكَنَارِيّ۔ ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔
الكِنَّارَة و الكَنَّارَة۔ بربط یا ڈھول یا دف ج كَنَانِيْر و كِنَّارَات۔ الكِنَّارَة : کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔
كَنَزَ (ض) كَنْزًا المَالَ : جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا — الرُمْحَ : نیزہ کو زمین میں گاڑنا — الشَيْءَ فِيْ وِعَاءٍ او اَرْضٍ : برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا — السِقَاءَ : مشک بھرنا (— كَنْزًا و كِنَازًا) التَمْرَ : خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔
اِكْتَنَزَ۔ بھرنا۔ جمع ہونا — اللَحْمُ : جمع ہونا اور سخت ہونا — الشَيْءَ فِي الوِعَاءِ : برتن میں ہاتھ سے دبانا۔
تَكَنَّزَ لَحْمُهُ : گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔

الكَنْز۔ ص ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج كُنُوْز۔ اور کہا جاتا ہے "شَدَّ كَنْزَ القِرْبَةِ" یعنی بھر دیا۔
رَجُلٌ كَنِزُ اللَحْمِ و كَنِيْزُهُ و مَكْنُوْزُهُ و مُكْتَنِزُهُ بہت اور سخت گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "كِتَابٌ مُكْتَنِزٌ بِالْفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔
الكَنَّاز۔ کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔
الكِنَاز۔ ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ او نَاقَةٌ كِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج كُنُزٌ و كِنَازٌ۔
الكَنِيْز۔ کھجوریں جو سردی کے زمانہ کیلئے جمع کی جائیں۔
الكَنَّاز۔ مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔
المَكْنَز۔ جس میں ذخیرہ کیا جائے ج مَكَانِز۔
كَنَسَ (ن) كَنْسًا و كَنَّسَ البَيْتَ : گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "كَنَسَ فِيْ وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "ومَرُّوْا بِهِمْ فَكَنَسُوْهُمْ" وہ ان کے اوپر گزرے اور ان کی جڑ مٹادی۔
كَنَسَ (ض) كُنُوْسًا و تَكَنَّسَ الظَبْيُ : ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَكَنَّسَ الرَجُلُ خیمہ میں داخل ہونا۔ تَكَنَّسَتِ المَرْأَةُ : عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔
اِكْتَنَسَتِ الظِبَاءُ و البَقَرُ : ہرنیوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔
الكُنَاسَة۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ۔
الكَنِيْسَة۔ توبڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔
الكَنِيْسَة۔ عِنْدَ النَصَارٰى : گرجا۔ اور نصاریٰ اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج كَنَائِس۔ الكَنِيْسَة : خوبصورت عورت۔
الكِنَاس۔ ہرن کے پناہ لینے کی جگہ۔ ج اَكْنِسَة و كُنُس۔
الكَانِس۔ فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج كُنَّس و كُنُوس و كَوَانِس "والجَوَارِي الكُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔
الكَنَّاس۔ جھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔
المِكْنَسَة۔ جھاڑو۔ ج مَكَانِس۔
المُكَانِس۔ ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔
المَكْنَس۔ وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ۔
كَنَشَ (ن) كَنْشًا الثَوْبَ : کپڑے کے کنارے بٹنا — المِسْوَاكَ الخَشِنَ : مسواک کا سرا نرم کرنا۔
اَكْنَشَهُ عَنِ الأَمْرِ : جلدی کرانا۔
الكُنَّاشَة۔ بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔
الكُنَّاشَات۔ جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں واحد كُنَّاشَة۔
الكِنْشَاءُ مِنَ الرِجَالِ : چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بال والا بدصورت مرد۔
كَنَصَ۔ ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔
الكُنَاص۔ قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔
كَنَظَ (ن ض) كَنْظًا و تَكَنَّظَ الأَمْرُ فُلَانًا : غمگین کرنا۔
الكُنْظَة۔ غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔
كَنَعَ (ف) كُنُوْعًا۔ سمٹنا — عَنِ الأَمْرِ : بزدل ہونا اور بھاگنا — النَجْمُ : ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا — اِلَيْهِ : فروتنی کرنا اور نرم ہونا — فِيْهِ : لالچ کرنا۔ بِاللّٰهِ : اللہ کی قسم کھانا — الأَمْرُ : قریب ہونا — المِسْكُ بِالثَوْبِ : مشک کا کپڑے سے چپکنا — العُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا — اَصَابِعَهُ : انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔
كَنِعَ (س) كَنَعًا۔ خشک ہونا۔ سکڑنا۔ صفت كَنِعٌ۔ و كَنِعَ الرَجُلُ : پچھاڑا جانا — الشَيْءُ : لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔
كَنَّعَ الشَيْءَ : قبضہ کرنا — يَدَهُ : ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا — فُلَانًا بِالسَيْفِ : بند دست پر تلوار مارنا — عَنْهُ : علیحدہ ہونا۔
اَكْنَعَ۔ فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا — العُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا۔ اَلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا — الابلَ: اُونٹوں کو قریب کرنا۔

تَکَنَّعَ۔ قلعہ بند ہونا — الاَسِیْرُ فِیْ قِدِّہٖ: تسمہ سے باندھا جانا — بِہٖ: چمٹنا۔

اِکْتَنَعَ۔ حاضر ہونا۔ قریب ہونا — عَلَیْہِ: مہربان ہونا — القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ فُلَانٌ مِنِّی: قریب ہونا۔

الکَانِع۔ فا۔ وہ جو قریب ہو۔ جو چھوٹا ہو۔ جو بعض بعض سے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْفٌ کَانِعٌ" "چپٹی ناک" "اَسِیْرٌ کَانِعٌ" "تسمہ سے بندھا ہوا قیدی" رَجُلٌ کَانِعٌ "وہ شخص جو مع اہل و عیال کے تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل و احسان کا طامع ہو۔

الکَنِیع۔ سکڑا ہوا۔ راستہ سے ہٹا ہوا۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا — مِنَ الجُوْعِ: سخت بھوک۔

الکُنَاع۔ مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے۔

الاَکْنَع والمُکْنَع والمُکَنَّع شل شدہ ہاتھ والا۔ والاَکْنَع مِنَ الاُمُوْرِ: ناقص۔ ادھورا۔ ج کُنْعٌ۔ یَدٌ مُکَنَّعَۃٌ: شل ہاتھ۔

المَکْنُوع۔ مفع۔ دونوں ہاتھ کٹا ہوا۔

الکُنْعَت۔ ایک قسم کی مچھلی۔

الکُنْعَد۔ ایک قسم کی دریائی مچھلی۔

الکُنْعَرَۃ۔ بڑے ڈیل ڈول کی اُونٹنی۔ ج کَنَاعِر۔

کَنَفَ (ن) کَنْفًا الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔ اپنے میں ملانا — الابِلَ و لِلاِبِلِ: اُونٹوں کے لئے باڑھ بنانا — عَنْہُ: علیحدہ ہونا — الدَّارَ: گھر میں پائخانہ بنانا — یَدَہٗ: پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا — فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ: روکنا۔

کَنَفَ و اَکْنَفَ و کَانَفَ الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔

کَنَّفَ الرَّجُلَ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔

اِکْتَنَفَ۔ اُونٹوں کے لئے باڑھ بنانا (— و تَکَنَّفَ) القَوْمُ فُلَانًا: احاطہ کرنا۔ و اِکْتَنَفَ القَوْمُ: پائخانہ بنانا۔

الکِنْف۔ تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن۔

الکَنَف۔ جانب۔ سایہ۔ پرندہ کا بازو۔ ج اَکْنَافٌ۔ و کَنَفُ الاِنْسَانِ: پہلو۔ یا دونوں بازو اور سینہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِیْ کَنَفِ اللّٰہِ" تم اللہ کے حفظ و امان میں ہو (— و الکَنَفَۃ) گوشہ۔

الکَنِیْف۔ پردہ۔ پردہ کرنے والا۔ ڈھال۔ جانوروں کا باڑہ۔ پائخانہ۔ دروازہ کا چھجہ۔ ج کُنُف و کُنُف۔

الکَانِفَۃ۔ روکنے والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُکَنَّفُ اللِحْیَۃِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ دراز ریش مرد۔

الکَنْفَرَۃ۔ ناک کا بانسہ۔

رَجُلٌ کَنْفَلِیْلُ اللِحْیَۃِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ لِحْیَۃٌ کَنْفَلِیْلَۃٌ: بڑی داڑھی۔

کَنْکَنَ۔ گھر میں بیٹھنا۔ کاہلی کرنا۔ بھاگنا۔

الکَنْمَۃ۔ زخم۔

اَکْنَہَ و اَکْنَتَہُ الشَّیْءَ: حقیقت کو پہنچنا۔

الکُنْہُ اَصْلُ شَیْءٍ: حقیقت شئے۔ جو ہر شے غایت۔ الکُنْہُ: وقت۔

کَنَا یَکْنُو و کَنٰی یَکْنِی کِنَایَۃً بِالشَّیْءِ عَنْ کَذَا: کنایہ کرنا۔ لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا۔ مثلاً تم کہو "زَیْدٌ کَثِیْرُ الرَّمَادِ" اور مراد لو کہ زید کریم ہے۔ متکلم کو کان اور لفظ کو مَکْنِی عَنْہ کہتے ہیں۔

کَنٰی یَکْنِی کَنْیَۃً و کِنْیَۃً و کَنًی تَکْنِیَۃً و اَکْنٰی اِکْنَاءً۔ زَیْدًا اَبَا فُلَانٍ و کَنَاہُ و کَنَّاہُ بِاَبِیْ فُلَانٍ: کنیت رکھنا۔

تَکَنّٰی تَکَنِّیًا و اِکْتَنٰی اِکْتِنَاءً بِکَذَا: اپنی کنیت رکھنا۔ و تَکَنّٰی الرَّجُلُ: مشہور ہونے کیلئے اپنی کنیت بیان کرنا۔ چھپنا۔

الکُنْیَۃُ و الکِنْیَۃُ و الکُنْوَۃُ و الکِنْوَۃُ۔ وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کیلئے بولا جائے وہ نام جو اب۔ ابن۔ ام یا بنت سے شروع کیا جائے۔ ج کُنًی و کُنًی۔

الکِنَایَۃ۔ مص۔ اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لئے کرتے ہیں۔ مثلاً سامعین سے بات کو مبہم رکھنا۔

الکَانِی۔ فا۔ ج کُنَاۃٌ وَ کَانُوْن۔

الکُنْیَۃ۔ ہم کنیت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کُنْیَتُہٗ" یعنی دونوں کیلئے ایک کنیت ہے۔ جیسے تم کہتے ہو "ھُوَ سَمِیُّہٗ" یعنی دونوں ہم نام ہیں۔

کَھِبَ (س) و کَھُبَ (ک) کَھَبًا و کُھُوْبًا۔ سیاہی مائل بھورا ہونا۔ صفت کَاھِبٌ و اَکْھَبُ۔

اِکْھَابَّ اِکْھِیْبَابًا۔ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اَلکُھْبَۃ۔ سیاہی مائل بھورا رنگ۔

رَجُلٌ اَکْھَبُ اللَّوْنِ: متغیر رنگ والا۔

الکُھْبُل۔ پستہ قد۔

کَھَدَ (ف) کَھْدًا و کَھَدَانًا الحِمَارُ: گدھے کا دوڑنا — الحِمَارَ: گدھے کو دوڑانا — الرَّجُلُ: تھکنا — فِی الطَّلَبِ: اصرار کرنا۔

اَکْھَدَ۔ تھکنا — فُلَانًا: تھکانا۔

الکَھْد۔ مص۔ مشقت۔

الکَھْدَاء۔ باندی۔ لونڈی۔ کہا جاتا ہے اَتَانٌ کَھْوْدُ الیَدَیْنِ: تیز رفتار گدھی۔

الکَھْدَل۔ جوان موٹی عورت۔ بڑھیا۔ مکڑی۔ نوجوان لڑکی۔

کَھَرَ (ف) کَھْرًا فُلَانًا: حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا۔ جھڑکنا۔ قہر کرنا۔ سُسر داماد کا تعلق کرنا — النَّھَارُ: دن کا بلند ہونا — الرَّجُلُ: ہنسنا — الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔

الکُھُوْر و الکُھُوْرَۃ۔ ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے۔ ج کَھَارِیْر۔ الکُھُوْرَۃ: ترش روئی۔

کَھْرَبَ الشَّیْءَ: قوۃ کہربائیہ بھرنا۔

الکَھْرَبَاء و الکَھْرَبا۔ ایک درخت کا گوند ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے (دخیل) اصل میں کاہ ربا تھا۔ یعنی گھاس کو لے جانے والا۔ الکَھْرَبَاء: بجلی۔

الکَھْرَبَائِیَّہ و الکَھْرَبِیَّہ۔ بجلی کی قوت۔

تَکَھَّفَ الجَبَلُ: غاروں والا ہونا۔

اِکْتَھَفَ۔ غار میں داخل ہونا۔

اَلکَھْف۔ کھوہ۔ غار (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ۔ ج کُھُوْف۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الکَهْکَب۔ بیگن۔
الکَهْکَم والکَهْکَامَة۔ بیگن۔ عمر رسیدہ بڈھا۔ خوفناک مرد۔
کَهْکَهَ۔ المَقْرُوْرُ : سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا — الْأَسَدُ والبَعِيْرُ : کَهْکَهَ کی آواز نکالنا — الشَّيْءُ : گرم ہونا۔
تَکَهْکَهَ۔ عَنْهُ : ضعیف و کمزور ہونا۔
الکَهْکَهَة۔ مصہ۔ گرمی۔ شیر یا اُونٹ کی آواز کی نقل۔
الکَهْکَاه والکَهْکَاهَه۔ کمزور۔ خوفناک۔
کَهَلَ (ف) کَهْلًا و کُهُوْلًا (ک) کُهُوْلَةً ادھیڑ عمر کا ہونا۔
کَاهَلَ مُکَاهَلَةً الرَّجُلُ : شادی کرنا۔ ادھیڑ عمر کا ہونا۔
اِکْتَهَلَ۔ ادھیڑ عمر کا ہونا (— و تَکَهَّلَ) النَّبَاتُ : پوری لسبائی کا ہونا۔
الکُهُوْلَة والکُهُوْلِيَّة۔ ادھیڑ پن۔
الکَهْل۔ ادھیڑ عمر کا۔ تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا۔ ج کَهْلُوْن و کُهُوْل و کِهَال و کُهْلَان و کُهَّل۔
الکَهْلَة۔ کَهْل کا مؤنث ج کَهْلَات و کَهْلَات۔
الکَاهِل۔ فا۔ گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاهِل۔ کَاهِلُ القَوْم : قوم کا معتمد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَدِيْدُ الْکَاهِلِ" فلاں صاحب شوکت و قوت ہے۔
الکَهْوَل والکَهْوَل۔ کمڑی۔
الکَهْلُوْل۔ بہت ہنسنے والا۔ مرد فیاض۔
کَهَمَتْ (ف) کَهْمًا۔ الشَّدَائِدُ فُلَانًا : خوف دلانا۔ آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔
کَهِمَ (س) و کَهُمَ (ک) کَهَامَةً و کُهُوْمًا کمزور ہونا — السَّيْفُ : کند ہونا۔
کَهُمَ (ک) و کَهِمَ (ف) کَهَامَةً و تَکَهَّمَ الرَّجُلُ : لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔
اَکْهَمَ بَصَرُهٗ : نگاہ کمزور ہونا۔
الکَهَام والکَهِيْم۔ سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَهَام" کہا جاتا ہے۔
کَهْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔
الکَهْمَس۔ شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔

الکَهْمَل۔ ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
کَهَنَ (ف۔ ن) کَهَانَةً و تَکَهَّنَ تَکَهُّنًا و تَکْهِيْنًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا۔
کَهُنَ (ک) کَهَانَةً کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
کَاهَنَ مُکَاهَنَةً۔ عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الکِهَانَة۔ کاہن کا پیشہ۔
الکُهُوْنَة۔ کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔
الکَاهِن۔ فا۔ غیب دانی کا مدعی — عِنْدَ الْيَهُوْدِ و عَبَدَةِ الْأَوْثَان : پروہت — عِنْدَ النَّصَارٰی : جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج کَهَنَةٌ و کُهَّانٌ الکَاهِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔
کَهِيَ یَکْهَى کَهًى۔ چہرے پر جھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل و کمزور ہونا۔
کَاهَى مُکَاهَاةً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا۔
اَکْهَى۔ انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا — عَنِ الطَّعَامِ : باز رہنا۔
اِکْتَهَاهُ اِکْتِهَاءً۔ تعظیم و اجلال کرنا۔
اَلْأَکْهَى۔ چہرے میں جھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل و کمزور۔ اَلْأَکْهَى : بے شگاف کا پتھر۔
الأَکْهَاء۔ شرفاء۔
کَاءَ یَکُوْءُ کَوْءًا و کَأْوًا عَنْهُ : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔
اَکَاءَهٗ اِکَاءً و اِکَاءَةً۔ کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔
الکَاءُ والکَاءَة والکَیْءُ والکَیْئَة۔ کمزور دل والا۔ بزدل۔
کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا و اِکْتَابَ۔ بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔
کَوَّبَ الشَّيْءَ : بٹے سے کوٹنا۔
الکُوْب۔ بے دستے کا کوزہ۔ ج اَکْوَاب۔
الکُوْبَة۔ فوت شدہ پر حسرت و افسوس۔
الکُوْبَة۔ شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ رواد وغیرہ پینے کا بیٹا۔
کَوَّثَ۔ الزَّرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا۔
الکَوْث۔ جوتا۔
الکُوْثَة۔ فراخ سال۔

تَکَوْثَرَ۔ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔
الکَوْثَر۔ بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔
الکَوْثَل والکَوْثَلُ۔ جہاز کا پچھلا حصہ۔
کَاحَهٗ یَکُوْحُهٗ کَوْحًا و کَوَّحَهٗ و کَاوَحَهٗ مُکَاوَحَةً و اَکَاحَهٗ اِکَاحَةً۔ لڑائی میں غالب آنا۔
کَاحَ الشَّيْءَ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ کَوَّحَهٗ : غالب بنانا۔ کَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ کَوَّحَ الزِّمَامُ الْبَعِيْرَ : مغلوب کرنا۔ کَاوَحَهٗ : گلا گلوچ کرنا۔ اَکَاحَهٗ : ہلاک کرنا۔
تَکَاوَحَ الرِّجْلَانِ : باہم جنگ و جدال کرنا۔
الکَاحُ والکِیْح دامن کوہ۔ ج کُیُوْح و اَکْیَاح۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوْحِهٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔
الکُوْخ والکَاخ۔ جھونپڑی۔ اور اسی سے ہے کُوخ الصَّائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کیلئے بنالیا کرتے ہیں۔ ج اَکْوَاخ و کُوْخَان و کِیْخَان و کِیَخَة۔
لَیْلَةٌ کَاخٌ : تاریک رات۔
الکَاخِيَة عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَةِ : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج کَوَاخٍ (دخیل)۔
کَادَهٗ یَکُوْدُهٗ کَوْدًا۔ رُکنا۔ کَادَ بِنَفْسِهٖ جان دینا۔
کَادَ یَکَادُ کَوْدًا و مَکَادًا و مَکَادَةً۔ فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِيْهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اور "عَزَفَ مَا یَکَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے۔ اور کاد کے عوض میں "کِيْدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا" معنی میں لَمْ یَرَهَا کے۔
کَوَّدَ الشَّيْءَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔
اِکْوَذَّ اِکْوِذَاذًا۔ بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔
الکَوْذَة۔ مٹی وغیرہ کا تودہ۔
المَکَادَة۔ مصہ۔ کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّةَ لِیْ وَلَا مَکَادَةَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے قریب ہوں۔
الْكَوْدَن و الْكَوْدَنِيّ۔ غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر۔ ث۔ كَوْدَن کی جمع كَوَادِن۔
كَوَّذَ الْإِزَارُ: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔
الكَاذَة۔ ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔
الكَاذِيّ۔ کیوڑہ۔
كَارَ يَكُوْرُ كَوْرًا۔ الْعِمَامَةَ وَنَحْوَهَا عَلَى رَاسِهِ: سر پر پگڑی باندھنا — الْأَرْضَ: زمین کھودنا۔
— فِي مِشْيَتِهِ: تیز چلنا — الحمَّالُ الكَارَةَ: گٹھری اٹھانا (— كِيَارًا) الفَرَسُ ذَنَبَه: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔
كَوَّرَ الْعِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا —ۂ پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا — المتَاعَ: تہ بتہ رکھنا — اَللّٰهُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔ كُوِّرَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔
اَكَارَ إِكَارَةً عَلَيْهِ: ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔
تَكَوَّرَ۔ گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔
إِكْتَارَ اِكْتِيَارًا۔ عمامہ باندھنا — الفَرَسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا — الشَّيْءَ: بعض کو بعض پر ٹپکنا — الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "كَوَّرَهُ فَاكْتَارَ" یعنی اس نے پچھاڑا وہ گر گیا — الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: گالی دینے کیلئے آمادہ ہونا۔
إِسْتَكَارَ إِسْتِكَارَةً۔ تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔
الكَارُ۔ ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج كَارَات۔
الكَوْر۔ مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَكْوَار۔ الكَوْر۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ كَوْرٌ كَرِيْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔
الكُوْر۔ مٹی کی انگیٹھی۔ ج اَكْوَار و اَكْوُر و كِيْرَان و كُوْرَان۔ الكُوْر: بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ ( — و المَكْوَر) اونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔
الكَارَة مِنَ الثِّيَاب: دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج كَارَات۔

الكُوْرَة۔ ضلع۔ ج كُوَر۔
الكُوَارَة و الكِوَارَة الكَوَّارَة۔ شہد کی مکھیوں کیلئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد مع موم کے۔
الكِوَارَةُ: عمامہ۔ پگڑی۔ و الكُوَارَة: تیز دوڑ۔
المِكْوَر و المِكْوَرَة۔ عمامہ۔
المَكْوَرِيّ و المِكْوَرِيّ۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔
كَازَ يَكُوْزُ كَوْزًا۔ کوزے سے پینا — الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
تَكَوَّزَ۔ القَوْمُ: قوم کا اکٹھا ہونا۔
إِكْتَازَ۔ کوزے سے پینا — المَاءَ: کوزے سے لینا۔
الكُوز۔ کوزہ۔ ج اَكْوَاز و كِيْزَان و كِوَزَة۔ (دخیل)
مُكَوَّزُ الرَّاسِ: لمبے سر والا۔
كَاسَ يَكُوْسُ كَوْسًا البَعِيْرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا فِي السَّيْرِ: آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَكُوْسُ فِي السَّيْرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے — عَلَى رَاسِهِ: سر کے بل اُلٹ پڑنا — فِي الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَكُسْنِيْ يَا فُلَانُ فِي الْبَيْعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا — الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔
كَاسَهُ و اَكَاسَهُ اِكَاسَةً۔ پچھاڑنا۔
بہت گھاس والا ہونا۔ اَلْمَعَ اِلٰی فُلَانٍ بِثَوْبِهٖ : کپڑے سے اشارہ کرنا — اَلْفَرْشُ وَنَحْوُهَا : حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اُٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا — اَلطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ : پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسِيْجَ : مختلف رنگوں کا بُننا۔

تَلَمَّعَ الشَّيْءَ وَالْتَمَعَهٗ اچک لینا — اَلْبَرْقُ وَغَيْرُهٗ : بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلْتَمَعَ الْقَوْمَ : لے جانا۔

اِلْتَمَعَ وَالْتَمِعَ لَوْنُهٗ : رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللَّامِع۔ فا۔ ج لُمَّعٌ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللَّامِعَة۔ لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع۔

اللُّمْعَة۔ گھاس کا خشک شدہ حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَهٗ لُمْعَةٌ مِنَ الْعَيْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے — مِنَ الْجَسَدِ : جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمعَة خاص کر بدن کا سیاہ حصہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ وَلِمَاع۔

اللَّمَّاع۔ لَامِع کا اسم مبالغہ۔

اللَّمَّاعَة۔ عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللَّمُوْع۔ چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

اَلْأَلْمَعُ وَالْأَلْمَعِيّ۔ تیز ذہن۔ تیز فہم۔

اَلْأَلْمَعِيَّة۔ ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ نَفْسُهٗ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

اَلتَّلْمِيع فِي الْخَيْلِ وَغَيْرِهَا : جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِيع۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ تَلْمِيع وَ تَلَامِيع" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلْمَعُ الطَّائِرِ : پرندہ کے دونوں بازو۔

اَلْمُلَمَّع مِنَ الْخَيْلِ وَغَيْرِهٖ : جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرْضٌ مُلْمِعَةٌ وَمُلَمِّعَةٌ وَمُلَمَّعَةٌ۔ زمین جس میں سراب چمکے۔

خَدٌّ مُلْمَع۔ چمک دار رخسارہ۔

اَلْيَلْمَع۔ بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَكْذَبُ مِنْ يَلْمَع" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا هُوَ يَلْمَعُ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج يَلَامِع۔ وَالْيَلْمَع مِنَ السِّلَاحِ : چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج يَلَامِع۔

اَلْيَلْمَعِيّ۔ ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔

لَمَقَهٗ (ن) لَمْقًا وَ لُمُوْقًا۔ لکھنا۔ مٹانا۔ لَمَقَ عَيْنَهٗ : آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَيْهِ : دیکھنا — اِلَيْهِ بِبَصَرِهٖ : دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ۔ چکھنا۔

اَللَّمَاق۔ چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالْأَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِيْقِ : راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِيْ لَمَقِ الطَّرِيْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

اَلْيَلْمَق۔ روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَكَ (ن) اَلْعَجِيْنَ : نرم گوندھنا۔

تَلَمَّكَ الْبَعِيْرُ : اُونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اَللَّمَاك۔ چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاك" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اَللَّمَاك وَاللُّمَاك وَاللُّمْك۔ سرمہ۔

اَللِّمْك۔ سرمہ لگایا ہوا۔

اَلْيَلْمَك۔ قوی جوان۔ مردوں ہی کے لیے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِهٖ : کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اَللَّمَال وَاللُّمَال۔ سرمہ۔

لَمْلَمَ الْحَجَرَ : پتھر کو گول گھڑنا — اَلشَّيْءَ : جمع کرنا۔

تَلَمْلَمَ۔ گول ہونا۔ جمع ہونا۔

اَللَّمْلَم۔ بہت جمع شدہ فوج۔

اَللُّمْلُوْم۔ جماعت۔

رَجُلٌ مُلَمْلَمٌ وَجَمَلٌ مُلَمْلَمٌ : گٹھے بدن کا مرد اور اُونٹ۔ شعر مُلَمْلَمٌ : تیل لگے ہوئے بال۔

اَلْمُلَمْلَمَة مُلَمْلَم کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔

لَمَايَلْمُوْلَمُوْا۔ اَلشَّيْءَ : سب لے لینا۔

اَللُّمَّة۔ جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لیے نمونہ۔ ج لُمَات۔

لَمِيَ يَلْمِي لَمْيًا وَلَمِيَ يَلْمَى لَمًى اَلْغُلَامُ : لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلْمَى۔ صفت مؤنث لَمْيَا۔

اَلْمَى اِلَمَاءً۔ اَللِّصُّ بِكَذَا : چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔

تَلَمَّتِ الْأَرْضُ بِهٖ وَ عَلَيْهِ : حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔

اَلْتَمِيَ اِلْتِمَاءً۔ لَوْنُهٗ : رنگ متغیر ہونا — بِهٖ : اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا۔

اللَّمَى۔ بمثلیث اللام : ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گوں یا سیاہی۔

اَلْأَلْمَى۔ گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ زُمْحٌ اَلْمَى مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمَى : گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمَى۔ گنجان سایہ دار درخت۔ غُلَامٌ اَلْمَى : سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْيَاء۔ ج لُمْىٌ۔ لِقَةٌ لَمْيَاء : کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔

لَنْ۔ مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ الْمُنْكَرَ مَا بَقِيْتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لَنْ تَزَالُوْا مَلْجَأَ الْفَقِيْرِ" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔

لَهَ (ن) اَلشِّعْرُ : نازک و مستحسن شعر کہنا۔

لَهِبَتْ (س) لَهْبًا وَ لَهَبًا وَ لَهِبًا وَ لُهَابًا وَ لَهَابًا۔ اَلنَّارُ : شعلہ بھڑکنا۔

لَهِبَ (س) لَهَبًا وَ لَهَبَانًا اَلرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔ صفت لَهْبَان۔

لَهَّبَ النَّارَ فَتَلَهَّبَتْ وَاَلْهَبَهَا فَالْتَهَبَتْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اُٹھنا۔ اِلْتَهَبَ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا۔ غصّہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَلَهَّبُ او يَلْتَهِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔

اَلْهَبَ۔ اَلنَّارَ : آگ بھڑکانا — اَلْفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا — اَلْبَرْقُ : بجلی کا پاپے کوندنا۔ اَلْهَبَ فِي الْكَلَامِ : جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْهَبَهُ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لیے اُکسایا۔

اَللُّهَاب۔ مص۔ پیاس۔

اَللُّهَابَة۔ ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔

اَللِّهْب۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْهَاب و لُهُوْب و لِهَاب و لِهَابَة۔

اَللَّهَب۔ مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار۔

اَللَّهَبَان۔ مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔

اَللُّهْبَة۔ پیاس۔ خالص سفیدی۔

اَللَّهِيب۔ مص۔ آگ کی گرمی۔ اَلْمَلْهُوْب۔ حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔

اَلْاَلْهُوْب۔ گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اُڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔

اَلْمِلْهَب۔ نہایت خوبصورت۔

اَلْمُلْهِب۔ تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔

اَلْمُلَهَّب مِنَ الثِّيَابِ : کم سرخی والا کپڑا۔

اَللَّاهُوْت۔ خداوندی۔ اور اس کی اصل "لاہٌ" بمعنی اِلٰہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ عِلْمُ اللَّاهُوْت : عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔ اَللَّاهُوْتِيّ عقائد متعلقہ ذات و صفاتِ باری کا عالم۔

لَهِثَ وَلَهِثَ لَهَثًا وَلُهَاثًا اَلْكَلْبُ وَغَيْرُه : کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔

لَهِثَ (س) لَهَثًا و لَهَثَانًا و لَهَاثًا اَلرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَهْثَان۔ صفت مؤنث لَهْثَى۔

اِلْتَهَثَ اَلْكَلْبُ : کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔

اَللُّهَاث۔ مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "هُوَ يُقَاسِي لُهَاثَ الْمَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔

اَللُّهْثَة۔ تھکن۔ پیاس۔

لَهِجَ (س) لَهَجًا بِالشَّيْءِ : شیفتہ ہونا۔ صفت لَهِجٌ وَلَاهِج — اَلْفَصِيْلُ اُمَّهُ : چوسنا — اَلْفَصِيْلِ بِاُمِّهِ : ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لَاهِج۔

لَهَّجَ اَلْقَوْمَ : کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔

اَلْهَجَ اَلرَّجُلُ : دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا — فُلَانًا بِالشَّيْءِ : فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔

اَلْفَصِيْلَ : مُنہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)

اَلْهِجَ بِالشَّيْءِ : شیفتہ و فریفتہ ہونا۔

اِلْهَاجًّ اِلْهِيْجَاجًا اَلشَّيْءُ : گڈ مڈ ہونا۔ اَلْهَاجَّتْ عَيْنُهُ : آنکھ آنا۔ اَلْهَاجُّ اللَّبَنُ : دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔

اَللَّهْجَة۔ زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِيْحُ اللَّهْجَةِ و صَادِقُ اللَّهْجَةِ"

اَللُّهْجَة۔ کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔

اَلْمُلَهَّج۔ مفع۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام کرنے سے عاجز ہو۔

لَهْوَجَ اَلشَّيْءَ : ملانا — اَلْاَمْرَ : ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا — اَلشِّوَاءَ : نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھوننا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَهْوَجٌ۔ اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِيْثٌ مُلَهْوَجٌ وَرَاْيٌ مُلَهْوَج۔ غیر مستحکم بات و رائے۔

تَلَهْوَجَ اَلشَّيْءَ : جلدی کرنا — اَللَّحْمَ : گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھوننا۔

تَلَهْجَمَ بِالشَّيْءِ : شیفتہ ہونا — اَلطَّرِيْقُ : واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر نشان ہونا۔

اَللَّهْجَم۔ کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پالہ۔

لَهَدَهُ لَهْدًا اَلْحِمْلُ : بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ و لَهِيْدٌ۔ لَهَدَ دَابَّتَه : چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا — اَلشَّيْءَ : کھانا یا چاٹنا — فُلَانًا : ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا سونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔

لَهَّدَ فُلَانًا : بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے۔

اَلْهَدَهُ۔ ظلم کرنا۔ اَلْهَدَبِهِ : ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْهَدَ اِلَى الْاَرْضِ : بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا — بِفُلَانٍ : دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔

اَللُّهَاد۔ پپڑی۔

اَللَّهْد۔ مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اُونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سُست و ناکارہ مرد۔

اَللَّهِيْد۔ عاجز۔ تھکا ہوا۔

اَللَّهْدَة۔ ایک نرم قسم کا حلوا۔

اَلْمُلَهَّد۔ مفع "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکایا ہوا۔

اَللَّهْذَب۔ ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔

لَهْذَمَهُ۔ کاٹنا۔

تَلَهْذَمَهُ۔ کاٹنا۔ تَلَهْذَمَ اَلشَّيْءَ : کھانا۔

اَللَّهْذَم۔ تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَهَاذِم و لَهَاذِمَة۔

اَللَّهَاذِمَة۔ چوروں کی جماعت۔

لَهَزَ (ف) لَهْزًا اَلشَّيْءُ فُلَانًا : کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا — اَلْقَوْمَ : قوم میں مل جانا۔

لَهَزَهُ اَلشَّيْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْز۔ لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ : سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَهَزَ فُلَانًا : مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا — اَلْفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ : دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔

لَهَزَهُ تَلْهِيْزًا۔ کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔

اَللَّاهِز۔ فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گزار کر دے۔ اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ پتلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لَاهِزان کہیں گے۔

اَللِّهَاز۔ چیتھڑا یا پکڑ جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اللَّهز۔ سخت۔
اللَّهزَة۔ کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔
المِلْهَز۔ کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔
المَلْهُوز۔ مغ۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔
لَهْزَمَهُ۔ جبڑے کی ہڈی کو کاٹا۔ لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِّهْزِمَة۔ کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم۔
لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے) — الصَّبِيُّ ثَدْيَ أُمِّهِ: بے چوسے ہوئے چاٹنا — عَلَى الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔
لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا — القَوْمُ إِلَى الشَّيْءِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِيْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔
اللَّاهِس۔ جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس۔
اللُّهَاس واللُّهَاسة۔ تھوڑی خوراک۔
اللُّهْسَة۔ چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عِنْدِيْ لُهْسَةٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔
لَهْسَمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھالینا۔
اللَّهَاسِم۔ وادی کی تنگ نالیاں' واحد لُهْسُم۔
لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا۔ تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهَطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا — بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ أُمُّهُ بِهِ: جننا۔
اللَّاهِط۔ فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لَهْطَةٌ مِنَ الخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَهِقَ (س) لَهَقًا ولَهَاقَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِقٌ ولَهْقٌ ولَهِيْقٌ — فِي الكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔

اللَّهَاعَة۔ غفلت۔
اللَّهِيْع۔ کارگزاری میں تیز۔
اللَّهِيْعَة۔ غفلت۔ سستی' کاہلی' خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔
لُهِفَ لَهَفًا۔ ظلم کیا جانا۔
لَهِفَ (س) لَهَفًا۔ عَلَى مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ ولَهِيْفٌ۔ لَهَفَ فُلَانٌ نَفْسَه او أُمَّهُ: وانفساهُ و اُمَيَّاه و الهفاه کہنا اور بڑھتا ہے "لَهَفَ أُمَّيِّهِ" یعنی اَبَوَيْهِ: یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی ماتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَهَفْتُ إِلَيْكَ تَلَهُّفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔
اَلْهَف۔ حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند ہونا۔
تَلَهَّفَ۔ عَلَيْهِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔
اِلْتَهَفَتِ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھا۔
اللَّاهِف۔ فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفٌ ولَاهِفَةٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ القَلْبِ" وہ شکستہ دل ہے۔
اللَّاهِفَة۔ لَاهِف کا مؤنث۔ ج لَاهِفَات ولَوَاهِف۔
اللَّهْف۔ مص۔ يَالَهْفَ فُلَانٍ: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَالَهْفِي عَلَيْكَ ويَا لَهْفَ و يَالَهْفًا و يَالَهْفَ أَرْضِيْ و سَمَائِ عَلَيْكَ ويَالَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔
اللَّهْفَان۔ افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى ولُهُف۔
اللَّهْفَة۔ لَهْف کا اسم مرۃ۔ اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةً و يَالَهْفَتَاهُ و يَالَهْفَتَيَاهُ"
اللَّهُوف۔ موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَّهُوفَة۔
اللَّهِيْف۔ مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيْفُ القَلْبِ: سوختہ دل۔ ج لهاف۔
المَلْهُوف۔ غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم

رَجُلٌ مَلْهُوفُ القَلْبِ: سوختہ دل مرد۔
لَهِقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا و لَهَقًا الشَّيْءَ: بہت سفید ہونا۔
تَلَهَّقَ الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا — الرَّجُلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔
اللَّهَاق۔ سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے: "أَبْيَضُ لَهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔
اللَّهِق واللَّهَق۔ سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهَقَةٌ ولَهِقَةٌ۔ ج لَهَقَاتٌ ولِهَاقٌ۔ کہا جاتا ہے "أَبْيَضُ لَهَقٌ ولَهِقٌ" بہت سفید۔
مُلَهَّقُ اللَّوْن: سفید رنگ والا۔
لَهْلَهَ لَهْلَهَةً۔ النَّسَاجُ الثَّوْبَ: باریک بننا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)
تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ: باریک بنا ہوا ہونا — اَلْكَلَاءُ: تھوڑی سی گھاس کے ورپے ہونا۔
اللَّهْلَهُ مِنَ الثِّيَابِ او الكَلَامِ او الشِّعْرِ: ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔
اللُّهْلُه۔ بدصورت۔ بَلَدٌ لُهْلُهٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (— واللُّهْلُهَة) کشادہ زمین۔
اللَّهْلَهَة۔ کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔
لَهِمَ (س) لَهْمًا ولَهَمًا الشَّيْءَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا — المَاءَ: گھونٹ لینا۔
اَلْهَمَهُ الشَّيْءَ: نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔
تَلَهَّمَ والتَهَمَ الشَّيْءَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)
اُلْتُهِمَ لَوْنُه: رنگ متغیر ہونا۔
اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رشد و ہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔
اللُّهَام۔ بڑا لشکر۔
اللِّهِم۔ عمر رسیدہ۔ ج لُهُوم۔
رَجُلٌ لُهِمٌ ولُهَمٌ: کھاؤ۔ پیٹو۔
اللُّهْمَة مِنَ السَّوِيْقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مقدار ستو۔

اللَّهِمَّ: بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لَهِمٌ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لُهَمُوْنَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوْمٌ: کھاؤ مرد۔

اللُّهَيْم و اُمُّ اللُّهَيْم۔ موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللُّهَيْم: کشادہ دیگ۔

الإِلْهَام۔ مہ۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْهَم و المُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھالینا۔

اللُّهْمُوْم۔ بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيْم و لَهَامِيْمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔

اللَّهْمِيْم۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَّنَ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْهَنَه۔ مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔

اَللُّهْنَة۔ تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے ج لُهَن۔

لَهَا يَلْهُوْ لَهْوًا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا — بِهٖ: فریفتہ ہونا (— لَهْوًا و لُهُوًّا) اَلْمَرْأَةُ إِلَى حَدِيْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (— لُهِيًّا و لِهْيَانًا) — عَنِ الشَّيْءِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهَى لَهًا بِكَذَا: محبت کرنا — عَنْهُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهَى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَهَّاهُ تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا: غافل کر دینا — هُ بِكَذَا: مشغول کرنا۔

لَاهَاهُ مُلَاهَاةً۔ قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔ لَاهَى الشَّيْءُ: نزدیک ہونا — الْغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْهَاهُ إِلْهَاءً۔ اللَّعِبُ عَنْ كَذَا: غافل کرنا۔ فُلَانٌ الشَّيْءَ: عاجزی سے چھوڑ دینا — الرَّحَى و فِي الرَّحَى و لِلرَّحَى: چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْهَى الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَهَّى تَلَهِّيًا بِكَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا — بِالشَّيْءِ: مشغول ہونا۔

تَلَاهَى تَلَاهِيًا بِالْمَلَاهِي: کھیل کود میں مشغول ہونا — الْقَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اَلْتَهَى الرَّجُلُ بِالشَّيْءِ: کھیلنا — عَنْهُ بِغَيْرِهٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْهَى اِسْتِلْهَاءً۔ صَاحِبَهُ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا — الشَّيْءُ: زیادہ لینا۔ لگانا۔

اَللُّهَاء۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ لُهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللَّهْو۔ کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللَّهَاة۔ حلق کا کوا ج لَهَوَات و لَهَيَات و لُهًى و لِهًى و لَهًا و لَهَاوٌ و لِهَاءٌ۔

اللَّهْوَة۔ لَهَا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّهْوَة و اللُّهْوَة۔ پیتے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لُهًى۔

اللُّهْيَة۔ عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَهْوٌ عَنِ الْخَيْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّهَوِي۔ لَهَاة کی طرف منسوب۔ و الحَرْفَانِ اللَّهَوِيَّان: ق و ک۔

اَلْأُلْهُوَّة و الأُلْهِيَّة و التِّلْهِيَة۔ جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْهَى۔ کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَلْهَى الْقَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے "وَهٰذَا مَلْهَى الْأَثَانِيِّ" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْهَى۔ کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاهٍ۔ آلَاتُ الْمَلَاهِي۔ آلاتِ موسیقی۔

لَهْوَجَ۔ مادہ ل ہ ج میں گزر چکا۔

لَهْوَقَ لَهْوَقَةً و تَلَهْوَقَ الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا — فِي الْعَمَلِ وَالْكَلَامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَهْوَقٌ: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ۔ یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے "لَوْ جَاءَنِي لَأَكْرَمْتُهُ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے: ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ كَانَ زَيْدٌ حَجَرًا كَانَ جَمَادًا"

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِي أَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُوْمُ أَقُوْمُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ۔

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَأْتِيَنِي فَتُحَدِّثَنِي" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند اَلَّا کے اس کا جواب بھی فاء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَنْزِلْ عِنْدَنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔
(۶) تقلیل کیلئے جیسے "تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرِقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ يَلُوْبُ لَوْبًا وَلُوَابًا وَلَوَبَانًا الرَّجُلُ او البَعِيْرُ: ضَرِيا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللَّوْبُ واللُّوْبُ واللُّوْبُ واللُّوَاب۔

لَوَّبَه تَلْوِيْبًا۔ ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے مَلَاب)

اَلْاَب الابَةُ الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّاب۔ فا۔ ج لُؤُوْب و لُوُب۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ لُوُبٌ او نَخْلٌ لُوُبٌ و لَوَائِبُ" پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَاب۔ مع لُعَاب۔

اللُّوْبَاء و اللُّوْبِيَاء و اللُّوْبِيَا۔ لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوْبَة۔ جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لُوْب۔

اللُّوْب۔ گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شدہ کی مکھی۔

اللَّآبَه۔ سنگلاخ سوختہ۔ ج لَآبَاتٌ و لَآبٌ۔

اللَّآبَه۔ کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلَاب۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّب۔ منع۔ پیچ دار لوہا۔

اللَّوْلَبُ۔ پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب۔

اللَّوْلَبِي۔ جو لَوْلَبْ کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَب۔ سرمہ کی سلائی۔

لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا — الخَبَرَ: خبر کو چھپانا — فُلَانًا: حق گھٹانا۔

اللَّاث۔ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ۔ حرف نفی ہے لَيْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِيْنُ حِيْنَ مَنَاص"

لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا۔ العَمَامَةَ عَلٰى رَاسِهٖ: سر پر عمامہ لپیٹنا — الصَّبُّ بِالْجَبَلِ: کمرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا — بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِهِ النَّاسُ اردگرد جمع ہونا — دَارَهٗ: ہمیشہ گھر میں رہنا — الشَّيْءَ: منہ میں چبانا — فِي الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا — ثَوْبَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا — الشَّيْءَ: بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْكَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوَّثَ يَلُوْثُ لَوْثًا فِي الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔

لَوَّثَ تَلْوِيْثًا الشَّيْءَ: بھگونا — المَاءَ: گدلا کرنا — ثِيَابَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ — التِّبْنَ بِالقِتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا — فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا — الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔

اَلَاثَ الْاَفَّةَ مَالُهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا۔

اَلْوَثَتِ الْوَاثَا۔ اَلْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبُهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا — زَيْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی امید سے صحبت میں رہنا۔

اِلْتَاثَ اِلْتِيَاثًا عَلَيْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔

— بِرِدَائِهٖ: لپٹنا — فِي الْعَمَلِ: دیر کرنا — فِي كَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا — بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا — البَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا — فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا۔

اَلْلَاثَ۔ فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَاثٌّ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

اللُّوَاث۔ پلیتھن۔

اللُّوَاثَة۔ پلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْث۔ مص۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔

اللَّوْث۔ ڈھیل ڈھال۔

اللِّيْث۔ گنجان نباتات۔

اللَّوْثَة۔ لَاثَ کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔

اللُّوْثَة۔ ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَة" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَيِّثٌ۔ گنجان پودہ۔

اللَّوِيْثَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَيَجْمَعُ لَوِيْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔

الْاَلْوَث۔ ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ۔ ج لوث۔

المَلَاث و المِلْوَث۔ سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج المَلَاوِث و المَلَاوِثَة و المَلَاوِيْث کہا جاتا ہے "هُمْ مَلَاوِث" یعنی وہ اشراف ہیں۔

وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضَّيْفَانِ وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے۔

المَلَاثُ۔ مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔

المُلَيَّث۔ موٹاپے کی وجہ سے ست۔ دِيْمَةٌ لَوْثَاء۔ لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔

لَاجَ يَلُوْجُ لَوْجًا الشَّيْءَ: منہ میں پھرانا۔

لَاحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّيْءُ: ظاہر ہونا — البَرْقُ: بجلی کا چمکنا — النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا — اِلَيْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا — الشَّيْءَ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے — العَطَشُ او السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (— لَوْحًا و لُوْحًا و لُوَاحًا و لُوُوْحًا و لُوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔

لَوَّحَ تَلْوِيْحًا دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَيْفِهٖ: تلوار چمکانا — بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْكَلْبِ بِرَغِيْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا — السَّفَرُ وَالعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا — الشَّيْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



— فُلَانًا بِالْعَصَا وَالسَّيْفِ وَالسَّوْطِ وَالنَّعْلِ: اٹھانا اور مارنا۔
الشَّيْءَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا۔
اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّيْءُ: ظاہر ہونا — الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا — النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا — بِسَيْفِهٖ اَوْ ثَوْبِهٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا — بِحَقِّهٖ: حق مار لینا — فُلَانًا: ہلاک کرنا — مِنْهُ: خوف کرنا۔ پرہیز کرنا — مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا — عَلَى الشَّيْءِ: اعتماد کرنا۔
تَلَوَّحَ۔ ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔
اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا۔ پیاسا ہونا۔
اِسْتِلَاحَ فِي الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا۔ غور کرنا۔
اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا۔
اللِّيَاحُ وَاللِّيَاحُ۔ صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْيَضُ لِيَاحٍ اَوْ لِيَاحٍ" خالص سفید۔
اللَّائِحَةُ لائح کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِحُ۔ کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰى لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)
اللَّوْحُ۔ تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاحٌ۔ لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاحٌ جج اَلَاوِيحُ۔ اَلْوَاحُ السِّلَاحِ: چمکدار ہتھیار۔
اللَّوْحُ۔ پیاس۔ فضاء آسمانی۔
اِبِلٌ لُوْحٌ: پیاسے اونٹ۔
اَللَّوِيْحَاتُ۔ کتاب کے حواشی و نوٹ۔
اَلْمُلْتَاحُ۔ دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔
اَلْمِلْوَاحُ۔ لمبا۔ دبلا۔ جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لیے باندھ دیا جائے۔
اَلْمِلْوَاحُ وَالْمِلْوَحُ وَالْمِلْيَاحُ۔ جلدی پیاسا ہونے والا۔ ج مَلَاوِيحُ۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ مَلَاوِيحُ" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ۔

قِدْحٌ مُلَوَّحٌ۔ آگ سے متغیر شدہ تیر۔
لَاحَهٗ يَلُوْحُهٗ لَوْحًا۔ ملانا۔
اَلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا۔ ملنا — الْعَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اُٹھنا۔
اَللِّوَاحَةُ وَاللِّيَاحَةُ۔ مکھن دودھ سے ملا ہوا۔
لَوِيَ يَلْوَى لَوًى۔ سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔
اَللَّوِيُّ۔ سرکش۔ نافرمان۔ جو عدل کی طرف مائل نہ ہو۔ مولیٰ گردن۔ ج اَلْوَاءٌ۔
لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا وَلَوَاذًا وَلِوَاذًا وَلُوَاذًا وَلِيَاذًا بِالْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپنا۔ پناہ گیر ہونا — بِالْقَوْمِ: پناہ میں آنا — الطَّرِيْقُ بِالدَّارِ: راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔
لَاوَذَ لِوَاذًا وَمُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا — عَنْهُ: فریب دینا — فُلَانًا: مخالفت کرنا۔ اَلْقَوْمَ: مدارات کرنا — اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا — بِالْقَوْمِ: گرد گھومنا۔
اَلَاذَ اِلَاذَةً بِالْجَبَلِ وَ بِالْقَوْمِ: بمعنی لَاذَ۔
اَلطَّرِيْقُ بِالدَّارِ: احاطہ کرنا اور متصل ہونا۔
اَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِيْقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا۔
اَللَّوْذُ۔ مصـ۔ پہاڑ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الْجَبَلِ وَبِاَلْوَاذِهٖ اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔ وادی کا موڑ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الْوَادِيْ" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اُترے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَطُوْفُ فِي الْوَاذِ الْبِلَادِ" فلاں ملک کے اطراف میں پھرتا ہے "وَهُوَ لَوْذُهٗ" وہ اس سے قریب ہے۔ ج اَلْوَاذٌ۔
لَوْذَانُ الشَّيْءِ: جانب۔
اَللَّوْذَانِيَّةُ۔ فریب دہی۔
اللَّاذَةُ۔ سرخ ریشمی کپڑا۔ ج لَاذٌ۔
اَلتَّلْوَاذُ۔ اسم ہے بمعنی مُلَاوَذَةٌ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذٌ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔
لِوَاذُ الشَّيْءِ: قریب قریب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مِائَةٌ اَوْ لِوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔
اَلْمَلَاذُ۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔
اَلْمَلَاوِذُ۔ ازاریں۔ واحد۔ مِلْوَذٌ۔
اَلْمِلْوَذَةُ۔ جائے پناہ۔

اَللُّوْزُ۔ گاڑھا دودھ۔ جو پیوی اور پنیر کے درمیان ہو۔ جس کو اہل شام قَرِيْشَةٌ کہتے ہیں۔
لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا۔ اِلَيْهِ: پناہ لینا — مِنْهُ: رہائی پانا — الشَّيْءَ: کھانا۔
لَوَّذَ تَلْوِيْذًا۔ اَلتَّمْرَ: چھوارے میں بادام بھرنا۔
اَللَّوْذُ۔ بادام۔ واحد لَوْذَةٌ۔
اَللَّوْذَةُ۔ حلق میں کوے کے قریب کا گوشت اور دو دو ہوتے ہیں۔ اَللَّوْذَتَانِ: سرین کے دو گڑھے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَعَوِزٌ لَوِزٌ" یعنی وہ محتاج ہے۔ لَوِزٌ تابع ہے۔
اَللَّوْزِيُّ۔ بادام کی شکل کا۔
اَلْمَلَاذُ۔ جائے پناہ۔
اَرْضٌ مَلَاذَةٌ۔ بادام والی سرزمین۔
اَلْمُلَوَّذُ۔ بادام سے بھری ہوئی کھجور۔ وَجْهٌ مُلَوَّذٌ: حسین و ملیح چہرہ۔
اَللَّوْزِيْنَجُ۔ ایک قسم کا حلوا۔ لوزینہ۔
لَاسَ يَلُوْسُ لَوْسًا۔ اَلْحَلَاوَاتِ وَغَيْرَهَا: کھانے وغیرہ کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈنا۔ صفت لَاسٍ وَلُوْسٌ وَلَوَّاسٌ وَاَلْوَسُ — الشَّيْءَ: چکھنا — الشَّيْءَ فِيْ فَمِهٖ: منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْسُ كَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔
اَللُّوَاسَةُ۔ لقمہ۔
اَللُّوْسُ۔ جمع لَاسٍ کی (جیسے بَازِلٍ و بُزُلٍ) کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ لَوْسًا اَوْ لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔
لَاصَ يَلُوْصُ لَوْصًا۔ دروازے کی جھری سے دیکھنا — عَنْهُ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔
لَوَّصَ تَلْوِيْصًا۔ خالص شہد کھانا۔
لَاوَصَ مُلَاوَصَةً۔ دروازے کی جھری سے دیکھنا — اِلَيْهِ: اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے — فُلَانًا عَنْ كَذَا: فریب دینا — اَلشَّجَرَةَ: درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا۔
اَلَاصَهٗ اِلَاصَةً عَلَى الشَّيْءِ: گھمانا۔ چکر دینا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔
اُلِيْصَ الرَّجُلُ: کپکپی زدہ ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا۔ لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔
اللَّوْص۔ مص۔ کان یا سینہ کا درد۔
اللِّوَاص۔ شہد خالص۔
اللَّوْصَة۔ پیٹھ کا درد۔
المُلَاوِص۔ چاپلوسی کرنے والا۔ فریبی۔
لَاطَ يَلُوْطُ لَوْطًا الْحَوْضَ: حوض کو مٹی سے لیپنا — الشَّيَّ بِالشَّيِّ: چپکانا — الْإِنْسَانَ: مارنا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّيُّ بِقَلْبِيْ" چیز میرے دل میں جم گئی — فُلَانًا بِعَيْنٍ: نظر بد لگانا — فُلَانًا بِسَهْمٍ: تیر مارنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ: لاحق کرنا۔ نسبت کرنا — الشَّيَّ: چھپانا (— لَوْطًا) فِي الْأَمْرِ: اصرار کرنا (— لَوْطًا و لِوَاطَةً و لَوَطًا و تَلَوُّطًا) اغلام کرنا۔
لَوَّطَه تَلْوِيْطًا بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت کرنا۔
اِلْتَاطَهُ اِلْتِيَاطًا و اِسْتَلَاطَه اِسْتِلَاطَةً منہ بولا بیٹا بنانا۔
اِلْتَاطَ حَوْضًا: اپنے لیے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِيْ" یعنی میرے دل میں جم گیا۔
اللِّيَاط۔ سود۔ بیاج۔
اللَّوْط۔ مص۔ چادر۔ پھریرا مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّيْ لَاَجِدُ لَهٗ فِيْ قَلْبِيْ لَوْطًا" میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔
الْأَلْوَط۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الْوَطُ بِقَلْبِيْ" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔
المُسْتَلَاط۔ منہ بولا بیٹا۔
لَاطَهُ يَلُوْطُهُ لَوْطًا۔ بمعنی لَاطَهٗ۔
اِلْتَاطَتِ الْحَاجَةُ: دشوار ہونا۔
اَلْمِلْوَط۔ لچی یا کوڑا۔
لَاعَه يَلُوْعُهُ لَوْعًا۔ الْحُبُّ: بیمار کر دینا۔
لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا۔ رنگ بدل دینا (— لَوْعًا و لَوْعًا) الرَّجُلُ: بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا۔
لَاعَ يَلُوْعُ وَيَلَاعُ لَوْعَةً۔ گھبرانا۔ تنگدل ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔

لَوَّعَهٗ تَلْوِيْعًا۔ الْحُبُّ: بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔
اَلَاعَتْهُ الْاَعَةُ الشَّمْسُ: رنگ بدل دینا۔
اَلْقَذَى: پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا۔
اِلْتَاعَ اِلْتِيَاعًا قَلْبُهٗ: دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وَهَاعٌ وَ لَاعٌ یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لیے "هَاعَةٌ لَاعَةٌ"
اللَّاع۔ خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لُعُوْن و لَاعَةٌ و اَلْوَاعٌ۔
اللاعة اللَّاع کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَات۔
اللَّوْعَة۔ لَاعَ کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق و محبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِيْ قَلْبِهٖ لَوْعَةٌ" اس کے دل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔
لَافَ يَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ: کھانا یا چبانا۔ لَافَتِ الدَّابَّةُ الْكَلَأَ: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔
اللُّوف۔ مص — مِنَ الْكَلَا او الطَّعَامِ: غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔
اللُّوف۔ ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح لگتا ہے۔ واحد لُوْفَةٌ۔
اللُّوْفِي۔ ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لیے مجرب ہے۔
اللِّيْف۔ خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَيْوِف ہے)
اللُّوَافَة۔ ہلیتمن۔
اللَّوَّاف۔ شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے كَلَا مَلُوْف۔ بارش سے تر گھاس۔
لَاقَهٗ يَلُوْقُهٗ لَوْقًا نرم کرنا۔ لَاقَ عَيْنَهٗ: آنکھ پر مارنا — الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْقُ عِنْدَكَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔
لَوَّقَ تَلْوِيْقًا۔ الطَّعَامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔
اللُّوق۔ نرم کی ہوئی چیز۔
اللَّوَق۔ ہیوقوئی۔
اللَّوْقَة۔ لَاقَ کا اسم مرۃ۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةً" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَاذَاقَ لَوَاقًا اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُّوْقَة وَالْأَلُوْقَة۔ مکھن۔
الْأَلْوَق۔ بیوقوف۔
المِلْوَق۔ دوا فروش کا چمچہ۔ (مولدۃ)
لَاكَ يَلُوْكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ: لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا — الْفَرَسُ اللِّجَامَ: چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوْكُ اَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِكِنِيْ اِلٰى فُلَانٍ میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔ (اصل اَلِكْنِي ہے)
اللَّوَاك چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ لَوَاكًا"
اللَّوْلَاءُ۔ سختی و تکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِي اللَّوْلَاءِ وہ سختی میں پڑا۔
لَوْلَا۔ حرف تخصیص و تندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔
(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ"
اور لَوْلَايَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ بہت کم سنا گیا ہے۔
(۲) اور تخصیص اور عرض کے لیے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتاً ہو یا تاویلاً جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔ اور "لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ"
(۳) توبیخ اور تندیم کیلئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لولاء کی لَو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کیلئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بِلَمْ ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔
اللَّوْلَب۔ دیکھو واوہ "لُوْب"
لَوْلَى لَوْلَاةً۔ پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلَا مُدْبِرًا"۔
لَاَمَهٗ يَلُوْمُهٗ لَوْمًا و مَلَامًا و مَلَامَةً فِيْ كَذَا و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عَلٰی کَذَا : ملامت کرنا- صفت فاعلی- لَائِم و صفت مفعولی مَلُوْمٌ و مَلِیْمٌ-
لِیْمَ بِہٖ : کاٹا جانا-
لَوَّمَا تَلْوِیْمًا- ملامت کرنا- تشدید مبالغہ کے لئے ہے- لَوْمًا لَامًا : حرف لام لکھنا-
لَاوَمَہ مُلَاوَمَۃً و لِوَامًا- ایک دوسرے کو ملامت کرنا-
اَلَامَۃُ الْاَمَۃُ- ملامت کرنا- صفت فاعلی مُلِیْم اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم المَلَامَۃ- ج مَلَاوِم- اَلَامَ الرَّجُلُ : مستحق ملامت فعل کرنا-
تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِی الْاَمْرِ : انتظار کرنا- دیر کرنا-
تَلَاوَمُوْا- بعض کا بعض کو ملامت کرنا-
اِلْتَامَ الْتِیَامًا- ملامت قبول کرنا-
اِسْتَلَامَ اِسْتِلَامًا- مستحق ملامت ہونا-
— اِلٰی ضَیْفِہٖ : اچھا سلوک نہ کرنا — اِلَیْہِمْ : ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں-
اللَّائِم- فا- ج لُوَّم و لُوَّام و لُیَّم-
اللَّائِمَۃُ- لَائِم کا مؤنث- ملامت- کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللَّائِمَۃَ" مستحق ملامت ہے- ج لَوَائِم-
اللَّأْمُ- خوف- وجود- نزدیکی- ہر چیز کا سخت- حرف لام- ج لَأَمَات-
اللَّوْم- مص- ملامت- خوف-
اللُّوْم- لوم کا تخفیف شدہ-
اللَّوْم- بہت ملامت-
اللَّوْمٰی و اللَّوْمَاء- ملامت-
اللَّآمَۃ- خوف- کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَآمَۃٍ" قابل ملامت فعل کیا-
اللَّوْمَۃ- لَأَمَ کا اسم مرۃ- کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَوْمَۃٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے-
اللُّوْمَۃ- جس کو لوگ ملامت کریں- انتظار- کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْہِ لُوْمَۃٌ" مجھے اس کا انتظار ہے-
اللُّوْمَۃ- جو لوگوں کو بہت ملامت کرے-
اللَّوَّام و اللَّوَّامَۃ- بہت ملامت کرنے والا- "النَّفْسُ اللَّوَّامَۃ" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے-
اللَّامِیُّ- لام کی جانب منسوب-
لَامِیَّۃُ الْعَجَمِ : طغرائی کا قصیدہ لامیہ- لَامِیَّۃُ الْعَرَبِ : شنفری کا قصیدہ لامیہ-
کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ"- تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے-
المُتَلَوِّم- فا- برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر-
لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیْءَ : رنگین کرنا — البُسْرُ : پختگی کا اثر ظاہر ہونا- کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْہِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی-
تَلَوَّنَ الشَّیْءُ : رنگین ہونا- مختلف رنگ کا ہونا — الرَّجُلُ : متلون مزاج ہونا-
اِلْوَنَّ الْوِنَانًا- بمعنی تَلَوَّنَ-
اللَّوْن- جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے- رنگ- ج اَلْوَان-
اللَّوْن- قسم- کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے- "وَتَنَاوَلَ کَذَا وَکَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے- اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِیْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں-
التَّلْوِیْن- مص- تفکہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا- کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا-
المُتَلَوِّن- فا- جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے-
لَاہَ یَلُوْہُ لَوْھًا و لَوْھَانًا و تَلَوَّہَ السَّرَابُ : چمکنا-
اللَّاھَۃ- سانپ-
لَوْہُ السراب و لَوَھَتُہٗ و لُؤْھَتُہٗ- سراب کی چمک-
لَوَاہُ (وَاوِیَّۃُ العَیْنِ و اللام) یَلْوِیْہِ لَیًّا و لَیًّا و لَیَّانًا و لِیَّانًا دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ : قرض میں ٹال مٹول کرنا — فُلَانًا بِحَقِّہٖ : حق کا انکار کرنا-
لَوِیَ یَلْوٰی لَوًی الْقِدْحُ او الرَّمْلُ : تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — النَّبْتُ : نباتات کا خشک ہونا — المِعْدَۃُ او الظَّھْرُ : معدہ کا درد والا ہونا- پیٹھ کا خمیدہ ہونا- صفت مذکر لَوٍ- صفت مؤنث لَوِیَّۃٌ- لَوِیَتْ لَوًی : الْحَیَّۃُ : سانپ کا کنڈلی مارنا-
لَاوَتْ مُلَاوَاۃً و لِوَاءً- الحَیَّۃُ الحَیَّۃَ : سانپ کا سانپ پر لپٹنا-
اَلْوَی اِلْوَاءَ القَوْمُ : ریت کے موڑ پر پہنچنا-
— الرَّجُلُ : خشک کھیتی والا ہونا- دوسرے کیلئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا- امیر کے جھنڈے کو سینا — اَلْاَمِیْرُ لَہٗ لِوَاءً : امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا — البَقْلُ : سبزی کا مرجھانا — فُلَانٌ : بہت تمنا کرنا — بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ : ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا — بِہٖ : لے جانا — بِحَقِّ فُلَانٍ : حق کا انکار کرنا — بِمَا فِی الْاِنَاءِ : اپنے لیے خاص کرنا — بِہِم الدَّھْرُ : ہلاک کرنا — بِکَلَامِہٖ : کلام میں تبدیلی کرنا — النَّبْتُ : نباتات کا خشک ہونا- فُلَانٌ اللِّوَاءَ : بلند کرنا اور نصب کرنا-
تَلَوَّی تَلَوِّیًا الشَّیْءُ : مڑنا — البَرْقُ فِی السَّحَابِ : بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا-
تَلَاوَوْا تِلَاوِیًا عَلٰی فُلَانٍ : جمع ہونا- وَ تَلَاوَیَا ایک دوسرے پر لپٹنا-
اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءَ القِدْحُ او الرَّمْلُ : تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — عَلَیْہِ الْاَمْرُ : دشوار ہونا — الشَّیْءُ : مڑنا — لَوِیَّۃً : دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا-
اِسْتَلْوٰی بِہِمُ الدَّھْرُ : ہلاک کرنا-
اللَّوُوْن و اللَّأْوُز- الذِّیْن کی جمع-
اللَّاوِی- اسم فاعل- ج لَاوُوْن و لُوَاۃ-
اللَّاوِیُّ لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام کی جانب منسوب-
سَفْرُ اللَّاوِیِّیْن- موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب-
اللِّوَاء- جھنڈا- اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے- ج اَلْوِیَۃٌ و اَلْوِیَات- کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بِالسِّوَاءِ و اللِّوَاءِ-
اللَّوَی- مص- معدہ کا درد- پشت کی کجی-
اللَّوٰی : بمعنی اللَّاتِی جمع اَلَّتِیْ-
اللُّوَی- باطل باتیں-
اللِّوَی- ریت کا موڑ- یا ریت کی تنگ جگہ ج

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَلْوَاءٌ وَاَلْوِيَةٌ۔
الْاَلْوَاء۔ وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔
اللَّوَّاء۔ ایک پرندہ۔
اللِّيَّاء۔ مؤنث اَلْوٰی :پانی سے دور جگہ۔
اللَّاوِيَاء۔ ایک قسم کی گھاس' داغ کرنے کا آلہ۔
اللَّوَّة۔ بدصورتی۔
اللُّوَّة واللِّيَّة۔ عود جس کی دھونی دی جائے۔
اللِّيَّة :قرابتیں۔
اللاَّتُ۔ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللَّوِيُّ۔ خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔
اللُّوَيُّ۔ ایک درخت کا نام۔
اللُّوَيَّة۔ دوسرے کیلئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا جو لَوَايَا۔
اَلْوٰی۔ سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَيَّاء۔ اَلْوٰی عَنِ الطَّرِيْقِ :دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتاً مڑی ہوئی دم۔ ج لُيٌّ بِالضَّمِّ۔ اور قیاس کے مطابق لِيٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللّٰهُ بِاَحْوٰی اَلْوٰی۔ خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
لَوٰی (وَاوِيَّةُ الْعَيْنِ يائيه اللام) يَلْوِيْ لَيًّا و لَوًّا و لُوِيًّا الْحَبْلَ : رسی بٹنا۔ موڑنا — الْغُلَامُ : لڑکے کا بیس سال کا ہونا — عَنِ الْاَمْرِ : سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللَّيَالِي كَفَّهُ عَلَى الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (— لَيًّا و لَيَانًا) اَمْرَهُ عَنِّيْ :پوشیدہ رکھنا — سِرَّهُ :چھپانا — الْحُزْنُ قَلْبَهُ : پھیر دینا — عَلَيْهِ : مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ لَا يَلْوِيْ عَلٰى اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔ رَاسَهُ اَوْ بِرَاسِهٖ : پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا : حرکت دینا — فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ :فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَلْوِيْ ظَهْرَهٗ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔
لَوّٰی تَلْوِيَةً۔ عَلَيْهِ الْاَمْرَ :دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوّٰى اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آگیا۔

اَلْوٰی اِلْوَاءً۔ بِرَاسِهٖ : پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا دم ہلانا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّيًا وَالْتَوٰی اِلْتِوَاءً الْحَبْلُ : رسی کا بٹا جانا۔
تَلَوَّتِ الْحَيَّةُ :کنڈلی مارنا۔
اِلْتَوٰی۔ الْاَمْرُ : دشوار ہونا — عَنِ الْاَمْرِ : سستی کرنا۔
الْمَلَاوِي۔ مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَكُوا الْمَلَاوِيَ"
مُلْتَوٰى۔ الْوَادِي :وادی کا موڑ۔
اللَّيَّة۔ لَوٰی کا اسم مرۃ۔ ج لَوِيّ۔
اَلْيَاتُ اِلْيَاءً۔ النَّاقَةُ :اونٹنی کا سست چلنا۔
لَاتَهٗ يَلِيْتُهٗ لَيْتًا۔ عَنْ كَذَا : روکنا۔ پھیرنا۔ لَاتَ زَيْدًا حَقَّهٗ :حق کا گھٹانا۔
اَلَاتَهُ اِلَاتَةً۔ عَنْ كَذَا : روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَهٗ مِنْ عَمَلِهٖ شَيْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔
اللِّيْت۔ کنارۂ گردن۔ مُثَنّٰى لِيْتَانِ ج اَلْيَات۔
لَاتَ۔ دیکھو۔ لَاتَ
لَيْتَ۔ حرف تمنی ہے۔ مستقبل پر اکثر آتا ہے جیسے لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لَيْتَ الْعَلِيْلُ يَصِحُّ۔ کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَيْتَ کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زَيْدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل و ابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے۔ اور جب لَيْتَ کے ساتھ یا متکلم متصل ہو تو لَيْتَنِيْ و لَيْتِيْ دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔
لَيَّتَ تَلْيِيْتًا و لُيِّتَ و تَلَيَّتَ تَلَيُّتًا الرَّجُلُ :شیر جیسا ہونا۔
لَايَنَهٗ مُلَايَنَةً۔ شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔
اِسْتَلْيَتَ۔ شیر جیسا ہونا۔
اللَّائِث۔ شیر۔
اللَّيْث۔ شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت' زبان آور بلیغ۔ ج لُيُوْث و مَلَايِنَةٌ۔
اللَّيِّنَة۔ شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَيِّنَات۔
الْاَلْيَث۔ بہادر۔ مؤنث لَيْثَاء۔ ج لِيْثٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْيَثُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔
الْمِلْيَثُّ۔ مضبوط قوی۔
الْمُلَيَّثُ۔ موٹا۔ خوار و ذلیل۔
اللَّيَاد۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ لَهٗ لَيَادًا" میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا۔
لَاذَ يَلُوْذُ لَيْذًا۔ الرَّجُلُ :پناہ لینا۔
الْمَلُوْذ۔ جائے پناہ۔
لَيِسَ يَلْيَسُ لَيَسًا الرَّجُلُ : دلیر و بہادر ہونا — عَنْهُ :غافل ہونا۔
لَيْسَ۔ مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) نفی حال کیلئے۔ اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَيْسَ خَلْقُ اللّٰهِ مِثْلَهٗ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فعل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفاً ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَ نِي الْقَوْمُ لَيْسَ زَيْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔
(۲) یہ کہ خبر مع اِلاّ کے ہو جیسے لَيْسَ الطِّيْبُ اِلَّا الْمِسْكَ۔
(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کے بعد میں واقع ہوگا وہ خبر ہوگا اور محلاً منصوب ہوگا۔ جیسے لَيْسَ يَقُوْمُ زَيْدٌ۔ لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمٌ۔ اور لَيْسَ کی خبر میں تاکید نفی کیلئے باء داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَيْسَ اللّٰهُ بِظَالِمٍ۔
تَلَيَّسَ الرَّجُلُ :صاحب قوت ہونا۔
تَلَايَسَ الرَّجُلُ تَلَايُسًا۔ نیک خو ہونا۔
عَنْهُ : چشم پوشی کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْاَلِیس۔ نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اُٹھالے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو۔ مؤنث لَیْسَاء ج لِیس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِیْسٌ وَلُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَابِلٌ لِیْس عَلَی الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

الْمُلَایِس۔ ست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ یَلِیْصُ لَیْصًا۔ یکسو ہونا — الشَّیْءَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

اَلَاصَ الْاَصَۃَ الشَّیْءَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ کَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ یَلِیْطُ لَیْطًا۔ چمٹنا — الشَّیْءُ بِقَلْبِہٖ محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا — اللّٰہُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْطُ بِہِ النَّعِیْم" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَیَّطَ بِہٖ تَلْیِیْطًا۔ چپکانا۔

اَلَاطَہٗ الْاَطَۃَ۔ چپکانا۔

اللِّیَاط۔ گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اللَّیْط۔ مہ۔ رنگ۔

اللِّیْط۔ رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ وَلِیْطُ الشَّمْسِ لَمْ یُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّیْطَۃ۔ نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے' کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِیْط و لِیَاط وَاُلْیَاط۔

لَاعَ یَلِیْعُ لَیَعَانًا۔ زچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (— لَوْعَۃً وَلِیْعَۃً) الْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

اَلَاعَ۔ زچ ہونا۔ تنگ دل ہونا۔

رِیْحٌ لَیَّاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّیْعَۃ۔ لَاع کا اسم مرۃ۔ لَیْعَۃُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَہٗ یَلِیْغُہٗ لَیْغًا۔ الشَّیْءَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّیْءَ: لینے کے لیے پھسلانا۔

تَلَیَّغَ۔ بیوقوف ظاہر کرنا۔

اللِّیَاغَۃ۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِیَاغَۃٌ: بیوقوف مرد۔

اللَّیْغ۔ کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ سَیِّغٌ لَیِّغٌ: خوشگوار کھانا۔

اَلْاَلْیَغ۔ صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَیْغَاء ج لِیغ اور اسی سے مثل ہے "دَرِّی بِمَا عِنْدَکِ یَا لَیْغَاء" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَاف یَلِیْفُ لَیْفًا۔ الطَّعَامَ: کھانا۔

لَیَّفْتُ تَلْیِیْفًا۔ فَسِیْلَۃَ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَیَّفَ فُلَانٌ اللِّیْف: لیف کو بنانا۔ الْمُلَیِّف فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّیْف۔ کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِیْفَۃ۔

اللِّیْفَانِی۔ کھجور کی چھال کے مشابہ۔

لِحْیَۃٌ لِیْفَانِیَّۃٌ۔ گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

الْمُلَیِّف۔ حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاۃَ یَلِیْقُھَا لَیْقًا وَلِیْقَۃً۔ صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِیْقَۃ کہتے ہیں۔

لَاقَتِ الدَّوَاۃُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔

لَاقَ یَلِیْقُ لَیْقًا وَلِیَاقَۃً وَلَیَاقًا وَلَیْقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا — بِہِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَقِت بَعْدَکَ بِاَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَھٰذَا اَمْرٌ لَا یَلِیْقُ بِکَ وَلَا یَلِیْقُکَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْقُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ "وَ فُلَانٌ لَا یَلِیْقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔

لَیَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا — الثَّرِیْدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

اَلَاقَ الدَّوَاۃَ اِلَاقَۃً۔ صوف ڈالنا۔ اور روشنائی درست کرنا — فُلَانًا بِنَفْسِہٖ: اپنے ساتھ لگالینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاقَتْنِی الْبَصْرَۃُ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھہرا "وَ فُلَانٌ یَا لِیْقُہٗ بَلَدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ "و فُلَانٌ مَا تُلِیْقُ یَدُہٗ شَیْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی "وَھٰذَا سَیْفٌ لَا یَلِیْقُ شَیْئًا" یعنی یہ ایسی تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے۔

اِلْتَاقَ الْفِتْیَانِ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا۔

— لَہٗ — الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِیْ بِفُلَانٍ" میرا دل فلاں کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَہٗ بِہٖ۔ چپکانا۔

اللَّیَاق۔ چراگاہ۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔

اللِّیَاق۔ آگ کا شعلہ۔

اللِّیْق۔ ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّیْق۔ چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّیْقَۃ۔ اسم ہے لاق سے۔ دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی۔ ج لِیَق۔

وَجْہٌ مُلْتَاقٌ۔ خوبصورت و دل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بِہٖ ہے۔

لَایَلَہٗ مُلَایَلَۃً۔ رات کیلئے اُجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَہٗ مُلَایَلَۃً" لیل سے جیسے "عَامَلَہٗ مُیَاوَمَۃً" یوم سے۔

اَلَالَ الْقَوْمُ اِلَالًا وَاَلْیَلُوْا اِلْیَالًا رات میں داخل ہونا۔

لَیْلٌ لَالٌ۔ لمبی کالی رات۔ مہینے کی کالی رات۔

اللَّیْل۔ رات (مذکر و مؤنث) ج اللَّیَالِی۔ یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس۔ اور لَیَائِل بھی کہا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ لَیْلٌ واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لیلہ ہے جیسے تَمْرٌ و تَمْرَۃٌ۔ اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلۃ ہے جیسے کہ عَشِیٌّ و عَشِیَّۃٌ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلہ یوم کے۔

اللَّیْلِیّ۔ لیل کی جانب منسوب۔ وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔

لَیْلَی الْخَمْر: شراب کا اُٹھنا۔ اُمُّ لَیْلَی: کالی شراب۔

لَیْلَۃٌ لَیْلَاء و لَیْلَی۔ سخت کالی طویل رات جیسے لَیْلٌ لَالٌ۔

اللَّیْلَہ۔ رات یا لیل کا واحد۔ ج لَیْلَات۔

لَیْلٌ اَلْیَل و مُلَیَّلٌ۔ سخت کالی طویل رات جیسے لَیْلٌ لَالٌ کے۔

اللِّیْم۔ صلح۔ شکل و صورت میں مشابہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لِیْمُہٗ" وہ اس کے شکل و صورت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مشابہ ہے۔
اللَّيْمُوْن۔ لیمو (دخیل)
لَانَ يَلِيْنُ لِيْنًا و لَيَانًا و لِيْنَةً۔ نرم ہونا۔ صفت لَيِّنٌ و لَيْنٌ۔ اور اسم اللِّيَان۔ بمعنی نرمی۔
لَيَّنَ الشَّيَ تَلْيِيْنًا و اِلَانَةً و اَلْيَنَهٗ اِلْيَانًا۔ نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے اَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَهٗ۔ اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔
لَايَنَهٗ مُلَايَنَةً و لِيَانًا۔ نرمی کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔ مداہنت کرنا۔
تَلَيَّنَ الشَّيُ تَلَيُّنًا : نرم ہونا — لِفُلَانٍ : چاپلوسی کرنا۔
اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَةً۔ الشَّيَ : نرم سمجھنا۔

نرم پانا۔
اللَّيَان۔ مص۔ آسودہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "و فِيْ لَيَانٍ مِنَ الْعَيْشِ" وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے۔
اللَّيِّن۔ نرم۔ ج لُيُّوْن۔ اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَيِّنٌ لَيِّنٌ۔
اللِّيْن۔ مص۔ عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِيْنَةٌ۔
اللِّيْنَة۔ لَيِّن کا مؤنث۔ لان کا اسم مرۃ۔ تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لِيْنَه کہتے ہیں۔
اللِّيْنَة۔ مص۔ لان کا اسم نوع۔ کمزوری۔ ڈھیلا پن۔
اللَّيَانَة۔ نرمی۔

اللَّيِّن۔ نرم۔ ج لَيِّنُوْنَ۔ و اَلْيِنَاء۔
الْاَلْيَن۔ نرم۔ ج اَلْاَيِن۔ بہت نرم۔
الْمَلْيَنَة۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَذُوْ مَلْيَنَةٍ" وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔
الْمُلَيِّن مِنَ الْاَدْوِيَة۔ قبض کشادوا۔
اللَّيْنُوْفَرُ و النَّيْلُوْفَرُ۔ کنول کا پھول۔
لَاهَ يَلِيْهِ لَيْهًا۔ چھپنا۔ بلند ہونا۔
اللِّيْوَان۔ ایوان۔ محل جو کشادہ ہو اور تین اطراف سے گھرا ہوا ہو۔
اللِّيَاء۔ يَائِيَّةُ الْعَيْنِ و اللَّامِ۔ ایک قسم کا سفید غلہ (— و اللَّيَّاءُ پانی سے دور جگہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# م

م۔ حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ" اور کبھی حرفِ قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ جیسے "مَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ" اور کبھی حرفِ جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ وعَلَامَ" کیوں؟ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی۔

مَا۔ دو قسمیں ہیں۔ حرفیہ واسمیہ۔

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) نافیہ۔ جیسے "مَاهٰذَا بَشَرًا"

(۲) زائدہ۔ جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ"

(۳) کافہ۔ جیسے "كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ۔"

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ۔"

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَادُمْتُ حَيًّا۔"

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) استفہامیہ۔ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَكَ" تمہارے پاس کیا ہے۔ اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَا زَيْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائے گا۔

اور جب اس پر حرفِ جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ وعَلَامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے۔

(۲) موصولہ جیسے "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ"

الْاَمَرّ- اسم تفضیل- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے- مؤنث مُرّٰی- الْاَمَرّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے) الْاَمَرّان: نقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند- کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْهُ الْاَمَرَّیْنِ" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی-

المَمَرّ- مص- گزرگاہ-

المُمَرّ- مفع- بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی-

قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ: بھری ہوئی مشک-

مَرَأَ و مَرِئَ (س) و مَرُؤَ (ک) مَرَاءَةً- الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا- اور "هَنَأَنِیْ و مَرَأَنِیْ الطَّعَامُ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنأنی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِیْ باب افعال سے کہا جائے گا-

مَرَأَ (ف) مَرْءً- التَّرْجُلُ- کھانا- (—— و امْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا- نافع و مفید ہونا-

مَرِئَ (س) مَرْءًا- بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا-

مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَةً- صاحب مروت ہونا- (مَرَاءَةً) الْمَکَانُ: اچھی ہوا کا ہونا-

مَرَّأَهُ- کسی کو هَنِیْئًا مَرِیْئًا کہنا-

تَمَرَّأَ- بتکلف مروت کرنا- صاحب مروت ہونا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ نخوت چاہتا ہے-

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا- خوشگوار پانا-

المَرْءُ مثلثة المیم: مرد- ج رِجَالٌ (من غیر لفظه) اور مَرْؤُوْن بھی سنا گیا ہے- اور نسبت کیلئے مَرْئِیٌّ مؤنث مَرْأَةٌ و مَرَوَةٌ-

امْرُؤ- مرد- ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخری حرکت کے مطابق ہوتی ہے- تم کہو گے جَاءَ امْرُؤٌ رَاَیْتُ امْرَأً مَرَرْتُ بِامْرِئٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے- مؤنث اِمْرَأَةٌ- ج نِسَاء و نِسْوَة (من غیر لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا- کہا جائے گا مُرَیْءٌ و مُرَیْئَةٌ- اور اُمْرِئٍ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور امْرَأَةٌ پر داخل ہونا نادر ہے-

المَرْأَةُ- مَرَأَ کا اسم مرة- مَرِئَ الطَّعَامُ کا اسم-

المُرُوْءَة- نخوت- کامل مردانگی- مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَة ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّة-

المَرِیئ- نرخرہ- ج مُرُزٌ و اَمْرِئَةٌ صاحب مروت- کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِیْئٌ" خوشگوار کھانا- و کَلَا مَرِیْئٌ بدہضمی نہ کرنے والی گھاس- و "هَنِیْئًا مَرِیْئًا" کھانے پینے والے کیلئے دعا ہے- یعنی رچتا پچتا کھاؤ-

المَرِیْئَة- مَرِیْئٌ کا مؤنث- اَرْضٌ مَرِیْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین-

مَرَتَ (ض) مَرْتًا- الشَّیْءَ: نرم و چکنا دار کرنا-

المَرْت- مص- (—— و المَرُوْت) جنگل جس میں سبزی نہ ہو- اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی- ج اَمْرات و مُرُوْتٌ و اَمَارِیْت رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں- مَرْتُ الْجَسَد: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں غُلَامٌ مَرْتُ الْغَدَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں-

اَرْضٌ مَمْرُوْتَة- زمین سبزی سے خالی-

المُرُوْتَة- المَرْت کا اسم- زمین کا سوکھا پن-

مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّیْءَ: نرم کرنا —— الصَّبِیُّ اِصْبَعَه: بچے کا انگلی چبانا —— قَذِیَ اُمَّهٗ: چوسنا —— التَّرْجُلُ الرَّجُلَ: مارنا —— الدَّوَاءُ فِی الْمَاءِ: دوا بھگونا- مَرَثَ التَّمر بِیَدِهٖ فِی الْمَاءِ: بھگونا- اور ریزہ ریزہ ہونے کے لیے ہلانا-

مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَی الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا- صفت مَرِثٌ و مِمْرَث- ج مَمَارِث-

مَرَّثَ الثَّرِیْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا-

مَرِجَ (س) مَرَجًا الْاَمْرُ و الْعَهْدُ و الْاَمَانَةُ و الدِّیْن: خراب ہونا- فاسد ہونا —— الْخَاتَمُ فِی الْاِصْبَع: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا-

مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کیلئے چھوڑنا- مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا- کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَه فِیْ اَعْرَاضِ النَّاسِ" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی- مَرَجَ الْکِذْبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا —— السُّلْطَانُ رَعِیَّتَهٗ فساد کرنے دینا- مَرَجَ الْاَمْرَ: ضائع کرنا- مضبوط نہ کرنا —— الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا-

اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا —— الشَّیْءَ: ملانا —— الْعَهْدَ: پورا نہ کرنا- اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا-

المَرْج- مص- چراگاہ- ج مُرُوْج-

المَارِج- فا- بہت بھڑکنے والا شعلہ- بے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دھوئیں کا انگارہ۔

المَرَّاح۔ باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔

المَرْجَان۔ چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَة مونگا۔

المَرِيْج۔ سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَةٌ۔ اَمْرٌ مَرِيْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِيْجٌ: ٹیڑھا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِيْج: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

المِمْرَاج۔ وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ": وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا ——— السَّحَابُ: بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا ——— الْعَيْنُ بِمَائِهَا و قَذَاهَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ۔ ج مَرْحٰى و مَرَاحٰى و مِرَّيْحٌ ج مِرِّيْحُوْن۔ کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ": اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَرَّحَ الْجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا ——— المِرْدَةَ الْجَدِيْدَةَ: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ البُرَّ: گیہوں صاف کرنا ——— المُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا ——— الرَّجُلُ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْرَحَ۔ اِترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الْكَلَأَ الفَرَسَ: نشاط میں ڈالنا۔

المِرَاح۔ نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔ مَرْحٰى۔ کلمہ تعجب ہے جو تیرانداز کے لیے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے۔ اور اسی کے مانند ہے "مَرْحِيًّا"

المَرْحٰى۔ بڑی لڑائی (مادہ رح ی سے)

المِرْحَة۔ مَرح کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

المَرُوْح۔ شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مَرُوْحٌ: اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح و المِمْرَاح۔ چست۔ خوش و خرم۔ المِمْرَاح۔ بہت آنسوؤں والی آنکھ' بہت جلد اگانے والی زمین۔

المُمَرَّح۔ مفع۔ كَرْمٌ مُمَرَّح: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

التِمْرَاحَة۔ بہت خوش و خرم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِلْعَابَةِ تِمْرَاحَة" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَرْحَبَ فُلَانًا و بِهٖ: مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا ——— اللّٰهُ فُلَانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا ———هٗ: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَرْخًا۔ مذاق کرنا ——— جَسَدَهٗ بِالدُّهْنِ: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَرْخًا۔ العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخ۔

مَرْخَه۔ تیل ملنا۔ مَرَخ و اَمْرَخ۔ العَجِيْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

المَرْخ۔ مع۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوْخ۔ مالش کرنے کی چیز۔

المَارِخ۔ فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ: پانی بہانے والا مرد۔

المِرْخ و المِرِّيْخ۔ بہت تیل لگانے والا بیوقوف ——— مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا۔ المِرِّيْخ: سبعہ سیارہ میں سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

المَرْخَة۔ کچی کھجور۔ ج مُرُخ۔

المَرَّخ۔ دم۔ پونچھ۔

المَرِيْخ۔ سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج اَمْرِخَة۔

ثَوْرٌ اَمْرَخ۔ سپید سرغ داغ والا بیل۔

المَرْخَاء۔ چست تیز چلنے والی اونٹنی۔

مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مَرَدَ (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَةً۔ سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَى النِّفَاقِ و نَحْوِهٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔

مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّيْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا ——— فُلَانًا: تنگ عزت کرنا ——— الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا ——— الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: ہاتھوں سے ملنا ——— المَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا ——— الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پانی میں ملنا ——— الْغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔

مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً۔ الغُلَامُ: لڑکے کا دیر تک بے داڑھی کے رہنا ——— الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔

مَرَّدَ تَمْرِيْدًا و تَمْرَادًا الغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا ——— البِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لبی کرنا ——— لِلْحَمَامِ تَمْرَادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔

تَمَرَّدَ۔ مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا ——— عَلَى النَّاسِ: سرکشی کرنا ——— الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔

المَرَادُ و المَرَّاد۔ گردن۔ ج مَرَادِيْد۔

المَرْد۔ پیلو کا تازہ پھل۔

المُرْدِيَّ۔ کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِيُّ۔

المَارِد۔ فا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَةٌ و مَارِدُوْن و مَرَّاد۔

المِرِّيْد۔ سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مَرَادَاء

المَرِيْد: دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔

الْاَمْرَدُ۔ بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے ارد گرد بال نہ ہوں۔

مَوْتٌ مَرْدَاءُ ج مردٌ۔ کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلٰى جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔

المَرْدَاء۔ بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ۔

التِمْرَاد۔ کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمَارِيْد۔

المِرِّيْد۔ سخت سرکش۔

المَرْدَقُوْش۔ دونامروا۔ زعفران۔ رَجُلٌ مَرْدَقُوْش: نرم کان والا مرد۔

مَرَّدَ (ن) مَرْدًا۔ الْخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے لیے ملنا۔

مَرَزَهٗ (ن) مَرْزًا۔ کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں —— الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا —— الشَّیْءَ: ٹکڑا کرنا —— الصَّبِیُّ لَدْیَ اُمِّهٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔

مَارَزَهٗ مُمَارَزَةً: مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔

اِمْتَرَزَ۔ عِرْضَهٗ: عیب لگانا —— شَرِیْکَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا —— مِنْ مَالِهٖ مَرْزَةً: کچھ لے لینا۔

المَرْزَةُ والمِرْزَةُ۔ حصہ۔ ٹکڑا۔

المَرْزَتَانِ۔ لوسے اوپر ابھرا حصہ۔

المُرْزَةُ۔ ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَیب بھی کہتے ہیں۔

عِرْضٌ مَرِیْزٌ۔ آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔

المَرْزُبَانُ عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَةٌ۔ والمَرْزَبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔

المَرْزَبَخُوْش۔ دونا مروا۔

مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا —— الصَّبِیَّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا —— یَدَهٗ بِالمِنْدِیْلِ: رومال سے پونچھنا —— حَبْلُ البَکَرَةِ: چرخی سے اُتر کر ایک جانب ہو جانا۔

مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَکَرَةُ: رسی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهٗ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہو گئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔

مَارَسَ مِرَاسًا ومُمَارَسَةً الأَمْرَ: مشق کرنا۔ محنت کرنا۔ پیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ خود کو کسی کام میں لگانا۔

اَمْرَسَ۔ حَبْلَ البَکَرَةِ: چرخی پر رسی کو دوبارہ چڑھانا۔

تَمَرَّسَ و اِمْتَرَسَ بِالشَّیْءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا —— بِالرَّجُلِ: برائی کے درپے ہونا —— بِدِیْنِهٖ: دین سے کھیلنا —— بِالشَّیْءِ: مارنا —— بِالنَّوَائِبِ والخُصُوْمَاتِ حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الخَطِیْبَاءُ والأَلْسُنُ فِی الخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔

تَمَارَسَ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔

المَرْس۔ معہ۔ لگاتار چال۔

المِرِس۔ کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسّی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مِرْسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج اَمْرَاس۔

المَرَسَة۔ رسّی۔ ج مَرَس و ج اَمْرَاس۔

اَمْرَاس المَرْکَب: سواری کی رسیاں۔

المِرَاس والمَرَاسَة۔ طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ المِرَاسِ کہا جاتا ہے۔

المَرَّاس۔ مضبوط۔ طاقتور۔ کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ مَرَّاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔

المَرْوَس۔ چرخی جس سے رسّی ایک طرف کو گر گئی ہو۔

المَرِیْس۔ پانی میں بھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔

المَارِسْتَان والمَارِسْتَان۔ شفاخانہ ج مارِسْتَانَات۔ (دخیل)

مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهٗ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا —— ةً: کلام سے ایذا پہنچانا۔

مَرَشَ المَاءَ: پانی بہنا۔

اِمْتَرَشَ الشَّیْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا —— لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا —— الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

المَرْش۔ معہ۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش و اَمْرَاش۔ المَرْش۔ پہاڑ کا پست حصہ۔

الأَمْرَش۔ بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش۔ المَرْشَاء: ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔

المَرَّاش۔ بہت کماؤ۔

التَّمْرِیْش۔ تھوڑی بارش۔

مَرِصَ (ن) مَرَصًا الشَّدْیَ و نَحْوَهٗ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔

مَرِصَ (ن) مَرَصًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِیْرِ و نَحْوِهٖ: جو وغیرہ سے چھلکا اُتر جانا۔

المَرُوْص۔ تیز رفتار اونٹنی۔

مَرِضَ (س) مَرَضًا و مَرْضًا۔ بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ و مَرِیْضٌ و مَارِضٌ۔

مَرَّضَهٗ۔ علاج کرنا۔ تیمارداری کرنا۔ مریض کر دینا۔ مَرَّضَ فِی الأَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا —— البُرَّ: گیہوں بکھیرنا۔

اَمْرَضَ۔ مریض ہونا —— اللّٰهُ فُلَانًا: مریض بنانا —— هٗ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ زَیْدًا فَاَمْرَضَنِیْهِ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا —— اَجْفَانَهٗ: پلکوں کو پست کرنا —— الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ القَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔

تَمَرَّضَ۔ کام میں کمزور ہونا۔

تَمَارَضَ۔ بتکلف مریض بننا —— فِیْ اَمْرِهٖ: کمزور ہونا۔

المَرَض والمَرْض۔ بیماری ج اَمْرَاض۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرَضَةٌ شَدِیْدَةٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔

المَرِیْض۔ ج مَرْضٰی و المَرِض ج مِرَاض بیمار۔ قَلْبٌ مَرِیْضٌ: کمزور دین والا۔ رَأْیٌ مَرِیْضٌ: کمزور رائے۔ عَیْنٌ مَرِیْضَةٌ: کمزور آنکھ۔ رِیْحٌ مَرِیْضَةٌ: سست ہوا۔ لَیْلَةٌ مَرِیْضَةٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ اَرْضٌ مَرِیْضَةٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِیْضَةٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِیْضَة کی جمع مِرَاض و مَرْضٰی۔

المِمْرَاض۔ بہت بیماری والا۔

المَمْرُوْض والمُتَمَرِّض۔ بیمار۔

مَرَطَ (ن) مَرْطًا و مَرَّطَ۔ الشَّعْرَ او الرِّیْشَ: بال یا پَر نوچنا —— الشَّیْءَ: جمع کرنا —— بِسِلْحِهٖ: پائخانہ کرنا۔ مَرَطَتِ المَرْأَةُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بِوَلَدِهَا: جننا —— مَرْطًا و مُرُوْطًا) الرَّجُلُ: جلدی کرنا —— فُلَانًا: ٹھکانا دینا- مَرَّطَ الثَّوْبَ: آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا-

مَرِطَ (س) مَرَطًا- کم بالوں والا ہونا-

اَمْرَطَ الشَّعْرُ: بال کا نوچنے کے قابل ہونا- اَمْرَطَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما سے کچی کھجوریں گرانا —— النَّاقَةُ: اُونٹنی کا چلنے میں تیز ہونا-

مَارَطَهُ مُمَارَطَةً- ایک دوسرے کے بال نوچنا-

تَمَرَّطَ و اِمَّرَطَ و اِنْمَرَطَ الشَّعْرُ: بال گرنا- تَمَرَّطَ السَّهْمُ: تیر کا پر سے خالی ہونا-

اِمْتَرَطَ الشَّيْءَ: اچک لینا-

المِرْط- ہر بے سلا ہوا کپڑا- اون یا ریشم کی چادر- ج مُرُوْط-

الْاَمْرَطُ- کم بال والا- بھیڑیا جس کے بال نُچے ہوئے ہوں- چور- مؤنث مَرْطاء ج مُرْط شَجَرَةٌ مَرْطاء: بے پتوں کا درخت-

سَهْمٌ مَرِيْطٌ و مِرَاطٌ و اَمْرَطُ- بے پر کا تیر- اَلْمُرُوْطُ مِنَ السِّهَامِ: بے پر کا تیر- کہا جاتا ہے "سَهْمٌ مُرُوْطٌ" ج اَمْرَاطٌ و مِرَاط-

المُرَاطَة- جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں گرے- المُرُوْط- تیز رفتاری- فَرَسٌ مَرْطَى- تیز رفتار گھوڑا-

المِمْرَطَةُ مِنَ النُّوْقِ: تیز رفتار اُونٹنی- ج مَمَارِط-

المُرَيْطَى- حلق کا کوا-

المَرَيْطَاء- ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان بغل- داڑھی بچہ کے گرداگرد-

المِرْطَاوَان- داڑھی بچہ کے گرداگرد-

مَرَغَ (ف) مَرْغًا رَاسَهُ بِالدُّهْنِ: سر پر تیل ملنا —— شَعْرَهُ: بال میں کنگھی کرنا-

مَرِغَ (س) مَرَغًا و مَرْغَ (ک) مَرَاعَةً المَكَانُ: سرسبز ہونا —— الرَّجُلُ: خوش حال ہونا مَرِغَ (س) مَرَغًا —— الرَّجُلُ: سبزہ زار میں پہنچنا-

اَمْرَعَ المَكَانُ: سرسبز ہونا —— رَاسَهُ بِالدُّهْنِ خوب تیل ملنا —— القَوْمُ: سرسبز جگہ پانا- تَمَرَّغَ- جلدی کرنا- گھاس طلب کرنا-

اِنْمَرَغَ فِي البِلَادِ: جانا- سیر کرنا-

المَرْع- گھاس- ج اَمْرُع و اَمْرَاعٌ-

مَكَانٌ مَرِعٌ- سبزہ زار جگہ- رَجُلٌ مَرِعٌ: سبزہ زار ڈھونڈنے والا مرد-

المُرْعَة و المِرَاع- چرنی-

المُرْعَة و المُرَعَة- ایک پرندہ تیر کے مانند- ج مُرَعٌ و مِرْعَانٌ-

مَكَانٌ مَرِيْعٌ- سبزہ زار جگہ- ج اَمْرَاعٌ و اَمْرِعٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَرِيْعُ الْجَنَابِ" فلاں بہت سخی و فیاض ہے-

الاُمْرُوْعَة- سبزہ زار زمین- ج اَمَارِيْع-

المِمْرَاع- سبزہ زار-

مَمَارِيْعُ الْاَرْضِ: عمدہ زمینیں (اس کا واحد نہیں)

المِرْعَزّ و المِرْعِزَّى و المَرْعِزَّى و المِرْعِزَاء و المَرْعِزَاء- بکری کے بالوں کے نیچے کا رواں- نرم اُون-

مَرَغَ (ف) مَرْغًا الْحَيَوَانُ العُشْبَ: چارہ چرنا —— فِي العُشْبِ: چرنے کیلئے ٹھہرنا —— البَعِيْرُ: اُونٹ کا جھاگ ڈالنا-

مَرِغَ (س) مَرَغًا- عِرْضُهُ: عزت پر دھبہ لگنا-

مَرَّغَهُ تَمْرِيْغًا و تَمْرَاغًا فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹانا- مَرَّغَ العِرْضَ: آبرو کو داغ دار کرنا —— رَاسَهُ: خوب تیل لگانا-

مَارَغَه- قریب دینا —— هُ فِي التُّرَابِ: مٹی میں چپکانا-

اَمْرَغَ- سونے میں رال بہنا- بہت بکواس کرنا —— العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر نرم کرنا —— عِرْضَهُ: آبرو کو داغ دار کرنا-

تَمَرَّغَ- فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹنا —— فِي الْاَمْرِ: تردد کرنا —— عَلَى فُلَانٍ: دیر لگانا- الحَيَوَانُ: جانور کا جھاگ نکالنا- تَمَرَّغَتِ السَّائِمَةُ: چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا —— الرَّجُلُ: برائی سے دور رہنا- بدن کو چمکیلا اور نرم کرنا- درد کی وجہ سے تلملانا —— فِي النَّعِيْمِ: نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا-

المَرْغ- مصـ لعاب- باغ- تیل کی خوب مالش-

المَارِغ- فا- یوقوف-

المَرِغ مِنَ الشَّعْرِ: بہت تیل جذب کرنے والے بال-

المَرَاغ و المَرَاغَة و المُتَمَرَّغ- جانور کے لوٹنے کی جگہ-

المَرْغَة- مرغ کا اسم مرۃ- باغ-

الاَمْرَغ- افعال رذیلہ میں آلودہ- مؤنث مَرْغَاءُ ج مُرْغ-

المِمْرَغة- ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی کہتے ہیں-

مَرَقَ (ن) مُرُوْقًا السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ: تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا —— مِنَ الدِّيْنِ: گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا-

مَرَقَ (ن ض) مَرْقًا القِدْرُ: شوربا زیادہ کرنا —— الجِلْدَ: کھال سے اون اکھیڑنا —— هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا —— الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا-

مَرِقَتْ (س) مَرَقًا البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہو کر پانی بننا —— النَّخْلَةُ: درخت خرما سے زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا-

اَمْرَقَ القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا —— الجِلْدَ: اون اکھیڑے کے قابل ہونا —— النَّخْلَةُ زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گرنا- اسم اَلْمَرق ہے-

مَرَّقَ- گانا —— القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا-

تَمَرَّقَ الشَّعَر: بال اکھیڑا جانا- مرض وغیرہ کی وجہ سے بال جھڑ جانا —— الثَّوْبُ: کپڑے کا عصفر سے رنگا جانا-

اِنْمَرَقَ و اِمَّرَقَ السَّهْمُ: چھید کر پار ہونا- الشَّعْرُ: بال گرنا-

اِمْتَرَقَ الشَّيْءُ: جلدی سے گزر جانا-

السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے سونتنا-

المَرْق- مصـ دھتکی ہوئی اون- بدبودار اون یا کھال- خوشہ کے خار- ج اَمْرَاق- کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ ذٰلِكَ فِي مَرْقِكَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی-

المِرْق- بدبودار اون یا کھال-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَرَق والمَرَقَة۔ شوربا۔
المُرَاقَة۔ اکھیڑی ہوئی اُون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔
المَارِق۔ دین سے نکل جانے والا۔ ج مَارِقُوْنَ ومُرَّاق۔ المَارِق: چھید کر کے پار ہو جانے والا۔
المَارِقَة۔ المَارِق کا مؤنث۔ خوارج۔
المُرَيْق والمُرَيْق۔ عصفر۔ ثَوْبٌ مُتَمَرِّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔
المَمْرَق۔ نکلنے کی جگہ۔ روشن دان۔
لَحْمٌ مُمَرِّق۔ بہت چکنا گوشت۔ المُمَرِّق: گویا۔ (گانے والا)
مَرْمَرَ۔ غضبناک ہونا — الْمَاءَ: سطح زمین پر پانی بہانا۔
تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ: ریت کا موج مارنا — الجسمُ: جسم کا تھلتھلانا — عَلَى أَصْحَابِه: امیر ہونا۔
المَرْمَرُ۔ سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (— و المَرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔
المُرَامِر۔ باطل۔ نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔
المَرْمَرَة۔ مص۔ بہت بارش۔
المَرْمَرِيس۔ چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔
المِرْمِيس۔ گینڈا۔
مَرَنَ (ن) مُرُوْنَةً ومُرُوْنًا ومَرَانَةً تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا — يَدُهُ عَلَى الْعَمَلِ و وَجْهُهُ عَلَى الْأَمْرِ: سخت ہونا (— مُرُوْنًا و مَرَانَةً) عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا۔
مَرَنَ (ن) مَرْنًا الْجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا۔
— مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بھاگنا — بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
مَرَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا — فُلَانًا عَلَى الْأَمْرِ: عادی بنانا — بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
تَمَرَّنَ: بتکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا — عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا۔
تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا۔
المَرْن۔ مص۔ ایک قسم کا کپڑا۔ نرم کھال۔ لباس، پوستین۔ عطیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان۔ مرنا۔

الْأَنْف: ناک کے دونوں جانب۔
المَرَن۔ مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔
المَرِن۔ ملائم و سخت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى مَرِنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِكَ مَرْنِي" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔ المَرِن: شور و جنگ۔
المُرَّان۔ ٹھوس و لچک دار نیزے۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔ واحد مُرَّانَةٌ۔
المَارِن۔ فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَوَارِن۔ رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس لچک دار نیزہ۔
المَيْرُوْن۔ عِنْدَ النَّصَارٰى: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔
اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔
مَرِهَتْ (س) مَرَهًا عَيْنُهُ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَرِهٌ و اَمْرَهُ۔ رَجُلٌ مَرِهُ الْفُؤَاد: مردِ بیمار دل۔ سَحَابٌ اَمْرَهُ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔
المَرْهَاء۔ الأَمْرَه کا مؤنث۔ شَاةٌ مَرْهَاء: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ ج مُرْهٌ اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین۔
المُرْهَة۔ سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔
مَرْهَمَ مَرْهَمَةً۔ الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔
المِرْهَم۔ زخم پر لگانے کی دوا۔ ج مَرَاهِم۔
المَرْو۔ ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد المَرْوَة کہا جاتا ہے "قَرَعَ الدَّهْرُ مَرْوَتَه" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔
المَرْو: ایک خوشبودار پودہ۔
المَرْوَة۔ مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔
مَرَى يَمْرِي مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا — الدَّمَ و نَحْوَهُ: خون نکالنا — حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا — الرِّيْحُ: السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا — الشَّيْءَ: نکالنا — الفَرَسَ: کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَى يَمْرِي دَابَّتَهُ بِسَاقِهٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو دکھلا رہا تھا۔
— فُلَانًا مِائَةَ سَوْط: کوڑے مارنا۔ مَرَى الفَرَسُ گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔
اَمْرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
مَارَى مِرَاءً و مُمَارَاةً: جھگڑا کرنا۔
تَمَارَيَا۔ باہم جھگڑا کرنا۔
اِمْتَرَى فِي الشَّيْءِ: شک کرنا (— — واسْتَمْرَى اللَّبَنَ ونَحْوَهُ): دودھ دوہنا۔ نکالنا۔
تَمَرَّى تَمَرِّيًا۔ بِكَذَا: آراستہ ہونا۔
المِرْيَة و المُرْيَة۔ جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْهِ مِرْيَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک
المِرْيَة: دودھ جو اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ مِرْيَةَ النَّاقَةِ" اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔
المَرِيّ۔ بہت دودھ والی اُونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَايَا۔ المَرَايَا: جمع مِرْآة بمعنے آئینہ اور بجائے هَنِيْئًا مَرِيْئًا کے هَنِيْئًا مَرِيًّا بھی کہا جاتا ہے۔
المَرِيَّة۔ بہت دودھ والی اُونٹنی۔
المَارِي۔ سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِيَّةٌ۔ چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطار پرندہ کا شکاری۔
المَارِيَة و المُمْرِيَة۔ سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔
اَمْرٌ مُمْرٍ۔ سیدھا معاملہ۔
مَزَّ (س) مَزَارَةَ الرَّجُلُ: فضیلت والا ہونا — الشَّيْءُ: بہت ہونا۔ صفت مَزِيْزٌ (— — مَزَازَاة و مُزُوْزَة) الطَّعْمُ: کھٹ مٹھا ہونا۔
مَزَّ (ن) مَزًّا۔ الشَّيْءَ: چوسنا۔
مَازَّ مُمَازَّةً۔ بَيْنَهُمَا: دور دور کرنا۔
مَزَّزَ۔ فضیلت والا سمجھنا — بِكَذَا: فضیلت دینا۔
تَمَازَّتِ النِّيَّةُ بِه: دور ہونا۔
تَمَزَّزَ الشَّرَابَ: چوسنا۔ گھونٹ گھونٹ کھانا یا پینا۔
المَزّ۔ دشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ" یہ سخت کام ہے۔
المِزّ۔ مرتبہ و فضل۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"شَيْءٌ مِزٌّ" فاضل چیز۔
المُزُّ۔ کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّةٌ۔
المُزُّ والمُزَّاءُ والمَزَّةُ۔ خوشگوار شراب المَزَّةُ: ایک مرتبہ چوسنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِيَ فِي الإِنَاءِ إِلَّا مَزَّةٌ" برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔
المَزَزُ۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ عَلَى مَزٍ" یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔
المَزِيزُ۔ فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دشوار۔
الأَمَزُّ۔ فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاءُ ج مُزٌّ۔
مَزَجَ (ن) مَزْجًا ومِزَاجًا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: پانی ملانا — فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
مَازَجَهُ مُمَازَجَةً۔ مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔
مَزَجَ السُّنْبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔
فُلَانًا: کچھ دینا۔
تَمَازَجَا۔ باہم ایک دوسرے کا ملنا۔
اِمْتَزَجَ بِهِ: ملنا۔
اَلْمِزْجُ والمَزْجُ۔ شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔
المِزَاجُ۔ مصـ۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج أَمْزِجَةٌ۔
رَجُلٌ مَزَّاجٌ۔ جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔
المَزِيجُ۔ ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔
مَزَحَ (ف) مَزْحًا۔ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔
مَزَحَ السُّنْبُلُ او العِنَبُ: رنگ پکڑنا۔
مَازَحَهُ مِزَاحًا ومُمَازَحَةً۔ ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَازَحَا۔ باہم ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَزَّحَ بِهِ: فخر کرنا۔
المَزْحُ۔ مصـ۔ خوشہ۔
المُزَاحُ والمِزَاحُ۔ ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔
المَزَّاحُ۔ بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔
المُمَزَّحُ مِنَ النَّاسِ: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔
المَزْدُ۔ سردی۔
مَزَرَ (ن) مَزْرًا۔ مِنَ اللَّبَنِ: تھوڑا سا پینا۔ — اللَّبَنَ: دودھ کو چکھنے کے لیے پینا — هُ: آہستہ سے چسکی لینا۔ غصہ دلانا (— و مَزَّرَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
مَزُرَ (ک) مَزَارَةً۔ ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔
تَمَزَّزَ النَّبِيذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔
المَزُر۔ مصـ۔ مرد ظریف۔
المِزْر۔ جو یا گیہوں کی شراب یہ قوت۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ المِزْرِ" وہ شریف اصل ہے۔
المَزِيرُ۔ ظریف۔ سخت دل۔ ج أَمَازِر۔
الأَمْزَر۔ اسم تفضیل ہے مُزر سے مؤنث مَزْرَاء ج مُزْر وامَازِر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَمَازِرِ النَّاسِ" وہ افاضل الناس میں سے ہے۔
المَزْرَة۔ ایک مرتبہ چوسنا۔
مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْيُ ولَحْوُهُ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (— و مَزَّعَ) القُطْنَ: روئی تومنا۔ مَزَّعَ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔
تَمَزَّعَ۔ جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کرلی اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَزَّعُ غَيْظًا" وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔
المِزْعَة۔ روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مزع (— والمُزْعَة) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔
— مِنَ المَاءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع و مُزَع۔
المَزَّاع۔ بہت دوڑنے والا۔ سیمی۔
المُزَاعَة۔ مِنَ الشَّيْءِ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو نوتے وقت گرے۔
المَزْعِي۔ چغل خور۔
فَرَسٌ مِزَعٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا و مَزْقَةَ الثَّوْبَ: پھاڑنا — عِرْضَهُمْ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مَزِقٌ۔ ج مَزِقُونَ۔ جیسے "أَتَانِي أَنَّهُمْ مَزِقُونَ عِرْضِي" مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں — الطَّائِرُ بِسِلْحِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَزَّقَ الثَّوْبَ: چیر پھیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّقَهُمُ اللّٰهُ كُلَّ مُمَزَّقٍ" اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔
مَازَقَهُ۔ دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔
تَمَزَّقَ۔ پھٹنا — القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اِنْمَزَقَ۔ پھٹنا۔
المِزْقَة۔ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ مِزَقٌ ومَزِقٌ ومَزِيقٌ" پھٹا ہوا کپڑا۔
نَاقَةٌ او فَرَسٌ مِزَاقٌ۔ تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔
مَزْمَزَهُ۔ اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔
تَمَزْمَزَ۔ حرکت کرنا — لِلْقِيَامِ: اٹھنے کے لیے تیار ہونا۔
مَزَنَ (ن) مَزْنًا و مُزُونًا۔ چلا جانا — وَجْهُهُ: چہرہ کا چمک اٹھنا — مِنَ الْعَدُوِّ: دشمن سے بھاگنا (— و مَزَّنَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا — فُلَانًا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔
تَمَزَّنَ۔ چلا جانا — عَلَى الْقَوْمِ: مہربانی و سخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا — عَلَى الْأَمْرِ: عادی ہونا۔
المُزْن۔ بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ المُزْن: اولہ۔
المُزْنَة۔ بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ الْمُزْنَة: نیا چاند۔
المَزَن۔ عادت۔ طریقہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلَى هٰذَا الْمَزَنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔
المَازِن۔ فا۔ چیونٹی کے انڈے۔
مُزَيْنَة۔ معـ کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لیے مُزَنِي۔
مَزَهَ (ف) مَزْهًا۔ ہنسی مذاق کرنا۔
مَزَايَمْزُوْ مَزْوًا۔ تکبر کرنا۔
مَزَّاهُ تَمْزِيَةً۔ تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّيْتُ مَتَاعَهُ حَتّٰى نَفَّقْتُهُ لَهُ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کردیا۔
تَمَازَى الْقَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوی کرنا۔
المَزْو والمَزِيَّة۔ ج مَزَايَا والمَازِيَة۔ ج مَازِيَات۔ علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔
خولی۔ عمدگی۔
مَزَى يَمْزِي۔ تکبر کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مَزَّیٰ تَمْزِیَةً الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَدَ عَنِّیْ مَازِیًا وَ مُتَمَازِیًا" یعنی مجھ سے دور مخالفت ہو کر بیٹھا۔

اَلْمُزَأَةُ۔ سرکش لوگ۔ مفرد مَازٍ۔

المَازِیَة۔ ج مَازِیَات۔ و المَزِیَّة۔ ج مَزَایَا۔ علم۔ کرم۔ شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

المَزِیْ۔ مرد خوش طبع۔ زیرک۔

مَسَّ (ن س) مَسًّا و مَسِیْسًا و مِسِّیْسٰی الشَّیْءَ: چھونا۔ پہنچنا — المَرَضُ او الکِبَرُ فُلَانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَةُ اِلٰی کَذَا مجبور کرنا — مَسَّنِیَ الشَّیْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ: شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَّتْ فُلَانًا مَوَاسُّ الْخَیْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "وَمَسَّتْ بِكَ رَحِمُ فُلَانٍ" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔

مُسَّ مَسًّا۔ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوْس۔

مَاسَّهٗ مُمَاسَّةً و مِسَاسًا۔ چھونا۔ جماع کرنا۔

اَمَسَّهُ الشَّیْءَ: چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْهَهُ الْمَاءَ او بَدَنَهُ الطِّیْبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔

تَمَاسَّ الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔

المَاسِّ فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔

مَسَاسِ۔ اسم فعل بمعنے امر یعنی چھو۔ اور کہا جاتا ہے لَا مَسَاسِ یعنی مت چھو۔

المَسُوْس مِنَ الْمَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ کَلَأ مَسُوْس: چرنے والے جانوروں کے لیے مفید گھاس۔

المِسّ۔ تانبا۔

الْأَمَس۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَمَس مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"۔

المَاسُوْس و المَسُوْس۔ پاگل۔ مجنون و دیوانہ۔

مَسِیْسُ الْحَاجَةِ: حاجت کا مجبور کرنا۔

المَسَّاس۔ بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَةٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔

مَسَأَ (ف) مَسْأً و مُسُوْءًا: بیباک ہونا — المَاشِی: دیر کرنا — الْحَقَّ: حق کو دیر میں ادا کرنا — الطَّرِیْقَ: راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَی الشَّیْءِ: عادی ہونا — الرَّجُلَ بِالْقَوْلِ وَغَیْرِهٖ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا۔ — وَاَمْسَا بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔

تَمَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّیْءَ: پونچھنا۔ مریض کے لیے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللّٰهُ مَابِكَ مِنْ عِلَّةٍ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں — هٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا — هٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا — ذَوَائِبَ الْمَرْأَةِ: کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَحَهٗ او مَسَحَ زَاسَهٗ" یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ الْقَوْمَ قَتْلًا" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا" و مَسَحَه اللّٰهُ" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلَانًا: مارنا۔

— عُنُقَه: گلا کاٹنا — الْإِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا — سَیْفَهٗ: تلوار سونتنا — الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا و مِسَاحَةً: پیمائش کرنا (— مَسْحًا و تَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔

مَسَحَ (ف) مُسُوْحًا فِی الْأَرْضِ: جانا۔

مَسِحَ (س) مَسَحًا۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔

مُسِحَ بِالْعِتْقِ او الْكَرَمِ: کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔

مَسَّحَ الشَّیْءَ: پونچھنا۔ مَسَّحَهٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا مَسَّحَ فُلَانًا: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا — الْإِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔ مَاسَحَه مُمَاسَحَةً: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا — هٗ عَلٰی كَذَا: معاہدہ کرنا۔ تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ: غسل کرنا — الشَّیْءَ: پونچھنا۔ و تَمَسَّحَهٗ بِالْمَاءِ او الدُّهْنِ: نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَمَسَّحُ بِهٖ" فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔

تَمَاسَحَا۔ اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوْا عَلٰی كَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا "وَالتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔

اِمْتَسَحَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

المِسْح۔ ٹاٹ۔ کمبل۔ اونی لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط۔ ج اَمْسَاح و مُسُوْح۔

المَسْحَةُ۔ مسح کا اسم مرۃ۔ گیلے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ مَسْحَةٌ مِنْ جَمَالٍ او هَزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔

المَسَح۔ مص۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔

المِسَاحَة۔ صدر یا مَسَحَ الْأَرْضَ کا اسم ہے عِلْمُ الْمِسَاحَة: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔

المَسِیْح۔ تیل لگا ہوا۔ ج مُسَحَاء و مُسْحِی۔ لقب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پینہ۔ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا — مِنَ الدَّرَاهِمِ: گھسا ہوا درہم۔

المَسِیْحِیّ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تابع۔

المَسِیْحَة۔ سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنگھی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَایِح۔

المَاسِح۔ فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے والا۔

المَاسِحَة۔ الصاسِح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مواسح۔

المَسَّاح۔ زمین کی پیمائش کرنے والا۔

المِسِّیْح۔ بڑا سیاح۔

الْأَمْسَح۔ کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا- ہموار تلوے والا- بڑا جھوٹا — مِنَ الْاَرْضِ : ہموار زمین ج اَمَاسِح : بڑا سیاح- کانا- مؤنث مَسْحَاء-

المَسْحَاء- کنکریوں والی ہموار زمین- سرخ زمین- ج المِسَاح والمَسَاحِی : چھوٹے پستانوں والی عورت- کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْيِ-"

التِمْسَح- بڑا جھوٹا- فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا- بڑا سرکش (— والتِمْسَاح) مگر مچھ ج تَمَاسِح وتَمَاسِيح-

المِمْسَح والمِمْسَحَة جس سے پونچھا جائے-

مَسَخَهُ (ف) مَسْخًا- بُری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا-

صفت مفعولی مَسْخٌ و مَسِيخٌ ج مُسُوخٌ — الْكَاتِبُ : لکھنے میں بہت غلطی کرنا — النَّاقَةَ : اُونٹنی کو لاغر کرنا — طَعْمَ اللَّحْمِ : گوشت کو بے مزہ کرنا-

اَمْسَخَ الوَرَمُ : ورم کا تحلیل ہونا-

تَمَسَّخَ الغَزْلُ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا-

اِمَّسَخْتُ وانْمَسَخت العَضُدُ : کم گوشت والا ہونا- اسم المَسَخ-

اِمْتَسَخَ السَّيْفَ : تلوار سونتنا-

المَاسِخِيّ- کمان ساز-

المَسِيخ- بدشکل — مِنَ الطَّعَامِ : بے مزہ یا بے نمک- بیوقوف-

الأُمْسُوخ- ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے-

المَمْسُوخ- مفعم- فَرَسٌ مَمْسُوخٌ : سرین پر کم گوشت والا گھوڑا-

مَسَدَ (ن) مَسْدًا الحَبْلَ : رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا — فِي السَّيْرِ : تھکانا-

مَسَدَ البَطْنُ : پیٹ کا نرم وہموار ہونا-

مَسَّدَ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ : سختی سے ہاتھ پھیرنا-

المَسَد- کھجور کے ریشہ کی رسّی- یا مضبوط بٹی ہوئی رسی- کھجور کا ریشہ- لوہے کا ڈھرا- ج مِسَادٌ و اَمْسَاد-

المِسَاد- شہد کا مشکیزہ- درستگی- کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درستگی تیرے بالوں سے اچھی ہے-

المَمْسُوْد مفعم- رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ : گٹھے بدن کا مرد-

سَاقٌ مَسْدَاء- اچھی ہموار پنڈلی-

مَسَرَهُ (ن) مَسْرًا- کھینچنا اور تنگی سے باہر نکالنا — النَّاسَ : نکتہ چینی کرنا- درغلانا-

مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا — الثَّوْبَ : تر کرنا- پھر نچوڑنا — فُلَانًا بِالسِّيَاطِ : کوڑے سے مارنا — السِقَاء : مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا-

المَاسِط- فا- کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے- ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اُونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے-

المَسِيط- گارا- گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے-

المَسِيطَة- گدلا پانی- تھوڑا پانی بہانے والی وادی-

اَلْمِسَح- شمالی ہوا-

المَسْعِيّ- بہت سیر و سفر کرنے والا مرد-

اَمْسَعَ وامْتَسَعَ الرَّجُلُ : علیحدہ ہونا-

مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا- چمٹنا- متعلق ہونا- بِالنَّارِ : زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا-

مَسُكَ (ک) مَسَاكَةً السِّقَاءُ : مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا-

مَسَّكَ بِهِ : چمٹنا- مَسَّكَهُ : مشک سے خوشبودار کرنا-

اَمْسَكَهُ روکنا- اَمْسَكَ بِهِ : چمٹنا — الشَّيْءَ عَلَى نَفْسِهِ : اپنے لیے حفاظت کرنا — اللّٰهُ الْغَيْثَ : بارش روکنا — عَنِ الْاَمْرِ : رکنا- باز رہنا — عَنِ الْكَلَامِ : خاموش رہنا-

تَمَسَّكَ و تَمَاسَكَ وامْتَسَكَ بِهِ : چمٹنا- اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا- "وَ غَشِيَنِي اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجدہ معاملہ آ پڑا اس لیے میں رک گیا- "وَمَابِهِ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَكَ فِي الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہرا رہا-

اِسْتَمْسَكَ بِهِ : چمٹنا — عَنْ كَذَا : باز رہنا — بَوْلَهُ : پیشاب بند ہونا — الرَّجُلُ عَلَى رَاحِلَةٍ : جم کر بیٹھنا-

المَسْك- مہ- کھال- ج مُسُك و مُسُوك- ایک ٹکڑے کو "مَسْكَة" کہتے ہیں-

المَسَك- پانی روکنے کا بند- زمین کے طبقات- ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب- کچھوے کی کھال- مچھلی کی ہڈی- واحد مَسَكَةٌ-

المُسْك- بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل-

المِسْك- مشک- کستوری- یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ المِسْك کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَة کہتے ہیں- ج مِسَك- مِسْكُ البَرِّ و مِسْكُ الجِنِّ : دو قسم کی نباتات- لفظ مِسْك فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں-

المُسْكَة- جس سے تعلق کیا جائے- بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی- عقل تام ورائے کامل- سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسُك- کہا جاتا ہے "مَافِيهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَيْسَ لِاَمْرِهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے- "وَفِيهِ مُسْكَةٌ مِنْ خَيْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے- "وَمَافِي سِقَائِهِ مُسْكَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں-

المُسْكَة و المُسْكَة- بخل-

المُسَكَة- بخیل- وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے- وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو- ج مُسُك-

المَسَاك- پانی روکنے کا بند- بخل-

المِسَاك- بخل- روکنے والی چیز- تلوار وغیرہ کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دستہ اور کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔

المَسَاكَة والمِسَاكَة۔ بخل۔

المَسَاكَات۔ وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔

المُسْكَان۔ بیعانہ۔ ج مَسَاكِيْن۔

المِسْكِيْن والمَسْكَنَة۔ دیکھو مادہ س ک ن۔

المُسْك والمَسَاك والمُمْسِك۔ بخیل۔

المَسِيْك ج مُسُك والمِسْيَك۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِيْك ومِسْيَكٌ" "مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وما فِيْهِ مَسِيْك" اس کے اندر خیر نہیں۔

الإمْسَاك۔ مص۔ بخل۔

المَسِيْكَةُ والأَرْضُ المَسِيْكَةُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔

المَسِيْكَةُ والمِسْكِيَّةُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

مَسَلَ (ن) مَسْلاً المَاءُ: پانی بہنا۔

اِمْتَسَلَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المَسَل۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَةٌ ومُسُلٌ مُسْلَانٌ ومَسَائِل۔

مُسَالاً الرَّجُلِ: مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔

مَسَالَةُ الْوَجْهِ: حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔

المَسِيْل۔ بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ تر ٹہنی۔ ج مُسُل و اَمْسِلَة۔ مَسِيْلُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔

مَسْمَسَ مَسْمَسَةً ومِسْمَاسًا الأَمْرُ: مختلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَمْرٍ فِيْ مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔

مُسْمِس الرَّجُلُ: جنوبی کیفیت لاحق ہونا۔

المَسْمَاس۔ ہلکا۔

مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: بے باک ہونا۔ ةٌ: مارتے مارتے گرا دینا — الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: کھینچنا۔

مَسَا يَمْسُوْ مَسْوًا۔ الحِمَارُ: گدھے کا اڑنا (— ومَشَى تَمْسِيَةً) الرَّجُلُ: کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔

مَسَاهُ مُمَاسَاةً۔ محول کرنا۔

اِمْتَسَى اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

المَسَاء ج اَمْسِيَة والمُسْى والمِسْيٰ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الأُمْسِيَّة۔ شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ أُمْسِيَّةَ أَمْس" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

المُمْسَى۔ مص۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسَى يَمْسِيْ مَسْيًا الشَّيْءَ: ہاتھ سے پونچھنا — الْحَرُّ المَاشِيَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا — السَّيْفَ: تلوار سونتنا — الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسَى و تَمَسَّى الشَّيْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسَى اِمْتِسَاءً۔ پیاسا ہونا۔

المَاسِي۔ فا۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے۔

رَجُلٌ مَاسٍ: ہلکا پھلکا مرد۔

التَّمَاسِي۔ مص۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا العَظْمُ: ہڈی کے اطراف کو چوسنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ دینا۔ سارا دودھ دوہنا — مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا — يَدَهُ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا — فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا — الشَّيْءَ: پانی میں حل کرنے کیلئے ہلانا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ العَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ العَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّيْءُ: حاصل ہونا۔

اَمْشَشَ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا — مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لے لینا — مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا — العَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا — المُتَغَوِّطَ: پاخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

المُشَاش۔ مُشَاشَة کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ المُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے و مُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و حضر کے خدام۔

المُشَاشَة۔ نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے اہل رہے ہوں۔ ج مُشَاشٌ۔ مُشَاشَة القَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

المَشّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهُ هَشًّا مَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

المَشَش۔ سفیدی جو اونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الأَمَشُّ۔ مِنَ الإِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اونٹ۔ مؤنث مَشَّاء ج مُشٌّ۔

المَشُوْش۔ ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال، تولیہ وغیرہ۔

مَشَّجَهُ (ن) مَشْجًا بِكَذَا: ملانا۔ کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَيْنَهُمَا"

المَشْج والمَشِيْج والمَشِيْج مخلوط ج اَمْشَاج۔ الأَمْشَاج: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا — السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا۔ اترانا۔ اکڑ باز ہونا۔ مَشِرٌ و مَشَرٌ و اَمْشَرُ و تَمَشَّرُ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا مَشَّرَهُ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّيْءَ: تقسیم کرنا و اَمْشَرَ الرَّجُلُ کھل کر دوڑنا — بَدَنَهُ: بدن کا پھولنا — الأَرْضُ: سبزی اگانا۔ و تَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِأَهْلِهِ شَيْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لیے لباس خریدنا — الشَّجَرُ: سرسبز ہونا — القَوْمُ:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کپڑے پہننا۔
اِمْتَشَرَ الرَّاعِیْ وَرَقَ الشَّجَرِ : چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔
المِشْرِ مِنَ الرِّجَالِ : سخت سرخ مرد۔
المَشَر۔ نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهُ مَشَرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔
المَشْرَة۔ نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے' نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَشْرَةٌ غِنًى" یعنی اس کے اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔
مَشْرَةُ الْاَرْضِ و مَشَرَتُهَا۔ سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔
اَرْضٌ مَاشِرَةٌ۔ بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔
الْاَمْشَر۔ چست وچالاک۔
المَوْشُوْر۔ دیکھئے مادہ وش ر۔
مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا و مَشَّطَ الشَّعْرَ بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیْءَ : ملانا — البَعِیْرَ : اُونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔
مَشِطَت (س) مَشَطًا یَدُهُ : کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا ( — و مَشَّطَت) النَّاقَةُ : دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔
اِمْتَشَطَ۔ کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَت الشَّعْرَ : کنگھی کرنا۔
المُشْط والمَشْط والمِشْط والمُشُط والمَشِط والمُشُطّ۔ کنگھی ج اَمْشَاط و مِشَاط۔
المُشُط۔ کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اُونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والمُشْط ایک دریائی مچھلی جس کو مُلَطِّیٌ بھی کہتے ہیں۔
المِشْطَة۔ مَشَطَ کا اسم نوع۔
المُشَاطَة۔ مَشَّاطہ گری۔
المُشَاطَة۔ کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔
المَشَّاط۔ شانہ ساز۔
المَاشِطَة و المَشَّاطَة۔ کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔
المَشِیْط۔ کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِیْطٌ وَلِمَّةٌ مَشِیْطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔
المِمْشَط۔ کنگھی۔
المَمْشُوْط۔ مضـ۔ رَجُلٌ مَمْشُوْطٌ : پتلا و لمبا مرد۔
مَشِظَ (س) مَشْظًا و مَشَظًا۔ پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ یده : یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَت الدَّابَّةُ : گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔
مَشَظَ (ن) مَشْظًا۔ البَلَدَ : شہر کو اقامت کے لیے پسند کرنا — فُلَانًا : کچھ لے لینا۔
المَشْظ و المِشْظة۔ پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلائی کو مضبوط کرنے کا پیچ۔
المَشْظَة : مشظ کا اسم مرة — مِنَ الْاَخْبَارِ مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔
قَنَاةٌ مَشِظَةٌ۔ نیا سخت نیزہ کہ جو لے اسی کا ہاتھ چھل جائے۔
مَشَعَ (ف) مَشْعًا الشَّیْءَ : کمانا۔ اُچک لینا — القُطْن : روئی توڑنا — الْغَنَمَ : بکری دوہنا — بِبَوْلِهٖ : پیشاب کرنا — فُلَانًا بِالْحَبْلِ وَغَیْرِهٖ : رسی وغیرہ سے مارنا — الرَّجُلُ : آہستہ چلنا۔
مَشَّعَ الشَّیْءَ : صاف کرنا۔ پونچھنا — القَصْعَةَ : پیالہ میں سے سب کھالینا۔
اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِهٖ : چھین لینا۔
مَافِی الضَّرْعِ او مَدِّفِی یَدِ فُلَانٍ : سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔ السَّیْفَ : جلدی سے سونتنا ( — و تَمَشَّعَ) الرَّجُلُ : اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔
المِشْعة والمَشِیْعَة۔ توی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔
المَشُوْعُ۔ بہت کمائی کرنے والا — ذِئْبٌ مَشُوْعٌ : بہت اچکنے والا بھیڑیا۔
مَشَعَه (ف) مَشْعًا۔ مارنا۔ عیب لگانا — الرَّجُلُ : ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔
مَشَّعَ الثَّوْبَ : گیرو سے رنگنا — عِرْضَ فُلَانٍ : آبرو میں داغ لگانا۔
المِشْغ۔ گیرو۔
المِشْغة۔ بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔
مَشَقَ (ن) مَشْقًا۔ جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا — هُ بِالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْر : بالوں میں کنگھی کرنا — الْكَتَّانَ و نَحْوَهٗ : رانچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّیْءَ : دراز ہونے کیلئے کھینچنا — الثَّوْبَ : کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا — النَّاقَةَ : اُونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا — فِی الْكِتَابَةِ : بڑے بڑے حروف لکھنا' لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوْا رِحَالَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔
مُشِقَ مَشَقًا۔ پتلا و لمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ و مَشِیْقٌ و مُمْشُوْقٌ۔
مَشِقَ (س) مَشَقًا۔ رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ و اَمْشَق اور اسم المُشْقَة۔
مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً۔ گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
مَاشَقَهُ الشَّیْءَ : کسی سے چیز کو کھینچنا۔
اَمْشَقَهٗ بِالسَّوْطِ : کوڑا مارنا اَمْشَقَ الثَّوْبَ : گیرو سے رنگنا۔
مَشَّقَ تَمْشِیْقًا الْاِبِلَ الْكَلَاَ : اُونٹ کو گھاس چرانا۔
تَمَشَّقَ الثَّوْبُ : کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا — الْغُصْنُ : ٹہنی کا چھلنا — اللَّیْلُ : رات کا ختم ہونا۔
اِمْتَشَقَ۔ چھین لینا۔ اچک لینا — مَا فِی الضَّرْعِ : سارا دودھ دوہنا — السَّیْفَ تلوار سونتنا — فِی الشَّیْءِ : داخل ہونا — الْكَتَّانَ : رانچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا — الشَّیْءَ : اپنے لیے لینا — مَا فِی یَدِ الرَّجُلِ : سارا لے لینا۔
المَشْق۔ مصـ۔ گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ قَدِّهٖ مَشْق" اس کے قد میں لمبائی اور پتلاپن ہے۔
المِشْقَه و المُشَاقَة۔ رانچھ کا نکلا ہوا خراب و ردی حصہ۔ المِشْقَة : روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق۔
المُشْقَة۔ نئے کپڑے کی دھجی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَشِيّ۔ پہنا ہوا کپڑا — مِنَ الْخَيْلِ ڈبلا گھوڑا۔
المَاشِق۔ فا۔ ج مُشِق۔
قَلَمٌ مَشَّاق۔ تیز چلنے والا قلم۔
ثَوْبٌ مِشَق و مُمَشَّق و اَمْشَاق۔ گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔
المَشْقَة۔ مَشَقَ کا اسم مرۃ۔ جانور کی ٹانگ میں رسی کا نشان۔
المَمْشُوق۔ مفہ۔ کم گوشت کا مرد۔
مِنَ الْخَيْلِ: ڈبلا گھوڑا — مِنَ الْقُضْبَان: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے "قَدْ مَمْشُوقٌ" لمبا پتلا قد۔ مؤنث مَمْشُوقَةٌ۔
التَمَاشِق۔ جھگڑا۔
المِمْشَقَة۔ رانجھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق۔
مَشَلَ (ن) مُشُولاً لَحْمُهُ: گوشت کم ہونا (— مَشْلاً) اللَّبَنُ: دودھ کم دوہنا (— و اِمْتَشَلَ) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
المَاشِل و المَمْشُوْل۔ ڈبلا پتلا۔ کم گوشت۔
المَشَل۔ کم دوہائی۔
المِمْشَل۔ نرمی سے دوہنے والا۔
المِشْلَوْز۔ میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْز سے مرکب ہے)
المِشْمِش۔ زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَةٌ۔
مَشَنَه (ض) مَشْنًا۔ خراش لگانا۔ مَشَنَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا — هُ بِالسَّيْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الْجَارِيَة: جماع کرنا (— و اِمْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا۔ صفت مَاشِن۔ ج مُشَّن۔ و اِمْتَشَنَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا — الشَّيْءَ: اُچک کر اپنے لئے لے لینا — لَوْبَهُ: کپڑا چھین لینا۔
مَشَّنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَّرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
المِشَان و المُشَان۔ ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔
اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشَى بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔
المَشْو و المَشُو و المَشِيُّ و المَشَاء۔ دست آور دوا۔
مَشَى (ض) مَشْيًا و تِمْشَاءً۔ چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا — زَيْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْيَة (— مَشَاءٌ) الْمَزْأَةُ او الْمَاشِيَةُ: بہت بچوں والی ہونا — بِالنَّمِيْمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔
مَشْي تَمْشِيَةً۔ چلنا — الرَّجُلَ: چلانا۔
اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (— و اِمْتَشَى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔
مَاشَاهُ مُمَاشَاةً۔ ساتھ چلنا۔
تَمَشَّى۔ چلنا۔
تَمَاشَيَا۔ باہم مل کے چلنا۔
المِشْيَة۔ چال۔
المَشِيَّة۔ ارادہ۔ خواہش۔
المَاشِي۔ فا۔ ج مُشَاة و مَاشُوْن۔ چوپائے والا۔
المُشَّاة: چغلی کھانے والے — مِنَ الْعَسْكَرِ: پیدل دستہ۔
المَاشِيَةُ۔ مَاشِي کا مؤنث۔ مویشی۔ ج مَوَاشٍ۔
المَشَّاء۔ بہت چلنے والا: چغل خور۔
المَمْشَى۔ چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ۔
مَصَّ۔ (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا۔
اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔
المَصّ۔ مہ۔ قَصْبُ المَصِّ: گنا۔
المُصَّة و المُصَاص مِنَ الشَّيْءِ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ المُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
المُصَاصَة۔ جو چیز چوسی جائے۔
المَصَّاص۔ بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔
المَصَّان۔ کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔ المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔
المُصَّان۔ گنا۔
المَصُوْص۔ پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔
المَصِيْصَة۔ پیالہ۔
مَصِيْصُ الثَّرَى: نمناک مٹی یا ریت۔
المِمَصّ۔ چوسنے کا آلہ۔
مَصَتَ (ن) مَصْتًا الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔
مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوْحًا الشَّيْءُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا — بِالشَّيْءِ: لے جانا۔
مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔ مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا — النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا — الْكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا — لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ (ف) و مَصِحَ (س) مَصَحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح۔
مَصَحَ و مَصَّحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔
المُصَاحَات۔ اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔
مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّيْءَ: کھینچنا۔
تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّيْءَ: کھینچ کر نکالنا۔
و اِمْتَصَخَ الشَّيْءُ عَنِ الشَّيْءِ: جدا ہونا۔
اِمْتَصَخَ الْوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔
الأُمْصُوْخَة۔ بردی کا سفید گودا۔ تمام اور نمی کے پتے ج اُمْصُوْخ و اَمَاصِيْخ (بردی، تمام اور نمی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)
المَصُوْخَة۔ بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔
المُصَّاخ۔ ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔
مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا — الشَّيْءَ: چوسنا۔
الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔
المَصَاد بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان۔
المَصْد و المَصَد۔ گرمی کی شدت۔ سردی کی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



زیادتی-بادل کی گرج-بارش-بلند پشتہ-
المَصْدَۃ-بارش-
مَصَرَ (ن) مَصْرًا- النَّاقَۃَ : اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا-
مَصَّرَ الْعَطِیَّۃَ : بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا
مَصَّرَ الْمَکَانَ : شہر بنانا — الثَّوْبَ : گیرو سے رنگنا-
تَمَصَّرَ الْمَکَانُ : شہر ہونا — الشَّیَّ او الْعَطَاءُ : کم ہونا — الْقَوْمُ : پراگندہ ہونا — الشَّیَّ : پیچھا کرنا- تلاش کرنا ( — وامْتَصَرَ) النَّاقَۃَ :اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا-
الْمَاصِر- فا- دو چیزوں کے درمیان روک
نَاقَۃٌ او شَاۃٌ مَاصِرٌ : کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے-
الْمِصْر- دو چیزوں کے درمیان روک- دو ملکوں کے درمیان کی سرحد- شہر- گوشہ- ج اَمْصَار و مُصُوْر و مِصْر : ملک مصر- الْمِصْرَان :کوفہ وبصرہ-
الْمِصْرِیّ- منسوب اِلٰی مِصْر- مصر کا رہنے والا- مؤنث مِصْرِیَّۃٌ ج مَصَارٍ و مَصَارِیّ- کہا جاتا ہے حُمُرٌ مَصَارٍ و مَصَارِیّ-
الْمَصُوْر مِنَ الْاِبِلِ او الشَّاءِ : وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے- ج مِصَار و مَصَائِر و عَطَاءٌ مَصُوْرٌ : تھوڑا عطیہ-
الْمَصِیر- آنت- ج اَمْصِرَۃٌ و مُصْران- ج مَصَارِیْن-
الْمُمَصَّر- گیرو سے رنگا ہوا-
الْمُمَصَّرَۃ- الْمُمَصَّر کا مؤنث- کتے ہوئے سوت کا گولا-
مَصْطَکَ الدَّوَاءَ :دوا میں مصطگی ملانا-
الْمَصْطَکَی و الْمُصْطَکَی و الْمُصْطَکَاء مصطگی-ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)
مَصَعَ (ف) مَصْعًا الْبَرْقُ : بجلی کا چمکنا — الدَّابَّۃَ بِذَنَبِهَا : چوپایہ کا دم ہلانا — فُلَانًا : کوڑا وغیرہ مارنا — الْفَرَسُ : آہستہ سے گزرنا — الطَّائِرُ بِذَرْقِهٖ : پرندہ کا بیٹ کرنا — الْمَرْاَۃُ بِالْوَلَدِ :بچہ گرا دینا — فُؤَادُ فُلَانٍ :جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا — ۃُ : ملنا ( —
مَلِقَهُ (س) مَلَقًا و مَلِقَ لَهُ و مَالَقَهُ۔ چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الْخَاتِمُ مِنَ الإِصْبَعِ: ڈھیلی ہونا۔

مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّيْءَ: مٹانا۔ نرم کرنا ——— الثَّوْبَ: کپڑا دھونا ——— هُ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الْوَلَدُ أُمَّهُ: دودھ پینا ——— الرَّجُلُ: تیز چلنا ——— الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ مَلَقَ الأَرْضَ او الْحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا ——— هُ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔

مَلِقَ۔ محتاج ہو جانا ——— الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ ——— الدَّهْرُ مَالَهُ: ضائع کر دینا۔

تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا و تَمَلاَّقًا۔ الرَّجُلَ و لِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ الْمَرْأَةُ الْعِلْكَ بِفِيْهَا: چبانا۔

اِنْمَلَقَ و اِمَّلَقَ۔ نرم و چمکدار ہونا ——— مِنْهُ: پیچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الْخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔

اِمْتَلَقَ الشَّيْءَ: نکالنا۔

اِسْتَمْلَقَ الْوَلَدُ أُمَّهُ: دودھ پینا۔

المَلَق۔ مص۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الْفَرَسِ مَلَقٌ۔" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔

المَلِق و المَلاَّق۔ بہت چاپلوسی کرنے والا۔

المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَةٌ۔

المَلِيْق۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِيْقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔

المَلَقَة۔ چکنا پتھر۔

المَالِق و المِمْلَق و المِمْلَقَة۔ ہنگا۔ المَالِق: کرنی۔ (دخیل)

المِمْلاَق۔ بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔

مَلَكَ (ض) مَلْكًا و مِلْكًا و مُلْكًا و مَلَكَةً و مَمْلَكَةً و مَمْلِكَةً و مُمْلَكَةً الشَّيْءَ: مالک ہونا ——— عَلَى الْقَوْمِ: غالب ہونا ——— عَلَى فُلاَنٍ أَمْرَهُ: کسی کے کام پر حاوی ہونا ——— نَفْسَهُ: قابو رکھنا ——— الْمَرْأَةَ: نکاح کرنا (——— مُلْكًا) الْعَجِيْنَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔

مَلَّكَ الشَّيْءَ: مالک بنانا۔ مَلَّكَ الْقَوْمَ فُلاَنًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا ——— هُ امْرَأَةً: نکاح کرانا۔ مَلَّكَ فُلاَنًا أَمْرَهُ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ مُلِّكَتِ الْمَرْأَةُ أَمْرَهَا: طلاق کا اختیار دے دینا۔

مَلَّكَ الْعَجِيْنَ: اچھی طرح گوندھنا۔

أَمْلَكَهُ الشَّيْءَ: مالک بنانا۔ أَمْلَكَ الْقَوْمُ فُلاَنًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا ——— فُلاَنًا أَمْرَهُ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ——— هُ الْمَرْأَةَ: نکاح کرانا۔

تَمَلَّكَ و اِمْتَلَكَ الشَّيْءَ: مالک ہونا۔

تَمَلَّكَ عَلَى الْقَوْمِ: بادشاہ بننا۔

تَمَالَكَ عَنْ كَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ أَنْ فَعَلَ او عَنْ أَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔

المَلِك۔ بادشاہ۔ ج مُلُوْك و أَمْلاَك۔

المُلْك۔ ملکیت۔ ج أَمْلاَك و مُلُوْك۔ قدرت کاملی مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔

مُلْكُ الدَّابَّةِ: چارپائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔ واحد مِلاَك۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ مُلْكٌ و مَالَهُ مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْك يَمِيْنِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "وَلَيْسَ لَهُ مُلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَأَعْطَانِي مِنْ مُلْكِهِ" اس نے مجھ کو اس میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وَطَالَ مُلْكُهُ اس کی غلامی طویل ہے "وَمُلْكُ الطَّرِيْقِ" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔

المَلَك۔ فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ مَلَكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔

المَلاَك۔ مَلاَك کا مخفف۔ بمعنی فرشتہ۔ ج مَلاَئِكَة و مَلاَئِك۔ المَلاَك۔ اقتدار۔ و مَلاَكُ الأَمْرِ: سہارا۔ سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے الْقَلْبُ مَلاَكُ الْجَسَدِ: دل جسم کے لیے سرمایۂ بقا ہے۔

المِلاَك۔ مٹی۔ مِلاَكُ الأَمْرِ: سہارا۔ سرمایۂ بقا۔

المَلِك۔ اللہ تعالیٰ۔ بادشاہ۔ صاحب قوت و اقتدار۔ ج مُلُوْك و أَمْلاَك۔

المَلَكِيّ۔ مَلِك کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَكِيَّة۔

المَمْلَكَة المُلْكَة: ملکیت۔

المَلَكَة۔ ملکیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَلَكَة يَمِيْنِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَكَة: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کہتے ہیں۔
المَالِک۔ فا۔ بادشاہ۔ ج مُلَّک و مُلاَّک۔ ابو مالک : بھوک یا بڑھاپا۔ مَالِكُ الْحَزِين : بگلا۔
المَلاَکَة و المِلاَکَة و المُلْوکَة۔ ملکیت۔
المَلَکُوْت۔ بادشاہی۔ عزت و قدرت۔
المَلَکُوْتُ السَّمَاوِی : آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔
المَمْلَکَة و المَمْلُکَة۔ شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِک۔
المَلِیْک۔ بادشاہ۔ ج مُلَکَاء۔ مَلِیْكُ النَّحْلِ : شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوْک۔
المُلَیِّکَة۔ صحیفہ۔
الأَمْلُوْک۔ اسم جمع ہے بمعنی مُلُوْک۔ ایک ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔
المَمْلُوْک۔ مفہ۔ غلام۔ ج مَمَالِیْک۔ اور اسی سے ہے مَمَالِیْک مِصْر جو چر کسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آگئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی۔
مَلْمَل۔ تیز دوڑنا۔ مَلْمَلَهُ الْمَرَضُ : مضطرب کرنا۔
تَمَلْمَل۔ غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا —— الْجَالِسُ : کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔
المَلْمَلَة۔ مہ ہاتھی کی سونڈ۔
المُلْمُوْل۔ سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ۔ مُلْمُوْلُ الْبَعِيْرِ و الثَّعْلَبِ : اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔
المَلْمَلِی۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ مَلْمَلِی : تیز رفتار اونٹنی۔
المَلْنَخُوْلِیَا۔ ماہیخولیا۔
مَلاَ یَمْلُوْ مَلْوَا الْبَعِيْرُ : اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔
مَلاَّهُ اللّٰهُ عُمْرَهُ : عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلاَّهُ اللّٰهُ حَبِيْبَهُ : اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔
مُلِّیَ و تَمَلّٰی عُمْرَهُ : عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُلِیَ و تَمَلّٰی حَبِيْبَهُ : اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلٰی اِمْلاَءً۔ اللّٰهُ فُلاَنًا عمره : عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا —— الْبَعِيْرَ و لِلْبَيْعِ : بند ھن کو ڈھیلا کرنا —— اللّٰهُ الظَّالِمَ وَلَهُ : مہلت دینا —— عَلَيْهِ الْكِتَابَ : بول کر لکھوانا۔
—— لَهُ فِیْ غَيِّهِ : گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔
—— عَلَيْهِ الزَّمَنُ : لمبا ہونا۔
اِسْتَمْلَيْتُهُ الْكِتَابَ : املا کرنے کی درخواست کرنا۔
المَلاَ۔ جنگل۔ کشادہ زمین۔ گرم راکھ۔ زمانہ دراز۔ ج اَمْلاَء۔
المَلْوَان۔ رات دن۔ واحد ملا۔
المَلاَوَة و المَلْوَة۔ بتثليث الميم : زمانہ دراز۔
المَلِیُّ۔ زندگی کی مدت۔
الإِمْلاَء۔ مہ۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِیّ۔
المَلاَة۔ شتر یزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلاً۔
المَلِیُّ۔ زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرْتُهُ مَلِيًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "و مَرَّ مَلِیٌّ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا نصف حصہ گزر گیا۔ اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین ہیں۔
الأَمَالِی۔ املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْلَی الْكِتَابَ کے مصدر الاَمْلاَء کی جمع ہے۔
المَلْيُوْن فِی الْعَدَدِ : دس لاکھ۔ ج مَلاَيِيْن۔
مِم۔ مرکب ہے من وما استفہامیہ سے۔
المَامُوْس و المَامُوْسَة۔ آگ۔ آتش دان۔
المَامُوْسَة : بدزبان بیوقوف عورت۔
مِنْ۔ حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔
(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرَضَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔
(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَيْرُوْتَ۔
(۳) تبعیض۔ جیسے مِنْهُمْ مَنْ اَحْسَنَ و مِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ۔
(۴) تعلیل۔ جیسے مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ اُغْرِقُوْا۔
(۵) بدل۔ جیسے اَتَرْضَوْنَ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ۔
(۶) مرادف با جیسے يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ۔
(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ۔
(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کیلئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِی مِنْ رَجُلٍ" "و بَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَا فِی الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔
مَنْ۔ اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا يُجْزَ بِهٖ اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰی۔ اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کیلئے ہوتا ہے۔ جیسے يَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ : نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَكَ۔
مَنَّ (ن) امْتَنَّ و مِنَّنِی عَلَيْهِ بِكَذَا : بھلائی کرنا۔
مَنَّ (ن) امْتَنَّ و اِمْتَنَّ و اِمْتَنَانًا۔ عَلَيْهِ بِمَا صَنَعَ : احسان جتانا۔ و اِمْتَنَّ عَلَيْهِ بِكَذَا : بھلائی کرنا۔ و اِمْتَنَّ فُلاَنًا : فلاں کے انتہائی چیز پہنچنا۔
مَنَّ (ن) مَنًّا و اَمَنَّ و تَمَنَّنَ الرَّجُلُ : کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ : کاٹنا۔ مَنَّ الشَّیْءَ : کم ہونا —— النَّاقَةَ : سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلاَنٌ فُلاَنًا و تَمَنَّنَ عَلَيْهِ : احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔
مَنَّنَ تَمْنِيْنًا النَّاقَةَ و بِهَا : اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔
مَانَّةٌ مُمَانَّةٌ۔ کسی کی حاجت روائی کے لیے آنا جانا۔
اِسْتَمَنَّهُ۔ طالب احسان ہونا۔
المَنُّ۔ مہ۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ : وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ المَنُّ دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المُنَّة۔ قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن۔

المِنَّة۔ مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ مِنَّةٌ او مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ المِنَّة۔ اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے المِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيْعَةَ احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن۔

المِنَنَة۔ مکڑی۔ مادہ سمجھی۔

المَنُوْن۔ موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ الْمَنُوْنُ" موت نے ان کو تباہ و برباد کر دیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ الْمَنُوْنِ۔ حوادث زمانہ۔

المَنُوْن و المَنُوْنَة۔ بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔ المَنُوْنَة: مکڑی۔

المَنَّان۔ بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَةٌ۔

المَنِيْن۔ کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنَن و اَمْنَة۔

المَمْنُوْن۔ مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَهُ"۔

مَنَا (ف) مَنَا الْجِلْدَ: کھال کو دباغت دینا ——— فُلَانًا: فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِيْئَة۔ کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمْنَاة۔ کالی زمین۔

المَنْجَنِيْق و المَنْجَلِيْق۔ جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِيْق و مَجَانِيْق و مَنْجَنِيْقَات۔

مَنَحَهُ (ف ض) مَنْحًا الشَّيْءَ: دینا۔ عطا کرنا ——— هُ النَّاقَةَ و كُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اُٹھانے کیلئے دینا۔ صفت مفعول المِنْحَة و المَنِيْحَة۔ ج مِنَحٌ و مَنَائِح۔

مَانَحَهُ مَنَاحًا و مُمَانَحَةً: لگاتار عطیہ دینا۔

مَانَحَتِ الْعَيْنُ: لگاتار آنسو بہانا ——— النَّاقَةُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا۔ اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ الْمَنِيْحَ: عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ الْمَالَ: دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَهُ۔ عطیہ طلب کرنا۔

المِنْحَة۔ عطیہ۔ ج مِنَح۔

المَنَّاح۔ بہت دینے والا۔

المَنُوْح۔ جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَنِيْح۔ جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِح۔ جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ: لگاتار بارش۔ رِيْحٌ مُمَانِحٌ: ہوا جس کی بارش نہ رُکے۔

مُنْذُ وَمُذْ۔ کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو من کے معنے میں جیسے "مَا رَاَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الْاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنے میں جیسے "رَاَيْتُهُ مُذْ شَهْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں۔ اور اگر معنی معدود ہوں تو مِنْ اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَاَيْتُهُ مُذْ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَا رَاَيْتُهُ مُذْ يَوْمَانِ" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کر دیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے اور اصل یوں ہے مُذْ كَانَ يَوْمَانِ۔

اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَا زِلْتُ اَبْغِي الْمَالَ مُذَانَا يَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْيَوْم۔ اگر اصل میں ضمہ نہ ہو تا تو کسرہ دیتے۔

المَنْسَة۔ کہن سال۔

المَنَس۔ خوشی۔

مَنَعَهُ (ف) مَنْعًا و مَنَّعَهُ الشَّيْءَ و مِنْهُ و عَنْهُ: محروم کرنا۔ روکنا ——— هُ الْقَاضِي عَنِ الْمِيْرَاثِ: روکنا ——— هُ عَنِ الدَّعْوٰى: باز رکھنا۔ منع جَارَهُ: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔

مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً و مَنَاعًا: قوی ہونا۔

——— الْحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا ——— الشَّيْءُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِيْع۔

مَانَعَهُ۔ حمایت کرنا ——— هُ الشَّيْءَ: جھگڑا کرنا اور منع کرنا۔

تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ عَنِ الشَّيْءِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّيْءُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ بِقَوْمِهٖ: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔

تَمَانَعَا: باز رہنا ——— عَنْ اَنْفُسِهِمَا: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔

المَنْع۔ مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔

رَجُلٌ مَنِعٌ۔ اپنے نفس کو باز رکھنے والا مرد۔

المَنَعَة۔ عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَات" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔

المَنْعَة و المِنْعَة۔ قوت۔ شوکت۔

المَنَاعَة۔ مص۔ ——— فِي الطِّبِ: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔

المَانِع ج مَانِعُوْن و مَنَعَةٌ: فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع: روکنے والا۔

مَنَاع۔ اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔

المَنُوْع و المَنَّاع۔ بہت زیادہ منع کرنے والا۔

المَنَّاع: کنجوس۔ بخیل۔

المَنْهِي۔ اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔

المَنِيْع۔ غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِيْعَة۔ حِصْنٌ مَنِيْعٌ: بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مَنَا يَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلُ : آزمائش کرنا- صفت مفعول مَمْنُوٌّ بِكَذَا-

المَنَا- پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل- مثنی مَنَوَان و مَنَيَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ و مُنِيٌّ اور اسی معنی میں المَنَاة بھی ہے- کہا جاتا ہے "دَارِيْ مَنَا دَارِهٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے-

مَنَاة- مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام-

المُنْوَة- آرزو-

مَنٰى يَمْنِيْ مَنْيًا اللّٰهُ الْخَيْرَ لِفُلَانٍ : مقدر کرنا- مَنَاهُ : آزمائش کرنا- کہا جاتا ہے مَنَاهُ اللّٰهُ بِكَذَا یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے-

مُنِيَ لِكَذَا : توفیق دیا جانا —— بِكَذَا : آزمائش کیا جانا-

مَنَّى تَمْنِيَةً الرَّجُلَ الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ : آرزو دلانا-

مَانَى مُمَانَاةً الرَّجُلَ : مدارات کرنا- مہلت دینا اور انتظار کرنا- بدلہ دینا —— الرَّفِيْقَ : باری باری سوار ہونا-

اَمْنَى إِمْنَاءَ الدِّمَاءَ : خون بہانا- گرانا ——

الحَاجُّ : حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا-

اَمْنَى : منی گرانا-

اِسْتَمْنَى بِالْيَدِ : جلق لگانا- بغیر جماع کے منی نکالنا-

امْتَنَى إِمْتِنَاءً الشَّيْءَ : جھوٹ گھڑنا ——

الحَاجُّ : حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا-

تَمَنَّى الشَّيْءَ : ارادہ کرنا —— الْكِتَابَ : پڑھنا —— الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا —— الحَدِيْثَ : جھوٹی بات گھڑنا-

المَنِيَّة ج مَنَايَا و المَنًى- موت- المَنٰى : ارادہ- تقدیر الٰہی- تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَى اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں- اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّيْ بِمَنًى مِيْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے-

المُنْيَة و المُنِيَّة ج مُنًى و مِنًى و الأُمْنِيَّة ج اَمَانٍ و اَمَانِيُّ : آرزو- مطلوب- الأُمْنِيَّة : جھوٹ-

المُتَمَنِّيَات- تمنائیں-

مَهْ- اسم فعل مبنی علی السکون- بمعنی رک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَهِ-

مَهَّ(ن) مَهَّ الْإِبِلَ : اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا-

مَهِهَ(س) مَهَهًا الشَّيْءُ : نرم ہونا-

المَهَاهُ- نرمی' تازگی- خوبصورتی- خوبصورت( —— و المَهَهُ) سیر و سفر کا ساتھی- امید- المَهَه : رفق- نرمی-

المَهْتَر و المِهْتَار- امیر- والی- (دخیل)

مَهِجَ (ف) مَهْجًا بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا —— الْوَلَدُ اُمَّهٗ : دودھ پینا —— الْجَارِيَةَ : جماع کرنا-

اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ : خون کھینچ لیا جانا-

المَاهِج- فا- خالص دودھ- پتلا دودھ یا چربی-

المِهْجَة- خون یا دل کا خون- روح- و مُهْجَة كُلُّ شَيْءٍ : ہر چیز کا بہتر اور خالص- ج مُهَج و مُهَجَات-

الأُمْهُج و الأُمْهُوج و الأُمْهُجَاج : خالص دودھ-

کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْهُوْجُ الْبَطْنِ : ڈھیلے پیٹ کا مرد-

مَهَدَ(ف) مَهْدًا الْفِرَاشَ : بستر بچھانا- لِنَفْسِهٖ : کمائی کرنا- کام کرنا-

مَهَّدَ الْفِرَاشَ : بستر بچھانا —— الْأَمْرَ : درست و ہموار کرنا —— لَهُ الْعُذْرَ : عذر خواہی کرنا —— لِفُلَانٍ عُذْرَهٗ : قبول کرنا —— لِنَفْسِهٖ خَيْرًا : اپنے لیے بھلائی مہیا کرنا-

تَمَهَّدَ الْفِرَاشَ : بستر بچھانا —— لَهُ الْأَمْرُ : آسان ہونا —— الرَّجُلُ : قادر ہونا-

اِمْتَهَدَ الشَّيْءُ : بچھنا —— الرَّجُلُ : کمائی کرنا' کام کرنا-

اِسْتَمْهَدَ فِرَاشًا : بستر بچھانا-

المَهْد- گہوارہ- پست زمین ج مُهُوْدٌ-

المُهْدِج مِهَدَّةٌ و اَمْهَاد و المُهْدَة ج مُهَد : نرم و پست ہموار زمین-

المِهَاد- بچھونا- پست زمین- ج مُهْد و مُهُد و اَمْهِدَة-

المَهِيْد- خالص مسکہ-

المُمَهَّد- مفعول مَاءٌ مُمَهَّدٌ : پانی نہ گرم نہ سرد-

مَهَرَ(ف-ن) مَهْرًا و مُهُوْرًا و مَهَارًا و مَهَارَةً الشَّيْءَ و فِيْهِ و بِهٖ : حاذق ہونا- صفت ماہر- کہا جاتا ہے "مَهَرَ فِي الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا- فِيْ صَنَاعَتِهٖ : تجربہ کار و ماہر ہونا-

مَهَرَ(ف-ن) مَهْرًا و اَمْهَرَا الْمَرْأَةَ : مہر دینا یا مہر مقرر کرنا- و اَمْهَرَهَا- مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا- صفت مفعول مُمْهَرَة- و اَمْهَرَتِ الْفَرَسُ : بچھیرے یا بچھیری والی ہونا-

مَهَّرَ- بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا-

مَاهَرَهُ مُمَاهَرَةً- ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا-

تَمَهَّرَ- ماہر ہونا' حاذق ہونا- تیرنا-

المَهْر- مہ- نکاح کا عوض مالی ج مُهُوْر و مُهُوْرَة اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَهْرُ ذٰلِكَ" یہ اس کے بدلے میں ہے-

المُهْر- بچھیرا- گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ- ج مِهَار و اَمْهَار و مَهَارَة مؤنث ج مُهْرَة ج مُهُر و مُهَرَاتٌ و مُهُرَات- المُهْر : درمیان سینہ کی ایک ہڈی- اندراین کا پھل- کبوتر کا بچہ- ج مِهَرَة-

المَهِيْرَة مِنَ النِّسَاءِ : بہت مہر والی عورت ج مَهَائِر-

المَاهِر- حاذق- اچھا تیرنے والا- ج مَهَرَة-

المَهْرِيَّة- سرخ گیسوں- الْإِبِلُ الْمَهْرِيَّة : مہرة بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا- ج مَهَارِي و مَهَارٍ و مَهَارِيُّ-

المِهْرَجَان- پارسیوں کی ایک عید-

مَهَزَهٗ(ف) مَهْزًا- بِيَدِهٖ : دفع کرنا- ہٹانا-

مَهَشَهٗ(ف) مَهْشًا- جلانا- کھرچنا-

اِمْتَهَشَ- جلنا-

مَهَّصَ الثَّوْبَ : کپڑا پاک صاف کرنا- سفید کرنا-

تَمَهَّصَ فِي الْمَاءِ : پانی میں گھسنا-

اِمْهَاصَّتِ الْأَرْضُ : بے نباتات ہونا- صفت مَهْصَاءُ-

مَهِقَ(س) مَهَقًا- بہت سفید ہونا-

مَهَقَتِ (ف) مَهَقًا الْخَيْلُ : گھوڑے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دوڑنا۔ مَهَقَ الْفَصِيْلَ :اونٹ کے بچّہ کو پانی پلانا۔ تَمَهَّقَ الشَّرَابُ : تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

المَهَق۔ مص۔ پانی پر کی سبزی۔

الأَمْهَق۔ بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَهْقَاء ج مُهْقٌ۔

المُهْقَة۔ بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مَهَكَ (ف) مَهْكًا و مَهَّكَ الشَّيْءَ : خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَهَكَهٗ : نرم و چکنا دار کرنا۔ مَهَكَ فِي السَّيْرِ :جلدی کرنا۔

تَمَهَّكَ فِي الْعَمَلِ : اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

اِمَّهَكَ الرَّجُلُ : کم گوشت والا ہونا —— فِي الْعَدْوِ :کوشش کرنا۔

تَمَاهَكَ۔ القَوْمُ :باہم جھگڑنا۔

مَهْكَةُ الشَّبَابِ و مُهْكَتُهٗ۔ جوانی کی رونق و تروتازگی۔

المَهْوَك۔ نرم کمان۔

المُمَهَّك و المُتَمَهِّكُ۔ جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شَابٌّ مُمَهَّك۔

المُمَهَّك۔ لمبے ڈول۔

مَهَلَ (ف) مَهْلاً و مُهْلَةً و تَمَهَّلَ فِي الْعَمَلِ :اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مَهِلَ (س) مَهَلاً الرَّجُلُ : بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت مَاهِل۔

اَمْهَلَهٗ و مَهَّلَهٗ الدَّيْن :مہلت دینا۔ اَمْهَلَ و مَهَّلَ الرَّجُلَ : نرمی برتنا —— فِي الْأَمْرِ : مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اِسْتَمْهَلَهٗ :مہلت مانگنا۔

المَهْل و المَهَل۔ مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ۔ اور کہا جاتا ہے "مَهْلاً و عَلٰى مَهْلٍ" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے المَهَل : کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ مَهَلٍ : فلاں بھلائی میں پیش قدمی کرنے والا ہے۔

المُهْل۔ معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی سے جو راکھ جھڑے۔

المُهْلَة۔ مص۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی و نرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰى عَلٰى مُهْلَتِهٖ" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْمُهْلَةَ فِيْ اَمْرِكَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "و اَخَذَ عَلٰى فُلَانٍ الْمُهْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔

المَهْلَة و المِهْلَة و المُهْلَة و المَهَلة پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔

المُتَمَهِّل۔ فا —— مِنَ الرِّجَالِ :لمبا۔

مَهْمَا اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَهْمَا يُزْرْنِي زَيْدٌ اُكْرِمْهُ :جب زید مجھ سے ملے گا میں اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَهْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ :جو تو کرے گا میں کروں گا۔

مَهْمَهَهٗ عَنِ السَّفَرِ :روکنا۔ مَهْمَهَ فُلَانًا :مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔

تَمَهْمَهَ عَنِ الشَّيْءِ :باز رہنا۔ رکنا۔

المَهْمَه و المَهْمَهَة۔ دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَهَامِه۔

مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا و مَهَنَةً و مِهْنَةً الرَّجُلَ : خدمت کرنا۔

مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا۔ اپنا پیشہ کرنا —— الرَّجُلَ :مارنا اور سختی کرنا —— الثَّوْبَ :کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا —— الْجَارِيَه :جماع کرنا۔

مَهُنَ (ک) مَهَانَةً :حقیر و کمزور ہونا۔

مَاهَنَهٗ مُمَاهَنَةً۔ مشق کرنا۔

اَمْهَنَهٗ۔ کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔

اِمْتَهَنَ الشَّيْءَ : حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا —— الرَّجُلَ : خدمت میں رکھنا —— الرَّجُلَ : خدمت میں مشغول ہونا۔

المِهْنَة و المَهْنَة و المَهَنَة و المِهَنَة۔ کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ الْمَرْاَةُ بِمِهْنَةِ بَيْتِهَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کیلئے مستعد ہوئی "وَمَا مِهْنَتُكَ هٰهُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَهُوَ فِي مِهْنَةِ اَهْلِهٖ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِيْ ثِيَابِ مِهْنَتِهٖ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِهَن و مُهَن۔

المَاهِن۔ فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُهَّان و مَهَنَةٌ و مِهَان۔ مؤنث مَاهِنَةٌ ج مَوَاهِن۔

المَهِين۔ حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَنَاء۔

مَهَا يَمْهُوْ مَهْوًا۔ الرَّجُلُ :بہت مارنا۔

مَهَا يَمْهُوْ مَهًا۔ البَقَرَةُ الْوَحْشِيَّةُ : نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔

مَهُوَ يَمْهُو مَهَاوَةً اللَّبَنُ او السَّمْنُ :دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهْوٌ۔

اَمْهَى اللَّبَنَ :دودھ میں زیادہ پانی ملانا —— الحَدِيْدَةَ : لوہے کو تیز کرنا —— الفَرَسَ : رسّی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اِسْم الْمُهْيٰ۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ الْبِئْرَ حَتّٰى اَمْهٰى" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اَمْهٰى فُلَانٌ : تعریف میں خوب مبالغہ کرنا —— الْحَبْلَ : رسّی کو ڈھیل دینا —— القِدْحَ : تیر کی کجی کو درست کرنا —— القِدْرَ :ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْهَتِ الْعَيْنُ : آنسو بہانا۔

المَهْو۔ مص۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔

المَهَاة۔ نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا و مَهَوَات و مَهَيَات۔

مَهِيَ يَمْهٰى و يَمْهِي مَهْيًا و اَمْهٰى و اِمْتَهٰى الشَّفْرَةَ او الْحَدِيْدَةَ :پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ و مَهٰى الشَّيْءَ طمع کرنا۔

اِسْتَمْهَى الفَرَسَ :گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا —— القَوْمَ :دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔

مَهْيَم۔ کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے۔ یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔

مَاءَ يَمُوْءُ مُوَاءً و اَمْوَا السِّنَّوْرُ :بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ و اَمْوَا الرَّجُلُ : بلی کی طرح آواز کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَائِيَة والمَائِئَة والمَائِيَّة۔ بلی۔
مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتًا۔ مرنا۔ مَاتَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا —— النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا مَاتَ الْحَرُّ والبَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الْحُمّٰى: بخار کا جوش کم ہونا۔ مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
مَاتَ يَمُوْتُ مَوَاتًا مَوَتَانًا الْمَكَانُ: ویران ہونا —— الطَّرِيْقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ" یعنی گہری نیند سو گیا۔
مَوَّتَهٗ: مارڈالنا۔ موت دینا۔
اَمَاتَهٗ اِمَاتَةً: مارڈالنا۔ اَمَاتَ نَفْسَهٗ: مغلوب کرنا —— غَضَبَهٗ: غصہ پی جانا —— الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا —— النَّاقَةُ او الْمَزْأَةُ: مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ صفت مُمِيْت و مُمِيْتَة ج مَمَاوِيْت —— القَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ اَمَاتَ اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَتَهٗ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔
اُمِيْتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔
مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهٗ: باہم صبر کرنا۔
تَمَاوَتَ۔ بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔
اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً و اِسْتِمَاتًا: موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا —— الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا —— الشَّيْءُ: ڈھیلا ہونا۔
المَوْت والمَوْتَة۔ موت۔ المَوْتُ الْاَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ المَوْتُ الْاَبْيَض: موت طبعی یا اچانک موت۔ المَوْتُ الْاَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔
المُوْتَة۔ جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔
المَيْتَة۔ المَيْت کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَيْتَات۔
المِيْتَة۔ مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ مِيْتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِيْتَةَ سُوْءٍ" (اچھی اور بُری طرح مرنا)
الميتو۔ موت۔ (مولدة)
المَوْتَان والمُوْتَان۔ جانوروں کی مری۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْتَانُ الْفُؤَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مَوْتَانَةٌ۔
المَوَتَان۔ موت۔ غیر ذی رُوح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ ولا تَشْتَرِ مِنَ الحَيَوَان" یعنی زمین، مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔
المَائِت۔ قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔
المَيْت ج اَمْوَات و مَوْتٰى و مَيْتُوْن۔
والمَيِّت ج مَيْتُوْن: مردہ۔ مؤنث مَيْتَةٌ و مَيِّتٌ و مَيِّتَةٌ ج مَيْتَات و مَيِّتَات۔
المَوَات۔ مص۔ غیر ذی رُوح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اُٹھائے۔
المَمَات۔ موت۔ یا زمانہ موت۔
المُمَات مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔
خَطِيْئَةٌ مُمِيْتَةٌ۔ گناہ کبیرہ۔
المُسْتَمِيْت۔ فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پروا نہ کرے۔ بتکلف مجنوں بننے والا۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاثَ يَمُوْثُ مَوْثًا و مَوْثَانًا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملوث کرنا —— الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پانی میں گھسنا۔
اِنْمَاثَ۔ مختلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔
مَاجَ يَمُوْجُ مَوْجًا و مَوْجَانًا و تَمَوَّجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الْحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔
المَوْج۔ مص۔ لہر۔ واحد مَوْجَةٌ۔ ج اَمْوَاج۔ و مَوْجَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔
المَوَّاج۔ بہت موج مارنے والا۔
مَاخَ يَمُوْخُ مَوْخًا الْغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔
المَاخ۔ اچھی خصلتوں والا ہونا۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوَذٌ ہے)
المَاذِيّ۔ سفید شہد۔ یا عمدہ شہد۔ ہر قسم کے ہتھیار (—— والمَاذِيَّة) نرم زرہ۔
المَاذِيَّه: شراب۔
مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا الْبَحْرُ: موج زن ہونا —— الدَّمُ عَلَى الْاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا —— الدَّمَ: خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا —— الشَّيْءُ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا ——
التُّرَابُ: غبار کا اُٹھنا۔ برانگیختہ ہونا۔ مَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ و بِالتُّرَابِ: ہوا کا مٹی کو اُٹھانا۔ برانگیختہ کرنا۔ مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الْجَسَدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا۔ السِّنَانُ فِي الْمَطْعُوْنِ: بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا۔
اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا۔ اَمَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ ہوا کا مٹی کو اُٹھانا برانگیختہ کرنا۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِي الْمَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا۔
تَمَوَّرَ۔ تردد کی حالت میں آنا جانا —— الشَّعَرُ: بالوں کا ادھر ادھر ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الْوَبْرُ وَنَحْوُهٗ عَنِ الدَّابَّةِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں —— الشَّيْءُ: کسی چیز کا مضطرب ہونا۔ اور جلدی جلدی حرکت کرنا۔
اِنْمَارَ الشَّعَرُ: بال اکھیڑا جانا۔
اِمْتَارَ اِمْتِيَازًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
مَارَ و مَارِي۔ سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لیے ہوتا ہے اور مؤنث کیلئے مُرْت کہا جاتا ہے۔
المَوْر۔ مص۔ نرم چیز۔ چلتا ہوا ہموار راستہ۔ تیزی۔
المُوْر۔ ہوا میں اُڑنے والا غبار۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے۔ ایک قسم کے میمنے۔
المُوْرَة والمُوَارَة۔ گری ہوئی اون۔
المُوَارة: چیز جو کسی چیز سے گرے۔ فالتو چیز کا کچھ باقی حصہ۔
المَائِر۔ فا۔ کم سمجھ۔ سَهْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر۔ مؤنث مَائِرَة۔ ج مَائِرَاتٌ و مَوَائِر۔
المَوَّار۔ اسم مبالغہ۔ رِيْحٌ مَوَّارَةٌ و اَرْيَاحٌ مُوْرٌ: مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا۔
المَوْرَج۔ کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو مھلسا کہتے ہیں۔
المَوْز۔ کیلے کا درخت۔ کیلا۔ واحد مَوْزَةٌ:
المَوَّاز۔ کیلہ بیچنے والا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَوْزَج۔ موزہ۔ ج مَوَازِج و مَوَازِجَة۔
مَاسَ يَمُوْسُ مَوْسًا الرَّاسَ : سر مونڈنا۔
المَاسَ۔ ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔
المُوْسٰى۔ استرا۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسٍ و مُوْسِيَات۔
المُوْسِيْقٰى۔ گانے کا فن۔
المُوْسِيْقِيّ۔ گانے والا۔ گویا۔
مَاشَ يَمُوْشُ مَوْشًا الْكَرَمَ : توڑنے کے بعد باقی ماندہ انگور چننا۔
المَاشَ۔ اڑد۔ واحد مَاشَةٌ۔ گھر کا معمولی سامان۔
مَاصَ يَمُوْصُ مَوْصًا و مَوَّصَ الثَّوْبَ : کپڑا دھونا۔ مَاصَ الشَّيْءَ : ہاتھ سے ملنا۔
المَوْص۔ مصہ۔ بھوسہ۔
المُوَاصَة۔ پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں۔
مَوْعَةُ الشَّبَابِ : آغاز جوانی۔
مَاغَ يَمُوْغُ مَوْغًا و مُوَاغًا السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا المَبِيْعُ : ارزاں ہونا۔
الطَّعَامُ : غلہ مندا ہونا۔
مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا و مُوْقًا و مُوَاقَةً و مُؤُوْقًا۔ الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔
تَمَاوَقَ۔ حماقت ظاہر کرنا۔
اِنْمَاقَ اِنْمِيَاقًا : ہلاک ہونا۔
اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَةً۔ بیوقوف سمجھنا۔
المَائِق۔ بیوقوف۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا سخت بیوقوف ہے۔ ج مَوْقٰى۔
المُوْق۔ مصہ۔ بیوقوفی۔ غباوت۔ غبار۔ پر والی چیونٹی۔ گوشۂ چشم۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے۔ ج اَمْوَاق۔
مَالَ يَمُوْلُ و يَمَالُ مَوْلًا و مُؤُوْلًا : مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَهٗ" وہ کس قدر مالدار ہے۔
مَالَهٗ يَمُوْلُهٗ مَوْلًا و اَمَالَهٗ اِمَالَةً مال دینا۔
مَوَّلَهٗ۔ مالدار بنانا۔

تَمَوَّلَ الْمَالَ : اپنے لیے جمع کرنا (—— و اِسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مال والا ہونا۔
المَالُ ج اَمْوَال : مال و دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ بکری وغیرہ۔ مذکر و مؤنث ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ المَالُ وهِيَ المَالُ" اور کہا جاتا ہے "خَرَجَ اِلٰى مَالِهٖ" یعنی اپنی جائیداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا۔ ج مَالَةٌ و مَالُوْن : بہت مال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالٌ" بہت مالدار مرد۔ مؤنث مَالَةٌ ج مَالَة و مَالَات۔
المُوْل۔ مکڑی۔ واحد مُوْلَةٌ۔
المَالِيَّة۔ مالیت۔ دولت۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں۔
المَوْل و المِيْل۔ بہت مال والا۔
المُوَيْل۔ مال کی تصغیر۔ رجب کا مہینہ۔
مِيْمَ مَوْمًا الرَّجُلُ : برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے۔ صفت مفعولی مَمُوْمٌ۔
مَوْمٌ مِيْمًا۔ حرف میم لکھنا۔
المُوْم۔ موم۔ جلاہوں کا نال۔ موچیوں کا ایک آلہ۔ المَوْمَاء و المَوْمَاة وسیع بیابان یا بے پانی کا بیابان۔ ج المَوَامِي۔
المُوْمِيَاء۔ ایک قسم کی دوا۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔
مَانَهٗ يَمُوْنُهٗ مَوْنًا و مُؤْنَةً و مَوْنَةً نان نفقہ برداشت کرنا۔ صفت مَائِن۔ مَانَ الْاَرْضَ : زراعت کے لیے زمین جوتنا۔
تَمَوَّنَ۔ نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔
المُوْنَة۔ گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُوَن۔
بَيْتُ المُوْنَةِ : گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔
المَوَّان۔ ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔
مَاهَتْ تَمُوْهُ و تَمَاهُ مَوْهًا و مَاهَةً و مُؤُوْهًا۔ البِئْرُ : کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔
—— و السَّفِيْنَةُ : کشتی میں پانی داخل ہونا۔
مَاهَ يَمُوْهُ مَوْهًا الرَّجُلَ : پانی ہلانا —— الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا۔

اَمَاهَ اِمَاهَةً و اَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّيْءَ : ملانا —— الشَّيْءُ : ملنا —— الرَّجُلَ : پانی پلانا —— الحَوْضَ : حوض میں پانی جمع کرنا —— الدَّوَاةَ : دوات میں پانی ڈالنا —— البِئْرَ : کنواں کھود کر پانی نکالنا —— السِّكِّيْنَ : چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ : بہت پانی برسانا —— الْاَرْضُ : بہت پانی والی ہونا۔
مَوَّهَ الْمَكَانُ : پانی والی ہونا —— القِدْرَ : ہانڈی میں پانی بڑھانا —— الشَّيْءَ بِمَاءِ الذَّهَبِ او الفِضَّةِ و نَحْوِهِمَا : سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا —— عَلَيْهِ الْاَمْرَ و الخَبَرَ : جھوٹی بات خلاف واقعہ سنانا۔
تَمَوَّهَ۔ سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔
العِنَبُ : انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا —— الْمَكَانُ بِالْبَقْلِ : سبزہ زار ہونا۔
المَاءُ۔ پانی (اصل مَوَهٌ ہے) تصغیر مُوَيْه اور نسبت کے لئے مَائِيٌّ و مَاوِيٌّ و مَاهِيٌّ ج مِيَاهٌ و اَمْوَاهٌ۔ و مَاءُ الوَرْدِ و مَاءُ الزَّهْرِ و نَحْوُهُمَا : گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الوَجْهِ او مَاءُ الشَّبَابِ : چہرہ یا جوانی کی رونق و تروتازگی مَاءُ السَّيْفِ : تلوار کی چمک دمک بَنَاتُ المَاءِ : پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد ابْنُ المَاءِ۔ المَاءُ الْاَزْرَق : موتیا بند۔
المَاهُ۔ پانی اور نسبت کیلئے مَاهِيٌّ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاهُ الْفُؤَادِ و مَاهِيُّ الْفُؤَادِ" یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔
المَاءَة۔ پانی۔ تصغیر مُوَيْهَةٌ۔
المُوْهَة و المُوَاهَة مِنَ الْوَجْهِ : رونق و حسن۔
المَاهَة۔ مصہ۔ چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ : بہت پانی والا کنواں۔
المَاهِيَّة۔ مؤنث المَاهِيّ۔ مَاهِيَّةُ الشَّيْءِ : حقیقت "شَيْءٌ مَاهُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِيَّات۔
المَائِيَّة و المَاوِيَّة مِنَ الشَّجَرِ : وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔ المَاوِيَة۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آمِنَہ۔ج مَاوِیٌ۔
رَکِیَّۃٌ مَیِّہَۃٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔
الْاَمْوَہ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "اَلْبِئْرُ هٰذِهِ السَّنَةَ اَمْوَهُ مِمَّا كَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔
الْمُمَوَّهَۃ۔ مغ۔ ناخنہ والی آنکھ۔
مَاتَ یَمِیْتُ مَیْتًا۔ مرنا۔
مَاثَ یَمِیْثُ مَیْثًا وَ مَیَّثَ الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔ مَیَّثَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔
تَمَیَّثَ الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: پگھلنا۔ حل ہونا ——— الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ تَمَیَّثَ الْاَرْضُ: بارش سے نرم ہونا ——— الْحَزَارَۃُ: ٹھنڈی ہونا۔
اِنْمَاثَ اِنْمِیَاثًا الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: پانی میں حل ہونا۔
اِمْتَاثَ الرَّجُلُ: زندگی کی راحت پانا ——— الْاَقِطَ: پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا ——— الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔
الْمَیِّث۔ نرم۔
اَرْضٌ مَیْثَاءُ بغیر ریت والی نرم زمین۔
الْمُسْتَمِیْث۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا الشَّیْءُ: مخلوط ہونا۔
مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا وَ مَیْحُوْحَۃً۔ چلو سے پانی لینا ——— اَصْحَابَهٗ: لوگوں کے لیے چلو چلو پانی لانا ——— الرَّجُلَ: نفع دینا ——— هٗ عِنْدَ الْاَمِیْرِ: سفارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِمِحْنِیْ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔ مَاحَتِ الرِّیْحُ الشَّجَرَۃَ: جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ مَاحَهٗ یَمِیْحُهٗ مَیْحًا وَ مِیَاحَۃً: دینا۔
مَیَّحَ تَمْیِیْحًا الْغُصْنُ: جھکنا' ہلنا ——— السَّکْرَانُ: چلنے میں ڈگمگانا۔
مَایَحَهٗ مُمَایَحَۃً۔ ملانا۔
اِمْتَاحَ الْمَاءَ: چلو لینا ——— الرَّجُلَ: طلب فضل کیلئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَهُ الْخَرُّ او الْعَمَلُ: پسینہ میں شرابور کرنا۔
تَمَیَّحَ۔ ناز و انداز سے چلنا۔ دائیں بائیں جھکنا۔
تَمَایَحَ۔ ڈگمگانا۔

اِسْتَمَاحَهٗ اِسْتِمَاحَۃً۔ عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔
الْمَائِح ج مَاحَۃٌ وَالْمَیَّاح۔ چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔
مَاخَ یَمِیْخُ مَیْخًا و تَمَیَّخَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔
مَادَ یَمِیْدُ مَیْدًا و مَیَدَانًا۔ ہلنا۔ جھکنا۔ کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِهِ الْاَرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی ——— الْغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا ——— الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ سر چکرانا وَمَادَ الرَّجُلَ: زیارت کرنا۔ بہتر سلوک کرنا۔
تَمَایَدَ۔ نشاط سے جھومنا۔
تَمَیَّدَتِ الْمَرْاَۃُ: عورت کا ناز سے چلنا۔
اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا۔ غلہ جمع کرنا۔ عطیہ طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوْهُ فَمَادَهُمْ" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔
الْمَائِد۔ جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ ج مَیْدٰی۔
غُصْنٌ مَائِدٌ: جھکنے والی ٹہنی۔ غُصُوْنٌ مَیْدٌ: جھکنے والی ٹہنیاں۔
الْمَائِدَۃ: المَائِد کا مؤنث۔ دسترخوان جس پر کھانا ہو۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ و مَائِدَات۔
مَیْد۔ بید میں ایک لغت نادرہ۔
الْمَیْدَۃ۔ مَادَ کا اسم مرۃ۔ کھانا۔ دسترخوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔
مَیْدٰی بمعنی مِنْ اَجْلِ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ مَیْدٰی ذٰلِكَ" اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ و بمعنی "حِذَاء" کہا جاتا ہے "دَارِیْ بِمَیْدٰی دَارِهٖ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔
مَیْدَاءُ الشَّیْءِ: قیاس و انداز۔ انتہاء۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَیْدَاءُ ذٰلِكَ وَ بِمَیْدَائِهٖ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔
الْمَیْدَان و الْمَیْدَان۔ گھوڑ دوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَیَادِیْن۔
الْمَیَّاد۔ بہت جھومنے والا۔ مؤنث مَیَّادَۃ۔
الْمَیُوْد۔ بہت ہلنے والا۔
الْمُمْتَاد۔ عطیہ مانگنے والا۔ جس سے عطیہ مانگا جائے۔
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا و اَمَازَ۔ عَیَالَهٗ: اہل و عیال کیلئے نان و نفقہ لانا ——— الدَّوَاءَ و نَحْوَهٗ: پگھلانا
مَازَ الصُّوْفَ: اون دھنکنا۔ امَازَ اَذْوَاجَهٗ: رگیں کاٹنا۔
مَایَرَهٗ مُمَایَرَۃً۔ خوارک لانا۔ مقابلہ کرنا۔ نقل اتارنا۔
تَمَایَرَ تَمَایُرًا مَایَنَ الْقَوْمِ: فساد واقع ہونا۔
اِمْتَارَ لِعِیَالِهٖ او لِنَفْسِهٖ: خوارک جمع کرنا۔
الْمَیْر۔ مص۔ خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ خَیْرٌ وَلَا مَیْرٌ"
الْمِیْرَۃ۔ خوراک جس کو انسان ذخیرہ کر کے رکھے۔ ج مِیَر۔
الْمَائِر۔ خوراک لانے والا۔ ج مُیَّار و مُیَّارَۃٌ۔
الْمَیَّار۔ خوراک لانے والا۔
الْمُوَارَۃ۔ اون کا ردی حصہ جو دھننے کے وقت گرے۔
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا و مَیَّزَ و اَمَازَ الشَّیْءَ: علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا ——— الشَّیْءَ: ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
تَمَیَّزَ و اِنْمَازَ اِنْمِیَازًا و اِمْتَازَ اِمْتِیَازًا و اِسْتَمَازَ اِسْتِمَازَۃً۔ جدا ہونا۔ و تَمَیَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَیْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ الْقَوْمُ بعض کا بعض سے جدا ہونا۔ و اِسْتَمَازَ: جدا ہونا۔
تَمَایَزَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ گروہ بندی کرنا۔
الْمَیْز و الْمَیَّز۔ مضبوط پٹھوں والا۔
التَّمْیِیْز۔ مَیَّزَ کا مصدر۔ قوتِ نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو۔ علمِ نحو کی ایک اصطلاح۔ سِنُّ التَّمْیِیْز: نفع ضرر پہچاننے کی عمر۔
الْاِمْتِیَاز۔ مص۔ کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔ لائسنس ج اِمْتِیَازَات (مولدۃ)
الْمِیْزَاب۔ پرنالہ۔
مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا و مَیَسَانًا و تَمَیَّسَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ صفت مَائِسٌ و مَیَّاسٌ و مَیْسَان و مَیُوْسٌ۔
مَیَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔
الْمَیْس۔ مص۔ ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد مَیْسَۃٌ۔ الْمَیْس ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



قسم کی کشمکش- دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی- کجاوہ-
المَیَّاس- اکڑ کے چلنے والا شیر- بھیڑیا-
المَیْسَان- بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج مَیَاسِیْن-
مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا —— النَّاقَةَ : تھن سے آدھا دودھ دوھنا —— الخَبَرَ : کچھ بتلانا' کچھ چھپانا- کہا جاتا ہے "مَاشُوا الْاَرْضَ مَیْشَةً" وہ زمین پر گزرے-
مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا و مَیَطَانًا و اَمَاطَ اِمَاطَةً عَنْ کَذَا : جدا ہونا- دور ہونا- کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا یَا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو- مَاطَهٗ و اَمَاطَهٗ و مَاطَ بِهٖ : جدا کرنا- دور کرنا- لے جانا- مَاطَ الرَّجُلُ : ظلم کرنا- کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُکْمِهٖ" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا-
فُلَانًا : ڈانٹنا' ہٹانا —— الشَّیْءَ : جانا-
مَیَّطَ تَمْیِیْطًا بَیْنَهُمَا : مائل کرا دینا-
تَمَایَطَ الْقَوْمُ : فساد واقع ہونا- ایک دوسرے سے بعید ہونا-
مَایَطَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ترجیح دینا-
المَیْط- مص- کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ مَیْطٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و اِمْتَلَا حَتّٰی لَا یَجِدُ مَیْطًا" بھر گیا یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں "وَاَمْرٌ ذُوْ مَیْطٍ" سخت معاملہ-
المِیَاط- دفع- ڈانٹ- جھکاؤ- ادبار و تباعد (جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "اَصْبَحُوْا فِیْ هِیَاطٍ و مِیَاطٍ" وہ لوگ اقبال و ادبار میں ہیں-
المَیَّاط- بیہودہ کھیل کود میں رہنے والا-
مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا الشَّیْءُ : زمین پر پھیل کر بہنا- کہا جاتا ہے "السَّرَابُ یَمِیْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے —— نَاصِیَةُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا —— الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنا ( —— و اِنْمَاعَ اِنْمِیَاعًا و تَمَیَّعَ تَمَیُّعًا) السَّمَنُ : گھی کا پگھل کر بہنا- صفت مَائِع مؤنث مَائِعَةٌ کہا جاتا ہے الفِضَّةُ یَتَمَیَّعُ فِی البُوْتَقَةِ : چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے-
اَمَاعَ اِمَاعَةً و اِمَاعَةَ الشَّیْءَ : بہانا-
مَیْعَةُ الشَّیْءِ : اول شئے- اصل شئے- کہا جاتا ہے "مَیْعَةُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "و مَیْعَةُ السُّکْرِ" ابتدائی نشہ و "مَیْعَةُ الفَرَسِ" گھوڑے کی دوڑ کا آغاز- کہا جاتا ہے "الفَرَسُ فِیْ مَیْعَةِ جَرْیِهٖ" گھوڑا اپنی دوڑ کے آغاز میں ہے- المَیْعَة : زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان- ایک درخت کا خوشبودار گوند-
المَائِع- بہنے والی چیز- بیوقوف-
المَائِعَة- المَائِع کا مؤنث- گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں- ایک درخت کا خوشبودار گوند- ج مَوَائِع-
مَالَ یَمِیْلُ مَیْلًا و تَمْیَالًا و مَیَلَانًا و مَیْلُوْلَةً و مَمَالًا و مَمْیَلًا اِلَی المَکَانِ : لوٹنا —— اِلَی الشَّیْءِ اَوِ الشَّخْصِ : رغبت کرنا- محبت کرنا —— عَنِ الطَّرِیْقِ : تجاوز کرنا- چھوڑ دینا —— الحَائِطُ : دیوار کا جھکنا —— الحَاکِمُ فِیْ حُکْمِهٖ : ظلم کرنا —— عَلَیْهِمُ الدَّهْرُ : زمانہ کا مصائب ڈالنا- مَالَ بِفُلَانٍ : غالب ہونا- مَالَ الشَّیْءَ : جھکانا' کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَمِیْلُ عَلَیْهِ المِرْبَعَةُ" یعنی فلاں بہت قوی ہے-
مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلًا- الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا- مَالَ النَّهَارُ او اللَّیْلُ : دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا- اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیْقُ" یعنی دور ہوا-
مَیِلَ (س) مَیَلًا- خلقتاً جھکا ہوا ہونا- صفت اَمْیَل کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے-
مَیَّلَ تَمْیِیْلًا الشَّیْءَ : جھکانا —— فِی الْاَمْرِ : شک کرنا —— بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ : تردد اور ترجیح دینا- جیسے "قَرَّبَ لَهٗ طَعَامًا فَمَیَّلَ فِیْهِ لِقِلَّتِهٖ" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے-
اَمَالَ اِمَالَةً الشَّیْءَ : جھکانا —— یَدَهٗ بِالْفَرَسِ : لگام ڈھیلی کرنا- اَمَالَتِ الْمَرْاَةُ : نقاب اتارنا- اَمَالَ القَارِیْ : پڑھنے میں امالہ کرنا-
مَایَلَهٗ مُمَایَلَةً- موافقت کرنا- مدد دینا- لوٹ ڈالنا- مائل ہونا- محبت کرنا- کہا جاتا ہے "مَایَلَنَا الْمَلِکُ فَمَایَلْنَاهُ" بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا- مَایَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ترجیح دینا-
تَمَیَّلَ و تَمَایَلَ تَمَایُلًا فِیْ مَشْیِهٖ : ناز و انداز سے چلنا- کہا جاتا ہے "بَیْنَ القَوْمِ تَمَایُلٌ" یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال اور فتنے ہیں- تَمَایَلَ الْجُلُّ عَنِ الفَرَسِ : جھکنا-
اِسْتَمَالَ اِسْتِمَالَةً- مائل ہونا- کہا جاتا ہے "مَیَّلَهٗ فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا —— فُلَانًا و بِقَلْبِهٖ : جھکانا- مائل کرنا- مہربان بنانا —— مَا فِی الوِعَاءِ : لینا- اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ : دونوں کف یا ذراع سے ناپنا-
المِیْل- سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ- المِیْل : نشان راہ جو مسافر کیلئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے- مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں- لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت —— عِنْدَ المُحَدِّثِیْنَ چار ہزار ہاتھ کی مسافت- و المِیْلُ الهَاشِمِی : ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَال و اَمْیِلَة و مُیُوْل-
المِیْلَة- وقت- ج مِیَل اور کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ مِیَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے-
الاِمَالَة- مص —— فِی القِرَاءَةِ : فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا-
الاَمْیَل- اسم تفضیل- جھکی ہوئی عمارت وغیرہ- زمین پر ایک جانب جھکا ہوا- بزول- مؤنث مَیْلَاءُ-
المَیْلَاء- الاَمْیَل کا مؤنث- ریت کا ٹیلہ- شَجَرَةٌ مَیْلَاء : بہت ٹہنیوں والا درخت-
المَائِل- فا ج مُیَّل و مَالَّة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات و مَوَائِل-
المَیَّال- بہت جھکنے والا- مؤنث مَیَّالَة-
مَانَ یَمِیْنُ مَیْنًا- جھوٹ بولنا- صفت مَائِن و مَیَّان و مَیُوْن- مَانَ الْاَرْضَ : زمین کو زراعت کے لیے جوتنا-
تَمَایَنَ القَوْمُ : ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا-
المَان- بل کا پھل-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



المَيْن- جھوٹ- ج مُيُوْن- کہتے ہیں "اَکْثَرُ الظُّنُوْنِ مُيُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں- "وَمَا هُوَ اِلا كَذِبٌ و مَيْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے-

المِيْنَا والمِيْنَاء- بندرگاہ- ج مَوَانٍ و مَوَانِئ- المِيْنَاء: آبگینہ-

مُتَمايِنُ الْوُدِ: جھوٹی دوستی کرنے والا

مَاهَ يَمِيْهُ مَيْهًا و مَيْهَةً السَّيْفَ وَغَيْرَهُ سنا الذَّهَبَ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع چڑھانا- فُلَانًا: پانی پلانا- مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی دینے لگا- مَاهَ يَمِيْهُ مَيْهَةً و مَاهَةً و مَيْهًا- الزَّكِيَّةَ کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا-

الْمَاهَة والمِيْهَة- کنوئیں کے پانی کی کثرت-

لَامِيَهُ- اسم تفضیل- کہا جاتا ہے "اَلْبِئْرُ اَمْيَهُ مِمَّا كَانَتْ" کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے-

مَيَّ و مَيَّةَ و مَيَّا- عورتوں کے نام-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ن

ن- حرف نون پانچ قسموں پر ہے-

(۱) نون تاکید- اس کی دو قسمیں ہیں- خفیفہ- ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَيَكُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ" و "لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے-

(۲) نونِ تنوین- اور یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے كِتَابٌ-

(۳) نونِ تانیث- اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ وَيَضْرِبْنَ وَاضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلَامُكُنَّ وَمِنْهُنَّ وَضَرَبَهُنَّ" اور یہ حرف ہے-

(۴) نونِ وقایہ- اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِيْ وَاَنَّنِيْ-

(۵) نونِ زائدہ- اس کی دو قسمیں ہیں- ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "يَضْرِبَانِ وَتَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِيْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے "يَضْرِبُوْنَ وَتَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے ثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور ثنی میں مکسور- دوسری قسم وہ ہے جو اسم ثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے "الزَّيْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے الزَّيْدُوْنَ-

نا- ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا-"

نَاتَ (ف وض) نَاتًا و نَيْتًا- گریہ وزاری کرنا —الرَّجُلَ: حسد کرنا-

النَّاتُ- شیر-

نَاتَ (ف) نَاْتًا و مَنَاتًا عَنْهُ: بعید ہونا- تاخیر کرنا —الرَّجُلُ: کوشش کرنا-

اَنَاتَهُ اِنَاتًا- دور کرنا- کہا جاتا ہے "سَعْيٌ سَعْيًا نَاْتًا و مِنَاتًا" وہ سست چال چلا- سَيْرٌ مِنَاتٌ: سست چال-

نَاجَ (ف) نُؤُوْجًا فِي الْاَرْضِ: جانا — الْاَمْرُ: کام کو مؤخر کرنا (— نَيْجًا) اِلَى اللّٰهِ فِي الدُّعَاءِ: گڑگڑانا- نَاجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا —الرِّيْحُ الْمَوْضِعَ: ہوا کا تیز گزرنا-

نَاجَ (ف ض) نَاْجًا و نُؤَاجًا النَّوْرُ: بیل کا آواز نکالنا-

نُئِجَ (س) نَاْجًا- آہستہ کھانا-

نَئِجَ الْقَوْمُ: تیز ہوا لگنا-

النَّائِجَة- تیز ہوا- ج نَائِجَات-

النَّاْج- بہت آواز نکالنے والا- تیز رَجُلٌ نَاْجٌ: بلند آواز والا مرد-

النَّيِّج- مہ- کہا جاتا ہے "لِلرِّيْحِ نَيِّجٌ" ہوا کے لیے تیز سرسراہٹ ہے-

رِيْحٌ نُؤُوْجٌ- تیز چلنے والی ہوا- ج نَوَائِج-

الْمَنُوْج- مفع - حَدِيْثٌ مَنُوْجٌ: پیچیدہ بات-

نَادَه (ف) نَاْدًا- حسد کرنا- نَادَتْهُ الدَّاهِيَةُ مصیبت نازل ہونا- نَادَتِ الْاَرْضُ: زمین میں سیلن ہونا-

النَّاد- بروزن عَقَام و النَّادِی بر وزن نصاریٰ و النُّؤُود- مصیبت-

النِّئْدِيل- مصیبت-

نَارَت (ف) نَاْرًا- نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ: لوگوں میں ہیجان ہونا-

النُّؤُوْر- کاہل-

نَاشَ (ف) نَاْشًا و تَنَاءَشَ الشَّيْءَ: سخت پکڑنا —الْاَمْرَ: مؤخر کرنا —الشَّيْءَ: دور کرنا — هُ اللّٰهُ: زندہ کرنا اور بلند کرنا — الرَّجُلُ مِنْ مَكَانِهِ: اُٹھنا-

تَنَاءَشَ- پیچھے ہونا اور دور ہونا —الشَّيْءَ: دور سے لینا-

اِنْتَاشَ- پیچھے ہونا اور دور ہونا —الشَّيْءَ فُلَانًا: جلدی میں ڈالنا —بِغَنَمِهٖ: بکریوں کے ساتھ کوچ کرنا — فُلَانًا: بطی سمجھنا — هُ اللّٰهُ: برباد کرنا-

النَّؤُوْش- قوی غالب-

النَّيْئَش- دور- کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ نَيْئَشًا" اس نے اس کو اخیر میں کر دیا- "وَجَاءَ نَيْئَشًا" وہ دیر سے آیا- "وَاَتْبَعَهٗ نَيْئَشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے-

النِّئْصِل- مصیبت-

النِّئْطِل- بری مصیبت- چالاک مرد-

نَاَفَ (ف) نَاْفًا فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا-

نَئِف (س) نَاْفًا و نَاَفًا مِنَ الشَّرَابِ:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آسودہ ہونا — الرَّجُلَ : نفرت کرنا — الشَّیْءَ :کھانا۔

نَاَلَ (ف) نَاْلاً و نَیْلاً و نَالاَنًا الْفَرَسُ : گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا۔صفت نَوْلٌ۔

الرَّجُلُ : سر اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا — فُلاَنًا :حسد کرنا۔

نَامَ(ف ض)نَیْمًا۔ آہستہ آہستہ رونا۔

نَامَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ والظَّبْیُ : کمان، شیر۔ ہرن کا آواز کرنا۔

النَّامَۃُ۔نَامَ کا اسم مرۃ۔ نغمہ۔ آواز۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰہُ نَامَتَہٗ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کردے یعنی مار دے۔

نَاْنَبَ۔ نَبَ نَاۃً و تنب نَبَ عَنِ الْاَمْرِ :سُست ہونا۔عاجز ہونا۔ قاصر ہونا۔صفت نَبٌ نَاوَنَانَاءُ و نُؤُوْلٌ یعنی عاجز۔ بزدل۔نَاْنَا فُلاَنًا :اچھی غذا دینا۔ ارادہ سے باز رکھنا۔

نَاَیٰ یَنْبُ یْ نَاْیًا فُلاَنًا وَنَایٰ عَنْ فُلاَنٍ :دور ہونا۔صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَۃٌ۔

نَاَیٰ وَاَنَایٰ و اِنْتَأیٰ النَّوٰی لِلْخِیْمَۃِ : خیمہ کے گرد چوبچہ کھودنا۔

نَاءَیٰ مُنَاآۃً الرَّجُلَ :دور کرنا — الشَّرَّ عَنْ فُلاَنٍ :مدافعت کرنا۔ہٹانا۔

اَنْأیٰ فُلاَنًا عَنْہُ :دور کرنا۔

تَنَاءَیٰ تَنَائِیًا و انْتَأیٰ اِنْتِنَاءً دور ہونا۔

النَّأی والنُّوَی والنِّیُّ والنُّوِیّ۔ چوبچہ خیمہ کے اردگرد۔ج آنَاءٌ و اَنْآءٌ و نُنِیٌّ و نِنِیٌّ۔

النَّائِی۔دور۔

المُنْتَأیٰ۔دور جگہ۔خیمہ کے اردگرد چوبچہ۔

النَّای۔بانسری۔ج نَایَات (دخیل)

نَبَّ(ض) نَبًّا و نَبِیْبًا و نُبَابًا التَّیْسُ خَاصَّۃً : بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا۔

نَبَّبَ تَنْبِیْبًا النَّبَاتُ :پورے دار ہونا۔

تَنَبَّبَ الْمَاءُ :پانی کا بہہ پڑنا۔

النَّبَّۃ۔اسم مرۃ۔بدبو۔

الْاُنْبُوْب۔ بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا۔ ج اَنَابِیْب۔ ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوْبِ الْکُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا۔

اُنْبُوْبُ الْمَاءِ : نالی۔ اُنْبُوْبُ الْکُوْزِ : کوزہ کی ٹونٹی۔ الْاُنْبُوْبُ مِنَ الشَّجَرِ : درختوں کی قطار۔

اَنَابِیْبُ الرِّئَۃِ : پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔

الْاُنْبُب والْاُنْبُوبَۃ۔بانس یا نرکل کا پورا۔

نَبَأَ (ف) نَبْأً و نُبُوْءً ا الشَّیْءُ : بلند ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَبَأَ سَمْعِیْ عَنْ کَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی — عَلَی الْقَوْمِ : ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا — مِنْ اَرْضٍ اِلٰی اَرْضٍ : ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا(نَبَأَ(ف)نَبْأً) آہستہ آواز نکالنا۔

نَبَّأَ تَنْبِئَۃً و تَنْبِیْئًا و اَنْبَأَ فُلاَنًا الْخَبَرَ و بِالْخَبَرِ : خبر دینا۔ تم کہتے ہو نَبَّأْتُ زَیْدًا عَمْرًوا خَارِجًا یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وَاَنْبَأَ فُلاَنًا :دفع کرنا۔ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔

نَابَاہُ مُنَابَأۃً۔ ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَأَ الْقَوْمُ :دور ہونا۔پڑوس چھوڑ دینا۔

تَنَبَّأَ تَنَبُّؤًا۔دعوی نبوت کرنا۔

اِسْتَنْبَأَ الرَّجُلَ :خبر دریافت کرنا — النَّبَأَ :خبر کی تفتیش کرنا۔

النَّبَأ۔خبر اَنْبَاءٌ۔

النَّبْأَۃ۔ آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔

النُّبُوْءَۃ والنُّبُوَّۃ۔ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔

النَّبِیُّ والنَّبِیُّ۔ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کیلئے نَبَوِیٌّ۔ ج اَنْبِیَاء و نَبِیُّوْنَ و اَنْبَاء و نُبَاء مؤنث نَبِیَّۃٌ۔ ج نَبِیْئَات۔ النَّبِیُّ : واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا نَبِیٌّ کی تصغیر نُبَیِّئٌ اور نَبِیٌّ کی نُبَیٌّ۔

النَّابِی۔فا۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ رَجُلٌ نَابِیٌّ وَسَیْلٌ نَابِیٌّ :ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو۔

نَبَتَ (ن) نَبْتًا و نَبَاتًا الْمَکَانُ : سبزہ زار ہونا — الْبَقْلُ : سبزی کا اگنا ( — نُبُوْتًا) ثَدْیُ الْجَارِیَۃِ :پستان کا ابھرنا۔

نَبَتَ (ن) نَبْتَۃً و نَبَاتًا الْاِنْسَانُ :جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَتَ فُلاَنٌ فِیْ مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی۔

اَنْبَتَ الْمَکَانُ : سبزی والی ہونا — الْبَقْلُ : سبزی کا اگنا — الْغُلاَمُ : لڑکے کا جوان ہونا۔ اَنْبَتَ اللّٰہُ الْبَقْلَ : سبزی اگانا۔صفت مَنْبُوْت۔ خلاف قیاس۔

نَبَّتَ الشَّجَرَ :پودا اگانا — الْحَبَّ :دانہ بونا — الصَّبِیَّ :بچے کی پرورش کرنا۔

تَنَبَّتَ الشَّیْءُ :ظاہر ہونا۔

النَّبْت۔مص۔ سبزی۔ج نُبُوْت۔واحد نَبْتَۃٌ۔

النَّبَات۔مص۔ زمین سے جو کچھ اگے (پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَبَاتَۃٌ۔ ج نَبَاتَات و اَنْبِتَۃ علم النَّبَاتِ :وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال وخواص سے بحث ہو۔

النَّبَاتِیّ۔ماہر علم نبات۔

النَّابِت۔نئی اُگی ہوئی سبزی۔

النَّابِتَۃ۔النَّابِت کا مؤنث۔اولاد۔چوپاؤں کے بچے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ بَنِیْ فُلاَنٍ لَنَابِتَۃُ شَرٍّ" فلاں کی اولاد شر وفساد کے باعث ہیں۔ج نَوَابِت۔

النَّوَابِت :ناتجربہ کار نوجوان۔

النَّبُوْت۔ درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ج نَبَابِیْت۔

النَّبِیْت۔مص۔ درخت۔ پودا۔ درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں۔ج نَبَابِیْت۔

المَنْبِت۔اگنے کی جگہ۔

المَنْبَات۔بہت روئیدگی والی زمین۔

النَّبْوَت۔ خٹخاش کا پودا۔ خرنوب کا درخت ج نَبَابِیْت۔واحد نَبْوَتَۃ۔

نَبَثَ (ن) نَبْثًا الْبِئْرَ : کنواں کھود کر مٹی نکالنا — التُّرَابَ : کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا — عَنِ السِّرِّ و الْاَمْرِ :بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا — فُلاَنٌ : غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ یَنْبُثُ عَنْ عُیُوْبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے۔

اِنْتَبَثَ التُّرَابَ : کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا — الشَّیْءَ :لینا۔

تَنَابَثَ الْقَوْمُ :باہم بحث کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



يَزَالُوْنَ يَتَنَابَزُوْنَ عَنِ الْاَسْرَارِ وَ يَتَبَاحَثُوْنَ عَنِ الْاَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار واخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔

اِسْتَبْحَثَ عَنِ السِّرِّ: تحقیق میں کوشش کرنا۔

النَّبْث۔ نشان۔ ج اَنْبَاث۔

النَّبِیْث۔ شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبِیْثٌ نَبِیْثٌ"

النَّبِیْقَة۔ کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔ بھید ج نَبَائِث۔ کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ نَبَائِثُهُمْ وَلَمْ تَخْفَ خَبَائِثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہوگئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔ نَبِیْقَةُ السَّبُع: ضرورت کے وقت کے لیے چھپایا ہوا گوشت۔

الْاُنْبُوْثَة۔ کوڑی چھپول۔ بچوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔

نَبَجَ (ض) نَبْجًا۔ سخت آواز و درشت کلام ہونا۔ صفت نَبَّاج۔

نَبَجَت (ن) نَبْجًا الْقَبَحَةُ: چکور کا باہر نکلنا۔

اَنْبَجَ۔ کلام میں گڈمڈ کرنا۔ بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔

اِنْبَجَ وَتَنَبَّجَ الْعَظْمُ: سوجنا۔

النَّبْجَة۔ ٹیلہ ج نِبَاج۔

النَّبَّاج۔ جھوٹا۔ كَلْبٌ نَبَّاجٌ و نَبَاجِيٌّ: بھونکنے والا کتا۔

النُّبَاج۔ ناکارہ آدمی۔ گوز۔ نُبَاجُ الْكَلْبِ کتے کی آواز۔

النَّبَّاجَة۔ نَبَّاج کا مؤنث۔ چوتڑ۔ دبر۔

النَّابِجَة۔ مصیبت۔

النَّبَاج۔ بلند ٹیلے۔

النَّبْجَان۔ دھمکی۔ وعید۔ ج نِبَاج۔

المِنْبَج۔ جھوٹے وعدے کرنے والا۔

النُّبَج۔ کالے تھیلے۔

الْاَنْبَج۔ آم۔

النَّبِيح۔ کتے کی آواز۔

نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا و نُبُوْحًا و نَبِيْحًا و نُبَاحًا و نِبَاحًا وَتَنْبَاحًا الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔ صفت نَابِح ج نَوَابِح و نُبَّح و نُبُوْح۔ کہا جاتا ہے "نَبَحَهُ الْكَلْبُ و نَبَحَ عَلَيْهِ" اس پر کتا بھونکا۔ نباح کتے کی آواز کے لیے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ و نَبَحَ الشَّاعِرُ: کہا جاتا ہے "نَبَحَتْنِيْ كِلَابُكَ" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔

نَبَحَ (ف) نَبَاحًا الْهُدْهُدُ: زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔

نَابَحَهُ مُنَابَحَةً الْكَلْبُ: کتے کا کسی پر بھونکنا۔

اَنْبَحَهُ و اِسْتَنْبَحَهُ: بھونکانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الْاَضْيَافُ كَلْبَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔ عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تاکہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے۔ اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔

النُّبُوْح۔ مص۔ قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں۔ اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔

النَّبَّاح۔ تیز بھونکنے والا۔ چھوٹی سفید پیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔ واحد نَبَّاحَةٌ۔

كَلْبٌ نَبَّاحِيٌّ۔ بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔

ظَبْيَةٌ نَبْحَاء۔ مہیانے والی ہرنی۔

المَنْبُوْح۔ جس کو گالی دی جائے۔

نَبَخَ (ن ض) نُبُوْخًا الْعَجِيْنُ: خمیر اُٹھنا۔

اَنْبَخَ الْعَجَّانُ: خمیر اُٹھانا — الرَّجُلُ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔

النَّبْخ و النَّبَخ۔ آبلہ۔ چھالا۔

النَّبْخَة و النَّبَخَة۔ بردیٔ ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔ گند مگ۔

النَّبَخَة و النُّبْخَة۔ نکتہ۔

النَّابِخَة۔ دور کی زمین۔ تکبر سے بولنے والا۔ ج نَوَابِخ۔

الْاَنْبَخ۔ مرد سخت اندام۔ مٹیالے رنگ والا۔ بہت مٹی۔

الْاَرْضُ النَّبْخَاء۔ بلند زمین۔ نرم زمین۔ ج نَبَاخِي۔

النَّبَّاخ و الْاَنْبَخَان مِنَ الْعَجِيْنِ: اُٹھا ہوا خمیر۔

نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشَّيْءَ: پھینک دینا۔ الْاَمْرَ: بے کار کر دینا — الْعَهْدَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَذَ اِلَى الْعَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔

نَبَّذَ و نَبَذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا — الْعِنَبَ او التَّمْرَ: نبیذ بنانا۔ و نَبَّذَ الشَّيْءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

نَبَذَ (ض) نَبْذًا و نَبَذَانًا عِرْقُهُ: رگ کا حرکت کرنا (نبض میں ایک لغت ہے)

نَابَذَهُ مُنَابَذَةً و نِبَاذًا: دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا — هُ الْحَرْبَ: اعلان جنگ کرنا۔

هُ فِي الْبَيْعِ: بیع منابذہ کرنا۔ اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ' بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنَابَذُوْا: باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا — الْعِنَبَ او التَّمْرَ: نبیذ بنانا — عَنِ الْقَوْمِ: قوم سے جدا ہونا — فُلَانٌ: گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ اِلٰى نَاحِيَةٍ و اِنْتَبَذَ مَكَانًا" اس نے گوشہ بعید میں اپنے لیے جگہ بنالی۔

النَّبْذ۔ مص۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهُ وَبَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ" اس کا مال برباد ہوگیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذ۔ اَنْبَاذُ النَّاسِ اوباش لوگ۔

النَّبْذَة و النُّبْذَة۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ نَبْذَةً" وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ اور کبھی چیز کے ٹکڑے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذ۔

النَّبِيذ۔ پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيْذَة۔ انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ شراب۔ ج اَنْبِذَةٌ۔

النَّبَّاذ۔ نبیذ بیچنے والا۔

المَنْبُوْذ۔ مغم۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کیلئے مستعمل ہے۔

المِنْبَذَة۔ تکیہ۔ ج مَنَابِذ۔

نَبَرَ (ض) نَبْرًا۔ الْغُلَامُ: بڑھنا — المُغَنِّي: گویئے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا — الرَّجُلَ: ڈانٹنا — هُ بِلِسَانِهِ: غیبت کرنا — الْحَرْفَ: ہمزہ لگانا — الشَّيْءَ: بلند کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الزُّمْحُ عَنْهُ :جلدی سے اُٹھانا۔
اَنْبَرَ الْاَنْبَارَ۔ کٹھیلا بنانا۔
اِنْبَرَ الْجُرْحُ : زخم کا سوجنا — الْخَطِیْبُ : خطیب کا منبر پر چڑھنا — الْجَسَدُ : جسم کا سوجنا
اِنْبَرَتْ یَدُهٗ :ہاتھ میں آبلہ ہونا۔
النَّبْر۔ مص۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا" اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔
النِّبْر۔ ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پستہ قد۔ ج نِبَار و اَنْبَار۔
النِّبْر و الْاَنْبَار۔ کٹھیلا۔ غلّہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنَابِر و اَنَابِیْر و اَنْبَارَات۔
النَّبْرَة۔ نَبر کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصّہ۔
النُّبَرَة۔ بڑا لقمہ۔ ج نُبَر۔
النَّبِیْر۔ پنیر۔ تم کہتے ہو "اَکَلْنَا النَّبِیْر" ہم نے پنیر کھایا۔
النُّبَیْر۔ مردوانا۔
النَّبُوْر۔ چوڑ سوہر۔
النَّبَّار۔ چلّانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْکَلَامِ" یعنی مرد فصیح۔
الْمِنْبَر۔ بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنَابِر۔
قَصَائِدُ مُنَبَّرَةٌ و مُنَبْرَزَة۔ ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔
النِّبْرَاس۔ چراغ۔ النِّبْرَاس : تیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبَارِیْس۔ النَّبَارِیْس قریب قریب کنوئیں۔
النِّبْرِیْس۔ ہوشیار ماہر۔
نَبَزَهٗ (ض) نَبْزًا و نَبَزَهٗ۔ عیب لگانا — هٗ بِکَذَا :برا لقب دینا۔
تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَاب : ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔
النَّبَز۔ برا لقب۔ ج اَنْبَاز۔
النَّبِیْز۔ حسب اور عادات میں کمینہ۔
النُّبَزَة۔ لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نُبْسَةً و نَبَّسَ بِالْمَجْلِسِ : بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَسَ بِکَلِمَةٍ" — السِّرَّ :بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ :حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔
اَنْبَسَ۔ جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔
النُّبُس۔ بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔
رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ : ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْسَاء ج نُبْس۔
نَبَشَ (ن) نَبْشًا۔ الشَّیَ الْمَسْتُوْرَ :ظاہر کرنا — الْکَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ :کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبَشَ الْقَبْرَ" — الْحَدِیْثَ : نکالنا — السِّرَ :پھیلانا — عَنِ الْاَسْرَارِ :بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِیَالِهٖ :کمائی کرنا۔
اِنْتَبَشَ الشَّیَ مِنَ الْاَرْضِ :کھود کر نکالنا۔
النِّبْش۔ ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔
النَّبِیْشَة۔ زمین یا کنواں کھدا ہوا۔
النَّبَّاش۔ اسم مبالغہ۔ کفن چور۔
النِّبَاشَة۔ کفن چور کا پیشہ۔
الْاَنْبُوْش۔ جو کھودا جائے۔ الْاُنْبُوْش و الْاُنْبُوْشَة : جڑ سے اُکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنَابِیْش
اَنَابِیْش الْعُنْصُلِ و نَحْوِهٖ :جنگلی پیاز کی جڑیں۔
نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِی الْمَجْلِسِ :بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَصَ بِکَلِمَةٍ" نَبس میں ایک لغت ہے۔ اور نَبَسَ افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ :بال اُکھیڑنا۔
نَبَصَ (ض) نَبِیْصًا الطَّائِرُ : پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔
النَّبْص۔ مص۔ سبزی کی کونپل۔
النَّبْصَة۔ نبض کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضَانًا الْعِرْقُ : رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْاَمْعَاءُ : مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ : بجلی کا آہستہ چمکنا (— نَبْضًا)

الشَّعْرَ :بال اُکھیڑنا۔
نَبَصَ (ن) نُبُوْصًا۔ الْمَاءُ :پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔
نَبَضَ فِی الْقَوْسِ و اَنْبَضَ الْقَوْسَ و عَنِ الْقَوْسِ و فِی الْقَوْسِ : آواز نکلنے کیلئے تانت کھینچنا اَنْبَضَ الْوَتْرَ و بِالْوَتْرِ : آواز نکلنے کے لیے کھینچنا۔
النَّبْض۔ دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج اَنْبَاض و النَّبْضَة۔ ایک ضرب نبض کی۔
فُؤَادٌ نَبْضٌ و نَبَضٌ و نَبِضٌ۔ تیز دل۔
النَّابِض۔ فا۔ تیر انداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نَبَضَ نَابِضُهٗ" اس کا عضلہ بھڑکا۔
الْمَنْبِض۔ نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج مَنَابِض۔
الْمِنْبَض۔ دھینے کی کمان۔ ج مَنَابِض۔
نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا و نُبُوْطًا الْمَاءُ : زمین یا چشمہ سے اُبلنا۔ نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا و نَبَّطَ و اَنْبَطَ و تَنَبَّطَ و اِسْتَنْبَطَ۔ الْبِئْرَ :کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نَبَطَ و اَنْبَطَ و اِسْتَنْبَطَ الشَّیَ :پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ اَنْبَطَ الْحَکَمُ :اجتہاد سے نکالنا۔ اَنْبَطَ فِیْهِ :اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهٗ :ایجاد کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَیْرًا : نکالنا۔ اِسْتَنْبَطَ الْفَقِیْهُ :فقیہ کا اپنی سمجھ سے قرآن و حدیث کے باطنی معنی کو نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ و اَنْبَطَ رَایًا حَسَنًا و مَعْنًی صَائِبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ الْعَرَبُ : نبطی ہونا۔
تَنَبَّطَ۔ نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔
اِنْتَبَطَ الْکَلَامَ :اجتہاد سے نکالنا۔
النَّبَط۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِیْبُ الثَّرٰی یَعِیْدُ النَّبَطَ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج اَنْبَاط و نُبُوْط : مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُدْرَكُ نَبَطُهٗ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔
النَّبَط۔ ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کیلئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے كَلِمَةٌ نَبَطِيَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِيٌّ و نَبَاطِي و نَبَاطٌ۔ ج اَنْبَاط و نَبِيط۔

النُّبْطَة۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

الْاَنْبَط مِنَ الْخَيْلِ: بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاء ج نُبْط۔

نَبَعَ (ن) و نَبِعَ (س) و نَبَعَ (ک) نَبْعًا و نُبُوْعًا و نَبَعَانًا الْمَاءُ: چشمہ سے نکلا۔

تَنَبَّعَ الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔

النَّبْع۔ مص۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوْا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وَمَا رَاَيْتُ اَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا — عِنْدَ المولدين: پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوْ اِقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَاَوْرَى نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کیلئے بیان کی جاتی ہے اسلئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ نہیں پکڑتی۔

النَّبْعَة۔ النَّبْع کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيْمَةٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔

النَّابِعَة۔ النابع کا مؤنث۔ ج نَوَابِع۔

نَوَابِعُ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔

النَّبِيْع۔ پسینہ۔

النَّبَّاعَة۔ ذُبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہو جائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔

النَّبْعِيَّة۔ درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔

الْمَنْبَع۔ چشمہ۔ ج مَنَابِع۔

الْيَنْبُوْع۔ چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ ج يَنَابِيْع۔ کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللّٰهُ يَنَابِيْعَ الْحِكْمَةِ عَلٰى لِسَانِهٖ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کر دیئے۔

نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوْغًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا — الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے نکلنا الْوِعَاءُ بِالدَّقِيْقِ: چھننا — الشَّرُّ: پھیلنا' ظاہر ہونا — رَاْسُهٗ: سر میں بھوسی ہونا — الرَّجُلُ: عمدہ اشعار کہنا — فِي الْعِلْمِ وَغَيْرِهٖ: فائق ہونا — فِي الدُّنْيَا: آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِيْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہو گیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔

اَنْبَغَ الْبَلَدَ: شہر میں بہت آنا جانا — النَّاخِلُ: آٹا چھاننا۔

النَّبْغ و النُّبَاغ: چکی کا غبار۔

نَبَغَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

النَّابِغَة۔ ج نَوَابِغ۔ فصیح۔ مرد عظیم الشان النَّوَابِغ: آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب۔ اور نسبت کے لیے النَّابِغِي۔ النَّوَابِغ: مادہ لومڑیاں۔

النَّابِغَة۔ کلمہ فصیحہ۔

النَّبِيْغ۔ مرد عظیم الشان۔ ج نُبَغَاء۔

النُّبَاغ و النُّبَاغ و النُّبَاغَة و النُّبَّاغَة۔ آٹا۔ سر کی بھوسی۔ مَحَجَّةٌ نُبَاغَةٌ: گرد و غبار والا راستہ۔

نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا۔

الرَّجُلُ: لکھنا۔

نَبَّقَ الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا — الرَّجُلُ لکھنا — الْكِتَابَ: ترتیب سے لکھنا — الشَّجَرَ: ترتیب سے پودے لگانا — النَّخْلُ: خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔

نَبَقَ و نَبَّقَ و اَنْبَقَ۔ وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔

اِنْتَبَقَ الْكَلَامَ: نکلوانا۔

النَّبَق۔ مص۔ میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنہ سے بنایا جاتا ہے۔

النَّبَق و النِّبَق و النَّبِق و النَّبَق۔ بیری واحد۔ نَبَقَةٌ۔

النَّبِيْقَة۔ انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ جبکہ بڑی ہو جائے۔ ج نَبَائِق۔

نَبَكَ (ن) نُبُوْكًا و انْتَبَكَ الْمَكَانُ: بلند ہونا۔

النَّابِك۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَابِكٌ و اَرْضٌ نَابِكَةٌ" ج نَوَابِك۔

النَّبْكَة و النَّبَكَة۔ نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبَك و نَبْك و نِبَاك و نُبُوْك۔ النَّبَكَة درخت کی جڑ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلًا الرَّجُلَ: تیر مارنا یا تیر دینا نَبَلَ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا — هُ بِالطَّعَامِ: تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا — الرَّجُلُ: تیز چلنا — الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا — هُ: نجابت و شرافت میں غالب ہونا — بِهٖ: نری برتنا — عَلَى الْقَوْمِ: تیر اندازی کے لیے چن چن کے دینا۔

نَبُلَ (ک) نَبَالَةً۔ نجیب و شریف ہونا۔ صفت نَبْل و نَبِيْل۔ مؤنث نَبْلَة و نَبِيْلَةٌ ج نِبَال و نَبَائِل و نَبْلَات و نَبِيْلَات۔ نَبُلَ عَنْ كَذَا: بڑا ہونا۔

نَبَّلَ الرَّجُلُ: تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔

اَنْبَلَه۔ تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاح: موٹے بدنما تیر بنانا — النَّخْلُ: درخت خرما میں کچی کھجوریں ہونا۔

نَابَلَهٗ مُنَابَلَةً۔ نجابت و شرافت میں مقابلہ کرنا۔

تَنَبَّلَ۔ ذکی ہونا۔ نجیب و شریف ہونا۔ اذکیاء و شرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا — الْمَالَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ: حوادث کا بڑا ہونا۔

تَنَابَلَ الْقَوْمُ: شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَبَلَ۔ مرنا اور بد بودار ہونا — فُلَانًا: قتل کرنا — الْخَطْبُ: حادثہ کا بڑا ہونا — لِلْاَمْرِ: خبردار اور مستعد ہونا — الشَّيْءَ: یکبارگی اور جلدی اٹھانا۔

اِسْتَنْبَلَ الْمَالَ: عمدہ لینا — الرَّجُلَ: تیر طلب کرنا۔

النَّبْل۔ مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَة ج نِبَال و اَنْبَال و نُبْلَان۔ نَبْلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔

النُّبْل۔ ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَة" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَّبَل و النُّبَل۔ بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبْلَة و نُبْلَة۔

رَجُلٌ نَبِيْلٌ۔ مرد شریف۔ مؤنث نَبِيْلَةٌ۔

النُّبْلَة۔ عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ و نُبْلَةُ كُلِّ شَيْءٍ: عمدہ چیز۔ ج نُبْلَات۔

النَّبَالَة۔ مص۔ ذکاوت۔ نجابت و شرافت و فضیلت۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



النِّبَالَة- تیر سازی کا پیشہ-
النُّبَالَة- کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان- کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبَالَتَهٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا-
النَّبل و النَّبِیل- شرافت والا- فضیلت والا
النَّبِیل: بڑے جسم والا- اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ نَبِیلُ الرَّای" وہ عمدہ رائے والا ہے- ج نِبَال-
النَّبِیلَة- نَبِیل کا مؤنث- مروارج نَبَائِل-
النَّابِل- ج نُبَّل و نَبل و النَّبَال- ج نَبَّالَة: تیر والا- تیر انداز- تیر ساز- تیر اندازی میں ماہر کہتے ہیں "اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ" مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے- کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے-
الْاَنْبَل- اسم تفضیل- تیر اندازی کا زیادہ جاننے والا-
النِّبْبَال و النِّبَالَة- دیکھئے- تنبل-
نَبِهَ (س) نَبَهًا- لِلْاَمْرِ: سمجھ جانا-
نَبِهَ (س) نُبْهًا مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا-
نَبُه (ن) و نَبِهَ (س) و نَبَهَ (ک) نَبَاهَةً شریف ہونا- مشہور ہونا- صفت نَابِهٌ وَنَبَهٌ وَنَبِیهٌ-
نَبَّهَهٗ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار کرنا — هٗ عَلَی او اِلَی الْاَمْرِ: واقف کرنا- جتلانا- نَبَّهَ بِاسْمِهٖ مشہور کرنا- گنوا کر نکالنا-
اَنْبَهَهُ الْحَاجَةَ: بھولنا — هٗ مِنَ النَّوْمِ: بیدار کرنا-
تَنَبَّهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا — عَلَی او لِلْاَمْرِ: واقف ہونا- سمجھ جانا-
اِسْتَنْبَهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا-
النُّبْه- سمجھ-
النَّبَه- مص- کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش و جستجو کے مل جائے- کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ نَبَهًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پالیا- مشہور- شئے موجود-
النَّبَاهَة- شرافت- سمجھ- شہرت-
النَّابِه و النَّبَه و النَّبِیه- شریف- سمجھ دار- شہرت والا- ج نُبَهَاء اَمْرٌ نَابِهٌ: بڑا کام- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَهٌ" مرد شریف و "قَوْمٌ نَبَهٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے لیے اس لیے کہ مصدر ہے)
النَّبَاه- اوپر کو نکلا ہوا بلند-
المَنْبَهَة- سبب بیداری- کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَةٌ عَلٰی كَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے-
رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الِاسْمِ: مشہور و معروف-
نَبَا یَنْبُوْ نَبْوَةً و نُبُوًّا و نُبِیًّا بَصَرُهٗ: نگاہ کا دھندلا ہونا- صفت نَابٍ — الشَّیْءُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (— نَبْوًا و نَبْوَةً) السَّیْفُ عَنِ الضَّرِیْبَةِ تلوار کا اچٹ جانا — جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا — السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا — الطَّبْعُ عَنِ الشَّیْءِ: نفرت کرنا — عَنِ الشَّیْءِ: زائل ہونا — بِیْ فُلَانٌ: ظلم کرنا- کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِیْ تِلْكَ الْاَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی — الْمَكَانُ بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا — عَلَیْهِ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: کھرا نہ ہونا- صاف نہ ہونا- نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا- یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے-
اَنْبَی السَّیْفَ: تلوار کو کند کرنا-
النَّبْوَة- مص- نَبْوَةُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی (— و النَّبَاوَة) بلند زمین-
النَّبِیّ و النُّبُوَّة: پیغامبر و پیغامبری- (دیکھئے مادہ نبأ) و النَّبِیّ مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین-
النَّبَاءَة- شرافت و ریاست کی طلب- پیش قدمی-
النَّبْو- بلندی و ارتفاع-
النَّابِی- چوکنے والی تلوار یا تیر- موٹا- لڑائی میں پشت پھیرنے والا-
النَّابِیَه- النابی کا مؤنث- کمان-
نَتَّ (ض) نَتًّا و نَتِیْتًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا-
نَتَّ (ن) نَتًّا و نَتِیْتًا مِنْخَرَهٗ: غصے سے نتھنے پھلانا-
نَتَّتَ الْخَبَرَ: بیان کرنا-
تَنَتَّتَ الرَّجُلُ: صفائی کے بعد کندہ ہونا-
النُّتَّة- پھٹا ساگڑھا جس میں پانی جمع ہو-
نَتَأَ (ف) نَتْأً و نُتُوْءًا الشَّیْءُ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا- بلند ہونا- پھولنا — الْقَرْحَةُ: زخم کا سوجنا — الثَّدْیُ: پستان ابھرنا — الْجَارِیَةُ: بالغ ہونا — عَلَی الْقَوْمِ: ظاہر ہونا- اِنْتَتَأَ الشَّیْءُ: بلند ہونا-
النَّاتِئ- فا- ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ- اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے ناتِئ جیسے قَارِئ و قَارِی-
النُّتُوء- مص (— و النَّتَاءَة) ٹیلہ-
نَتَبَ (ن) نُتُوْبًا الشَّیْءُ: بمعنی نَتَأَ-
نَتَجَ (ض) نَتْجًا الْمَاخِضَ مِنَ الْبَهَائِمِ: بچہ جننے میں خبر گیری کرنا- صفت نَاتِجٌ- بہیمہ کو مَنْتُوْجَة اور بچے کو نَتِیْجَةٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَهَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا- و نَتَجَ الرَّجُلُ الْحَامِلَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا- نَتَجَ الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ: نتیجہ نکلنا-
نَتَجَتْ و نُتِجَتْ نِتَاجًا و اُنْتِجَتِ الْبَهِیْمَةُ وَلَدًا: جننا- و نُتِجَ الْوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ": بارش برسانا-
نُتِجَ الْقَوْمُ: بچہ والی مویشی کا مالک ہونا-
نَتَّجَ- بمعنی نَتَجَ- تشدید تکثیر کے لیے ہے-
اَنْتَجَ الْقَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا- جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا- اَنْتَجَتِ الْبَهِیْمَةُ: جننے کے قریب ہونا- صفت نَتُوج اور مُنْتِج نہیں کہا جاتا- اَنْتَجَ الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ: نتیجہ نکالنا-
اَنْتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ: بارش برسانا-
تَنَتَّجَتِ الْبَهِیْمَةُ: ولادت کے وقت بچہ و تاب کھانا- اِنْتَتَجَتْ و تَنَاتَجَتِ الْاِبِلُ: بچہ جننا و اِنْتَتَجَتِ النَّاقَةُ غیر معروف جگہ میں بچہ دینا-
اِسْتَنْتَجَ- بچہ جنوانا- نتیجہ نکالنا-
النِّتَاج- جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَةِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل ہے-
النَّتِیجَة- بچہ- نتیجہ- ج نَتَائِج- اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلَانٍ نَتَائِج" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں-
النَّاتِج- فا- لِلْبَهَائِمِ: جنانے والا-
النَّتُوج- حاملہ چوپایہ-
المَنْتَج- بچہ جننے کا وقت-
المِنْتَجَة- دبر-

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا و نُتُوْحًا الْعَرَقُ : پسینہ نکلنا — الدَّسمُ مِنَ الْاِنَاءِ : چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَهُ الْحَرُّ : پسینہ لانا۔

اِنْتَتَحَ الشَّیْءَ : اُکھیڑنا۔

النَّتْح۔ مص۔ پسینہ۔

النُّتُوْح۔ مص۔ درخت کا گوند۔

زِقٌّ نَتَّاحٌ۔ ٹپکنے والی مشک۔ المَنْتِح۔ جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَنَاتِح۔

المِنْتَحَة۔ دبر۔

نَتَخَ (ض) نَتْخًا الشَّیْءَ : اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَخَ الْقَلَّاعُ الضِّرْسَ" دانت اُکھیڑنے والے نے داڑھ اُکھیڑلی و نَتَخَتْهُ الْمَنِیَّةُ مِنْ بَیْنِ قَوْمِهٖ" موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نتخ البازی اللحمَ : باز کا چنگل سے جھپٹا مارنا — اِلَیْهِ بِبَصَرِهٖ : دیکھنا — الثَّوْبَ بِالذَّهَبِ : سونے سے بُننا — فُلَانًا : اہانت کرنا (— نَتِیْخًا و نَتَخَ) بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا نَتَخَ عَلٰی مِلَّةِ کَذَا : ثابت قدم رہنا۔

المِنْتَاخ۔ موچنا۔ تم کہتے ہو "نَتَخْتُ الشَّوْکَةَ مِنْ رِجْلِیْ بِالْمِنْتَاخ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔

نَتَرَ (ن) نَتْرًا الشَّیْءَ : سختی سے کھینچنا۔ اچک لینا — الْقَوْسَ : کمان کھینچنا — الثَّوْبَ بِالْاَصَابِعِ او الْاَضْرَاسِ : کپڑے کو پھاڑنا' ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الْکَلَامَ : درشت کلامی کرنا — هٗ بِالرُّمْحِ : سخت نیزہ مارنا۔

نَتِرَ (س) نَتَرًا الشَّیْءُ : فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔

اِنْتَتَرَ۔ کھینچا۔ کہا جاتا ہے "نَتَرَهٗ فَانْتَتَرَ" اس نے اسے سختی سے کھینچا وہ کھنچ گیا اِنْتَتَرَ فِیْ مَشْیِهٖ چلتے ہوئے ٹیک لگانا۔

النَّتْر۔ مص۔ کام میں کمزوری و سُستی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "قَابَلْتُهٗ بِنَتْرٍ" میں نے اس کا سختی سے مقابلہ کیا" و اِطْعَنُوْا النَّتْر" زور سے نیزہ مارو۔

النَّتْرَة۔ نتر کا اسم مرۃ۔ پار ہو جانے والی ضرب نیزہ۔ ج نَتَرات۔

النَّابِرَة : ٹانت ٹوٹی ہوئی کمان۔ ج نَوَابِر کہا جاتا ہے کَلَّمْتُهٗ مُنَابَرَةً میں نے اِس سے بلند آواز سے گفتگو کی۔

نَتَشَ (ض) نَتْشًا الشَّوْکَةَ و نَحْوَهَا : نکالنا الشَّعْرَ : بال اُکھیڑنا — اللَّحْمَ و نَحْوَهٗ : گوشت وغیرہ کو دانت سے نوچنا — الْجَرَادُ الْاَرْضَ : زمین کی سبزی کھا جانا — الرَّجُلُ لِعِیَالِهٖ : کمائی کرنا — هٗ بِالْعَصَا : لاٹھی مارنا — الْحَجَرَ بِرِجْلِهٖ : پتھر کو پاؤں سے ہٹا دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَتَشْتُ مِنْ فُلَانٍ شَیْئًا" میں نے فلاں سے کچھ نہیں حاصل کیا اور کچھ نہیں لیا۔

نَتَشَ (ض) نَتْشًا و تَنَاشًا الرَّجُلَ : پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرنا۔

اِنْتَشَ النَّبَاتُ : نباتات کا زمین سے ظاہر ہونا (قبل اس کے کہ پہچانی جاسکے کہ کیا ہے)

النَّتَش۔ ابتدائی روئیدگی۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْتَاش۔ موچنا۔

تَنَاتِیْشُ الدَّیْنِ : قرض کا بقایا۔

نَتِصَ (ن) نُتُوْصًا الْجِلْدُ : داد وغیرہ جیسے مرض سے چھلکے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے اِنْتَصَتِ السِّنُّ السِّنَّ۔

نَتَعَ (ن ض) نُتُوْعًا الدَّمُ مِنَ الْجُرْحِ او الْمَاءُ مِنَ الْعَیْنِ : خون کا زخم سے یا پانی کا چشمہ سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔ صفت نَاتِع۔

اَنْتَعَ الرَّجُلُ : سخت پسینہ آنا — الْقَیْءُ : بہت قے ہونا۔

نَتَغَ (ن ض) نَتْغًا الرَّجُلَ : عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔ تہمت رکھنا۔

اَنْتَغَ۔ ہنسی اڑانا — هٗ : غیبت کرنا۔

المِنْتَغ۔ وہ شخص جس کی عادت لوگوں کی غیبت کرنے کی ہو۔

نَتَفَ (ض) نَتْفًا و نَتَفَ و اِنْتَتَفَ الشَّعْرَ او الرِّیْشَ و نَحْوَهٗ : بال یا پر نوچنا۔ اُکھیڑنا نَتَفَ فِی الْقَوْسِ : آہستہ کھینچنا۔

اَنْتَفَ الْکَلَا : اُکھیڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْتَتَفَ و تَنَتَّفَ و تَنَاتَفَ الشَّعْرُ او الرِّیْشُ : بال یا پر اُکھیڑا جانا۔

النُّتْفَة۔ گھاس وغیرہ جو انگلیوں سے اُکھیڑی جائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ نُتْفَةً مِنَ الطَّعَامِ وَغَیْرِهٖ" یعنی اس نے اسے تھوڑا سا کھانا دیا۔ اور ایسا ہی "اَفَادَهٗ نُتْفَةً مِنْ عِلْمٍ" اس نے اسے تھوڑا سا علم سکھلایا۔ ج نُتَف۔

النُّتَافَة۔ وہ شخص جو علم وغیرہ کو پوری طرح سے حاصل نہ کرسکے۔

النُّتَاف و النُّتَافَه۔ جو اُکھیڑتے ہوئے گرے۔

النَّتِف و النَّتِیْف۔ اُکھیڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "غُرَابٌ نَتِفُ الْجَنَاحِ" پر وبال نچا ہوا کوا۔

النَّتُوْف۔ داڑھی کے بال اُکھیڑنے کا شائق۔

المِنْتَاف۔ سوچنا۔ چٹی۔

نَتَقَ (ن ض) نَتْقًا الْجِرَابَ : توشہ دان کو جھاڑنا — الْجِلْدَ : کھال اتارنا — الشَّیْءَ : پھاڑنا۔ ہلانا۔ بلند کرنا۔ پھیلانا۔ نَتَقَتِ الْمَرْاَةُ او النَّاقَةُ : بہت بچوں والی ہونا۔ صفت نَاتِق و مِنْتَاق۔ عوام النَّتْق و النِّتَاق کوتے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اس سے افعال بناتے ہیں۔

نَتِقَ (ن ض) نَتَقًا و نُتُوْقًا الدَّابَّةُ رَاکِبَهَا و بِرَاکِبِهَا : چوپایہ کا اپنے سوار کو تھکا دینا۔

اَلْنَتَق۔ توشہ دان جھاڑنا۔ بہت بچوں والی عورت سے نکاح کرنا۔ اپنا گھر غیر کے گھر کے مقابل بنانا۔

اِنْتَتَقَ الشَّیْءُ : کھنچ جانا — الْجِرَابُ : توشہ دان جھاڑا جانا۔

النَّاتِق۔ فا۔ آگ دینے والا چقماق۔ گھوڑا جو اپنے سوار کو تھکا دے۔ ماہ رمضان۔ کہا جاتا ہے "بَنٰی دَارَهٗ نِتَاقَ دَارِیْ" اس نے اپنا گھر میرے گھر کے سامنے بنایا۔

نَتَكَ (ض) نَتْكًا الشَّعْرَ : بال اُکھیڑنا۔

نَتَلَ (ض) نَتْلًا الشَّیْءَ : آگے کھینچنا۔ فُلَانًا : ڈانٹنا — الْجِرَابَ : توشہ دان جھاڑنا یا سب کچھ نکال دینا (— نَتْلًا و نُتُوْلًا و نَتَلَانًا) مِنْ بَیْنِ اَصْحَابِهٖ : آگے بڑھ جانا۔

اِنْتَتَلَ۔ سبقت کرنا۔

تَنَاتَلَ النَّبْتُ : پیچیدہ ہونا اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا۔

اِسْتَنْتَلَ مِنْ بَیْنِ اَصْحَابِهٖ : پیش قدمی کرنا — لِلْاَمْرِ : تیاری کرنا — الْقَوْمُ عَلَی الْمَاءِ : پانی پر پہلے پہنچ جانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



النَّثْل والنَّثَل۔ شتر مرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑے کے زمانہ میں دُور دُور میدانوں میں زمین کے اندر دبا دیا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں جب پانی کی ضرورت پڑے تو کام آئے۔ رَجُلٌ نَثْلٌ: مروپتہ قد۔

النَّثِیْلَة۔ وسیلہ۔

نَثَنَ (ض) ونَثِنَ (س) نَثْنًا ونَثَنَ (ک) نَثَانَةً و نَثُوْنَةً و اَنْثَنَ۔ بدبودار ہونا۔ صفت نَثِنٌ و نَثِیْن و مُنْثِن و مِنْثِن اور نَتِن کی مؤنث نَثْنٰی جیسے زَمِن کی زَمْنٰی۔

نَثَّنَ الشَّیْءَ: بدبودار کرنا۔

النَّیْثُوْن۔ ایک بدبودار درخت۔

المِنْثِیْن۔ بدبو دار۔ ج مَنَاتِیْن۔ کہا جاتا ہے "رِجَالٌ او اَبَاطٌ مَنَاتِیْن" بدبو دار لوگ۔ یا بدبودار بغل۔

المَنَاتِن۔ بدبو کی جگہیں۔ واحد مَنْتَن۔

نَثَاثَنُوْنُوَّةُ العَضْوُ: سوجنا۔ صفت نَاثٌ۔

اَنْثٰی اِنَاثًا۔ پیچھے ہٹنا ــــ ہٗ: صورت و سیرت میں مشابہ ہونا۔

تَنَثّٰی عَلَیْہِ: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔

اِسْتَنْثٰی اِسْتِنْثَاءَ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔

نَثَّ (ن ض) نَثًّا الْخبرَ: پھیلانا ــــ الجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔

نَثَّ (ض) نَثًّا ونَثِیْثًا الزِّقُّ: مشک کا ٹپکنا ــــ الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا ــــ العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔

تَنَاثَّ القَوْمُ الْاَخْبَارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔

النَّثُّ۔ مص۔ نمناک دیوار۔

النِّثَاث۔ زخم پر لگانے کا تیل۔

النَّثِیْثَة۔ مشک سے ٹپکا ہوا۔

النَّثَّاث والمِنَثّ۔ بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔

النُّثَّاث۔ غیبت کرنے والے۔ واحد نَاثٌّ۔

المِنَثَّة۔ اون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَنَاثُّ و مِنَثَّات۔

نَثِتَ (س) نَثَتًا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

نَثَجَ (ض) نَثْجًا بَطْنَہٗ بِالسِّکِّیْن: پیٹ پھاڑنا۔

مَافِی بَطْنِہٖ: آنتوں کو خالی کرنا۔

اِسْتَنْثَجَ۔ اَحَدُ العِدْلَیْن: ڈھیلا پڑ جانا۔

اَلنِّثْج۔ بزدل۔ بے برکت۔

المِنْثَجَة۔ دبر۔

نَثِدَ (س) نُثُوْدًا الرَّجُلُ: ٹھہرنا ــــ الکَمْاَةُ: سانپ کی چھتری کا اُگنا۔

نَثَرَ (ن ض) نَثْرًا و نِثَارًا الشَّیْءَ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا ــــ الدِّرْعَ مِنْہُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نَثَرَتِ المَرْاَةُ بَطْنَھَا" یعنی اس کے بچے مُردہ ہوئے "وَاَخَذَ فُلَانٌ دِرْعًا فَنَثَرَھَا عَلٰی نَفْسِہٖ" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔

نَثَرَتْ (ض) نَثِیْرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کیلئے ہے جیسے عُطَاس آدمیوں کے لئے۔

اَنْثَرَ۔ ناک جھاڑنا ــــ ہٗ: ناک کے بل گرانا۔

نَثَّرَ۔ الشَّیْءَ: بکھیرنا۔

تَنَثَّرَ و تَنَاثَرَ و اِنْتَثَرَ۔ الشَّیْءُ: بکھرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاثَرَ القَوْمُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔

اِنْتَثَرَ و اِسْتَنْثَرَ۔ ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔

النَّثْر۔ مص۔ ضد نظم۔

النَّثْرَة۔ نثر کا اسم مرۃ۔ کلام نثر کا ایک ٹکڑا۔ نتھنا اور اس کا اردگرد۔ چھینک۔ کشادہ زرہ۔ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

النَّثِر والمِنْثَر و النَّیْثَرَان۔ بہت بولنے والا۔ بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔

رَجُلٌ نَثُوْرٌ او امْرَاَةٌ نَثُوْرَةٌ۔ بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔

النَّثِیْر۔ بکھیرا ہوا۔ کلام نثر۔ کہا جاتا ہے "کَاَنَّ لَفْظَہٗ نَثِیْر الدُّرِّ والدُّرُّ النَّثِیْرُ" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔

النُّثَارَة والنِّثَار والنَّثْر۔ بکھری ہوئی چیزیں۔

النِّثَار۔ مص۔ شادی کے موقعہ پر جو بکھیرا جائے۔

النَّاثِر۔ فا۔ نثر بولنے والا یا لکھنے والا۔ نَخْلَةٌ نَاثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔

المُنْتَثِر۔ مفعم۔ بیچ و ناکارہ آدمی۔

المِنْثَار۔ کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔

المَنْثُوْر۔ مفع۔ مِنَ الْکَلَام: ضد منظوم

المَنْثُوْر: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ۔ واحد مَنْثُوْرَة۔

نَثَطَہ (ن) نَثْطًا ــــ فُلَانًا: بوجھل کرنا۔

اَلْکَمْاَةُ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (ــــ نَثْطًا و نُثُوْطًا) ساکن ہونا' قرار پانا۔

نَثَّطَہٗ۔ آرام دینا۔

اَنْثَغَ۔ بہت قے کرنا ــــ القَیْءُ او الدمُ: قے یا خون نکلنا۔

نَثَلَ (ن) نَثْلًا الْفَرَسُ و کُلُّ ذِی حَافِرٍ: لید کرنا۔

نَثَلَ (ن ض) و اِنْتَثَلَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا ــــ الجِرَابَ: توشہ دان خالی کرنا ــــ الکِنَانَة: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا۔

نَثَلَ الدِّرْعَ عَنْہُ: زرہ کو اتار پھینکنا ــــ اللَّحْمَ فِی الْقِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈالنا ــــ عَلٰی فُلَانٍ دِرْعَہٗ: زرہ پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "نُثِلَتْ حَفْرَتُہٗ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔

اَنْثَلَ البِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

تَنَاثَلَ القَوْمُ اِلَیْہِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔

اِسْتَنْثَلَ الْکِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔

النَّثَل۔ کھودا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بِئْرُکَ نَثَلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔

النَّثْلَة نَثَلَ کا اسم مرۃ۔ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ کشادہ زرہ۔

النَّثِیْل۔ لید۔

النُّثَالَة والنَّثِیْلَة۔ کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔ بقیہ النَّثِیْلَة: موٹا گوشت۔

المِنْثَلَة۔ زنبیل۔

نَثَمَ (ض) نَثْمًا و انْتَثَمَ۔ فحش بکنا۔

نَثَا یَنْثُو نَثْوًا الْحَدِیْثَ: بیان کرنا۔ پھیلانا ــــ الشَّیْءَ: متفرق کرنا ــــ فُلَانًا: غیبت کرنا عَلَیْہِ قَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔

تَنَاثَی القَوْمُ الْحَدِیْثَ: آپس میں ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دوسرے سے کہنا — الشَّیْءَ : ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَّاتِی۔ فا۔ غیبت کرنے والا۔
النَّتْفَۃ۔ لوگوں کی عیب جوئی۔
النَّتَا۔ کسی کے متعلق اچھی یا بری خبر۔
نَثَی یَنْثِی نَثْیًا الْخَبَرَ : بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثٰی مِنَ الشَّیْءِ : ناک بھوں چڑھانا۔ فُلَانًا : غیبت کرنا۔
نَجَّ (ض) نَجًّا و نَجِیْجًا الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔ صفت نَجُوج — الْقَرْحَۃَ : زخم سے مواد بہانا۔
نَجَّ (ن) نَجًّا الشَّیْءَ مِنْ فِیْہِ : منہ سے پھینکنا۔
نَجَاہُ (ف) نَجْأً و تَنَجَّاہُ و اِنْتَجَاہُ نظر بد لگانا۔
رَجُلٌ نَجُوُّ الْعَیْنِ و نَجُوْءٌ ھا و نَجِیْھَا و نَجِیْئُھَا۔ بہت تیز نظر لگانے والا۔
نَجَّاۃُ السَّائِلِ : مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔
نَجُبَ (ک) نَجَابَۃً الْوَلَدُ : شریف الاصل ہونا۔ قول و فعل میں لائق ستائش ہونا۔ صفت نَجِیْبٌ۔
نَجَبَ (ض ن) نَجْبًا و نَجَّبَ و اِنْتَجَبَ الشَّجَرَۃَ : درخت سے چھال اتارنا۔ وانْتَجَبَ الشَّیْءَ : چننا۔ برگزیدہ کرنا۔
اَنْجَبَ۔ شریف الاصل ہونا — الرَّجُلُ : شریف بچوں کا باپ ہونا۔ بزدل بیٹے کا باپ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْجَبَ بِہٖ اَبَوَاہُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔
اِسْتَنْجَبَ۔ شرفا کو طلب کرنا۔
اَلنَّجْب و النُّجْبَۃ۔ نجی۔ شریف۔ فیاض۔
النَّجْبُ مِنَ الشَّجَرِ : چھال یا جڑ کی چھال۔
النَّجَابَۃ۔ شرافت۔
النَّجِیْب۔ شریف۔ شریف خاندان۔ ج اَنْجَاب و نُجَباء و نُجب مؤنث نَجِیْبٌ و نَجِیْبَۃٌ۔ ج نَجَائِب۔ نَجَائِبُ الشَّیْءِ و نَوَاجِبُہٗ : کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔ خالص۔
المِنْجَاب (مذکر مؤنث) ج مَنَاجِیْب والمُنْجِب ج مَنَاجِب۔ مؤنث مُنْجِبَۃ : شریف اولاد والا ہونا۔ المِنْجَاب : ست و کمزور بغیر پر و پیکان کے تیر۔ کریلنی۔
المَنْجُوْب۔ کشادہ برتن۔
نَجَثَ (ن) نَجْثًا و تَنَجَّثَ عَنِ الْاَمْرِ : کھود کرید کرنا۔ تفتیش کرنا — الشَّیْءَ : نکالنا۔ نَجَثَ الْقَوْمَ : قوم سے فریاد کرنا۔
تَنَاجَثَ الْقَوْمُ الْاَخْبَارَ : ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔
اِنْتَجَثَ واِسْتَنْجَثَ الشَّیْءَ : نکالنا
اِسْتَنْجَثَ لِلشَّیْءِ : درپے ہونا۔
النُّجْث و النُّجُث۔ دل کا غلاف۔ زرہ۔ مکان۔ ج اَنْجَاث۔
رَجُلٌ نَجِثٌ۔ خبروں کی تلاش و جستجو رکھنے والا۔
النَّجَّاث۔ امور کی کھود کرید کرنے والا۔
النَّجِیْث۔ مخفی بھید۔ نشانہ۔ ست۔
النَّجِیْثَۃ۔ بری خبر جو ظاہر ہو جائے۔ کنوئیں اور جوہڑ کی مٹی۔
نَجَحَ (ف) نَجْحًا و نُجْحًا و نَجَاحًا الْاَمْرُ : آسان و سہل ہونا۔ نُجِحَتْ حَاجَۃُ فُلَانٍ و نَجَحَ فُلَانٌ بِحَاجَتِہٖ : کامیاب و فتح مند ہونا۔
نَجَّحَہٗ۔ کامیاب کرانا۔
اَنْجَحَ۔ کامیاب و فتح مند ہونا — اللّٰہُ حَاجَتَہٗ : حاجت پوری ہونا۔ صفت مُنْجِح ج مَنَاجِح و مَنَاجِیْح و اَنْجَحَ فُلَانٌ بِالْبَاطِلِ : باطل پر غالب ہونا و اَنْجَحَ الْبَاطِلُ بِفُلَانٍ : باطل کا غالب ہونا۔
تَنَجَّحَ الْحَاجَۃَ : وعدہ کرنے والے سے پورا کرنے کو کہنا۔
تَنَاجَحَتْ عَلَیْہِ اَحْلَامُہٗ و مَسَاعِیْہِ : پے بہ پے درست ہونا۔
اِسْتَنْجَحَ فُلَانًا حَاجَتَہٗ : حاجت پوری کرنے کو کہنا۔
النَّجَاح و النُّجْح۔ مص۔ کامیابی۔
النَّجَاحَۃ۔ صبر۔
النَّاجِح۔ فا۔ سَیْرٌ نَاجِح : سخت اور تیز چال۔
النَّجِیْحُ۔ درست رائے۔ کہا جاتا ہے "رَأْیٌ نَجِیْحٌ" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں۔ صابر۔ مؤنث نَجِیْحَۃٌ۔ کہا جاتا ہے "لَفْسٌ نَجِیْحَۃٌ۔ سَیْرٌ نَجِیْحٌ" : تیز چال۔ مَکَانٌ نَجِیْحٌ : قریب جگہ۔
نَجَخَ (ف) نَجْخًا۔ فخر کرنا — النَّوْءُ : پختہ کا جوش میں آنا — السَّیْلُ : یکبارگی زور سے آنا۔
البَعِیْرُ : بدہضمی والا ہونا۔ صفت نَجِخٌ البِئْرَ : کنواں کھودنا۔
تَنَاجَحَ الْمَوْجُ : موج کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ تَنَاجَحَا : باہم فخر کرنا۔
النَّاجِخ۔ فا۔ کھانسنے والا۔ نَاجِخُ الْبَحْرِ : سمندر کا شور۔
النَّاجِخ و النَّجُوْخ۔ شور کرنے والا سمندر۔
سَیْلٌ نَاجِخٌ : بہت تیز بہاؤ کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔
نَاجِخَۃُ الْمَاءِ و نَجِیْخَۃُ۔ پانی کی آواز۔
النُّجَاخ۔ کھانسنے والے کی آواز۔
نَجَخَاتُ الْمَاءِ : پانی کی بوچھاریں۔
النَّجِیْخَۃ۔ کھمن جو دودھ کے برتن میں کناروں پر چپک جائے۔
اِمْرَأَۃٌ نَجَّاخَۃٌ۔ وہ عورت جس کی اندام نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔
نَجَدَہٗ (ن) نَجْدًا۔ مدد کرنا۔ غالب ہونا۔
نَجَدَ (ن) نُجُوْدًا الْاَمْرُ : واضح ہونا — البَدَنُ عَرَقًا : بدن سے پسینہ بہنا — الشَّیْءُ مِنَ الْاَرْضِ : نکلنا۔
نَجِدَ (س) نَجَدًا الرَّجُلُ : کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا۔ صفت نَجِدٌ۔ تھکنا۔ بلید ہونا۔
نُجِدَ نَجْدًا الرَّجُلُ : غمگین ہونا۔ صفت مَنْجُوْدٌ و نَجِیْد۔
نَجُدَ (ک) نَجَادَۃً و نَجَادَۃً دلیر ہونا دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا ہونا — نُجُوْدًا) واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت نَاجِد و نَجْدٌ۔
نَجَّدَ الْبَیْتَ : مکان کو آراستہ کرنا — النَّجَّادُ الْفَرْشَ : فرش ساز کا فرش کو بنانا اور سینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



— الدَّهْرُ فُلَانًا : تجربہ کار بنانا — الرَّجُلُ : دوڑنا۔
نَاجَدَہ مُنَاجَدَۃً۔ مدد کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جنگ کے لیے نکلنا۔
اَنْجَدَہٗ۔ مدد کرنا۔ اَنْجَدَ الرَّجُلُ : پسینہ والا ہونا۔ نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔ اپنے اہل وعیال سے قریب ہونا — البِنَاءُ : عمارت کا بلند ہونا — الدَّعْوَۃَ : قبول کرنا۔ اَنْجَدَتِ السَّمَاءُ : بادل سے صاف ہونا۔
تَنَجَّدَ الشَّیْءُ : بلند ہونا۔
اِسْتَنْجَدَ۔ دلیر ہونا — فُلَانًا وبِہٖ : مدد طلب کرنا — عَلَیْہِ : خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔
نَجْد۔ مع۔ ٹلہ نجد۔
النَّجْد۔ بلند زمین۔ ج اَنْجُد و نُجُود و نِجَاد و اَنْجَاد و اَنْجِدَۃ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَلَّاعُ اَنْجُدٍ و اَنْجِدَۃٍ و نِجَاد و طَلَّاعُ النِّجَادِ" وہ مشکل امور پر غالب آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طَلَّاعُ الثَّنَایَا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔ النَّجْدُ : مکان کی آراستگی کا سامان۔ ج نِجَاد و نُجُود۔ النَّجْدُ : ماہر رہنما۔ درختوں سے خالی جگہ۔ کرب وغم۔ پستان' بلند راستہ۔
رَجُلٌ نَجْدٌ و نَجِدٌ و نَجُدٌ۔ دلیر مرد۔ دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا۔ دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے والا۔ ج اَنْجَاد۔
النَّجَد۔ پسینہ۔ گھر کا سامان۔ بچھونا۔ پردہ وغیرہ۔ ج اَنْجَاد۔
النَّجْدَۃ۔ مع۔ اسم مرۃ۔ بہادری و دلیری۔ طاقت و سختی۔ کہا جاتا ہے "لَاَقَی فُلَانٌ نَجْدَۃً" فلاں سختی میں پڑ گیا۔ مقاتلہ۔ گھبراہٹ۔ ج نَجَدَات۔
النِّجَاد۔ پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَوِیْلُ النِّجَادِ" وہ لمبے پرتلے والا ہے۔ کنایہ ہے طویل القامت ہونے سے۔
النِّجَادَۃ۔ فرش سازی کا پیشہ۔
النَّجِید۔ بہادر۔ ایسے امور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کر دیں۔ شیر۔ غمگین۔ ج نُجُد و نُجَدَاء۔
النَّاجِد۔ فا۔ مؤنث نَاجِدَۃ ج نَوَاجِد۔
النَّجَّاد۔ فرش ساز۔
نُجُوْدُ البَیْتِ : مکان کو آراستہ کرنے کیلئے دیواروں کے پردے۔
النَّجُوْد مِنَ الْاِبِلِ و الْاُتُنِ : لمبی گردن والا۔ چلنے میں آگے رہنے والا — مِنَ النِّسَاءِ : عقلمند عورت۔ شریف عورت۔ ج نُجُد۔
النَّاجُوْد۔ شراب۔ شراب کا برتن۔ خون' زعفران۔ ج نَوَاجِید۔
المِنْجَد۔ عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے۔ چھوٹا پہاڑ ج مَنَاجِد۔
اَلْمِنْجَدَۃ۔ اون وغیرہ دھننے کا لکڑی کا اوزار' جانوروں کو ہانکنے کیلئے چھوٹی سی چھڑی۔ ج مَنَاجِد۔
رَجُلٌ مِنْجَاد۔ بہت مدد کرنے والا مرد۔
المَنْجُوْد۔ مغم۔ مغموم۔ ہلاک ہونے والا۔
نَجَذَہٗ (ض) نَجْذًا۔ داڑھوں سے کاٹنا۔ اصرار کرنا۔
نَجَّذَہٗ۔ تجربہ کرنا۔ آزمانا۔ نَجَّذَتْہُ وَالتَّجَارِبُ : تجربہ کار بنانا — ہُ البَلَایَا : مصیبتوں کا لاحق ہونا۔
لِلنَّاجِد۔ فا۔ نَوَاجِذ کا واحد بمعنی داڑھ۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی نَاجِذِہٖ" وہ بالغ ہو گیا' کمال عقل کو پہنچ گیا۔ اس لیے کہ نواجذ بلوغ و کمال عقل کے بعد نکلتی ہیں۔ "وَضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ" وہ کھلکھلا کے ہنس پڑا۔ "وَابْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَیْھَا" لڑائی تیز ہو گئی وَعَضَّ الرَّجُلُ عَلٰی نَاجِذَیْہِ۔ یعنی اس نے صبر کیا۔
المَنَاجِد جمع جُلْذ مِن غَیْرِ لَفْظِہٖ۔ بمعنی چھچھوندر۔
نَجَرَ (ن) نَجْرًا الْیَوْمُ دن کا گرم ہونا۔ المَاءَ : پانی کو گرم پتھر سے داغ کرنا — الرَّجُلَ : مار کر ہٹانا — الخَشَبَ : لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا — الشَّیْءَ : ارادہ کرنا — الْاِبِلَ : اونٹ کو ہانکنا۔
نَجِرَ (س) نَجَرًا۔ سخت پیاسا ہونا۔
اَنْجَرَ فُلَانًا : دودھ' گھی' آٹے سے بنا ہوا کھانا پیش کرنا۔
النَّجْر۔ مع۔ اصل۔ حسب۔ رنگ۔ گری۔
النَّجِر۔ سخت پیاس جو اونٹ وغیرہ کو لاحق ہوتی ہے اور بجھتی نہیں۔
النَّاجِر۔ گری کے مہینوں میں سے ہر ایک مہینہ۔
النِّجَار و النُّجَار۔ اصل۔ حسب۔ رنگ۔
النِّجَارَۃ۔ بڑھئی کا پیشہ۔
النُّجَارَۃ۔ لکڑی کا چھیلن۔ رندہ کرتے وقت جو گرے۔
النَّجَّار۔ بڑھئی۔
النَّجِیْرَۃ۔ لکڑی کی چھت۔ دودھ' گھی' آٹے سے بنا ہوا کھانا۔ گرم پتھر سے داغ کیا ہوا پانی۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "لَاُنَجِّزَنَّ نَجِیْرَتَكَ" میں تم کو بدلہ دوں گا جس کے تم مستحق ہو۔
النَّجْرَان۔ لکڑی کی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے۔ پیاسا۔ اور یمن اور حوران کے دو شہروں کا نام نَجْرَان ہے۔
اِبِلٌ نَجِرَۃٌ و نَجْرٰی و نَجَارٰی۔ پیاسے اونٹ۔
الاَنْجَرُو الاَنْجَرَۃ۔ لنگر۔ ج اَنَاجِر (دخیل)
المَنْجَر۔ مقصد جو راستہ سے ہٹا ہوا نہ ہو۔
المِنْجَرَۃ۔ پانی داغ کرنے کا گرم پتھر۔
المِنْجَر۔ اونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا۔ رندہ۔
المَنْجُوْر۔ مغ۔ کنوئیں سے پانی نکالنے کی چرخی۔
النَّوْجَر۔ ایک قسم کا آلہ جس سے زمین کھودی جاتی ہے۔
نَجَزَ (ن) نَجْزًا الْحَاجَۃَ : حاجت پوری کرنا — بِالْوَعْدِ : وعدہ میں جلدی کرنا — الوَعْدُ : حاضر ہونا۔ جلدی ہونا۔ پورا ہونا۔
نَجَزَ و نَجِزَ (س) نَجْزًا الشَّیْءُ : ختم ہونا۔ فنا ہونا۔
الْکَلَامُ : کلام کا منقطع ہونا۔
نَجَّزَ الْحَاجَۃَ : حاجت پوری کرنا۔
اَنْجَزَ الْحَاجَۃَ : حاجت پوری کرنا —

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْوَعْدَ : وعدہ وفا کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ" شریف آدمی جو وعدہ کرتا ہے پورا کرتا ہے اور کبھی وعدہ کو پورا کرنے کیلئے بولا جاتا ہے — عَلَى الْفَتِيْلِ :فوراً مارڈالنا۔

نَاجَزَہ۔ مقابلہ پر نکلنا۔ مقاتلہ کرنا۔

تَنَجَّزَ الشَّرَابَ : پینے میں اصرار کرنا ( — و اِسْتَنْجَزَ) الْحَاجَةَ او الْوَعْدَ : حاجت یا وعدہ پورا کرنے کو کہنا۔

تَنَاجَزُوْا۔ باہم مقابلہ کرنا۔ باہم مقاتلہ کرنا۔

النَّجْز و النَّجَاز۔ حصول۔ وفائے عہد۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰى نَجْزِ حَاجَتِكَ" تم اپنی حاجت کی تکمیل کے قریب ہو۔

النَّجِيْز و النَّاجِز۔ حاضر۔ موجود۔ نقد۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهٗ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ" میں نے اس کو دست بدست بیچا اور میں نے موجود کی موجود سے بیع کی وَلَا يُبَاعُ غَائِبٌ بِنَاجِزٍ غائب کی موجود سے بیع نہ کی جائے و "وَعْدٌ نَاجِزٌ و نَجِيْزٌ" وعدہ جو پورا کر دیا جائے۔

نَجِسَ (س) نَجَسًا و نَجُسَ (ک) نَجَاسَةً۔ گندا ہونا۔ ناپاک ہونا۔ صفت نَجْسٌ و نِجْسٌ و نَجَسٌ و نَجْسٌ و نَجَسٌ ج اَنْجَاس۔

نَجَّسَهٗ و اَنْجَسَهٗ۔ ناپاک کرنا۔ نَجَّسَ الصَّبِيَّ وَلَهٗ : نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لیے تعویذ وغیرہ لٹکانا۔

تَنَجَّسَ۔ ناپاک ہونا — الثَّوْبُ :گندگی سے آلودہ ہونا۔ نجاست سے نکلنا۔

الْاَنْجَاس۔ نظر بد وغیرہ سے بچانے کے لیے تعویذ گنڈا وغیرہ۔

دَاءٌ نَجِسٌ و نَاجِسٌ و نَجِيْسٌ لاعلاج مرض۔

النُّجُس۔ تعویذ کرنے والے۔

نَجَشَ (ن) نَجْشًا الشَّيْءَ : کھود کرید کرنا۔ نکالنا۔ بکھیرنے کے بعد جمع کرنا — الصَّيْدَ : شکار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کے لیے بھڑکانا — النَّارَ : آگ روشن کرنا۔ جلانا — الْحَدِيْثَ :بات پھیلانا — فِي الْبَيْعِ :سیع کی تعریف کر کے بائع کی موافقت کرنا۔ اور بقول بعض بغیر ارادۂ خریداری دوسروں کو پھنسانے کے لیے قیمت بڑھانا یا خریدار کو ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف رغبت دلانا۔ اسم النَّجْش ( — نَجْشًا و نَجَاشَةً) تیز چلنا۔

تَنَاجَشَ الْقَوْمُ فِي الْبَيْعِ وَغَيْرِهٖ : دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔

اِسْتَنْجَشَهٗ۔ الشَّيْءَ :نکالنا — الصَّيْدَ :شکار کو بھڑکانا۔

النِّجَاش۔ تسمہ جس کو دو چمڑوں کے درمیان رکھ کر سی دیتے ہیں۔

النَّاجِش و النَّجَّاش و النَّجِيْش۔ شکاری النَّاجِش و النَّجَاشِيُّ و الْمِنْجَاش۔ شکار کو شکاری کی طرف بھگانے والا۔ الْمِنْجَاش : بڑا عیب جو۔

النَّجَاشِي و النِّجَاشِي و النَّجَاشِيُّ و النِّجَاشِيُّ شاہ حبشہ کا لقب۔

رَجُلٌ نَجُوش و مِنْجَش۔ شکار کو بھڑکانے والا۔ الْمِنْجَش :بڑا نکتہ چیں و عیب جو۔

قَوْلٌ مَنْجُوْش۔ گھڑی ہوئی جھوٹی بات۔

نَجَعَ (ف) نُجُوْعًا و نَجَّعَ الطَّعَامُ فِي الْاِنْسَانِ :فائدہ مند ہونا۔ نفع پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ يُنْجِعُ عَنْهُ وَبِهٖ" یہ ایسا کھانا ہے جو فائدہ مند ہے اور اسی سے موٹاپا حاصل ہوتا ہے — فِيْهِ الدَّوَاءُ او الطَّعَامُ او الْكَلَامُ :اثر کرنا۔

نَجَعَ الْبَلَدَ : شہر میں آنا — الْقَوْمُ الْكَلَاَ : چراگاہ کی تلاش میں جانا — الْاِبِلَ النُّجُوْعَ و بِالنُّجُوْعِ : آٹا ملا ہوا پانی پلانا۔ نُجِعَ الصَّبِيُّ لَبَنَ الشَّاةِ او بِلَبَنِ الشَّاةِ :خوراک دیا جانا۔ پرورش کیا جانا۔

اَنْجَعَ الطَّعَامُ وَغَيْرُهٗ :کھانے وغیرہ کا مفید ہونا — الرَّجُلُ : کامیاب ہونا — الرَّاعِي الْفَصِيْلَ : چرواہے کا اونٹ کے بچے کو دودھ پلوانا۔

تَنَجَّعَ و انْتَجَعَ و اِسْتَنْجَعَ الْقَوْمُ الْكَلَاَ : چراگاہ کی تلاش میں جانا۔ تَنَجَّعَ و اِنْتَجَعَ و اِسْتَنْجَعَ فُلَانًا : بخشش طلب کرنے کیلئے کسی کے پاس آنا۔ تَنَجَّعَ بِالدَّمِ : خون سے تھرتھرانا۔ اُسْتُنْجِعَ بِهٖ و عَنْهُ :ہضم ہونا۔ اور موٹا ہونا۔

اَلنَّجْع۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ ج نُجُوْع۔

النُّجْعَة۔ چراگاہ کی تلاش۔ یہ نُجُوْع کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا لِلنُّجْعَةِ" لوگ چراگاہ کی تلاش میں نکلے و "فُلَانٌ نُجْعَتِي" فلاں میری جائے امید ہے۔ ج نُجَعٌ۔

النَّاجِع۔ چراگاہ کی تلاش کرنے والا۔ ج نَاجِعَة و نَوَاجِع۔ مَاءٌ نَاجِعٌ :خوشگوار پانی۔

النُّجَاع۔ شجاع کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "شُجَاعٌ نُجَاعٌ" بہت دلیر۔

النَّجُوْع۔ آٹا ملا ہوا پانی جو اونٹ کو پلایا جاتا ہے۔ نَجُوْعُ الصَّبِيِّ۔ دودھ۔ مَاءٌ نَجُوْعٌ : خوشگوار صاف پانی۔

النَّجِيْع۔ فائدہ مند — مِنَ الطَّعَامِ او الشَّرَابِ : نافع بدن کھانا یا پانی — مِنَ الدَّمِ : سیاہی مائل خون۔ مَاءٌ نَجِيْعٌ :خوشگوار پانی۔

الْمَنْجَع و الْمُنْتَجَع و الْمُسْتَنْجَع وہ مقام جہاں گھاس کے لیے لوگ جائیں۔

نَجَفَ (ن) نَجْفًا النَّجِيْفَ : تراشنا۔ صفت مفعول نَجِيْف و مَنْجُوْف — الشَّجَرَةَ : درخت کو جڑ سے کاٹنا — الشَّاةَ :بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

نَجَّفَ لِفُلَانٍ نُجْفَةً مِنَ اللَّبَنِ : کسی کے لیے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نَجَّفَتِ الرِّيْحُ الْكَثِيْبَ او الرَّمْلَ :ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔

اِنْتَجَفَ و اِسْتَنْجَفَ الشَّيْءَ :نکالنا۔ الرِّيْحُ السَّحَابَ :ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا — الشَّاةَ :بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

النَّجَف ج نِجَافٌ و النَّجَفَة۔ ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔

النِّجَاف۔ دروازہ کے اوپر کا چھجہ۔ نِجَافُ الْغَار :غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔

النَّجِيْف۔ چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجُف۔

الْمِنْجَف۔ زنبیل۔ ٹوکری۔

الْمَنْجُوْف۔ مفعول۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قبر۔

النُّجْفَة۔ تھوڑی چیز۔

نَجَلَ (ن) نَجْلًا الشَّيْءَ : ظاہر کرنا —

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْاَرْضَ : زمین جوتا۔ نَجَلَهُ اَبُوْهُ و نَجَلَ بِهٖ : پیدا کرنا۔ نَجَلَتِ الْاَرْضُ : زمین کا سرسبز ہونا۔ نَجَلَ فُلَانًا : ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔

النَّاسَ : شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَنْ نَجَلَ النَّاسَ نَجَلُوْهُ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں و نَجَلَ الْجِلْدَ عَنِ الْمَذْبُوْحِ : دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو مَنْجُوْل کہتے ہیں۔

نَجَلَ (ض) نَجْلاً الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ : پھینکنا۔ هُ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا — الصَّبِیُّ اللَّوْحَ : بچّہ کا تختی کو مٹانا — الرَّجُلُ : تیز چلنا۔

نَجِلَ (س) نَجَلاً الرَّجُلُ : بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت اَنْجَل ج نُجْل و نِجَال : آنکھ کی صفت۔ نَجْلاَء ج نُجْل۔

اَنْجَلَ الدَّابَّةَ : نَجِیْل (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

تَنَاجَلَ الْقَوْمُ : جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔

اِنْتَجَلَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا اور گزرنا۔

اِسْتَنْجَلَ الْمَكَانُ : کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا — فُلَانٌ النَّزَّ (زمین سے) سونا نکالنا۔

النَّجْل۔ مہ اولاد۔ نسل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النَّجْلِ" وہ کریم الاصل و شریف الطبع ہے والد۔ ج اَنْجَال۔ النَّجْلُ : عمل۔ بڑی جماعت۔ سڑک۔ بہنے والا پانی۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نِجَال و اَنْجَال۔

النَّاجِل۔ قا۔ شریف النسل (انسان یا حیوان) مؤنث نَاجِلَة۔ ج نَاجِلَات و نَوَاجِل۔

النَّوَاجِل : بخیل (ایک قسم کی ترش گھاس) کے چرنے والے اُونٹ۔

الْاَنْجَل۔ کشادہ لمبا چوڑا۔ ج نُجْلٌ و نِجَالٌ مؤنث نَجْلاَء ج نُجْل۔ کہا جاتا ہے "طَعْنَة نَجْلاَء" اس نے اسے کشادہ زخم کرنے والا نیزہ مارا۔

النَّجِیْل۔ ایک قسم کی ترش گھاس۔ اسی گھاس کی ٹوٹی ہوئی پتیاں۔ ج نُجُل۔

المِنْجَل۔ درانتی۔ ج مَنَاجِل۔ المِنْجَل : گنجان کھیتی۔ بہت اولاد والا۔ ماہر اُونٹ ہانکنے والا۔ اور کہا جاتا ہے "سِنَانٌ مِنْجَل" چوڑا زخم کرنے والا بھالا۔

نَجَمَ (ن) نُجُوْمًا الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَجَمَتِ الْكَوَاكِبُ" ستارے طلوع ہوئے۔ و نَجَمَ النَّبْتُ : سبزی اگی۔ و نَجَمَ السِّنُّ او الْقَرْنُ : دانت یا سینگ نکل آئے۔ و "نَجَمَ فِی بَنِیْ فُلَانٍ شَاعِرًا او فَارِسًا" : بنو فلاں میں بے مثال شاعر یا شہسوار ظاہر ہوا — كَذَا عَنْ كَذَا : فلاں چیز سے ایسا نتیجہ برآمد ہوا — فُلَانٌ الدَّيْنَ : قسطوں میں ادا کرنا — السَّهْمُ او الرُّمْحُ : تیر یا نیزے کا پار ہو جانا۔

نَجَّمَ۔ احوالِ عالم معلوم کرنے کے لیے ستاروں کو دیکھنا — الدَّيْنَ : قرض کو قسطوں میں ادا کرنا — عَلَيْهِ الدِّيَةَ : دیت کی قسط مقرر کرنا۔

اَنْجَمَ الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔ اَنْجَمَتِ السَّمَاءُ : آسمان پر تاروں کا کھل جانا۔ اَنْجَمَ الشِّتَاءُ او الْبَرْدُ : جاڑے اور سردی کا ختم ہونا — الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ : چھوڑنا۔ اَنْجَمَتِ الْحَرْبُ : لڑائی کا ختم ہونا۔

اِنْتَجَمَ الْبَرْدُ و الشِّتَاءُ۔ جاڑے یا سردی کا گزر جانا۔ ختم ہونا۔

تَنَجَّمَ۔ احوالِ عالم معلوم کرنے کے لیے ستاروں کو دیکھنا۔

النَّجْم۔ ج نُجُوْمٌ و اَنْجُم و اَنْجَامٌ و نُجُم۔ ستارہ۔ اور ثریا پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی قرض کا مقررہ وقت۔ وقت مقررہ پر ادا کی ہوئی قسط۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ مَالِیْ عَلَيْهِ نُجُوْمًا مُنَجَّمَةً يُؤَدِّي كُلَّ نَجْمٍ مِنْهَا فِيْ وَقْتِ كَذَا" میں نے اس پر قسط مقرر کر دی کہ ہر قسط فلاں وقت میں ادا کرے۔

النَّجْم۔ بیل۔ بغیر تنہ کے نباتات۔ اصل کہا جاتا ہے "هٰذَا الْحَدِيْثُ لَا نَجْمَ لَهٗ" اس بات کے لئے کوئی اصل نہیں۔

النَّجْمَة۔ ستارہ۔ اور یہ نجم سے خاص ہے کلمة (— والنَّجَمة) دو گھاسوں کے نام۔

النَّجَمَة : ایک بیل ہے جو زمین پر پھیلتی ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ "نَيْل" اور "نَجَمَة" اور "عِكْرِش" ایک ہی چیز کے نام ہیں ذُو النَّجْمَةِ : گدھا۔

النَّجِيْم مِنَ النَّبَاتِ : تازہ گھاس۔

النَّجَّام و المُنَجِّم و المُتَنَجِّم۔ نجومی۔

المَنْجَم۔ نکلنے کی جگہ۔ معدن۔ واضح راستہ۔

المِنْجَم۔ ترازو کی لوہے کی ڈنڈی۔

نَجْنَجَ نَجْنَجَةً فِيْ رَايِهٖ : متحیر ہونا۔ مضطرب ہونا — عَيْنُهٗ : دھنسی ہوئی آنکھ ہونا — الْاِبِلَ : اُونٹ کو چراگاہ سے روکنا۔ پانی سے واپس کرنا — فُلَانًا عَنْهُ : منع کرنا — الشَّیْءَ حرکت دینا — الْاَمْرَ : پختہ ارادہ نہ کرنا۔

تَنَجْنَجَ الرَّجُلُ : متحیر ہونا — الشَّیْءُ : ہلنا۔

نَجَه (ف) نَجْهًا و انتجه و تَنَجَّهَ الرَّجُلَ : بُری طرح سے ہٹانا۔ بُری صورت سے پیش آنا۔

نَجَه عَلَى الْقَوْمِ : ظاہر ہونا — البَلَدَ : شہر میں داخل ہونا اور ناپسند کرنا۔

نَجَا يَنْجُوْ نَجَاةً و نَجَاءً و نَجْوًا و نَجَايَةً مِنْ كَذَا : نجات پانا۔ رہائی پانا۔

نَجَا يَنْجُوْ نَجَاءً۔ تیز چل کر آگے بڑھنا (— نَجْوًا) الشَّجَرَةَ : درخت کاٹنا — الصَّبِیُّ : بچے کا پاخانہ کرنا — فُلَانًا : رہائی دینا۔ چھڑانا — الدَّوَاءُ : دوا پینا — النَّجْوُ مِنَ الْبَطْنِ : پاخانہ نکلنا (— نَجْوًا و نَجًا) الْجِلْدَ عَنِ الذَّبِيْحَةِ : کھال اتارنا (— نَجْوًا و نَجْوٰى و نَاجَى مُنَاجَاةً و نَجَاءً) الرَّجُلَ : سرگوشی کرنا۔ اسم النَّجْوٰى۔

نَجّٰى تَنْجِيَةً الرَّجُلَ مِنْ كَذَا : رہائی دلانا۔ بلند زمین میں چھوڑنا۔

اَنْجٰى الرَّجُلُ : رہائی دلانا — الرَّجُلُ : پاخانہ کرنا — فُلَانًا غُصَّتَهٗ : کسی کیلئے ٹہنی کاٹنا — الْجِلْدَ : کھال اتارنا — النَّخْلَةَ : پکی کھجوروں والا ہونا — الرَّجُلُ : پیشہ نکلنا اور کہا جاتا ہے "شَرِبَ دَوَاءً فَمَا اَنْجَاهُ" اس نے دوا پی فائدہ نہیں ہوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تَنَجُّی۔ بلند زمین ڈھونڈنا۔
تَنَاجَی تَنَاجِیًا الْقَوْمُ : سرگوشی کرنا۔
اِنْتَجٰی الْقَوْمُ : سرگوشی کرنا — الرَّجُلَ : سرگوشی کے لیے خاص کرنا۔ رازدار بنانا۔
اِسْتَنْجٰی مِنْ کَذَا : رہائی پانا — الشَّجَرَةَ : درخت کو جڑ سے کاٹنا — الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ چھڑوانا — الرَّجُلُ : پاخانہ کرنے کے بعد دھونا یا ڈھیلے سے پونچھنا — الثَّمَرَ : پھل چننا — الْقَوْمُ : تر کھجوریں حاصل کرنا یا کھانا — الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ شکست کھانا۔
النَّاجِی۔ فا۔ مؤنث۔ نَاجِیَةٌ ج نَوَاجٍ و نَاجِیَاتٌ۔ النَّاجِیَة : تیز رفتار اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ الْمَکَانَ بِنَوَاجٍ سَرِیْعَةِ الْإِیْغَالِ" اس نے جگہ کو تیز رفتار اُونٹنیوں سے طے کیا۔
النَّجَا لاٹھی۔ لکڑی۔ ہودج کی لکڑی۔ کھال۔
النَّجْو و النَّجَا و النَّجَاة و النَّجَاء۔ رہائی۔ کہا جاتا ہے "النَّجَاءَكَ النَّجَاءَكَ و النَّجَاكَ و النَّجَاكَ" یعنی جلدی کر۔ جلدی کر۔ اور یہ باب اغراء سے ہے اور فعل محذوف سے منصوب ہے اور اس کی تقدیر "اِلْزَمِ النَّجَاءَ" ہے اور کاف حرف خطاب ہے۔
النَّجْو۔ مص۔ پاخانہ یا گوز۔ دو آدمیوں کے درمیان بھید۔ ج نِجَاءٌ۔ بادل جو پانی برسا چکا ہو ج نُجُوٌّ۔
النَّجْوٰی۔ اسم ہے مناجات کا۔ بھید۔ سرگوشی کرنے والے اور یہ وصف بالمصدر ہے اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نَجْوٰی" النَّجْوٰی" : خراج۔ محصول۔ ج نَجَاوٰی۔
النَّجَاة۔ مص۔ رہائی۔ بلند زمین۔ حسد۔ لالچ۔ سانپ کی چھتری۔ سُتھنی۔ ج نَجًا۔
اَلنَّجْوَةُ۔ اسم مرة۔ بلند زمین۔ ج نِجَاء۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ مِنَ الْأَمْرِ بِنَجْوَةٍ" وہ اس کام سے پاک صاف ہے۔
النَّجَاوَة۔ زمین کی گنجائش۔
النَّجِیّ۔ بھید۔ جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ بات کرنے والا۔ حدی پڑھنے والے کی آواز۔ بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا۔ تیز۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ نَجِیٌّ" تیز رفتار اُونٹ۔ اور کہا جاتا ہے "بَاتَتْ فِیْ صَدْرِهٖ نَجِیَّةٌ قَدْ اَسْهَرَتْهُ" اس کے سینے میں غم رہا جس نے اسے بیدار رکھا۔
المَنْجٰی۔ نجات کی جگہ۔ بلند زمین۔ ج مَنَاجٍ۔
المَنْجَاة باعث نجات۔ ج مَنَاجٍ۔ کہا جاتا ہے "الصِّدْقُ مَنْجَاة" سچائی باعث نجات ہے۔
نَحَّ (ض) نَحِیْحًا الرَّجُلُ : سینہ میں آواز گڑگڑانا۔
النَّصِيْل۔ کلہاڑا۔ سر کا بلائی حصہ۔ تالو۔ ٹھڈی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔ نَصِيْلُ الْحَجَرِ : پتھر کی سطح۔ ج نُصُل۔ النَّصِيْل و الْمِنْصَل و الْمِنْصَال :لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔

الْمُنْصُل و الْمُنْصَل تلوار۔ ج مَنَاصِل۔

مُنْصِلُ الْأَسِنَّةِ و مُنْصِلُ الْإِلِّ۔ نام ماہ رجب کا۔

النَّصَمَة۔تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔

نَصْنَصَ الْبَعِيْرُ : اٹھنے کے لیے دونوں زانو زمین میں لگانا — الشَّيْءُ :لانا — فِي مَشْيِهِ : چلنے میں جھومنا۔

حَيَّةٌ نَصْنَاص۔ بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

نَصَا يَنْصُوْ نَصْوًا و اَنْصَى الرَّجُلَ : پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ الْمَاشِطَةُ الْمَرْأَةَ :پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ : اُتارنا۔ دُور کرنا۔

نَاصَى نِصَاءً و مُنَاصَاةً الرَّجُلَ : ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَى الشَّيْءَ الشَّيْءَ :متصل ہونا۔

تَنَصَّى الرَّجُلُ الْقَوْمَ : قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ الْمَرْأَةُ : پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّى الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : متصل ہونا۔

تَنَاصَى الْقَوْمُ : جھگڑے میں ایک دوسرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پیشانی کے بالوں کو پکڑنا — الْاَغْصَانُ و نَحْوُهَا : ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے الجھنا۔

النَّصْو۔ مص۔ پیٹ کا درد۔

النَّاصِيَة۔ پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ و نَاصِيَات۔ اور کہا جاتا ہے "اَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِيَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِي النَّاسِ : قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔

الْمُنْتَصَى۔ دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔

اَنْصَى اِنْصَاءُ الْمَكَانُ : (پائی) : بہت نمی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِيٌّ)

اِنْتَصَى اِنْتِصَاءُ الشَّعْرُ : بال کا طویل ہونا۔

— الْجَبَلُ او الْاَرْضُ : پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا

— الشَّيْءَ : چننا۔

النَّصِيّ۔ ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِيَّةٌ ج اَنْصَاء ج اَنَاصٍ۔ النَّصِيّ : گردن کی ہڈی ج اَنْصِيَة۔

النَّصِيَّة۔ بمعنے نَصِيٌّ — مِنَ الْقَوْمِ او الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا : برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ نَصِيَّتِيْ" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ النَّصِيَّة : بقیہ۔ ج نَصِيٌّ و ج اَنْصَاء و اَنَاصٍ۔

نَصَّ (ض) نَصًّا و نَصِيْصًا الْمَاءُ تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَصَّ مَالُهٗ : سامان کے بعد نقدی ہونا — الشَّيْءَ : ظاہر کرنا — الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ : پرندہ کا بازوؤں کو ہلانا — الْعُوْدُ : لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا — الْقِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ الْمَلَا : مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔

نَصَّ (ض) نَصِيْصًا الْاَمْرُ : ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَصَّ بِيَدِيْ مِنْهُ شَيْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَصَّ لَكَ مِنْ دَيْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔

نَصَّصَ الرَّجُلُ : بہت درہم و دینار والا ہونا

— الشَّيْءَ : ہلانا۔

اَنَصَّ و تَنَصَّصَ الْحَاجَةَ : پورا کرنا۔

تَنَصَّصَ و اِسْتَنَصَّ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ : تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَصَّصَ فُلَانًا : برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَصَّ الْمَعْرُوْفَ اَوِ الْخَبَرَ : تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔

النَّضّ۔ مص۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهٗ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ اَمرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتٰى بِاَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نَضُّ اللَّحْمِ : کم گوشت والا آدمی۔

النَّاضّ۔ فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔

النِّضَاض۔ تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔

النُّضَاضَة مِنَ الْمَاءِ وَغَيْرِهٖ : بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ : مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُضَاضَةُ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔

النَّضَّاض۔ اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَة۔

بِئْرٌ نَضُوْض۔ کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔

النَّضِيْض۔ مص۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِيْضُ اللَّحْمِ : کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ بِاَقْصٰى نَضِيْضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَّضِيْضَة۔ تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّة و نَضَائِض اور کہا جاتا ہے "جَاءَ وَا بِاَقْصٰى نَضِيْضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَاِبِلٌ نَضِيْضَةٌ و نَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔

النَّضَائِض : گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِيْضَةٌ۔

نَضَبَ (ن) نَضْبُ الْمَاءُ : جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمُرُهٗ : ختم ہونا۔

نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا الْمَاءُ : پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا — عَنِ الشَّيْءِ : کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ الْبَحْرُ : یعنی پانی خشک ہو گیا — الْخَيْرُ : کم ہونا — عَيْنُهٗ : آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ الْمَفَازَةُ : بیابان کا دور ہونا۔

نَضَبَ الْقَوْمُ : دور ہونا — فُلَانٌ : مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهٖ" یعنی وہ بے شرم ہوا — فُلَانٌ الثَّوْبَ : کپڑا اتارنا۔

نَضَّبَ الْمَاءُ : پانی کا زمین میں جذب ہونا۔

نَضَّبَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

اَنْضَبَ الْقَوْسَ : کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔

النَّاضِب۔ فا۔ غَدِيْرٌ نَاضِبٌ : خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ : دور کی جگہ ج نُضَّب۔

النَّضْبُ۔ ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج نِضَاب۔

نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ : پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِج و نَضِيْج (— و نضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا : اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ : پھل یا گوشت پکانا۔

اِسْتَنْضَجَ الْكُرَاعَ اَيْ يَدَ الشَّاةِ : بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْج و النَّضْج۔ پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيْجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ مضبوط معاملہ۔

المِنْضَاج۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔

نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا الْبَيْتُ بِالْمَاءِ : پانی چھڑکنا — عَلَيْهِ الْمَاءَ چھڑکنا — الْجِلْدَ : کھال تر کرنا — عَطَشَهٗ : پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا — الْبَعِيْرُ الْمَاءَ : کھیت میں ڈالنے کے لیے نہر یا کنوئیں سے لانا — فُلَانًا بِالنَّبْلِ تیر اندازی کرنا۔ نَضَحَ عَنْ نَفْسِهٖ : مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ : کھیتی کا دانہ دار ہونا — الشَّجَرُ : پتے نکلنے کے لیے پھٹنا — النَّخْلَ : پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ف) نَضْحًا و تَنْضَاحًا الْاِنَاءُ برتن کا ٹپکنا — الْفَرَسُ : پسینہ والا ہونا۔ نَضَحَتِ الْعَيْنُ : آنسو بہانا — السَّمَاءُ الْقَوْمَ : برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ : بمعنی نضح — عِرْضَ فُلَانٌ : آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نَاضَحَ مُنَاضَحَةً۔ عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔
اِنْتَضَحَ الْمَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا (— و اِسْتَنْضَحَ الْمُتَوَضِّئُ) وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔
تَنَضَّحَتِ وانْتَضَحَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔
اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔
النَّضْح۔ مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضِيْخ: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْح و اَنْضِحَة۔
النَّضَح۔ حوض۔ ج نُضُوْح و اَنْضَاح۔
النَّضِيْح۔ حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُح۔
النَّاضِح۔ فا۔ اُونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کیلئے لایا جائے۔ مؤنث۔ نَاضِحَة۔ ج نَوَاضِح
بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔
النَّضَّاح۔ اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اُونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّضُوح۔ ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوْحٌ مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوْحٌ و نُضَيِّحَةٌ اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّضَاح۔ پسینہ۔
المِنْضَحَة و المَنْضَحَة۔ پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔
نَضَحَهُ (ف) نَضْحًا۔ چھڑکنا۔ تر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَحَ النَّبْلُ و بِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔
نَضَحَ (ف) نَضْحًا و نَضَحَانًا الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے ابلنا۔
نَاضَحَهُ مُنَاضَحَةً و نِضَاحًا۔ ایک دوسرے پر چھڑکنا۔
اِنْضَحَّ و انْضَاحَّ عَلَيْهِ الْمَاءُ: پانی کا گرنا۔
اِنْتَضَحَ الْمَاءُ: پانی چھڑکا جانا۔
النَّضْخ۔ مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔
النَّضَّاخَة۔ بوچھار۔
النَّضَّاخ۔ موسلا دھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ: اُبلنے والا پانی۔

المِنْضَحَة۔ پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ج مَنَاضِح عوام اسے مَرَشَّةٌ یا رَشَّاشَة کہتے ہیں۔
نَضَدَ (ض) نَضْدًا و نَضَّدَ۔ المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعولی مَنْضُوْد و نَضِيْد و مُنَضَّد اور کہا جاتا ہے رَايٌ مُنَضَّد یعنی مضبوط رائے۔
تَنَضَّدَتِ الْاِسْنَانُ وَنَحْوُهَا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔
اِنْتَضَدَ الْقَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا: جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔
النَّضَد۔ ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لیے شرافت ہے۔ شریف ج اَنْضَاد۔ اَنْضَادُ الْقَوْمِ: لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔ اَنْضَادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ اَنْضَادُ الْجِبَالِ او السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (— و النَّضُوْد) موٹی اُونٹنی۔ ج اَنْضَاد و نُضُد۔
النَّضِيْدَة۔ بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد۔
المِنْضَدَة۔ گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔
نَضَرَ (ن) و نَضِرَ (س) و نَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً و نَضَرًا و نُضُوْرًا و نَضَارَةً الْوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت نَاضِرٌ و نَضِرٌ و نَضِيْرٌ۔
نَضَّرَهُ (ن) نَضْرًا و نَضَّرَهُ۔ اللّٰهُ: تر و تازہ بنانا۔
اَنْضَرَ۔ تر و تازہ ہونا — الشَّجَرُ: درخت کا سبز ہونا۔ اَنْضَرَهُ اللّٰهُ: تر و تازہ بنانا۔
اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ: تر و تازہ پانا یا سمجھنا۔
النَّضْر۔ ج اَنْضَار و اَنْضُر و النُّضَار و النَّضِيْر و الاَنْضَر۔ چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لیے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔
النُّضَار و النِّضَار۔ جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لیے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحٌ نُضَارٌ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔
النَّاضِر۔ خوبصورت۔ نرم و نازک۔ کچا۔

النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَاضِرٌ وَاَخْضَرُ نَاضِرٌ۔
النَّضْرَة۔ نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تُعْرَفُ فِي وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةُ النَّعِيْمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔
نِضْوُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔
نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا و نَضِفَ (س) نَضَفًا و انْتَضَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهِ: اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔
نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا۔ خدمت کرنا۔ نَضَفَ الْحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔
اَنْضَفَ الْجَمَلُ: اُونٹ کا دلکی چلنا —
الرَّجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا — الْجَمَلُ: اُونٹ کو دلکی چلانا۔
النَّضَف۔ مص۔ جنگلی پودینہ۔
النَّضَفَان۔ دلکی چال۔
النَّضِف و النَّضِيْف۔ ناپاک۔
النَّاضِف۔ فا (— و المِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَنَاضِف۔
نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا۔ تیر اندازی میں سبقت کرنا۔ تیر اندازی ہی میں غالب ہونا۔
نَضِلَ (س) نَضَلًا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔
نَاضَلَهُ نِضَالًا و نِيْضَالًا و مُنَاضَلَةً تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔
اَنْضَلَهُ۔ لاغر کرنا۔ تھکانا۔
تَنَضَّلَهُ۔ نکالنا۔
اِنْتَضَلَهُ۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔
اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ الْقَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الْكِنَانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الْاِبِلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔
اِنْتَضَلَ و تَنَاضَلَ الْقَوْمُ: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔
النَّاضِل۔ فا تیر اندازی میں غالب۔ ج نُضَّال۔
النِّضْل۔ مصیبت۔ بلاو سختی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نَضْنَضَ الرَّجُلُ : بہت روپے پیسے والا ہونا —لِسَانَهٗ : حرکت دینا —هٗ : بتلاء رنج کرنا۔
النَّضْنَاض و النَّضْنَاضَة۔ مِنَ الْحَيَّاتِ : زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الغور ہلاک کرنے والا سانپ۔
نَضَا يَنْضُوْ نَضْوًا۔ السَّيْفُ مِنْ غِمْدِهٖ : تلوار کو میان سے سونتنا — الثَّوْبَ عَنْهُ : کپڑا اتارنا — الرَّجُلُ مِنْ ثَوْبِهٖ : ننگا کرنا — الْبِلَادَ : طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ : زخم کی سوجن اترنا — الْمَاءُ پانی کا جذب ہونا — السَّيْفُ : تلوار کا پار ہونا ( — نَضْوًا و نُضِيًّا) الْفَرَسُ الْخَيْلَ : آگے بڑھ جانا ( — نَضْوًا و نُضُوًّا) الْخِضَابُ : رنگ اتر جانا۔
اَنْضَى اِنْضَاءً الْبَعِيْرَ : اونٹ کو دبلا کرنا۔ الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا — فُلَانًا : دبلا جانور دینا۔
نَضًّى تَنْضِيَةً۔ ثَوْبَهٗ عَنْهُ : کسی کا کپڑا اتارنا۔
تَنَضَّى الْبَعِيْرَ : اونٹ کو دبلا کرنا۔
اِنْتَضَى اِنْتِضَاءً السَّيْفَ : تلوار کو میان سے سونتنا — الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا۔
النِّضْو۔ دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ۔ بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیراندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضَاء۔
النُّضَاوَه۔ مِنَ الْخِضَابِ : چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِنِي نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔
النَّضِي۔ دبلا جانور۔ بغیر پیکان اوپر کے تیر — مِنَ السَّهْمِ : پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِيَة۔
نَضِيَ يَنْضِيْ نَضْيًا السَّيْفَ : تلوار سونتنا — الثَّوْبَ : کپڑا اتارنا ( — و انْتَضَى و اِنْتَضَى) الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پر اتارنا کرنا۔
نَطَّ (ن) نَطًّا الشَّيْءَ : باندھنا۔ کھینچنا۔
نَطَّ (ض) نَطًّا۔ بکواس کرنا — فِي الْاَرْضِ ة جانا ( — نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔
النَّطَّاط۔ بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔

النَّطِيْط۔ مہ۔ مَكَانٌ نَطِيْظ۔ زور کی جگہ
اَرْضٌ نَطِيْطَةٌ : دُور دوالی زمین۔
عَقَبَةٌ نَطَّاءُ دُور کی گھاٹی۔
الانَّطّ۔ دُور کا سفر۔ ج نُطُط۔
نَطَبَهٗ (ن) نَطْبًا و اَنْطَبَهٗ۔ انگلی سے کان پر مارنا۔
نَاطَبَهٗ مُنَاطَبَة۔ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔
اَنْطَبَ اُذُنَهٗ : انگلی سے کان پر مارنا۔
النَّاطِبَة۔ چھنے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب۔
النِّطَاب۔ سر۔ گردن کی رگ۔
المِنْطَب و المِنْطَبَة۔ چھننا۔
المَنْطَبَة۔ یہ قوف۔
نَطَحَهٗ (ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ و نَحْوُهٗ : بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا : رفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَاطَحَهٗ نِطَاحًا و مُنَاطَحَةً۔ سینگوں سے مارنا۔
اِنْتَطَحَ و تَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ : مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْاَمْوَاجُ او السُّيُوْلُ : موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔
النَّاطِح۔ فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ، بکری، بیل اور خَابِط سے اونٹ النَّاطِحُ : منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّطْح۔ مہ۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّوَاطِح۔ سختیاں۔
النَّطْحَة۔ نَطَحَ کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔
النَّطِيْح۔ سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَةٌ۔ ج نَطْحٰى و نَطَائِح۔
النَّطَّاح۔ بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔
نَظَرَ (ن) نَظْرًا و نِظَارَةً۔ الكَرْمَ او الزَّرْعَ انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔
النِّظَارَة۔ مہ۔ باغبانی کا پیشہ۔
النَّاظِر و النَّاظُوْر۔ باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُظَّار و نَظَرَةٌ و نَوَاظِيْر و نُظَرَاء۔
النُّظَّار۔ اُپلکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے)
نَظْرُوْنَ۔ بورہ ارمنی۔
نَطِسَ (س) نَطَسًا۔ عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔
تَنَطَّسَ۔ گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور و فکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْاَخْبَارَ و عَنِ الْاَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔
النَّطْس و النِّطِس و النَّطِس۔ عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔
النِّطِيْس و النِّطَاسِي و النَّطَاسِي عالم۔ ماہر طبیب۔
النُّطُس۔ ماہر اطباء۔
النُّطْسَة۔ بہت احتیاط کرنے والا۔
النَّاطِس۔ جاسوس۔
نُطِعَ نَطْعًا و انْتُطِعَ و اسْتُنْطِعَ لَوْنُهٗ : رنگ متغیر ہونا۔
تَنَطَّعَ فِي الْكَلَامِ : غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔
—فِيْ شَهَوَاتِهٖ : مبالغہ کرنا —فِيْ عَمَلِهٖ : ماہر ہونا — الرَّجُلُ : چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔
النَّطْع و النِّطْع و النَّطَع و النِّطَع۔ چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لیے بچھایا جائے ج اَنْطَاع و نُطُوْع۔
النِّطْع و النِّطَع۔ تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْع۔ اور اسی سے حرف نِطَعِيَّه ت وط ہیں۔
النُّطُع۔ گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔
النَّاطِع۔ خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض ناطع۔
نِطَاعُ الْقَوْمِ : قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِيْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو روندا۔
النَّطَّاع۔ کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْن۔
النُّطَاعَة۔ لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا و تَنْطَافًا و نَطَفَانًا و نِطَافَةً۔ المَاءُ تھوڑا تھوڑا پانی بہنا — القِرْبَةُ : مشک کا ٹپکنا — المَاءَ پانی بہانا۔

نَطَفَهُ و نَطَّفَهُ و اَنْطَفَهُ۔ بدکاری کی تہمت لگانا۔ عیب لگانا۔ نَطَّفَ المَرْأَةَ : عورت کے کان میں بالی پہنانا۔

نَطِفَ (س) و نُطِفَ نَطَفًا و نَطَافَةً و نُطُوْفَةً۔ عیب دار ہونا۔ عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا۔ نَطِفَ الشَّيْءُ : فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ نَطِفَ الرَّجُلُ : بدہضمی والا ہونا۔

تَنَطَّفَ۔ الرَّجُلُ : عیب دار ہونا — مِنْ كَذَا پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ تَنَطُّفُ المَرْأَةِ : عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَف۔ مہ۔ عیب۔ برائی۔ فساد۔

النُّطْفَة۔ صاف پانی۔ تھوڑا یا زیادہ۔ سمندر۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ ج نِطَاف و نَطَف ( — و النُّطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔ النُّطَافَة : ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔

النُّطْفَتَان۔ دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)

النُّطْفَة و النَّطَفَة۔ بالی۔ آبدار موتی ج نُطَف۔

النَّطِف۔ پلید۔ شکی آدمی۔

النَّطُوْف۔ بارش والی۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔

النَّاطِف۔ ریوڑی۔ سوئہ۔

النَّاطِفِيُّ۔ ریوڑی بیچنے والا۔

نَطَقَ (ض) نَطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوْقًا۔ بولنا — الكِتَابُ : واضح بیان کرنا۔

نَطَّقَهُ۔ گفتگو کرانا۔ کسی کو پٹکا باندھنا۔ کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا۔ نَطَّقَ المَاءُ الأُكْمَةَ وَغَيْرَهَا : پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔

نَاطَقَهُ۔ گفتگو کرانا۔

اَنْطَقَهُ۔ گفتگو کرانا۔

تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ : باہم گفتگو کرنا۔

تَنَطَّقَ و اِنْتَطَقَ و تَمَنْطَقَ۔ کمر میں پٹکا باندھنا — المَرْأَةُ : عورت کا کمر پر پٹکا باندھنا — الأَرْضُ بِالْجِبَالِ : پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهِ : طاقتور و قوی ہونا۔

الرَّجُلُ : گفتگو کرنا۔ علم منطق حاصل کرنا — فَرَسَهُ : بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔

اِسْتَنْطَقَهُ۔ گفتگو کرنا۔ بولنے کو کہنا۔

النُّطْق۔ مہ۔ اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔

النَّطْقَة۔ نطق کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَطَقَ نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بلا۔

النَّطِق۔ بولنے والا۔

النِّطَاق۔ کمربند۔ پٹی۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لیے مستعد ہوا۔ النِّطَاق : کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکا رہتا ہے۔ ج نُطُق۔

نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ۔ جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام و التیام کے لیے ضرب المثل ہیں۔

النِّطَاقَة۔ پرچہ۔ پرزہ۔ اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے۔

النَّاطِق۔ فا۔ عرب کا قول "اَلْإِنْسَانُ حَيَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔ كِتَابٌ نَاطِقٌ : واضح کتاب۔

النَّاطِقَة۔ النَّاطِق کا مؤنث۔ کمر۔ النَّفْسُ النَّاطِقَة : نفس انسانی۔

المَنْطِق۔ مہ۔ گفتگو۔ اور کبھی انسان کے علاوہ کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّيْرِ : علم المنطق : ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں۔ اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔

المَنْطِقِي۔ علم منطق جاننے والا۔

المِنْطَق و المِنْطَقَة۔ پٹکا جو کمر پر باندھا جائے۔ ج مَنَاطِق۔ اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے۔ کہتے ہیں تَمَنْطَقَ : بمعنی پٹکا باندھنا جیسے مِدْرَعَةٌ سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِيْلٌ سے تَمَنْدَلَ۔

تَمَنْطَقَ : علم منطق حاصل کرنا۔ اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔ مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ تین ستاروں کے نام۔ اور مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ : ایک دوسرے ستارے کا نام ہے۔

المِنْطِيْق و النِّطِيْق۔ بلغ۔

المُنْطَق۔ مغ پٹکا باندھنے کی جگہ۔ المُنْطَقَة مِنَ الْمَعْزِ : کمر میں سفیدی والی بکری۔

المُنْتَطِق۔ عالی مرتبہ۔ گرامی قدر۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْطَقاً حِصَانُهُ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا۔

المَنْطُوْق عِنْدَ الْأُصُوْلِيِّين : مفہوم مخالف کے خلاف۔

نَطَلَ (ن) نَطْلًا الْخَمْرَ : نچوڑنا ( — و نَطَّلَ) رَاسَ الْعَلِيْلِ بِالنُّطُوْلِ : تر پڑا کرنا۔ آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔

اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِ : مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا۔

النَّطْل۔ مہ۔ انگور کا چھلکا۔ تھوڑا دودھ۔ ( — و النِّطْل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔ النِّطْل : شراب کا بقیہ۔

النُّطْلَة و النَّاطِل۔ شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔ النَّاطِل : فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "مَاظَفَرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔

النَّاطِل و النَّاطَل و النَّيْطَل و النَّأْطِل شراب، دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔ النَّيْطَلُ و النَّطْلَاءُ مصیبت۔ و النَّيْطَل : ہلاکت۔ موت۔ ڈول۔ ج نَيَاطِل۔

الأَنْطِلَة۔ مصیبتیں۔

النَّطُوْل۔ پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھاریں۔

المَنَاطِل۔ شراب کشی کے آلات۔

نَطْنَطَ الشَّيْءَ : کھینچنا — الرَّجُلُ : لمبے سفر والا ہونا ( — و انْتَطْنَطَ) دور ہونا۔

النَّطْنَط و النُّطْنُط و النَّطْنَاط۔ لمبے قد والا۔ ج نَطَانِط و نَطَانِيْط۔

نَطَايَنْطُوْا نَطْوًا۔ الحَبْلَ : رسی کھینچنا — الغَزْلَ : کاتے ہوئے سوت کا بانا کرنا — المَنْزِلُ : دور ہونا — عَنْ فُلَانٍ : چپ ہو جانا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نَاظَى مُنَاظَاةً الرَّجُلُ :باہم نزاع کرنا۔
اَنْظٰی۔دینا۔
تَنَاظَی الْقَوْمُ :ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ تَنَاظَوا الْکَلَامَ : آپس میں گفتگو کرنا۔
النَّظْو۔دُوری۔
النَّطِی۔دُور۔کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ نَطِیٌّ" دُور کا راستہ ( — والمَنْطُقُ) مِنَ الْفَزْلِ : کاتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
النَّظَاۃ۔کچی کھجور کا خلاف یاؤ نظل ج اَنْظَاء۔
نَظَرَ(ن)و نَظِرَ(س)نَظَرًا و مَنْظَرًا و مَنْظَرَۃً و تَنْظَارًا و نَظَرَانًا۔ۃ و اِلَیْہِ : دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔(نَظَرَ (ن) نَظْرًا) فِی الْاَمْرِ : سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا — الشَّیْءَ : انتظار کرنا — بَیْنَ النَّاسِ : حکم کرنا اور فیصلہ کرنا — لِلْقَوْمِ : رحم کرنا اور مدد دینا — فُلَانًا : متوجہ ہونا۔دیر کرنا — فُلَانًا الدَّیْنَ : مہلت دینا۔(اَنْظَرَ میں ایک لغت ہے) — الشَّیْءَ : مہلت سے بیچنا — فُلَانٌ : کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "اُنْظُرْلِیْ فُلَانًا" میرے لیے فلاں کو طلب کرو۔ و دَارِیْ تَنْظُرُ دَارَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّھْرُ اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کردیا۔
نَاظَرَہٗ مُنَاظَرَۃً۔ مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَیْشُ الْاَلْفَیْنِ : قریب پہنچنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ :مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِی تُنَاظِرُ دَارَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
اَنْظَرَہُ الدَّیْنَ :ادائیگی قرض کیلئے مہلت دینا۔
اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ : مشابہ بنانا — الرَّجُلَ : سوچنے کا موقعہ دینا۔مہلت سے بیچنا۔
تَنَظَّرَہٗ۔ آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلَانٌ : انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔
تَنَاظَرَا فِی الْاَمْرِ :باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ : ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَہٗ۔ انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔
اِسْتَنْظَرَہٗ۔انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔
النَّظَر۔ مص — نگاہ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ والْاِسْتِدْلَالِ : علم کلام۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم تسور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے۔ "و بَیْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے "و نَظَرَ اِلٰی کَذَا و بِالنَّظَرِ اِلٰی کَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَر : ہمسائے۔
النِّظْر۔مشابہ۔مانند۔
النَّظْرَۃ۔ نظر کا اسم مرۃ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بری ہیئت وعیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَۃُ بِعَیْنِ النَّظْرَۃِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔
النَّظِرَۃ۔ مہلت۔معاملہ میں تاخیر۔
النَّظَرِی۔ نظر کی جانب منسوب۔
استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔
النَّظَرِیَّۃُ فِی الْھَنْدَسَۃِ :وہ قضیہ جو صحت ثبوت کیلئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِیَّات۔
النِّظَار والنِّظَارَۃ۔ فراست۔دانائی۔
النَّاظِر۔ فا۔ آنکھ کی پتلی۔ والنَّاظِر عِنْدَ الْمُوَلِّدِیْن : کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے ناظر خَارِجِیَّہ و ناظِر مالیہ۔ ج نُظَّار۔ النَّاظِر :پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لیے بھیجے۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ شَدِیْدُ النَّاظِر" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لیے کہ آنکھ ملا کر بات کرتا ہے۔ النَّاظِرَانِ :ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔
نَظَارِ۔ اسم فعل۔ بروزن نَزَالِ و تَرَاكِ۔ بمعنی انتظر۔
النَّاظِر والنَّاظُوْر۔ انگور یا کھیتی کا محافظ۔
النَّاظُوْر :سردار قوم۔
النَّاظِرَۃ۔ النَّاظِر کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر
النَّوَاظِر :سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَّظَّار۔ تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔
النَّظَّارَۃ۔ ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی
النَّظَّارَۃ عِنْدَ الْمُوَلِّدِیْن :دوربین۔
النَّظُوْر والنُّظُوْرَۃ والنَّظِیْرَۃ والنَّاظُوْرَۃ قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع) النَّظُوْر : مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔
النَّظِیْر۔ مثل و مانند۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِیْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِیْرَۃ ج نَظَائِر۔ نَظَائِرُ الْقَوْمِ : قوم کے شرفاو افاضل۔
نَظِیْرَۃُ۔ الْقَوْمُ او الْجَیْشِ و نُظُوْرَتُھُمْ : دیدبان۔
المَنْظَر۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نام ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ مَنْظَرِی و مُسْتَمَعِی "فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سُن سکتا ہوں۔ "وَکُنْتُ عَنْ ھٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَر" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر الْمَنَاظِر :بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِر :وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب وبعد کے پہچان سکیں۔
المَنْظَرَۃ۔ مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی بلند جگہ۔ المَنْظَرَۃ :قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔
المَنْظَرِی والمَنْظَرَانِی۔ خوش نما۔
المُنَاظِر۔ فا۔ مثل۔
المِنْظَار۔ آئینہ۔ ج مَنَاظِیْر۔
المَنْظُوْر۔ مفعو وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔
المَنْظُوْرَۃ۔ المَنْظُوْر کا مؤنث۔ مصیبت
اِمْرَاَۃٌ مَنْظُوْرَۃ :عیب دار عورت۔
نَظُفَ(ک)نَظَافَۃً الشَّیْءُ :صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِیْفٌ صفت مؤنث نَظِیْفَۃٌ ج نُظَفَاء۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِیْفُ السَّرَاوِیْل" فلاں پاک دامن ہے و نَظِیْفُ الْاَخْلَاقِ :مہذب۔
نَظَّفَ الشَّیْءَ :صاف کرنا۔پاک کرنا۔
تَنَظَّفَ الشَّیْءُ : صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ :

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



بتکلف صاف ستھرا بنانا- برائیوں سے دُور ہونا-
اِنْتَظَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ : اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا-
اِسْتَنْظَفَ صاف ستھرا طلب کرنا — الْوَالِيْ الْخَرَاجَ : پورا وصول کر لینا — فُلَانٌ الشَّيْءَ : سب لے لینا — الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ : اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا-
نَظَمَ (ض) نَظْمًا و نِظَامًا اللُّؤْلُؤَ و نَحْوَهٗ : موتی پرونا : آراستہ کرنا- موزوں کرنا — الشَّيْءَ اِلَى الشَّيْءِ : ترتیب دینا- کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا — الْاَمْرَ : برپا کرنا- قائم کرنا-
نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ و الشِّعْرَ : بمعنی نظم (پرونا- موزوں کرنا)
نَظَّمَتْ و اَنْظَمَتِ السَّمَكَةُ او الدَّجَاجَةُ : مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا-
تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ و تَنَاظَمَ اللُّؤْلُؤُ و نَحْوُهٗ موتی کا پرو دیا جانا- ترتیب وار ہونا- تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ الْاَمْرُ : درست ہونا- و اِنْتَظَمَ الصَّيْدُ : شکار کو چھید کر پار کر دینا- تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ : پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا-
النِّظْم- مصـ- ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار- ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں- النِّظْمُ : بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثُرَيَّا- بِنَظَائِقُ الْجَوْزَاءِ و الدَّبَرَانِ-
النِّظَام-مصـ- موتیوں کی لڑی کا دھاگا- ج نُظُوْم و اَنْظِمَةٌ و اَنَاظِيْم- النِّظَام : طریقہ و عادت- کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰى نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا- نِظَامُ الْاَمْرِ : سرمایہ- معاملہ- النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ : ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا- النِّظَامُ مِنَ الْجَرَادِ و النَّحْلِ و نَحْوِهَا : ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی-
النِّظَامَانِ و الْاِنْظَامَانِ و الْاُنْظُوْمَتَانِ مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ : اُم سے کان تک کی دو دھاریاں- ج اَنَاظِيْم-
الاُنْظَام- مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار- لڑی کا دھاگا — مِنَ الرَّمْلِ : ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا-
النَّظَّام- بہت پرونے والا-

النَّظِيْم- موزوں شعر وغیرہ- پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں-
المَنْظُوْم- مفـ- شعر- اور یہ منثور کے خلاف ہے-
المَنْظِم- ترتیب دینے کی جگہ- ج مَنَاظِم-
النَّعْ- کمزور مرد-
النُّعَاع- ملائم و نازک گھاس- واحد نُعَاعَةٌ-
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا و نُعَابًا و نَعِيْبًا و نَعْبَانًا و تَنْعَابًا الْغُرَابُ : کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا- جدائی کا خوف دلانا — الْمُؤَذِّنُ : گردن لمبی کر کے اذان دینا-
نَعَبَتْ (ف) نَعْبًا الْاِبِلُ : اُونٹ کا چلنے میں گردن لمبی کرنا-
النَّعْب- مصـ- رِيْحٌ نَعْبٌ : تیز ہوا-
نَاقَةٌ- نَاعِبَةٌ ج نَوَاعِب و نُعُوْبٌ- ج نُعُب و نَعَّابَة- تیز رفتار اُونٹنی-
النَّعَّاب- اسم مبالغہ- کوّے کا بچہ-
المِنْعَب و المُنْعِب- تیز رفتار اُونٹنی- تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے- چلانے والا- بیوقوف-
نَعَتَهٗ (ف) نَعْتًا- تعریف کرنا- بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الْكَلِمَةَ : کلمہ کیلئے صفت لانا-
نَعِتَ (س) نَعَتًا- بتکلف عمدہ صفات دکھانا-
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةً الرَّجُلُ : خلقتہ عمدہ صفات والا ہونا — الْفَرَسُ : گھوڑے کا تیز رفتار ہونا-
اَنْعَتَ الرَّجُلُ : خوب صورت چہرہ والا ہونا- عمدہ خصلتوں والا ہونا-
اِنْتَعَتَهٗ- تعریف کرنا- اِنْتَعَتِ الْمَرْاَةُ — بِالْجَمَالِ : متصف ہونا-
تَنَعَّتَ الشَّيْءَ : تعریف کرنا- بیان کرنا-
اِسْتَنْعَتَهُ الشَّيْءَ : بیان کرنے کو کہنا-
النَّعْت- مصـ- تعریف- ج نُعُوْت-
النَّعْت و النَّعْتَة و النَّعِيْتَة و المُنْتَعِت مِنَ الْخَيْلِ : گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز- کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن و جمال میں انتہا پر ہے-
نَعَثَ (ف) نَعْثًا و انْتَعَثَ الشَّيْءَ : لینا-
اَنْعَثَ فِيْ مَالِهٖ : فضول خرچی کرنا — الرَّجُلُ : سفر کے لیے سامان لینا — الْقَوْمُ : کام میں جدوجہد کرنا-
نَعْثَلَ الشَّيْءَ : جمع کرنا — الْفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ : تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا-
النَّعْثَل- بیوقوف- بڈھا- نر بجو-
النَّعْثَلَة- بیوقوفی- بڈھے کی چال-
نَعِجَ (س) و نَعُجَ (ن) نَعَجًا و نُعُوجًا اللَّوْنُ : خالص سفید رنگ ہونا- نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا : اُونٹنی کا تیز دوڑنا (نَعِجَ (س) نَعَجًا) الْبَعِيْرُ : اُونٹ کا موٹا ہونا — الرَّجُلُ : بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا- صفت نَعِجٌ-
اَنْعَجَ الْقَوْمُ : موٹے اُونٹوں والا ہونا-
النَّعْجَة- بھیڑ- ج نِعَاجٌ و نَعَجَاتٌ- و نِعَاجُ الرَّمْلِ : گائے-
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوْقِ : سفید عورت یا اُونٹنی- نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ : تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں- اَرْضٌ نَاعِجَةٌ : ہموار نرم زمین- ج نَوَاعِج-
النَّعَج- مصـ- خالص سپیدی-
نَعَرَ (ف ض) نَعِيْرًا و نَعَارًا الرَّجُلُ : خراٹے لینا — الْعِرْقُ بِالدَّمِ : جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا- اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِيْ قَفَا الْاِفْلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا-
نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِي الْبِلَادِ : جانا — الْقَوْمُ : جوش و خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا — اِلٰى فُلَانٍ : آنا- کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ نَعَرَتْ اِلَيْنَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے- نَعَرَ فِي الْاَمْرِ : اٹھنا اور کوشش کرنا — الرَّجُلُ : مخالفت کرنا اور انکار کرنا-
نَعِرَ (س) نَعَرَ الْحِمَارُ او الْفَرَسُ : ناک میں کھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا- صفت نَعِرٌ-
نَعَّرَ السَّهْمَ : سیدھائی معلوم کرنے کیلئے ناخن پر گھمانا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اَنْعَرَ الْاَرَاكُ :درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النَّعْرَة۔ نعر کا اسم مرۃ۔ خرانا۔ ج نَعَرَات۔
نَعْرَةُ النَّجْم : ہوا کا جھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔
النَّعْرَة و النُّعَرَة۔ تکبر۔ غرور۔ مہتم بالشان کام۔
النُّعْرَة و النَّعْرَة۔ ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔
النَّعَرہ :ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نَعَرَاتٌ۔
النَّاعِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اِتَّبَعُوْهُ" جب کبھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر۔ وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ۔
النَّعِير۔ مص۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ وپکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرَ الْهَجِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار۔ نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَارَةٌ۔ اِمْرَاَةٌ نَعَّارَةٌ : شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَّعَّار :ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار و النَّعُوْر و النَّاعُوْر۔ رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُوْر : چکی کا پہلو۔
النَّعُوْر مِنَ الرِّيَاحِ : گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ بِئْرٌ نَعُوْرٌ :دور کی نیت۔
النَّعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ۔ دستے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْر و النَّاعُوْرَة۔ رہٹ۔ ج نَوَاعِيْر۔
نَعَسَ (ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ : اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّس۔ صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات و نَوَاعِس۔ نَعَسَ جِسْمُهٗ اَوْ رَاْيُهٗ : جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوْق :بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهٗ۔ سلانا — فُلَانٌ : سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ۔ بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا — الْبَرْقُ : بجلی کا سست پڑنا۔

تَنَاعَسَتِ السُّوْقُ :بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاس۔ حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَان۔ اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَى (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَاَةٌ نَعَاسَةٌ و نَعُوْسٌ۔ اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوْسٌ :دودھار اونٹنی۔
نَعَشَهٗ (ف) نَعْشًا اَللّٰهُ :بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا —
الرَّبِيْعُ النَّاسَ : خوش حال کرنا — الْمَيِّتَ : بھلائی سے یاد کرنا — طَرْفَهٗ :نگاہ اٹھا کر دیکھنا —
الشَّجَرَةَ :جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ۔ تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْشٌ —
فُلَانٌ :کھلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهٗ و اَنْعَشَهُ اللّٰهُ :بلند کرنا اور اٹھانا۔ نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا :نَعْشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ۔ کہنا۔
اِنْتَعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا — مِنْ سَقْطَتِهٖ :گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔
اَلنَّعْش۔ مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مُردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرٰى :سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰى کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءَ : حرکت دینا — الْجَرَادُ الْاَرْضَ :چٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا۔ جھکنا۔
اِنْتَعَصَ۔ ہلنا — الرَّجُلُ :گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَة۔ مددگار۔ اعوان وانصار۔
اَنْعَطُ الْاَكِلِ :آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
النُّعُط۔ کھانے اور داد و دہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَهٗ مُنَاعَفَةً۔ باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔ اَلطَّرِيْق :راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ۔ بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ۔ بلند جگہ پر چڑھنا — لِفُلَانٍ :درپے ہونا — الشَّيْءَ : غیر کے لیے چھوڑ دینا۔
الزَّاكِبُ :ظاہر ہونا۔
النَّعْف۔ پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ — مِنَ الرَّمْلَةِ : ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف۔
النَّعْفَة۔ پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَة۔ گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر اُدھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ و نُعُوْفٌ و مُنْتَعِفَةٌ لٹکتا ہوا کان۔
اَلْمَنَاعِف مِنَ الْجِبَالِ :پہاڑوں کی چوٹیاں۔
اَلْمُنْتَعَف۔ نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا و نَعِيْقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا
اَلْغُرَابُ : کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ اَلْمُؤَذِّنُ : مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ اَلرَّاعِي بِغَنَمِهٖ :چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاق۔ بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَان۔ جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ (ف) نَعْلًا اَلْقَوْمَ : جوتے دینا۔ (نَعَّلَ و نَعَّلَ و اَنْعَلَ) الدَّابَّةَ : نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلًا۔ جوتہ پہننا۔
تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ۔ جوتہ پہننا — اَلْقُوْبَ روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
اَلنَّعْل۔ مص۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَة۔ نَعْلُ الدَّابَّةِ : گھوڑے کا نعل ج نِعَال و اَنْعُل۔ النَّعْل میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ ج نِعَال۔ کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہو گئی۔
اَلنَّعْلَة۔ ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نعل سے خاص ہے۔
النَّاعِل۔ فا۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔ زَجُلٌ نَاعِلٌ : جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافٍ نَاعِلٌ : سخت کھر
النَّعَّال۔ نعل بند۔
اَلْمَنْعَل و الْمَنْعَلَة۔ سخت زمین۔ کہا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"مَكَانٌ مَنْعَلٌ وَأَرْضٌ مَنْعَلَةٌ."

المُنْعَل- جوتے والا- فَرَسٌ مُنْعَلٌ : مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا- کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں-

نَعَمَ (ف ن) و نَعِمَ (س) نَعْمَةً و مَنْعَمًا الرَّجُلُ : خوش حال ہونا — عَيْشُهُ : آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا وَنِعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہارے محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے-

نَعِمَ (س) نَعَمًا الْعُوْدُ- لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا-

نَعُمَ (ک) نُعُوْمَةً- نرم و نازک ہونا- ملائم ہونا- صفت نَاعِم-

نِعْمَ- افعال مدح میں سے ہے اور غیر متصرف ہے- تم کہتے ہو نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ و نِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے- کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا و نِعْمَتَا و نِعْمَن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ کوئی قرینہ ہو- مثلاً تم کہو گے "دَقَّقْتُهُ وَقَّا نِعِمَّا" (کسرعین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَّقْتُهُ کے اور عرب کا قول "إِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الْفِعْلَةُ ہے-

نَعَّمَ الشَّيْءَ : نرم و نازک بنانا — الرَّجُلُ : آسودہ حال کر دینا- کسی سے نعم کہنا — الْقَوْمُ لوگوں کے پاس پاؤں آنا-

أَنْعَمَ- الشَّيْءَ : نرم و نازک بنانا — فُلَانًا : آسودہ حال بنانا- کہا جاتا ہے "أَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے- اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "أَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا و عِمْ مَسَاءً أَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وَأَنْعَمَهُ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا- انعم اللہ بک عینا : تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا أَنْعَمَ الرَّجُلُ : زیادہ کرنا- نعمت کو پہنچنا — القَوْمُ : لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا- أَنْعَمَ صَدِيقَه : ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا- أَنْعَمَ فِي الْأَمْرِ : مبالغہ کرنا- اچھی طرح سے کرنا — أَنْعَمَ النَّظَرَ فِي الْمَسْأَلَةِ : غور کرنا- أَنْعَمَ لَهُ : کسی سے نَعَمْ کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يُنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے-

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ : آسودہ حال ہونا- الرَّجُلُ- آسودہ حال بنانا — الْحَبْلَ وَغَيْرَهُ : رسی کو مضبوط کرنا-

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ : نازو نعمت کی زندگی بسر کرنا- ننگے پاؤں چلنا — قَدَمَيْهِ : مشغول کرنا — فُلَانًا بِالْمَكَانِ : ڈھونڈنا — الدَّابَّةُ : خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "أَتَيْتُ أَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِي" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لیے موافق ہوئی-

تَنَاعَمَ- خوش عیش ہونا-

نَعَمْ کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں-

نَعِمْ و نِعِمْ و نِعَامْ و نَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے-

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنے قَامَ کے ہوں گے-

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد ہوگا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کے جواب میں "نَعَمْ أَعِدُكَ بِضَرْبِهِ" کے معنے میں ہوگا-

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہوگا جیسے أَقَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ أُعْلِمُكَ بِقِيَامِهِ کے معنے میں ہوگا-

(۴) اور جب صدر کلام میں، واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ إِنَّ رَبِّيْ قَادِرٌ-

النُّعْم- خوش حالی- تن آسانی- ج أَنْعُم- کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے-

النَّعَم- اونٹ- چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج أَنْعَام ج أَنَاعِيم-

النَّعْمَة- اسم مرۃ- آسودگی- نَعْمَةُ الْعَيْشِ : زندگی کی آسودگی-

النِّعْمَة- احسان- رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو- خوشی- خوشگوار حالت- ج نِعَم و أَنْعُم و نِعْمات و نِعَمات و نِعَمات- کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ : فلاں بہت مالدار ہے-

النَّعْمَاء ج أَنْعُم و النُّعْمَى- بابرکت ہاتھ- و النُّعْمَى : آرام- خوش عیشی' مال- کہا جاتا ہے "سَأَفْعَلُهُ نَعْمَ عَيْنٍ و نُعْمَ عَيْنٍ و نُعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمَى عَيْنٍ و نِعِيْمَ عَيْنٍ و نَعَامَ عَيْنٍ و نِعَامَ عَيْنٍ و نُعَامَ عَيْنٍ و نُعَامَى عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لیے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے آخری امر یہ ہے کہ تم ایسا کرو-

النُّعْمَة- خوشی- نُعْمَةُ الْعَيْنِ : آنکھ کی ٹھنڈک-

النَّعَامَة- شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام و نَعَامَات و نَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيْسَقِ کہتے ہیں- شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں- بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے- النَّعَامَة : نفس- تاریکی- خوشی- اکرام- جہالت- واضح راستہ- کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر- راستہ کا نشان- پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت- دماغ کھلی- لوگوں کی جماعت- ابْنُ النَّعَامَة : پنڈلی کی ہڈی- قدم یا تلوا- اور کہا جاتا ہے "نَفَرَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا- "وَجَاءَ كَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَنَاحَيِ النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَإِنَّهُ لَخَفِيفُ النَّعَامَة" یعنی وہ ضعیف العقل ہے "وَأَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لیے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا-

النَّعَام اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے-

بیابان- النَّعَامُ الصَّادِرُ : چار ستاروں کے نام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



النَّعَامُ الْوَارِدُ : دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔
النَّعَائِم۔ منازل قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔
النُّعُومَة۔ مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔
النُّعْمَان۔ حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب' خون
شَقَائِقُ النُّعْمَانِ : گل لالہ۔ واحد شَقِيقَةُ النُّعْمَانِ۔
الْأَنْعَام۔ مص۔ انعام۔ ج انعامات۔
الْأَنْعَامَة۔ انعام۔ علیہ۔
النَّاعِمُ۔ فا — مِنَ الثِّيَابِ : ملائم کپڑا — مِنَ الْعَيْشِ : آسودہ زندگی — مِنَ النَّبَاتِ : سیدھا ہموار۔
النَّاعِمَة۔ النَّاعم کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔
النَّعِيم۔ آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔
نَعِيمُ اللّٰهِ : اللہ کا فضل۔
الْمِنْعَم۔ جھاڑو۔
الْمِنْعَام۔ بڑا فیاض۔
كَلَامٌ مُنَعَّمٌ۔ نرم کلام۔
الْمُنَاعِم وَالْمُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ : سیدھی ہموار نباتات۔
الْمُنَعَّم وَالْمُنَاعَم وَالْمُتَنَعِّم وَالْمُتَنَاعِم خوش حال۔ مالدار۔
تَعْنَعَ لِسَانُ فُلَانٍ : زبان میں ہکلاپن ہونا۔
تَنَعْنَعَ الشَّيْءُ : مضطرب ہونا۔ جھکنا — عَنْهُ : دور ہونا۔
النَّعْنَع وَالنَّعْنَاع۔ پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة و نَعْنَاعَةٌ۔
النُّعْنُعَة۔ پوتا۔
نَعَا يَنْعُو نُعَاءَ السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّعْو۔ ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔
نَعِيَ يَنْعَى نَعْيًا و نَعِيًّا و نُعَيَانًا لَنَا وَالَيْنَا فُلَانًا : موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی — نَعَى الْقَوْمَ : میت کے دفن کیلئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ : خبر دینا — عَلَى الْقَوْمِ شَهَوَاتَهُمْ : عیب گیری کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔
اَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيحًا : کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ اَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ : خبر دینا۔
تَنَاعَى الْقَوْمُ : قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کیلئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ : قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لیے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلَانٍ : پھیلنا — حُبُّ الْحَمِيرِ بِعَدْمَتٍ تک رہنا — الرَّاعِي الْغَنَمَ : چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔
النَّعْيَة۔ نَعْی کا اسم مرۃ۔ ج نَعَيَات۔
النَّاعِي۔ فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج نَاعُون و نُعَاة و نُعْيَان۔
النَّعِي۔ مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔
نَعَاءِ مبنی علی الکسر : اسم فعل بمعنی ارفع کہا جاتا ہے نَعَاءِ فُلَانًا : یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔
الْمَنْعَى و الْمَنْعَاة۔ خبر مرگ۔ ج مَنَاعٍ۔
نَغَبَ (ف۔ن) نَغْبًا الرِّيقَ : تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ : گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ : پرندہ کا پانی پینا۔
النَّغْبَة و النُّغْبَة۔ گھونٹ ج نُغَب۔ النُّغْبَة : برا کام۔
النُّغْبُن۔ بیوقوف۔
النَّغْبَقَة و النُّغْبُقَة۔ جانور کے پیٹ کی آواز۔
النُّغْبُوق۔ ایک قسم کا پرندہ۔
النُّغْبُول۔ ایک قسم کا پرندہ۔ ایک نباتات۔
نَغَثَ (ف) نَغْثًا الشَّعَرَ : بال کھینچنا۔
النَّغَث۔ دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَتْ (ف ض) و نَغِرَتْ (س) نَغْرًا و نَغَرَانًا الْقِدْرُ : ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ و نَغِرَ نَغْرًا و نَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ : غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغَرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر صفت مؤنث نَغِرَةٌ — النَّاقَةَ : اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ : بہت پانی پینا — الرَّجُلُ : کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ : بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ : اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ : غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا — عَنْ فُلَانٍ : دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
اَلْغَرَتِ الْبَيْضَةُ : انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ : ناواقف بننا۔
النَّغَر۔ مص۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر۔ بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان۔
النَّغَّار۔ بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ : بہت خون بہانے والا زخم۔
الْمُنْغِر۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
الْمِنْغَار۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ : بچے کو گدگدانا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ : ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز۔ فتنہ انگیز۔ جاہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا و نَغَشَانًا۔ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وسُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وَانْتَغَشَ الشَّيْءُ : ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ و تَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ وَالرَّأْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سروں سے بھر گیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



النَّفْشَةُ۔ نفش کا اسم مرۃ۔
النَّفَاشُ و النَّفَّاشُ و النَّغَّاشِيُّ۔ بہت پستہ قد۔
النُّفَاشُ: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَفِصَ (س) نَفَصًا الْبَعِيْرُ: سیراب نہ ہونا — الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَفَصَهُ (ف) نَفْصًا۔ پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔
نَفَّصَ و اَنْفَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ و نَفَّصَ عَيْشَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ و نَفَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْفَصَ فُلَانًا رَعِيَّهُ: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُفْصٌ تَنْفِيْصًا۔ خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَفَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَافَصَتِ الْإِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّفْصَة۔ مراد پوری کرنے سے مانع نُقص۔
نَفَضَ (ن ض) نَفْضًا و نُفُوْضًا و نَفَضَانًا کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ نَفَضُوْا اِلَى الْعُدُوِّ: مقابلے کے لیے اٹھنا — الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَفَضَ نَفَضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا — السَّحَابُ: گھٹاٹوپ بادل چڑھنا۔
نَفَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
اِنْفَضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَاْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَفَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّفْض۔ مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّافِض۔ فا۔ ج نُفَّض۔ النَّاغِضُ مِنَ الْإِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غُثَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل (— و النُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّفَّاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَفَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔
النَّفُوْض۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَفِفَ (س) نَفَفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔

النَّفَف۔ مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَفَفَةٌ۔ النَّفَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نَفَقَ (ف ض) نَفَاقًا و نَفِيْقًا الْغُرَابُ: کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النَّفَّاق۔ بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَفِلَ (س) نَفَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا — الْجُرْحُ: فاسد ہونا: زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَفِلَتْ نِيَّتُهُ: نیت بری ہونا۔ نَفِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ: کینہ رکھنا — بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا — وَجْهُ الْأَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَفَلَ (ک) نُفولة المولود: نسبت بگڑنا۔ النِّفْلَة اسم مصدر ہے۔
اَنْفَلَ الْجِلْدُ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّفْلَة۔
النَّفْل۔ گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَل۔ مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النَّغَلَة۔ چغل خور۔
النَّفَلُ و النَّفِل مؤنث نَفَلَةٌ و نَفِلَةٌ و النَّفِيْل بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّفِيْلَة۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) و نَغْمٌ (س) نَغْمًا و نَغَمًا و تَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کما جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً۔ بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم و النَّغَم۔ گانے میں سر۔ ج اَنْغَام۔ ج اَنَاغِيْم اور اسی سے اَنْغَامُ الْمَوْسِيْقِي ہے۔ آہستہ گفتگو۔
النَّغَام۔ بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة و النَّغَمَة۔ نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات۔
النُّغْمَة۔ گھونٹ۔ ج نُغَم۔
رَجُلٌ نَغُوْمٌ۔ اچھی آواز والا مرد۔
نَغَا يَنْغُوْ نَغْوًا و نَغِيَ يَنْغَى نَغْيًا و اَنْغَى اِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔
اَلْمُغَازَاةُ: عشق بازی کرنا — الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا — الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ: یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النَّاغِيَة۔ کلمہ۔
النَّغْوَة و النَّغْيَة۔ سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ (ن) نَفًّا الْأَرْضَ: بونا۔
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا۔
النَّفِيُّ۔ جس پر ستو پھانکا جائے۔ ج نَفَائِيُّ۔
النَّفِيَّة و النُّفْيَة و النُّفَى۔ کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔
النَّفِيف۔ اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَأ۔ نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفْأَةٌ۔
نَفَثَتْ (ض) نَفْثًا و نُفَاثًا و نَفِيْثًا و نَافَثَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوث۔ نفث و نَافَثَ الرَّجُلُ: غصہ ناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ و نَفَثَ الدَّقِيْقُ نَفْثًا: آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النَّفِيثَة۔ آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا و نُفَاثًا الْبُصَاقَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا — الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا — الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: درد سینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْقَلَمُ: لکھنا — فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّیْءَ فِیْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ و نُفِثَ فِیْ رَوْعِیْ او قَلْبِیْ کَذَا" مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "و فُلَانٌ یَنْفُثُ عَلٰی غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔

نَافِثَةُ مُنَافَثَةً۔ چپکے چپکے بات کرنا۔

النَّفْث۔ مصـ۔ بلغم۔ نَفْثُ الشَّیْطَانِ: غزل کے اشعار۔

اِسْتَنْهَرَ النَّهْرُ : نہر کا اپنے بہنے کے لیے مضبوط جگہ بنانا — الشَّيْءَ : وسیع و کشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کیلئے اِسْتَنْهَرَ کا استعمال کرتے ہیں۔
النَّاهِر۔ فا۔ سفید انگور۔
النَّهَار۔ دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج اَنْهُر و نُهُر۔
النَّهَارِيّ۔ کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔
النَّهْر۔ ندی۔ دریا۔ ج اَنْهُر و اَنْهَار و نُهُر و نُهُوْر۔
النَّهَر گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔
النَّهِر۔ سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَهْرٌ نَهِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَهَارٌ نَهِرٌ" روشن دن "مَاءٌ نَهِرٌ" بہت پانی۔
النَّهِير۔ بہت۔
النَّهِيرَة۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
الْأَنْهَر۔ اسم تفضیل۔ نہار اَنْهَر : بہت روشن دن۔
الْأَنْهَرَان مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ : چاند کے منازل میں عَوَّاء اور سِمَاک نامی دو ستارے۔
النَّاهُوْر۔ بادل۔
اَلْمَنْهَر۔ پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنا لیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔
اَلْمَنْهَرَة۔ لوگوں کے گھروں کے درمیان کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَمَامَ دَارِهِمْ مَنْهَرَةٌ" ان کے گھروں کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔
نَهَزَهٗ (ف) نَهْزًا۔ دفع کرنا اور مارنا۔ نَهَزَ رَاسَهٗ : سر ہلانا — الشَّيْءَ : قریب ہونا — فُلَانٌ : کچھ لینے کیلئے اٹھنا — اَلْفَصِيلُ ضَرْعَ اُمِّهٖ اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا — اَلدَّابَّةُ چوپایہ کا سینہ نکال کر چلنا — اَلدَّابَّةُ بِرَاسِهَا : چوپایہ کا اپنے آپ سے دفع کرنا۔ اور جب دودھ چھڑانے کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَهَزَ لِلْفِطَامِ" صفت مذکر نَاهِزٌ اور صفت مؤنث نَاهِزَةٌ : نَهَزَ بِالدَّلْوِ فِي الْبِئْرِ : ڈول کو کنوئیں میں بھر جانے کے لیے ہلانا — اَلدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ : ڈول کو کنوئیں سے نکالنا — نَهَزَ الرَّجُلُ : قے کرنے کے لیے گردن اٹھانا اور سینہ نکالنا — قَيْحًا : پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے "نَهَزَتْنِيْ اِلَيْكَ حَاجَةٌ" مجھے ضرورت تمہارے پاس لے آئی۔
نَاهَزَهٗ مُنَاهَزَةً۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاهَزَ الْخَمْسِيْنَ" اس کی عمر پچاس کے قریب ہے "وَنَاهَزَ لِلْفِطَامِ" وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہنچا — الصَّيْدَ : سبقت کرنا — اَلْفُرْصَةَ : غنیمت جاننا۔ نَاهَزَتْهُمُ الْفُرَصُ : فرصت پانا۔
اَنْهَزَهٗ۔ دفع کرنا۔ اٹھانا۔
تَنَاهَزَا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاهَزُوا الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جاننے کی وجہ سے سبقت کی۔
اِنْتَهَزَ الْفُرْصَةَ : غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا — الشَّيْءَ : قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا — فِي الضِّحْكِ : بہت زور سے ہنسنا۔
النَّاهِز۔ فا نَاهِزُ الْقَوْمِ : قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔
النَّهَاز و النِّهَاز۔ قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَهَازُ ذَاكَ" یہ اس کے مقدار ہے۔
النَّهْز۔ مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کیلئے اٹھنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَهْزُهٗ كَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔
النَّهِز۔ شیر۔
النَّهَّاز۔ اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔
النُّهْزَة۔ فرصت۔ ج نُهَزٌ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نُهْزَةُ الْمُخْتَلِس "وہ ہر ایک کا شکار ہے۔
المَنْهَز مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کا من۔
المَنَاهَزَة۔مص۔مسابقت۔
نَهَسَ (ف) و نَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الْكَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔
اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا — فُلَانًا: غیبت کرنا۔
النَّهْش والنَّهس۔ لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان۔
النَّهَّاس والنَّهُوْس والمَنْهَس والمِنْهَس بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
المَنْهَس: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَثِيْرَةُ الْمَنَاهِسِ" بہت چراگاہ والی زمین۔
النَّهِس۔ کم گوشت والا۔ دُبلا۔ اَلمَنْهُوس۔ مغ۔ کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْهُوْسُ الْقَدَمَيْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔
نَهْسَرَ نَهْسَرَةً۔ اللَّحْمَ: گوشت کاٹنا — الطَّعَامَ: کھانا۔
النَّهْسَر۔ بھیڑیا۔ یا بجو سے بھیڑیئے کا بچہ۔ ہلکا پھلکا۔ تیز رفتار۔ گوشت کا بہت حریص۔
نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا۔ اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا — الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔
نَهِشْتُ وانْتَهَشْتُ اَعْضَاؤُنَا: لاغر ہونا۔
النَّهَاوِش۔ مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهَشَهُ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الْيَدَيْنِ او القَوَائِم": وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔
المَنْهُوش۔ مغ۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔
نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا — فُلَانًا: دانت سے کاٹنا — الشَّيْءَ: سخت بھوکے کی مانند کھانا۔
النَّهْشَل۔ بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڑھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَةٌ۔
نَهَضَ (ف) نَهْضًا و نُهُوْضًا۔ کھڑا ہونا — عَنْ مَكَانِهِ: اٹھنا — اِلَى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا — النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا — لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا — الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کیلئے بازو پھیلانا (— نَهْضًا) فُلَانًا: ظلم کرنا — الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔
نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً۔ مقابلہ کرنا۔
اَنْهَضَهُ۔ اٹھانا۔ کھڑا کرنے کیلئے ہلانا۔ اَنْهَضَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا — القِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔ اَنْهَضَهُ بِالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔
تَنَاهَضُوْا فِي الْحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْتَهَضَ۔ کھڑا ہونا — فُلَانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا — القَوْمُ: مقاتلہ کے لیے کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کیلئے اٹھنے کو کہنا۔
النَّاهِض۔ فا۔ اُڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا "وَمَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔
نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد۔ اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِض۔ النَّوَاهِض بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔
النِّهَاض مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاض: جلدی۔
النَّهْض۔ مص — مِنَ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُض۔ النَّهْض: ظلم و زبردستی۔ سخت زمین۔
النَّهْضَة۔ نَهَض کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زمین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاض۔ کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلَى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيْرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔
النَّهَّاض۔ بہت اٹھنے والا۔ گلا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
النَّهْضَل۔ عمر رسیدہ آدمی یا گدھا یا باز۔
نَهَطَهُ (ف) نَهْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
نَهَعَ (ف) نُهُوْعًا۔ قے کرنا اور کچھ نہ نکلنا۔
نَهَفَ (ف) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔
نَهَقَ (ف ن ض) و نَهِقَ (س) نَهْقًا و نَهِيْقًا و نُهَاقًا و تَنْهَاقًا الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِق۔
تَنَاهَقَتِ الْحُمُر: گدھوں کا رینکنا۔
النَّاهِقَان۔ کھردار جانور کے جبڑے کی دو اُبھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النَّوَاهِق بھی کہتے ہیں۔
نَاهِقُ الْحِمَارِ و نَوَاهِقُهُ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نَوَاهِق اُن کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد نَاهِقَةٌ۔
النَّهْق۔ مص۔ پرندہ کی ایک قسم (— والنَّهَق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهْقَةٌ و نَهَقَةٌ۔
نَهَكَهُ (ف) نَهْكًا و نَهَاكَةً۔ غالب ہونا۔ نَهَكَ الثَّوْبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا — مِنَ الطَّعَامِ و فِيْهِ: کھانے میں مبالغہ کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا — الضَّرْعَ: تھن سے دودھ نکال لینا۔ نَهَكَتِ الإِبِلُ مَاءَ الْحَوْضِ: سارا پی جانا — الحُمَّى فُلَانًا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا — الشَّرَابُ فُلَانًا: دُبلا کرنا۔
نَهَكَهُ (س) نَهْكًا و نَهْكَةً۔ سخت سزا دینا (— نَهْكًا و نَهْكًا و نَهْكَةً و نَهَاكَةً) الحُمَّى فُلَانًا: لاغر و دبلا کرنا (— نَهْكًا) فُلَانٌ الشَّرَابَ: ختم کرنا۔
نُهِكَ نَهْكًا۔ لاغر و دبلا ہونا۔ صفت مَنْهُوْكٌ۔
نَهُكَ (ک) نَهَاكَةً۔ دلیر ہونا۔
اَنْهَكَهُ۔ سخت سزا دینا۔
اِنْتَهَكَتْهُ الْحُمَّى: لاغر و دبلا کرنا۔ اِنْتَهَكَ فُلَانٌ الْحُرْمَةَ: اپنے چال چلن کو خراب کرنا — الشَّيْءَ: بے عزتی کرنا — فُلَانًا: بے آبرو کرنا۔
النَّاهِك۔ فا۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔
النَّهْك۔ مص۔ بحر رجز کے دو مثلث کو حذف کرنا۔ جزء اخیر کو یا ماقبل کو مَنْهُوْك کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



النَّهْكَة۔ نہک کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "بَدَتْ فِيْهِ نَهْكَةُ الْمَرَضِ" اس میں مرض کا اثر دبلاپن ظاہر ہوا۔

النَّهُوْك۔ دلیر۔

النَّهِيْك۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔ دلیر۔ مضبوط اونٹ۔ تلوار قاطع۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ نَهِيْكٌ" اچھے اخلاق والا ( — والنَّهِيْك) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو حرقوص بھی کہتے ہیں۔

المَنْهَكَة۔ باعث پردہ دری۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْهَكَةٌ لِلْاَعْرَاضِ" یہ آبرو ریزی کا سبب ہے۔

نَهِلَتْ (ی) نَهَلًا و مَنْهَلًا الْاِبِلُ : پہلی بار پینا۔ پیاسا ہونا۔

اَنْهَلَ الْاِبِلَ : پہلی بار پلانا — اَلْقَوْمُ : پہلی بار پیے ہوئے اونٹوں والا ہونا — اَنْهَلُوْا زَرْعَهُمْ : پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔ اَنْهَلَ فُلَانًا : غضبناک کرنا۔

النَّاهِل۔ فا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهْلٌ و نُهْلٌ و نُهُوْلٌ و نَهْلَةٌ و نُهْلٰى و نِهَالٌ۔

النَّاهِلَة۔ مؤنث النَّاهِل۔ چشمہ کی طرف آنے جانے والی ج نِهَال و نَوَاهِل۔ النَّوَاهِل : بھوکے اونٹ۔

النَّهَل۔ مص۔ جمع نَاهِل۔ پہلی مرتبہ پینا۔ وہ خوراک جو کھائی جائے۔

النَّهْلَان۔ پینے والا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نُهْلٰى اِبِلٌ نُهْلٰى : بھوکے اونٹ۔

المِنْهَال۔ بہت غصہ دلانے والا۔ ریت کا بلند ٹیلہ جس سے ریت گرتی رہے۔ قہر۔ بہت فیاض۔

المَنْهَل۔ گھاٹ۔ پینا۔ راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔ ج مَنَاهِل۔

نَهَمَ (ف ض) نَهْمًا و نَهْمَةً و نَهِيْمًا الْاِبِلَ : اونٹ کو تیز دوڑنے کے لیے ڈانٹنا۔

نَهَمَ (ض) نَهْمًا۔ بہت کھانا۔

نَهَمَ (ض) نَهْمًا و نَهِيْمًا الْفِيْلُ : ہاتھی کا چنگھاڑنا۔

نَهِمَ (س) و نُهِمَ نَهَمًا و نَهَامَةً فِي الْاَكْلِ : حریص ہونا — فُلَانٌ فِي الشَّيْءِ : مشاق ہونا۔ نَاهَمَهُ مُنَاهَمَةً۔ باہم ٹھنڈی سانس بھرنا۔

اِنْتَهَمَ۔ جھڑکی کھانا۔

النَّاهِم۔ فا۔ چلّانے والا۔

النُّهَام۔ تثلیث النون۔ لوہار۔ بڑھئی۔

النُّهَام۔ اُلو۔ راہب۔ ج نُهُم۔

النِّهَامِيّ۔ تثلیث النون : لوہار۔ بڑھئی۔

النِّهَامِي و النُّهَامِيّ۔ راہب۔ آسان راستہ۔

النِّهِم۔ حریص۔

النَّهْمَة۔ مص۔ نَهِم کا اسم مرۃ۔ حاجت۔ کسی چیز کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "لَهُ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ نَهْمَةٌ" اس کو اس کی خواہش ہے وَ قَضٰى مِنْهُ نَهْمَتَهُ اس نے اپنی خواہش پوری کی۔

النَّهَّام۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔ واضح راستہ کا درمیان۔

النَّهَّامَة۔ النَّهَّام کا مؤنث۔ شیر۔

النَّهِيْم۔ حریص۔ شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔

المِنْهَام مِنَ الْاِبِلِ : ڈانٹ پر مطیع ہونے والی اونٹنی۔ ج مَنَاهِيْم۔

المَنْهُوْم۔ مفہ۔ حریص۔ مشتاق و فریفتہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَنْهُوْمٌ بِالْمَالِ" وہ مال کا حریص ہے سیر نہیں ہوتا۔

نَهْنَهَهُ نَهْنَهَةً عَنِ الشَّيْءِ : روکنا۔ ڈانٹنا۔

تَنَهْنَهَ۔ رکنا۔

النَّهْنَهَة۔ باریک بناوٹ کا کپڑا۔

نَهَاهُ يَنْهُوْهُ نَهْوًا۔ ایک لغت ہے نَهَاهُ يَنْهَاهُ نَهْيًا یائی میں۔

نَهَاهُ يَنْهَاهُ نَهْيًا عَنْ كَذَا : ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ صفت مذکر ناہٍ۔ صفت مؤنث نَاهِيَةٌ اور جس سے منع کریں اس کو مَنْهِيٌّ عَنْهُ کہتے ہیں اور اسم اَلنَّهْيَةِ نَهَى اللّٰهُ عَنْ كَذَا : حرام کرنا اور کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ نَهَاكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ ایسا شخص ہے جس نے تم کو دوسرے شخص کے طلب کرنے سے منع کر دیا ہے اور تم کہتے ہو "هِيَ اِمْرَاَةٌ نَهَتْكَ مِنْ اِمْرَاَةٍ۔ و هُمَا رَجُلَانِ نَهَاكَ مِنْ رَجُلَيْنِ وَهُمْ رِجَالٌ نَهَوْكَ مِنْ رِجَالٍ۔"

نَهٰى و نُهِيَ اِلَيْهِ الْخَبَرُ : پہنچنا۔

نُهِيَ يَنْهٰى نَهِيَ عَنِ الْحَاجَةِ : چھوڑ دینا۔ (کامیاب ہونا یا ناکامیاب)

نَهُوَ يَنْهُوْ نَهَاوَةً۔ کامل العقل ہونا۔

نَهَّاهُ تَنْهِيَةً۔ منع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے)

نَهَّى الشَّيْءُ : انتہا کو پہنچنا — اِلَيْهِ الْخَبَرَ : پہنچانا۔

اَنْهٰى اِنْهَاءَ الشَّيْءِ : پہنچانا — الْاَمْرَ اِلَى الْحَاكِمِ : اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً حَتّٰى اَنْهٰى عَنْهَا" اس نے حاجت طلب کی اور بغیر کامیابی و عدم کامیابی ترک کر دی۔ انهى الرَّجُلُ مِنَ اللَّحْمِ : اکتفا کرنا اور آسودہ ہونا۔

تَنَاهٰى تَنَاهِيًا عَنِ الشَّيْءِ : رکنا — اَلْقَوْمُ عَنِ الْمُنْكَرِ : بعض کا بعض کو منع کرنا — الشَّيْءُ : انتہا کو پہنچنا — الْمَاءُ : پانی کا تالاب میں ٹھہرنا — تَنَاهٰى الْخَبَرُ : پہنچنا۔

اِنْتَهٰى اِنْتِهَاءً ا۔ الشَّيْءُ : انتہا کو پہنچنا — عَنِ الشَّيْءِ : رکنا — اِلَيْكَ الْمَثَلُ او الْخَبَرُ : پہنچنا — بِفُلَانٍ اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا : پہنچنا۔

اِسْتَنْهَاهُ اِسْتِنْهَاءً ا۔ کسی سے کہنا کہ رک جاؤ۔ وَ اِسْتَنْهَيْتُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ : میں نے فلاں سے کہا کہ فلاں کو مجھ سے باز رکھو۔

النَّاهِي۔ فا۔ ج نُهَاة۔ شکم سیر۔ سیراب اور کہا جاتا ہے "نَاهِيْكَ بِزَيْدٍ فَارِسًا" زید تمہارے لیے کافی شہسوار ہے اور یہ مقام تعجب و استظہار میں بولا جاتا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ وہ تمہارے مطلوب کی انتہا ہے غیر کے طلب کرنے سے مانع ہے اور عرب کا قول "هٰذَا رَجُلٌ نَاهِيْكَ مِنْ رَجُلٍ" (یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے) کلمہ ہے جو مقام مدح میں بطور تعجب کے بولا جاتا ہے پھر کثرت استعمال سے ہر تعجب میں بولا جانے لگا اور چونکہ یہ اسم فاعل ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ اور جمع ساری صورتوں میں مستعمل ہے۔ تم کہو گے "هٰذِهِ اِمْرَاَةٌ نَاهِيَتُكَ مِنْ اِمْرَاَةٍ وَعَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ" اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَالَهُ نَاهِيَةٌ" فلاں کیلئے عقل نہیں جو اس کو قبیح سے روکے "وَمَا تَنْهَاهُ عَنَّا نَاهِيَةٌ" اس کو ہم سے کوئی چیز روکنے والی نہیں۔ ج نَوَاهٍ۔ اور کہا جاتا ہے "مَا يَنْظُرُ فِيْ اَوَامِرِ اللّٰهِ و نَوَاهِيْهِ" وہ اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کی رعایت نہیں کرتا۔

النِّهَاء۔ چیز کا آخری مرتبہ — مِنَ النَّهَارِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَالْمَاءِ: چڑھائی۔ النِّهَاءُ: ایک قسم کا سفید پتھر۔ ایک قسم کا خرمرہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نِهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ بقدر سو کے ہیں۔

النِّهَاء۔ پانی کی چڑھائی۔ شیشہ۔ شیشہ کی صراحی۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نُهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ سو کے قریب ہیں۔

نَفْسٌ نَهَاةٌ۔ باز رہنے والا نفس۔

النِّهَايَة۔ انتہا۔ آخری مرتبہ۔ ج نِهَايَات نِهَايَاتُ الدَّارِ: گھر کے حدود۔

النَّهْي مص — عِنْدَ التَّحَاةِ: کسی سے ترک فعل کو طلب کرنا اور اس کا حرف کلمہ لاہے جس کا نام لَا نَاهِيه ہے کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ نَهْيُكَ مِنْ رَجُلٍ" بمعنی "نَاهِيكَ مِنْ رَجُلٍ" اور چونکہ یہ مصدر ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ و جمع نہیں لاتے۔

النَّهْي والنُّهْي۔ تالاب۔ جوہڑ۔ ج اَنْهٍ و اَنْهَاءٌ و نُهِيٌّ و نِهَاءٌ۔

النَّهِي والنُّهِيّ۔ کامل العقل۔ کہا جاتا ہے هُوَ نَهٍ ونِهٍ" ج نَهُوْنَ و نُهُوْن۔

النُّهِي۔ شیشہ۔

النُّهَى۔ النُّهْيَة کی جمع۔ عقل۔ اور عقل کو نُهَى اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ ہر قبیح اور منافی عقل سے مانع ہوتی ہے۔

النُّهْيَة۔ اسم ہے نهی سے۔ آخری مرتبہ چیز کی انتہا۔ مغز کے سر کا سوراخ۔ عقل۔ ج نُهًى۔

نَاقَةٌ نَهْيَة۔ انتہائی موٹی اونٹنی۔

النَّهُوُّ۔ منع کرنے والا۔ ضد ہے اَمُوْر کا بمعنی آمر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهُوٌّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَمُوْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ" وہ برائی سے روکنے والا اور بھلائی کا حکم دینے والا ہے۔

النَّهِيّ۔ انتہائی موٹا۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَهِيٌّ" یعنی کامل العقل مرد۔ "و فُلَانٌ نَهِيُّ فُلَانٍ" فلاں فلاں کو منع کرتا ہے ج اَنْهِيَاء۔

النَّهَاة و النَّهْيَة۔ مِنَ الْوَادِي: وادی کا آخری کنارہ۔ ج نَتًى۔

النِّهَاة۔ سیلاب کیلئے روک۔ بند۔

مَنَاهِي الشَّرْع۔ شریعت کے ممنوعات۔

المَنْهَاة۔ انتہا۔ آخری حد۔ عقل۔ ایسی حالت جو گناہ سے دور رکھے۔ رَجُلٌ مَنْهَاةٌ: عقلمند۔ اچھی تدبیر والا۔

المُنْتَهَى۔ انتہا۔ آخری حد۔

نَاءَ يَنُوْءُ نَوْءًا و تَنْوَاءً۔ مشقت و تکلیف سے اٹھنا۔ گرنا — بِالْحَمْلِ: بوجھل کرنا۔ جھکا دینا — بِهِ الْحَمْلُ: بوجھل کرنا۔ جھکا دینا — النَّجْمُ مغرب میں ایک ستارہ کا غروب ہونا اور اسی وقت دوسرے ستارے کا مشرق میں طلوع ہونا۔ اور نَاءَ ایک لغت ہے نَأَمَى میں بمعنے بعید ہونا۔

نَاوَاهُ مُنَاوَاةً و نِوَاءً۔ فخر کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ دشمنی کرنا۔

اَنَاءَهُ اِنَاءَةً الْحَمْلُ: بوجھل کرنا۔ جھکانا۔

اِسْتَنَاءَ اِسْتِنَاءَةً النَّجْمُ: بمعنے نَاءَ النَّجْمُ — فُلَانًا: عطیہ طلب کرنا۔

النَّوْء۔ مص۔ ستارہ جو مائل بغروب ہو۔ بارش۔ عطیہ ج اَنْوَاءٌ و نُوْآن و نُوْءٌ۔ کہتے ہیں صَدَقَ النَّوْءُ جب کہ بارش ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ نَوْءٌ کے معنے ایک ستارے کا مغرب میں غروب ہونا اور اسی وقت مشرق میں دوسرے ستارے کا جو اس کے مقابل ہو طلوع ہونا۔ اور یہ ہر رات میں تیرہ دن تک ہوتا ہے۔ سوائے جبہہ نامی ستارہ کے کہ اس کیلئے چودہ دن ہیں۔ اور نَوْءٌ کو نَوْءٌ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ جب ایک غروب ہوتا ہے تو دوسرا اٹھتا ہے اور طلوع ہوتا ہے اور یہی طلوعِ نَوْ ہے۔

اور اَنْوَاء منجمین کے نزدیک اٹھائیس ہیں۔ جن کے مطالع مشہور ہیں۔ ہر تیرہ دن میں ایک ستارہ مغرب میں غروب ہوتا ہے اور اس کے مقابلے میں اسی وقت دوسرا ستارہ مشرق میں طلوع ہوتا ہے اور ان اٹھائیس ستاروں کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ سال کا اختتام ہو جاتا ہے اور پھر از سر نو شروع ہوتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں عرب کا خیال تھا کہ ایک ستارے کے طلوع اور دوسرے کے غروب کے وقت بارش یا ہوا کا ہونا ضروری ہے اسی وجہ سے وہ بارش کو اسی ستارے کی طرف منسوب کرتے تھے جس کے طلوع کے وقت ہوتی تھی اور کہتے تھے مثلاً مُطِرْنَا بِنَوْءِ الثُّرَيَّا او بِنَوْءِ الدَّبَرَان۔

النَّوْء۔ نباتات۔ ساگ۔ کہا جاتا ہے "ما بِالْبَادِيَةِ اَنْوَأُ مِنْ فُلَانٍ": دیہات میں فلاں سے زیادہ اَنْوَاء کا جاننے والا کوئی نہیں۔

المُسْتَنَاء۔ وہ شخص جس سے عطیہ مانگا جائے۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا و مَنَابًا و نِيَابًا فِي الْاَمْرِ عَنْ زَيْدٍ: قائم مقام ہونا۔ صفت نائب اور جس کی قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ عَنْهُ اور جس میں قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ فِيْهِ کہتے ہیں — اِلَيْهِ: بار بار واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "النَّحْل تَنُوْب اِلَى الْخَلَايَا" شہد کی مکھی بار بار چھتے کی طرف واپس آتی ہے — اِلَى اللّٰهِ: توبہ کرنا — فُلَانٌ: خدا کی اطاعت کرنا۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا و نَوْبَةً فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔

نَاوَبَهُ مُنَاوَبَةً۔ سزا دینا۔

نَوَّبَ۔ فُلَانٌ: باری مقرر کیا جانا۔

اَنَابَ زَيْدٌ عَنْهُ وَكِيْلًا فِيْ كَذَا: قائم مقام کرنا۔ زید کو مُنِيْبٌ وکیل کو منابٌ اور آمر کو مُنَابٌ فِيْهِ کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَبْتُهُ مَنَابِي" میں نے اس کو اپنا قائم مقام کیا — اِلَيْهِ: باری باری واپس ہونا — اِلَى اللّٰهِ: متوجہ ہونا اور توبہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانِيْ فُلَانٌ فَمَا اَنَبْتُ لَهُ وَاِلَيْهِ" میرے پاس فلاں آیا میں نے اس کی پروا نہیں کی۔

تَنَاوَبُوْا تَنَاوُبًا عَلَى الْمَاءِ: تقسیم کی کنکری سے باٹنا — الْاَمْرَ: باری باری کرنا — تَنَاوَبَتْهُ الْخُطُوْبُ: حوادث و مصائب کا پیش آنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْمَنَايَا تَتَنَاوَبُنَا" موت ہر ایک کی باری سے آتی ہے "تَنَاوَبُوا الْخُطَّةَ او الْاَمْرَ": باری باری سے وہ کام کرنے کے لئے مستعد ہوئے۔

اِنْتَابَهُمْ اِنْتِيَابًا۔ پیاپے آنا — فُلَانًا اَمْرٌ: لاحق ہونا۔ پیش آنا — زَيْدٌ عَمْرًوا: قصد کرنا۔

اِسْتَنَابَهُ اِسْتِنَابَةً۔ اپنا نائب بنانا۔

النَّائِب۔ فا۔ قائم مقام۔ ج نَوَّبٌ و نُوَّابٌ اور کہا جاتا ہے "خَيْرٌ نَائِبٌ" یعنی خیر کثیر۔

النَّائِبَة۔ النَّائِب کا مؤنث۔ حادثہ۔ مصیبت۔ ج نَائِبَات و نَوَائِب۔ النَّوَائِب: عام اس سے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خیر ہوں یا شر- نَوَائِبُ الزَّعِيَّةِ : پل اور سڑک وغیرہ کی درستی کیلئے شاہی ٹیکس- الْحُمّٰى النَّائِبَةُ : روزانہ کا بخار-

النِّيَابَة- مص - قائم مقامی- یاری- کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نِيَابَتُكَ" تمہاری باری آئی-

النَّوْب- مص - نائب کی جمع- ایک دن رات کا سفر- نزدیکی- قوت-

النُّوب- حبشیوں کا ایک گروہ- نُوبَه کا رہنے والا- واحد نُوبِيٌّ- شہد کی مکھی- واحد النَّائِب-

النَّوْبَة- مص - فرصت- باری- دولت- لوگوں کی جماعت- کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نَوْبَتُكَ" تمہاری باری آئی- ج نُوَبٌ- النَّوْبَةُ عِنْدَ الْأَطِبَّاءِ : بخار شروع ہونے کا وقت-

النُّوبَة- حادثہ- مصیبت- ج نُوب- نَابَهُ أَمْرٌ او اِنْتَابَهُ کا اسم- نوبہ کے رہنے والے صعید (مصر) کے جنوب میں ایک صوبہ-

المَنَاب- مص - کہا جاتا ہے "نَابَ مَنَابَ الْقَاضِي" وہ قاضی کے قائم مقام ہوا- پانی کی طرف راستہ-

المُنِيب- فا- بکثرت بارش- عمدہ بہار-

نَاتَ يَنُوتُ نَوْتًا- کمزوری کی وجہ سے جھک پڑنا-

النُّوتِي- کشتی بان- جہاز راں- ج نَوَاتِي اور بقول بعض معرب ہے-

نَاجَ يَنُوجُ نَوْجًا- ریاکاری کرنا- فریب دینا-

النَّوجَة- ناج کا اسم مرة- بگولا- ج نَوْج-

نَاحَتْ تَنُوحُ نَوْحًا و نُوَاحًا و نِيَاحًا و نِيَاحَةً و مَنَاحًا الْمَرْأَةُ الْمَيِّتَ و عَلَى الْمَيِّتِ مردہ پر واویلا کرنا- اسم النِّيَاحَة — الْحَمَامَةُ : کوکو کرنا- صفت نَائِحَةٌ و نَوَّاحَةٌ-

نَاوَحَهُ مُنَاوَحَةً- مقابلہ کرنا-

تَنَوَّحَ تَنَوُّحًا الشَّيْءُ : جھولنا-

تَنَاوَحَ تَنَاوُحًا الْجَبَلَانِ : دو پہاڑوں کا باہم مقابل ہونا- تَنَاوَحَتِ الرِّيَاحُ : ہواؤں کا تیز چلنا- کبھی پُروائی کبھی شمالی کبھی جنوبی ہوا کا چلنا-

اِسْتَنَاحَتْ اِسْتِنَاحَةَ الْمَرْأَةُ : نوحہ کرنا- واویلا کرنا- اِسْتَنَاحَ الذِّئْبُ : بھیڑیے کا بھونکنا — الرَّجُلُ : رو کر دوسرے کو رلانا — فُلَانًا : رُلانا-

النَّائِحَة- اسم فاعل مؤنث- ج نُوَّحٌ و اَنْوَاحٌ و نُوَّحٌ و نَوَائِحُ و نَائِحَاتٌ-

النَّوح- مص - اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں- کہا جاتا ہے "نِسَاءٌ نَوْحٌ" بمعنے نَوَاحٌ-

النَّوْحَة- اسم مرة- میت پر بین- قوت-

النَّوَّاح- اسم مبالغہ- مؤنث نَوَّاحَةٌ : قمری کی مانند ایک پرندہ-

اَلْمَنَاحَةُ- نوحہ کی مجلس- نوح کا اسم- کہا جاتا ہے "كُنَّا فِي مَنَاحَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے اوپر بین کرنے میں تھے- ج مَنَاحَات و مَنَاوِح-

المَنَاحَةُ : اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں-

نَوَّخَ تَنْوِيخًا اللّٰهُ الْأَرْضَ طُرُوقَةً لِلْمَاءِ : ہموار کرنا اور برداشت کرنے کی طاقت دینا-

اَنَاخَ اِنَاخَةً الْجَمَلَ : اونٹ کو بٹھانا- کہا جاتا ہے "اَنَخْتُ الْبَعِيرَ فَبَرَكَ و تَنَوَّخَ و اِسْتَنَاخَ" میں نے اونٹ کو بٹھایا وہ بیٹھ گیا- اور ناخ اور اَنَاخَ نہیں بولا جاتا — فُلَانٌ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا — الْبَلَاءُ او الذُّلُّ بِفُلَانٍ : نازل ہونا- اَنَاخَ بِهِ الْحَاجَةَ : نازل کرنا-

اِسْتَنَاخَ اِسْتِنَاخَةً الْجَمَلُ : اونٹ کا بیٹھنا-

النَّائِخَة- دُور کی زمین-

المُنَاخ- اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ- اقامت گاہ- غیر پسندیدہ جگہ کیلئے کہا جاتا ہے "هٰذَا مُنَاخُ سُوْءٍ"

المُنِيخ- فا- شیر-

نَادَ يَنُوْدُ نَوْدًا و نُوَادًا و نُوَدَانًا- نیند سے جھومنا-

تَنَوَّدَ تَنَوُّدًا الْغُصْنُ : ٹہنی کا ہلنا-

نَوْدَلَ نَوْدَلَةً الرَّجُلُ : بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا-

النَّودَل- پستان-

المُنَوْدِل- بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا بڈھا- کہا جاتا ہے "مَشَى الرَّجُلُ مُنَوْدِلًا" مرد بدن چھوڑ کر چلا-

نَارَ يَنُوْرُ نَوْرًا و نِيَارًا- روشن ہونا — الْبَعِيرُ : اونٹ پر داغ لگانا — الْقَوْمُ : شکست کھانا — النَّارُ مِنْ بَعِيدٍ : آگ دور سے دیکھنا- (نَارَتِ الْمَرْأَةُ نَوْرًا و نِوَارًا و نَوَارًا) : تہمت سے بچنا- شک و شبہ سے دور ہونا — الْفِتْنَةُ : فتنہ کا واقع ہونا- پھیلنا- صفت نَائِرَةٌ-

نَوَّرَ تَنْوِيرًا- الشَّيْءُ : روشن ہونا — الْمِصْبَاحَ : چراغ روشن کرنا — عَلَى فُلَانٍ : مشتبہ کرنا — التَّمْرُ : گٹھلی بیٹھنا — الصُّبْحُ : روشنی چمکنا — الشَّجَرُ : کلی نکالنا — لِفُلَانٍ : روشنی دکھانا — الزَّرْعُ : پکنا — الْمَرْأَةُ : تہمت سے بچانا- شک و شبہ سے دور رکھنا-

نَاوَرَهُ مُنَاوَرَةً- باہم گالی گلوچ کرنا-

اَنَارَ اِنَارَةً الشَّيْءُ : روشن ہونا- خوبصورت ہونا- ظاہر ہونا — الْبَيْتَ : روشن کرنا — الْمَسْأَلَةَ : واضح کرنا — اللّٰهُ بُرْهَانَهُ : حجت کی تلقین کرنا — الشَّجَرُ : کلی نکالنا-

اَنْوَرَ اِنْوَارًا- الشَّيْءُ : ظاہر ہونا-

تَنَوَّرَ تَنَوُّرًا- الْمَكَانُ : روشن ہونا — الرَّجُلُ : بال دور کرنے کیلئے پاؤڈر استعمال کرنا- الْقَوْمُ : شکست کھانا — النَّارَ مِنْ بَعِيدٍ : دور سے دیکھنا — الرَّجُلَ : کسی شخص کو آگ کے پاس ایسی جگہ سے دیکھنا کہ وہ اس کو نہ دیکھ رہا ہو-

اِنْتَارَ اِنْتِيَارًا و اِنْتَوَرَ اِنْتِوَارًا- بال اڑانے کا پاؤڈر استعمال کرنا-

اِسْتَنَارَ اِسْتِنَارَةً- الْبَيْتُ : روشن ہونا — بِهِ : کسی سے روشنی کی مدد مانگنا — عَلَيْهِ : فتح مند ہونا- غالب ہونا — الْمَرْأَةَ : تہمت سے بچانا- شک و شبہ سے دور رکھنا-

النَّائِرَة- اسم فاعل مؤنث- عداوت- بغض کینہ- ج نَوَائِر-

النَّوْر و النَّوْر- کاجل- اثمد (سرمہ کا پتھر) کی مانند کنکری جس کو باریک پیس کر مسوڑھے پر لگاتے ہیں- شک و شبہ سے دور رہنے والی عورت- گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے- ج نُوَّر-

النَّوَار- مص - شک و شبہ سے دور رہنے والی عورت- گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے- ج نُوَّر-

النِّوَار- شک و شبہ سے دُوری- یا دوری خواہ کسی چیز سے ہو-

النَّار- آگ- کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



استعمال کیا جاتا ہے۔ تصغیر نُوَیْرَۃٌ ج اَنْوُرٌ و نِیْرَانٌ و نِیْرَۃٌ۔ النَّار: داغ۔ رائے۔ اور نار سے جہنم کا کنایہ کیا جاتا ہے جَعَلُ النَّارِ: کوہ آتش فشاں بَنُو النَّارِ: تھتاع وضنان وثوب تین شاعر جو عمرو بن ثعلبہ کے لڑکے تھے اور جو دت اشعار کی بنا پر بنو النار کہلاتے تھے۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْقَدَ نَارَ الْحَرْبِ" اس نے لڑائی کی آگ بھڑکائی "وَلَا تَسْتَضِیْٓءُ بِنَارِ فُلَانٍ" فلاں سے مشورہ مت لو۔ "لَا تَتَرَاءَیٰ نَارُھُمَا" وہ دونوں اکٹھے نہیں ہوتے۔ اس حیثیت سے کہ ایک کی آگ دوسرے کی آگ کے مقابل ہو۔ "نَارُ الْقَھْوِیْلِ" زمانہ جاہلیت میں عرب کا طریقہ تھا کہ تحالف کے وقت آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک ڈالتے تھے جب وہ چٹختا تھا تو اس سے حلف کی تاکید سمجھتے تھے۔ "نَارُ الْقِرٰی" مہمانی کی آگ۔ عادت تھی کہ بلند جگہ پر رات میں آگ روشن کر دیا کرتے تھے تاکہ بھولا بھٹکا مسافر اس کو دیکھ کر آ جائے اور جتنی ہی بلندی پر یہ آگ ہوتی تھی اتنی ہی باعث فخر تھی "نَارُ الْاِنْذَارِ" اعلان جنگ یا مدافعت کی آگ اس طرح پر کہ جب کسی قوم سے لڑنے کا ارادہ یا کسی قوم کے حملہ کا خوف کرتے تھے تو آگ روشن کر دیا کرتے تھے اور لوگ اسے دیکھ کر جمع ہو جایا کرتے تھے۔ "نَارُ الْاِسْتِکْفَارِ" اظہار زیادتی کی آگ۔ عرب جب کسی قوم سے مقابلہ کیلئے جاتے تھے اور کسی مقام پر پڑاؤ ڈالتے تھے تو بہت آگ جلاتے تھے اور بہت سے جانور ذبح کرتے تھے تاکہ کوئی آگ اور ذبح کی کمی سے قلت تعداد پر استدلال نہ کرے۔

النَّوْر۔ مص۔ کلی یا سفید کلی۔ واحد نَوْرَۃ۔ ج اَنْوَارٌ۔

النُّوْر۔ روشنی۔ اور بقول بعض نور اس کیفیت کا نام ہے جس کو قوتِ باصرہ اولاً ادراک کرتی ہے۔ اور اسی کے واسطہ سے مبصرات کا ادراک کرتی ہے ج اَنْوَارٌ و نِیْرَان۔

النُّوْر۔ وہ جو چیزوں کو ظاہر کر دے۔ نباتات کی خوشنمائی اور لمبائی۔ ج نِوَرَۃٌ۔ داغ۔

النَّوْر و النَّوْزَۃُ۔ ایک خانہ بدوش قوم جو ایشیا، یورپ، افریقہ اور امریکہ میں پائی جاتی ہے واحد نُوْرِیٌّ۔ النُّوْرِیُّ: اُجڈ۔

النُّوْرَۃ۔ داغ۔ چونہ کا پتھر۔ بال دور کرنے کا پاؤڈر۔ جادو گرنی۔

النَّوَّار۔ بہت روشن۔

النُّوَّار۔ کلی۔ واحد نُوَّارَۃ۔ ج نَوَاوِیْر۔

النَّیِّر۔ روشن کرنے والا۔

النَّیِّرَۃ۔ النَّیِّر کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بَعَّادَ اللّٰہُ نَیِّرَۃَ" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔

الْاَنْوَر۔ اسم تفضیل۔ ظاہر خوشنما۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَنْوَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے واضح تر ہے۔

المَنَار۔ روشنی کی جگہ۔ علامت جو راستے کی راہنمائی کیلئے لگائی جائے۔ دو چیزوں کے درمیان کے حدود۔ ذُو الْمَنَار: ابرہ تبع بن الرائش کا لقب کہ اس نے منارہ نصب کرنے کی ابتدا کی تھی۔

المُنِیْر۔ فا۔ خوش رنگ۔ چمکدار۔ کہا جاتا ہے "بَعَّادَ اللّٰہُ ذَاتَ مَنْوَرٍ" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو روشن ہو اور کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔

المَنَارَۃ۔ روشنی کی جگہ۔ روشنی کا منارہ۔ آذان دینے کا منارہ۔ ج مَنَاوِر و مَنَائِر۔

نَوْرَجَ نَوْرَجَۃً۔ آنے جانے میں مختلف۔ چغل خوری کے لیے چلنا پھرنا۔

النَّوْرَج۔ ہل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ۔ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا۔

النَّوْرُوْز و النَّیْرُوْز۔ عِنْدَ الْفُرْسِ: شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن۔

النَّوْرَس۔ کبوتر کے برابر یا اس سے کچھ بڑا ایک آبی پرندہ جو فضا میں اڑتا رہتا ہے پھر یکبارگی پانی میں غوطہ لگاتا ہے اور سوائے مچھلی کے کچھ نہیں کھاتا اور اس کو زُمَّجُ الْمَاءِ بھی کہتے ہیں۔

نَوَّزَہٗ تَنْوِیْزًا۔ کم کرنا۔

نَاسَ یَنُوْسُ نَوْسًا الْاِبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا (— نَوْسًا و نَوَسَانًا) الشَّیْءُ: جھولنا۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ ضَفِیْرَتَانِ تَنُوْسَانِ عَلٰی عَاتِقِہٖ" اس کے دو گیسو ہیں جو اس کے کندھوں پر لٹک رہے ہیں۔

نَوَّسَ بِالْمَکَانِ تَنْوِیْسًا: اقامت کرنا۔

اَنَاسَ اِنَاسَۃً۔ الشَّیْءَ: ہلانا۔

تَنَوَّسَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا کے چلنے سے ہلنا۔

النَّاوُوْس و النَّاقُوْس۔ نصرانیوں کا قبرستان (دخیل) ج نَوَاوِیْس۔ اس سنگی تابوت کو بھی کہتے ہیں جس میں لاش رکھی جائے۔

نُوَاسُ الْعَنْکَبُوْت: مکڑی کا جالا۔ نُوَاسُ الدُّخَانِ: دھوئیں کا جالا۔

النَّاس۔ اسم ہے جو ربط و قوم کی مانند جمع کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ واحد انسان ہے اور تصغیر نُوَیْس۔

النَّوَّاس۔ لکھنے والا۔

النَّوْسَات۔ چوٹیاں۔

المَنُوْس۔ کھجور جس کا کنارہ کالا ہو گیا ہو۔

نَاشَ یَنُوْشُ نَوْشًا الشَّیْءَ: پکڑنا۔ ٹھونڈنا — فُلَانٌ: چلنا — البَعِیْرُ: اُٹھنے میں جلدی کرنا۔ — فُلَانًا: سر اور داڑھی پکڑنا — زَیْدًا خَبَرًا: بھلائی پہنچانا۔ نَاشَ الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: چمٹنا۔ نُشْتُ مِنَ الطَّعَامِ: حاصل کرنا۔

نَاوَشُوْھُمْ مُنَاوَشَۃً فِی الْقِتَالِ: باہم حملہ کرنا۔ نَاوَشَ فُلَانٌ الشَّیْءَ: ہلانا۔

تَنَاوَشَ الشَّیْءَ: پکڑنا۔ تَنَاوَشُوْا بِالرِّمَاحِ نیزہ بازی کرنا۔

اِنْتَاشَہٗ اِنْتِیَاشًا۔ پکڑنا۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَاشَہٗ مِنَ الْھَلَکَۃِ" اس نے اس کو ہلاکت سے بچالیا۔

النَّوُوْش۔ قوی۔ رَجُلٌ نَوُوْشٌ: سخت پکڑنے والا امرد۔

نَاصَ یَنُوْصُ نَوْصًا و مَنَاصًا و مَنِیْصًا عَنْ قِرْنِہٖ: مقابل سے بھاگنا۔ جدا ہونا — فُلَانًا: سبقت لے جانا — اِلَیْہِ: اٹھنا — الشَّیْءَ: کھینچنا — لِلْحَرْکَۃِ: تیار ہونا — عَنْہُ: پیچھے ہٹنا (— مَنَاصًا و نَوِیْصًا و نَیَاصًا و نِیَاصَۃً و نَوْصًا و نَوَصَانًا) الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَقْدِرُ عَلٰی اَنْ یَنُوْصَ" وہ حرکت کرنے پر قادر نہیں۔

نَاوَصَہٗ مُنَاوَصَۃً۔ باہم حملہ کرنا۔

اَنَاصَہٗ اِنَاصَۃً۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْہُ شَیْئًا" میں نے ارادہ کیا کہ اس سے کچھ لوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِنْتَاصَتْ اِنْتِیَاصًا الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا۔

اِسْتِنَاصَۃٌ اِسْتِنَاصَۃً۔ حرکت دینا اور ہلکا سمجھنا اور اپنی ضرورت کیلئے لے جانا۔

اِسْتَنَاصَ الفَرَسُ : چلنے کے لیے حرکت کرنا — الرَّجُلُ : سر بلند کرنا۔ پیچھے رہنا۔

النَّوْص۔ مص۔ گور خر۔ سخاوت (— والنُّوْص) گریز۔

النَّوْصَۃ۔ نَاصَ کا اسم مرۃ۔ پانی وغیرہ سے دھلائی۔ کہا جاتا ہے "مَابِہٖ نَوِیْصٌ" اس میں قوت یا حرکت نہیں۔

المَنَاص۔ مص۔ جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "مَالَكَ مِنْ مَنَاصٍ" تمہارے لیے نجات کی جگہ نہیں۔ سخاوت۔

نَاصَ یَنُوْصُ نَوْصًا۔ ملکوں میں جانا۔ پیچھے ہٹنا — الشَّیْءَ : اکھیڑنے کی کوشش کرنا — المَاءَ : پانی نکالنا — البَرْقُ : بجلی کا چمکنا — الشَّیْءُ : ہلنا — الرَّجُلُ : بھاگ کر نجات پانا۔

نَوَّصَ تَنْوِیْصًا الثَّوْبَ بِالصِبْغِ : کپڑے کو رنگنا۔

اَنَاصَ اِنَاصَۃً۔ مشقت کا اثر آنکھوں میں ظاہر ہونا — النَّخْلُ : درخت خرما کا تیار ہونا' پکنا۔

النَّوْض۔ پانی نکلنے کی جگہ۔ وادی۔ سرینوں کے درمیان کی ہڈی — مِنَ البَعِیْرِ : اُونٹ کی پشت اور چوتڑ کا درمیانی حصہ۔ ج اَنْوَاض و اَنَاوِیْض۔ الْاَنْوَاض والاَنَاوِیض : بلند جگہیں۔

المَنَاص۔ جائے پناہ۔

نَاطَهٗ یَنُوْطُهٗ نَوْطًا و نِیَاطًا۔ لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "نِیْطَ عَلَیْہِ الشَّیْءُ" اس پر فلاں چیز لٹکائی گئی۔

نَاطَتِ الدَّارُ : گھر کا دور ہونا۔ نَاطَ الشَّیْءَ : بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

نِیْطَ بِہِ الشَّیْءُ : ملایا جانا۔

نَوَّطَهٗ۔ لٹکانا۔ نَوَّطَ القِرْبَۃَ : مشک میں تیل لگانے کیلئے بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَبْطَأَ حَتّٰی نَوَّطَ الرَّوْحَ" اس نے تاخیر کی یہاں تک کہ تنگ دل و ملول کر دیا۔

اَنَاطَهٗ اِنَاطَۃً بِكَذَا : لٹکانا۔ اَنَاطَ البَعِیْرُ : نوط کی بیماری لاحق ہونا (دیکھئے لفظ نَوْطَۃ)

اِنْتَاطَ اِنْتِیَاطًا بِہٖ : لٹکنا — الشَّیْءَ : دور ہونا — الشَّیْءَ : بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

اِسْتَنَاطَ اِسْتِنَاطَۃً فُلَانًا بَعِیْرَہٗ : خوراک لادنے کیلئے اپنا اُونٹ ہمراہ کرنا۔

النَّائِط۔ فا۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ۔ (— والنَّائِطَۃ) پوٹا۔

النِّیَاط۔ مص۔ دل — مِنَ الْمَفَازَۃِ : بیابان کے راستہ کی دوری اور کہا جاتا ہے "مَفَازَۃٌ بَعِیْدَۃُ النِّیَاطِ" دُور حد والا بیابان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ نِیَاطَ الْبَلَدِ" یعنی میں نے شہر کو طے کیا۔ النِّیَاط : چیز لٹکانے کی جگہ۔ دل کے متصل موٹی رگ کہ جب اس کو کاٹ دیتے ہیں تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ ج اَنْوِطَۃٌ و نُوْطٌ۔

النَّوْط۔ مص۔ جانور کے دونوں طرف کے بوجھ کے درمیان زائد بوجھ۔ کہا جاتا ہے "اَثْقَلَ النَّوْطَ الدَّابَّۃَ" جانور کو درمیان کے زائد بوجھ نے گرانبار کر دیا۔ جو چیز لٹکائی جائے۔ ج اَنْوَاط و نِیَاط۔ محمل سے لٹکی ہوئی چھوٹی ٹوکری جس میں کھجور وغیرہ ہو۔

النَّوْطَۃ۔ نَاطَ کا اسم مرۃ۔ پوٹا۔ اُونٹ کے سینے اور ران کی جڑ میں ورم۔ اُونٹ کے پیٹ میں غدود جو مہلک ہوتے ہیں۔ کینہ۔ جگہ جس کے وسط میں درخت ہو اور اس کے دونوں طرف درخت نہ ہوں اور وہ جگہ سیلاب سے بلند ہو۔ پانی سے بلند جگہ۔ پشت اور سرین کے درمیان کی جگہ۔

النَّیِّط۔ کنواں جس کے صرف اطراف سے پانی نکلتا ہو۔ وسط۔ درمیان۔ تم کہتے ہو "لَا كَثِیْرٍ وَلَا قَلِیْلٍ وَلٰكِنْ نَیِّطٌ بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ" یعنی وسط ہے درمیان قلیل و کثیر کے گویا کہ دونوں سے تعلق ہے۔

النَّیِّطَۃ۔ اُونٹ جس کو تم غلہ لانے والے کے ساتھ بھیجو تاکہ تمہارے لیے غلہ لائیں۔

الْاَنْوَاط۔ نوط کی جمع۔ لٹکی ہوئی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ اَنْوَاطٌ مِنَ التَّمْرِ وَالْعِنَبِ" اس کے پاس کھجور اور انگور کے لٹکے ہوئے گچھے ہیں۔

النَّوَاط۔ ہودج پر جو چیز زینت کے لیے لٹکائی جائے۔

النَّوْطُ و النُّوَّط۔ ایک قسم کا پرندہ۔ یَا۔ واحد نَوْطَۃٌ و نُوَّطَۃٌ۔

المَنَاط۔ لٹکانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّیْ مَنَاطَ الثُّرَیَّا" وہ مجھ سے اتنا ہی بعید ہے جتنا ثریا (مَنَاط ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے۔)

"وَبَنُوْ فُلَانٍ مَنَاطُ الثُّرَیَّا" فلاں کے بیٹے شریف اور عالی مرتبہ ہیں۔

غَایَۃٌ مُنْتَاطَۃٌ۔ دور کی غایت۔

المَنُوْط۔ اسم مفعول۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنُوْطٌ بِہٖ" وہ اس کے ساتھ معلق ہے۔ "وَهُوَ مَنُوْطٌ بِالْقَوْمِ" وہ قوم میں اجنبی ہے اور کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ مَنُوْطٌ" جبکہ اس کے سینے یا رانوں کی جڑوں میں ورم ہو۔

نَاعَ یَنُوْعُ نَوْعًا الْغُصْنُ : ٹہنی کا جھکنا۔ الشَّیْءُ : راجح ہونا — الرَّجُلُ : پیاسا ہونا — العُقَابُ : کسی چیز پر ٹوٹ پڑنے کے لیے جھکنا۔

فُلَانٌ الشَّیْءَ : ڈھونڈھنا — الرَّجُلُ : بھوکا ہونا۔ صفت نَائِعٌ ج نِیَاعٌ۔

نَوَّعَ تَنْوِیْعًا الشَّیْءَ : قسمیں کرنا۔ نَوَّعَتِ الرِّیْحُ الشَّیْءَ : ہلانا۔ نَوَّعَ زَیْدٌ الشَّیْءَ : لٹکا کر جھولتے ہوئے چھوڑنا۔

تَنَوَّعَ الشَّیْءُ : قسمیں ہونا۔ جھولنا — الغُصْنُ : ٹہنی کا ہلنا — فِی السَّیْرِ : آگے بڑھنا۔

اِسْتَنَاعَ اِسْتِنَاعَۃَ الْغُصْنُ : ٹہنی کا ہلنا — الرَّجُلُ فِی السَّیْرِ : آگے بڑھنا — الشَّیْءُ مدت تک رہنا۔

النَّائِع۔ فا۔ پیاسا۔ اور کہا جاتا ہے بطور تابع کے "جَائِعٌ نَائِعٌ" یعنی بھوک کی وجہ سے جھکا ہوا۔ وَعَلٰی هٰذَا الْقِیَاسِ قَوْمٌ جِیَاعٌ نِیَاعٌ"

النَّوْع۔ مص۔ قسم اور یہ جنس سے خاص ہے۔ ج اَنْوَاع۔

النُّوْع۔ پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاهُ اللّٰهُ بِالْجُوْعِ وَالنُّوْعِ" اللہ اس کو بھوک پیاس میں مبتلا کرے اور جب بددعا کرتے ہیں تو کہتے ہیں "جُوْعًا نُوْعًا۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



النَّوْعَانِ۔ شاخ کا ہلنا۔
النَّوْعَة۔ نَاعَ کا اسم مرۃ۔ تازہ میوہ۔
مَكَانٌ مُتَنَوَّعٌ۔ دُور کی جگہ۔
المِنْوَاع۔ طَرز۔ طریقہ۔
نَافَ يَنُوْفُ نَوْفًا۔ الشَّيْءُ: بلند ہونا — عَلَى الشَّيْءِ: نمایاں ہونا — البَعِيْرُ: اُونٹ کا لمبا اور بلند ہونا — الصَّبِيُّ مِنَ الثَّدْيِ: بچے کا پستان سے چونا۔
نَيَّفَ تَنْيِيْفًا عَلَى كَذَا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَيِّفِ الْعَدَدُ عَلَى مَا تَقُوْلُ" جو تم کہہ رہے ہو اس سے عدد زائد ہے۔
اَنَافَ إِنَافَةً عَلَى الشَّيْءِ: نمایاں ہونا۔ طویل ہونا۔ بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَافَ الْجَبَلُ وَاَنَافَ الْبِنَاءُ": پہاڑ بلند ہے۔ عمارت بلند ہے — عَلَى كَذَا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَافَتِ الدَّرَاهِمُ عَلَى الْمِائَةِ" دراھم سو سے زائد ہیں۔
النِّيَاف مِنَ الْجِمَالِ او النُّوْق: بلند اُونٹ یا اُونٹنیاں۔ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ نِيَافٌ و نَاقَةٌ نِيَافٌ" "امْرَأَةٌ نِيَافٌ" پورے قد کی خوبصورت عورت۔ فَلَاةٌ نِيَافٌ: طویل عریض بیابان۔
النَّوْف۔ مصـ۔ بلند کوہان۔ آواز۔ دامن کا نچلا حصہ۔ ج اَنْوَاف۔
النَّيِّف والنَّيْف۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے عَشَرَةٌ و نَيِّفٌ و نَيْفٌ" دس اور دس سے زائد دس میں تمیں جیسی دہائیوں سے جتنی زیادتی ہو اس کو نَيِّفٌ کہتے ہیں یہاں تک کہ دوسری دہائی آئے اور لفظ نیف کا استعمال انہیں جیسی دہائیوں سے زیادتی کیلئے ہوتا ہے۔ اسی لیے عَشَرَةٌ و نَيِّفٌ و مائة و نَيِّف و اَلْفٌ و نَيِّفٌ تو بولا جاتا ہے مگر خَمْسَةَ عَشَرَ و نَيِّفٌ نہیں کہا جاتا۔
النَّيْف۔ فضل و احسان اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَيِّفٌ عَلَيْهِ" وہ اس سے زائد ہے۔ کہا جاتا ہے "جَبَلٌ عَالِي الْمَنَافِ" پہاڑ جس کے چڑھنے کی جگہ بلند ہو۔
المُنِيْف۔ فا۔ جَبَلٌ مُنِيْفٌ: بلند پہاڑ۔ اور بطور مجاز کے کہا جاتا ہے "لَهُ عِزٌّ مُنِيْفٌ" اس کی عزت بلند ہے۔ اِمْرَأَةٌ مُنِيْفَةٌ: پورے قد کی خوبصورت عورت۔
نَاقَ يَنُوْقُ نَوْقًا۔ گوشت سے چربی اتارنا۔
نَوَّقَ تَنْوِيْقًا الجَمَلَ: اُونٹ کو سدھانا — النَّخْلَ: مادہ کھجور میں نر کھجور کے پھول ڈالنا — الشَّيْءَ: ترتیب سے رکھنا۔
اَنَقَ إِنْيَاقًا و نِيْقًا الشَّيْءُ فُلَانًا: پسند آنا (آنق اَنَاقَ کا مقلوب ہے اور نِيْقًا مصدر غیر قیاسی ہے)
تَنَوَّقَ تَنَوُّقًا و تَنَيَّقَ تَنَيُّقًا و اِنْتَاقَ اِنْتِيَاقًا فِي مَلْبَسِهٖ و مَطْعَمِهٖ و اُمُوْرِهٖ: کھانے پہننے اور دوسرے امور میں عمدگی اختیار کرنا (مانند تَاَنَّقَ کے) تَنَوَّقَ بِهٖ: مہربانی برتنا۔ اِنْتَاقَ الشَّيْءَ: چننا۔
اِسْتَنْوَقَ اِسْتِنْوَاقًا الْجَمَلُ: اُونٹنی کے مشابہ ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ" اس موقع پر بولا جاتا ہے جبکہ کوئی شخص بات کرتا کرتا ایک بات میں بغیر کسی جوڑ کے دوسری بات ملا دے۔
النَّوْق۔ تھوڑی سُرخی کے ساتھ ملی ہوئی سپیدی۔
النِّيْق۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ ج نِيَاق و اَنْيَاق و نُيُوْق۔
النَّاقَة۔ اُونٹنی ج نَاقٌ و نُوْقٌ و اَنْوُقٌ و اَنْوُقٌ و اَوْنُقٌ و اَيْنُقٌ و نِيَاق و نَاقَاتٌ و اَنْوَاقٌ و ج اَيَانِقُ و نِيَاقَات۔
النَّاقَةُ۔ ایک قسم کی پھنسی جو ہاتھ میں نکلتی ہے۔ ستارے جو اُونٹنی کی شکل کے ہوتے ہیں۔
النَّوْقَة۔ حذاقت۔ مہارت۔ ہوشیاری۔
النِّيْقَةُ۔ اسم ہے تَنَوُّقٌ کا۔
النَّاوَق۔ لکڑی کا پرنالہ۔ ج نَاوَقَات (دخیل)
النَّوَّاق۔ وہ شخص جو امور کو ہوشیاری سے انجام دے۔
النَّيِّق۔ کھانے، پہننے اور دیگر امور میں عمدگی اختیار کرنے والا۔
المُنَوَّق۔ سدھا ہوا اُونٹ جو اُونٹنی کی مانند بنا دیا گیا ہو — مِنَ النَّخْلِ: نر کھجور کا پھول ڈالا ہوا۔
نَاقَةٌ مُنَوَّقَةٌ۔ سدھائی ہوئی اُونٹنی۔
نَوِكَ يَنُوْكُ نَوَكًا و نَوَاكًا و نَوَاكَةً بیوقوف ہونا۔
اَنْوَكَهُ اِنْوَاكًا۔ بیوقوف پایا یا بیوقوف سمجھنا۔
اِسْتَنْوَكَ اِسْتِنْوَاكًا۔ بیوقوف ہونا۔
فُلَانًا: بیوقوف سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَكَهُ" وہ کیسا بیوقوف ہے (اور اَنْوِكْ بِهٖ نہیں کہا جاتا حالانکہ یہ قیاس کے مطابق ہے)
الْاَنْوَك۔ بیوقوف۔ بہت زیادہ بیوقوف عاجز و جاہل۔ بول چال میں عاجز ج نَوْكَى و نُوْك مؤنث نَوْكَاءُ ج نُوْكٌ۔
المُسْتَنْوَك۔ بیوقوف۔
نَالَ يَنُوْلُ نَوَالًا و نَوْلًا۔ فُلَانًا الْعَطِيَّةَ و بِالْعَطِيَّةِ و نَالَ لَهُ الْعَطِيَّةَ و بِالْعَطِيَّةِ: دینا۔ جیسے "نَالَنِي بِالْخَيْرِ" اس نے مجھ کو خیر پہنچائی "وَنَالَ لَهُ بِشَيْءٍ" بخشش کی۔ اور کہا جاتا ہے "نَالَ لَهُ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" اس کے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔
نَوَّلَهُ تَنْوِيْلًا۔ عطیہ دینا۔ نَوَّلَهُ مَعْرُوْفَهُ: بھلائی پہنچانا۔ نَوَّلَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ: دینا۔
نَاوَلَهُ مُنَاوَلَةً الشَّيْءَ: دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا۔
اَنَالَهُ اِنَالَةَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: دینا۔ کہا جاتا ہے "اَنَالَنِي بِخَيْرٍ" اس نے مجھے بھلائی پہنچائی۔ اَنَالَ فُلَانٌ بِاللّٰهِ: قسم کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا اَنْوَلَهُ وہ کس قدر فیاض ہے۔
تَنَوَّلَ الشَّيْءَ: لینا — عَلَيْنَا فُلَانٌ بِشَيْءٍ يَسِيْرٍ: تھوڑا سا دینا۔
تَنَاوَلَ الشَّيْءَ: لینا — مِنْ يَدِهٖ شَيْئًا: لینا۔ پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاوَلَتْ بِنَا الرِّكَابُ مَكَانَ كَذَا" سواریوں نے ہم کو فلاں جگہ پہنچا دیا۔
النَّائِل۔ فا۔ مصدر۔ عطیہ۔ بھلائی۔
النَّائِلَة۔ النَّائل کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔
النَّوَال۔ داد و دہش۔ حصہ۔ درستی۔ اور کہا جاتا ہے "نَوَالُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔
النَّوَّال۔ داد و دہش۔ زَجُلٌ نَوَّالٌ: سخی مرد یا بہت بخشش والا۔ اور کہا جاتا ہے: زَجُلَانِ نَوَّالَانِ و رِجَالٌ نَوَّالُوْنَ۔
النَّوْل۔ مصـ۔ بننے والی وادی۔ بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔ اور کہا جاتا ہے "نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



"وَمَا نَوْلَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے مناسب نہیں کہ اس کو حاصل کرو یا ایسا کرو۔
النَّوْلَة۔ نَالَ کا اسم مرۃ۔ داد و دہش۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نَوْلَةً" میں نے اس کا عطیہ نہیں پایا۔ بوسہ۔
النُّوْلَة۔ داد و دہش۔ عطیہ۔
المِنْوَل و المِنْوَال۔ بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی یا کرگہ۔ ج مَنَاوِيْل۔ المِنْوَال: کپڑا بننے والا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى مِنْوَالٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی قسم کی عادت کے ہیں "وَلَا اَدْرِيْ عَلٰى اَيِّ مِنْوَالٍ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کس طریقہ پر ہے و "اِفْعَلْ عَلٰى هٰذَا الْمِنْوَال" اس طریقہ پر کرو۔ "وَمِنْوَالُكَ اَلَّا تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا نہ کرو۔
نَامَهُ يَنُوْمُهُ نَوْمًا۔ سونے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاوَمَنِي فَنُمْتُهُ" اس نے سونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔
نَامَ يَنَامُ نَوْمًا و نِيَامًا۔ اونگھنا یا سونا۔ مرنا۔ اور اسم النِيْمَة۔ نَامَتِ السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑنا — الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا — النَّارُ: آگ کا بجھنا۔ نَامَ الْبَحْرُ: سمندر کا ٹھہر جانا — العِرْقُ: رگ کا حرکت نہ کرنا — الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا — الرَّجُلُ: اللہ کے لیے تواضع و خاکساری کرنا — اِلَيْهِ: اطمینان کرنا — عَنْ حَاجَتِهِ: غافل ہونا، بے پرواہ ہونا اور کہا جاتا ہے "نَامَ هِمَّتُهُ" وہ بے ہمت ہے "وَفُلَانٌ لَا يَنَامُ وَلَا يُنِيْمُ" فلاں نہ سوتا ہے نہ سونے دیتا ہے۔
نَوَّمَهُ تَنْوِيْمًا۔ سلانا۔ نَوَّمَ الرَّجُلُ: خوب اچھی طرح سونا — الْاِبِلُ: اونٹوں کا مرنا۔
نَاوَمَهُ مُنَاوَمَةً۔ سونے میں غالب ہونا۔
اَنَامَهُ اِنَامَةً۔ سلانا۔ قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنْتُ قِرْنِيْ فَاَنَمْتُهُ" میں نے اپنے ہمسر کو نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ اَنَامَ زَيْدًا: سوتا ہوا پانا۔
تَنَاوَمَ تَنَاوُمًا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ نیند چاہنا — اِلَيْهِ: مطمئن ہونا۔ سکون اختیار کرنا۔
اِسْتَنَامَ اِسْتِنَامَة۔ الرَّجُلُ: سونا۔ نیند چاہنا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا — اِلَيْهِ: سونے والے کی طرح مطمئن ہونا — اِلَى الشَّيْءِ: مانوس ہونا۔
النَّائِم۔ فا۔ سونے والا۔ لیٹنے والا۔ ج نِيَام و نُوَّمٌ و نُيَّمٌ و نُوَّامٌ و نُيَّامٌ و نَوْمٌ اور کہا گیا ہے کہ نَوْم اسم جمع ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَيْلٌ نَائِمٌ" گہری نیند والی رات۔
النَّائِمَة۔ النَّائِم کا مؤنث۔ ج نُوَّم۔ موت۔ سانپ۔
النَّوُوْم۔ بہت سونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَوُوْمٌ وَاِمْرَأَةٌ نَوُوْمٌ"۔
النُّوَام۔ نیند۔ نیند کی بیماری۔
النَّوْم۔ نیند۔ نَائِم کی جمع۔ یا اسم جمع جیسا کہ گزر چکا رَجُلٌ نَوْمٌ و نَوَّامٌ: بہت سونے والا مرد۔
النِيْم۔ لباس شب خوابی۔ پوستین اور بعض کے نزدیک سینہ تک کی چھوٹی پوستین۔ کامل نعمت۔ وہ شخص جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ ایک نرم کانٹے والا درخت جس کے پتے چھوٹے ہوتے ہیں اور چنے کے برابر اس کے دانے ہوتے ہیں اور کھٹے ہوتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو کالے پڑ جاتے ہیں اور میٹھے ہو جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے يَانَوْمَانُ: یعنی اے بہت سونے والے۔ اور یہ ندا ہی کے لئے خاص ہے۔
النَوْمَة۔ نَام کا اسم مرۃ۔ ج نَوْمَات۔
النِيْمَة۔ اسم ہے نام کا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نِيْمَةٌ لَيْلَةٌ" اس کے پاس ایک رات کا گزارہ نہیں ہے۔
النُوْمَة۔ وہ شخص جس کی پروا نہ کی جائے۔
النُوْمَة۔ بہت سونے والا۔ غافل۔ گمنام۔
النَوِيْم۔ غافل۔ گمنام۔
المَنَام۔ نیند۔ سونے کی جگہ۔ خواب ج مَنَامَات۔
المَنَامَة۔ سونے کی جگہ۔ لباس شب خوابی۔ قبر۔
المَنَام و المُسْتَنَام۔ پست جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے۔
طَعَامٌ مَنُوْمَةٌ۔ خواب آور کھانا۔
نَوَّنَ تَنْوِيْنًا: حرف نون لکھنا — الْكَلِمَةَ: کلمہ پر تنوین لگانا۔
النُوْن۔ حروف مبانی میں سے ایک حرف جس کے عدد ۵۰ ہیں اور حروف زوائد میں سے ہے ن نُوْنَات و اَنْوَان۔
النُوْن۔ دوات۔ مچھلی۔ ج يَنْيَان و اَنْوَان۔ تلوار کی دھار۔ تلوار۔ ذُوالنُوْن لقب یونس علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا۔ عرب کی ایک تلوار کا نام۔ ذُو النُوْنَيْن۔ معقل بن خویلد کی تلوار کا نام۔
النُوْنَة۔ مچھلی۔ عمدہ بات۔ چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کا گڑھا۔ ج نُوْنَات۔
نَاهَ يَنُوْهُ نَوْهًا النَّبَاتُ وَغَيْرُهُ: بلند ہونا۔
نَاهَتِ الْهَامَةُ: اُلو کا سر اُٹھا کے چیخنا۔ نَهْتُ بِالشَّيْءِ: اُونچا کرنا۔
نَاهَتْ تَنُوْهُ و تَنَاهُ نَوْهًا نَفْسُه عَنِ الشَّيْءِ: رک جانا۔ انکار کر کے چھوڑ دینا۔
نَوَّهَ تَنْوِيْهًا الشَّيْءَ: بلند کرنا — بِفُلَانٍ: بلند آواز سے پکارنا۔ کسی کا نام بلند کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَوَّهْتُ بِالْحَدِيْثِ" میں نے بلند آواز سے بات کی۔ نَوَّهَ بِاسْمِهٖ: نام لے کر بلانا۔ پکارنا۔
تَنَوَّهَ تَنَوُّهًا۔ بلند ہونا۔
النَّوْه و النُّوْه۔ کسی چیز سے رکنا۔
النَّوْهَة۔ نَاهَ کا اسم مرۃ۔ خوراک دن رات میں صرف ایک مرتبہ۔
النُوْهَة۔ بدن کی طاقت۔
النَّوَّاهَة۔ نوحہ کرنے والی عورت۔ بین کرنے والی عورت۔
النَّوَّه۔ بین کرنے والی عورتیں، کہا جاتا ہے "هُوَ اَنْوَهُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے زیادہ شریف ہے۔
نَوَى الشَّيْءَ يَنْوِيْهِ نَوَاةً و نِيَّةً و نِيَةً۔ ارادہ کرنا۔
نَوَى الْقَوْمُ مَنْزِلًا بِكَذَا: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا — اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ مسافر سے کہا جاتا ہے "نَوَاكَ اللّٰهُ" یعنی اللہ تمہاری حفاظت کرے اور تمہارا سفر میں ساتھی ہو۔ و نَوَاكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ: اللہ تم کو بھلائی پہنچائے (— نَوَى) فُلَانٌ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا — النَّوَاةَ: گٹھلی پھینکنا (— نِيَّةٌ و نَوِيَ) الْمُسَافِرُ: دور ہونا۔ (— نَيًّا و نَوَايَةً و نِوَايَةً) النَّاقَةُ: موٹی ہونا۔ صفت نَاوِيَةٌ و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



نَاوٍ۔
نَوَّیٰ تَنْوِیَۃً حَاجَتَہٗ :حاجت پوری کرنا۔نَوَّبَ الْبُسْرَۃُ : گٹھلی والی ہونا۔ نَوَیٰ فُلَانٌ : گٹھلی پھینکنا — فُلَانًا : کسی کی نیت پر چھوڑ دینا۔
نَاوَاہُ مُنَاوَاۃً۔ دشمنی کرنا (اس کی اصل ہمزہ سے ہے)
اَنْوَیٰ اِنْوَاءً الرَّجُلُ :دور ہونا یا زیادہ سفروں والا ہونا — حَاجَتَہٗ :حاجت پوری کرنا۔اَنْوَبَ الْبُسْرَۃَ : گٹھلی بیٹھنا۔اَنْوَیٰ فُلَانٌ : گٹھلی پھینکنا۔
تَنَوَّیٰ تَنَوِّیًا الشَّیْءَ :قصد کرنا۔
اِنْتَوَاہُ اِنْتِوَاءً۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَوَاہُ بِنَوَائِہٖ" اس نے اس کی حاجت پوری کر دی
اِنْتَوَیَ الْقَوْمُ : ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہونا — الْقَوْمُ بِمَوْضِعِ کَذَا : اقامت کرنا — الْقَوْمُ مَنْزِلًا بِمَکَانِ کَذَا :قصد کرنا۔
اِسْتَنْوَیَ اِسْتِنْوَاءً الرَّجُلُ : گٹھلی پھینکنا۔
النَّاوِی۔ فا۔ وہ شخص جو منتقل ہونے کا پختہ ارادہ کرے۔ اُونٹنی کا کوہان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَاوِیُ الْقَوْمِ وَمُنْتَوَاھُمْ" فلاں قوم کا ذی رائے اور ان کے امور کا مالک ہے۔
النَّوَّاء۔ کھجور کی گٹھلیوں کا بیچنے والا۔
النَّوَیٰ۔ مع۔ دوری۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے (اس معنی میں مؤنث ہے) گھر۔ گٹھلیاں (اس معنی میں مذکر و مؤنث دونوں ہے) کہا جاتا ہے "اِسْتَقَرَّتْ نَوَیٰ الْقَوْمِ بِمَوْضِعِ کَذَا وَکَذَا" (یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی)۔
النَّیُّ۔ مع۔ چربی۔
النِّیَّۃ۔ موٹاپا۔
النَّوَاۃ۔ گٹھلی ج نَوِیٌّ و نَوِیَات وج اَنْوَاءٌ و نِوِیٌّ و نَوِیٌّ۔
النِّیَّۃ۔ قصد۔ ارادہ۔ دل کا عزم۔ جس کو انسان موافق سمجھے اس کی طرف اٹھنا۔ امر۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ بَیْتِ فُلَانٍ نِیَّۃٌ" فلاں کے گھر میں میری ایک ضرورت ہے۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے۔ کہا جاتا ہے "شَطَّتْ بِھِمْ نِیَّۃٌ قُذُفٌ" رحلۃ بعیدہ نے ان کو دور پھینک دیا "وَنَوَوْا نِیَّۃً قُذُفًا" انہوں نے دور کی جگہ کا ارادہ کیا اور کبھی یاء میں تخفیف کی جاتی ہے کہا جاتا ہے نِیَّۃٌ ج نِیَات۔
النَّوِیُّ۔ ہم ارادہ ساتھی۔
نَاءَ یَنِیُٔ نَیْأً و نُیُوْءًا و نُیُوْءَۃً اللَّحْمُ وَغَیْرُہٗ : گوشت وغیرہ کا کچا رہنا۔
نَیَّأَ تَنْیِیْأً الْاَمْرَ :ناقص طور سے کرنا۔
اَنْیَأَ اللَّحْمَ اِنْیَاءً :گوشت کو کچا رکھنا۔
النِّیْءُ مِنَ اللَّحْمِ : کچا یا نیم پختہ گوشت۔ اور نیٌّ ابدال و ادغام سے بھی جائز ہے۔ النِّیُّ ءُ : خالص دودھ۔
نَابَہٗ یَنِیْبُہٗ نَیْبًا دانت پر مارنا۔
نَیَّبَتْ تَنْیِیْبًا النَّاقَۃُ : اُونٹنی کا بوڑھی ہونا۔
نَیَّبَ النَّبْتُ :نباتات کی جڑیں پھوٹنا — فُلَانٌ السَّھْمَ : تیر پر دانت مار کر سختی معلوم کرنا اور دانتوں کا نشان ڈالنا — زَیْدٌ :دانت کاٹنا۔ دانت پیسنا — فُلَانًا : دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ظَفَرَ فِیْہِ السَّبُعُ وَ نَیَّبَ" درندہ نے اس کے اندر ناخن اور دانت گھسا دیا۔
تَنَیَّبَ تَنَیُّبًا النَّبْتُ : جڑیں نکلنا — الشَّیْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔
النَّاب۔ کچلی کا دانت (مؤنث) ج اَنْیُبٌ و نُیُوْبٌ و اَنَایِیْب۔ النَّاب : بوڑھی اُونٹنی۔ اور اس کی تصغیر نُیَیْب۔ ج اَنْیَابٌ وَ نُیُوْبٌ و نِیْبٌ نَابُ الْقَوْمِ : سردارِ قوم ج اَنْیَاب۔
النَّیُوْب۔ بوڑھی اُونٹنی۔
الْاَنْیَبُ۔ موٹے دانتوں والا۔ مؤنث نَیْبَاء ج نِیْبٌ۔
نَاتَ یَنِیْتُ نَیْتًا۔ کمزوری سے ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔
نَاحَ یَنِیْحُ نَیْحًا و نَیْحَانًا الْعُضْنُ : ٹہنی کا جھکنا (— نَیْحًا) الْعَظْمُ : ہڈی کا سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔
نَیَّحَ تَنْیِیْحًا اللّٰہُ عَظْمَہٗ : ہڈی مضبوط کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (اضداد میں سے ہے) کہا جاتا ہے مَا نَیَّحَتْہُ بِخَیْرٍ میں نے اس کو کچھ نہیں دیا۔ وَلَا نَیَّحَ اللّٰہُ عِظَامَہٗ اللہ اس کی ہڈیوں کو نہ سخت کرے اور نہ مضبوط۔
النَّیِّح۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "عَظْمٌ نَیِّحٌ" سخت ہڈی۔
نَارَ الثَّوْبَ یَنِیْرُہٗ نَیْرًا و نَیَّرَہٗ تَنْیِیْرًا و اَنَارَہٗ اِنَارَۃً۔ کپڑا بننا۔ منقش کرنا۔
النَّائِر۔ فا۔ لوگوں کے درمیان فساد ڈالنے والا۔
النَّیَّار۔ کپڑے میں نقش و نگار کرنے والا۔ کپڑے میں گوٹ لگانے والا۔
النِّیْر۔ بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا۔ ج اَنْیَار و نِیَرَان۔ النِّیْر : نے۔ اکٹھے دھاگے۔ کپڑے کے نقش و نگار۔ کپڑے کا چھور۔ راستہ کا کنارہ۔ راستہ کی نمایاں کھائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ نِیْرَیْنِ" اپنے ساتھی سے دگنی قوت والا۔ و "حَرْبٌ ذَاتُ نِیْرَیْنِ" سخت جنگ "وَنَاقَۃٌ ذَاتُ نِیْرَیْنِ و اَنْیَار" بوڑھی اُونٹنی جس میں ابھی جوانی کچھ باقی ہو اور کبھی اس کا استعمال عورت کے لیے بھی ہوتا ہے۔
النِّیْر و النِّیْرَۃ۔ اسم ہے نَیَّرَ الثَّوْبَ کا۔ النِّیْرَۃ : بنائی کے آلات میں سے ایک آلہ کا نام کہتے ہیں "مَا اَنْتَ بِسَتَاۃٍ وَلَا لُحْمَۃٍ وَلَا نِیْرَۃٍ" اس شخص کے لیے جو نہ نافع ہو نہ نقصان دہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَنْیَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے واضح تر ہے۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ مُنَایَرَۃٌ" ان کے درمیان فساد ہے۔
المُنَیَّر۔ موٹی کھال۔ ثَوْبٌ مُنَیَّرٌ :دوسوتی کپڑا۔
نَیْرَبَ۔ الرَّجُلُ :چغل خوری کرنا۔ کلام میں گڑبڑ کرنا۔ گھڑنا — الرِّیْحُ التُّرَابَ فَوْقَ الشَّیْءِ :ہوا کا کسی چیز کے اوپر خاک چڑھا دینا اور دھاری دھاری جیسی بنا دینا۔
النَّیْرَبُ۔ برائی۔ چغل خوری۔ چست و چابک مرد۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَیْرَبٌ وذُوْ نَیْرَبٍ" یعنی بدکار مرد۔
نَیْرَجَ نَیْرَجَۃً الرَّجُلُ :چغل خوری کرنا۔
النَّیْرَج۔ چغل خور۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ بل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا رِیْحٌ نَیْرَجٌ : تیز ہوا۔ اِمْرَأَۃٌ نَیْرَجٌ : چالاک و مکار عورت۔ اور کہا جاتا ہے "عَدَا عَدْوًا نَیْرَجًا" متردد ہو کر جلدی جلدی دوڑا۔ اور ہر جلدی کو نَیْرَج کہتے ہیں۔
النَّیْرُوْز۔ عِنْدَ الْفُرْس : شمسی سال کا پہلا دن۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خوشی کا دن عموماً۔
النَّیْزَک۔ چھوٹا نیزہ۔ نیزے کی مانند شعلہ اور یہ ٹوٹے ہوئے ستارے کی ایک قسم ہے۔ ج نَیَازِک (دخیل)
نَیْسَبَ و النَّیْسَبُ و النَّیْسَبَان دیکھئے مادہ ن۔ س۔ ب۔
نَیْسَان۔ ماہ اپریل۔
النَّبْض۔ کمزور حرکت۔ موٹی سیسی۔
نَاضَ یَنِیْضُ نَیْضًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔
نَاطَ یَنِیْطُ نَیْطًا و انْتَاطَ انْتِیَاطًا دور ہونا۔
النَّیْط۔ مص۔ جنازہ۔ موت۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "اَتَاهُ نَیْطُهُ" یعنی اس کی مدت آگئی "وَرَمَاهُ اللّٰهُ بِالنَّیْطِ" اللہ نے اسے موت دی۔ "وَطَعَنَ فُلَانٌ فِیْ نَیْطِهٖ" فلاں نے اس کے جنازہ میں نیزہ مارا یعنی وہ مر گیا۔
نَاعَ یَنِیْعُ نَیْعًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا صفت نَائِع۔
النَّوَائِع۔ جھکی ہوئی شاخیں۔
نَالَ یَنِیْلُ و یَنَالُ نَیْلاً و نَالاً و نَالَةً الْمَطْلُوْبَ: پانا۔ حاصل کرنا۔ صفت فاعلی نَائِلٌ و صفت مفعولی مَنِیْلٌ اور امر حاضر کا صیغہ نِلْ و نَلْ ہوگا۔ نَالَ مِنْ فُلَانٍ گالی دینا' عیب لگانا اور کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْ عَدُوِّهٖ مَطْلُوْبَهٗ" اس نے اپنے دشمن سے اپنا مطلوب حاصل کر لیا اور کبھی دو مفعول کی طرف تعدیہ ہوتا ہے جیسے "نَالَهٗ مَطْلُوْبَهٗ" اس نے اس کا مطلوب حاصل کرا دیا۔ کہا جاتا ہے "نَالَنِیْ مِنْ فُلَانٍ" معروف فلاں سے مجھے بھلائی پہنچی۔ "وَنَالَ مِنْ عِرْضِ فُلَانٍ" یعنی اس نے اس کی بے عزتی کی۔ وَنَالَ الرَّحِیْلُ: کوچ کا وقت قریب ہونا۔ "وَاَمَا نَالَ لَهُمْ اَنْ یَفْقَهُوْا" کیا ان کے لیے سمجھ کا وقت نہیں آیا۔
اَنَالَ اِنَالَةً فُلَانًا الشَّیْءَ وَلِفُلَانٍ الشَّیْءَ: حاصل کرانا۔
النَّائِل۔ فا۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْهُ نَائِلاً" مجھے اُس سے انعام ملا۔
النَّیْل۔ مص۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ اَصَبْتُ مِنْهُ نَیْلاً۔
النِّیل۔ مصر کے ایک دریا کا نام۔ ایک قسم کی گھاس جس سے نیلا رنگتے ہیں۔ ایک دوسری قسم کی گھاس جس کے پتے چھوٹے چھوٹے اور تنہ سخت ہوتا ہے۔ النِّیْل: بادل۔
النَّالَة۔ مص۔ گھر کا صحن۔
النُّوْلَة و النَّیْلَة۔ جو حاصل کیا جائے۔
النِّیْلَج و النِّیْلَنْج۔ چربی کا کاجل جس کو گوندنے میں استعمال کیا جائے۔ اور یہ معرب ہے اور عربی اس کی نَوْذَرٌ ہے۔
النِّیْلَج۔ نیل کا رنگ۔
النِّیْلُوْفَر و النِّیْنُوْفَر و النَّیْلُوْفَر۔ گل نیلوفر (جدید)
النِّیْمِرِشْتُ۔ ادھ بھنا۔ کہا جاتا ہے "بیضٌ نیمرشت" اور عوام کہتے ہیں "بیضٌ بِرِشْتٌ"
نَاهَ یَنَاهُ نَیْهًا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ پسند آنا۔
النَّائِه۔ بلند۔ نمایاں۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ نَاهَةٌ": رکنے والا نفس۔
النِّیْمُ۔ ن و م میں ذکر کیا گیا۔
النَّایٌ۔ بانسری۔ ج نَایَاتٌ (فارسی)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# و

الواو- چند معانی کے لیے مستعمل ہے۔
وَشَزَ یَشِزُ وَشْزًا۔ جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز والوَشَز۔ جلدی۔ بلند مکان جس کی چڑھائی جائے۔ سختی زندگانی ج اَوْشَاز۔
الوَشِیْزَة۔ بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز۔
وَشَظَ یَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا — القَاسَ: کلہاڑے میں پچر لگا کر سوراخ تنگ کرنا — القَوْمُ إِلَیْنَا: کم لوگوں کا آکر ملنا۔
الوَشِیْظ۔ تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج اَوْشَاظ
(والوَشِیْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِیْظَةٌ فِیْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فروما یہ ہیں۔ اور ایسا ہی "هُوَ وَشِیْظَةٌ فِیْهِمْ" ج وَشَائِظ۔
وَشَعَ یَشَعُ وَشْعًا الشَّیْءَ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (— وَشَاوَشْوًا) الحَبْلَ ولیہ: پہاڑ پر چڑھنا — البَقْلَةُ: پھولدار ہونا — هُ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا — الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش ونگار کرنا — الشَّیْبُ رَاسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا — الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلٰی کَرِمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔
اَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّیْءُ: پراگندہ ہونا — فِی الجَبَلِ پہاڑ میں دائیں بائیں جانا — الشَّیْبُ رَاسَهُ سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوْا الضُّیُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِهٖ: بہت ہونا — بِالْکَذِبِ: جھوٹ سے مزین ہونا — الغَنَمُ فِی الجَبَلِ: بکریوں کا چرنے کے لیے پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَشْع۔ مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوْع۔
الوُشْع۔ لکڑی کا جالا۔
الوُشُوْع۔ پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق میں ٹپکانے کی دوا۔
الوَشِیْع۔ کپڑے کا نقش ونگار، باغ کے ارد گرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج کی نقل وحرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الوَشِیْعَة۔ رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی لکڑی، بُننے والے کی نال، ہر پیچیدہ چیز۔ غبار کی دھاری ج وَشِیْع ووَشَائِع۔
المُوَشَّع۔ مفع۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش ودھاری دار چادر۔
وَشَعَ یَشِعُ وَشْعًا بَوْلَهٗ: پیشاب کرنا۔
وَشَعَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت پت کر کے دھاری دار کر دینا۔
اَوْشَعَ إِیْشَاعًا الْعَطِیَّةَ: کم دینا — بَوْلَهٗ: پیشاب کرنا۔
تَوَشَّعَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔
الوَشْع والوَشِیْع۔ تھوڑا۔
الوُشُوْغ۔ منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
وَشَقَهٗ یَشِقُهٗ وَشْقًا۔ خراش کرنا — هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وشَقَ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا — الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
وَشَّقَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَوْشَقَ الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چبھنا۔
تَوَاشَقَ وَاتَّشَقَ القَوْمُ العَدُوَّ بِاَسْیَافِهِمْ دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا۔
الوَاشِق۔ فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق میں ایک لغت۔
الوَشْق۔ مص۔ متفرق چراگاہ۔
الوَشَق۔ ایک جانور کا نام جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔
الوَشِیْق والوَشِیْقَة۔ خشک کیا ہوا گوشت کا پارچہ ج وَشَائِق۔
المِیْشَاق۔ کنجی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِیْق۔
وَشُكَ یَوْشُكُ وَشْكًا وَوَشَاكَةً وَوَشَكَّ الْاَمْرُ: جلدی ہونا۔ صفت وَشِیْک۔
اَوْشَكَ۔ جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی سے ہے اَوْشَكَ اَنْ یَمُوْتَ وہ مرنے کے قریب ہی تھا۔ اور یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم ہے اور اس کی خبر اکثر اَنْ آتا ہے۔
وَاشَكَ مُوَاشَكَةً۔ جلدی چلنا۔
الوَشْك والوُشْك والوَشْكَان والوِشْكَان والوُشْكَان۔ جلدی۔ اور کہا جاتا ہے "وَشْكَانَ مَا یَكُوْنُ ذٰلِكَ" یعنی یہ جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔
الوِشَاك۔ جلدی۔
الوَشِیْك (مذکر ومؤنث) جلد باز۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِیْكًا" وہ جلدی نکلا۔
وَشَلَ یَشِلُ وَشْلًا و وَشَلَانًا الْمَاءُ: پانی کا بہنا۔ ٹپکنا (— وُشُوْلًا) کمزور ہونا۔ محتاج ہونا — إِلَیْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔
اَوْشَلَ الْمَاءَ: پانی کم پانا — حَظَّهٗ: کم کرنا۔
الوَشَل۔ تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج اَوْشَال۔
الوَشْل: ہیبت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک دوسرے کے پیچھے آئی۔
عُیُوْنٌ وَشَلَةٌ۔ کم پانی والے چشمے۔
الوَاشِل۔ فا — مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑ جس سے ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ الرَّاْیِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَهُوَ وَاشِلُ الْحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔
نَاقَةٌ وَشُوْلٌ۔ زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الوُشُوْل۔ دولت کی کمی۔ نقصان۔
وَشَمَ یَشِمُ وَشْمًا و وَشَّمَ الْیَدَ: ہاتھ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



گودنا۔ وَشَّمَ الْغُصْنُ : ٹہنی میں پتے ظاہر ہونا۔
اَوْشَمَ اِیْشَامًا الْمَکَانُ : ہریالی ہونا۔
الْکَرْمُ : انگور کا رنگ پکڑنا — الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا — الْبَرْقُ : بجلی کا آہستہ چمکنا — السَّمَاءُ : بجلی کوندنا — فِیْ عِرْضِ فُلَانٍ : گالی دینا۔ عیب لگانا — فِی الْاَمْرِ : غور و فکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِیَۃُ : پستان کا اُبھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْشَمَ یُفْعَلُ کَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔
اِسْتَوْشَمَ اِسْتِیْشَامًا۔ گودنے کیلئے کہنا۔
الْوَشْم۔ مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔ نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوْم و وِشَام۔
الْوَشْمَۃُ۔ وَشْم کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔ کہا جاتا ہے "مَاعَصَاہُ وَشْمَۃٌ" اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔
الْوَشِیْمَۃ۔ وشمنی، برائی۔
تَوَشَّنَ الْمَاءُ : پانی کم ہونا۔
الْوَشْن۔ بلند زمین۔ موٹا اُونٹ۔
الْاَوْشَن۔ دوسرے کے دسترخوان پر کھانا کھانے والا۔
وَشْوَشَ وَشْوَشَۃً فُلَانًا : آہستہ گفتگو کرنا — ہُ الشَّیْءَ : دھیرے سے دینا۔
تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے سے آہستہ آہستہ گفتگو کرنا۔
الْوَشْوَش و الْوَشْوَاش۔ ہلکا۔ جلد باز۔
رَجُلٌ وَشْوَشِیُّ الذِّرَاعِ : کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔
وَشٰی یَشِی وَشْیًا وَشِیَۃً وَوَشّٰی الثَّوْبَ : منقش کرنا — الْکَلَامَ : جھوٹ بولنا۔ وَشَّاہُ ثَوْبًا : کپڑا پہنانا۔
وَشٰی یَشِی وَشْیًا و وِشَایَۃً بِہٖ اِلَی الْمَلِکِ : چغل خوری کرنا — بَنُوْ فُلَانٍ : بکثرت ہونا۔
اَوْشٰی اِیْشَاءً الْمَکَانُ : ابتدائی نباتات ظاہر ہونا — الرَّجُلُ : بہت مویشی والا ہونا — الْمَعْدِنُ : کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا — النَّخْلَۃُ : پہلا پھل نکالنا — الشَّیْءَ : نکالنا۔ جاننا — الْفَرَسَ : گھوڑے کو اُکسانا — الدَّوَاءُ الْمَرِیْضَ : دوا کا مریض کو تندرست کرنا — فِی الدَّرَاھِمِ : کچھ لینا۔
تَوَشّٰی۔ نقش و نگار ہونا — الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ : سر میں سفیدی کا پھیلنا۔
اِنْتَشٰی اِنْتِشَاءً ا الْعَظْمُ : ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔
اِسْتَوْشَی الْفَرَسَ : گھوڑے کو اُکسانا — الْحَدِیْثَ : بحث کرنا اور جمع کرنا — الرَّجُلَ : مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا — الْمَعْدِنُ تھوڑا سا سونا پایا جانا۔
الْوَشْیُ۔ مص۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء۔ وَشْیُ السَّیْفِ : تلوار کا جوہر۔
الْوَشَاء۔ اُونٹوں کی کثرت۔
الْوَاشِی۔ فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ و وُشَاۃ۔
الْوُشَاہ : سونے کا سکہ بنانے والا۔
الْوَشَّاء۔ وَاشِی کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔
الشِّیَۃ۔ مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِیَات۔
الْاَشْیَۃ۔ داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَشْیَۃ" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَق" اور نسبت کے لیے وَشْوِیٌّ۔
وَصَّ یَوُصُّ وَصًّا الْعَمَلَ : مضبوط بنانا۔
وَصَّصَتْ تَوْصِیْصًا الْمَرْاَۃُ : مُنہ کا پردہ تنگ کرنا۔
وَصِیَ یَوْصَأُ وَصَأً الثَّوْبُ : کپڑا میلا ہونا۔
وَصَبَ یَصِبُ وُصُوْبًا ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا — الدَّیْنُ : قرض واجب ہونا — عَلَی الْاَمْرِ : مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔
وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا و وَصَّبَ و تَوَصَّبَ۔ مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابٰی و وِصَاب۔ تَوَصَّبَ : درد محسوس کرنا۔
اَوْصَبَ۔ مریض ہونا — اللّٰہُ فُلَانًا : مریض کرنا — الرَّجُلُ : بیمار اولاد والا ہونا — الشَّیْءُ : ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا ( — وَاصَبَ) ہمیشگی مداومت کرنا۔
الْوَصَب۔ بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کیلئے بھی بولا جاتا ہے
الْوَصَب : بنجر اور سہابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاب۔
الْوَاصِب۔ فا۔ دائم۔
الْوَاصِبَۃ۔ واصب کا مؤنث۔ بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان۔
الْمُوَصَّب۔ بہت دردوں والا۔
وَصَدَ یَصِدُ وُصُوْدًا ثابت ہونا۔ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا — الثَّوْبَ : کپڑا بٹنا۔
وَصَدَ الثَّوْبَ : کپڑا بٹنا — الْکَلْبَ بِالصَّیْدِ کتے کو شکار پر بھڑکانا — فُلَانًا : خوف دلانا۔
اَوْصَدَ الْبَابَ : دروازہ بند کرنا — الْقِدْرَ : ہانڈی ڈھانکنا — عَلٰی فُلَانٍ : تنگی ڈالنا — اَلْکَلْبَ بِالصَّیْدِ : کتے کو شکار پر اُکسانا۔ بھڑکانا ( — وِاسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لیے باڑہ بنانا۔
الْوَصَّاد۔ جلاہا۔
الْوِصَاد۔ اَوْصَدَ الْبَابَ و اَوْصَدَ الْقِدْرَ کا اسم بمعنے بندش و ڈھکائی۔
الْوَصِیْد۔ چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن، غار، پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ خفتہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد ( — الْوَصِیْدَۃ) پہاڑ میں مویشیوں کے لیے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد۔
الْمُوَصَّد۔ پردہ۔
الْوِصْر۔ عمدہ ج اَوَاصِر ( — والْوَصِیْرَۃ و الْاَوْصَرُ) عمدہ نامہ، چک۔ دستاویز۔ اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔
وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشَّیْءَ : غائب کرنا۔ چھپانا۔
الْوَصْع۔ مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا مولا۔ ج وَصْعَان۔
الْوَصِیْع۔ چڑیا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔
وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وَصِفَۃَ الشَّیْءَ : بیان کرنا۔ تعریف کرنا ( — وُصُوْفًا) الْفَرَسُ : گھوڑے کا عمدہ چال چلنا ( — وَصْفَۃً) الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ : نسخہ تجویز کرنا۔
وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَۃَ الْغُلَامُ : لڑکے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِیْفٌ اور اسم اَلْاِیْصَافُ والوَصَافَۃ۔

وَاصَفَہٗ۔ حالت بیان کر کے بیچ کرنا۔

اَوْصَفَ اِیْصَافًا۔ خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّیْءُ : قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ : عمدہ صفات سے مشہور ہونا — بِالصِّفَاتِ الْحَمِیْدَۃِ : آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِیْفًا او وَصِیْفَۃً : خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ الْقَوْمُ الشَّیْءَ : ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّیْءَ : بیان کرنے کو کہنا۔

اَلطَّبِیْبَ : نسخہ تجویز کرانا — اَلْغُلَامَ : لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

اَلصِّفَۃ۔ مف۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا جائے۔

اَلصِّفَاتِیَّۃ۔ ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفَاتِیٌّ۔

اَلوَصْفِیَّۃ۔ صفت کی حالت۔

اَلوَصِیْف۔ لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہوگیا ہو ج وُصَفَاء۔ مؤنث وَصِیْفَۃٌ ج وَصَائِف۔

اَلوَصَّاف۔ وصف شناس۔ طبیب۔

وَصَلَ یَصِلُ وَصْلاً وَصِلَۃً وَصُلَۃً الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : جوڑنا۔ جمع کرنا — ہٗ بِاَلْفِ دِیْنَارٍ احسان کرنا ( — وَصْلاً وَصِلَۃً) فُلَانًا : تعلق رکھنا — زَیْدًا : نیکی کرنا۔ دینا۔ وَصَلَ رَحِمَہٗ : رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا ( — وُصُوْلاً و وُصْلَۃً وَصِلَۃً) اِلَی الْمَکَانِ : پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِی الْخَبَرُ وَوَصَلَ اِلَیَّ الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَہٗ ضَرْبَۃً لَا تَوْصَلُ" اس نے ایسی ماری کہ جس کا علاج نہیں۔

وَاصَلَہٗ وِصَالاً و مُوَاصَلَۃً تعلق رکھنا

وَاصَلَ الشَّیْءَ وفی الشَّیْءِ : ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔

وَصَّلَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : جوڑنا ( — وَاَوْصَلَ) فُلَانًا اِلٰی کَذَا : پہنچانا۔

تَوَصَّلَ اِلٰی کَذَا : پہنچنا — اِلٰی فُلَانٍ : پہنچنے کے لیے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ اِلَیْہِ بِوُصْلَۃٍ و سَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کیلئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنایا۔

تَوَاصَلَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔

اِتَّصَلَ بِالشَّیْءِ : جڑنا — اِلَیْہِ : پہنچنا — بِیْ خَبَرُ فُلَانٍ : جاننا — فُلَانٌ بِالْوَزِیْرِ : خدمت میں رہنا — اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ : منسوب ہونا۔

اِسْتَوْصَلَ۔ میل ملاپ ڈھونڈنا۔

اَلوَصْل۔ مص۔ لَیْلَۃُ الْوَصْلِ : قمری مہینے کی آخری رات۔ حَرْفُ الْوَصْلِ عِنْدَ اَھْلِ الْقَوَافِیْ : اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واؤ۔ یا۔ اور الف اور ہاء۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا وَصْلُ ھٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

اَلوُصْل و الوِصْل۔ ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج اَوْصَال۔

اَلوُصْلَۃ۔ مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر جماعت۔ دور کی زمین۔ ج وُصَل۔

اَلصِّلَۃ۔ مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلَات۔

اَلوُصُوْل۔ بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔

اَلوُصُوْل مص — عِنْدَ الْمُوَلِّدِیْنَ : رسید۔ ج وُصُوْلَات۔

وَصِیْلُ الرَّجُلِ : ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ وَصِیْلُ ھٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

اَلوَصِیْلَۃ۔ وَصِیْلٌ کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل۔

اَلوَصِیْلَۃ : یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِیْلَۃ و وَصَائِل الوَصِیْلَۃ : اونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔

اَلمَوْصِل۔ ملنے کی جگہ۔ رسی وغیرہ کی گرہ۔ موت مَوْصِلُ الْبَعِیْرِ : چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔ اَلمَوْصِل : عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔

اَلمَوْصِلَانِ۔ شہر موصل اور جزیرہ۔

اَلمَوْصُوْل۔ مفع۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔

اَلْمُسْتَوْصِل۔ فا۔ اَلْمُسْتَوْصِلَۃ مِنَ النِّسَاءِ اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔

وَصَمَ یَصِمُ وَصْمًا الْعُوْدَ اَوِ الْعَظْمَ : لکڑی یا ہڈی میں شگاف ڈالنا — الشَّیْءَ : عیب لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔

وَصُمَ الرَّجُلُ : سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا — فُلَانًا : دردناک کرنا۔ ست و کاہل کرنا۔ وَصَّمَتِ الْحُمّٰی فُلَانًا : دردناک کرنا۔

تَوَصَّمَ۔ تکلیف اٹھانا۔

تَوَاصَمَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو عیب لگانا۔

اَلوَصَم۔ مرض۔

اَلوَصْم۔ مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم۔

اَلوَصْمَۃ۔ عیب و عار۔ جسم کی سستی۔

اَلوَصِیْم۔ خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔

اَلمَوْصُوْم۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔

وَصْوَصَ عَیْنَہٗ : نظر جمانے کیلئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا — الجرذُ بلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَصْوَصَتِ الْجَارِیَۃُ : برقع سے سوائے آنکھوں کے دکھائی نہ دینا۔

اَلوَصْوَص و الوَصْوَاص۔ آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَاوِص و وَصَاوِیْص۔ اَلوَصَاوِص : سطح زمین کے پتھر۔

وَصِیَ یَصِیْ وَصْیًا عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا — الشَّیْءُ بِہٖ : متصل ہونا — الشَّیْءَ بِآخَرَ : ملانا ( — وَصْیًا و وَصَایَۃً) اَلمَکَانُ : متصل نباتات والی ہونا — اَلنَّبْتُ : بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔

وَصّٰی تَوْصِیَۃً فُلَانًا بِکَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا — اِلَیْہِ بِالصَّلَاۃِ : حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاہُ بِفُلَانٍ اَنْ یُحْسِنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اِلَيْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "وَوَصَّيْتُ لَهُ بَعْدَ مَوْتِيْ" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنایا۔ وَصّٰى اِلٰى فُلَانٍ : مرنے کے بعد اپنے مال واولاد پر وصی بنانا —— فُلَانًا بِوَلَدِهٖ : مہربان بنانا۔

اَوْصٰى اِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا —— لَهٗ بِكَذَا : کسی کیلئے کسی چیز کی وصیت کرنا —— اِلَيْهِ : وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔

وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ : ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔

تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔

اِسْتَوْصٰى اِسْتِيْصَاءً بِفُلَانٍ : وصیت کو قبول کرنا۔

الْوَصِيَّة۔ اِيْصَاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا۔ وَصَايَا اللّٰهِ : اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

الْوَصِيَّة : کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِيٌّ۔

الْوَصَاة۔ ج وَصًى والْوَصَايَة والْوِصَايَة وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

الْوَصِيّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِيَاء۔

الْوَاصِي۔ پیچیدہ گھاس۔ اَرْضٌ وَاصِيَةٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔

وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوْءًا وَوَضَاءَةَ الشَّيْءُ : پاکیزہ وخوبصورت ہونا۔

وَضَاءَةٌ يَضُوْءُ وَضْأً۔ پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔

وَضَّأَ تَوْضِئَةً۔ بِالْمَاءِ : پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔

وَاضَاءَ۔ پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَاءَهٗ فَوَضَاْهُ" اس نے اس سے پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ : وضو کرنا —— الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ : بالغ ہونا۔

الْوَضُوْء۔ وضو کا پانی۔

الْوَضِيئُ ج وِضَاء و اَوْضِيَاء والْوَاضِئ ج وَضَاةٌ والْوَضَّاء ج وُضَّاءُوْن و وَضَاضِئ : پاکیزہ وخوبصورت۔

الْاَوْضَأُ : زیادہ خوبصورت وپاکیزہ۔

الْمِيْضَاة والْمِيْضَاءَة۔ وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔

الْمُتَوَضَّأ۔ وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

وَضَحَ يَضِحُ ضَحَةً وَضِحَةً وَ وُضُوْحًا وَ تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْاَمْرُ والْكَلَامُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِح ووَضَّاح۔

وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا۔ برص کے داغوں والا ہونا۔

اَوْضَحَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا —— الْاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّاسِ زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ اَوْضَحَ فِيْ رَاسِهٖ : زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔

وَضَّحَ الْاَمْرَ : واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيْضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ : بحث کرنا —— هُ الْاَمْرَ او الْكَلَامَ : وضاحت کرانا —— الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ : آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا —— الشَّمْسَ : نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔

الْوَضَح۔ مص۔ روشنی و سپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الْوَضَحُ : چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھرا اور رہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَاَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الْوَضَح : روده۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج اَوْضَاح وَضَحُ الطَّرِيْقِ : شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ : تلوے کی سپیدی۔ اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ : مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کیلئے واحد نہیں)

الْوَضَحَة۔ گدھی۔

الْوَاضِح۔ فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الْحَسَبِ : پاک صاف حسب والا۔ الْوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ : سفید اُونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

الْوَاضِحَة۔ واضح کا مؤنث ج وَاضِحات و اَوَاضِح۔ الْوَاضِحَةُ : دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

الْوَضَّاح۔ سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الْوَضَّاحُ : پاک صاف نسب۔ بِكُرُّ الْوَضَّاحِ : صبح کی نماز۔

الْوَضِيْحَة۔ مویشی۔ ج وَضَائِح۔

الْمُتَوَضِّح۔ فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا —— مِنَ الْاِبِلِ : سفید اُونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَحَ يَضِحُ وَضْحًا الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَحَ الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔ اَوْضَحَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔ اَوْضَحَ بِالدَّلْوِ : کم پانی کھینچنا۔

وَاضَحَهٗ وِضَاحًا و مُوَاضَحَةً۔ پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

تَوَاضَحَ الْقَوْمُ : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الْوَضُوْح۔ پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔

وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِر۔ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضَرِيٌّ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ و فِيْ اَخْلَاقِهٖ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔

وَضَّرَهٗ۔ میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ لَقِيَ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهٗ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور رذالت سے اس نے میلا کر دیا۔

الْوَضَر۔ مص۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل' پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار۔

الْوَضَرِيّ۔ دبلا —— والْوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا۔ کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔
وَضَعَ عُنُقَهُ : گردن پر مارنا — الْحَدِيثَ : بات گھڑنا — الْكِتَابَ : تالیف کرنا۔
— السِّلَاحَ فِي الْعَدُوِّ : مقاتلہ کرنا — يَدَهُ عَنْ فُلَانٍ : روکنا — الْجَنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ : ناپاکی دور کرنا — عَصَاهُ : اقامت کرنا۔
وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ خِمَارَهَا : بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع۔ وَضَعَ الشَّيْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ : سامنے چھوڑ دینا — يَدَهُ فِي الطَّعَامِ کھانا — الْجِزْيَةَ أَوِ الْحَرْبَ : ساقط کرنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوعًا الشَّيْءَ : رکھنا — الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ : گرانا — مِنْ فُلَانٍ مرتبہ سے گھٹانا — عَنْ غَرِيمِهِ : قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا ( — وَضْعًا و مَوْضُوعًا) الْبَعِيرُ : سر جھکا کر تیز چلنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً و وُضُوعًا نَفْسَهُ : اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
وَضَعَتْ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا الْمَرْأَةُ حَمْلَهَا : جننا۔ صفت وَاضِع۔
وَضِعَ يَوْضَعُ وَوُضِعَ ضَعَةً و وَضِيعَةً فِي تِجَارَتِهِ : نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوعٌ فِيهَا۔
وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً وِضَعَةً و وَضَاعَةً لئیم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔
وَضَّعَ الشَّيْءَ : جوڑنا — الْجُبَّةَ : روئی بھر کر سینا۔ وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا : شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بہ تہ رکھنا — الرَّجُلَ : ذلیل کرنا۔
أَوْضَعَ الْبَعِيرَ : اونٹ کا تیز دوڑانا — الْبَعِيرُ اونٹ کو تیز دوڑانا — أَوْضَعَ فِي تِجَارَتِهِ : تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَاضَعَهُ وضَاعًا و مُوَاضَعَةً۔ شرط لگانا۔
هُ فِي الْأَمْرِ : کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔
وَاضَعَهُ الْبَيْعَ : بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعَهُ الرِّهَانَ : شرط باطل کرنا۔ اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ أَوْ ضَعْ عَنَّا الرَّأْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔
اِتَّضَعَ۔ ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لئیم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا — الْبَعِيرُ رَاكِبَهُ : اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔

تَوَاضَعَ۔ ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔
تَوَاضَعَتِ الْأَرْضُ : پست ہونا۔ تَوَاضَعَ الْقَوْمُ عَلَى كَذَا : متفق ہونا — مَا بَيْنَنَا : دور رہونا۔
اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيضَاعًا مِنْهُ : گھٹانے کے لیے کہنا — هُ فِي دَيْنِهِ : قرض میں نرمی طلب کرنا۔
الْوَضْع۔ مص۔ جگہ۔ ج أَوْضَاع۔
الْوَضْعَة و الْوِضْعَة۔ جگہ۔ مرکز۔
الْوَاضِع۔ فا۔ امْرَأَةٌ وَاضِعٌ : بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ : ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔
الْوَضِيع۔ خسیس' دنی' امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِيعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔
الْوَضِيعَة۔ قیمت کی کمی۔ امانت۔ ترش نباتات۔ عشریا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِع
الْوَضَائِع : مسافروں کا اسباب۔
التَّوْضِيع۔ مص۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ تَوْضِيعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔
الْمَوْضَع و الْمَوْضِع۔ مص۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع۔
الْمَوْضِعَة۔ موضع میں ایک لغت ہے اور کہا جاتا ہے "لَهُ فِي قَلْبِي مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ" اس کی میرے دل میں محبت ہے۔
الْمُوَضَّع۔ مفع۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
الْمَوْضُوع۔ مص۔ مفع۔ مَوْضُوعُ الْعِلْمِ : جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان مِنْ حَيْثُ الصِّحَّةِ و الْمَرَضِ موضوع الکلام : گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيع و مَوْضُوعَات۔ الْأَحَادِيثُ الْمَوْضُوعَة : گھڑی ہوئی باتیں۔
وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا الْبَعِيرُ : اونٹ کا تیز چلنا۔

وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ : گوشت کو تختہ پر رکھنا۔
وَضَمَ يَضِمُ وُضُومًا الْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ بَنُو فُلَانٍ عَلَى بَنِي فُلَانٍ فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آئی۔
أَوْضَمَ إِيضَامًا اللَّحْمَ وَلِلَّحْمِ : گوشت کو تختہ پر رکھنا — الشَّجَرَ : ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔
اِسْتَوْضَمَهُ اِسْتِيضَامًا۔ ظلم کرنا۔
الْوَضْم۔ گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج أَوْضَام و أَوْضِمَةٌ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلَى وَضْمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور درد مند بنا دیا۔
الْوَضَم۔ لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کیلئے رکھا جائے۔ دسترخوان۔
الْوَضِيم۔ انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔
الْوَضِيمَة۔ میت کا کھانا ( — و الْوَضْمَة) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔
الْمِيضَمَة۔ گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم۔
وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا الشَّيْءَ : تہ بہ تہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ گنا کرنا۔ الْبِنَاءَ : بنانا۔
تَوَضَّنَ لَهُ : ذلیل و عاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔
اِتَّضَنَ بِهِ : متصل ہونا۔
الْوَضِين۔ تہ بہ تہ کیا ہوا۔ چوڑا استر۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُن۔
الْمَوْضُونَة۔ باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔
الْمِيضَنَة۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِن۔
الْمِيضَانَة۔ زنبیل۔ ج مَوَاضِين۔
وَطَّ يُوَطُّ وَطًّا الْوَطْوَاطُ : چمگادڑ کا آواز کرنا — الْمَحْمِلُ : چرچرانا۔
وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ : پیر سے روندنا — الْفَرَسَ : گھوڑے پر سوار ہونا — أَرْضَ عَدُوِّهِ : دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وَطَايَطَاُ وَظًّا الشَّيْءَ :تیار کرنا۔ آسان کرنا۔
وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً وَوُطُوْءَةً الْمَوْضِعَ :نرم ہونا۔
وَطَّا تَوْطِئَةً الشَّيْءَ بِرِجْلِهٖ : پیر سے روندنا — الْفِرَاشَ : بچھونا نرم کرنا — الْاَمْرَ : درست کرنا۔ آسان کرنا — الْمَوْضِعَ :نرم بنانا — الشِّعْرَ وفِيْهِ :لفظاً ومعنیاً قافیہ دہرانا۔
اَوْطَاَ اِيْطَاءً فُلَانًا الْاَرْضَ و بِالْاَرْضِ : روندوانا۔ اَوْطَاَ فُلَانٌ فَرَسَهٗ : سوار کرانا۔ اَوْطَاَهٗ عَلَى الْاَمْرِ : موافقت کرنا۔ اَوْطَاَ الشِّعْرَ وفِي الشِّعْرِ :لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
وَاطَاَ مُوَاطَاَةً فُلَانًا عَلَى الْاَمْرِ : موافقت کرنا — فِي الشِّعْرِ :لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
تَوَطَّاَ فُلَانًا بِرِجْلِهٖ : کچلنا۔ روندنا — هٗ عَلَى الْاَمْرِ : موافقت کرنا — الْقَوْمُ عَلَى الْاَمْرِ : ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
اِتَّطَاَ اِتِّطَاءً وَاِنْتَطَاَ اِنْتِطَاءً الشَّيْءُ : آسان ہونا۔ تیار ہونا — الْاَمْرُ :درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔
اِسْتَوْطَاَ الشَّيْءَ : نرم پانا۔
الْوَطْؤُ مص :(— و الْوَطَاءُ) پست و نرم زمین۔
الْوِطَاءُ و الْوَطَاء۔ فرش۔
الْوَطَاَةُ۔ وطا کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ۔ بھینچنا یا دباؤ۔
الْوَطَاءَةُ وَالْوُطُوْءَةُ۔ مص۔ نرمی، آسانی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَاءَةَ الْعَيْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔
الْوَاطِئَةُ و الْوَظَاَةُ۔ راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الْوَاطِئَةُ :گری ہوئی کھجوریں۔
الْوَطِئُ۔ پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔
الْوَطِيْئَةُ۔ وَطِئٌ کا مؤنث۔ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔
الْمَوْطَاُ و الْمَوْطِئُ۔ قدم کی جگہ۔
الْمِيْطَا۔ پست و نرم زمین۔
الْمُوَطَّاُ۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّاُ الْاَكْنَافِ" نرم اخلاق والا، فیاض مہمان نواز مرد۔ "وَهُوَ مُوَطَّاُ الْعَقِبِ" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔

الْوَطْبُ۔ دودھ کی مشک ج اَوْطُبٌ و وِطَابٌ و اَوْطَابٌ و ج اَوَاطِبُ۔ کہا جاتا ہے صَفُرَتْ وِطَابُهٗ یعنی مر گیا یا قتل کیا گیا۔ الْوَطْبُ بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔
الْوَطْبَاءُ۔ بڑی پستان والی عورت۔
وَطَحَهٗ يَطَحُهٗ وَطْحًا وطِحَةً۔ ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔
تَوَاطَحَ الْقَوْمُ :ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تَوَاطَحَتِ الْاِبِلُ عَلَى الْحَوْضِ : اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔
الْوَطْحُ۔ مص۔ کھرپا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔
وَطَدَ يَطِدُ وَطْدًا الشَّيْءَ : مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا۔ بوجھل کرنا۔ صفت مفعول وَطِيْدٌ و مَوْطُوْدٌ — الْاَرْضَ : سخت ہونے کے لیے کوٹنا — الشَّيْءَ اِلَيْهِ : ملانا — لَهٗ مَنْزِلَةً : تیار کرنا — هٗ اِلَى الْاَرْضِ :جھکانا دبانا — الشَّيْءُ :ثابت و قائم ہونا۔ چلنا — الصَّخْرَ عَلَى الْغَارِ :تہ بتہ رکھنا۔
وَطَّدَ الشَّيْءَ :بمعنے وَطَدَهٗ۔
تَوَطَّدَ۔ مضبوط و ثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَطَّدَهٗ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وَتَوَطَّدَتْ لَهٗ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔
الْوَاطِدُ و الْوَطِيْدُ و الْمَوْطُوْدُ۔ مضبوط و ثابت۔
الْاَوْطَادُ۔ بہت سے پہاڑ۔
الْوَطِيْدَةُ۔ عمارت کی بنیاد۔ پایہ دیگدان ج وَطَائِدُ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنِّيْ وَطَائِدُ الْحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے۔ "وَلَهٗ عِنْدَهٗ وَطِيْدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔
الْمِيْطَدَةُ۔ درمٹ۔
الْمُتَوَاطِدُ۔ مضبوط جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔
الْوَطْرُ۔ حاجت۔ مطلوب۔ ج اَوْطَارٌ۔ کہا جاتا ہے "قَضٰى مِنْهُ وَطَرَهٗ و اَوْطَارَهٗ" اس نے اپنی حاجت پوری کر لی۔
وَطَسَهٗ يَطِسُهٗ وَطْسًا۔ چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا — الشَّيْءَ :توڑنا۔ کوٹنا۔

تَوَاطَسَ۔ الْمَوْجُ : موجوں کا باہم ٹکرانا۔
الْقَوْمُ عَلَيَّ :بھیڑ کرنا۔
الْوَطَّاسُ۔ چرواہا۔
الْوَطِيْسُ۔ تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدانِ جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِيَ الْوَطِيْسُ یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ ج اَوْطِسَةٌ وَوُطُسٌ۔
الْوَطِيْسَةُ۔ معالجہ کی سختی۔
وَطْشَهٗ يَطِشُهٗ وَطْشًا۔ مارنا — هٗ عَنْ فُلَانٍ :ہٹانا۔ دور کرنا — الْحَدِيْثَ او الْخَبَرَ۔ کچھ بیان کرنا — الْكَلَامَ :وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَطَشَ لَنَا بِشَيْءٍ" اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔
وَطَّشَ الْحَدِيْثَ : کچھ بیان کرنا — لَهٗ : گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا — هٗ : تھوڑا سا دینا — الْقَوْمَ عَنْهُ :ہٹانا — فِيْهِ :اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ بِشَيْءٍ لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔
وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا۔ گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت اَوْطَفُ۔ مؤنث وَطْفَاءُ ج وُطْفٌ۔ وَطِفَ الْمَطَرُ :زور سے برسنا۔
وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا۔ شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔
الْوَطَفُ۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ" جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔
ظَلَامٌ اَوْطَفُ۔ سخت تاریکی۔ سَحَابٌ اَوْطَفُ : زمین سے قریب بادل۔ عَامٌ اَوْطَفُ فراخ سالی : عَيْشٌ اَوْطَفُ : خوشحال زندگی۔ سَحَابَةٌ وَظْفَاءُ : پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔
الْوَظْفَةُ۔ تھوڑے بال۔
الْوِطَاقُ۔ خیمہ۔ ج وِطَاقَاتٌ۔
وَطَمَهٗ يَطِمُهٗ وَطْمًا۔ روندنا۔ وَطَمَ الْبِسَاطَ : پردہ لٹکانا۔
وَطِمَ يَوْطَمُ وَطْمًا و وُطِمَ الرَّجُلُ :باز نہ آنا۔ روکنا۔
وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيْطَانًا بِالْمَكَانِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اقامت کرنا۔

وَطَنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ و اِتَّطَنَ و اِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ : وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهٗ عَلَى الْاَمْرِ و لِلْاَمْرِ : آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُهٗ عَلٰى كَذَا : اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔

وَاطَنَهٗ عَلَى الْاَمْرِ : کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔

الْوَطَن۔ جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان۔

الْمَوْطِن۔ وطن۔ میدان جنگ۔ ج مَوَاطِن۔

الْمِيْطَان۔ غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں۔ اور آخری جگہ کو مِيْتَاءُ و مِيْدَاءُ کہتے ہیں۔

وَطْوَطَ۔ کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔

الْوَطْوَاط۔ چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط و وَطَاوِيْط۔ الْوَطْوَاط : کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔

الْوَطْوَاطَة۔ جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔

وَطَّى تَوْطِيَةً الشَّيْءَ : پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔

تَوَطَّى۔ پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَا و تَوَطَّاَ میں ایک لغت ہے۔

وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرُ و عَلَى الْاَمْرِ : ہمیشگی کرنا۔ صفت وَاظِبٌ ( — وَظْبًا) الشَّيْءُ : رونا۔

وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَى الْاَمْرِ : مداومت کرنا۔ هٗ عَلٰى خِدْمَةِ فُلَانٍ : برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔

تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ : لگاتار پے در پے آنا۔

الْمِيْظَب۔ گول تیز پتھر۔

الْمَوْظُوْب۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔

وَظِرَ يَوْظَرُ وَظَرًا۔ موٹا اور پُر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ۔

وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيْرَ : پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا — الْقَوْمَ : پیروی کرنا۔ — الشَّيْءَ عَلٰى نَفْسِهٖ : لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔

وَظَّفَ۔ روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔ وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا : کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لیے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ اٰيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لیے مقرر کیں۔

وَاظَفَهٗ۔ موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔

اِسْتَوْظَفَ الشَّيْءَ : پورا لے لینا۔

الْوَظِيْف۔ گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُف و اَوْظِفَة۔ الْوَظِيْف : سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْاِبِلُ عَلٰى وَظِيْفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔

الْوَظِيْفَة۔ عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف و وُظُف۔ اور بسا اوقات منصب اور خدمت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِف" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔

الْوَغْوَغ۔ گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچے کے رونے کی آواز۔

وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّيْءَ : سب لے لینا۔

اَوْعَبَ اِيْعَابًا الشَّيْءَ : سب لے لینا۔ جمع کرنا — الْاَمْرُ : فارغ ہونا — الرَّجُلَ : پوری زبان کاٹ لینا — الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ : پورا داخل کر دینا — فِيْ مَالِهٖ : فضول خرچی کرنا — الْقَوْمُ : پوری قوم کا نکل جانا۔

اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّيْءَ : سب لے لینا۔ جڑ سے اکھیڑنا — الْحَدِيْثَ : پوری بات حاصل کرنا — الْمَكَانُ او الْوِعَاءُ الشَّيْءَ : گنجائش ہونا۔

الْوَعْب۔ کشادہ راستہ۔ ج وِعَاب۔

الْوَعِيْب۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ و وِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

الْمُوَعَّب۔ کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا و وَعَثًا و وُعُوْثًا يَوْعُثُ وَعُوْثَةً الطَّرِيْقُ : راستہ دشوار گزار ہونا — الْاَمْرُ : گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعِثٌ و وَعِثٌ وَمُوَعَّثٌ وَاَوْعَثُ۔

وَعِثَت تَوْعَثُ و عَثَا يَدُهٗ : ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ۔

وَعَّثَهٗ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ : باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ۔ سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا — الرَّجُلُ : خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا — فِيْ مَالِهٖ : فضول خرچی کرنا۔ الْمُتَكَلِّمُ گفتگو سے عاجز ہونا — الْاَمْرَ : بگاڑنا۔ فاسد کرنا — فُلَانًا : دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

الْوَعْث۔ مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُوْث۔

الْوَعْثَاء۔ مشقت۔ تھکن۔ ہر بُری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

الْوُعُوْث۔ سختی و برائی۔

الْمَوْعُوْث۔ ناقص حسب والا۔

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا وَعِدَةً و مَوْعِدًا و مَوْعِدَةً و مَوْعُوْدًا و مَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ : وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ : عمدہ فصل ہونے کی اُمید ہونا ( — وَعِيْدًا) الرَّجُلُ : دھمکی دینا — الْفَحْلُ : بڑبڑانا۔

اَوْعَدَهٗ اِيْعَادًا۔ وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَهٗ مُوَاعَدَةً۔ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا — هُ الْمَوْضِعَ او الْوَقْتَ : وعدہ پورا کرنے کیلئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ وَاتَّعَدَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهٗ۔ دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا۔ وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا — هُ : دھمکی دینا۔

اِيْتَعَدَ يَاتَعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ۔ اِتَّعَدَ میں ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهٗ۔ وعدہ کرانا۔

الْوَعْد۔ مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْد آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



العِدَّةُ۔وعدہ۔
المَوْعِد۔ مص - وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عمد۔ ج مَوَاعِد۔
المِيْعَاد۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنے مُوَاعَدَة ج مَوَاعِيْد۔
أمو عُوْد۔ مفع - اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْد : قیامت کا دن۔
وَعَزَ يَعِزُ وَعُزَ الْفُلَانُ : روکنا۔ ہٹانا ( — وَعْزًا و وُعُوْزًا و وَعِزَ يَوْعَزُ وَوَعِزَ يَعِزُ وَوُعُزًا يَوْعَرُ و عَارَةً و وُعُوْرَةً) المَكَانُ : سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْرٌ و وَعُرٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرٌ الْمَعْرُوْفِ" مرد کم احسان و کم خیر۔
وَعَّرَ المَكَانَ : سخت بنانا — الرَّجُلَ : روکنا۔ ہٹانا — المُتَكَلِّمَ : بات کاٹ دینا۔
أَوْعَرَ إِيْعَازًا بِهِ الطَّرِيْقُ : راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا — الرَّجُلُ : سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا — الشَّيْءَ : کم کرنا ( — و إِسْتَوْعَرَ) المَكَانَ او الطَّرِيْقَ : دشوار و سخت پانا۔
تَوَعَّرَ المَكَانُ : سخت ہونا — الأَمْرُ عَلَيَّ : سخت و مشکل ہونا — الرَّجُلُ : سختی کرنا — فِي الكَلَامِ سرگشتہ و متحیر ہونا — هُ فِي الكَلَامِ : حیران بنانا۔
الوَاعِر۔ فا۔ دشوار ( — والوَعْر) ج أَوْعُرٌ و وُعُوْرٌ و أَوْعَارٌ و وُعُوْرَةٌ۔ والوَعِيْر ج أَوْعَارٌ۔
الأَوْعَر۔ سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الوَعْر : خوفناک متوحش جگہ۔
الوَعْرِيَّ مِنَ الكَلَامِ : قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔
وَعِزَ يَعِزُ وَعْزًا و وَعَّزَ تَوْعِيْزًا و أَوْعَزَ إِيْعَازًا إِلَيْهِ فِي كَذَا أَنْ يَّفْعَلَهُ او يَتْرُكَهُ : آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔
وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّيْءَ : روندنا هُ الدَّهْرُ : تجربہ کار بنانا۔
أَوْعَسَ إِيْعَاسًا القَوْمُ : ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ أَوْعَسَتِ الإِبِلُ : اُونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔
وَاعَسَهُ۔ رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔
وَاعَسَتِ الإِبِلُ : چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔
الوَعْس۔ مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج أَوْعَاس۔
الوَعْسَة۔ ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔
الأَوْعَس۔ وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْس و أَوْعُس و ج أَوَاعِس۔
الوَعْسَاء۔ نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔
المَوْعِس۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔
المِيْعَاس۔ نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْس۔
المُوْعَس۔ چلا ہوا راستہ۔
الوِعَاط۔ سرخ یا زرد گلاب۔
وَعَظَه يَعِظُهُ وَعْظًا وَعِظَةً۔ نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاحِ اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔
اِتَّعَظَ۔ نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔
اَلوَعْظَةُ۔ وَعَظَ کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وَعْظَات۔
العِظَة۔ وعظ و نصیحت ج عِظَات۔
الوَاعِظ۔ فا۔ ج وَاعِظُوْنَ و وُعَّاظ۔
الوَعَّاظ۔ واعظ کا اسم مبالغہ۔
المَوْعِظَة۔ وعظ کا اسم ہے۔ وعظ و نصیحت ج مَوَاعِظ۔
وَعُفَ يَوْعُفُ وُعُوْفًا البَصَرُ : نگاہ کا کمزور ہونا۔
الوَعْف۔ سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف۔
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا و وُعَاقًا و وَعِيْقًا الفَرَسُ : گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ : جلدی کرنا۔
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً و تَوَعَّقَ و اِسْتَوْعَقَ کمینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ و وَعِقٌ و وَعْقَةٌ و وَعِقَةٌ۔
وَعَّقَهُ۔ مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمَعُ او الجَهْلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کر دیا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَوْعَقَهُ" وہ کس قدر جلد باز ہے۔
الوَعْقَة۔ اسم مرۃ۔ بدخلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے۔
الوُعَاق و الوَعِيْق۔ چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔
وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا و وَعْكَةً الحُرُّ : گرمی تیز ہونا۔ وَاعْكَنَهُ الحُمّٰى : تیز بخار چڑھنا۔ صفت مفعولی مَوْعُوْك — الرَّجُلُ : تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا ( — وَعْكًا) الشَّيْءَ : توڑنا ( — وَأَوْعَكَ) الشَّيْءَ فِي التُّرَابِ : مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔ أَوْعَكَتِ الإِبِلُ عِنْدَ الحَوْضِ : بھیڑ کرنا۔
تَوَعَّكَ : بخار چڑھنا۔
الوَعْك۔ مص ( — والوَعِك و المَوْعُوْك) بخار والا۔
الوَعْكَة۔ مص۔ وَعَكَ کا اسم مرۃ۔ ہوا کا زکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الحُمّٰى : بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الأَمْرِ : معاملہ کی سختی۔ وَعْكَةُ الإِبِلِ : اُونٹوں کے گلے۔
المَوْعُوْك۔ مفع۔ بخار والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلًا الرَّجُلُ : اوپر سے جھانکنا۔
تَوَعَّلَ الجَبَلَ : پہاڑ پر چڑھنا۔
إِسْتَوْعَلَ إِلَيْهِ : پناہ لینا۔ إِسْتَوْعَلَتِ الأَوْعَالُ : پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
الوَعْل و الوَعِل و الوِعِل۔ پہاڑی بکرا۔ ج أَوْعَال و وُعُوْل و وُعُلٌ و وَعِلَة و مَوْعَلَة : آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وِعِلَات و وِعَال الوَعْل : شریف۔ جائے پناہ۔ ج أَوْعَالٌ و وُعُوْلٌ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں "وَهُمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔

الوَعْلَة۔ پہاڑ میں بلند جگہ — مِنَ الْقَمِيْصِ قمیص کا تکمہ۔ وَعْلَةُ الْإِبْرِيْقِ :لوٹے کا دستہ۔

الْمُسْتَوْعِل۔ پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مَسْتُوْعِلَات۔

وعَمَ و وَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ : خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" وعَمَ بِالْخَيْرِ :نیکی کی خبر دینا۔

الوَعْم۔ مص۔ پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام۔

تَوَعَّمَ الشَّيْءَ : پورا لے لینا۔ تَوَعَّمَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔

الْوَعْثُ وَالْوَعْثَةُ۔ سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان۔ الوَعْثُ : جائے پناہ۔

وَعُوعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعًا الْكَلْبُ او ابْنُ آوٰی :بھونکنا — القَوْمُ :شور مچانا — القَوْمُ : قوم کو جھڑجھڑا دینا۔

الوَعْوَاع۔ مص۔ لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہو۔ بیہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز' دیدبان۔

الوَعْوَع۔ گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان۔ دیدبان ج وَعَاوِع۔ الوَعَاوِع : دلاور لوگ۔ الوَعْوَعِي :خوش طبع تیز خاطر۔

وَعٰى يَعِي وَعْيًا الشَّيْءَ : جمع کرنا — الْحَدِيْثَ : قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا — الْأُذُنُ : سننا — القَيْحُ فِي الْجُرْحِ : پیپ کا زخم میں جمع ہونا — الْجُرْحُ : زخم سے پیپ بہنا — العَظْمُ :ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔

أَوْعٰى إِيْعَاءً الْكَلَامَ أَوِ الشَّيْءَ :یاد کرنا۔ جمع کرنا — الزَّادَ و نَحْوَهُ : برتن میں رکھنا — الرَّجُلُ و عَلَيْهِ : بخل کرنا ( — واسْتَوْعٰى اِسْتِيْعَاءً الشَّيْءَ سارا لینا۔

الوَعْي۔ مص۔ پیپ ( — والوَعِي) شور۔ اور کہا جاتا ہے "مَالِي عَنْهُ وَعِيٌ" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "فَرَسٌ وَعِيٌ" مضبوط و قوی گھوڑا۔

الوِعَاء والوَعَاء۔ برتن ج أَوْعِيَة وجج أَوَاعٍ۔

الوَاعِي۔ فا۔ وَاعِي الْيَتِيْمِ :یتیم کا والی و نگہبان۔

الوَاعِيَة۔ وَاعِي کا مؤنث۔ آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے هُوَ أَوْعٰى مِنْ فُلَانٍ : وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ "وَهُوَ أَوْعٰى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا ہے۔

الوَعِيُّ۔ یاد کرنے والا۔ فقیہ۔

مَوْعِيُّ الرُّسْغِ :مضبوط کلائی والا۔

وَغُبَ يَوْغُبُ وَغَابَةً و وُغُوْبَةً الْجَمَلُ اُونٹ کا موٹا ہونا۔

الوَغْب۔ ردی سامان۔ موٹا اُونٹ۔ کمزور جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج أَوْغَاب و وِغَاب۔ مؤنث وَغْبَةٌ ( — والوَغَبَةُ) بیوقوف۔

وَغَدَ يَغِدُ وَغْدَ الْقَوْمَ :خدمت کرنا۔

وَغُدَ يَوْغُدُ وَغَادَةً۔ ضعیف العقل و کمینہ ہونا۔

وَاغَدَهُ مُوَاغَدَةً۔ کسی کے فعل کی نقل کرنا۔

وَاغَدَ فُلَانًا فِي السَّيْرِ :رفتار میں مقابلہ کرنا۔

الوَغْد۔ ضعیف العقل۔ بیوقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج أَوْغَادٌ و وُغْدَان و وِغْدَان۔ مؤنث وَغْدَةٌ۔ الوَغْد : جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔

وَغِرَ يَغِرُ وَغْرًا الْيَوْمُ : سخت گرم ہونا۔ وَغِرَتْهُ الشَّمْسُ : تیز دھوپ پڑنا ( — و وَغِرَ يَوْغَرُ و يَيْغَرُ وَغَرًا) صَدْرُهُ عَلٰى فُلَانٍ :غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

وَغَرَهُ تَوْغِيْرًا عَلَيْهِ : کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔

أَوْغَرَهُ إِيْغَارًا۔ غضبناک کرنا۔ أَوْغَرَ صَدْرَهُ غصہ سے بھڑکانا — المَاءَ :پانی گرم کرنا — هُ إِلٰى كَذَا : پناہ لینے پر مجبور کرنا — الخِنْزِيْرَ : سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا۔ "أَوْغَرَ الْمَلِكُ لِرَجُلٍ أَرْضًا وَأَوْغَرَهُ أَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا — القَوْمُ :گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔ أَوْغَرُوْا بَيْنَهُمْ مِيْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔

تَوَغَّرَ۔ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْر والوَغَر۔ مص۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الْجَيْشِ لشکر کا شور۔

الوَغْرَة۔ اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ فِي وَغْرَةِ الْهَاجِرَةِ" میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔

الوَغِيْر۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت ( — والوَغِيْرَة) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔

المِيْعَر۔ وقت معین۔ وعدہ۔

وَغَصَ تَوْغِيْصًا فِي الْإِنَاءِ :برتن میں بھرنا۔

وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا و وُغُوْفًا الْبَصَرُ : نگاہ کمزور ہونا — الرَّجُلُ :جلدی چلنا اور دوڑنا۔

أَوْغَفَ إِيْغَافًا الرَّجُلُ :جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدرِ کفایت کھانا کھانا۔

الْكَلْبُ : کتے کا ہانپنا — الطَّائِرُ : پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔

الوَغِيْق۔ چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز۔

وَغَلَ يَغِلُ وُغُوْلًا فِي الشَّيْءِ : داخل ہو کر چھپنا' جانا اور دُور جانا ( — وَغْلًا وَ وُغُوْلًا و وَغَلَانًا) عَلَى الْقَوْمِ :بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آگر پینا۔

أَوْغَلَ إِيْغَالًا فُلَانًا فِي كَذَا :داخل کرنا — فِي السَّيْرِ : تیز چلنا — فِي الْعِلْمِ و نَحْوِهِ : پوری طرح جدوجہد کرنا القَوْمُ :دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا ( — و توغل) فِي الْبِلَادِ :جانا اور دور تک جانا۔

الوَغْل۔ مص۔ ست فرومایہ کو تاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج أَوْغَال ( — والوَغِل) جھوٹا نسب کا دعوی کرنے والا۔ بدخوراک۔

الوَغَّال۔ وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔

المُوْغِل۔ جلدی داخل ہونے والا۔

وَغَمَهُ يَغِمُهُ وَغْمًا۔ مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالْخَبَرِ خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ إِلَى الشَّيْءِ :خیال جانا۔

وَغِمَ يَوْغَمُ وَغَمًا عَلَيْهِ : کینہ رکھنا۔

أَوْغَمَهُ۔ کینہ دلانا۔

تَوَغَّمَهُ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا ( — وَتَوَاغَمَ) الْأَبْطَالُ فِي الْحَرْبِ : سخت جنگ کرنا۔ اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الوَغْم۔ مص۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مقاتلہ۔ نفس۔ بیوقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام۔ رَجُلٌ وَّغْمٌ : کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا۔ جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ عَلَى الْمَعَاصِي : اصرار کرنا۔
الْوَغْنَة۔ کشادہ مٹکا۔
الْوَغْي والْوَغَى۔ شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا و وُفُوْدًا و وِفَادَةً و اِفَادَةً اِلٰى او عَلَى الْاَمِيْرِ : قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِد۔ ج وَفْدٌ و وُفُوْدٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ و اَوْفَادٌ۔
اَوْفَدَ اِيْفَادًا بلند ہونا — عَلَيْهِ : اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الْاِبِلُ او الطَّيْرُ : ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ : اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِي قِعْدَتِهٖ : غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) — هٗ : وفد بھیجنا۔
الْوَفْد۔ مص۔ وَافِد کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الْوَفْدُ : ریت کے ٹیلہ کی چوٹی۔ ج وُفُوْد و اَوْفَاد۔
الْوَافِد۔ فا — مِنَ الْاِبِلِ و نَحْوِهَا : سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔
الْوَفَّاد۔ بہت وفد والا۔
وَفَرَ يَفِرُ وَفْرًا و اِفْرَاوَفَّرَهُ الْمَالَ : زیادہ کرنا۔ پورا کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ : حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهٗ عِرْضَهٗ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو — عَطَاءَكَ : رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا — الثَّوْبَ : کپڑے کو کشادہ قطع کرنا — وَفْرًا و وُفُوْرًا وَفِرَةً و وُفْرَ يَوْفُرُ وَفَارَةً) الْمَالُ او الْمَتَاعُ : مال یا سامان بکثرت ہونا۔
وَفَّرَ تَوْفِيْرًا الشَّيْءَ : زیادہ کرنا — لِفُلَانٍ عِرْضَهٗ : حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا — الْمَالَ : کمی نہ کرنا — حِصَّةً مِنَ الْمَالِ : باقی رکھنا۔ عَلَيْهِ حَقَّهٗ : پورا حق دینا — الثَّوْبَ : کپڑا کشادہ قطع کرنا — لِفُلَانٍ طَعَامَهٗ : پوری خوراک دینا — اللّٰهُ حَظَّهٗ مِنْ كَذَا : کامل کرنا۔
اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ : زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔
تَوَفَّرَ عَلٰى كَذَا : ہمت صرف کرنا — عَلٰى صَاحِبِهٖ : حرمت و عزت کا پاس و لحاظ کرنا۔
تَوَافَرَ و اِتَّفَرَ الشَّيْءُ : زیادہ ہونا۔
اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ : پورا کرنا — الْحَقَّ : پورا حق لینا۔
الْوَفْر۔ مص۔ تونگری — مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ بہتات۔ کثرت۔ یا صرف مال و متاع ہی کے لیے نہیں بلکہ ہر چیز کیلئے عام ہے۔ ج وُفُوْرٌ۔
الْوَفْرَة۔ اسم مرۃ۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَار۔
الْوَافِر۔ فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔
الْوَافِرَة۔ وافر کا مؤنث۔ دنبہ کی بڑی چکی۔
الْاَوْفَر۔ کامل۔ تام۔ مکمل۔
الْوَفْرَاء۔ بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَّفْرَاء : پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَّفْرَاء : بڑا کان۔ اَرْضٌ وَّفْرَاء : بہت گھاس و نباتات والی زمین۔
قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ۔ بہت لوگ۔
الْمُوَفَّر۔ مفع۔ الْمُوَفَّرُ الشَّعَرِ : بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ عَلٰى اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔
الْمَوْفُوْر۔ مفع۔ مکمل چیز۔
اَوْفَزَهٗ اِيْفَازًا۔ جلدی کرانا۔
وَافَزَهٗ۔ جلدی کرنا۔
تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ : آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهٖ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔
اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِيْ قِعْدَتِهٖ : غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لیے تیار ہونا۔
الْوَفْز و الْوَفَز۔ جلدی ج اَوْفَاز و وِفَاز۔ مَكَانٌ وَفْزٌ : بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰى وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کیلئے تیار ہیں۔
اَوْفَضَ اِيْفَاضًا۔ تیز چلنا اور دوڑنا — هٗ : دھتکارنا — الْاِبِلَ : اُونٹوں کو جدا جدا کرنا — لِلرَّجُلِ : بیٹھنے کے لیے فرض بچھانا۔
اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا۔ تیز چلانا اور دوڑنا — الْاِبِلُ : اُونٹوں کا متفرق ہونا — جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔
الْوَفْض و الْوَفَض۔ مص۔ جلدی ج اَوْفَاض۔
الْوِفَاض۔ چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُض۔
الْوَفْضَة۔ اسم مرۃ۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے' چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاض۔
الْاَوْفَاض۔ لوگوں کی مختلف جماعتیں۔
نَاقَةٌ اَوْنَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ : تیز رفتار اونٹنی یا شتر مرغ۔
الْوَفْع۔ بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاع۔
غُلَامٌ وَّفَعٌ ج وِفْعَانٌ و وَفَعَةٌ و وَافِعَةٌ نوجوان لڑکا۔
الْوَفِيْعَة۔ قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔ الْوَفِيْعَة و الْوَفْعَة۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ الْوَفِيْعَة و الْوَفْعَة و الْوِفَاع : شیشی کی ڈاٹ۔
وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ : موافق پانا — الْاَمْرُ : موافق ہونا۔
وَفَّقَ الْاَمْرَ : موافق کرنا — هُ اللّٰهُ : درست کرنا — هُ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ : الہام کرنا — بَيْنَ الْقَوْمِ اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتَ لَهٗ : اس نے مجھے پالیا اس نے مجھ سے ملاقات کی۔
وَافَقَهٗ وِفَاقًا و مُوَافَقَةً۔ پانا — هُ فِي او عَلَى الشَّيْءِ : موافق ہونا — بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ دو چیزوں کو جوڑنا۔
اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهٗ : قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْفِقْ لِزَيْدٍ لِقَاءَنَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی۔
اَوْفَقَ السَّهْمَ و بِالسَّهْمِ : تیر چلانے کیلئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فَوْق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔
تَوَفَّقَ۔ کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔
تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ : ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ : اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهٗ : موافقت کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْاَمْرُ :واقع ہونا۔
اِسْتَوْفَقَ اِسْتِیْفَاقًا اللّٰہَ :اللہ سے توفیق مانگنا۔
الْوَفْقُ۔ مص - دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "کَسَبَہٗ وَفْقَ عِیَالِہٖ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لیے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَیْتُہٗ وَفْقَ طَلْعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔
التَّوْفِیْق۔ مص - تَوْفِیْقُ الْھِلَالِ و تَوَفَاقُہٗ و تَیْفَاقُہٗ و تِیْفَاقُہٗ و تَوَقُّفُہٗ و مِیْفَاقُہٗ :نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔
الرَّفِیْق۔ ہمراہی۔ ساتھی۔
المُوَفَّق۔ مص - کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّق" فلاں نیک آدمی ہے۔
وَفَلَ یَفِلُ وَفْلاً الشَّیْءَ :چھیلنا۔
وَفَّلَ تَوْفِیْلاً الشَّیْءَ :زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔
الوَفْل۔ مص - تھوڑی چیز۔
تَوَفَّنَ الشَّیْءُ :کم ہونا۔
الوَفْنَة۔ کمی۔
وَفَهَ یَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِیُّ :خادم گرجا ہونا۔
الوَافِہ۔ گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔
الوِفَاهَة۔ گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔
الوَفْهِیَّة۔ گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفٰی یَفِی وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ :پورا کرنا۔ محافظت کرنا — النَّذْرَ :نذر پوری کرنا — الشَّیْءُ :طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو — رِیْشُ الجَنَاحِ :بازو کے پروں کا پورا ہونا (— وُفِیًّا) الشَّیْءُ :کامل ہونا اور بڑھنا — الدِّرْهَم المِثْقَال :برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّیْءُ لَا یَفِی بِذَاکَ" یہ چیز اس کے برابر نہیں ہے۔
وَفّٰی تَوْفِیَةً۔ الرَّجُلُ حَقَّهٗ :پورا حق دینا۔
اَوْفٰی اِیْفَاءً بِالْوَعْدِ :پورا کرنا — النَّذْرَ نذر پوری کرنا — الْکَیْلَ :پورا ناپنا — فُلَانًا حَقَّهٗ :پورا حق دینا — المَکَانَ :آنا — عَلَی المَکَانِ :اوپر سے جھانکنا — عَلَی الْمِاَةِ :سو سے زائد ہونا — عَلَی الشَّیْءِ و فِی الشَّیْءِ :اوپر سے جھانکنا۔
وَافٰی مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهٗ :پورا حق دینا — الرَّجُلَ :آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الْحِمَامُ او الْکِتَابُ :موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافٰی تَوَافِیًا القَوْمُ :ساری قوم کا آنا۔
هَمَعَت (ف ن) هَمْعًا و هَمَعًا و هُمُوْعًا و هَمَعَانًا و تَهْمَاعًا العَیْنُ : آنسو بہنا۔اور هَمَعَتِ الْعَیْنُ بِالدَّمْعِ بھی بولا جاتا ہے وَهَمَعَ الطَّلُّ عَلَی الشَّجَرَةِ : شبنم گرنا۔هَمَعَ رَاسَهٗ : زخمی کرنا۔
اَهْمَعَ الدَّمْعُ ونَحْوُهٗ : آنسو بہنا — الطَّلُّ درخت پر شبنم گرنا۔
تَهَمَّعَ الرَّجُلُ : بتکلف رونا — الدَّمْعُ و نَحْوُهٗ : آنسو بہنا۔
اُهْتُمِعَ لَوْنُهٗ : رنگ بدل جانا۔
الهَامِعَة۔الهَامِع کا مؤنث ج هَوَامِع ذُمُوْعٌ هَوَامِعُ : بہنے والے آنسو۔
سَحَابٌ هَمِعٌ۔برسنے والا بادل۔عَیْنٌ هَمِعَةٌ : ہمیشہ روتی ہوئی آنکھ۔
الهَمُوْع۔بہنے والا۔
الهَیْمَع۔فوری موت۔
هَمَغَ (ف) هَمْغًا رَاسَهٗ : سر توڑنا۔
اِنْهَمَغَتِ الرُّطَبَةُ : تر کھجور کا پھٹ جانا — القَرْحَةُ : زخم کا ہرا ہونا۔
الهَیْمَغ۔موت یا فوری موت۔
الهَمِق۔نرم گھاس۔بہت گھاس۔خشک گھاس۔
المُهَمَّق۔پسا ہوا ستو۔
الهَمَقّی۔مضطربانہ چال۔
هَمَكَهٗ (ن) هَمْكًا فِی الْاَمْرِ : کسی کام کے لیے کسی پر زور دینا۔
تَهَمَّكَ وَانْهَمَكَ فِی الْاَمْرِ : کسی کام میں منہمک ہونا۔بے حد مصروف ہونا۔
اِهْمَاكٌ اِهْمِیْكَاكَا الرَّجُلُ : غصہ سے بھر جانا۔صفت مُهْمَئِكٌّ۔
هَمَلَتْ (ن ض) هَمْلًا و هَمَلَانًا و هُمُوْلًا عَیْنُهٗ : آنسو بہانا — السَّمَاءُ : آہستہ آہستہ لگاتار برسنا۔
هَمَلَتْ (ض) هَمْلًا الْاِبِلُ : بغیر چرواہے کے آزادانہ پھرنا۔صفت هَامِلٌ ج هَوَامِل و هَمُوْلَةٌ و هَامِلَةٌ و هَمَلٌ و هُمَّلٌ و هُمَّالٌ و هَمْلٰی۔
اَهْمَلَهٗ۔جان بوجھ کر یا بھولے سے چھوڑ دینا۔
اَهْمَلَ اَمْرَهٗ : اچھی طرح سے نہ کرنا — الحَرْفَ حرف پر نقطے نہ لگانا۔
اِنْهَمَلَتْ عَیْنُهٗ : آنسو بہانا — السَّمَاءُ : لگاتار برسنا۔
الهِمْل۔پیوند لگا ہوا کپڑا۔
الهَمَل مِنَ الْاِبِلِ : رات یا دن میں بغیر چرواہے کے چھوڑے ہوئے اونٹ۔اُتارا ہوا کھجور کا چھلکا۔بے روک کے بہنے والا پانی۔
الهَمَلّ۔چھوٹا مکان۔
الهِمِلّ۔عمر رسیدہ۔
الهُمَّال۔نرم، ویران زمین جس کو کوئی آباد نہ کرے۔
الهَمَالِیْل۔گھاس کا بقیہ۔پھٹا ہوا کپڑا۔
المُهْمَل۔مقم — مِنَ الْكَلَامِ : غیر مستعمل۔
مِنَ الْحُرُوْفِ : غیر منقوط حروف۔
هَمْلَجَ هَمْلَجَةَ الْبِرْذَوْنُ : تیز رفتاری کے ساتھ نرم چال چلنا۔عمدہ چال والا ہونا۔
الهِمْلَاج۔عمدہ چال کا ترکی گھوڑا۔ج هَمَالِیْج۔اور کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ هِمْلَاجٌ" تیز رفتاری کے ساتھ اچھی چال والا جانور۔مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔
الهَمَلَّع۔بے وفا آدمی۔تیز رفتار اونٹ۔تیز رفتار آدمی جو سختی سے قدم ڈالے۔بھیڑیا۔
هَمْلَقَ هَمْلَقَةً۔تیز چلنا۔
هَمْهَمَ هَمْهَمَةً۔آہستہ بولنا۔غم کی وجہ سے آواز کو سینہ میں پھرانا — الرَّعْدُ : بادل کا گرجنا۔
الهَمْهَام۔بہادر سخی سردار۔شیر۔
الهَمْهَامَة والهُمْهُمَة۔اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔
هَمْهَام۔مبنی علی الکسر : اسم فعل بمعنے کچھ باقی نہیں۔
الهَمْهَمَة۔مص۔گائے ہاتھی وغیرہ کی آواز۔ہر آواز جس میں کچھ گلوگر فتگی ہو ج هَمَاهِم۔
الهُمْهُوْم والهُمْهِیْم۔شیر۔الهُمْهُوْم : آواز لگانے والا۔ہوا کی وجہ سے چلنے والا بانس۔
الهِمْهِیْم : رینگنے والا گدھا۔
هَمَا یَهْمُو هَمْوًا الْمَاءُ او الدَّمْعُ : بہنے
هَمٰی یَهْمِی هَمْیًا و هُمِیًّا و هَمَیَانًا الْمَاءُ او الدَّمْعُ : پانی یا آنسو بہنا۔جاری ہونا۔هَمَتِ الْعَیْنُ : آنسو بہانا — الْمَاشِیَةُ : جانوروں کا چرنے کے لیے منتشر ہونا (— هَمْیًا) الشَّیْءُ : گرنا۔ضائع ہونا۔
الهَامِیَة۔اسم فاعل مؤنث ج هَوَامٍ هَوَامِی الْاِبِلِ : چراگاہ میں گم شدہ اونٹ۔
الهِمْیَان۔پیٹی۔وہ پیٹی جو تھیلی یا بٹوے کا کام دے ج هَمَایِیْن۔(دخیل)
هَنَّ (ض) هَنًّا و هَنِیْنًا۔رونا — اِلَیْهِ : مشتاق ہونا۔
اَهَنَّ الْجَمَلَ : قوی کرنا۔صفت مفعول مَهْنُوْن۔خلاف قیاس ہے جیسے اَحَمَّهٗ کا صفت مفعول مَحْمُوْمٌ۔قیاس کے مطابق مَهْنَّ و مُحَمٌّ آنا چاہیے تھا۔
الهَانَّة والهُنَانَة۔آنکھ کی پتلی کے نیچے کی چربی۔کہا جاتا ہے "مَابِهٖ هَانَّةٌ" یعنی اس کے اندر کچھ بھی خیر نہیں۔
الهَنَّانَة۔رونے والی عورت۔
هُنَا۔بشکیث الهَاء : دور کی جگہ کے لیے اشارہ۔وہاں۔اس جگہ۔اور کہا جاتا ہے "تَنَحَّ هَاهُنَا و هَاهُنَا و هَهُنَا" کچھ ہٹ جاؤ۔
هَنَأَهٗ یَهْنَؤُهٗ و یَهْنِئُهٗ هَنْأً۔کھانا اچھا لگنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



دینا — الابِلَ : اُونٹ پر قطران ملنا — الرَّجُلَ :مدد کرنا۔

هَنَأَ يَهْنَأُ و يَهْنُؤُ هُنْأً و هَنْأً و هَنَاءً الطَّعَامُ الرَّجُلَ وَلِلرَّجُلِ :خوشگوار ہونا۔کہا جاتا ہے "هَنَأَتْنِيهِ الْعَافِيَةُ" یعنی عافیت میرے لیے خوشگوار ہے۔اور عرب دعا کے موقع پر کہا کرتے تھے۔"لِيَهْنِئْكَ الْوَلَدُ" یعنی لڑکا تمہیں مبارک ہو۔

هَنَّأَهُ يُهَنِّأُهُ هَنْأً بِالْأَمْرِ :کسی سے "لِيَهْنِئْكَ" کہنا( —هَنْأً و هِنْأً و هَنَاءَةً) الطَّعَامَ :کھانا تیار کرنا۔درست کرنا۔

هَنِئَ (س) هَنَأً و هَنْأً بِهِ :خوش ہونا۔

— الطَّعَامَ :کھانے سے لطف اٹھانا۔لذت پانا۔اور کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا مِنْ هٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰى هَنِئْنَا مِنْهُ" اس کھانے کو ہم لوگوں نے کھایا یہاں تک کہ شکم سیر ہو گئے۔

هَنُؤَ يَهْنُؤُ هَنَاءَةً و هَنَأً و هَنْأً بغیر رنج و مشقت کے حاصل ہونا۔

هَنَّأَهُ تَهْنِئَةً و تَهْنِئَةً بِكَذَا :مبارکباد دینا۔

اَهْنَأَهُ اِهْنَاءً۔دینا۔

تَهَنَّأَ تَهَنُّؤًا بِهِ : خوش ہونا — بِالطَّعَامِ کھانے سے لطف اٹھانا۔لذت پانا۔

اِهْتَنَأَ اِهْتِنَاءً۔درست کرنا۔

اِسْتَهْنَأَهُ اِسْتِهْنَاءً۔مدد طلب کرنا۔عطیہ مانگنا

— الطَّعَامَ :خوشگوار سمجھنا۔

الْهَانِئ۔فا۔خادم۔

الْهِنَاء۔قطران (تارکول) کھجوروں کا گچھا۔

الْهِنْءُ۔قطران یعنی تارکول ملنا۔عطیہ۔رات کا حصہ۔

الْهَنِيءُ۔خوشگوار۔بلا مشقت کے حاصل ہونے والی چیز۔ابدال اور ادغام کر کے الْهَنِيُّ بھی کہنا جائز ہے۔کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ اَتَاكَ هَنِيْئًا" یہ بات تم کو بلا مشقت حاصل ہوئی "وَاَكَلْتُهُ هَنِيْئًا مَرِيْئًا" میں نے اس کو بغیر کسی مشقت کے بڑے مزے سے کھایا "وَهَنِيْئًا لَكَ" تمہارے لیے بغیر مشقت کے ہے۔

الْمَهْنَأُ۔بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔

هَنِبَتْ هَنَبَةً الرَّجُلُ :ڈھیلا ہونا۔سست ہونا۔

الْهَنْبَثَةُ۔مشکل کام۔قول میں گڑبڑی ج هَنَابِثُ۔الْهَنَابِثُ : مصیبتیں۔گڑبڑ معاملے۔گڈمڈ خبریں۔

الْهَنْبَذَةُ۔سخت کام۔ج هَنَابِذُ۔

الْهَنَابِيْرُ۔ریت کے بلند ٹیلے۔واحد هَنْبُوْرَةٌ (اور یہ نَهَابِيْر کا مقلوب ہے)

الْهِنْبِرُ۔گدھے کا بچہ۔بچو کا بچہ۔

الْهِنْبِرُ و الْهِنْبِرَةُ و الْهَنْبَرُ۔بچو۔

الْهِنْبِرَةُ هَنْبَرٌ کا مؤنث۔گدھی۔

الْهِنَّبُرُ۔بیل۔گھوڑا۔خراب چمڑا۔یا اس کا کنارہ۔

الْهُنْبُوْرُ۔ریت کا بلند ٹیلہ۔

هَنْبَسَ و تَهَنْبَسَ۔خبروں کی کھوج میں ہونا۔

هَنْبَصَ هَنْبَصَةً۔آہستہ ہنسنا۔

الْهِنْبِصُ۔ناکارہ و سست و حقیر مرد۔

رَجُلٌ هُنْبُصٌ — بڑے پیٹ والا مرد۔

الْهُنْبُعُ۔لڑکیوں کے لیے نقاب جیسی ایک چیز جس کے اگلے حصہ کو سی دیتے ہیں۔

هَنْبَعَ الرَّجُلُ :بھوکا ہونا — الْعَجَاجُ :غبار کا بہت ہونا اور اڑنا۔

الْهُنْبُغُ۔ذرا سی حرکت سے اڑنے والی خاک۔شیر۔بدکار یوقوف عورت۔بھوک کی سختی۔اور بھوک کی صفت میں کبھی واقع ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "جُوْعٌ هُنْبُغٌ و هِنْبَاغٌ و هُنْبُوْغٌ" یعنی سخت بھوک۔

هَنْبَلَ الرَّجُلُ :لنگڑا ہونا اور بچو کی طرح چلنا۔

هَنْتَبَ فِي اَمْرِهٖ :سستی کرنا۔

تَهَنَّجَ الْفَصِيْلُ :اُونٹ کے بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔

هَنْدَ الرَّجُلُ :اُلو کی طرح چیخنا — فِي الْاَمْرِ : کوتاہی کرنا — فُلَانًا :قبیح گالی دینا — زَيْدٌ :گالی برداشت کرنا اور گالی دینے والے کو گالی دینے سے باز رکھنا — السَّيْفَ تلوار تیز کرنا۔اور کہا جاتا ہے "مَا هَنَّدَ عَنِ الْاَمْرِ" وہ کام سے پیچھے نہیں ہٹا۔

هَنَّدَتْهُ الْمَرْاَةُ :نرمی اور ملاطفت سے اپنے عشق میں مبتلا کرنا۔اور کہا جاتا ہے "هَنَّدَتْ بِقَلْبِهٖ" وہ اس کے دل کو اُڑا لے گئی۔

هِنْدٌ و هُنَيْدَةُ۔سو یا سو سے زائد اونٹوں کا ریوڑ ج اُهْنُدٌ و اَهْنَادٌ و هُنُوْدٌ۔هند :عورت کا نام۔پھر عورتوں کیلئے علم جنس کے طور پر استعمال ہونے لگا جیسے زید عمرو مردوں کے لیے ج هُنُوْدٌ و هِنْدَاتٌ۔و الْهِنْد :ہندوستانی ملک کو بھی ہند کہتے ہیں۔اور نسبت کے لیے هِنْدِيٌّ ج هُنُوْدٌ۔اور بسا اوقات امریکہ کے اصلی باشندوں کو بھی هُنُوْدٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "لَقِيَ هِنْدَ الْاَحَامِسِ" یعنی وہ مر گیا۔

الْهِنْدُوَانِيُّ و الْهُنْدُوَانِيُّ۔ہند کی جانب منسوب۔کہا جاتا ہے "سَيْفٌ هِنْدُوَانِيٌّ" ہندی تلوار (اور یہ نسبت شاذہ ہے)

الْاَهَانِدُ و الْهَنَادِكُ۔ہندوستان کے مرد۔

الْمُهَنَّدُ۔ہندوستانی لوہے کی تلوار۔

الْهِنْدَبُ و الْهِنْدَبَاءُ و الْهِنْدِبَا و الْهِنْدِبَاءُ۔کاسنی۔

الْهِنْدَبَاةُ و الْهِنْدِبَاةُ۔ہندبا کا واحد۔

الْهِنْدَازُ۔حد و قیاس۔اندازہ۔کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ بِلَا هِنْدَازٍ وَلَا حِسَابٍ" اس نے اسے بلا اندازہ اور حساب کے دیا۔(دخیل)

الْهِنْدَازَةُ۔گز۔

الْمُهَنْدِزُ۔انجینئر۔

هَنْدَسَ هَنْدَسَةً۔عمارت کا اندازہ کرنا اور نقشہ بنانا۔

الْهِنْدِسُ مِنَ الرِّجَالِ : تجربہ کار۔دور اندیش۔

الْهَنْدَسَةُ۔مہ۔حد و قیاس۔اور اس کی اصل اندازہ فارسی زبان کا لفظ ہے۔جامیٹری۔

هُنْدُوْسُ الْاَمْرِ : کام کا جاننے والا۔ج هَنَادِسَةٌ۔

الْمُهَنْدِسُ۔انجینئر۔جامیٹری کا جاننے والا۔

الْهَنَادِكُ۔ہندوستان کے مرد (کاف تحقیر کے لیے ہے) واحد هِنْدِكِيٌّ۔

الْهَنْدَلِيْقُ۔بہت باتونی مرد۔

هَنْدَمَ الشَّيْءَ : بقدرِ تناسب ترتیب دینا۔مضبوط کرنا — الْعُوْدَ وَغَيْرَهُ : اندازہ سے درست کرنا۔

الْهِنْدَامُ۔قد کی خوبصورتی اور اعتدال۔

الْهَنْزَةُ۔کان کا گڑھا (یہ کلمہ شاذہ ہے اس وجہ سے کہ کلام عرب میں ایسا کلمہ کہ جس میں نون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے بغیر کسی فاصلہ کے راہو بہت کم واقع ہوتا ہے۔)

الْهَنِيْزَة۔ تکلیف ورنج۔

هَنَعَ (ف) هَنْعًا الشَّيْءَ: موڑنا۔ ڈھرا کرنا — لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ صفت هَانِعٌ ج هُنَّعٌ۔

هَنِعَ (س) هَنَعًا۔ پست گردن اور جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ صفت اَهْنَع۔

اِسْتَهْنَعَ الرَّجُلُ: جواب سے عاجز ہونا۔

الْهُنَاع۔ ایک قسم کی بیماری جو آدمی کی گردن میں ہوتی ہے۔

الْهَنَع۔ قد کا جھکاؤ۔ اُونٹ کی گردن کا جھکاؤ۔

الْهُنَاع۔ اَهْنَعُ کا مؤنث۔ نَعَامَةٌ هُنَاعٌ: پیچیدہ گردن کا شتر مرغ۔ اَكْمَةٌ هُنَاعٌ: چھوٹا ٹیلہ۔

الْهَنْعَة۔ هَنَعَ کا اسم مرۃ: اُونٹ کی گردن کی جڑ کا داغ۔ چاند کی ایک منزل جو صف بستہ پانچ ستاروں پر مشتمل ہے اور جَوْزَاء کے بائیں جانب واقع ہے۔

الْاَهْنَع۔ جھکے ہوئے قد والا۔ زین پر اِدھر اُدھر مائل ہونے والا۔

الْهَيْنَع۔ فاجرہ و بدکار عورت۔ ہر ایک سے اپنے بھید کو ظاہر کرنے والی عورت۔ بڑی ہنسنے والی عورت۔

هَنَّفَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ تیز چلنا۔

هَانَفَتْ مُهَانَفَةً وَ هِنَافًا الْمَرْاَةُ خَاصَّةً: مخول کرنے والے کی مانند ہنسا۔ هَنَّفَ فُلَانٌ صَاحِبَهٗ: باہم کھیل کود کرنا۔

اَهْنَفَ۔ مخول کرنے والے کی مانند ہنسا — الرَّجُلُ: تیز چلنا — الصَّبِيُّ: بچے کا زوانسا ہونا۔

تَهَنَّفَ۔ رونا۔

اَهْنَفَتِ الْمَرْاَةُ: بمعنے هَانَفَتْ۔

تَهَانَفَ۔ مخول سے ہنسا — الصَّبِيُّ: بچے کا زوانسا ہونا۔ تَهَانَفَ بِهٖ: تعجب کرنا۔

الْهُنُوْف۔ مسکراہٹ سے کچھ زیادہ ہنسی۔

الْهَنَق۔ بے آرامی۔ بے قراری۔

الْهَنَم۔ کھجوریا اس کی ایک قسم۔

الْهَيْنَم۔ روئی۔

الْهَيْنَمَة۔ نرم و پست آواز۔ ایک قسم کی ترکاری۔

الْهِنْو۔ وقت۔

الْهَنُ: بتخفیف النون و قد تَشَدَّدَ فِي الشِّعْرِ: ہر اسم جنس سے کنایہ کے لیے بمعنے شئ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا هَنُكَ" یہ تمہاری چیز ہے اور اس کی تصغیر هُنَيٌّ ہے۔ اور مؤنث هَنَة۔ اور اس کا لام کلمہ محذوف ہے بعض لغت میں وہ لام کلمہ ہاء ہے تو اس کی تصغیر هُنَيْهَة ہوگی۔ اور اسی سے ہے "اَمْكُثُ هُنَيْهَةً" یعنی تھوڑی دیر ٹھہرو۔ اور بعض لغت میں لام کلمہ واوٗ ہے تو اس کی تصغیر مؤنث کی صورت میں هُنَيَّة ہوگی اور اس کی جمع هَنَوَات اور کبھی جمع لفظ کے لحاظ سے ہوتی ہے تو کہتے ہیں هَنَات اور اس کا اعراب حروف سے ہے۔ حالتِ رفعی میں هَنُوْها اور نصبی میں هَنَاها اور جری میں هَنِيْهَا کہیں گے۔ اور هَنٌ کا تثنیہ هَنَانِ لفظ کے لحاظ سے اور هَنَوَان اصل کے لحاظ سے اور جمع هَنُوْن۔ اور کہا جاتا ہے "فِي فُلَانٍ هَنَاتٌ" فلاں کے اندر بڑی خصلتیں ہیں اور اس کا استعمال خیر میں نہیں ہوتا۔

الْهَنَا۔ خسیس و کمینہ نسب۔ وَهَنَا۔ بمعنی اَنَا۔ تم کہتے ہو هَنَا فَعَلْتُ بمعنے اَنَا فَعَلْتُ۔

هُنَا۔ اسم اشارہ ہے۔ مکان قریب کے لیے بمعنے یہاں۔ اور اس میں هَاء تنبیہ اور کاف خطاب لاحق ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے "هٰهُنَا" اور "هُنَاكَ" اور کاف خطاب کے ساتھ ساتھ لام بُعد بھی لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے هُنَالِكَ۔

هُنَا مَعْرِفَةً: کھیل کود۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْ هَنِيٍّ" یعنی وہ یہاں سے آیا۔

الْهَنَاة۔ مصیبت ج هَنَوَات۔

هَهْ۔ تذکرہ اور دھمکی کیلئے اسم صوت۔

هَهَّ (س) هَهًّا وَهَهَّةً۔ تلّانا۔ زبان رکنا۔

هُوَ۔ مفرد مذکر غائب کی ضمیر ہے اور تثنیہ کے لیے هُمَا جمع مذکر کے لیے هُمْ۔ مفرد مؤنث کے لیے هِيَ اور جمع کے لیے هُنَّ۔ واوٗ اور فا کے بعد هُوَ اور هِيَ کے هَاء کو ساکن کرنا بھی جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ فَهُوَ وَهِيَ وَفَهِيَ" اور لام کے بعد جیسے "اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْحَقُّ" مگر یہ قلیل ہے۔ اور کبھی اشعار میں ہمزہ استفہام کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے۔

الْهُوِيَّة۔ چیز یا شخص کی حقیقت جو صفات جوہری پر مشتمل ہو۔ اور یہ هُوَ کی جانب منسوب ہے۔

الْهُوْهُوْ۔ لفظ ہے جو مرکب ہے هُوَ مکرر سے اس کو اسم معرف بنالیا گیا ہے۔ اور اس کے معنے اتحاد بالذات کے ہیں۔

هَاءَ يَهُوْءُ هَوْءً اِ بِنَفْسِهٖ اِلَى الْمَعَالِي: بلند کرنا۔ هَاءَ بِخَيْرٍ اَوْ شَرٍّ وَهَاءَ بِهٖ خَيْرًا اَوْ شَرًّا: گمان کرنا یا تہمت لگانا۔ "هَاءَ بِفُلَانٍ" خوش ہونا اور کہا جاتا ہے "هَاءَ هَيْئَةً حَسَنَةً" وہ اچھی شکل وصورت پر ہوگیا۔

هَوِيَ يَهْوَى أَهْوَ اِ إِلَيْهِ: ارادہ کرنا۔

هَاءَ۔ کلمہ اجابت ہے۔ مبنی بر فتحہ ہے۔ کہا جاتا ہے "هَاءَ يَا رَجُلُ بِكَسْرِ الْهَمْزَة" یعنی لاؤ۔ اور اس میں هَاتِ کی گردان جیسی گردان ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هَاءِ هَاتِيَا هَاؤُا هَاءِي هَاتِيَا هَاتِيْنَ" ہمزہ هَاتِ کی تا کے قائم مقام ہے اور جب تم هَاءَ يَا رَجُلُ فتح ہمزہ کے ساتھ کہو گے تو اس وقت اس کے معنے ہوں گے۔ اے مرد لے۔ مذکر کی صورت میں "هَاءَ هَا وُمَا هَاؤُم" اور مؤنث کی صورت میں هَاء کسرہ کے ساتھ بغیر یاء کے۔ اور هَاؤُمَا هَاؤُنَّ۔ اور تم کہہ سکتے ہو هَاكَ هَاكُمَا هَاكُمْ هَاكِ هَاكُمَا هَاكُنَّ۔ کاف ہمزہ کے قائم مقام ہے۔

الْهَوْء۔ مصـ۔ ہمت۔ رای صائب' ارادہ۔ گمان۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ كَذَا فِي هَوْنِيْ او هُوَيْنِيْ" میرے گمان میں ایسا واقع ہوا۔

الْهَوْب۔ ذوری۔ بگولہ اٹھانے والا۔ بگولہ۔ آگ کی بھڑک۔

الْهَوْبَر۔ سوسن یا سرخ سوسن۔ چیتا۔ بہت بالوں والا بندر۔

نَاقَةٌ مَهْوَبَرَة۔ بہت گوشت والی اونٹنی۔

اُذُنٌ مَهْوَبِرَةٌ وَ مُهَوْبَرَةٌ۔ کان جس پر بال یا اون ہو۔

هَوَّتَ بِهٖ تَهْوِيْتًا۔ چلانا — فُلَانٌ: پست زمین میں آنا۔

الْهُوْتَة والْهَوْتَة۔ پست زمین۔ ڈھلوان راستہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جو پانی کی طرف جاتا ہو۔ ج هُوَت۔
الْهَوْثَة۔ پیاس۔
هَوِجَ يَهْوَجُ هَوَجًا۔ لمبا بیوقوف۔ جلد باز ہونا۔ صفت اَهْوَج۔
اَهْوَجَة۔ لمبا بیوقوف جلد باز پانا۔
تَهَوَّجَ الْحَرُّ: شدت سے گرمی پڑنا۔
الْهَوْجَاء۔ الْاَهْوَج کا مؤنث۔ تیز رفتار اونٹنی (اونٹ کو اَهْوَج نہیں کہتے) الْهَوْجَاء مِنَ الرِّيَاحِ: تیز آندھی ج هُوْج۔ کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهَا هُوْجُ الرِّيَاحِ" تیز آندھیوں نے اس کے ساتھ کھیل کود کیا۔ ضَرْبَةٌ هَوْجَاء ایسی مار جس کا اثر جوف تک ہو۔
الْاَهْوَج۔ بہادر جنگ آزمودہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَجُ الطُّوْلِ" وہ بہت لمبا ہے۔
هَوْجَلَ۔ الرَّجُلُ: تھوڑا سا سونا۔ بے نشان راستہ پر چلنا۔
الْهَوْجَل۔ بے نشان دُور کا بیابان' بے نشان راستہ' ایسی زمین جس میں کچھ پتہ نہ چلے' سست' بیوقوف' بدکار عورت' لمبی رات' اونٹ کا بقیہ' کشتی کا لنگر' ماہر رہبر' سست رفتاری' اور کہا جاتا ہے "مَشْيٌ هَوْجَلٌ" ڈھیلی ڈھالی چال۔
هَادَ يَهُوْدُ هَوْدًا۔ توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَادَ الْمُذْنِبُ اِلَى اللّٰهِ" گنہگار نے توبہ کی۔ صفت هَائِد۔ ج هُوْدٌ — فُلَانٌ: یہودی بننا (— تَهْوَادًا) نرم آواز سے بولنا — فِي الْمَنْطِقِ نرمی اور آہستگی سے بولنا۔
هَوَّدَ تَهْوِيْدًا۔ نرمی کے ساتھ گلے میں آواز پھرانا۔ گانا۔ آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کے چلنا۔ کوہان کا گوشت کھانا — فُلَانًا: یہودی بنانا۔ طرب میں ڈالنا۔ کھیل کود میں ڈالنا — الشَّرَابُ فُلَانًا: مست کرنا — فُلَانٌ فِي الْمَنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا — فِي السَّيْرِ: دیر کرنا۔ هَوَّدَ: سونا۔
هَاوَدَهُ مُهَاوَدَةً۔ ایک دوسرے کو مائل کرنا۔ صلح کرنا۔ باہم وعدہ کرنا۔
تَهَوَّدَ تَهَوُّدًا۔ توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ یہودی ہونا — فِي الْمَنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

الْهَوَادَة۔ نرمی۔ وہ چیز جس سے قوم کے درمیان بھلائی کی امید کی جائے۔ تخفیف و سہولت۔ میلان۔ اور اسی سے ہے "لَا بَعْثَنَكَ اِلَى رَجُلٍ لَا تَاْخُذُهُ فِيْكَ هَوَادَةٌ" میں تم کو ایسے شخص کے پاس بھیجوں گا جس کو تمہارے بارے میں کوئی میلان نہ ہوگا۔
الْهُوْد۔ یہود — هَائِد کی جمع۔
هُوْد۔ ایک نبی (علیہ السلام) کا اسم گرامی۔ وَقَوْمُ هُوْدٍ قوم عاد۔
الْهَوَدَة والْهُوْدَة۔ کوہان ج هَوَد۔
التَّهْوِيْد۔ مص۔ ریت میں ہوا کی سائیں سائیں کی آواز۔
التَّهْوِيْد والتَّهْوَاد۔ کمزور و نرم آواز۔ التَّهْوَاد: نرمی وملائمت۔
يَهُوْدُ۔ یہودی۔ علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور اس پر الف لام داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے الْيَهُوْد۔
الْيَهُوْدِيُّ۔ الیہود کا واحد۔
الْيَهُوْدِيَّة۔ یہودن۔ بیت المقدس اور اس کے اردگرد کا علاقہ۔
الْمُهَاوَدَة۔ مص۔ مراجعت۔
الْمُهَوِّد۔ فا۔ کھیل کود طرب میں ڈالنے والا۔
اَهْوَد۔ پیر کا دن۔ دوشنبہ۔
الْهَوْدَج۔ ہودہ ج هَوَادِج۔
الْهَوْدَع۔ شتر مرغ۔ واحد هَوْدَعَة۔
الْهَوْدَك۔ موٹا۔ مؤنث هَوْدَكَة۔
هَوْذَا۔ هُوَ مبتدا اور ذا خبر سے مرکب ہے اور کبھی اس پر حاء تنبیہ داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاهَوْذَا"
الْهَاذَة۔ ایک قسم کا درخت ج هَاذٌ۔
الْهَوْذَة۔ سنگ خوار پرندہ ج هَوْذ۔
الْيَهُوْذِيُّ۔ یہودی۔
هَارَ يَهُوْرُ هَوْرًا فُلَانًا بِاَمْرٍ: تہمت لگانا — هُ بِكَذَا: گمان کرنا۔ خیال کرنا — هُ عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا — هُ عَلَى الشَّيْءِ: برانگیختہ کرنا — فُلَانًا: دھوکا دینا۔ پچھاڑنا — الشَّيْءَ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا — الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا — الْبِنَاءُ: عمارت منہدم ہونا۔ شکستہ و ویران ہونا (— هَوْرًا و هُوُوْرًا) الْبِنَاءُ: عمارت کا پھٹ جانا۔ صفت هَائِر اور هَارٍ بھی کہا جاتا ہے جیسا شَائِكُ السِّلَاحِ میں شَاكِيْ السِّلَاح۔
هَوَّرَ تَهْوِيْرًا۔ پچھاڑنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔
تَهَوَّرَ تَهَوُّرًا و تَهَيَّرَ و تَهَيُّرًا الْبِنَاءُ: عمارت کا منہدم ہونا۔ گرنا — الرَّجُلُ: لاپروائی سے کسی کام میں گھس پڑنا — الْوَغْدُ النَّاسَ: بغاوت پھیل جانا — اللَّيْلُ: گزر جانا یا اکثر حصہ گزر جانا — الشِّتَاءُ: جاڑے کا قریب قریب ختم ہونا۔
اِنْهَارَ انْهِيَارًا الْبِنَاءُ: عمارت شکستہ و ویران ہونا۔ گرنا — الْخَرْقُ: پھٹنا اور گرنا۔
اِهْتَوَرَ اِهْتِوَارًا الشَّيْءُ: ہلاک ہونا۔
الْهَوْر۔ مص۔ چھوٹا سمندر جس میں ندی نالوں کا پانی آجانے سے وسعت پیدا ہو جائے ج اَهْوَار۔
الْهَوْر: بکریوں کا ریوڑ اس وجہ سے کہ وہ بھی کثرت کی وجہ سے ایک دوسرے پر گرتی ہیں۔
خَرْقٌ هَوْرٌ: کشادہ بطن۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَارٍ وهَارٌ: زمانہ کی سختی کی وجہ سے کمزور مرد۔
الْهَوَارَة۔ ہلاکت کی جگہ ج هَوَارَات۔
الْهُوْرَة۔ تہمت اور گمان اور یہ هَارَةٌ کا اسم ہے۔
الْهَيَّار۔ کمزور۔
الْهَيِّر۔ بے باکی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔
التَّيْهُوْر۔ ریت کے تودہ سے گری ہوئی ریت۔ پست زمین۔
هَوَّزَ تَهْوِيْزًا۔ مرنا۔
الْهُوْز۔ آفرینش پیدائش۔ تم کہتے ہو "مَا فِي الْهُوْزِ مِثْلُكَ" مخلوق میں تمہارے مانند کوئی نہیں۔ "وَمَا اَدْرِيْ اَيُّ الْهُوْزِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون مخلوق ہے۔
هَوَّزَ۔ حساب جمل کے حروف کا دوسرا مجموعہ۔
الْاَهْوَاز۔ بصرہ اور فارس کے درمیان کا ایک علاقہ جو نو آبادیوں پر مشتمل ہے' ہر آبادی کا علیحدہ علیحدہ نام ہے اور ان سب کے مجموعہ کو اَهْوَاز کہتے ہیں۔ اور ان آبادیوں میں سے ایک کو هُوْز نہیں کہتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْهَوْزَب۔ گدھ۔ مضبوط و قوی اونٹ۔
الْهَوْزَن۔ غبار۔
هَاسَ يَهُوْسُ هَوْسًا الشَّيْءَ : کوٹنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَلَ عَلَى الْعَسْكَرِ فَدَاسَهُمْ وَهَاسَهُمْ" اس نے لشکر پر حملہ کیا اور ان کو تتر بتر کر دیا — بِاللَّيْلِ : رات میں گھومنا پھرنا — الطَّعَامَ : بہت کھانا — الْإِبِلُ : اونٹوں کو آہستہ ہانکنا — الرَّجُلُ : زمین پر سخت ٹیک لگاتے ہوئے چلنا — الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ : بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی پھیلا دینا — حَوْلَ الشَّيْءِ : رد و گھومنا۔
هَوِسَ يَهْوَسُ هَوَسًا الْقَوْمُ : حیرت و اضطراب میں پڑنا — فُلَانٌ : ہوس والا ہونا (دیکھئے لفظ هوس)
هَوَّسَهُ۔ ہوس پر اُبھارنا۔ کوٹنا۔
تَهَوَّسَ۔ ہوس والا ہونا۔ نرم زمین میں سخت چال چلنا۔
الْهَوَس۔ مص۔ جنون کی ایک قسم۔ سکی عقل۔ اور کہا جاتا ہے "بِرَأْسِهِ هَوَسٌ" اس کے سر میں چکر ہے۔
الْهَوَّاس و الْهَوَّاسَة۔ رات میں گھومنے والا شیر۔ تجربہ کار بہادر۔ رَجُلٌ هَوَّاسٌ : بہت کھانے والا مرد۔
الْهَوِيس۔ فکر۔ وہ چیز جس کو تم اپنے دل میں چھپاؤ۔
الْأَهْوَس۔ ہوس والا۔ بہت کھانے والا مؤنث هَوْسَى : کہا جاتا ہے "النَّاسُ هَوْسَى وَالزَّمَانُ أَهْوَس" یعنی لوگ زمانہ کی لذیذ اور پاکیزہ چیزوں کو کھاتے ہیں اور زمانہ لوگوں کو کھا جاتا ہے۔
الْمُهَوَّس۔ مفع۔ رَجُلٌ مُهَوَّسٌ : خود بخود باتیں کرنے والا۔
هَاشَ يَهُوْشُ هَوْشًا الْمَالَ : حرام طریقہ سے جمع کرنا — الْقَوْمُ : مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ قوم کے درمیان فتنہ واقع ہونا — أَهْلُ الْحَرْبِ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ : بعض کا بعض کی طرف اٹھنا — هَاشَتِ الْخَيْلُ فِي الْغَارَةِ : بدکنا' اِدھر اُدھر ہونا۔ صفت هَوَائِش۔
هَوِشَ يَهْوَشُ هَوَشًا۔ مضطرب ہونا۔ اور بقول بعض لاغری کی وجہ سے چھوٹے پیٹ والا ہونا — الْقَوْمُ : مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
هَوَّشَ تَهْوِيشًا الشَّيْءَ : ملانا۔ هَوَّشَتِ الرِّيْحُ بِالْغُبَارِ : ہوا کا طرح طرح کا غبار اُڑا کے لانا — الْقَوْمَ : فتنہ اور اختلاف ڈالنا — الشَّيْءَ : اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
هَاوَشَهُمْ مُهَاوَشَةً۔ باہم ملنا۔
تَهَوَّشَ الْقَوْمُ تَهَوُّشًا و تَهَاوَشُوْا تَهَاوُشًا۔ ملنا۔ تَهَوَّشُوْا عَلَى فُلَانٍ : جمع ہونا۔
الْهَائِش۔ فا۔ هَوْشٌ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْهَوْشِ الْهَائِشِ" وہ بہت تعداد میں لایا۔
الْهَوْش مص۔ پیٹ کا خالی ہونا۔ عدد کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْهَوْشِ وَالْبَوْشِ" وہ لوگوں کی بڑی جماعت لے کر آیا۔
الْهَوْشَة۔ اسم مرۃ۔ مخلوط جماعت۔ فتنہ و اضطراب۔ ج هَوْشَات۔ اور کہا جاتا ہے "إِيَّاكُمْ وَ هَوْشَاتِ اللَّيْلِ" اپنے آپ کو رات کے حوادث اور مکروہات سے بچاؤ۔ "وَاتَّقُوْا هَوْشَاتِ السُّوْقِ" اس سے بچو کہ بازار میں کوئی تمہارے ساتھ حیلہ کر کے تمہارا مال چُرا لے۔
الْهَوْشَات۔ لوگوں کی جماعتیں۔ اونٹوں کے ریوڑ۔ مال حلال و حرام جمع کیا ہوا۔
الْهَوِيشَة۔ مخلوط جماعت۔
التَّهَاوِش۔ مال حرام۔
الْمَهَاوِش۔ حرام طریقہ سے جمع کیا ہوا مال۔
هَاعَ يَهَاعُ هَوْعًا۔ سبک ہونا اور گھبرانا — الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ : ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا (— يَهَاعُ وَيَهُوعُ هَوْعًا) الرَّجُلُ : بغیر تکلف کے قے کرنا۔ اسم الْهَوْع و الْهَوَاع و الْهَيْعُوْعَة۔
هَوَّعَ تَهْوِيعًا الرَّجُلَ مَا أَكَلَهُ : قے کرانا اور تہویل کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَاهَوَّعَ عَنْهُ مَا أَكَلَهُ" جو کچھ اُس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔
تَهَوَّعَ تَهَوُّعًا۔ تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَهَوَّعَ الْقَيْءَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "وَتَهَوَّعَ نَفْسَهُ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔
الْهَوَاع و الْهُوَاعَة۔ قے۔ الْهُوَاع : مادہ ذی تعدد هُوَاعَات و أَهْوِعَة۔
الْهَاع۔ حیص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٍ وَ هَاعٌ" یعنی لالچی مرد (اور یہ هَانِع کا مقلوب ہے)
الْهَوْع۔ مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔
الْهَوْع و الْهُوْع۔ دشمنی۔
الْمِهْوَع و الْمِهْوَاع۔ لڑائی میں چلانے والا۔
الْهَوْع۔ بہت چیز۔
الْهَوْف و الْهُوْف۔ گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔
الْهُوْف : خیر و برکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔
الْهَوْقَة۔ جماعت۔ گروہ۔
هَوِكَ يَهْوَكُ هَوَكًا۔ احمق ہونا۔ صفت هَوْك۔
هَوَّكَ تَهْوِيكًا۔ گڑھا کھودنا۔ هَوَّكَهُ : بیوقوف بنانا۔
تَهَوَّكَ تَهَوُّكًا و انْهَاكَ انْهِيَاكًا۔ حیران ہونا اور لاپروائی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔
الْهَوْك و الْهَوَك و الْأَهْوَك و الْهَوِكُّ و الْيَهْكُوْك۔ بیوقوف جس میں تھوڑی سی عقل بھی ہو۔
الْهَوَك۔ مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بیوقوفی۔
الْهُوْكَة۔ گڑھا۔
الْهَوَّاك۔ حیران و سرگشتہ۔
الْهَوَّاكَة۔ هَوَّاك کا مؤنث۔ أَرْضٌ هَوَّاكَةٌ و هَوِكَة : زمین شور۔
الْأَهْكَاء۔ متحیر لوگ۔
الْمُتَهَوِّك۔ حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔
هَالَ يَهُوْلُ هَوْلًا الْأَمْرُ فُلَانًا : گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔
هِيْلَ هَوْلًا السَّكْرَانُ : حالت نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "هِلْتُ مِنْهُ" میں اس سے گھبرایا۔
هَوَّلَهُ تَهْوِيلًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ هَوَّلَتِ الْمَرْأَةُ : لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔
هَوَّلَ الْأَمْرَ : بُرا دکھانا — عِنْدِي الْأَمْرَ :

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



خوفناک بنانا — اَلْقَوْمُ عَلَى الرَّجُلِ بِكَذَا: گھبرادینا — عَلَى الرَّجُلِ: حملہ کرنا۔
تَهَوَّلَ تَهَوُّلاً الرَّجُلُ: خوفناک ہونا — مَالَهُ: نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔
اِهْتَالَ اِهْتِيَالاً۔ گھبرانا۔ تم کہتے ہو "هِلْتُهُ فَاهْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔
اِسْتَهَالَ يَسْتَهِيلُ فُلَانٌ الْاَمْرَ: خوفناک پانا۔ بعض لوگ۔ "يَسْتَهْوِلُهُ" کہتے ہیں مگر جید لغت "يَسْتَهِيلُهُ" ہی ہے۔
الْهَائِل۔ گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ مِنَ الْاُمُوْرِ: خوفناک۔ تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ هَائِلٌ" مانند "لَيْلٌ لَائِلٌ" کے۔
الْهَال۔ سراب۔
الْهَوْل۔ مص۔ خوف۔ ج اَهْوَال و هُوُوْل۔
اَبُو الْهَوْل۔ ایک شاعر کا نام۔ اہرام مصر کے قریب ایک مجسمہ۔
الْهَالَة۔ چاند کا کنڈل۔
الْهُوْلَة۔ خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گند ھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلانی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔
الْهَيْلَة۔ کسی کام کا خوف۔
اَلْهَاوِيْل۔ سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد تَهْوِيْلٌ۔ تَهَاوِيْلُ الرَّبِيْعِ: موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔
اَلتَّهْوِيْل۔ مص۔ ڈرانے کی چیز۔
الْمَهَال و الْمَهِيْل۔ خوفناک جگہ۔
الْمُهُوْل۔ خوفناک۔
الْمُهَوَّل۔ فا۔ اور تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ مُهَوَّلٌ"
اَلْمُهَوِّل: قسم کھلانے والا۔
هَوَّمَ تَهْوِيْمًا و تَهَوَّمَ تَهَوُّمًا۔ اونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔
الْهُوَام۔ سخت پیاس۔
الْهَوْم۔ پست زمین۔ ہلکی نیند۔ هَوْمُ الْمَجُوْسِ چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس کو هَوْمُ الْمَجُوْس اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔
الْهَامَة۔ ہر چیز کا سرا۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردار قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج هَامٌ و هَامَاتٌ۔ الْهَامَة: ایک چھوٹی قسم کا اُلو جس کو "الصدی" بھی کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "هٰذَا هَامَةُ الْيَوْمِ او غَدٍ" یعنی وہ آج یا کل مرجائے گا "و اَصْبَحَ فُلَانٌ هَامَةً" فلاں مر گیا۔ بَنَاتُ الْهَامِ: دماغ کا مغز۔
الْهِيْم۔ ریگستان جو کبھی سیراب نہ ہوتے ہوں۔ قَوْمٌ هِيْمٌ: پیاسے لوگ۔
الْهَوْمَاة و الْهَوْمَة۔ بے آب و گیاہ میدان۔
الْهَوَّام۔ شیر۔
الْاَهْوَم۔ بڑے سر والا۔
هَانَ يَهُوْنُ هَوْنًا الْاَمْرُ عَلَى فُلَانٍ: نرم و آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُنْ عِنْدِيَ الْيَوْمَ" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو اور آرام کرو۔
هَانَ يَهُوْنُ هُوْنًا و مَهَانًا و مَهَانَةً الرَّجُلُ: ذلیل و حقیر ہونا۔ کمزور اور مسکین ہونا۔
هَوَّنَ تَهْوِيْنًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: نرم و ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَوِّنْ عَلَيْكَ" کوئی پروانہ کر۔ هَوَّنَ الشَّيْءَ: ہیچ سمجھنا۔
هَاوَنَ مُهَاوَنَةً نَفْسَهُ: نرمی کرنا۔
اَهَانَهُ اِهَانَةً۔ حقیر و ہیچ سمجھنا۔
تَهَاوَنَ بِهِ تَهَاوُنًا و اِسْتَهَانَ بِهِ اِسْتِهَانَةً۔ حقیر سمجھنا۔ استہزاء کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔
اِهْوَ اَنَّتْ اِهْوِنَّانًا الْمَفَازَةُ: بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا۔
الْهَاوَن و الْهَاوُن و الْهَاوُوْن۔ دوا وغیرہ کوٹنے کا ہاون ج هَوَاوِيْن۔
الْهَوْن۔ مص۔ سکون و وقار۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَى هَوْنِكَ" یعنی اپنی روش پر چلو۔ "وَهٰذَا شَيْءٌ هَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے "اَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَا" اپنے دوست سے دوستی کرو جس میں افراط نہ ہو۔
الْهُوْن۔ مص۔ رسوائی۔ قرآن میں ہے "فَاَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ" مخلوق۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الْهُوْنِ هُوَ" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے۔
الْهُوْنَة۔ تسکین۔ صلح۔ ج هُوَن (— و الْهُوْنَة) آہستگی سے کام کرنے والی عورت۔
الْهِيْنَة۔ اسم نوع۔ سکون۔ وقار۔ کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلَى هِيْنَتِكَ نرمی سے چلو۔
الْهُوَيْنَا۔ نرمی و ملائمت۔ اور یہ هُوْنٰى کی تصغیر ہے اور هُوْنٰى اَهْوَن کی تانیث ہے۔
الْهَيِّن و الْهَيْن۔ نرم۔ کمزور۔ ذلیل۔ آہستہ کار۔ ج اَهْوِنَاء و هَيِّنُوْن و هَيْنُوْن و مؤنث هَيِّنَةٌ و هَيْنَةٌ ج هَيِّنَاتٌ و هَيْنَاتٌ۔
الْاَهْوَن۔ اسم تفضیل۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ" وہ اس پر آسان ہے۔
الْمُهْوِيَّةُ و الْمُهْوَانُ۔ دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مُهْوِيَّات۔
الْمِهْوَان۔ بہت نرم۔ ج مَهَاوِيْن۔
الْمَهَانَة۔ رسوائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِيْهِ مَهَانَةٌ" کمزور و ذلیل مرد۔
تَهَوَّةَ الرَّجُلُ: دور مند ہونا۔
الْهُوْهَة و الْهَوَاهِيَة۔ بزدل۔
الْهَوَاهِي۔ واہی تباہی باتیں۔
الْهَوْهَاءَة۔ بیوقوف (— و الْهَوْهَا) کنواں جس میں اُترنے والے کے لیے کوئی سہارا نہ ہو۔
رَجُلٌ هَوْهَاة۔ کمزور دل۔ بیوقوف۔
الْهُوُّ۔ جانب۔ کنارہ۔ روشندان۔
الْهُوَّة۔ پست زمین۔ گہرا گڑھا۔ فضاء آسمانی۔ ج هُوًى و هُوُوٌّ و هُوِيٌّ۔
الْهُوَّاءَة۔ پست زمین۔ گہرا گڑھا۔
هَوَتْ تَهْوِيْ هُوِيًّا الطَّعْنَةُ: نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا — الْعُقَابُ: عقاب کا شکار وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا — يَدِيْ لَهُ: ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا — الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا — النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ هوی الرَّجُلُ: مرنا — فِي السَّيْرِ: گرنا — فِي الْاَرْضِ: جانا۔
هَوِيَ يَهْوِي هَوِيًّا و هُوِيًّا و هَوَيَانًا الشَّيْءُ:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اُوپر سے نیچے گرنا۔ بلند ہونا۔ اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ هَوِیَ بِفَتْحِ الْهَاءِ ارتفاع کے لیے اور الْهُوِیُّ انحدار کے لیے۔ هَوَتِ الْأُمُّ ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا گم کرنا۔ صفت هَاوِیَةٌ۔

هَوَی یَهْوِیْ هُوَّةً۔ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔

هَوَتْ تَهْوِیْ هَوِیًّا الْأُذُنُ: کان کا سنسنانا۔

هَوِیَهُ یَهْوَاهُ هَوًی۔ محبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ صفت هَوٍ۔

هَاوَاهُ مُهَاوَاةً وَهِوَاءً۔ مدارات کرنا۔ هَاوَیٰ فُلَانٌ: تیز چلنا۔

اَهْوَیٰ اِهْوَاءً۔ الشَّیْءُ: گرنا۔ اَهْوَتْ یَدِیْ لَهٗ: ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَهْوَیٰ اِلَیْهِ بِیَدِهٖ لِیَاْخُذَهٗ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے۔ اور اس کی اصل "اَهْوَیٰ یَدَهٗ اِلَیْهِ" ہے۔ یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا۔ اور کہا گیا ہے "اَهْوَیْتُ بِالشَّیْءِ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا۔ "وَاَهْوَیْتُ لَهٗ بِالسَّیْفِ فَاَطَرْتُ اَرْنَبَةَ اَنْفِهٖ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کا بانسہ اُڑا دیا۔ اَهْوَتِ الْعُقَابُ: عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ اَهْوَیٰ الشَّیْءَ: اوپر سے گرانا۔

تَهَاوَیَ الْقَوْمُ فِی الْمَهْوَاةِ: بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا۔ تَهَاوَیَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

اِهْتَوَیٰ اِهْتِوَاءً۔ اِلَیْهِ بِشَیْءٍ: اشارہ کرنا۔

اِنْهَوَیٰ اِنْهِوَاءً الشَّیْءُ: اوپر سے نیچے گرنا۔

اِسْتَهْوَاهُ اِسْتِهْوَاءً۔ سرگشتہ و حیران بنا دینا۔ مدہوش کر دینا۔ عشق کو مزین کر کے دکھلانا۔

الْهَاوِی۔ فا۔ مُدّی۔ حرف الف کو بھی "هَاوِی" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یا کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی ذُو الْهَوَاءِ کے ہیں جیسے نَابِلٌ بمعنے ذُو النَّبْلِ و النَّاشِبِ بمعنے ذُو النُّشَّابِ۔

الْهَاوِیَه۔ قضا۔ بچہ گم کرنے والی عورت۔

هَاوِیَة۔ دوزخ۔ معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کر کے داخل کرتے ہیں۔

الْهَوَاء۔ فضاء آسمانی۔ ج اَهْوِیَةٌ۔ خالی چیز۔ بزدل۔ واحد اور جمع اس میں برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هَوَاءٌ اَوْ هُمْ هَوَاءٌ" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں۔ الْهَوَاء: ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ هَوَا کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو۔

الْهِوَاء و اللِّوَاء۔ کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَهٗ بِالْهِوَاءِ وَاللِّوَاءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا۔

الْهَوَیٰ۔ هَوِیَ کا مصدر۔ خواہش۔ عشق چاہے خیر ہو یا شر۔ محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِتَّبَعَ هَوَاهُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔ ایسا ہی "فُلَانٌ مِنْ اَهْلِ الْاَهْوَاءِ" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں۔

الْهَوِی۔ مشتاق۔ شائق۔ مؤنث هَوِیَةٌ۔

الْهَوِیَّ۔ کان میں سنسناہٹ۔ محبوب اور کہا جاتا ہے "مَضٰی هَوِیٌّ اَوْ هُوِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ "وَجَلَسْتُ عِنْدَهٗ هَوِیًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا۔

الْهَوِیَّة۔ گہرا کنواں ج هَوَایَا۔

الْاَهْوَیٰ۔ هَوِیَ کا اسم تفضیل۔ تم کہتے ہو "هٰذَا الشَّیْءُ اَهْوَیٰ اِلَیَّ مِنْ کَذَا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے۔

الْاُهْوِیَّة۔ فضاء آسمانی۔ گہرا گڑھا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی تَهْوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

الْمَهْوَیٰ وَالْمَهْوَاة۔ فضا۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَهَاوٍ۔

هَاءَ یَهِیءُ وَهَیَّءَ یَهَّاءُ وَیَهْیَاءُ وَهَیُوءَ یَهْیُؤُ هَیْأَةً وَهَیَاءَةً۔ خوش شکل ہونا۔ هَاءَ یَهَاءُ هَیَاءَةً اِلَیْهِ: مشتاق ہونا (— یَهَاءُ وَیَهِیءُ هَیَاءَةً لِلْاَمْرِ) تیار ہونا۔

هَیَّاَهُ تَهْیِئَةً وَتَهْیِئًا۔ درست کرنا۔ تیار ہونا۔

هَایَاهُ مُهَایَاةً فِی الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ کبھی ہمزہ کو یاء سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "هَایَیْتُهٗ مُهَایَاةً" کہا جاتا ہے "هَایَاهُ فِیْ دَارٍ کَذَا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا۔ اور بقول بعض اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا۔

تَهَیَّاَ تَهَیُّؤًا لِلْاَمْرِ: تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا — الشَّیْءُ لِفُلَانٍ: قدرت دینا۔

تَهَایَاُوْا تَهَایُؤًا عَلَی الْاَمْرِ: باہم موافقت کرنا — عَلٰی کَذَا: مجتمع ہونا۔

الْهَیُوْءُ وَالْهُیُوْءُ۔ کھانے پینے کا بلاوا۔

الْهَیْئَة وَالْهِیْئَة۔ حالت۔ کیفیت۔ شکل صورت ج هَیْئَات۔ عِلْمُ الْهَیْئَة: وہ علم جو اجرام سماویہ کے احوال سے بحث کرے۔

اَلْهَیِّئُ وَالْهَیْءُ۔ خوش شکل۔

هَابَهٗ یَهَابُهٗ هَیْبًا وَهَیْبَةً وَمَهَابَةً خوف کرنا۔ بچنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت فاعل هَائِبٌ وَهَیُوْبٌ وَهَیُوْبَةٌ وَهَیَّابٌ وَهَیِّبٌ وَهَیْبَان وَهَیْبَان وَهَیْبَان وَهَیَابَةٌ اور مَهُوْبٌ وَمَهِیْبٌ وَهَیُوْبٌ وَهَیْبَان اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں۔ اور ایک لغت هَابَهٗ یَهِیْبُهٗ کی بھی ہے هَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا: تعظیم و توقیر کرنا۔

هَیَّبَهٗ تَهْیِیْبًا اِلٰی فُلَانٍ: ہیبت دار بنانا۔ رعب دار بنانا۔

اَهَابَ اِهَابَةَ الرَّاعِیْ بِغَنَمِهٖ: بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لیے چلانا — بِالْاِبِلِ اونٹوں کو "هَاب" کہہ کے ڈانٹنا — بِالْخَیْلِ گھوڑے کو هَبْ یا هَبِیْ کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا۔ اَهَابَ بِصَاحِبِهٖ: پکارنا۔ بلانا۔

تَهَیَّبَهٗ تَهَیُّبًا۔ خوف کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوف دلانا۔ کہا جاتا ہے "تَهَیَّبَنِیْ زَیْدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا۔

اِهْتَابَ اِهْتِیَابًا۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔

الْهَاب۔ سانپ۔

الْهَیْبَة۔ مص۔ خوف۔

الْهَیْبَان۔ لوگوں سے ڈرنے والا۔ بزدل۔ اکا۔ چرواہا۔ مٹی۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ بت۔

الْاَهْیَب۔ زیادہ رعب والا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مَكَانٌ مَهَابٌ و مَهُوْبٌ۔ خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّیْءُ مَهْیَبَةٌ لَكَ" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے۔

هَیَّتَ تَهْیِیْتًا بِفُلَانٍ: چلانا۔ پکارنا۔

هَاتِ اسم فعل بمعنے اَعْطِنِیْ۔ کہا جاتا ہے "هَاتِ یَا رَجُل وهَاتِی یَا اِمْرَأَةُ و هَاتِیَا یَا رَجُلَانِ و یَا اِمْرَأَتَانِ و هَاتُوْا یَا رِجَال وهَاتِیْنَ یَانِسَاءِ۔"

الهَیْت۔ بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے هَیْتَ وهِیْتَ لک (بتشلیث التَّاء فِیْهِمَا) بمعنی هَلُمَّ وتَعَالَ یعنی آؤ' حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے هَیْتَ لَكُمَا و هَیْتَ لَكُمْ و هَیْتَ لَكُنَّ۔

هَاتَ یَهِیْتُ هَیْتًا و هَیْتَانًا لِفُلَانٍ تھوڑا سا دینا — مِنَ الْمَالِ: ضرورت کے مطابق پانا — فِی الشَّیْءِ: فساد ڈالنا اور ایسا ہی هَاتَ الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ: بھیڑیئے نے بکریوں میں تباہی ڈالی — بِرِغْلِهِ التُّرَابَ مٹی کو پاؤں سے کریدنا (— هَیْتًا) القَوْمُ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا — الشَّیْءُ: ہلنا۔

هَایَفَهُ مُهَایَفَةً۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔

تَهَیَّفَ تَهَیُّفًا لَهُ شَیْئًا: دینا۔

تَهَایَفُوْا۔ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا۔

اسْتَهَافَ اسْتِهَافَةً۔ ما اَعْطَاهُ: زیادہ کرنا — المَالَ: تباہ کرنا۔

الهَیْف۔ حرکت۔

الهَیْفَة۔ لوگوں کی جماعت۔

هَایَفَةُ القَوْمِ: قوم کا شور۔

المُهَایِف۔ بہت لینے والا۔

هَاجَ یَهِیْجُ هَیْجًا و هِیَاجًا و هَیْجَانًا الشَّیْءُ: بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا — البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا — الرَّجُلُ: بیوقوفی سے مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا — الشَّیْءُ و بِالشَّیْءِ: برانگیختہ کرنا هَاجَتِ الإِبِلُ۔ اُونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَتِ النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الأَرْضُ: سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الإِبِلَ: اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ فَمُطِرْنَا" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور ہمارے اوپر بارش ہوگئی۔

هَیَّجَ تَهْیِیْجًا الشَّیْءَ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "هَیَّجَ بَیْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔

هَایَجَهُ و مُهَایَجَةً و هِیَاجًا۔ برانگیختہ کرنا اور لڑائی کرنا۔

اَهَاجَتْ إِهَاجَةُ الرِّیْحِ النَّبْتَ ہوا کا نباتات کو خشک کرنا۔

اَهْیَجَ إِهْیَاجًا الأَرْضَ: سوکھی نباتات والی پانا۔

تَهَیَّجَ تَهَیُّجًا۔ برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔

تَهَایَجَ تَهَایُجًا القَوْمُ: باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِیَاجًا الشَّیْءُ: بھڑکنا۔

الهَائِج فا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے "هَاجَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَذَا أَهَائِجُهُ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

الهَائِجَة۔ الهَائِج کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَائِجَةٌ: خشک یا زردشدہ گھاس والی زمین۔

الهَیْج۔ مص۔ لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔ حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ هَیْجٌ" ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اوّل اوّل اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاجَ لَهُ هَیْجٌ حَسَنٌ۔"

شَیْءٌ هَیُوْجٌ و مِهْیَاجٌ۔ بھڑکی ہوئی چیز۔ مؤنث کے لیے بھی هَیُوْج مستعمل ہے۔

الهَاجَة۔ مینڈک۔ ج هَاجَات۔

الهَیْجَا و الهَیْجَاء۔ لڑائی۔

هَادَهُ یَهِیْدُهُ هَیْدًا و هَادًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔ زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَهِیْدُنِیْ ذٰلِكَ" یہ چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ یَهِیْدُ کا استعمال حرف نفی کے ساتھ خاص ہے۔

هَیَّدَهُ تَهْیِیْدًا۔ بمعنے هَادَهُ (مذکورہ بالا معانی میں) هَیَّدَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَا هَیَّدَ عَنْ شَتِیْمِیْ" وہ مجھے گالی دینے سے نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔

الهَاد۔ مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کا کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے منع کیا جا سکتا ہے نہ ڈانٹا جا سکتا ہے۔

الهَیْد۔ مص۔ مضطرب و پریشان۔

الهَیْدَانُ۔ بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔ بخیل۔

هَیَّرَهُ فَتَهَیَّرَ هَوَّرَهُ فَتَهَوَّرَ میں ایک لغت۔

الهَیَار۔ جو منہدم اور ساقط ہو۔

الهَیْر و الهَیَر۔ باد شمالی۔ الهَیْر و الهَیَر مِنَ اللَّیْلِ: رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَیِّرٌ: لاپروائی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الهَیْرَة۔ نرم زمین۔

رَجُلٌ هَیَّار۔ کمزور مرد۔

الهَیْرُوْن۔ ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَیْرُوْنَة۔

هَاسَ یَهِیْسُ هَیْسًا الشَّیْءَ وَمِنَ الشَّیْءِ بکثرت لینا — فُلَانٌ: تیز چلنا۔

الأَهْیَس۔ بہادر۔ بہت کھانے والا۔

— مِنَ الإِبِلِ: کسی چیز سے نہ رکنے والا اونٹ۔

الهَیْس۔ مص۔ جوتنے کے لیے بیلوں کی جوڑ اور بقول بعض اس کا کل سامان۔

هَاشَ یَهِیْشُ هَیْشًا الشَّیْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا — القَوْمُ: جوش و حرکت میں آنا۔ کہا جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَیْنَا" تم ہم لوگوں کے اوپر جوش و حرکت میں آئے — فُلَانٌ: بہت بولنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوھنا — المَالَ: جمع کرنا — الرَّجُلُ: شاد ہونا۔

الهَیْشَة۔ مخلوط جماعت۔ اضطراب۔ فتنہ۔ ج هَیْشَات۔

هَاصَ یَهِیْصُ هَیْصًا بِالشَّیْءِ: سختی برتنا — عُنُقَهُ: گردن توڑنا — الطَّیْرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

المَهَایِص۔ پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہ۔ واحد مَهْیَص۔

الهَیْص۔ پرندے کی بیٹ۔

هَاصَ یَهِیْصُ هَیْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا — فُلَانٌ الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَائَلَ الْمَرِیْضُ فَهَاصَهُ كَذَا" مریض اٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ ابتلاء مرض کر دیا —

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



الْحُزْنُ قَلْبَهُ: بار بار غم لاحق ہونا۔
هَاضَهُ۔ توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔
هَيَّضَهُ۔ برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔
تَهَيَّضَ تَهَيُّضًا وَانْهَاضَ انْهِيَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔ تَهَيَّضَهُ الْمَرَضُ وَنَحْوُهُ: بیماری کا بار بار لوٹنا۔
اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔
الْهَيْض۔ پرندے کی بیٹ۔
الْهَيْضَاء۔ لوگوں کی جماعت۔
الْهَيْضَة۔ هاض کا اسم مرۃ۔ رنج و غم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا هَيْضَةُ الْكَرَىٰ: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے سستی
عَظْمٌ مَهِيضٌ جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔
الْمُسْتَهَاض۔ وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے' وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔
هَاطَ يَهِيطُ هَيْطًا۔ شور مچانا۔
هَايَطَ مُهَايَطَةً وَهِيَاطًا۔ شور مچانا۔
فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔
تَهَايَطَ تَهَايُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔
الْهَيْطُ مص۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فِي هَيْطٍ وَمَيْطٍ" وہ ہمیشہ شور و غوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِي هِيَاطٍ وَمِيَاطٍ وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔
هَاعَ يَهِيعُ وَيَهَاعُ هَيْعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا — الرَّصَاصُ: پگھلنا — الرَّجُلُ: بھوکا ہونا — الْإِبِلُ إِلَى الْمَاءِ: خواہش مند ہونا — الرَّجُلُ: بتکلف نے کرنا (— هَيْعًا وَهَيْعَةً وَهُيُوعًا وَهَيْعُوعَةً وَهَيَعَانًا: بزدل ہونا۔ گھبرانا (— هَيْعَةً وَهَاعًا) سخت حریص ہونا — مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا' زچ ہونا۔
تَهَيَّعَ تَهَيُّعًا وَانْهَاعَ انْهِيَاعًا۔ الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَيَّعَ وَانْهَاعَ السَّرَابُ" 'سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔
الْهَائِع۔ فا۔ لَيْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔
الْهَائِعَة۔ الْهَائِع کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔
الْهِيَاع۔ پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِيحٌ هِيَاعٌ لِيَاعٌ" تیز ہوا۔
الْهَاع۔ سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد۔ اور ایسا ہی اِمْرَأَةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ۔"
الْهَيْعَة۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر پھیلنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔
اَرْضٌ هَيْعَةٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔
رَجُلٌ هَيْعٌ لَيْعٌ۔ کمزور گھبرانے والا مرد۔
الْمُتَهَيِّع۔ برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔
الْمَهْيَع۔ کھلا ہوا کشادہ راستہ۔ اور کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مَهْيَعٌ" ج مَهَايِع۔ بَلَدٌ مَهْيَعٌ۔ کشادہ شہر۔
هَيْعَرَتْ هَيْعَرَةً۔ اَلْمَرْأَةُ: بدکار ہونا (— وَتَهَيْعَرَتْ) ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔
الْهَيْعَرَة۔ مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔
هَيَّغَ تَهْيِيغًا الْمَطَرُ الْأَرْضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔
اَهْيَغَ۔ الْقَوْمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔
الْاَهْيَغ۔ تر و تازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔
وَالْاَهْيَغَان: تر و تازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔
هَافَ يَهِيفُ هَيْفًا۔ بہت پیاسا ہونا (— يَهَافُ هَيَفًا) الْعَبْدُ: غلام کا بھاگنا۔ (— هِيَافًا وَهَيَافًا) الْإِبِلُ: اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔
هَيِفَ يَهْيَفُ وَهَافَ يَهَافُ هَيْفًا وَهَيَفًا الْغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْيَف۔ صفت مؤنث هَيْفَاء ج هِيفٌ۔
اَهَافَ اِهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
اِهْتَافَ اِهْتِيَافًا۔ پیاسا ہونا۔ صفت مُهْتَاف۔
اِسْتَهَافَ۔ بار هَيْف کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هَيْف)
الْهَائِف۔ فا۔ سخت پیاس والا۔
الْهَائِفَة۔ هَائِف کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر باد صیف کی طرف رخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هَيْف)
الْهَيْف۔ مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هَيْفٌ لِأَدْيَانِهَا" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے' یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔
رَجُلٌ هَافٌ۔ پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ اِبِلٌ هَافَةٌ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔
الْمِهْيَاف و الْهَيْفَان و الْهَيْفُوف۔ پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔
اَهْيَفُ الظَّلِيمِ: شترمرغ کا لمبا ہونا۔
الْهَيْقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا۔ اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شترمرغ۔ ج اَهْوَاق و هُيُوق مؤنث هَيْقَة۔
الْاَهْيَق۔ لمبی گردن والا۔
هَيَّكَ تَهْيِيكًا۔ جلدی کرنا۔ کھودنا۔
هَيْكَل ہ کے کمال کا مادہ دیکھئے۔
هَالَ يَهِيلُ هَيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَيَّلَ تَهْيِيلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لیے ہے)
تَهَيَّلَ تَهَيُّلًا وَانْهَالَ انْهِيَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهُ فَانْهَالَ وَهَيَّلَهُ فَتَهَيَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْهَالُوا عَلَى فُلَانٍ: فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔
الْهَال۔ ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔
الْهَيْل۔ مص۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَيْلِ وَالْهَيْلَمَانِ" یعنی وہ بہت مال لایا یا وہ ریت اور روا لایا۔
الْهَيَال۔ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔
الْهَيْلَان۔ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔
الْهَالَة۔ چاند کے اردگرد کا حلقہ۔ ج هَالَات۔
الْهَيْوَل۔ ذرات جو روشندان میں دھوپ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



پڑتے وقت معلوم ہوں۔

**الْهَيْوَلٰى وَالْهَيُوْلٰى**۔ مادۂ اولیٰ۔ نسبت کے لئے **هَيُوْلِيّ وَهَيُوْلَانِيّ** ج **هَيُوْلَات**۔

**هَيْلَلَ هَيْلَلَةً**۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

**هَامَ يَهِيْمُ هَيْمًا وَهُيُوْمًا وَهِيَامًا وَهَيَمَانًا وَتَهْيَامًا بِكَذَا**: محبت کرنا — عَلٰى وَجْهِهٖ: آوارہ پھرنا (— هِيَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هِمْ لِنَفْسِكَ" یعنی اپنی ذات کے لیے طلب کرو اور اسی کے لیے اہتمام کرو۔

**هَيَّمَهُ الْحُبُّ**: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

**تَهَيَّمَ تَهَيُّمًا الْهَوٰى فُلَانًا**: پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا — فُلَانٌ: اچھی چال چلنا۔

**اِهْتَامَ اِهْتِيَامًا لِنَفْسِهٖ**: حیلہ کرنا۔

**اُسْتُهِيْمَ فُؤَادُهٗ**: محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت **مُسْتَهَامُ الْفُؤَاد**۔

**الْهَائِم**۔ فا۔ حیران۔ ج **هُيَّم** و **هُيَّام**۔ **الْهُيَّام**: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔

**الْهَيَام**۔ ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت ج **هُيُمٌ**۔

**الْهُيَام**۔ جنون عشق۔ سخت پیاس۔ **الْهُيَام**: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔

**الْهَيْم**۔ مص۔ کہا جاتا ہے "هَيْمُ اللّٰه" بمعنے "اَيْمُ اللّٰهِ" یعنی خدا کی قسم۔

**الْهَيْمَاء**۔ بے پانی کا بیابان۔

**الْاَهْيَم**۔ هُيَام کی بیماری والا۔ مؤنث **هَيْمَاء** ج **هِيْمٌ**۔ **لَيْلٌ اَهْيَمُ وَلَيْلَةٌ هَيْمَاءُ**: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔

**الْهَيْمَان**۔ پیاسا۔ هُيَام کی بیماری والا۔ مؤنث **هَيْمٰى** ج **هِيَام** و **هَيْمٰى**۔ **رَجُلٌ هَيْمَان**: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔

**الْهَيْوَم**۔ حیران۔

**رَجُلٌ اَهْيَم**۔ سخت پیاس والا مرد۔

**قَلْبٌ مُسْتَهَام**۔ عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔

**الْمَهْيُوْم**۔ سخت پیاس والا۔ هُيام کی بیماری والا۔

**هَيْمَنَ هَيْمَنَةً**۔ آمین کہنا۔

**الطَّائِرُ عَلٰى فِرَاخِهٖ**: پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔

**فُلَانٌ عَلٰى كَذَا**: نگہبان ہونا۔

**الْمُهَيْمِنُ وَالْمُهَيْمَن**۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنے خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت وحیات وغیرہ کا کفیل۔

**الْهَيْنَم**۔ رونی۔

**الْهَيْنَمَة**۔ پست آواز۔

**الْهَيْهُوْم**۔ غیر مفہوم کلام۔

**هَيْهِ هَيْهِ**۔ کسی چیز کو دفع کرنے کیلئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)

**هَيْهَاتَ**۔ تثلیث الاخر: اسم فعل ہے بمعنے دور ہوا۔ اور اس میں چند لغات اور ہیں **اَيْهَاتَ وَاَيْهَانَ وَهَيْهَانَ وَهَايْهَاتَ وَهَايْهَان** حرف آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔ معرب بھی ہیں اور مبنی بھی۔ اور ایک لغت **اَيْهَا** ہے۔

**هَيَا**: بعید کے لیے حروف نداء میں سے ہے اور اس کی اصل **اَيَا** ہے۔

**هَيْ بْنُ بَيٍّ وَهَيَّانُ بْنُ بَيَّانَ** غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔

**هَيِّ**۔ اسم فعل بمعنے امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے **زَيْدَكَ** اور **هَاكَ** میں کہا جاتا ہے **هَيْكَ** اور کبھی تثنیہ کے لیے "هَيَّا" اور جمع کے لیے "هَيُّوْ" کہا جاتا ہے۔

**هَيَّا هَيَّا** اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔

**الْهَيَّاة**۔ شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "مَا هَيَّاتُهٗ" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# ی

الیاءُ۔ ضمیر مؤنث کے لیے آتی ہے جیسے تَقُومِینَ وَقُومِی۔ اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے جیسے ضَرَبَنِی وَکِتَابِیْ۔

یا۔ حرفِ ندا ہے۔ بعید و قریب دونوں کے لیے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یَا "لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ" وَ یَا "رُبَّ کَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَةٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ" اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لیے ہے۔

اور "اَتَانِیْ رَجُلٌ وَیَالَهٗ رَجُلًا اَوْ مِنْ رَجُلٍ" وَ "یَالَكَ مِنْ فَارِسٍ" جیسی ترکیبوں میں یا حرف ندا اور لام تعجب کے لیے ہے۔

یَئِسَ یَئَاسُ وَیَئِسُ یَأْسًا وَیَئَاسَةً مِنْهُ: ناامید ہونا۔ صفت فاعلی یَائِسٌ و یَؤُوْسٌ و یَؤُوْسٌ۔ جمع یُؤُوْسٌ اور صفت مفعولی مَیْؤُوْسٌ مِنْهُ۔ اور کبھی یَئِسَ جاننے کے معنے میں آتا ہے۔ جیسے "اَلَمْ تَیْاَسُوْا اَنِّیْ ابْنُ فَارِسَ زَهْدَمٍ" کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں۔

یَئِسَتِ الْمَرْاَةُ تَیْاَسُ۔ بانجھ ہونا۔ صفت یَائِسٌ۔

اَکَ یَاْسَهٗ اِیْئَاسًا وَاٰیَسَهٗ اِیَاسًا وَمُؤَایَسَةً۔ ناامید کرنا۔ اَکَ یَاسَ اللّٰهُ الْمَرْاَةَ: بانجھ کرنا۔

اِتَّاسَ اِتْیَاسًا وَاسْتَاْسَ اِسْتِیْاَسًا مِنْهُ: مایوس ہونا۔

الْیَاْسُ وَالْیَاْسَةُ۔ ناامیدی۔

یَاْیَایَاْیَاةً وَیَاْیَاءً الْقَوْمَ: پکارنا۔ بِالْاِبِلِ: اَیْ کہہ کے ٹھہرانا (اَیْ ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو ڈانٹتے ہیں)

یَاْیَاءٌ۔ لوگوں کے جمع ہونے کے لیے پکارنے کا اسم صوت۔

الْیَاْیَاءُ۔ مد۔ یُؤْیُؤٌ نامی شکاری پرندہ کی چیخ۔

الْیُؤْیُؤُ۔ ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جَلَم بھی کہتے ہیں ج یَیَابِی۔

یَبَّبَ الْمَنْزِلَ: ویران کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَّبُوْهُ وَیَبَّبُوْهُ" انہوں نے اسے تباہ و ویران کیا۔

الْیَبَاب۔ ویران۔ کہا جاتا ہے "مَنْزِلٌ خَرَابٌ یَبَابٌ" ویران منزل۔

الْاَیْبَد۔ ایک قسم کی نباتات۔

یَبِسَ یَبَسُ وَیَبِیْسُ یَبْسًا وَیُبْسًا وَاِتَّبَسَ۔ خشک ہونا۔ صفت یَبِسٌ وَیَبِسٌ وَیَابِسٌ وَیَبُوْسٌ وَیَبِیْسٌ وَاَیْبَسُ۔ کہا جاتا ہے "یَبِسَ مَا بَیْنَهُمَا" ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے۔

